ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح

محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

المنجد

عربی اُردو

خزینۂ علم و ادب

الکریم مارکیٹ اُردو بازار لاہور ۷۳۱۴۱۶۹

ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح
محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

اَلْمُنْجِد عربی اردو

مؤلف : لویس معلوف

مترجم : مولانا ابوالفضل عبد الحفیظ بلیاوی مدظلہ

تکمیل و نظر ثانی : مولانا عبد الصمد صارم الازہری مدظلہ فاضل دار العلوم دیوبند

خزینہ علم و ادب الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور
فون: 7211468-7314169

نام کتاب: المنجد عربی اُردو

تصنیف: لویس معلوف

ترجمہ: مولانا ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی

طابع: نذیر محمد

مطبع: افضل شریف پرنٹرز

ملنے کے پتے

مکتبۂ رحمانیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور 7224228 7221395

اسلامی کتب خانہ فضل الٰہی مارکیٹ، چوک اردو بازار، لاہور 7223506 7230718

مکتبۃ العلم ۱۸۔ اردو بازار، لاہور 7211788 7231788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔
بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرضِ ناشر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ كَفٰى وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى

امابعد! تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ "المنجد" کے طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو۔

مولانا بلیاوی کے بھی وہ الفاظ ہیں جنہوں نے ہمیں اس چیز پر آمادہ کیا کہ مولانا کی "مصباح اللغات" جو اس سے پہلے "خزینۂ علم وادب" شائع کرنے کی سعادت حاصل کر چکا ہے کا موازنہ المنجد سے کیا جائے تا کہ اس چیز کا پتہ چل سکے کہ دونوں کتابوں میں کتنا فرق ہے؟ اس کام کیلئے درسِ نظامی کے ایک طالب علم "حافظ قاری قاسم صاحب" کی مدد لی گئی جنہوں نے بے شمار ایسے الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے "مصباح اللغات" لکھتے وقت حذف کر دیئے گئے لیکن المنجد کے عربی نسخے میں موجود تھے۔ انھی بھائی نے عربی نسخے شائع کردہ "دارالمشرق بیروت" پر نہ صرف یہ کہ ان الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے حذف کر دیئے تھے بلکہ ساتھ ساتھ "مصباح اللغات" شائع کردہ "خزینۂ علم وادب" پر ایسے الفاظ بھی نشان زد کر دیئے جو مولانا نے دیگر لغت کی کتابوں سے لئے تھے اور المنجد میں موجود نہیں تھے انہیں ہم نے حذف کر دیا۔

اس کام پر تقریباً ایک سال کا عرصہ لگ گیا۔ اور ان حصوں کا ترجمہ کروانے کا مرحلہ آیا تو پتہ چلا کہ اکثر حصے جو مولانا نے "المنجد" سے حذف کئے تھے وہ یا تو "سائنسی اصطلاحات" تھیں یا پھر نباتات و جمادات کے نام اور بہت کم ایسا حصہ پایا گیا جو عام عربی میں مستعمل تھا اور ایسی اصطلاحات کا اُردو میں ترجمہ کرنا فقط عربی زبان سے واقفیت کی بناء پر بے حد مشکل تھا۔

اللہ عزوجل کے بے حد شکر گزار ہیں کہ اسی عرصے میں اللہ عزوجل نے مولانا عبدالصمد صارم الازہری (فاضل دارالعلوم دیوبند) جیسی نابغہ روزگار ہستی سے (اُن کی کتابوں کی پبلشنگ کے سلسلے میں) رابطہ کروا دیا۔ مولانا نے دو چار دفعہ کے انکار کرنے کے بعد المنجد کی تکمیل کے سلسلے میں حامی بھر لی۔ یقین جانئے کہ ۸۰ سال کی لگ بھگ عمر میں مولانا نے جب بھی حافظ صاحب گئے (صبح' دوپہر' شام) مولانا چاہے آرام فرما رہے ہوں یا بیمار ہوں اُنہوں نے کبھی انکار نہیں کیا اور فوراً عربی الفاظ کا ترجمہ لکھوانا شروع کر دیتے۔

اللہ عزوجل مولانا (مرحوم)[1] کو اجر عطا کرے لیکن اس کے ساتھ ہی ہم مولانا کے اہل خانہ کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ وہ کبھی بھی ماتھے پہ شکن تک نہیں لاتے تھے کہ اس عمر میں والد محترم سے کافی مشقت کا کام لیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کے اہل وعیال کو دُنیا و آخرت میں بلند درجے عطا فرمائے بالخصوص اُن کی صاحبزادی پروفیسر عاصمہ فرحت صاحبہ کو کہ اپنی تدریسی مصروفیات کے باوجود مولانا کی کتابوں اور تحقیقی کاموں میں آخر وقت تک اُن کی مددگار رہیں۔

اسکے علاوہ اس کتاب کی تکمیل میں چوہدری خورشید صاحب (سابق کمشنر انکم ٹیکس وانچارج باغ جناح ہارٹی کلچرل سوسائٹی) کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ اُن سے جب بھی رابطہ کیا گیا انہوں نے پودوں کے اُردو یا انگریزی میں مستعمل نام بتانے میں ہر ممکن راہنمائی فرمائی۔

"خزینۂ علم وادب" نے اپنے آغاز ۲۵/۱/۱۹۹۵ء سے ہی یہ مصمم ارادہ کر رکھا ہے کہ کتابوں کو اعلیٰ معیار پر شائع کیا جائے گا۔ اس کتاب کو بھی حتی الامکان اغلاط سے مبرا کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن اگر کسی صاحب علم کو غلطی معلوم ہو تو ادارہ کو ضرور آگاہ کریں۔

المنجد کی تیاری میں جن حضرات نے بھی دامے' درمے' سخنے مدد فرمائی اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم سے نوازے۔

حاجی نذیر محمد ولد سعد اللہ

---

[1] کتاب کی طباعت کے دوران ہی مولانا کی رحلت کی اطلاع ملی۔ (اناللہ وانا الیہ راجعون)

المنجد کے رموزِ واِشارت

قا سے مراد اسم فاعل — مص سے مراد مصدر — (س) سے مراد باب سمع یسمع

مفع سے مراد اسم مفعول — (ض) سے مراد باب ضرب یضرب — (ک) سے مراد باب کرم یکرم

ج سے مراد جمع — (ن) سے مراد باب نصر ینصر — (ح) سے مراد باب حسب یحسب

جج سے مراد جمع الجمع — (ف) سے مراد باب فتح یفتح

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل
کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی اَحکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تا کہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لئے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کو اضافہ ہونا۔
(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔
(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔
(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔
(۵) ابتداء: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔
(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔
(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔
(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔
(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔
(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔
(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔
(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔
(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔
(۱۴) تقلید: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔
(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لئے کرنا۔
(۱۶) تحلیل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔
(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔
(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔
(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔
(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تحلیل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تحلیل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک وگمان۔

(۲۲) صیرورت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔
(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔
(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔
(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا، چاہنا۔
(۲۶) قصر: اختصار کے لئے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔
(۲۷) لزوم وعلاج: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔
(۲۹) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔
(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔
(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ

مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کرلیا۔

(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔

(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لئے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتداء: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)

(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ: عراق میں پہنچا (۱۰)

(۳) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَّعْلَ = اُس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)

(۴) تعدیہ: جیسے اخرجَ = نکالا۔ (۱)

(۵) تعریض: جیسے اَبْعَثُ الحِمارَ = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) حینونت: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)

(۷) لیاقت: جیسے اَلامَ الفَرعُ = سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)

(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دُور کی۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ البَقَرُ = گائے دودھ والی ہوگئی۔ (۲۴)

(۱۰) مبالغہ: جیسے اَثْمَرَ النخلُ = کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ = میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ = میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)

(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیعَ بمعنی قلتہ یعنی فسختہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتداء: جیسے کَلَّمَ۔ اس نے کلام کیا (مجرد کلم۔ زخمی کرنا) (۵)

(۲) الباس ماخذ: جیسے جَلَّلَ الفرسَ = اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

(۳) بلوغ: جیسے خَیَّمَ = وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ = اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)

(۵) تخلیط: جیسے ذَهَّبَ = اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)

(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ القَوسَ = اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)

(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِیْ = اس نے مجھے خوش کیا۔

(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الاِبلَ اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجرُ = درخت شگوفہ دار ہوگیا۔ (۲۴)

(۱۰) قصر: جیسے هَلَّلَ اس نے لا الٰہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)

(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ = وہ بہت گھوما۔ (۲۹)

(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِیْ = اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلة

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عمروًا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) موافقت مجرد: جیسے سَافَرَ: بمعنی سفر۔
موافقت اَفْعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ: بمعنی اَبْعَدْتُہٗ
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ: بمعنی ضَعَّفَ: (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتداء: جیسے تَکَلَّمَ = اس نے کلام کیا۔ (۵)

(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الحَجَرَ = اس نے پتھر کو تکیہ بنایا (۶)

(۳) تجنب: جیسے تَأَثَّمَ = اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)

(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ = وہ نصرانی ہوگیا۔ (۱۲)

(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ = اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)

(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ = اس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (۱۷)

(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔ (۲۰)

(۸) صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ = وہ مالدار ہوگیا۔ (۲۴)

(۹) مطاوعت فَعَّلَ: جیسے عَلَّمتہ فَتَعَلَّمَ میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء: جیسے تَبَارَکَ اللّٰهُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اونٹ کا بیٹھنا) (۵)

(۲) تشارک: جیسے تَشَاتَمَا = دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (۳۴)

(۳) تخییل: جیسے تَمَارَضَ = اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا۔ (۱۶)

(۴) مطاوعت فَاعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ فَتَبَاعَدَ = میں نے اُسے دور کیا وہ دُور ہوگیا۔ (۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتداء: جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا۔ (مجرد طلق) (۵)

(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنْکَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔
(۳) مطاوعت فعل: جیسے کَسَرْتُہٗ فَانْکَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔(۳۰)
فائدہ = باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِجْتَحَرَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا۔(۶)
(۲) تخییر: جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ = اُس نے اپنے لئے جَو ناپے (۱۵)
(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔(۱۸)
(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممنه فاغتمّ = میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔(۳۰)
(۵) طلب: جیسے اِکْتَدَّ فلانًا = اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔(۲۵)
(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذب.
موافقت تفاعل: جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب جیسے استطعمته = میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔(۲۵)
(۲) لیاقت جیسے استرقع الثوب = کپڑا قابل پیوند ہوا۔(۲۸)
(۳) وجدان: جیسے استکرمته = میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔(۴)
(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُہٗ = میں نے اس کو اچھا گمان کیا (۲۱)
(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی (۱۲)
(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القری. اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا۔(۶)
(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَأَ = اُس نے جرأت دکھلائی۔(۲۰)
(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ = اس نے اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہا۔(۲۶)
(۹) مطاوعت افعل: جیسے اَقَمْتُہٗ فَاسْتَقَامَ = میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔(۳۰)
(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ واسْتَقَرَّ (۳۱)

موافقت افعل: جیسے اَجَابَ و اِسْتَجَابَ (۳۲)
(۱۱) ابتداء: جیسے اِسْتَعَانَ = زیر ناف کے بال کاٹے۔(۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ = رات بہت تاریک ہو گئی۔(۲۹)
فائدہ: اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لئے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضَّ، اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِیْعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِخْشَوْشَبَ: بہت کھردرا ہو گیا۔(۲۹)
(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلیٰ التَّمْرُ بمعنی حَلا (۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۲) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ = وہ بہت تیز دوڑا۔(۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ بہت سرخ ہوا۔(۲۹)
یہ باب الوان وعیوب کے لئے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُہٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکایا وہ لڑھک گیا۔(۳۰)
علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔
اور ان ابواب مزید فیہ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں' (۱) مصدر' (۲) اسم مرة (۳) اسم نوع' (۴) ظرف مکان وظرف زمان' (۵) اسم آلہ' (۶) اسم فاعل' (۷) اسم مفعول' (۸) صفت مشبہ' (۹) اسم تفضیل' (۱۰) مبالغہ۔
ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جاسکتا ہے کہ عموماً:
(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعَالَة ہے جیسے زِراعة' تجارة' حیاكة.
(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعَال ہے۔ جیسے آباء' شراد' جماع.

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلاَن ہے جیسے غَلَیَان' جَولاَن' خفقان.

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہوان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع' زکام' دوار.

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہوان کا وزن فَعَال اور فَعِیل ہے جیسے رَحِیْل' و ذمیل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہوان کا وزن فُعَال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ' خُوار' زَئِیر' نِئِیم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہوان کا وزن فُعْلَة ہے جیسے حُمْرَةٌ' زُرْقة' خُضْرة.

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً

(۱) فَعُل کا مصدر فُعُوْلَة اور فَعَالة کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُوْلَة' نَبَاهَة' فَصَاحَةٌ.

(۲) فَعِل لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ' عَطَشٌ' بَلَجٌ.

(۳) فَعَل لازمی کے مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر جیسے قُعُوْدٌ' خُرُوْجٌ' نُهُوْضٌ.

(۴) فَعِلَ اور فَعَل کے وزن پر جیسے فَهْم' نَصْر.

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فعل کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تَفْعِلَة کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعة' قَدَّمَ تقدمة اگر مہموز اللام ہو تو تفعله کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأ تَنْبِئَة وطَّأ توطِئَة' هنَّأ تهنئة اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلّٰى تحلية' زكّٰى تزكية اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوّمَ تقویمًا' سَوَّدَ تسويدا.

فَاعَلَ کا مصدر فعال ومفاعَلَة ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالاً و مُقَاتَلَةً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلَةٌ کا وزن متعین ہے جیسے يَاسَرَ' مُيَاسَرَةً' يَامَنَ مُيَامَنَةً اور يَاوَمَ مُيَاوَمَةً وَ يوامًا شاذ ہے۔

أفْعَلَ کا مصدر اِفْعَالٌ ہے جیسے أكْرَمَ إكْرَامًا اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے امات' اماتة' اغاث اغاثة' اشار اشارة

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یا سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَأنّى' تَأنِّيًا' تَغاضى تَغَاضِيًا.

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَالٌ' اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَالٌ' اِفْعَوْعَلَ کا افعيعال اور اِفْعَلَّ کا افعلال ہے جیسے اشترک اشتراکًا. انطلق اِنْطِلاقًا' اِحْلَوْذَبَ اِحْلِيْذابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَةٌ اور فِعْلاَل ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَةً وَدِحْرَاجًا دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَةً اور وَسْوَاسًا

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ. اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلاَلٌ اِفْعَلَلَّ کا اِفْعِلاَّل جیسے تدحرج تدحرجًا. احرنجم احرنجامًا. اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرارًا

فعل مجہول کے لئے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَربًا

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنظر' مَضرب' مرمى اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِيْ' مَرْجِعٌ' مَبِيْتٌ' مَصِيْرٌ' مَشِيْبٌ' مَرْفِق' مَقِيْلٌ مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مفعِل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مَورِدٌ' مَوْعِدٌ' مَوْجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنْحَدَرٌ' مصطَبَر' مزدحم.

اسم مرة واسم نوع

اسم مرة وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرة کا وزن فعلة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً' جَلَسْتُ جَلْسَةً

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرة بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اَلْفَتُّ اِلْفَاتَةً' الطلقتُ انطلاقَةً اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرة لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربته ضرة واحدة' قاتلته

مقاتلة لا غير وما التفت اليه الا التفاتة وَاجبَةً اجابة فقط.

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَةٌ کے وزن پر جیسے وقف وقفة الاسد و مشی مِشْيَةَ المُخْتَالِ.

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقة قبیح المعاشرة.

ظرفِ مکان وظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرفِ زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر' مَفْتَحٌ مَسْمَعٌ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس' مَنْزِل.

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں' ان سب کا وزن مفعل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ' مَشْرِقٌ' مَغْرِبٌ' مَطْلِعٌ' مَجزِرٌ' مَرْفِقٌ' مَفْرِقٌ' مَسْكِنٌ' مَنْسِكٌ' مَنْبِتٌ' مَسِقِطٌ.

مثال سے ظرفِ زمان ومکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوعِد' مَوجِل' مَطوی' مومی.

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَلٌ. اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ. اَخْدَعَ سے مُخْدَعٌ

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لئے مفعلة کا وزن مقرر ہے' جیسے مقبرہ جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ = جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة = جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة = جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد ومزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسمِ آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسمِ آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَلٌ جیسے مِبرَد. مِفْعَالٌ جیسے مفتاح. مِفْعَلَةٌ جیسے مِكْنَسَةٌ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔ مُنْخُلٌ' مُدهُن' مكحلة' مدق' مُسعُطٌ' مَنَارَةٌ' مُشطٌ وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل اسے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَلُّوم' سِكِّين' فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ' قَاتِلٌ' نَاصِرٌ.

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ' مُسْتَخْرِجٌ' مُصَرِّق.

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُوْرٌ' مَضْرُوْبٌ' مَفْتُوْحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ. مُكْرَمٌ. مُدَخْرَجٌ

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ. اَمْلَحَ سے مَالِحٌ. ایفَعَ سے یَافِعٌ. اَغضَبَ سے عَاشِبٌ. اَحَبَّهُ سے مَحْبُوْبٌ۔ اَجَنَّهُ سے مَجْنُوْنٌ. حَمَّهُ سے مَحْمُوْمٌ. اَزْكَمَهُ سے مَزْكُوْمٌ. اَسَلَّهُ سے مَسْلُوْلٌ.

(۲) اسم مفعول بمصدر میمی ظرف زمان ومکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مُشبہ

صفت مُشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ' كَرِيْمٌ' لِيِّنٌ' سَهل' صَعْبٌ' لقيان' غضبان' كسول' عطشی' رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لئے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ' اعرج' ابلَجُ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مُشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن. مستقیم.

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فعلی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ' عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے

ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آ سکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سواداً. اشد استخراجًا

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً ''العود احمد'' میں احمد' حُمِدَ سے اور'' حاتم اعطی من عمرو'' میں اعطی سے اور'' هذا اسفر اَخْصَرُ مِن ذَاکَ'' میں اَخْصَرُ' اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے'' مـابـا لبـادیة انوا منه'' میں انواء' نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی پُختر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْیَـر اور اَشَـرّ تھے۔ کثرتِ استعمال کی بناء پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوازنِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے ان کے مشہور وزن یہ ہیں

فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ. نَصَّار. فَعَّالَةٌ جیسے عَلَّامَةٌ وَفهامة. فعیل جیسے صِدِّیق وسکّیر. مفعیل جیسے مِسْکِیْن وَ مِعْطِیْر. مِفْعَالٌ جیسے مکسال و مقدام. فعلة جیسے ضحکة و ضُجَعَةٌ. فَعِلٌ جیسے شَرِهٌ وَ حَذِرٌ. فَعِیْلٌ جیسے رَحِیْمٌ وَ عَظِیْمٌ. فَعُوْلٌ جیسے کَذُوْبٌ. وَدُوْدٌ. فَاعِلَةٌ جیسے زَاوِیَةٌ. فُعَلٌ جیسے غُفَلٌ. فَعُوْلَةٌ جیسے فَرُوْقَةٌ. مَفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ. فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ. فُعَّالٌ جیسے کُبَّارٌ...... مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاکٌ' اَدْرَکَ سے۔ معطاء اعطی سے۔ مهوان اهان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِمْلَاقٌ. اَمْلَقَ سے مِخْلَاقٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِیْعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِیْرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوْقٌ. اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لئے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لئے ہے جیسے علامہ' فہامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے'' رجـــل نـصـیـر' امـراة نصیرة''. جاء نصیر و نصیرة''.

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہوگی جیسے'' زید قتیل. و انت المراة جریحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبیب و حبیبة.

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے یحیٰی البتول' مریم البتول اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا۔ جیسے جاء بتول و بتولة اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے'' هذا رسول و تلک رسولة. و جاء رسل و رسولة.

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة' قوة' نعمة' قدرة الف مقصورہ جیسے علوی' فضلی' کبریٰ' عُظمیٰ الف ممدودہ جیسے حمراء' سوداء' بیضاء' زرقاء.

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگر چہ ان کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة' نخلة' ارطی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی' مؤنث معنوی' مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اُناث کے ساتھ مختص ہوں جیسے اُخت اُم وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام' مصر' قریش وغیرہ۔ یا اعضاءِ انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے' اس لئے کہ صدغ' مرفق' حاجب' خد' مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المتـکـر فی ما یتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے' مشہور اسماء درج ذیل ہیں

اتان' اذن' ارض' ارنب' اروی' است' اصبع' افعی' الق' بئر' بـاع' بنصر' لعلب' جحیم' جهنم' حرب' خنصر' دار' دبر' ذراع' رجل' رحی' ریح' سعیر' سقر' سن' ساق' شمس' شمال' ضبع' عروض' عصا' عقب' عین' غول' فاس' فخذ' فلک' قدم' قدوم'

قوس' کاس' کتف' کرش' کتف' فلز' نعل' ناب' ورک' ید' یمین' ینبوع.

ہوا کے لئے جو اسماء ہیں (مثلاً صباء' قبول' جنوب' دبور' شمال' هیف' حرور' سموم' صرصر' نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں' ابن الانباری فرماتے ہیں الریح مؤنثة لاعلامة فیها وکذلک سائر اسمائها الاالاعصار فانه مذکر.

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں ابط' ابہام' ازار' بلد' جراد' حال' حانوت' خمر' درع' دلو' روح' زقاق' سبیل' سری' سراویل' سلاح' سکین' سلم' سلم' سماء' سوق' صاع' ضحیٰ' طرس' طریق' عجز' عضد' عقاب' عقرب' عنق' عنکبوت' فردوس' فرس' فہر' قدر' قفا' قمیص' کبد اللسان' مسک' ملح' منجنیق' موسیٰ' نفس' وراء'

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان". رایت الرجلین و مررت بالرجلین.

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اوّل یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدالاحد' عبدالرحمٰن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوامعدی کرب' ذواتابعلبک.

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہوگئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رام رامیان' داع داعیان.

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحیٰ) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان. فتی سے فتیان.

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان' قهقرآن' خوزلان شاذ ہیں' قیاس کا تقاضا تھا کہ قهقریان' خوزلیان ہوتے۔

- اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لئے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو' اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لالا سے لالاءان. قُرّاء سے قُرّاءان

اور اگر ہمزہ نہ ہو تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لئے تو دونوں صورتیں جائز ہیں' ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخوان' حموان' غلوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً اسنة' ابن' اسم ہیں سنتان' ابنان' اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض' اجمع' جمعا' کل اور عریب' دیار' اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الیدان الفضل من الرجلین

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم' جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالت رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رایت مسلمین و مررت بِمُسلِمِینَ"

اس وزن پر جمع بنانے کے لئے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اس لئے طلحہ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واؤ نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا' بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذو و معدی کرب'

ذ، و بعلبک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامۃ کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون' عالمون' عِلِّیُّوْنَ' اهلوْنَ' بنون' سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ و نون سے آتی ہے جیسے عضون' سون' متون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبة سے طالبات' مسلمة سے مسلمات.

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرة سے ثمرات' شجرة سے شجرات' امراة' شاة' قلة' اَمَةٌ' مِلَّةٌ' شفة اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات مریم سے مریمات

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات' امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات' حمی سے حمیات۔

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر مثنیٰ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے جیسے سماوات' ارضات' سجلات' حمامات' سرادقات' شمالات' امہات' سرادیقات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل' فناصل' بطارکة' کراولة

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعل اور فَعلة کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتح دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرة تمرات. رَحْمَةٌ رَحَمَاتٌ.

اور اگر فِعْل یا فُعْل کے وزن پر ہو تو فتح دینا ساکن رکھنا اور فاء کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسرَةٌ سے کِسَرات' کِسْرات' کِسِرات' خُطوة سے خُطَوات' خُطْوات' خُطُوات.

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فاء کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوْزَةٌ سے جَوْزات' بیعة سے بیعات.

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیة سے رَمَیات اور رُقْوةٌ سے رُقَوات' رُقْوات۔ لیکن اگر فاء کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فاء بنانا جائز نہیں جروات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فاء مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے وقت فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضمة سے ضمات. عزة سے عزات

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رُسُل. کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسْد. بَعْث سے بُعُث.

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں جمع قلت' جمع کثرت۔

جمع قلة وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں

اَفعال جیسے طِفلٌ سے اَطْفَالٌ. اَفْعُل جیسے نہر سے انھر. اَفْعِلَةٌ جیسے رغیف سے اَرْغِفَةٌ. فِعْلَةٌ سے فعلة جیسے فتی سے فتیة

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعُل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مُراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد' منابر' اناعیم' قنادیل

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایها الشُّیُوْخُ لا تکُوْنوا کالفتیة. احفظوا انْفُسَکُمْ.

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الیٰ غیر النہایۃ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں' صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلة کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کئے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَۃ کی جمع جیسے غُلْبَۃ کی جمع غُلَب۔ صورت کی جمع صور صُوْرۃ کی جمع صُوَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَۃ کی جمع جیسے قِطعۃ کی جمع قِطَع۔ لیکن فِعلۃ کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلیۃ کی جمع حلی۔ لحیۃ کی جمع لحی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل' حدس کی جمع حنادس' اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج' اور خندریس کی جمع خنادرس۔

(۴) فواعل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فاکلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفۃ کی جمع صحائف' رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) افاعل افعل (بتثلیث الہمزہ) کی جمع افاعل۔ اِصبَع کی جمع لجیسے اصابع اَنملۃ کی جمع اَنَامِل' اجدل کی جمع اجادل

(۷) افاعیل افعول اور افعولۃ کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب اجوزۃ کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفَاعِل مِفْعَل اور مفعلۃ کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع۔ مکنسۃ کی جمع مکانس

(۱۰) مفاعیل مفاعیل اور مفعیل مَفْعُول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین' مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لئے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل' قوم' رہط' جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً: ورق کہ اس کا مفرد ورقۃ' ہے' ثمر کہ اس کا واحد ثمرۃ ہے اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الروی۔ رومیوں میں کا ایک۔ الجوسی۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لئے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام' رفقۃ کی جمع رفق' نجم کی جمع نجم اور روم کی جمع اروام۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل' (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ' (۴) اسم تفضیل' (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغہ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دؤ جیسے صادق صادقۃ' عالم' عالمۃ' لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لئے مؤنث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ مکران سے مکریٰ' ظمان سے ظمای لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں الیان' جلان' خمصان' سخنان' صوجان' ضوجان' قشوان' مصّان' ندمان' نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلیٰ کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ اور عطشانۃ' غضبان سے غضبیٰ اور غضبانۃ

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء' اسمر سے سمراء۔

(۳) اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فعلیٰ ہے جیسے اکرم سے کُرمیٰ. اصغر سے صغریٰ لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے احلیٰ سے حُلیاء. ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں

(۱) فَعَّالَۃٌ جیسے رَجلٌ فَهّامَۃٌ اِمرَاۃٌ فَهّامَۃ

(۲) مِفعَالٌ جیسے رَجلٌ مِفضَالٌ' امراۃ مِفضَالٌ اور میقانۃ شاذ ہے۔

(۳) مِفعِیل جیسے رجل معطیرٌ امراۃ مِعطیرٌ اور مسکینہ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغشَمٌ' اِمْرَاۃٌ مِغشَم.

(۵) فُعَلۃ اور فُعْلَۃ جیسے رجل ضُحَکَۃٌ امراۃ ضحکۃ اور اگر عین کو فتح دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحکۃ = بہت ہنسنے والا۔ ھمزۃ = بہت عیب لگانے والا ھزأۃ = بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور' غُلامٌ قتیل' امراۃ قتیلٌ لیکن یہ اس وقت ہے

جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے
ہاں عدوة شاذ ہے۔
کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمة سعیدة' عاقبة حمیدة اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امرأة عقیم' یُحیی العِظام وھی رَمِیْم.
جو صفات کہ طبقۂ اناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق' مرضع' حامل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے ارضعت فھی مُرضِعَة.

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لئے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون' نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حمر. ازرق کا زُرق' اَعرج کی عُرج' اعمی کی عمی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ غید' بیض' ھیف' اغید' ابیض' اھیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالی یا فِعال کے وزن پر آتی ہے جیسے سکاری و حیاری سکران و حیران کی جمع اور جیاع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلة کے وزن پر آتی ہے جیسے دعاة' رماة' غزاة کہ اصل ان کی دُعَوَة رُمَیَة غزیة ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت' درد یا تشتّت کے معنی پر دلالت کرنے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحیٰ' صریع کی جمع صرعیٰ' شتیت کی جمع شتی اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضیٰ ...... یا فعل کے وزن پر ہو جیسے زمن کی جمع زمنی یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ھلکی

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعّال' فَعَلَة' فُعَّل' فَوَاعِل' فُعَلاء اور اَفعِلاء.

(۱) فُعّال اور فَعَلَة ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوّار. صائم کی جمع صُوّام اور کاتب کی جمع کتبة ظالم کی جمع ظلمة.
فَعَلة کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لئے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے ساقة' باعة' حاکة' صاغة کہ اصل میں سوقة' بیعة' حیکة' صوغة تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّد ساجد کی جمع نُوَّم نائم کی جمع جُوَّع جائع کی جمع۔

(۳) فواعل فاعلة کی جمع جیسے صواحب صاحبة کی جمع عواذل عاذلة کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقۂ اناث کے صفات کے لئے ہو جیسے عواقر' عاقر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ عُلَماءُ علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویاء قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر. اکابر
مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات' کرمیات اور جمع مکسر فُعَل کے وزن پر جیسے صُغر' کُبر. صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارب کی جمع ضواربات. افاضل کی جمع الافاضلون

نسبة

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لئے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل مصریّ.
اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائے گا۔ مثلاً فخذ میں فخذیّ اور مَلِک میں مَلَکِیّ کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرق میں مشرقی مغرب میں مغربی یثرب میں یثربی.
اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرہ سے قاہری۔
اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے عصا سے عصوی. فتی سے فتوی.
اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مَرْمیٰ سے مرموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرمِیّ اور اگر اصلی

نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لئے ہو خواہ الحاق کے لئے تو وہاں پر حذف مختار ہے حِبلِی اور ذِفرِیٌ کہا جائے گا اور واؤ سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی' ذفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباویٌ. ذِنیاوِی

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مُصْطَفِیٌ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مُصطفوِیٌ اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لئے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوی۔ بیضاء سے بیضاوی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتداء۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واؤ سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی' سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واؤ سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضِ سے قاضِیٌ. ماضِ سے ماضِی اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتح دیا جائے گا کہا جائے گا قاضَوِیٌ' ماضوِیٌ اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلیٌ' معتدی سے معتدیٌ.

اور اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنیفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غَنِیٌ سے غَنَوِیٌ. عَلِیٌ سے عَلَوِیٌ.

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہو گا جیسے مدینہ سے مدنی' فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی' سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہو گا طویلہ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلۃ کا بیان کیا گیا ہے یہی فعیل و فعیلۃ میں بھی جاری ہو گا جیسے عقیل سے عُقَیلیٌ. قصی سے قُصَوِیٌ. قُلَیلَۃٌ سے قُلَیلِیٌ. اُمَیمَۃ سے اُمَیمِیٌ.

اگر اسم کے آخر میں واؤ چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واؤ کو حذف کر دیا جائے گا جیسے قلنسوۃ سے قَلَنسِیٌ اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائے گا اور نہیں تو واؤ باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یا مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حی تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واؤ سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حَیوِیٌ.

اور اگر دوسری یاء واؤ سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جائے گی جیسے طی سے طَوَوِیٌ اگر کسی کلمہ سے آخر حرف کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی' اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی و بنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنۃ کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا یَدَوِیٌ دَمَوِیٌ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدیٌ. دمیٌ.

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سموِیٌ اور بنوِیٌ کہنا جائز ہے اور ابنیٌ و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنوی لغۃ سے لغوی اور زِنۃ سے وَزْنِیٌ اور صِلَۃ سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراقی' مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور مثوی. عشرین سے عشری' اربعین سے اربعی.

ایسے جمع جن کے لئے مفرد نہیں جیسے ابابیل و عبادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر' مناجذ' نساء' نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری' مناجذی' نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکی. ملوک سے ملوکی اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے

انف کبیر	سے	أنافِيٌّ	حرمین	〃	حِرْمِيٌّ	رباب	〃	رُبِّيٌّ
أُمَيَّه	〃	أمَوِيٌّ	حضرموت	〃	حَضْرَمِيٌّ	سهل		سهْلِيٌّ
باديَه	〃	بَدَوِيٌّ	خُزينة	〃	خُزَنِيٌّ	سليقة	〃	سَلِيقِيٌّ
بحرين	〃	بِحرَانِيٌّ	دَهر	〃	دُهْرِيٌّ	سليمة الازد	〃	سُلَمِيٌّ
بهراء	〃	بَهْرَانِيٌّ	دَير	〃	دَيْرانِيٌّ	سُلَيمُ	〃	سُلَمِيٌّ
تهامة	〃	تهامِيٌّ یا تهَام	داريَّا	〃	دَارَانِيٌّ	شام		شام
تيم اللات	〃	تيمَلِيٌّ	رب	〃	رَبّانِيٌّ	شعر كبير	〃	شعرانِيٌّ
ثقيف	〃	ثَقَفِيٌّ	رقبة عظيمة	〃	رقبانِيٌّ	صدر كبير	〃	صدرانِيٌّ
جمة عظيمةٌ	〃	جُمّانِي	رامهرمز	〃	رامِيٌّ	صنعاء	〃	صنعانِيٌّ
جذيمة	〃	جذمِيٌّ	ردينه	〃	رُدِيْنِيٌّ	طبيعة	〃	طبيعِيٌّ
جلولاء	〃	جَلُوَلِيٌّ	روح	〃	رُوحَانِيٌّ	مرو الشاهجهانی		مَرْوَزِيٌّ
بني الحبلي	〃	حُبَلِيٌّ	فُقيم كنانه	〃	فُقَمِيٌّ	امرؤالقيس	〃	مَرْقِسِيٌّ
طيّ	سے	طَائِيٌّ	فراهيد	〃	فُرهُودِيٌّ	هجر	〃	هَاجِرِيٌّ
عميرة كلب	〃	عُمَيْرِيٌّ	قويم	〃	قُوَمِيٌّ	هُذَيْلٌ	〃	هُذَلِيٌّ
بنی عبيده	〃	عَبَدِيٌّ	قريش	〃	قُرَشِيٌّ	انباط	〃	نُبَاطِيٌّ یا
عبدشمس	〃	عَبشَمِيٌّ	كنت	〃	كُنتِيٌّ			نَباطِ
عبدالدار	〃	عَبْدَرِيٌّ	لحية عظيمة	〃	لُحيانِيٌّ	ناصره	〃	نَصْرَانِيٌّ
عبدقيس	〃	عَبقَسِيٌّ	مليح خزاعة	〃	مُلَحِيٌّ	يمن	〃	يَمَانِ
عبدالله	〃	عبدلِيٌّ	رَوحاء	سے	رَوْحانِيٌّ			
صرواء	〃	حَرُوْرِيٌّ	رے	〃	رَازِيٌّ			

گا۔ جیسے انبار سے انباری' انصار سے انصاری' اہواز سے اہوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائے گا اور اوّل جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلی و معدی جبکہ بعلبک اور معدی کرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی جزءِ اوّل کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امراء القیس سے امرئی دیر القمر سے دیرانی' عبدالاشہل سے اشہلی' ابوبکر سے بکری عبدمناف سے منافی۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے عین ایل سے عین' ایلی وادی آش سے وادی آشی' عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزءِ اوّل کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطی' ذرحبا سے ذری۔

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لئے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَيل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کلیب. عبد سے عُبَيد. رُجَل سے رجیل. ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَيلِل کے وزن پر جیسے جَعْفَر سے جُعَيْفِر. سفرجل سے سفیرج اور اگر مدہ ہو تو فُعَيلِيلٌ کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَيطِيس مضراب سے مُضَيْرِيبُ اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث کا یا الف نون زائدتان ہو تو علامت تانیث یا الف' ن ان سے متصل ہو تو حرف ہوگا وہ اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرۃ کی تصغیر ثمیر' بشریٰ کی بشیریٰ. سمرا کی سمیراء. سکران. سکیران. غضبان کی غضیبان اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اریضة. شمس سے شمیسة لیکن شرط یہ

ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہو گا ظاہر نہیں کریں گے مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیسۃ نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسۃ کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرف علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب اور ناب کی تصغیر بُوَیب اور نُیَیب ہو گی۔ اس لئے کہ باب کا الف واؤ اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واؤ سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واؤ لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عویج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عیید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عوید ہونا چاہئے تھا اور اگر واؤ یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سور سے سویر۔ بیت سے بییت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے خالد سے خویلد۔ ضارب سے ضویرب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واؤ ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیّ دلو سے دُلَیّ۔ عجوز سے عُجَیِّز۔ کتاب سے کُتَیِّب۔

اور اگر واؤ متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیِّل یا جُدَیول' ادور سے اُدیر یا اُدیور۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نصیر سے نُصَیِّر۔ جمیل سے جُمَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واؤ یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا جیسے عصفور سے عصیفیر اور سلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہو احیلی من العسل۔

اسماء محذوفۃ الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہو گی۔ اُبَیّ' اُخَیّ' دُمَیّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ آخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا اور محذوف حرف واپس آ جائے گا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بُنَیّ ہو گی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنۃ عدۃ کی تصغیر وُزَینۃ وُعَیدۃ ہو گی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَیّۃ بُنَیّۃ آئے گی۔

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مؤمنان کی مویمنان' مؤمنون کی مویمنون' مؤمنات کی مویمنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر ارغفۃ کی اریغفۃ ہو گی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واؤ نون لگا دیا جائے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی صورت یہ ہو گی کہ غلام کی تصغیر غُلَیِّم بنا کر واؤ نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہو گی اور اگر مذکر لایعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جویریات دراہم کی جمع دراہم کی دریہمات اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہو گی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبداللہ کی تصغیر عبیداللہ ہو گی اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہو گی جیسے معدیکرب کی تصغیر معیدیکرب۔ حضرموت کی تصغیر حضیرموت' نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ' خمسۃ عشر کی خمیسۃ عشر' بعلبک کی بعیلبک۔

اور مرکب اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلاف قیاس آتی ہے۔ ابیحر' بحر کی۔ انیسیان' انسان کی۔ رویجل' رجل کی۔ اصیلال' اصیل کی۔ عشیشیۃ' عشیۃ کی۔ اُصَیبِیَۃ۔ صبیۃ۔ اغیلمۃ' غلمۃ کی۔ اسی طرح قویس۔ ذُریع۔ حریب۔ نعیل۔ عریس۔ ذوید کی ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونی چاہئے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے اسماء' ابناء' اکرام' اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف متصل ہو جیسے باجمل' لافضل لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لئے کثرت استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائے گا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واؤ کے بعد واقع ہو تو حذف کر دیا جائے گا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فائتنی' واذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے بأس بوئس بئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثناء کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائے گا

جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یارجل الذن" اور "ھذا الذی اؤتمنت علیہ" اور ہمزہ متوسط متحرک کہ اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لــــؤم رؤف سال.

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ و کسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے سؤال' رِئال' مؤنث اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یاء دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقَاء ی یا بقائی.

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یاء کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے بـقـاؤُہ بقائه بقاءہ.

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے جُزءٌ شیءٌ فَیءٌ.

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے هَیُؤ' لکَأ' ظَمِئ.

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نــشاۃ اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فِئَۃ لُؤلُؤۃ.

اور اگر ماقبل معتل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واؤ کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے خـطیـئـة بَرِیئة قراءۃ' صلاءۃ' مُروءَۃ' سُوءَۃ.

ابدال کے قواعد

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گا۔ جیسے ضارب سے ماضی مجہول کا صیغہ ضورب اور قَاتَل سے قُوتِل.

اگر یاء ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گی جیسے ایقن سے مُوقِن. ایسر. مُوْسِر.

اسی طرح اگر واؤ ساکن کسرہ کے بعد واقع ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے موزان سے میزان. موعاد سے میعاد.

واؤ یا یاء متحرک ہوں اور ماقبل مفتوح ہو تو الف سے بدل جاتے ہیں جیسے قال' باع' بابٌ' نابٌ.

لیکن اس قاعدے کے لئے حسب ذیل شرائط ہیں۔ یہ واؤ یاء فا کلمہ کی جگہ میں نہ ہوں مدہ زائد سے پہلے الف تثنیہ سے پہلے اور یائے مشدد اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں۔ ناقص کے عین کلمہ کی جگہ میں نہ ہوں۔ جس کلمہ میں یہ واقع ہوں وہ فعلان و فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسے لفظ کے ہم معنی نہ ہو جس میں تعلیل نہیں ہوتی۔

اگر کسی کلمہ میں واؤ' یاء جمع ہو جائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یاء کر کے یاء میں ادغام کر دیتے ہیں' جیسے طیٌ' میّت مرِیٌ کہ اصل میں طوی' میوت. مرموی تھے۔

واؤ یا یاء اگر الف زائدہ کے بعد طرف میں واقع ہوں تو ہمزہ سے بدل جاتے ہیں جیسے کساء سماء بناء طباء.

جو مدہ زائدہ مفرد میں ہو جب جمع بنایا جائے اور الف فعالل کے بعد واقع ہو تو ہمزہ سے بدل جاتا ہے جیسے عجوز سے عجائز. قلادہ سے قلائد' صحیفۃ سے صحائف.

باب افتعال کے فاء کلمہ میں اگر واؤ یا یاء واقع ہو تو تاء سے بدل جاتے ہیں جیسے اتقی' اتّسر.

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر دال یا ذال یا زاء واقع ہو تو تاء کو دال سے بدل لیتے ہیں' جیسے ادّان' اذدکر' ازدان کہ اصل میں ادتان' اذتکر' ازتان. تھے اذدکر میں دال کو ذال اور ذال کو دال کرنا دونوں جائز ہے۔ اِدّکر اور اِذّکر دونوں کہہ سکتے ہیں۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر صاد ضاد' طاء' ظاء۔ واقع ہوں تو تاء کو طاء سے بدل دیتے ہیں' جیسے اصطبَرَ' اضطرب' اطّرد' اظطَلَمَ' اِظّلَم جیسے میں ظاء کو طاء اور طاء کو ظاء کرنا دونوں جائز ہے۔ اِطّلَمَ اور اِظّلَمَ دونوں کہہ سکتے ہیں۔

ا

اَلْاَلِفُ :الف کی دو قسمیں ہیں ساکنہ و متحرکہ۔ ساکنہ کو حرف لین بھی کہتے ہیں جیسے قَالَ، قَامَ، بَاعَ مُتَحَرِّکَہ اور اس کا نام ہمزہ بھی ہے اور یہ کئی معانی میں مستعمل ہے۔

(۱) استفہام جیسے اَقَرَأْتَ؟ اَمَاقَرَأْتَ؟ اَفَلَمْ تَقْرَأ؟ اَفِي الْبَيْتِ اَخُوكَ؟

(۲) نداء قریب: جیسے اَزَيْدُ اَقْبِلْ (ای زیداً)

(۳) تسویہ :جیسے لَا اُبَالِي اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ مجھے تیرے کھڑے ہونے یا بیٹھنے کی کوئی پرواہ نہیں یعنی دونوں میرے نزدیک برابر ہیں۔

آ :حرف ندا ہے بعید کے لئے یا جو بعید کی مانند ہو جیسے غافل اور سونے والا۔

آب :اگست کا مہینہ (رومی مہینے کا نام)

اَبَّ (ن) اَبًّا وَ اَبَابًا وَ اَبَابَةً وَ اِبَابَةً اِلَيْهِ : مشتاق ہونا

اَبَّ (ض ن) اَبِيْبًا وَ اَبًّا وَ اَبَابًا وَ اَبَابَةً آمادہ و تیار ہونا۔ وَ اَبَّ اَبَّهٗ: کسی کے قصد کی مانند قصد کرنا۔ کسی کی روش اختیار کرنا يَدَهٗ اِلَى السَّيْفِ :سونتنے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔

اَهَبَّ :چیخنا۔ چلانا۔

تَاَبَّبَ بِهٖ :تعجب کرنا اور خوش ہونا۔ اِئْتَبَّ :تیار ہونا۔ مشتاق ہونا۔

اَبَاهَ يَابَاهَ. بِالسَّهْمِ :تیر سے مارنا۔

اَبَتَ (ن ض) و اَبِتَ (س) اَبْتًا و اُبُوتًا النَّهَارُ :سخت گرم ہوا۔ صفت اَبِتٌ وَاَبِتٌ وآبِتٌ

تَاَبَّتَ. الجمرُ :بھڑکنا۔

اَبْتَةُ. الغَضَبِ :غصہ کی تیزی۔

اَبَتَهٗ وَاَبَثَ (ض) اَبْثًا. عَلَيْهِ :بادشاہ کے سامنے برا بھلا کہنا۔ غیبت کرنا۔

اَبِثَ (س) اَبَثًا۔ اُونٹ کے دودھ پینے سے پیٹ نکل آنا اور بدہوش سا ہونا۔

اَلْاَبِثُ: نشاط سے اکڑتے ہوئے چلنے والا۔

اَبْجَدُ :حروف تہجی کے مجموعوں کا پہلا کلمہ اور وہ مجموعے یہ ہیں : ابجدُ، ہوزْ، حُطّی، کلمنْ، سعفص، قرشتْ، ثخذ، ضظغ، حروف کی یہ ترتیب جمل کے حساب کی رعایت سے ہے اور یہ تاریخ نکالنے کے لئے مستعمل ہے۔ اِن حرفوں کی ترتیب اکائی، دہائی، سینکڑہ، ہزار پر ہے۔

اَبَدَ (ض) اُبُوْدًا بالمکان: اقامت کرنا۔ الشَّاعِرُ :غریب لغت استعمال کرنا۔

اَبَدَ (ن) اُبُوْدًا. الحَيَوَانُ :جنگلی ہونا۔

اَبِدَ (س) اَبَدًا :جنگلی ہونا عَلَيْهِ :غضبناک ہونا۔

تَاَبَّدَ :ابدی ہونا، جنگلی ہونا الْمَكَانُ :مکان کا ویران ہونا اور جنگلی جانوروں کا مسکن بننا۔

اَلْاَبَدُ :زمانہ جمع آباد و اُبود :ازلی۔ قدیم ہمیشہ رہنے والا، کہا جاتا ہے "لا آتِيهِ اَبَدَ الْاَبَدِيْنَ وَالْاَبِدِيْنَ واَبَدَالاَبَدِ و اَبدَ الآباد و اَبَد الدهر الخ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

اَبَدًا :ظرف زمان ہے۔ مستقبل میں نفی و اثبات کی تاکید کے لئے آتا ہے جیسے لا اَفْعَلُهٗ اَبَدًا: میں اس کو ہرگز نہیں کروں گا [اَفْعَلُهٗ اَبَدًا] :میں اس کو یقیناً کروں گا۔

اَلْاٰبِدَةُ : وہ بڑا معاملہ یا بڑی مصیبت جس سے آدمی گھبرائے۔ مصیبت کہ جس کا چرچا ہمیشہ رہے۔ وحشی، عجیب و نادر چیز۔ ج اَبِدٌ و اَوَابِد.

اَلْاَوَابِدُ :وہ پرندے جو جاڑے اور گرمی دونوں موسموں میں ایک ہی جگہ رہیں۔ اَوَابِدُ الشِّعْرِ :بے مثال شعر۔ اوابِدُ الْكَلَامِ: نادر کلام۔

اَلْاِبِدُ وَالْاَبِدُ. من امة او اتان : ہر سال جننے والی باندی یا گدھی۔

اَلْاَبَدِيّ: جس کی انتہاء نہ ہو۔

اَلْاَبَدِيَّةُ :دوام جس کے لئے انتہا نہ ہو۔

اَبَرَ (ن ض) اَبْرًا وَاِبَارًا : الْعَقْرَبُ فُلَانًا : بچھو کا ڈسنا ــــهٗ : غیبت کرنا، خوراک میں سوئی کھلانا۔ ہلاک کرنا۔ الزَّرْعَ :اصلاح کرنا اور گابھا دینا۔

اِئْتَبَرَ. الْبِئْرَ :کنواں کھودنا۔

اَلْاِبْرَةُ :سوئی، ڈنک، چغلی اِبْرَةُ الْقَرْنِ : سینگ کا سرا۔ ج اِبَرٌ وَاِبَارٌ. اِبَرَاتٌ.

اَلْمِئْبَرُ وَالْمِئْبَارُ : سوئی دان...... اَلْمِئْبَرُ : چغل خوری۔ فساد انگیزی۔ باریک ریت۔

اَلْاَبَّارُ :سوئی بنانے والا۔ پسو۔ درخت خرما کو گابھا دینے والا۔

اَلْاِبَرِيُّ :سوئی بیچنے والا۔

اَلْمَاْبُوْرُ :معجم۔

اَلْمِئْبَرَةُ: چغلی، فساد انگیزی۔ ج مَآبِر۔

اَلْمُؤْتَبِرُ :کھیت والا۔

اَلْاِبْرِيْزُ وَالْاِبْرِيْزِيُّ. مِنَ الذَّهَبِ :

خالص سونا۔
اَلْاِبْرِیْسِمُ وَالاِبْرَیْسَمُ: ریشم۔
اَلْاَبْرِیْشَۃُ: بشپ کا مذہبی حلقہ انتظام۔
اَلْاِبْرِیْقُ: لوٹا۔ ج اَبَارِیْق: چھاگل (معرب)
اَبَزَ (ض) اَبْزًا واُبُوْزًا. الظَّبْیُ: اُچھلنا۔ کودنا۔ صفت آبِز واَبَّاز و اَبُوْزٌ بِصَاحِبِہٖ اَبْزًا: ظلم کرنا۔
اَلْاِبْزِیْمُ وَالاِبْزَام: بکسوا۔ ج اَبَازِیْم۔
اَبَسَہٗ (ض) اَبْسًا: ملامت کرنا۔ ڈرانا...... بِہٖ: تابعدار بنانا۔ فلانًا: قید کرنا بدسلوکی سے پیش آنا۔ حقیر و ذلیل سمجھنا۔
اَبَّسَہٗ: قید کرنا۔ بدسلوکی سے پیش آنا' شرم دلانا۔ الاَبْسُ: قحط' خشک سالی۔ سخت جگہ۔ نرکھوا۔
الْاُبُس: اصل بد۔ سخت جگہ۔
اِمْرَأَۃٌ اباس: بدخورت۔
اَبَشَہٗ (ن) اَبْشًا واَبَشَۃً: جمع کرنا
تَاَبَّشَ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
الْاِبَاشَۃُ مِنَ النَّاسِ: مخلوط جماعت۔
الاَبَّاشُ: کسی کے صحن اور دروازہ کو کھانے پینے کی چیزوں سے سجانے والا۔
رَجُلٌ اَبَّاشٌ: کمانے والا مرد۔
اَبِصَ (س) اَبَصًا. خوش ہونا۔ صفت اَبِص آبِص واَبُوْص۔
اَبَضَ (ن) اَبْضًا. الْبَعِیْرَ: اونٹ کے اگلے پاؤں کو بازو سے باندھنا۔
تَاَبَّضَ الْبَعِیْرَ: اباض نامی رسی سے باندھنا (دیکھئے الاِبَاض) الْبَعِیْرُ: اباض نامی رسی سے بندھا ہوا ہونا۔
الاَبْضُ: ج آبَاض. والمَأْبِضُ ج مَآبِض: زانو کا اندرونی حصہ۔ بند دست۔
الاِبَاضُ: اونٹ کے پاؤں کو بازو سے باندھنے کی رسی۔
تَاَبَّطَ الشَّیْئَ: بغل میں لینا۔
اِسْتَاْبَطَ الرَّجُلُ: اوپر سے تنگ اور اندر سے چوڑا گڑھا کھودنا۔

الاِبْط: بغل (مذکر و مؤنث) ج آبَاط۔ اِبْط الْجَبَل: دامن کوہ
الاِبَاطُ: بغل میں لی ہوئی چیز۔
اَبِقَ (س) وَاَبَقَ (ن ض) اِبَاقًا واَبْقًا وَاَبَقًا. الْعَبْدُ: بھاگنا۔ صفت۔ اَبِقٌ ج اُبَّقٌ واُبَّاق
تَاَبَّقَ: چھپنا۔ الشَّیْئَ: انکار کرنا۔ اور برا سمجھنا۔
الاَبَقُ: بھنگ۔ بھنگا کا چھلنا۔ کتان۔
اَبِلَ (س) اَبَلًا واَبَلَ (ن) اَبَالَۃً. اونٹوں کا اچھی طرح انتظام کرنا۔ صفت اَبِل وآبِل ج اُبَّال
اَبَلَ (ن) اَبَالَۃً: راہب بننا۔
اَبَّلَ: بہت اونٹوں کا مالک ہونا
الاِبِلَ: چھانٹ کر جمع کرنا۔
تَاَبَّلَ الاِبِلَ: چھانٹ کر جمع کرنا۔
الاِبِلُ والاِبْلُ: اونٹ (مفرد کے لئے اس کا استعمال نہیں ہوتا) ج آبال
اَلْاُبُلَّۃُ: قبیلہ۔ کہا جاتا ہے [جَاءَ فِی اُبُلَّتِہٖ] وہ اپنے قبیلہ میں آیا۔
اَلْاَبِیْلُ: ج آبَال واُبُل وَالْاَبِیْلِیُّ و الْاَیْبُلِیُّ: راہب۔
اَلْاِبَالَۃُ: جماعت۔ مال کا بہترین انتظام۔ حسن سیاست...... وَالْاَبِیْلَۃُ وَالْاِیْبَالَۃُ وَالْاِبَّالَۃُ۔ گھاس یا لکڑی کا گٹھا۔ کہا جاتا ہے "ضِغْثٌ عَلٰی اِبَّالَۃٍ" یعنی مصیبت بالائے مصیبت۔
اَلْاَبَابِیْل: فرقے۔ ابابیل جمع ہے اس کا واحد نہیں طَیْرٌ اَبَابِیْلُ: غول کے غول پرندے۔
الْمَأْبَلَۃُ: بہت اونٹوں والی زمین۔
اِبْلِیْسُ: شیطان کا علم جنس ج ابالس و ابالسۃ
اَبَنہ (ن ض) اَبْنًا. بِشَیْءٍ: عیب لگانا۔ تہمت رکھنا الدَّمُ فِی الْجُرْحِ: کالا ہو جانا۔
اَلْاُبْنَۃُ: عیب' کینہ' لکڑی کی گانٹھ ج اُبَن' [illegible]

اَبَّنَہٗ: عیب لگانا۔ شرم دلانا۔ مردہ کے اوصاف (محاسن) شمار کرنا وَتَاَبَّنَہٗ: پیچھے پڑنا۔ انتظار کرنا۔
اِبَّانُ الشَّیْءِ: کسی چیز کی ابتداء۔ کسی چیز کا وقت۔
اَلْاُبْنَۃُ: عیب' کینہ' لکڑی کی گانٹھ ج اُبَن
اِبَانَۃُ الرَّجُلِ: سارے ساتھی۔
اَلْاِبْنُ: بیٹا۔
الاَبَنُوْسُ وَالاَبَنُوس: ایک قیمتی سخت کالی لکڑی کا درخت جو گرم شہروں میں پیدا ہوتا ہے۔ (یونانی لفظ)
اَلْاَبْنُوْسُ وَالْآبَنُوس: ایک قسم کی سخت اور کالی لکڑی۔
اَبَہَ (ف) اَبْهًا. لَہٗ: تاڑ جانا۔ لَایُؤْبَہُ لَہٗ: اس کی طرف التفات نہیں کی جاتی۔
اَبَّہَہٗ: خبردار کرنا۔ سمجھانا۔
تَاَبَّہَ. عَلَیْہِ: تکبر کرنا' بڑا بننا۔ عَنْ کَذَا: اپنے آپ کو بالا و برتر سمجھنا۔
الْاُبْہَۃُ وَالْاُبَّہَۃُ: بڑائی۔ غرور۔ نخوت۔
اَبَا (ن) اِبَاوَۃً و اُبُوَّۃً واُبُوًّا: باپ ہونا۔
الْیَتِیْمَ: پرورش کرنا۔ کہا جاتا ہے [ابوتہ وامہتہ]: میں اس کے لئے ماں باپ بن گیا۔
اَبَّی. فُلَانًا: کسی سے یہ کہنا کہ میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔
تَاَبَّی. فُلَانًا: باپ بنانا۔
الاَبُ: عیسائیوں کے نزدیک تین معبودان میں سے اول اقنوم جس کو باپ کہتے ہیں۔
اَلْاَبُ: باپ۔ وہ شخص جو کسی چیز کے لئے باعث ایجاد یا باعث اصلاح ہو' اس کا اعراب حالت رفعی میں واؤ سے اور حالت نصبی میں الف سے اور حالت جری میں یا سے آتا ہے۔ تم کہتے ہو۔ [جَاءَ اَبُوْکَ] رَاَیْتُ اَبَاکَ وَ مَرَرْتُ بِاَبِیْکَ اور منادی کی صورت میں یَااَبِی اور یَااَبَتِ ج آباء و ابون
اَبُو اَبَاس: ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے خطمی

وغیرہ۔
اَبُـو اَیُّـوب :اونٹ۔اَبُـوالْاَبْـرَد:
گدھ۔اَبُوالْاَسْوَد :چیتا۔اَبُوالْاَصْبَع :
گدھ۔اَبُوالْاَضْیَاف :میزبان۔اَبُوبرِیص
:چھپکلی۔اَبُـوالْبَشَـر :کنیت سیدنا آدم علیہ
السلام۔ابوثقیف :سرکہ۔اَبُوجَامِع :دستر
خوان۔اَبُوجُـحَادہ :ٹڈی۔اَبُوجَـعَار:
بجو۔اَبُو جعران :گبریلا۔اَبُـو جَـمِیل :
ترکاری۔اَبُو خَـبِـب :بھنا ہوا بکری کا بچہ۔
اَبُو خُـدَیج :لقلق. ابو حَفِر :گرگٹ۔
اَبُوالْحُصَین :لومڑی۔ابو خالد :کتا۔اَبُو
خـصـب :گوشت۔اَبُـودَغـفَـاء :بے
وقوف۔ابـورزیـن :ایک قسم کا حلوا۔ابـو
رعلة :بھیڑیا۔اَبُوزَجِرا :کوّا۔اَبُوزُهْرَة :
گیدڑ۔اَبُوسُلَیمان :مرغ۔ابـوالسّرو :
بجو۔اَبُوعُلْذِ المراة :شوہر۔اَبُوعِسْلَة :
بھیڑیا۔ابـوالعَفَـاء:گدھا۔اَبُوعَقَبة :
سور۔اَبُوالعلاء :فالودہ۔اَبُوعَمْرہ :افلاسْ
بھوک۔اَبُوعَوف : زنڈی۔ اَبُـو عَوْن :
نمک۔اَبُوغَزوَانْ :بلی۔اَبُوقِـتـرہ:کنیت
ابلیس۔اَبُوقُرّہ :گرگٹ۔اَبُـو کَلَاثَة :
زبجو۔اَبُـولَاحِـق :باز۔اَبُـولُبَـد :
شیر۔اَبُـومَـالِک :بھوک' بڑھاپا' گدھ۔
اَبُومثوی :میزبان۔اَبُومذقة :بھیڑیا۔ابو
مُرّة: شیطان۔اَبُومَرْیَم :قاضی کا پیادہ۔اَبُو
الْـمِـنْهَـال :گدھ۔اَبُـومَشْـغُول :نر
چیونٹی۔اَبُـو مَـرِیْنـا :مچھلی۔اَبُوْ مُعَاوِیَـه :
چیتا۔اَبُـوالْـمـنـذِرْ :مرغ۔اَبُـونَعِیْـم :
روٹی۔اَبُوالْوِثَاب :عقاب اور بقول بعض
ازی ہرن۔اَبُـوهُبَیْرة :زمینڈک۔اَبُو
الْهِنْبر :زبجو۔اَبُو یَحْیٰی :ملک الموت۔
اَبُوالْیَقْظَان :مرغ۔کہا جاتا ہے "لا اَبَ
لَکَ ولا اباک ولااباکَ" یہ جملے خبریہ
ہیں مگر معنی میں جملہ انشائیہ دعائیہ کے ہیں۔
مدح وذم دونوں موقعوں پر استعمال کیا جاتا
ہے اور کبھی گالی کے موقع پر بھی اور "بـاَبِـی
اَنْـتَ" کا مقصد یہ ہے کہ میرا باپ تیرے
اوپر فدا ہو۔
اَبـٰی (ف ض) اِبَاءً و اِبَاءَةً و تَاَبِّی.
الشَّیْءَ :ناپسند کرنا۔انکار کرنا۔صفت اٰبٍ ج
آبون و اُبَاةٌ و اُبَّلٌ .
اَبٰی عَلَیْهِ و تَاَبّٰی :باز رہنا۔خوددار ہونا۔
اَبَاهُ اِیْبَاءً . الشَّیْءَ:خوددار بنانا۔
الاَبِیّ :نفرت کرنے والا۔رذائل سے اپنے
آپ کو بلند رکھنے والا۔
رَجُلٌ اَبَاءٌ :خوددار مرد۔
تَـاَتَّـبَ وَاتْتَـبَ :بے آستین والی قمیص
پہننا۔الِاتْـب :بے آستین والی قمیص ج
اُتُوبٌ و اُتَّـب و اِتَاب و آتاب. واُتْبُ
الشَّعِیْرِ :جَو کا چھلکا۔
اَتَـابِک :امیر' سردار۔اس لفظ کا اطلاق
اولاد سلاطین کے اتالیق پر ہوتا تھا۔
اِلاتَـاد. :دوہنے کے وقت گائے کی ٹانگوں
میں باندھنے کی رسی۔ج آبِدَہ و اُتُد.
الاُتْـرُجُّ والْاُتْـرُنْـج :لیموں۔لیموں کا
درخت۔
اَتَل (ض) اَتْـلاً و اَتَلَانًا و اَتَلَالًا :غصہ کی
وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا......مِنَ الطَّعَام :
شکم سیر ہونا۔
اَتَمَ (ن) اَتْـمًـا :دو چیزوں کو جمع کرنا۔
بِالْمَکَانِ :اقامت کرنا۔تاخیر کرنا۔
الْمَـاْتَم :لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔عموماً
اس کا استعمال اس مجمع کے لئے ہوتا ہے جو
اظہارِ غم کے لئے ہو۔ج مآتم.
الاَتَـان :گدھی۔ج اُتُن و اُتْن و آتُن و
اِسْتَاتَن :گدھی خریدنا اور "کَـانَ حِمَارًا
فَـاسْتَـاتَنَ" کا مقصد یہ ہے کہ وہ صاحب
عزت تھا' ذلیل ہو گیا۔
الاَتُّون :حمام کا آتش دان۔چونا بنانے کی
بھٹی۔ج اُتُنٌ و اَتَاتِین.
اَتَا (ن) اَتْـوًا و اِتَاءً. الشَّجَرُ :پھل ظاہر
ہونا۔یَـعْـت :بہت پھل دار ہونا......بِـه و
عَلَیْهِ :چغل خوری کرنا۔
اَتَوْتُهُ اِتَاوَةً :رشوت دینا۔
اِتَاءُ الْاَرْضِ :زمین کی پیداوار۔
الاَتَاوَةُ :خراج۔رشوت۔ج اَتَاوِیٰ.
اَتٰی (ض) اِتْیَانًا و اَتْیًا اِتْیَانَةً و مَاْتَاةً :
آنا۔المَکَانَ :حاضر ہونا۔الشَّیْءَ :کرنا......
عَلَی الشَّیْءِ :پورا کرنا۔نافذ کرنا.الرَّجُلَ :
مرد کے پاس سے گزرنا.........عَـلَـیْـهِ
الدَّهْرُ :ہلاک کرنا۔
اَتّٰی تَاتِیَةً و تَاتِیًا. المَاءَ :پانی بہنے کے لئے
راستہ نکال دینا۔
آتَاهُ مُوَاتَاةً. عَلَی الشَّیْءِ :موافقت کرنا۔
آتٰی اِیْتَاءً. فُلَانًا الشَّیْءَ :دینا۔اِلَیْهِ الشَّیْءَ :
بھیجنا......الرَّجُلَ :بدلہ دینا۔
تَـاَتّـٰی. الْاَمْرُ :تیار ہونا آسان ہونا......
لِلْاَمْرِ :نرمی برتنا اور میانہ روی اختیار کرنا۔
مَعْرُوفَه :درپے ہونا۔
اِسْتَاتٰی. الرَّجُلَ :آنے کی درخواست کرنا۔
سست سمجھنا۔
اَلْاَتِیّ وَالْاَتَاوِیّ :اجنبی۔مسافر۔سیل۔
اَتِیّ و اَتَاوِیّ :اچانک آنے والا سیلاب۔
المَاْتَی والمَاْتَاةُ :جہت۔سمت۔کہا جاتا ہے
"اَتَی الْاَمْرَ مِن مَاتَاهُ اَو مَاتَاتِهِ :اس نے
معاملہ کو ٹھیک طریقہ سے انجام دیا۔
اث (س ن ض) اَثَـاثًـا و اُثُـوثًا و اَثَـاثَةً.
النَّبَـاتُ والشَّعْرُ :گنجان ہونا۔صفت (اَثٌّ
وَاَثِیْث ج اِثَاث .
اَثَّ .الفِرَاشَ :بچھانا۔
تَاَثَّثَ :مال پانا۔
اَلْاَثَاث :سامان خانہ۔مال۔
اَثَـرَ (ن ض) اَثْـرًا و اَثَـارَةً و اُثْـرَةً.
الْـحَـدِیْـث :نقل کرنا۔صفت مفعول
(مَاْثُوْر)......هُ :اکرام و تعظیم کرنا۔
اَثِرَ (س) اَثَـرًا. یَـفْـعَـل کَـذَا :کرنے
لگا۔لِلْاَمْـرِ :پورے انہماک سے مشغول
ہونا۔عَلَیْهِ :پکا ارادہ کرنا......عَلَیْهِمْ :اپنے
لئے بہتر چیزوں کو چھانٹ لینا۔
اَثَّرَ فِیْهِ :اثر کرنا۔
آثَـرَهُ اِیْثَـارًا :اکرام کرنا۔چننا۔فضیلت

دینا۔ اَثَرَ کَذابکَذا : پیچھے لگانا۔

تَـاَثَّـرَ و اِتَّثَـرَ. فُلانًـا : نقشِ قدم کی پیروی کرنا......مِنْـهُ وَبِـه : اثر قبول کرنا۔ تم کہتے ہو "مَاتَاَثَّرَ اِلَيَّ اَثَرًا" اس نے میرے ساتھ کچھ بھی احسان نہیں کیا۔

اِسْتَاثَرَ. بِالشَّئْ عَلَى الْغَيْرِ : اپنے لئے مخصوص کر لینا۔

اَللّٰهُ بِهٖ : وفات دینا۔

اَلاَثَرُ : نشان۔ حدیث۔ سنت۔ مدت ج آثار و اُثُورٌ. عِلْمُ الْآثَار : پرانی یادگار چیزوں کا علم۔ کہا جاتا ہے " خَرَجَ فِي (اَثَرِهٖ) وَفِي (اِثْرِهٖ) : وہ اس کے بعد نکلا" وَ عَلَى الْاَثَرِ : یعنی فوراً۔

الاَثَرِيَ : ماہرِ آثارِ قدیمہ۔

اَلْاُثُرُ والاَثْرُ : زخم کا نشان۔ آثار و اُثُور.

اَلاَثْرُ : تلوار کا جوہر۔ ج اُثُور.

اَلْاُثْرَةُ۔ ج اُثَرٌ و اَلْاَثَارَةُ : بقیہ علم۔ خاندانی و موروثی شرافت۔

اَلْاُثْرَةُ : پسندیدگی۔ ترجیح۔ خودغرضی۔

اَلاَثِيْـر : تلوار کا جوہر۔ معزز۔ ج اُثَـراء.

فَـرَسٌ. اَثِيْرٌ : کھروں کے بڑے نشان والا گھوڑا۔

اَلْاَثِيْر : قدماء کے نزدیک بمعنی نواں آسمان اور علماء طبیعات کی اصطلاح میں ایتھر کو کہتے ہیں اور یہ وہ مادہ ہے جس کے تموج سے گرمی بڑھتی ہے اور آواز دور تک جاتی ہے۔

حَدِيْثٌ مَاْثُورٌ : وہ بات جو قرناً بعد قرن نقل ہوتی چلی آئے اور اسی سے ہے " اَلسَّيْفُ الْمَاْثُورُ " خاندانی تلوار۔

الْـمَـاْثُرَةُ التَمَاْثُرَةُ : عمدہ فعل۔ خاندانی و موروثی عزت۔ ج مَآثِرٌ.

اَثَفَهٗ (ن) اَثْفًا : پیچھے جانا' طلب کرنا۔

اَثَّفَ تَاْثِيْفًا. القدر : پائے پر رکھنا۔

تَاَثَّفَ. الرَّجُلُ الْمَكَانَ : جم کے رہنا۔

اَلْقَومُ الْاَمْرَ وَ عَلَيْهِ : اکٹھا ہونا۔

اَلْاُثْـفِيَّةُ : دیگ رکھنے کا پایہ۔ جماعت۔ ج اَثَـافِي. ثَالِثَةُ. الْاَثَافِيِّ : پہاڑ کے ایک حصہ کو جس کے سامنے دو پتھر رکھ کر اس پر ہانڈی رکھتے ہیں' کہا جاتا ہے" رَمَـاهُ اللّٰـهُ بِثَالِثَةِ الْاَثَـافِيِّ" اللہ اس کو بدترین مصیبت میں مبتلا کرے۔

اَثَلَ (ن) اُثُـوْلاً و اَثُلَ (ک) اَثَـالَةً : جڑ پکڑنا۔ صفت اَثِيْلٌ و مُؤَثَّلٌ.

اَثَّـلَ . اَلْـمَـالَ : زکوٰۃ دینا۔ اصل ٹھہرانا۔

اَلْمَرْءَ : تعظیم کرنا......اَلْمَجْدَ : مجد و بزرگی کی بنیاد رکھنا۔

تَاَثَّلَ : جڑ پکڑنا۔ اکٹھا ہونا......اَلْمَالَ : کما کر بڑھانا۔ اَلْبِئْرَ : کھودنا۔

اَلْاَثْـــل : جھاؤ کا درخت جو کہ ریت والے علاقے کے قریب زیادہ پیدا ہوتا ہے عام طور پر زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔ کبھی کبھی اس سے چھوٹے بڑے پیالے بنائے جاتے ہیں۔ واحد اَثْلَةٌ ج آثال و اَثَلاثٌ و آثال و اُثُولٌ : کہا جاتا ہے" نحتَ اَثْلَتَه : اس نے اسے عیب لگایا اور اس کا مرتبہ گھٹایا۔

الاَثَـــلَةُ والْاُثْـــلَةُ : گھریلو سامان۔ اصل سامان۔

اَلْاَثْـلَةُ والاَثَـالُ والْاُثَـالُ : موروثی مال یا شرافت یا بزرگی۔

اَثِمَ (س) اِثْـمًـا و اَثَـمًا و آثَامًا و مَاْثَمًا : گناہ کرنا۔ صفت۔ اَثِيْم ج اُثَـمَاء و آثِم ج اَثَمَةٌ.

اَثَمَ (ن ض) اَثْـمًا. اللّٰهُ فُلانًا كَذَا : گنہگار قرار دینا اور سزا دینا۔

اَثَّمَهٗ : گناہ کی طرف منسوب کرنا۔

آثَمَهٗ : مبتلائے گناہ کرنا۔

تَاَثَّمَ : گناہ سے بچنا۔

اَلْاِثْم ج آثـام والْـمَـاْثَمَةُ والْمَاْثَم : ناجائز فعل۔ گناہ۔ جرم۔

الاَثَـــمُ : بھیڑیا۔ جوا۔ شراب (آخری معنی کا ابوبکر نے انکار کیا ہے)

اَثَا (ن) اَثْـوًا و اِثَاوَةً و اُثِيًّ (ض) اَثْيًا و اِثَايَةً بِهٖ : چغل خوری کرنا۔

تَـاَثَّوْا وتَـآثَوا : بادشاہ کے پاس مقدمہ لے جانا۔

المَاْثِيَةُ والمَاْثَاةُ : چغل خوری۔

اَجَّ (ن) اَجِيْـجًا : بھڑکنا۔ صفت۔ اَجَّاجٌ و اَجُوْج. اُجُوْجًا. اَلْمَاءُ : کھاری ہونا۔

اَجَّجَ. النَّارُ : بھڑکانا......عَلَى الْعَدُوِّ : دشمن پر حملہ کرنا۔

آجَّ. اَلْمَاءُ : کھاری ہونا۔

تَاَجَّجَ و تَاَجَّ و اِئْتَجَّ : بھڑکنا۔ اِئْتَجَّ الْحَرُّ : تیز گرم ہونا۔

اَلْاُجَاجُ : بہت کھاری پانی

اَلْاَجَّةُ : گرمی کی شدت ج اِجاج والْاَجِيْج : شور۔ چلنے کی آہٹ

اَجَـدَه و آجَـدَه و اَجَّدَه : قوی کرنا۔ مضبوط کرنا نَاقَةٌ اُجُدٌ : مضبوط اونٹنی۔

اَلْاِجَادُ : چھوٹا طوق۔

الْـمُـؤَجَّد : مضبوط کیا ہوا۔ بِنَـاءٌ مُؤَجَّد : مضبوط عمارت۔ ثَـوبٌ مُـؤْجَـدُ النَّسْجِ : مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

اَجَـــرَ (ض ن) اَجْـرًا واِجَارَةً و آجَرَ اِيْـجَـارًا الـرَّجُـلَ عَلَى كَذَا : بدلہ دینا۔ مزدوری دینا۔

اَجَرَ (ن ض) اَجْرًا و آجَاراً و اُجُوْرًا. العَظْمُ : جڑ جانا......العَظْمَ : جوڑنا۔

اَجَّرَ. الطِّيْنَ : پکانا۔

آجَرَ مُؤَاجَرَةً. الرَّجُلَ : مزدور بنانا۔

اِيْـجَارًا. الدَّاء فُلانًا ومِنْ فُلانٍ : کرایہ پر دینا۔ صفت کا صیغہ مُـؤْجِـرٌ بِكَسْرِ الجِيْم ہے مُؤَاجِر نہیں۔

اِئْتَـجَـرَ : صدقہ کرنا۔ مزدوری طلب کرنا۔

عَلَيْهِ بِكَذَا : اُجرت پر مزدور ہونا۔

اِسْتَـجَـرَ. الدَّارَ : کرایہ پر لینا......الرَّجُلَ : مزدور رکھنا۔

اَلْاَجْرُ : ثواب۔ ج اُجُورٌ و آجَار.

اَلْاَجُرَةُ : اینٹ۔ ج اَلْاَجُرِ.

اَلْاُجْــرَةُ : ج اُجَـرٌ والْاِجَارَةُ : کرایہ۔ مزدوری۔

اَلْاَجِيْرُ : مزدور۔ نوکر۔ ج اُجَرَاءُ.

إجاص : آلو بخارا۔ زرد آلو۔
أَجَلَ (ن) أَجْلاً ۔ عَلَيْهِ شرًّا : کسی کے خلاف شر اٹھانا۔
أَجِلَ (س) أَجَلاً : پیچھے رہنا۔ دیر کرنا۔ گردن میں درد والا ہونا۔ صفت أَجِل وأَجِلٌ.
أَجَّلَ الشَّيْءَ : مدت مقرر کرنا۔ مہلت دینا۔
الرَّجُلَ : درد گردن کا علاج کرنا۔
تَأَجَّلَ : پیچھے رہنا۔ مدت معین کرانا۔
اِسْتَأْجَلَ : مدت معین کرانا۔
أَجَلْ : ہاں۔
الأَجَلُ : مدت۔ وقت۔ موت۔ ج آجال.
الأَجْلُ : سبب۔ کہا جاتا ہے" مِنْ أَجْلِكَ فَعَلْتُ هذا" تمہاری وجہ سے میں نے ایسا کیا۔
الإِجْلُ : گردن کا درد۔ الإجل : نیل گایوں کا گلہ۔ ج آجال.
الآجِلُ وَالآجِلَةُ : دیر سے ہونے والا۔ آخرت۔
أَجَمَ (ض) أَجْمًا : أَجِيمًا وتَأَجَّمَ. النَّهارُ : سخت گرم ہونا۔ تَأَجَّمَ عَلَيْهِ : غضبناک ہونا۔ تَأَجَّمَ الأَسَدُ : جھاڑی میں داخل ہونا۔
الأَجَمَةُ : گنجان درخت۔ جھاڑی۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج أَجَم و أُجُم و أَجَمات و ج آجام.
أَجَنَ (ن ض) أَجْنًا و أُجُونًا و أَجِنَ (س) أَجَنًا. الماءُ : رنگ اور مزہ بدلنا۔ صفت۔ آجن وأَجِنٌ.
أَجَنَ (ن) أَجْنًا. الثَّوْبَ : کپڑے کو دھونے کے لئے کوٹنا۔
الإِجَّانَةُ : کپڑے دھونے کا ٹب ..... ج أجاجين تھالہ
المِئْجَنَةُ و المِيجَنُ دھوبی کی موگری ج مآجن
أَحَّ (ن) أَحًّا : کھانسنا۔
الأُحاحُ : پیاس۔ والأَحِيحُ والأَحِيحَةُ : غصہ۔

أَحَّدَ وَوَحَّدَ. المُتَعَدِّدَ : ایک کردینا۔
العَدَدَ : ایک بڑھا دینا۔
اِتَّحَدَ : بِهِ : اکٹھا ہونا۔ متفق ہونا۔ وتَأَحَّدَ : اکیلا ہونا۔
اِسْتَأْحَدَ : اکیلا ہونا۔
الأَحَد : ایک اکیلا یکتا۔ مؤنث إِحْدَى کہا جاتا ہے" فُلانٌ أَحَدُ الأَحَدَيْنِ" فلاں بے مثل ہے۔ إِحْدَى الإِحَد : بڑا عجیب معاملہ۔
أُحَادُ : ایک ایک۔ کہا جاتا ہے " جَاءُوا أُحَادَ أُحَادَ او أُحَادَ أُحَادَ": یعنی وہ لوگ ایک ایک کرکے آئے
الأَحَد : اتوار کا دن۔ یک شنبہ۔ ج آحاد.
أُحُد : مدینہ منورہ زادہا اللہ شرفاً کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔
الأَحَدِيَّةُ : یکتائی۔
أَحِنَ (س) أَحَنًا : پوشیدہ دشمنی اور کینہ رکھنا۔ آحَنَ مُؤَاحَنَةً الرَّجُلَ : کسی سے دشمنی رکھنا۔
الإِحْنَةُ : کینہ ج إِحَن.
الأَحِيحَةُ : دودھ یا گھی ملا ہوا آٹا۔
الأُخْبُوطُ والأُخْطُبُوط : جگنو کی قسم کا ایک کیڑا۔
أَخَذَ (ن) أَخْذًا و تَأْخَاذًا. لینا۔ ہ و بِهِ : پکڑنا۔ ہ بِذَنْبِهِ : سزا دینا۔ مواخذہ کرنا۔ عَلَى يَدِهِ : کرنے سے روک دینا۔ مِنْ شَارِبِهِ : چھانٹنا۔ کترنا۔ عَنْهُ : نقل کرنا۔ سیکھنا۔ عَلَى نَفْسِهِ : نگرانی کرنا۔ فِيهِ الخَمْرُ : اثر کرنا۔ يَفْعَلُ : کرنے لگنا۔ فِي كَذَا : شروع کرنا۔ إِخْذَهُ وبِإِخْذِهِ : طریقہ اختیار کرنا۔ کسی کے اخلاق کو اپنانا۔
أَخَّذَهُ : جادو کرنا۔
آخَذَهُ مُؤَاخَذَةً : ملامت کرنا۔ عتاب کرنا۔
ہ عَلَى ذَنْبِهِ و بِذَنْبِهِ : سزا دینا۔
اِتَّخَذَ : کردینا۔ بنا دینا۔ عاجز ہونا
اِتَّخَذَهُ وَتَخِذَهُ (س) تَخَذًا. صَدِيقًا : دوست بنا لینا۔

اِسْتَأْخَذَ : درد کی وجہ سے سر جھکانا۔
الأُخُذ : آشوب چشم۔
الأُخْذَةُ : افسوں منتر۔ درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔
الأَخِذَةُ : بے حسی یا اعضاء کی پیوست۔
الإِخَاذَةُ : پانی جمع ہونے کی تالاب جیسی جگہ ج إِخَاذَات وإِخَاذ إِخاذ کی جمع أُخُذ و أُخْذ.
الأَخِيذُ : قیدی۔ ج أَخْذَى۔
الأَخِيذَةُ : لڑائی میں دشمن سے چھینا ہوا مال۔ غصب کیا ہوا مال۔
المَأْخَذُ : راستہ لینے کا طریقہ یا وقت یا وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے ج مَآخِذ.
المَآخِذ : پھندے۔ جال۔
أَخَّرَ تَأْخِيرًا. ہ عَنْهُ : پیچھے کرنا۔
تَأَخَّرَ واسْتَأْخَرَ : پیچھے رہنا۔
الآخَر : غیر۔ ج آخَرُون مؤنث أُخْرَى و أُخْرَة ج أُخَر و أُخْرَيَات : بطور کنایہ بولتے ہیں "أَبْعَدَ اللّهُ الآخَرَ" یعنی اللہ اس شخص کو دور کرے جو ہم میں سے نہیں ہے۔
الأُخُر : پچھلا حصہ۔ کہا جاتا ہے " شَقَّ الثَّوبَ أُخُرًا ومِنْ أُخُرٍ" اس نے کپڑے کو پیچھے سے پھاڑ دیا۔
الأَخَرَةُ : دیری۔ کہا جاتا ہے" جاء أَخَرَة وبِأَخَرَةٍ" وہ آخر میں آیا۔
الآخِر : پچھلا۔ ج۔ آخِرُون : مؤنث أُخْرَى ج أُخْرَيَات : کہا جاتا ہے" لا أَفْعَلُه آخِرَ الدَّهرِ و أُخْرَى اللَّيَالِي" یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔
أُخْرَيَاتُ الجُنَيْنَة : باغ کا آخری حصہ۔
الآخِرَةُ والأُخْرَى : دار البقا اور نسبت کے لئے أُخْرَوِيّ.
المُؤْخِر والمُؤْخِرَةُ . ج مآخِر و الآخِرَة. مِنَ العَيْنِ : کنپٹی کی طرف آنکھ کا گوشہ۔
مُؤْخِرَةُ الرَّحْلِ ومُؤْخَرَتُه و آخِرَتُه : کجاوہ کا پچھلا حصہ۔
المِئْخَارُ مِنَ النَّخْلِ : کھجور کا درخت جس کا

پھل جاڑے کے آخر تک باقی رہے۔ ج مَآخِیر.
مُؤخِرُ الشَّیْءِ: چیز کا پچھلا حصہ۔
اَخَا (ن) اُخُوَّۃً. ہٗ: بھائی یا دوست بننا۔
اَخّٰی لِلدَّابَّۃِ: اخیہ: بنانا (دیکھئے لفظ آخیہ)
آخٰی اِخاءً و مُؤاخاۃً و اِخاوۃً. ہٗ: بھائی یا دوست بنانا۔
تَـاَخّٰی. ہٗ: بھائی بنانا۔ یا بھائی کہہ کے پکارنا۔ تَوَخّٰی: قصد کرنا۔
تَآخَیَا: باہم بھائی بھائی ہونا۔
الاَخُ والاَخّ والاَخُو: بھائی۔ ساتھی۔ دوست۔ تثنیہ۔ اَخَوان ج اِخوۃٌ و اُخُوَۃ و اِخوانٌ و اُخوانٌ و اُخُونٌ و آخاء: اور بقول بعض الاخوان اس اَخ کی جمع ہے جو دوستی کے لحاظ سے بھائی کے معنی میں ہے اور الاِخوۃ اس اَخ کی جو نسبی بھائی کے معنی میں ہے اور نسبت کے لئے اَخَوِیٌّ و اَخِیٌّ۔
الاُخْتُ: بہن۔ ج اَخَوَاتٌ.
الآخِیَۃُ والآخِیَّۃُ: رسّی جس کے دونوں سرے زمین میں گاڑ دیتے ہیں اور اوپر کو حلقہ سا نکلا ہوا ہوتا ہے جس میں جانوروں کو باندھتے ہیں۔ ج اَوَاخِیُّ و اَخَایَا و اَوَاخ کہا جاتا ہے شَدَّ اللّٰہُ بَیْنَکُمَا اَوَاخِیَ الاِخَاءِ: اللہ تعالیٰ تم دونوں کے درمیان بھائی بندی کے علاقہ کو مضبوط کرے۔
اَخیُون: ناگ پھنی۔
اَدَّ (ض ن) اَدًّا. ہٗ الوَیلُ: مصیبت کا اچانک آنا۔ الاَمرُ: بھاری اور دشوار ہونا۔ الرَّجُلُ فی الاَرضِ: سفر کرنا۔
تَـاَدَّدَ. الاَمرُ: سخت وہولناک ہونا۔ صفت إدید۔
الاَدِیدُ: شور۔
اَلـاَدُّ والاِدَّۃُ: سخت و دشوار کام۔ مصیبت ج اِدادٌ و اِدَدٌ.
اَدُبَ (ک) اَدَبًا: زیرک و دانشمند ہونا۔ صاحب ادب ہونا۔ صفت اَدِیبٌ ج اُدَبَاءُ.
اَدَبَ (ض) اَدْبًا و آدَبَ اِیدَابًا: دعوت کا کھانا تیار کرنا۔ اَدَبَہٗ و آدَبَہٗ دعوت میں بلانا۔ کہا جاتا ہے "اَدَبَہُمْ عَلَی الاَمْرِ" اس نے ان سب لوگوں کو کام پر جمع کر دیا۔
اَدَّبَ: مہذب بنانا۔ شائستہ بنانا۔ ادب سکھلانا۔ جرم پر سزا دینا۔
تَـاَدَّبَ: مہذب و شائستہ بننا۔ ادب سیکھنا۔ عَنْ فُلَانٍ: کسی کے اخلاق پر اٹھنا۔ بِہٖ: اقتدا کرنا۔
اِسْتَادَبَ: ادب سیکھنا۔
الاَدَبُ: اخلاقی ملکہ جو ناشائستہ باتوں سے روکتا ہو۔ زیرکی۔ خوش طبعی۔ ج آداب: نیز آداب کا اطلاق ہر قسم کے علوم و معارف پر ہوتا ہے یا ان کے صرف دلچسپ حصے پر۔ کسی چیز یا کسی شخص کے مخصوص قوانین جیسے آداب مجلس۔ آداب درس وغیرہ علم ادب۔ وہ علم جس کے ذریعہ بول چال اور تحریر کی غلطیوں سے محفوظ رہے۔
الاُدْبَۃُ والمَادُبَۃُ والمَادَبَۃُ: کھانا جو دعوت کے لئے تیار کیا جائے۔ ج مَآدِب.
اَدِرَ (س) اَدَرًا. الرَّجُلُ: آماس خصیہ والا ہونا۔ صفت آدَرُ.
الاُدْرَۃُ والاَدَرَۃُ: آماس خصیہ۔
الاُذَافُ: آلہ تناسل۔ کان۔
اَدَلَ (ض) اَدْلًا. الجُرْحُ: کھرنڈ اترنا۔ اللَّبَنَ: بلونا۔ البَابَ: بند کرنا۔ (اقرب).
الاُدْلُ: گردن کا درد۔ گاڑھا کھٹا دودھ۔
اَدَمَ (ض) اَدْمًا. الخُبْزَ: سالن لگانا۔ صفت مفعولی مَادُومٌ. اَدِیمٌ.
...... و آدَمَ اِیدَامًا. بَیْنَ مُتَخَاصِمَیْنِ: صلح کرنا۔ الفت و اتفاق پیدا کرنا۔
اَدَمَ (ن) اَدْمًا. اَهْلَہٗ: اپنے لوگوں کے لئے نمونہ بننا۔
اَدِمَ (س) اَدَمًا و اَدُمَ (ک) اُدْمَۃً: گندم گوں ہونا۔
اِئْتَدَمَ: سالن سے روٹی کھانا۔
الاِدَامُ: ہر موافق و مناسب چیز۔ سالن۔ ج آدَامٌ و اُدُمٌ.
الاُدْمُ: ہر وہ چیز جس کو سالن بنایا جا سکے۔
الاَدَمَۃُ والاَدَمُ: چمڑے کا ظاہری یا اندرونی حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اِدَامُ قَوْمِہٖ و اَدَمُ بَنِی اَبِیہِ و اَدَمَۃُ قَوْمِہٖ" فلاں اپنی قوم کا سردار ہے۔
آدَمُ: سیدنا ابوالبشر آدم علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ و السلام کا اسم گرامی۔ افراد جنس پر بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ ج اَوَادِم: نسبت کے لئے آدَمِیٌّ.
الآدَمُ: گندم گوں۔ مؤنث اَدْمَاءُ ج اُدْمٌ.
الاَدَّامُ: چمڑے کی تجارت کرنے والا۔
الاَدِیمُ: پکایا ہوا چمڑا۔ اَدِیمُ النَّهَارِ: دن کی روشنی۔ کہا جاتا ہے: "ظَلَّ اَدِیمَ النَّهَارِ صَائِمًا": وہ پورے دن روزہ سے رہا۔ اَدِیمُ الضُّحٰی: چاشت کی ابتداء۔ اَدِیمُ اللَّیْلِ: رات کی تاریکی۔ والاَدِیمُ مِنَ السَّمَاءِ او الاَرضِ: آسمان یا زمین کا ظاہری حصہ۔ ج اُدُمٌ و اُدْمٌ و آدِمَۃٌ و آدَامٌ.
الاُدْمَۃُ: قرابت۔ وسیلہ۔
اَدَا (ن) اُدُوًّا. الثَّمَرُ: پکنا۔ اللَّبَنُ: گاڑھا ہونا...... اَدَوَا. اللَّبَنَ: بلونا۔ الرَّجُلَ: دھوکا و فریب دینا۔
تَـادّٰی و تَـاَدّٰی: آلہ بنانا۔ تیاری کرنا۔ زمانہ کے حوادث کے دفعیہ کے لئے اسباب مہیا کرنا۔
الاَدَاۃُ: آلہ۔ ج اَدَوَات.
الاِدْوَاۃُ: چمڑے کا چھوٹا برتن۔ ج اَدَاوَی.
اَدّٰی: (ض) اَدْیًا و اَدّٰی تَـادِیَۃً. الشَّیْءَ: پہنچانا۔ ادا کرنا۔
آدَی اِیدَاءً: تیاری کرنا۔ قوی ہونا۔ عَلَیْہِ: مدد کرنا۔
تَـادّٰی. لَہٗ مِنْ حَقِّہٖ: ادا کرنا۔ اِلَیْہِ الخَبَرُ: پہنچنا۔
اِسْتَادٰی. فُلَانًا المَالَ: لینا۔ عَلَیْہِ: مدد چاہنا۔ الاَدَاءُ: ادائیگی۔ پہنچانا۔
اِذْ: زمانہ ماضی کے لئے ظرف ہے اور اس کے

بعد ہمیشہ جملہ واقع ہوتا ہے اور کبھی جملہ کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض تنوین لاتے ہیں۔ جیسے "متٰی جاءَ کُمُ الْموتُ فَحِیْنَئِذٍ تَعْلَمُوْن" یہ اصل میں یوں ہے فَحِیْنَ اِذْ یَجِی تعلمُوْنَ: اور کبھی مفاجاۃ کے لئے آتا ہے جیسے "بَیْنَمَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جَاءَ زَیْدٌ" اور کبھی لام تعلیل کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے "ضَرَبْتُ اِبْنِی اِذْ سَاءَ" میں نے اپنے بیٹے کو مارا اس وجہ سے کہ اس نے گستاخی کی تھی۔

اِذَا: زمانہ مستقبل کے لئے ظرف ہے اور معنی شرط کو متضمن ہوتا ہے جیسے "اِذَا اجْتَھَدْتَ نَجَحْتَ" جب تم کوشش کرو گے تو کامیاب ہو گے اور حرف مفاجاۃ بھی ہے جیسے "خَرَجْتُ فَاِذَا اَسَدٌ بِالْبَابِ" میں نکلا تو اچانک دروازہ پر شیر تھا۔

آذَار و اَذَار: ماہ مارچ۔ (رومی مہینے کا نام)

اِلْاذَرْیُوْنُ: سورج مکھی۔

اِذْمَا: حرف شرط ہے بمعنی اِن اور دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے اِذْ مَا تَقُمْ اَقُمْ۔

اِذَنْ و اِذًا: حرف جواب و جزا ہے۔ مثلاً تم سے کوئی کہے کہ "اَزُوْرُکَ غَدًا" تو اس کے جواب میں تم کہو گے "اِذَنْ اُکْرِمُکَ"۔

اَذِنَ (س) اَذَنًا۔ اِلَیْہِ وَ لَہٗ: کان لگانا۔ سننا۔ کہا جاتا ہے "حَدَّثْتُہٗ فَاَذِنَ لِی اَحْسَنَ الْاَذَنِ: میں نے بات چیت کی تو اس نے اچھی طرح کان لگا کر بات سنی۔

...... اِذْنًا و اَذِیْنًا۔ لَہٗ فِی الشَّیْءِ: اجازت دینا۔ مباح کرنا...... اِذْنًا و اَذَنًا و اَذَانًا و اَذَانَۃً بِالشَّیْءِ: جاننا۔

اَذَنَہٗ (ن) اَذْنًا: کان پر مارنا۔ گوشمالی کرنا۔

اُذِنَ: کسی کے کان میں درد ہونا۔

آذَنَ اِیْذَانًا۔ فُلَانًا الْاَمْرَ وَبِالْاَمْرِ: جتلانا۔ آگاہ کرنا...... الرَّجُلَ: کان پر مارنا...... العشبُ: خشک ہونے لگنا۔

و اَذَّنَ تَاذِیْنًا۔ بِالصَّلٰوۃِ: اذان دینا۔

اَذَّنَ الْوَلَدَ: کان گرم کرنا۔

تَاَذَّنَ: قسم کھانا...... لِاَمْرٍ: آگاہ کرنا۔ جتلانا۔ بِالشَّرِّ: ڈرانا۔ الْاَمِیْرُ فِی النَّاسِ: امیر کا اعلان کرنا اور دھمکانا۔

اِسْتَاذَنَہٗ: اجازت طلب کرنا۔ عَلَیْہِ: اندر آنے کی اجازت مانگنا۔

اَلْاِذْنُ: اجازت علم کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ بِاِذْنِیْ" اس نے اس کو میری دانستگی میں کیا۔

اَلْاُذْنُ و الْاُذُنُ: کان (مؤنث) ج آذَانٌ: تصغیر اُذَیْنَۃٌ۔ آذَانُ الْفَارِ ...... الجَدْیِ و الْاَرْنَبِ و ...... الْفِیْلِ: مختلف حیوانات کے کان اُذُنُ الْکُوْزِ: ٹونٹی۔ کہا جاتا ہے" فُلَانٌ اُذُنٌ مِنَ الْاُذُنِ: فلاں ہر ایک کی بات سن کر مان لیتا ہے اور یہ لفظ واحد ہی تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب میں استعمال ہوتا ہے جیسے" ھِیَ اُذُنٌ ھُمَا اُذُنٌ ھُمْ اُذُنٌ "اور کہا جاتا ہے" جَاءَ نَاشِرًا اُذُنَیْہِ: وہ لالچ کرتا ہوا آیا وجَاءَ لَابِسًا اُذُنَیْہِ "وہ غافل ہو کر آیا۔

اَلْاِذْنَۃُ: خواہش۔

اَلْاَذَانُ: خبردار کرنا۔

اَلْاَذَنُ و الْاُذَانِیُّ: بڑے کان والا۔

اَلْاَذِیْنُ و الْمُؤَذِّنُ: اذان دینے والا۔

اَلْاَذِیْنُ: سردار۔ لیڈر۔ کفیل۔

اَلْمِئْذَنَۃُ: اذان دینے کی جگہ۔ منارہ۔ ج مَآذِنُ۔

اَذِیَ (س) اَذًی و اَذَاۃً: تکلیف پانا۔ صفت آذٍ۔

اٰذَی اِیْذَاءً۔ الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔

تَاَذّٰی: تکلیف اٹھانا۔

اَلْاَذٰی و الْاَذِیَّۃُ و الْاَذَاۃُ: تکلیف، رنجش۔

اَلْاَذِیُّ: تکلیف زدہ۔

اَلْاَذِیُّ: سخت تکلیف پہنچانے والا۔ سخت تکلیف پانے والا۔

اَلْاٰذِیُّ: موج دریا۔ ج اَوَاذِیُّ۔

اَرِبَ (س) اَرَبًا: ماہر ہونا۔ صفت اَرِبٌ اَرِیْبٌ: مونث اَرِیْبَۃٌ۔ اَرِبَ بِالشَّیْءِ: مشاق ہونا۔ ماہر و دانا ہونا...... اِلَیْہِ محتاج ہونا۔ الرَّجُلُ: کسی کے اعضاء کا گر جانا۔ عَلَیْہِ: قوی ہونا۔

اَرَبَ (ض) اَرْبًا۔ الْعُقْدَۃَ: مضبوط گرہ لگانا۔ الرَّجُلَ: عضو پر مارنا۔

اَرُبَ (ک) اَرَابَۃً و اِرْبًا: عقلمند و دانا ہونا صفت اَرِیْبٌ و اَرِبٌ۔

اَرَّبَ۔ الشَّیْءَ: مضبوط کرنا...... الشَّاۃَ: ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا۔

آرَبَہٗ مُوَارَبَۃً: فریب دینا دھوکا دینا۔ آرَبَ اِیْرَابًا۔ عَلَیْھِمْ: کامیاب ہونا۔

تَاَرَّبَ: بے تکلف زیرک بننا...... الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔

اِسْتَارَبَ: مغالطہ دینا۔ دشمنی چھپاتے ہوئے مدارات کرنا۔ قرض لینا۔

اَلْاَرَبُ: حاجت، ضرورت، انتہاء۔ ج آرَابٌ۔

اَلْاِرْبُ: عضو۔ کہا جاتا ہے" قَطَعْتُ الذَّبِیْحَۃَ اِرْبًا اِرْبًا ": یعنی میں نے ذبیحہ کے عضو عضو کو کاٹا۔ ضرورت۔ ج آرَابٌ۔

...... وَالْاِرْبَۃُ: چالاکی، حیلہ۔

اَلْاُرْبُ: انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

اَلْاَرْبُ: چالاکی۔ پیدائش کے وقت کے گائے بکری کے بچے۔

اَلْاُرْبَۃُ: گرہ۔ کتے کے گلے کا پٹہ۔ ج اُرَبٌ۔

اَلْاُرْبِیَّۃُ: ران کی جڑ۔

اَلْاُرْبِیَانُ: جھینگا مچھلی۔

اَلْمَارَبُ و الْمَارَبَۃُ بتثلیث راءِ مَآرِبَۃٌ: حاجت ج مَآرِبُ۔

اَلْاُرْنَۃُ: گرگٹ کے سر کے بال۔

اِرْثٌ: دیکھئے مادہ ورث۔

اَرَّثَ: بھڑکانا۔ بَیْنَھُمْ: فساد کی آگ بھڑکانا۔ تَاَرَّثَتْ: النَّارُ: بھڑکنا۔

اَلْاُرْثَۃُ و الْاِرَاثُ: ایندھن۔

اَلْاِرَاثُ و الْاِرَاثَۃُ۔ و الْاُرْثُ: آگ۔

اَرِجَ (س) اَرَجًا و اَرِیْجًا و تَاَرَّجَ: خوشبو دینا۔ مہکنا۔ صفت اَرِجٌ۔ اَرِجَ النَّاسُ: رونے میں آواز بلند کرنا۔

اَرَجَ (ض) اَرْجًا۔ اَلْحَقَّ بِالْبَاطِلِ: حق میں

باطل کی آمیزش کرنا۔
اَرَجَ. القَومُ و بَینَهُم: اُکسانا۔ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔ صفت اَرَّاجٌ ...... النَّارَ: روشن کرنا۔
اَلاَرَّاجُ: بڑا جھوٹا۔
المُؤَرِّجُ: شیر۔
اَلاُرجُوَان: ایک پھولدار درخت کا نام۔ سرخ رنگ۔سرخ رنگ کے کپڑے۔
اَرَّخَ تَارِیخًا و آرَخَ مُوَارَخَةً. الکِتَابَ: تاریخ نکالنا۔
التَارِیخُ: وقت کا بیان۔تَارِیخُ الشَّئِ: کسی چیز کے واقع ہونے کا وقت ج تَوَارِیخ.
عِلمُ التَارِیخِ: ایسا علم جس میں حوادث و واقعات مع تاریخ کے بیان کئے جائیں۔
اَلاَرخُ: بیل۔ج اُرُوخ.
اَلاَرخِ: نیل گائے۔ واحد ارخة" اَرَاخ و اِرَاخ.
اَلاُرخِیَّةُ: پہاڑی بکری کا بچہ۔
اَلاَردَبُّ: ایک بڑا پیمانہ جس میں چوبیس (٢٤) صاع غلہ آتا ہے۔
اَزَّ(ن) اَزًّا. الدَّابَةَ: جانور کو ہانکنا۔دھتکارنا ۔دور کرنا المَراَةَ: عورت سے جماع کرنا...... النَّارَ: آگ سلگانا۔السَّلحَ: پاخانہ کرنا۔
اَزَّ(ف) اَرِیرًا. المَاجِنُ: جوئے میں غلبہ کے وقت ارے رے رے کہنا۔
اَلاِرَّةُ: آگ۔
اَرَزَ(ن ض نس) اَرزًا و اُرُوزًا: سمٹنا سکڑنا۔ کہا جاتا ہے" فُلاَنٌ یَارِزُ اِلَی وَطَنِهٖ" فلاں ہر پھر کے اپنے وطن ہی کی طرف آتا ہے۔ اللَّیلُ: ٹھنڈی ہونا۔صفت اَرِیزٌ و آرِز و آرُوز اور کہتے ہیں"بِتنَا لَیلَةً آرِزَةً یَارِزُ مَنْ فِیهَا لِشِدَّةِ بَردِهَا" ہم نے ایسی ٹھنڈی رات گذاری جس میں ہر شخص سردی کی شدت کی وجہ سے سکڑا جا رہا تھا۔" وَ اَرَزَت اَصَابِعُهُ مِنَ البَردِ" اس کی انگلیاں سردی کی وجہ سے سکڑ گئیں" وَشَجَرَةٌ آرِزَةٌ "وہ درخت جو جڑ پکڑے۔

اَرِیزُ. القَومِ: قوم کا سردار۔
اَلاُرزُ: صنوبر کا درخت۔
اَلاَرُزُّ و الاَرُزُ و الاُرُزُّ و الرُّزُّ: چاول۔ دھان۔
اَلاَرُوزُ: بخیل
اَرَسَ(ض) اَرسًا و اَرَّسَ: کاشتکار ہونا۔
اَلاَرِیسُ: کاشتکار۔ج اَرِیسُون.
اَلاِئِّیسُ: کاشتکار بڑا کاشتکار ج اَرَارِسَةٌ و ارارِیس و اَرَارِس.
اَلاِرسُ: پاکیزہ نسب۔
اَرَشَ(ن) اَرشًا. ۂ بھڑکانا۔دیت دینا۔
اَرَّشَ. بَینَهُم: فساد ڈالنا۔ایک کو دوسرے کے خلاف اُکسانا۔الحَربَ اَوِ النَّارَ: بھڑکانا۔
اَلاَرشُ: دیت۔رشوت۔ج اُرُوش
اَرَضَ(ن) اَرضًا و اَرُضَ(ک) اَرَاضَةً المَکَانُ: سرسبز اور خوش منظر ہونا۔صفت اَرِیضٌ.
اَرِضَتْ(س) اَرَضًا و اُرِضَتِ. الخَشَبَةُ: دیمک خوردہ ہونا۔
اَرَّضَ. الکَلَامَ وَغَیرَهُ: آراستہ کرنا۔تیار کرنا۔
تَاَرَّضَ. بِالمَکَان: اقامت کرنا۔زمین میں جم کے رہنا...... لَکَذَا: درپے ہونا۔
اِستَارَضَ. السَّحَابُ: زمین سے قریب فضا میں پھیل جانا۔
اَلاَرضُ: زمین۔ج اَرَضُونَ و اُرُوض و اَرَاضٍ و آرَاضٍ: زکام۔ جوڑی بخار۔کہا جاتا ہے" اَتَانَا اِبنُ اَرضٍ" ہمارے پاس غیر معروف النسب مسافر آیا" اَرضُ النَّعلِ" جوتہ کی تلی۔
اَلاَرَضَةُ: ایک قسم کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے ...... دیمک۔ج اَرَض.
المَارُوضُ: دیمک کھائی ہوئی لکڑی۔
الاَرضِیُّ شَوکِیٌّ: زمین پر پھیلنے والا ایک خاردار پودا۔
اَلاَرطَی: ایک درخت جس کا پھل عناب کی

مانند سرخ ہوتا ہے۔
اَلاُرغُنُ و الاَرغَنُون: آرگن۔ایک قسم کا باجہ
اَرَّفَ تَارِیفًا: حدبندی کرنا۔النَّخلَ: گرہ لگانا
اُرِّفَ. عَلَی الاَرضِ: محدود کیا جانا۔
اَلاُرفَة: دو زمینوں کے درمیان حد فاصل علامت گرہ ج اُرَف.
اَلاُرفِی: زمین کی پیائش کرنے والا۔خالص دودھ۔کہا جاتا ہے" هو مَوَارِفِی" یعنی اس کے مکان کی حد میرے مکان کی حد کے متصل ہے۔
اَرِقَ(س) اَرَقًا و اِئتَرَقَ: رات میں نیند نہ آنا۔صفت اَرَاقٌ و آرِقٌ و اَرِقٌ و اُرُقٌ: آخر کا کلمہ اس شخص کے لئے جس کی عادت ہی بے خوابی کی ہو۔
اَرَّقَهُ تَارِیقًا و آرَقَهُ اِیرَاقًا: بیدار رکھنا۔
اَلیَرَقَانُ و الاُرَقَانُ و الاِرقَانُ الاِرقَانُ و الاَرَقَان و الاُرَاق: یرقان۔بیماری جس میں آدمی کا رنگ سیاہ یا زرد ہو جاتا ہے اور یہ عارضہ کھیت کو بھی ہو جاتا ہے۔
اَرَکَ(ن ض) اُرُوکًا. الجَمَلُ: پیلو کے پتے کھانا۔
اَرِکَ(س) اَرَکًا و اُرِکَ. الجَمَلُ: پیلو کے پتے کھانے سے پیٹ میں درد ہونا۔
اَرَکَ و اَرِکَ الجُرحُ: زخم کا اچھا ہو جانا۔
الاَرَاکُ: درخت پیلو۔ واحد اَرَاکَةٌ. ج اُرُک و ارائِک.
اَلاَرِیکَةُ: آراستہ و مزین تخت۔ج اَرَائِک و اَرِیک۔کہا جاتا ہے" هُوَ کَرِیمُ المَارُوکِ" وہ کریم الاصل ہے۔اَرِیکَة: زخم کا کچا ہونا۔
اَلاَرَلَةُ: وہ چمڑا جس کو ختنہ کے وقت کاٹتے ہیں۔
اَرَمَ(ض) اَرمًا. مَا عَلَی المَائِدَةِ: سب کچھ چٹ کر جانا...... الاَرضَ: زمین میں جڑ و شاخ کچھ باقی نہ چھوڑنا۔ صفت مفعولی اَرمَاء. و مَارُومَة...... الشَّئَ: جڑ سے ختم کر

دینا۔...الرَّجُلَ: نرم مزاج بنانا۔الْحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔

الاُرَّم: داڑھیں۔کہاجاتا ہے یَحْرِقُ عَلَیْهِ الاُرَّم: وہ اس کے اوپر غصہ کی وجہ سے دانت پیستا ہے۔ پتھر۔ انگلیوں کے کنارے۔کنکریاں۔

اَلْاِرَم والاَرِم: میدان میں رہنمائی کیلئے نصب کئے ہوئے پتھر۔کہاجاتا ہے "مَا بِهَا اِرَم اَوْ اَرِم" اس میں کوئی نہیں۔ اس کا استعمال ہمیشہ نفی میں ہوتا ہے۔ ج آرام و اُروم.

الاَرُوْمَة والاُرُوْمة والاَرُوْم: درخت کی جڑ۔ ج اُرُوْم اور حسب کے لئے استعارہ استعمال کیاجاتا ہے۔کہاجاتا ہے "نَفْسٌ ذَاتُ اَكْرُوْمَة مِنْ اطيب اَرُوْمة" یعنی کریم النفس وکریم الاصل۔

الاُرْمة: نشانِ راہ۔ج اُرَم.

اَرِنَ (س) اَرَنًا و اَرِيْنًا و اِرَانًا. البَعِيْرُ: نشاط میں آنا۔صفت اَرِنٌ و اُرُوْنٌ.

اَرَنَه (ن) اَرْنًا: دانت سے کاٹنا۔

آرَنَهُ مُوَارَنَةً واِرَانًا: مفاخرت کرنا۔

الاِرَان: تابوت۔ج اُرُن. اَلْاِرَان: تلوار۔

الاِرَان والمِئْرَان: وحشی جانوروں کے رہنے کی جگہ۔ج مَآرِين.

شَاةُ اِرَانٍ: جنگلی بیل۔

الاُرْنة: تر پنیر اور بقول بعض ایک دانہ کا نام ہے جس کو دودھ میں پنیر بنانے کے لئے ڈالتے ہیں۔

الاُرْيَن والاُرَانى والاُرْنَى: ایک قسم کا دانہ جو دودھ کو پنیر بنادیتا ہے۔

الاَرُوْن: زہر اور بقول بعض ہاتھی کا بھیجا۔

الاُرْوِيَّة والاِرْوِيَّة: پہاڑی بکرا (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے)۔ ج اَرَاوِيُّ و اَرَاوٍ و اُرْوَى.

اَرَى (ض) اَرْيًا. النَّحْلُ: شہد بنانا۔

اَرِيَ (س) اَرْيًا. صَدْرُهُ عَلَيَّ: غضب ناک ہونا۔

اَرَّى. الدَّابَّة: جانور کے لئے تھان بنانا۔ ...النَّارَ: سلگانا۔بھڑکانا۔

تَاَرَّى. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا...عَنْهُ: پیچھے رہ جانا۔

الاَرْىُ: شہد کھانا جو دیگ کی تلی میں جل کر چپک جائے۔

الآرِيَة: جانور کا تھان۔

الاِزْءَة: کوہان کی چربی۔

اَزَّتْ (ن ض) اَزًّا و اَزَازًا و اَزِيْزًا. القِدْرُ: جوش مارنا۔سنسنانا...القِدْرَ وَبِهَا: جوش دینے کے لئے آگ جلانا۔اَزَّ عَلَى كَذَا: بھڑکانا برانگیختہ کرنا۔الشَّيْئَ: جمع کرنا۔

تَاَزَّزَ. المَجْلِسُ: اہل مجلس کا مضطرب ہونا۔ اسم الاَزَّة ہے۔

الاَزُّ: پھوڑے وغیرہ کا درد۔

الاَزِيْز: بادل گرج۔دیگ کی سنسناہٹ۔ سردی۔

اَزَبَ (ض ن) اَزْبًا. المَاءُ: جاری ہونا۔

الاِزْب: لئیم۔پست قد۔چالاک۔

الآزَب والاَزْيَب: لمبا۔

المِئْزَاب: پرنالہ۔بدرو۔پانی بہنے کی جگہ۔ نابدان۔ج مَآزِيب.

الاَزْبة: شدت وقحط۔

اَزَجَ (ض) اُزُوْجًا. فِي مشيته: تیز چلنا۔

اَزِجَ (س) اَزَجًا. العُشْبُ: گھاس کا طویل ہونا۔

اَزَجَ (ن) اَزْجًا. عَنِّي: مدد طلب کرنے کے وقت کاہلی کرنا۔

اَزَّجَ. البَيْتَ: لمبا بنانا۔

الاَزَج: لمبا مکان۔ ج آزُجٌ و آزَاجٌ و اِزَجَة.

الآزِج: نازو انداز سے چلنے والا۔

فَرَسٌ اَزُوْجٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

اَزَحَ (ض) اُزُوْحًا و تَاَزَّحَ: دیر لگانا اور پیچھے رہ جانا۔صفت اَزُوْح. اَزَحَتْ قَدَمُهُ: پھسلنا۔

الاَزَدْرَخْت والآزَادِرَخْت: ایک درخت کا نام ہے۔

الآزَاذ: ایک قسم کی کھجور۔

اَزَرَ (ض) اَزْرًا. بِالشَّيْئِ: احاطہ کرنا۔النَّبَاتُ: گتھ جانا۔

وَاَزَرَ. فُلَانًا: قوی کرنا۔اَزَرَه: ڈھانپنا۔

آزَرَهُ مُوَازَرَةً: مدد دینا۔غم خواری کرنا۔

تَاَزَّرَ واتَّزَرَ وائْتَزَرَ: ازار پہننا۔تہ بند باندھنا۔

الاَزْر: قوت۔پیٹھ کہا جاتا ہے "شَدَّ بِهِ اَزْرَهُ" اس کو اس کے ذریعہ قوت حاصل ہوئی اور اسی سے قرآن میں ہے "اُشْدُدْ بِهِ اَزْرِيْ" یعنی اس کے ذریعے مجھے قوت دے۔

الاِزْر: جڑ۔تہبند۔

الاُزْر: تہ بند باندھنے کی جگہ۔

الاِزْرَة: تہ بند باندھنے کی ہیئت۔کہاجاتا ہے "لِكُلِّ قَوْمٍ اِزْرَةٌ يَأْتَزِرُوْنَهَا" یعنی ہر ملکے و ہر رسے۔

الاِزَار: ہر وہ چیز جو تم کو چھپالے۔چادر۔ پاکدامنی۔تہبند۔پشتہ دیوار۔ج آزِرَة و اُزُر.

الاِزَارَة: تہبند۔

المِئْزَر والمِئْزَرَة: تہبند۔ج مَآزِر: کہاجاتا ہے "شَدَّ لِلْاَمْرِ مِئْزَرَه" جب کہ مستعدی ظاہر کرے۔"نَصْرٌ مُؤَزَّرٌ" پوری مدد۔

اَزِفَ (س) اَزَفًا و اُزُوْفًا: قریب ہونا۔

الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔الجُرْحُ: زخم بھر جانا۔

آزَفَهُ اِيْزَافًا: جلدی کرانا۔

تَاَزَّفَ. الرَّجُلُ: پست قد ہونا۔بدخلق ہونا۔

تَآزَفَ: قریب قریب قدم رکھنا...القَوْمُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔

الاَزَف: تنگی وبدحالی اور اسی سے ہے۔"فِي عَيْشِهِ اَزَفٌ" اس کی زندگی تنگ ہے۔

الآزِفَة: قیامت کا دن۔

الاَزَفَى: تیز قدمی وچستی "يَمْشِي الاَزَفَى" وہ تیز چلتا ہے۔

اَزَقَ (ن ض) اَزْقًا و آزَق: (س) اَزَقًا

وتَأَزَّق: تنگ ہونا۔
اَلْمَازِقَةُ: پاکخانہ۔ ج مَآزِق.
اَلْمَزَاوِقَةُ وَالْمُتَآزِقَة: چھوٹا توشہ دان۔ مَكَانٌ مُتَأَزِّق: تنگ جگہ۔ رَجُلٌ مُتَآزِق: پست قد مرد۔
اَلْمُتَآزِف: تنگ دل وبدخومرد۔
اَزَق (ن ض) اَزْقًا و آزِق (س) اَزَقًا و تَأَزَّق: تنگ ہونا۔
اَلْمَازِق: تنگ جگہ۔ مرادی معنی کے طور پر میدانِ جنگ کو بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَآزِق.
الاَزُون: (علم کیمیا) ایک قسم کی گیس جو تین آکسیجن سے بنتی ہے۔ اس کی علامت O^3 ہے۔
اَزَلَ (ض) اَزْلًا و تَأَزَّلَ: تنگی وسختی میں پڑنا۔ صفت اَزِلٌ. اَزَلَهُ: روکنا۔ باز رکھنا۔
اَلْاَزْل: بلا ومصیبت۔ جھوٹ۔
اَلْاَزَل: ہیشگی۔ وہ زمانہ جس کے لئے ابتداء نہ ہو۔
اَلْاَزَلِیُّ: قدیمی۔ وہ ذات جس کے وجود کی ابتداء نہ ہو۔
المَازِل: تنگ جگہ۔
اَزَمَهُ (ض) اَزْمًا و اُزُوْمًا: دانت سے کاٹنا۔ الْحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا...... الدَّهْرُ عَلَيْهِ: سخت ہونا۔ بِصَاحِبِهِ: ہمیشہ ساتھ ساتھ رہنا۔ عَنِ الشَّيْءِ: رکنا۔ عَلَيْهِ ......: محافظت کرنا۔ الْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔
تَـأَزَّمَ. الْقَوْمُ: تنگی اور قحط سالی لاحق ہونا۔ زمانہ کی سختی سے دردمند ہونا۔
الْآزِمُ والْآزِمَة وَالْاَزُوْم: کچلی۔ نوکدار دانت ج اُزَّم واَوَازِم و اُزُم. الْآزِم: پرہیز کرنے والا۔
اَلْاَزْم: پرہیز۔ کہتے ہیں" اَصْلُ كُلِّ دَوَاءٍ اَلْاَزْمُ: ہر دوا کی جڑ پرہیز ہے۔ اَلْاَزْم: قوت۔
الاَزْمَة والآزِمَة: سختی وتنگی۔ قحط۔ ج اِزَم وَ اَزْم واَزَمَات و اَوَازِم. اَلْاَزْمَة: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔

اَلْمَازِم: تنگ جگہ۔ میدان جنگ۔ ج مآزِم.
اَلْاَزُوْمَة: سخت قحط کا سال۔
آزَى مُوَازَاةً. الرَّجُلَ: ایک دوسرے کے مقابل اور قریب ہونا۔
تَآزَى تَآزِيًا. الْقَوْمُ: باہم قریب ہونا۔
تَأَزَّى. عَنْهُ: مڑنا۔
اِزَاءٌ: مقابل۔ سامنے۔ کہا جاتا ہے " جَلَسَ اِزَاءَهُ وَ بِاِزَائِهِ: وہ اس کے مقابل بیٹھا۔ اِزَاءُ الْاَمْرِ: کام کا منتظم اور کہا جاتا ہے " هُمْ اِزَاؤُهُمْ" وہ لوگ ان کے مماثل ہیں۔
اَسَّ (ن) اَسًّا. الدَّارَ: بنیاد رکھنا۔
...... بَيْنَ النَّاسِ: فساد پھیلانا۔
اَسَّسَ: الْبَيْتَ: بنیاد رکھنا۔
اَلْاَسّ وَالْإِسّ وَالْاُسّ: ج اِسَاس والاَسَاس والْاَسَس ج اُسُس و آسَاس: بنیاد۔ کسی چیز کی ابتداء۔ الْاُسّ: چولہے میں تھوڑی راکھ۔
اَلْاَسَّاس: چغل خور۔
اَسَاس: (کیمسٹری) کا ایک قاعدہ جس کی جذر O.H کے تحت نمکین پودے سے پانی اور نمک الگ کیا جاتا ہے۔
اِسْبِيْدَاج واِسْفِيْدَاج: سفیدہ کاشغری۔
مُؤَسَّسَةٌ: کارپوریشن، ادارہ، کارخانہ، ایجنسی، انسٹی ٹیوشن، فرم کہا جاتا ہے مُؤَسَّسَةٌ عِلْمِيَّةٌ: علمی ادارہ مُؤَسَّسَةٌ صَنَاعِيَّةٌ: کارخانہ۔
اَلْاِسْت: جڑ۔ بنیاد۔ سرین۔
الاست: اصل بنیاد، سرین۔
اِسْبَانَج: (نبات) ایک مزیدار سبزی۔
اِسْبِيْدَاج یا اِسْفِيْدَاج: سفید چہرے۔
اَلْاِسْبِيْرِيْن: ایک دوائی جو کہ سر درد اور بخار کے لئے استعمال کرائی جاتی ہے۔ اُردو میں اسپرین کے نام سے مشہور ہے۔
اَلْاِسْب: زانو کے بال۔ اندامِ نہانی کے بال۔ دُبر کے بال۔ ج آسَاب.
اِسْبَانَاخ و اِسْفَانَاخ: پالک۔
اِسْبِيْدَاج و اِسْفِيْدَاج: سفید کاشغری۔

اَلْاِسْت: جڑ۔ بنیاد۔ سرین۔
اَلْاُسْتَاذ: معلم۔ مدبر۔ عالم۔ ج اَسَاتِذَة و اَسَاتِيْذ. اور تاجروں کی اصطلاح میں حسابات کا جنرل رجسٹر۔
اَلْاَسْتَارُ: فِي الْعَدَدِ: چار...... فِي الْوَزْنِ: ساڑھے چار مثقال۔ ج اَسَاتِير. (جدید)
اَلْاِسْتَبْرَق: موٹا ریشمی کپڑا۔ ریشم اور سونے کے تاروں کا بُنا ہوا کپڑا۔
اَلاِسْتِرَاتِيْجِيَّةُ: یونانی لفظ ہے اور فوجی کے اگلے دستے میں لشکر کو چلانے کا ایک خاص آرٹ ہے۔
اَلْاِسْتِخَارَةُ: مشرقی بادشاہی کاہنوں کا مخصوص لباس۔
اِسْتِيْدِيُو یا اُسْتُوْدِيُو: فلموں کے بنانے کا یا تصاویر اتارنے کا مقام۔ (اسٹوڈیو)
اَلاِسْتِيْلِيْن: ایک بے رنگ اور بے بو گیس خطرناک قسم کی ہے۔ قدرتی ذخائر کے کھوج میں بے حد کام آتی ہے۔
اَسَدَ (ض) اَسْدًا و اَسَدًا و اَسَدَ اِيْسَادًا الْكَلْبَ بِالصَّيْدِ: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
اَسَدَ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد انگیزی کرنا۔
اَسِدَ (س) اَسَدًا: شیر کو دیکھ کر دہشت کھانا۔ اخلاق میں شیر کی طرح ہونا...... عَلَيْهِ: جرأت کرنا۔
تَأَسَّدَ و اِسْتَاسَدَ: شیر کی مانند ہونا۔
...... عَلَيْهِ: جرأت کرنا۔ وَاِسْتَاسَدَ النَّبْتُ: انتہائی لمبا ہونا۔
اَلْاَسَدُ: شیر۔ نر و مادہ دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے۔ " هُوَ الْاَسَدُ. هِيَ الْاَسَدُ" ج اُسُد و اُسُوْد و اُسْد و آسُد و آسَاد: جنگل کے شیر اور شیرنی کو لَبُوَة کہتے ہیں۔
دَاءُ الْاَسَدِ: کوڑھ۔
اَلْمَاسَدَة: شیر کے رہنے کی جگہ۔ یا وہ جگہ جہاں شیر بہت ہوں۔ ج مَآسِد.
اَلْاِسَادَة: تکیہ۔
اَسَرَهُ (ض) اَسْرًا و اِسَارَةً: تسمے

باندھنا۔
اَسَرَہٗ اَسْرًا و اِسَارًا واسْتَاسَرَہٗ: قید کرنا۔
تَاَسَّرَ: عَلَیْہِ...... دیر لگانا۔
اِسْتَاسَرَ: قیدی بننے کے لئے اپنے آپ کو حوالہ کرنا۔
اَلْاَسْرُ: کہا جاتا ہے "ھٰذَا لَکَ بِاَسْرِہٖ" یہ کل تمہارے لئے ہے۔
اَلْاَسَارُ: تسمہ پایاں۔
اَلْاُسْرُ: پیشاب کا رکنا۔
اَلْاُسْرَۃُ: خاندان۔ مضبوط زرہ۔ ج اُسَر۔
اَلْاَسِیْرُ: قیدی۔ ج اَسْرٰی و اُسَرَاءُ و اُسَارٰی و اَسَارٰی۔
مَاْسُوْرَۃٌ: ج مواسیر ہر پوری والا گول چاہے کانا ہو یا لوہا یا سیسہ ہو۔
اَلْاَسْرُبُ والْاَسْرُوْبُ والْاُسْرُبُ: سیسہ۔
اَلْاِسْطَبْلُ: اصطبل ج اِسْطَبْلَات
اَلْاِسْطَاطِیْقِیْ: علم الجمال وہ علم جس میں خوبصورتی کے بارے میں عموماً بحث کرے یا اس شعور کے بارے میں بحث ہو جو جمال دلوں میں ابھارے۔ (یونانی لفظ ہے)۔
اِسْطَرالْعَیْن: ایک پودا جس کے پھول سفید یا گلابی یا بیگنی ہوتے ہیں۔
اَلْاِسْطَرُ الْغَالِسُ: ایک درخت جس سے گوند پیدا ہوتی ہے اور طب میں بطور دوا استعمال کی جاتی ہے۔
اَلْاَسَرُ: شیشہ۔
اَلْاُسْرَابُ وَالْاَسْرُوْبُ وَالْاُسْرُبُ: سیسہ
اَلْاُسْطَبَلُ: اصطبل۔ ج اِسْطَبْلَات۔
اَلْاَسْطُرْلَابُ: ایک قسم کا آلہ جس سے نجومی ستاروں کی بلندی کا اندازہ کرتے ہیں۔
اَلْاَسْطُقِسُّ وَالْاِسْطَقِسُّ: اصل وعنصر مادہ۔ ج اسطقسات: قدماء فلاسفہ کے نزدیک عناصر اربعہ کو کہتے ہیں۔
اَلْاُسْطُوْرَۃُ: قصہ۔ کہانی۔ ج اَسَاطِیْر۔
اَلْاُسْطُوْلُ: جنگی جہازوں کا بیڑہ۔ ج اَسَاطِیْل۔
اَلْاُسْطُوَانَۃُ: ستون۔ کھمبا۔ جانور کی ٹانگ۔
ج اَسَاطِیْنُ: کہا جاتا ہے "ھُمْ اَسَاطِیْنُ الزَّمَانِ" وہ لوگ زمانے کے حکماء اور مخصوص افراد ہیں۔
اَسِفَ (س) اَسَفًا۔ عَلَیْہِ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت۔ آسِفٌ۔
آسَفَہٗ اِیْسَافًا: غضبناک کرنا۔ غمگین کرنا۔
تَاَسَّفَ: افسوس کرنا۔ تَاَسَّفَتْ یَدُہٗ: پھٹ جانا۔ کہتے ہیں "یَا اَسَفِیْ وَیَا اَسَفًا عَلٰی کَذَا" مجھے اس پر کس قدر افسوس ہے۔
اَلْاَسُوْفُ: جلدی غمگین ہونے والا۔ نرم دل۔
اَلْاَسِیْفُ: غمگین۔ وہ شخص جو موٹا نہ ہوتا ہو۔ ج اُسَفَاءُ مؤنث اَسِیْفَۃٌ۔ اَلْاَسِیْفُ: قیدی۔ حدیث میں ہے "لَا تَقْتُلُوا عَسِیْفًا وَلَا اَسِیْفًا" مزدور اور قیدی کو قتل مت کرو۔
اَرْضٌ اَسِیْفَۃٌ و اُسَافَۃٌ: وہ زمین جس میں اچھی طرح پیداوار نہ ہو۔
اَلْاَسَافَۃُ: افسوس۔ زمین کی نرمی۔
اَلْاَسِیْفَۃُ: باندی۔
اَلْاِسْفَنْجُ: اسپنج۔ واحد اِسْفَنْجَۃ۔
اَلْاِسْفَنْدُ: سفید رائی۔ اسپند۔
اَلْاِسْقَنْقُوْرُ وَالسَّقَنْقُوْرُ: ایک قسم کا دریائی جانور ہے جو گرم ممالک میں ہوتا ہے اور سے بڑا اور موٹا ہوتا ہے اور دم چھوٹی ہوتی ہے۔
اسقمری: سمندری لمبی مچھلی جس کا گوشت لذیذ ہوتا ہے۔
اَلْاِسْکَلَۃُ: بحر روم کی ہر بندرگاہ۔ ج اَسَاکِل۔
اَسُلَ (ک) اَسَالَۃً واَسَالَ (س) اَسَلًا: نرم ہموار لمبا و ملائم ہونا۔ صفت اَسِیْلٌ: مؤنث اَسِیْلَۃٌ۔
اَسَّلَ۔ الرُّمْحَ: تیز کرنا۔ انی کی مانند بنانا۔
تَاَسَّلَ۔ ہٗ: اخلاق وعادات میں مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی آسَالٍ مِنْ اَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔ آسَالٌ: کا مفرد نہیں آتا۔
اَلْاَسَلُ: پتلی اور لمبی شاخوں والی ایک قسم کی نباتات واحد اَسَلَۃٌ۔ نیزہ ہر تیز اور پتلی
تلوار اور چھری۔
اَلْاَسَلَۃُ: زبان کی نوک۔ ذراع کا باریک حصہ۔
اَلْاِسْمُ: دیکھئے مادہ س م و۔
اُسَامَۃُ: شیر کا علم جنس۔
اَسَنَ (ن ض) اَسْنًا و اُسُوْنًا و اَسِنَ (س) اَسَنًا و تَاَسَّنَ۔ الْمَاءُ: متغیر ہونا۔ بدبودار ہونا۔ صفت آسِنٌ۔ تَاَسَّنَ وُدُّہٗ: بدل جانا۔ تَاَسَّنَ اَبَاہُ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا۔
اَسِنَ (س) اَسَنًا۔ الرَّجُلُ: سڑے ہوئے پانی والے کنوئیں میں داخل ہونے سے بے ہوش ہونا یا سر چکرانا۔ صفت اَسِنٌ۔
اَلْاُسْنُ: چوبی کا بقیہ۔ ج آسان۔ الاسان: آثار قدیمہ۔ آسَانُ الثِّیَابِ: کپڑے کے بوسیدہ اور پھٹے ہوئے حصے۔
اَلْاِسْنُ: رسی کی لڑی۔ ج اُسُوْنٌ۔
اَسَا (ن) اَسْوًا و اَسًا۔ الْجُرْحَ: علاج کرنا۔ ...... الرَّجُلَ: تسلی دینا۔ صفت مفعولی اَسِیٌّ۔
وَمَا سُوَّ۔ بَیْنَھُمْ: صلح کرانا۔ ہٗ بِفُلَانٍ: کسی کو کسی کے لئے نمونہ قرار دینا۔
آسٰی تَاْسِیَۃً الرَّجُلَ: علاج کرنا۔ تسلی دینا۔ مدد کرنا۔
آسٰی مُوَاسَاۃً۔ الرَّجُلَ فِیْ مَالِہٖ: مالی ہمدردی کرنا۔ آسَیْتُہٗ۔ بِنَفْسِیْ: اپنے برابر سمجھنا۔
تَاَسّٰی: صبر کرنا۔ تسلی پانا...... وائتسٰی۔ بِہٖ: اقتداء کرنا۔ پیروی کرنا۔
تَآسٰی۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
اَلْاُسْوَۃُ والْاِسْوَۃُ: اقتداء۔ نمونہ وہ چیز جس سے تسلی حاصل ہو۔ ج اُسًی و اِسًی۔
اَلْاِسَاءُ: دوا۔ ج آسِیَۃٌ۔
اَلْاَسُوُّ: دوا۔
اَلْآسِیْ: معالج۔ طبیب۔ ج اُسَاۃ و اِسَاء: مؤنث آسِیَۃٌ: ج آسِیَات و اَوَاسٍ۔
اَلْاَسْوَانُ: غمگین۔
التَّاْسَاءُ: تسلی دینا۔

الْاُمسا: صبر۔
اَسِی (ض س) اَسْیًا. لَهٗ مِنَ الشَّیْءِ: کسی کے لئے باقی چھوڑنا۔
اَسِیَ (س) اَسیً: غمگین ہونا۔صفت آسٍ و اَسْیَان ج اَسْیَانُون: مؤنث آسِیَةٌ: اَسْیَانَة ج اَسْیَانَاتٌ و آسِیَات و اَسَایَا.
اَلْمَأْسَاةُ: تکلیف دہ حادثہ جو غمگین کردے۔ ایسا خوفناک ایکٹ (ڈرامہ) جو لوگوں کو سراسیمہ کردے۔
الآسِیَة: ستون ج اَوَاسٍ: کہا جاتا ہے "مُلْکٌ ثَابِتُ الْاَوَاسِی" مضبوط سلطنت۔
اَلْاٰسُّ: سوکھی روٹی۔
اَشِبَ (س) اَشَبًا و تَاَشَّبَ. الشَّجَرُ: گنجان ہونا۔گتھ جانا۔صفت اَشِبٌ.
اَشَبَهٗ (ن ض) اَشْبًا: ملامت کرنا۔عیب گیری کرنا۔۔۔ الْقَوْمَ: مختلف لوگوں کو ملا کر گروہ بنانا۔
اَشَّبَ. الشَّجَرَ: گنجان کرنا۔۔۔۔۔الْقَوْمَ: اُکسانا۔
تَاَشَّبَ و اِئْتَشَبَ ۔ اَلْقَوْمُ: مل جل جانا۔
اَلْاَشَبُ: درختوں کا اس طرح گنجان ہونا کہ جس سے گزرنا دشوار ہو۔
الْاُشَابَةُ: لوگوں کا مخلوط گروہ۔کمائی جس میں حرام ملا ہوا ہو۔نَسَبٌ مَاشُوبٌ.
مُؤْتَشِبٌ: مخلوط غیر خالص نسب۔
اَشِحَ (س) اَشَحًا: غضبناک ہونا۔صفت اَشْحَان: مؤنث اَشْحٰی (صاحب تاج العروس کا بیان ہے کہ اس کی اصلی جگہ باب الواو ہے اس لئے کہ ہمزہ اس میں اصلی نہیں)
اَشِرَ (س) اَشَرًا: تکبر کرنا۔اکڑنا صفت اَشِرٌ و اَشُرٌ و اَشْرَان: ج اَشِرُوْنَ و اُشُرُوْن و اَشَارٰی و اُشَارٰی.
اَشَرَ (ض) اَشْرًا. الْخَشَبَةَ: چیرنا۔۔۔۔ وَاَشَّرَ. الْاَسْنَانَ: کناروں کو تیز کرنا۔
اُشُرٌ و اُشَرٌ. الْمِنْشَارِ: آرے کے دندانے واحد اُشْرَة.

اَلْاٰشِرُ: ٹڈی کے پاؤں کا خار۔ٹڈی کے دم کے سرے پر کی گرہ۔ج اَوَاشِر.
اَلتَّاشِیْرُ: ٹڈی کے منہ کا وہ حصہ جس سے وہ کسی چیز کو کاٹتی ہے۔ٹڈی کے پاؤں کا خار۔ ج تَآشِیر۔
اَشَرَ عَلٰی. وَرَقَةٍ: کسی کام کیلئے تحریراً اجازت نامہ لکھنا۔
اَلْمِنْشَارُ: آرہ۔ج مَآشِیْر و مَوَاشِیْر.
اَلْاِشْفٰی: ستالی۔ج اَشَافِی' اَشَافِیٌّ.
اَلْاِشْقِیل: ایک قسم کی نباتات۔
اَلْاُشْنَة: ایک قسم کی نباتاتی چیز جو درختوں پر پھیلتی ہے۔
اَلْاُشْنَانُ و الْاِشْنَان: ایک قسم کی نباتات جس کو ہاتھ دھونے میں استعمال کرتے تھے۔
اَصَّ. الشَّیْءَ: توڑنا۔نرم کرنا۔
اَصَّصَ. الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔
تَاَصَّصُوا و ائْتَصُّوا: جمع ہونا اور بھیڑ کرنا۔
اَلْاَصِیصُ: شکستہ برتن۔گملہ۔پیشاب کرنے کا برتن۔مضبوط عمارت۔کچی۔
اَلْاَصِیْصَة: قریب قریب کے گھر۔
اَصَدَ و آصَدَ. الْبَابَ: بند کرنا۔و آصَدَهٗ: چھوٹی قیص پہنانا۔
اَلْاُصْدَة: چھوٹی قیص۔کرتی۔ج اُصَدٌ و اِصَادٌ.
اَلْاِصْدَة: قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ج اِصَد.
اَلْاَصِید: صحن خانہ۔
اَلْاَصِیْدَة: باڑہ۔چھوٹی قیص۔کرتی۔
اَلْاِصَاد و الْاَصِیدَة: طبق۔اَلْاِصَادُ: چوکھٹ۔پہاڑوں کے درمیان گڑھا۔جس میں پانی جمع ہو۔
اَلْمُؤْصَد: چھوٹی قیص۔کرتی۔
اَصَرَ (ض) اَصْرًا: الشَّیْءَ: توڑنا۔اَلْخَیْمَةَ: خیمہ کے لئے میخ بنانا۔۔۔۔۔ فُلَانًا عَلَیْهِ: متوجہ کرانا۔مہربان بنانا۔
آصَرَهٗ مُؤَاصَرَةً: پڑوسی ہونا۔
تَآصَرُوا: باہم پڑوسی ہونا۔

اِئْتَصَرَ. الْقَوْمُ: کثیر التعداد ہونا۔۔۔۔۔ النَّبْتُ: لمبی اور گنجان ہونا۔
اَلْاَصْرُ وَالْاُصْرُ وَالْاِصْرُ: عہد۔پیمان۔بوجھ۔گناہ۔ج آصَار کان کا سوراخ۔
اَلْاَصَار ج اُصُرٌ وَ الْاَیْصَر ج اَیَاصِر۔
الْاِصَارَة: خیمہ کی رسیوں کا کھونٹا۔
الْاَصِرَة: تعلق۔رشتہ داری۔ج اَوَاصِر.
اِصْطَبْل: اصطبل۔
اَصْطُرُک: ایک خوبصورت درخت تین سے چھ میٹر لمبا ہوتا ہے اس کے پتے سفید ہوتے ہیں پھول مالٹے کے پھول جیسے ہوتے ہیں۔دودھ والے درخت کے نام سے مشہور ہے۔صحت کے لئے بڑا فائدہ مند ہے۔
الْاِصْطَفْلِیْن: گاجر۔واحد اِصْطَفْلِیْنَة
اَلْاِصْطَکْمَة: راکھ میں پکی ہوئی روٹی۔
اَلْاُصْطُوَانَةُ: ستون۔کھمبا۔جانور کی ٹانگ۔ج اَصَاطِیْن و اَصَاطِنَة.
الاصف: ایک قسم کا درخت۔
اَصُلَ (ک) اَصَالَةً: جڑ والا ہونا۔جڑ پکڑنا۔شریف الاصل ہونا۔۔۔۔۔۔ وَالرَّاْیُ: عمدہ ہونا۔صفت اَصِیْلٌ.
اَصِلَ (س) اَصَلًا. الْمَاءُ: کیچڑ کی وجہ سے متغیر ہونا۔۔۔۔۔اللَّحْمُ: بودار ہونا۔
اَصِلَ فُلَانٌ یَفْعَلُ کَذَا بمعنی طَفِقَ یعنی فلاں ایسا کرنے لگا۔
اَصَّلَهٗ: جڑ والا بنانا۔اصل بیان کرنا۔شرافت بیان کرنا۔
آصَلَ اِیْصَالًا: شام کے وقت میں داخل ہونا۔ شام کے وقت آنا۔اسی سے ہے "اَتَیْنَا مُؤْصِلِیْنَ" ہم شام کے وقت آئے۔
تَاَصَّلَ: جڑ والا ہونا۔
اِسْتَاصَلَ. الشَّیْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
اِسْتَاصَلَتِ الشَّجَرَةُ: جڑ پکڑنا۔
اَلْاَصْلُ: جڑ۔وہ چیز جو فرع کے مقابل ہو۔ والدہ مصدر ومنبع۔"مَا فَعَلْتُهٗ اَصْلًا" میں نے اس کام کو یقیناً نہیں کیا۔ج اُصُوْل.

وَالْاُصُوْلُ وہ قوانین جن پر کسی علم یا فن کی بنیاد ہوتی ہے۔

اَلْاَصِیْلُ: عصر و مغرب کے درمیان کا وقت ج اَصَالٌ و اَصَائِلُ وَاُصُلٌ و اُصْلَانٌ.

والاَصِیْلُ: بغیر وکیل کے خود لین دین کرنے والا۔

اَلْاَصِیْلَۃُ: جڑ والی۔ "جَاءُوْا بِاَصِیْلَتِھِمْ" وہ سب کے سب آئے۔

اَلْاَصَلَۃُ: ایک قسم کا چھوٹا یا بڑا سانپ۔ ج اَصَلٌ

اَضَّ (ن ض) اَضًّا. ہٗ اِلَیْہِ: مجبور کرنا۔ مضطر کرنا۔ فُلَانًا: تھکانا۔

اِئْتَضَّ. اِلَیْہِ: پناہ لینا۔ مضطر ہونا۔

اَلْاِضُّ: جڑ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمُ الْاِضِّ" فلاں شریف الاصل ہے۔

اَلْاِضَاضُ: پناہ لینے کی جگہ۔ جلن، سوزش۔

اَلْاَضَاۃُ: تالاب۔ جوہڑ۔ ج اَضًی و اَضَیَاتٌ.

اَلْاَضَاءَۃُ: خربوزہ کی فالیز۔ بید کا جنگل۔

اَضِمَ (س) اَضَمًا. عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔ بہ تکلیف پہنچانے لگنا۔

اَلْاَضَمُ: کینہ۔ حسد۔ غصہ۔ ج اَضَمَاتٌ.

اَطَّ (ض) اَطِیْطًا: آواز نکالنا۔ چرچرانا......

جَمْهَرَ جَمْهَرَةً الشئَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ ...... عَلَيْهِ الخبر: تھوڑی سی خبر دینا اور مُراد کو چھپا لینا (...... وتَجَمْهَر) القومُ: اکٹھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَجَمْهَر عَلَيْنَا": اس نے ہمارے اوپر دست درازی کی اور حقارت کی۔

الجُمْهُوْر: ریت کا تودہ۔ قوم کے بڑے اور اشراف لوگ۔ قوم کی جماعت۔ ہر چیز کا بڑا حصہ۔ ج جَمَاهِير.

الجُمْهُوْرِيّ: جمہور کی جانب منسوب نشہ آور شراب۔

الجُمْهُوْرِيَّة: ری پبلک۔ وہ سلطنت یا قوم جو اپنا صدر ایک معین مدت کے لئے بناتی ہے۔

المُجَمْهَرات: زمانۂ جاہلیت کے طبقۂ ثانیہ کے سات قصیدے جن کا مرتبہ سبع معلقات کے بعد ہے۔

الجَمَا والجُما: ابھرا ہوا پتھر۔ جسم کا ابھرا ہوا حصہ جیسے پستان۔

جَمِي (ض) جَمْيًا. الماءُ: بہت ہونا۔

تَجَمىٰ. القومُ: اکٹھا ہونا۔

جَمَاءُ وجُمَاء وجَمَاءَة. الشئ: چیز کی دبازت۔

جُنّ (ن) جَنًّا وجُنُوْنًا: دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا صفت (مَجْنُون) ج مَجَانِين ...... عنہ: چھپنا ...... الارض: پھول اُگانا۔ النبتُ: لمبا ہونا اور گتھ جانا ...... الذُبابُ: بہت بھنبھنانا۔ کہا جاتا ہے "جُنّ الذُبَابُ بالروضِ": ہریالی کو دیکھ کر مکھیاں بھنبھنا رہی ہیں۔

أجَنَّ. عنه: چھپنا۔ أجَنَّه اللّيلُ: چھپانا۔ ڈھانپ لینا۔ أجَنَّ المَيْتَ: کفن دینا، دفن کرنا۔ (أجَنَّه وجنَّه): دیوانہ بنا دینا۔

تَجَنَّنَ واسْتَجنّ: دیوانہ ہونا۔

تَجَانّ وتَجَانَنَ: بتکلف دیوانہ بننا۔

إجْتَنّ. الشئُ: چھپانا (...... واسْتَجَنّ): چھپنا۔ واسْتَجَنَّ فلانًا: کسی کو طرب کی طرف بلانا۔ (مَا أجَنّه): وہ کتنا مجنوں ہے فعل تعجب ہے اور شاذ ہے اس لئے کہ یہ مفعول کے معنی میں ہے اور فعل تعجب فاعلی معنی میں ہوتا ہے۔

الجِنّة والجِنّ من الشباب: آغازِ جوانی ...... من النبت: کلی۔ پھول جنّ الليل: رات کی تاریکی۔ جِنُّ الناس: لوگوں کی بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "لاجِنّ بهذا لامر": یعنی اس معاملہ میں کوئی پوشیدگی نہیں۔

الجانّ: (فا) جن کا اسم جمع۔ ج جِنّان.

الجان: ایک قسم کا سفید سانپ۔

الجَنَّة: باغ بہشت۔ ج جِنَان وجَنَّات.

الجُنَّة: پردہ ج جُنَن (...... والمِجَنّ والمِجَنَّة): ہتھیاروں سے بچاؤ کی چیز۔ ڈھال۔ ج مَجَانّ اور کہتے ہیں "قَلَبَ مَجنه": یعنی وہ بے حیاء و خود رائے ہو گیا۔ "وقَلَبَ له ظهر المِجَنّ": یعنی وہ اس کی دوستی سے دشمنی کی طرف پلٹ گیا۔

الجَنَن: قبر میت۔ کفن۔ ج أجْنَان.

الجُنَان والجُنَانَة: ڈھال۔

الجَنَان: دل۔ رات یا اس کی شدت تاریکی۔ پوشیدہ معاملہ ...... من كل شئ: ہر چیز کا جوف۔ ج أجْنَان.

الجُنُون والجُنُن والجِنّة: دیوانگی۔

الجَنِين: ہر پوشیدہ چیز۔ قبر۔ مدفون۔ بچہ جو ابھی رحم مادر میں ہو۔ ج أجِنَّة وأجْنُنٌ.

المَجَنَّة: جنوں والی زمین۔ دیوانگی۔ کہا جاتا ہے "به مَجَنَّة" وہ دیوانہ ہے۔ چھپنے کی جگہ۔

جَنِيءَ (س) جَنَأً: کبڑا ہونا۔ صفت (أجْنَأ) مؤنث جَنْاءُ)

جنَأ (ف) جُنُوءًا وأجْنَأ إجْنَاءً وجَانَأ مُجَانَأةً واجْتَنَأ وتَجَانَأ تَجَانُوا عَلَيْهِ: کسی کو مار سے بچانے کے لئے اس پر چھا جانا۔

جَنَبَهُ (ن) جَنْبًا: دفع کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دُور کرنا۔ پہلو پر مارنا۔ تم کہتے ہو "ضربه فجَنَبَهُ" اس نے اسے مارا اور پہلو پر مارا۔ "وجَنَبَهُ الشئُ: کسی سے کوئی چیز دور کرنا (...... جَنْبًا ومَجْنَبًا) البعيرَ: کوتل ہانکنا۔ صفت مفعولی (جَنِيبٌ ومُجَنَّبٌ ومجنُوبٌ) مؤنث جَنِيبَة: کہا جاتا ہے "الفرس جَنِيب

وخیل جنائب" (...... جُنوبًا) الریحُ : جنوبی ہوا چلنا۔
جَنَبَ (ن) جَنبًا وجَنِبَ (س) جَنبًا. الیہ: مائل ہونا۔ مشتاق مضطرب ہونا۔
جَنُبَ (ن س ض) جَنابةً. الرّجلُ : ناپاک ہونا۔
جُنِبَ : پہلو میں درد والا ہونا۔ نمونیا لاحق ہونا صفت(مَجنُوب) (. واجنَبَ واُجنِبَ) القومُ: جنوبی ہوا لگنا۔
جَنَّبَه وتَجنَّبَه وتَجانَبَهٗ واجتَنَبَهٗ : دور رہنا۔
جَنَّبَهٗ الشیْءَ: کسی سے کوئی چیز دُور کرنا۔
جانَبَهٗ: پہلو میں چلنا۔
اَجنَبَهٗ : دور کرنا۔ اَجنَبَ الرّجلُ: دور ہونا۔
اِستَجنَبَ: ناپاک ہونا۔
الجَنبُ :مص ...... ج اَجنَاب وجُنُوب : پہلو۔ جہت۔ جانب۔ تم کہتے ہو"قَـعَـدت الی جَنبِ فلانٍ والی جانبه وجَنابه" میں فلاں کے پہلو میں یا اس کی جانب میں بیٹھا۔
جارُ الجنب :ہمسایہ جو پہلو ہی میں ہو۔
ذات الجَنب :نمونیہ۔
الجَنَب :مص۔ کچھ لنگڑا پن۔
الجُنُب: غیر فرماں بردار۔ اجنبی۔ مسافر' دور' ناپاک (واحد تثنیہ جمع مذکر و مونث سب کے لئے مستعمل ہے)الجار الجُنب :ہمسایہ جو غیر قوم کا ہو)
الجَنِب :گوشہ نشین۔ اجنبی۔ مسافر۔ بھیڑیا۔ رجلٌ جَنِبٌ :مہمانوں کے ڈر سے راستہ میں کترا کر چلنے والا۔
الجَنبَة :گوشہ نشینی۔ جانب۔ الجَنبَة من النبات :ہر وہ جو درخت سے چھوٹا اور بیل سے بڑا ہو ج جُنَب . جَنبَتَا الانف وجَنبَتاه وجَنابَتاه: ناک کے دونوں طرف۔
الجُنبَة: وہ چیز جس سے پرہیز کیا جائے۔
الجانِب :فا۔ غیر فرمانبردار۔ مسافر۔ گھوڑا۔ جس کے دونوں قدم کا فاصلہ دور ہو ج جُـنَّـاب انسان کا پہلو۔ گوشہ۔ جانب۔ ج جوانب کہا جاتا ہے"هـو لَيِّن الجانِب" :

وہ معیشت کے لحاظ سے نرم ہے۔"هُـوَ رقيقُ الجانِب": وہ لطیف ہے۔
الجَنـاب :صحن۔ گوشہ۔ قوم کے محلہ سے جو قریب ہو۔ کہا جاتا ہے"اَخـصَـبَ جَـنـاب الـقـوم": قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔ و "فُلان خصيبُ الجَناب اَوْجَدِيبُه": فلاں سرسبز ہے یا قحط زدہ ہے۔ ج اَجنِبَة.
الجـنـاب: جَـانَـبَ : کا مصدر۔ کہا جاتا ہے "فـرسٌ طـول الـجِـنَـاب" آسانی سے تابع ہونے والا گھوڑا۔
الجُناب: نمونیہ کی بیماری۔
الجَنُوب: دکھن۔ دکھنی ہوا۔ ج جَنَائِب.
الـجـنـيـب :نمونیہ کی بیماری میں مبتلا۔ فرمانبردار۔ ایک قسم کی عمدہ کھجور۔
الجَنِيبَة: کوتل گھوڑا۔
الجَنَّاب: پہلو میں چلنے والا ساتھی۔
الاَجنَـب ج اَجَـانِـب :غیر فرمانبردار۔ (الاَجنَبُ والاجنَبِیُّ): مسافر۔
المُجنَب :بہت خیر ہو یا شر۔ کہا جاتا ہے" اِنَّ عندنا خَيرَ امَجنَبًا وشرا مَجنَبًا" :ہمارے نزدیک بہت خیر اور بہتر شر ہے۔
المِجنَب :پردہ۔ ڈھال۔
المُجَنِّبَة:فوج کا ہراول۔
الـمُـجَـنِّـبَـتَـان. مِن الجيش:فوج کا میمنہ و میسرہ۔
الجُنبُذ: انار کی کلی۔ غنچہ ناشگفتہ۔
الجُنبُل:لکڑی کا پیالہ۔
تَـجَـنَّـثَ. الرّجلُ :غیر قوم میں سے ہونے کا دعویٰ کرنا...... عَـلَـيْه: محبت کرنا۔ مہربانی کرنا ...... الطائرُ: پر پھیلا کر بیٹھنا۔
الـجُـنْثِي: عمدہ لوہا۔ تلوار۔ ج جُنثِيَّة: زرہ ساز۔
جَنَحَ (ف ن ض) جُنُوحًا. الیہ: مائل ہونا ...... السـفـيـنـةُ: کم پانی میں پہنچ کر زمین سے لگ جانا ...... الليلُ: آنا(...... (ض) جَنحًا الطائرُ: بازو پر مارنا۔
جَنَّحَهٗ :بازو بنانا ...... الرجلَ: گناہ کی نسبت کرنا۔

اَجنَحَ واجتَـنَحَ واستَـجنَحَ. الیہ :مائل ہونا۔ جھکنا۔
اَجنَحَهٗ واستَجنَحَهٗ: جھکانا۔
تَجَنَّحَ واجتَنَحَ:ایک پہلو پر جھکنا۔
الجِنح: جانب۔ پناہ۔ کنارہ۔
الجِنح والجُنح. من الليل :رات کا ایک حصہ۔ جِنحُ الطريق: راستہ کا کنارہ۔
الجَنَاح :پرندے کا بازو ...... من الانسان : ہاتھ اور بغل اور بازو اور پہلو۔ پناہ اور اسی سے ہے"انا في جَنَاح فلان": میں فلاں کی پناہ میں ہوں۔ کنارہ۔ ہر چیز کا ایک حصہ۔ ج اَجـنِـحـة واَجنُـحَة: کہتے ہیں"رَكِبُوا جَنَاحَي الطائر" لوگ اپنے وطن سے جدا ہو گئے"ورَكِـبَ جـنَـاحَي النَّعامَة":اس نے معاملہ میں کوشش کی اور جلدی کی"وهـــو مَقصُوصُ الجَنَاح": وہ عاجز ہے۔
الـجُـنَـاح :گناہ اور اسی سے ہے"لا جُنَاحَ عـلـیـک" تمہارا کوئی گناہ نہیں۔ چیز کا ایک حصہ۔
الجَانح: فا۔ جانب۔ ج جَوَانِب.
الجَوانح: پسلیاں۔ واحد(الجانِحة)
جَـنَّـدَ. الجنودَ :فوج جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "جُنودٌ مُجَنَّدة": جمع شدہ لشکر......
تـجَـنَّـدَ :فوجی سپاہی بننا۔ فوج تیار کرنا...... للامر: فارغ ہونا۔
الـجُـنـد :لشکر۔ ج اَجـنَـاد وجُنُودٌ :واحد (جُندِی) الجُند :شہر۔ ج اَجنَاد. الشّام : دمشق' حمص' قنسرین' اردن اور فلسطین۔
الجَنَد: سخت زمین۔ پتھر جو مٹی کے مشابہ ہو۔
الـجـنـدار : باڈی گارڈ۔ محافظ فوج۔ ج جَنادِرة (جدید)
جَـنـدَرَ. الكتاب : مٹے ہوئے پر قلم پھیر کر روشن کرنا۔
الـجُـنـدُب والـجندَب :ایک قسم کی ٹڈی۔ عوام اسے قُبُّوط: کہتے ہیں۔ ج جَنادِب.
جَندَلَهٗ: پچھاڑنا۔

الجَندَل: بڑی چٹان۔ واحد جَندَلَة: ج جَنادِل.
جَنَزَہٗ (ض) جَنزًا: چھپانا۔ جمع کرنا۔
جُنِزَ: مرنا اور تابوت میں رکھا جانا۔
جَنَّزَ. المیّت: تابوت میں رکھنا۔
الجَنز: مٹی کا چھوٹا سا گھر۔
الـــجَنازَة والجِنازَة: میت۔ میت کا تابوت۔ میت کے دفن میں جانے والے۔ مجلس ماتم۔ شراب کی مشک۔ ج جَنائِز.
الجَنائِزی: مُردوں کے آگے آگے پڑھنے والا۔
الـجِنزار والـجِنزِیر: تانبے کا زنگار۔ (جدید)
الجَنزِیر: زنجیر۔
جَنَسَ (ن) جَنسًا. التمرُ: بالکل پک جانا۔
جَنِسَ (س) جَنَسًا. الماءُ ونحوہ: جم جانا۔
جَنَّسَہٗ. بہ: مشابہ ہونا۔
جَانَسَہٗ جِنَاسًا ومُجَانَسَةً: مشابہ ہونا۔ ہم جنس ہونا اور اسی سے ہے "فلان یُجَانِسُ البهائم" فلاں چوپاؤں کے مشابہ ہے۔ یعنی اسے عقل وتمیز نہیں۔
تَجَانَسَا: ہم جنس ہونا اور اسی سے ہے "ومع التجانس التآنس": ہم جنس کے ساتھ انسیت ہے۔
الجِنس: ماہیت جو انواع متعددہ کو شامل ہو جیسے انسان اور گھوڑے کے لئے حیوانیت۔ قسم۔ ج اَجناس.
الجَنَس: جما ہوا پانی۔
الجَنِیس: اپنے جنس کے اندر اصل۔
الجِنسِیَّة: جنس کی حالت یا ماہیت۔
الجِنَاس. فی البدیع: علم بدیع کی اصطلاح میں دو کلموں کا کلا یا بعضًا: مشابہ ہونا۔
جَنَشَ (ن) جَنشًا. الیہ: کودنا۔ متوجہ ہونا ......منہ: گھبرانا۔
جَنَّصَ: خوف سے بھاگنا۔ بَصَرَہ: گھورنا۔ تیز نظر ڈالنا۔ جَنَّصَ الطریقُ بالناسِ: تنگ ہونا۔ جَنَّصَ: مرنا۔
جَنَفَ (ض) جُنُوفًا وجَنِفَ (س) جَنَفًا. عــن الـطـریـق: راستہ سے علیحدہ ہونا۔ (.واَجنَفَ) فـی وصیـتہ: ظلم کرنا۔ صفت (جَنِفٌ واَجنَفُ)
جَانَفَ جِنَافًا. اَھلَہٗ: غصہ کی وجہ سے علیحدہ ہونا۔
تَجَانَفَ. للاثم: مائل ہونا......عن الطریق: الگ ہونا۔
الجَنَف: ظلم۔ حق وانصاف سے تجاوز۔
الاَجنَف: خمیدہ پشت۔ مؤنث جَنفَاء: ج جُنُف.
المِجنَف: طبعًا حق سے اعراض کرنے والا۔
جَنَقَ (ض) جَنقًا وجَنَّقَ. الحجر: گوپھن سے پھینکنا۔
الـمَـنجَنِیق: گوپھن۔ فلاخن۔ لڑائی کا ایک آلہ جس سے پتھر پھینکا کرتے تھے۔ ج مَجانِق ومَجانِیق ومَنجَنِیقات.
الجُنک: ایک قسم کا باجا۔ ج جُنُوک.
جَنی (ض) جَنیًا وجَنًی. الثمر: درخت سے پھل توڑنا۔ کہا جاتا ہے "جَنَی الثمرةَ لہ وجَنَاہُ اِیَّاھا"۔ (جَنیًا) الذھب: کان سے نکالنا۔ (جِنَــایة): گناہ کرنا۔ صفت (جَــانٍ) ج جُنَاة واَجنَاء وجُنَّاء: مؤنث جَانِیَة ج جَوانٍ وجَانِیَات.
اَجنَی. الشجر: پکنا۔ اَجنَتِ الارضُ: زیادہ پھل یا زیادہ پیداوار والی ہونا۔
جَانَی مُجَانَاةً وتَجَنّی. علیہ: ناکردہ گناہ کی نسبت کرنا۔ (تَجَنّی واجتَنی) الثمرَ: چننا۔ توڑنا۔ "اجتنی ماءَ المطر": گھاٹ پر آکر پانی پینا۔
الـجَنَی: چنا ہوا (پھل ہو یا سونا یا شہد وغیرہ) ج اَجنَاء واَجنٍ: ثمر (جَنِیٌّ): تازہ چنا ہوا پھل۔
الجَنَاة: ہر وہ چیز جو چنی جائے۔
الجَنِیَّة: گناہ۔ ریشم کا کیڑا۔
الـمَجنَی: مصدر میمی بمعنی چننا۔ چننے کی جگہ جس سے پھل وغیرہ چنا جائے جیسے درخت ج مَجَان.
الجَهبَذ: پرکھنے والا۔ دانا۔ ج جَهَابِذَة.
الجَهبَر: شیرنی۔
الجَهَب: بدصورت چہرہ۔
المِجهَب: بے حیاء۔
الجَهبُوق: چوہے کی مینگنی۔
جَهجَہَ. بـالسبـع: روکنے کے لئے چیخنا چلانا۔
تجهجَہَ. عنہ: باز رہنا۔
المُجَهجَہ: شیر۔
جَهَدَ (ف) جَهدًا. فی الامر: بہت کوشش کرنا......بـالرجل: امتحان کرنا۔ جَهَدَہُ المرضُ: لاغر کرنا۔ جَهَدَ اللبنَ: سارا مکھن نکال لینا۔ (...... واَجهَدَ) الطعامَ: خواہش کرنا۔ جَهَدَا واَجهَدَ الدابة: طاقت سے زیادہ لادنا۔ اَجهَدَ المَال: بکھیرنا۔ فنا کرنا۔ اَجهَدَ الحقُّ: ظاہر ہونا۔ اَجهَدَ فیہ الشیبُ: اچھی طرح بڑھاپا ظاہر ہونا۔ اَجهَــدَ فـی الاَمر: احتیاط کرنا۔ اَجهَدَ علینا العدوُّ: دشمنی میں پوری کوشش کرنا۔ اَجهَــــــدَ الامرُ لزید: ممکن ہونا۔
جُهِــدَ: پوری کوشش کرنا۔ غمگین ہونا۔ لاغر ہونا۔
جَهِدَ (س) جَهَدًا. عیشُہٗ: زندگی کا مکدر ہونا۔
جَاهَدَ مُجَاهَدَةً وجِهَادًا: پوری طاقت صرف کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاهِدُوا فی اللہ حَقَّ جِهَادِہٖ": اللہ کے راستہ میں پوری طرح کوشش کرو جیسا کہ کوشش کا حق ہے ...... العدوَّ: جنگ کرنا۔
تَجَاهَدَ واجتَهَدَ. فی الامر: کوشش کرنا اور پوری طاقت صرف کرنا۔
اِستَجهَدَ. فی الامر: غور کرنا۔
الـجُهد والـجَهد والـمَجهُود: طاقت۔ استطاعت۔ کہا جاتا ہے "بَــذَل جُهــدہ

ومَجْهُودَهُ": اس نے اپنی طاقت صرف کی۔ مشقت۔ قرآن میں ہے "اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ" انہوں نے بہت زور لگا کر قسم کھائی۔

الجَاهِد: فا۔ بےخوابی والا۔ کہا جاتا ہے "جَهْدٌ جَاهِدٌ": جیسے "لَيْلٌ لَائِلٌ" و"شعر شاعر".

الجَهَاد: سخت زمین جس میں پیداوار نہ ہو ج جُهُد.

الجِهَاد: مص۔ دین کی حفاظت اور اللہ کے کلمہ کو بلند کرنے کے لئے جنگ۔

الجَهْدَان: وہ شخص جس کو مشقت لاحق ہو۔

الجَهِيد: جانوروں کی پسندیدہ چراگاہ۔ کہا جاتا ہے "مَرْعىً جَهِيدٌ".

الجُهَادَى: انتہائی۔ کہا جاتا ہے "جُهَادَاكَ ان تفعل كذا": تمہاری انتہائی کوشش ہے کہ تم ایسا کرو۔

الجُهَيْدَى: کوشش۔ پوری کوشش۔ کہا جاتا ہے "لابلغن جُهَيْدَى فى الامر": میں معاملہ میں اپنی طرف سے پوری کوشش کروں گا۔

جَهَرَ (ف) جَهْرًا وجِهَارًا وجَهْرَةً. الامر وبالامر: اعلان کرنا۔۔۔ بالقَوْل: آواز بلند کرنا۔۔۔ الصوت: بلند کرنا۔۔۔ الرجل: بے پردہ دیکھنا۔ دیکھنا اور آنکھوں میں بڑا معلوم ہونا۔ تعظیم کرنا۔۔۔ القوم: دیکھ کر زیادہ سمجھنا۔۔۔ الشیئ: کسی چیز کو کھول کر اندازہ کرنا۔۔۔ الارض: بغیر جانے بوجھے چلنا۔۔۔ الشیئ فلانًا: ہیبت وجمال سے حیرت میں ڈال دینا۔۔۔ الامر: ظاہر و آشکار ہونا۔۔۔ السقاء: مشکیزہ میں بلو کر مکھن نکالنا۔

جَهِرَت (س) جَهَرًا. العَيْنُ: سورج سے چندھیا جانا۔

جَهُرَ (ک) جَهَارَةً. الصوتُ: بلند ہونا۔ صفت (جَهِير وجَهْر). الرَّجُلُ: دیکھنے والے کی آنکھ میں بڑا معلوم ہونا۔

جَاهَرَهُ مُجَاهَرَةً وجِهَارًا. بِالشيئ: کھلم کھلا ظاہر کرنا۔۔۔ بالقراءة: بلند آواز سے پڑھنا۔۔۔ القوم بالامر: غلبہ کی کوشش کرنا۔

اَجْهَرَ. الامرَ وبه: اعلان کرنا۔۔۔ بالقراءة: بلند آواز سے پڑھنا۔۔۔ الرَّجُلُ: بھینگے بچے یا صاحب جمال بچوں کا باپ ہونا۔

تَجَاهَرَ. بالامر: ظاہر کرنا۔

اِجْتَهَرَ. القوم: تعداد میں بہت سمجھنا۔ الرجلَ: کھلم کھلا دیکھنا اور بڑا سمجھنا۔۔۔ البِئْرَ: صاف کرنا۔۔۔ الشيئُ فلانًا: ہیبت وجمال سے حیرت میں ڈال دینا۔

الجَهْر: مص۔ چوڑا ٹیلہ۔ زمانہ کا ایک حصہ۔ تم کہتے ہو "كلمته جهرًا وبالجهر": میں نے اس سے کھلم کھلا گفتگو کی۔ "ولقيته جهرًا": میں نے اس سے رودررو ملاقات کی۔

الجُهْر: ہیبت۔ حسین منظر۔

الجِهَار: مص۔ تم کہتے ہو "لقيته جِهَارًا" میں نے اس سے رودررو ملاقات کی۔

الاَجْهَرُ: سورج کی روشنی سے چندھیانے والا۔ خوبصورت ہیبت والا۔ مؤنث (جَهْرَاءُ): ج جُهْر.

جَهْوَرُ. الصوت: بلند وقوی آواز والا۔ ج جُهْر.

الجَهِير: خوبصورت۔ بھلائی اور نیکی کے لائق۔ من اللبن: بے پانی کا دودھ۔ کلامٌ جَهِيرٌ: بلند گفتگو۔ اِمْرَأَةٌ جَهِيرَةٌ: بلند آواز والی عورت۔ کہا جاتا ہے "هو عَفِيفُ السَّرِيرَةِ والجَهِيرَةِ" وہ ظاہر وباطن کے لحاظ سے پاک دامن ہے۔

الجَهْوَرِيُّ: بلند آواز کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "صَوْتٌ جَهْوَرِيٌّ": بلند آواز اور بلند آواز والے کو کہتے ہیں۔ "رجلٌ جَهْوَرِيٌّ".

المِجْهَر والمِجْهَار: وہ شخص جس کی عادت بلند آواز سے گفتگو کرنے کی ہو۔

المُجْهِر: خوردبین (Microscope)

جَهَزَ (ف) جَهْزًا واَجْهَزَ. على الجريح: مارڈالنا۔

جَهَّزَهُ: تیار کرنا۔ مہیا کرنا۔۔۔ الميت: کفن دفن کا سامان کرنا۔۔۔ العروس: جہیز کا سامان تیار کرنا۔

تَجَهَّزَ. للسفر: سامان مہیا کرنا۔

(واجْهَازَ) للامر: آمادہ ہونا

الجِهَاز والجَهَاز. للبيت او للمسافر او للعروس: ضروری سامان۔۔۔ من جسم الانسان: اعضائے انسانی جن کی کوئی خاص غرض ہو۔ جیسے اعضائے تنفس۔ یا آلات ہضم۔ ج اَجْهِزَة واَجْهِزَات.

الجَهْزَاء: بلند زمین۔

الجَهِيز. من الخيل: ہلکا پھلکا۔ موت (جَهِيز ومُجْهِز): ناگہانی موت۔

جُهَيْزَة: ایک عورت کا نام ہے۔ ایک مثل ہے "قطعت جهيزة قول كل خطيب" اس کا واقعہ یوں ہے کہ کچھ لوگ دو قبیلوں کے درمیان ایک خون کے معاملہ میں صلح کرانے کے لئے تقریر کر رہے تھے تا کہ اولیاء مقتول کو دیت لینے پر راضی کریں کہ اتنے میں جہیزہ نے کہا کہ مقتول کے ولی نے قاتل کو پکڑ لیا اور قتل کر دیا۔ تو لوگوں نے کہا کہ "قطعت جهيزة قول كل خطيب" یعنی اب دیت اور مقدار دیت کے بارے میں گفتگو کی ضرورت نہیں کہ قاتل کے قتل کے بعد دیت نہیں۔

جَهَشَ وجَهِشَ (س) جَهْشًا وجُهُوشًا وجَهَشَانًا. اليه: روتے ہوئے یا روانسا ہو کر کسی سے فریاد کرنا۔

جَهِشَ (س) جَهَشَانًا. منه: ڈرنا اور بھاگنا۔

اَجْهَشَ. اليه: روتے ہوئے یا روانسا ہو کر فریاد کرنا۔ "اَجْهَشَتِ النفسُ" اٹھنا۔

اَجْهَشَة: جلدی کرانا۔

الجَهْشَة: آنسو۔۔۔ والجَاهِشَة: لوگوں کی جماعت۔

الجھوش: تیز رفتار۔
جَهَضَهُ (ف) جَهْضًا: غالب ہونا۔ عن كذا: دور کرنا۔ منع کرنا۔
اَجْهَضَهُ عن الامر: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا ...... وعن مکانه: اٹھانا ...... فلانًا: پھسلانا۔
اَجْهَضَتِ المرأة: حمل گرا دینا۔
جاهَضَه: باز رکھنا۔ جلدی کرانا۔
الجاهض: تیز طبیعت۔ مؤنث (جاهضة) ج جَوَاهض.
الجاهضة: گدھے کا ایک سالہ مادہ بچہ۔
الجُهُوضة والجَهَاضة: تیز طبیعت۔
الجهض والمُجْهَض والجَهِيض: ساقط شدہ بچہ۔
الجُهَّاضة: عمر رسیدہ مادہ حیوانات۔
المِجْهاض. من الاناث: اسقاط کی عادت والی عورت۔ ج مَجَاهِيض.
جَهِل (س) جَهْلاً وجَهَالَةً: نہ جاننا۔ اَن پڑھ ہونا ...... علیه: بے وقوف بننا۔ بے وقوف ہونا۔ اجڈ پن کرنا۔ صفت (جاهل) ج جُهَّل وجُهَّال وجُهَلاء وجُهُل وجَهَلَة. جَهِل الحقّ: ضائع کرنا۔ جهلتِ القِدْرُ: بہت اُبلنا۔
جَهَّلَهُ: جہل کی نسبت کرنا۔
جاهَلَهُ: نادانی میں مقابلہ کرنا۔ بدسلوکی کرنا اور اسی سے ہے "رایتُ منهما مُجَامَلَةً ثُمَّ انقلبتْ مُجَاهَلَةً" میں نے ان دونوں سے خوش معاملگی دیکھی پھر وہ بدمعاملگی ہوگئی۔
تجاهَلَ: بتکلف نادانی ظاہر کرنا۔
اِسْتَجْهَلَهُ: جاہل سمجھنا۔ حقیر سمجھنا۔ "اِسْتَجْهَلَتِ الريحُ الغصنَ" ہلانا۔
الجَهْلَة: نادانی۔
الجاهليّة: نادانی کی حالت۔ ملک عرب میں اسلام سے پہلے کی بت پرستی۔ جاہلیت کا اطلاق عرب کے ان احوال پر ہے جو اسلام سے پہلے تھے۔
الجَهُول: ناتجربہ کار جاہل۔ ج جُهَلاء.
المَجْهَل والمَجْهَلة: انکاری ہلانے کی لکڑی۔ کرچھی۔
المَجْهَلة: سبب نادانی۔
المَجْهَل: بغیر نشان کا جنگل۔ ج مَجَاهِل.
المَجاهل: نادانیاں۔ واحد جَهْل اور اسی سے ہے "إنّا لَنَصْفَحُ عَنْ مَجَاهِلِ قومِنا" ہم اپنی قوم کی نادانیوں سے درگزر کرتے ہیں (الفعل المجهول): فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ ناقة (مَجْهُولة): بے داغ والی اونٹنی۔
جَهُمَ (ک) جَهَامَةً وجُهُومَةً: ترش رو ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ صفت (جَهْم)
جَهَمَه وجَهِمَه (ف س) جَهْمًا وتَجَهَّمَهُ وتجَهَّمَ لَهُ: ترش روئی سے پیش آنا۔ کہا جاتا ہے "تَجَهَّمَهُ أمَلُهُ": جبکہ اپنی آرزو میں کامیاب نہ ہو۔
اَجْهَمَ. الجوُّ: بے بارش کے بادل والا ہونا۔
اِجْتَهَمَ: رات کی آخری چوتھائی کی ابتداء میں داخل ہونا یا چلنا۔
الجُهْمَة والجَهْمَة: رات کے آخری حصوں کی ابتداء۔ الجَهْمة: بڑی دیگ۔
الجَهْم والجَهُوم: عاجز وضعیف۔ الجَهْم: شیر۔
الجَهام: بے بارش کا بادل۔
الجَيْهُمان: زعفران۔
جَهَن (ن) جُهُونًا: قریب ہونا۔
الجَهْن: ترش روئی۔
جارية (جُهانة): نوجوان لڑکی۔
جَهَنَّم: دوزخ (غیر منصرف)
جَهِيَ (س) جَهًا. البيتُ: اُجاڑ ہونا۔ ویران ہونا۔ صفت (جاهٍ)
جَهّى. الجُرْح: کشادہ کرنا۔
جاهَى مُجَاهاةً. فلانًا: فخر میں مقابلہ کرنا۔
اَجْهَى اِجْهَاءً. الطريق: واضح ہونا ...... السماءُ: بادل کھل جانا ...... عليه: بخل کرنا ...... الطريقَ: واضح کرنا۔ البيتَ: بے پردہ بنانا۔ المرأة على زوجها: حاملہ نہ ہونا۔
الأجْهَى: گنجا ...... والمُجْهَى) من البيوت: بغیر چھت والا مکان۔ مؤنث جَهْوَاء. خِبَاء مُجْهٍ: بغیر پردے کا خیمہ۔ سَمَاءٌ جَهْوَاء: کھلا ہوا آسمان۔
جَابَ (ن) جَوْبًا وتَجْوَابًا. البلادَ: طے کرنا۔ جابَ الثوبَ جَوْبًا: کاٹنا۔ الصخرة: چٹان کو تراشنا۔
جَوَّبَ (ن) جَوْبًا وجَوَّبَ. الثوبَ: گریبان بنانا۔ جَوَّبَ الشيءَ: بیچ سے کاٹنا۔
جاوَبَهُ مُجَاوَبَةً: گفتگو کرنا۔ جواب دینا۔
اَجابَهُ إِجابَةً وإجابًا واَجابَ سؤالَه وعن سؤاله والى سؤاله: جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "اَجابَه الى حاجته": اس کی حاجت پوری کرنے کے لئے خوشی سے آگے بڑھا۔ واَجابَتِ الارضُ: اُگانا۔
تَجَاوَبُوا: ایک دوسرے کو جواب دینا۔ باہم گفتگو کرنا۔
اِنْجابَ. الثوبُ: پھٹنا ...... السَّحابةُ: کھل جانا۔
اِجْتابَ. البلادَ: طے کرنا ...... الصَّخْرَةَ: چٹان کو تراشنا ...... البئرَ: کھودنا ...... القميصَ: پہننا۔
اِسْتَجَابَهُ واِسْتَجَابَ لَهُ اِسْتِجَابَةً واسْتَجْوَبَهُ واِسْتَجْوَبَ لَهُ اِسْتِجْوَابًا: جواب دینا ...... اللّٰهُ فلانًا ولفلان ومن فلان: دعا قبول کرنا۔
الجُوب: مص۔ عورت کی قمیص۔ بڑا ڈول۔ انگیٹھی۔ ج اَجْوَاب (والمِجْوَب): ڈھال۔
الجَوْبة: گڑھا۔ گھروں کے درمیان خالی جگہ۔ ج جُوَب.
الجَوَاب: جواب۔ ج اَجْوِبَة وجَوَابات.
الجَابَة: قبولیت۔ کہا جاتا ہے "اَسَاءَ سَمْعًا فَاَسَاءَ جَابَةً" اس نے برے طریقے سے سنا اور برے طریقے سے قبول کیا۔
الجَوَّاب: بہت طے کرنے والا۔ حریری کا قول ہے "جَوَّابُ آفاقٍ تَرَامَتْ سَفْرَتُه"

آفاق کو طے کرنے والا ہے اس کا سفر اس کو پھینکتا رہتا ہے۔

الجِیْبَۃ: جواب کی کیفیت۔

الجَائب فا. جَائبُ العین: شیر۔

الجَائِبَۃ: پھیلنے والی خبر۔ کہا جاتا ہے "ھَل عندک من جائبۃ خبر": کیا تمہارے نزدیک کوئی ایسی خبر ہے جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہوتے ہوئے تمہارے پاس پہنچی ہو۔

المَجُوبَۃ: جواب۔

جُوت اَو قُنَّب کَلْکُوتا اَو قُنَّب هِنْدِی: جنوبی ایشیاء میں پائی جانے والی پٹ سن جس سے بوریاں بنائی جاتی ہیں اور رسیاں بٹی جاتی ہیں۔

المِجْوَب: ڈھال۔

المِجْوَاب: پھاڑنے والا آلہ۔

جَوِثَ (س) جَوَثًا: اوپر سے بڑے اور نیچے سے لٹکے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صف (اَجْوَث) مؤنث جَوْثَاء ج جُوْث.

الجَوْث والجَوْثَاء: بکری کا اوجھ۔

جَاحَ (ن) جَوْحًا: راہ راست سے ہٹ جانا۔ (جَاحَہ جَوْحًا وجِیَاحَۃً واَجَاحَہ واجْتَاحَہ): جڑ سے اُکھیڑنا۔ ہلاک کرنا۔

الجَائِحَۃ: بلا۔ ہلاکت۔ بڑی مصیبت۔

سنۃ جائحۃ: خشک سال۔ ج جَائحات وجَوَائح.

الاَجْوَح: کشادہ۔ مؤنث جَوْحاء ج جُوْح

الجَوْح: تربوز۔

الجَوْحَۃ: سختی ومصیبت۔

جَاخَ (ن) جَوْخًا وجُؤُوخًا. السیل الوادیَ: کناروں کو بہالے جانا۔ جَوَّخَہ: پچھاڑنا۔ اُکھیڑنا۔

تَجَوَّخَ: پچھاڑا جانا۔ اُکھیڑنا۔ تَجَوَّخَتِ البئرُ: گر جانا...... القرحۃُ: زخم کا پھٹنا اور بہہ پڑنا۔

الجُوْخ: اُون کا بُنا ہوا کپڑا۔ ج اَجْوَاخ.

الجُوْخَۃ: اُونی کپڑے کا ٹکڑا۔ گڑھا۔

جَادَ (ن) جَوْدَۃً وجُوْدَۃً: عمدہ ہونا۔ اچھا بنانا۔ (...... وجَوْدًا واَجْوَدَ) الفرسُ: تیز رفتار ہونا۔

جَادَہُ (ن) جَوْدًا: بخشش میں غالب ہونا ...... ہ الھوی: غالب ہونا۔ (...... جُوْدًا) علیہ: بخشش کرنا۔ صفت جَوَاد ...... بالمال: خرچ کرنا ...... بنفسہ: جان دینا۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی لَاُجَادُ الی لقائک" میں تمہاری ملاقات کا مشتاق ہوں۔ (...... جُؤُوْدًا وجُؤُوْدًا) العینُ: بہت آنسوؤں والی ہونا ...... المطرُ: بہت بارش ہونا۔ صفت (جَائد) ج جَوْد.

جِیْدَتِ الارضُ: زمین پر کثیر بارش ہونا۔

جِیْدَ الرَّجُلُ: ہلاکت کے قریب ہونا۔ پیاسا ہونا۔

جَوَّدَ الشیئَ: خوبصورت بنانا۔ عمدہ بنانا ...... فی عدوہ: تیز دوڑنا ...... القاریُٔ: فن تجوید کے لحاظ سے پڑھنا۔

جَاوَدَہُ مُجَاوَدَۃً: بخشش کرنے پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

اَجَادَ: اچھا بنانا ...... بالولد: فیاض بچہ کا باپ ہونا۔ اَجَادَہُ النقدَ: کھرے سکے دینا۔ (واَجْوَدَ) الشیئَ: عمدہ بنانا۔ اَجَادَ الرجلَ: قتل کرنا۔ اُجِیْدَتِ الارضُ: زمین پر کثیر بارش ہونا۔

تَجَوَّدَ: عمدہ چیز کا انتخاب کرنا ...... فی صنعتہ: صنعت میں عمدگی سے کام کرنا۔

تَجَاوَدَ القومُ: یہ دیکھنا کہ حجت کے لحاظ سے کون بہتر ہے۔ کہا جاتا ہے "ھم یَتَجَاوَدُوْنَ الحدیثَ": وہ دیکھتے ہیں کہ حدیث کے لحاظ سے کون بہتر ہے۔

اِسْتَجَادَہُ: عمدہ سمجھنا۔ اِسْتَجَادَ الامیرَ: بخشش طلب کرنا۔

الجَاد: باطل۔ کہا جاتا ہے "وقعوا فی ابی جاد" وہ لوگ باطل میں مبتلا ہو گئے۔

الجَوْد: بھوک۔

الجَوْد: مص۔ الجَوْد م المطر الجَوْد: بہت بارش۔

الجُوْدَۃ الجُوَادَۃ: پیاس۔

الجُوَاد: پیاس کا انتہائی مرتبہ جو باعث ہلاکت ہو۔

الجَیِّد: عمدہ۔ ج جِیَاد. و ج جِیَادَات وجَیَائِد. (جَیَائِد اصل میں جَیَاوِد ہے واؤ کو ہمزہ سے بدل لیا گیا ہے اور یہ شاذ ہے)

الجَوَاد: سخی (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے رجلٌ جَوَادٌ وامْرَاۃٌ جوادٌ. ج اَجْوَاد واَجَاوِدُ واَجَاوِیْد وجُوْد وجُوَدَۃ وجُوْدَاء. فرس جَوَاد: تیز رفتار گھوڑا۔ ج جِیَاد واَجْیَاد واَجَاوِیْد: کہا جاتا ہے "سِرْتُ اِلَیْہِ جَوَادًا" میں اس کی طرف دوڑتا ہوا چلا۔ "وسِرْنا عقبۃً جوادًا وعقبتَین جوادَین وعِقابًا جیادًا": ہم دور کی گھاٹی یا دو گھاٹی یا گھاٹیوں پر چلے۔

الجَوَّاد: بڑا فیاض۔

الاَجْوَد: اسم تفضیل۔ مؤنث جَوْدَاء: (خلاف قیاس) ج جُوْد واَجَاوِید.

الجَادِیّ: زعفران۔

التَّجْوِیْد. فی القرآۃ: قواعد فن قرأت کے مطابق پڑھنا۔

التَّجَاوِیْد: مفید بارشیں (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

رجلٌ اوشاعرٌ (مُجِیْد ومِجْوَاد): عمدہ کام کرنے والا مرد۔ جید اشعار کہنے والا شاعر۔

المَجُوْد: پیاسا۔ قریب بہلاکت۔

جَارَ (ن) جَوْرًا. عن الشیئ: ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "جَارَ عن الطریق" وہ راستہ سے ہٹ گیا ...... علیہ: ظلم کرنا۔ صفت (جَائر) ج جَوَرَۃ وجُوْرَۃ وجَارَۃ (جَوْرًا): فریادرسی چاہنا۔

جَوَّرَہُ: ظلم کی طرف منسوب کرنا۔ پچھاڑنا۔

جَوَّرَ البِنَاءَ: گرادینا۔

جَاوَرَ مُجَاوَرَۃً وجِوَارًا وجُوَارًا: پڑوس میں رہنا ...... المَسْجِدَ: اعتکاف کرنا۔

اجـــارۃ اِجـارۃ. من العذاب :بچانا۔ چھڑانا۔پناہ دینا۔۔۔۔۔فلانًا :فریادرسی کرنا۔ ہ عن کذا :ہٹادینا۔۔۔۔۔المتاع: حفاظت کے لئے برتن میں رکھنا۔
تَجوَّرَ. الرجلُ :پچھاڑا جانا۔۔۔۔۔علی الفراش: پہلو پر لیٹنا۔۔۔۔۔البناء :گرجانا۔کہا جاتا ہے"تجوّر خباءُ اللیل" یعنی تاریکی چھٹ گئی۔
تَجاوَرَ واجتَوَرَ. القومُ :ایک دوسرے کے پڑوس میں رہنا۔
اِستَجارَ. فلانًا وبه :فریادرسی چاہنا۔پناہ لینا۔اِستَجارہ مِنْ فُلانٍ :پناہ چاہنا۔
اِستَجوَرَہٗ :ظالم پانا۔
الجَوْر :بہت گہرا پانی۔
الجَوار :کسان۔
الجِوار :پڑوس۔کہا جاتا ہے"اَقَامَ فی جِـــوارہ"اس نے اس کے پڑوس میں اقامت کی۔امان و ذمہ داری۔کہا جاتا ہے "ھو فی جواری" :وہ میرے امن اور ذمہ داری میں ہے۔
الجَـار :پڑوسی۔پناہ دینے والا۔پناہ لینے والا۔جیران. وجِیرۃ و جوار واَجْوار و (جَارُ النهر) :نیلوفر کے مشابہ ایک قسم کی نباتات۔
الـــجَارۃ :پڑوسن۔بیوی۔سوکن۔ج جَارات الجَائِر :ظالم۔بڑا اول۔
الجَوْر :مص۔ظلم۔
الـجـوْرُ. من الغيث :بہت کڑک والی بارش۔مال جَوْرٌ :بہت مال۔بازلٌ جَوْرٌ :زور سے بلبلانے والا اونٹ۔
المُجَوَّر :گہرا۔
جَارُ النَّهر :پانی میں پیدا ہوئی بوٹی۔
جَوْرَبَهٗ :پائتابہ پہنانا۔
تَجَوْرَبَ :پائتابہ پہننا۔
الـــجَــوْرَب :پائتابہ۔ج جَـــوَارِب وجَوَارِبة:عوام الکلسة اور القلشینة کہتے ہیں۔

الجاوَرس :باجرہ۔
جَـازَ (ن) جَـوْزًا و جُـؤُوزًا و جَـوَازًا ومَجَازًا. المکانَ وبالمکان :چلنا۔۔۔۔۔المکانَ :گزرجانا۔۔۔۔۔البیع :بیع کا پورا ہونا (۔۔۔۔۔ جَوازًا) الامرُ :جائز ہونا۔کہا جاتا ہے "جازلہ ان یفعل کذا" اس کے لئے ایسا کرنا ممکن ہے۔۔۔۔۔الدرهمُ :رائج ہونا۔۔۔۔۔السهمُ الی الصَّید :شکار سے ہٹ کر نکل جانا۔۔۔۔۔عن الصَّید :شکار کو چھید کر نکل جانا۔
جَوَّزَ. الامر :جائز ٹھہرانا۔الحکمَ :جائز سمجھنا۔رایَهٗ :جاری کرنا۔۔۔۔۔الابلَ :آگے سے ہانکنا یہاں تک کہ سب گزر جائیں۔ الدراهمَ :رائج کرنا۔
جَاوَزَ. المکانَ :آگے بڑھ جانا۔۔۔۔۔عن الذنب :درگزر کرنا۔۔۔۔۔الرجلَ :اجازت دینا۔
اَجَازَ اِجازۃً. الشَّیءَ :جائز کرنا۔۔۔۔۔الرایَ: نافذ کرنا۔۔۔۔۔الرَّجُلَ: اجازت دینا۔اَجَازَہٗ بالف درهم :انعام دینا۔۔۔۔۔علی اسمه : نام کاٹھپا بنانا۔الموضعَ :آگے بڑھ جانا۔القاضی البَیعَ :نافذ کردینا۔اَجازَ العقبة : گھاٹی سے گزار دینا۔
تَجَوَّزَ. فی الامر :برداشت کرنا۔چشم پوشی کرنا۔فی الصلاۃ :اختصار کرنا۔فی کذا : تھوڑی چیز پر اکتفاء کرنا۔عنـه :چشم پوشی کرنا۔معاف کرنا۔فی الکلام :مجاز بولنا ۔۔۔۔۔الدراهمَ :کھوٹے قبول کر لینا۔
تَجَاوَزَ. عنه :چشم پوشی کرنا اور معاف کرنا۔فی الشیء :افراط کرنا۔
اِجتَازَ :چلنا۔بالمکان :گزرنا۔من مکان الی آخر :عبور کرنا۔
اِستَجَازَ اِستَجَازۃً :اجازت طلب کرنا۔۔۔۔۔الامرَ :جائز سمجھنا۔
الـــجَـائز :فا۔نافذ۔روا۔مباح۔دو دیواروں کے اوپر رکھی ہوئی لکڑی۔ج جـــوَائز وجُوزان وجِيزان واَجوُز واَجوِزۃ.

الـجـائزۃ. الجائز :کا مؤنث۔عطیہ۔انعام۔پانی کا ایک گھونٹ۔ج جَوائز.
جَوائز الاشعار والامثال :وہ اشعار یا کہاوت جو ایک شہر سے دوسرے شہر تک پھیل جائیں۔
الـــجَــوْز :مص۔اخروٹ کا درخت۔ اخروٹ۔واحد جوزۃ. الجَوزۃ :پانی کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔
جَوْزهِندِی :ناریل۔
جَـوْزُ. الشیء :چیز کا وسط اور اکثر حصہ۔کہا جاتا ہے"قطعوا اَجوازَ الفلاۃ"انہوں نے جنگل کا بڑا حصہ طے کر لیا۔"مضـــی جَوْزُ اللَّیل" رات کا بڑا حصہ گزر گیا۔ج اَجْوَاز.
الـجَوْزَاء :آسمان کے ایک برج کا نام کالی بکری جس کے وسط میں سفیدی ہو۔
الـجَوَاز :مص۔پروانہ راہداری۔عوام اس کو تذکرۃ السفر یا الباسابورط کہتے ہیں۔ج اَجْوِزَۃ. پانی کی اتنی مقدار جس کو مسافر اپنے ساتھ لے اور دو چشموں کے درمیان کافی ہو۔
الجُواز :پیاس۔
الـــجِیزَۃ :کنارہ۔گوشہ۔وادی کا کنارہ۔ پانی کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔ج جِیَز و جِیَز.
الاجـــازۃ :اذن۔اجازت۔۔۔۔۔عند المحدثین :روایت کی اجازت لفظاً یا کتابتاً۔
الاجـــازۃُ :اللَّیسانس :سند۔بی اے (گریجویشن) کی سند۔محدثین کے نزدیک حدیث کو زبانی یا تحریری روایت کرنے کی اجازت۔
التـــجُواز :ایک قسم کی منقش چادر۔ج تجاویز.
المَجاز :لفظ جو اپنے موضوع لہ کے علاوہ کسی دوسرے معنی میں کسی مناسبت سے استعمال کیا

ا جائے۔(......والمَجازۃ): راستہ۔مَجازۃ
النهر : پل۔المَجازۃ : بہت اخروٹ والی
زمین۔کہا جاتا ہے "ارض مجازۃ".
جَوْزُ القَوْعَل: مندی کھجور کی ایک قسم۔
جَوْزَۃُ العُنُق : گردن کے شروع میں ایک
زخم ابھرا ہوا۔
المُجِیْز : فا۔ولی۔اُمورِ یتیم کا منتظم۔غلام
جس کو تجارت کی اجازت دی گئی ہو۔
مِجْوَز: دو کانوں والا آلہ موسیقی۔
جَاسَ (ن) جَوْسًا واجْتَاسَ اِجْتِیَاسًا.
الشَّیْئَ : بہت انہماک سے تلاش کرنا۔
(......جَوْسًا وجَوَسَانًا)القومَ بین البیوت
والـدور : گھروں کے درمیان فساد مچا دینا
اور ان کے اندر مال متاع کو ڈھونڈنا۔
جَاسَاہ : دشمنی کرنا۔
الجَوَّاس : قوم کے درمیان فساد مچانے والا
شیر۔
جَوْسَۃُ النَّاظِر : ٹکٹکی۔
الجَوْسَق : محل۔ج جَوَاسِق وجَوَاسِیْق.
جَاشَ (ن) جَوْشًا : پوری رات چلنا۔
تَجَوَّشَ اللیلُ : کچھ حصہ گزر جانا......فی
الارض : داخل ہونا۔
الجَوْش : مص۔سینہ۔کہا جاتا ہے "مضی
جوش من اللیل" : رات کا اگلا حصہ یا کچھ
حصہ گزر گیا۔
الجَوْشَن : سینہ۔زرہ......من اللیل : رات
کا وسط یا ابتدائی حصہ۔ج جَوَاشِن.
جَاظَ (ن) جَوْظًا وجَوَظَانًا : تکبر سے
چلنا۔
جَوَّظَ : زچ ہونا بے صبر ہونا۔(وتَجَوَّظَ) :
کوشش کرنا۔
الجُوَاظ : تنگ دلی۔بے صبری۔
الجَوَّاظ : تکبر سے چلنے والا۔اجڈ۔بہت
کھانے والا۔
الجَوَّاظَۃ : بمعنی جوّاظ: تا مبالغہ کے لئے
ہے۔
جَاعَ (ن) جَوْعًا ومَجَاعَۃً : بھوکا ہونا۔

صفت (جَائِع وجَوْعَانُ) مؤنث جَائِعَۃ
وجَوْعَی ج جِیَاع وجُوَّع...... الیہ :
مشتاق ہونا۔
جَوَّعَہُ تَجْوِیْعًا واَجَاعَہُ اِجَاعَۃً : بھوکا
رکھنا۔خوراک روکنا۔کہا جاتا ہے "اَجَاعَ
قِدرَہ" اس نے اس کی ہانڈی کو نہیں بھرا۔
تَجَوَّعَ : بتکلف بھوکا بننا۔
اِسْتَجَاعَ اِسْتِجَاعَۃً : ہر وقت کچھ نہ کچھ
کھاتے رہنا۔کسی چیز کو کھانا اور سیر نہ ہونا۔
الجُوْع والمَجَاعَۃ : بھوک۔الجُوْعُ
الکَلْبِی اوالجُوْعُ البَقَرِی : معدہ کی ایک
بیماری کا نام جس میں آدمی شکم سیر نہیں ہوتا
اور اگر ہو جاتا ہے تو جلدی بھوک لگ جاتی
ہے اور کہا جاتا ہے "عَامُ مَجَاعَۃ
او مَجْوَعَۃ" : بھوک کا سال۔ج مَجَاوِع.
الجَوْعَۃ: اسم مرۃ۔قبیلہ کا خالی ہونا۔
جَوِفَ جَوَفًا : کھوکھلا ہونا۔
جَافَہُ (ن) جَوْفًا : گہرا کرنا......ہ بالطعنۃ
: جوف میں نیزہ مارنا۔
اَجَافَہُ الطَّعْنَۃَ وبالطَّعْنَۃ : جوف میں نیزہ
مارنا......البابَ : بھیڑ دینا۔
جَوَّفَہ : کھوکھلا کرنا۔گہرا کرنا۔جوف میں
سے سب کچھ نکال لینا۔
تَجَوَّفَ : کھوکھلا کرنا۔(تَجَوَّفَہ واجْتَافَہ)
جوف میں داخل ہونا۔کہا جاتا ہے "اِجْتَافَ
الوحشی کناسہ وتجوّفہ" وحشی جانور
اپنے بھٹ میں داخل ہو گیا۔
اِسْتَجَافَ واسْتَجْوَفَ اِسْتِجَافَۃً. الشَّیْئُ :
کشادہ ہونا۔الشَّیْئَ : کھوکھلا پانا۔
الجَوْف : مص۔پیٹ......من البیت :
اندرونی حصہ۔ج اَجْوَاف.
الجَوَف : مص۔کشادگی۔
الجَائِف : فا۔جوف تک پہنچنے والی چیز۔
مؤنث جَائِفَہ۔ الجَائِفَۃ : نیزہ کی مار جو
جوف تک پہنچے۔ج جَوَائِف.
الاَجْوَف: کھوکھلا۔کشادہ جوف والا۔مؤنث
جَوْفَاء ج جُوْف. "الجَوْفَاء من الدِلَاء" :

کشادہ ڈول......من القضاء او المشجر :
اندر سے کھوکھلا۔الفعل الاجوف : وہ فعل
جس کا عین کلمہ حرف علت ہو۔جیسے قال، باع.
خافٌ اَجْوَف : بڑا شیر۔
المَجْوُف : بڑے جوف والا۔
المُجَوَّف : کھوکھلا۔رجل (مُجَوَّف
واَجْوَف ومَجْوُف) : بزدل۔
المُسْتَجَاف : کشادہ جوف والا۔
الجُوَاف : ایک قسم کی مچھلی۔
جَوْفَل : اشخاص یا اشیاء کو بذریعہ طیارہ منتقل
کرنا۔
جَوِق (س) جَوَقًا. الوجہ : ٹیڑھے منہ
والا ہونا۔صفت (اَجْوَق وجَوِق) مؤنث
جَوْقَا ج جُوْق.
جَوَّقَ. القوم : جمع کرنا......علیہ : شور
مچانا۔
تَجَوَّقُوْا : اکٹھا ہونا۔
الجَوْق ج اَجْوَاق و(الجَوْقَۃ) : لوگوں کی
جماعت۔
الاَجْوَق : موٹی گردن والا۔اَجْوَق الفکّ
: جھکے ہوئے جبڑے والا۔
المُجَوَّق : ٹیڑھے جبڑوں والا۔
جَالَ (ن) جَوْلًا وجَوَلًا وجُؤُوْلًا
وجَوَلَانًا وجِیْلَانًا وجَوَّلَ تَجْوَالًا. فی
المکان : چکر لگانا۔گھومنا۔جَالَ الشَّیْئَ :
پسند کرنا۔جَالَ القَوْمُ جَوْلَۃً : شکست کھانے
کے بعد حملہ کرنا۔جَوَّلَ الاَرْضَ : زمین میں
بہت چکر لگانا۔
جَاوَلَہُ مُجَاوَلَۃً : ایک دوسرے کو دھتکارنا۔
ایک دوسرے کو ہٹانا۔
اَجَالَ. الشَّیْئَ وب الشَّیْئِ : گھمانا۔
السیفَ: تلوار سے کھیلنا اور ادھر ادھر گھمانا۔
تَجَاوَلَ. القومُ فی الحربِ : ایک دوسرے
کے مقابلہ میں چکر لگانا۔
اِجْتَالَ اِجْتِیَالًا : گھومنا......القومَ: ارادہ
سے پھیر دینا......منہم جَوْلًا : پسند کرنا......
اَمْوَالَهُم : لے جانا۔

اِنجَال. الغبارُ: بلند ہونا اور پھیلنا۔
اِسْتِجَال اِسْتِجَالَةً. امواً لهم۔ لے جانا۔
اَلْجَوْل :مص۔گھوڑوں یا چوپایوں کا گلہ۔ رسّی ج اَجْوَال (...... والجَوْل) :مٹی جس کو ہوا سطح زمین پر ادھر اُدھر کرے۔
الجَال والجُوْل :قبر یا کنوئیں کی دیوار پہاڑ کا پہلو۔جُوْلُ القبر :قبر کا اردگرد۔کہا جاتا ہے"مالہ جَالٌ او جُوْلٌ"اس کا پختہ ارادہ نہیں ج جِوَال وجُوَال وجِوَالَة وجُوَالَة واَجْوَال.
الجُوَالَة. من الشئ :چیز کا بہتر حصہ۔
الجَوْلَان والجُوْلَان :مٹی جس کو ہوا ادھر اُدھر کرے۔
الجَوَلَان :مص۔مال کا چھوٹا اور ردی حصہ
جَوْلَانُ الهُمُوم: غم کی ابتداء۔
الجَوَّال والجَوَّالَة :بہت چکر لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "هو جَوَّالَة جوّابة" وہ بہت زیادہ چکر لگانے والا ہے اور مقامات کو طے کرنے والا ہے۔
الاَجْوَل :اسم تفضیل۔یوم اَجْوَل: بہت غبار کا دن۔
الاَجْوَلِيُّ :بہت چکر لگانے والا گھوڑا۔
المَجَال: چکر لگانے کی جگہ۔
المِجْوَل: ڈھال۔پازیب۔تعویذ۔ہار میں چاندی کا ہلال۔ کرتی۔ گورخر۔ چاندی۔لکڑی کا بڑا پیالہ۔تالاب۔
المُسْتَجِيل :بے وقوف۔
جَامَ (ن) جَوْمًا: اچھی یا بری چیز کا طلب کرنا۔
الجَام :پیالہ۔ج جَامَات و اَجْوَام واَجْوُم وجُوم.
الجُوَيْمَة: جام کی تصغیر۔
جَانَ (ن) جَوْنًا: کالا ہونا۔
تَجَوَّن. باب العروس: دلہن کے دروازہ پر سفیدی پھیرنا۔باب الميت :سیاہ کرنا۔
الجَوْن :مص۔سفید۔سیاہ۔سرخ خالص سبزی جس کی سبزی سیاہی مائل ہو۔دن میں
الخيل والابل :بہت کالا۔ج جُوْن.
الجَوْنَة :غروب کے وقت کا آفتاب۔ تارکول ملا ہوا مٹکا۔کوئلہ۔
الجُوْنَة :چمڑے سے منڈھی ہوئی ٹوکری۔ ج جُوَن.
الجَوْنَاء :آفتاب۔ہانڈی۔سیاہ اونٹنی۔
الجُوْنِيُّ :قطا پرندہ کی ایک قسم جس کا سینہ اور بازو کالا ہوتا ہے۔
جَاهَ (ن) جَوْهًا. الرجل بالمكروه: ناپسند طریقہ سے پیش آنا۔
جَوَّهَهُ تَجْوِيهًا واَجَاهَهُ اِجَاهَةً :صاحب مرتبہ بنانا۔
تَجَوَّهَ :بڑا ہونا۔بتکلف بڑا بننا۔
الجَاه والجَاهَة :قدر۔شرف۔ بلندی۔مرتبہ۔
الجَوْهَر :وہ چیز جو قائم بالذات ہو اور محل کا محتاج نہ ہو۔اس معنی میں یہ عرض کا مقابل ہے۔ ہر وہ پتھر جس سے مفید چیز نکالی جائے۔واحد(جَوْهَرَة) ج جَوَاهِر.
جوهر الشئ: چیز کی اصلیت۔جوهر السيف: تلوار کا جوہر۔الجوهر الفرد :وہ چیز جو قابل انقسام نہ ہو۔الجواهر العلوية: افلاک۔ستارے۔ارواح۔
الجَوْهَرِيُّ :جوہر کی جانب منسوب۔لازم و ضروری۔اس معنی کے لحاظ سے اس کا مقابل عرضی ہے۔جوہر کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
جَوَّى تَجْوِيَةً. السِقَاءَ :مشک میں پیوند لگانا۔
الجَوّ :آسمان وزمین کا درمیانی حصہ۔کشادہ وادی۔کشادہ میدان۔جَوُّ البَيْت :گھر کا اندرونی حصہ جَوُّ الماء :زمین کا وہ حصہ جو پانی کے لئے کھودا جائے۔جَوُّ كُلِّ شَيْءٍ: اندرونی حصہ۔ج جِوَاء واَجْوَاء.
الجَوَّانِيُّ. جَوّ کی جانب منسوب۔اس کا نقیض بَرَّانِي ہے۔دیکھئے لفظ بَرَّانِي.
الجُوَّة :مشک کا پیوند۔زمین کا سخت ٹکڑا۔ پہاڑ وغیرہ کا گڑھا۔لوہے کا زنگ۔گندم
گوں رنگ۔
جَوِيَ (س) جَوًى :عشق یا غم کی وجہ سے جلن لاحق ہونا......الماءُ :بدبودار ہونا۔
الشَئُ :ناپسند کرنا۔جَوِيَتْ نفسه من البلد وعن البلد: ناموافق ہونا۔
جَاوَى مُجَاوَاة. بالابل :پانی پر بلانا۔
اِجْتَوَى. البَلَد :اقامت ناپسند کرنا۔
(واِسْتَجْوَى) الطعامَ: ناپسند کرنا۔
الجَوَى :مص۔غم یا عشق کی وجہ سے سوزشِ سینہ کا ایک مرض۔مرض کی طوالت۔مبتلائے سوزشِ عشق۔
الجِوَاء :کشادہ وادی۔زمین کا اندرونی حصہ۔چرواہے کا تھیلا۔وہ چیز جس پر ہانڈی رکھی جائے۔
الجَوِي :بدبودار۔عاشق۔مبتلائے سوزشِ عشق۔
الجَوِيُّ: تنگ دل......مؤنث جَوِيَّة.
الجِيَّة :پانی وغیرہ جبکہ بدبودار ہو جائے۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ج جِيّ.
جَاءَ يَجِيء ويَجُوءُ مَجِيئًا ومَجِيئَةً وجَيْئًا وجَيْئَةً :آنا۔به :لانا۔جَاءَهُ و جَاءَ اليه : آنا۔الشَئَ: کرنا۔صفت (جَاءٍ) مؤنث جَائِيَة.
جَاءَنِي وجَايَأَنِي فَجِئْتُهُ :کثرتِ آمد میں مقابلہ کرنا۔
اَجَاءَهُ :لانا۔آنے کو لازم وضروری ٹھہرانا۔
اَلْجِيئَة :مص۔ایک مرتبہ کی آمد۔پیپ و خون۔ٹکڑا جس سے جوتہ میں پیوند لگایا جائے۔
اَلْجَيْئَة :آنا۔ج جَيْئَات.
جَابَ (ض) جَيْبًا. البلادَ :طے کرنا۔ القميصَ :گریبان بنانا۔
جَيَّبَ. القميصَ :گریبان بنانا۔
الجَيْب. من القميص :گریبان۔دل و سینہ۔کہا جاتا ہے "نَاصِحُ الجَيْب" امین و صادق جَيْبُ الارض :زمین میں داخل ہونے کی جگہ۔ج جُيُوب.

الجَیبُ والجَیبَة. عند العوام : تھیلی۔ پاکٹ۔ج جِیاب.
جَاخ یَجِیخُ جَیخًا. السیلُ الوادی : کناروں کو بہالے جانا۔
جَادو جَیدَیَجادُ جَیدًا : خوبصورت اور لمبی گردن والا ہونا۔صفت (اَجْیَد) مؤنث جَیداء وجَیدَانة.ج جُود اور کبھی جَید : گردن کی صفت میں بھی واقع ہوتا ہے۔کہا جاتا ہے "عنق اُجید".
الجِید: گردن۔ج اَجیَاد وجُیُود.
جَیَّر. الحوضَ: گچ کرنا۔
جَیرِ :حرفِ ایجاب بمعنی نعم: یعنی ہاں۔
الجِیر : گچ۔
الجَیَّار : بے بجھا چونہ۔(...... والجائر) : غصہ یا بھوک کی وجہ سے سینہ کی سوزش۔
حوض (مُجَیَّر): گچ کیا ہوا حوض۔گہرا حوض۔
جَاشَتْ (ض) جَیشًا وجَیشانًا وجُیُوشًا. القِدْرُ : اُبلنا......البحرُ : جوش مارنا......الصدرُ: غصہ سے جوش میں آنا۔

الحربُ بَینَهُم : گھمسان کی جنگ شروع ہونا۔العینُ : آنسو بہانا۔الوادی : موج مارنا۔المیزابُ : پرنالہ کا خوب اچھی طرح بہہ پڑنا۔النفسُ: جی متلانا۔نفسُ الجبان: بھاگنے کا ارادہ کرنا۔
جَیَّشَ. الجُیُوشَ : فوجوں کو جمع کرنا۔
تَجَیَّشَ. القومُ : اکٹھا ہونا۔تَجَیَّشَتْ نفسهٗ : جی متلانا۔
اِستَجَاشَ. الجَیشَ : جمع کرنا۔الامیرَ: امیر سے مدد اور لشکر طلب کرنا۔القومَ: مدد دینے پر برانگیختہ کرنا۔
الجَائشة : نفس۔
الجَیشَة. جاش : کا اسم مرة ۔ج جَیشَات.
الجَیش : مص۔لشکر۔ج جُیوش
الجَیش: ایک قسم کی لمبی نباتات کا نام ہے۔
الجَیَّاش : متحرک ومضطرب۔
جَاضَ (ض) جَیضًا وجَیَضًا تَجْیِیضًا عنه: منحرف ہونا۔ہٹ جانا۔
جَائضَهٗ : فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

الجَیضَةُ : دائیں بائیں جھکاؤ۔
الجِیَضُ والجِیَضَی :تکبر وغرور کی چال۔
جَاظ (ض) جَیظَانًا : چلنے میں تکبر کرنا۔صفت(جَیَّاظ) بحمله : بوجھل چلنا۔
الجَیعَر :بجو۔
الجَیعَم : بھوکا۔
جَافَت (ض) جَیفًا وجَیَفت وتَجَیَّفَت واجْتَافَت وانْجَافَت. الجثَّه :بدبودار ہونا۔
الجِیفَة:میت کا بدبودار جثہ۔ج جِیَف واَجْیَاف.
الجَیفَر : قوی شیر۔
جَیفَل : نام ماہ ذی القعدہ۔
الجِیل :لوگوں کا ایک گروہ۔صدی۔ایک زمانہ کے لوگ۔ج اَجیَال وجِیلان.
الجَیلَم: چاند۔
الجَیهَر :ایک قسم کی مکھی۔
الجَیهَل والجَیهَلَة :انگارہ ہلانے کی لکڑی۔کریلی۔صَفَاة جَیهَل :بڑا پتھر۔
اَلجَودِیزِیَّة :(یونانی لفظ)زمین کی پیائش کا علم۔اَلجِیُولُوجیَا: زمین کے طبقات اس کی طبعی ماہیت کے اسباب کا علم۔(جیالوجی)

ح

ح : الحا : بنیادی حروف میں سے چھٹا حرف ہے۔ یہ حروفِ حلق میں سے ہے۔

حَبَّهٗ (ض) حُبًّا وحِبًّا ...... الشَّیْئَ: رغبت کرنا۔

حَبَّ (س) حَبُبَ (ک) الیہ: محبوب ہونا۔

حَبَّبَـهٗ. الشَّیَٔ: محبوب بنانا اور کہا جاتا ہے "حَبَّبَنِی اِیَّاہ" اس نے مجھ کو اس کا محبوب بنایا۔ حَبَّبَ الْقِربَةَ: بھرنا (حَبَّبَ واَحَبَّ) الزرعُ: دانے دار ہونا۔

حَابَّـهٗ مُحَابَّةً وحِبَابًا: باہم محبت کرنا۔ محبت ظاہر کرنا۔

اَحَبَّـهٗ: محبت کرنا۔ یہ سب سے زیادہ مستعمل ہے۔ صفت فاعلی۔ (مُحِبّ) اور صفت مفعولی (مَحْبُوبٌ ومُحَبٌّ)

تَحَبَّبَ. الیہ: محبت و دوستی ظاہر کرنا۔ تَحَبَّبَ مِنَ الشَّرَابِ: بھرنے سے مٹکے کی مانند پھول جانا۔

تَحَابَّ. القومُ: ایک دوسرے سے محبت کرنا۔

اِسْتَحَبَّهٗ: محبت کرنا۔ اچھا سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَبَّ الکفرَ علی الایمان" اس نے کفر کو ایمان پر فضیلت دی۔

الحَبُّ ج حُبُوب وحُبَّان: دانہ۔ واحد (حَبَّة) ج حَبَّات. حَبُّ الغمام: اولے۔ حبة القلب: دل کا دانہ یا روح۔ الحَبَّة: دو (۲) جو کے برابر ایک وزن کا نام۔ دینار کا سولہواں حصہ۔

الحَبَّة الخَضْرَاء: بُن: (ایک دوا کا نام)

الحَبَّةُ السَّوْدَاء: کلونجی۔

المَحَبَّةُ: مرغوب چیز کی طرف طبیعت کا میلان۔

الحِبُّ: مص۔ دوست۔ عاشق۔ محبوب۔ ج اَحْبَاب وحِبَّان وحِبَبَة وحُبٌّ وحُبُوبٌ.

الحُبُّ: مص۔ بڑا گھڑا یا مٹکا۔ ج حِبَاب وحِبَبَة واَحْبَاب.

الحُبَّة: انگور کا بیج۔ معشوق۔ معشوقہ۔ ج حُبَب: کہا جاتا ہے "هذا حُبَّتُک" یہ وہ چیز ہے جس کا مل جانا تمہیں محبوب ہے۔ "و نعم وحُبَّةٍ وکَرَامَةٌ" جیسا کہ کہا جاتا ہے "حُبًّا و کَرَامَةً".

الحَبَب: دانتوں کی ہمواری۔ (...... والحَبَاب) بلبلہ۔ حَبَبُ الماءَ او الرمل وحِبَبُهٗ: پانی یا ریت کا بڑا حصہ۔

الحَبَاب: انتہا۔ کہا جاتا ہے "حَبَابک ان تفعل کذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحُبَاب: دوستی۔ محبت۔ محبوب۔ سانپ۔ اُمّ حباب: دنیا۔

الحُبَابَة: ایک قسم کا سیاہ آبی کیڑا۔ ج حُبَاب.

الحَبِيب: عاشق۔ معشوق۔ ج اَحِبَّة.

الحَبَّاب. حب: کا اسم مبالغہ: گھڑوں اور مٹکوں کا بنانے والا۔ یا بیچنے والا۔

المُحِبُّ: فا۔ کہا جاتا ہے "اِمرأة محبّة لزوجها ومُحِب لهٗ".

حَبَحَه (ض) حَبْحًا. بالعصاء: لاٹھی سے مارنا۔ (...... واَحْبَجَ) الامرُ: اچانک ظاہر ہونا۔ قریب ہونا۔ ظاہر ہونا۔

حَبِجَ (س) حَبَجًا وحَبَجَ (ف) حُبَاجًا: سوجے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حَبِجٌ)

الحَبَج: مص۔ پھنسیاں جو سدہ کی شکل میں ہو جائیں۔ اونٹ کی کمر کا داغ۔

الحَبَجَج: لوگوں کا گروہ۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔

حَبْحَبَ حَبْحَبَةً. الماءُ: پانی کا آہستہ بہنا ...... النارُ: آگ جھڑکنا۔

الحَبْحَاب: پست قد۔ بدنما۔ بدشکل۔ حباحِب.

الحُبَاحِب واُمُّ حُبَاحِبُ: جگنو۔ وہ چیز جو جگنو کی دم میں آگ کی مانند دکھائی دے اور اسی سے نَارُ الحُبَاحِب ہے جس کو ضعف و کمزوری میں بطور مثل کے استعمال کرتے ہیں۔ نَارُ الحُبَاحِب: چنگاری جو گھوڑے کے سم سے پتھر وغیرہ پر ٹھوکر لگنے سے نکلے۔

المُحَبْحَب: بدغذا۔

الحَبْحَبَة: تربوز۔ ج حَبْحَب.

حَبَّذَا. حَبَّ: اور ذَا: اسم اشارہ سے مرکب کلمہ ہے جو مدح کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور ہر صورت میں یہی صیغہ بولا جاتا ہے۔ (حَبَّذَهٗ) کسی سے "حبذا" کہنا۔

حَبَّ: بیج بطور دوا احکماء کا چھوٹی سی گولی بنانا۔

حب الضمام: او لا الحبة السودا: شونیز یعنی کلونجی۔ الحبة الخضراء: بن کا پھل۔

حَبَرَ (ن) حَبْرًا. الشَّیْئَ: مزین کرنا۔ منقش کرنا۔

حَبَرَہٗ (ن) حَبْرًا و حَبْرَۃً و اَحْبَرَہٗ: خوش کرنا۔ اَحْبَرَتِ الاَرْضُ: پیداوار کا زیادہ ہونا۔
حَبِرَ (س) حُبُوْرًا و حَبَرًا: خوش ہونا۔ (......حَبَرًا) الجرحُ: زخم کا اچھا ہونا اور کچھ اثر باقی رہنا......الاسنانُ: زرد ہونا...... الارضُ: پیداوار کا زیادہ ہونا۔
حَبَّرَ۔ الدوَاۃَ: روشنائی ڈالنا...... الکلامَ او الخط او الشعرَ: عمدہ بنانا۔
حُبِرَ: پسوؤں کے کاٹے کا نشان والا ہونا۔
تَحَبَّرَ: مزین ہونا۔ عمدہ ہونا۔ السحابُ: ظاہر ہونا اور پھیلنا۔
الحَبْر و الحِبْرُ: نیک عالم۔ خوش و نعمت۔
الحَبْر الاعظم: پوپ۔ یہودیوں کے نزدیک کاہنوں کا سردار۔ ج اَحْبَار و حُبُور۔ الحِبْر: روشنائی خوبصورتی۔ نقش و نگار۔ دانتوں کی زردی ج حُبُور کہا جاتا ہے "فلان حسن الحِبر و السِبر" یعنی فلاں خوبصورت اچھی ہیئت والا ہے۔ "و فلان لیس لہ حبر" یعنی فلاں کا کوئی مثیل و نظیر نہیں "و ذھب حِبْرُہٗ و سِبْرُہٗ" یعنی اس کی رونق و ہیئت جاتی رہی۔
الحَبَر: مص۔ اثر۔
الحِبْرَۃ۔ مثلثۃ الحاء: دانتوں کی زردی۔
الحَبِرَۃ و الحِبَرَۃ: ایک قسم کی یمنی چادر۔ ج حَبِرات و حِبَرات و حِبَر۔
الحَبْرَۃ: خوشی۔ نعمت۔ ہر عمدہ راگ۔
الحِبَر و الحَبِیْر۔ من الثیاب: نیا و نرم منقش چادر۔ حَبِیر کی جمع حُبُر ہے۔
الحَبَار ج حَبَارَات و (الحِبَر) ج حُبُوْر: داغ۔ نشان۔ اثر۔ کہا جاتا ہے "بجلدہٖ حَبَارُ الضَّرْبِ" اس کی کھال میں مار کا اثر ہے۔ "و فِی یَدِہٖ حَبَارُ العَمَلِ" اس کے ہاتھ میں کام کرنے کا اثر ہے۔
المِحْبَرَۃ و المَحْبَرَۃ و المَحْبُرَۃ: دوات۔ ج مَحَابِر۔
الحَبُوْرَۃ: امامت۔

الحَابُوْر: بدکاروں کی مجلس۔
الحُبَارٰی: سرخاب۔ ج حُبَارَیَات۔
الحَبُوْر و الحُبُرُوْر و الحِبْرِیْر: سرخاب کا بچہ۔ ج حَبَارِیْر۔ کذب (حِبْرِیت) خالص جھوٹ۔
حَبَسَہٗ (ض) حَبْسًا و مَحْبِسًا: قید کرنا...... عن الشیءِ: روکنا...... الشیءَ: پورے طریقے سے حفاظت کرنا...... الشیءَ بالشیءِ: ڈھانپنا یا احاطہ کرنا۔ المالَ علیٰ کذا: وقف کرنا۔
اَحْبَسَ و حَبَّسَ۔ المالَ: اللہ کے راستہ میں وقف کرنا۔
حَابَسَہٗ مُحَابَسَۃً: روک رکھنا۔
تَحَبَّسَ و احْتَبَسَ۔ فی الکلام: رک جانا...... علیٰ کذا: محدود رکھنا۔ احْتَبَسَہٗ: روک رکھنا (لازم و متعدی) اِحْتَبَسَ الرجلَ: قیدی بنانا۔
المَحْبِس ج حُبُوس و (المَحْبَس) ج مَحَابِس: قید خانہ۔
المِحْبَس: پلنگ پوش۔ وہ لکڑی یا پتھر جو پانی کے بہاؤ کے روکنے کے لئے رکھا جائے ج اَحْبَاس۔
الحُبُس: واحد حَابِس (و الحُبْس) واحد حَبُوْس: یا حَبِیْس: پیادے۔ وقف شدہ چیز۔
الحُبْسَۃ: گفتگو کرنے میں دشواری۔
الحَابِسَۃ۔ الحَابِس: کا مؤنث۔ اونٹ جو شریف النسل ہونے کی وجہ سے گھر ہی میں باندھ کر رکھے جائیں۔
الحَبَائِس: اونٹ جو شریف النسل ہونے کی وجہ سے گھر ہی میں باندھ کر رکھے جائیں۔ امور خیر میں وقف شدہ چیز (حَبِیسۃ) کی جمع ہے۔
الحَبِیْس: قیدی...... من الخیل: جہاد کے لئے وقف شدہ گھوڑا۔ ج حُبُس: دنیا سے بے تعلق آدمی۔ ج حُبَسَاء۔
المَحْبَسَۃ: قید خانہ۔ عابدوں زاہدوں کے رہنے کی جگہ۔ ج مَحَابِس۔

حَبَشَ (ن) حَبْشًا و حُبَاشَۃً حَبَّشَ و احْتَبَشَ۔ الشیءَ: جمع کرنا۔
اَحْبَشَتْ۔ المرأۃُ: حبشی بچہ جننا۔
تَحَبَّشَ۔ القومُ: اکٹھا ہونا۔
الحُبَاشَۃ ج حُبَاشَات و (الاُحْبُوش) و الاُحْبُوشَۃ ج اَحَابِیش: مختلف قبیلوں کے لوگ۔
الحَبَش و الحَبَشَہ: ملک حبش کا باشندہ واحد (حَبَشِی) ج حُبْشَان۔ الحَبَشَۃ: ملک حبش جس کو آج کل ابی سینیا کہتے ہیں۔
الحُبْشِیَّۃ: سخت کالا اونٹ۔ سیاہ رنگ کی بڑی چیونٹی۔
الحُبَاشِیَۃ: عقاب۔
الاَحْبَش: حبشی۔ ج اَحَابِش۔
الحُبْشَان: ٹڈی کی ایک قسم۔
حَبَضَ (ض) حَبْضًا و حَبِضَ (س) حَبَضًا۔ القلبُ: دل کا سخت دھڑکنے کے بعد ساکن ہونا۔ الرجلُ: مرنا...... السَّھْمُ: تیر۔ تیر کا پھینکنے والے کے سامنے ہی گرنا اور سیدھا نہ جانا۔ "فلانٌ بالوتر" آواز نکلنے کے لئے حرکت دینا۔
حَبَضَ (ن ض) حُبُوْضًا۔ ماء البئر: کم ہونا...... حقّہ: باطل ہونا...... السھمُ: تیر کا پھینکنے والے کے سامنے ہی گرنا اور سیدھا نہ جانا...... الغلامُ: لوگوں کے نیک گمان کے خلاف ہونا۔
اَحْبَضَ۔ حقّہٗ: باطل کرنا...... البئرَ: پانی ختم کرنا۔
الحَبَض: مص۔ رگ کی تیز حرکت۔ کہا جاتا ہے "ما بہ حبض و لا نبض" یعنی اس کے اندر حرکت نہیں۔
المِحْبَض: دھنیا کی کمان۔ شہد نکالنے کی لکڑی ج مَحَابِض و مَحَابِیض۔
رجلٌ (حَابِض و حَبَّاض) کنجوس۔ بخیل۔
حَبِطَ (س) حَبْطًا و حُبُوْطًا۔ عملُہٗ: بیکار ہونا۔ خراب ہونا۔ برباد ہونا (و اَحْبَطَ) ماءُ

البئر: ہمیشہ کے لئے گم ہو جانا۔
حَبِطَ دمُ القتیل: بیکار جانا۔ حَبِطَ البَعِیرُ
حَبَطًا: خندقوق نامی ایک قسم کی نباتات کے
کھانے سے پیٹ پھولنا۔ صفت (حَبِط) ج
حَباطٰی اور اس بیماری کا نام حُباط ہے۔
اَحْبَطَ عملَه: بے کار و باطل کرنا۔ اَحْبَطَ
الضَّرْبُ زیدًا: نشان چھوڑنا۔ اَحْبَطَ عنه:
روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تعلّق به ثم
اَحْبَطَ عنه" اس کا تعلق اس سے ہوا پھر اس
نے روگردانی کی۔
الحَبَطُ: مص۔ زخم کا نشان۔ مار کی وجہ سے
بدمی۔ مار کی وجہ سے آماس۔
الحَبَنْطِی: موٹا و پست قد۔ غصے میں بھرا
ہوا۔
حَبَقَهٗ (ض) حبقا: مارنا۔
حَبَقَ (ض) حَبْقًا و حُبَاقًا۔ العنزُ:
گوز کرنا۔ (اس کا اکثر استعمال بکری اور
اونٹ کے لئے ہے۔)
حَبَّقَ المتاعَ: جمع کرنا۔
اَحْبَقَ: تابعدار ہونا۔
حَبَقُوا و تَحابَقُوا علَیهِ: جہالت سے کام
لینا۔
الحَبَقُ: پودینہ۔ واحد حَبَقَة۔ حَبَقُ الماءِ،
نهری نعنع۔ حبق البقر: بابونہ۔ حَبَقُ
الفتی او الفیل: دونا مروا۔
الحُبُقُ والحُبُقَة: کم عقل۔ کہا جاتا ہے
"رجلٌ حَبُقَة" جاہل مرد۔
الحَبِقُ: بے کار و بے فائدہ مرد۔
الحَبَقْرُ: اولے۔
حَبَكَهٗ (ن ض) حَبْكًا: باندھنا۔ مضبوط کرنا
...... الحائكُ الثوبَ: عمدہ بننا۔
حَبَّكَهٗ: مضبوط کرنا۔
اَحْبَكَهٗ: مضبوط کرنا۔ عمدہ طریقہ سے کرنا۔
تَحَبَّكَ: کمر باندھنا۔ کپڑے میں لپٹنا۔
اِحْتَبَكَ۔ الثوبَ: عمدہ بننا ...... بالازار:
ازار باندھنا۔
الحُبْكَة والحِباك: ازار باندھنے کی جگہ یا
کمربند۔ الحِباك: ریت کے ٹیلہ کا راستہ۔
ج حُبُك۔
الحَبَك والحَبَكَة: انگور کی جڑ۔
الحِبْك: کمینہ۔
الحُبُك: سخت۔
المَحبُوك: مضبوط کیا ہوا۔
الحَبِیكَة۔ الحَبِیك: کا مؤنث۔ ریت
کے ٹیلے کا راستہ۔ ستاروں کے درمیان کا
راستہ۔ بالوں کے گچھے کی ایک لٹ۔ لوہے
کی زرہ ج حَبائك و حَبِیك و حُبُك۔:
قرآن مجید میں ہے ﴿والسماءِ ذاتِ
الحُبُكِ﴾ قسم ہے آسمان راستوں والے
کی۔
اَلْمَحْبَك: ازار باندھنے کی جگہ۔
حَبْكَرَ۔ الشئَ: جمع کرنا۔
تَحَبْكَرَ۔ فی طریقه: متحیر ہونا۔
حَبَلَهٗ (ن) حَبْلاً: رسّی سے باندھنا......
الصیدَ: پھندے سے پکڑنا۔ صفت (حَابِل)
حَبِلَتْ (س) حَبَلاً۔ المرأةُ: حاملہ ہونا۔
صفت (حَابِلَة) ج حَبَلَة و (حُبلٰی) ج حُبَالٰی
و حُبْلَیات و (حَبْلانَة)...... من الماء: بھر
جانا۔ صفت (حَبْلانَ)
حَبَّلَهَا و اَحْبَلَهَا: حاملہ کرنا۔ اَحْبَلَ النَّخلُ:
گابھا دینا۔
اِحْتَبَلَ۔ الصیدَ: پھندے سے پکڑنا۔ کہا جاتا
ہے "اِحْتَبَلَه الموتُ بحَبائلِه" موت نے
اسے اپنے پھندے میں پھانس لیا۔
(...... و تحبَّلَ) الصیدُ: پھندے میں پھنسنا
...... الدابةُ: جانور کی ٹانگوں کا رسّی میں پھنس
جانا۔
الحَبْل: رسّی۔ باندھنے کی چیز۔ ج حِبَال
و اَحْبُل و حُبُول و احبال: ملاپ۔ عہد و ذمہ۔
ریت کا لمبا ٹکڑا۔ بدن کی رگ جیسے حَبْل
الذِّراع و حَبْلُ الوَرِید" کہا جاتا ہے
"هو عَلٰی حَبْلِ ذِراعِك" وہ تم سے قریب
ہے۔ "وَصَلَ زیدٌ حَبْلَ عمرو" زید نے
اپنی لڑکی کی شادی عمرو سے کر دی۔
"وهو یَحْطُبُ فی حَبْلِ فلان" یعنی وہ اس
کی اعانت اور مدد کرتا ہے۔ "وَحَرَمَ حِبالَه"
یعنی اس نے تعلقات منقطع کر لئے۔
الحَبَل: مص۔ انگور کی بیل یا اس کی شاخیں
واحد حَبَلَة ج اَحْبال: بھر جانا۔ غم و غصہ۔
حمل۔
الحِبْل: دانشمند و زیرک۔ چالاک۔ ج
حُبُول۔
الحَابِل: پھندے سے شکار کرنے والا
جادوگر۔ کپڑے کا تانا۔ "اختلط الحابلُ
بالنابلِ" بطور ضرب المثل کے اس وقت
بولتے ہیں جب یہ کہنا ہوتا ہے کہ فلاں معاملہ
آپس میں گڈ مڈ ہو گیا اور بعضوں نے کہا ہے کہ
اس مثال میں حابل سے تانا اور نابل سے بانا
مراد ہے اور بعضوں کے نزدیک حابل: سے
مراد پھندے سے شکار کرنے والا اور نابل:
سے مراد تیر سے شکار کرنے والا ہے۔ نیز
کہتے ہیں "دار حابلة علی نابلة" یعنی اس کا
اوّل آخر پر گھوم گیا۔ "وثار حابلهم علی
نابلهم" یعنی انہوں نے آپس میں شر و فساد
برپا کر لیا۔ "وحول حابله علی نابله" یعنی
اس نے اوپر کا نیچے کر دیا۔
الحابُول: درخت خرما وغیرہ پر چڑھنے کے
لئے چھال کی رسّی۔ پاسی۔
الحُبال: بھر جانا۔ کہا جاتا ہے "به حُبال من
الشراب"۔
الحِبالَة: پھندا۔ ج حَبائل۔
الاُحْبُول والاُحْبُولَة: پھندا۔
الحَبالَة: کسی چیز کا مناسب وقت۔ بوجھ۔
الحَبّال: رسّی بنانے والا یا بیچنے والا۔
الحَبْلان: غصہ اور کینہ سے بھرا ہوا۔ مؤنث
حَبْلانَة۔
المَحْبَل: حمل کی مدت۔
المُحَبَّل: رسّی۔ شعر محبَّل: بٹے ہوئے
بال۔
مُحْتَبَلُ۔ الفرس: گھوڑے کی ٹانگ اور کھر
کا جوڑ۔

حَبِنَ (س) حَبَنًـا و حُبِنَ حَبْنًـا: سوجے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حَـابِـن ومحبُون واحبن) ..... عَلَيـهِ: غصہ سے بھرنا۔

اَحْبَنَـهُ. الـداءُ: سوجے ہوئے پیٹ والا کر دینا۔

الحَبَن و الحَبِين: کنیر کا درخت۔

اُمّ حُبَيـن و الـحُبَيْنَة: گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔

الـحِبن: بندر۔ پیپ سے بھرا ہوا پھوڑا۔ ج حُبُون.

حَبَا (ن) حَبْوًا: قریب ہونا۔ کہاجاتا ہے "حَبَوْت الى الخمسين" میں پچاس سال کے قریب ہو گیا.....الـولدُ: چوتڑوں کے بل گھسنا .....السفینةُ: جاری ہونا۔ حَبَـامَا حَوْلَه: حفاظت کرنا اور منع کرنا.....الشئُ له: پیش آنا۔ السهمُ: نشانہ خطا کرنا.....ہ كذا وبكذا: بغیر کسی بدلہ کے دینا .....ہ عن كذا: منع کرنا۔

حَبَّاه: حفاظت کرنا اور منع کرنا۔

حَـابَى مُحَابَاةً وحِبَاءً. الرجلَ: مدد کرنا۔ دوسروں کے علاوہ مخصوص کرنا.....ہ فـی البیع: سہولت برتنا.....الـقـاضـي زيدًا في الحکم: انصاف سے ہٹ کر مائل ہونا۔

اَحْبَى. الرامي: نشانہ سے خطا کرنا۔ کہاجاتا ہے "رَمـى فـاحْبَـى" اس نے تیر پھینکا اور نشانہ سے خطا کی۔

اِحْتَبَى اِحْتِبَـاءً. بـالثوب: کسی کپڑے میں لپٹ جانا۔ پیٹھ اور پنڈلیوں کو کسی کپڑے سے باندھ لینا۔

الـحِبَـاء و الـحِبْـوَة و الحَبْوَة و الحُبْوَة: عطیہ۔ الحِبَاءُ: عورت کا مہر۔

الـحِبْوَة و الحُبْوَة: وہ کپڑا جس سے پیٹھ اور پنڈلیوں کو ملا کر باندھ لیا جائے۔ ج حُبًـى وحِبًى.

الـحَبِيّ و الـحَبَـا: گہرا بادل جو زمین سے قریب ہو۔

الحَابِي: فا۔ گردن تک بلند کندھوں والا۔

حَتَّ (ن) حَتًّـا. الشجرَ: پتے جھاڑنا۔ چھال اُتارنا.....الشئَ عن الثوب: رگڑ کر دور کرنا.....عن الشئِ: ہٹا دینا.....الورقُ او القشرُ عن الشجر: پتے جھڑنا یا چھال گرنا۔

تَـحَاتَّ تَحَاتًّا وانْحَتَّ وانْحِتَاتًا. الورقُ من الشجر: جھڑ جانا.....شَعْرُهُ عن رأسِه: گرنا.....الاِنسَانُ: کھوکھلا ہو کر گرنا۔

الحَتُّ: مص۔ مُردہ ٹڈی۔ الفرس الحت: تیز رفتار گھوڑا۔ ج اَحْتَـات کہاجاتا ہے "تَـرَكُوْهُـمْ حَتًّـا بَتًّا اَوْحَتًّا فَتًّا" یعنی انہوں نے ان کو ہلاک کر دیا۔ "ومـا فِـيْ يَـدَيَّ منه حَـتٌّ او حُتَـاتَه" یعنی اس میں سے میرے ہاتھ میں کچھ نہیں۔

الحَتَت: درختوں کی خرابی جس سے پتے جھڑ جاتے ہیں۔

الحُتَات: بکھری ہوئی چیز۔ چورہ۔ ریزہ۔

الحَتَات: شور و غوغا۔

الـحَتُوت و المِحْتَات. من النخل: کھجور کا درخت جس سے کچی ہی کھجوریں گر جائیں۔

حَتَّى: حرفِ جار ہے۔ انتہا پر دلالت کرتا ہے جیسے "اَكَلْـتُ السمكة حتى راسهَا" یعنی میں نے مچھلی کو اس کے سر تک کھالیا اور "ان" مصدریہ کی تقدیر سے فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور غایت کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے "سِرْتُ حَتّٰى اَدْخُلَ الْمَدِيْنَةَ" یعنی میں چلا یہاں تک کہ شہر میں داخل ہو گیا اور یا بیان علت کا فائدہ حاصل ہوتا ہے جیسے "تَـرَهَّبْتُ حتـى اتـوب" یعنی میں نے توبہ کرنے کے لئے دنیا سے بے رغبتی اختیار کی اور کبھی حرف عطف بمعنی واو ہوتا ہے جیسے "اكَـلْـتُ السَّـمَكَةَ حتى رَاسِهَا" میں نے مچھلی کو اور اس کے سر کو کھالیا اور کبھی حرف ابتداء ہوتا ہے۔ جیسے "فَـوَاعَـجَبًـا حتـى كُلَيْـبٌ تَسُبُّنِي" بڑا تعجب ہے کہ کلیب مجھے گالی دینے لگیں۔

حَتّامَ: کب تک اس کی اصل حتی ما ہے۔ "ما" استفہامیہ کا الف حذف کر دیا گیا ہے۔

حَتَأ (ف) حَتْأً واَحْتَأَ. العقدةَ: گرہ باندھنا .....الثوبَ: کپڑا سینا.....الجدارَ: دیوار مضبوط کرنا.....الشئَ: لگاتار دیکھنا .....الحِمْلَ عن الدابة: بوجھ اُتارنا..... المرأةَ: جماع کرنا.....الرجلَ: مارنا۔

حَتْحَتَ: جلدی کرنا۔

تَحَتْحَتَ. الورقُ: جھڑنا۔

حَتِـدَ (س) حَتَـدًا: خالص الاصل ہونا۔ صفت (حَتِد)

حَتَدَ (ض) حُتُودًا. بـالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

حَتَدَ. الشئَ: خالص اور نفیس ہونے کی وجہ سے چننا۔

الـحُتُد و الـحَتَد. من الشئِ: اصل جوہر کہا جاتا ہے "عين حُتُد" پانی ختم نہ ہونے والا چشمہ۔

الـمَحْتِد: اصل۔ کہاجاتا ہے "فلان کریم المَحْتِد" فلاں کریم الاصل ہے۔

حَتَرَه (ن ض) حَتْـرًا و حُتُورًا: باندھنا۔ مضبوط کرنا۔ تیز نگاہ سے دیکھنا۔ تھوڑا دینا۔ تھوڑی خوراک دینا۔ حتر لـه شيئًـا: تھوڑا دینا.....اهلَه: نان ونفقہ میں تنگی کرنا۔ کہاجاتا ہے "ماحَتَرْتُ اليَوْمَ شيئًا" میں نے آج کچھ نہیں کھایا۔ یا مجھے آج کچھ حاصل نہیں ہوا۔

اَحْتَـرَ. الشَّئَ: مضبوط کرنا.....الـرَّجُلُ: تھوڑی بھلائی یا تھوڑی بخشش والا ہونا..... عَلَيْنَا الرزق: کم کرنا یا روک لینا۔

حَتَّـرَ: نان نفقہ میں کمی کرنا.....البَيْتَ: گھر کے گرد گھیرا بنانا۔

الـحَتْـر و الـحِتْر و الحُتْرَة: تھوڑی چیز یا تھوڑی بخشش۔

حِتَـارُ. الشئِ: کنارہ۔ گھیرا۔ جیسے "حِتَارُ الاُذُن" کان کا کنارہ۔ "حِتَارُ الظفر" ناخن کے اردگرد کا گوشت۔ "حِتَارُ المُنْخُل

والغِربالُ" چھلنی کا گھیرا۔ج حُتُور.
الحَتْرَة: ایک بار بچہ کا دودھ چوسنا۔
الحَتِيرَة. عند البعض الحَتِيرَة: کھانا جو عمارت کی تیاری پر کھلایا جائے۔
المُحتِر: اہل وعیال پر نان نفقہ میں تنگی کرنے والا۔
حَتْرَشَ حَتْرَشَةً. الجرادُ: کھانے میں آواز نکالنا۔
تَحَتْرَشَ. القومُ: اکٹھا ہونا۔
الحُتْرُوش: ہلکا پھلکا چست لڑکا۔
الحتارش: بچے کی حرکتیں۔کہا جاتا ہے "ما احسن حتارش هٰذا الصبی" اس بچے کی حرکتیں کس قدر اچھی ہیں۔
تَحَتْرَفَ. الشئُ: بکھر جانا۔کہا جاتا ہے "تحترف الشئُ من یدی" چیز میرے ہاتھ سے بکھر گئی۔
الحَتْرَفَة: آنکھ کی سرخی۔تختی۔
حَتَشَ (ن) حَتْشًا: آمادگی کے ساتھ جمع ہونا۔
الحَتْف: موت۔کہا جاتا ہے "مات حَتْفَ اَنفِهِ اَوْحَتْفَ فيه" وہ اپنی موت سے مرا۔ج حتوف.
حَتَكَ (ض) حَتْكًا وحَتَكَانًا وتَحَتَّكَ: چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔
الحتك والحتواتك: شترمرغ کے بچے۔
حَتَلَهُ (ن) حَتْلًا: دینا۔
الحِتْل والحاتِل: مثل ومشابہ۔الحتل: عطیہ۔گھٹیا چیز۔
حَتَمَ (ض) حَتْمًا. الشئَ: مضبوط کرنا۔الشئَ عَلَيهِ: واجب کرنا۔۔۔۔ بالشئِ: کسی چیز کا حکم لگانا۔
تَحَتَّمَ: خوش ہونا۔اظہار شادمانی کرنا۔دسترخوان کے بقیہ کو کھانا۔۔۔۔الزجاج بَعضُه علٰی بَعْضٍ: شیشہ کا بعض بعض پر گر کر ٹوٹنا۔(۔۔۔۔وانحتم) الامرُ: واجب ہونا۔
حَقِقَ (س) حَقَقًا۔ الفرسُ: دوڑنے میں اگلی ٹانگوں کی جگہ پچھلے پاؤں رکھنا۔ صفت (اَحَقُّ)
حَقَّقَہٗ: تاکید کرنا۔ واجب کرنا۔ حقق القول او الظن: تصدیق کرنا۔

حَاقَّہٗ مُحَاقَّۃً و حِقاقًا۔ فی الامر: جھگڑا کرنا۔ اپنے حق دار ہونے کا دعویٰ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لَہٗ کذا و کذا لا یُحاقُّہٗ فیہ اَحَدٌ" یعنی اس کے لئے ایسا ہے اور ایسا ہے کوئی اس بارے میں اس سے جھگڑا نہیں کر سکتا۔
اَحَقَّ: حق کہنا۔ اَحَقَّہٗ: حق میں غالب آنا
اَحَقَّ الامرَ: ضروری و واجب ٹھہرانا۔ کہا جاتا ہے "اَحَقَّ عَلَیہِ القَضاء" یعنی قضاء کو اس کے ذمہ واجب کیا۔ احق الرَّمیۃ: تیر اندازی کے وقت ہی مار ڈالنا۔
تَحَقَّقَ۔ الخبرُ: ثابت ہونا......الرجلُ الامرَ: یقین کرنا۔
تَحَاقًّا: باہم جھگڑنا اور فیصلہ کے لئے جانا۔
اِنحَقَّ۔ الرباطُ: بندھ جانا۔
اِحتَقَّ۔ الفرسُ: دُبلا ہونا۔ اِحتَقَّت الطعنَۃُ بہ: فوراً مار ڈالنا۔ احتَقَّ القومُ: ہر ایک کا یہ کہنا کہ حق میرے پاس ہے۔
......الناقۃُ: موٹی ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحتَقَّہٗ الیٰ کذا" یعنی اسے مؤخر کیا اور اس پر تنگی ڈالی۔
اِستَحَقَّہٗ: ضروری و واجب ٹھہرانا۔ الدینُ: ادائیگی کا وقت قریب آنا۔
الناقۃُ: موٹی ہونا......الرجلُ: مستحق سزا ہونا۔
الحَقُّ: مص۔ سچائی۔ راستی یقین۔ انصاف۔ ثابت شدہ حصہ۔ مال اور ملک۔ ہوشیاری۔ فیصل شدہ معاملہ۔ موت۔ ج حقوق اور کہا جاتا ہے "ھو حق بکذا" وہ اس کے لائق ہے "ولَحَقُّ لا آتیک" بغیر تنوین کے یعنی قسم ہے حق اللہ کی میں تیرے پاس نہیں آؤں گا۔ "وحقًّا لا آتیک" تنوین کے ساتھ بغیر لام کے حقوق الدار۔ گھر کے منافعے۔
الحَقَّۃ: مص۔ حق۔ یہ لفظ حق سے خاص ہے اس وجہ سے کہ حصہ معینہ پر دلالت کرتا ہے۔ تم کہتے ہو "ھذہ حَقَّتی" یہ میرا خاص حصہ ہے۔ حقیقت امر۔ تم کہتے ہو "وقفتُ علی حَقَّۃِ ذٰلک الامرِ" میں اس امر کی حقیقت پر مطلع ہو گیا۔ مصیبت۔

الحُقُّ: مونڈھے کے سرے کا گڑھا۔ سرین کا سرا۔ بازو کا سرا۔ گول زمین۔ یا پست زمین۔ مکڑی کا جالا۔ حُقُّ الطیب: خوشبو کی ڈبیہ۔ ج حِقاق۔
الحُقَّۃ: چھوٹا برتن۔ مصیبت۔ عورت۔ ج حُقٌّ و حُقَق و حِقاق۔
الحِقُّ۔ من الابل: چوتھے سال والا اونٹ نر ہو یا مادہ اور یہ اس لئے کہ اب وہ بار برداری کے قابل ہو گیا۔ اُونٹنی جس کے دانت بڑھاپے کی وجہ سے گر گئے ہوں۔
الحِقَّۃ: حق و واجب۔
الحَقیقُ: لائق سزاوار کہا جاتا ہے۔ "ھو حَقیقٌ اَن یَفعَلَ کذا" وہ فلاں کام کرنے کے لائق ہے۔ "ھو حقیق بکذا" وہ اس کے لائق ہے۔ والحَقیقُ علی الشَّیٔ: حریص۔ لالچی۔ ج اَحِقَّاء۔
الحَقیقَۃ: وہ چیز جس کی حمایت واجب ہو کہا جاتا ہے "ھو حامی الحقیقۃ" وھو مِن حُماۃِ الحقائق" یعنی وہ اس چیز کی حفاظت کرتا ہے جس کا دفاع اس کے ذمہ لازم ہے۔
حق: وہ لفظ جو اپنے موضوع لہ میں مستعمل ہو۔ حقیقَۃُ الشَّیٔ: چیز کا منتہیٰ اور اصل۔ ج حقائق۔
الحَاقُّ: فا۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "سَقَطَ علیٰ حاقِّ رأسِہ" اس کے وسط سر پر گرا۔ "وجئتُہ فی حاقِّ الشتاء" میں اس کے پاس جاڑے کے وسط میں آیا۔ و "رَکِبَ حاقَّ الطریق" وہ وسط راستہ پر چلا۔ کسی چیز میں کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شجاعٌ حاقُّ الشجاع" وہ شجاعت و بہادری میں کامل ہے۔ و "اَخَذَنی حاقُّ الجوع" مجھے خالص بھوک لگی۔
الحاقَّۃ۔ الحاق: کا مؤنث۔ مصیبت۔

قیامت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رجلٌ حَاقَّةُ الـــرَّجُـــل" وہ مردانگی میں کامل ہے۔ "وهو شجاعٌ حاقّةَ الشّجاع" وہ بہادری میں کامل ہے۔

الأحَقُّ: اسم تفضیل۔ "هو اَحَقُّ مِنْ فُلانٍ" کا مطلب یہ ہے کہ وہ فلاں سے زیادہ حق دار ہے اور کبھی بغیر شرکت کے صرف خصوصیت کے معنی کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے "زید احق بماله" زید اپنے مال کا حق دار ہے کسی دوسرے کا اس میں حق نہیں۔

المُحَقَّق: مفع۔ کلام مُحَقَّق: منظم کلام۔ ثوب محقق: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

المَحْقُوق: مفع۔ لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے "هو محقوق بكذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "هو محقوق ان يفعل كذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

الحَقَّانِي: حق کی جانب منسوب۔ جیسے ربانی رب کی جانب منسوب۔

حَقِبَ (س) حَقَبًا واحْقَبَ. المطرُ: رکنا ...... العامُ: بارش نہ ہونے سے خشک سالی ہونا ...... المعدنُ: ختم ہونا ...... نائلُ فلانٍ: کم اور منقطع ہونا ...... الامـرُ: خراب ہونا۔

اَحْقَبَهُ: پیچھے سوار کرنا۔

اِحْتَقَبَ. الاثم: مرتکب گناہ ہونا۔ زیدًا علی ناقتِه: پیچھے سوار کرنا (واستحقب) الشئَ: ذخیرہ کرنا۔ کجاوہ یا پالان کے پیچھے باندھنا۔

الحُقُب ج حِقَاب و(الحُقُب) ج احقاب واَحْقُبُ: اسی سال یا اس سے زائد کا عرصہ۔ زمانہ ایک سال یا بہت سے سال۔

الحَقَب: اونٹ کا تنگ۔ وہ چیز جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے اور اس میں زیور کو لٹکاتی ہے۔

الحِقْبَة: مدت۔ سال۔ ج حِقَب وحُقُوب.

الحُقْبَة: ہوا۔

الحِقَاب: عورت کے لئے کمر پر باندھ کر زیور لٹکانے کی چیز۔ ناخن کے جڑ کی سفیدی ج حُقُب.

الحَقِيبَة: وہ چیز جس کو سوار گھوڑے پر اپنے پیچھے رکھے۔ مسافر کے لئے خوراک وغیرہ کا بیگ یا تھیلا۔ ج حقائب.

الحاقِب: وہ شخص جو پاخانہ روکے ہوئے ہو۔

الاحْقَب: گورخر۔ مؤنث حَقْبَاء.

المُحْقَب: لومڑی۔

حَقَدَ (ض) حِقْدًا وحَقْدًا وحَقِيدَةً. وحَقِدَ (س) حَقَدًا وتَحَقَّدَ. عليه: کینہ رکھنا۔ صفت (حَاقِد) ج حَقَدَة. حَقِدَ المطرُ: رکنا ...... المَعْدَنُ: کان کا ختم ہونا اور کچھ نہ ملنا ...... الناقةُ: چربی سے بھر جانا۔

اَحْقَدَهُ: کینہ ور بنانا ...... القومُ: ...... کان میں تلاش کرنا اور کچھ نہ پانا۔

تَحَاقَدَ. القومُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔

اِحْتَقَدَ. المطرُ: رکنا ...... علی فلان: کینہ رکھنا۔

الحِقْدُ ج اَحْقَاد وحُقُود (الحَقِيدَة) ج حقائد: کینہ۔

الحَقُود: بہت کینہ ور۔

حَقَرَ (ض) حَقْرًا اوحَقْرِيَةً. ہ: چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔ حَقَرَ الشئُ والرّجلُ: ذلیل ہونا۔ بے قدر ہونا۔

حَقِرَ (س) حَقَرًا وحَقُرَ (ک) حَقَارَةً: ذلیل ہونا۔ صفت (حَقِير وحَيْقَر وحُقُر) حَقَّرَهُ: ذلیل کرنا۔

اَحْقَرَهُ واحْتَقَرَهُ واسْتَحْقَرَهُ: چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔

تَحَاقَرَ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تحاقرت اِلَيْهِ نفسُه" یعنی ذلیل ہو گیا۔

الحَقَارَة والحِقَارة والحُقَارَة والمَحْقَرَة: ذلت و بے قدری۔ کہا جاتا ہے "هذا الامر مَحْقَرَة لك" یہ امر تمہارے لئے باعث ذلت ہے۔

المُحَقَّرات: چھوٹے چھوٹے۔

الحَقْطَة: پست قد یا سبک جسم والی عورت۔

الحَيْقُط والحَيْقُطان: تیتر اور بقول بعض نر تیتر۔ مؤنث الحَيْقُطَانَة.

حقفَ (ن) حُقُوفًا. الظبيُ: ہرن کا ریگ کے تودہ میں بیٹھنا یا سونے کی حالت میں مڑ کر ریگ کے تودہ کی مانند ہونا ...... الشئُ: ٹیڑھا ہونا۔ صفت (حَاقِف)

اِحْقَوْقَفَ: لمبا و ٹیڑھا ہونا۔

الحِقْف: دراز و پیچیدہ تودہ ریت۔ ج اَحْقَاف وحُقُوف وحِقَاف وحِقَفَة و ج حقائف.

المِحْقَف: وہ شخص جو نہ کھائے نہ پئے۔

حَقِلَ (س) حَقَلًا وحَقْلَةً. البعيرُ او الفرسُ: مٹی کھانے سے درد شکم میں مبتلا ہونا۔

حَاقَلَهُ مُحَاقَلَةً: کھیتی کو خوشہ ہی میں بیچنا۔

اَحْقَلَتْ. الارضُ: قابل زراعت ہونا۔

اَحْقَلَ الزرعُ: پتے پھوٹنا ...... الرجل فی الرکوب: سواری کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنا۔

الحَقْلُ: عمدہ قابل کاشت زمین۔ کھیتی جب تک سبز رہے۔ ج حُقُول: واحد۔ حَقْلَة.

الحِقْل: ہو درج (...... والحَقْلَة) گھوڑے یا اونٹ کے پیٹ میں مٹی کھانے کی وجہ سے درد۔

الحُقْلَة. مثلثة. الحاء: دودھ یا پانی کا بقیہ۔ ردی کھجور۔ کھجور کا بچا کھچا۔

الحَقْلَة: بالفتح: حوض کا باقی ماندہ صاف پانی۔

الحِقْلَة: بالكسر: پیالہ بھر سے کم۔

الحَاقِل. فا: کاشتکار۔

المُحْقَلَة: کھیتی۔ ج مَحَاقِل.

الحَقِيلَة والحُقَال: ردی کھجور۔

الحَقِيمَان: کنپٹی کی طرف کے دونوں گوشہ چشم۔

حَقَنَهُ (ن ض) حَقْنًا: روک لینا اور اسی سے ہے "حَقَنَ بولَه" اس نے پیشاب کو روک

لیا۔ ...... دمہ : گرانے سے بچانا۔۔۔۔ماءَ وجہہ : آبرو کی حفاظت کرنا۔۔۔۔اللبنَ : مکھن نکالنے کے لئے مشکیزہ میں جمع کرنا ......المریض : حقنہ سے علاج کرنا۔

اَحْقَنَ : مزیدار ہونے کے لئے مختلف قسم کے دودھ جمع کرنا۔

اِحْتَقَنَ المریض : پیشاب رکنا۔ حقنہ: استعمال کرنا۔۔۔۔الدمُ: بدن کے اندرونی حصہ میں نیزہ مارنے سے خون جمع ہونا۔

الحُقْنَة : ہر دوا جو مریض کی مقعد سے پیٹ صاف کرنے کیلئے چڑھائی جائے۔ ج حقن.

الحَقْنَة: پیٹ کا درد۔ ج اَحْقَان.

الحَاقِن : فا۔ پیشاب روکنے والا اور اسی سے مثل ہے "لارَایَ لِحَاقِنٍ" یعنی پیشاب روکنے والے کی رائے کا اعتبار نہیں۔ اس لئے کہ وہ اس وقت اپنے اختیار میں نہیں ہوتا۔ یہ مثل مضطر کے لئے بولتے ہیں۔

الحَاقِنَة. ہنسلی کی دونوں ہڈیوں کے درمیان کا حصہ اور اسی سے مثل ہے "لَالْحَقَنَّ حَوَاقِنَکَ بِذَوَاقِنِکَ" اس مثل کو تہدید کے موقع پر بولتے ہیں۔

الحَقِین: روکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ اللبَن الحَقِین" اس نے اس کو مشکیزہ میں جمع کیا ہوا دودھ پلایا۔ ج حقنٰی.

المِحْقَن والمِحْقَنَة : حقنہ کی پچکاری

المَحْقَن : وہ مشکیزہ جس میں دودھ جمع کیا جائے۔

المِحْقَان : پیشاب روکنے والا۔ عوام المِحْقَن : اور المِحْقَان : کو پانی کی ٹینکی کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

حَقَاهُ (ن) حَقْوًا: کوکھ پر مارنا۔

حُقِیَ : درد کمر والا ہونا۔ گوشت کھانے سے درد شکم والا ہونا۔ صفت (مَحْقُوّ و مَحْقِیّ)

تَحَقّٰی: درد کمر والا ہونا۔

الحَقْو : کوکھ۔ ازار۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج حِقَاء و اَحْقٍ و اَحْقَاء و حُقِیّ : کہا جاتا ہے "لَاذَ بِحَقْوَیْهِ" اس نے اس سے فریادری کی۔

الحِقَاء والحَقْوَة : ازار یا ازار باندھنے کی جگہ۔ گوشت کھانے سے پیٹ کا درد۔

حَکَّ (ن) حَکًّا. الشیءَ بالشیءِ او علیه: رگڑنا۔ گھسنا۔۔۔۔الشیءَ : چھلکا اُتارنا۔

(...... وَاَحَکَّ واحتکَّ) الکلام فی صدره : دل میں اثر کرنا اور کہا جاتا ہے "ماحَکَّ فی صدری کذا" میرے دل میں یہ بات نہیں اُتری۔

حَکَّهُ واَحَکَّهُ اِحْکَاکًا واحتکَّهُ واسْتَحَکَّهُ راسه : کھجلانا۔ واحتکَّ بالشیءِ : کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا۔

حَاکَّ مُحَاکَّةً وحِکَاکًا. الرجلَ: برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

تَحَکَّکَ بِهِ : درپے برائی ہونا امثلہ عرب میں سے ہے "تحککتِ العقربُ بالحیّة" اس کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے قوی سے جھگڑا کرے۔

تَحَاکًّا : ایک دوسرے کو کھجلانا۔ باہم مقابلہ کرنا۔

الحِکّ : شک۔ (......والحِکَاک) خارشتی اُونٹ کے کھجلانے کے لئے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حِکُّ او حِکَاکُ شرٍّ" فلاں شر کے اوپر غالب ہے وہ بہت اس سے مقابلہ کرتا ہے۔

الحُکّ : جہازرانوں کا قطب نما (مولدة)

الحُکَّاکَات: وسوسے۔ واحد (حُکَّاکة)

الحَکَّکُ : رخام کی مانند سفید پتھر۔ مونڈھے ہلاتے ہوئے چلنے والی عورت کی مانند رفتار۔

الحِکْکَة : نرم پتھروں والی زمین۔

الحُکُک : برائی والے۔ حاجات کے طلب کرنے میں اصرار کرنے والے۔ واحد (حاکّ)

الحِکَّة. حک کا اسم۔ خارش۔ کھجلی۔

حکة الانف : ایک قسم کی سوزش جو ناک میں ٹھنڈی ہوا کے پہنچنے سے ہوتی ہے اور اسکا اثر دماغ تک ہوتا ہے اور آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ شک۔

الحَاکَّة :دانت۔ کہا جاتا ہے "مابَقِیَ فی فِیهِ حَاکَّةٌ" اس کے منہ میں دانت نہیں۔

الحُکَاک : سودا۔ ایک قسم کا مرض جس میں کھجلی ہوتی ہے۔

الحُکَاکَة : وہ جو کسی چیز کے رگڑنے سے گرے۔

الاَحْکَاک : ہم کفو لوگ۔ کہا جاتا ہے "لَسْتَ مِنْ اَحْکَاکِهِ" یعنی تو اس کے مردوں میں سے نہیں۔

الاَحَکّ : دانتوں سے خالی منہ والا۔ ترشا ہوا کھر۔

الحَکَّاک : بہت رگڑنے والا۔ امتحان کے لئے سونے کو رگڑنے والا۔

المِحَکّ : کسوٹی۔

المُحَکَّک : مفع۔ الجِذْلُ المُحَکَّک : خارشتی اُونٹ کے کھجلانے کے لئے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "انا جُذَیْلُها المُحَکَّک وعُذَیْقُها المُرَجَّب" یعنی میری رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے جیسے اُونٹ تنہ سے شفا حاصل کرتا ہے۔

حَکَاً (ف) حَکْأً واَحْکَاً واحتکَأ. العقدة: باندھنا۔ اِحْتَکَأَتِ العقدةُ : سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَکَأَ الشیءُ فی صدری" میرے دل میں جاگزیں ہوگیا۔ پس مجھے شک نہیں۔

الحُکْأَة والحُکَاة : بڑا گرگٹ۔

حَکَرَهُ (ض) حَکْرًا: گھٹانا۔ ظلم کرنا۔ بری معاشرت اختیار کرنا۔ زندگی بسر کرنے میں تنگی و مشقت ڈالنا۔

حَکِرَ (س) حَکَرًا: اصرار کرنا۔ صفت (حَکِر) ...... بالامر: خودسر ہونا۔

حَاکَرَهُ مُحَاکَرَةً : جھگڑا کرنا۔

تَحَکَّرَ واحْتَکَرَ. الشیءَ : مہنگا بیچنے کے لئے روک رکھنا۔ وتحکّر علیه : افسوس کرنا۔

الحَكَر :مص ـ (والحُكَر) تھوڑا پانی یا کھانا ـ چھوٹا پیالہ ـ
الحَكَر والحُكَر :گراں بیچنے کے لئے روکی ہوئی چیز ـ تھوڑا کھانا یا دودھ ـ
الحُكرَةُ :غلہ کی بندش ـ
الحاكُورَة :پائیں باغ ـ (عامیہ)
حَكَشَ (ض) حَكْشًا. الرجلُ :سمٹنا ـ
حَشِيشَةُ الدِّينار :امریکہ اور یورپ میں بکثرت پیدا ہونے والا پودہ جس کو شراب 'بیئر' کی تیاری میں استعمال کرتے ہیں ـ
......الشَّيْ :جمع کرنا ...... الرجلَ :ظلم کرنا ـ
حَكَفَ (ض) حُكُوفًا. الرجلُ :کام میں سست ہونا ـ
حَكَلَ (ن) حَكْلاً وَاحْكَلَ وَاحْتَكَلَ. الامرُ عليه :دشوار و مشتبہ ہونا ـ
تَحَكَّلَ :جہالت سے اصرار کرنا ـ
الحُكْل :وہ جس کی آواز سنائی نہ دے ـ کہا جاتا ہے "تكلّم كلامَ الحُكل" اس نے غیر مفہوم گفتگو کی ـ
الحُكْل. في الفرس :گھوڑے کے ٹخنوں کا ڈھیلا پن ـ
الحُكْلَة :جہالت کی وجہ سے اصرار ـ
حَكَمَ (ن) حَكْمًا :لوٹنا ـ واپس ہونا ـ کہا جاتا ہے "احكمه فحكم" اس نے اس کو واپس کیا اور وہ واپس ہو گیا ...... الفرسَ : گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا (دیکھئے لفظ حكمه) ...... ہ عن كذا :منع کرنا ـ باز رکھنا ـ
حَكُمَ (ک) حِكْمَةً :دانا ہونا ـ
حَكَّمَهُ :حاکم بنانا ـ حكمه في الامر :فیصلہ کرنے کے لئے سپرد کرنا ...... عن كذا : لوٹانا اور منع کرنا ـ
حاكَمَهُ :جھگڑا کرنا ـ حاكمه الى الحاكِم: جھگڑے کو حاکم کے سامنے لے جانا ـ
أحكَمَ. الشَّيْ :مضبوطی سے کرنا ـ أحكَمَتْهُ التجاربُ :دانا و عقلمند بنا دینا ـ أحكَمَ السفيهَ :کسی برے کام کے کرنے سے ہاتھ پکڑ لینا یا برے انجام کو جتا دینا ...... ہ عن الامر :روکنا ـ منع کرنا ...... الفرسَ : گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا ـ (دیکھئے الحكمة)
تَحَكَّمَ. في الامر :بغیر وجہ ظاہر ہوئے اپنی رائے سے فیصلہ کرنا ـ حکم جاری کرنا ـ خواہش کے مطابق تصرف کرنا ـ
اِحتَكَمَ. في الامر :پنچ منظور کرنا ...... الناس الى الحاكم :مقدمہ لے جانا ...... على فلان :ارادہ کے موافق طلب کرنا ...... في الشَّيْ :خواہش کے مطابق تصرف کرنا ...... الامرُ :مضبوط ہونا ـ
تَحاكَمُوا. الى الحاكم :مقدمہ لے جانا ـ
اِسْتَحْكَمَ. الامرُ :مضبوط ہونا ...... عليه الكلامُ :مشتبہ ہونا ـ
الحُكْم :مص ـ فیصلہ ـ ج احكام ـ
الحَكَم :حکم جاری کرنے والا ـ حاکم ـ فیصلہ کرنے والا ـ سرپنچ (مفرد و جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے) رجلٌ حَكَمٌ :عمر رسیدہ مرد ـ
الحِكْمَة :انصاف ـ علم ـ بردباری ـ فلسفہ ـ حق کے موافق گفتگو ـ کام کی درستی ـ ج حِكَم ـ
الحَكَمَة :لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی جانب ہو ...... من الانسان :چہرے کے سامنے کا حصہ ـ قدر و منزلت ـ
الحُكُومَة :مص ـ گورنمنٹ ـ
الحاكِم :قاضی ـ حکم نافذ کرنے والا ـ ج حُكّام وحاكِمُون ـ
الحَكِيم :دانا ـ عالم ـ ج حُكَماء ـ مؤنث حَكِيمَة ـ قصيدة حكيمة :دانائی آمیز قصیدہ ـ الحكيم :اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے ـ
الأُحْكُومَة. تحكم في الامر :کا اسم ـ
المَحْكَمَة :کچہری ـ ج محاكم ـ
المُحَكَّم :مفع آزمودہ (...... سو المُحَكِّم) اپنے نفس کے ساتھ انصاف کرنے والا ـ
حَكَى (ض) حِكايَةً. عنه الكلامَ :نقل کرنا ...... الخبرَ :بیان کرنا ...... فلانًا :مشابہ ہونا ...... الشَّيْ :مشابہ بنانا ـ حكى عليه : چغل خوری کرنا ...... العقدةَ :باندھنا ـ
أَحْكَى إِحْكاءً. العقدةَ :باندھنا ـ
حاكَى مُحاكاةً. ہ :مشابہ ہونا ـ
اِحْتَكَى اِحْتِكاءً. الامرُ :مضبوط ہونا ـ
الحَكِيُّ :چغل خور ـ (مذکر و مؤنث)
حَلَّ (ن) حَلًّا. العقدةَ :کھولنا ـ
اِنْحَلَّتْ. العقدةُ :کھل جانا ـ
حَلَّ (ن ض) حُلُولاً. عليه امرُ اللّه : واجب ہونا ـ
حَلَّ (ن ض) حَلًّا وحَلَلاً وحُلُولاً. المكانَ وبالمكان :نازل ہونا ...... به في المكان :اُتارنا ـ
حَلَّ (ض) حَلًّا. الشَّيْ :حلال ہونا ...... الدينُ :ادائیگی کا وقت پہنچنا ـ ...... اليمينُ :قسم پوری ہونا ...... الرجلُ :احرام سے نکلنا ـ
حُلَّ. الجامدُ :پگھلایا جانا ...... المكانُ: آباد ہونا ـ
حَلَّ (س) حَلَلاً :پاؤں یا ٹخنے میں ڈھیلا پن ہونا ـ صفت (اَحَلّ) ج حُلّ ـ
حَلَّلَ تَحْلِيلاً وتَحِلَّةً وتَحِلاًّ. الشَّيْ حلال ٹھہرانا ...... اليمينَ :کفارہ ادا کرنا ـ
حَلَّلَهُ بالمكان :اُتارنا ـ
تَحْلِيلُ الكَهْرَبائي :مرکب اجسام کو بجلی والی لہروں کے ساتھ ان کے عناصر کی طرف لوٹانا ـ جیسے پانی کو آکسیجن اور ہائیڈروجن کی طرف لوٹانا ـ
أَحَلَّ إِحْلالاً :عہد و میثاق سے آزاد ہونا ...... المُحْرِم :احرام سے نکل جانا ـ اشہر حرم کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا ...... بنفسه مستحق سزا ہونا ـ احَلَّهُ بالمكان او المكانَ: اتارنا ...... الشَّيْ :حلال کرنا ...... عليه الامرَ :واجب کرنا ...... الناقةُ على ولدها :

دودھ جاری ہونا۔
اِنْحَلَّ: کھل جانا۔
تَحَلَّلَ. فی یمینہ :شرطیہ قسم کھانا۔ جیسے واللّٰہ لافعلن ذلک ان شاء اللّٰہ' یا الا ان یکون کذا ...... من یمینہ: کفارہ ادا کرکے آزاد ہوجانا۔ تَحَلَّلَهٗ: حلال کردینے کو چاہنا۔
اِحْتَلَّ. المکان وبالمکان :اُترنا اور ایسا ہی کہا جاتا ہے "اِحْتَلَّ القومَ وبالقومِ" وہ قوم کے پاس اُترا۔
اِسْتَحَلَّ. الشئَ: حلال سمجھنا یا حلال کرلینا۔
اِسْتَحَلَّهُ الشئَ :حلال ٹھہرانے کی اجازت چاہنا۔
الحَالُّ :فا۔ ج حُلَّل وحُلُوْل وحُلّال. و(الحَلّال) حَالٌّ :کا اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ حَلّال للعُقَدِ کافِ للمُهِمَّات" فلاں گرہوں کا بڑا کھولنے والا اور مشکلات کے لئے کافی ہے۔
الحَلُّ :تل کا تیل۔
الحِلُّ :مص۔ حلال مکہ مکرمہ کے اردگرد حرم محترم کے علاوہ جگہ۔ کسی جگہ میں اُترنے والا۔ جیسے "مازلتُ حِلًّا بهذا البلد" میں ہمیشہ اس شہر میں اُترنے والا ہوں۔
والاشهرُ الحِلُّ :اشہر حرم کے علاوہ مہینے۔
الحِلُّ :نشانہ۔ جس پر تیراندازی کی جائے۔ قسم سے بری ہونا۔
اَلْحُلُوْلُ :اس سے مراد دو جسموں کا اس طرح متحد ہونا کہ ان میں سے ایک کی طرف اشارہ دوسرے کی طرف اشارہ ہوگیا۔ اسی سے مذہب حلول ہے۔ اس مذہب والوں کا عقیدۂ فاسدہ ہے کہ اللہ عزوجل ہر شے میں حلول کرگیا ہے اس لیے ہر شے پر اللہ کا اطلاق ہوسکتا ہے۔
حُلُوْلُ جِزَی: اجسام کا حلول مقامات میں۔
حُلُوْل وَصْفِی: سیاہی کا حلول جسم میں۔
حُلُوْل سِرْیَانی: صورت کا حلول ہیولی میں یا اعراض نفسانیہ کا حلول نفس میں۔
حلول ابعواری: دوجسموں میں سے ایک دوسرے کا طرف ہو جیسے پانی آبخورے میں۔ حلولیہ فرقة :صوفیاء کرام کا ایک فرقہ جو کہ مذہب حلول کے قائل ہیں۔
الحِلُّ والحُلُّ :احرام سے نکلنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "فعله فی حُلِّهٖ وحُرْمِهٖ" اس نے اس کو احرام میں اور احرام سے نکلنے کے وقت کیا۔
الحَلَّةُ :حلول کا اسم مرہ۔ نرکل کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا۔ (ہ...... والحِلَّةُ) اُترنے کی جگہ۔ مجلس۔ جمع ہونے کی جگہ...... من الشئِ: جہت وجانب۔ ج حِلَل وحِلال اور کہا جاتا ہے "فیه حَلَّة اَوْحِلَّة" اس میں کمزوری ہے۔ الحِلَّةُ :اترنے کی ہیئت۔ نازل ہونے والی قوم جو بہت زیادہ ہو۔ کہا جاتا ہے "حَیٌّ حَلال" اترنے والا قبیلہ جن کے اندر بہت کثرت ہے۔
الحُلَّةُ :نیا کپڑا۔ کپڑوں کا جوڑا۔ ہتھیار۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المحاربُ حُلَّتَه وبَزَّتَه" جنگ کرنے والے نے اپنا لباس اور ہتھیار استعمال کیا۔ ج حُلَل وحِلال.
الحَلالَة: چرخہ (مولدة)
الحَلال :ضد حرام۔ احرام سے نکلنے والا۔ والسحر الحَلال: تعجب انگیز امور جن سے عقل حیران ہوجائے۔ الحلو الحلال: کلام جس میں شک نہ ہو۔
الحِلال :ضد حرام۔ کجاوہ کا سامان۔ عورتوں کی ایک سواری۔
الحَلِیْل :حلال۔ شوہر (...... والحَلِیْلَة) بیوی۔ الحلیل: گھر میں ایک ساتھ رہنے والا۔ ج اَحِلّاء مؤنث حَلِیل وحَلِیْلَة ج حَلائِل.
الاِحْلال: افعال حج سے فراغت۔
الاِحْلِیْل :پیشاب نکلنے کا سوراخ۔ پستان میں دودھ نکلنے کا سوراخ۔ ج اَحَالیل.
التَّحِلَّة: قسم کا کفارہ یا قسم میں استثناء۔
التَّحْلِیْل :بمعنی الاحلیل.
المَحَلُّ :اُترنا۔ اُترنے کی جگہ۔ ج مَحَالٌّ. مِحَلُّ. الدَّیْن: ادائیگی قرض کا وقت۔
المُحِلُّ. فا. رجل مُحِلٌّ: حرم کی پردہ دری کرنے والا۔
المَحَلَّة :اُترنے کی جگہ۔ (المُحِلَّتان) ہانڈی۔
المُحَلَّل :مفع ـ ماء مُحَلَّل: اُونٹوں کے اُترنے سے گدلا پانی۔ مکان مُحَلٌّ :وہ جگہ جہاں کثرت سے لوگ اُتریں۔ روضة اومکان مِحلال :باغ یا مکان جہاں کثرت سے لوگ اتریں۔
حَلَاهُ (ف) حَلْاً. بالسیف :تلوار سے مارنا...... ہ بالسوط :کوڑے سے مارنا...... بہ الارضَ :پچھاڑ دینا۔ حَلَاءُ الشئَ :دینا۔ حَلَا الجلدَ :کھال اُتارنا (حَلاہ واَحْلاہ) کسی کو سرمہ یا انجن لگانا۔ حَلَأَهُ حَلْوءًا :کسی کے لئے سرمہ یا انجن رگڑنا۔
حَلِیئَ (س) حَلاً. الادیمُ :کھال اُتارتے ہوئے چھری لگ کر خراب ہونا۔ حَلِیئَتِ الشفةُ: ہونٹ پر چھالہ پڑ جانا۔
حَلأهُ تَحْلِیئًا وتَحْلِئَةً. عن الماء: دھتکارنا۔ پانی پر اترنے سے روکنا ...... ہ الشئَ :دینا۔
الحُلُوْءُ والحُلاءَة :سرمہ۔ چمڑے پر کی جھلی جس کو دباغ اُتارتا ہے۔ ہر وہ چیز جس کو رگڑ کر آنکھ میں لگایا جائے۔
الحَلا والتِحْلِیء والتِحْلِئَة :چمڑے کے بال۔ یا چمڑے کا میل وسیاہی۔ التحلیء: چھری لگا ہوا چمڑہ۔ الحَلاءُ: بخار کے بعد ہونٹوں پر بننے والا چھالہ۔
الحَالِئَة :بہت زہریلا سانپ۔
التِحْلِئَة :مص۔ بوجھل۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ تِحْلِئَة" بوجھل مرد۔
المِحْلَأ والمِحْلاة :چمڑا صاف کرنے کی چھری۔
حَلَبَ (ن ض) حَلَبًا وحَلْبًا وحِلابًا

الشاةَ: دوہنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدهرَ أشطُرَهُ" اس نے زمانے کے اُمور خیر و شر کو آزمایا (اشطر: اُونٹنی کے تھن کے بالکو کہتے ہیں) و "حَلَبْتُ بالساعد الاشد" جبکہ تم ایسے آدمی سے مدد لو جو تمہارے کام کو اچھی طرح انجام دے۔

"وَمَالَه حلبٌ ولاجَلَبٌ" اس کے لئے نہ اُونٹنیاں ہیں نہ اُونٹ۔ حَلَبَ الرجلُ: زانو کے بل بیٹھنا۔

حَلَبْتُ واَحلَبْتُ. الرجلَ: دوسرے کے لئے دوہنا۔ حَلَبْتُهٗ واَحلَبْتُهٗ ناقتی: دوہنے کے لئے دینا۔ حَلَبَ القومُ حَلَبًا وحُلُوْبًا وَاَحْصَلَبُوْا: ہر طرف سے مدد کے لئے جمع ہونا۔

حَلِبَ (س) حَلَبًا. الشعرُ: کالا ہونا۔

حَالَبه: ساتھ مل کر دوھنا (...... واَحْلَبَه) مدد کرنا۔

تَحَلَّبَ وانْحَلَبَ. العرق اوالدمعُ: بہنا ...... عينُه: آنسو بہانا...... فمه: تھوک ٹپکانا۔

إحْتَلَبَ واسْتَحْلَبَ: دودھ نکالنا۔ اِحْتَلَبَ الناقةَ: دوھنا۔ اِسْتَحْلَبَ القومُ: مدد کے لئے جمع ہونا۔

الحَلَب: مص (...... والحَلِيبُ) دوھا ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے "شَرِبْتُ حَلَبًا" میں نے تازہ دودھ پیا۔ کھجور کی شراب۔ حَلَبُ الكَرْمِ وحَلَبُ العَصِيرِ: شراب۔ کہا جاتا ہے "ذاقوا حَلَبَ امرهم" یعنی انہوں نے اپنے کام کے وبال کا مزہ چکھا۔ و "دَمٌ حَلِيبٌ" تازہ خون۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ (حَلْبَى) رَكْبَى او (حَلْبَانَةٌ) رَكْبَانَةٌ" دودھ دینے والی اور سواری کے قابل اُونٹنی۔

الحَلْبَة: ایک بار دوھنا۔ ایک دفعہ کی گھوڑوں کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "هُوَيَر كضُ فِي كلِّ حَلْبَةٍ من حَلَبَاتِ المَجْد" وہ مجد و بزرگی کی ہر دوڑ میں دوڑتا ہے۔ الحَلْبَة: گھوڑے جو دوڑانے کے لئے جمع کئے جائیں۔ ج حَلَبَات وحَلَائب.

الحَلَبَان: صبح شام۔ (چونکہ یہ دونوں اوقات دودھ دوہنے کے ہیں۔)

اَلْحَلَب: ایک درخت جس کے دانے خوشبودار ہوتے ہیں۔

الحُلْبَة: میتھی۔ زچہ کی خوراک۔

الحُلْبَة: زچہ کی خوراک۔ بکریوں کا ایک حصہ جو ریوڑ سے علیحدہ ہو جائے۔

الحَالِب: فا۔ ج حَلَبَه.

الحَالبة: تھن کے اردگرد کی رگیں۔ ج حَوَالِب حَوَالِبُ البِئر: کنوئیں کا سوت۔ حَوَالِبُ العَيْن: آنکھ کی وہ رگیں جن سے آنسو نکلتے ہیں۔

الحَالِبَان: دو رگوں کا نام جن سے پیشاب گردے سے مثانہ کی طرف آتا ہے۔

الحِلاَب: دودھ دوہنے کا برتن۔

الحَلاَّب: بہت دوہنے والا۔ "يَوْمٌ حَلاَّب" نمناک دن۔

الحَلُوْب والحَلُوْبَة. من الابل اوالغنم: دودھ دینے والی اُونٹنی یا بکری۔ دوہی ہوئی۔ ج حُلُب وحَلاَئب.

الحَلاَئِب: جماعتیں۔ کسی شخص کے مددگار لوگ جو چچا کی اولاد سے ہوں۔

الحُلْبُوْب: کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے "اسودُ حلبوب" بہت کالا۔

الحِلَّبَاب: عشق پیچہ کی بیل۔

الحُلْبُ والحُلُبَّان والحِلَّبَاب والحُلْبُوْبُ: مختلف نباتات کے نام۔

شَاة (حَلاَبَة وتُحْلُبَة وتِحْلِبَة وتُحَلِّبَة وتَحَلَّبَة) حاملہ ہونے سے پہلے دودھ دینے والی بکری۔

المِحْلَب: دودھ دوہنے کا برتن۔ ج مَحَالِب.

المَحْلَب: دودھ دوہنے کی جگہ۔ ج مَحَالِب: ایک قسم کا درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔

المُحْلِب: فا۔ کہا جاتا ہے "فلان مُحْلِبٌ مُحْلِبٌ" یعنی فلاں شخص کے اُونٹ بچے ہوئے جن میں سے وہ مادہ سے دودھ دوھتا ہے اور نر کو بیچنے کے لئے لے جاتا ہے۔

المُحْلِب: مددگار اور بقول بعض مددگار جو اپنی قوم کا نہ ہو۔

الحِلبِد: چھوٹا اُونٹ۔ مؤنث حلبدة.

الحَلْبَس: بہادر۔

الحَلَبْلَس: بہادر۔ کسی شے کو لازم ہو کر رہنے والا۔ شیر۔

الحِلْبِيْس: شیر۔

حَلَتَ (ض) حَلْتًا. الرأسَ: مونڈنا۔ ......الصوف: نمک لگائے ہوئے چمڑے سے بال اُکھیڑنا...... الدَّيْنَ: ادا کرنا۔ ...... ظهر الخَيْل: چمٹ کے رہنا۔ ...... بسلْحِه: پاخانہ کرنا۔

الحُلاَتَة: اون کا اکھیڑتے وقت گرا ہوا۔

الاحْلَت: وہ جس کا بال یا اُون اُکھیڑ دیا گیا ہو۔

الحَلِيْت: یخ اولہ پالا۔

الحَلْيَت والحِلْتِيت: ہینگ۔

الحِلْتِيت: ہینگ۔

حَلَجَ (ن ض) حَلْجًا. الخبزةَ: بیلن سے بڑھانا اور گول کرنا...... في المشي: آہستہ آہستہ چلنا۔ دوڑنے میں قدم کشادہ رکھنا...... القومُ لَيْلَتَهُم: چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ القومُ يَحْلِجُونَ لَيْلَتَهُم" قوم ساری رات چلتی رہی۔ حَلَجَ القُطْنَ: دھن کر بنولے نکالنا۔ صفت (حلاّج) اور صفت مفعول (حَلِيْج ومَحْلُوْج)...... الحَبْلَ: بٹنا...... الرجلَ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

تَحَلَّجَ. الحَلُوْجُ: بادل کا چمکنا...... في صدره: کھٹکنا۔

إحْتَلَجَ. حَقَّه: لینا۔

الحَلْجَة والحَلَجَة: مسافت۔

الحِلاَجَة: دُھنے کا پیشہ۔

الحَلُوْج: چمکنے والا بادل۔

الحُلُج: بہت کھانے والے۔

الحَلِيْجَة: دودھ جس میں کھجور تر کی گئی ہو۔

ج حُلُج.
المحلج والمحلاج: روئی دھننے کا آلہ۔ بیلن۔ ج مَحَالِج ومَحَالِيج۔ المَحلَج: لکڑی جس پر چرخی گھومتی ہے۔
المِحلَج والمِحلَجَة: وہ چیز جس پر روئی دھنی جائے۔
حَلحَلَ الشَّئَ: حرکت دینا۔ ہٹانا...... القومَ: قوم کو ان کی جگہ سے علیحدہ کر دینا۔
تَحَلحَلَ عن مكانه: حرکت کرنا۔ دور ہونا۔ ہٹ جانا۔
الحُلاحِل: سردار۔ بہادر۔ کامل۔ ج حَلاحِل: (انہی معانی میں مُحَلحَل ومُلَحلح بھی ہیں۔)
حَلَزَ (ن) حَلزًا. الجلدَ او العُودَ: چھیلنا۔
تَحَلَّزَ. الشَّئُ: باقی رہنا...... القلب: درد مند ہونا...... للامر: تیار ہونا...... بالمكان: اقامت کرنا۔
اِحتَلَزَ. منه حقه: لینا۔
الحِلَّز: بخیل۔ بدخلق۔ پست قد۔ اُلو۔ ایک قسم کا غلہ۔ واحد (حلزة)
الحَلَزُون: ایک قسم کا آبی جانور جو سیپی میں ہوتا ہے۔ سنکھ۔
الحَلَزُونَة. فى عرف الحدادين والنجارين: لوہاروں اور بڑھیوں کے عرف میں پیچ دار کیل کو کہتے ہیں۔ شکل اوخط (حلزونی) گھونگھے کی ہیئت کی شکل۔
حَلَسَ (ض) حَلسًا. البعيرَ: ٹاٹ سے ڈھانپنا...... الرجلُ بالشَّئِ: بہت حریص ہونا...... السماءُ: لگاتار نرم برسنا۔
حَلِسَ (س) حَلَسًا وتَحَلَّسَ. بالمكان: کسی جگہ میں جم کے رہنا...... للامر: کسی کام کے لئے چکر لگانا۔ کہا جاتا ہے "ما تَحَلَّسَ منه بشي وما تحلس شيئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔
اَحلَسَ. الرجلُ: مفلس ہونا...... فلانا فى البيع: نقصان پہنچانا...... ہ: عہد و میثاق کرنا۔

اَحلَسَتِ السماءُ: لگاتار ہلکی بارش ہونا...... الارض: سرسبز ہونا۔ اَحلَسَه الخوفَ: خوف لازم کرنا۔
حَالَسَهُ: لازم ہونا۔ حَالَسَ البعيرَ: ٹاٹ سے ڈھانپنا۔
اَحلَسُ: سرخ مائل بسیاہی ہونا۔ صفت (احلس) مؤنث (حلساء)۔
اِستَحلَسَت. الارضُ: سرسبز ہونا۔ ...... النبتُ: زمین کو ڈھانپ لینا...... الليلُ: سخت تاریک ہونا...... الخوفَ فلانًا: خوف کا لازم رہنا۔
الحِلس والحَلَس: ٹاٹ۔ زین یا کجاوہ کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ قیمتی فرش کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ج اَحلاس وحُلُوس وحِلَسَة. اَحلاسُ الخيل: گھوڑوں پر ہی سوار رہنے والے اور کہا جاتا ہے "فلان حلس بيته" فلاں ہمیشہ اپنے گھر ہی میں رہتا ہے اور یہ عربوں کے نزدیک قابلِ مذمت ہے۔ "وهو حِلسٌ من اَحلاسِ البلادِ" یعنی وہ صاحبِ عزت وقوت ہے (اور یہ قابلِ مدح ہے) و "كونوا اَحلاسَ بُيُوتِكم" تم ہمیشہ خانہ نشین رہو "هذا لَيسَ مِن اَحلاسِ فلان" یہ فلاں کا کفو نہیں ہے۔ و "رَفَضتُ كذا ونقضتُ احلاسه" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا۔ الحِلس: عہد و پیمان۔ جوئے کا چوتھا تیر۔ سردار۔ بہادر۔ اُم حِلس: گدھی۔
الحَلَس: مص۔ عہد و پیمان۔
الحَلِس: بہادر۔ حریص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو۔ سرخ سیاہی مائل۔
حَلَطَ (ن) حَلطًا: قسم کھانا...... فى الامر: اصرار کرنا اور جلدی کرنا۔ غضب ناک ہونا۔
حَلِطَ (س) حَلَطًا واحتَلَطَ. عليه: غضب ناک ہونا...... منه: زچ ہونا۔
اَحلَطَ: بمعنی حَلَط...... ہ: غضب ناک کرنا...... بالمكان: اقامت...... فى اليمين: کوشش کرنا۔

حَلَفَ (ض) حَلفًا وحِلفًا وحَلِفًا ومَحلُوفًا ومَحلُوفَةً ومَحلُوفاء. بالله: قسم کھانا۔
اَحلَفَهُ وحَلَّفَهُ واستَحلَفَهُ: قسم کھلانا۔
حَالَفَهُ مُحَالَفَةً: معاہدہ کرنا۔ حالف فلانا حزنُهُ: غم کا لازم ہونا۔
تَحَالَفُوا: باہم عہد و پیمان کرنا۔
الحَلف والحِلف والاُحلُوفَة: قسم۔
الحِلف: مص۔ عہد و پیمان۔ دوستی۔ دوست جو بے وفائی نہ کرنے کی قسم کھائے۔ ج اَحلاف کہا جاتا ہے "فلان حِلف كذا" یعنی فلاں اس سے جدا نہیں ہوتا۔
الحَلفَاء: ایک بوٹی نوکیلی جیسے کھجور کی شاخ پانی بہنے کی جگہ اُگتی ہے۔ واحد حَلِفَة وحَلفَاء.
الحَلفَاء: بہت چیخنے والی لونڈی۔ ج حُلُف وحُلَف.
ارض (حَلِفَة ومَحلِفَة) حلفاء: گھاس والی زمین۔
الحُلَافِيُّ: وہ جگہ جس میں حلفاء گھاس بہت اُگے۔
الحَلَّاف والحَلَّافَة: بہت قسمیں کھانے والا۔
الحَلِيف: عہد و پیمان کرنے والا۔ لازم۔ ساتھی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَلِيفُ الجُودِ" فلاں جود و بخشش کا حلیف ہے یعنی بڑا فیاض۔ "فلانٌ حَلِيفُ اللِّسَانِ" فلاں چرب زبان فصیح ہے۔ ج حُلَفَاء.
المُحلِف: شک کی چیز جس کے ثابت کرنے کے لئے قسم کی ضرورت ہو۔ کہا جاتا ہے "هذا غلامٌ مُحلِف" یہ ایسا لڑکا جس کے احتلام میں شک ہے۔
حَلَقَ (ض) حَلقًا وتَحلَاقًا. الراسَ: مونڈنا۔
حَلَقَ (ن) حَلقًا. الرجلَ: حلق پر مارنا...... الحوضَ: بھرنا...... الشَّئَ: چھیلنا۔ السَّنَةُ القومَ: مصیبت میں ڈالنا۔ صفت

(حَلْقَى)..... القومُ بَعْضُهُمْ بعضًا :ایک دوسرے کوقتل کرنا۔
حَلِقَ (س) حَلَقًا :حلق کے درد والا ہونا۔
حَلَّقَ. الراسَ :مونڈنا (تشدید کثرت کے لئے ہے).....الطائرُ: اُڑنے میں چکر لگانا .....القمرُ :ہالہ پڑنا.....الشَّئُ: حلقہ کی مانند بنانا۔
.....الاناءَ مِن الشراب :بھرنا۔
الحوضُ :خشک ہونا.....عَيْنُ الحيوان: دھنس جانا.....النجمُ: بلند ہونا.....ضرعُ الناقة :دودھ کا خشک ہوجانا۔
اَحْلَقَ. الاناءَ او الحوضَ :بھرنا۔
تَحَلَّقَ. القومُ :حلقہ بنا کر بیٹھنا.....القمرُ: ہالہ پڑنا۔
اِحْتَلَقَ. الراسَ :مونڈنا۔
الحَلْقُ :مص۔گلا۔ج اَحلاق وحُلُوق وحُلُق. حُلُوق. الارض: نالیاں۔ وادیاں۔کہاجاتا ہے"اَخَذُوا فِي حُلُوق الطَّرِيق" انہوں نے تنگ راستے اختیار کئے۔الحَلْق: بدبختی۔
الحَلْقَة :ہرگول چیز۔زرہ۔رسّی۔ج حَلَق وحَلَقات. وحلقة القوم: قوم کا دائرہ..... کہاجاتا ہے"سَألَهُ فِي حَلْقَتِهِ" اس نے اس سے مانگا جبکہ وہ مانگنے والوں کے حلقہ میں تھا۔
حلقة الحوض :حوض کا بھرنا۔
حَلِقَةُ. الباب او القوم :دروازہ کا حلقہ یا قوم کا دائرہ۔
الحِلَق :بادشاہ کی انگوٹھی بغیر نگینہ کی انگوٹھی۔ بہت مویشی۔
الحَلِق :بے بال کا۔راسٌ حَلِقٌ: بے بال کا سر۔
الحَلاقِ وحَلاقِ :بروزنِ قطام مبنی علی الکسر معدول از حَالِقَة: موت۔
الحِلاق :گلا۔
الحُلاق والحُوْلَق :گلے کا درد۔
الحَلَّاق :نائی حجام۔

الحُلاقَة :مونڈے ہوئے بال۔
الحِلاقَة :نائی کا پیشہ۔
الحَالِق :فا۔ج حَلَقَة..... مِن الجِبال: بلند پہاڑ جس میں پیداوار نہ ہو۔کہاجاتا ہے "جاءَ مِنْ حَالِق" وہ بلند جگہ سے آیا و"هوىٰ مِن حَالِق" وہ اُونچی جگہ سے گرا یعنی ہلاک ہو گیا۔"ضَرعٌ حَالِق" بھرا ہوا تھن۔پیٹ سے سٹا ہوا تھن (ضد) ج حُلَّق وحَوَالِق.
الحَالِقَة. الحالق: کا مؤنث۔موت۔برا قول۔سخت سال۔ج حَوَالِق.
الحَالُوْق :موت۔
الحَالُوْقَة. مِنَ السيوف او الرجال: تیز۔
الحَوْلَق والحَيْلَق :بلا ومصیبت۔
الحَوْلَقَة " لا حول ولا قوة اِلا بالله" کہنا۔
الحَلِيْق :مونڈا ہوا۔کہاجاتا ہے"شَعر حَلِيق ولِحيَة حَلِيْق" مونڈا ہوا بال مونڈی ہوئی داڑھی۔ج حَلْقَى.
المِحلَق :اُسترہ۔سخت کمبل۔
الحِلْقد :بدخو۔
حَلْقَمَه :گلا کاٹنا۔
الحُلْقُوم :گلا۔ج حَلاقيم.
حَلِكَ (س) حُلُوْكَةً وحَلَكًا وحُلُوْكًا واِحْلَوْلَكَ واِسْتَحْلَكَ :سخت سیاہ ہونا۔ صفت(حَالِك وحَلِك)
الحَلَك والحُلكة: سخت سیاہی۔
الحَلَكَةُ والحَلَكَاءُ والحُلُكَاءُ والحَلَكَاء والحُلَكَاءُ والحُلَكَىٰ.
الحُلْكُوك والحُلْكُلِك :سخت سیاہ۔
الحَلْكَم :سیاہ۔
الحَلْكَمه :سیاہی۔
حَلَم (ن) حُلْمًا وحُلُمًا. في نومه: خواب دیکھنا۔کہاجاتا ہے"حَلَمَهُ وحَلَم بِه" اس نے اس کو خواب میں دیکھا۔حَلَمَ الصبيُّ و(احتلم) بالغ ہونا۔(..... حَلَمًا) الجلد: کیڑے نکالنا۔

حَلُمَ (ک) حِلْمًا :درگزر کرنا۔بردبار ہونا۔صفت(حليم) ج حُلَمَاء واَحْلام: مؤنث حَلِيمة.
حَلِمَ (س) حَلَمًا. الجلدُ :خراب ہونا اور کیڑے پڑنا۔صفت(حَلِم وحَلِيم)
اَحْلَمَتِ. المَرأةُ: حلیم وبردبار بچے جننا۔
حَلَّمَهُ تَحْلِيمًا وحِلامًا :بردبار بنانا۔حَلَّمَ الجلدَ: کیڑے نکالنا.....القُربَة: بھرنا۔
تَحَلَّمَ :بردبار بننا.....الحِلمَ :بردباری سے کام لینا.....الرجلُ: موٹا ہونا۔تحلّمت القربةُ :پانی سے بھر جانا۔
تَحَالَمَ :تکلف سے بردباری ظاہر کرنا۔
اِنْحَلَمَ واِحْتَلَمَ. في نومه: خواب دیکھنا۔
الحِلْم :صبر وآہستگی۔بردباری اور کبھی جہل وبےوقوفی کے مقابلہ میں آتا ہے جیسے "وَاِنَّ سَفَاهَ الشيخ لاحِلمَ بَعْدَهُ" عقل۔ج اَحلام وحُلُوم۔کہاجاتا ہے"تَأمُرُهُم اَحْلامُهُمْ بِهذا" ان کی عقلیں اس کا حکم دیتی ہیں۔
الحُلْم :مص۔خواب۔ج اَحلام اور کہاجاتا ہے"هذه اَحْلامُ نائِم" یہ جھوٹی آرزوئیں ہیں۔
الحَلَمَة :سرپستان۔ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے میں لگ جاتا ہے اور اس کو خراب کر دیتا ہے۔ج حَلَم.
الحَلِيْم :اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔موٹائی کی چربی۔
حَلاَ (ن) وحَلُوَ (ک) وحَلِيَ (س) حَلاوَةً وحُلْوَانًا :میٹھا ہونا.....الفاكهةُ: پختہ ہونا خلالة الشئُ :لذیذ ہونا۔صفت (حُلو) اور کہاجاتا ہے"حَلِيَ فِي عَيني وبِعَيني" وہ میری آنکھوں میں بھلا معلوم ہوا۔حلا منه بخير :خیر ومنفعت حاصل کرنا۔
حَلاهُ (ن) وحَلْوًا او حُلوَانًا :تھوڑا یا پورا مہر وصول کرنے کی شرط پر لڑکی یا بہن کی شادی کرنا و حلاه كذا اوبكذا" دینا کہا

جاتا ہے "حلاہ حلوانه" اس نے اسے بدلہ دیا۔
(......وحلّی الشئُ (تحلیۃ) میٹھا بنانا۔
(حالٰی مُحالاۃ الرجلَ: خوش طبعی کرنا۔
اَحلاۃ اِحلاءً: میٹھا پانا یا میٹھا بنانا۔ کہا جاتا ہے "مایُمِرُّ و لایُحلی" یعنی وہ نہ کڑوی باتیں کرتا ہے نہ میٹھی باتیں نہ اچھا کام کرتا ہے نہ برا۔
تحلّت. المراۃ: زیور پہننا۔ کہا جاتا ہے "تحلّٰی فلانٌ بِمَا لَیسَ فِیْهِ" فلاں نے اپنے آپ کو ایسی چیزوں سے آراستہ کیا جو اس کے اندر نہیں ہیں۔
تحلّٰی واِحلَولٰی واِستَحلٰی. الشئَ: میٹھا پانا۔ واِحلَولٰی الشئُ: میٹھا ہونا۔
تَحالٰی: حلاوت ظاہر کرنا۔
الحُلو: میٹھا۔ لذیذ۔ خوشگوار۔ خوبصورت۔
الحُلوَان: دلال وکاہن کی اُجرت۔ مہر۔ بدلہ۔
الحَلاءۃ والحَلاوۃ والحَلاوَاء والحُلاوٰی. مِنَ القفاء: گدی کا درمیانی حصہ۔ ج حَلاوٰی.
الحَلوَاء والحَلوٰی. حلوا۔ میٹھا میوہ۔ ج حَلاوٰی.
الحَلوَانی: حلوا فروش۔ حلوا بنانے والا۔
الحُلوُ. مِن الرجال: دیکھنے میں اچھا معلوم ہونے والا۔
الحَلِیُّ: لذیذ اور میٹھا۔ ناقۃ حلیۃ.
حَلٰی (ض) حَلیًا. المراۃَ: عورت کے لئے زیور بنانا۔ آراستہ کرنا۔
حَلِیَتْ (س) حَلیًا. المراۃُ: زیور پہننا۔
صفت (حالٍ وحالیۃ) ج حَوَالٍ: کہا جاتا ہے "شجرۃ حالیۃ" پتے والا پھل دار درخت۔ حلی منه بخیر: خیر و منفعت پہنچانا۔
حَلّٰی تحلیۃ. المراۃَ: زیور پہنانا یا زیور بنانا۔
وحلّی الشئَ: آراستہ کرنا۔

تَحلّی: آراستہ ہونا یا زیور پہننا۔
الحَلی: پھنسیاں جو بچوں کے منہ میں نکلتی ہیں۔
الحَلْیُ ج حُلِیٌّ وحِلِیٌّ و(الحِلْیَۃ) ج حِلی وحُلی (خلاف قیاس) زیور۔ حِلیۃ الانسان: انسان سے جو رنگ اور ہیئت دکھلائی دے۔
الحَلِیُّ: خشک۔
حَمَّ (ن) حَمًّا. التنورَ: گرم کرنا۔ الشحمۃَ: پگھلانا ......الماءَ: گرم کرنا ......الارتحالَ: جلدی کرنا۔ حَمَّ اللّٰه له کذا: مقدر کرنا ......الامرُ فلانًا: غم میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَّ حَمَّه" اس نے اس کے ساتھ اس جیسا قصد کیا۔
حُمَّ. الامرُ: فیصلہ کیا جانا ......الشئُ: قریب ہونا ......الرجلُ: بخار زدہ ہونا ......لهٗ کذا: مقدر کیا جانا۔
حَمَّ (س) حَمَمًا: کالا ہونا ......الماءُ: گرم ہونا۔
حَمَّمَ. الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا ......الراسُ: مونڈنے کے بعد بال نکلنا ......المکانُ: روئیدگی ظاہر ہونا ......الشئَ: کالا کرنا ......الماءَ: گرم کرنا ......الرجلَ: کوئلے سے منہ کالا کرنا۔ ......المراۃَ: طلاق کے بعد متعہ کے کپڑے دینا۔
اَحَمَّهُ. اللّٰهُ: بخار میں مبتلا کرنا۔ اَحَمَّ الشئُ: قریب ہونا ......المکانُ: بہت بخار والی جگہ ہونا ......الماءَ: گرم کرنا ......اللّٰه له کذا: مقدر کرنا ......الشئَ: کالا کرنا ......الامرُ فلانًا: غم میں ڈالنا۔
تَحَمَّمَ: کالا ہونا۔
اِحتَمَّ: غمگین ہونا۔ غم کی وجہ سے نہ سونا ......العینُ: بغیر درد کے بیدار رہنا۔
اِستَحَمَّ: پانی سے غسل کرنا۔ حمام میں داخل ہونا۔ پسینہ والا۔
الحَمُّ: مص۔ حَمُّ الظَّهِیرۃ: دوپہر کی سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "مالَهٗ حَمٌّ عن ذٰلک ومنه" اس کے لئے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ حَمُّ الشئِ و(حُمّه) چیز کا بڑا حصہ۔
الحُمَّیُّ: بخار۔ ج حُمَّیات.
الحَمَّۃ: گرم پانی کا چشمہ۔
الحُمَّۃ: سیاہی۔ سبزی اور سیاہی کے درمیان رنگ۔ بخار۔ ہر مقدر و فیصل شدہ چیز اور اسی سے ہے "حُمَّۃُ الفِرَاق" کہا جاتا ہے "عجلت بنادِیکُم حُمَّۃُ الفِراقِ" مقدر شدہ فراق نے تمہاری مجلس کے ساتھ جلدی کی۔ ج حُمَم وحِمام.
الحُمَم. حُمَّۃ: کی جمع۔ کوئلہ۔ راکھ۔ ہر وہ چیز جو آگ میں جل جائے۔ واحد (حُمَمَۃ)
الحِمَّۃ: موت۔ پسینہ۔
الحَمام: کبوتر۔ واحد (حمامۃ) اور کہا گیا ہے کہ حمامۃ کا اطلاق نر و مادہ دونوں پر ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اس میں "تا" تانیث کے لئے نہیں بلکہ تائے وحدت ہے اور بسا اوقات حمام مفرد کے لئے بھی بولتے ہیں۔ ج حَمائم وحَمامات حَمامُ الزَّاجِل اور الزَّجّال: پیغام وخطوط لے جانے والے کبوتر۔
سَاقُ الحمام و رعیُ الحمام: دوقسم کے گھاس کے نام۔ بَیضُ الحَمام: انگور کی ایک قسم جس کے دانے بڑے ہوتے ہیں۔ عنق الحمام: ایک قسم کا رنگ جو سرخ اور نیلے کے درمیان ہوتا ہے۔
الحِمام: موت۔
الحُمام: جانوروں خصوصاً گھوڑوں کا بخار۔ سردار شریف۔
الحُمامٰی: ایک قسم کی گھاس۔ کھال کی سرخی۔
الحَمّام: غسل کرنے کی جگہ۔ یہ بکثرت مؤنث مستعمل ہوتا ہے اور کبھی مذکر بھی۔ ج حَمّامات.
الحَمّامی: حمام والا۔ حمام کا نگہبان۔
الحَامَّۃ: اپنے خاص لوگ۔ عمدہ اونٹ۔

الحَمِيم : قریبی رشتہ دار۔دوست۔ج اَحِمَّاء :گرم پانی۔ٹھنڈا پانی۔چنگاری جس سے دھونی دی جائے۔ج حَمَائِم. الحَمِيم: گرمی۔پسینہ۔سخت گرمی کے بعد بارش۔کہا جاتا ہے "هو حَمِيمٌ بالحَاجَةِ" وہ حاجت پر فریفتہ ہے۔
الحَمِيمَة. حميم :کا مؤنث۔گرم پانی۔گرم کیا ہوا دودھ۔عمدہ نسل کا اُونٹ۔ج حَمَائِم.
الاَحَمّ :بہت خاص و بہت قریبی۔کالا۔سفید (ضد) بے پھل کا تیر۔ج حُمّ.
المِحَمّ:پانی گرم کرنے کا برتن۔
المُحِمّ :قریب۔
المُحَامّ :ثابت۔
المَحموم :بخاروالا۔مقدر۔کہا جاتا ہے "نزل بِهِ القَضَاءُ المَحمُومُ" اس پر قضاء مقدر کا نزول ہوا۔
المُستَحَمّ :غسل کرنے کی جگہ۔
حَمَأَ (ف) حَمْأً. البئر :کنوئیں سے کیچڑ نکالنا۔
حَمِئَ (س) حَمَأً وحَمْأً. الماءُ: پانی میں کیچڑ ملی ہوئی ہونا۔صفت۔حَمِئٌ.
اَحمَأَ. البئرَ :کنوئیں میں کیچڑ ڈالنا۔
الحَمْءُ و الحَمَا. والحمو والحما بلاهمزة:عورت کا خسر۔شوہر کی جانب سے عورت کا رشتہ دار جیسے دیور۔جیٹھ۔خسر۔
الحَمَأ والحَمْأة :کیچڑ۔
حَمَتَهُ (ض) حَمْتًا. اللّٰه عليه.
حَمِت (س) حَمَتًا. الجوزُ وغيره: اخروٹ وغیرہ کا خراب ہونا۔
حَمُتَ (ک) حُمُوتَةً. اليومُ :دن کا سخت گرم ہونا۔
تَحَمَّتَ. اللونُ او الطعمُ :رنگ یا مزہ صاف اور خالص ہونا۔
الحَمْت :مص۔يَومٌ حَمْتٌ :سخت گرم دن۔تمر (حَمْت وحَامِتٌ) بہت میٹھی کھجور۔
الحَمِيتُ. مِنَ اللون او الطعم :خالص و صاف رنگ یا مزہ۔کہا جاتا ہے "تمر حميت وعسل حَمِيت" اچھے رنگ والی کھجور۔خالص شہد۔غضب حَمِيتٌ :سخت غصہ۔
حَمَّجَت. العينُ :آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔
حَمَّجَ الوَجهُ :چہرہ کا غصہ وغیرہ سے بدلنا۔
حَمَّجَ اِلَيهِ :تیز نظر سے دیکھنا......عينه: گھور کر دیکھنا۔
الحُمُّوج :ہرن وغیرہ کا چھوٹا بچہ۔
حَمحَمَ وتَحَمحَمَ. البرذونُ اوالفرسُ: ہنہنانا۔تَحَمحَمَ :کالا ہونا۔
الحَمَاحِم :چوڑے پتے کا پودینہ۔واحد (حَمَاحِمَة)
الحِمحِم والحُمحُم :ایک قسم کا پرندہ گاؤ زبان۔واحد(حِمحِمة وحُمحُمَة)
حَمِدَهُ (س) حَمْدًا ومَحمَدًا ومَحمِدًا ومَحمَدَةً ومَحمِدَةً :فضیلت کی بنا پر تعریف کرنا......ہ على امر :بدلہ دینا......
الشَّيئُ :قابل تعریف پانا اور کہا جاتا ہے "حَمِدتُ اِلَيكَ اللّٰهَ" یعنی تیرے ساتھ اللہ کی تعریف کرتا ہوں یا تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ اللہ کی نعمتوں کا بھی۔
حَمَّدَ. اللّٰهَ :بار بار تعریف کرنا اور الحمد للہ کہنا۔
اَحمَدَ :قابل تعریف کام کرنا......الشَّيئُ: قابل تعریف ہونا......الشَّيئُ :قابل تعریف پانا......ہ:فعل پر راضی ہونا۔تعریف کا حقدار ظاہر ہونا۔
تَحَمَّدَ. بالشَّيئ على فلان :احسان جتانا اور کہا جاتا ہے "يَتَحَمَّدُ النَّاسَ بِفَضلِهِ" یعنی ان کے سامنے ظاہر کرتا ہے کہ وہ محمود ہے۔
اِستَحمَدَ. اللّٰه الهي خلقه :مخلوق کو انعام و احسان کر کے اپنی حمد کی جانب بلانا۔
الحَمدُ :مص۔تعریف۔تعریف کیا ہوا۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ حَمدٌ وامرأةٌ حَمدَةٌ" تعریف کیا ہوا مرد تعریف کی ہوئی عورت۔
حَمَادِ. له :بمعنی حمدًا لَهُ.
الحَمَاد: غایت۔انتہائی کوشش۔کہا جاتا ہے "حُمَادُكَ اَو حُمَادَاكَ اَن تَفعَلَ كَذَا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الحَمَّادُ و الحُمَدَة :بہت تعریف کرنے والا۔
المَحمَدَة :قابل تعریف کام۔ج مَحَامِد.
المُحَمَّد :بہت عمدہ خصلتوں والا۔نبی کریم ﷺ کا اسم گرامی۔
الحَمِيد و الحَمُود :تعریف کرنے والا۔تعریف کیا ہوا۔مؤنث حَمِيدَة.
الحُمَدَة :بہت تعریف کرنے والا۔
حَمَدَة. النار :آگ کے شعلہ کی آواز۔
حَمِرَ (س) حَمَرًا. الفرسُ :بدہضمی والا ہونا۔یا بدبودار منہ والا ہونا۔صفت (حَمِرٌ) ...... الرجلُ :غصہ سے بھڑک اُٹھنا۔
حَمَّرَ. الجلدَ :بُری دباغت دینا۔الشَّيئَ : سرخ رنگنا......ہ :کسی کو اے گدھے کہنا۔
اَحمَرَ :سرخ بچہ والا ہونا......الدابة: چارہ دینا یہاں تک کہ منہ بدبودار ہو جائے۔
اِحمَرَّ اِحمِرَارًا :سرخ ہونا۔
اِحمَارَّ اِحمِيرَارًا :بتدریج بہت سرخ ہونا۔
اِنحَمَرَ. ما على الجلد :کھر چا جانا۔
الحُمَر :ایک قسم کی رال جس کو عوام الحُمَّر :کہتے ہیں (...... والحُمَّر) ایک سرخ رنگ کا پرندہ واحد (حُمَرة وحُمَّرة)
الحُمرَة :سرخ رنگ۔ایک قسم کی وبائی بیماری جس کی وجہ سے بخار آتا ہے اور بدن پر سرخ رنگ کے دانے پڑ جاتے ہیں۔
خَشِيئَةُ الحَمرَة :ایک قسم کا زہریلا پودہ۔
الحِمَار :گدھا۔اس کی دو قسمیں ہیں۔اہلی اور جنگلی۔اسی وجہ سے جنگلی کو حمار وحش وحمار الوحش والحمار الوحشی کہتے ہیں۔ج حَمِير واَحمِرَة وحُمُر وحُمُور وحُمُرات :مؤنث حِمَارَة ج حَمَائِر

حَمارة القدم: پشت قدم۔ اُذُن الحمار وقثاء الحمار: دو پودوں کے نام۔ حمارُ الزَرَد: ایک قسم کا جنگلی سفید گدھا جس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں۔
الحَمارّة: گرمی کی شدت۔ ج حمارّ۔
الحَمّارة: گدھے والے۔ واحد حمّار: جیسے جمّال وبغّال: دوغلا گھوڑا۔
الاَحْمَر: جس کا رنگ سرخ ہو۔ ج اَحامِر: سرخ رنگ سے رنگا ہوا۔ ج حُمْر وحُمْران: سونا۔ زعفران، گوشت۔ شراب۔ کہتے ہیں "نحن من أهل الاَسْوَدين لامِنْ أهل الاَحْمَرَيْن" ہم کھجور اور پانی والے ہیں۔ گوشت اور شراب والے نہیں۔ الموت الاحمر: قتل۔ کنایہ ہے خون بہنے یا سخت موت سے۔
الحَمْراء. الاحمر: کا مؤنث۔ سخت سال۔ گرمی کی شدت۔ الحمراء أوالقلعة الحمراء: غرناطہ کا ایک مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دورِ حکومت کی یادگار ہے اور جس کے اندر ایک عجیب نادرۂ روزگار محل ہے۔ الحَمْراء: تین لکڑیاں جن کو آپس میں باندھ کر دودھ کا مشکیزہ یا پانی کی صراحی وغیرہ رکھ دیتے ہیں اور اس کو الحَمائر بھی کہتے ہیں۔
الاُحْمَرِیُّ: سخت سرخ۔
الحِمِرّ: گرمی کی سخت شدت۔ برا آدمی۔
غَيْثٌ حَمِر: تیز بارش۔
الحُمَّرة: ایک قسم کا پرندہ۔
المِحْمَر: کھال صاف کرنے کا آلہ۔ کنجوس ج مَحامِر. المِحمَر: دوغلا گھوڑا۔
اليَحْمُور: سرخ۔ ایک قسم کا پرندہ اور بقول بعض گورخر۔
حَمَزَ (ض) حَمْزًا. الخردلُ اللسانَ: چرپراہٹ ڈالنا۔۔۔۔۔الشفرة: تیز کرنا۔
حَمُزَ (ک) حَمازةً: سخت ہونا۔
الشرابُ: چرپراہٹ ڈالنے والی ہونا۔
الحامز: فا۔ حامز الفؤاد: تیز فہم عقلمند۔

الحَمِيز: سخت۔ ذکی۔ تیز فہم۔
حَمَسَهُ (ض ن) حَمْسًا: غضبناک کرنا۔۔۔۔۔اللحمَ: بھوننا۔
حَمِسَ (س) حَمَسًا: دین یا جنگ میں سخت ہونا۔ دلیر ہونا۔ صفت (حَمِسٌ)
حَمِسَ الوغی: گھمسان کی جنگ ہونا۔۔۔۔۔الامرُ: سخت ہونا۔
حَمُسَ (ن) حَماسةً وحَمَسَ (ض) حَمْسًا: دلیر ہونا۔
حَمَّسَهُ واَحْمَسَهُ: جوش دلانا۔ غضبناک کرنا۔۔۔۔۔الدواءَ ونحوه: نیم گرم ہونا۔
تَحَمَّسَ: جوش میں آنا۔ غضبناک ہونا۔ سخت ہونا۔ نافرمانی کرنا۔
اِحْتَمَسَ: جوش میں آنا۔ اِحْتَمَسَ القِرنان: باہم جنگ کرنا۔
تَحامَسَ. القومُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور جنگ کرنا۔
الحَماس: سختی۔ منع۔ جنگ کرنا۔
الحماسة: معاملہ میں سختی۔ دلیری۔
الاَحْمَسُ: دین یا جنگ میں سخت دلیر۔ مؤنث حَمْساء. ج حُمس واَحامِس.
سَنَةٌ حَمْساءُ: سخت سال۔ سِنُون اَحامِسُ
حُمْسٌ: بہت سے سخت سال۔ الحُمْس: سخت جگہیں۔
الحمسة: بھونا ہوا۔
الحَمِيس: دلیر۔ سخت۔ تنور۔
الحَمْس: آواز۔ کجاوہ کا گھنٹہ۔
الحُمْسَة: عزت۔
الحَمْسَة: ایک قسم کا دریائی جانور۔ کچھوا۔ ج حَمَس.
حَمَشَهُ (ن) حَمْشًا: غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔ حَمَشَ الشئَ: جمع کرنا۔۔۔۔۔القومَ: غصہ سے چلانا۔
حَمِشَتْ (ض) وحَمُشَتْ (ک) حُمُوشَةً. الساقُ: باریک ہونا۔
حَمَشَ (ض) حَمْشًا وحَمْشةً وتَحَمَّشَ واحْتَمَشَ واسْتَحْمَشَ: غضبناک ہونا۔
حَمِشَ (س) حَمَشًا وحَمْشًا. الرَجُلُ: باریک پنڈلیوں والا ہونا۔ صفت (حَمْشٌ وحَمِشٌ واحْمَشُ) ج حِماش وحُمُش: کہا جاتا ہے "رجالٌ حِماشُ السُوق" باریک پنڈلیوں والے مرد۔ "وسُوقٌ حِماش" باریک پنڈلیاں۔
حَمَّشَهُ: غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔
حَمَّشَ. الشئَ: جمع کرنا۔۔۔۔۔الشحمَ: پگھلاتے ہوئے جلانے کے قریب کرنا۔
اَحْمَشَهُ: غضبناک کرنا۔ اَحْمَشَ النارَ: ایندھن ڈال کر بھڑکانا۔۔۔۔۔القِدرَ: ہانڈی کے نیچے بہت ایندھن لگانا۔۔۔۔۔الحربَ: تیز کرنا۔
الحَمِيش: پگھلائی ہوئی چربی۔
حَمَصَ (ن) حَمْصًا وحُمُوصًا. الجرحُ: زخم سے سوجن ختم ہونا۔ صفت (حَمِيص)
الورمُ: ورم کا ختم ہونا۔۔۔۔۔الارجوحة: جھولے کا ٹھہر جانا۔۔۔۔۔الدابة: پسینہ خشک ہو جانا۔
حَمَّصَ. الحَبَّ: بھوننا۔
تَحَمَّصَ. الرَجُلُ: سمٹنا۔۔۔۔۔اللحمُ: خشک ہونا۔
اِنْحَمَصَ. الوَرَمُ: کم ہونا۔۔۔۔۔منه: سکڑنا۔ لاغر ہونا۔
الحِمَّص. والحِمِّص: چنا۔ واحد (حِمَّصَة وحِمِّصَة)
الحَمِيص: بھونا ہوا۔
الحَمِيصَة والمَحْمُوصَة: چوری کی ہوئی بکری۔ حَمِيصة کی جمع حَمائِص.
المِحْمَصَة: غلہ بھوننے کا آلہ۔ (لغت عوام)
حَمَضَ (ن) حَمْضًا وحَمِضَ (س) حَمَضًا وحَمُضَ (ک) حُمُوضَة: کھٹا ہونا۔
حَمَضَ (ن) حَمْضًا. عنه: ناپسند کرنا۔۔۔۔۔

بــــه: خواہش کرنا۔(...... واَحْـمَـض وحَمَّضَ) الجملُ: نمکین وکڑوے پودے چرنا۔حَمَّضَ واَحمَضَ الابلَ: نمکین و کڑوے پودے چرانا اور کہا جاتا ہے "حَمِّضْ لَنَا فی القِری" اس نے ہماری مہمانی میں کمی کی حَمَّضَ واَحمَضَ الشئُ: کھٹا کرنا......الشئَ عنه: پھیر دینا۔

اَحْـمَـضَ المكانُ: بہت نمکین وکڑوے پودے والی جگہ ہونا۔صفت(مُحْمِض)

تَحَمَّضَ. الرجلُ: ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہونا۔

الحَامِض: قا۔کہا جاتا ہے "هو حَامِضُ الفؤاد" وہ بگڑے دل کا ہے۔"وحَامِض الرئتین" کڑوے سانس والا۔

اَلْحَامِض: (ک) ہائیڈروجن والی مرکب جو نمک سے تبدیل ہوجاتا جب ہیڈروجن کسی کان کے ساتھ ملایا جائے۔حوامض کا ذائقہ سرکہ یا پھٹکوی کی طرح ہوتا ہے۔

الحَامِضَة. الحامِض: کا مؤنث۔کسی چیز کی خواہش۔کسی چیز کا معدہ میں فساد کی جانب منتقل ہونا۔

الـحَـمْـض: کڑوا ونمکین پودہ۔واحد (حَمْضَة) ج حُمُوض.

اَلْـحَـمْـض الاَسْتِیک: اسٹیک ایسڈ (سرکہ میں) Ch3cooH

زَیْتُ زَاج: پھٹکوی تیل۔الـحـمـض النتریک: NO3H نائٹروجن پرآکسائیڈ ڈائنامیٹ کے جوڑنے میں استعمال ہوتی ہے۔

الکبریت: گندھک۔الحمض الکلوریدریک: ہائیڈروکلورک ایسڈ H . C . L الحمض استرایک: سٹرک ایسڈ C.H.O۔

الحَمْضَة: کھانے کی خواہش۔کہا جاتا ہے "فؤاد حمض' ونفس حَمْضَة" کسی چیز کو سنتے ہی بدکنے والا النفس۔

الحُمَّاض: ایک قسم کی گھاس جس کے پتے کاسنی کے پتے کی مانند ہوتے ہیں۔اس کی دوقسمیں ہیں۔ترش اور کڑوی اور اس کو حُمَيْضَة بھی کہتے ہیں۔واحد(حُمَّاضَة) ترنج۔حُمَّاض الكَبَاد: ترنج کا اندرونی حصہ۔

الاِحْمَاض: مص۔دلچسپ گفتگو میں مشغول ہونا۔سنجیدگی سے مذاق کی طرف منتقل ہونا۔

الحَمِيضَة ج حُمُض و(المَحْمَض والمُحْمِض) کثرت سے نمکین اور کڑوے پودوں والی زمین۔

المُسْتَحْمِض. مِنَ اللبن: دیر میں جمنے والا دودھ۔

حَمَطَهُ (ض) حَمْطًا: چھلکا اُتارنا۔

حَمَّطَ الكرمَ: انگور پر درخت کا سایہ کرنا۔

...... الشئَ: چھوٹا کرنا......الرجلَ: ہلکا مارنا اور اسی سے مثل ہے "إذا ضَرَبْتَ فلا تُحَمِّط" جب مارو تو ہلکا مت مارو۔

الحَمَاطَة: گلے کی سوزش۔انجیر کے مشابہ ایک درخت اور بقول بعض گولر۔ دل کا نقطہ۔دل کا خون۔ج حَمَاطٌ وحَمَائِط.

حَـمْـطَرَ. القِربةَ: بھرنا......القوسَ: چلہ کھینچنا۔

حَمَظَهُ(ن) حَمْظًا: نچوڑنا۔

حَمْظَلَ: اندرائن چننا۔

الحَمْظَلَ: اندرائن۔

حَمِقَ (س) وحَمُقَ(ک) حُمْقًا وحُمُقًا وحَمَاقَةً: بےوقوف ہونا۔صفت (اَحمَق) مؤنث حَمْقَاء. ج حُمْق وحُمُق وحَمْقَى وحِمَاق وحَمَاقَى وحُمَاقَى.

(ک حماقة) السوقُ: مندا پڑنا۔

حَمَّقَهُ: بےوقوف کہنا۔

اَحْمَقَه: بےوقوف پانا۔اَحْمَقَتِ المرأة: بےوقوف بچے جننا۔صفت(مُحْمِق ومُحْمِقَة)

حَامَقَه: بےوقوفی میں مدد دینا۔

تَحَامَقَ وتَحَمَّقَ: بتکلف بےوقوف بننا۔

اِنْحَمَقَ: بےوقوف ہونا......السوقُ: مندا پڑنا......الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

اِسْتَحْمَقَ: بےوقوف ہونا......ہ: بیوقوف سمجھنا۔

الـحُـمْـق: مص۔کم عقلی۔بےوقوفی۔شراب۔نَوْمَةُ الحُمَق: ظہر کے بعد کی نیند۔

الحَمِيقُ: بےوقوف۔کم داڑھی والا۔

الحُمَاق والحَمَاق والحَمِيق والحُمَيْقَى والحُمَيْقَاء: ایک بیماری جو چیچک کے مشابہ ہوتی ہے۔

البَقْلَة الحَمْقَاء وبَقْلَةُ الحَمْقَاء: خرفہ کا ساگ۔

الحَمُوقَة والحُمَيْقَة والاُحْمُوقَة: بہت بےوقوفی والا۔

المُحْمِقَات: وہ راتیں جن میں اوّل سے آخر تک چاندنی رہے۔

حَمَلَ (ض) حَمْلاً وحُمْلانًا. الشئَ علی ظهرهِ: اٹھانا......الغضبَ: غصہ ظاہر کرنا......علی نفسهِ فی السَّیر: چلنے میں مشقت اٹھانا۔حَمَلَهُ علی الامرِ: اکسانا۔برانگیختہ کرنا۔حمل عنه: بردبار ہونا......الشئَ علی الآخر: ایک کا حکم دوسرے پر لگانا......المرأةُ: حاملہ ہونا......الشجرةُ پھل دار درخت ہونا......القرآنَ: یاد کرنا......العلمَ: روایت کرنا۔نقل کرنا۔

(......حملةً) فی الحرب علیهم: حملہ کرنا

(......حَمَالَة) به: ضامن ہونا۔

حَمَّلَهُ واَحْمَلَهُ. الحِمْلَ: بوجھ اُٹھانے میں مدد کرنا۔

حَمَّلَهُ تَحْمِيلاً وحِمَّالاً. الشئَ: اُٹھوانا۔

تَحَمَّلَهُ تَحَمُّلاً وتِحِمَّالاً: اٹھانا......الامرَ: برداشت کرنا......القومُ: کوچ کرنا......الرجلُ: بہادر بننا۔

تَحَامَلَ. فی الامر وبالامر: باوجود مشقت کے اپنے ذمہ لینا......علی فلان: ظلم کرنا۔طاقت سے زیادہ کام کو کہنا......عنه: اعراض کرنا۔

اَلَيْه: متوجہ ہونا......الشیخ فی مَشْيه: چلنے میں گرا انبار ہونا......علی نفسه: باوجود

مشقت کے برداشت کرنا۔
اِنحَمَلَ. علیه : اُکسایا جانا۔
اِحتَمل. الشَّیَ : اُٹھانا......الامرَ: کسی امر کی طاقت رکھنا اور اس پر صبر کرنا......ما کانَ مِــــنــــه: چشم پوشی کرنا......معاف کرنا ......الصَّنِیعَةَ: شکر ادا کرنا۔
اُحتُمِلَ :غضب ناک ہونا......لونُهُ: رنگ بدلنا۔
اِستَحمَل :اٹھانے کی طاقت رکھنا۔
......فلانًا :اٹھانے کو کہنا۔
الحَمل :مص۔پیٹ کا بچہ۔پھل۔ج حِمال واحمال وحُمُول.
الحِمْل :بوجھ۔ج اَحْمال وحُمُولَة.
الحِمْل :ہودج یا ہودہ والے اُونٹ۔ج حُمُول.
الحَمَل: بکری کا بچہ۔ج حُمْلان واَحمال. بہت پانی والا بادل۔آسمان کے برجوں میں سے ایک برج۔لسان الحَمَل :بارتنگ (ایک دوا کا نام)
الحَمْلَة :مص۔ایک مرتبہ کا بوجھ۔لڑائی کا حملہ۔
الحُمْلَة والحِمْلَة :ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
اَلحَامِلَةُ: ٹوکرا' جولاہے کا تانا۔بحری بیڑہ۔جیسے جنگی جہاز عرشے کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔
الحَامِل :فا۔ج حَمَلَة. حَمَلَةُ القرآن: قرآن کے یاد کرنے والے۔قرآن کی روایت کرنے والے۔مؤنث حَامِلَةٌ. اِمْرَأةٌ حَـامِلٌ وحَـامِلَةٌ: پیٹ والی عورت۔ج حَوَامِل. الحَامِلَة :انگور وغیرہ اٹھانے کی ٹوکری۔
الحَوَامِل :قدم۔ہاتھ اور قدم کے پٹھے۔
الحَمَالة : دیت۔تاوان۔ج حُمُل.
الحَمَالة: ضمانت۔دیت۔تاوان۔
الحِمَالة والحَمِیلَة :ج حَمَائِل و(المِحمل) ج مَحَامِل :تلوار کا پرتلہ۔کہا جاتا ہے "هو حَمِیلَةٌ عَلَیْنَا" وہ ہمارے ذمہ بار ہے۔الحِمَالَة: مزدور کا پیشہ۔
الحَمَّال :قلی مزدور۔بوجھ اٹھانے والا۔عوام اس کو عتَّال: کہتے ہیں۔الحمَّال: جزودان۔فصیح لفظ القِمَطر : ہے۔
الحَمُول :صابر۔بُردبار۔حَمُولُ البَحْرِ :دریائی نباتات۔
الحَـمُـولَة :بار برداری کا جانور۔ج حَمُولات الحُملان :بار برداری کا جانور جو کسی کو ہبہ کیا جائے۔مزدور کی اجرت۔
الحَمِیل :اٹھایا ہوا۔اجنبی۔ضامن۔پیٹ کا بچہ۔تسمہ۔سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔اٹھایا ہوا بچہ جس کی کوئی پرورش کرے۔منہ بولا بیٹا۔
الحَامُولَة :تیز بارش کے وقت نالے میں اچھلنے والا پانی (مولد) ج حَوامِیل.
المَحْمِل :وہ چیز جس میں کوئی چیز اٹھائی جائے۔ہودہ۔ج مَحَامِل.
المَحْمُول :مفع۔المَحمُول والموضوع عند المنطقیین: اصطلاح علم منطق میں قضیہ حملیہ کے دونوں اجزاء جو نحویوں کے نزدیک بمنزلہ مسند و مسند الیہ کے ہیں۔جیسے زَیدٌ کَرِیمٌ میں زید موضوع ہے اور کریم محمول ہے۔
حَمْلَقَ: آنکھیں پھاڑ کر تیز نظر سے دیکھنا۔
حُملاقُ العَیْنِ وحِملاقُها وحُملُوقُها : پپوٹوں کا اندرونی حصہ۔ج حَمَالِیق.
الحَمُ والحَمَاء والحَمُو والحَمْءُ : خسر۔خاوند کی جانب سے عورت کا قریبی رشتہ دار یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے اس کا اعراب حالت رفعی میں واؤ اور حالت نصبی میں الف اور حالت جری میں یا سے آتا ہے اور یہ ہمیشہ مضاف مستعمل ہوتا ہے۔تثنیہ حموان وحمآن ج احماء.
حَـــمَاة. الرجل :خوش دامن۔حَمَاة المرأة : ساس۔ج حَمَوات. الحَمَاة : پنڈلی کا عضلہ۔
حُمُوُّ. الشمس : آفتاب کی گرمی۔
حُمُوَّة. الالم :درد کی شدت و تیزی۔
حَمَی (ض) حَمْیًا وحِمْیَةً وحِمَایَةً ومَحْمِیَةً الشَّیَ مِنَ الناس :روکنا۔بچانا۔(...... حِمْیَة) المریضَ مایَضُرُّهُ وعما یَضُرُّهُ: پرہیز کرانا۔
حَمِیَ (س) حَمِیَّةً ومَحْمِیَةً. مِنَ الشَّیَ : کسی کام کے کرنے سے ناک چڑھانا۔
حَمِیَ (س) حَمْیًا وحُمِیًّا وحُمُوًّا. النارُ: تیز گرم ہونا......علیه: غضب ناک ہونا۔
حَامَی مُحَامَاةً وحِمَاءً. عنه :حمایت کرنا۔مدافعت کرنا۔علی الضیف :اچھی طرح میزبانی کرنا۔
اَحْمَی اِحْمَاءً. المکانَ :حمی بنانا...... الحَدِیدَ: بہت گرم کرنا۔
تَحَمَّی واحْتَمَی. المریضُ :رکنا' پرہیز کرنا۔احتمی منه :بچنا۔
تَحَامَی. ه :بچنا۔پرہیز کرنا۔
اِحْمَوْمَی اِحْمِیمَاءً :کالا ہونا۔
الحِمَی :چراگاہ کہ جس میں دوسروں کے جانور کو چرانے کی ممانعت ہو۔ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے۔
حَمْی. الشمس : آفتاب کی گرمی۔
الحِمَاء :بچائی ہوئی چیز۔کہا جاتا ہے "هو حِمَاءٌ لک" وہ تمہاری طرف سے فدیہ ہے۔
الحِمْیَة :بچائی ہوئی چیز۔پرہیز۔کہا جاتا ہے "المِعْدَةُ بیتُ الداءِ والحِمْیَةُ راسُ الدواءِ" معدہ بیماریوں کا گھر ہے اور پرہیز دوا کی اصل ہے۔
الحَمِیَّة: نفرت۔مروت۔نخوت۔
الحُمَّی :بخار۔ج حُمَّیَات.
الحُمَیَّا :غصہ کا ابتدائی جوش۔کہا جاتا ہے "لا تکلمه فی حُمَیَّا غضبه" اس سے غصہ کے ابتدائی جوش کی حالت میں گفتگو مت کرو۔شراب کی تیزی۔شراب۔حسن

كل شي : شدت وتیزی۔کہا جاتا ہے "هُوَ شَدِيْدُ الحُميَّا" وہ بہت خوددار ہے۔
الحُمَة : زہر۔ڈنک۔ج حُمَات وحُمى.
حُمَةُ البرد: سردی کی شدت۔
الحَامِي : فا۔شیر۔کتا۔ج حُمَاة وحَامِية: نر اُونٹ کہ جس کے بہت سے بچے ہو گئے ہوں تو اُس کو آزاد چھوڑ دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے اور اُس کے اوپر سوار نہیں ہوتے تھے اور نہ اس کے بال کترتے تھے۔
الحَمِيُّ : وہ شخص جو ظلم برداشت نہ کر سکے۔ ہر محفوظ کی ہوئی چیز۔مریض جو مضر چیزوں سے روک دیا گیا ہو۔
الحَامِيَة. الحامي : کا مؤنث۔حمایت کرنے والا (اس صورت میں تا مبالغہ کے لئے ہے) جماعت جو حمایت کرنے والی ہو۔ ج الحَوَامِي.
الحَامِية: پایہ دیگدان۔پتھر جس سے کوئیں کا من بنایا جائے۔
حَنَّ (ض) حَنِيْنًا: خوشی یا غم سے آواز نکالنا ......القوسُ کمان سے آواز نکلنا ......إليه : مشتاق ہونا ...... حَنَّة وحَنَانًا) عليه : مہربان ہونا۔صفت (حَنُون)
حَنَّهُ (ن) حَنًّا : پھیرنا۔باز رکھنا۔تم کہتے ہو "حُنَّ عني شرَّك" مجھ سے اپنے شر کو روک لو۔حَنَّ الشجرُ: شگوفہ دار ہونا۔
أَحَنَّ. القوسَ: کمان سے آواز نکالنا...... الرجلُ: غلطی کرنا۔
تَحَنَّنَ. عليه : رحم کرنا۔
تَحَانَّ واسْتَحَنَّ. إليه : مشتاق ہونا۔
إسْتَحَنَّ الشوقُ فلانًا : طرب کو بڑھا دینا۔
الحَانُّ : فا۔بہت خوش ہونے والا۔کہا جاتا ہے "مَالَهُ حَانَّةٌ ولا آنَّة" اس کے پاس نہ اونٹنی ہے نہ بکری۔
الحُنَّان : رحمت ومہربانی۔
الحِنُّ : جنوں کا ایک گروہ۔
الحَنَان : روزی۔برکت۔دل کی نرمی۔کہا جاتا ہے "حنانيک وحنانك يا ربّ" یعنی اے پروردگار تیرے رحم کی التجا کرتا ہوں۔"وحَنَانَ الله" اللہ کی پناہ۔
الحَنَّان : مہربان۔رحیم۔اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک۔کسی چیز کا مشتاق۔سهم حَنَّان : آواز نکالنے والی کمان۔طَرِيقٌ حَنَّان: واضح راستہ۔
الحِنَّان : مہندی۔
حَنَأَ (ف) حَنْأً. المكانُ: سرسبز ہونا۔صفت (حَانِي) اور حَانِئ: کا کلمہ أخضر کے لئے بطور تاکید کے لئے مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے "أَخْضَر حَانِئ" جیسے أسْوَد حَالِك. أَصْفَر فَاقِع. أَبْيَض نَاصِع. أَحْمَر قَانِئ.
حَنَّأَهُ تَحْنِيئًا وتَحْنِئَةً : مہندی سے رنگنا۔
تَحَنَّأَ بالحناء: مہندی سے رنگا جانا۔
الحِنَّاء : مہندی۔واحد حِنَّاءَة. ج حُنَّان.
ابو الحِنَّاء: ایک سرخ سینے والا چھوٹا پرندہ۔
حَنِبَ (س) حَنَبًا وحَنَّبَ وتَحَنَّبَ الشيخ : کبڑا ہونا۔حَنَّبَهُ الكِبَرُ : جھکا دینا۔
تَحَنَّبَ عَلَيْهِ : مہربان ہونا۔
حَنْبَرَ حَنْبَرَةً. البردُ : سخت ہونا۔
الحُنْبُر : پست قد۔
حَنْبَلَ : لوبیا کھانا۔موزہ یا پرانی پوستین پہننا۔
تَحَنْبَلَ : سر جھکانا۔
الحُنْبُلُ : لوبیا۔
الحَنَابِل. مِنَ الأوتار : مضبوط اور موٹی تانت۔
الحَنْبَل : موزہ یا پرانی پوستین۔بڑے پیٹ والا پست قد۔
الحِنْبَال : فربہ پُرگوشت۔بہت بولنے والا۔
الحِنْبَالَة : سمندر۔بہت بولنے والا۔
الحَانُوت : دکان۔شراب بیچنے والے کی دکان۔(مذکر ومؤنث) ج حَوَانِيت.
نسبت کے لئے (حَانِيّ وحَانُوتِيّ)
حَنِثَ (س) حِنْثًا: باطل کی طرف مائل ہونا ......في يمينه : قسم توڑنا۔
أَحْنَثَهُ : قسم تڑوانا۔
تَحَنَّثَ : گناہ سے نفرت کرنا۔عبادت کرنا۔بتوں سے علیحدہ ہونا اور ان کی پرستش چھوڑنا مِن كَذَا : توبہ کرنا۔
الحِنْث : مص۔گناہ۔ج أحْنَاث. کہا جاتا ہے "بَلَغَ الغلامُ الحِنْثَ" لڑکا بالغ ہوگیا۔
الخُضَارۃ: سبز ترکاریاں۔ خَضَارۃ: سمندر کے لئے علم ہے اور تانیث اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

الخُضَارِیُّ والخُضَیرِیُّ: ایک قسم کا پرندہ جس کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے اور اس کو اخیل بھی کہتے ہیں۔ ج خَضَارِیُّ.

الخَضرَاءُ. اَخضَر کا مؤنث۔ القُبَّۃُ الخَضرَاءُ: آسمان۔ وخَضرَاءُ القَومِ: قوم کا بڑا حصہ۔ ج خَضرَاوَاتٌ.

الخَضرَاوَاتُ: ترکاریاں۔ میوے۔

الاَخضَرَانِ: گھاس و درخت۔

الاَخَاضِرُ: سونا۔ گوشت و شراب۔

الاُخَیضِرُ: مکھی۔ آنکھ کی ایک بیماری۔

المَخضَرَۃُ: سبزہ زار۔

خَضرَمَ. الاُذُنَ: کان کا کچھ حصہ کاٹ لینا۔

الخِضرِمُ: بہت پانی والا کنواں۔ بہت بڑا سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَحرٌ خِضرِمٌ" بہت پانی والا سمندر۔ و "رجُلٌ خِضرِمٌ" بہت فیاض مرد۔ (......والخُضَارِمُ) ج خِضرِمُونَ و خَضَارِمُ و خَضَارِمَۃٌ.

الخُضرُمُ: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی، گوہ کا بچہ۔

المُخَضرَمُ: غیر مختون۔ وہ شخص جو خود کالا ہو اور اس کا باپ سفید رنگ کا ہو۔ وہ شخص جو حسب کے لحاظ سے ناقص ہو۔ وہ شخص جس نے جاہلیت و اسلام کے زمانوں کو دیکھا ہو۔ "مَاءٌ مُخَضرَمٌ" میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی۔

خَضَعَ (ف) خُضُوعًا و خَضعًا و خُضعَانًا: عاجزی کرنا۔ فروتنی کرنا۔ سرافگندہ ہونا۔ صفت (خَاضِعٌ) ج خُضَّعٌ و (خُضُوعٌ) ج خُضَّعٌ ......لَہٗ: تابع و فرمانبردار ہونا......النجمُ: مائل بغروب ہونا ......الرجلَ: ساکن کر دینا۔

خَضِعَ (س) خَضَعًا. الرَّجُلُ: جھکا ہوا ہونا۔ صفت (اَخضَعُ) مؤنث خَضعَاءُ.

خَضعَضَعَۃ: عاجز کرنا......اللحمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اَخضَعَ: عاجز ہونا......ہٗ: عاجز کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخضَعَتنِی اِلَیکَ الحَاجَۃُ" تمہارے سامنے حاجت نے مجھ کو عاجز بنا دیا۔ الکِبَرُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کو پست گردن بنا دینا۔

خَاضَعَہٗ: نرمی سے گفتگو کرنا۔

تَخَضَّعَ واخضَوضَعَ: بتکلف عاجزی ظاہر کرنا۔

اِختَضَعَ: عاجز ہونا......الصَّقرُ: ٹوٹ پڑنے کے لئے سر جھکانا......فی سَیرِہٖ: تیز چلنا۔

الخَضَعُ: مص۔ پیدائشی گردن کی پستی۔

الاَخْضَع :ذلت پر راضی۔دبی ہوئی گردن والا۔
الخُضَعَۃ :ہرایک سے عاجزی ظاہر کرنے والا۔اپنے ہمسر پر غالب آنے والا۔ج خُضَع۔
الخَضْعَۃ والخَضَعَۃ:تلواریں۔کوڑے۔تلواروں اور کوڑوں کی آواز۔کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ لِلسِّيَاطِ خَضْعَةً" میں نے کوڑوں کے پڑنے کی آواز سنی۔
الخَضِيْعَۃ :آواز جو جانور کے پیٹ سے سنائی دے۔سیلاب کی آواز۔
الخَيْضَعَۃ :لڑائی کا شور۔میدان جنگ اور اس کا غبار۔
الخَيْضَع مِنَ الرِّجَالِ :ذلت پر راضی ہونے والا۔
خَضَفَ (ض) خَضْفًا و خُضَافًا. گوز کرنا۔صفت (خَضِيْفٌ و خَضُوْف و خَضَّاف)
الخَضَفُ :چھوٹا کدو یا ککڑی یا خربوزہ۔
خَضِلَ (س) خَضَلًا واَخْضَلَ واِخْضَلَّ واِخْضَوْضَلَ :تر ہونا۔نمناک ہونا۔صفت (خَضِلٌ وخَاضِلٌ) کہا جاتا ہے "عَيْشٌ خَضِلٌ" شاداب زندگی۔"وشِوَاءٌ خَضِلٌ" اچھی طرح سے بھنا ہوا گوشت۔"وسِنَانٌ خَضِلٌ" خون سے تر نیزہ۔
خَضَّلَ واَخْضَلَ. الشیءَ :تر کرنا۔
اِخْضَالَّ واِخْضَئَلَّ :تر ہونا۔
......الشَّجَرُ :بہت گھنی اور بکثرت پتے ہونا۔
الخَضَل والخَضْل :صاف موتی۔ایک قسم کے مہرے۔واحد (خَضْلَۃ)
الخُضْلَۃ :تروتازگی۔آسودگی۔نعمت۔زندگی کا آرام و آسودگی۔
الخَضِيْلَۃ :سرسبز و شاداب باغ۔
المُخْضَل والمُخْضِلُ :آسودہ زندگی والا۔
خَضَمَ (ض) وخَضِمَ (س). خَضْمًا. الطَعَامَ :انتہائی داڑھ سے کھانا۔منہ بھر کے کھانا۔
اَخْضَمَ. لَهُ فِي العَطَاءِ :زیادہ دینا۔
الخِضَمُّ :بڑا سمندر۔سردار۔بڑا فیاض (عورت کی صفت میں یہ نہیں آتا) بڑی جماعت۔سامان رکھنے کا پتھر۔سَيْفٌ خِضَمٌّ :شمشیر بُراں۔
الخُضَام والخُضَامَۃ :وہ چیز جو انتہائی داڑھ سے کھائی جائے۔
الخَضِيْمَۃ :سبز نباتات۔بہت نباتات والی زمین۔ابلا ہوا گیہوں۔
الخُضْمَۃ :درمیان۔چیز کا بڑا حصہ۔
المِخْضَم والمُخْضَم :آسودہ زندگی والا۔
خَطَّ (ن) خَطًّا. بالقَلَمِ :لکھنا۔
الخِطَّۃَ لِنَفْسِہ :نشان لگا کر اپنے لئے مخصوص کرنا۔
......الشَّیءَ :قلم وغیرہ سے لکھنا......عَلَى الشیءِ :نشان لگانا۔علامت لگانا......الغُلامُ: سبزہ آغاز ہونا...... عِذَارُہٗ :رخسار پر بال نکلنا۔القَبْرَ :کھودنا۔الرِّيَاحُ الرَّمْلَ :دھاری ڈالنا......فِي الاَرْضِ :لکیر کھینچنا۔کہا جاتا ہے "جَارَاهُ فَمَا خَطَّ غُبَارَہٗ" اس نے اُس کا مقابلہ کیا اور گرد کو بھی نہ پہنچا اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَخُطُّ فِي الاَرْضِ" فلاں اپنے معاملہ میں غور و فکر کر رہا ہے۔خَطَّ الطَعَامَ و فِي الطَعَامِ" تھوڑا کھانا......فِيْ نَوْمِہٖ :خراٹے لینا۔
خَطَّطَ :لکیریں کھینچنا......الخُطُوْطَ :نقش کرنا......البِلادَ :حدود مقرر کرنا۔
اِخْتَطَّ. الوَجْہُ اوغيرُہ :دھاری دار ہونا......الغُلامُ :سبزہ آغاز ہونا......الاَرضَ اوالدارَ :اپنا معلوم ہونے کے لئے حد بندی کرنا......خُطَّۃً :معین کرنا۔علامت لگانا۔
الخَاطُّ :فال۔جادوگر۔
الخَطُّ :تحریر۔کتابت۔لمبا راستہ۔خَطُّ الاِسْتِوَاءِ :وہ فرضی خط جو کرۂ زمین کو دو حصوں شمالی وجنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ج خُطُوط۔ وخُطُوطُ الكَفِّ :ہاتھ کی لکیریں۔
الخُطُّ والخَطُّ :راستہ۔سڑک۔محلہ۔
الخِطُّ والخِطَّۃ :وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔زمین کا وہ حصہ جو کوئی اپنے لئے خاص کرلے۔ج خِطَط۔
الخُطَّۃ :کام۔کہا جاتا ہے "تِلْكَ خُطَّةٌ لَيْسَتْ مِنْ بَالِيْ" یہ کام میری شان کا نہیں ہے۔"وفِيْ رَاْسِہٖ خُطَّةٌ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے۔خصلت۔جہالت۔مشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ملے۔ج خُطَط :کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَبْنِيْ خُطَطَ المَكَارِمِ" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے۔
الخَطِّيُّ :نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے۔خَطِّيَّۃ۔
الخَطُوْط :زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے والا۔عورت کے ابرو رنگنے کی چیز۔جنگلی گائے۔
الخَطَّاط :بہت لکھنے والا۔
المِخَطُّ :کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی۔
المُخَطَّط :دھاری دار۔خوبصورت۔
خَطِئَ (س) خَطَأً :غلطی کرنا......فی دِيْنِہٖ: قصداً یا بلاقصد غلطی کے راستہ پر چلنا۔(......خِطْأً وخِطَاءَۃً) گناہ کرنا۔صفت (خَاطِئٌ) ج خَطَأَۃ :مؤنث خَاطِئَۃ ج خَوَاطِئ۔
خَطَأَ (ف) خَطْأً. القِدْرُ بِزَبَدِهَا :جھاگ پھینکنا۔
خَطَّأَہٗ تَخْطِئَۃً وتَخْطِيئًا :غلطی کی طرف نسبت کرنا۔
اَخْطَأَ اِخْطَاءً وخَاطِئَۃً :غلطی کرنا......الطریقَ :چوک جانا......الرَجُلَ :غلطی میں ڈالنا......الرامی الغرضَ :نشانہ پر نہ لگنا

......في عَمَلِه : راہ راست سے ہٹ جانا۔
تَخَطَّأَ وتَخَطَّاطَأَ : غلطی کرنا۔ تَخَطَّأَ وتَخَاطَاه: غلطی میں ڈالنا...... السهمُ الرَّمِيَّةَ : نشانہ سے ہٹ جانا۔ تَخَطَّأَ لَهُ في المَسْئَلَةِ وبِهَا: کسی کی غلطی ڈھونڈھنے کے درپے ہونا۔
الخِطْء : گناہ۔
الخَطْء والخَطَا والخَطَاء : گناہ اور بقول بعض غیرارادی گناہ۔ غلطی۔
الخَطَّاء : بہت غلطی کرنے والا۔ بہت گناہ کرنے والا۔
الخَطِيئَة : گناہ اور بقول بعض ارادی گناہ۔ ج خَطَايا وخَطِيئَات.
خَطَبَ (ن) خُطْبَةً وخَطْبًا وخَطَابَةً: وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لیکچر دینا۔ حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا۔ کہا جاتا ہے "خَطَبَ القومَ وفي القومِ" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی۔
خَطُبَ (ک) خَطَابَةً: واعظ ہونا۔ مقرر ہونا۔ لیکچرار ہونا۔
خَطَبَ (ن) خَطْبًا وخِطْبَةً وخِطِّيبَى الفَتَاةَ: منگنی کرنا۔ صفت (خَاطِب) کہا جاتا ہے "خَطَبَ الفَتَاةَ عَلٰى فلان" اس نے فلاں کے لئے لڑکی کی منگنی کی۔
خَطِبَ (س) خَطَبًا. الشَّيْءُ: تیرہ مائل سرخ زرد ہونا۔
خَاطَبَهُ خِطَابًا ومُخَاطَبَةً وتَخَاطُبًا : باہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاطَبَهُ فِيْ فُلَانٍ" اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی۔
اَخْطَبَ. الصيدُ فُلانًا : قریب ہونا...... الحِنْظَةُ : رنگین ہونا...... الحَنْظَلُ: زرد ہونا اور سبز دھاریاں پڑنا۔
اِخْتَطَبَ. الفَتَاةَ : منگنی کرنا...... القومُ فلانًا : قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لئے کسی کو بلانا عَلَى المِنْبَر : خطبہ دینا۔

الخَطْب : مص۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "ما خَطْبُك" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے۔ معاملہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لئے مستعمل ہے۔ ج خُطُوب.
الخِطَاب : گفتگو۔ فَصْلُ الخِطَاب : فصاحت۔ حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا الحمد للہ کے بعد اَمَّا بَعْد کہنا۔
الخُطْبَة : تقریر۔ گفتگو۔ خُطْبَةُ الكِتَاب : کتاب کا دیباچہ۔ الخُطْبَة : تیرہ رنگ جس میں سرخی زردی ملی ہوئی ہو۔
الخِطْب : منگنی کرنے والا مرد۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خِطْبُهَا وهِيَ خِطْبَتُهُ" ج اَخْطَاب.
الخِطْبَة : مص۔ منگنی کرنا۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔
الخَطَّاب : منگنی کرنے والا۔ بہت تقریر کرنے والا۔
الخَطَّابَة : بہت تقریر کرنے والا (مذکر مؤنث) الخَطَّاب : کا مؤنث۔
اَلْخَطَّابِيَّةُ : شيعة رافضة: میں سے ایک فرقہ جو کہ اپنے امیر ابوالخطاب کی طرف منسوب ہیں۔ وہ ان کو اپنے مخالفین کے خلاف جھوٹی گواہی دینے کا حکم کرتا تھا۔
الخَاطِب : منگنی کرنے والا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِيْبٌ" خوش بیان مرد۔ ج خُطَبَاء.
الخِطِّيب : عورت کو پیغامِ نکاح دینے والا۔ ج خِطِّيبُون.
الخِطِّيبَى : عورت جس کو کوئی پیغامِ نکاح دے۔
الاَخْطَبُ : شكرا۔ مِنَ الحَنْظَلِ: سبز دھاریوں والا اندرائن۔ الاَخْطَبُ : خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے اَكْتَبُ : اور شَعُرَ سے اَشْعَر کہا جاتا ہے "كَانَ اَخْطَبَ اَهْلِ زَمَانِهٖ" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مقرر تھا۔

خَطَرَ (ض) خَطَرَانًا وخَطِيْرًا. فِي مِشْيَتِهٖ : ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا۔ الرُّمْحُ: ہلنا...... بِسَيْفِهٖ اور رُمْحِهٖ : فخر و غرور سے ہلانا...... بِيَدِهٖ : چلنے میں آگے پیچھے کرنا (...... خَطْرًا وخَطَرَانًا وخَطِيْرًا) الجَمَلُ بِذَنَبِهٖ : بار بار اُٹھانا اور رانوں پر مارنا۔
خَطَر (ن ض) خُطُوْرًا. الامرُ لهٗ : سوجھنا خَطَرَتِ الحَوَادِث : پیش آنا۔ خَطَرَ الامرُ بِبَالِهٖ وعَلٰى وفي بَالِهٖ : بھولنے کے بعد یاد آنا۔
خَطُر (ک) خَطَرًا وخُطُوْرَةً: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (خَطِيْر) ج خُطُر.
خَاطَرَ مُخَاطَرَةً. بِنَفْسِهٖ: خطرہ میں ڈالنا ......ہ علٰى كَذَا: شرط لگانا۔
اَخْطَرَ. الشَّيْءَ في اوعلٰى اوبِبَالِهٖ : یاد دلانا ......ہ: بلند مرتبہ میں ہم مثل ہونا...... المالَ: مال کو شرط پر رکھنا...... المَرِيْضُ: خطرہ میں ہونا۔ صفت (مُخْطِر)
تَخَطَّرَى : پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَطَّرَ اِلَيَّ شَرُّ فُلَانٍ" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔
تَخَاطَر. القومُ عَلَى الشَّيْءِ :شرط لگانا۔
الخَطْر : غلہ کا ایک بڑا پیمانہ (...... والخَطَر) اُونٹ کے سرینوں پر مینگنی اور پیشاب مل کر جما ہوا۔ بادل جو سامنے ظاہر ہو۔
الخِطْر : بہت پانی ملا ہوا دودھ۔ بہت سے اُونٹ۔ شاخ۔ ایک قسم کی گھاس جس کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ ج اَخْطَار.
الخَطَر :قریب بہلاکت ج اَخْطَار کہا جاتا ہے "رَكِبُوا الاَخْطَار" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے۔ شرافت۔ بلندی۔ رتبہ۔ مثل۔ ہم پلہ (اور ذی مرتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے فِيْ ظِلِّ عَيْشٍ خَطِيْرٍ مَالَهٗ خَطَر :شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے۔ ج خِطَار. جمع خُطُر.
الخَطْرَة: ایک بار۔ تم کہتے ہو "مَالَقِيْتُهٗ اِلاَّ

خَطْرَةً" میں اس سے ایک بار ملا۔

الخَاطِر : فا۔ امر یا تدبیر جو دل میں گزرے خیال اور کبھی دل اور نفس پر بھی مجازاً اطلاق کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي خَاطِرِيْ" میرے دل میں واقع ہوا۔ و "فُلاَنٌ سَرِيْعُ الخَاطِرِ" فلاں تیز طبیعت ہے۔ و "جَاشَ الشِّعْرُ فِي خَاطِرِيْ" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی۔ ج خَوَاطِر.

الخَطَّار. الخَاطِر : کا اسم مبالغہ۔ عطر فروش۔ نیزہ مارنے والا۔ نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار تیل۔ شیر۔

الخَطَّارَة : اُونٹوں کا باڑہ۔

الخَطِر : عالی مرتبہ۔ شریف۔ مہار۔ رسّی۔ ترمرے۔ رات کی تاریکی۔ دھمکی۔ شادمانی۔ بلند رتبہ چیز کا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لَهُ خَطِرٌ" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔

المَخَاطِر : خطرے (اس کے لئے مفرد نہیں)

الخُطْرُب والخُطَارِب : افترا پرداز۔ جھوٹا۔

خَطْرَفَ وتَخَطْرَفَ. : چلنے میں جلدی کرنا۔ صفت (خِطْرِيْف وخُطْرُف)

خَطْرَفَهُ بالسَّيْف : تلوار سے مارنا۔

خَطِفَ (س) خَطْفًا. الشَّيْءَ : اُچک لینا ...... البَرْقُ البَصَرَ : چندھا کر دینا ...... السمعَ : چوری سے سننا۔

خَطِفَ (س) وخَطَفَ (ض) خَطَفَانًا: تیز چلنا۔ صفت (خَطِيْف وخَيْطَف)

خَطَّفَ : اُچک لینا۔ (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لئے ہے)

اَخْطَفَهُ : خطا کرنا ...... ہ المرضُ : بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا ...... الرجلُ: کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے ٹھیک ہونا۔

تَخَطَّفَ واخْتَطَفَ. الشَّيْءَ : چھین لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔ اُچک لینا۔

الخَطْف والخُطُف : لاغری اور پہلوؤں کا پچنا۔

الخَطَفَة : جھپٹا۔ عضو جس کو درندہ جھپٹا مار کر اتار لے یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے۔

الخَاطِف : فا۔ بھیڑیا۔ تیر جو زمین پر پڑ کر نشانہ پر لگے۔ ج خَوَاطِف.

اَخْطَفُ. الحَشَى : دُبلا۔

الخَاطُوْف : درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔

الخَطَّاف. الخَاطِف : کا اسم مبالغہ۔ چور۔ شیطان۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ۔

الخُطَّاف : آنکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اُچک لیا جائے۔ ج خَطَاطِيْف وخَطَاطِيْفُ السِّبَاع : درندوں کے چنگل۔

الخَطَفَى والخَيْطَفَى : تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "هُوَيَمْشِي الخَطَفَى" وہ تیز چلتا ہے۔

الخَطِيْفَة : ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچہ سے جلدی جلدی کھاتے ہیں۔

خَطِلَ (س) خَطَلاً واَخْطَلَ. في كَلاَمِهِ: بہت بولنا اور فحش بولنا۔ في مَنْطِقِهِ اَوْرَأيِهِ : غلطی کرنا۔ جیسے "اِصَالَةُ الرَّاىِ صَانَتْنِي مِنَ الخَطَلِ" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا۔

تَخَطَّلَ. فِي المَشْيِ : ناز انداز سے چلنا۔

الخَاطِل : باطل۔

الخَطَل : مص۔ بے وقوفی۔ سبکی۔ سرعت۔ بہت ردی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "اَرَىٰ فِي مَشْيِهِ خَطَلاً" میں اس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں۔ گفتگو ئے پریشان۔

الخَطِل : بے ہودہ گفتگو والا۔ بے وقوف۔

سَهْمٌ خَطِل : نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔

ثَوْبٌ خَطِلٌ : موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر کھنچے۔ ج اَخْطَال اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِلُ اليَدَيْنِ" سخت ہاتھوں والا مردو "رُمْحٌ خَطِلٌ" بے ڈول لمبا نیزہ۔

الخَطِل : تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا۔ جیسے "اَحْوَسُ فِي الْهَيْجَاءِ بِالرُّمْحِ خَطِلٌ" شجاع و بہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا ہوتا ہے۔ "خَطِلٌ بالمعروف" داد و دہش میں جلدی کرنے والا۔

الاَخْطَل : لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا۔ بے ہودہ گفتگو والا۔ مؤنث خَطْلاَءُ ج خُطْل.

الخَيْطَل : کتا۔ بلی۔ مصیبت۔ عطر فروش۔ ٹڈی دل۔

خَطَمَهُ (ض) خَطْمًا وخَطَّمَهُ. بالخِطَامِ: نکیل لگانا۔ خَطَمَهُ بِالْكَلاَمِ: خاموش کرنا۔ مغلوب کرنا۔ خَطَمَ الرَّجُلَ : ناک پر مارنا۔ (...... خَطْمًا وخِطَامًا) القَوْسَ بِالْوَتَرِ : کمان پر تانت چڑھانا۔

اِخْتَطَمَ. الخِطَامَ : نکیل لگانا۔

المَخْطِم والمِخْطَم : ناک۔

الخَطْم : مص۔ ناک کا اگلا حصہ۔ چونچ ...... مِنَ الدَّابَّةِ : چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ۔ اَمْرٌ عَظِيْمٌ: پہاڑ کی چوٹی۔

الخِطَام : مہار۔ نکیل۔ کمان کی تانت۔ ج خُطُم.

الخَاطِم : فا۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ خَاطِمُ اَمْرِ بَنِي فُلاَنٍ" فلاں بنو فلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔

الخَطَّام : اسم مبالغہ۔ مِسْكٌ خَطَّامٌ : ناک کو خوشبو سے بھر دینے والی کستوری۔

الاَخْطَم : لمبی ناک والا۔ کالا۔ مؤنث خَطْمَاء. ج خُطْم.

الخِطْمِيُّ : ایک قسم کی نباتات جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ واحد (خِطْمِيَّة)

خَطَا (ن) خَطْوًا: قدموں کے درمیان کشادہ کر کے چلنا۔

خَطَّا واَخْطَى. الرجلَ : قدموں کو کشادہ کر کے چلانا۔ خُطِيَ عَنْهُ الشَّيْءُ: زائل کیا جانا۔ تَخَطَّى تَخَطِّيًا واخْتَطَى اِخْتِطَاءً. ہ اِلى

كَذَا: پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
الـخُـطْـوَـة : چلنے کے وقت دوقدموں کے درمیان کا فاصلہ۔ عوام اسے فشـخـبـہ کہتے ہیں۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے "قَـرَّبَ اللّٰـهُ عَـلَيْـكَ الـخُـطْوَةَ: اللہ تعالیٰ مسافت کو تمہارے لئے قریب کردیں۔ ج خُـطًـى وخُطُوَات وخُطْوَات وخُطَوَات.
الخَطْوَة: بمعنی خُطْوَة: خطا کا اسم مرة...... فِي المَسَاحَةِ : چھ قدم۔
الخَطِيَّة : گناہ۔
خَظَا يَخْظُوا خُظُوًّا. لَحْمُه : گٹھا ہونا۔
اَخْـظَـى. الرَّجُلُ : موٹا ہونا۔ اَخْـظَاه : موٹا کرنا۔
الخَظِي : گٹھے بدن والا۔ کہا جاتا ہے
خَفَّ (ض) خَـفًّـا وخِفَّةً وخَفَّةً: ہلکا ہونا۔ خفیف العقل ہونا۔ کم مال والا ہونا۔
...... الـمـطـرُ : کم ہونا(...... خَـفًّـا وخِـفَّةً وخُـفُوفًا) اِلَى العَدُوِّ: جلدی کرنا...... القومُ : جلدی کوچ کرکے کم ہونا۔
خَـفَّفَ. الشَّئَ : ہلکا کرنا...... الـحـرف : مشدد نہ کرنا...... الثوبَ: باریک بنانا۔
اَخَفَّ : کم سامان والا ہونا۔ سبک حال ہونا ...... الرجل: جہالت پر اُکسانا۔ عیب لگانا۔
تَخَفَّفَ : چرمی موزہ پہننا۔ جلدی کرنا۔
تَخَافَّ : ہلکا پھلکا ہونا۔
اِسـتَـخَـفَّـهُ : ہلکا سمجھنا۔ جاہل سمجھنا۔ حق و صواب سے ہٹانا...... ہ الـغـنـاءُ: طرب ونشاط میں ڈالنا...... ہ الطَّربُ:......
اِسْتَخَفَّ بِهٖ : حقیر جاننا۔
اَلْـخِفُّ : ہلکا۔ تھوڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "خـرَجَ فِـىْ خِفٍّ مِنْ اَصْـحَابِهٖ" وہ اپنے تھوڑے سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔
الـخُفُّ. للبَعِيْرِ والنَّعَامِ : اُونٹ اور شتر مرغ کی ٹاپ۔ چرمی موزہ۔ ج اَخفَاف وخِفَاف کہا جاتا ہے "خُفٌّ ضَـاحِـكٌ" پھٹا ہوا موزہ۔ الـخُفُّ : قدم کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ سخت زمین۔

الـخِـفَّة : ہلکاپن (جسم میں ہو یا عقل میں یا عمل میں)
الـخَـفِيْف : ہلکا پھرتیلا۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ خَفِيْفُ الـرُّوْح" وہ لطیف اچھی صحبت والا ہے۔ و"خَـفِيْفُ الـقَـلْـبِ" ذکی "وخَفِيْفُ العَقْلِ" بے وقوف "وخَفِيْفُ الـظَّهْرِ" کم اولاد والا و"خَفِيْفُ اليَدِ" پھرتیلا و"خَفِيْفُ العَارِضَيْن" داڑھی میں کم بال والا۔ ج اَخِـفَّـا وخِفَـاف واَخْفَـاف.
الـخَفِيْفُ : علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔
الخُفَاف : ذکی، تیز فہم۔
الخَفَّاف : چرمی موزوں کا بیچنے والا۔
الخَفُوف : بجو۔
خَـفَا (ف) خَـفْـأً. الشَّئَ : اُکھیڑ کر زمین پر پٹکنا...... البيتَ: ڈھا کر گرا دینا...... القِرْبَةَ: مشک کو پھاڑ کر زمین پر بچھا دینا تا کہ پانی جذب نہ ہو۔
خَفَتَ (ن) خُفُوْتًا. الصوتُ: پست ہونا۔ صفت (خَافِتٌ وخَفِيْتٌ) (...... خُفَاتًا) اچانک مرنا۔ (...... وخَـفْـتًـا وخَـافَـت وتَخَافَتَ. بِكَلَامِهٖ وبِصَوْتِهٖ) پوشیدہ رکھنا۔ پست کرنا۔ آہستہ کرنا...... بـالقِرَاءَةِ: آہستہ پڑھنا۔ خَـافَتَهٗ: پست گفتگو کرنا۔ تَـخَـافَتَ: بتکلف ضعف وسکون ظاہر کرنا۔
الخُفْت : ایک قسم کی نباتات۔
الـخَـفْـتَـان : چلتہ (جنگ میں پہننے کا ایک لباس) (دخيل)
الخَافِتُ : بے پانی کا بادل۔ زرع خافت : کمزور پودا جو ابھی لمبا نہ ہوا ہو۔
خَفِجَ (س) خَـفَـجًا. البعيرُ: خفج کی بیماری لاحق ہونا۔
الخَفِيْج : کمزور۔ سست۔
الاَخْـفَـج. خـفـج کی بیماری والا۔ ٹیڑھے پاؤں والا۔ عمود اخفج : ٹیڑھا ستون۔
الخَفَج : ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا۔
خَـفْـخَفَ خَـفْـخَفَةً. الخِنْزِيْرُ اوالضَّبُعُ : آواز کرنا...... الـرَّجُـلُ قَـمِـيصَـه الجَدِيْدَ اَوِ القِرْطَاسَ: حرکت دینے سے آواز نکلنا۔
الخَفْخَاف : وہ شخص جس کی آواز ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو۔
خَفَدَ (ن) خَـفْدًا وخَفَدَانًا وخَفِدَ (س) خَفَدًا : تیز چلنا۔
الـخُـفْـدُدو الـخُفْدُوْد : چمگادڑ یا چمگادڑ کی مانند ایک دوسرا پرندہ۔
الـخَـفَـيْـدَد : تیز چلنے والا۔ شتر مرغ۔ ج خَفَادِد وخَفَادِيْد وخَفَيْدَدَات.
خَـفَـرَ (ن ض) خَـفْـرًا وخَـفَـرًا. ہ وبِهٖ وعَـلَـيْـهِ : پناہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ امن دینا ...... ہ : پناہ دینے کی اُجرت لینا۔ خَـفَـرَ بالعَهْدِ : وفا کرنا۔ عہد پورا کرنا۔ (...... خَفْرًا وخُفُوْرًا) فلانًا: عہد توڑنا۔ بے وفائی کرنا۔
خَفِرَت (س) خَـفَـرًا وخَفَارَةً الجَارِيَةُ : بہت شرمیلی ہونا۔ صفت (خَـفِـرٌ وخَفِرَةٌ ومِخْفَار)
خَـفَّـرَہ : امن دینا۔ حفاظت کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ کسی کے ساتھ رہبر بھیجنا۔
تَـخَـفَّرَ. بِـهٖ : پناہ دینا۔ پناہ لینا۔ رہبر بننے کو کہنا۔
تَخَفَّرَتِ الجَارِيَةُ : بہت شرمیلی ہونا۔
الــــخَفَارَة. (بتثليث الخاء) رہبری۔
عہد۔ الخُفَارَة : راہبر کی اُجرت۔
اَلْمَخْفَرُ: پولیس اسٹیشن۔
الـخُفْرَة. خفارة : کے معنی میں اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "هوفى خفرة الله" وہ اللہ کے ذمہ ہے "هَذَا خُفَرَتِيْ" یہ میرا رہبر ہے۔
الخَفِيْر : پناہ دیا ہوا۔ پناہ دینے والا۔ حمایت وحفاظت کرنے والا۔ ج خُفَرَاء.
الخُفَرَة : پناہ دینے والا۔
خَفَسَهٗ (ن) خَفْسًا: ٹھٹھا کرنا۔
خَـفَـسَ الـطَّعَامَ والشَّرابَ: تھوڑا کھانا یا پینا۔
البناءَ : عمارت ڈھانا۔
خَفَسَ (ض) خَـفْسًـا واَخْفَـسَ: بہت

بدزبانی کرنا۔
اِنْخَفَسَ. الماءُ : پانی کا متغیر ہونا۔
تَخَفَّسَ. الرَّجُلُ :لیٹنا۔
شرابٌ (مُخْفِسٌ) جلدمست کرنے والی شراب۔
خَفَشَ (ن) خَفْشًا بہ: پھینکنا۔ البناء ڈھانا. خَفِشَ (س) خَفَشًا: کمزور ہونا۔ پیدائشی کمزور نظر والا ہونا۔ تنگ آنکھ والا ہونا۔ رتوندوالا ہونا۔ صفت (خَفِشٌ وأَخْفَش)
خَفَّشَ. البدنُ: بدن کا کمزور ہونا۔
......البناءَ : عمارت ڈھانا......الرجلَ: پچھاڑ کرکچل دینا......بالارض: زمین سے چمٹنا۔
الخُفَّاش :چمگادڑ۔ج خَفَافِيش.
خَفَضَهُ (ض) خَفْضًا :پست کرنا۔ الصوتَ : آہستہ کہنا......الكلمةَ: زیر دینا۔
خَفَضَ الصَّوْتُ : آہستہ ہونا......بالمكان: اقامت کرنا......الرَّجُلُ: مرنا......الابلُ: آہستہ چلنا......الجَارِيَةَ :ختنہ کرنا۔
خَفُضَ (ک) خَفْضًا. العيشُ : آسودہ و خوشحالی ہونا۔ صفت (خَفِيضٌ وخَفْضٌ وخَافِضٌ ومخفوضٌ)
خَفَّضَ. الشَّيءَ : آسان کرنا۔ نرم کرنا اور اسی سے ہے "خَفِّض عَنکَ" یعنی اپنے اوپر نرمی کرو۔
تَخَفَّضَ. الامرُ: آسان ہونا۔
اِنْخَفَضَ :بلندی کے بعد پست ہونا...... الصوتُ: پست ہونا۔
اِخْتَفَضَ. السعرُ :بھاؤ گرنا۔
الخَافِض :فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ خَافِضُ الطَيرِ وخَافِضُ الجَنَاحِ" وہ باوقار اور متحمل المزاج ہے۔ مؤنث خَافِضَة. الخَافِضَة : لڑکیوں کی ختنہ کرنے والی۔
الخَفْض :مص۔ (......والخَفِيضَة) آسودگی۔ فراخی کی زندگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فی خَفْضٍ منَ العَيْش" وہ آسودہ زندگی میں ہے

خَفَعَ (ف) خَفْعًا: بھوک وغیرہ سے چکرا کر گرنا۔ خَفَعَهُ بالسَّيفِ: تلوار سے مارنا۔
(خَفْعًا وخَفَعَانًا) السترُ: ہلنا۔
أَخْفَعَهُ. الجُوعُ : چکرا کر گرا دینا۔
اِنْخَفَعَ :بے ہوشی کے قریب ہونا۔
المَخْفُوع :دیوانہ۔
خَفَقَه (ن ض) خَفْقًا. بالسَّيفِ : آہستہ تلوار سے مارنا......النَّعْلُ: جوتے سے آواز نکلنا(......خَفْقًا وخُفُوقًا وخَفَقَانًا) الفُؤَادُ : دھڑکنا......الرَّايَةُ: پھڑ پھڑانا......البَرْقُ: کوندنا(......خُفُوقًا) النجمُ :غروب ہونا ......اللَّيلُ: اکثر حصہ گزر جانا......الطائرُ: اڑنا......الرَّجُلُ فی البِلاَدِ :سفر کرنا...... المكان: خالی ہونا۔
أَخْفَقَ :مضطرب ہونا۔ حاجت میں ناکام رہنا۔ محروم ہونا......القومُ :قوم کے توشہ کا ختم ہو جانا......برَاسِهِ: اونگھ سے سر ہلانا...... بِثَوبِهِ : کپڑے کو حرکت دے کر اشارہ کرنا ......النجمُ: غروب ہونا......الطائرُ :بازو پھڑ پھڑانا......ہ :پچھاڑنا۔
اِخْتَفَقَ. العَلَمُ اوالسرابُ: جھنڈے کا یا سراب کا ہلنا۔
الخَفْقَة. خَفَقَ :کا اسم مرۃ۔
الخِفْقَة :کوئی چیز جس سے مارا جائے۔ جیسے تسمہ وغیرہ۔
الخَفق والخَفِقَة والخُفَق والخُفَقَة :پتلی کمر کا گھوڑا (خَفِقَة اور خُفَقَة) میں تا تانیث کی نہیں مبالغہ کی ہے۔ ج خِفَاق وخَفِقَات وخفقات.
الخَافِق: فا۔ مکانٌ خافِقٌ :انیس سے خالی جگہ۔ رَجُلٌ خافِقُ العَيْنِ: دھنسی ہوئی آنکھ والا۔
الخَفَّاق :اسم مبالغہ۔ خَفَّاقُ القَدَم :وہ شخص جس کے قدم کا اگلا حصہ چوڑا ہو۔
الخَفَّاقَة :دُبر۔ اِمرَأةٌ خَفَّاقَةُ الحَشَا: پتلی کمر والی عورت۔

الخَافِقَان :پورب و پچھم۔
الخَوَافِق والخَافِقَات. خافِقَه :کی جمع۔ جھنڈے۔ خَوَافِقُ السَّمَاءِ :ہوا چلنے کی چاروں سمتیں۔
الخَيْفَق :مصیبت۔ بہت تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ وسیع بیابان جس میں سراب چمکتا ہوا معلوم ہو۔
المَخْفَق :ہموار زمین جس میں سیراب حرکت کرتا ہوا ہو۔
المِخْفَق :چوڑی تلوار۔
المِخْفَقَة :کوڑا جس سے مارا جائے اور بقول بعض لکڑی کا کوڑا۔
مَخَافِق. النجم :ستاروں کے غروب ہونے کی جگہیں۔
المَخْفُوق :مفع۔ پاگل۔ دیوانہ۔
الخَافِل :بھاگنے والا۔
الخَفَن : پیٹ کا ڈھیلا ہونا۔
الخَيْفَان: ٹڈی۔ واحد (خيفانة)
الخَفَّان: شترمرغ کے چوزے۔
الخُفَّان :ایک قسم کا نرم پتھر۔ یہ استعمال عوام سے ہے فصیح لفظ "الرخفة" ہے۔
خَفَا (ن) خَفْوًا وخُفُوًّا. البرقُ: چمکنا...... الشيء: ظاہر ہونا۔
خَفَى (ض) خَفْيًا وخُفِيًّا. الشَّيْءُ : ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَفِيَ المَطَرُ الفَارَ" بارش نے چوہے کو بل سے نکال دیا۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ (ضد)
خَفِيَ (س) خَفَاءً وخُفْيَةً وخِفْيَةً :پوشیدہ ہونا۔ صفت (خَافٍ وخفيٌّ)
خَفَّى وأَخْفَى. الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "أَخْفِ عَنَّا" ہمارے متعلق جو تم سے دریافت کرے اس سے ہماری حالت چھپاؤ۔ وأَخْفَى الرَّجُلُ : چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ أَخفِي الشَّيْءَ: سرپوش ہٹانا۔
تَخَفَّى واِسْتَخْفَى :چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔
اِخْتَفَى. الشَّيْءَ : ظاہر کرنا۔ نکالنا......منْ فُلاَنٍ: چھپنا......البئرَ: کھودنا۔

الخَفَاء :مص ۔ پوشیدگی ۔ کہا جاتا ہے "بَرِحَ الخَفَاء" یعنی معاملہ واضح ہوگیا۔ پردہ۔ چادر جو لباس کو چھپا لے۔ پوشیدہ چیز۔ ج اَخْفِيَة. اَخْفِيَةُ الكَرَىٰ : آنکھیں ۔اَخْفِيَة الزَّهْرَةِ: کلی کے غلاف۔

الخَفِيُّ :لوگوں سے علیحدہ۔ مخفی جگہ میں رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَفِيُّ البَطْنِ" پچکے ہوئے پیٹ کا مرد۔

الخَافِي والخَافِيَاء :جن۔

الخَافِيَة. الخافِي کا مؤنث۔ پوشیدہ چیز۔ پوشیدگی۔ جن۔ ج خَوَافِ اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ خَافِيَة" جنوں کی سرزمین۔

الخَوَافِيُّ :پرندے کے بازوؤں کے نیچے چھپے ہوئے پر اور امثال عرب سے ہے "لَيْسَ القَوادِمِ کالخَوَافِيْ" بیخ پر چھوٹے پروں کی مانند نہیں۔

الخَفِيَّة. الخَفِيُّ :کا مؤنث۔ گنجان جھاڑی۔ کنواں جس میں پانی ہو۔ ج خفایا وخفیّات کہا جاتا ہے "بِهٖ خَفِيَّة" اس پر کچھ جنون و دیوانگی کا اثر ہے۔

المُخْتَفِي :فا۔ کفن چور۔

خَقَّتْ (ض) خَقًّا وخَقَقًا وخَقِيْقًا. القِدرُ: جوش سے سنسنانا۔ خَقَّ السَّيْلُ فِیْ الارض: گہرا گڑھا کر دینا(...... واَخَقَّتْ) البَكَرَةُ: چرخی کے سوراخ کا چوڑ ہونا۔

الخَقُّ ج اَخْقَاق وخُقُوق و(الاُخْقُوق والاَخْقِيق) زمین کا شگاف۔ تالاب جبکہ خشک ہو جائے۔

خَاقَان :ترکوں کے بادشاہ کا لقب۔ ج خَوَاقِيْن کہا جاتا ہے (خَقْنَهٗ) القَوْمُ علٰى انفُسِهِمْ: لوگوں نے اس کو اپنا بادشاہ بنالیا۔

خَلَّ (ن ض) خَلًّا وخُلُوْلاً. لَحْمُهٗ :دُبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا(خَلَّ الشَّيْ: سوراخ کرنا۔

...... الفَصِيْلَ :زبان کو چیر کر دودھ سے روکنے کے لئے لکڑی ڈالنا ...... فی دُعَائِهٖ : خاص کرنا۔

خَلَّ. اِلَيْهِ محتاج وفقیر ہونا۔

خَلَّلَ. العَصِيْرُ :کھٹا ہونا۔ سرکہ بننا ...... العَصِيْرَ :سرکہ بنانا ...... الاَسْنَانَ: خلال کرنا۔ خَلَّلَ فِیْ دُعَائِهٖ :خاص کرنا۔

خَالَّهٗ مُخَالَّةً وخِلَالاً وخُلَالاً :دوستی کرنا۔ بھائی بندی کرنا۔

اَخَلَّ محتاج ہونا ...... بالشَّيْ :کوتاہی کرنا۔ چھوڑ دینا۔ ...... الوالی بالثُّغُوْرِ :لشکر کم کر دینا ...... بِمَرْكَزِهٖ :مرکز کو چھوڑ دینا ...... بِقَوْمِهٖ :غائب ہو جانا ...... بالرَّجُلِ :پورا حق نہ دینا۔ بالاَمْرِ :برے طریقے سے انجام دینا۔ بگاڑ دینا۔ اَخَلَّهُ اللّٰهُ محتاج کر دینا۔

اُخِلَّ بالرجُلِ محتاج ہونا۔

تَخَلَّلَ. القَومَ :قوم میں مل جانا ......ه بالرُّمْحِ :پیاپے نیزے مارنا ...... الشَّيْ فيه: نفوذ کرنا ...... المَطَرُ :مخصوص جگہ میں برسنا ...... الرَّجُلُ: خلال کرنا۔

اِخْتَلَّ. الامرُ :کمزور و فاسد ہونا ...... عقلُه : خراب ہونا ...... اِلَيْهِ محتاج ہونا ...... العَصِيْرُ :سرکہ بنانا ...... لَحْمُهٗ: لاغری کی وجہ سے کم ہونا ...... الرَّجُلُ :اپنے لئے سرکہ بنانا۔

تَخَالُّوا تَخَالًّا :باہم دوستی کرنا۔

الخَلُّ :مص ۔ سرکہ۔ ریگستانی راستہ۔ دُبلے جسم والا ۔ لاغر۔ موٹا۔ بوسیدہ کپڑا۔ کپڑے کی پھٹن۔ ج اَخُلٌّ وخِلَالٌ : کہا جاتا ہے "مَالَهٗ خَلٌّ ولاخَمْرٌ" اس کے پاس نہ جید ہے نہ ردی "ولَسْتُ مِنْ هٰذَا الاَمْرِ فِیْ خَلٍّ ولاخَمْرٍ" مجھ کو اس معاملہ کے نہ خیر سے مطلب نہ شر سے کام۔ اُمُّ الخَلِّ: شراب۔

الخِلُّ والخُلُّ :دوست۔ مؤنث خِلٌّ وخِلَّة: ج اَخْلَال.

الخَلَل :سستی۔ فساد۔ رائے میں انتشار و پراگندگی۔ شگاف۔ دراڑ۔ ج خِلَال.

الخِلَل :دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ واحد(خِلَّة) کہا جاتا ہے "هو خِلَلَ القَوْمِ" وہ قوم کے درمیان ہے۔

الخَلَّة :عادت۔ سوراخ۔ تھوڑا سرکہ۔ تھوڑی سی کھٹی شراب۔ حاجت۔ محتاجی۔ ج خِلَال وخَلَل. الخَلَّة: ہلکی پھلکی عورت۔

الخُلَّة :گھاس جس میں مٹھاس ہو۔ ج خُلَل: دوستی۔ عادت۔ بیوی۔ محبوب۔ دوست (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے) تم کہتے ہو "هُوَ وَهِيَ وهُنَّ خُلَّتِي".

الخِلَّة :دوستی۔ بھائی بندی۔ تلوار کی میان جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہو۔ چمڑا جو منقش ہو۔ ج خِلَل وخِلَال الخِلَال: سوراخ کرنے کا آلہ۔ لکڑی جو اونٹ کے بچے کی زبان میں لگا دی جاتی ہے تا کہ دودھ نہ پی سکے۔ ج اَخِلَّة (...... والخِلَالَة) دانت صاف کرنے کا تنکا۔

الخِلَال والخُلَالَة :دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ۔ وخِلَالَ الدِّيَارِ: شہروں کا اردگرد۔ گھروں کے درمیان۔ کہا جاتا ہے هو خِلَالَهُم: وہ ان کے درمیان ہے۔

الخَلَالَة والخِلَالَة والخُلَالَة : سچی دوستی۔

الخَلِيْل :خالص دوست۔ ج اَخِلَّاء وخُلَّان :لاغر بدن۔ فقیر۔ مؤنث خَلِيْلَة ج خليلات وخلائل. شيٌ خليلٌ : چھدی ہوئی چیز۔

الخَلَّال :سرکہ بیچنے والا۔ سرکہ بنانے والا۔

الاَخَلُّ محتاج۔ دوسرے سے زیادہ محتاج۔

رَجلٌ (مِخَلٌّ) محتاج مرد۔

خَلَا (ف) خُلُوْءًا : جگہ سے نہ ٹلنا۔ خَلَأت النَّاقةُ: اڑ جانا۔

خَالَا مُخَالَاةً. القومُ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری میں مشغول ہو جانا۔

خَلَبَهٗ (ن ض) خَلْبًا. بظُفُرِهٖ :خراش لگانا' زخمی کرنا ...... السَّبُعُ الفَرِيْسَةَ :چنگل سے پکڑنا ...... الفَتٰى :جوان کے دل کو چھین لینا اور فتنہ میں مبتلا کرنا۔

خَلَبَه (ن) خَلْبًا وخَلَابًا وخِلَابَةً وخَالَبَه مُخَالَبَةً وخَلَّبَه واخْتَلَبَهٗ :نرم کلامی سے

فریفتہ کرنا۔ صفت (خَالِبٌ وخَلُوبٌ وخَلاَّبٌ وخَلَبُوت) مؤنث خَالِبَةٌ وخَلِبَةٌ وخَلُوبٌ وخَلاَّبَةٌ وخَلَبُوت،

خَلِبَت (س) خَلَبًا. المرأة : بے وقوف ہونا۔ صفت خلباء.

أَخْلَبَ. الماءُ : کیچڑ والا ہونا۔ صفت (مُخْلِب)

اِسْتَخْلَبَهٗ. بِظُفُرِه: خراش لگانا۔

المِخْلَب : جگر کے اوپر کی جھلی۔ انگور کے پتے۔ ج اَخْلاَب (...... والمِخْلَب) چنگل۔ ج مَخَالِب. المِخْلب: درانتی۔

الخُلْب والخُلُب : کیچڑ۔ کھجور کے درخت کا گودا۔ کھجور کے درخت کی چھال اور اس کی بٹی ہوئی رسی۔

الخُلَّب : بے بارش کا بادل۔ والبَرق الخُلَّب وبَرْقُ الخُلَّب : بے بارش کے بادل کی بجلی۔ "اِنَّما اَنتَ كَبَرقِ خُلَّب" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے۔

الخِلِّبْي : فریب۔

المُخَلَّب. مِنَ الثِّيَاب : بہت نقش ونگار والا کپڑا۔

خَلْبَسَه. اوخَلبَس قلبه : فریفتہ کرنا۔

الخُلاَبِس : نرم بات۔

الخُلاَبِس والخَلاَبِس والخَلاَبِيس : باطل وجھوٹی باتیں۔ الخَلاَبِيس : کمینے و فرومایہ لوگ۔

خَلْبَص : بھاگنا۔

خَلَجَه (ن ض) خَلْجًا: کھینچنا۔ کھینچ کر نکالنا ...... ه بِعَيْنِه : آنکھ سے اشارہ کرنا ...... الشَّئَ: حرکت دینا ...... ه بالسَّيف : تلوار سے مارنا ...... الولدَ: دودھ چھڑانا ...... ه الامرُ: مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَلَجَتْهُ أُمُورُ الدُّنيا" اس کو دنیا کے دھندوں نے پھنسالیا۔

خَلَجَت (ن ض) خَلْجًا وخُلُوجًا وخَلَجَانًا. العين: پھڑکنا۔

خَلِج (س) خَلَجًا : چلنے یا تھکنے کی وجہ سے ہڈیوں کا درد کرنا ...... الشَّئ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔

خَالَجَ. قلبَه امرٌ : کسی معاملہ کا دل کو سوچ بچار میں ڈال دینا۔

أَخْلَجَ. حَاجِبَيْهِ : مٹکانا۔

تَخَلَّجَ : لڑکھڑانا۔ ہلنا، جھکنا ...... الشَّئُ: کھینچنا۔

تَخَالَجَتْهُ. الهُمُومُ کہا جاتا ہے "تخالج في صدري شي" یعنی میرے دل میں کچھ خلجان ہوا۔

اِخْتَلَجَ : جھڑ جانا ...... العينُ : پپوٹوں کا غیر ارادی طور پر پھڑکنا ...... الشي في صدره: خلجان ہونا ...... الشَّئَ : کھینچ کر نکالنا ...... الولدَ: دودھ چھڑانا۔

اُخْتُلِجَ. من بينهم : مرنا۔

الخَالج : فا۔ موت۔

الخُلُج : کانپنے والے بدن کے لوگ۔ مشکوک نسب کے لوگ۔

الاَخْلَج : رسی۔

الخَلِيج. من البحر : کھاڑی۔ ندی۔ چھوٹی کشتی۔ رسی۔ ج خُلجَان وخُلُج. خَلِيجَا النهر: دریا کے دونوں جانب۔

الخِلاَج : ایک قسم کی دھاری دار چادر۔

الخَلُوج : اُونٹنی جس کا دودھ بچہ جدا کرنے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو۔ تیز رو اُونٹنی۔ پراگندہ بادل۔ بہت پانی والا بادل۔

الاِخْلِيج : ایک قسم کی گھاس ...... مِنَ الخَيل: تیز رفتار گھوڑا۔

خَلْخَل. العظمَ : گوشت چھڑا کر صاف کرنا ...... المَراةَ : پازیب پہنانا۔

تَخَلْخَل. الشَّئُ : کسی چیز کے اجزاء کا ملا ہوا نہ ہونا۔ بیچ بیچ میں خالی ہونا ...... من مَكَانِه : جگہ سے ہلنا ...... المراة: پازیب پہننا ...... الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

الخَلْخَال ج خَلاَخِيل و(الخَلْخَل والخُلْخُل) ج خَلاَخِل: پازیب۔ ثوب (خَلْخَالٌ وخَلخَل) باریک کپڑا۔

المُخَلْخَل : پنڈلی پازیب پہننے کی جگہ۔ عسكر (مُتَخَلْخِل) بکھری ہوئی فوج۔

خَلَد (ن) خُلُودًا: ہمیشہ رہنا۔ (...... خَلْدًا وخُلُودًا) باوجود زیادتی عمر کے کمزوری و بڑھاپا نہ آنا۔ صفت (خَالِد ومُخْلَد ومُخْلِد ومُخَلَّد) ...... الى المَكَان وبالمَكَانِ : اقامت کرنا ...... الى الارضِ : چمٹنا۔

خَلَّدَ واَخْلَد. الى المكَان وبالمَكَان : اقامت کرنا ...... ه: ہمیشہ کے لئے رکھنا۔

اَخْلَدَ بِصَاحِبِه : ہمیشہ ساتھ رہنا۔ اَخْلَدَ اِلَيْهِ : مائل ہونا۔ جھکنا۔

الخُلْد : ہیشگی۔ دوام۔ بقا۔ الخُلْد: چھچھوندر۔ مَنَاجِذُ الخلد : کنگن۔ بالی۔ ج خِلَدَة.

الخَلَد: دل۔ ہمیشہ رہنے والا۔

الخَلَدَة : بالی۔ کنگن۔

الخَالِد : فا۔ اَبُوخَالِد: کتا۔

الجَزَائِرُ الخَالِدَات : جزائر کناری۔

الخَوَالِد : دیگ دان کے پائے۔ پہاڑ۔ پتھر۔

الخُلَّر : ایک قسم کی نباتات۔ بقول بعض لوبیا یا ماش۔

خَلَسَ (ض) خَلْسًا وخِلِّيسَى. الشَّئَ : فریب سے جھپٹا مار لینا۔

اَخْلَسَ. النبتُ : سبز اور خشک ملا جلا ہونا ...... الراسُ : بالوں کا کھچڑی ہونا۔ صفت خَلِسٌ وخَلِيسٌ ومُخْلِس اَخْلَستِ الارضُ : کچھ ہریالی ہونا۔

خَالَسَهٗ مُخَالَسَةً : جلدی کرنا۔

تَخَالَسَ. القوم الشَّئَ : ایک دوسرے سے چھیننا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا يَتَخَالَسَان اَنْفُسَهُما" وہ دونوں ایک دوسرے کے قتل کا ارادہ کرتے ہیں۔

اِخْتَلَسَ. الشَّئَ : فریب سے جھپٹا مار لینا ...... القارِئ الحَرَكَة: پُر نہ پڑھنا۔ اس کے

مقابلہ میں اشباع ہے۔جس کے معنی پر پڑھنے کے ہیں کہ جس سے بجائے حرکت کے حرف علت پیدا ہو جائے۔

الخُلسَة : جھپٹ۔جھپٹی ہوئی چیز۔مناسب فرصت اور اسی سے ہے "الخُلسَةُ سَرِيعَةُ الفوتِ بَطِيئَةُ العَوْدِ" فرصت جلد ختم ہو جانے والی اور دیر میں آنے والی ہے۔

الخَلِيس والخَلاَّس : چوکنا بہادر۔

الخَلِيسَة : درندے کے منہ سے چھڑایا ہوا جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مرجائے۔

الخِلاَسِيُّ : وہ بچہ کہ جس کے ماں باپ میں سے ایک گورا ایک کالا ہو۔

خَلَص (ن) خُلُوصًا وخَلاَصًا : خالص ہونا ......مِنَ الهلاَكِ : نجات پانا۔محفوظ رہنا ......الماءُ مِنَ الكَدرِ : صاف ہونا ......الى المكانِ وبالمكانِ : پہنچنا ......مِنَ القَوْمِ : جدا ہونا۔

خَلِص (س) خَلَصًا. اللحمُ : گوشت میں ہڈی کا چورا ہونا۔

خَلَّصَه. من كذا : نجات دینا۔خَلَّصَ الشَّيْ : صاف کرنا۔خالص کرنا۔خلاصہ لینا۔

خَلَّصَ الرَّجُلُ : مثل شی دینا۔

خَالَصَه مُخَالَصَة. فى العشرة او المودّة : خلوص برتنا۔خالصة الودّ : خالص دوستی کرنا۔

تَخَالَصَا : باہم خالص دوستی کرنا۔

أَخْلَصَ. الشَّيْ : خلاصہ لینا۔چن لینا۔ ......ہ اللّٰہُ : عیوب سے خالی کرنا ......الطاعة وفى الطَّاعَة : بے نام و نمود کے کرنا ......له الحبَّ او القول : کھوٹ سے خالی کرنا۔

تَخَلَّصَ. منه : نجات پانا۔جدا ہونا ......من كذا الى كذا : منتقل ہونا۔

اِسْتَخْلَصَه : چن لینا۔الشي منه : اپنے لئے حاصل کرنا۔

الخَلاَص : مص (......والخِلاَص) کھوٹ سے خالی کیا ہوا۔(سونا چاندی وغیرہ)

الخُلاصَة والخِلاصَة : خالص گھی۔پھر اس کا عام طریقہ سے استعمال ہر اس چیز پر ہونے لگا جو دوسرے سے خالص کرلیا گیا ہو اور اسی سے ہے "خُلاصَةُ الكَلام"۔

الإخْلاص والإخْلاصَة : مکھن جو تلچھٹ سے جدا کرلیا جائے۔"كَلِمَةُ الإخلاصِ"۔ لا اِلٰهَ الا الله

الخَلَص : ہر سفید چیز۔

الخِلْص : ج۔خُلَصاء و(الخُلْصَان) یار یا خالص دوست۔خُلصان : مفرد و جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے "هُوَ خُلْصَانِي وهُم خُلْصَانِي"۔

الخَالِص : فا۔بے کھوٹ۔صاف رنگ۔کہا جاتا ہے "هذا ثَوْبٌ خَالِصٌ" یہ صاف رنگ کا کپڑا ہے۔ج خُلَّص۔

الخَالِصَة : خالص کا مؤنث۔کہا جاتا ہے "هُوَ خَالِصَتِي" وہ میرا دوست ہے و "هذا الشَّيُ خَالِصَةٌ لكَ" یہ تمہارے لئے مخصوص ہے۔

الخُلُوص : رُبّ جو کھجور سے تیار کی جائے۔تلچھٹ جو خالص گھی کی تہ میں بیٹھ جائے۔بالائی۔

المُخَلِّص : فا۔نجات دہندہ۔

خَلَطَ (ض) خَلْطًا وخِلْطًا. الشَّيْ بالشَّيْ : ملانا۔کہا جاتا ہے "خَلَطَ المَرِيضُ" بیمار نے مضر چیزیں کھائیں و "خَلَطَ فى الكَلام" اس نے بکواس کی۔خَلَطَ فى الشَّيْ : خراب و فاسد کرنا۔

أَخْلَطَ. الفرسُ : دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

خَالَطَه مُخَالَطَةً وخِلاطًا : ملنا۔میل ملاپ کرنا۔ساتھ رہنا ......الدَاءُ فُلانًا : بیماری لاحق ہونا۔

خُولِطَ. فى عَقْلِه : مخبوط الحواس ہونا۔

اِخْتَلَطَ : ملنا ......الظَّلامُ : تاریکی کا چھا جانا ......الرَّجُلُ : خراب عقل والا ہونا۔ ......الفرسُ : دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

تَخَالَطُوْا : باہم ایک دوسرے کے ساتھ گھل مل جانا۔

الخَلَّط : مص۔لوگوں سے ملنے والا اور چاپلوسی کرنے والا۔

الخِلْط : ٹیڑھا تیر۔ٹیڑھی کمان۔بے وقوف۔کہا جاتا ہے "هُوَ خِلْطٌ بَيِّنُ الخَلاطَةِ" وہ بے وقوف ہے جس کی بے وقوفی ظاہر ہے۔ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے۔ج أَخْلاط : حرامی اور کہا جاتا ہے "رجل خِلْط مِلْط" مخلوط نسب کا مرد۔

الأَخْلاط : ملی جلی قسمیں۔أَخْلاطُ الجَسَد فى عُرْفِ الأقْدَمِيْن : خون۔بلغم۔سودا۔صفرا۔واخلاطُ القَوْم : قوم کے معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخَلِط : بے وقوف۔

الخُلْطَة : شرکت۔

الخِلاط : آدمیوں اور جانوروں کا ملا جلا ہونا۔

الخَلاطَة : عقل کی خرابی۔بے وقوفی۔

الخَلِيط : ج خُلُط وخُلَطاء : خلط ملط رکھنے والا۔شریک۔وہ لوگ جن کا معاملہ ایک ہو۔شوہر۔پڑوسی۔ساتھی۔بھوسہ ملی ہوئی مٹی۔

خَلِيطُ الرَّجُل : میل جول رکھنے والا۔کہا جاتا ہے "خَلِيطٌ مِنَ النَّاسِ" معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخُلَيْطى والخُلَّيْطى : معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فى خُلَّيْطَى" وہ لوگ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

المِخْلاط والمِخْلَط : بہت میل جول رکھنے والا۔جمل (مُخْتَلِطٌ) موٹا اونٹ کہ جس کی چربی گوشت کے ساتھ رل گئی ہو۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا. الشَّيْ : اتارنا ......كَتِفَه اووَرِكَه : عضو کو جگہ سے ہٹا دینا ......القائدَ : معزول کردینا ......الدابة : بندش سے آزاد کردینا ......العِذارَ : اپنے مرتبہ کو گرا دینا (کنایہ ہے بے حیائی سے) ......عَلَيْهِ ثَوْبًا : خلعت دینا۔خَلَعَ الشَّجَرُ : پتے جھڑنا۔پتے نکلنا۔

خَلُعَ (ف) خَلْعًا وخُلْعًا. ابنه : عاق کرنا۔

صفت مفعول (خلیع) زمانۂ جاہلیت میں ایسا کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بیٹا باپ کے جرم میں ماخوذ نہیں ہوتا تھا۔
......امرأتہ : مال کے عوض میں طلاق دینا صفت مفعول (خالع) اسم (الخُلعۃ)
خُلِعَ المیتُ: کفن جدا کیا جانا۔
خَلُعَ (ک) خَلاعۃً : خواہشات نفسانی کا تابع ہونا۔ بے حیاء ہونا۔
خالَعَ مُخالعۃً الرجلُ زوجتہ او المرأۃُ زوجھا : مال کے شرط پر جدائی اختیار کرنا۔
خالَعَ الرجلَ : جوا کھیلنا۔
خلّعۃ : جدا جدا۔ خالص کرنا۔
اَخلَعَ السنبل : خوشہ میں دانے بیٹھنا...... الشجرُ : نئے پتے نکلنا۔
تَخَلَّعَ فی المشی : چلنے میں پیروں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا...... فی الشراب : منہمک ہونا...... القومُ : چپکے سے کھسک کر چلا جانا۔
تَخالَعَ الزوج والزوجۃ : مال پر جدائی اختیار کرنا...... القومُ : باہم عہد توڑنا۔
اِنخَلَعَ : ہٹ جانا۔ اکھڑ جانا۔ زائل ہو جانا۔
اِختلَعَ الشیئ : نکال لینا۔ کھینچ لینا۔
اِختلَعوا الرجلَ : مال لے لینا۔ اِختلعتِ المرأۃُ من زوجھا : مال دے کر جدائی اختیار کرنا۔ اسم (الخُلع)
الخِلعۃ : کپڑے جو عزت کے طور پر ملیں۔ اتارا ہوا کپڑا۔ عمدہ مال۔
الخُلعۃ : عمدہ مال۔ کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فیہ خُلعۃ" اس میں کمزوری ہے۔
الخُلاع : ایک قسم کی دیوانگی جو انسان کو لاحق ہوتی ہے۔ الخلیع : بے حیائی کا کام کرکے اپنے مرتبہ کو گرا دینے والا۔ معزول شدہ۔ خبیث۔ جوے باز۔ ج خُلعاء : بھیڑیا۔ بھوت۔ ثوبٌ خلیعٌ : بوسیدہ کپڑا۔
الخلیعۃ : بے حیائی۔ الخلیع : کا مؤنث۔ من مانی عورت۔
الخَولَع : بے وقوف۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ سرکہ میں جوش دیا ہوا گوشت۔ بھیڑیا (...... والخیلع) خوف جو دل پر طاری ہو۔ الخیلع : بے آستینوں کی قمیص۔ رجلٌ خیلعٌ : کمزور مرد۔ المُخلّع : مثلہ...... من الرجال : کمزور سست۔ اکھڑے ہوئے جوڑوں والا۔ وہ شخص جس کا سارا بدن یا کچھ بدن بے حس ہو۔
الخلعاء والخلعلع : بجو۔
خَلَفَہ (ن) خِلافۃً وخلیفی : جانشین ہونا...... ربَّہ فی قومہ : جانشین بنانا۔ الرجلَ : قائم مقام ہونا (...... خَلفًا وخِلفۃً) الفاکھۃُ بعضُھا بعضًا : ایک دوسرے کے قائم مقام ہونا (...... خلافۃً وخُلوفًا) الغلامُ : بے وقوف ہونا۔ صفت (خالف خالفۃ)...... عن خُلُقِ ابیہ : باپ کے عادات و اخلاق سے بدل جانا (...... خُلوفًا وخُلوفۃً) فم الصائم : منہ کی بو کا متغیر ہونا (خَلَفَ (ض) خَلفًا) الرجلُ لاھلہ : اپنے گھر والوں کے لئے پانی لانا۔ البیتَ : پچھلے حصہ میں ستون لگانا...... اَباہ : باپ کے قائم مقام ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَلَفَ اللّٰہُ لک وعلیک" اللہ تعالیٰ تم کو بدلہ دیں...... الثوبَ : مرمت کرنا...... عن اَصحابہ : پیچھے رہ جانا...... فلانًا : پیچھے سے پکڑنا۔ جانشین ہونا اور کہا جاتا ہے "خَلَفَ لہ بالسیف" اس کے پیچھے سے آ کر اس نے اسے تلوار ماری۔ و "خلف لہ بخیرٍ او شرٍ" اس کی غیر موجودگی میں اس نے اس کا بھلا یا برا ذکر کیا۔
خَلِفَ (س) خَلَفًا : بائیں ہتھا ہونا۔ بھینگا ہونا۔ بے وقوف ہونا۔ خلِفتِ الناقۃُ : حاملہ ہونا۔ صفت (خلِفۃ)
خلَّفَ الشیئ : پیچھے چھوڑنا۔ مؤخر کرنا...... ہ : جانشین بنانا۔
خالَفَہ خِلافًا ومُخالفۃً : ناموافقت کرنا۔ خالَفَ عن کذا : پیچھے رہنا...... بین رجلیہ : آگے پیچھے کرنا اور تم کہتے ہو "خالفنی عن کذا" جبکہ وہ اعراض کر رہا ہو اور تم قصد کر رہے ہو اور "خالفنی الی کذا" جبکہ وہ قصد کر رہا ہو اور تم اعراض کرتے ہو۔
اَخلَفَ : بو کا بدلنا یا خراب ہونا...... الثوبَ : مرمت کرنا...... لاھلہ : اپنے لوگوں کے لئے پانی کھینچنا...... وعدہ وبوعدہ : پورا نہ کرنا...... ہ : وعدہ خلاف پانا...... الغیثُ : اُمید کے بعد نہ برسنا...... الشجرۃُ : کٹی ہوئی شاخ کے بدلے دوسری شاخ نکلنا...... الطائرُ : پہلے پروں کے بعد دوسرے پر نکلنا...... الغلامُ : قریب البلوغ ہونا...... لنفسہ : ایک چیز ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا...... ہ : پیچھے ڈالنا...... الدواءُ فلانًا : کمزور کرنا...... اللّٰہُ علیہ : ضائع شدہ کا بدلہ دینا۔
تَخلّفَ عنھم : پیچھے رہنا...... القومَ : پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔
تَخالَفوا واختلفوا : اختلاف کرنا۔ ناموافق ہونا۔ اِختلَفَہ : جانشین ہونا۔ پیچھے کرنا۔ پیچھے سے پکڑنا۔ واختلف الی المکان : بار بار جانا۔
اِستخلَفَہ : اپنا جانشین بنانا...... فلانًا من فلان : قائم مقام کرنا۔ اِستخلفتِ الارضُ : گرمی کی گھاس کو اگانا۔ اِستخلف الرجلُ لاھلہ : اپنے لوگوں کے لئے پانی یا میٹھا پانی لانا۔ پانی پلانا۔
الخَلف : مص۔ ایک گروہ جو ایک گروہ کے بعد ہو اور اسی سے ہے "ھؤلاءِ خلفُ سوءٍ" ان لوگوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو اپنے سے زیادہ کے ساتھ لاحق ہوں۔ ردی قول اور امثال عرب میں ہے "سکت اَلفًا ونطق خلفًا" وہ ہزاروں باتوں سے خاموش رہا اور بولا تو ردی بات۔ کلہاڑی کی دھار۔ بڑا کلہاڑا۔ بے نفع شخص۔ پہلو کی سب سے چھوٹی پسلی۔ ج خلوف اور خلف قُدام کی نقیض ہے۔ بمعنی پیچھے و بعد ازاں۔
المخلف : وعدہ پورا نہ کرنا۔ خلاف مفروض

خلیف: کی جمع۔ قِیَاسُ الْخُلْفِ: منطقیوں کی اصطلاح میں ایک نقیض کے امتناع سے دوسرے کے ثبوت پر استدلال کرنا۔

الخِلْف: مختلف۔ اُونٹنی کے تھن کا سرا۔ موسم بہار کی گھاس۔ ج اَخْلاف وخِلَفَة

الخِلْفَان: دو مختلف صفات والے۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ ولَدَان خِلْفَان" اس کے دو بچے ہیں جن میں سے ایک زیرک اور دوسرا بے وقوف یا ایک لمبا اور دوسرا پست قد ہے اور کہا جاتا ہے "وَلَدَتِ النَّاقَةُ خِلْفَيْن" اُونٹنی نے ایک سال نر اور دوسرے سال مادہ بچے دیئے۔ ذاتُ الخِلْفَيْنِ: کلہاڑا جس کے دو سرے ہوں۔ ج ذَوات الخِلْفَيْن۔

الخَلَف: ولد یا ولد صالح۔ بدلہ۔ کہا جاتا ہے "فی هٰؤُلاءِ القوم خَلَفٌ مِمَّنْ مَضٰی" یعنی اس قوم میں گزشتہ لوگوں کے جانشین ہیں۔ وہ چیز جو کسی کے بعد حاصل ہو۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاكَ اللّٰهُ خَلَفًا مِنْ تَلَفٍ" اللہ تعالیٰ تم کو تلف شدہ چیز کا بدلہ دیں۔ نسل۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "هُمْ كِرَامٌ خَلَفًا عَنْ سَلَفٍ" یعنی وہ لوگ اپنے باپ دادا سے کریم ہیں۔ و "هُوَ خَلَفُ صدق عن اَبِيْهِ" یعنی وہ اپنے باپ کا عادات واخلاق میں سچا جانشین ہے۔

الخَالِف: فا۔ بے وقوف۔ وہ شخص جو تمہارے جانے کے بعد بیٹھا رہے۔ نَبِيْذٌ خَالِفٌ: بگڑی ہوئی شراب۔ الخَالِف: گوشت جس میں کچھ بُو پیدا ہو گئی ہو اور کھانے کے قابل نہ ہو۔

الخَالِفَة. الخالف: کا مؤنث۔ گزری ہوئی جماعت کے بعد باقی ماندہ جماعت۔ مکان کے پچھلے حصہ کا ستون۔ رَجُلٌ خَالِفَةٌ: بے وقوف۔ جھگڑالو۔ بہت اختلاف کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "ما اَدْرِیْ اَیُّ خَالِفَةٍ هُوَ وَاَیُّ الخَالِف هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون شخص ہے۔

الخَوَالِف: عورتیں۔ وہ زمینیں جن کی

پیداوار بعد میں اُگے۔

الخِلاف: ناموافقت۔ بید کی ایک قسم۔ آستین۔ المَسَائِلُ الخِلافِيَّة: مختلف فیہ مسائل۔

الخِلافَة: امارت۔ قائم مقامی۔ امامت۔

الخَلْفَة: مرض کی وجہ سے بھوک کا زائل ہونا۔ ج خِلَف.

الخِلْفَة: آنا جانا۔ مخالفہ مختلف کپڑے کا پیوند۔ گھاس جو گرمی کے زمانہ میں اگے وہ چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے۔ باقی ماندہ چیز۔ کہا جاتا ہے "هُنَّ يَمْشِيْنَ خِلْفَةً" وہ سب آگے پیچھے آ جا رہی ہیں و "جَعَلَ اللَّيْلَ والنَّهَارَ خِلْفَةً" اس نے دن رات کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے والا بنایا و "قَوْمٌ خِلْفَةٌ" یعنی اختلاف کرنے والے لوگ۔ و "فی البِئْرِ خِلْفَةٌ مِنَ الْمَاءِ": کنوئیں میں بقیہ پانی ہے۔

الخُلْفَة: مخالفت۔ بے وقوفی۔ عیب۔ کھانے کا آخری مزہ۔

اِخْتِلافُ الْمَنْظَر: زاویہ (ستارے اور زمین کے درمیان) وہ زاویہ جس کا سر "ک" ہو اور اس کا قاعدہ زمین کے قطر کا نصب اور ب ہو۔ اس اختلاف کو اختلاف افقی بولتے ہیں۔

الخَلِيْف: دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ یا پہاڑی راستہ۔ وعدہ سے پیچھے رہنے والا۔ وعدہ خلاف کرنے والا۔ ج خُلُف وخُلْف وخُلَف. الخَلِيْف: وہ عورت جو بالوں کو پیچھے لٹکالے۔

الخَلِيْفَة: جانشین۔ قائم مقام۔ بڑا بادشاہ کہ اس سے اوپر کوئی بادشاہ نہ ہو۔ یہ مذکر ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذا خَلِيْفَةٌ آخر" اور کبھی لفظ کی رعایت سے مؤنث استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "خَلِيْفَةٌ اُخْرٰى" ج خلفاء وخَلائِف: پہلے کے لحاظ سے عدد مذکر لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ثَلاثَةُ خُلَفَاء" لیکن دوسرے کے لحاظ سے ذکر و مؤنث

دونوں لانا جائز ہے۔ تم کہو گے "ثَلاثَةُ اَوْثَلاثُ خَلائِفَ".

الاَخْلَف: بائیں ہتھا۔ بھینگا۔ کم عقل۔ سیلاب۔ نر سانپ۔

المِخْلاف: بہت وعدہ خلاف۔ ج مَخَالِيْف. المِخْلاف: پروا اور اسی سے مَخَالِيْف اليمن: ہے۔

المَخْلَفَة: بید اگنے کی جگہ۔ راستہ۔ مرحلہ۔ منزل۔

خَلَقَهٗ (ن) خَلْقًا وخِلْقَةً: پیدا کرنا۔ عدم سے وجود میں لانا۔ ......الکذب: جھوٹ گھڑنا ......الادِيْمَ: کاٹنے سے پہلے اندازہ کرنا ......الشئَ: ہموار کرنا۔ چکنا کرنا۔ ملائم کرنا۔

خَلِقَ (س) خَلَقًا وخَلُقَ (ک) خُلُوْقًا وخُلُوْقَةً وخَلاقَةً: چکنا و نرم ہونا۔

خَلَقَ (ن) وخَلِقَ (س) وخَلُقَ (ک) خُلُوْقَةً وخَلَقًا. الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔

خَلُقَ الشئُ لَهٗ: لائق ہونا۔ سزاوار ہونا۔

خَلُقَ الغُلامُ: اچھے اخلاق والا ہونا۔

خَلَّقَهٗ: خلوق (ایک قسم کی خوشبو) لگانا...... العودَ: ہموار کرنا...... القِدْحَ: نرم کرنا۔

خَالَقَهُمْ مُخَالَقَةً: خوش خوئی کے ساتھ معاشرت کرنا۔

اَلْخَلَنْج: ایک درخت جس کے پھول گلابی اور پتے باریک چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

اَخْلَقَ. الثوبُ: بوسیدہ ہونا...... الشبابُ: جوانی کا ختم ہونا...... الثوبَ بوسیدہ کرنا...... ہ الثوبَ: بوسیدہ کپڑا پہنانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْلَقْتُ لَهٗ دِيْنًا جَنِيًّا" میں نے اس کو اپنے ایسے راز پر مطلع کر دیا جس کے ظاہر ہونے سے عار ہو۔

تَخَلَّقَ: خلوق سے خوشبودار ہونا۔ ......بِغَيْرِ خُلُقِهٖ: بناوٹ سے اخلاق ظاہر کرنا اور اسی سے ہے "لَيْسَ التَّخَلُّقُ

بـالاخلاق تخـالـخلقِ: بناوٹی اخلاقی طبعی عادات جیسے نہیں۔
(.....واختَــلَق) الـکـذبَ: جھوٹ گھڑنا۔ افتراء کرنا۔

اِخلَولَقَ. الثوبُ: بوسیدہ ہونا.....الرسمُ: زمین کے برابر ہو جانا.....متنُ الفَرسِ: چکنی ہونا.....الدّارُ: ویران ہونا اور عسیٰ کے معنی میں اُمید کے لئے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "اِخلَولَقَتِ السَّماءُ اَنْ تُمطِرَ" اُمید ہے کہ بارش ہو۔

الخَلق: مص۔ فطرت۔ لوگ۔ ہر چکنی چیز۔

الخِلقَة: فطرت۔ ہیئت۔ ج خِلق.

الـخُلُق والـخُلْق: طبعی خصلت۔ طبیعت۔ مروّت۔ عادت۔ ج اَخلاق. عـلـم الاخلاق: حکمت عملیہ کی ایک قسم جس کا نام حکمت خلقیہ ہے۔

الـخَلَق: مص۔ بوسیدہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "ثـوبٌ خَـلَقٌ وجُبّة خَلَقٌ" ج "اَخلاق وخُلقان اور کہا جاتا ہے "ثوبٌ اَخلاقٌ وثیابٌ اَخلاقٌ".

الخَلِق: بادل جس میں بارش کا اثر ہو۔

الخَلاق: بھلائی کا وافر حصہ۔

الخُلاق: چکنا۔

الخِلاق والخَلُوق: ایک قسم کی خوشبو جس کا جزء اعظم زعفران ہے۔

الـخَلِیق: لائق مناسب ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَلِیقٌ بِهِ" وہ اس کے لائق ہے۔ کامل و معتدل اخلاق والا۔ ج خُلُق و خُلَقاء.

الـخَلِیقَة: طبیعت۔ مخلوق۔ کنواں جو کھودا جا رہا ہو۔ ج خَلائِق.

الاَخـلَـق: زیادہ لائق۔ چکنا۔ فقیر۔ مؤنث خَلقاء.

المُختَلِق: کامل و معتدل اخلاق والا۔

الـمُـختَـلَق: اخلاق کریمانہ رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هـو (مَـخـلَـقَة) بِـذالـک ولِذٰلک" وہ اس کے لائق ہے۔

الخِلَقِین: بڑا دیگ۔ ج خَلاقِین.

ابل (خِلمَة) چرنے والے اُونٹ۔

خَلا(ن) خُلُوًّا وخَلاءً. الاناءُ: خالی ہونا .....الـمـکـانُ: رہنے والوں سے خالی ہونا .....الرَّجُلُ: مکان میں اکیلا ہونا.....عَلٰی الشـیِ: اقتصار کرنا۔ بس کرنا.....عَـلٰـی فـلان: اعتماد کرنا۔.....بِـه: فریب کرنا...... الشَّیُّ: گزرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُه لخَمسٍ خَلَونَ مِن الشّهر" میں نے اس کو پانچویں تاریخ کو کیا.....عَـنِ الاَمـرِ ومِـنـهُ: بیزار ہونا۔ عَنِ الشی: بھیجنا.....بـالشَّیُ: منفرد ہونا۔

خَـلا(ن). خَـلـوَةً وخَلوًا وخَلاءً. بِه وَمَـعَـهُ واِلَـیـهِ: تنہائی میں ملنا۔ کہا جاتا ہے "خَلا الرَّجُلُ بنَفسِه: منفرد ہونا.....للاَمرِ: کسی کام کے لئے فارغ ہونا.....بالمَکان: لازم رہنا.....بالُه: مطمئن ہونا.....الحُزنَ: غم سے جدا ہونا۔ صفت (خَال) ج خُلُوٌّ اور کہا جاتا ہے "اِفـعَـل کَـذَا وخَلاک ذَمٌّ" یعنی تمہیں اس کام کے کرنے پر مذمت نہیں۔

خَـلّٰـی تَـخلِیَةً. الامرَ وعَنه: چھوڑنا...... مَـکَانَهُ: مرنا.....سَـبِیلَهُ: چھوڑنا' آزاد کرنا ......بَیـنَ الـمُـشـتَـرِی والـمَبِیع: سپرد کرنا ......بینهما: دونوں کو اکٹھا ہونے کی حالت میں چھوڑنا۔

خَالاهُ مُخَالاةً: چھوڑ دینا۔

اَخـلٰی اِخلاءً. المکان: خالی کرنا یا پانا...... الـمـکانُ: خالی ہونا......ہ وبـه ومَعَهُ: تنہائی میں ملنا.....فُـلانًـا مَعَهُ: کسی کو کسی کے ساتھ تنہائی میں ملنے دینا.....عَنهُ: چھوڑنا۔

تَـخَـلّٰی: تنہائی میں رہنا.....مِـنـه وعَـنـهُ: چھوڑنا.....لَـهُ: کسی کام کے لئے فارغ ہونا ......خَلِیَّةً: اپنے لئے شہد کا چھتہ تیار کرنا۔

اِختَلٰی: تنہائی میں رہنا۔

اِستَـخـلٰی. ہ: تنہائی میں ملاقات چاہنا...... بالمَلِکِ: تنہائی میں ملنا.....المکانُ: خالی ہونا۔

الـمَـخلاة: [illegible]

مـکـان خَلاءٌ: خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "بـاتَ فی البَلَدِ الخَلاءِ" اس نے تنہا شہر میں شب باشی کی۔ و "خَلاؤُک اَقْـنٰـی لحَیَـائـک" یعنی تمہارا مکان میں تنہا ہونا تمہاری حیاء کا نگہبان ہے "واَنَـا مِـنـه خَلاءٌ" میں اس سے بَری ہوں۔ مفرد و تثنیہ جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے۔

الـخِلو: خالی (مذکر و مؤنث) ج اَخلاء اور کبھی مؤنث کے لئے خـلـوۃ استعمال کرتے ہیں۔

خَـلا ومَـا خَلا. اِلّا: کے معنی میں کلمہ استثناء ہے۔ اگر فعلیت کا اعتبار ہو تو مستثنیٰ منصوب ہوگا جیسے "جَاءَ اَتبَاعُ الاَمِیرِ خَلا او مَا خَلا زَیـدًا" اور حرف جر ہونے کی صورت میں مجرور ہوگا جیسے "خـلا زیـدٍ" اور خلا سے پہلے اگر ما مصدریہ ہو تو اس کا فعل ہونا متعین ہے۔

الخَلوَة: تنہائی کی جگہ۔ ج خَلَوات.

الـخَلِیَّة: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ بڑی کشتی۔ شیر کی جھاڑی۔ ج خَلایَا.

اَلـخُلَیَّةُ: ج خلایا تمام زندہ کائنات کا بنیادی مادہ۔ کائنات بسیطہ ایک خلیہ سے بنتی ہے اور کائنات مرکب مجموعہ خلیہ ہوتا ہے۔

الـخَلِیّ: فارغ۔ غم سے خالی۔ وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو اور کہا جاتا ہے "اَنَا خلِیٌّ مِنهُ" میں اس سے بری ہوں۔ ج اَخـلِـیَـاء وخَلِیُّون. الخِلّی: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔

الخَالِی: فا۔ کنوارا۔ کنواری۔ ج اَخلاء.

خَلٰی (ض) خَلیًا. النباتَ: کاٹنا۔

المَاشِیَةَ: جانوروں کے لئے گھاس کاٹنا۔

......الفرسَ: منہ میں لگام دینا......اللِّجَامَ مِـنَ الـفَـرسِ: اتارنا......الشـعـیـرَ فی الـمِخلاةِ: توبرا میں جو ڈالنا......القدرَ: ہانڈی کے نیچے ایندھن لگانا...... ہانڈی میں گوشت ڈالنا۔

خَالٰی مُخَالاةً. ہ: پچھاڑنا۔ فریب دینا۔

اَخـلٰی. المکانُ: زیادہ گھاس والی جگہ ہونا

......الدابۃَ: گھاس کا چارہ دینا۔
اختلی. العشبَ: کاٹنا۔
انخلی. الخلی: کٹنا۔
اخلولی اخلیلاءً الرجلُ: دودھ پینے پر مداومت کرنا۔
الخلیوز: لکڑی اور روئی وغیرہ کی پیدائش میں بنیادی مادہ۔
الخلی: ترگھاس۔ج اخلاء واحد (خلاۃ)
المخلی: گھاس کاٹنے کا اوزار۔کھرپا۔
المخلاۃ: توبرہ۔ج مخالی.
المختلی: شیر۔
خمّ: (ن ض) خمًّا. البیتَ: جھاڑو دینا ......البئرَ: کنواں صاف کرنا......الناقۃَ: دوہنا......فلانًا: تعریف کرنا اور کہا جاتا ہے "ھو یخم بثاب فلان" یعنی وہ فلاں کی تعریف کرتا ہے (خمًّا وخمومًا واخمّ)
اللحمُ: بدبودار ہونا۔صفت (خام وخمّ ومخمّ)...... اللبنُ: بگڑنا۔کہا جاتا ہے "فلانٌ لایخمّ" فلاں اپنے افعال کریمانہ سے جدا نہیں ہوتا۔
خُمّ. الدجاجُ: دڑبہ میں بند کیا جانا۔
تخمّم. ماعلی الخوانِ: دسترخوان کا باقی ماندہ کھانا کھانا۔
اختمّ. البیتَ: جھاڑو دینا......الشئَ: کاٹنا۔
الخمامۃ: کوڑا کرکٹ۔کنوئیں کی صفائی میں جو نکلے۔کھانے کا چورا جو بکھر جائے۔
الخُمّ: ڈربہ۔ج خِممۃ.
الخم: خالی باغ۔
الخمان. مثلثۃ الخاء: ادنیٰ درجہ کے لوگ۔گھٹیا سامان۔ناکارہ درخت۔
المِخمّۃ: جھاڑو۔
الخمیم: تازہ دودھ۔تعریف کیا ہوا۔ست قلب (مخموم) حسد وکینہ سے پاک صاف دل۔
الخمیت: موٹا۔
خمج (س) خمجًا: بیماری یا تھکن کی وجہ سے ست ہونا......اللحمُ. بدبودار ہونا ......دینُہ او خُلقُہ: فاسد ہونا۔خراب ہونا ......فلانًا: برائی سے ذکر کرنا۔
خمخم: گنگنانا۔
الخُمخُم: ایک سمندری چھوٹا جانور۔
الخِمخِم: ایک قسم کی کانٹے دار گھاس۔
خمدت (ن) وخمِدت (س) خمدًا وخمودًا. النارُ: آگ باقی رہتے ہوئے لپٹ کر ختم ہوجانا......الحمّیٰ: بخار کی تیزی کا کم ہونا۔
المریضُ: بے ہوشی طاری ہونا۔مرنا۔
اخمد. الرجلُ: بے حرکت ہونا۔خاموش ہونا......انفاسہ: مار ڈالنا یا ذلیل کرنا......
النارَ: لپٹ کو بجھانا۔
المخمود: آگ بجھنے کے لئے دبانے کی جگہ۔
خمرہ (ن ض) خمرًا: چھپانا...... الشھادۃَ: پوشیدہ کرنا......الرجلَ: شراب پلانا......العجینَ: خمیر ڈالنا......فلانًا: شرم کرنا۔
خمِر (س) خمرًا. عنہ: پوشیدہ ہونا، چھپنا......عنہ الخبرُ: پوشیدہ رہنا...... الشئُ: سابقہ حالات سے بدل جانا۔
خمّر. العجینَ: خمیر ڈالنا......وجھَہ: ڈھانپ لینا......بیتہ: گھر میں جمے رہنا......
خامر مخامرۃً: بیع میں دھوکا دینا۔......القلبَ: داخل ہونا......الشئُ الآخرَ: باہم ملنا......ہ الداءُ: بیماری کا اندر تک اثر کرنا......بیتَہ: گھر میں جمے رہنا......بہ: چھپنا۔
اخمر: چھپانا......لہ: کینہ رکھنا......الشئ: چھپانا......غافل کرنا......العجینَ: خمیر ڈالنا ......الامرَ: پوشیدہ کرنا......الارضُ: زمین میں گھنی جھاڑی بہت ہونا......ہ الشئَ: تحفہ دینا۔
تخمّرت واختمرت. المرأۃُ: اوڑھنی ...ڈالنا واختمر العجینُ: خمیر ہوجانا
اختمر العصیرُ: شراب بن جانا۔
الخمر والخمرۃ: انگوری شراب۔ہر نشلی چیز۔
الخمر: کتیہ۔
الخمَر: لوگوں کی جماعت و بھیڑ۔گھنی جھاڑی۔تم کہتے ہو "توارى الصیدُ عنی فی خمر الوادی" شکار مجھ سے وادی کی گھنی جھاڑی میں چھپ گیا۔
الخمِر: وہ جگہ جہاں گھنی جھاڑی زیادہ ہو۔
رجلٌ خمِرٌ: وہ شخص جس کو نشہ کا خمار لاحق ہو۔
الخُمار: شراب کی وجہ سے دردسر۔ (......والخمار والخمرۃ) لوگوں کی کثرت وہجوم۔
الخِمار: اوڑھنی۔دوپٹہ۔پردہ۔ج اخمرۃ وخُمْر وخُمُر: کہا جاتا ہے "ماشمّ خمارک؟" یعنی کیا چیز تجھ کو لاحق ہوئی جس نے تجھ کو تیری حالت سے بدل دیا۔
الاختمار: کیمیائی تبدیلی یعنی بنیادی مادہ دوسرے مادہ میں تبدیل کرنا مثلاً چینی کے شیرہ سے الکحل بنانا۔
الخمیر والخمیرۃ: خمیر۔الخمیر: خمیری روٹی۔
الخُمرۃ: خمیر کرنے کا برتن۔شراب کی تلچھٹ۔شراب کی تکلیف و دوران سر۔کھجور کی چھوٹی چٹائی۔خُمرۃ اللبن: وہ چیز جس کو دودھ میں ڈالنے سے جلدی جم جائے۔ج الخُمر (......والخُمرۃ والخِمرۃ) بُو جو تمہیں پہنچے۔
الخمریُّ. من الالوان: سیاہ رنگ جو سرخی مائل ہو۔
الخمّار: شراب فروش و (الخمّارۃ) شراب بیچنے کی جگہ۔
الخِمّیر والمستخمر: بہت شراب پینے والا۔
المخمور: شراب کی وجہ سے مست۔
خمس (ن ض) خمسًا. القومَ: پانچواں

ہونا۔ قوم کے مال کا پانچواں حصہ لینا۔
المالَ: پانچواں حصہ لینا...... الحَبْلَ: پانچ
لڑیوں سے بٹنا۔
خَمَّسَ. الشیْءَ: پانچ رکن والا بنانا اور اسی
سے شعراء کے نزدیک تخمیس ہے۔ جس کے
معنی کسی شعر میں تین مصرعے بڑھا کر پانچ
مصرعوں کا کر دینا ہے۔
اَخْمَسَ. القومُ: پانچ ہونا۔
الخُمُس والخُمْس: پانچواں حصہ۔ ج
اَخْمَاس: کہا جاتا ہے "ضَرَبَ اَخْمَاسًا
لِاَسْدَاسٍ" یعنی اس نے مکروفریب میں
کوشش کی۔
خُمَاس ومَخْمَس: پانچ پانچ (یہ خمسہ خمسہ
سے معدول ہے) کہا جاتا ہے
"جَاؤُوا خُمَاسَ ومَخْمَسَ" وہ پانچ پانچ
آئے۔ یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے
مستعمل ہیں اور غیر منصرف ہیں۔
الخُمَاسِيُّ: پانچ حرفوں والا۔ کہا جاتا ہے
"جَارِيَةٌ خُمَاسِيَّةٌ" پنج سالہ لڑکی۔
الخَمْسَة: پانچ۔ مؤنث کے لئے خمس.
خَمْسُوْن: پچاس۔
الخَمِيْس. وَيَوْمُ الخَمِيْس: جمعرات۔ ج
اَخْمِسَة واَخْمِسَاء. الخَمِيْس: لشکر۔ اس
لئے کہ اس میں پانچ جماعتیں۔ میمنہ.
میسرہ. قلب. ساقہ. مقدمة الجیش ہوتی
ہیں۔ رُمح (خَمِيْس ومَخْمُوْس) پانچ گز
کا نیزہ۔
المُخَمَّس: پانچ ارکان والا۔ بھاری بوجھ
اٹھانے کے لئے لوہے کا ایک آلہ۔
اَلْمُخَمَّسُ: وہ شکل جس کو پانچ برابر کے
اضلاع گھیر لیں۔
اَلتَّخْمِيْسُ: شعراء کے نزدیک تین شطر کو شعر
سے دو شطر کی طرف ملانا۔
خَمَشَ (ن ض) خَمْشًا وخُمُوْشًا.
الوجهَ: خراش لگانا۔ تھپڑ مارنا۔
خَمَّشَه: زیادہ خراش لگانا۔
الخَمْش: مص۔ خراش۔ ج خُمُوش.

الخُمَاشَة: خفیف زخم۔ ایسا زخم جس پر بدلہ
مقرر نہ ہو۔ ج خُمَاشَات: یا وہ زخم جو پوری
دیت یا واجب ہونے سے کم درجہ کا ہو۔ جیسے
ہاتھ، کان یا ناک وغیرہ کاٹنا۔
الخَمُوْش: مچھر۔
خَمَصَ (ن) خَمْصًا وخُمُوْصًا
وانْخَمَصَ. الجرحُ: ورم کا جاتا رہنا۔
خَمَصَهُ خَمْصًا وخُمُوْصًا ومَخْمَصَةً
الجوعُ: دبلے پیٹ والا کر دینا
(...... وخَمِصَ (س) خَمَصًا
وخَمُصَ (ک) خَمْصًا وخُمُوْصًا
ومَخْمَصَةً) البطنُ: پیٹ کا خالی ہونا۔
ہونا۔
تَخَامَصَ. الليلُ: صبح کے قریب رات کی
تاریکی کا کم ہونا...... عَنْه: یکسو ہونا۔
الخَمْصَة: بھوک۔
خَمَطَ (ن) خَمْطًا وخُمُوْطًا وخَمِطَ
(س) خَمَطًا. الخمرُ او اللبنُ: اچھی بُو کا
ہونا۔ بُو میں تغیر پیدا ہو جانا۔ صفت (خَامِط
وخَمُط) خَمِطَ الرجُلُ: تکبر کرنا۔
غضبناک ہونا۔ (خَمَطَ (ض) خَمْطًا)
اللحمَ: بھوننا۔ صفت مفعولی خَمِيْط.
خَمَطًا. (ن ض) خَمَطَ اللَّبَنَ: دودھ کو برتن
میں ڈالنا۔
تَخَمَّطَ: تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا۔ البحرُ:
موج مارنا۔ الفَحْل: بڑبڑانا۔
الخَمْط: مص۔ ہر کھٹی یا کڑوی چیز۔ ہر
درخت کا تھوڑا پھل۔ ہر بے کانٹے والا
درخت۔ پیلو کا پھل۔
ایک قسم کی سانپ کی چھتری۔
الخَمَطَة والخَمْطَة. مِنَ اللَّبَنِ: دودھ کی
بُو۔
خَمِعَتْ (ف) خَمَعًا وخُمُوْعًا
وخَمَعَانًا. الضَبُعُ: لنگڑاتے ہوئے چلنا۔
الخَامِعَة: بجو۔ ج خَوَامِع.
الخُمَاع: لنگڑاہٹ۔
الخَمِيْع: بھیڑیا۔ چور۔ ج اَخْمَاع

الخَمِيْع والخَمُوْع: بدکار عورت۔
خَمَلَ (ن) خُمُوْلاً. ذِكْرُهُ اَوْصَوْتُهُ:
پوشیدہ و کمزور ہونا (خَمَلَ (ن) خَمْلاً)
البُسْرَ: نرم ہونے کے لئے گھڑے وغیرہ میں
ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خَمَلَه اللّٰهُ" اللہ اس کو
ہلاکت میں ڈال دے۔
خَمِل: جوڑوں کی بیماری والا ہونا۔
اَخْمَلَهُ: گمنام و بے قدر کرنا۔ اَخْمَلَتِ
الارضُ: بہت گنجان درختوں والی ہونا۔
اَخْمَلَ القَطِيْفَة: روئیں دار بنانا۔
اِخْتَمَلَتِ. المَاشِيَةُ: جانوروں کا اچھی
گھاس والی زمین میں چرنا۔
الخَامِل: فا...... مِنَ الرِّجَال: گمنام و بے
قدر۔ ج خَمَل.
الخَمْل: کپڑے کا رُواں۔
(...... والخُمَالَة والخَمِيْلَة) شترمرغ کے
پر۔
اَلْخُمَلَةُ: چادر۔ روئیں دار کپڑا۔
الخَمْلَة: راز۔ اندرونی کیفیتیں۔ ج
خَمِلات.
الخُمَال: جوڑوں کا درد (...... والخُمَالِيُّ
والخِمْل والخُمْل) خالص دوست۔
الخَمِيْل: روئیں دار کپڑے۔ نرم خوراک۔
گہرا بادل۔ واحد خَمِيْلَة.
الخَمِيْلَة: چادر۔ بہت گھنا درخت۔ بہت
درختوں والی پست زمین۔ ج خَمَائِل.
المُخْمَل: روئیں دار کپڑا۔
خَمَنَ (ن ض) خَمْنًا وخَمَّنَ الشیْءَ:
تخمینہ کرنا۔ قیمت لگانا۔ اندازہ کرنا۔
الخَامِنُ: گمنام و بے قدر۔
الخَمَن: بدبو۔
الخَمَّان: کمزور نیزہ۔ گھٹیا درجہ کا آدمی۔ کہا
جاتا ہے "هُمْ خَمَّانُ النَّاسِ" وہ گھٹیا درجہ
کے لوگ ہیں۔
الخَمَّانَة: کمزور نیزہ کا چھڑ۔
خَنَّ (ض) خَنِيْنًا: ناک میں رونا یا بولنا یا
ہنسنا۔ صفت (اَخَنّ)

خنث (ن) خنثاً. المالَ: لینا۔
القومَ: قوم کے حریم میں داخل ہونا۔
اَخنَثَہٗ: عقل چھین لینا۔ صفت (مَخنُون) قیاس کے مطابق (مَخنٌ) ہونا چاہئے۔
اِستَخنَثَ. البئرُ: بدبودار ہونا۔
الخِن: خالی کشتی۔
الخُنَّۃ: گنگناہٹ۔ ناک کی آواز۔
الخنان: آسودگی۔ آرام۔
الخُنان والخِنان: اونٹوں کا زکام۔ ناک کی ایک بیماری۔ پرندوں کے گلے کی ایک بیماری۔
المِخَنُّ: لمبا مرد۔
المَخَنَّۃ: گنگناہٹ و ناک کی آواز۔ ناک۔ گھر کا درمیان۔ صحن۔ واضح راستہ۔ راستہ میں داخل ہونے کی جگہ۔ وادی کی تنگ جگہ۔ کہا جاتا ہے "فلان مَخنَّۃ لِفلانٍ" فلاں چیز فلاں کے کھانے کی ہے۔
خنا (ف) خنأ. الجذعَ: کاٹنا۔
خَنِبَ (س) خنبًا: زکام والا ہونا۔ لنگڑا ہونا۔ ہلاک ہونا۔ کمزور ہونا۔
اَخنَبَ واختَنَبَ: ہلاک ہونا۔ اخنَبَ: ہلاک کرنا۔ کمزور کرنا۔
تَخنَّبَ: تکبر کرنا اور ناک کے دونوں نتھنے بلند کرنا۔
الخَنَب: ایک قسم کی بیماری جو ناک میں ہوتی ہے۔
الخُنب: زانو کا باطنی حصہ۔ پسلیوں یا انگلیوں کے درمیان کی کشادگی۔ ج اَخناب۔
الخناب: لمبا۔ بے وقوف۔
الخَنابۃ: برانثان۔ برائی۔
الخِنابۃ والخُنّابۃ: تکبر۔ غرور۔
الخِنّابَتان والخُنّابَتان: ناک کے نتھنے۔
خَنِثَ (س) خَنثًا الرجلُ: ہیجڑا ہونا۔ صفت خَنِث خَنَثَہٗ (ض) خَنثًا: ٹھٹھا کرنا ...... السقاءَ: مشکیزہ کے سرے کو پھاڑ کر باہر کی طرف موڑ دینا۔

خنثہ: موڑنا۔ نرم کرنا۔ ٹکڑا بنانا۔
اَخنَثَ: دوہرا ہونا۔ لچکنا۔
تَخَنَّثَ وانخَنَثَ: ہیجڑا ہونا۔
خَناثِ: مؤنث کے لئے وصف ہے اور صرف ندا ہی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "یا خَناثِ" یعنی اے لچکنے والی۔
خِناث. الثوبِ واَخناثُہٗ: کپڑے کی چنیں؛ کہا جاتا ہے "اِطوِ الثوبَ عَلٰی خِناثِہٖ" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ واحد (خِنث)
الخُنث: لچک۔
الخُنثٰی: ہیجڑا۔ ج خَناثٰی وخِناث۔
المِخناث: وہ شخص جس میں بہت زیادہ لچک ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِخناثٌ وامرأۃٌ مِخناث۔ ج مَخانِیث۔
المُخَنَّث: ہیجڑا۔ وہ شخص جس میں لچک ہو۔
الخَنجَر. والخِنجر: بڑی چھری۔ ج خَناجِر۔
خَنخَنَ خَنخَنۃً: ناک میں بولنا ...... فی کلامِہٖ: گنگنانا۔
الخُنذُب: بدخلق۔
الخَندَرِیس: پرانی شراب۔
الخُندُع: خسیس۔ لئیم۔
الخندق: کھدائی۔ ج خَنادِق و (خَندق خَندَقَۃً) کھائی کھودنا۔
تَخَندَذَ: بے شرم دلیر ہونا۔
الخِنذِیذ: لمبا۔ سخت۔ پہاڑ کی بلند چوٹی۔ بلیغ شاعر۔ بہادر۔ سخی۔ گپوڑ۔ بدزبان۔ خصی گھوڑا۔ ج خَناذِیذ۔
الخُنذُع: خسیس۔ لئیم۔
خَنِزَ (س) خَنزًا وخُنُوزًا. اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَنِز وخَنز)
الخُنزُوان والخُنزُوانۃ: تکبر۔ غرور۔
الخُنزُوان: بندر۔ نرسور۔
الخِنزِیر: سور۔ ج خَنازِیر. الخَنازِیر: کنٹھ مالا۔ خِنزِیرُ البحرِ: مچھلی کی ایک قسم۔ خِنزِیرُ الہندِ: خرگوش کی مانند اس سے چھوٹا

ایک جانور جس کی کھال پر مختلف رنگ کے داغ ہوتے ہیں۔ خِنزِیرۃُ البئرِ: کنوئیں کی چرخی جس پر پانی نکالتے ہوئے رسی لپیٹتے ہیں۔
الخَنزَرۃ: موٹائی۔ پتھروں کے توڑنے کی بڑی کدال۔
خَنَسَ (ن ض) خَنسًا وخُنُوسًا وخِناسًا عَنہ: پیچھے ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ سکڑنا۔ کہتے ہیں "خَنَسَ الطَّرِیقُ عَنّا" یعنی ہم راستہ سے گزر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔
بَینَ اَصحابِہٖ: چھپنا۔
خَنَسَہٗ (ن ض) خَنسًا: پیچھے کرنا ...... اِبہامَہٗ: سمیٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَشارَ بِاَربَع وخَنَسَ اِبہامَہٗ" اس نے چار انگلیوں سے اشارہ کیا اور انگوٹھے کو سمیٹ لیا ...... القولَ: بری بات کہنا ...... الشیءَ عَنہ: چھپانا ...... فُلانًا وبِہٖ: غائب کر دینا۔ چھپا دینا۔ صفت خانِس. ج خُنَّس.
خَنِسَ (س) خَنَسًا: ناک کا چپٹا ہونا اور اس کے سرے کا اٹھا ہوا ہونا۔ صفت (اَخنَس) مؤنث خَنساء ج خُنس اسم الخَنَس۔
اَخنَسَہٗ. عَنہ: روکنا۔ پیچھے کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخنَستُ عَنہ بَعضَ حَقِّہٖ" میں نے اس کے کچھ حصہ کو روک لیا ...... اَوعارَ الطَّرِیقِ: دشوار راستوں سے آگے بڑھ جانا۔
تَخَنَّسَ. بِہٖ: غائب کر دینا۔
انخَنَسَ. عَنہ: پیچھے ہونا۔ سکڑنا۔
الخُنَّس: ہرنیوں کے رہنے کی جگہ۔ ہرنیاں۔ جنگلی گائے۔
الخُنَّس: ستارے یا صرف سیارے۔ یا بقول بعض چند سیارے جن کے نام یہ ہیں۔ زحل' مشتری' مریخ' زہرہ' عطارد۔
الخَنساء: نیل گائے۔ ایک مشہور شاعرہ کا لقب۔
الاَخنَس والخِنَّوس: شیر۔ الاَخنَس: چچڑی۔

الخنّاس : شیطان۔
الخبّیس : فریبی۔ حیلہ گر۔
الخنبیر : لئیم۔ کمینہ۔
الخنسر والخنسری : وہ شخص جو نقصان کے موقع میں ہو ج خناسرۃ۔
الخناسیر : مصیبتیں۔
الخنشار : ایک قسم کی نباتات۔
الخنّوص مؤنث الخنّوصۃ : سور کا بچہ۔ ج خنانیص۔
الخنصر والخنصر : چھنگلیا۔ ج خناصر۔ کہا جاتا ہے "ھذا امر تعقد علیہ الخناصر" یعنی یہ ایسا معاملہ ہے جس کا اعتبار کیا جاتا ہے۔
خنطہ (ض) خنطا : رنج وغم پہنچانا۔
خنطت : تکبر وغرور کے ساتھ چلنا۔
الخنطیر : بہت بڑھیا۔ جس کی پلکیں لٹک آئی ہوں۔
الخنظل : بلی۔ مصیبت۔ قطار۔ ٹڈی دل۔
خنع (ف) خنوعا لہ والیہ : انکساری و فروتنی کرنا...... الی اللہ : بغیر عمل کے گڑگڑانا ...... بفلان : بے وفائی کرنا...... الی الامر الشئ : مائل ہونا۔
خنعہ : کلہاڑی سے کاٹنا۔
اخنعتہ الحاجۃ لہ والیہ : ذلیل وپست ہو کر دینا۔
الخنع : ذلت۔
الخنعۃ : عار۔ تہمت۔
الخانع والخنوع : متہم۔ بدکار۔ بدگمانی میں ڈالنے والا۔ ج خنعۃ وخنع۔
الخنعابۃ : کمینہ۔
شعر (خنعب) لمبابال۔
الخنعبۃ : چھوٹا گڑھا۔ مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
خنف (ض) خنافا۔ البعیر : دوڑنے میں سر کو سوار کی طرف پھیرنا۔ صفت (مذکر و مؤنث) (خنوف) ج خنف۔
(...... خنوفا) غضبناک ہونا...... الرجل بانفہ : تکبر کرنا۔ صفت (خانف) ...... المرأۃ : سینہ پر دوہتڑ مارنا۔
خنف (س) خنفا۔ صدرہ او ظھرہ : ایک جانب دوسری کے مخالف پیٹھ یا سینہ والا ہونا۔ صفت (اخنف) ج خنف۔
الخنف : نشانات۔
خنفس۔ عن القوم : نفرت کرنا۔ علیحدہ ہو جانا۔
الخنفس والخنفس والخنفس والخنفسا والخنفساۃ : گبریلا۔ ج خنافس.
والخنافس : شیر۔
خنفساء البطاطس : آلو کو نقصان دہ امریکی سنڈی۔
خنقہ (ن) خنقا وخنقا وخنقہ تخنیقا : گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "خنقتہ العبرۃ" یعنی اُسے روتے روتے پھندا لگ گیا۔ خنق الاناء : بھرنا۔ خنق السراب الجبل : پہاڑ کی چوٹی کو قریب قریب چھپالینا۔ خنق زید الاربعین : قریب قریب ہونا۔
اختنق : گلا گھونٹنا۔
انخنق : اپنا گلا گھونٹنا۔
الخنق والخنیق : گلا گھونٹنا ہوا۔
الخناق : ایک بیماری کا نام جس میں سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔
الخناقیۃ : پرندوں اور گھوڑوں کے حلق کی بیماری کا نام۔
الخناق : رسی وغیرہ جو گلا گھونٹنے کے کام میں آئے۔ گردن۔ کہا جاتا ہے "اخذہ بخناقہ" اس نے اس کی گردن پکڑ لی۔
الخانق : فا۔ تنگ راستہ۔ گلی۔ خانق الذئب وخانق النمر وخانق الکلب : گھاسوں کے نام۔
الخناق : جس کی عادت گلا گھونٹنے کی ہو۔
المخنقۃ : گلوبند (ایک زیور) وہ چیز جس سے گلا گھونٹا جائے۔ ج مخانق ومخانیق.
المخنق : مفع۔ گلا گھونٹنے میں رسی کی جگہ گردن۔ کہا جاتا ہے "غلام مخنق الخصر" پتلی کمر کا لڑکا۔
المختنق : تنگ جگہ۔
المخنق : گھوڑا جس کی پیشانی کی سفیدی رخساروں تک ہو۔
خنا (ن) خنوا وخنی (س) خنی واخنی علیہ فی الکلام : بدزبانی کرنا...... اخنی الجراد : بہت انڈے دینا...... المرعی : بہت گھاس والی ہونا۔ اخنی علیہ الدھر : طویل ہونا۔ ہلاک کرنا۔ ظلم کرنا۔ بے وفائی کرنا اور کہا جاتا ہے "اخنی بہ" اس نے اسے چھوڑ دیا اور اس کے ساتھ بدعہدی کی۔
الخنی : بدزبانی۔ خنی الدھر : مصیبتیں واحد (خناۃ)
خاب (ن) خوبا : محتاج ہونا۔
الخوبۃ : بھوک۔ بغیر چارہ والی زمین یا وہ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔
خات (ن) خوتا وخوتانا۔ الرجل : عمر رسیدہ ہونا۔ عہد توڑنا۔ خلاف وعدگی کرنا ...... المال : کم کرنا (...... وانخات واختات) البازی علی الصید : ٹوٹ پڑنا۔
خات (ن) خواتا۔ العقاب : عقاب کے بازوؤں کی سرسراہٹ ہونا۔
تخوت واختات۔ المال : کم کرنا ...... الشئ : اُچک لینا...... حدیث القوم : سن کر یاد رکھنا...... الشاۃ : فریب دے کر چرانا۔ کہا جاتا ہے "ھم یختاتون اللیل" وہ رات میں رہزنی کرتے ہیں۔
الخوات : دلیر مرد۔
خوث (س) خوثا۔ البطن : ڈھیلا ہونا۔ کھانے سے بھرا ہوا ہونا۔ صفت (اخوث) مؤنث (خوثاء)
اخاخ اخاخۃ۔ العشب : پوشیدہ ہونا۔ کم ہونا۔
الخوخ : شفتالو۔ واحد (خوخۃ)

الــخَوْخَــه :روشن دان ـ پھاٹک میں چھوٹا دروازہ ـ

الــخَوْخَاء والــخَوْخَاة والخَوْخَاءَ ة :بے وقوف ـ

خَوَّدَ. الرَّجُلُ :تیز چلنا......مِنَ الطَّعَامِ شَيْئًا :کچھ حاصل کرنا ـ

تَخَوَّدَ. الغُصْنُ :جھکنا ـ

الــخَــوْد :نازک بدن ـ جوان عورت ـ ج خَوْدَات وخُوْد.

خَــاوَذَهُ مُــخَاوَذَةً. الى الشي :ایک کا دوسرے کے بعد آنا ـ کہا جاتا ہے "خَاوَذُوْنَا اِلَى المَاءِ" یعنی ہم واپس آرہے تھے اور وہ لوگ جارہے تھے ـ

خَــــاوَذَهُ :باربار زیارت کے لئے آنا ـ

خَاوَذَتْــه الــحُمىٰ :غیر متعین وقت پر آنا ـ

خَاوَذَ عَنْهُ :علیحدہ ہونا ـ

تَخَاوَزَ. القَومُ :باہم عہدو پیمان کرنا ـ

تَــخَوَّذَ :نگہبانی کرنا ـ تم کہتے ہو "تــخــوذنا بــالــزيــارَة :اس نے ہم سے بار بار ملاقات کی ـ

الخُوْذَة :خود ـ ج خُوَذ.

خُوَذَانُ. النَّاسِ :لوگوں کے خادم ـ

خِــوَاذُ. الــحُــمّٰـى :غیر معین وقت میں بخار آنا ـ

خَارَ (ن) خُوَارًا. البقرةُ: آواز کرنا ـ

(......خــؤُوْرًا وخَــوِر (س) خَــوَرًا) سست و کمزور ہونا ـ ٹوٹنا......قــوةُ المريض :کم ہونا ـ

خَــوَّرَ : کمزور ہونا ـ ڈھیلا ہونا ـ الأَرضُ: کثرت بارش کی وجہ سے نرم ہو جانا ـ الرجلَ: کمزوری کی طرف نسبت کرنا ـ

اَخَارَه :مائل کرنا ـ موڑنا ـ پھیرنا ـ تم کہتے ہو "اَخَــرنَــا الإِبــلَ الى مَوْضع كَذَا" ہم نے اونٹوں کوفلاں مقام کی طرف پھیر دیا ـ

تَــخَــاوَرَت. الثِيــران :بیلوں کا باہم آواز نکالنا ـ

اِسْــتَخَارَهُ :مہربانی چاہنا......الــمَــنْزِلَ: صاف کرنا ـ

الـــخَــوْر :مص ـ دو بلندیوں کے درمیان پست زمین ـ

الــخُــوَار :مص ـ گائے کی آواز ـ بکریوں ہرنوں اور تیر کی آواز کے لئے بھی مستعمل ہے ـ

الــخَوَّار :بزدل ـ کمزور ـ سست ـ فَــرسٌ خَــوَّارُ الــعِنَــانِ :تابعدار تیز رفتار گھوڑا ـ

الْخَوَّار مِنَ الزِّنَادِ: چقماق ـ

الْخُوْرِی :کاہن ـ ج خَوَارِنَة (دَخِيْل)

الْخُورُس :گرجا میں خادموں کے قیام کی جگہ (جدید)

خَازَه (ن) خَوْزًا: دشمنی کرنا ـ

خَاسَت (ن) خَوْسًا. الجِيفَةُ :بدبودار ہونا ......البِضَاعةُ :مندا ہونا......خَاسَ العَهْدَ وبِالعَهْدِ :بدعہدی کرنا......بِالْوَعْدِ :خلاف وعدہ کرنا......بِفُلاَنَ :بے وفائی کرنا ـ

خَــوَّسَ. الشيءُ :کم کرنا ـ گھٹانا......الابِلَ: ایک ایک کرکے پانی پر بھیجنا ـ

خَاشَهُ (ن) خَــوْشًــا. بِالرُّمْحِ :نیزہ مارنا ......الشيءُ :لینا......الرَّجُلُ :ہجوم میں داخل ہونا ـ

خَوَّشَ وتَــخَوَّشَ. الشي :کم کرنا ـ گھٹانا ـ وتَخَوَّشَ الرَّجُلِ :موٹائی کے بعد لاغر ہونا ـ

الخَوْش :پہلو ـ

الــخَوْشَان :ایک قسم کی گھاس جس میں ترشی ہوتی ہے ـ واحد (خَوْشَانَة)

خَوِصَ يَخْوَص خَوَصًا :دھنسی ہوئی آنکھ والا ہونا ـ صفت (اَخْوَص) مؤنث خَــوْصَــاء ج خُــوْص...... الشَاةُ :تمام جسم میں سفیدی کے ساتھ ایک سفید اور ایک سیاہ آنکھ والی ہونا ـ

خَوَّصَ :پہلے شرفا کا پھر کمینوں کا اکرام کرنا ......الــتَــاجَ :سونے کے پتروں سے مزین کرنا......ہ الشَّيْبُ :بڑھاپا شروع ہونا ـ کہا جاتا ہے "خَوِّصْ مَااَعْطَاكَ" یعنی جو کچھ وہ دے اس کو لے لو اگرچہ تھوڑا ہو ـ

خَاوَصَ وتَــخَاوَصَ :آنکھوں کو بھینچ کر تیز دیکھنا......الــنــجــومُ :مائل بغروب ہونا ـ

خَــاوَصَــهُ مُــخَاوَصَــةً وخَاوَصَهُ البيعَ: بیچنے میں مقابلہ کرنا ـ

اَخْوَصَ. النخلُ :پتے والا ہونا ـ

تَــخَــوَّصَ. الشــيْءُ :تھوڑے ہونے کے باوجود لے لینا......الــعَطِيَّةَ :تھوڑا تھوڑا کر کے لینا ـ

الخَوَّاص :کھجور کے پتوں کا بیچنے والا اور اس کے عمل کو (الخِيَاصَة) کہتے ہیں ـ

الخُوْص :کھجور کے پتے ـ واحد (خُوْصَة)

الــخَوْصَاء :گرم ہوا جو آنکھوں کو چندھا کر دے ـ کہا جاتا ہے "خَــرَجُــوا فِي الــظَّهِيْرَةِ الخَوْصَاءِ" وہ دوپہر کی سخت گرمی میں نکلے ـ

خَاضَ (ن) خَــوْضًــا وخِيَــاضًــا. الماءَ: داخل ہونا ـ گھسنا......الشَّــرابَ: ملانا...... الــغَــمَــرَاتِ :سختیوں میں کود پڑنا......فِــي الــحَدِيْث :مشغول ہونا......الــجَوَادُ في المَيْدانِ :کلیلیں کرنا ـ بِالْفَرَسِ :پانی پر لے جانا......بِــالــسَّيْفِ :زخم میں تلوار ہلانا ـ کہا جاتا ہے "اِنَّــهُ يَــخُــوض الــمَنَايَا" وہ اپنے آپ کو ہلاکتوں میں ڈالتا ہے ـ وَهُــــوَ يَخُوضُ اللَّيْلَ :وہ رات کو ہولناکیوں کی پروا نہ کرتے ہوئے گھس پڑتا ہے ـ

خَوَّضَ. المَاءَ :داخل ہونا ـ گھسنا ـ

خَاوَضَ مُخَاوَضَةً واَخَاضَ

اِخَاضَةُ الفرسَ :پانی میں داخل کرنا ـ

اَخَــاضُــوْا المَاءَ :جانوروں کو پانی میں ڈال دینا ـ

تَخَوَّضَ :بتکلف گھسنا ـ

اِخْتَاضَ المَاءَ :داخل ہونا ـ گھسنا ـ

تَــخَــاوَضَ. الــقــومُ فی الحَدِيْـثِ :باہم مشغول ہونا ـ

الخَوْضَة :خاض: کا اسم مرۃ ـ موتی ـ

الخَوَّاض :بہت گھسنے والا ـ

الــمَــخَــاضَــة :پانی میں گھسنے کی جگہ ـ ج مَخَاوِض ومَخَاض ومَخَاضَات.

تَخَوَّطَهُ :وقتاً فوقتاً آنا ـ

الخُوصَة: درخت کی باہری شاخ۔ ج خِيصان

خَافَ (س) خَوْفًا وخِيفًا ومَخَافَةً وخِيفَةً وتَخَوُّفَ: گھبرانا۔ احتیاط کرنا۔ ڈرنا۔ کہا جاتا ہے "خَافَهُ وخَافَ مِنْهُ وخَافَ عَلَيْهِ".

صفت (خَائِف) ج خُوَّف وخُيَّف وخِيف وخَائِفُون. وتَخَوَّفَ الحقَّ: حق کو مار لینا۔ وتَخَوَّفَ الشيءَ: تھوڑا تھوڑا کم کرنا۔ تَخَوَّفَ عَلَيْهِ شَيْئًا: خوف کھانا۔

خَوَّفَه: ڈرانا۔۔۔۔۔الطريقَ: ایسا کر دینا کہ لوگ ڈرنے لگیں۔

أَخَافَهُ إِخَافَةً: ڈرانا۔ أَخَافَ الطريقَ: گھبراہٹ میں ڈالنا۔

خَاوَفَهُ: ڈرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاوَفْتُه فَخُفْتُه أَخُوفُه" میں نے اس سے ڈرنے میں مقابلہ کیا تو میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ ڈرنے والا نکلا۔

الخَوَّاف: شور۔

الخَاف: بہت ڈرنے والا۔

الخَافَة: چمڑے کا جبہ جس کو شہد نکالنے والا پہنتا ہے۔ جس کے ذریعے سے پھلوں کو چنا جائے۔

الخِيفَة: ڈرنے والے کی حالت۔ ج خِيَف.

المَخُوف: خوفناک۔ کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ مَخُوفٌ" خوفناک راستہ۔

خَوِقَ (س) خَوَقًا وانْخَاقَ وتَخَوَّقَ: کشادہ ہونا۔ صفت (أَخْوَق) مؤنث خَوْقَاء ج خُوق.

أَخَاقَ إِخَاقَةً: ملک میں جانا۔

خَوَّقَهُ: کشادہ کرنا۔

تَخَوَّقَ عَنْه: دور ہونا۔

الخُوق: بالی کا حلقہ۔

الخَوَق: کشادگی۔ خارش۔

الأَخْوَق: خارش والا۔ کانا۔

مکان (مُنْخَاق) کشادہ جگہ۔

خَالَ يَخُولُ خَوْلاً وخِيَالاً. المَوَاشِيَ: نگہبانی کرنا۔۔۔۔۔فلانٌ عَلَى أَهْلِه: تدبیر اُمور کرنا۔ انتظام کے لئے کافی ہونا۔

خَالَ يَخَالُ خَوَلاً: تنہائی کے بعد غلاموں والا ہونا۔

خَوَّلَهُ الشيءَ: عطا کرنا۔ بخشش کرنا یا مالک بنانا۔

أَخْوَلَ وأُخْوِلَ: ماموں والا ہونا۔

أَخَالَ. فِيهِ خَالاً مِنَ الخَيْرِ وأَخَالَهُ: فراست سے بھلائی معلوم کرنا۔

تَخَوَّلَ فِيهِ خَالاً مِنَ الخَيْرِ وتَخَيَّلَ. تَخَوُّلاً وتَخَيُّلاً: بھلائی معلوم کرنا۔ تَخَوَّلَ خَالاً: ماموں بنانا۔۔۔۔۔فلانًا: نگہبانی کرنا۔

اِسْتَخْوَلَهُمْ: خادم بنانا۔ اِسْتَخْوَلَ واسْتَخَالَ فِيهِمْ: ماموں بنانا۔

الخَوَل. خَوَلِي کی جمع۔ غلام۔ لونڈیاں۔ لفظ واحد ہی جمع کے لئے مستعمل ہے اور کبھی واحد کے لئے (خائل) بولتے ہیں۔

الخَال: ماموں۔ ج أَخْوَال وأَخْوِلَة وخُؤُول وخُؤُولَة. وخُؤُولَة.

الخَالَة: ماں کی بہن۔ خالہ۔ ج خَالات: تم کہتے ہو "هُمَا اَبْنَاءُ خالة" یہ دونوں ایک دوسرے کے خالہ کے بیٹے ہیں۔ الخال: خیر کا نشان۔ فوج کا جھنڈا۔ چیز کا مالک۔ تم کہتے ہو "انا خال هذا الفرس" میں اس گھوڑے کا مالک ہوں۔

الخَوَلِيُّ: مال کا بہتر منتظم۔ ج خول.

الخَائِل: فا۔ الخول: کا واحد۔ کہا جاتا ہے "هو خَائِلُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم ونگہبان ہے اور کبھی حذف ہمزہ سے "خَالُ مَالٍ" کہتے ہیں۔

الخَوْلَة: ہرنی۔

الأَخْوَل: ہر وہ شخص جس کے بہت سے ماموں ہوں۔ رجُلٌ (مُخْوِلٌ ومُخْوَلٌ ومُخَال) شریف ماموں والا۔

خَامَت (ن) خَوْمًا. الأَرْضُ: ناموافق آب وہوا والی ہونا۔

أَخَام. إِخَامَةً. الفرسُ: تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔

الخَام: روئی کا کپڑا۔ ج أَخْوَام. أَرْض (خَامَة) ناموافق آب وہوا والی زمین۔

خَانَهُ (ن) خَوْنًا وخِيَانَةً ومَخَانَةً وخَانَةً فِي كَذَا: امانت میں خیانت کرنا۔ خَانَهُ سَيْفُه: اُچٹ جانا۔ خَانَهُ الدَّهْرُ: آسودگی کو سختی سے بدل دینا۔ خَانَتْهُ رِجْلاه: چلنے پر قادر نہ ہونا۔ خَانَ الدَّلْوُ الرِّشَاءُ: ٹوٹ جانا۔ العهدَ: توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "خَانَه العَهْدَ والأَمَانَةَ" یعنی اس نے عہد یا امانت میں خیانت کی۔ صفت (خَائِن) ج خُوَّان وخَانَة وخَوَنَة (۔۔۔۔۔خَوْنًا) جسم میں کمزوری اور نظر میں ضعف ہونا۔

خَوَّنَهُ: خیانت کی نسبت کرنا۔

خَوَّنَهُ وخَوَّنَ مِنْهُ تَخْوِينَهُ: تھوڑا تھوڑا کر کے کم کرنا۔ خَوَّنَهُ وتَخَوَّنَهُ: نگہبانی کرنا اور اسی سے ہے "كَانَتِ الحُمَّى تَتَخَوَّنُهُ" اس کو وقت پر بخار آتا ہے۔ تَخَوَّنَهُ الدَّهْرُ: آسودگی کو سختی سے بدل دینا۔

اِخْتَانَهُ: خیانت کرنا۔۔۔۔۔المَالَ: چرانا۔

اِسْتَخَانَهُ: خیانت کرنے کا ارادہ کرنا۔

الخَان: دکان۔ سرائے۔ ج خَانَات (دخیل) اور خان ترکوں کے بادشاہ کا لقب تھا۔

الخَائِنَة. الخَائِن: کا مؤنث۔ الخَائِنَة: بہت خیانت کرنے والا۔ "تا" مبالغہ کے لئے ہے۔ جیسے رَاوِيَة: بہت روایت کرنے والا۔

الخُوَان والخِوَان: دسترخوان۔ عوام اس کو سفرہ کہتے ہیں۔ ج أَخْوِنَة وخُون.

الخَؤُون والخَوَّان: بہت خیانت کرنے والا۔

الخَوَّانَة: بہت خیانت کرنے والا۔ "تا" مبالغہ کے لئے ہے۔ دبر۔

خَوَّتِ الدَّارُ تَخْوِيَةً: گر جانا۔۔۔۔۔النجومُ: بغیر بارش ہوئے غروب ہونا۔

الخَوُّ: بھوک۔ کشادہ وادی (۔۔۔۔۔والخَوُّ)

شہد۔
الخَوۃ : کشادہ زمین۔
خَویٰ (ض)خَواءً. البَیتُ : گرنا۔ خالی ہونا ...... راسہ : کثرتِ نکسیر سے خون سے خالی ہونا ...... خَویٰ وخَواءً بھوکا ہونا ...... الزَنْدُ : آگ نہ دینا ...... خَیًّا النجومُ : بے بارش کے ہونا۔ مائل بغروب ہونا (...... خَویٰ وخَوایَۃً) الشئ : اُچک لینا۔
خَوِیَ (س) خَیًّا وخُوِیًّا وخَوایَۃً. المکان : خالی ہونا۔
خَوّیٰ تَخوِیَۃً. البَعِیرُ : بیٹھنے میں پیٹ کو زمین سے اونچا رکھنا ...... الطَّائِرُ : اڑنے میں بازو لٹکانا۔
اَخْویٰ اِخْواءً. الزَنْدُ : آگ نہ دینا ...... النجومُ : بے بارش کے ہونا ...... الرجلُ : بھوکا ہونا ...... ما عِندَ فُلانٍ : سب کچھ لے لینا (وخَوَّت) الماشیۃُ : بہت موٹا ہونا۔
اِختَویٰ اِختِواءً : بے عقل ہونا ...... البلدَ : عبور کرنا ...... ما عِندَ فلانٍ : سب کچھ لے لینا ...... الفرسَ : اگلی پچھلی ٹانگوں کے درمیان نیزہ مارنا۔
الاَخْوَیٰ : عقل و ہوش رفتہ۔ مؤنث خَیّا وخَوِیّاء.
الخَویٰ والخَواءُ : کھانے سے پیٹ کا خالی ہونا۔ دو چیزوں کے درمیان کا خلاء۔ خَواءُ الفرَس : گھوڑے کے اگلے پچھلے پیروں کے درمیان کا فاصلہ۔
الخَوِیُّ : خالی پیٹ والا۔
الخَوِیُّ : نرم وپست زمین۔
خَابَ (ض) خَیبَۃً وتَخَیُّبَ : محروم ہونا۔ نا اُمید ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَابَ سَعْیُہ" یعنی وہ ناکامیاب ہوا۔
خَیَّبَہ واَخَابَہ : محروم کرنا۔
قَدْحٌ (خَیَّابٌ) آگ نہ دینے والا چقماق۔
المَخیَبۃ : باعثِ محرومی۔
خَاتَ (ض) خَیْتًا وخُیُوتًا : آواز کرنا۔
خَارَ (ض) خَیْرًا : صاحبِ خیر ہونا۔ اللّٰہُ لَکَ فِی الاَمْرِ : بہتری کرنا۔
خَارَ (ض) خِیَرَۃً وخِیْرَۃً وخَیْرًا وخِیَرًا. الشئَ عَلیٰ غَیْرِہِ : فضیلت دینا۔ خَارَہٗ : انتخاب کرنا اور اسی سے ہے "اَللّٰھُمَّ خِرْلِی" اے اللہ میرے لئے دو امر میں سے بہتر کا انتخاب کر۔
خَیَّرہٗ وخَایَرَہٗ. فی الاَمرِ وبَینَ الاَمْرَیْنِ : پسند کرنے کے لئے اختیار دینا۔ وخَایَرَہٗ فی العِلْمِ فَخَارَہٗ : علم میں مسابقت کرنا اور غالب رہنا۔
تَخَیَّرہٗ واِختَارَہٗ : چن لینا۔ انتخاب کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔
اِستَخَارَ اِستِخَارَۃً : طلب خیر کرنا۔ اللّٰہَ : طلب خیر کی دعا کرنا۔
الخَیرُ ج خُیُور : بھلائی۔ نیکی۔ کسی چیز کا اپنے کمال کو پہنچنا مال ...... ج اَخیَار وخِیَار : بہت نیکی والا اور خیر اسم تفضیل کا صیغہ (اَخیَرُ) کا مخفف ہے اور اس کی مؤنث (خَیرَۃٌ) ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلانَۃٌ خَیرَۃُ النَّاسِ وخَیرُھُم"۔
الخِیرُ : شرف۔ بزرگی۔ کرم۔ اصل۔ ہیئت۔
الخَیِّرَۃ : بہت خیر والی۔ ہر چیز سے بہتر۔ ج خَیِّرات.
الخِیرَۃ والخِیَرَۃ. مِنَ الشئِ اوالقَومِ : افضل۔
الخِیَار : پسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "اَنتَ بالخِیَار" یعنی جو چاہو پسند کرو۔ خِیَارُ الشئِ : چیز میں کا افضل۔ الخِیَارُ : ککڑی۔ واحد (خِیَارَۃ)
خِیَارُشَنبَر : املتاس۔
الخَیرِیُّ : ایک قسم کی پھولوں والی نباتات۔
الخَیرِیَّۃ : عمدگی۔ فضل۔ عثمانی سلطنت کا ایک پرانا سکہ۔
الخَیِّر : فیاض۔ مؤنث خَیِّرَۃ.
الاَخیَرُ : زیادہ اچھا۔ مؤنث خِیرَیٰ وخُورَیٰ ج اَخَایِر.
الخَیرَیٰ والخُورَیٰ والخُورَّیٰ والخِیرَیٰ : بہت زیادہ اچھا۔ کہا جاتا ہے "رجل خیریٰ. الخ" یعنی بہت خیر والا۔
المُختَار : مفع۔ کہا جاتا ہے "اَنتَ بالمُختَارِ" یعنی تم جو چاہو پسند کرو۔
خَاسَ (ض) خَیْسًا. اللَّحْمُ : بدبودار ہونا ...... البَیعُ : سرد بازاری ہونا۔ مندا ہونا ...... الرَّجُلُ : جھوٹ بولنا۔ ذلیل ہونا ...... الرَّجُلَ او الدابۃَ : مطیع کرنا۔
خَاسَ (ض) خَیْسًا وخَیَسَانًا. بالعھد : بدعہدی کرنا ...... بالوَعْدِ : خلاف وعدگی کرنا۔
خَیَّسَہٗ : سدھانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَیَّسَ الجَمَلَ" یعنی اس نے اُونٹ کو سوار ہو کر سدھایا۔ روکنا۔
الخَیسُ : غم۔ گمراہی۔ جھوٹ۔ خیر۔
الخِیسُ : گنجان درخت۔ شیر کی جھاڑی۔ ج اَخیَاس : دودھ۔
الخِیسَۃ : شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج خِیَس.
المُخَیَّس. والمُخَیِّس : جانور کے سدھانے کی جگہ۔ قید خانہ۔
خَاشَ (ض) خَیشًا. ما فی الوعاء : نکالنا۔
الخَیشُ : کتاں کا کھردرا کپڑا۔ ج خُیُوش واَخیَاش : واحد (خَیشَۃ) کمینہ آدمی۔
الخَیَّاش : کتاں کا کھردرا کپڑا بیچنے والا۔
خَاصَ (ض) خَیصًا : کم ہونا۔ صفت (خَائِص)
خَیِصَ (س) خَیَصًا : ایک بڑی ایک چھوٹی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخیَص) مؤنث (خَیصَاء)
الخَیصُ : تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "نِلْتُ مِنْہُ خَیصًا خَائِصًا" میں نے اس سے تھوڑی چیز حاصل کی۔
الخَیصیٰ : تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فی المَرعیٰ خَیصیٰ مِنَ العُشبِ" چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس ہے۔

الخَیَفَان :گھوڑا مال۔
خَاطَ (ض) خَیطًا. الثوبَ :سینا۔ صفت فاعل(خَائِط وخَاط وخَیَّاط) اور صفت مفعول(مَخِیط ومَخیُوط)...... الحَیَّةُ: زمین پر رینگنا اور اسی سے ہے "هٰذا مَخِیطُ الحَیَّة" یہ سانپ کے رینگنے کی جگہ ہے۔
خَاطَ اِلَیْهِ خَیطَةً :ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گزر جانا۔
خَیَّطَ الشَّیبُ فِی رَاسِه :بڑھاپا شروع ہونا۔
تَخَیَّطَ. رَاسُهٗ بالشَّیبِ :بڑھاپا شروع ہونا۔
اِخْتَاط واِخْتَطّی. اِلَیهِ :ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گزر جانا۔
الخَیطُ :مص۔ دھاگہ۔ ج خُیُوط وخُیُوطَة واَخیَاط...... مِنَ النَّعَام :شترمرغ کا ریوڑ۔
مِنَ الجَرَادِ :ٹڈیوں کا دل۔ ج خِیطَان.
الخَیطُ الاَبیَضُ :صبح کی سفیدی۔ الخیطُ الاسوَدُ :رات کی سیاہی۔ الخَیطُ مِنَ الرَّقَبَةِ :حرام مغز۔ کہا جاتا ہے "جَاخَش عَنْ خَیطِ رَقَبَتِه" اس نے اپنے خون سے مدافعت کی۔ خَیطُ بَاطِلٍ :ترمرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اُترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔
الخِیط والخَیطَی. مِنَ النَّعَامِ او الجَرَادِ : شترمرغ کا ریوڑ۔ ٹڈیوں کا دِل۔
الخِیَاطَة :درزی کا پیشہ۔
الخَیَّاط :درزی۔
الخِیَاط والمِخیَط :سوئی۔
خَیِفَ (س) خَیَفًا :ایک نیلگوں اور ایک سرمگیں آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخیَف) مؤنث خَیفَاء ج خِیف.
خَیَّفَ. عَنِ القِتَال :روگردانی کرنا۔
......القومُ :کسی جگہ میں اُترنا۔ خَیَّفَتِ المرأةُ بِاَولَادِهَا :اخیافی بھائیوں کی ماں ہونا۔
تَخَیَّفَ. الوانًا :مختلف رنگوں والا ہونا۔
الخَیف :دامن کوہ میں ہر بلند و پست زمین۔ پانی بہنے کی جگہ سے بلند جگہ۔ تھن کی کھال۔
الخَیفَة :چھری۔ شیر کی جھاڑی۔
الخَیفَاء :کشادہ تھنوں والی۔ ج خَیفَاوَات وخِیف.
الاَخیَاف :مختلف لوگ۔ کہا جاتا ہے "هم اِخوَةُ اَخیَاف اَوبَنُو اَخیَاف" یعنی ان کی ماں ایک ہے اور باپ مختلف ہیں۔
الخَیفَان :لوگوں کی کثرت۔ مختلف رنگوں والی ٹڈی۔ ایک قسم کی پہاڑی گھاس۔ واحد (خَیفَانَة)
خَالَ یَخَالُ خَیلًا وخِیلًا وخَالًا وخَیلَةً وخِیلَةً وخَیلَانًا وخَیلُولَةً ومَخِیلَةً ومَخَالَةً. الشیٔ :خیال کرنا۔ گمان کرنا اور واحد متکلم مضارع کا صیغہ اِخَال و اَخَال :اور بکسرِ ہمزہ زیادہ فصیح ہے۔
خَیَّلَ تَخیِیلًا وتَخَیُّلًا. علیه :تہمت لگانا اور(خَیَّل تَخیِیلًا) السحابُ :گرجنا، چمکنا اور برسنے کے لئے تیار ہونا...... فِیهِ الخَیرَ : معلوم کرنا...... عَنِ القَومِ :کمزور و بزدل ہونا۔
خُیِّلَ. اِلَیهِ ولَهٗ اَنَّهٗ کَذَا :توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے۔
خَایَلَهٗ :فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
خَایَلَتِ السَّحابَةُ :بارش کی اُمید دلانا۔
اَخیَلَتِ. السماءُ :برسنے کے لئے تیار ہونا۔
......النَاقَةُ :تھنوں میں دودھ والی ہونا۔
(......واَخَالَ) القومُ :ایسے بادل کو دیکھنا جس کے متعلق خیال ہو کہ برسے گا۔ (اَخیَل واِختَالَ) المَکَانُ بِالنَبَات :ہرا بھرا ہونا۔
اَخَالَ عَلَیهِ الشیٔ :دشوار و مشتبہ ہونا۔
تَخَیَّلَتِ. السَّحابَةُ :بارش کی علامتیں معلوم ہونا...... الرَّجُلُ :تکبر کرنا...... لَهٗ اَنَّهٗ کَذَا : توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے...... فِیهِ الخَیرَ: معلوم کرنا ...... ہ : فراست سے معلوم کرنا...... علیه :پسند کرنا اور فراست سے خیر معلوم کرنا۔
تَخَایَلَ تَخَایُلًا واِختَالَ واِختِیَالًا :تکبر کرنا اور اکڑ کر چلنا۔
اِستَخَالَ. السَّحابَةَ :برستا ہوا خیال کرنا۔
الخَال :مص۔ بادل جس سے بارش ضروری ہو۔ بے بارش کا بادل۔ بجلی۔ غرور۔ بڑا پہاڑ۔ جھنڈا۔ نرم کپڑا۔ سخی و فیاض آدمی۔ مغرور۔ گمان وتوہم۔ بے بیوی والا۔ کمزور دل یا کمزور جسم والا۔ چھوٹا ٹیلہ۔ گھوڑے کی لگام۔ کفن۔ بدن کا تل۔ ج خِیلَان.
الخَیل :مص۔ گھوڑوں کا گروہ۔ ج خُیُول واَخیَال اور مجازاً خیل کا اطلاق سواروں پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَتی بِخَیلِه ورَجِلِه" وہ اپنے سوار اور پیادوں کے ساتھ آیا۔
الخِیل :ہینگ۔
الخَیلَان :ایک دریائی جانور ہے جس کا نصف حصہ انسان جیسا اور نصف حصہ مچھلی کا سا ہوتا ہے۔
الخَیَال :گمان وہم۔ ج اَخیِلَة (......والخَیَالَة) وہ صورت جو خواب میں نظر آئے۔ انسانی شکل۔ ڈراوا۔ یعنی وہ (کپڑے اور لکڑی کی انسان نما) چیز جس کو کھیتوں میں کھڑا کر دیتے ہیں چوپائے اور پرندے اس کو انسان خیال کرتے ہیں۔
الخَائِل :مغرور۔ ج خَالَة.
المُخَیِّلَة والخَیَالِیَّة :قوت خیالیہ۔
الاَخیَل مؤنث خَیلَاء. ج خِیل واَخَائِل. و(المَخِیل والمَخیُول) بدن میں تل والا۔
الاَخیَل :ایک منحوس پرندہ کا نام۔
الاُخَائِل :مغرور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اُخَائِل".
الخیال :شہسوار۔ گھوڑے والا۔ ج خَیَّالَة.
الخُیَلَاء. والخِیَلَاء والخَیلَة :تکبر و غرور۔
السحابة (المُخِیلَة والمَخِیلَة والمُخَیِّلَة

والـمُـخْتَـالَة) بادل جس کے برسنے کی امید ہو۔ الـمُـخِيْل: خیر سے ڈرانے والا۔ كَلامٌ مُخِيْلٌ: دشوار کلام۔

الـمَخَـائِل. مِنَ السُّحُب: بارش سے ڈرانے والا بادل اور اسی سے ہے "ظَهَـرَتْ فِيْـه مَـخَايِلُ النَّجَابَةِ" اس کے اندر شرافت کی علامتیں ظاہر ہوئیں۔

اَرْضٌ (مُتَخَيِّلَةٌ ومُتَخَايِلَةٌ)

خَـامَ يَـخِيْـمُ خَيْـمًـا وخَيَـمَـانًـا وخُيُوْمًـا وخُيُـوْمَةً وخِيَامًا وخَيْمُوْمَةً: اقامت کرنا ......عنـه: بزدل ہونا۔ روگردانی کرنا...... الـقومُ فِي القِتَالِ: جنگ میں کامیاب نہ ہونا ......رجلَه: پاؤں اٹھانا۔

خَيَّـمَ: خیمہ لگانا۔ خیمہ میں اقامت کرنا...... بالمكان: اقامت کرنا۔ خَيَّمَتِ الكَرْمَةُ: خیمہ کی مانند ہونا۔ خَيَّمَتِ البَقر: اپنے تھان پر کھڑے رہنا...... الـرِيـحَ فِـي الـثَّـوْب: کپڑے میں خوشبو کو بسانا۔

اَخَامَ اِخَامَةً واَخْيَمَ اِخْيَامًا. الخيمة: نصب کرنا...... الفرسُ: تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔

تَـخَيَّمَ. المَكَانَ وبالْمَكَان وفِيْه: جگہ میں اپنا خیمہ نصب کرنا۔ تَـخَيَّمَتِ الرِيْحُ الطَيِّبَةُ بالثَّوْب وفِيْه: بھڑک اٹھنا۔

الخِيْم: طبیعت۔ خصلت۔ تلوار کا جوہر۔

الـخَـام: ہر وہ چیز جس میں ابھی ہاتھ نہ لگا ہو جیسے ہیرا جو ابھی صاف نہ کیا گیا ہو۔ پتھر جو تراشا نہ گیا ہو۔ چمڑا جس کی دباغت نہ ہوئی ہو۔ کپڑا جو ابھی دھویا نہ گیا ہو۔ روئی کا بنایا ہوا۔ ج اَخْوَام. الخَام: مولی۔

الخَامَة: تروتازہ گھاس۔ ج خَام وخامات.

الخَيْمة: ڈیرہ۔ ہر وہ مکان جو اینٹ، پتھر اور مٹی وغیرہ سے نہ بنا ہو۔ ج خِيَـم وخِيَـام وخَيْمَات وخَيْم. الخِيَام: ہودے۔

الخَيَّام: خیمہ میں رہنے والا (......الخَيْمِي) خیمہ بنانے والا یا بیچنے والا۔

المُخَيَّم: وہ جگہ جہاں خیمے نصب ہوں۔

د

د: الدال: بنیادی حروف میں سے آٹھواں حرف ہے۔

دَأَبَ (ف) دَأْباً ودَأَباً ودُؤُوباً. فی العَمَل: لگاتار جانفشانی سے کرنا۔ صفت (دَائِبٌ ودَؤُوبٌ). (دَأْباً ودَأَباً) الدابة تیز ہانکنا...... ہ دھتکارنا۔

اَدْأَبَهٗ اِدْآباً: تھکانا۔ لگاتار کوشش کرنے کا حاجت مند بنانا۔

الدَّأْبِ والدَّأَب: مص۔ عادت۔ حالت۔

الدَّائِبَان: رات دن۔

الدَّائِب: تھکا ماندہ۔

دَأَثَ (ف) دَأْثاً: بوجھل ہونا...... الثوبُ: میلا ہونا...... الثوبَ: میلا کرنا...... الطَّعَامَ: کھانا۔

الدِّئْث: سخت کینہ۔

الدَّأْثَاءُ: باندی۔ لونڈی۔ ج دِآث اِبْنُ دَأْثَاء: بے وقوف۔

دَأْدَأَ دَأْدَأَةً ودِئْدَاءً: تیز دوڑنا...... فِیْ اَثَرِہٖ: کھوج لگانے کے لئے پیچھے جانا...... الشیْ: ڈھانپنا۔ حرکت دینا۔ ٹھہرانا...... القومُ: باہم ہجوم کرنا۔

تَدَأْدَأَ: ہلنا۔ ٹھہرنا...... فِی مَشْیِہٖ: لڑکھڑانا۔ ...... عَنْ فَرَسِہٖ: گرنا۔

الدَّأْدَأ والدَّأْدَاء والدَّأْدَاۃُ والدَّأْدَاءَۃُ. مِنَ اللَّيَالِيْ: سخت تاریک رات۔ ج الدَّآدِی.

الدَّارَ صِيْنِيُّ: دارچینی۔

دَئِصَ (س) دَأَصاً: اترنا...... البَعِيْرُ: موٹا دبیر گوشت ہونا۔

الدَّاص: موٹاپا۔

دَأَظَ (ف) دَأْظاً. الِانَاءَ: بھرنا...... الرجُلَ: باوجود شکم سیری کے کھانے پر مجبور کرنا۔ غصہ دلانا۔ گلا گھونٹنا...... القَرْحَةَ: دبا کر نچوڑنا۔

دَأَظَ (ف) دَأَظاً: موٹا ہونا۔

دَأَلَ (ف) دَأْلاً ودَأَلاً ودَأَلي: سست چلنا۔ (...... له دَأْلاً ودَأَلاناً): فریب دینا۔

دَاءَ لَـهٗ مُدَاءَ لَةً: دھوکا دینا۔ تیز چلنے میں مقابلہ کرنا۔

دُؤَالَة: لومڑی کے لئے علم جنس ہے۔

الدَّأْل والدَّئِل والدُّؤَل والدَّألاَن: گیدڑ۔ بھیڑیا۔ نیولے کی مانند ایک جانور۔

الدُّؤْلُوْل: مصیبت۔ ج دَآلِيْل کہا جاتا ہے "وَقَعَ القَوْمُ فی دُؤْلُوْل": لوگ مصیبت میں پڑ گئے۔

دَأَمَ (ف) دَأْماً. الحَائِطَ: سہارا دینا...... الرجلَ: کود کر سوار ہونا۔ تَدَأَّمَهُ المَاءُ: ڈھانپ لینا۔ تَدَأَّمَتِ السَّمَاء: لگاتار برسنا۔

تَدَاءَ تَمَتْ. عَلَيْهِ الهُمُوْمُ والاُمُوْرُ: ہجوم کرنا۔

الدَّأْم: مص۔ ہر وہ چیز جو تمہیں چھپا لے۔

الدَّأْمَاء: سمندر۔

دأى يَدْأُو ويَدْأى دَأْواً ودَأْياً. الذِئبُ للصَّيْد: دھوکے سے شکار کرنا۔

الدَّأْی: سینے کی پسلیوں کے ملنے کی جگہ۔ ج دَأْيَات.

(اِبْنُ دَايَة): کوا۔

الدَّايَة: دائی جنائی۔ ج دَايَات.

دَبَّ (ض) دَبّاً ودَبِيْباً: رینگنا۔ ہاتھوں یا پیروں کے بل چلنا۔ کہتے ہیں "هُوَ اَكْذَبُ مِـنْ دَبَّ ودَرَجَ": وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے...... السُّقْمُ فی الجِسْمِ اوالبِلٰی فِی الثوبِ: بیماری کا جسم میں اور کہنگی کا کپڑے میں سرایت کرنا، اثر کرنا ...... الجدْوَلُ: نہر کا جاری ہونا اور کہا جاتا ہے "دَبت عَقَارِبُهٗ": اس نے تفرقہ اندازی کے لئے چغل خوری کی۔ دَبَّ الشَّيْخُ: آہستہ چلنا۔

اَدَبَّ. الصَّبِیَّ: ہاتھ پیروں پر چلانا...... اِلٰی اَرْضِہٖ جَدْوَلاً: نہر جاری کرنا کہا جاتا ہے "اَدَبَّ البِلاَدَ": اس نے ملک کو عدل و انصاف سے بھر دیا۔ و"هُوَ يُدِبُّ عَلَيْنَا عَقَارِبَهٗ ويُحَرِشُ عَلَيْنَا اَقَارِبه": یعنی وہ ہم سے دشمنی کرتا ہے اور تکلیف پہنچاتا ہے۔

الدُّبُّ: ریچھ۔ ج اَدْبَاب ودِبَبَة: مؤنث دُبَّة. الدُّبُّ الاَكْبَرُ والدُّبُّ لاَصْغَرُ. بنات النعش: کے ستاروں کا مجموعہ۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ دُبَّ فُلان اودُبَّةَ فُلانٍ": اس نے فلاں کا طریقہ اختیار کر لیا۔

الدَّبَّة: تیل وغیرہ کا برتن۔ بط کی شکل کا شیشہ کا برتن۔ بہت ریتلی جگہ۔ ج دِبَاب: منہ کا رواں۔ ج دَبٌّ: کہا جاتا ہے "لَيْسَ فی الدَّارِ دُبِّیٌّ اَوْدِبِّیٌّ": یعنی گھر میں کوئی نہیں۔ اس کا استعمال صرف نفی کی صورت میں ہوتا

ہے۔

الدَّبَب: رُواں۔ بال کی کثرت۔ گائے کا نومولود بچھڑا۔

الدَّبَاب: تیز رینگنے والا۔ ناتوانی سے آہستہ چلنے والا۔ مؤنث دَبَابَة۔

الدَّبَّابَة: ایک آلہ کا نام جس کو محاصرہ میں استعمال کیا کرتے تھے اور اس کے جوف میں داخل ہو کر قلعہ کی دیوار کی جڑ میں پہنچ جاتے تھے اور جوف میں رہتے ہوئے نقب لگاتے تھے۔ ج دَبَّابَات۔ الدَّبَّابَة: ٹینک یعنی مسلح جنگی موٹر۔

الدَّبِيْب: مص۔ رینگنے والا۔ چھوٹا کیڑا جو پانی میں کھیلتا رہتا ہے۔

الدَّبُوْب والدَّيْبُوْب: موذی۔ چغل خور۔ گہرا غار۔ ہر موٹی تازی چیز۔

الدَّابَّة۔ الدَّابُّ: کا مؤنث۔ ہر رینگنے والا جانور۔ سواری کا جانور۔ بوجھ لادنے کا جانور۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے اور اس میں تا وحدت کی ہے۔ ج دَوَابُّ۔ تصغیر (الدُّوَيْبَّة)

الدُّبَّاء: کدو۔ واحد (دُبَّاءَة)

الدَّبَان: رُواں۔ بالوں کی کثرت۔

الأدَبُّ: بہت بالوں والا۔ بہت روئیں والا۔ مؤنث دَبَّاء: بہت بالوں والا اونٹ۔

المَدَبُّ: جاری ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَدَبُّ السَّيْلِ": سیلاب بہنے کی جگہ۔ و "مَدَبُّ النَّمْلِ": چیونٹیوں کے چلنے کی قطار۔

أرْضٌ (مَدَبَّة): بہت ریچھوں والی زمین۔

دَبَأَهُ (ف) دَبْأً: لاٹھی سے مارنا۔۔۔۔۔۔الشَّيْءُ: ساکن ہونا۔

دَبَّأَه۔ وَدَبَّأَ عَلَيْهِ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

دَبَجَه (ن) دَبْجًا و دَبَّجَهُ: نقش کرنا، مزین کرنا، خوبصورت بنانا۔۔۔۔۔الطَّيْلَسَانَ: ریشمی کپڑا لگا کر مزین کرنا۔

الدِّيْبَاج: ریشمی کپڑا۔ ج دَبَابِيج وَدَيَابِيج واحد (دِيْبَاجَة) و (الدِّيْبَاجَة): چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَصُوْنُ دِيْبَاجَتَهُ": فلاں اپنی آبرو کی حفاظت کرتا ہے۔ و "فُلانٌ يَبْذُلُ دِيْبَاجَتَهُ": فلاں اپنی آبرو ریزی کرتا ہے۔

"دِيْبَاجَةُ الكِتَابِ": کتاب کا دیباچہ۔

الدِّيْبَاجَتَانِ: دونوں رخسار۔ دِيْبَاجَةُ الْوَجْهِ: چہرہ کی رونق۔ الدِّيْبَاج: جوان اونٹنی۔

الدَّبَّاج: ریشمی کپڑے کا بیچنے والا۔

المُدَبَّج: ریشمی کپڑے سے مزین کیا ہوا۔ بدشکل ایک بدشکل آبی پرندہ۔ اُلو۔

دَبَحَ: سر جھکانا اور پیٹھ بچھانا۔ ذلیل ہونا۔ فِي بَيْتِهِ: گھر میں جمے رہنا۔

دَبَخَ: بمعنی دَبَحَ۔

دَبْدَبَ دَبْدَبَةً۔ الحَافِرُ عَلَى الأرْضِ: ٹاپ سے آواز نکلنا۔

دَبَرَ (ن) دَبْرًا و دُبُوْرًا۔ النَّهَارُ او الصَّيْفُ: گزر جانا۔ ختم ہونا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: مرنا۔ پشت پھیرنا۔ بوڑھا ہونا۔۔۔۔۔الرِّيحُ: پچھوائی رُخ پر ہو جانا۔ (۔۔۔۔۔دَبْرًا) السَّهْمُ الهَدَفَ: نشانہ سے ہٹ جانا۔۔۔۔۔الكِتَابَ: نقل کرنا۔۔۔۔۔بالشَّيْءِ: لے جانا۔۔۔۔۔ہ: پیچھے آنا۔۔۔۔۔الحَدِيْثَ عَنْ فُلانٍ: کسی کے مرنے کے بعد اس کی بات بیان کرنا۔

دُبِرَ: پچھوائی ہوا لگنا۔

دَبِرَ (س) دَبَرًا۔ البَعِيْرُ: کجاوہ وغیرہ سے زخمی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (دَبِرٌ)

دَبَّرَ۔ الأمْرَ: غور کرنا۔ انجام سوچنا۔ انتظام کرنا۔۔۔۔۔الحَدِيْثَ: دوسرے سے روایت کرنا۔۔۔۔۔عَلَى هَلاكِهِ: کسی کی ہلاکت کے لئے حیلہ اور کوشش کرنا۔

دَابَرَ مُدَابَرَةً و دِبَارًا: مرنا۔۔۔۔۔ہ: دشمنی کرنا۔

أدْبَرَ۔ البَعِيْرُ: زخمی پیٹھ والا ہونا۔ أدْبَرَہ القَتَبُ: پیٹھ زخمی کرنا۔۔۔۔۔فُلانٌ: مرنا۔ پچھوائی ہوا میں داخل ہونا۔۔۔۔۔عَنْهُ: پیٹھ پھیرنا۔۔۔۔۔ہ: پیچھے کرنا۔ أدْبَرَتِ الدُّنْيَا: اقبال کا ختم ہونا۔ الأمْرُ: ختم ہونا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: بدھ کے دن سفر کرنا۔

تَدَبَّرَ۔ الأمْرَ: انجام سوچنا۔

تَدَابَرَ۔ القَوْمُ: باہم دشمنی کرنا۔ اختلاف کرنا اور قطع تعلقات کرنا۔

اِسْتَدْبَرَہ: پشت دینا۔ اختیار کرنا اور جستجو کرنا۔۔۔۔۔الأمْرَ: غیر متوقع طور پر نتیجہ کا سامنے آنا۔

الدَّبْرُ: مص۔ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا جھنڈ۔ واحد (دَبْرَة) ج أدْبُر و دُبُوْر: بہت مال۔ موت۔ پہاڑ۔ سمندر میں جزیرہ کی مانند زمین کا ٹکڑا جس پر جوار بھاٹا ہوتا ہو۔ کسی چیز کے پیچھے۔ تم کہتے ہو "جَعَلَ كَلامِي دَبْرَ أُذُنِهِ": اس نے میری بات سے غفلت کی اور متوجہ نہیں ہوا۔

الدِّبْرُ: بمعنی الدَّبْر: بہت مال۔ واحد ہے مفرد اور جمع دونوں کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے "مالٌ دِبْرٌ واموالٌ دِبْرٌ"۔

الدُّبْرُ والدُّبُرُ۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: پچھلا حصہ۔ ج أدْبَار۔ دُبُرُ الصَّلوٰةِ: نماز کا آخر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ دُبُرًا الشَّهْرِ وفِي دُبُرِهِ وعَلَى دُبُرِهِ وأدْبَارِ الشَّهْرِ وفِي أدْبَارِهِ": وہ مہینہ کے آخر میں آیا۔ دُبُرُ البَيْتِ: گھر کا گوشہ۔

الدَّبْرَة: انجام۔ لڑائی میں شکست۔ قابل کاشت زمین۔ ج دِبَار۔

الدَّبِرُ: زخمی پیٹھ والا جانور۔

الدِّبْرَة: جہت پشت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِهٰذَا الأمْرِ قِبْلَةٌ ولا دِبْرَة": یعنی اس معاملہ میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہے۔

الدَّبَرَة: جانور کی پیٹھ کا زخم جو کجاوہ وغیرہ سے ہو جائے۔ ج دَبَر و أدْبَار۔

الدَّبَار: ہلاکت۔

الدِّبَار: کھیتوں کی نالیاں۔ لڑائیاں۔ شکستیں۔

الدَّبُوْر: پچھوائی ہوا۔

الدُّبَيْرُ۔ مِنَ الرَّجُلِ: پیچھے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لا يَعْرِفُ قَبِيْلَهُ مِنْ دَبِيْرِهِ": وہ اپنے آگے پیچھے کو نہیں پہچانتا۔ زیادتی، جہالت کے لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔ گناہ۔ کہا جاتا ہے "عَرَفَ قَبِيْلَهُ مِنْ دَبِيْرِهِ": اس نے

طاعت ومعصیت میں تمیز کرلی۔
الدَّبُور: شکل وصورت۔ ج دَبَابِیر۔
الـدَّبُورَة: پتھروں کو ہموار کرنے کا اوزار۔ فصیح لفظ "الصاقُور": ہے۔
الـدَّبَران: چاند کی ایک منزل کا نام جو برج ثور کے پانچ ستاروں پر مشتمل ہے۔
الـدَّابِـر: فا۔ تابع۔ ہر چیز کا آخر۔ اصل۔ گزرا ہوا۔ جیسے "أمْسِ الدَّابِر": گزشتہ کل اور یہ تاکید کے لئے ہے جیسے "رَأيْتُه بِعَيْنِي": بولتے ہیں۔ نشانہ پر نہ لگنے والا تیر۔ جوئے کے تیروں میں سے ناکامیاب تیر۔ کہا جاتا ہے "مَابَقِي فِي الكِنَانَةِ غَيرُ الدَّابِر": ترکش میں سوائے دابر کے کچھ باقی نہ رہا اور کہتے ہیں "قَطَعَ اللّٰهُ دابِرَهُمْ": اللہ ان کی جڑ کو کاٹ دے۔
الـدَّابِرَة. الـدَّابِر: کا مؤنث۔ شکست۔ بدفالی۔ نحوست۔ انسان کی ایڑی کا پٹھا۔
دَابِرَةُ الطَّير: پرندے کے پاؤں کا خار۔ ج دَوَابِر۔
الـدَّبَـرِيُّ: نماز جو آخری وقت میں ادا کی جائے۔
الـدَّبْـرِيُّ: وقت ختم ہوجانے کے بعد آنے والا۔ "شَـرُّ الـرَّأي الدَّبَرِيُّ": یعنی وہ رائے بری ہے جو وقت گزر جانے کے بعد سمجھ میں آئے۔
و "جَاءَ دَبَرِيًّا": وہ آخر میں آیا۔
المُدَابِر: ناکامیاب تیر والا۔
المُقَابَل والمُدَابَر: نجیب الطرفین۔ شریف ماں باپ والا۔
المَدْبُور: زخمی۔ بہت مال والا۔
دَبِـسَ. الشيْ: چھپانا...... الشیٔ: چھپنا...... العِنَبُ: میٹھا ہونا...... العَصِيرُ المَغلِيُّ: گاڑھا ہوجانا...... الـرجُـلُ العَصِيرَ: پکا کر گاڑھا کردینا۔
أدْبَسَـت. الأرْضُ: اکھوا لکلنا۔
إدْبَسَّ إدْبِسَاسًا. الفرسُ: سرخ سیاہ ہونا۔ صفت (أدْبَس)

الـدِّبْـس: ہر کالی چیز۔ بہت تعداد۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ دِبْسٌ": بہت مال۔
الدِّبْس: پکایا ہوا گاڑھا شیرہ۔
الدَّبَّاس: شیرہ بنانے والا یا بیچنے والا۔
الدِّبس: شہد۔ کھجور کا شیرہ۔
الدُّبْسَة: سیاہی ملی ہوئی سرخی۔
الـدَّبُّـوس والـدُّبُّـوس: آہنی گرز۔ ج دَبَابِيس۔
دَبَـشَ (ن) دَبْشًـا. الشيْ: چھلکا اتارنا ...... الطَّعَامَ: کھانا۔
الدَّبْش: گھر کا سامان۔ ردی سامان۔ مَكَانٌ (مَدْبُوش): وہ جگہ جہاں کی پیداوار کو ٹڈیوں نے کھالیا ہو۔
سَيْـل (دُبَاش): ہر چیز کو بہالے جانے والا سیلاب۔
دَبَغَ (ف ن ض) دَبْغًا ودِبَاغًا ودِبَاغَةً. الجلدَ: کھال کو پکانا۔
اِنْـدَبَغَ: کھال کا نرم ہونا اور اس سے رطوبت اور بدبو کا زائل ہونا۔
الـدِّبْـغ والـدِّبْغَة والدِّبَاغ والدِّبَاغَة: چمڑا پکانے کا مسالہ۔
جِلْدٌ (دَبِيغ): پکائی ہوئی کھال۔
الدِّبَاغَة: چمڑے کی پکائی کا پیشہ۔
الدَّبَّاغ: چمڑے کو پکانے والا۔
الـمَـدْبَغَة والـمَدْبُغَة: چمڑا پکانے کی جگہ۔ چمڑے جو پکانے کے لئے مسالہ میں ڈالے گئے ہوں۔
دَبَقَ (ض) دَبْقًا. الصَّائِدُ الطَّيْرَ: لاسہ سے شکار کرنا۔
دَبِقَ (س) دَبَقًا. بِهِ: چمٹنا۔
دَبَّقَهُ: لاسہ سے شکار کرنا۔
أدْبَقَه: چپکانا۔
تَـدَبَّـقَ. الـطَّيْـر: لاسہ سے شکار ہوجانا ...... الشيْ: لیس دار ہونا۔
اَلـدِّبْـقُ: ایک درخت چھوٹے قد کا جس کا پھول ہلکے سبز رنگ کے پرندوں کو شکار کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

الـدِّبِق والدَّابُوق والدَّبُوقَاء: پرندوں کے شکار کرنے کا لاسہ۔
دبک: دَبَکَ يَـدْبُکُ: (عامی لفظ) الارض: زمین پاؤں وغیرہ مار کر گونج پیدا کرنا ہے۔ علی الارض: زمین پر گرانا۔
اَلْـوِعَـاءُ: برتن کو بھرنا۔ دبک: بمعنی دبک
الدبکه: معروف رقص۔
دَبَـلَ (ن) دَبْلاً ودُبُـولاً. الارضَ: کھاد ڈالنا...... الشيْ: درست کرنا۔
دَبَلَه (ن ض) دَبْلاً. بـالعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَبَـلَتْـه الـدُّبُولُ": اس پر مصائب پڑے یا اس کی ماں نے اسے گم کردیا۔
(...... ودَبَّل) اللُّقْمَة: بڑا لقمہ لینا...... الشيْ: انگلیوں سے جمع کرنا۔
دَبِلَ (س) دَبَلاً: موٹا ہونا۔
الـدَّبْـل: مص۔ پلیگ۔ مصیبت۔ اولاد کی موت۔ نالا۔ ج دُبُول۔
الـدُّبْـلَة: بڑا لقمہ۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ کلہاڑی کا سوراخ۔ ج دُبَل ودُبَل۔
الـدَّبْـلَةُ والـدُّبَيْلَة: مصیبت۔ پیٹ کی ایک بیماری۔ پیٹ کا پھوڑا۔
الدُّبَال: کھاد۔
الدَّبُول: عورت جس کا بچہ مرگیا ہو۔ ہلاکت و مصیبت۔
الدَّوْبَل: نرسور۔ چھوٹے قد کا گدھا۔
اَلـدِّبْلُومَاسِي: ڈپلومیسی یعنی نمائندہ حکومت اپنی حکومت کے مفادات کے تحفظ کے لئے موزوں طرزِ عمل اختیار کرے۔
دَبِـيَـتْ. الأرْضُ: چھوٹی ٹڈیوں کا کھیتی کو کھا جانا۔ صفت (مَدْبِيَّة ومَدْبُوَّة)
أدْبَـتِ. الأرْضُ: بکثرت چھوٹی ٹڈیوں والی ہونا۔
الدَّبَى: چھوٹی ٹڈی۔ چیونٹی۔ واحد (دَبَاة)
دَثَّ (ن) دَثًّـا. الصَّـائِدُ بِـه: کسی چیز سے شکار کرنا۔ دَثَّه: تکلیف دہ مار مارنا۔ ہٹا دینا۔ پتھراؤ کرنا۔

دَثَّ (ض) دَثًّا. السَّمَاءُ: ہلکی بارش ہونا۔
الدَّثُّ و الدَّثَّة والدِثَاث: ہلکی بارش۔
الدَّثَّة: معمولی زکام۔
الدَّثُوث: ہٹ جانے والا۔
دَثَرَ (ن) دُثُوْرًا. الرسمُ: مٹنے لگنا۔صفت (دَاثِر) ج دَوَاثِر...... السَّيفُ: زنگ آلود ہونا......الشَّجَرُ: پتے نکلنا......الثَّوبُ: میلا ہونا......الرَّجُلُ: بڑھاپے کے آثار نمایاں ہونا۔
دَثَّرَهُ: ہلاک کرنا۔چادر سے ڈھانپنا۔
......الطَّائِرُ: گھونسلہ بنانا۔
تَدَثَّرَ وادَّثَر. بالثَّوب: اوڑھنا۔صفت (مُتَدَثِّرٌ) و(مُدَّثِرٌ): اس کی اصل مُتَدَثِر ہے تا کو دال میں ادغام کر دیا گیا ہے۔
وتَدَثَّرَ فرسَه: کود کر سوار ہونا۔
اِنْدَثَرَ: مٹنا۔ناپید ہونا۔
اِدَّثَرَ: بہت مال جمع کرنا۔
تَدَاثَرَ. الرَّسْمُ: مٹنے لگنا۔
الدَّاثِر: فا۔ہلاک ہونے والا۔
الدَّثْر: بہت مال۔ دَثْرٌ 'بہت مال' کہا جاتا ہے "مَالٌ دَثْرٌ ومَالان دَثْرٌ وَاَمْوَالٌ دَثْرٌ": اور کبھی دُثُور: جمع بولتے ہیں۔رجُلٌ دَثْر: غافل۔مرد هُوَ (دِثْرُ) مَال: وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔
الدَّثْر: میل کچیل اور کہا جاتا ہے "عَسْكَرٌ دَثْرٌ: بہت فوج۔
الدِثَار: بدن سے ملے ہوئے کپڑے کے اوپر کا گرم کپڑا۔سونے والا۔جس کپڑے کو اوڑھ کر لیٹے۔
الدَّثُور والدِثَارِيُّ: کاہل۔سست۔گمنام۔بہت سونے والا۔
الاَدْثَر: غافل۔
الماءَ: گرانا۔
الطَّائِرُ: درخت میں گھونسلہ بنانا۔پھدکنا۔
دَجَّ (ض) دَجِيْجًا ودَجَجَانًا. القومُ: آہستہ چلنا......البیت: چھت ٹپکنا۔
(......دجّا) السِتر: لٹکانا۔
دَجَّجَهُ: ہتھیار بند کرنا۔دَجَّجَتِ السَّمَاءُ: ابر آلود ہونا۔
تَدَجَّجَ: ہتھیار بند ہونا اور کہا جاتا ہے "تَدَجَّج فِي شِكَّتِهِ": وہ پوری طرح ہتھیار بند ہوگیا۔
الدَّاجُ: فا۔(مثل لفظ الحَاجّ: کے مفرد و جمع ہے) خادم اور بوجھ اٹھانے والوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔اس لئے کہ وہ آہستہ چلتے ہیں۔ج دَاجُوْن ودَاجَّة.
الدُجَّة: سخت تاریکی۔
الدجاج. (بتثلیث الدال والفتح اعلیٰ) مرغی۔مرغ (پالتو وجنگلی) الدجاجُ الهِندی: ایک بڑا پرندہ ہے جس کو ملک شام میں دجاج حبش اور مصر میں دجاج رومی کہتے ہیں۔
واحد (دَجَاجَة) ج دُجج. الدَجَاجَة: دھاگے کی انٹی۔عیال۔
الدُجج: سخت تاریکی۔سیاہ پہاڑ۔
الدَّجُوجِي والدَيْجُوج: تاریک رات۔ج دَيَاجِيج.
الدُجَاجِي: مرغیوں کا بیچنے والا۔اَسْوَدُ دُجاجِي: سخت سیاہ۔
المُدَجَّج والمُدَجِّج: پوری طرح ہتھیار بند "دَجَّجَتِ السَّمَاء": سے ماخوذ ہے اور تشبیہاً سیہی پر بھی اطلاق کیا جاتا ہے۔
دَجْدَجَ وتَدَجْدَجَ اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔
دَجِرَ (س) دَجَرًا: حیران ہونا۔مدہوش ہونا۔صفت (دَجِر ودَجْرَان) ج دَجْرى ودَجَارى.
دَاجَرَ مُدَاجَرَةً: بھاگنا۔
الدِجْرَان: تھونی۔وہ لکڑی جو بیل چڑھانے کے لئے لگائی جائے۔واحد (دِجْرانَة)
الدَّجْر: ایک وہ چیز جس میں سوراخ دار لوہا لگا ہوا ہوتا ہے اور اس میں سے بونے کے وقت غلہ گراتے ہیں۔
الدُّجْر: بتثلیث الدال والکسر افصح.
الدَّيْجُوْر: تاریکی۔خاکستری رنگ کی سیاہی مائل مٹی۔ج دَيَاجِير ودَيَاجِر.
دَجَلَ (ن) دَجْلاً: جھوٹ بولنا
(......ودَجَّلَ) البَعِير: اونٹ پر قطران ملنا ......بالمَكَان: ٹھہرنا۔مقیم ہونا۔و(دَجَّل) الشيءَ: ڈھانپنا......الإناءَ: سونے کے پانی سے ملمع کرنا......الارضَ: گوبر ڈالنا۔
الدُّجَال: گوبر۔
الدَّجَّال: بڑا جھوٹا۔نام ایک شخص کا جو آخر زمانہ میں ظاہر ہوگا۔ج دَجَّالُون ودَجَاجِلَة. الدُّجَال: سونے کا پانی۔
الدَّجَّالَة: ساتھیوں کا بڑا گروہ جو زمین پر چھا جائے گا۔
الدَّجِيل والدَّجَالَة: قطران (دیکھئے لفظ القطران)
دِجْلَة: عراق کا مشہور دریا۔لفظ کے لحاظ سے مؤنث ہے اور نہر کی تاویل سے مذکر اور کبھی اس پر الف لام بھی داخل ہوتا ہے۔کہا جاتا ہے "الدِجلَة".
دَجَمَ (ن) دَجْمًا. اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔
دَجِمَ (س) ودُجِمَ دَجَمًا: غمگین ہونا۔
الدَّجم مِنَ الشيء: قسم۔
الدَّجَم: عشق کی بے تابیاں۔کہا جاتا ہے "اَخَذَتْه دَجم العِشق": اس کو عشق کی بے تابیوں نے گھیر لیا۔
الدُجْمَة: کلمہ۔کہا جاتا ہے "مَاسَمِعْتُ لَهُ غَدِيْرٌ (دَيْجَمٌ) لہریں مارنے والا تالاب۔
دَجَنَ (ن) دَجْنًا ودُجُوْنًا. اليَوْمُ: بادل و بارش والا ہونا......اللَّيْلُ: سیاہ ہونا۔صفت (اَدْجَن): مؤنث (دَجْنَاء) ج دُجْن.
دَجَنَ (ن) دُجُوْنًا. بالمَكَان: اقامت کرنا۔
الحَمَامُ وغَيْرُهُ: پالتو ہونا۔صفت (دَاجِن): مؤنث (دَاجِنٌ ودَاجِنَةٌ) ج دَوَاجِن کہا جاتا ہے "دَجَنُوْا فِي لُؤْمِهِم": کمینہ پن ان کی گھٹی میں پڑ گیا۔
اَدْجَنَ. القَومُ: بارش میں داخل ہونا۔
......السَّمَاءُ: لگاتار برسنا......المَطَرُ

او الـحُمّى: ہمیشہ رہنا...... الـلَّيْلُ: تاریک ہونا۔
دَاجَنَهٗ مُدَاجَنَةً: نمائشی رواداری برتنا۔
اِدْجَوْجَنَ. اليَوْمُ: بارش والا ہونا۔
الـدَّجْنُ: مص۔ بہت بارش۔ گھنا ٹوپ بادل ج دُجُن ودِجَـان ودُجُون وأَدْجَان: کہا جاتا ہے "يَوْمُ دَجْنٍ ويَـوْمٌ دَجْـنٌ": بہت بارش کا دن۔ عَلٰى هٰذا القياس. لَيْلَةُ دَجْن ولَيْلَةٌ دَجْنٌ.
الـدُّجْنَة: تاریکی۔ ج دُجَـن ودُجُـنَـات.
والدُّجْنَة فى أَلْوَانِ الابِلِ: بدترین سیاہی۔
الدُّجُنَّة والدَّجنَة والدِجُنَّة: تاریکی۔ بہت بارش والا گھنا ٹوپ بادل۔ ج دُجُـنَـات: کہا جاتا ہے "يَـوْم دُجُـنَّةٍ ويوم دُجُـنَّةٌ": بہت بارش کا دن وعَـلٰـى هٰـذا الـقِيَـاسِ "لَيْـلَةُ دُجُنَّة ولَيْلَةٌ دُجُنَّةٌ": تاریک رات۔
الاَدْجَن: تاریک۔
لَيْلَةٌ (مِدْجَان): تاریک رات۔
الـدَّاجِنَة والمُدْجِنَة. مِنَ الـسَّحَابِ: بہت بارش والا بادل۔
دَجَا (ن) دَجْـوًا ودُجُوًّا. اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ صفت (دَاجٍ): مؤنث دَاجِيَة.
الثوبُ: کشادہ ہونا۔
دَاجَى مُدَاجَاةً......ہ: نمائشی رواداری برتنا۔
اَدْجَى اِدْجَاءً وتَدَجَّى تَدَجِّيًا واِدْجَوْجَى اِدْجِيجَـاءً. الـلَّيْلُ: تاریک ہونا۔ اَدْجَى البَيْتَ: پردہ لٹکانا۔
الـــدُّجْيَة: قمیص کا بٹن۔ تمن الکلیاں مع لقمہ کے۔ ج دُجات ودُجَى..
الـدُّجْيَة: تاریکی یا بادل کی تاریکی۔ شکاری کے گھات کی جگہ۔ ج دُجَى.
الدَّاجِي: فا...... مِـنَ العَيْشِ: آسودگی نعمة
دَاجِيَةٌ: کامل نعمت۔
لَيْلٌ (دَجِيٌّ): تاریک رات۔
الدَّيَاجِي: تاریکیاں۔
دَحَّ (ن) دَحًّا. الشئَ فى الارضِ: چھپانا...... الطَّعَامُ بَطْنَه: شکم سیری سے لٹک آنا۔
...... الـرَّجُلَ: گدی پکڑ کر دھکیلنا...... البَيْتَ فِى الثَّرَى: کشادہ کرنا۔
اِنْدَحَّ اِنْدِحَاحًا. بَطْنُه: کشادہ ہونا۔
الـدَّحْـدَحُ والـدَّحْـدَحَة والـدَّحْـدَاح والـدَّحْـدَاحَة والـدُّحَادِح والدُّحَيْدِحَة: پستہ قد۔
دَحَرَہ (ف) دَحْـرًا ودُحُـورًا ومَـدْحَرَةً: دھتکارنا۔ دور کرنا۔ دفع کرنا۔ صفت فاعلی (دَاحِرٌ ودَحُوْر) صفت مفعولی (مَدْحُوْر)
دَحْرَجَه: لڑھکانا۔
تَدَحْرَجَ: لڑھکنا۔
الـدُّحْرُوْجَة: گبریلا کی گولی جس کو لڑھکا کر لے جاتا ہے۔ ج دَحَارِيج.
الدَّحْزُ: سخت ومضبوط۔
اَلـدُّحَـيْـرِجَة: گندم کے درمیان باریک دانہ۔
دَحَـسَ (ف) دَحْـسًـا. بَيْـنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا...... الشئَ: بھرنا...... بِـرِجْلِه: کریدنا ...... الـجزارُ: کھال اُتارنے کے لئے کھال میں ہاتھ داخل کرنا۔ الـثوبَ فِـىْ الْوِعَـاء: کپڑے کو برتن میں داخل کرنا...... بِـالشـرِّ: خفیہ طریقہ سے شرانگیزی کرنا۔
(...... واَدْحَـسَ) الـسُّـنْـبُـل: دانوں سے بھرا ہونا۔
دَحِسَتْ (س) دَحَسًـا. إِصْبَعُـه: انگلی کا سوجنا۔ صفت (مَـــدْحُـــوْس) اور انگلی کو مَدْحُوْسَة کہتے ہیں۔
الـدِّحَـاس. مِنَ الْبُيُوْتِ: آدمیوں سے بھرا ہوا گھر۔
الـدُّحَاس والدُّحَّاس: ایک زرد رنگ کا کیڑا جو زمین کے اندر رہتا ہے۔ ج دَحَـاسَـات ودَحَاحِيْس.
الـدَّاحِس والدَّاحُوْس: انگلی کے کنارے پر ورم۔
الدَّيْحَس: ہر چیز کی کثیر مقدار۔
دَحَصَ (ف) دَحْصًا. المَذْبُوْحُ بِرِجْلِه: ایڑیاں رگڑنا...... الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔
دَحَضَ (ف) دَحْـضًـا ودُحُـوْضًـا. الـحُجَّةَ: باطل کرنا۔ دَحَضَتِ الـحُجَّةُ: باطل ہونا...... الشمسُ: ڈھلنا۔
دَحَضَ (ف) دَحْـضًـا: مذبوح کی طرح پاؤں پٹکنا...... رِجْلُـه: پھسلنا...... الـمطرُ التِلاعَ: پھسلن کی جگہ بنا دینا...... عَنِ الأَمْرِ: تفتیش کرنا۔
اَدْحَضَ. الـرجلَ: پھسلانا...... الـحُجَّةَ: باطل کرنا۔
اِنْدَحَضَ. البُرْهَانُ: باطل ہونا۔
الـدَّحْض والدَّحَض. مِنَ الأَمْكِنَةِ: پھسلن کی جگہ۔ ج دِحَاض.
المَدْحَضَة: پھسلانے والی جگہ۔
دَحَقَهٗ (ف) دَحْقًا وأَدْحَقَهٗ: دور کرنا۔ دھتکارنا۔
اِنْدَحَقَ: اپنی جگہ سے نکل پڑنا۔
الدَّاحِق: فا۔ بے وقوف۔ غصبناک۔
الدَّحِيْق: دور۔ دور ہونے کی جگہ۔
دَحِيْقُ القَوم: قوم کا دھتکارا ہوا۔
مُنْدَحِق. البَطْنِ: کشادہ پیٹ والا۔
دَحَـلَ (ف) دَحْلاً: بھاگ کر چھپنا۔ دور ہونا...... البِـئْـرَ: کنوئیں کے ایک جانب میں کھودنا۔
(...... وأَدْحَـل) فى الدَّحْل: کھوہ میں داخل ہونا۔
دَحِـلَ (س) دَحْلاً: ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت (دَحِل)
دَاحَلَهٗ مُدَاحَلَةً: دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔
الـدَّحْـل والـدُّحْل: کھوہ۔ گڑھا جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے کشادہ ہو۔ ج دِحَـــال وأَدْحَال وأَدْحُل ودُحُوْل ودُحْلاَن.
الدَّحْلَة: کنواں۔
الدَّحِل: فریبی، دغا باز۔ موٹا پست قد۔ ڈھیلے پیٹ والا۔
الدَّحَال: امتاع۔
البئر (الدَّحُول والدَّحْلاَء): اوپر سے تنگ نیچے سے چوڑا کنواں۔

الداحُوْل: وہ لکڑی جو ہرن کے شکار کرنے کے لئے کھڑی کی جائے۔ ج دَواحِيل اور اس طریقہ سے شکار کرنے والے کو (الدَحّال) کہتے ہیں۔
دَخلَطَ: اول فول بکنا۔
دَخمَهٗ (ف) دَخمًا: زور سے دھکا دینا۔
دَخمَسَ اللَّيلُ: رات کا تاریک ہونا۔
الدَخمَس والدُخمُس: سیاہ۔ بہت سخت تاریک۔ کہا جاتا ہے "لَيلٌ دَخمَس": بہت تاریک رات۔ ج دَخامِس۔
الدُخامِس: بہت زیادہ گندم گوں موٹا آدمی۔ بہادر۔
دَخمَلَ. بِهٖ: زمین پر لڑھکانا۔
دَحَا يَدحُو وَيَدحٰى دَحوًا. البَطنُ: بڑا ہونا اور نیچے کو لٹکنا اور کہا جاتا ہے "دَحَا يَدحُو دَحوًا. اللّٰهُ الاَرضَ: زمین کو بچھانا۔ دَحَا المَطَرُ الحَصٰى عَن وَجهِ الاَرضِ" بارش کنکریوں کو بہالے گئی۔
اِدحَوىٰ اِدحِوَاءً: پھیلنا۔
دَحٰى يَدحٰى دَحيًا. الشیُٔ: پھیلانا۔
تَدَحّٰى تَدَحِّيًا. الشیُٔ: پھیلنا۔
اِندَحٰى. البطنُ: کشادہ ہونا۔
الدَحيَة: بندریا۔
الدِحيَة: فوج کا سردار۔ ج دِحَاء۔
الاُدحِيُّ والاِدحِي والاُدحُوَّة والاُدحِيَّة: ریت میں شتر مرغ کے انڈے دینے کی جگہ۔
الدَخُّ والدُخُّ: دھواں۔
دَخدَخَ. الرَجُلُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر تیز چلنا...... عَنهُ الشیُٔ: روکنا۔
تَدَخدَخَ. الرَجُلُ: دلگیر ہونا۔
دَخَرَ (ف) ودَخِرَ (س) دَخرًا ودُخُورًا: ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔
اَدخَرَهٗ: ذلیل کرنا۔
دَخَسَ (ف) دَخسًا. الشیُٔ فِی الرِمَاد: چھپا دینا۔ دَخَسَ فِيهِ: داخل ہونا۔
دَخِسَ (س) دَخَسًا. الحَافِرُ: ورم والا ہونا۔ صفت (دَخِس)

الدَخُس: جوان ریچھ۔ موٹا گٹھے بدن والا۔
الدَخَس: جانور کے کھر کا ورم۔
الدُخَس: ایک بحری جانور کا نام ہے جس کو سوس کہتے ہیں۔
عَدَدٌ (دِخَاس): بہت دِرعٌ دِخَاسٌ: قریب قریب حلقوں والی زرہ۔
الدَخِيس: آپس میں الجھی ہوئی گھاس۔ بہت تعداد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ دَخِيسُ اللَحمِ": وہ پُر گوشت ہے۔
كَلا (دَيْخَسٌ): بہت اور اُلجھی ہوئی گھاس۔
الدَوَاخِس والدُخَّس: دیگ دان کے پائے۔
دُخُومًا ابعَارِيَةُ: پائخانہ کرنا۔
دَخَلَ (ن) دُخُولاً ومَدخَلاً. الدَارَ: اندر آنا۔ داخل ہونا...... بِهٖ: اندر لانا۔ داخل کرنا...... عَلَيهِ: زیارت کرنا۔ ملاقات کرنا۔
دُخِلَ. فِی عَقلِهٖ اوجَسَدِهٖ و(دَخِلَ (س) دَخَلاً): عقل یا جسم میں خرابی لاحق ہونا۔ صفت (مَدخُول) عَلَيهِ...... امرُ فُلانٍ: باطنی طور پر فاسد ہونا۔ (دَخَّلَهٗ): داخل کرنا۔
دَاخَلَهٗ مُدَاخَلَةً. العُجبُ: خود پسندی آنا۔
دَاخَلَهٗ فِی اُمُورِهٖ: دراندازی کرنا۔ دخل دینا۔
اَدخَلَهٗ اِدخَالاً ومُدخَلاً: داخل کرنا۔
تَدَخَّلَ: داخل ہونا...... الشیُٔ: آہستہ آہستہ داخل ہونا۔
تَدَاخَلَهٗ: گھل مل جانا...... الشیُٔ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تَدَاخَلَتِ الاُمُورُ: مشتبہ و ملتبس ہونا۔
اِدَّخَلَ واِندَخَلَ: داخل ہونا۔
الدَخَل: مص۔ آمدنی۔ مرض۔ عیب۔ تہمت۔
دَخَلَ الرَجُلُ: نیت۔ مذہب۔ راز۔
الدَخَل: عقلی یا جسمانی خرابی۔ مکر۔ خاندانی عیب۔ وہ لوگ جو اپنے آپ کو کسی کی جانب منسوب کرتے ہوں اور فی الحقیقت ان میں سے نہ ہوں۔

دَخلَةُ الرَجُلِ ودِخلَتُه ودُخلَتُهٗ: نیت۔ مذہب۔ راز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَفِيفُ الدَخلَة": وہ پاک نیت ہے۔ الدِخلَة: راز۔ اسی سے ہے "عَرَفتُهٗ دِخلَةَ اَمرِی": میں نے اس کے سامنے اپنا راز ظاہر کر دیا۔ الدِخلَة: مختلف رنگوں کو ملا کر ایک رنگ بنانا۔
الدُخَّل: بوٹے ڈیل اور گٹھے بدن والا۔ درخت کے جڑ کی گھاس۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ ج دَخَاخِيل (دُخلُ الرَجُل ودُخَيلاه ودُخَيلاه): نیت راز۔
دَخَّالُ الاُذُن: زیادہ پاؤں چھوٹے پاؤں والا سیاہ رنگ والا جانور جو کہ آرام کے وقت گھونگے کی شکل میں لپٹ کر بیٹھتا ہے۔
اَلتَدَاخُلُ: دو تیز حرکتوں کا واقع ہونا ایک وقت اور ایک مقام میں جس کی وجہ سے دو شعلے ہوتے ہیں نتیجہ اندھیرا ہوتا ہے۔
الدَاخِل: فا۔ اندر آنے والا۔ اندرونی۔
الدَاخِلَة: مؤنث۔ دَاخِلَةُ الارض: زمین کا نشیبی حصہ...... الاِزَارِ: ازار (تہ بند) کی اندرونی سطح...... الانسَانِ: نیت۔ مذہب۔ راز۔ ج دَوَاخِل۔
الدِخَال: گھوڑے کا ایال۔ جوڑوں کا آپس میں داخل ہونا۔
الدَخِيل: غیر قوم میں داخل ہونے والا۔ ج دُخَلاء: عجمی کلمہ جو عربی زبان میں داخل ہو گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "دَاءٌ دَخِيلٌ": اندرونی بیماری "هُوَ دَخِيلُ فلان": وہ فلاں کے ہر کام میں رازدار ہے۔ ودَخِيلُ الرَجُل: نیت۔ مذہب۔ راز۔
الدَخِيلَة. مِنَ الشیِٔ: چیز کا اندرونی حصہ۔
دَخِيلَةُ المَرءِ: نیت۔ اندرونی خیال۔
المَدخَل: داخل ہونا۔ داخل ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ المَدخَلِ فِی اُمُورِهٖ": وہ اپنے اُمور کا بہترین منتظم ہے۔
المُدخَلَ: مفع۔ لئیم۔ کمینہ۔ غیر قوم میں داخل ہونے والا۔

د.د.ت: (کیمیا) باریک پستی ہوئی دوائی جو کہ کیڑے مار دوائی کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ اس کا نام ڈیکلوروڈیفنل۔ ٹریکلوریتان۔ اس کا انکشاف ۱۹۴۳ء کو سویسری سکالر ملر نے کیا۔

المَدْخُول: وہ شخص جس کی عقل میں فتور ہو۔ لاغر۔ عیب دار۔ نَخْلَةٌ مَدْخُولَةٌ: درخت خرما جس کے اندر کا حصہ کھوکھلا ہو گیا ہو۔ رَجُلٌ (مُتَدَاخِلٌ): موٹا گٹھے ہوئے بدن کا مرد۔

الدُّخْلُل والدِّخْلَل: رازدار۔ دُخْلُلُ الرَّجُلِ: نیت۔ راز۔ اُمور میں مداخلت کرنے والا۔

الدِّخْلِل: چربی جو گوشت میں پیوست ہو۔

دَخَمَهُ (ف) دَخْمًا: سختی سے ہٹانا۔ دَخَمَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

دَخْمَسَهُ دَخْمَسَةً: دھوکا دینا۔

دَخِنَ (س) دَخَنًا الطَّعَامُ واللَّحْمُ وغيرهما: دھوئیں کی بو دینا۔ صفت (دَخِنٌ)...... النَّارُ: دھواں اٹھنا...... خُلُقُهُ: بداخلاق ہونا...... ودَخُنَ (ک) دُخْنَةً: دھوئیں کے رنگ کا ہونا۔ صفت (أَدْخَنُ): مؤنث دَخْنَاءُ.

دَخَنَتْ (ن ض) دَخْنًا ودُخُونًا ودَخَّنَتْ وأَدْخَنَتْ وادَّخَنَتْ النَّارُ: دھواں اٹھنا۔

اِدَّخَنَ الزَّرْعُ: دانوں کا سخت ہونا۔

دَخَّنَ الشَّيْءَ: دھونی دینا۔

تَدَخَّنَ: دھوئیں کی بو دینا۔

الدُّخْن: کنگنی۔ چینا۔ باجرا۔

الدَّخَن: مص۔ دھواں۔ کینہ۔ فساد عقلی فتور۔ دین کی کمزوری۔ حسب کا عیب۔ کہا جاتا ہے "لَسْتُ أُصَالِحُهُ عَلَى دَخَنٍ": میں اس سے مکر و فساد کی صورت میں صلح نہیں کروں گا۔

الدُّخْنَة: دھندلا۔ خوشبو جس سے مکانوں کو دھونی دیتے ہیں۔ أَبُو دُخْنَةَ: ایک قسم کا پرندہ۔

الدُّخَان والدُّخَّان: دھواں ج أَدْخِنَة ودَوَاخِن ودَوَاخِين: مولدین تمباکو و سگریٹ کو کہتے ہیں۔

الدَّاخِنَة: روشن دان جس سے دھواں نکلے ج دَوَاخِن.

الدُّخْنَان: وہ چیز جس پر دھواں چھا جائے۔ مؤنث دُخْنَانَة.

اَلْمَدْخَنُ: دھوئیں کی جگہ۔

المِدْخَنَة: عودسوز۔ انگیٹھی۔ ج مَدَاخِن.

المَدْخَنَة: دھواں نکلنے کی چمنی۔

الدَّخِي: تاریکی۔

لَيْلَةٌ (دَخْيَاء): تاریک رات۔

الدَّدُ: کھیل کود۔ اس کا لام کلمہ مثل "غد" کے واؤ محذوف ہے اور کبھی واؤ کو الف سے بدل کر (الدَّدَا) کہا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا أَنَا فِيْ دَدٍ ولا الدَّدُ مِنِّي" نہ تو میں کھیل کود میں ہوں اور نہ یہ میرا کام ہے۔ الدَّد: وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضَى دَدٌ مِنَ الدَّهْرِ": زمانہ کا ایک حصہ گزر گیا۔

الدَّدَن: کھیل کود۔

الدَّدَان: بے نفع آدمی۔ کند تلوار۔ بہت کاٹنے والی تلوار (ضد) الدَّيْدَن والدَّيْدَان: عادت۔

الدَّيْدَب والدَّيْدَبَان: نگہبان۔ ہراول۔ راہبر۔ جنگلی گدھا۔

اَلدَّيْدَبُ وَالدَّيْدَبَانُ: (فارسی لفظ) رقیب جاسوس۔

اَلدَّيْدَان وَالدَّلْدَان: کھیل وکود۔

دَرَّ (ن ض) دَرًّا الحَلِيبُ: دودھ زیادہ ہونا...... الدُّنْيَا عَلَى أَهْلِهَا: پیداوار زیادہ ہونا...... النَّاقَةُ بِلَبَنِهَا: بہت دودھ دینا۔ کہا جاتا ہے "دَرَّتْ حُلُوبَتُهُ": وہ خوش حال ہو گیا۔ النَّبَاتُ: گھ جانا۔ (...... دَرًّا ودُرُورًا) العَرَقُ: بہنا...... السَّمَاءُ بالمَطَرِ: برسنا...... السِّرَاجُ: روشن ہونا...... السُّوقُ: بازار کا چل پڑنا۔
...... العُرُوقُ: خون سے بھرنا۔

دَرَّ (س ض) دَرًّا. وَجْهُهُ: بیماری کے بعد نکھر آنا۔

دَرَّ (ض) دَرِيرًا. الفرسُ: تیز دوڑنا۔

أَدَرَّ. المغزلَ: مضبوط بٹنا...... الشيءَ: حرکت دینا...... عَلَيْهِ الضَّرْبَ: لگاتار مارنا......
الرِّيحُ السَّحَابَ: تھپیڑے مار کر برسنے کے قابل بنا دینا۔ کہا جاتا ہے "أَدَرَّ اللّٰهُ لَكَ أَخْلَافَ الرِّزْقِ": اللہ تعالیٰ تمہارے لئے رزق زیادہ کریں...... النَّاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا۔

اِسْتَدَرَّ اللَّبَنُ: زیادہ۔ اِسْتَدَرَّهُ: بہانا...... الرِّيحُ السَّحَابَ: تھپیڑے مار کر برسنے کے قابل بنا دینا۔

الدَّر: مص۔ دودھ۔ دودھ کی زیادتی۔ خون اور کہا جاتا ہے "لِلّٰهِ دَرُّهُ": اس کی خوبی اللہ ہی کے لئے ہے۔ و "لَا دَرَّ دَرُّهُ": خدا کرے کہ وہ خوش حال نہ ہو۔

الدُّر: بڑے موتی۔ واحد (دُرَّة) ج دُرَر و دُرَّات.

الدَّار: فا۔ دودھاری اونٹنی۔ ج دُرُور و دُرَّر ودُرَّار.

الدِّرَّة: دودھ۔ دودھ کی زیادتی۔ دودھ کا بہنا۔ خون۔ کوڑا۔ ج دِرَر: کہا جاتا ہے "مَرَّ عَلَى دِرَّتِهِ": وہ اپنے ارادہ پر ڈٹا رہا کوئی چیز اس کے لئے مانع نہیں۔

دَرَرُ. الطَّرِيقِ: راستہ کا درمیان۔ دَرَرُ الرِّيحِ: ہوا چلنے کی سمت۔ کہا جاتا ہے "هُمَا عَلَى دَرَرٍ وَاحِدٍ": ان دونوں کا قصد ایک ہے۔

الدَّرَّارَة تكله.

الكوكبُ (الدِّرِّيُّ) بتثليث الدال: روشن ستارہ۔ فرسٌ دَرِّيٌّ: تیز رفتار گھوڑا۔ دَرِّيُّ السَّيْفِ: تلوار کی چمک۔

اَلدُّرَّةُ: عام لوگوں کے نزدیک: طوطا۔

الدَّرُور: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔

حَرْبٌ دَرُورٌ: خونریز جنگ۔

الدِّرِّير: مص۔ روشن چراغ۔ تیز رفتار جانور۔

التَّدِرَّة: دودھ کی کثرت۔

المِدرار: بہت بہنے والا۔ کہا جاتا ہے "سماءٌ مِدرارٌ": موسلا دھار برسنے والا بادل۔ عَینٌ مِدرارٌ: بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔

دَرَأَہٗ (ف) دَرْأً و دَرْأَۃً: زور سے دھکا دینا۔۔۔۔ الشیءُ: بچھانا۔ السیلُ علیہِ: تیزی کے ساتھ آنا۔ کہا جاتا ہے "دَرَأَ الرجلُ علینا": وہ ہمارے اوپر اچانک آ گیا۔ (۔۔۔ دُرُوْءًا) البدرُ: چمکنا۔ النارُ: روشن ہونا۔

دارأہٗ مُدارأۃً: ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ نرمی برتنا۔ مہربانی کرنا۔ فریب دینا۔

تَدَرَّأَ تَدَرُّءًا۔ الصائدُ: فریب دینے کے لئے چھپنا۔ و تدرّأ علیہِ: دراز دستی کرنا

اِدَّرَأَ۔ الصیدَ وللصیدِ: گھات لگانے کی جگہ بنانا۔

تَدارَأَ تَدارُءًا۔ القومُ: جھگڑے میں بات کو ایک دوسرے پر ڈالنا۔

اِنْدَرَأَ۔ السیلُ: تیزی کے ساتھ آنا۔ الطریقُ: پھیل جانا۔ فلانٌ علینا: اچانک آ جانا۔

الدَّرْءُ: مص۔ نیزے کی چھڑ وغیرہ کی کجی۔ مخالفت۔ کہا جاتا ہے "قوّمتُ دَرْأَہٗ": میں نے اس کی کجی کو درست کر دیا۔ و "جاءَ السیلُ دَرْأً" یعنی سیلاب تیزی سے اچانک طور پر آ گیا۔

الدُّرِّیُّ و الدِّرِّیُّ: روشن ستارہ۔

الدراری: مجہول الاسم بڑے ستارے۔

المَدرِیَۃُ: نشانہ ٹھیک کرنے کا گول دائرہ۔ شکار کو دھوکہ دینے کے لئے گھات لگانے کی جگہ۔

التَّدْرَأَۃُ و التُّدْرَأُ: ایسا شخص جو صاحب قوت و شوکت ہو اور دشمن کو ہٹانے والا ہو۔

المِدرأ: ہٹانے کا ذریعہ۔

دَرِبَ (س) دَرَبًا و دُرْبَۃً: ماہر کاریگر ہونا۔ بالشیءِ: عادی ہونا۔ شوقین ہونا صفت (دَرِبٌ و دارِبٌ) مؤنث دَرِبَۃٌ و دارِبَۃٌ۔۔۔۔

دَرَّبَہٗ۔ بالشیءِ وفیہِ وعلیہِ: عادی بنانا۔

تَدَرَّبَ: عادی بننا۔ دُرِّبَ الجُندِیُّ: شکست کے وقت [illegible]ل رہنا۔

اَدْرَبَ: بگل بجانا۔۔۔۔ القومُ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔

الدَّرْبُ: گلی کا کشادہ دروازہ۔ پھاٹک۔ راستہ۔ ج دُرُوْب و دِراب.

الدُّرْبَۃ: مص۔ لڑائی اور ہر کام میں جرأت و دلیری۔ کہا جاتا ہے "فی العفوِ دُرْبَۃٌ": معاف کرنا بہت بڑا کام ہے۔

الدَّرُوْب و الدَّرِبُوْت۔ مِنَ الجِمالِ و النُّوقِ: سدھایا ہوا۔

الدُّرّابَۃ: لڑائی اور ہر کام میں جرأت و دلیری۔

المُدَرَّب: مفع۔ تجربہ کار۔ سرد و گرم چشیدہ۔ ۔۔۔۔مِنَ الابلِ: سدھایا ہوا گلیوں میں چلنے کا عادی اونٹ۔ المُدَرِّب۔

تَدَرْبَا۔ الشیءُ: لڑھکنا۔

الدِّرْباس: شیر۔ پاگل کتا۔

دَرْبَصَ دَرْبَصَۃً: خوف سے خاموش رہنا۔

الدَّرْبان و الدَّرْبان: دروازہ کا محافظ۔ ج دَرابِنَۃ: فارسی کلمہ ہے۔

الدَّرابِزِیْن و الدَّرابِزِیْن و الدَّرابِزُوْن: کٹہرا یا کٹہرے کا سلسلہ۔

دَرَجَ (ن ض) دُرُوْجًا و دَرَجانًا۔ الشیخُ و الصبیُّ: چلنا۔۔۔۔ الرجُلُ: سیڑھی پر چڑھنا ۔۔۔۔ القومُ: ختم ہو جانا۔ مر جانا۔ کہتے ہیں "ھُوَ اَکْذَبُ مَن دَبَّ و دَرَجَ": وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے۔۔۔۔ الرجُلُ: بے اولاد مرنا۔ البناءَ: اوپر تلے منزلیں بنانا۔ (۔۔۔۔ دَرَجًا و دَرَّجَ و اَدْرَجَ) الثوبَ او الکتابَ: لپیٹنا۔ تہ کرنا۔ و دَرَّجَ البناءَ: سیڑھی بنانا۔ دَرَّجَہٗ اِلٰی کذا: آہستہ آہستہ قریب کرنا۔ دَرَّجَۃُ الامرُ: تنگ دل کرنا۔

اَدْرَجَ الشیءَ فی الشیءِ: داخل کرنا۔

دَرِجَ (س) دَرَجًا: اپنے راستہ پر چلنا۔ مراتب میں ترقی کرنا۔ کلام یا دین میں راہ راست پر قائم رہنا۔

تَدَرَّجَ۔ اِلٰی کَذا: آہستہ آہستہ آگے بڑھنا۔

اِنْدَرَجَ۔ القومُ: ختم ہو جانا۔۔۔۔ فی کذا: داخل ہونا۔

اِسْتَدْرَجَہٗ: اِلٰی کذا: قریب کرنا۔ ایک درجہ سے دوسرے درجہ میں ترقی دینا۔ زمین پر چلانا۔ فریب دینا۔

الدَّرْج: مص۔ وہ کاغذ جس پر لکھا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَنْفَذْتُہٗ فی دَرْجِ الکتابِ": میں نے اس کو اپنے خط کے ساتھ بھیج دیا۔۔۔۔ فی القراءۃِ: روانی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ فی دَرْجِ یَدِکَ": وہ تمہاری مٹھی میں ہے۔

الدُّرْج: چھوٹا تھیلا یا کنڈیا جس میں عورتیں خوشبو اور اپنا سامان رکھتی ہیں۔ ج اَدْراج و دِرَجَۃ.

اَلْمَدْرَج: ہوائی اڈہ (ایئرپورٹ)

الدَّرَج: وہ کاغذ جس پر لکھا جائے۔ راستہ۔ دو آدمیوں کے درمیان صلح کا سفیر۔ ج اَدْراج و دِراج: کہا جاتا ہے "رَجَعَتْ اَدْراجی": میں اسی راستہ لوٹ گیا جس سے آیا تھا۔ و "ذَھَبَ دَمُہٗ دَرَجَ اَوْ اَدْراجَ الرِّیاحِ": اس کا خون رائیگاں اور قصاص نہیں لیا گیا۔ و "خَلِّہٖ دَرَجَ الضَّبِّ": اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو۔

الدَّرَجَۃ: ج دَرَج: سیڑھی۔ دَرَجُ السُّلَّمِ: سیڑھی کا پایہ۔۔۔۔ ج دَرَجات: مرتبہ۔ بڑے یا چھوٹے دائرہ کے ۳۶۰ اجزاء میں سے ایک جز۔

اَلدَّرَجَۃُ السِّتِّیْنِیَّۃُ: ۹۰ کے زاویہ کا ایک جز۔ جو کہ برابر ہے ۶۰ دقیقہ کے اور دقیقہ ۶۰ ثانیہ کا ہوتا ہے اور ثانیہ ۱۰ ثالثہ کا ہوتا ہے اور ثالثہ ۱۰ رابعہ کا ہوتا ہے۔

الدّارِج: فا۔ تُرابٌ دارِجٌ: ہر جگہ پھیلنے والا غبار۔ کہا جاتا ہے "صَبِیٌّ دارِجٌ": پاؤں پاؤں چلنے لگنے والا بچہ۔ قَبِیْلَۃٌ دارِجَۃٌ: تباہ و برباد ہونے والا قبیلہ۔

الدّارِجَۃ: جانور کی ٹانگ۔ ج دَوارِج۔

المُدُوْج. مِنَ الرِّيَاحِ: تیز چلنے والی ہوا۔

الـــمُدْرَج: بڑے بڑے دشوار عاجز کرنے والے امور۔ کہا جاتا ہے "وَقَــعَ فِــيْ الدُّرَج": وہ بہت دشوار معاملہ میں پھنس گیا۔

الـــدَّرَّاج: بہت پھرنے والا۔ چغل خور۔ سی۔

الدَّرَّاجَة: سائکل۔

الـــدَّرَّاجَة: محاصرہ کرنے کا ایک آلہ۔ یعنی دَبَّابَة (دیکھئے الدَّبَّابَة)

الدُّرَّاج: تیتر۔ مؤنث مذکر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج دَرَارِيج واحد دُرَّاجَة: اس میں "تا" وحدت کی ہے تانیث کی نہیں۔ نر کو "حَيْقُطَان": بھی کہتے ہیں۔

الــمَدْرَج: راستہ۔ مسلک اور اسی سے ہے "اِمْشِ فِي مَدْرَجِ الحَقِّ": حق کے راستہ پر چلو۔ مَــدْرَجُ النَّمْلِ: چیونٹیوں کے چلنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَخْفَى مِنْ مَدْرَجِ النَّمْلِ": وہ چیونٹیوں کے راستہ سے زیادہ پوشیدہ ہے۔

المَدْرَج: لپٹی ہوئی کتاب یا خط ج مَدَارِج.

المُدْرَج والـمُدْرَجَة: لپٹی ہوئی کتاب یا خط۔ ج مَدَارِج.

اَلْـمُدَرَّج: کھیل کا سٹیڈیم، وعظ و تقریر کے لئے ہال۔ تصویر کشی کا کمرہ۔ (ڈارک روم) السینما: سینما گھر۔

الـمَدْرَجَة: ج مَدَارِج: افضل یا اعلیٰ تک پہنچنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الاَمْرُ مَـدْرَجَةٌ لِهٰذَا": یہ اس امر کے لئے ذریعہ ہے۔ راستہ۔ راستہ کا بڑا حصہ۔ کاغذ جس میں کوئی تحریر لکھی جائے یا لپٹی جائے۔ [illegible] کے درمیان کے [illegible] بہت تھرو والی زمین۔

دَرَحَهُ (ف) دَرْحًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

درح (س) دَرَحًا: بوڑھا ہونا صفت مذکر و مؤنث (درح)

اَلـمدرحة: یہ مادہ اور روح سے ماخوذ ہے دو عقیدوں کے امتزاج کی طرف اشارہ ہے۔ یعنی خالق اور خلق کے نظریہ کی طرف اور یہ بھی تصور کہ مادی اثرات انسانی کردار پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔

الدِّرْخَابَة: پست قد۔

دَرِدَ (س) دَرَدًا: غضبناک ہونا۔ صفت (دَرِد): بے دانتوں کا ہونا۔ صفت (اَدْرَد): مؤنث دَرْدَاء ج دُرْد.

اَدْرَدَہ: دانتوں کا گرانا۔

الدُّرْدِيُّ: تلچھٹ۔

الدُّرْد: پستانوں والے جانور جن کے دانت نہیں ہوتے ان کی انگلیاں طاقتور ناخنوں والی ہوتی ہیں جن کے ذریعے زمین میں گڑھا نکال سکتے ہیں ان میں سے بعض کو ام فرفد اور آکِلُ النَّمْل بولتے ہیں۔

دَرْدَبَ. الرجلُ: خوفزدہ آدمی کی مانند پیچھے دیکھتے ہوئے بھاگنا۔

اِمْـــرَاَةٌ (دَرْدَبٌ): رات میں آمد و رفت رکھنے والی عورت۔

الدَّرْدَبِيس: مصیبت۔ بڈھا۔ بہت بڑھیا۔ محبت کا منتر۔

دَرْدَرَ. الشَّيْخُ او الصَّبِيُّ البُسْرَةَ: منہ میں چبھلانا۔

الــدَّرْدَار: ڈھول کی آواز۔ ایک بڑا درخت جس کے پھول زرد اور پتے خاردار ہوتے ہیں۔

الــــدُّرْدُر: بچے کے دانت نکلنے کی جگہ۔ ج دَرَادِر۔

الدُّرْدُوْر: بھنور۔

دَرِزَ (س) دَرَزًا: دنیا کی نعمتوں اور لذتوں پر قادر ہونا۔

دَرَزَ (ن) دَرْزًا. الثوبَ: کپڑا باریک سینا ......الخَيَّاطُ الــدُّرُوْزَ: درزی کا سیون کو باریک سینا۔

الـــدَّرْز: مص۔ دنیا کی نعمتیں اور لذتیں۔ دو کپڑوں کے درمیان کا سیون۔ ج دُرُوْز.

بَنَاتُ الدُّرُوْز: جوں اور اس کے انڈے۔

الدَّرْزِيُّ: سلائی کا پیشہ کرنے والا۔ ج دَرَزَة اور دُرُوز بھی کہتے ہیں۔ واحد دَرْزِيُّ اور عوام ضمہ دال سے دُرزی کہتے ہیں۔

(اَوْلَادُ دَرْزَة): جولاہے۔ درزی: نیچے درجہ کے لوگ۔ اُمُّ دَرْزَة: دنیا کی کنیت۔

دَرَسَ (ن) دُرُوْسًا. الرسمُ: مٹنا۔ صفت (دَارِس) ج دَوَارِس ...... الشَّـيْءُ: نشان مٹنا۔ (......دَرْسًا) الرسمَ: نقش مٹانا ...... الثوبُ: کپڑا بوسیدہ ہونا ...... الثوبَ: بوسیدہ کرنا ...... النَّـاقَةَ: سدھانا (...... دَرْسًا ودِرَاسَةً) الكِتَابَ اَوِ العِلْمَ: پڑھنا۔ متوجہ ہو کے یاد کرنا۔ دَرَسَ الجَـارِيَةَ: جماع کرنا۔ (...... دَرْسًا ودِرَاسَةً) الحِنْطَةَ: گیہوں کا گاہنا۔ (دَرَسَتِ المَرْاَةُ درسًا ودُرُوسًا): حائضہ ہونا۔

دَرَّسَهُ واَدْرَسَهُ. الكِتَابَ: پڑھانا۔ دَرَّسَ البَعِيْرَ: سدھانا۔

دَارَسَهُ مُـدَارَسَةً ودِرَاسًا: باہم پڑھنا ...... الذُّنُوبَ: ارتکاب کرنا۔

تَدَارَسَ. الطَّلَبَةُ الكِتَابَ: باہم پڑھنا اور کہا جاتا ہے "تَدَارَسَ الكِتَابَ وادَّارَسَهُ": اس نے کتاب پڑھی۔

اِنْدَرَسَ. الرَّسْمُ: مٹنا ...... الخَبَرُ: ناپید ہونا۔

الـــــدَّرْسُ: مص۔ سبق۔ مخفی راستہ۔ ج دُرُوْس.

الدِّرْس والدَّرْس والدَّرِيْس: پرانا کپڑا، اونٹ کی دم۔ ج اَدْرَاس ودِرْسَـــان.

کنیت فرج۔ اَبُوْاَدْرِيْس: کنیت ذکر۔

الدُّرْسَة: ریاضت۔ ورزش۔

الدَّارِس: حائضہ عورت۔

الدَّرَّاس: بہت پڑھنے والا۔

المَدْرَسَة: طلبہ کے تعلیم حاصل کرنے کی جگہ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ مَدْرَسَةُ النَّعَمِ" یہ چوپائے کا راستہ ہے۔

المِدْرَسُ: پڑھنے کی کتاب۔ پڑھنے کی جگہ۔

المِدْرَاس: توراۃ پڑھنے کی جگہ۔

الـمَدْرُوْس: مقطع۔ پرانا کپڑا۔ طریق

مَدْرُوسٌ: چلتا ہوا راستہ۔ فِرَاشٌ مَدْرُوسٌ: بچھا ہوا بچھونا۔ مجنون پاگل۔

الدِرْيَاس والدِرْوَاس: شیر۔ الدِرْوَاس: بڑے سر کا کتا۔ دلیر مرد۔

دَرِصَت (س) دَرَصًا. النَاقَةُ: بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانت والی ہونا۔ صفت (دَرْصَاء)

الدَرْص والدِرْص: چوہا، بلی، خرگوش، سیہی وغیرہ کا بچہ۔ ج أدْرَاص ودِرَصَة ودِرْصَان ودُرُوص وأدْرُص.

الدَرِص والدَرُوص: تیز رفتار اونٹنی۔

أُمُّ أدْرَاص: جنگلی چوہا۔ بلا۔ مصیبت۔

کہا جاتا ہے "وَقَعُوا في أُمِّ أدْرَاص": وہ لوگ ہلاکت میں پڑ گئے۔

أبُو أدْرَاص: بے وقوف۔

دَرِعَ (س) دَرَعًا. الفَرَسُ وغَيْرُهُ: سیاہ سر اور سفید جسم والا ہونا۔ صفت (أدْرَع) مؤنث دَرْعَاء ج دُرْع.

دَرَعَ (ف) دَرْعًا. الشَاةَ: بکری کے سر کی جانب سے کھال اُتارنا۔۔۔۔ الرَقَبَةَ أو اليَدَ: گردن یا ہاتھ کا جوڑ اُکھاڑنا۔

دُرِعَ. الزَرْعُ: کھیت کا کچھ حصہ کھایا جانا۔۔۔۔ المَاءُ: پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا۔

دَرَّعَهُ: زرہ پہنانا۔۔۔۔ المرأةَ: قمیص پہنانا۔۔۔۔ ہ: گلا گھونٹنا۔۔۔۔ الشَيْءَ: ظاہر کرنا۔۔۔۔ الرَجُلُ: چلنے میں آگے بڑھنا۔

أدْرَعَ. الشَهْرُ: آدھے سے زیادہ گزرنا (وتَدَرَّعَ وادَّرَعَ): زرہ پہننا۔ ادَّرَعَ وادْرَعَ اللَيْلَ: رات کی تاریکی میں داخل ہونا۔ أدْرَعَ: کسی چیز میں کسی چیز کو داخل کرنا۔ أدْرَعَ المَاءُ: پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا۔

اِنْدَرَعَ. في السَيْرِ: آگے بڑھنا۔ اِنْدَرَعَ يَفْعَلُ كَذَا: وہ ایسا کرنے لگا۔۔۔۔ العظمُ: ہڈی کا گوشت سے جدا ہونا۔۔۔۔ البَطْنُ: پیٹ بھرنا۔ القَمَرُ مِنَ السَحَابِ: چاند کا بادل سے نکلنا۔

الدِرْع: زرہ۔ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال کرتے ہیں۔ ج دُرُوع. وأدْرُع وأدْرَاع. تصغیر دُرَيْع. دِرْعُ المَرْأةِ: عورت کی قمیص یا وہ قمیص جس کو وہ گھر میں پہنتی ہے۔ (مذکر) ج أدْرَاع اور درع اس چھوٹے سے کپڑے کو بھی کہتے ہیں جس کو چھوٹی لڑکی گھر میں پہنتی ہے۔

الدِرْع. مِنَ العُشْب: تازہ گھاس۔

الدُرَع والدُرْع: قمری مہینے کی سولہویں، سترہویں، اٹھارہویں راتیں۔ اس لئے کہ ان میں راتوں کی ابتداء میں تاریکی اور بقیہ میں چاندنی رہتی ہے۔

الدَارِع: فا۔ زرہ پہننے والا۔

الدُرْعَة: درخت خرما کی چھال کی مانند۔ ایک چیز جس کو درخت خرما کے اردگرد لگا دیا جاتا ہے۔ ج دُرَع.

الدَرْعَاء: مؤنث أدْرَع ۔۔۔۔ مِنَ اللَيَالي: وہ رات جس میں صبح کے وقت چاند نکلتا ہے۔ ج دُرْع.

الدِرْعِيَة: زرہ کو چھونے والا نیزہ۔ ج دَرَاعِيُّ

الدُرَاعَةُ ج دَرَارِيع و(المِدْرَعَة) ج مَدَارِع: جبہ۔ کوٹ۔ والمِدْرَعَة عِنْدَ اليهود: احبار یہود کے پہننے کا کتان کا ایک کپڑا۔

مَاءٌ (مُدْرِع ومُدْرَع): پانی جس کے قریب قریب کی چراگاہ چر لی گئی ہو۔ رَوْضَة مُدْرِعَة: باغ جس کے اردگرد کو کھالیا گیا ہو۔

المُدَرَّع: مقع۔ ایک قسم کا جانور۔

المُدَرَّعَة: فولاد سے ڈھکا ہوا جنگی جہاز۔

الدَرَف: پناہ۔ سایہ۔ جانب۔

الدَرْفَة. عِنْدَ العَامَّة: دروازہ کا پٹ۔ فصیح لفظ (الصَفق) ہے۔

دَرْقَف وادْرَنْفَق. في سَيْرِه: تیز چلنا۔

دَرَقَ (ن) دَرْقًا. في المَشْيِ: تیز چلنا۔

دَرَّقَهُ: نرم کرنا۔

الدَرْق: مس۔ سخت خواہ کوئی چیز ہو۔

الدَرْقَاء: بادل۔

الدَرَقَة: چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال جس میں لکڑی اور پٹھا نہ ہو۔ ج دَرَق.

الدُرَّاق: ایک میوہ دار درخت۔ ایک قسم کا میوہ۔ واحد دُرَّاقَة: شراب۔ (الدُرَّاق والدِرْيَاق والدِرْيَاقَة): تریاق۔

الدُرَّاقِن: زرد آلو۔ شفتالو۔

الدَوْرَق: بغیر ٹونٹی کے دو دستوں والا لوٹا۔ ج دَوَارِق (معرب) الدَوْرَق: عابد زاہد لوگوں کی ایک قسم کی ٹوپی اور اسی کی نسبت سے پہننے والے "الدَوْرَقِيُّون" کہلاتے ہیں۔

دَرْقَلَ دَرْقَلَةً. الرَجُلُ: تیز گزرنا۔ ناچنا۔ ناز سے چلنا۔

الدِرْقِل: ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

الدَرْقَم: بیکار۔ دجال کا نام۔

دَرَكَ. المَطَرُ: پے در پے برسنا۔

أدْرَكَ. الشَيْءُ: اپنے وقت پر پہنچنا۔۔۔۔ الثَمَرُ: پھل کا پکنا۔۔۔۔ الوَلَدُ: لڑکے کا بالغ ہونا۔۔۔۔ الشَيْءَ: لاحق ہونا۔۔۔۔ المَسْألَةَ: سیکھنا۔۔۔۔ بِثَأرِه: خون کا بدلہ لینا۔۔۔۔ الشَيْءَ بِبَصَرِه: دیکھنا۔

دَارَكَهُ مُدَارَكَةً ودِرَاكًا: لاحق ہونا۔۔۔۔ الشَيْءَ: ایک کو دوسرے کے پیچھے کرنا۔۔۔۔ الطَعْنَ: پیاپے نیزہ مارنا۔

تَدَارَكَ القَوْمُ: آخر کا اول سے آملنا اور اس میں اِدْراک بولا جاتا ہے۔۔۔۔ الخَطَأَ بالصَوَاب: غلطی کی اصلاح کرنا۔ غلطی کے بعد درست کرنا۔۔۔۔ مَا فَاتَ: تلافی کرنا، درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَدَارَكَهُ اللهُ بِرَحْمَتِه": یعنی اللہ کی رحمت اس کو لاحق ہو۔ و"تَدَارَكَ القَوْمَ": اس نے قوم کی تلافی کی۔

اِدَّرَكَهُ: ملنا۔ لاحق ہونا۔

اِسْتَدْرَكَ. الشَيْءَ بالشَيْءِ: کسی چیز سے کسی چیز کو حاصل کرنے کا ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَدْرَكَ النَجَاةَ بالفِرَارِ": اس نے

بھاگ کر نجات حاصل کرنے کا ارادہ کیا ......مافات: تلافی کرنا......الغلطَ بالصواب: غلطی کی اصلاح کرنا......عَلَيْهِ القَوْلَ: غلطی نکالنا۔

الدَّرْک والدَّرَک: لاحق ہونا۔ حصولِ حاجت۔ کسی چیز کی انتہائی گہرائی۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ الغَوَّاصُ دَرَکَ البَحْرِ" غوطہ خور سمندر کی انتہائی گہرائی میں پہنچ گیا اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ دَرَکُ الطَّرِيْدَةِ" بھگائے ہوئے جانور کو پالینے والا گھوڑا۔ تاوان اور اسی سے ہے "مالَحِقَکَ مِنْ دَرَکٍ فَعَلَيَّ خَلاصُه": جو تاوان تمہارے اوپر ہوگا اس کی ادائگی میرے ذمہ ہے۔

الدَّرَکَة: درجہ۔ لیکن درکہ اور درجہ میں فرق ہے۔ درکہ اُترنے کی حالت میں اور درجہ چڑھنے کی حالت میں۔ ج دَرَکات کہا جاتا ہے۔

"الجَنَّةُ دَرَجاتٌ والنارُ دَرَکاتٌ"

رِجالُ الدَّرَکِ: امن عامہ کو کنٹرول کرنے والی فورس۔

الإِدْرَاکُ: مص۔ قوت مدرکہ۔

دَرَاکِ: اسم فعل بمعنی اَدْرِک.

الدِّرَاکُ: متصل۔ کہا جاتا ہے "سَيْرٌ دِرَاکٌ": متصل سیر۔

الدَّرَّاکُ: مرغوب چیز کو پالینے والا۔

الدَّرِيْکَة: بھگائی ہوئی۔

الإِسْتِدْرَاک: مص۔ کلام سابق سے جو وہم پیدا ہواس کو دور کرنا۔

رَجُلٌ مُدْرِکَةٌ: تیز ادراک کرنے والا۔ تاء مبالغہ کے لئے ہے۔

مَدَارِکُ الشَّرْعِ: وہ نصوص جن سے ثبوت احکام ہو۔

المُدْرِکَات والمَدَارِک: حواس۔

الدَّرْبَکَة: اختلاط۔ بھیڑ۔ انبوہ۔

الدَّرَابُکَة: ایک قسم کا باجہ (مولدہ)

دَرِمَ (س) دَرَمًا۔ العَضُوُ: گوشت سے ہڈی کا پوشیدہ ہونا۔ صفت (دَرِم ودَارِم ودَرِيْم وأدْرَم) ......السَاقُ: ہموار ہونا۔

الأَسْنَانُ: گرنا۔ گرنے کے قریب ہونا۔

الهَرِمُ: بے دانتوں والا ہونا۔

دَرَمَ (ض) دَرْمًا ودَرَمًا ودَرَمَانًا ودَرَامَةً. القُنْفُذُ والأرْنَبُ ونحوهُمَا: چھوٹے چھوٹے قدموں سے جلدی چلنا اور ایسا ہی "دَرَم الشيخُ والصبيُّ": بھی بولا جاتا ہے۔

دَرَّمَ. أظْفَارَه: ناخن کاٹنے کے بعد ہموار کرنا۔

أَدْرَمَ. الصَبِيُّ: دودھ کے دانت ہلنا۔ صفت (أدْرَم): مؤنث دَرْمَاء. الدَرْماء: خرگوش۔ سرخ پتیوں والی ایک گھاس۔

دَارَمَ مُدَارَمَة: گرانی کے ساتھ ساتھ جلدی چلنا۔

الدَّرِمَة: درم کا مؤنث۔ خرگوش۔

دِرْعٌ دَرِمَةٌ: چمکدار یا نرم زرہ۔

الدَّرَّام والدَّرَّامَة: یہی۔ خرگوش۔ الدَّرَّام: پست قد۔ بدرفتار۔ مؤنث دَرَّامَة.

الدَّرِيْم: پُر گوشت۔ نازک اندام خوبصورت لڑکا۔

الدَّرْمَاءُ: سرخ پتوں والی انگوری۔

الدِّرَامَا: (لاطینی) ڈرامہ۔ یعنی کسی قصہ یا کہانی کو شخصیات کے روپ میں نقل کرتے ہوئے ذکر کرنا۔

دِرْعٌ (مُدَرَّمَة): چمک دار نرم زرہ۔

المِدْرَام: میل کچیل میں لتھڑا ہوا۔ ج مَدَارِيْم.

دَرْمَسَ: خاموش رہنا......الشيْ: چھپانا۔

دَرْمَصَ دَرْمَصَةً: خاکساری کرنا۔ فروتنی کرنا۔

الدَّرْمَق والدَّرْمَک: سفید آٹا۔ میدہ۔

دَرْمَکَ: دوڑنا......البِنَاءَ: ہموار و چمکدار بنانا۔

الدَّرْمَک: نرم مٹی۔

الدُّرْمُوک: غالیچہ۔

دَرِنَ دَرَنًا. الثوبُ: میلا ہونا۔ صفت (دَرِن و......دْرَان) مؤنث دَرِنَة ومِدْرَان.

أَدْرَنَ. الثوبَ: میلا کرنا......الثوبُ: میلا ہونا۔ أَدْرَنَتِ المَاشِيَةُ: پرانی خشک گھاس چرنا۔

الدَّرَن: میل کچیل۔ ج أدْرَان. أُمُّ دَرَن: دنیا۔

الدَّرَان: لومڑی۔

الدَّرِيْن: پرانی خشک گھاس جس کو جانور نہ کھائیں۔ پرانا کپڑا۔ أُمُّ دَرِيْن: قحط زدہ زمین۔

الدُّرْنُوک والدِّرْنِيْک: غالیچہ۔ قالین۔ ج دَرَانِيْک.

دَرَهَ (ف) دَرْهًا. عَلَيْهِم: ناگاہ آنا...... لهم وعَنْهُمْ: مدافعت کرنا۔ دَرَه عَلى كَذا: زیادہ کرنا۔

دَارِهَاتُ. الدهر: زمانے کے حوادث۔

التُّدْرَأ: دفع۔ مدافعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ تُدْرَه": وہ دشمنوں پر اچانک ٹوٹ پڑنے والا ہے۔

المِدْرَه: سردار۔ قوم کا نمائندہ۔ لیڈر۔ ج مَدَارِه.

دَرْهَمَتِ. الخَبَّازِى: درہم کی مانند گول پتیوں والی ہونا۔

إِدْرَهَمَّ: بڑی عمر والا ہونا۔ بڑھاپے کی وجہ سے دانتوں کا گرنا صفت (مُدْرَهِمٌّ) البَصَرُ: نگاہ کا مدہم ہونا۔

الدِّرْهَم والدِّرْهِم والدِّرْهَام: چاندی کا سکہ۔ ج دَرَاهِم: (یونانی کلمہ ہے) مولدین کے نزدیک دراہم کا اطلاق مطلقاً نقود پر ہوتا ہے۔

المُدَرْهَم: بہت دراہم والا۔

الدَّرْوِيْش: راہب۔ عابد۔ زاہد۔ لفظ فارسی ہے جس کے معنی فقیر کے ہیں۔

دَرَى (ض) دَرْيًا ودِرْيًا ودَرْيَةً ودِرْيَةً ودَرَيَانًا ودِرْيَانًا ودُرِيًّا ودِرَايَةً. الشيْ وبالشيْ: حیلے سے جاننا۔ (آخری مصدر زیادہ مستعمل ہے۔)

دَرَیٰ (ض) دَرْیًا وتَدَرّیٰ وادَّرَیٰ الصَّیْدَ: دھوکا دینا۔ دَرَیٰ الرَّاس: مِدْرَیٰ سے سر کو کھجلانا (دیکھئے مِدْرَیٰ)

دَارَیٰ مُدَارَاۃً..... ہ: باہم نرمی کرنا۔ فریب دینا۔

اَدْرَیٰ۔ الرَّجُلَ بِکَذَا: جتلانا۔ آگاہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرَاکَ وَمَا یُدْرِیکَ" یعنی تم نہیں جانتے۔

المِدْرَیٰ والمِدْرَاۃ والمَدْرِیَۃ: کنگھی۔ باریک سینگ جس سے عورتیں بالوں کو درست کرتی ہیں۔ ج مَدَارٍ ومَدَارَیٰ۔

دَزَرَہٗ (ن) دَزْرًا: ہٹانا۔ دفع کرنا۔

دَسَّ (ن) دَسًّا ودِسِّیسَیٰ۔ الشَّیْءَ تَحْتَ التُّرَابِ وفِیْهِ: دھنسانا۔ چھپانا۔ گاڑنا۔ دَسَّ عَلَیْهِ: حیلہ و مکر کرنا۔ سازش کرنا۔

دَسَّسَ تَدْسِیسًا: دھنسانا۔ چھپانا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے اور بجائے دَسَّسَ کے دسّیٰ کہا جاتا ہے جیسے بجائے تَظَنَّنَ کے تَظَنّیٰ۔

تَدَسَّسَ۔ بِهِ اِلَی اَعْدَائِهِ: حیلہ و مکر کرنا۔ سازش کرنا۔

اِنْدَسَّ: دھنسنا۔ دفن ہونا۔

الدَّسِیْسَۃ: خفیہ سازش وعداوت۔

الدَّسَّاس والدَّسَّاسَۃ: سرخ رنگ کا زہریلا سانپ جو مٹی میں چھپا رہتا ہے۔ الدَّسَّاسَۃ: سانپ کی چھتری اور امثال سے ہے "العِرْقُ دَسَّاسٌ": یعنی باپ کی عادتیں بیٹوں تک پہنچتی ہیں۔

الدَّاسُوس: جاسوس۔

الدَّسِیْس: وہ شخص جس کو خبر لانے کے لئے بھیجا جائے۔ وہ چیز جو مٹی میں دبا دی جائے۔ گرم راکھ میں بھنی ہوئی چیز۔ ج دُسُس۔ الدَّسّ: ریاکار لوگ۔

المِدَسّ: زخم کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

الدَّسْت: حیلہ وفریب۔ مکان کا صدر حصہ۔ مجلس۔ تکیہ۔ کاغذ۔ لباس۔ بیابان۔ ج (دُسُوت) اور شطرنج کے کھیلنے میں بولتے ہیں۔ "الدَّسْتُ لِیْ" یعنی میں غالب رہا۔ و "الدَّسْتُ عَلَیَّ" میں مغلوب ہو گیا اور عوام دست کا کلمہ دیگ کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

الدَّسْتَجَۃ: دستہ۔ مٹھا۔ شیشہ کا بڑا برتن۔ ج دَسَاتِج۔

الدُّسْتُوْر: مجموعہ قوانین۔ اجازت۔ وزیر۔ وہ کتاب جس میں آئین وقوانین ضبط کئے جائیں۔ وہ رجسٹر جس میں فوجیوں کے نام اور ان کے وظائف لکھے جائیں۔ ج دَسَاتِیْر۔

الدَّسْتَان۔ فِی اِصْطِلَاحِ اَصْحَابِ المُوْسِیْقِی: بربط کا تار۔ ج دَسَاتِیْن۔

دَسَرَہٗ (ن) دَسْرًا: نیزہ مارنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
..... السَّفِیْنَۃَ: رسّی سے کشتی کے تختوں کو جوڑنا۔
..... الدِّسَارَ فِی الشَّیْءِ: زور سے گھسانا..... الشَّیْءَ: میخ لگانا..... الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

الدِّسَار: کھجور کے ریشہ کی مانند ایک چیز جس سے کشتی کے تختوں کو جوڑتے ہیں۔ میخ ج دُسُر ودُسْر۔

الدَّسْرَاء: کشتی۔ ج دُسُر۔

الدَّوْسَر: گیہوں میں ایک تلخ قسم کا دانہ۔ شیر۔ موٹا اونٹ۔ والدَّوْسَر: نعمان بن منذر شاہ عراق کی ایک فوج کا نام۔

الدَّوْسَر والدَّوْسَرِیُّ والدَّوَاسِرِیُّ والدَّوْسَرَانِیُّ: موٹا۔ مضبوط۔

دَسَعَ (ف) دَسْعًا: منہ بھر کے قے کرنا..... بِقَیْئِهِ: قے کرنا..... الاِنَاءَ: بھرنا.....
العِرْقُ: رگ کا گوشت میں چھپنا..... الرَّجُلُ: بہت دینا..... الشَّیْءَ: ہٹانا' دفع کرنا.....
البَعِیْرُ جِرَّتَهُ: جگالی کرنا۔

الدَّسِیْعَۃ: بہت بخشش طبیعت۔ بڑا پیالہ۔ وسیع دسترخوان۔ قوت۔ ج دَسَائِع۔

بَعِیْر (دَسِیْع): بہت جگالی کرنے والا اونٹ۔

المَدْسَع: حلق کی نالی۔

دَسِقَ (س) دَسَقًا۔ الحَوْضُ: پُر ہونا۔ لبالب ہونا۔

اَدْسَقَ۔ الاِنَاءَ: بھرنا۔

الدَّسَق: بھرا ہوا حوض۔ چاندی کا خوانچہ۔ صاف چاندی کا زیور۔ لمبا راستہ۔ بڈھا مرد۔ خوبصورتی۔ نور۔ سفیدی۔ سراب کی سفیدی اور اس کی چمک۔

الدَّوْسَک: شیر۔

الدَّسْکَرَۃ: بڑا گاؤں۔ گرجا..... ہموار زمین۔ ایسا مکان جس میں شراب اور کھیل کود کی چیزیں ہوں۔ محل کی مانند عمارت جس کے اردگرد مکانات ہوں اور ان میں شاطر لوگ جمع ہوتے ہوں۔ ج دَسَاکِر۔

دَسَمَ (ن ض) دَسْمًا۔ القَارُوْرَۃَ: ڈاٹ لگانا..... البَابَ: بند کرنا..... الجُرْحَ: زخم میں بتی رکھنا..... المَطَرُ الاَرْضَ: کچھ کچھ تر کرنا..... البَعِیْرَ: قطران وغیرہ ملنا (دیکھئے قطران)..... الاَثَرَ: مٹا..... المَرْاَۃَ: جماع کرنا۔

دَسِمَ (س) دَسَمًا ودُسُوْمَۃً: چربی والا ہونا۔ صفت (دَسِم واَدْسَم) مؤنث (دَسِمَۃ ودَسْمَاء) ج دُسْم ودُسُم (دَسِمَ وتَدَسَّمَ) الشَّیْءُ: میلا ہونا۔ ٹمیالا ہونا۔ وتَدَسَّمَ الرَّجُلُ: چکناہٹ کی چیز کھانا۔

دَسَّمَ۔ الشَّیْءَ: چربی ڈالنا۔ کالا کرنا..... المَطَرُ الاَرْضَ: تر کرنا۔

اَدْسَمَ۔ القَارُوْرَۃَ: ڈاٹ لگانا.....

الدُّسْم: کنارہ۔ کسی چیز کی انتہا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا عَلٰی دُسْمِ الاَمْرِ": میں کام کے خاتمہ پر ہوں۔

الدَّسَم: گوشت یا چربی کی چکنائی۔ چربی کا میل۔

الدُّسْمَۃ: خاکستری (..... والدِّسَام): ڈاٹ۔ کاگ۔ کہا جاتا ہے "مَا فِیْهِ دُسْمَۃٌ": یعنی اس میں نفع نہیں۔

الدَّيْسَم: ریچھ یا اس کا بچہ۔ لومڑی یا اس کا بچہ۔ گھاس۔ تاریکی۔ سیاہی۔ کام کا ساتھی۔ مہربان۔
الدَّيْسَمَة: ذرہ۔
تَسَايَنُوا دَسُوا و دَسِيَ يَدْسَى دَسًا: کم ہونا..... الرَّجُلُ: پوشیدہ ہونا۔
دَسَّى الرَّجُلَ: بگاڑنا۔ گمراہ کرنا..... نَفْسَه: گمنام کرنا۔
دَشَّ (ن) دَشًّا. دشيشه: (ایک قسم کا کھانا) تیار کرنا..... الحَبَّ: غلہ کو کچلنا۔
الدَّشِيش: گیہوں کی مانند ایک غلہ جس کو موٹا موٹا پیسا جاتا ہے۔
الدَّشِيشَة: ایک قسم کا کھانا جس کا جزء اعظم کوٹا ہوا گیہوں ہے۔
الدَّوْشَق: بڑا مکان۔ موٹا اونٹ۔
الدَّوْشَك: بچھونا۔
دَشَنَ (ن) دَشْنًا. الشَّيْءَ: دینا۔
دَشَّنَ. الثَّوْبَ: پہلی مرتبہ پہننا۔
المَعْبَد: برکت دینے کے لئے سب سے پہلی مرتبہ نماز پڑھنا۔
تَدَشَّنَ. الشَّيْءَ: لینا۔
الدَّاشِن: فا۔ الدَّاشِن مِنَ الثِّيَابِ: نیا کپڑا جو ابھی استعمال نہ کیا گیا ہو..... مِنَ الدُّوَر: نیا مکان جس میں ابھی کسی نے سکونت نہ کی ہو۔
دَشَا (ن) دَشْوًا: لڑائی میں گھس پڑنا۔
دَظَّهُ: دھتکارنا۔
دَعَّهُ (ن) دَعًّا: سختی سے دھتکارنا۔ دھکے دینا۔
أَدَعَّ. الرَّجُلُ: چھوٹے چھوٹے بال بچے والا ہونا۔
الدَّعَاع: چھوٹے چھوٹے بال بچے۔
الدُّعَاع: کھجور کے متفرق درخت۔ ایک جنگلی درخت کے دانے۔ پروں والی سیاہ چیونٹیاں۔ واحد دُعَاعَة۔
دَعَبَهُ (ف) دَعْبًا و دَعَابَةً: دفع کرنا۔ مزاح کرنا۔ خوش طبعی کرنا۔ (..... دَعْبًا

المرأةَ: جماع کرنا۔
دَاعَبَهُ مُدَاعَبَةً: کھیل کود کرنا۔ خوش طبعی کرنا۔ ہنسی مذاق کرنا۔
تَدَاعَبَ. القَوْمُ: باہم ہنسی مذاق کرنا۔
تَدَعَّبَ. عَلَيْهِ: ناز کرنا۔
الدَّعِب والدَّاعِب: کھیل کود ہنسی مذاق کرنے والا۔
الدَّعَّاب والدَّعَّابَة: بہت ہنسی مذاق کرنے والا۔ دَعَّابَة: میں "تا" مبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں۔
الدُّعَابَة: ہنسی مذاق۔ سیاہ چیونٹی۔ بے وقوفی۔
الأَدْعَب: بے وقوف۔ مؤنث دَعْبَاء: ج دُعْب۔
الدُّعْبُب: بہت کھیلنے والا۔ اچھا گانے والا۔ نازک بدن نوجوان۔
الدُّعْبُوب: سیاہ چیونٹی۔ ایک قسم کا سیاہ دانہ جو کھایا جاتا ہے۔ راستہ جس پر آمد و رفت زیادہ ہو۔ پست قد مرد جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ شادمان۔ مخنث۔ بے وقوف۔ لمبا گھوڑا۔ لَيْلَةٌ دُعْبُوب: بری رات یا بہت کالی رات۔
الدُّعْبُوث والدُّعْبُوس: بے وقوف۔ کم عقل۔
الدِّعْبِل: مینڈک کے انڈے (..... والدِّعْبِلَة): مضبوط اونٹنی۔
دَعَثَ (ف) دَعْثًا: سختی سے ہٹانا۔ دھکے دینا۔
دَعَثَ (ف) دَعْثًا: پاؤں یا ہاتھ وغیرہ سے مٹی باریک کرنا۔ دَعَثَ بِهِ الأَرْضَ: ..... پٹک دینا۔
دُعِثَ: رونگٹے کھڑے ہونا۔ سستی لاحق ہونا۔
أَدْعَثَ. فِي الشَّرِّ: برائی میں مبالغہ کرنا۔ ..... الشَّيْءَ: باقی رکھنا۔ چوری کرنا۔
اِنْدَعَثَ. الشَّيْءُ: روندا جانا۔
تَدَعَّثَتْ. صُدُورُهُمْ: کینہ رکھنا۔

الدَّعْث: مس۔ مرض کی ابتداء۔
الدِّعْث: کینہ۔ پانی کا بقیہ۔ ج أَدْعَاث و دِعَاث۔
دَعْثَرَ الحَوْضَ: ڈھانا..... الأَرْضَ: روندنا۔
الدُّعْثُر: بے وقوف۔
الدُّعْثُور. مِنَ الحَوْض: حوض جس کے چاروں طرف شکستہ ہو گیا ہو۔ گڑھا..... مِنَ النَّعَم: بہت چوپائے۔
دَعِجَت (س) دَعَجًا. العينُ: آنکھ کا بہت سیاہ اور بڑی ہونا۔
أَدْعَج: بڑی اور بہت سیاہ آنکھوں والا مؤنث دَعْجَاءُ. ج دُعْج. الدَّعْجَاء: قمری مہینہ کی اٹھائیسویں رات۔
الدُّعْجَة: آنکھ کی سیاہی۔ مع وسعت کے۔
لَيْل أَدْعَج: تاریک رات۔
المَدْعُوج: مجنون۔ پاگل۔
دَعِرَ (س) دَعَرًا. العودُ: دھواں دینا اور نہ سلگنا۔ بوسیدہ ہونا۔ صفت (دَعِر) ..... الزَّنْدُ: آگ نہ دینا۔ صفت (أَدْعَر)
دَعَرَ (ف) و دَعِرَ (س) دَعَارَةً. الرَّجُلُ: بدکار رہنا۔
تَدَعَّرَ. وجهُه: چہرہ کا بری طرح سے داغ دار ہونا..... الرَّجُلُ: شریر ہونا۔ خبیث ہونا۔
الدَّعَر والدَّعَرة والدَّعَارة والدِّعَارَة: برائی۔ فسق۔ فساد۔
الدَّعَارَة والدَّعَارَّة: بد خلقی۔
الدَّاعِر: فا۔ شریر۔ خبیث۔ ج دُعَّار: مؤنث دَاعِرَة. الدَّاعِرَة: درخت خرما جو گابھا نہ دیا جا سکے۔ ج مَدَاعِير۔
الدُّعْر: لکڑی کھانے والا کیڑا۔ واحد (دُعْرَة) رَجُلٌ (دُعَرٌ و دُعَرَة): ساتھیوں کے ساتھ خیانت کرنے والا۔
دَعَزَ (ف) دَعْزًا: ہٹانا۔ دفع کرنا..... الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
دَعَسَ (ف) دَعْسًا. الشَّيْءَ: روندنا۔ ..... الوِعَاءَ: بھرنا..... فُلانًا: دفع کرنا۔

Marfat.com

(...... وَدَعَنَه) بالرُمح: نیزہ مارنا......
المَرْأةَ: ذلیل ورسوا کرنا۔
دَاعَنَه مُداعَنَةً: باہم نیزہ بازی کرنا۔
الدَعْس: مص۔نشان۔طَرِيْقٌ دَعْسٌ:
بہت نشانوں والا راستہ۔
المَدْعَس: اُمید کی جگہ۔
المِدْعَس و المِدْعَاس: بہت آمدورفت کا
راستہ۔نیزہ۔ج مَداعِس ومَدَاعِيس.
المِدْعَس: نیزہ مارنے والا۔
دَعَصَهٗ (ف) دَعْصًا و اَدْعَصَهٗ: قتل کرنا۔
دعَصَهٗ بالرُمح: نیزہ مارنا۔
دَاعَصَه: عزت میں مقابلہ کرنا۔
تَدَعَّصَ. اللحمُ: گل سڑ کر ریزہ ریزہ ہونا۔
الدِعْص: ج دِعَصَة و اَدْعَاص
و(الدِعْصَة ج دِعَص): ریت کا تودہ۔
المَدَاعِص: نیزے۔
الدَعْصَاء: نرم زمین جہاں بنسبت دوسری
جگہوں کے گرمی زیادہ ہو۔
دَعَقَ (ف) دَعْقًا. الطريقَ: بہت روندنا۔
صفت مفعولی (دَعْق و دَعِق و مَدْعُوق)
الغَارَةَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا...... الماءَ:
جاری کرنا...... الرَجُلَ: فوراً مار ڈالنا......
واَدْعَقَ الخَيْلَ: اڑانا...... عَلَيْهِم
الخَيْلَ: کسی قوم پر لوٹ ڈالنے کے لئے
گھوڑوں کو لے آنا۔
دَعِقَ (س) دَعَقًا. الطَرِيْقُ: بہت
آمدورفت والا ہونا۔
الدَعْقَة: حملہ وچیخ۔
الدُعْقَة: اُونٹوں کا گلہ۔بارش کی بوچھاڑ۔
المَدْعَق: پانی بہنے کی جگہ۔
دِعْوِيقَةُ الطُّيُون: ایک چھوٹی چڑیا کا نام۔
خَيل (مَداعِيق): لڑائی میں لوگوں کو کچلنے
والے گھوڑے۔
دَعَکَ (ف) دَعْكًا. الثوبَ: ملائم بنانا
...... الخَصْمَ: نرم کرنا...... الجِلْدَ: ملنا
...... الشَيْئَ فِی التُرَاب: مٹی میں لوٹانا۔کہا
جاتا ہے "دَعَكَهُ بالقَوْلِ": اس نے اس کو
سخت وسست کہہ کر تکلیف پہنچائی۔
دَعِکَ (س) دَعْكًا: بے وقوف ہونا۔
صفت (دَاعِک و دَاعِكَةٌ) مؤنث
(دَاعِكَة): کہا جاتا ہے "فُلانٌ اَحْمَقُ
دَاعِكَة": فلاں بے وقوف ہے۔
دَاعَکَهٗ مُداعَكَةً: سخت جھگڑا کرنا۔ٹال
مٹول کرنا۔
تَدَاعَکَ. القَومُ: باہم سخت جھگڑنا۔
تداعكوا في الحروب: لڑائی میں باہم زور
آزمائی کرنا۔
الدَعِک: سخت جھگڑالو۔
الدُعَک: گمنام۔کمزور۔ایک قسم کا پرندہ۔
الدَعْكَة: راستہ کا بڑا حصہ۔
المِدْعَک و المُداعِک: سخت دشمن۔
دَعَلَهٗ (ض) دَعْلاً: دھوکا دینا۔
دَاعَلَه: باہم فریب دینا۔
الدَاعِل: فا۔بھاگنے والا۔
دَعْلَجَ دَعْلَجَةُ اللَيْلُ: تاریک ہونا
...... الشَيْئُ: کسی چیز کے رنگوں کا مخلوط ہونا
...... الرَجُلُ: بار بار آنا جانا...... الشَيْئَ:
لڑھکانا۔
الدَعْلَج: بھری ہوئی گردن۔باہم لپٹی ہوئی
نباتات۔خوبصورت نازک بدن جوان۔
تاریکی۔بھیڑیا۔گدھا۔اونٹنی جو ہانکنے سے
نہ چلے۔آنے جانے والے کا نشان قدم۔
دَعَمَ (ف) دَعْمًا. الشَيْئَ: سہارا دینا۔
ٹیک لگانا...... ہ: مدد دینا۔قوی کرنا۔
اِدَّعَمَ: ٹیک لینا۔
تَدَاعَمَ. الامْرُ فُلاناً: ہجوم ہونا......
الدِعمَة. ج دِعَم و (الدِعَام) ج دُعُم
و(الدِعَامَة ج دَعَائِم): ستون۔کھمبا۔لکڑی
کا ستون جو چھپر کے لئے کھڑا کیا جائے۔
الدِعْمَتَان و الدِعَامَتَان: چرخی کے دونوں
طرف کے ڈنڈے۔دِعَامَةُ القَوم: رئیس
قوم۔
الدُعْمِيُّ: بڑھئی۔کوئی چیز جس میں مضبوط
سہارا لگا ہوا ہو۔راستہ کا بڑا حصہ۔
فَرَسٌ (اَدْعَم و دُعْمِيٌّ): سینہ میں سفیدی
والا گھوڑا۔
المَدْعَم: جائے پناہ۔
دَعْمَصَ. المَاءُ: بہت سیاہ کیڑوں والا
ہونا۔
الدُعْمُوص: پانی کا سیاہ کیڑا جو تالابوں میں
پانی کم ہوجانے پر ظاہر ہوتے ہیں اور عوام
اس کو (البُلْط) کہتے ہیں۔ج دَعَامِص
و دَعَامِيص.
دَعَنَ (ف) دَعَانَةً: شوخ وبیباک ہونا۔
الدِعَنُّ: شوخ و بیباک۔ج دِعَنَّة.
دَعَا (ن) دُعَاءً و دَعْوَىٰ...... ہ: پکارنا۔
رغبت کرنا۔مدد طلب کرنا...... ہ الی الامْرِ:
کسی کام کی طرف لے جانا...... بِه: حاضر
ہونے کو کہنا۔دَعَاهُ فُلانًا و بِفُلانٍ: نام
رکھنا۔
...... المَيِّتَ: بین کرنا(...... ہ: دَعْوَةً و
مَدْعَاةً): دعوت کھانے کے لئے بلانا
(...... دُعَاءً) لَهٗ: دعا کرنا...... عَلَيْهِ: بددعا کرنا
...... اِلَيْهِ: کسی چیز کی طرف بلانا۔
دَاعَاهُ مُداعَاةً: جھگڑا کرنا۔باہم پہیلی کہنا
...... الحَائِطَ: گرانا۔
اَدْعَاهُ اِدْعَاءً: غیر باپ کی طرف منسوب
کرانا۔
تَدَعَّت تَدَعِّيًا. النَائِحَةُ: نوحہ کرنے میں
آواز کو بلند کرنا۔
تَدَاعَى. العَدُوُّ: متوجہ ہونا...... القَوْمُ: ایک
دوسرے کو بلانا۔تَدَاعَوُا الشَيْئَ: دعویٰ کرنا۔
تداعَتِ الحِيطَانُ: شکستہ و ویران ہونا۔
...... القَوْمُ عَلَيْهِ: دشمنی میں متفق ہونا۔
اِنْدَعَى اِنْدِعَاءً. لِدَعْوَتِهٖ: جواب دینا۔
اِدَّعَى. الشَيْئَ: حق یا باطل کا دعویٰ کرنا۔
...... بِه: اپنی طرف نسبت کرنا...... عَلَيْهِ:
مقدمہ کرنا...... اِلیٰ غَیْرِ اَبِيْهِ: باپ کے علاوہ
دوسرے کی طرف منسوب کرنا...... الشَيْئَ:
تمنا کرنا...... اِدَّعَى فِی الحَرْبِ: حریف
کے سامنے اپنا نام ونسب پیش کرنا۔

اِسْتَدعاه اِسْتِدْعَاءٌ: پکارنا......الشئَ: طلب کرنا۔
الدُّعَاء: دعا کا مصدر۔ ج اَدْعِيَة.
الدَّعْوَة: پکار۔ قسم اور کہا جاتا ہے "هُوَمِنِّيْ دَعْوَةُ الرَّجُل" یعنی وہ مجھ سے قریب ہے اور یہ مانند (هُوَمِنِّي رَمْيَةَ السَهْم ومَزْجَرَ الكَلْب" کے ہے کہ اس کا مطلب بھی یہی ہے۔ "وَلَهُمُ الدَعْوَةُ عَلٰی غَيْرِهِم": دعا میں ان سے ابتداء ہے۔ وكُنَّا فِيْ دَعْوَةِ فلانٍ: ہم فلاں کی مہمانی میں تھے۔
(......والدَعَاوَة الدِعَاوَة) اِدِّعَاء کے اسم ہیں۔
الدَّعْوَىٰ: مص۔ مقدمہ۔ دعویٰ ج الدَعَاوِی. والدَعَاوَى.
الدَّعَّاء: بہت دعا کرنے والا۔
الدَعَّاءَة: انگشت شہادت۔
الاُدْعِيَّة والاُدْعُوَّة: چیستاں پہیلی۔
الدَعِيُّ: لے پالک۔ وہ شخص جس کے نسب میں شبہ ہو۔ غیر باپ یا غیر قوم کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنے والا۔ ج اَدْعِيَاء.
الدَاعِي: قا۔ لوگوں کو اپنے دین و مذہب کی طرف بلانے والا۔ ج دُعَاة مؤنث دَاعِيَة ج دَاعِيَات ودَوَاعٍ (......وَالدَاعِيَة) : سبب۔ ج الدَوَاعِي. دَاعِي اللَبَن: دودھ کا وہ حصہ جو تھن میں چھوڑ دیا جائے تاکہ بقیہ دودھ آسانی سے دوہا جا سکے۔ ودَوَاعِي الصَدْر: فکروغم۔ ودَوَاعِيُ الدَهْر: زمانہ کی گردشیں۔
المَدْعَاة: کھانے کی دعوت۔ سبب۔
دَغْدَغَ دَغْدَغَة. فُلانًا بِكَلِمَة: طعن و تشنیع کرنا۔
الدَّغْدَغَة: چپکے چپکے گفتگو کرنا۔ چھپانا۔ استہزاء کرنا۔ گدگدی کرنا۔ عوام گدگدی کے لئے "زَكْزَكَ والزَكْزَكَة" بولتے ہیں۔
المُدَغْدَغ: حسب و نسب میں عیب دار۔
دَغَرَهٗ (ف) دَغْرًا دفع کرنا۔ ہٹانا۔
دَغَرَت المَرْاَةُ حَلْقَ الصَبِيّ: انگلی سے دبانا......الاُمُّ اِبْنَهَا: آسودگی سے کم دودھ پلانا۔ وَغَرَ الشَئُ فِي الشَئ: ملانا......ہ: چیخ کر مار ڈالنا......فِي البَيْت: داخل ہونا۔ عَلَيْهِ: اچانک آنا۔
دَغِرَ (س) دَغَرًا. الرَجُلُ: بد خلق و کمینہ ہونا۔ صفت (دَاغِر)
دَغِرَ (س) دَغْرًا ودَغْرَىٰ. عَلَيْهِم: لوگوں پر اچانک پہنچ جانا۔
اِنْدَغَرَ: پہنچ جانا......عَلَيْهِ: اچانک آنا۔
الدَاغِرُ: ذلیل۔ حقیر۔ خبیث۔ مفسد۔
الدَّغْرَة: کسی چیز کو اُچک کرلے لینا۔
المَدْغَرَة: گھمسان کی جنگ۔
دَغَشَ: (ف) دَغْشًا واَدْغَشَ: تاریکی میں داخل ہونا۔ دَغَشَ عَلَيْهِم: اچانک آنا۔
دَاغَشَهٗ: بھیڑ کرنا......حَوْلَ المَاءِ: پیاس کی وجہ سے پانی کے گرد منڈلانا......المَاءَ: جلدی پینا......فِي الشَئ: کسی چیز کو حرص کی وجہ سے کسی سے مکر سے طلب کرنا......ظُلْمَةَ اللَيْل: رات کی تاریکی میں بغیر کسی سستی کے چل پڑنا۔
تَدَاغَشَ. القَوْمُ و (دَغْوَشُوْا): آپس میں گتھ جانا۔
الدَغْش والدُّغْشَة والدَغِيْشَة: تاریکی۔
دَغِصَ (س) دَغَصًا: خوراک یا غصہ سے بھرنا۔
دَاغَصَ مُدَاغَصَةً. فِي العَمَل: جلدی کرنا۔
اَدْغَصَهٗ: غصہ سے بھر دینا۔ اَدْغَصَهُ المَوْتُ: فوراً موت کا آنا۔
الدَاغِصَة: گھٹنے کی چپنی۔ عوام اس کو صَابُوْنَةُ الرُكْبَة: کہتے ہیں۔ گھٹا ہوا گوشت۔ رقیق پانی۔ ج دَوَاغِص.
الدَّغْصَان: غضبناک۔
دَغَفَ (ف) دَغْفًا. الشئَ: سختی سے پکڑنا۔
دَغَفَهُمُ الحَرُّ: گرمی کا زیادہ ہونا۔
اَبُوْالدَغْفَاء: بے وقوف۔
الدَغْفَل: ہاتھی یا بھیڑیئے کا بچہ۔ بہت سے پر۔ عَيْش دَغْفَلِيٌّ: آسودہ زندگی۔ عَام دَغْفَلِيٌّ: سرسبز سال۔ فراخی کا سال۔
دَغَلَ (ف) دَغْلاً. فِيْهِ: مجرم کی طرح داخل ہونا۔
اَدْغَلَ. الرَجُلُ: درختوں کے جھنڈ میں داخل ہو کر چھپ جانا......الاَرْضُ: گنجان درختوں والی ہونا......بِهِ: خیانت کرکے اچانک مار ڈالنا۔ چغل خوری کرنا......الشَئُ: تباہ کن چیز ملا دینا۔
الدَغَل ج اَدْغَال ودِغَال و (الدَغِيْلَة): درختوں کا جھنڈ۔ فساد و تباہی۔ خوف و ہلاکت کی جگہ۔
مَكَان (دَغِل): گنجان درختوں والی جگہ۔ پوشیدہ۔
الدَاغِلَة: باطنی کینہ۔ کسی کے عیوب و خیانت تلاش کرنے والے لوگ۔
الدَغَاوِل: مصیبتیں (جمع ہے بغیر واحد کے)
المَدْغَل: وادی کا درمیانی حصہ۔ ج مَدَاغِل.
دَغَمَهُمْ ودَغِمَهُم (ف س) دَغْمًا ودَغَمَانًا. الحَرُّ اوالبَرْدُ: گرمی یا سردی کا پڑنا......دَغَمَ اَنْفَهٗ: توڑنا۔ دَغَمَ الاِنَاءَ: ڈھانپنا۔
اَدْغَمَ. اللّٰهُ فُلانًا: سیاہ رو کرنا۔ ذلیل کرنا۔
اَدْغَمَهُمُ الحَرُّ والبَرْدُ: گرمی یا سردی کا پڑنا۔
......الفَرَسَ اللِجَامَ: لگام لگانا۔ اَدْغَمَهُ الشَئُ: غمگین کرنا۔ اَدْغَمَ الرَجُلُ: لقمہ کو بغیر چبائے ہوئے نگلنا۔ (......واِدَّغَمَ) الشَئُ فِي الشَئ: ایک چیز کو دوسری چیز میں داخل کرنا اسی سے صرفیوں کی اصطلاح ادغام (ایک حرف دوسرے حرف میں شامل کرنا) ہے۔
اِدْغَامَّ. الفَرَسُ (اِدْغِيْمَامًا): بقیہ جسم سے منہ کا زیادہ سیاہی مائل ہونا۔ صفت ۔ادغم)
الدَغَم والدُّغْمَة: گھوڑے کا رنگ جس کا

منہ باقی جسم سے زیادہ سیاہی مائل ہو۔
الادْغَم: کالی ناک والا۔ ناک میں بولنے والا۔ ج دُغْم۔
الدُغام: حلق کا درد۔
دَغْمَرَهٗ دَغْمَرَةً: عیب لگانا۔ الشَّیْئَ: ملانا۔ الرَّجُلُ: بدخلق ہونا۔
الدَغْمَرِیُّ والدُغْمُرِیُّ: برے بھلے ملے جلے اخلاق والا۔ رَجُلٌ (دُغْمُورٌ): مرد بدخو۔
الدغامر: قوم کے گھٹیا درجہ کے لوگ۔
دَفَّ (ض) دَفًّا ودَفِیْفًا: آہستہ چلنا۔ لَهٗ الامْرُ: تیار ہونا۔ ممکن ہونا۔ ...... الطائِرُ: پر پھڑ پھڑانا۔
ذَفَّ (ض) ذَفًّا۔ الشَّیْئَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
ذَفَّفَ وذافَ: جلدی کرنا۔ ذفّف الجَرِیْحَ وذافَّهٗ وذافَ عَلَیْهِ: پوری طرح سے فوراً مار ڈالنا۔ ودَفَّفَ الرَّجُلُ: دف بجانا۔
اَدَفَّ اِدْفافًا۔ الطّائِرُ: پر پھڑ پھڑانا۔ اَدَفَّتْ عَلَیْهِ الامُوْرُ: پے در پے آنا۔
(...... وتَدافَ) القَوْمُ: ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔
اِسْتَدَفَّ۔ الطائِرُ: زمین کے قریب اڑنا ...... الامْرُ: درست ہونا۔ پورا ہو جانا۔
...... الرَّجُلُ بِالمُوْسٰی: استرے سے مونڈنا۔
الدَّفُّ: مص۔ ہر چیز کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "رَماهُ اللّٰهُ بِذاتِ الدَّفِّ" اللہ اس کو نمونیا میں مبتلا کرے۔
(...... الدُّفُّ): ایک قسم کے باجہ کا نام۔ ج دُفُوف۔
الدَّفَّة: ہر چیز کا پہلو۔ دَفَّتا الطَّبْل: ڈھول کے دونوں طرف کے چمڑے۔ پتوار (آخر معنی میں کلمہ مولدہ ہے۔ اس کے لئے فصیح لفظ السُکّان ہے)
الدَّافَّة: دشمن کی طرف مارچ کرنے والی فوج۔ لوگوں کی جماعت جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہوتی رہے۔

الدَّفّاف: دف بجانے والا۔ دف بنانے والا۔ اقرب الموارد میں بحوالہ لسان العرب ہے کہ دفاف مالک دف کو مُدَفِّف: بنانے والے کو اور مُدَفْدِف: بجانے والے کو کہتے ہیں۔
الدفُوف۔ من الطیر: کسی چیز پر ٹوٹ پڑتے وقت زمین سے قریب ہونے والا پرندہ۔
دَفِئَ یَدْفَأُ دَفًا ودُفُوءً اودَفُؤَ یَدْفُؤُ دَفاءَةً مِنَ البَرْدِ: گرم ہونا۔ گرمی محسوس کرنا۔
دَفَّأَهٗ: گرم کرنا۔
اَدْفَأَهٗ: گرم کپڑا پہنانا۔ بہت دینا۔ گرم کرنا ...... الجَرِیْحَ: فوراً مار ڈالنا ...... القَوْمُ: جمع کرنا۔
تَدَفَّأَ واَدَّفَأَ واسْتَدْفَأَ: گرم کپڑا پہننا۔ گرم ہونا۔
الدِّفْءُ: سخت گرمی۔ ج اَدْفاء: اونٹوں کی پیداوار اور جو اس سے نفع حاصل ہو۔
عطیہ دِفْأُ الحائِط: دیوار کی اوٹ۔ کہا جاتا ہے "اُقْعُدْ فِي دِفاءِ الحائِط": وہ دیوار کی اوٹ میں بٹھایا گیا۔ گرم کپڑے۔ گرمی حاصل کرنے کا سامان۔ تم کہتے ہو "ما عَلَیْهِ دِفْءٌ": اس پر گرمی حاصل کرنے کا کوئی سامان نہیں۔
الدَّفَأ: مص۔ کندھے کا سینہ کی طرف جھکنا۔
الدِّفاء: گرمی حاصل کرنے کا سامان۔ (کپڑا وغیرہ)
الدَّفِئُ الدَّفِیُّ: گرمی حاصل کرنے والا۔ گرم کپڑے پہننے والا۔ مؤنث دَفِئَة ودَفِیْئَة۔
الدَّفِئَة مِنَ الاَرْضِ: گرم زمین۔
الدَّفْآن: گرمی حاصل کرنے والا۔ مؤنث دَفْأَی۔
الاَدْفَأُ: وہ شخص جس کا کندھا سینے کی طرف جھکا ہوا ہو۔ مؤنث دفأی۔ الادْفاء: مرد خیمہ نشین۔
اَرْضٌ (مَدْفَأَة): گرم زمین۔
اِبِلٌ (مُدْفِئَة مُدْفَأَة ومُدْفِئَة ومَدْفَأَة): بہت اون اور چربی والا اونٹ۔

الدَّفْتَر: رجسٹر۔ کاپی۔ ج دَفاتِر۔
دَفَرَهٗ (ن) دَفْرًا: سینہ میں مار کر ہٹانا۔
دَفِرَ (س) دَفْرًا ودَفَرًا: ذلیل ہونا۔ اللَّحْمُ: کیڑے پڑنا ...... الشَّیْئُ: بدبودار ہونا۔ صفت (دَفِر واَدْفَر) مؤنث دَفِرَة ودَفْراءُ۔ کَتِیْبَةٌ دَفْراء: لشکر جس سے لوہے کے زنگ کی بو آئے۔
اَدْفَرَ۔ الرَّجُلُ: تیز گندہ بغل ہونا۔
الدَّفْر: مص۔ بدبو۔
دَفارِ۔ مَبْنِیٌّ عَلَی الکَسْر بروزن قطامِ: لونڈی (یہ کلمہ لونڈی کے لئے گالی کے موقع پر کہا جاتا ہے اور اکثر نداء کے موقع پر آتا ہے)۔
الدِّفْران: صنوبر کی ایک قسم۔
اُمُّ دَفّار واُمُّ دَفْر: دنیا۔ مصیبت۔
اِدْفَنْسَ۔ اِدْفِنْساسًا۔ الرَّجُلُ: بغیر بیماری کے چہرہ کا کالا پڑنا۔
دَفَصَ (ض) دَفْصًا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
دَفْطَسَ۔ الرَّجُلُ: اپنا مال ضائع کرنا۔
دَفَعَهٗ (ف) دَفْعًا ودَفْعًا ومَدْفَعًا: ہٹانا۔ دور کرنا۔ دَفَعَهٗ فِي کَذا: داخل ہونا۔
...... اِلَیْهِ الشَّیْئَ: ادا کرنا ...... القَوْلَ: دلیل سے باطل کرنا ...... ہ اِلٰی کَذا: مجبور کرنا ...... عَنْهُ الاَذٰی: بچانا۔ محفوظ کرنا ...... عَنِ المَوْضِعِ: کوچ کرنا۔ چھوڑنا ...... اِلَیْهِ: پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ یَدْفَعُ اِلٰی مَکانِ کَذا": راستہ جو فلاں جگہ تک پہنچتا ہے۔
دُفِعَ۔ اِلَی المَکانِ: پہنچنا۔
دافَعَهٗ مُدافَعَةً ودِفاعًا: مزاحمت کرنا ...... عَنْهُ: حمایت کرنا۔ مدد کرنا ...... عَنْهُ الاَذٰی: ہٹانا، دور کرنا۔ دافَعَهٗ عَنْ حَقِّهٖ: ٹال مٹول کرنا۔
تَدَفَّعَ۔ السَّیْلُ: زور سے بہنا۔
اِنْدَفَعَ۔ السَّیْلُ: زور سے بہنا ...... الفَرَسُ فِي سَیْرِہٖ: تیز دوڑنا ...... الرَّجُلُ فِي الحَدِیْثِ: بات چیت میں مشغول ہونا۔
اِنْدَفَعَ یَقُوْلُ: کہنے لگنا۔ اِنْدَفَعَ الرَّجُلُ: ہٹنا۔

تَدافَعَ القومُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔ تَدافَعُوا الشئَ: ہر ایک کا دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَیفٌ یَتَدافَعُہُ الحَیُّ": مہمان جس کو قبیلہ کے لوگ ایک دوسرے کے ذمہ ڈالتے ہیں۔
اِستَدفَعَ۔ اللّٰہَ الشرَّ: شر کو ہٹانے کی دعا کرنا۔
الدَّفعۃ. دَفع کا اسم مرۃ۔
الدُّفعۃ: بوچھار۔ برتن یا مشک سے جتنا ایک مرتبہ گرے۔ ج دُفَع و دُفعات.
الدَّوافع: نشیب زمینیں جہاں سیلاب کا پانی جمع ہو جائے۔
الدَّفُوع: بہت ہٹانے والا...... مِنَ الدَّوابِ: لات مارنے والا۔
الدَّفّاع: بہت دفع کرنے والا۔
الدِّفاع: ملک اور اس کی سرحدوں کی حفاظت بری، بحری اور فضائی ذرائع سے کرنا۔
الدُّفّاع: موج یا سیلاب کا زور۔ بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِی دُفّاعٍ مِنَ النّاسِ": وہ بہت لوگوں میں آیا۔
المَدفَع: پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَدافِع.
اَلمِدفَع: وہ اوزار و ہتھیار جن کے ساتھ بم پھینکے جاتے ہیں۔ ان میں سے چند درج ذیل ہیں مِدفع: توپ۔ مِدفَعۃٌ مُضادَّۃٌ لِلطّائِراتِ: طیارہ شکن توپ۔ مِدفَعُ الذَّرِّی: ایٹم بم پھینکنے کا میزائل۔ قاذِفُ الصَّوارِیخ: راکٹ گرانے والا۔
المِدفَع: ہٹانے کا اوزار۔ توپ۔ ج المَدفَعُ مَدافِع. المِدفَع: بہت دفع کرنے والا۔
المُدَفَّع: ہر جگہ سے دھتکارا ہوا فقیر۔
دَفَقَ (ض ن) دَفقًا. الماءُ: زور سے گرانا ...... اللّٰہُ رُوحَہ: موت دینا ...... الکوزَ: گرا کر خالی کر دینا۔
دَفَقَ (ن) دَفقًا و دُفُوقًا. الماءُ: گرنا ...... النَّہرُ: بھر کر بہنا (جمہور کے نزدیک اس کا استعمال صرف متعدی ہی کی صورت میں ہوتا ہے)

دَفَّقَ۔ فلا دَفَقَ کا مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "دَفَّقَتْ کَفّاہُ [illegible]" یعنی اس کے دونوں ہاتھوں نے بہت زیادہ بخشش کی۔
اَدفَقَ۔ الکوزَ: گرا کر خالی کر دینا۔
تَدَفَّقَ و اندَفَقَ۔ الماءُ: گرنا ...... الدّابۃُ: تیز دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ یَتَدَفَّقُ فی الباطِلِ" فلاں باطل میں سبقت کرتا ہے۔
اِندَفَقَ و اِستَدفَقَ. الماءُ: گرنا۔
الدُّفقۃ: ایک دفعہ۔ یکبارگی۔ کہا جاتا ہے "جاؤُا دُفقۃً" وہ سب یکبارگی آ گئے۔
سَیلٌ دُفاق: بہت زیادہ سیلاب جو وادی کے دونوں کناروں کو بھر دے۔
الاَدفَق: ٹیڑھا۔ فکر یا بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر۔ سَیرٌ اَدفَق: تیز چال۔ مؤنث دَفقاء.
الدِّفِقّی: تیز چال۔ کہا جاتا ہے "مَشَی الدِّفِقّی" وہ تیز چال چلا۔ (...... والدِّفِقّۃ: تیز رفتار اونٹنی یا گھوڑا۔
الدِّفل: قطران (دیکھئے قطران) زفت (ایک دوا کا نام) کثیر۔
الدِّفلی: کثیر۔ ایک جماعت کے نزدیک الف الحاق کا ہے اس لئے اس پر تنوین آتی ہے اور دوسروں کے نزدیک تانیث کا اس لئے تنوین نہیں آتی۔
دَفَنَ (ض) دَفنًا. المیّتَ: گاڑنا۔ دفن کرنا ...... الحدیثَ: چھپانا ...... الابلُ: تیز دوڑنا ...... الابلُ: تیز دوڑنا۔
تَدَفَّنَ و اندَفَنَ: چھپنا ...... الابلُ: تیز دوڑنا۔
اِدَّفَنَ۔ العبدُ: آقا کے خوف سے بھاگنا۔ صفت (دَفُون) ...... الشئَ: چھپانا۔
تَدافَنَ۔ القومُ: باہم چھپانا۔
دافِنُ۔ الامرِ: کسی معاملہ کا اندرونی حصہ۔
الدَّفن: مص۔ دفن کیا ہوا۔ ج اَدفان: مدفون زمین۔ ج دُفن۔ رجلٌ دَفن: گمنام و بے قدر مرد۔
دَاءٌ (دِفن و دَفن): پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔

الدَّفِینۃ: گاڑا ہوا۔ گاڑا ہوا خزانہ۔ ج دفائن کہا جاتا ہے "فُلانٌ یُثِیرُ الدَّفائِنَ" فلاں بڑا عالم ہے۔
الدَّفِین: دفن کیا ہوا۔ چھپا ہوا۔ ج دُفن و دُفَناء و اَدفان: حوض۔ رَکِیَّۃٌ دَفِینٌ: دفن شدہ کنواں۔ امرأۃٌ دَفِین: پوشیدہ عورت۔ ج دَفنی. داءٌ دَفِین: پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ دَفِینُ المُرُوءۃِ او دَفنُ المُرُوءۃ": وہ بے مروت ہے۔
الدِّفان. مِنَ الرَّکایا: مٹی سے پٹا ہوا کنواں ج دُفن: کہا جاتا ہے "ماءٌ دِفان" پوشیدہ پانی۔
الدَّفافِین: کشتی کے تختے۔ واحد (دفّان)
المَدفَن: گاڑنے کی جگہ۔
الدِّفنِس والدِّفناس: کمینہ و بے وقوف۔ بخیل۔
مِنَ النِّساء: بے وقوف۔ بھاری جسم کی عورت۔
الدّافِہ: مسافر۔
دَفا (ن) دَفوًا و دافی مُدافاۃ و اَدفی اِدفاءً. الجَرِیحَ: فوراً مار ڈالنا۔ و اَدفی الظَّبیُ: لمبے سینگوں والا ہونا۔
تَدافاۃ: تلافی کرنا۔
الدَّفاء: خمیدگی۔
الاَدفی: خمیدہ۔ مؤنث دَفواء. طائرٌ اَدفی: لمبے بازوؤں والا پرندہ۔ ناقۃٌ دَفواء: لمبی گردن والی اونٹنی۔ شَجَرۃٌ دَفواء: بڑا درخت۔ عُقابٌ دَفواء: ٹیڑھی چونچ والا عقاب۔
دَقَّ (ض) دِقّۃً: باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ دقیق و دشوار ہونا۔
دَقَّ (ن) دَقًّا. الشئَ: توڑنا ...... البابَ: کھٹکھٹانا ...... الشئَ: ظاہر کرنا ...... الشئَ علی الشئِ او بالشئِ: کوٹنا۔
دَقَّقَ۔ الشئَ: بہت باریک کرنا۔ آٹا کرنا

...في الحساب وغيره: باریک بینی سے کام لینا۔
ادقَّ اِدقاقًا: باریک کرنا۔...الرَّجلُ: بکری دینا۔ کہا جاتا ہے "اتيتُه فما ادقّنِي ولا اَجلّنِي" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو تھوڑا دیا نہ زیادہ۔ اَدقَّ الرَّجلُ: بخل کی وجہ سے معمولی چیز کے پیچھے پڑنا۔
داقّهُ مُداقّةً. الحسابَ فِي الحِسَاب: غور سے جانچ کرنا۔
اِندقَّ اِندِقاقًا: باریک ہونا۔ اِندقَّتْ عُنُقُهُ: ٹوٹنا۔
تداقَّ. الرَّجلان: باریکی میں مقابلہ کرنا۔
اِستدقَّ اِستِدقاقًا: پتلا و باریک ہونا اور اسی سے ہے "اِستدقَّ الهلالُ" ہلال باریک ہے۔
الدِّقُّ: باریک تھوڑا اور اسی سے ہے "اَخذتُ دِقَّه وجِلَّه" میں نے قلیل وکثیر سب لے لیا۔ حُمَّى الدِّق: دق کا بخار۔
الدِّقَّة: کوٹنے کی ہیئت۔ خست۔ چھوٹائی۔ باریکی اور اسی سے ہے "دِقَّةُ المَعَانِي" معانی کی باریکی۔
الدُّقَّة: باریک خاک۔ مصالحے۔ نمک۔ دھنیا۔ خوبصورتی۔
الدُّقاق: چورہ۔ آٹا (...و الدُّقاقة): باریک خاک جس کو ہوا اڑائے۔ دُقاقُ العِيدانِ ودُقاقُها: چھپٹی۔
الدَّقِيق: باریک۔ آٹا۔ مشکل معاملہ۔ تھوڑا۔ ج اَدِقَّة و اَدِقَّاء۔ مؤنث دَقِيقَة۔
الدَّقِيقة: دقیق کا مؤنث۔ منٹ۔ درجہ کا ساٹھواں حصہ۔ ج دَقائِق۔
الدَّقِيقة: بکریاں۔ کہتے ہیں "كم دقيقتك": تمہاری بکریاں کتنی ہیں؟
الدَّقّاق: بہت کوٹنے والا۔ آٹا بیچنے والا۔
الدَّقّاقة: کوٹنے کا اوزار۔
المِدَقُّ والمُدُقُّ ج مَداقّ و (المِدَقَّة): کوٹنے کا اوزار۔
المُدَقَّقة: قیمہ۔ باریک کوٹا ہوا گوشت۔

المَدْقُوق: مفعول۔ دق کے بخار والا۔
اَلمَدَقَّة: پھولوں کی ایک درمیانی قسم۔ مؤنث کا عضو تناسل۔
مُستَدَقُّ. السَّاعِدِ: کلائی کا پتلا حصہ۔
مُستَدَقُّ كُلِّ شيءٍ: ہر چیز کا باریک و پتلا حصہ۔
دَقْدَقَ. النَّاسُ: شور مچانا۔
الدَّوابُّ: سم کی آواز سنائی دینا۔
دَقِرَ (س) دَقَرًا: شکم سیر ہونا۔...المَكانُ: سبزہ زار ہونا۔...النَّباتُ: زیادہ ہونا۔...الرَّجُلُ: شکم پری کی وجہ سے قے کرنا۔
الدَّقَرُ و الدَّقَرَة و الدَّقِيرَة و الدَّقَرَى: سرسبز وخوبصورت باغ۔
اَرضٌ (دَقْراءُ): سرسبز و نمناک زمین۔
الدَّقَران: لکڑی جس پر انگور کی بیل چڑھائی جائے۔ واحد دَقَرانَة۔
الدَّوقَرَة: بنجر زمین جو پہاڑوں کے درمیان ہو۔
الدِّقْرار: جانگھیا۔ ج دَقارِير۔
الدِّقْرارَة: چغلی۔ بری عادت۔ جھگڑا۔ ج دَقارِير: کہا جاتا ہے "جاءَ بالدَّقارِير" وہ قبیح قسم کی جھوٹی چیزیں لایا۔ جانگھیا۔ پائجامہ۔
رجلٌ دِقْرارة: چغل خور۔ پست قد۔
دَقَسَ (ن) دَقْسًا و دُقُوسًا. فِي البِلادِ: گھس جانا۔...الوَتَدُ فِي الاَرضِ: گڑ جانا۔...البِئرَ: بھر دینا۔
الدَّقْشَة: ایک چھوٹا سا جانور۔
دَقِعَ (س) دَقَعًا: تھوڑے سے گزارہ پر راضی ہونا۔ ذلت اور فقر کی وجہ سے خاک نشین ہونا۔
اَدقَعَهُ: محتاج بنا دینا۔ ذلیل کرنا۔
اَدقَعَ بِهِ والَيهِ في الشَّتمِ ونحوِهِ: گالی دینے میں مبالغہ کرنا۔ اَدقَعَ الرَّجُلُ: مٹی میں ملا ہوا ہونا۔
الدَّاقِعُ: فا۔ رنجیدہ۔ تھوڑی کمائی کا طالب۔
الاَدقَعُ: مٹی۔ جُوعٌ اَدقَعُ: سخت بھوک۔
الدَّقْعاء والدَّقاع والدِّقْعِم: مٹی (دقعم میں میم زائد ہے)
الدَّقْعاء: مٹی۔ بنجر زمین۔
کہا جاتا ہے "رَأَيتُ القَومَ (صَفقى دَقعى)": میں نے قوم کو خاک نشین دیکھا۔
الدَّيقُوع: سخت بھوک۔
الدَّوقَعَة: فقیری۔ ذلت۔
المُدقِع: زمین پر پٹک دینے والا۔ ذلیل۔ بھاگنے والا۔ دبلا۔ جُوعٌ مُدقِعٌ: سخت بھوک جو زمین پر گرا دے۔
المِدقاع: لالچی۔ تھوڑے پر راضی ہونے والا۔ ج مَداقِيع۔
دَقَلَهُ (ن) دَقْلًا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔ ناک یا منہ پر مارنا (...دُقُولًا): غائب ہونا۔...فِيهِ: داخل ہونا۔
اَدقَلَ. النَّخلُ: ردی کھجور والا ہونا۔...الرَّجُلُ: کمزور بچہ والا ہونا۔...الشَّاةُ: دبلی و کمزور ہونا۔ صفت مُدقِل۔
الدَّقَل: ردی کھجور۔ بادبان کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے "أَرَاكَ أَطْوَلَ مِنَ الدَّقَلِ وأَنتَ تَنثُرُ كَلامَكَ نَثرَ الدَّقَلِ": میں تم کو دیکھتا ہوں کہ بادبان ڈنڈے سے بھی زیادہ لمبے ہو اور گفتگو ردی قسم کی کرتے ہو۔
الدَّقَل: جسم کی ناتوانی۔
الدَّقَلَة و الدَّقِلَة و الدَّقِيلَة: دبلی پتلی بکری۔ ج دِقال و دَقائِل
دَقَمَهُ (ن) دَقْمًا: اچانک سینہ پر مار کر دھکا دینا۔ دانت توڑنا۔...الرِّيحُ عَلَيهِ: ہوا کا آنا۔
دَقِمَ (س) دَقَمًا: اگلے دانتوں کا گرنا صفت دَقِمٌ و اَدقَم۔
اَدقَمَ. فاهُ: اگلے دانتوں کو توڑنا۔
الدَّقَم: سخت غم۔
الدَّقْمَة: منہ کا اگلا حصہ۔
الدَّقَم: نقصان۔
دَقَنَ (ن) دَقْنًا. في لحيِ الرَّجُلِ: ٹھوڑی پر مکا مارنا۔ دَقَنَهُ: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔

دَکَّ (ن) دَکًّا. الحَائِطَ: دیوار گرا کر زمین کے برابر کرنا......الاَرْضَ: ہموار کرنا ......التُرَابَ: مٹی کوٹ کر ہموار کرنا......البِئرَ: کنوئیں کو مٹی وغیرہ ڈال کر پاٹنا......التُرَابَ عَلَی المیّتِ: میت پر مٹی ڈالنا......ہ: دھکا دینا......الدَابةَ فی السّیرِ: جانور کو تھکانا۔ کہا جاتا ہے "دُکَّتِ الحُمّی الرَجُلَ" بخار نے مرد کو کمزور کر دیا۔

دُکَّ: مریض ہونا۔

دَکّکَ. الشّیْئُ بالشّیْئِ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔

اِنْدَکَّ: ہموار ہونا......الرَجُلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا......السَنَامُ: کوہان کا پیٹھ کے برابر ہونا۔

تَدَاکَّ. عَلَیْہِ القَوْمُ: بھیڑ کرنا۔

الدَّکُّ: مص۔ ہموار زمین۔ ہموار جگہ۔ ج دُکُوک.

الدُکُّ ج دِکَکَۃ و(الدِکّاء) ج دُکّاءات: نرم مٹی کا پشتہ۔ نرم پہاڑ۔ الدُکَّاءُ: پست کوہان کی اُونٹنی۔

الدِّکَّۃ: ازار بند۔ صحیح لفظ التِکّۃ ہے۔

الدَّکَّۃ: ہموار ریگستان۔ بیٹھنے یا کرسی رکھنے کے لئے چبوترہ۔ ج دِکَاک.

الدُّکّان: دکان۔ چبوترہ۔ ج دَکَاکِین.

الدَّکّاک: بہت روندنے والا۔ بہت کوٹنے والا۔

الاَدَکُّ: چوڑی پیٹھ والا چھوٹا گھوڑا۔ بغیر کوہان کا اُونٹ اور اس سے اسم (الدَکَکُ) ہے ج دُکٌّ و دُکُک مؤنث دَکّاء. یَوْمٌ اوشَہر اوحَوْل (دَکِیْکٌ) پورا دن یا مہینہ یا سال۔

المِدَکُّ: مضبوط و قوی زمین کو سخت روندنے والا مرد۔ ہموار کرنے کا اوزار۔

اَمَۃٌ (مِدَکّۃ): کام کرنے میں قوی باندی۔

دَکْدَکَ. الحُفْرَۃَ: گڑھے کو مٹی سے بھر دینا۔

تَدَکْدَکَتْ. الجِبَالُ: گرنا۔

الدَکْدَک والدِکْدِکُ ج دَکَادِک و(الدَکَادِیک) ج دَکَادِیک: سخت زمین۔

دَکَسَ (ن) دَکْسًا. الشّیْئُ: بھرنا۔

دَکِسَ (س) وَکَسًا. الشّیْئُ: تہ بتہ ہونا۔

اَدْکَسَ. المَکَانُ: سبزی ظاہر ہونا۔

الدَکِیْسَۃ. مِنَ النَاسِ: لوگوں کی جماعت۔

الدَاکِس: فا۔ چھینک وغیرہ سے بدفالی۔

الدَاکِس مِنَ الظِبَاءِ: وہ ہرن جو پیچھے سے آئے اور اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔

الدُکَاس: اُونگھ۔

الدَوْکَس: شیر۔ بہت چوپائے اور بکریاں۔

دَکَلَ (ن ض) دَکْلاً. الطِیْنَ: لیپنے کے لئے ہاتھ سے مٹی جمع کرنا......الشّیْئَ: روندنا۔

دَکَّلَ. الدَابۃَ: جانور کو مٹی میں لوٹانا۔

تَدَکَّلَ: اپنے آپ کو بڑا سمجھنا......عَلَیْہِ: ناز کرنا......عَنْہ: دیر کرنا۔

الدَکَلَۃ: پتلا گارا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنے والے لوگ۔

الاَدْکَل: سیاہی مائل۔

الدَکِیْل: روندا ہوا۔

دَکَمَ (ن) دَکْمًا. الشّیْئَ: بعض کو بعض پر کوٹنا......ہ فِیْ صَدْرِہ: سینہ پر مار کر ہٹانا......فَاہ اَوْاَنْفَہ: منہ یا ناک توڑنا......المرأۃَ: جماع کرنا۔

دَکَّمَہ. فی الشّیْئِ: داخل کرنا......ہ فی رَاسِہ: سر میں سینگ سے مارنا۔

تَدَاکَمَ. القومُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔

الدُکْمۃ: سیاہی مائل رنگ۔

دَکَنَ (ن) دَکْنًا و دَکَّنَ. المتاعَ: تہ بتہ رکھنا۔ دَکَّنَ الدُکّانَ: دکان لگانا۔

دَکِنَ (س) دَکَنًا: سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَدْکَن): مؤنث دَکْنَاء. ج دُکْن.

......الثَوْبُ: میلا و گرد آلود ہونا۔

الدُکْنَۃ: سیاہی مائل رنگ۔

الدُکّان: دکان کا چبوترہ۔ ج دَکَاکِین (کلمہ فارسیہ ہے)

الدُکّانِی: دکان والا۔

دَلَّہُ (ن) دَلاَلَۃً و دُلُوْلَۃً و دِلِّیْلٰی. اِلَی الشّیْئِ وعَلَیْہِ: راستہ دکھانا۔ رہنمائی کرنا۔

(......ض) دَلًّا و دَلاَلاً و دَلَّ (س) دَلاَلاً: ناز و نخرہ کرنا......المَرْأۃُ عَلٰی زَوْجِہا: بناوٹی مخالفت کرنا......الرَجُلُ: فخر کرنا۔ اپنی داد و دہش کا احسان جتانا۔

اَدَلَّ اِدْلاَلاً. عَلَیْہِ: محبت پر بھروسہ کرنا اور اسی سے ہے "اَدَلَّ فَاَمَلَّ" اس نے محبت پر بھروسہ کیا اور ملول کر دیا۔ دلیری کرنا...... عَلٰی اَقْرَانِہ: اوپر سے دبا لینا......البَازِیْ عَلٰی صَیْدِہ: اوپر سے جھپٹا مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَ یُدِلُّ بِہ" وہ اس پر بھروسہ کرتا ہے "اَدَلَّ بالطَرِیْق" پہچاننا۔

تَدَلَّلَ. عَلَیْہِ: گستاخی و جرأت کرنا...... المرأۃُ عَلٰی زَوْجِہا: بناوٹی مخالفت کرنا۔

اِنْدَلَّ: راستہ پانا......الماءُ: گرنا۔

اِسْتَدَلَّ. عَلَیْہِ: رہنمائی کرنے کو کہنا۔

اِسْتَدَلَّ بِکَذَا عَلَی الاَمْرِ: دلیل کرنا۔

الدَالۃ. دَالٌّ: کا مؤنث۔ ناز و نخرہ۔ جرأت و دلیری۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ عَلَیْہِ دَالَّۃ" اس کو اس کے اوپر ناز ہے۔

الدَلُّ: مص۔ سکون و اطمینان کی حالت۔ اچھی سیرت۔

الدَلاَل: مص۔ ناز و نخرہ۔

الدَالُوْلاَء: ناز۔

الدِلاَلَۃ: دلالی کا پیشہ۔ دلال یا رہبر کی اُجرت۔

اَلدَلاَلَۃُ: رہنمائی، دلیل، مرشد، سیاحوں کی رہنمائی کرنے والی کتاب، سفر کارڈ، دلیل الخُلْف: ریاضی کے مسئلہ میں مخالف کے بدلنے پر دلیل قائم کرنا۔

رَطَّلَ. الشَّعْرَ : تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی کرنا...... الشَّئَ : رطل پیمانہ سے وزن کرنا (...... واَرْطَلَ) الرَّجُلُ : ڈھیلے لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔
رَاطَلَ : رطل سے بیچنا۔
الرَّطْلُ و الرِّطْلُ : بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ ۴۰ تولہ۔ ج اَرْطَال. الرَّطْلُ مِنَ الرِّجَالِ : بے وقوف۔ ست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام۔ قریب البلوغ لڑکا۔ سبک رفتار گھوڑا۔
الرَّطْلَةُ : سبک رفتار گھوڑی۔
الرُّطَيْلاءُ : رتیلا کی تصحیف ہے۔
المُرْطِلُ. مِنَ الرِّجَالِ : نرم۔ لمبا۔
رَطَمَهٗ : (ن) رَطْمًا : کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ اور مشکل کام میں پھنسانا۔
رَطِمَ و اَرْطَمَ. فِی قُعُوْدِهٖ : جم کے بیٹھنا۔
واَرْطَمَ الرَّجُلُ : خاموش رہنا۔
رُطِمَ. البَعِيْرُ : اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا۔
تَرَطَّمَ. السَّلْحَ : پاخانہ روکنا۔
اِرْتَطَمَ : کیچڑ میں گرنا یا پیچیدہ و مشکل کام میں پھنسنا...... فِی الاَمْرِ : کسی معاملہ میں پھنس جانا...... عَلَيْهِ الاَمْرُ : مشتبہ ہونا...... الشَّئُ : ڈھیر لگنا۔
الرُّطْمَةُ : پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی

دشوار ہو۔
الرُّطَام: قبض۔
الرُّطُوم: بےوقوف مرد۔
الرَّاطِم: کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔
اِمْرَأَةٌ (مَرْطُومَةٌ): بدی کے ساتھ متہم عورت۔
رَطَنَ لَهُ: (ن) رِطَانَةً ورَطَانَةً ورَاطَنَهُ مُرَاطَنَةً: عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
تَرَاطَنَ۔ القَوْمُ و تَرَاطَنُوا فِيمَا بَيْنَهُمْ: باہم عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
الرُّطَيْنَى: کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "مَاهٰذِهِ الرُّطَيْنَاكَ هٰذِهِ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے۔
رَعَثَ: (ن) رَعْثًا۔ الرِّيحُ: ہوا کا ٹھہر جانا۔
الرَّعَاع: کمینے ورذیل لوگ۔
الرَّعَاعَة: شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔
رَعَبَ: (ف) رَعْبًا ورُعْبًا: خوف کرنا......
الرَّجُلَ: خوف دلانا(......رَعْبًا) الإنَاءَ او الحَوْضَ: برتن یا حوض کا بھرنا......السَّنَامَ ونَحْوَهُ: کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ رَعَبَتِ الحَمَامَةُ: کبوتر وغیرہ کا غٹرغوں کرنا۔
رَعَّبَ تَرْعِيبًا وتَرْعَابًا۔ الرَّجُلَ: خوف دلانا......الإنَاءَ: برتن بھرنا۔
السَّنَامَ: کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا......
فُلانًا: کسی کے لئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
اِرْتَعَبَ: ڈرنا۔
الرَّعْب: جادو کا منتر۔ مقفّی نثر۔ بُرا وعدہ۔
الرُّعْب والرُّعُب: گھبراہٹ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعَبَة۔
الرَّعِيب: خوفزدہ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَعِيبُ العَيْنِ ومَرْعُوبُ العَيْنِ" بزدل جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
الرَّعَّاب: جادو کرنے والا۔ مقفّی نثر بولنے والا۔

الرَّعَّابَة: لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔
الرُّعْبُوب: بزدل۔ ج رَعَابِيب (......الرُّعْبُوبَة والرِّعْبِيب) مِنَ الجَوارِي: نازک اندام لڑکی۔
المُرْعَب: موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
التَّرْعِيبَة: کوہان کا ٹکڑا۔ ج تَرَاعِيب.
المَرْعَبَة: ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔
تَرَعْبَلَ۔ اللَّحْمُ: گوشت کے پارچے پارچے ہونا۔
......الثَّوْبَ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
......الرَّجُلُ: بےوقوف ست عورت سے نکاح کرنا۔
تَرَعْبَلَ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا پارچے پارچے ہونا......الثَّوْبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الرَّعْبَل۔ مِنَ النِّسَاءِ: بےوقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ: موٹا اونٹ۔
الرِّعْبِلَة والرُّعْبُولَة: پرانا وبوسیدہ کپڑا۔ ج رَعَابِل ورَعَابِيل اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ رَعَابِيلُ" یعنی پرانا کپڑا۔
الرَّعْبَلَة والرَّعْبَلِيل۔ مِنَ الرِّيَاح: ایک رخ پر نہ چلنے والی ہوا۔
الرُّعْبُولَة: پھٹا ہوا۔ چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔
رَعَثَتْ (ف) رَعْثًا ورَعِثَتْ: (س) رَعَثًا۔ العَنْزُ: کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔
تَرَعَّثَتْ وارْتَعَثَتْ۔ المَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔
الرَّعْث والرَّعَث: رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ: انار کی کلی۔
الرَّعْثَة والرَّعَثَة: بالی۔ مرغ کی کلغی مرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاث و جج رُعُث.
الرَّعْثَاء: بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں۔ لمبے دانہ والا

انگور۔
الرَّاعُوفَة: پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تا کہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔
رَعَجَهُ: (ف) رَعْجًا ورَعَجًا وارْعَجَهُ: غنی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ اَرْعَجَ الرَّجُلُ: بہت مال مویشی والا ہونا۔ رَعِجَ: (س) رَعَجًا المَالُ او العَقْلُ: بہت ہونا۔ الوادي: وادی کا بھر جانا۔ اِرْتَعَجَ الرَّجُلُ: کانپنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوا ولَهُمْ اِرْتِعَاجٌ" لوگ نکلے اس حال میں کہ ان کے لئے اضطراب تھا۔ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الوادي: بھر جانا۔ المَالُ: بہت ہونا۔
الرَّعْج: بہت مویشی۔
رَعَدَ: (ف ن) رَعْدًا ورُعُودًا۔ السَّحَابُ: بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے "ورَعَدَ لِي فُلانٌ وبَرَقَ" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ و "رَعَدَتِ المَرْأَةُ وبَرَقَتْ" یعنی وہ عورت بناؤ سنگھار کے سامنے آئی۔
اَرْعَدَ۔ الرَّجُلُ: کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا گڑگڑاہٹ سننا......زَيْدًا: دھمکی دینا......
الخَوْفُ: مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔
اُرْعِدَ: کپکپی ہونا۔
تَرَعَّدَ: حرکت کرنا۔ کانپنا۔
اِرْتَعَدَ: اضطراب کرنا۔ کانپنا۔
الرَّعْد: مص۔ بادل کی گرج۔ کہا جاتا ہے "جاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ والصَّلِيلِ" یعنی وہ لڑائی لایا۔
الرِّعْدَة والرُّعْدَة: کپکپی۔
الرَّعَّاد: بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور اس کو "سَمَكَةُ الرَّعْدِ" بھی کہتے ہیں۔
الرَّعَادَة: بہت بولنے والا۔

الرَّاعِدَة: گرجنے والا بادل۔ صَلَفٌ تَحْتَ
الرَّاعِدَة: اس شخص کے لئے بطور مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَوَاعِد. ذَاتُ الرَّوَاعِد: مصیبت۔
رَغْدَدَ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَغْدَدَ: کپکپی ہونا۔
الرِّعْدِيد والرِّعْدِيْدَة: بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رَعْدِيْد: نرم ونازک نباتات۔ ج رَعَادِيْد.
رَعْرَعَ. المَاءُ: پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا ...... الفَرَسَ: گھوڑے پر سدھانے کے لئے سوار ہونا...... هُ اللّٰهُ: اُگانا۔
تَرَعْرَعَ. الصَّبِيُّ: بچہ کا بڑھنا وجوان ہونا۔ ...... السماءُ او السُّرَابُ: پانی یا سراب کا متلاطم ہونا...... السِنّ: دانت کا ہلنا۔
الرَّعْرَع والرُّعْرُع والرُّعْرُاع: اچھے قد اور اچھی جوانی والا۔ ج رَعَارِع ورَعَارِيْع.
الرُّعْرَاع: بزدل۔ لمبا ازکل۔
رَعَسَ: (ف) رَعْسًا: کانپنا۔ تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا (...... رَعْسًا ورَعَسَانًا).
رَاْسَهٗ: بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا۔
اَرْعَسَهٗ: کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔
تَرَعَّسَ وارْتَعَسَ: کانپنا۔
نَاقَةٌ (رَاعِسَةٌ): اونٹنی جو نشاط میں ہو۔
الرَّعُوْس: خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا۔
الرَّعِيْس: چلنے میں لڑکھڑانے والا۔
الرَّعَّاس: نرم نیزہ جس میں لچک ہو۔
الجِرْعِس: خسیس آدمی جو گھوڑے کرکٹ میں سے دانوں کو چنے۔
رَعِشَ: (س) رَعْشًا وارْتَعَشَ: کانپنا۔ صفت (رَعِش ورَعِيْش)
اَرْعَشَهٗ ورَعَّشَهٗ: کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔ عاجز کرنا۔
الرَّعِش والرِّعْشِيْش: بزدل۔ جلد باز۔
الرَّعْشَة: جلد بازی۔

الرُّعَاش: مرض کی وجہ سے کپکپی۔
نَاقَةٌ (رَعُوْش): بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی۔
الرَّعْشَاء. مِنَ النَّعَامِ: تیز رفتار شتر مرغ۔ ...... مِنَ النُّوْقِ: تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی۔
المُرْعَش والمَرْعَش: ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے۔
الرَّعْشَن: کانپنے والا۔ بزدل۔ جلدی کرنے والا۔
رَعَصَ (ف) رَعْصًا وارْعَصَ. الشَّیْءَ: حرکت دینا۔ ہلانا۔ کھینچنا...... عَلَيْهِ جِلْدُهٗ: کھال کا پھڑکنا۔
تَرَعَّصَ وارْتَعَصَ. عَلَيْهِ جِلْدُهٗ: کھال کا پھڑکنا...... الجَدْیُ: بکری کے بچہ کا خوشی میں آکر اچھلنا۔
رَعَظَ: (ف) رَعْظًا. السَّهْمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ پیکان کی جگہ توڑ دینا۔
رَعَّظَهٗ. عَنْ كَذَا: سست کر دینا۔ جلدی کرانا ...... الوَتَدَ: اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
اَرْعَظَ. السَّهْمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ ...... فُلَانًا: سست کر دینا۔
الرُّعْظ: تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج اَرْعَاظ: کہا جاتا ہے "كَسَرَ عَلَيْهِ اَرْعَاظَ النَّبَالِ" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدت غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے۔
رَعَفَ: (ف ن) رَعْفًا. الفَرَسُ الخَيْلَ: آگے بڑھ جانا۔
رَعِفَ: (س) رَعْفًا. الدَّمُ: نکسیر پھوٹنا۔ (...... ورَعُفَ): (ف ن) رَعْفًا ورُعَافًا) الرَّجُلُ: نکسیر والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِهِ البَابُ" یعنی وہ اچانک داخل ہوا۔
اَرْعَفَهٗ: جلدی کرانا...... القِرْبَةَ: مشک کو لبالب بھرنا...... القَلَمَ: قلم میں زیادہ روشنائی لگانا۔

اِرْتَعَفَ واسْتَرْعَفَ: آگے بڑھنا۔ واسْتَرْعَفَتِ الحَصٰی رِجْلَهٗ: کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔
الرُّعْف: مص۔ نیزہ مارنے کی پھرتی۔
الرُّعَاف: نکسیر۔ بہت بارش۔
الرَّعَّاف: بہت نکسیر والا۔ بہت آگے بڑھنے والا۔
الرُّعَافِي: بہت دینے والا۔ (رُعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے۔)
الرَّاعِف: ناک۔ نتھنے کا کنارہ۔ پہاڑ کی چوٹی گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ج رَوَاعِف.
الرَّوَاعِف: نیزے۔
الرَّعُوْف والرَّاعُوْف والرَّاعُوْفَة والاُرْعُوْفَة. مِنَ البِئْرِ: کوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الرُّعُوْف: ہلکی بارش۔
المَرَاعِف: ناک اور اس کا اردگرد۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهٗ عَلَى الرَّغْمِ مِنْ مَرَاعِفِهٖ" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
المُسْتَرْعِف. مِنَ الخَيْلِ: آگے رہنے والا گھوڑا۔
رَعَقَ: (ف) رُعَاقًا ورَعِيْقًا. بَطْنُ الدَّابَّةِ: جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا۔
رَعَلَ: (ف) رَعْلًا. الشَّیْءَ: کشادہ۔ پھاڑنا...... فُلَانًا: سخت نیزہ مارنا۔
رَعِلَ: (س) رَعَلًا: بے وقوف ہونا۔ النَّبَاتُ: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والی ہونا۔ صفت (اَرْعَل)
رَعَّلَ. الكَرْمُ: انگور کی کونپلیں پھوٹنا۔
اَرْعَلَهٗ: سخت نیزہ مارنا۔
اِسْتَرْعَلَتْ. الغَنَمُ: بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا۔ اِسْتَرْعَلَ الرَّجُلُ: جنگ میں آگے آگے چلنا۔
الاَرْعَل: بے وقوف۔ مؤنث رَعْلَاء ج رُعْل: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخ والی نباتات۔ ضَرْبٌ اَرْعَل: گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے

والی کوار کی ضرب۔
الرَّعل : پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ رَعلٌ
الرَّعل : کپڑے۔
الرَّعل : شہد کی نر مکھی۔
الرُّعال : رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔
الرَّعالۃ : بے وقوفی۔
الرَّعلَۃ : شتر مرغ۔ بکری یا اونٹنی کے کان کے پچھلے حصے کو کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا۔ عیال۔ تھوڑے گھوڑوں کا یا گائیوں کا گلہ۔ ج رِعَال وارْعَال واَرَاعِیل کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتِ الخَیلُ رِعَالاً واَرَاعِیلَ" اَرَاعِیلُ الرِّیَاحِ اَو السَّحَاب: ابتدائی ہوائیں یا بادل۔
الرُّعلَۃ : انگور وغیرہ کی کونپل۔ ج رُعَل: ریحان وآس وغیرہ کا بنا ہوا تاج۔
الرَّعِیل : آگے آگے رہنے والی جماعت (گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال.
المِرْعَل : شمشیر براں۔
المِرْعَل : عمدہ مال۔
المُسْتَرْعِل : گلہ سے نکلا ہوا جانور۔ گلہ بان۔ اونٹ والا۔
رَعَمَ (ن) رَعْمًا. الشیءَ: نگہبانی کرنا۔ ...... الشَّمْسَ : آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا۔
رَعَمَتْ (ف) ورَعُمَتْ (ک) رَعَامَۃً وارْعَمَتْ. الشَّاۃُ: بہت دبلی ہونا اور ناک سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوم)
رَعَّمَ. الشَّاۃَ: بکری کی ناک کی رطوبت صاف کرنا۔
الرَّعَام: نگاہ کی تیزی۔
الرُّعَام : رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔ ج اَرْعِمَۃ.
الرُّعَامۃ والرُّعَامی: ایک قسم کا درخت۔
الرُّعَامی: جگر کی زیادتی۔
الرِّعْم: چربی۔ اُم رِعْم: بجو۔
الرَّعُوم: نفس۔
الرُّعُوم : نازک بدن عورت۔

رَعُنَ (ن) رَعْنًا ورَعِنَ (س) رَعَنًا ورَعُنَ (ک) رُعُونَۃ : بے وقوف ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ گفتگو میں طیش والا ہونا۔ صفت (اَرْعَن)
رَعَنَہ (ن) رَعْنًا. الشَّمْسُ : دھوپ لگنے سے بے ہوشی طاری ہونا۔
الرَّعن : معن۔ پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا پہاڑ۔ ج رِعَان ورُعُون.
الاَرْعَن: چوٹی والا پہاڑ۔ اونچی چوٹی والا۔
الرَّعُون : تیز یا بہت حرکت کرنے والا۔ رات کی تاریکی۔
رَعَا یَرْعُو رَعْوًا ورِعْوۃً ورَعْوۃً ورُعْوۃً : غلطی سے رجوع کرنا۔ اسم (الرَّعْوی والرُّعْیا)
اِرْعَوَی اِرْعِوَاءً. عَنِ الجَهْلِ: رکنا۔ باز رہنا۔ صفت (مُرْعَوٍ): رجوع کرنا۔
رَعَی یَرْعَی رَعْیًا ورِعَایَۃً ومَرْعًی. الماشیۃُ الکلاءَ : جانور کا گھاس چرنا...... الماشیۃَ: جانور کو گھاس چرانا...... النُّجُومَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا...... الاَمِیرُ رَعِیَّتَہ ورِعَایَۃً : امیر کا انتظام مملکت کرنا ...... عَلَیْہِ حُرْمَتَہ : پاس عزت کرنا ...... الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔
رَاعَی مُرَاعَاۃً. النُّجُوم : ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا...... الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔ انجام پر غور کرنا...... الرَّجُلَ: کسی کے حق پر نگاہ رکھنا۔ رَاعَتِ الاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا۔
رَاعِنُہُ سَمْعِي : توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لا یُرَاعِي اِلَی قَوْلِ اَحَدٍ" وہ کسی بات کی طرف توجہ نہیں کرتا۔ الحِمَارُ الحُمُرَ: گدھے کا گدھوں کے ساتھ چرنا۔
اَرْعَی. الماشیۃَ: جانور کو چرانا...... المکانَ: چراگاہ بنانا...... عَلَیْہِ: شفقت مہربانی کرنا۔ اَرْعَیْتُہ سَمْعِي: بات سننا۔ اَرْعَتِ الاَرْضُ : بہت چراگاہ والی ہونا...... اللّٰہُ الماشیۃَ: چری اگانا۔

رَعَّاہ تَرْعِیَۃً : کسی سے "رَعَاكَ اللّٰہُ" کہنا۔
اِرْتَعَتْ وتَرَعَّتْ. الماشیۃُ : جانور کا چرنا۔
اِسْتَرْعَی اِسْتِرْعَاءً. الماشیۃَ: چرانے کے لئے کہنا...... ہ مَاشِیَتَہ : رکھوالی کے لئے کہنا اور اسی سے مثال ہے "مَنِ اسْتَرْعَی الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ" جس نے بھیڑیئے سے رکھوالی کے لئے کہا اس نے ظلم کیا۔ اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو خائن کو کسی چیز کا امین بنائے...... ہ السَّمْعَ: توجہ کرنے کو کہنا...... ہ الشَّیءَ: کسی چیز کی حفاظت کرنے کے لئے کہنا۔
الرِّعْیَۃ : چرائی۔
الرُّعْیا والرُّعْوی والرَّعْیا والرَّعْوی : حفاظت۔
الرَّعْی : معن۔ کہا جاتا ہے "رَعْیًا لَکَ" یعنی تمہاری حفاظت ہو۔
الرِّعْی : گھاس۔ ج اَرْعَاء. رِعْیُ الحَمَامِ والاِبِلِ: دو گھاسوں کے نام۔
الرَّعِیَّۃ : چرنے والا جانور۔ جانور جو چرائے جائیں۔ قوم۔ کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ۔ ج رَعَایَا. رَعِیَّۃُ المَلِک ورَعَایَاہُ: تابع فرمان لوگ۔
الرَّعَاوَی والرُّعَاوَی: لوگوں کے اردگرد چرنے والے مویشی۔
الرَّعَاوِیَّۃ: عوام کے مویشی۔
الاَرْعَاوِیہ : شاہی مویشی۔
الرَّاعِی : فا۔ بہت الفت کرنے والا حاکم قوم
رَاعِیُ المَاشِیَۃ : چرواہا۔ مویشی کا نگہبان۔ ج رُعَاۃ ورُعْیَان ورُعَاء ورِعَاء : مؤنث رَاعِیَۃ ج رَوَاعٍ. رَاعِیَۃُ الشَّیْبِ ورَوَاعِیہ: بڑھاپے کی ابتداء۔ رَاعِیُ الجَوْزَاءِ ورَعِیُّ النَّعَائِم : دو ستاروں کے نام۔ رَاعِیُ البُسْتَان ورَاعِیَۃُ الاَتَّن: ٹڈیوں کی ایک قسم۔ رَاعِیَۃُ الرَّاس: جوں۔
المَرْعَی : معن۔ گھاس۔ ج مَرَاعٍ (...... والمَرْعَاۃ): چراگاہ۔

المَرْعِیُّ : جو چرا جائے۔ جس کی حفاظت کی جائے۔

رَغِبَ (س) رَغْبًا ورُغْبًا ورَغْبَةً. فِیهِ: چاہنا۔ خواہش کرنا۔ عَنْه: اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ بے التفاتی کرنا۔ چھوڑ دینا۔

بِه عَنْ غَیْرِهٖ : دوسرے پر فضیلت دینا۔

رَغِبَ (س) رَغَبًا ورَغْبٰی ورُغْبٰی رُغْبَةً ورَغَبَةً ورَغَبُوْتًا ورَغَبَانًا ورَغْبَاء اِلَیْهِ: خواری و عاجزی ظاہر کرنا۔ خواری و ذلت سے مانگنا۔

رَغُبَ (ک) رُغْبًا ورُغُبًا ورَغَابَةً: بہت کھاؤ ہونا...... الوَادِی: فراخ و کشادہ ہونا۔

رَغَّبَهٗ واَرْغَبَهٗ. فِی الشَّیْءِ : رغبت دلانا۔

رَغَبَهٗ : مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "اَرْغَبَ اللّٰہُ قَدْرَکَ" اللہ تعالیٰ تمہارے مرتبہ کو بلند کرے۔

اِرْتَغَبَ. فِیهِ : خواہش کرنا۔ چاہنا۔

تَرَاغَبَ. الوَادِی : کشادہ ہونا۔ النَّاسُ فِی الخَیْرِ: خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔

الرَّغَب : مرغوب۔

الرُّغُب والرَّغَاب. مِنَ الاَرْضِ : بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔

طَرِیْقٌ (رَغَبٌ) : کشادہ راستہ۔ ج رُغُبٌ.

الرَّغِیْب : بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَغِیْبٌ وسِقَاءٌ رَغِیْبٌ" کشادہ حوض و مشک۔ حِمْلٌ رَغِیْبٌ بھاری بوجھ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِیْبُ الخُطْوَةِ" کشادہ قدم والا گھوڑا۔ ج رِغَاب.

الرَّغُوْب : خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔

الرَّغِیْبَة. رَغِیْب : کا مؤنث۔ امر مرغوب۔ بہت عطیہ۔ ج رَغَائِب.

رَغَثَ : (ف) رَغْثًا. الوَلَدُ اُمَّه : ماں کا دودھ پینا...... ہ: لگاتار نیزے مارنا...... القَوْمُ فُلَانًا: سوال کر کے سارا مال ختم کر دینا۔

رُغِثَ : کسی سے بہت سوال کیا جانا اور اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا۔ پستان کی رگوں میں درد ہونا۔

اَرْغَثَتْ. المَرْاَةُ : دائی پلائی ہونا۔

وَلَدَهَا : دودھ پلانا۔ صفت (رَغُوْث ورَغُوْثَة ومُرْغِث) : اَرْغَثَه : پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا۔ بار بار نیزہ مارنا۔

اِرْتَغَثَ. الوَلَدُ اُمَّه : بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

الرُّغَثَاء : پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے۔

المُرَغَّث : انگلی میں انگوٹھی کی جگہ۔

رَغِدَ : (س) رَغَدًا ورَغُدَ : (ک) رَغَادَةً عَیْشُه : آسودہ و خوش حال ہونا۔ عیش کی صفت (رَغْد و رَغَد و رَغِیْد)

اَرْغَدَ. القَوْمُ: آسودہ زندگی والی ہونا...... مَوَاشِیَهُمْ : جانوروں کے چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا...... اللّٰہُ عَیْشَه: آسودہ بنانا۔

اِرْغَادَّ : رائے میں متردد ہونا...... اللَّبَنُ : دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا۔

اِسْتَرْغَدَ. العَیْشَ : آسودہ زندگی پانا۔ قَوْمٌ (رَغَدٌ) ونِسَاءٌ رَغَد : آسودہ زندگی والی قوم اور یہ رَاغِد کی جمع ہے جیسے خَادِم: کی جمع خَدَم.

الرَّغِیْدَة : ایک قسم کا کھانا جو جوش دیئے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔

المَرْغَدَة : باغ۔

رَغَسَهٗ : (ف) رَغْسًا واَرْغَسَهٗ. اللّٰہُ مَالًا وولَدًا: بہت دینا۔

اِسْتَرْغَسَهٗ: نرم سمجھنا۔

الرَّغْس : نعمت و برکت۔ نمو۔ ج اَرْغَاس.

المُرْغِس. مِنَ العَیْشِ: فراخ زندگی۔

المَرْغُوْس : مبارک۔

المَرْغُوْسَة. اَطْرَغُوس : کا مؤنث۔ کثرت سے بچے جننے والی عورت۔

رَغَشَ : (ف) رَغْشًا. عَلَیْهِ: شور مچانا۔

رَغَفَ : (ف) رَغْفًا. العَجِیْنَ : گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا...... البَعِیْرَ: اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا۔

اَرْغَفَ : چلنے میں جلدی کرنا...... اِلَیْهِ : تیز نظر سے دیکھنا۔

الرَّغِیْف : گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ چپاتی، روٹی۔ ج اَرْغِفَة ورُغُف ورُغْف ورُغْفَان وتَرَاغِیف.

وَجْهٌ (مُرَغَّف): سخت چہرہ۔

رَغَلَ : (ف) رَغْلًا. الوَلَدُ اُمَّهٗ : بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

اَرْغَلَ. الرَّجُلُ : غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا...... اِلَیْهِ: مائل ہونا...... الزَّرْعُ: کھیتی کی خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا...... الشَّیْءَ: بے موقع رکھنا۔

...... الجَدْیُ اُمَّه : بکری کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا...... المَکَانُ : رغل نامی گھاس اگانا...... المَاءَ : بہت گرانا۔

الرُّغْل : ایک قسم کی کڑوی گھاس۔ ج اَرْغَال.

الرَّغُوْل: اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَمٌّ رَغُوْل" وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کر جاتا ہے۔

الاَرْغَل. مِنَ العَیْشِ :فراخ زندگی۔

الرَّغْلَة : بکری۔ بھیڑ کا بچہ۔

رَغَمَهٗ : (ف) رَغْمًا: مغلوب و مجبور کرنا۔

رَغَمَ الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔

رَغِمَ (س) ورَغَمَ (ن) رَغْمًا ورَغَمًا. اَنْفُه لِلّٰه : ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔ صفت (رَاغِم) الاَنْفِ: ج رُغَّمَ الاُنُوْف. ورَغِمَه: ناپسند کرنا۔

رَغَّمَهٗ : ذلیل کرنا اور رغمًا رغمًا: کہنا۔

اَنْفَه : خاک آلود کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَغَّمَ اللّٰہُ اَنْفَه" یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے......

فُلَانٌ اَنْفَه: فروتنی کرنا۔

اَرْغَمَهٗ : ذلیل کرنا۔ ناراض کرنا۔ ناپسندیدہ کام پر اُکسانا...... ہ الذُّلُّ : خاک آلود کرنا۔ اَرْغَمَ فِعْلَه : اپنے الل کو ناپسندیدگی

سے چھوڑنا۔۔۔۔۔الـلُّقْمَةَ مِنْ فِيهِ :لقمہ کو منہ سے مٹی میں ڈالنا۔۔۔۔۔اَللّٰهُ اَنْفَهُ :ذلیل کرنا۔

اَرْغَمَتِ الْغَنَمُ اَوِ الظِّبَاءُ :بکری بھیڑ یا ہرن کی ناک سے پانی بہنا۔

رَاغَمَهُ :باہم غضبناک ہونا۔ایک دوسرے کو چھوڑنا۔دشمنی کرنا۔غصہ سے علیحدہ ہونا۔

تَرَغَّمَ. عَلَيْهِ :غضبناک ہونا۔تَرَغَّمْتُ الرَّجُلَ :کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا۔

الرَّغْم والرُّغْم والرِّغْم :ناپسندیدگی۔مجبوری۔ذلت۔مٹی۔کہاجاتا ہے"اَتَـى عَلَـى رَغْمِـهِ" وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا۔

الرَّاغِم :قَا۔رَاغِمُ الانْف :ذلیل۔ج رُغْمُ الْاُنُوف.

الرَّغَام:مٹی یا مٹی ملی ہوئی ریت۔

الرُّغَام :رینٹ۔ج اَرْغِمَة.

الـرَّغَـامَة :حاجت۔مطلوب۔کہاجاتا ہے "لِيْ عِنْدَ فُلَانٍ رُغَامَة" مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے۔

الرَّغْمَاءِ. مِنَ الشَّاءِ :ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری۔

الـمَـرْغِـم والـمَـرْغَـم. ج مَـرَاغِـم و(الرُّغَـامَى) نـاک الرُّغَامَى :جگر کی زیادتی۔پھیپھڑوں کی رگیں۔

الـمُـرَاغَم :مقع۔بھاگنے کی جگہ۔جانے کی جگہ۔کہاجاتا ہے"اِذْلِی عَنْ دَارِ الْهَوَانِ مُـرَاغَـم" میرے لئے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے۔قلعہ۔

المَرْغَمَة :ناپسندیدگی۔کہاجاتا ہے"فَعَلْتُ ذٰلِکَ عَـلَـى مَـرْغَـمَـتِـهِ" میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا۔

الـمِـرْغَام :غضب میں ڈالنے والا۔مؤنث مِرْغَامَة.

رَغَنَ (ف) رَغْنًا. فِيْهِ :لالچ کرنا۔اِلَيْهِ: کان لگانا۔

اَرْغَنَه :طمع دلانا۔اَرْغَنَ الاَمْرَ :آسان کرنا

......اِلَيْهِ :کان لگانا۔اَرْغَنَ لِفُلَانٍ :اطاعت وفرمانبرداری کرنا۔

الاَرْغُن والاَرْغُنُوْن :(آرگن)(ایک باجہ کانام)

رَغَا :(ن)رُغَـاءً. الـبَـعِـيْرُ اوِالـنَّـعَـامُ اوالـضَّـبُـعُ :بلبلانا۔چیخنا۔۔۔۔۔الـصَّـبِـيُّ :بہت رونا۔

......الرَّعْدُ :زور سے گرجنا۔

رَغَا :(ن)رَغْـوًا رَغْـى تَـرْغِيَةً واَرْغَى اِرْغَاءً. اللَّبَنُ وَنَحْوُهُ :دودھ پر جھاگ آنا۔کہاجاتا ہے"اَرْغَـى الـرَّجُل واَزْبَدَ"مرد غضب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی دی۔و"اَتَيْتُهُ فَمَا اَثْغَى ولا اَرْغَى" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ اُونٹنی

......ہ :ذلیل کرنا۔مغلوب کرنا۔ورَغَّـى فُلَانًا :غضبناک کرنا۔

اِرْتَـغَى. الـلَّبَنَ :دودھ سے جھاگ اتار لینا

......الرُّغْوَة: جھاگ پینا۔

الـرَّغْـوَة والـرُّغْوَة والرِّغْوَة. ج رُغًى ورِغًى و(الرُّغَـايَة والرِّغَـايَة والرِّغَاوَة والرُّغَاوَى والرِّغَاوَى) مِنَ اللَّبَنِ :دودھ کا جھاگ۔

الرَّاغِيَة :اُونٹنی۔کہتے ہیں"مَـالَهُ ثَاغِيَة ولاَ رَاغِيَة" نہ تو اس کے پاس بکری ہے نہ اُونٹنی۔

المِرْغَاة :کفگیر۔

المُرْغِيّ. مِنَ الكلام :مبہم گفتگو۔

رَفَّ :(ن ض) رَفًّـا :بہت کھانا۔۔۔۔۔ہ : خدمت کرنا۔بھلائی واحسان کرنا۔ہر قسم کی خدمت کرنے میں کوشش کرنا۔۔۔۔۔النَّاسُ بِهِ : گھیر لینا۔۔۔۔۔بِـهِ :اکرام وتعظیم کرنا۔کہاجاتا ہے"ذَهَبَ مَنْ كَانَ يَحُفُّهُ وَيَرُفُّهُ" وہ شخص چلاگیا جو اس پر نوازش ومہربانی کرتا تھا۔

الْبَيْتَ :گھر میں اَلگنی بنانا۔۔۔۔۔الی کذا: خوش ہونا۔رَفَّتْ عَيْنُهُ :پھڑکنا۔۔۔۔۔الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔۔۔۔۔شَفَتَيْهِ:ہونٹ کا چوسنا۔

......اللَّبَنَ :ہر روز دودھ پینا۔۔۔۔۔ثَوْبَهُ: دوسرا کپڑا لگاکر نیچے سے کشادہ کرنا۔

الدَّابَّة :بھوسہ کھلانا۔

رَفَّ :(ض) رَفًّـا ورَفِيْـفًـا وارْتَفَّ. النَّبَاتُ :لہلہانا۔رَفَّتِ الْعَيْنُ :پھڑکنا۔

رَفَّ الْبَرْقُ :بجلی چمکنا۔رَفَّ لَوْنُـهُ :چمک اٹھنا۔

اَرَفَّ اِرْفَافًا. الطَّائِرُ :پرندے کا دونوں بازو پھیلانا۔

الـرَّفّ :مص۔الگنی۔لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ دیں۔ریت کی باریک نوک۔مویشی کا گلہ یا پرندوں کی ڈار۔بکریوں کا باڑہ۔ملائم کپڑا۔ج رُفُوف ورِفَاف.

الـرِّف :اُونٹوں کا گلہ۔ہرن کا پینا۔کہاجاتا ہے"اَخَذَتْهُ الحُمّٰى رِفًّا"اس کو روزانہ بخار آیا۔

الرُّف والرُّفَّة :بھوسہ وبھوسہ کا چورہ۔

الرُّفَاف :بھوسہ کا چورہ۔

الـرَّفِيف :مص۔چھت۔فراخ سالی۔۔۔۔۔فتـى رفيف الاَخْلَاق :اچھے اخلاق والا جوان۔

الـرَّفَّـاف :اسم مبالغہ۔کہاجاتا ہے"ثَـغْـرٌ رَفَّاف"سفید وشفاف دانت۔

رَفَا :(ف)رَفْأً. الثَّوْبَ: کپڑے کو رفو کرنا۔مرمت کرنا۔۔۔۔۔ہ : خوف سے تسکین دینا۔مدد دینا۔۔۔۔۔بَيْنَهُمْ :صلح کرانا۔۔۔۔۔السَّفِيْنَةَ : کشتی کو کنارہ پر لانا۔

رَفَّأَهُ تَـرْفِئَةً وتَـرْفِيْئًا :مبارک باد دینا اور "بِالرِّفَاءِ وَالْبَنِيْنَ" کہنا(بالرفاء والبنين) : شادی کرنے والے کے لئے دعا ہے کہ تم دونوں میں اتفاق واتحاد رہے اور تمہارے بیٹے پیدا ہوں۔

اَرْفَأَ. اِلَيْهِ :قریب ہونا اور پناہ لینا۔

الشَّيْءَ اِلَيْهِ :قریب کرنا۔۔۔۔۔الرَّجُلَ: کنگھی کرنا۔

......السَّفِيْنَةُ :کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا۔

ارْفَأَهُ ورَافَأَهُ :مدارات کرنا۔مدد کرنا۔

الرِّفَاء :اتفاق۔

الرَّفَّاء: رفوگر۔
المَرْفَأُ والمُرْفَأُ. من البَحْرِ: بندرگاہ۔ ج مَرَافِئ۔
رَفَتَ: (ن ض) رَفْتًا. الشَيْءَ: توڑنا، کوٹنا، چورہ کرنا (......وارْفَتَّ وتَرَفَّتَ): ٹوٹنا، چورہ ہونا...... العَظْمُ: ریزہ ریزہ ہونا۔
الحَبْلُ: رسی کا کٹ جانا۔
الرُّفَت: بھوسہ۔ ہر چیز کو توڑنے والا۔
الرُّفَات: چورہ۔ ریزہ۔ ہر وہ چیز جو ٹوٹ جائے اور بوسیدہ ہو جائے۔
رَفَثَ: (ن ض) رَفْثًا ورَفِثَ: (س) رَفَثًا وارْفَثَ. فِي كَلَامِهِ: فحش گوئی کرنا۔
الرَّفَث: مص۔ گندی گفتگو۔ جماع۔
رَفَّحَهُ: نئی شادی والے کو مبارکباد دینا۔
رَفَخ. عَيْشٌ رَافِخ: ناز ونعمت کی آسودہ زندگی۔
الرُّفُوخ: مصیبتیں۔
رَفَدَهُ: (ض) رَفْدًا وارْفَدَهُ: دینا۔ مدد دینا۔
رَفَدَ الحَائِطَ: سہارا دینا۔ رَفَدَ الدَّابَّةَ وعَلَيْهَا وارْفَدَلَهَا: چوپایہ کے لئے پالان بنانا۔
رَافَدَهُ: مدد دینا۔
رَفَّدَه: تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔
تَرَافَدَ. القَوْمُ: باہم مدد کرنا۔
ارْتَفَدَ. المَالَ: کمائی کرنا۔ حاصل کرنا۔
اسْتَرْفَدَهُ: عطیہ طلب کرنا۔ مدد طلب کرنا۔
الرَّفْد: مص۔ حصہ۔ بڑا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "أُرِيقَ رَفْدُهُ" اس کا انتقال ہو گیا۔
الرِّفْد: ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ بڑھا دی جائے تا کہ اس کے لئے سہارا ہو جائے۔ عطیہ۔ مدد۔ بڑا پیالہ۔ ج أَرْفَاد ورُفُود۔
الرِّفْدَة: لوگوں کی جماعت۔ ج رِفَد۔
الرِّفْد: فا۔ بادشاہ کی غیوبت میں اس کا قائم مقام۔ ج رُفَدَ۔
الرَّافِدَان: دریائے دجلہ وفرات۔

الرَّافِدَة: پل کے اوپر چھت کی لکڑی۔ عوام اسے "وُصْلَة" کہتے ہیں۔ ج رَوَافِد۔
الرِّفَادَة: زخم کی پٹی۔ زین۔ زین یا کجاوہ کے سہارے کی چیز۔
نَاقَةٌ (رَفُوْدٌ): ایک دفعہ کے دوہنے میں پیالہ بھرنے والی اونٹنی۔ ج رُفُد۔
المِرْفَد والمَرْفَد: مدد۔ ج مَرَافِد۔
المِرْفَد: بڑا پیالہ۔ ج مَرَافِد۔
المَرَافِيد: بکریاں جن کا دودھ جاڑے یا گرمی میں کبھی ختم نہ ہو۔
المُرْفِد: بازیگر۔
رَفْرَفَ. الطَّائِرُ: پرندے کا پر پھڑپھڑانا...... الشَّيْءُ: آواز کرنا۔
الرَّفْرَف: لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر رکھ دیں۔ خیمہ کا دامن۔ زرہ کے کنارے زرہ کا لٹکتا ہوا حصہ۔ درخت وغیرہ کی لٹکتی ہوئی شاخیں۔ ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دی جائے۔ فرش۔ بچھونا۔ تکیہ باریک ریشمی کپڑا۔ کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے نچلے حصہ میں سیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَتِ الرِّيحُ رَفْرَفَ الفُسْطَاطِ" ہوا نے خیمہ کے دامن کو ادھر ادھر کر دیا۔ رَفْرَف الدِّرْعِ: زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر ڈال لیتے ہیں۔ ج رَفَارِف۔
الرَّفْرَاف: ایک پرندہ جس کو "خَاطِفُ ظِلِّهِ" بھی کہتے ہیں۔ نر شتر مرغ۔
رَفَزَهُ: (ض) رَفْزًا: مارنا۔
الرَّافِز: حرکت کرنے والی رگ۔
رَفَسَهُ: (ن ض) رَفْسًا ورِفَاسًا: سینہ پر مارنا...... البَعِيرَ: اونٹ کے پاؤں باندھنا ...... اللَّحْمَ ونَحْوَهُ: گوشت کا قیمہ کرنا۔
الرِّفَاس: اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔
الرَّفْسَة: سینہ پر لات مارنا۔
نَاقَةٌ (رَفُوْسٌ): دولتی مارنے والی اونٹنی۔
رَفَشَ: (ن) رَفْشًا: کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا۔ خوب کھانا پینا...... القَمْحَ: گیہوں کو بیلچے سے اٹھا کر لے جانا...... الشَّيْءَ: کوٹنا (...... رُفُوْشًا) فِي الأَمْرِ: کشادہ ہونا۔
رَفِشَ (س) رَفَشًا: چوڑے کانوں والا ہونا صفت (أَرْفَش) مؤنث رَفْشَاء. ج رُفْش.
رَفَّشَ. لِحْيَتَهُ: داڑھی میں کنگھا کرنا۔
الرَّفَّاش: گیہوں کو بیلچے سے اٹھا اٹھا کر ناپنے والے کے پاس ڈالنے والا۔
الرَّفْش: مص۔ بیلچہ۔ کشتی کا چپو۔
المِرْفَشَة: بیلچہ۔
رَفَصَ. تَرَافَصُوا المَاءَ: باری باری پانی پر آنا۔ ہر ایک آنے والے کو (رَفِيص) کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَفِيصُكَ" وہ تمہارا پانی پینے میں ساتھی ہے۔
ارْتَفَصَ. السِّعْرُ: بھاؤ گراں کرنا۔
الرُّفْصَة: پانی پینے کی باری۔
رَفَضَ: (ن ض) رَفْضًا ورَفَضًا. الشَّيْءَ: پھینکنا، چھوڑنا۔ صفت رَافِض ج رَافِضُونَ ورَفَضَه ورُفَّاض (...... وارْفَضَّ) الإِبِلَ: چراگاہ میں متفرق کر دینا۔ رَفَّضَ وارْفَضَّ الوَادِي: کشادہ ہونا۔
تَرَفَّضَ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔ ٹوٹنا۔ الدَّمْعُ: آنسو بہانا اور بکھرنا۔
ارْفَضَّ. الدَّمْعُ: آنسو بہنا اور ٹپکنا ...... الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا...... الشَّيْءُ: متفرق ہو کر جانا اور اسی سے ہے "ارْفَضَّ النَّاسُ عَنْهُ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے...... الوَجَعُ: درد کا زائل ہونا۔
اسْتَرْفَضَ. الوَادِي: کشادہ ہونا۔
الرَّفْض: مص...... رِفَاض و (الرَّفَض): ج أَرْفَاض: اونٹنیوں یا ہرنوں کا متفرق گلہ۔ کہا جاتا ہے "نَعَامٌ رَفَضٌ" تھوڑے متفرق شتر مرغ۔ چیز کا بکھرا ہوا حصہ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فِي القِرْبَةِ رَفَضٌ مِنْ مَاءٍ" مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔
الرَّافِضَة: جنگ وغیرہ میں اپنے قائد ورہنما

کو چھوڑ دینے والی جماعت۔ ج رَوَافِض
اور اسی سے ہے "لاَ خَیْرَ فِی الرَّوَافِض"۔
الرَّافِضَة: شیعوں کی ایک جماعت اور نسبت
کے لئے "رَافِضِیٌّ"۔
الرِفَاض: پریشان راستے۔
الرُفَاض. مِنَ الشَّیْ: ٹکڑے۔ ریزے۔
رَجُلٌ (رُفَضَةٌ رُفَضَة) جمع کرنے والا اور
چھوڑ دینے والا مرد۔
الرُفُوض: متفرق گھاس۔ رُفُوضُ النَّاسِ:
لوگوں کے گروہ۔ رُفُوضُ الاَرْضِ: زمین جو
کسی کی ملکیت نہ ہو۔ زمین جو حمی ہونے کے
بعد چھوڑ دی گئی ہو۔
الرَّفِیْض: چھوڑا ہوا۔ پیٹ۔ ٹوٹا ہوا نیزہ۔
الرَّفِیْض والمَرْفُوض: چھوڑا ہوا۔
المَرْفِض. مِنَ الوَادِی: سیلاب بہنے کی
جگہ۔ ج مَرَافِض
رَفَعَ: (ف) رَفْعًا. الشَّیْ: اٹھانا...... فلانًا
عَلٰی صَاحِبِهٖ فِی المَجْلِس: آگے بڑھانا
...... الکَلِمَةَ: رفع کی علامت لگانا
...... الشَّیْ: لینا...... الشَّیْ فِی خَزَانَتِهٖ":
چھپانا...... الجَمَلُ فِی السَّیْر: چلنے میں
جلدی کرنا...... القَوْمُ: ملکوں میں گھستے چلے
جانا...... الجَمَلَ: تیز چلانا...... الحَدِیْث:
پہلے قائل تک سند پہنچانا۔
(...... رَفْعًا ورَفَاعًا ورَفَاعَةً) القَوْمُ الزَرْعَ:
کاٹنے کے بعد کھلیان میں لے جانا
(...... رَفْعًا ورُفْعَانًا) زَیْدًا اِلَی الحَاکِم:
فیصلہ کرانے کے لئے جانا...... ہ اِلَی
السُلْطَان: پیش کرنا۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا
ہے "هٰذَا اَمْرٌ یَرْفَعُ الرَّاسَ" یہ ایسا امر ہے
جو سر کو بلند کر دیتا ہے یعنی باعث مجد و بزرگی
ہے۔ "وفُلاَنٌ لاَ یَرْفَعُ العَصَا عَنْ عَاتِقِهٖ"
یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے۔
رَفُعَ: (ک) رِفْعَةً ورَفَاعَةً: عالی مرتبہ
ہونا۔ صفت (رَفِیْع) ورَفُعَ رَفَاعَةً: بلند آواز
والا ہونا...... الثَّوْبُ: باریک ہونا۔ صفت
(رَفِیْع)

رُفِعَ. لَهُ الشَّیْ: دور سے دیکھنا۔
رَافَعَهٗ: بلند کرنا۔ رَافَعَ القَوْمَ: لڑائی سے دور
کرنا۔
رَافَعَهٗ. اِلَی الحَاکِم: شکایت کر کے فیصلہ
کے لئے حاضر کرانا...... ہ: قطع تعلق کرنا......
بِهِمْ: رحم کرنا۔
تَرَفَّعَ: برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے
"تَرَفَّعَتْ بِیْ هِمَّتِیْ عَنْ کَذَا" میری ہمت
نے مجھ کو اس سے برتر بنا دیا ہے الشَّیْ
او الرَّجُلَ: بلند کرنا۔
تَرَافَعَا: ایک دوسرے کو بلند کرنا......
الخَصْمَان اِلَی الحَاکِم: فیصلہ کے لئے
جانا۔
اِرْتَفَعَ: بلند ہونا...... السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا
...... النَّهَارُ: دن کا چڑھنا...... دراز ہونا۔
...... مِنْ بَیْنِهِمُ الخِصَامُ: دشمنی زائل
ہونا...... الشَّیْ: بلند ہونا۔
اِسْتَرْفَعَ. الشَّیْ: اٹھانے کو کہنا......
الخِوَانُ: دسترخوان خالی ہونا اور اٹھانے کا
وقت آنا۔
الرَّافِع. فا۔ بَرْقٌ رَافِعٌ" چمکنے والی بجلی۔
الرِفْعَة: مص۔ بلندی و مرتبہ۔
الرَّفَاع والرِفَاع: کھیتی میں دانے کا موٹا
ہونا۔ کٹی ہوئی کھیتی کا کھلیان میں لے جانا۔
الرَافِعَةُ وَالمِحْمَل: (فارسی کلمہ): بوجھ
اٹھانے کا اوزار۔ کرین۔ پتھر توڑنے کا آلہ
بھاری اشیاء تولنے کا آلہ جس کا دوسرا نام
القبان بھی ہیں قینچی جس کو المِقَصّ بھی بولتے
ہیں۔ دستپناہ جس کو المِلْقَط: بولتے ہیں۔
چمٹی جس کو الکَمَّارَةُ بولتے ہیں۔ ☆
الرَّفَاعَة والرُّفَاعَة والرِفَاعَة. مِنَ الصَّوْتِ
: آواز کی بلندی و شدت۔ الرِفَاعَة
والرُّفَاعَة: گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر
بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔
الرَّفِیْعَة: حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا
معاملہ۔
المَرْفُوع: ملع۔ ایک قسم کی تیز دوڑ...... مِنَ

الکَلاَمِ: بلند گفتگو۔ والحَدِیْثُ المَرْفُوْعُ
عِنْدَ المُحَدِّثِیْنَ: وہ حدیث جس کی سند نبی
کریم ﷺ تک متصل ہو۔
الاِرْتِفَاعُ: ارباب مساحت کے نزدیک بلندی
مثلث یا اضلاع والی یا مخروطی شکل میں۔ دو
قاعدوں کے درمیان ایک عمود (علم مندسہ
والوں کے نزدیک) کسی ستارے کا بلند ہونا
(فلکیات میں) وہ زاویہ جو کہ افق اور زمین
و کوکب کے درمیان واقع ہونے والے
سیدھے خط کے درمیان ہو۔
المِرْفَع: بلند کرنے کا آلہ۔
المَرْفَع والمَرَافِع. عِنْدَ المَسِیْحِیِّیْن:
مسیحیوں کے روزہ سے پہلے کچھ مقررہ دن۔
رَفُغَ: (ک) رَفَاغَةً. العَیْشُ: کشادہ و
آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِغ ورَفِیْغ وَاَرْفَغ)
اَرْفَغَ: لَهُ المَعَاش: آسودہ و کشادہ بنانا۔
تَرَفَّغَ: آسودگی میں زندگی بسر کرنا۔
جماع کے لئے عورت کی دونوں رانوں کے
درمیان بیٹھنا۔
الرَّفْغ: ج اَرْفُغ ورِفَاغ: وادی کی بہت
بری جگہ۔ بہت خاک والی زمین۔ کہا جاتا
ہے "جَاءَ بِمَالٍ کَرَفْغِ التُّرَاب" یعنی وہ
بہت زیادہ مال لایا۔ گوشہ...... ج اَرْفَاغ
ورُفُوْغ: جسم میں میل جمع ہونے کی جگہ۔
جوار کا بھوسہ۔
اَرْفَاغُ النَّاسِ: نااہل و کمینے لوگ۔
الرَّفْغ والرَّفَاغَة والرَّفَاغِیَة: آسودہ زندگی
طِیْنٌ رَفْغ: نرم چونے کا گارہ۔ الرَّفْغ:
ناخن کا میل۔
الرُّفْغ: بغل۔ اندام نہانی کا ارد گرد اور اسی
سے ہے "اِذَا التَقَی الرُّفْغَان وَجَبَ
الغُسْلُ" یعنی جب دونوں شرمگاہ مل جائیں تو
غسل واجب ہو جاتا ہے۔
الرُّفْغ: ناخن کا میل۔
المَرَافِغ: کج ران و بغل (جمع ہے اور اس کا
واحد نہیں۔)
المَرْفُوْغَة: تنگ اندام نہانی والی عورت

جس سے کوئی جماع نہ کر سکے۔
رَفَقَهٗ :(ن)رَفْقًا: نفع پہنچانا۔مدد کرنا۔کہنی پر مارنا.....النَّاقَةَ : اُونٹنی کے بازو کو باندھنا۔العَمَلَ: مضبوطی سے کرنا۔
رَفَقَ ورَفُقَ :(ن وک)ورَفِقَ:(س)رِفْقًا ومَرْفِقًا ومَرْفَقًا ومِرْفَقًا. بِهٖ وَلَهٗ وعَلَيْهِ : مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
رَفِقَ :(س)رَفَقًا. البَعِيْرُ: پہلو سے مڑی ہوئی کہنی والا ہونا۔صفت(اَرْفَق)
رَفُقَ:(ک)رَفَاقَةً. الرَّجُلُ: ساتھی ہونا۔
رَافَقَهٗ :رفیق ہونا۔ساتھی ہونا۔کہاجاتا ہے "رَافَقَهٗ فِي السَّفَرِ" وہ سفر میں اس کے ساتھ رہا۔
اَرْفَقَهٗ :مہربانی کا برتاؤ کرنا۔نفع پہنچانا۔
تَرَفَّقَ. بِهٖ :مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
عَلَيْهِ :سہارالینا۔
تَرَافَقَ. الرَّجُلَانِ :ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔
اِرْتَفَقَ :کہنی یا تکیہ پر ٹیک لگانا۔مدد طلب کرنا۔
الإنَاءُ :بھرجانا۔القَوْمُ: سفر میں باہم ساتھی ہونا۔بِهٖ: نفع اٹھانا۔
اِسْتَرْفَقَهٗ :مہربانی طلب کرنا۔نفع رسانی طلب کرنا۔
تَمَرْفَقَ :تکیہ لینا۔
الرِفْق :مص۔نرم برتاؤ۔مہربانی۔ہر وہ چیز جس سے مدد لی جائے۔
الرَفْق :مص۔نرم۔آسان۔کہاجاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ رَفْقُ الْبُغْيَةِ" یہ سہل الحصول معاملہ ہے۔الرَفَق: تھن میں دودھ کی نالیوں میں خرابی۔نَاقَةٌ (رَفِقَة ورَفْقَاء): اُونٹنی جس کے تھن کے اندر دودھ کی نالیوں میں خرابی ہو۔
الرِفْقَة والرَفْقَة والرُفْقَة والرُفَاقَة : ساتھیوں کی جماعت۔ج رِفَاق ورِفَق ورُفَق واَرْفَاق.
الرَافِقَة: لطف ومہربانی۔بہتر سلوک۔
الرِفَاق :اُونٹنی کے بازو باندھنے کی رسی۔ج رُفُق.
الرَفِيْق: ساتھی۔مہربان۔ج رُفَقَاء.
المِرْفَق والمَرْفِق: کہنی۔ہر وہ چیز جس سے سہارا لیا جائے۔ج مَرَافِق.
المَرْفِق :ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے اور اسی سے ہے "مَرَافِقُ الدَّارِ" :یعنی گھر کے منافع جیسے کنواں' باورچی خانہ' پاخانہ وغیرہ۔و"مَرَافِقُ البِلَادِ" شہر کے منافع جن سے سارے باشندے مستفید ہوں۔
المِرْفَقَة : چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسار رکھتے ہیں۔
المِرْفَق المُرْتَفَق :تکیہ لگانے کی جگہ۔
المُرْتَفِق :بھرا ہوا۔ثابت۔
رَفَلَ :(ن) رَفْلًا ورُفُوْلًا ورَفَلَانًا: دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا۔ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا۔صفت مذکر(رَفِل) صفت مؤنث(رَفِلَة)
رَفَلَ :(ن) رَفْلًا ورَفِلَ (س) رَفَلًا: بدنما لباس پہننا۔بے ڈھنگے طریقے سے کام کرنا۔صفت مذکر(اَرْفَل ورَفِل): صفت مؤنث رَفْلَاء.
اَرْفَلَ: دامن گھسیٹنا۔ناز سے چلنا۔
ثِيَابَه : کپڑوں کو لٹکانا۔کہاجاتا ہے "اَرْفَلَ رِفْلَه" اس نے دامن لٹکایا۔
رَفَّلَهٗ :تعظیم کرنا۔سردار بنانا۔مالک بنانا۔ذلیل کرنا۔الإزَارَ: ازار لٹکانا اور ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ :تکبر کی وجہ سے ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ. عَلَيْهِ :رئیس وسردار بننا۔
الرِفْل :دامن۔
الرَّفَل :مص۔مِنَ البِئْرِ: کنوئیں کی تہ کا تھوڑا پانی۔
الرَفَل :لمبے دامن والا۔لمبی دم والا گھوڑا۔بہت گوشت والا۔کشادہ کپڑا۔
عَيْشٌ رِفَلٌ :کشادہ زندگی۔
الرَّفَال. مِنَ الشَّعْرِ :لمبے بال۔
المِرْفَال. مِنَ الرِّجَالِ والنِّسَاءِ :دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنے والا یا چلنے والی۔
الرِفَلَان :آہستہ آہستہ قطروں والی بارش۔
رَفَهَ (ف)رَفْهًا ورِفْهًا ورُفُوْهًا :خوش حال ہونا۔صفت(رَافِه ورَفْهَان)
رَفَهَتِ الإبِلُ :حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔صفت(رَافِهَة) ج رَوَافِه.
رَفُهَ :(ک)رَفَاهًا ورَفَاهِيَةً ورَفَاهَةً العَيْشُ: زندگی کا خوش گوار وآسودہ ہونا۔صفت(رَافِه ورَفِيه)
رَفَّهَ واَرْفَهَ. الرَّجُلَ : آسودہ وخوشحال بنانا۔
رَفَّهَ عَنْه :مہلت دینا۔بارغم ہلکا کرنا۔کشادگی کرنا۔اَرْفَهَ ورَفَّهَ الرَّاعِي. الإبِلَ :حسب مرضی آنے دینا۔اَرْفَهَتِ الإبِلُ :اُونٹ کا پانی کے قریب رہنا۔اَرْفَهَ القَوْمُ: قوم کے مویشی کا حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔
رُفِّهَ. عَنْه :تنگی ورنج دور کیا جانا۔
اَرْفَهَ وتَرَفَّهَ واسْتَرْفَهَ :آرام لینا۔
الرِفْهُ :مص۔چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔
الرَفَهَة :رحمت ومہربانی۔
هُوَ (رَافِه) بِهٖ :وہ اس پر مہربان ہے۔
الرُفَهْنِيَةُ :فراخی عیش' ارزانی۔
الرُفَه :خشک گھاس اور اسی سے مثل ہے "اَغْنَى مِنَ التُفَهِ عَنِ الرُفَه".
رَفَا:(ن)رَفْوًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر رفو کرنا۔درست کرنا۔صفت(رَافٍ) ج رُفَاة اور صفت مفعول(مَرْفُوّ)...... ٥: ڈر دور کرنا۔فاقہ دور کرنا۔
رَفَّى تَرْفِيَةً. العَرِيْسَ :شادی شدہ کو دعا دینا اور "بالرِفَاءِ والبَنِيْنَ" کہنا۔
رَافَى رِفَاءً ومُرَافَاةً. الرَّجُلَ :موافقت کرنا۔
اَرْفَى. اِلَيْهِ :پناہ لینا۔
تَرَافَى. القَوْمُ عَلَى الأمْرِ :باہم موافق ہونا۔
الرِفَاء :اتفاق وموافقت۔
الأرْفَى :ڈھیلے پن کے ساتھ لمبے کانوں

والا۔مؤنث رَقُوَاء ج رُقُو.
الارُقیٰ: ہرن کا دودھ یا مطلقاً دودھ۔
رَقَّ: (ض) رِقَّةً: پتلا ہونا.....لَـهٗ: رحم کرنا
.....وَجْهُـهٗ: شرم کرنا.....الـرَّجُلُ: برے حال والا اور کم مال والا ہونا۔کہا جاتا ہے "رَقَّتْ عِظَامُهٗ" یعنی بوڑھا ہوگیا۔
رَقَّ: (ض) رِقًّا. العَبْدُ: غلام بنانا یا غلام رہنا۔
رَقَّقَهٗ: پتلا کرنا۔رَقَّقَ اللَّفْظَ: نرمی سے پڑھنا
.....الكَلَامَ: خوبصورتی سے گفتگو کرنا۔
.....مَشْيَهٗ: آہستہ چلنا.....مَابَيْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا۔
اَرَقَّ. الشَّئَ: پتلا کرنا.....الوَاعِظُ قَلْبَه: دل کو نرم کرنا.....الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا۔
.....العِنَبُ: انگور کا پتلے چھلکے اور زیادہ شیرہ والا ہونا۔العَبْدَ: غلام کا مالک ہونا۔
تَـرَقَّقَ. الشَّئُ: پتلا ہونا.....لَهٗ: رحم کھانا۔ترس کھانا۔
اِسْتَرَقَّ. الشَّئُ: پتلا ہونا.....العَبْدَ: غلام کا مالک ہونا.....اللَّيْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا.....المَاءُ: پایاب ہوجانا۔
الرِّقُّ: مص۔غلامی۔پتلی چیز۔پتلی کھال۔جس پر لکھا جائے۔سفید کاغذ کا تختہ۔درخت کے پتے یا جانوروں کے لئے آسانی سے حاصل ہونے والی ٹہنیاں۔
الرَّقُّ: لکھنے کے لئے پتلی کھال۔سفید کاغذ کا تختہ۔پتلا۔مگرمچھ کے مشابہ ایک آبی جانور۔بڑا یا نر کچھوا۔ج رُقُوق.
الرِّقُّ والرُّقُّ والرَّقَقُ: نرم و کشادہ زمین۔
الرُّقُّ: سمندر یا وادی کا پتلا پانی۔
الـرَّقَـقُ: کمزوری۔باریکی۔کھانے کا پتلا پن۔
الـرَّقَّةُ: زمین جو پانی سے بھر جائے اور پھر خشک ہوجائے۔ج رِقَاق. الرَّقَّةُ: ایک شہر کا نام۔الـرَّقَّتَـان: دوشہر ہیں جن کے نام رَقَّة ورَافِقَة ہیں اور یہ باب تغلیب سے ہے۔
الرِّقَّة: رحمت۔مہربانی۔شرم۔باریکی۔رِقَّةُ العَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔رِقَّةُ الجَانِبِ: ضعف و کمزوری سے کنایہ ہے۔
الرَّقَاق: بیابان۔ہموار نرم زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہوچکا ہو۔
الـرُّقَاق: پتلا۔پتلی روٹی۔واحد (الـرُّقَاقَة): نرم مٹی والی کشادہ زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہوچکا ہو۔
الـرَّقِيْق: پتلا۔ج اَرِقَّـاء مؤنث رَقِيْقَة ج رِقَاق: کہا جاتا ہے "هُـوَ رَقِيْقُ المَعَانِي" وہ لطیف معانی والا ہے۔و "عَيْـشٌ رَقِيْـقُ الـحَوَاشِي" یعنی خوش حالی اور آسودگی والی زندگی۔و "رَجُـلٌ رَقِيْقُ الحَالِ" کم مال والا مرد۔و "لَفْظٌ رَقِيْقٌ": یعنی آسان و خوشگوار لفظ۔الرَّقِيْق: غلام۔(واحد و جمع دونوں کے لئے) کہا جاتا ہے۔عَبْدٌ رَقِيْق وعَبِيْدٌ رَقِيْق اور کبھی اَرِقَّـاء جمع بولتے ہیں اور باندی کے لئے رَقِيْـق اور رَقِيْـقَة: دونوں کا استعمال ہے۔رَقِيْـقُ الاَنْفِ: ناک کا نرم حصہ۔
الرَّقِيْقَان: ناک کے نتھنوں کے کنارے۔
مَرَاقُّ. البَطْنِ: پیٹ کا نرم و پتلا حصہ۔
المُرَقَّق: چوڑی پتلی روٹی۔
المِرْقَاق: بیلن۔
المُسْتَرَقُّ: چیز کا نرم حصہ۔
رَقَأَ: (ف) رَقْأً ورُقُوءًا. الدَّمْعُ اَوِ الدَّمُ: آنسو یا خون کا خشک ہونا۔منقطع ہونا۔رَقَـأَ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔فساد ڈالنا.....فِي الدَّرَجَة: چڑھنا۔کہا جاتا ہے "اِرْقَأْ عَلَى ظَلْعِكَ" اِرْقَ عَلَى ظَلْعِكَ: میں ایک لغت ہے۔یعنی اپنے اوپر نرمی کرو اور استطاعت سے زیادہ بوجھ مت لادو۔
اِرْقَأَ الدَّمَ اَوِ الدَّمْعَ: خشک کرنا۔
الـرَّقُوْءُ: خون بند کرنے والی چیز۔قوم کے درمیان صلح کرانے والا۔
المَرْقَاة والمِرْقَاة: سیڑھی۔زینہ۔
الرَّقَاء: فساد۔
رَقَبَهٗ: (ن) رُقُوبًا ورُقُوبًا ورَقَابَةً ورِقْبَانًا ورِقْبَةً ورَقْبَةً: نگہبانی کرنا۔انتظار کرنا۔ڈرانا.....النَّجْمَ: ستاروں کی دیکھ بھال کرنا
.....ہ: گلے میں رسی ڈالنا۔
رَاقَبَهٗ: نگہبانی کرنا۔رَاقَبَ اللّٰهَ فِيْ اَمْرِهٖ: خوف کرنا۔
اَرْقَبَهُ. الدَّارَ: بشرط رُقْبٰی: زندگی بھر کے لئے دینا (دیکھو لفظ رُقْبٰی) اَرْقَبَـه الرقبی: کسی کے لئے رُقْبٰی کرنا (دیکھو لفظ رُقْبٰی)
تَـرَقَّبَـهٗ وارْتَقَبَـهٗ: انتظار کرنا۔اِرْتَقَبَ المَكَانَ: چڑھنا۔
تَرَاقَبَا: ایک دوسرے کی نگہبانی کرنا۔
الرَّقَب: گردن کی موٹائی۔
الـرُّقْبٰی: کسی کو مکان وغیرہ اس شرط پر دینا کہ اگر میں تم سے پہلے مرجاؤں تو یہ مکان تمہارے لئے ہے اور تم مرگئے تو پھر میں واپس لے لوں گا۔
الـرِّقْبَة: احتیاط۔بچاؤ۔نگہبانی۔خوف۔ڈر۔گھبراہٹ۔کہا جاتا ہے "وَرِثَ مَالًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ مال آباؤ اجداد سے حاصل نہ کیا ہو۔ایسے ہی کہا جاتا ہے و "وَرِثَ مَجْدًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ آباؤ اجداد صاحب مجد نہ ہوں۔
الـرَّقَبَة: گردن یا پس گردن۔ج رِقَـاب ورَقَبَات ورَقَـب واَرْقُـب. الرَّقَبَة: مملوک غلام (مجازاً) کہا جاتا ہے "هُـمْ غِلَاظُ الرِّقَاب" وہ سخت اور سرکش لوگ ہیں۔
الـرُّقْبَة: چیتے کے شکار کے لئے گڑھا جیسے زبیہ شیر کے لئے۔
الاَرْقَـب: مؤنث رَقْبَـاء. و(الـرَّقَبَـان والـرَّقَبَـانِي): موٹی گردن والا۔الاَرْقَـب: شیر۔
الـرَّقُوْب: میراث کے لئے اپنے شوہر کی موت کا انتظار کرنے والی عورت۔وہ عورت جس کا بچہ مرگیا ہو یا وہ جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو۔الـرَّقُوْبُ مِنَ الشُّيُوْخِ والاَرَامِل: وہ لوگ جن کی کوئی کمائی نہ ہو اور نہ وہ کمائی کرنے کی طاقت رکھتے ہوں۔اُمُّ الـرَّقُوْب: مصیبت۔
الرَّقِيْب ج رُقَبَاء: نگہبان۔محافظ۔منتظر۔پس

ماندگان۔ چچا زاد بھائی جوئے کے تیروں میں سے تیسرا تیر۔ایک ستارہ کا نام۔رَقِیْبُ الجَیْش: دیدبان۔ج رُقُبٌ ورَقِیْبَات: ایک خبیث قسم کا زہریلا سانپ۔کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِیْبُ نَفْسِهٖ" وہ اپنے اعمال کا خود ہی نقاد ہے۔کسی کو کچھ کہنے کا موقع نہیں دیتا۔نیز "الرَّقِیْب" اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الرَّقَابَة: مالک کی غیوبت میں مال کی نگرانی کرنے والا خادم۔

المَرْقَب والمَرْقَبَة: نگرانی کرنے کی اونچی جگہ۔ج مَرَاقِب۔

المِرْقَب: دوربین۔

رَقَّحَ. مَالَهُ: بہتر انتظام کرنا۔

تَرَقَّحَ. لِعِيَالِهٖ: کمائی کرنا۔

اِرْتَقَحَ: زیادہ ہونا۔

الرَّقَاحَة: کمائی تجارت۔کہا جاتا ہے "هُوَ (رَاقِحُ) اَهْلِهٖ" وہ اپنے اہل وعیال کے لئے کمائی کرنے والا ہے۔

الرَّقَاحِي: سوداگر۔

رَقَدَ: (ن) رَقْدًا ورُقُوْدًا ورُقَادًا: سونا صفت (رَاقِد) ج رُقُوْد ورُقَّد. السُّوْقُ: بازار کا مندا پڑنا......الحَرُّ: گرمی کم ہونا۔ عَنِ الاَمْرِ: کام سے غافل ہونا......عَنْ ضَيْفِهٖ: مہمان کی خبرگیری نہ کرنا......الثَّوْب: پرانا ہونا۔

اَرْقَدَ: سلانا۔اَرْقَدَ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔

تَرَاقَدَ: سوتا ہوا ظاہر کرنا......القَوْمُ عَلٰی فُلَانٍ: قوم کا کسی کے خلاف مدد دینا۔

اِرْقَدَّ اِرْقِدَادًا: جلدی کرنا۔

اِسْتَرْقَدَ: نیند کا غالب ہونا۔

الرَّقْدَة: نیند۔کہا جاتا ہے "اَصَابَتْنَا رَقْدَةٌ مِنَ الحَرِّ" یعنی ہمارے اوپر دس دن کے برابر گرمی پڑی۔

الرُّقَدَة والرَّقُوْد: بہت سونے والا۔

الرَّقُوْد: ہمیشہ سونے والا۔کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ رَقُوْدُ الضُّحٰى" چاشت تک سونے والی۔یعنی آسودہ حال عورت۔

الرَّقَدَان: بکری کے بچہ وغیرہ کی اُچھل کود۔

الرَّاقُوْد: بڑا مٹکا۔ج رَوَاقِيْد: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ایک قسم کا پیالہ۔

التَّرْقِيْد: ایک قسم کی چال۔تَرْقِيْدُ البَيْضِ: بچے نکالنے کے لئے مرغی کے نیچے انڈے رکھنا۔

المَرْقَد: خواب گاہ۔ج مَرَاقِد۔

المُرْقِد: خواب آور دوا۔واضح راستہ۔

رَقْرَقَ. المَاءَ: چھڑکنا......العَيْنُ: آنسو بہانا ......الخَمْرَ: پانی ملانا......الطِّيْبَ فِي الثَّوْب: خوشبو لگانا۔

تَرَقْرَقَ. المَاءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔چمکنا۔ آنا جانا......العَيْنُ: آنسو بہانا......الدَّمْعُ: آنسو کا آنکھ میں چکر کھانا۔الشَّمْسُ: آفتاب کا گھومتا ہوا معلوم ہونا۔

الرَّقْرَاق: وہ جو چمکے۔آئے جائے۔مِنَ الدَّمْعِ: آنسو جو آنکھوں ہی میں پھر رہا ہو۔ ......مِنَ السَّحَابِ: آنے جانے والا بادل۔

الرُّقَارِق: سمندر یا وادی کا رقیق پانی۔ باریک کپڑا۔بہت آبدار تلوار۔

رَقَزَ: (ن) رَقْزًا: ناچنا......العِرْقُ: اُچھلنا۔

الرَّقَّاز: ناچنے والا۔

رَقَشَ: (ن) رَقْشًا: نقش کرنا......الكَلَامَ: لکھنا، سجانا۔

رَقَّشَ. الكَلَامَ: لکھنا۔سجانا۔گھڑنا...... الصَّحِيْفَةَ: سطریں کرنا......الرَّجُلَ: عتاب کرنا......الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔

تَرَقَّشَ: مزین ہونا۔

اِرْتَقَشَ: حسن زینت ظاہر کرنا......الجَيْشُ: لڑائی میں گتھ جانا۔

الاَرْقَشُ: سفید وسیاہ چیتوں والا۔مؤنث رَقْشَاء۔

الرَّقْش والرَّقْشَة: ایک قسم کا رنگ جس میں نیلا پن اور سیاہی ہو۔

الرَّقْشَاء. مِنَ الحَيَّاتِ: چتی دار سانپ۔ ایک قسم کا کیڑا۔اُونٹ کے مستی کے وقت کے جھاگ۔

رَقَصَ: (ن) رَقْصًا: ناچنا۔اضطراب کرنا ......النَّبِيْذُ: جوش مارنا......فِي الكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا(......رَقْصًا ورَقَصًا ورَقَصَانًا) الجَمَلُ: اُونٹ کا دوڑنا۔

رَقَّصَه واَرْقَصَه: نچانا۔کہا جاتا ہے "اَرْقَصَ القَوْمُ فِي سَيْرِهِمْ" جبکہ وہ اپنی چال میں کبھی بلند ہوں اور کبھی پست۔

اِرْتَقَصَ. السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا۔

تَرَقَّصَ. الشَّيْءُ: جلدی جلدی پست وبلند ہونا۔

الرَّقَّاصُ: وہ تکلی جو کہ لٹکائی جائے اور دھاگہ کے ذریعے ناچے۔ہر جسم جو کہ اپنے محور کے اردگرد اپنے بوجھ کی وجہ سے گھومے۔

الرَّقَّاصُ: بہت ناچنے والا اور اسی سے ہے رَقَّاصُ السَّاعَةِ: (گھڑی کا پنڈولم)

الرَّقَّاصَةُ: رقاص کا مؤنث۔عربوں کے ایک کھیل کا نام۔باوجود بارش کے پیداوار نہ اُگانے والی زمین۔

شِعْر (مُرَقِّص): وجد میں لانے والا شعر۔

فَلَاة (مُرَقِّصَة): بیابان میں جو چلنے والے کو دوڑنے پر ابھارے۔

رَقِطَ (س) رَقَطًا: سیاہ پر سفید نقطے یا سفید پر سیاہ داغ والا ہونا۔

رَقَّطَ. عَلَى الثَّوْبِ: روشنائی وغیرہ چھڑک کر داغ ڈالنا۔

تَرَقَّطَ تَرَقُّطًا واِرْقَطَّ اِرْقِطَاطًا واِرْقَاطَّ اِرْقِيْطَاطًا: سیاہ یا سفید داغ والا ہونا۔صفت (اَرْقَط): مؤنث رَقْطَاء ج رُقْط الاَرْقَطُ: چیتا۔

الرُّقْطَة: سیاہ پر سفید یا سفید پر سیاہ داغ۔

الرَّقْطَاء: فتنہ وفساد۔

الرُّقْطَاءُ: زیبائشی پودا۔

رَقَعَ :(ف) رَقْعًا. الثَّوْبَ : کپڑے پر پیوند لگانا......الغرضَ بِسَهْمِهٖ: نشانہ پر مارنا ......ذَنَبَهٗ بِالسَّوْطِ: دم پر کوڑے سے مارنا ......فِی السَّیْرِ: تیز چلنا......الرَّجُلَ: ہجو کرنا ......الشَّیْخُ: اٹھنے کے لئے ہتھیلیوں کا ٹیک لگانا۔

رَقُعَ :(ک) رَقَاعَةً: بے وقوف و بے حیاء ہونا۔صفت (رَقِیع وأرْقَع ومَرْقَعَان)

رَقَّعَ تَرْقِیعًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر پیوند لگانا اور اسی سے ہے "رَقَّعَ دُنْیَاہُ بِآخِرَتِهٖ" :اس نے اپنی دنیا کی اصلاح آخرت سے کی۔و "هُوَ صَاحِبُ تَرْقِیعٍ وتَوْصِیلٍ" : اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنی باتوں میں نمک مرچ لگایا کرتا ہو۔

رَاقَعَ. الخَمْرَ: ہمیشہ شراب پینا۔

أرْقَعَ. الثَّوْبُ: کپڑے کا پیوند کے قابل ہونا ......الرَّجُلُ: حماقت کا کام کرنا۔

تَرَقَّعَ. البِلَادُ: شہروں میں ارزانی و فراخی میں کمائی کرنا۔کہا جاتا ہے "مَا (ارْتَقَعَ) بِهٖ وَلَهٗ" یعنی اس نے اس کی پرواہ نہیں کی۔

اِسْتَرْقَعَ. الثَّوْبُ : قابلِ مرمت ہونا۔

الرَّقِیع :مص۔حمقتین کے نزدیک ساتواں آسمان۔

الرَّقْعَة :نشانہ میں تیر کی آواز۔

الرُّقْعَة :تحریر کا پرزہ۔کپڑے کا پیوند۔رُقْعَةُ الشَّطْرَنْج: شطرنج کا تختہ۔رُقْعَةُ الغَرَضِ: جس پر نشانہ لگایا جائے۔"رُقْعَةُ الأرْضِ: زمین کا ایک ٹکڑا۔رُقْعَةُ الشَّیْ: چیز کا اصل و جوہر۔ج رُقَعٌ ورِقَاعٌ: کہا جاتا ہے "فِی هٰذَا الجَمَلِ رُقْعَةٌ مِنَ الجَرَبِ" اس اُونٹ میں خارش کی ابتداء ہے۔

الرَّقْعَاء. أرْقَع: کا مؤنث۔بَقَرَةٌ رَقْعَاء : مختلف رنگوں والی گائے۔

الرَّقِیع : آسمان یا قدماء کی اصطلاح میں پہلا آسمان۔ج أرْقِعَة.

جُوْعٌ (یَرْقُوْعٌ) :سخت بھوک۔

المُرَقَّع : کپڑے میں پیوند کی جگہ اور کہا جاتا ہے "لَا أرْعَا فِیهِ مُرَقَّعًا" میں اس کے اندر کوئی موقع گالی یا ہجو کا یا کوئی موقع اصلاح کا نہیں دیکھتا ہوں۔

أرْقَلَ : دوڑنا۔پویہ چلنا......المَفَازَةَ: بیابان کو طے کرنا۔أرْقَلَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا لمبا ہونا۔

الرَّقْلَة: کھجور کا لمبا درخت۔ج رِقَال ورَقْل.

السَّرْقُوْل : کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسی۔پاس۔

المِرْقَال والمُرْقِل والمُرْقِلَة. مِنَ الإبِل : تیز رفتار اُونٹ۔ج مَرَاقِیل ومَرَاقِل ومُرْقِلَات.

رَقَمَ: (ن) رَقْمًا ورَقَّمَ: لکھنا......الکِتَابَ : اعراب و نقطے لگانا۔رَقَمَ الثَّوْبَ: کپڑے کو دھاری دار بنانا......البَعِیْرَ : اُونٹ پر داغ لگانا......الخُبْزَ: روٹی پر نقش ڈالنا اور "فُلَانٌ یَرْقُمُ عَلَی المَاءِ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کاموں میں حاذق و ماہر ہو۔

الرَّقْم :مص۔دھاری دار نقش یا دھاری دار چادر کی ایک قسم۔مہر۔ج أرْقَام ورُقُوْمٌ الأرْقَامُ الهِنْدِیَّةُ: ہندسے۔

الرَّقْم الرَّقِم وبِنْتُ الرَّقِم :مصیبت کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالرَّقْم او بِالرَّقِم" یعنی وہ بہت مصیبت لایا۔و "جَاءَ بِالرَّقِم الرُّقْمَاءِ" وہ بہت بڑی مصیبت لایا۔

الرَّقْمَة :باغ وادی کا پہلو۔وادی میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔خبازی: کہا جاتا ہے "مَا وَجَدْتُ فِی الأرْضِ إلَّا رَقْمَةً مِنْ کَلَاءٍ" : میں نے زمین میں صرف تھوڑی سی گھاس پائی۔

الرَّقْمَة :ایک قسم کی نباتات۔

الرَّقِیْم :کتاب۔لکھا ہوا۔

الأرْقَم :ایک خبیث قسم کا سانپ۔چتی دار سانپ۔ج أرَاقِم :اس کی مادہ کو رَقْشَاء نہیں رَقْمَاء کہتے ہیں۔الارقم: قلم۔

الرُّقْم والرُّقْمَة :چتی دار سانپ کا رنگ۔

المِرْقَم :قلم۔نقش کرنے کا آلہ۔داغ لگانے کا آلہ۔ج مَرَاقِم۔

المَرْقُوْم :مفع۔کِتَابٌ مَرْقُوْمٌ :واضح لکھی ہوئی کتاب۔ثَوْرٌ مَرْقُوْمُ القَوَائِم :ٹانگوں میں سیاہ دھاری یا داغوں والا بیل۔أرْضٌ مَرْقُوْمَةٌ :تھوڑی گھاس والی زمین۔

رَقَنَت :(ن) رَقْنًا. الجَارِیَةُ :لڑکی کا مہندی لگانا۔

رَقَّنَهٗ :نقش و نگار کرنا۔لکھنا۔رَقَّنَ الکِتَابَ : مزین کرنا۔سجانا۔قریب قریب سطریں لکھنا۔

......الخَطَّ : نقطے لگانا(......وارْقَنَ) لِحْیَتَهٗ : داڑھی پر خضاب لگانا۔

ارْقَنَ وتَرَقَّنَ ارْتَقَنَ واسْتَرْقَنَ :خضاب لگایا ہوا ہونا۔

الرَّقِین والمُرَقَّوْن :لکھا ہوا۔

الرِّقَان والرَّقُوْن والإرْقَان :مہندی یا زعفران۔

الرَّقْن :مردار خوار پرندے کا انڈا۔

الرَّقْو والرَّقْوَة :گول و بلند ریت کا ٹیلہ۔

رَقِیَ :(س) رَقْیًا ورُقِیًّا. الجَبَلَ وفِیهِ وإلَیْهِ :پہاڑ پر چڑھنا۔کہا جاتا ہے "ارْقَ عَلٰی ظَلْعِکَ" یعنی اپنی طاقت کے مطابق چڑھو اور اپنے نفس پر طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔

رَقٰی :(ض) رَقْیًا ورُقِیًّا ورُقْیَةً. ہ وعَلَیْهِ: نفع یا نقصان کے لئے منتر کرنا۔

رَقَّاہُ تَرْقِیَةً :بلند کرنا۔چڑھانا۔

اِرْتَقٰی اِرْتِقَاءً وتَرَقّٰی تَرَقِّیًا. الجَبَلَ وفِیهِ وإلَیْهِ :پہاڑ پر چڑھنا......فِی السُّلَّم :سیڑھی کے ڈنڈوں پر چڑھنا......بِهِ الأمْرُ :انتہا کو پہنچنا۔کہا جاتا ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ یَتَرَقّٰی بِهِ الأمْرُ حَتّٰی بَلَغَ غَایَتَهٗ" فلاں کے لئے معاملہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوتا رہا۔یہاں تک کہ انتہا کو پہنچ گیا۔وتَرَقَّی الرَّجُلَ: ہنسلی کی ہڈی پر مارنا۔

تَرَاقٰی. أمْرُهُمْ إلَی الفَسَادِ : معاملہ میں لگاتار فساد کا ہونا۔

اِسْتَرْقَاه: منتر کرنے کو کہنا.....لَهُ: کسی کے لئے منتر کرنے والے کو طلب کرنا۔
الرُّقْيَة: منتر۔افسوں۔تعویذ۔ج رُقًی ورُقْيَات ورُقَيَات.
الرَّاقِي: فا۔منتر کرنے والا۔ج رُقَاة وراقُوْن: مؤنث رَاقِيَة ج رَوَاقٍ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَاقِيَةٌ" مثل رَجُلٌ رَاوِيَةٌ: کے۔ تا مبالغہ کے لئے ہے تانیث کی نہیں۔
الرَّقَّاء: ماہر منتر کرنے والا۔ پہاڑوں پر بہت چڑھنے والا۔
المُرْتَقَى: چڑھنے کی جگہ۔کہا جاتا ہے "لَقَدْ اِرْتَقَيْتُ مُرْتَقًى صَعْبًا" میں دشوار مقام پر چڑھا۔
التَرْقُوَة: ہنسلی کی ہڈی۔ج تَرَاقِي.
المَرْقَى والمِرْقَاة والمَرْقَاة: سیڑھی کا پایہ۔ ج مَرَاقٍ.
رَكَّ: (ض) رَكًّا ورِكَّةً ورَكَاكَةً: ضعیف و کمزور ہونا۔ اسی قول سے ہے "اِقْطَعْهُ مِنْ حَيْثُ رَكَّ" اس کو جہاں سے کمزور ہے کاٹ دو.....الرَّجُلُ: کم علم یا کم عقل ہونا۔
رَكَّ: (ن) رَكًّا. الشَيْءَ: بعض کو بعض پر جمانا۔کہا جاتا ہے "رَكَّ الاَمْرَ فِي عُنُقِهِ" اس نے کام اپنے ذمہ لازم کیا.....الشَيْءَ بِيَدِهِ: ہاتھ سے دبا کر موٹائی معلوم کرنا۔
رَكَّكَ وأَرَكَّ. السَّحَابُ: ہلکی بارش برسانا۔
أَرَكَّ الحَقَّ فُلانًا: غالب ہونا۔
أُرِكَّتْ ورُكِّكَتْ الاَرْضُ: ہلکی بارش برسنا۔
اِرْتَكَّ: مضطرب ہونا۔ہلنا۔فِي الاَمْرِ: شک کرنا۔
اِسْتَرَكَّهُ: کمزور سمجھنا یا کمزور پانا......
الرَّكُّ والرِّكُّ: ج رِكَاك وأَرْكَاك و(الرَّكَّة والرَّكِيكَة): ہلکی بارش۔ أَرْضٌ رِكٌّ: ہلکی بارش والی زمین۔الرِّك: لاغر۔ الرُّكَاك والاَرَكّ: کمزور عقل۔کمزور رائے۔
الرَّكِيك: ج رِكَاك ورَكَكَة: کمزور عقل یا کمزور رائے۔ڈھیلا ڈھالا کم ہمت۔
الرَّكِيكُ مِنَ الكَلامِ: پُس پُسی گفتگو۔
رَجُلٌ رَكِيكُ العِلْمِ: کم علم مرد۔ثَوْبٌ رَكِيكُ النَسْجِ: چھدرا بنا ہوا کپڑا۔
الرُّكَاكَة: کمزور عقل۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُكَاكَةٌ وامْرَأَةٌ رُكَاكَةٌ" ج رِكَاك.
الرُّكُوكَة: کمزوری۔
رَكِبَ: (س) رُكُوبًا ومَرْكَبًا. الدابة وعلى الدابة: چڑھنا۔سوار ہونا...... البَحْرَ: دریائی سفر کرنا.....الطَرِيقَ: راستہ پر چلنا۔
......الـرَّه: پیچھا کرنا.....هَوَاه: مطیع خواہشات ہونا.....رَاْسَهُ: بغیر سوچے سمجھے کسی کام کو کر گزرنا.....الذَّنْبَ: ارتکاب کرنا......الخَطَرَ: اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔
رَكِبَهُ الدَيْنُ: مقروض ہونا۔
رَكِبَ: (س) رَكَبًا: بڑے زانو والا ہونا۔
رَكَبَه: (ن) رَكْبًا: زانو پر مارنا۔
رُكِبَ: زانو میں درد والا ہونا۔
رَكَّبَ. الشَيْءَ: ترکیب دینا۔بعض کو بعض پر رکھنا.....ه الفَرَسَ: سوار کرانا۔
أَرْكَبَهُ: سواری دینا.....المُهْرُ: سواری کے قابل ہونا۔
تَرَكَّبَ. ترکیب پانا۔
اِرْتَكَبَهُ: سوار ہونا.....الذَنْبَ: گناہ کر بیٹھنا
......الاَمْرَ: دلیری سے گھس پڑنا۔
......الدَّيْنَ: قرض زیادہ لینا۔
تَرَاكَبَ. الاَمْرُ: تہ بتہ ہونا۔
الرَّكْبُ: اُونٹ یا گھوڑوں کے سوار۔یہ اسم جمع ہے اور بقول بعض جمع۔ج أَرْكُب ورُكُوب.
الرِّكْبَة "رَكِبَ الدَابَّةَ" کا اسم۔سوار ہونے کی ایک قسم۔کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الرِّكْبَةِ" وہ اچھی طرح سوار ہونے والا ہے۔
الرُّكْبَة: زانو۔گھٹنا۔ج رُكَب ورُكُبَات ورُكَبَات: کہا جاتا ہے "هٰذَا أَمْرٌ اِصْطَكَّتْ فِيهِ الرُّكَب" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں گھٹنے ایک دوسرے سے رگڑ کھاتے ہیں۔ رُكْبَةُ الدَجَاجَةِ ورُكْبَةُ الرَامِي: دو ستاروں کے نام۔
الرِّكَاب: زین کا وہ لٹکا ہوا حصہ جس میں سوار اپنا پیر ڈالتا ہے۔ج رُكُب.
الرِّكَاب: سواری کے لئے اُونٹ اس کا واحد رَاحِلَة ہے۔ج رُكُب ورِكَائِب ورِكَابَات. رِكَابُ السَحَابِ: ہوائیں۔
الرَّكُوب: بہت سوار ہونے والا۔
(...... والرَّكُوبَة): سواری کا اُونٹ۔سواری۔ج رِكَائِب. طَرِيقٌ رَكُوبٌ: چلتا ہوا راستہ۔
الرَّكَّاب: بہت سوار ہونے والا۔مؤنث رَكَّابَة.
المَرْكَبَات: واحد۔مَرْكَبَة: مختلف شکلوں کی سامان ولی (راھٹ) گاڑیاں خواہ گھوڑوں گدھوں کے ذریعے چلیں یا بجلی تیل وغیرہ کے ساتھ۔
الرُّكَّاب: کابوس۔
الرَّاكِب: فا۔سوار۔ج رُكَّاب ورُكْبَان ورُكُوب ورِكَبَة ورَكْبٌ ورَكَبَة: مؤنث رَاكِبَة ج رَوَاكِب: پہاڑ کی چوٹی۔
الرَّاكِبَة والرَاكُوب والرَاكُوبَة: درخت خرما کے بالائی حصہ کا قلم جو زمین تک لٹکا ہوا نہ ہو۔
الرَّكِيب: جڑا ہوا۔دوسرے کے ساتھ سوار۔کھیتی۔نخلٌ رَكِيبٌ: ایک قطار میں نہر کے کنارے لگائے ہوئے کھجور کے درخت۔
الأَرْكَب: بڑے زانو والا۔بَعِيرٌ أَرْكَب: اُونٹ جس کا ایک زانو دوسرے سے بڑا ہو۔
المَرْكَب: مص۔سواری خواہ بری ہو یا بحری۔
المُرْكَب: مطع۔اصل۔کہا جاتا ہے "فُلانٌ

كَرِيْمُ المُرَكَّبِ" فلاں اپنے اصل کے لحاظ سے کریم ہے "الجَهْلُ المُرَكَّبُ" باوجود جہالت کے اپنے آپ کو عالم سمجھنا۔
المَرْكُوْب: مفع۔ سواری۔ ج مَرَاكِيْب.
رَكَحَ: (ف) رَكْحًا وارْتَكَحَ. عَلَى الشَّيْءِ وإلَيْهِ: سہارالینا۔ ٹیک لگانا (...... رُكُوْحًا) إلَيْهِ: مائل ہونا۔
أرْكَحَ. عَلَيْهِ: سہارالینا...... ہ إلَيْهِ: ٹیک لگانا۔ کہاجاتا ہے "أرْكَحْتُ إلَيْهِ ظَهْرِيْ" میں نے اس کی طرف اپنی پیٹھ کی ٹیک لگائی۔
تَرَكَّحَ. فِي المَعِيْشَةِ: حصول معیشت کے لئے تصرف کرنا...... فِي الدَّارِ: فراخی و کشادگی کرنا...... بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا، ٹھہرنا۔
الرُّكْحُ: پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ پہاڑ کا گوشہ۔ بنیاد۔ گھر کا صحن۔ ج رُكُوْح.
اِرْكَاحُ الأرْكَاحِ: راہبوں کے مکانات۔
الرُّكْحَة: گھر کا صحن۔ ج رُكَح
الرَّكْحَاء: سخت بلند زمین۔
جَفْنَة (مُرْتَكِحَة): ثرید سے بھرا ہوا پیالہ۔
رَكَدَ: (ن) رُكُوْدًا. المَاءُ اوِ الرِّيْحُ: ٹھہرنا۔
زرّفہ: علیحدہ کرنا۔ دور کرنا۔۔۔۔الشیٔ: زیادتی کرنا۔۔۔۔فی الکلام: کلام میں زیادتی کرنا اور جھوٹ بولنا۔۔۔۔القوم: جدا جدا کرنا۔۔۔۔الرمح فیہ: نیزہ بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "زرّف علی الستین" وہ ساٹھ سے بڑھ گیا۔

ازرف: آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا۔۔۔۔الجرح: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔۔۔۔الناقة: اونٹنی کو اُکسانا۔ تیز کرنا۔۔۔۔الرجل: زرافہ جانور خریدنا (دیکھئے لفظ زرافہ)

انزرف۔ القوم: گھاس پانی کی تلاش میں جانا۔۔۔۔الریح: گزر جانا۔۔۔۔الشیٔ: آر پار ہونا۔

الزرافة والزُرافة والزرافّة والزُرافّة: ایک جانور کا نام جو اونٹ کے برابر ہوتا ہے اور اس کی اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں اور اس کی گردن گھوڑے کی مانند اور کھال چیتے کی مانند ہوتی ہے اور اس کے دو چھوٹے چھوٹے سینگ بھی ہوتے ہیں۔ ج زرافِیّ زرافَی زرافات. زرائف.

الزُرافة: بہت چھوٹا۔

الزرافة والزرّافة: دس یا بیس آدمیوں کا گروہ۔ ج زرافات اور اسی سے ہے "طاٰفوا الیہ زرافات ووحدانا".

الزرّافة والزرافة: وہ جگہ جہاں کھیت کیلئے پانی نکالا جائے۔ ج زرافات زرّافات.

المزراف والزروف والزرّوف۔ من النوق: تیز رفتار اونٹنی۔

زرفن۔ شعرہ: بالوں کو زنجیر کی طرح بنانا۔

الزرفین: چھوٹی زنجیر۔ ج زرافین.

زرق: (ض ن) زرقا۔ الطائر: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ زرقت عینہ نحوی: کنکھیوں سے دیکھنا۔۔۔۔زرق الطائر: پرندہ کو چھوٹے نیزے سے مارنا۔۔۔۔الرجل ببصرہ: گھورنا۔۔۔۔الناقة الرحل: اونٹنی کا کجاوہ پیچھے کی جانب ڈال دینا۔

زرق: (س) زرقا۔ الرجل: اندھا ہونا۔۔۔۔عینہ: نیلگوں ہونا۔۔۔۔الشیٔ: نیلگوں ہونا۔ آسمانی رنگ کا ہونا۔

ازرقت۔ عینہ نحوی: آنکھ کا پھرنا اور سفیدی کا ظاہر ہونا۔۔۔۔الناقة حملها: اونٹنی کا کجاوہ کو پیچھے کی جانب ڈال دینا۔

ازرقّ ازرقاقا وازراقّ ازریقاقا: نیلگوں ہونا۔۔۔۔عینہ نحوی: بمعنی ازرقت عینہ.

انزرق: پیچھے ہٹنا۔ چت لیٹنا۔ السہم: آر پار ہونا۔

الزرق والزُرقة: آسمانی رنگ۔ نیلگونی۔

الزرق: کھر کے کچھ اوپر کی سفیدی۔

الزرقة: تعویذ کا مہرہ۔

الزرّق: ایک شکاری پرندہ۔ ج زرارق: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ تیز نظر والا۔

الازرق: نیلگوں۔ مؤنث زرقاء، ج زُرق.

الازرق: باز۔ نصل ازرق: چمکیلا تیر کا پھل۔ ماء ازرق: صاف پانی۔ عدو ازرق: سخت دشمن اور یہ اس وجہ سے کہ رومیوں اور دیلمیوں کی آنکھیں نیلگوں ہوتی ہیں اور ان میں اور عربوں میں سخت دشمنی تھی۔ اس وجہ سے ہر سخت دشمن کو عدو ازرق کہنے لگے) اور چونکہ نیزے اور بھالے میں بھی نیلگونی ہوتی ہے اس لئے ان پر بھی ازرق کا اطلاق کرتے ہیں۔

الزرقاء۔ ازرق: کا مؤنث۔ ج زُرق: شراب۔ آسمان۔

الزریق وابوزریق: چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔

الزریقاء: دودھ اور زیتون کے تیل میں تر کیا ہوا ثرید۔ ایک جانور جو بلی کے مشابہ ہوتا ہے مگر اس کی ٹانگیں چھوٹی اور جسم لمبا ہوتا ہے۔

الزرّاقة۔ والعامة تسمیها الزاروقة: پچکاری (عوام اسے زاروقہ: کہتے ہیں۔)

الازارقة: خارجیوں کا ایک گروہ جو نافع بن الازرق کے ساتھی تھے اور مخالفین کو قتل کرنا اور ان کی عورتوں کو قید کرنا جائز سمجھتے تھے۔ واحد (الازرقی)

المزراق: چھوٹا نیزہ۔۔۔۔من الاباعر: پیچھے کی طرف بوجھ ڈالنے والا اونٹ۔ ج مزاریق.

زرقف وازرنقف: جلدی کرنا۔

زرقل زرقلة۔ لی بحقی: حق دینا۔ الشعر: بالوں کو جھاڑنا۔

الزُرقم: بہت نیلگوں آنکھ والا (مذکر و مؤنث) ج زراقم.

الزراقم: بہت سے سانپ۔

زرک: (س) زرک بدخلق ہونا۔

زرمہ (ض) زرما وزرمۃ وازرمۃ: کاٹنا۔ کہتے ہیں "زرمت بہ امّہ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔ وزرمہ الدھر: زمانہ نے اس سے خیر منقطع کر دیا۔

زرم: (س) زرما۔ الشیٔ: منقطع ہونا۔

ازدرمہ: نگلنا۔

ازرأم: غضبناک ہونا۔ سکڑنا۔

الزرم: ذلیل تھوڑے جتنے والا۔ بخیل۔ تنگ حال۔

الازرم: منقطع۔ بلی۔

الزریم: تھوڑے جتنے والا۔ ذلیل۔

الزرموج: جوتا۔

زرنق زرنقة۔ الارض: چھوٹی نہر سے پانی

دینا۔ کوئیں پر زرنوق لگانا۔ دیکھیے "زرنوق"۔
......فلانًا اللباس: کسی کو لباس پہنانا۔
تزرنق۔ بالثیاب: کپڑے پہننا......الرجل: چھوٹی نہر سے اُجرت پر آب کشی کرنا۔
الزرنوق: چھوٹی نہر۔ چکی کا دستہ۔
الزرنوقان: کوئیں کے من پر کے دو کھمبے جس میں چرخی لگی ہوئی ہوتی ہے۔
الزرنقة: مص۔ زیادتی۔ حسن کامل۔
الزرنیق: ہڑتال۔
زریٰ (ض) زریًا وزُریًا وزرایةً ومزریةً ومزراةً وازریٰ وتزریٰ۔ علیه عمله: کسی کام پر عتاب کرنا۔ عیب لگانا۔ ازریٰ بالامر: سستی کرنا۔ ازریٰ به وازراه: عیب لگانا۔ حق گھٹانا۔
زاراه مزاراة: ایک دوسرے کو عتاب کرنا۔
ازدریٰ واستزریٰ۔ ہ: حقیر سمجھنا۔
الزریّ: ناکارہ۔ ذلیل۔
المزراء: لوگوں کو عیب لگانے والا۔
زطّ: (ن) زطًّا۔ الذباب: مکھی کا بھنبھنانا۔
الزطّ: جاٹ (ہندوستان کی ایک قوم) واحد زطّی۔
زعب: (ف) زعبًا۔ الاناء: برتن کو بھرنا ......القربة: مشک بھری ہوئی اٹھانا۔
......السیل: سیلاب کا وادی کو بھر دینا......الوادی: وادی کا بھر جانا
......الشیء: کاٹنا......له من المال: زعبًا وزعبةً وزُعبةً: مال کا کچھ حصہ دینا......المرأة: جماع کرنا۔
زعب: (ف) زعیبًا۔ الغراب: کائیں کائیں کرنا۔
تزعّب: غضبناک ہونا۔ شادماں ہونا۔
......فی اکله وشربه: بہت کھانا پینا۔ القوم المال: قوم کا مال میں سے اپنا اپنا حصہ لینا۔
ازدعب۔ الشیء: کاٹ لینا۔
الزعبة والزُعبة والزعب: مال کا ایک حصہ۔

الازعب: پستہ قد۔ کمینہ۔ موٹا۔ مؤنث زعباء ج زُعب۔
سیل (زاعب وزعوب): وادی کو بھرنے والا سیلاب۔
الزاعب: اچھا رہبر۔
زعیب۔ النحل: شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
الزعبوب: پستہ قد کمینہ۔
زعبق۔ القوم: پریشان و متفرق کرنا۔
......الشیء: جدا جدا کرنا۔
تزعبق۔ الشیء من یدی: بکھر جانا اور متفرق ہو جانا۔
زعبل: بڑے پیٹ اور پتلی گردن والا۔ بڑا سانپ۔ گرگٹ۔ ڈول۔ روئی کا پودہ۔ ج زعابل۔
زعجه: (ف) زعجًا وازعج: بے قرار کرنا۔ ہٹانا۔ دھتکارنا۔ زعج الرجل: چلانا۔
ازعجه الی المعصیة: گناہ پر ابھارنا۔
انزعج: بے قرار ہونا۔ ہٹنا۔
الزعج: بے قراری۔
المزعاج: ایک جگہ پر نہ ٹھہرنے والی عورت۔
زعر: (س) زعرًا او ازعرّ وازعارّ۔ شعره او ریشه: کم اور بکھرے ہوئے بال یا پر والا ہونا۔ زعر الرجل: بے خیر ہونا۔
الزعارة والزعارّة: بدخوئی و تند مزاجی۔
الزعر والازعر: کم اور متفرق بالوں والا۔
موضع زعر وازعر: کم پیداوار والی جگہ۔ مؤنث زعرة وزعراء۔
الزعرة: ہمیشہ مضطرب اور خوف زدہ رہنے والا ایک پرندہ۔
الازعر: چور، سرکش، چھیننے والا۔ مؤنث زعرة وزعراء: ج زعر وزُعران۔
الزعران: نوجوان لوگ۔
الزعرور: ایک درخت جس کا پھل سرخ رنگ کا اور گٹھلی گول بڑی ہوتی ہے جس کی وجہ سے مغز کم ہوتا ہے۔ واحد (زعرورة)

زعل زعرور: بدخلق و بے خیر مرد۔ ج زعارير۔ الزعارير: گوبر وغیرہ جو اون میں لگ جائے اور جم جائے۔
بحر (زغرق): بہت پانی والا سمندر۔
زعزعه زعزعةً: سخت حرکت دینا۔
......الابل فی السیر: ہانکنا۔
تزعزع: ہلنا۔
الزعزعة: مص۔ ج زعازع۔ الزعازع: زمانہ کے مصائب۔
ریح (زعزع وزُعزع وزعزاع وزُعازع وزعزعان): آندھی۔ ہوا کا طوفان......
جری زعزع: تیز دوڑ۔
بحر (زعزفة): بہت پانی والا سمندر۔
زعط: (ف) زعطًا: گلا گھونٹنا......الحمار: گدھے کا رینگنا۔
الزاعط: فا۔ موت زاعط: جلدی کی موت۔
زعفه (ف) زعفًا وازعفه وازدعفه: فوراً مار ڈالنا۔ زعف الجریح وازعف علیه: زخمی کو فوراً مار ڈالنا۔ زعف الحدیث: زیادہ کرنا اور جھوٹ بولنا۔
سم (زعاف): زہر قاتل۔
موت (مزعف): فوراً ہلاک کرنے والی موت۔
سیف مزعف: فوراً ہلاک کرنے والی تلوار۔
الزعوف: ہلاکت کی جگہیں۔
الزعوفة: پتھر جس کو کوئیں کی تہ میں ڈال دیں اور اس پر بیٹھ کر کیچڑ وغیرہ صاف کریں۔
زعفره: زعفران سے رنگنا......الطعام: کھانے میں زعفران ڈالنا۔
تزعفر: زعفران سے خوشبودار ہونا۔ زعفران سے رنگا ہوا ہونا۔
الزعفران: زعفران۔ کیسر۔ ج زعافر۔
زعفران الحدید: لوہے کا زنگ۔
زعفق۔ الزعافق: بخیل۔ بدخلق۔ ج زعافق۔

زَعَقَ: (ف) زَعْقًا: چلانا، چیخنا......ہ وزَعَقَ بہ: ڈرنا......بالدَّابَّةِ: تیز چلا کر ہانکنا۔
الرِّيحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا......ہ العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا......القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔
زَعُقَ: (ک) زَعَاقَةً. المَاءُ: پانی کا بے حد کھاری ہونا۔
زَعِقَ (س) زَعَقًا: شادماں ہونا(......وزُعِقَ
اِنْزَعَقَ) الرَّجُلُ: رات میں ڈرنا۔
اِنْزَعَقَ الفَرَسُ: آگے بڑھنا اور تیز چلنا۔
أَزْعَقَهُ: ڈرنا خوف دلانا......السَّيْرَ: چلنے میں جلدی کرنا......القِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔
الزَّعِقُ: رات میں ڈرنے والا۔ شادماں جو کچھ گھبرایا بھی ہو۔
الزَّعْقَةُ: چیخ۔
الزُّعَاقُ: بہت کھاری پانی جو پیا نہ جاسکے۔
الزُّعْوُقَةُ. زُعَاقُ: کا اسم۔
الزَّعَاقُ. مِنَ الخَيْلِ: بہت اور تیز چلنے والا۔ گھوڑا، پیچھے پیچھے چلاتے ہوئے جانوروں کو ہانکنے والا۔
الزَّعِيقُ: خوفزدہ۔
المِزْعَقُ: زمین کھودنے کا اوزار۔
زَعِلَ (س) زَعَلاً: شادماں ہونا......مِنَ المَرَضِ وغَيْرِهِ: تنگ دل و مضطرب ہونا۔
أَزْعَلَهُ: شادماں کرنا۔ مِنْ مَكَانِهِ: ہٹانا۔
تَزَعَّلَ: شادماں ہونا۔
الزَّعِلُ والزَّعْلاَنُ والأَزْعِيلُ: شادماں۔
الزَّعِلُ: بھوک سے بلبلانے والا۔
زَعَمَ: (ف ن) زَعْمًا وزِعْمًا وزُعْمًا ومَزْعَمًا: سچ یا جھوٹ کہنا اور اکثر مشکوک یا ایسی چیزوں میں جس کے جھوٹ ہونے کا یقین ہو استعمال کیا جاتا ہے(......زَعَامَةً) ...... عَلَى القَوْمِ: سردار بننا۔
زَعَمَ: (ف ن) زَعْمًا. بالمَالِ: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا......اللَّبَنُ: دودھ خریدار ہونے لگنا۔

زَعِمَ: (س) زَعَمًا. فِيهِ: لالچ کرنا۔
أَزْعَمَ. الأَمْرُ: ممکن ہونا......اللَّبَنُ: دودھ خریدار ہونے لگنا......إِلَيْهِ: فرمانبردار ہونا، تابع ہونا......عَلَى القَوْمِ: سردار بننا۔
الأَرْضُ: سبزی کا پھوٹنا......ہ کھلانا۔ أَزْعَمَهُ المَالَ: مال کا ضامن بنانا۔
زَاعَمَهُ: بھیڑ کرنا۔
تَزَعَّمَهُ: جھوٹی باتیں بیان کرنا۔
تَزَاعَمَ. القَوْمُ عَلَى الأَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ باہم غیر موثق باتیں کرنا۔
الزَّعِمُ. مِنَ الشِّوَاءِ: بہت چربی والا جس سے بھونتے ہوئے چربی آگ پر ٹپکے۔
الزَّعْمَةُ. زَعَمَ: کا اسم مرۃ۔ ج زَعَمَاتٌ: کہا جاتا ہے "هَذَا وَلَا زَعَمَتَكَ أوزَعَمَاتِكَ" یعنی یہی صحیح ہے اور میں تمہارا گمان نہیں خیال کرتا ہوں۔
الزُّعْمِيُّ: جھوٹا۔ سچا۔ ضد۔
الزَّعَامَةُ: مص۔ شرف۔ سرداری۔ ہتھیار۔ زرہ۔ عمدہ مال یا اکثر مال۔ گائے۔
الزَّعُومُ: گفتگو میں عاجز۔ چربی دار عورت۔ کم چربی والی عورت (ضد)
الزُّعْمُومُ: گفتگو میں عاجز۔
الزَّعِيمُ: ضامن۔ کفیل۔ سردار۔ رئیس۔ ج زُعَمَاءُ۔
المَزْعَمُ: مص۔ لالچ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هَذَا أَمْرٌ مَزْعَمٌ" یعنی یہ امر غیر موثوق ہے کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ "وهَذَا أَمْرٌ فِيهِ مُزَاعِمٌ" یہ ایسا امر ہے جس میں جھگڑے ہیں۔
المِزْعَامَةُ: سانپ۔
زَعْنَفَتِ. المَاشِطَةُ العَرُوسَ: مشاطہ کا دلہن کو آراستہ کرنا۔
الزِّعْنِفَةُ والزَّعْنَفَةُ: پستہ قد مرد یا عورت۔ ہر چیز کا ایک حصہ۔ جسم کے اطراف مانند ہاتھ پیر کے۔ ردی۔ قبیلہ کا ایک ٹکڑا جو علیحدہ ہو یا دوسرے کے ساتھ مل جائے۔ کپڑے کا ٹکڑا یا نچلا پھٹا ہوا حصہ۔ مصیبت۔ ج

زَعَانِفُ الزَّعَانِفُ: مچھلی کے پر۔ ہر وہ جماعت جن کی کوئی ایک اصل نہ ہو۔
زَعَاِنزُغُوزَعُوًا: منصف ہونا۔ عادل ہونا۔
زَغِبَ: (س) زَغَبًا وزُغْبًا وإِزْغَابًا. الصَّبِيُّ أو الفَرْخُ: بچہ یا چوزہ کا رواں نکلنا۔ صفت (زَغِبٌ)
أَزْغَبَ. الكَرْمُ: انگور کی بیل میں پتے نکلنے لگنا۔
الزَّغَبُ: پردوں یا بالوں کے روئیں۔ واحد (زَغَبَةٌ)
الزُّغَابِي والزُّغَابَةُ: چھوٹے روئیں۔ کہا جاتا ہے "مَا أَصَبْتُ مِنْهُ زُغَابَةً" میں نے اس سے روئیں کے برابر بھی کچھ حاصل نہیں کیا۔
الأَزْغَبُ: روئیں دار۔ مؤنث زَغْبَاءُ۔ ج زُغْبٌ: قطا کا چوزہ۔
الزُّغْبَةُ: گلہری۔
الزُّغُبُ: پستہ قد بخیل۔
زَغْبَرَ. الثَّوْبُ: روئیں دار ہونا۔
الزِّغْبَرُ والزِّغْبِرُ والزُّغْبُرُ: رواں کہا جاتا ہے "أَخَذَ الشَّيْءَ بِزَغْبَرِهِ" اس نے ساری چیز لے لی۔
الزُّغْبُرَةُ. عِنْدَ العَامَّةِ: رواں۔ کلمہ محرف ہے صحیح لفظ الزغب ہے۔
الزُّغْبُدُ: مکھن۔
زَغَدَ: (ف) زَغْدًا. السِّقَاءُ: مشک نچوڑنا ......فُلاَنًا: گلا دبانا......البَعِيرُ: اونٹ کا سخت بلبلانا......النَّهْرُ: دریا کا چڑھنا۔ موج مارنا ......ہ بالكَلاَمِ: اکسانا۔ بھڑکانا۔
أَزْغَدَتِ. المَرْأَةُ وَلَدَهَا: عورت کا بچہ کو دودھ پلانا۔
الزُّغْبُدُ والزُّغْبُدَةُ: مکھن جو مشک کو دبانے سے اس کے منہ سے نکلے۔
نَهْرٌ (زَغَّادٌ): بہت پانی والا چڑھا ہوا دریا۔
المُزْغِدُ: غضبناک۔
زَغَرَ (ف) زَغْرًا. الشَّيْءَ: چھین لینا۔ زبردستی لینا......الشَّيْءُ: بکثرت ہونا...... البَحْرُ: چڑھنا۔ موج مارنا۔

الزَّغَر مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: زیادتی۔ افراط۔
الزُّغار: کیچوا۔
زَغْرَبَ: ہنسنا۔
الزَّغْرَب: بہت پانی۔ بِئر زَغْرَبٌ وزَغْرَبَة: بہت پانی والا کنواں۔
زَغْرَدَ زَغْرَدَةً. البعيرُ: اونٹ کا اپنے حلق میں آواز کولوٹاتے ہوئے بلبلانا۔
زَغْزَغَ. الكلامَ: رکیک گفتگو کرنا۔ الشَّيْءَ: چھپانا...... بالرَّجُلِ: تمسخر کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔
الزُّغْزَغ: سبک و چست آدمی۔ حسب ونسب میں مطعون۔
الزُّغْزُغ: پستہ قد حقیر۔ ایک پرندہ۔
الـزُّغْـزُغِيَّة: عجم میں سے بعض لوگوں کی زبان۔
الـزَّغْزَغِيَّةُ: ایک قسم کا کھانا جو گھی اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔
زَغَفَ: (ف) زَغْـفـًا. الـمَـاءُ: پانی بہت ہونا۔
...... فِي حَدِيثِهِ: بہت بولنا اور جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "زَغَفَ كَلامًا كَثِيرًا" و "زَغَفَ لَـنَـا مَالاً كَثِيرًا" اس نے بہت بکواس کی اور اس نے ہم کو بہت مال دیا...... ہ بِـالـرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
اِزْدَغَفَ. الشَّيْءَ: سارا لے لینا۔
الزَّغْف: مص۔ کشادہ اور لمبی زرہ۔ بادل جو برس چکا ہو اور ابھی گھرا ہوا ہو۔
دِرْعٌ (زَغِيفٌ): کشادہ، مضبوط، اچھے حلقوں والی زرہ اور کہا جاتا ہے "دُرُوعٌ زَغْفٌ وزَغَفٌ وأَزْغَافٌ وزُغُوفٌ"۔
الـــــزَّغَف: چھپٹیاں۔ درخت کی کمزور شاخیں۔
الزَّغّاف: بہت بولنے والا۔
الزَّغْفَة والزَّغَفَة: کشادہ یا مضبوط زرہ۔
المِزْغَف: حریص۔ بہت خواہش مند۔
زَغْفَلَ زَغْفَلَةً: جھوٹ بولنا۔
زَغَلَ (ف) زَغْلاً. الـمَـاءَ: پانی بار بار گرانا...... الشَّرابَ: کلی کرنا...... الصَّبِيُّ أُمَّهُ: بچہ کا دودھ پینا۔
أَزْغَلَ. المَاءَ: گرانا...... الأُمُّ وَلَدَهَا: بچہ کو دودھ پلانا...... الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا بچہ کو چگا دینا...... الشَّرابَ: کلی کرنا۔
الزَّغَل: دھوکا۔
الزَّغَلِيّ: دھوکا دینے والا۔
الـزُّغْـلَة: کلی کا پانی جو منہ سے پھینکا جائے۔ ایک مرتبہ پانی گرانے کی مقدار۔
الـزُّغْلُوْل: بچہ۔ ہلکا پھلکا جلد باز مرد۔ ج زَغَالِيل.
تَـزَغَّـمَ. الـجَـمَلُ: اونٹ کا جھاگ کو اپنے جبڑوں میں پھرانا اور اسی سے ہے "تَـزَغَّـمَ الـرَّجُلُ" یعنی اس نے غضبناک ہو کر گفتگو کی۔
الـزَّغُوْم والزُّغْمُوْم: گفتگو کرنے میں عاجز و درماندہ۔
زَفَّ: (ض) زَفًّـا وزُفُوْفًـا: تیز دوڑنا...... الرِّيحُ: ہوا کا چلنا(...... زَفًّا وزَفِيفًا) الطَّائِرُ: پرندہ کا پر پھیلا کر اترنا۔
زَفَّ (ن) زَفًّـا وزِفَـافًـا. العَـرُوْسَ إِلَى زَوْجِهَــــا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا...... البَرْقُ: چمکنا۔
أَزَفَّ. العَـرُوْسَ إِلَى زَوْجِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا...... الـرَّجُلُ: تیز دوڑنا...... ہ: تیز دوڑانا۔
اِزْدَفَّ. الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا...... العَرُوْسَ: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔
اِسْتَزَفَّهُ. السَّيْلُ: سیلاب کو بہالے جانا۔
...... ہ السَّيْرُ: سبک بنانا۔
الزَّف: چھوٹے چھوٹے پر۔
الـزَّفَف: پرندہ کے روئیں کا ایک پر ایک چپکا ہوا ہونا۔
الزَّفَّة. زَفَّ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُهُ زَفَّةً أَوْ زَفَّتَيْــنِ" میں اس کے پاس ایک بار یا دو بار آیا۔
الزُّفَّة: گروہ۔
الأَزَفّ: تیز رفتار۔ باریک چھوٹے پروں والا۔
الـزَّفِيف والـزَّفَّـان والـزَّفَّـاف: سبک تیز رفتار۔ الـزَّفُوْف: شتر مرغ...... مِـنَ النُّوْق: عمدہ چال والی تیز رفتار اونٹنی۔ قَــــــوْسٌ زَفُوْفٌ: آواز دینے والی کمان۔
المِزَفَّة: پالکی۔
زَفَتَ: (ن) زَفْتًا. الإِنَاءَ: بھرنا...... الرَّجُلَ: غیظ میں ڈالنا۔ منع کرنا۔ دھتکارنا۔ تھکانا۔ کہا جاتا ہے "زَفَـتَ الـحَدِيْـثَ فِي أُذُنِ الأَصَمِّ" اس نے بہرے کے کان میں بات ٹھونس دی۔
زَفَّتَ. السَّفِينَةَ: کشتی پر زفت ملنا۔
الـــزِّفْـت: تارکول جیسی ایک چیز جس کو کشتی وغیرہ پر ملا کرتے تھے۔
زَفَدَ (ن) زَفْدًا. الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
فَرَسَهُ شَعِيرًا: گھوڑے کو بہت جو کھلانا۔
اِزْدَفَتَ. المَالَ: سارا لے لینا۔
زَفَرَت (ض) زَفْرًا وزَفِيرًا. النَّارُ: آگ سے بھڑکنے میں آواز نکلنا...... الأَرْضُ: نباتات اگانا۔ زَفَرَ الـرَّجُلُ: لمبی لمبی سانس لینا۔ الـحِمَارُ: گدھے کا رینگنا شروع کرنا۔
وزَفَـرَ الشَّـيْءَ زَفْرًا: اٹھانا...... الـمَاءَ: پانی کھینچنا۔
اِزْدَفَرَ. الشَّيْءَ: اٹھانا۔
اَلــــزِّفْـــر: بھاری بوجھ۔ مشک۔ مسافر کا سامان۔ جماعت یا دستہ فوج۔ ج أَزْفَار.
الزَّفَر: درخت کے نیچے لگانے کی تھونی۔
الـزُّفَرِ: شیر۔ بہادر۔ سمندر۔ بہت پانی والا دریا۔ سخی۔ سردار۔ مشک کے اٹھانے کے لئے مضبوط آدمی۔ بہت عطیہ۔ دستہ فوج۔
الزَّفِير: مص۔ مصیبت۔ گدھے کی آواز کی ابتداء اور انتہا کو الشَّهِيق: کہتے ہیں۔
الـزَّفْـرَة الـزُّفْرَة: لمبی سانس۔ گرم سانس۔
زَفْرَةُ الدَّابَّةِ زَفْرَتُهَا: جانور کا پھولا ہوا پہلو۔
الـزَّفْـرَة: زَفَرَ الـرَّجُلُ أَوِ الحِمَارُ: کا اسم ج زَفَــرَات: کبھی ضرورت شعری کی بنا پر فا کو ساکن کر کے زَفْـرَات: کہتے ہیں۔ فَـرَسٌ (أَزْفَر): بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔ ج زُفْر.

الزافِرَة: جماعت۔ دستہ فوج۔ مصیبت۔ تیر کے پر کے علاوہ یا پیکان کی جانب دو ثلث سے کم۔ کندھا اور اس کے گرداگرد۔ کمان۔ بڑا سردار۔ زافِرَةُ الرَّجُلِ: مرد کے اقارب و انصار۔ زافِرَةُ البِنَاء: عمارت کا تھم۔ ج زَوَافِر الزَّوَافِر: پسلیاں۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ شَدِيْدُ الزَّوَافِرِ" مضبوط پسلیوں والا گھوڑا۔ پانی لانے والی لونڈیاں۔ انگور کی بیل اٹھانے کی ٹٹی۔ زَوَافِرُ المَجْدِ: بزرگی کے اسباب۔

المُزْفَر والمُزْدَفَر: لمبی سانس۔ سانس لینے کی جگہ۔

المُزْفُوْر۔ مِنَ الدَّوَاب: مضبوط جوڑوں والا جانور۔

زَفْزَفَ۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ عمدہ چال چلنا ...... الطَّائِرُ: پر پھیلا کر اترنا ...... الرِّيْحُ الحَشِيْشَ: ہوا کا گھاس کو حرکت دینا اور اس سے سائیں سائیں کی آواز نکلنا ...... المَرْكَبُ: سواری کے چلنے سے آواز سنائی دینا۔

زَفَنَ(ض) زَفْنًا: ناچنا۔ سخت دھکا دینا اور لات مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَنَوْتُ مِنْهُ فَزَفَنَنِي" میں اس سے قریب ہوا اس نے مجھے دھکا دیا۔

الزِّفْن: چھت کے اوپر کا سامان۔ النَّاقَةُ (الزَّافِنَةُ والزَّفُوْن): لنگڑی اونٹنی۔

الزَّفَان: ناچنے والا۔

الازْفَنَة: حرکت۔ رَجُلٌ اِزْفَنَة: متحرک مرد۔

الزَّيْزَفُوْن: ایک درخت جس کے پھول سفید ہوتے ہیں اور اس میں پھل نہیں آتا۔ نَاقَةٌ زَيْزَفُوْن: تیز رفتار اونٹنی۔

زَفَى يَزْفِي زَفْيًا وزَفَيَانًا۔ زَفَتِ القَوْسُ: آواز دینا ...... الرِّيْحُ السَّحَابَ والتُّرَابَ: ہوا کا بادل یا مٹی کو اڑانا ...... الرَّجُلُ بِنَفْسِهِ: جان دینا۔

اَزْفَى۔ الشَّيْئَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا اور اسی سے ہے "اَزْفَتِ العَرُوْسَ" جبکہ میکہ سے دلہن کو سسرال لے جائیں۔

الزَّافِي: سبک تیز رفتار۔

الزَّفَيَان: مس۔ ہلکاپن۔ ہلکا۔ نَاقَةٌ زَفَيَان: تیز رفتار اونٹنی۔

المَزْفِيُّ والمُزْفِيّ والمُتَزَفِّي: ڈرایا ہوا۔

زَقَّ(ن) زَقًّا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا ...... فَرْخَه: چوزہ کو چوگا دینا ...... الكَبْشَ: مینڈھے کی کھال اتارنا۔ الجِلْدَ: بال کاٹنا۔

الزِّق: مشک۔ زِقُّ الحَدَّاد: لوہار کی بھٹی۔ ج اَزْقَاق وزِقَاق وزُقَّان واَزُقّ۔

الزُّق: شراب۔ ج زُقَقَة۔

الزَّقَّقَة: چوزہ کو چوگا دینے والی فاختائیں۔ چھوٹے بچوں کو تیار کرنے والے۔

الزُّقَاق: گلی۔ تنگ راستہ (مذکر و مؤنث) ج اَزِقَّه وزُقَّان۔ الزُّقَان وبَحْرُ الزُّقَاقِ: جبرالٹر کی آبنائے۔

الزُّقَّة والزُّقُّق: پن ڈبی نامی ایک پرندہ۔

الزَّقَّاق: مشک بنانے والا۔

زَقَبَ(ن) زَقْبًا۔ الجُرَذُ فِي الجُحْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ وزَقَبَه فِي الجُحْرِ: داخل کرنا (لازم و متعدی)

زَقَبَ۔ المُكَّاءُ: آواز کرنا (مکاء ایک پرندہ ہے)

اِنْزَقَبَ۔ الجُرَذُ فِي الجُحْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔

الزَّقَب: تنگ راستہ۔ نزدیکی۔ کہا جاتا ہے "رَمَيْتُهُ مِنْ زَقَبٍ" میں نے اس کو نزدیک سے تیر مارا۔

زَقَحَ: (ف) زَقْحًا وزُقَاحًا۔ القِرْدُ: بندر کا آواز کرنا۔

الزُّقُر: شکرا۔ (الصَّقْر: میں ایک لغت ہے۔

الزَّقَر: دوزخ۔ (السَّقَر: میں ایک لغت ہے)

زَقْزَق زَقْزَقَةً وزِقْزَاقًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا چہچہانا ...... فَرْخَهُ: چوزہ کو چوگا دینا ...... الصَّبِيَّ: بچہ کو کدانا ...... الرَّجُلُ: آہستہ ہنسنا۔ ہلکا ہونا۔

الزُّقْزَاق: آہستہ چلنے والا۔ ایک قسم کی چیونٹیاں۔

زَقَعَ: (ف) زَقْعًا وزُقَاعًا۔ الدِّيْكُ: مرغ کا ککڑوں کوں کرنا ...... الحِمَارُ: گدھے کا زور سے گوز کرنا۔

زَقَفَ: (ن) زَقْفًا وتَزَقَّفَ وازْدَقَفَ الشَّيْئَ: چھین لینا یا جلدی سے اُچک لینا اور اسی سے ہے "تَزَقَّفَ الكُرَةَ بِالصَّوْلَجَان" وہ گیند کو بلے سے جلدی لے گیا۔ تَزَقَّفَ وازْدَقَفَ اللُّقْمَةَ: لقمہ نگلنا۔

الزُّقْفَة: ہر وہ چیز جو نگل لی جائے۔ ہر وہ چیز جو ہاتھ میں لی جائے۔

زَوْقَلَ۔ العِمَامَةَ: سر کے دونوں جانب کناروں کو لٹکانا۔

زَوَاقِيْلُ۔ العِمَامَةِ: عمامہ کے نیچے سے لٹکے ہوئے بال۔

الزَّوْقَل والزَّوَاقِيْل: چور۔ لٹیرے۔

الزَّوْقَلَة: تنگ گلی۔

زَقَمَه: (ن) زَقْمًا وازْدَقَمَه: نگلنا۔

اَزْقَمَه۔ الشَّيْئَ: نگلوانا۔

زَقَّمَه: تھوہر کھلانا۔

تَزَقَّمَ: لقمہ کرنا۔ تھوہڑ کھلانا۔ اللَّبَنَ: دودھ بہت پینا۔

الزَّقُّوْم: جہنم کے ایک درخت کا نام۔ تھوہڑ۔ مہلک خوراک۔ ایک جنگلی گھاس جس کا پھول چنبیلی کی مانند ہوتا ہے۔

الزَّقْمَة: زَقَم: کا اسم مرۃ۔ طاعون۔

زَقَنَ: (ن ض) زَقْنًا۔ الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔

اَزْقَنَه: اٹھانے میں مدد دینا۔

زَقَا يَزْقُو زَقْوًا وزُقَاءً وزُقُوًّا وزَقْيًا وزُقُوًّا وزَقِي (ض) زَقْيًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا چہچہانا۔ صفت مذکر (زَاقٍ) ج زُوَاق: صفت مؤنث (زَاقِيَة) ج زَوَاقٍ ...... الصَّبِيُّ: بچہ کا بہت رونا۔

اَزْقَاه: رلانا۔

الزُّقْيَة: روپے پیسوں کا ڈھیر۔

الزُّقْيَة: چیخ۔

زَکَّ: (ن) زَکًّا وزَکِیکًا
الشَّیخُ: دوڑنے یا چلنے میں کمزوری کی وجہ سے قریب قریب قدم رکھنا۔ (...... زُکَّام)
الغُلامُ: دوڑنا...... القِربَۃَ: مشک بھرنا......
بسَلحِہِ: بیٹ کرنا۔ زَکَّۃُ الماءُ: آسودہ کرنا...... عَلٰی فُلانٍ: غضبناک ہونا۔
زُکَّ. الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔ بیماری کی وجہ سے کمزور ہونا۔
اَزَکَّ. عَلَی الاَمرِ: اصرار کرنا...... بِرَایِہٖ: خودرائے ہونا۔
تَزَکَّکَ: ساز وسامان لینا یا ہتھیار اٹھانا۔
اِزدَکَّ. الزَّرعُ: سیراب ہونا۔
الزُّکُّ: فاختہ کا چوزہ۔
الزِّکَّۃِ: ہتھیار۔
الزُّکَّۃ: غم وغصہ۔
زَکَاہُ: (ف) زَکْأً: مارنا...... زَکَاہُ الدَّراھِمَ: نقد دینا یا جلدی نقد دینا...... زَکَاہُ حَقَّہٗ: پورا کرنا...... اِلَیہِ: پناہ لینا۔
اِزدَکَأَ. حَقَّہٗ مِنہُ: حق وصول کرنا۔
رَجُلٌ (زُکَأٌ وزَکَأۃٌ وزُکَاءٌ) النَّقدِ: جلدی نقد دینے والا۔
المَزکَأُ: جائے پناہ۔
زَکَبَ (ن) زَکْبًا وزُکُوبًا. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا...... المَرأَۃَ: عورت کا ایک ہی مروڑ میں بچہ کو جننا...... المَرأَۃَ: جماع کرنا۔
اِنزَکَبَ. البَحرُ: سمندر کے پانی کا پست زمین میں یا گڑھے میں داخل ہونا۔
الزُّکبَۃ: لڑکا۔ نطفہ۔
زَکَتَ (ن) زَکْتًا واَزکَتَ وزَکَّتَ. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
اَزکَتَ. المَرأَۃُ بِغُلامٍ: لڑکے کو جننا۔
المَزکُوت: انڈوں سے بھری ہوئی ٹڈی۔ بھرا ہوا غمگین۔
زَکَرَ (ن) زَکْرًا وزَکَّرَ. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
زَکَرَ وتَزَکَّرَ. الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔
الزُّکرَۃ: شراب وغیرہ کے لئے چمڑے کا برتن۔ ج زُکَر.
زَکَمَہُ (ن) زَکْمًا واَزکَمَہ: مبتلائے زکام ہونا...... القِربَۃَ: مشک بھرنا۔ زَکَمَتْ بِہٖ اُمُّہٗ: جننا۔
زُکِمَ: زکام زدہ ہونا۔ صفت (مَزکُوم)
الزُّکمَۃ: زکام۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "لِفُلانٍ زُکمَۃ سُوءٍ" فلاں کی اولاد غیر صالح ہے۔
الزُّکمَۃ: اجذ۔ آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ زُکمَۃ وَلَدِ اَبِیہِ" وہ اپنے باپ کا آخری بچہ ہے۔
زَکِنَ (س) زَکَنًا. الاَمرَ: تاڑ جانا۔ سمجھنا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَکِنتُ اللہَ رَجُلَ سُوءٍ" میں نے جانا کہ وہ برا آدمی ہے...... مِنہُ عَدَاوَۃً: کسی کی دشمنی کا علم ہونا (...... زُکُونًا) اِلَیہِ: پناہ لینا۔ مل جل جانا۔
زَکَّنَ: گمان کرنا...... عَلَیہِ: مشتبہ کرنا۔
زَاکَنَہٗ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا الجَیشُ یُزَاکِنُ الاَلفَینِ" یہ لشکر دو ہزار کے قریب ہے...... ہٗ: قریب وہم نشین ہونا۔
اَزکَنَہٗ. الاَمرَ: جتانا۔ سمجھانا...... الشَّیءَ: صحیح گمان کرنا۔
الزَّکَانَۃ والزَّکَانِیَۃ: صحیح گمان۔
رَجُلٌ (زَکِنٌ): سمجھدار مرد۔
رَجُلٌ (زُکَنٌ): اچھی یادداشت والا مرد۔
زَکَا یَزکُو زَکَاءً وزُکُوًّا وزَکِیَ (س)
زَکِیَ. الزَّرعُ: بڑھنا...... الرَّجُلُ: نیک و صالح ہونا۔ خوش عیش ہونا۔ زکی ہونا......
الاَرضُ: عمدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا لایَزکُو بِکَ" یہ تمہارے لائق نہیں۔
زَکّٰی: بڑھنا۔ زائد ہونا۔ پیاسا ہونا۔
ہٗ اللہُ: نشوونما کرنا۔ پاک کرنا۔ صالح بنانا۔ زکوۃ لینا۔ زَکّٰی لَہٗ: زکوۃ ادا کرنا...... نَفسَہٗ: خودستائی کرنا۔
اَزکٰی. الزَّرعُ: بڑھنا...... ہٗ اللہُ: نشوونما کرنا۔
تَزَکّٰی: صدقہ ادا کرنا۔ زکی ہونا...... الشَّیءُ: بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔
الزَّکَا: جفت عدد۔ کہا جاتا ہے "اَخَسًا ھٰذا اَم زَکًا" یہ طاق ہے یا جفت۔
الزَّکَاۃ: چیز کا عمدہ حصہ۔ زکوۃ۔ صدقہ۔ پاکیزگی۔ ج زَکًا وزَکَوَات.
التَّزکِیَۃ زَکّٰی: کا مصدر۔
الزَّاکِی: فا۔ عمدہ نشوونما پانے والا۔ ج زُکَاۃ.
الزَّکِیّ: اچھی نشوونما پانے والا۔ ج اَزکِیَا: مؤنث زَکِیَّۃ: کہا جاتا ہے "اَرضٌ زَکِیَّۃٌ" عمدہ زرخیز زمین۔
زَلَّ: (ض س) زَلًّا وزَلَلًا وزُلُولًا وزَلِیلًا ومَزِلَّۃً وزِلِّیلٰی وزِلِّیلاءً: پھسل کر گرنا...... عَنِ الحَقِّ اَوِ الصَّوَابِ: پھر جانا...... عُمرُہٗ: گزر جانا...... (زَلَّ زَلِیلًا زُلُولًا): جلدی گزرنا۔
زَلَّ زُلُولًا. الدِّرھَمُ: کم وزن ہونا۔ صفت (زَالٌ) ج زَوَالٌ: کہا جاتا ہے "دَرَاھِمُ زَوَالٌ" کم وزن والے درہم۔
زَلَّ: (س) زَلَلًا: ہلکے سرین والا ہونا۔ صفت (اَزَلُّ): مؤنث (زَلَّاءُ. ج زُلٌّ).
اَزَلَّہٗ: پھسلانا۔ لغزش کرانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَلَّ اِلَیہِ نِعمَۃً" اس نے اس کے ساتھ بہتر سلوک کیا اور نعمت دی۔ و "اَزَلَّ اِلَیہِ مِن حَقِّہٖ شَیئًا" اس نے اس کو اپنے حق میں سے کچھ دیا۔ "اَزَلَّہٗ اِلَی القَومِ" اس نے اس کو قوم کے سامنے پیش کیا۔
اِستَزَلَّہٗ: پھسلانا۔ لغزش کرانا۔
الزِّلُّ: پھسلنے کی جگہ (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "مَکَانٌ زِلٌّ واَرضٌ زِلٌّ".
الزَّلَلُ: مص۔ گناہ کا ارتکاب۔ کہا جاتا ہے "اَستَغفِرُ اللہَ مِن زَلَلِی" میں اللہ سے اپنے ارتکاب گناہ کی مغفرت طلب کرتا ہوں۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "فِی مِیزَانِہٖ زَلَلٌ" اس کے ترازو میں نقصان ہے۔
الزَّلَّۃ. زَلَّ: کا اسم مرۃ۔ ایک مرتبہ گرنا۔

گناہ۔ ولیمہ۔ دلہن۔ خوراک جو دوست یا رشتہ دار کے دسترخوان سے اٹھایا جائے۔ ج زَلّات.

الزِلّة: چکیلے پتھر واحد زِلٌّ.

الزُلّة: احسان۔ دمہ۔

مَــاءٌ (زُلالٌ وزُلـول وزُلِیـل وزُلازِل): صاف میٹھا خوشگوار پانی۔ الـــزُلالُ: بہت پھسلنے والا۔

الازَلُّ: تیز رفتار۔ ہلکے سرینوں والا۔ مؤنث زَلّاء قَوسٌ زَلّاءُ: کمان جس سے تیر جلد نکل جائے۔

المَزَلّة والمِزلّة: پھسلنے کی جگہ۔ ج مَزالُّ.

المُزَلِّلُ: فا۔ بہت بھلائی کرنے والا۔

زَلِبَ: (س) زَلَبـا۔ بِـہ: لازم رہنا۔ چپٹا رہنا۔ جدا نہ ہونا۔

الزُلبة: لقمہ۔ تیر۔

الزَلابِیَة: جلیبی۔

زَلَجَ: (ض) زَلْـجا وزَلِیـجا وزَلَـجانًا: تیزی سے چلنا۔

زَلَجَ: (ن) زَلْـجا وازْلَجَ. البابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کرنا (دیکھئے مِزلاج)

زَلَجَ: (ن) زَلَجانًا. فُلانًا: آگے ہونا۔

زَلِجَ: (س) زُلُـوجا وتَزَلَّجَ: پھسلنا اور اسی سے مَــزلَّـجٌ: ہے۔ ان سواروں کو کہتے ہیں جن میں پہیے نہیں ہوتے اور برف پر پھسلتی ہیں۔ ج مَزالِج. زَلَجَ الکَلامُ مِنْ فِیهِ: بات کا منہ سے نکل پڑنا...... الـمَاءُ عَنِ الحَنجرَة: پانی کا حلق سے پیٹ میں اتر جانا۔

زَلَّجَ. الکَلامَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔

...... عَیشَہٗ: تھوڑی سی چیز پر زندگی بسر کرنا۔

تَــزَلَّـجَ. الشَّیءُ: پھسلنا۔ کہا جاتا ہے "تَـزَلَّجَ السَّهمُ عَنِ القَوسِ" تیر کمان سے پھسل گیا۔

النَّبِیذَ: نبیذ پینے پر اصرار کرنا۔

مَکانٌ (زَلْجٌ وزَلَجٌ وزَلِیجٌ): پھسلنے کی جگہ۔

الزالِج: فا۔ مصیبتوں سے نجات پانے والا۔ بہت پینے والا۔ سَـهمٌ زالِـجٌ: تیر جو زمین پر پھسلتا ہوا جائے۔

الزَلُوج: تیز رفتار۔ سَـهمٌ زَلُوجٌ: کمان سے پھسلنے والا تیر۔ قَـدَحٌ زَلُوجٌ: ہاتھ سے پھسل جانے والا پیالہ۔ عَـقَبَةٌ زَلُوجٌ: دور دراز لمبی گھاٹی۔

الزُلَج: چکنی چٹانیں۔

ناقَةٌ (زَلَجی وزَلِیجَة): تیز رفتار اونٹنی۔

الـزِلاجُ والـمِزلاجُ والمِزلاخ: ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔

المُزَلَّج: کم بخیل۔ قوم میں اجنبی آدمی۔ بے مروت۔ ہر چیز کا گھٹیا۔

زَلَحَ: (ف) زَلْحا وتَزَلَّحَ: چکھنا۔

الـزَلَح: باطل۔ کہا جاتا ہے "اَمرٌ زَلَحٌ" امر باطل۔

الزُلَح: بڑے کشادہ پیالے۔

تَزَلَّحَب. عَنہُ: پھسلنا۔

زَلْحَفَہٗ: علیحدہ کرنا۔

تَزَلْحَف وازْلَحَف: علیحدہ ہونا۔

الزِلْحَفَة: کچھوا (سلحفاۃ کی تحریف ہے)

الزَلَحْلَح: ہلکا پھلکا مرد۔

الزَلَحْلَحَة: پھلکا چپاتی۔ لگن۔

زَلِخَ: (س) زَلَخا: موٹا ہونا۔

زَلَخَ: (ض) زَلْـخانًا وزَلَخانًا. الرَّجلُ: چلنے میں آگے ہونا...... رِجلُهٗ: پھسلنا۔

زَلَخَ: (ض ن) زَلْـخا. فُلانًا بِـالرُّمحِ: بھونکنا...... رَاسَهٗ: زخمی کرنا۔

زَلَخَهٗ: چکنا و ہموار کرنا۔

اَزلَـخَ. البـابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کر دینا۔ (دیکھئے مزلاج)

تَزَلَّخَ: پھسلنا۔

مَکانٌ (زَلْخٌ وزَلَخٌ): پھسلنے کی جگہ۔

الزَلُوخ: تیز رفتار۔ بِـئرٌ زَلُوخٌ: کنواں جس کے منہ پر پھسلن ہو۔

الزُلخة: بچوں کے پھسلنے کی جگہ۔

زَلْدَب زَلْدَبَةً. اللُقمَةَ: لقمہ نگلنا۔

زَلِزَ: (س) زَلَزًا: بے قرار ہونا۔

الزَلَز والزِلَز: سامان خانہ۔ آنے کا راستہ۔

زَلزَل زَلزَلَةً وزِلزالًا وزَلزالًا اللّٰهُ الارْضَ: بھونچال لانا...... ہٗ: ڈرانا۔ خوف دلانا...... الابِلَ: اونٹ کو سختی سے ہانکنا۔

تَزَلْزَلَتِ. الارضُ: بھونچال ہونا۔

نَـفسُـہٗ: موت کے وقت جان کا گھونگرو میں بولنا۔

الزَلزَلَة: مص۔ بھونچال۔ ج زَلازِل.

الزَلازِل: سختیاں۔ ہولناک چیزیں۔

الزُلزُل: ماہر مغنی۔ نقارچی۔ غُلامٌ زُلزُلٌ: ہلکا پھلکا لڑکا۔

الزَلزَل: سامان خانہ۔

الـــزُلـــزُول: سبک ظریف۔ سخی۔ جنگ و بدی۔

زَلَعَ (ف) زَلْعا. الشَّیءَ: فریب سے چھیننا۔

...... رِجلَہٗ: جلانا...... المَاءَ مِنَ البِئرِ: پانی نکالنا۔

...... رَاسَہٗ: سر پھاڑنا۔ تم کہتے ہو "زَلَعتُ لَہٗ مِنَ مَالِی زَلعَةً" میں نے اپنے مال میں سے ایک حصہ دیا۔

زَلِعَتْ: (س) زَلَعا وزُلُوعا وتَزَلَّعَتْ: قَدَمُہٗ: قدم کے ظاہر یا باطن کا پھٹنا...... کَفُّہٗ: اوپر سے پھٹنا...... الـجَـرحُ: خراب ہونا۔

تَزَلَّعَ رِیشُہٗ: پر کا گر جانا۔

زَلَعَتْ: (ن) زُلُوعا. الشَّمسُ: آفتاب طلوع ہونا...... النَّارُ: آگ کا بلند ہونا۔

اَزْلَعَہٗ. فِی الشَّیءِ: کسی چیز کا لالچ دلانا۔

اِزدَلَعَ. الشَّیءَ: فریب سے چھیننا۔

...... حَقَّہٗ: کسی کا حق کاٹ لینا...... الشَّجَرَةَ: درخت کاٹنا۔

الزَلَعَة: خراب شدہ زخم۔

الزَولَع: پھٹی ہوئی ایڑیوں والا۔

الزَیلَع: چھوٹی کوڑیوں کی ایک قسم۔

المُزَلَّع: پھٹے ہوئے پیروں والا۔

اِزلَعَتْ. السَّحابُ: گہرا گھرنا۔

سَیلٌ (مُزلَعِبٌ): بڑا سیلاب۔

زَلَغَ: (ن) زُلُوغا. النَّجمُ: ستارہ طلوع ہونا...... النَّارُ: آگ کا بلند ہونا۔

تَـزَلَّـغَتْ. رِجلُہٗ: پھٹنا۔ (جیسے تزلّعت)

ہے)

إِزْلَغَبَّ. الفَرْخُ: چوزہ کے پر نکلنا۔ الشَّعْرُ: موڈنے کے بعد اُگنا۔

زَلَفَ: (ن) زَلْفًا وزَلَفًا وزَلِيْفًا وتَزَلَّف وازْدَلَفَ: آگے ہونا قریب ہونا۔

زَلَّفَ: (ن) زَلْفًا وزَلَّفَ. الشَّيْ: آگے کرنا۔ زَلَّفَ فِيْ الكَلَامِ: زیادہ کرنا۔

اَزْلَفَهٗ: نزدیک کرنا...... الاَشْيَاءَ: جمع کرنا ...... الدَّلِيْلُ القَوْمَ: رہبر کا قوم کو آگے بڑھنے پر براہیختہ کرنا۔

الزَّلْف والزُّلْف والزُّلْفٰی: نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔

الزِلْف: باغ۔

الزُّلْفَة: نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رات کا ایک حصہ۔ بڑا پیالہ۔ ج زُلَف وزُلُفَات وزُلْفَات: اور بقول بعض الزُّلَف: بمعنی رات دن ملنے کے اوقات۔

الزَّلَفَة: بھرا ہوا حوض۔ سیپی۔ کپڑے دھونے کا طشت۔ بڑا پیالہ۔ چکنا پتھر۔ سخت یا جھاڑودی ہوئی زمین۔ باغ۔ ج زَلَف.

العَقَبَة (الزَلُوْف): دور دراز گھاٹی۔

المَزْلَفَة: آبادی جو بیابان اور کشت زار کے درمیان ہو۔ ج مَزَالِف. المَزَالِف: کوچ کرنے کی جگہیں۔ واحد مَزْلَفَة.

زَلِقَت: (س) وزَلَقَتْ (ن) زَلَقًا. القَدَمُ: قدم پھسلنا۔ بمَكَانِهٖ: ملول ہو کر علیحدہ ہونا۔

زَلَقَهٗ: (ض) زَلَقًا وزَلَّقه وازْلَقَهٗ: پھسلنا...... عَنْ مَكَانِهٖ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا...... رَاسَهٗ: سر موڈنا۔ زَلَّق المَوْضِعَ: پھسلنے والی جگہ بنانا۔ زَلَّق بَدَنَهٗ: بدن پر تیل لگانا۔ اَزْلَقَهٗ وزَلَّقَه بِبَصرِهٖ: غصہ کی وجہ سے تیز نظر سے دیکھنا۔ اَزْلَقَت الفَرَسُ: گھوڑی کا ناتمام بچہ گرانا۔

تَزَلَّقَ: اس طرح بننا سنورنا کہ چہرے کی رونق بڑھ جائے۔

الزَلْق والزَلَق والزَلِق والزَلَّاقَة: پھسلن کی جگہ۔ أَرْضٌ زَلَقٌ: چکنی سپاٹ زمین جس میں کچھ نہ ہو۔

الزُلُق: وہ شخص جس کو جماع کرنے میں دخول سے پہلے انزال ہو جائے۔

الزَلَقَة: چکنی چٹان۔ آئینہ۔ نَاقَةٌ (زَلُوْق): تیز رفتار اونٹنی۔ عَقَبَةٌ زَلُوْق: دور دراز گھاٹی۔

الزَلِيْق: ناتمام گرا ہوا بچہ۔

الزَلِيْق: ایک قسم کا شفتالو۔ واحد زَلِيْقَة.

المِزْلَاق: ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔ ناتمام بچہ گرانے والی گھوڑی۔

المَزْلَق والمَزْلَقَه: پھسلن کی جگہ۔

الزُّلْقُوْم: گلا۔

زَلَمَ: (ن) زَلْمًا: خطا کرنا...... الإِنَاءَ: برتن بھرنا...... الاَنْفَ: ناک کاٹنا...... العَطَاءَ: کم دینا۔

زَلَّمَهٗ: نرم کرنا۔ ہموار کرنا...... الرُّحٰی: چکی کو گھمانا اور کناروں سے پکڑنا...... العَطَاءَ: کم دینا...... الغِذَاءَ: بُری خوراک دینا۔

اِزْدَلَمَ. الشَّيْ: کاٹنا۔ جڑ سے کاٹنا۔

اِزْلَامَّ اِزْلِئْمَامًا. الشَّيْ: سیدھا کھڑا ہونا ...... القَوْمُ: جلدی کوچ کرنا۔ اِزْلَامَّتِ الضُّحٰی: چاشت کے وقت کا روشن ہونا۔

الزَلَم: کھر یا اس کا پچھلا۔ بے پر کا تیر۔ ج اَزْلَام: فال نکالنے کا تیر۔ الزَلَم: ایک قسم کی بوٹی جس کے پھل پھول نہیں ہوتے اور اس کی جڑیں زمین کے بہت اندر اور گرہ دار ہوتی ہیں جس میں چوڑے تخم ہوتے ہیں اور عوام کے نزدیک حب العزیز کے نام سے مشہور ہے۔

الزَلْمَة والزُلْمَة والزَلَمَة: ہیئت وقد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ العَبْدُ زُلْمَةً" وہ غلام کے مشابہ ہے۔

الزَلَمَة: بکری کے کان کا کٹا ہوا ٹکڑا جو لٹکتا رہے۔

زَلُّوْمَة. الاِبْرِيْق عِنْدَا العَامَةِ: ٹونٹی۔ فصیح لفظ بلبل ہے۔

المُزَلَّم: پست قد۔ سبک و چست۔ ظریف۔ المُزَلَّم والزَلِيْم. مِنَ السِهَام: عمدہ بنا ہوا تیر۔

المُزَلَّم والاَزْلَم: کٹے ہوئے کان والا۔

الزَلْمَاء. اَلاَزْلَم: کا مؤنث۔ مادہ شکرا۔ پہاڑی بکری۔ عمدہ بنایا ہوا تیر۔

زَمَّهٗ: (ن) زَمًّا: باندھنا...... القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَمَّ البَعِيْرُ بِاَنْفِهٖ: ناک میں تکلیف کی وجہ سے سر اٹھانا...... الرَجُلُ بِرَاسِهٖ: سر بلند کرنا...... بِاَنْفِهٖ: تکبر و گردن کشی کرنا ...... القَوْمَ: رفتار میں قوم سے آگے بڑھنا (...... وزَمَّمَ) الجَمَالَ: اونٹ کے نکیل ڈالنا۔ زَمَّ النَعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا ...... الذِئْبُ السَخْلَةَ: بھیڑیئے کا بکری کے بچہ کو سر اونچا کر کے لے جانا۔

زَمَتِ: (ن) زُمُوْمًا. القِرْبَةُ: مشک کا بھرنا ...... نَابُ البَعِيْر: اونٹ کے دانت نکلنا۔

(...... زِمِيْمًا) الزَنْبُوْرُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔

اَزَمَّ. النَعْلَ: جوتہ میں تسمہ لگانا۔

زَامَّ مُزَامَّةً: تکبر کرنا۔ زَامَمْتُ فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔

اِنْزَمَّ: بندھنا۔

اِزْدَمَّ: تکبر سے سر بلند کرنا...... الذِئْبُ السَخْلَةَ: بھیڑیئے کا بکری کے بچے کو سر بلند کر کے لے جانا۔

الزِمَام: جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ مہار۔ باگ۔ نکیل۔ لگام۔ ج اَزِمَّة. زِمَامُ النَعْل: جوتے کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زِمَامُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کا سردار و چودھری ہے۔ و "هُوَ زِمَامُ الاَمْرِ" یعنی اس پر کام کا دارومدار ہے۔ و "اَلْقَوْا فِيْ يَدِهٖ زِمَامَ الاَمْرِ" لوگوں نے اپنا معاملہ اس کے ہاتھ میں دے دیا کہ جس طرح چاہے فیصلہ کرے۔ و "هُوَ عَلٰی زِمَامِ اَمْرِهٖ" وہ اپنے کام کے پورا ہونے کے قریب ہے۔ و "هُوَ يَصْرِفُ اَزِمَّةَ الاُمُوْرِ" وہ جس طرح چاہتا ہے امور میں تصرف کرتا ہے۔

الزَام: فا رَجُلٌ زَامٌّ: گھبرانے والا مرد ج

زُمَّمٌ: کہا جاتا ہے "دَارِيْ مِنْ دَارِهٖ (زَمَمٌ):

میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔و "اَمْرُ الْقَوْمِ زَمَمٌ" قوم کے معاملے قریب قریب ہیں۔وَوَجْهِي زَمَمَ بَيْتِهِ: میرا چہرہ اس کے گھر کے مقابل ہے۔
الزُّمَّام: اونچی گھاس۔
الِازْمِيمُ: مہینے کے آخر کا چاند۔
زَمُتَ: (ک) زَمَاتَةً وتَزَمَّتَ: سنجیدہ و صاحب وقار ہونا۔صفت (زَمِيتٌ) ج زُمَتَاء و (زِمِّيتٌ)
زَمَتَهُ (س) زَمْتًا: گلا گھونٹنا۔
زَمَجَ: (ن) زَمْجًا. القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ عَلَيْهِمْ: بغیر بلائے ہوئے آکر کھانا۔
زَمِجَ: (س) زَمَجًا: غضبناک ہونا۔صفت (زَمِجٌ) کہا جاتا ہے اَخَذَهُ (بِزَامِجِهِ): یعنی اس نے سارا لے لیا۔
الزُّمَّجُ: عقاب سے چھوٹا ایک سرخ رنگ کا شکاری پرندہ۔ج زَمَامِجُ. زُمَّجُ المَاءِ: ایک آبی پرندہ جو صرف مچھلی کھاتا ہے۔
الزِّمِجَّى: پرندہ کی دم کی جڑ۔
زِمِجَّةُ الظَّلِيمِ: شترمرغ کی چونچ۔
المُزْمَئِجُ: غضبناک۔
زَمْجَرَ زَمْجَرَةً: شور مچانا (...... وتَزَمْجَرَ) الاَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔
اِزْمَجَرَ: آواز کرنا۔
الزَّمْجَرَةُ: مص۔بانسری۔زَمْجَرَةُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی آواز۔ج زَمَاجِرُ و زَمَاجِيرُ۔
الزَّمْجُ الزَّوْمَجُ: کمینہ۔پست قد۔بدصورت۔کالے رنگ کا۔بدصورت و شریر۔
الزَّامِجُ: پھوڑا۔
زَمَخَ: (ف) زَمْخًا: تکبر کرنا۔صفت (زَامِخٌ) ج زُمَّخٌ۔
عَقَبَةٌ (زَمُخٌ وزَمُوخٌ): دور دراز و سخت گھاٹی۔
زَمْخَرَ. النَّمِرُ: چیتے کا غصہ سے دھاڑنا۔
...... (العُشْبُ): شگوفہ والا ہونا اور بڑھنا۔
...... (وازْمَخَرَّ) الصَّوْتُ: آواز کا تیز ہونا۔
تَزَمْخَرَ. النَّمِرُ: چیتے کا غضبناک ہونا اور دھاڑنا۔
الزَّمْخَرُ: بڑی بانسری۔بہت گنجان درخت۔رَجُلٌ زَمْخَرٌ: عالی مرتبہ مرد (...... والزَّمْخَرِيُّ): کھوکھلی ہڈی۔
الزَّمْخَرَةُ: زانیہ عورت۔زَمْخَرَةُ الشَّبَابِ: بھرپور جوانی ...... الشَّجَرِ: درخت کا گنجان ہونا۔
الزِّمْخِيرُ: تھوڑا۔
زَمَرَ: (ض ن) زَمْرًا وزَمِيرًا: بانسری بجانا ...... بِالحَدِيثِ: بات پھیلانا (...... زَمْرًا) القِرْبَةَ: مشک بھرنا ...... فُلانًا بِفُلانٍ: اکسانا۔کانا زَمَرَ (ض) زَمَرَانًا) الظَّبْيُ: ہرن کا بھاگنا۔بدکنا (...... زِمَارًا) النَّعَامُ: شترمرغ کا آواز کرنا۔
زَمِرَ: (س) زَمَرًا: کم بالوں والا ہونا۔بے مروت ہونا ...... الشَّاةُ: کم اون والی ہونا۔
زَمَّرَ: بانسری بجانا ...... القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
اِزْمَارَّ: غصہ سے سرخ آنکھوں والا ہونا۔
اِسْتَزْمَرَ. الرَّجُلُ عِنْدَ الهَوَانِ: ذلت کی وجہ سے منقبض ہونا۔
الزَّمْرُ: مص (...... والزَّمَرُ): آواز۔ج زُمُورٌ۔
الزَّمِرُ: بانسری بجانے والا۔غِنَاءٌ زَمِرٌ: عمدہ گانا۔کم بالوں یا کم اون والا۔کم مروت والا۔مؤنث زَمِرَةٌ عَطِيَّةٌ زَمِرَةٌ: تھوڑی داد و دہش۔
الزِّمَارُ: مص۔شترمرغ کی آواز۔
الزِّمِرُّ: سخت و درشت۔
الزَّمِيرُ: مص۔پستہ قد۔ج زِمَارٌ (...... والزُّمْرُورُ): خوبصورت لڑکا۔غِنَاءٌ زَمِيرٌ: عمدہ گانا۔
الزِّمِّيرُ والزُّمَّيْرُ: ایک قسم کی مچھلی جس کی پیٹھ پر کھڑے کانٹے ہوتے ہیں۔
الزَّمَّارُ: بانسری بجانے والا۔
الزَّمَّارَةُ: بانسری۔زَمَّارَةُ الرَّاعِي: ایک قسم کی نباتات۔
الزُّمْرَةُ: گروہ۔جماعت۔فوج۔ج زُمَرٌ۔
الزُّوْمَرُ: گروہ۔خوبصورت لڑکا۔
الزَّمَارَةُ والزُّمُورَةُ: کم مروتی۔
الزِّمَارَةُ: بانسری بجانے کا پیشہ۔
المِزْمَارُ: بانسری (...... المَزْمُورُ والمُزْمُورُ): گیت۔ج مَزَامِيرُ. مَزَامِيرُ دَاوُدَ: حضرت داؤد علیہ السلام کی دعا اور اس کے مجموعہ کا نام زبور ہے۔
الزُّمُرُّدُ والزُّمُرُّذُ: ایک سبز رنگ کا بیش قیمت پتھر۔واحد (زُمُرُّدَةٌ)
زَمْزَرَ. الوِعَاءَ: برتن کو اچھی طرح سے بھرنے کے لئے ہلانا۔
زَمْزَمَ زَمْزَمَةً. الشَّيْءُ: دور سے گنگناہٹ سنائی دینا ...... النَّارُ: آگ کے بھڑکنے میں آواز نکلنا ...... المُغَنِّي: سُر سے گانا۔
العُلُوجُ: عجمی کافروں کا کھانے کے وقت حلق یا نتھنوں سے آواز نکالنا اور ایک کا دوسرے کے مفہوم کو سمجھنا۔زَمْزَمَهُ: بکھری ہوئی چیز کو جمع کرنا ...... الشَّيْءَ: حفاظت کرنا۔
تَزَمْزَمَ. الجَمَلُ: بڑبڑانا۔تَزَمْزَمَتْ بِهِ شَفَتَاهُ: حرکت کرنا۔
مَاءٌ (زَمْزَمٌ وزُمَازِمٌ وزَمْزُومٌ وزَمَازِمٌ): بہت پانی۔کچھ کھاری پانی۔زَمْزَم: کعبہ معظمہ حرسہا اللہ کے نزدیک ایک کنوئیں کا نام۔
الزَّمْزَمَةُ: مص۔بادلوں کی گرج۔آگ کے بھڑکنے کی آواز۔شیر کی گونج۔ج زَمَازِمُ۔
الزِّمْزِمَةُ: اونٹوں یا آدمیوں کا گروہ۔ج زَمَازِمُ وزِمْزِمٌ۔
الزُّمْزُومُ والزَّمْزَمُ والزِّمْزِيمُ. مِنَ الاِبِلِ: عمدہ اونٹوں کی جماعت۔اونٹوں کا گلہ۔ج زَمَازِيمُ۔
زَمِعَ: (س) زَمَعًا. مِنْهُ: سرگشتہ و حیران ہونا۔گھبرانا۔
زَمَعَ (ف) زَمْعًا وزَمَعَانًا. الاَرْنَبُ: خرگوش کا تیز چلنا۔آہستہ آہستہ چلنا۔
اَزْمَعَ وزَمَّعَ. الاَمْرَ وعَلَيْهِ وبِهِ: ثابت قدم رہنا۔پختہ ارادہ کرنا۔و اَزْمَعَ الكَرْمُ: انگور کی شاخوں کا گروہ دار ہونا۔زَمَّعَ المَزْكُورُ:

بچہ کا بچہ جننا۔ أَزْمَعَتِ الأَرْنَبُ: خرگوش کا ہلکا پھلکا اور تیز دوڑنا۔

الـزَمَعُ: مص۔ چھوٹی تنگ نالیاں۔ کمینے و رذیل لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الزَّمَاعِ والـزَمَعِ" وہ بہت پست اور ادنی لوگوں میں سے ہے۔ انگور کی شاخ کی گرہ۔ آہستہ سیلاب۔ انگلی کی مقدار معتاد سے زائد بے قراری۔ کسی کام کے سوچنے کے وقت کی کپکپی ج أَزْمَاع (......والـزَمَاع): پختہ ارادہ۔

الزَمَعَة: ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "أَرْضٌ فِيهَا زَمَعَة مِنَ النَبتِ": زمین کہ اس میں گھاس کا ایک ٹکڑا ہے۔

الزَمَعَة۔ ج زَمَع وزِمَاع: بکری یا ہرن کی ٹانگ میں پچھلی جانب کے لٹکے ہوئے بال۔

......ج أَزْمَاع: چھوٹا ٹیلہ۔

الـزَمِعِيّ: خسیس۔ جلدی غصہ میں آجانے والا۔

الـزُمَّعُ: بے ڈنک کی بھڑ۔ وہ شخص جو اپنی ضروریات میں چست نہ ہو۔

الزُمَّاعَة: دبر۔

الـزَمِيعُ: پختہ ارادہ والا بہادر۔ عمدہ رائے والا۔ ج زُمَعَاء (......والزَمُوع): جلد باز۔

الأَزْمَـــعُ: چالاک مرد۔ مکروہ بات۔ ج أَزَامِع۔ رَجُلٌ أَزْمَعُ: زائد انگلی والا مرد۔

المُزْمِع: قا۔ ثابت قدم پختہ ارادہ والا۔

زَمَقَ: (ن ض) زَمْقًا۔ القُفْلَ: تالا کھولنا۔

......الـلِحْيَة: داڑھی نوچنا۔ صفت مفعولی (زَمِيقَة ومَزْمُوقَة): کہا جاتا ہے "مَا أَغْنَى عَنْــهُ" (زَمَقَة): یعنی اس نے کچھ فائدہ نہیں دیا۔

زَمَكَ: (ن) زَمْكًا: چپ رہنا (وزَمَكَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَمَكَهُ عَلَيَّ: بھڑ کا بھڑ کا کر غصہ دلانا۔

إزْمَأَكَّ: سخت غضبناک ہونا۔

الـزِمِكّ: سخت غصہ۔ کسی چیز کا آپس میں گتھ جانا۔

الـزِمِكَّة مِنَ الـرِجَالِ: جلدی غضبناک ہونے والا۔ بے وقوف۔ پستہ قد۔ ج الزِمِكُّون.

الـزِمِكّيّ والزِمِكّ: پرندہ کی دم یا اس کی جڑ۔

زَمَلَ: (ن ض) زَمَلاناً. الأَعْرَجُ: لنگڑے کا ایک جانب جھکے ہوئے دوڑنا۔

زَمَـلَـتْ: (ن) زَمْلاً وزَمَلاً وزَمَـالاً وزَمَلانـًا. الدَابَةُ: نشاط کی وجہ سے لنگڑاتے ہوئے چلنا (أَزْمَـلَ) الـقَـوْسُ: کمان سے آواز نکلنا (......زَمَلاً) الـرَفِيقَ: اپنے پیچھے سوار کرانا......الـرَجُـلَ: پیروی کرنا...... الشَيْءَ: لادنا۔

زَمَّلَ. الشَيْءَ: چھپانا......الشَيْءُ بِثَوْبِهِ اوفِيْ ثَوْبِهِ: لپٹنا۔

زَامَلَ. الـرَفِيقَ: محمل میں ایک جانب سوار کرانا۔

تَـزَمَّلَ وازَّمَّلَ وازْدَمَلَ. بِثَوْبِهِ: لپٹنا۔

اِزْدَمَلَ الحِمْلَ: ایک دفعہ میں لادنا۔

الـزِمْـلُ: جانور پر پیچھے سے سوار ہونے والا ساتھی بوجھ۔

الـزِمْلُ والـزِمْلَة والأَزْمَلَة: عیال۔ بال بچے۔

الزِمِلّ والزُمَّل والزُمَّيْل والزُمَّيْلَة والزُمَّل والزُمَّال والزُمَّالَة والـزُمَّيْل والزُمَّيْلَة: کمزور۔ بزدل۔

الزُمْلَة: ساتھی لوگ۔ جماعت۔ گروہ۔

الزَامِلَة. الزَامِل: کا مؤنث بار برداری کا جانور۔ ج زَوَامِل.

الــزَمِيْــل: جانور پر پیچھے سوار ہونے والا ساتھی۔ آج کل کی زبان میں پیشہ میں شریک کے لئے مستعمل ہے۔

الأَزْمَل: مخلوط آواز۔ ج أَزَامِـل أَزَامِيل: تمام۔ سارا۔ کہا جاتا ہے "أَخَـذَ الشَـيْءَ بِـأَزْمَلِـهِ وبِـأَزْمِلِهِ" اس نے چیز کو تمام پورے لیا۔

الإزْمَلُ: بزدل۔ کمزور۔

الأَزْمَلَة: کمان کی آواز۔ تمام سارا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ بِأَزْمَلَتِهِ" اس نے ساری چیز لے لی اور کہا جاتا ہے "لَهُ عِيَالٌ أَزْمَلَة" اس کے بہت بال بچے ہیں۔

الأُزْمُــوْلَة والإِزْمَــوْلَة: آواز کرنے والا پہاڑی بکرا یا ہرن وغیرہ۔

الإِزْمِيْل: رانپی۔ چھینی۔ ہتھوڑا۔ مضبوط مرد۔ کمزور مرد۔ (ضد)

المُزَمَّل والمُتَزَمِّل: کپڑوں میں لپٹنے والا۔

الـمُـزَمَّـلَة. المُزَمَّل: کا مؤنث۔ پانی سرد کرنے کا گھڑا یا مٹکا۔

زَمِنَ: (س) زَمَنًا وزُمْنَةً: لنجا ہونا۔

أَزْمَنَ. الشَيْءُ: دیر تک باقی رہنا......ہ اللّٰہ: لنجے پن میں مبتلا کرنا......بِـالـمَـكَـانِ: مدت تک اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَزْمَنَ عَنِّيْ عَطَاؤُكَ".

الـزَمَن: ج أَزْمَان وأَزْمُن و(الـزَمَان) ج أَزْمِنَة و(الـزَمَنَة): وقت۔ أَزْمِنَةُ السَنَةِ: سال کی چاروں فصلیں۔ بہار۔ گرمی۔ برسات۔ جاڑا۔ زَمَنٌ (زَامِنٌ): سخت زمانہ۔

الزَمَانَة: آفت۔ لنجا پن۔ قوتوں کی بے حسی۔ محبت۔

الـزَمِنُ۔ ج زَمِـنُـوْن و(الزَمِيْن) ج زَمْنَى وزَمَـــنَـة: لنجا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ زَمِـــنُ الرَغْبَة" فلاں کمزور خواہش والا ہے۔

عَامَلَهُ (مُزَامَنَةً): اس نے اس سے کچھ وقت کے لئے معاملہ کیا۔

المُزْمِن. فا. مَرَضٌ مُزْمِنٌ: پرانا مرض۔

زَمِهَ: (س) زَمْهًا الحَرُّ: گرمی تیز ہونا۔

......الرَجُلُ بالحَرِّ: گرمی تیز لگنا۔

زَمِهَتْ: (س) زَمْهًا. الشَمْسُ الرَجُلَ: تیز دھوپ لگنا۔

زَمْهَـرَتِ. الـعَيْنُ: آنکھ کا غصہ سے سرخ ہونا۔

إزْمَهَرَّ. اليَوْمُ: سخت سردی والا ہونا۔

......الـوَجْهُ: چہرہ کا بگڑنا......الـكَـوَاكِبُ: ستاروں کا چمکنا......الـعَيْنُ: آنکھ کا غصہ سے

سرخ ہونا۔
الزَمْهَرِیر: سخت سردی۔
المُزْمَهِرُّ: سخت غضبناک۔ ہنسنے والا۔
اِزْمَهَلَّ. المطر: برسنا...... الثَلْجُ: برف کا پگھلنے کے بعد بہنا۔
زَنَّ (ن) زَنًّا. عَصَبُهٗ: پٹھے کا خشک ہونا۔
...... الرَجُلُ: ڈھیلے جوڑوں والا ہونا (زَنَّهٗ وازَنَّهٗ) بِخَیرٍ اوشرٍّ: نیک یا بدگمان کرنا...... بکَذا: تہمت لگانا۔
زَنَنَ. الرَجُلُ: ہمیشہ ماش کھانا۔
الزِن: ماش۔
الزَنَن: تنگ۔ مَاءٌ زَنَن: تھوڑا پانی۔ ظِلٌّ (زَنَان): تھوڑا سایہ۔
حِنْطَةٌ (زِنَّة): گیہوں جس کو بارش کے علاوہ پانی دیا گیا ہو۔
الزِنِّین: پاخانہ یا پیشاب روکنے والا۔
اَبُوزَنَّة: لنگور۔
زَنَا: (ف) زَنْاً وزُنُوءًا. اِلَیهِ: پناہ لینا...... فِیْ الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا...... الظِلُّ: سایہ کا سمٹنا...... الرَجُلُ: خوش ہونا۔ جلدی کرنا۔ زمین سے چمٹنا...... بَولُه زَنْاً: پیشاب روکنا۔
...... بَولُهٗ زُنُوءًا: پیشاب رکنا۔
زَنَّأ. عَلَیهِ: تنگی کرنا۔
اَزْنَاهُ اِزْنَاءً: مجبور کرنا۔ چڑھانا۔ باز رکھنا۔
الزَنَاء: پستہ قد۔ پیشاب یا پاخانہ روکنے والا۔ تنگ۔ قبر۔
الزَنِی: چھوٹی مشک۔
زَنِب: (س) زَنَبًا: موٹا ہونا۔
الاَزْنَب: موٹا پستہ قد۔
الزَیْنَب: بزدل۔ ایک خوشبودار خوش منظر درخت۔
الزَانِبی: آہستہ چال۔
زُنَابَیٰ. العَقرَب: بچھو کا ڈنک۔
تَزَنْبَرَ. عَلَیهِ: تکبر کرنا۔ ترشروئی کرنا۔
الزَنْبَر: شیر۔
الزُنْبُور: بھڑ۔ ایک درخت جو چنار کی مانند ہوتا ہے۔
الزَنْبَرِی: بھاری بھرکم مرد۔ بڑی کشتی۔ کہا جاتا ہے "سَفِیْنَةٌ زَنْبَرِیَّةٌ"۔
اَلْمِزْنَبَارُ: ڈسنے والی مکھی۔
اَرْضٌ (مَزْبَرَة): بہت بھڑوں والی زمین۔
الزُنْبُرُک: گھڑی کا اسپرنگ (یہ کلمہ فارسی ہے) اس کے مقابلہ میں "النَابِض" کا کلمہ وضع کیا گیا ہے۔
الزِنْبَاعَة: چرمی موزے یا جوتے کی نوک۔
الزَنْبَق: سوسن سفیدی یا سفید چنبیلی۔ واحد (زَنْبَقَة): چنبیلی کا تیل۔ بانسری۔ ج زنابِق
اُمُّ زَنْبَق: شراب۔
الزُنْبُل: پستہ قد مرد۔
تَزَنْتَر: ناز سے چلنا۔
الزَنْتَرة: تنگی۔ عسرت۔
زَنِجَ (س) زَنَجًا: پیاس سے آنتوں کا سکڑنا۔
زَانَجَهٗ: برائی یا بھلائی کا بدلہ دینا۔
تَزَنَّجَ. عَلَیهِ: دست درازی کرنا۔
الزَنْج والزِنْج: حبشی واحد (زنجی) ج زُنُوج۔
الزِنَاج: بدلہ۔
الزَنْجَب والزَنْجَبَان: کمربند۔
الزَنْجَبَة: گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔
الزَنْجَبِیل: سونٹھ۔ شراب۔
زَنْجَرَ: انگوٹھے کے ناخن کو انگشت شہادت کے ناخن سے مارنا۔
الزَنْجَار: تانبے کا رنگ۔
الزَنْجِیر والزِنْجِیرَة: سپیدی جو جوانوں کے ناخن پر ہوتی ہے۔ الزُنْجُور: ناخن کا کٹا ہوا حصہ۔ زنجیر۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں (زَنْجَرَهٗ فَتَزَنْجَرَ): یعنی اس نے اسے قید کیا اور وہ قید ہو گیا اور عوام کہتے ہیں جَنْزَرَ وجَنْزَرَةً۔
الزِنْجَفْر والزُنْجُفْر: شنگرف۔
الزِنْجِیل: کمزور سست بدن والا مرد۔
زَنَحَهٗ: (ف) زَنْحًا: تعریف کرنا۔ دفع کرنا۔ معاملہ میں تنگی کرنا۔
زَانَحَهٗ: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
زَنَحَ وتَزَنَّحَ. المَاءَ: بار بار پانی پینا وتَزَنَّحَ الرَجُلُ: کھل کر گفتگو کرنا۔ اپنے آپ کو مرتبہ سے زیادہ ظاہر کرنا۔ کسی معاملہ یا فرض میں تنگی برتنا۔
الزَنْح: بدلہ۔
زَنِخَ: (ف) زَنَخًا. الدُهْنُ: تیل کا بگڑنا۔ خراب ہونا۔ صفت (زَنِخ)
زَنَخَ: (ن ض) زُنُوخًا. القُرَادُ: چیچڑی کا چمٹنا۔
زَانَخَهٗ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَزَنَّخَ: تکبر کرنا۔ کھل کر گفتگو کرنا۔
اِبِلٌ (زَنِخَة): پیاس کی وجہ سے سمٹے ہوئے پیٹ والے اونٹ۔
زَنْخَر. بِمَنْخَرِه: خراٹے لینا۔
زَنَدَ: (ن ض) زَنْدًا. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
...... النَارَ: چقماق سے آگ نکالنا۔
زَنِدَ: (س) زَنَدًا. الرَجُلُ: پیاسا ہونا۔
زَنَّدَ: جھوٹ بولنا۔ چقماق سے آگ نکالنا۔
...... السِقَاءَ: مشک بھرنا...... فِی الاَمْرِ: تنگ دل ہونا...... عَلٰی اَهْلِهٖ: سختی برتنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یُزَنِّدُکَ اَحَدٌ عَلَیْهِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا۔
اَزْنَدَ. الشَیُٔ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا یُزْنِدُکَ اَحَدٌ عَلَیْهِ": یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا...... الرَجُلُ فِیْ وَجَعِهٖ: مرد کا اپنی بیماری میں دوبارہ مبتلا ہو جانا۔
تَزَنَّدَ: غضبناک ہونا۔ جواب نہ دے سکنا۔ تم کہتے ہو "سَاَلْتُهٗ مَسْئَلَةً فَتَزَنَّدَ": میں نے اس سے ایک مسئلہ پوچھا اور وہ جواب نہیں دے سکا۔
...... فِیْ الاَمْرِ کَذَا: تنگ دل ہونا۔
الزَنْد: مس۔ ہاتھ کا گٹا۔ چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر اور نچلے کو (الزَنْدَة) اور

دونوں کو (الزِنْدَان): کہتے ہیں۔ ج زِنَادٌ و أَزْنُدٌ و أَزْنَاد.

اور کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ وَارِیُ الـزَّنْدِ" فلاں کامیاب ہے۔ و "فُلاَنٌ کَابِی الزَّنْدِ" فلاں ناکامیاب ہے۔ و "هُـمَـا کَـزَنْدَیْنِ": وہ دونوں مساوی ہیں' اس کا استعمال عموماً دنائت وخست میں ہوتا ہے اور ان دونوں آدمیوں کے لئے بھی بولتے ہیں جن کی وجہ سے حاجت پوری ہو اور جو تمہاری مدد کرے اس کے لئے کہتے ہو "وَرَتْ بِکَ زِنَـادِیْ": یعنی تمہاری وجہ سے میری حاجت پوری ہوئی۔

الـمُزَنَّدُ: تنگ۔ بخیل۔ منہ بولا بیٹا۔ کم چوڑا کپڑا۔ عَطَاءٌ مُزَنَّدٌ: تھوڑی بخشش۔

تَـزَنْـدَقَ: بے دین ہونا۔ دو خدا ماننا۔ باطنی کافر ہونا۔ صفت زِنْـدِیْـق. ج زَنَـادِقَة وزَنَادِیْق.

الـزَّنْدَقَة: ظاہری ایمان و باطنی کفر۔ رَجُـلٌ (زَنْدَق وزَنْدَقِی): بہت بخیل۔

زَنَرَ: (ن) زَنْرًا. الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔

......الغُلاَمَ: لڑکے کو جنیو پہنانا۔

زَنَّرَ. إِلَیْ بِعَیْنِهِ: گھور کر دیکھنا۔

تَزَنَّرَ: جنیو پہننا...... الشَّیْءُ: باریک ہونا۔

الـزُّنَّـار. ج زَنَـانِیْـر و (الـزُّنَّـارَة): جنیو۔

الزَّنَانِیْر: چھوٹی کنکریاں۔

الزَّنْزَلَخْت: ایک درخت کا نام۔

زَنِفَ: (س) زَنَفًا و تَزَنَّفَ: غضبناک ہونا۔

زَنَقَ: (ن ض) زَنْـقًا وزَنَّقَ. الـفَرَسَ: گھوڑے کا نچلے جبڑے کے نیچے تسمہ لگانا۔

......الـبَـغْـلَ: خچر کی ٹانگوں میں پائے بند باندھنا۔ (...... وزَنَّقَ وأَزْنَقَ. عَلٰی أَوْلاَدِهِ: اولاد پر نفقہ میں تنگی کرنا۔)

الـزَّنَق: نیزے کی نوک۔ گھوڑے کا نچلا جبڑا جہاں تسمہ باندھتے ہیں۔ ج زُنُوْق.

الزَّنَقَة: تنگ گلی۔

الزِّنَاق: گھوڑے کے نچلے جبڑے کے نیچے کا تسمہ۔ خچر کا پائے بند۔ گلو بند۔ عورتوں کا ایک زیور۔ ج زُنُق.

الـزِّنَاقَة: گھوڑے کے جبڑے کے نیچے کے تسمہ کا حلقہ۔

الزَّنِیْق: درست۔ مضبوط۔ کہا جاتا ہے "رَأْیٌ زَنِیْقٌ" درست رائے۔

المَزْنُوْق: مفلوج۔ بند پیشاب والا۔

أَلزُّنْکُ: (علم کیمیا) توتیا۔

زَنَّمَ. لَهُ الخَصَـمَ: کسی کو وکیل خصومت بنا کر بھیجنا۔

الـزَّنَمَة: کان کا وہ حصہ جو کاٹ دیا جائے اور لٹکتا رہے۔ حلق کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت۔ علامت زَنَـمَتَـا الأُذُنِ: کان کی لو کے قریب اُبھرا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فِـیْ کَلاَمِـهِ زَنَـمَةُ خَیْرٍ وزَنَمَةُ شَرٍّ" یعنی اس کے کلام میں خیر یا شر کی علامت ہے۔

الـزَّنِم. مِنَ الجمَالِ: اونٹ جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ دیا جائے اور وہ لٹکتا رہے۔ مؤنث زَنِمَةٌ.

الأَزْنَم. مِنَ الجِمَالِ: بمعنی الزَّنِم: مؤنث زَنْمَاء. ج زُنْم.

الزُّنَام: مصیبت۔

الـزَّنِیْم: کمینہ۔ منہ بولا بیٹا (...... والـمُزَنَّمُ): اجنبی آدمی جو قوم میں داخل ہو جائے اور قوم کے لوگ اس کے حاجت مند نہ ہوں۔

نَاقَةٌ (مُزَنَّمة): اونٹنی جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ کر لٹکتا ہوا چھوڑ دیا جائے۔

زَنَا (ن) زُنُوًّا: تنگ ہونا۔ صفت (زَنِیٌّ)

زَنّٰی تَزْنِیَةً. عَلَیْهِ: تنگی کرنا۔

زَنٰی (ض) زِنیً وزِنَـاءً وزَانٰی مُزَانَـاةً وزِنَـاءً: زنا کرنا۔ صفت (زَانٍ) ج زُنَـاةٌ: صفت مؤنث زَانِیَة ج زَوَان.

زَنّٰی. ہ: زنا کی نسبت کرنا یا زانی کہنا۔

أَزْنٰی إِزْنَاءً: زنا کرنے پر اُکسانا۔

الـزَّانِیَة: زنا کرنے والا۔ (تا مبالغہ کے لئے ہے۔)

الزَّنَّاءَة: بہت زنا کرنے والی۔ بندریا۔

الزِنْیَة: مرد کا آخری بچہ۔

زَه: کلمہ استحسان بمعنی خوب اور بھی تحکم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے برائی کرنے والے کیلئے کہا جائے "أَحْسَنْتَ".

زَهَـدَ وزَهِـدَ: (س ف) وزَهُـدَ (ک) زُهْدًا وزَهَـادَةً. فِیْ الشَّیْءِ وعَنْهُ: بے رغبتی کر کے چھوڑ دینا اور اسی سے ہے "زَهَـدَ فِی الـدُّنْیَـا": اس نے دنیا سے منہ موڑ کر اپنے آپ کو عبادت کے لئے فارغ کر لیا۔ صفت فاعلی (زَاهِد): وصفت مفعولی (مَـزْهُـوْد) فِیْهِ وعَنْهُ)

زَهَـدَ زَهْـدًا. الـنَّخْلَةَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔

زَهَّدَهُ. فِی الشَّیْءِ وعَنْهُ: بے رغبت کرانا۔

(زَهَّـدَ وأَزْهَدَ) النَّخلَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔

تَزَهَّدَ: عبادت کے لئے دنیا کو چھوڑ دینا۔

تَزَاهَدَ. القَوْمُ فُلاَنًا: حقارت کرنا۔

إِزْدَهَـدَ. الشَّیْءَ: کم سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "خُذْ (زَهْدَ) مَا یَکْفِیْکَ": جتنا تم کو کافی ہو اس کو لے لو۔

الـزُّهْدُ والزَّهَادَة: حقارت کی وجہ سے بے رغبتی۔

الزَّهَد: زکوۃ۔ ج زِهَاد.

أَرْضٌ (زَهَـادٌ): زمین جو بہت پانی برسنے سے بہے۔

الـزَّاهِد: فا۔ آخرت کی محبت کی وجہ سے دنیا سے بے رغبت۔ تنگ خو۔ ج زُهَّـد وزُهَّاد وزَاهِدُوْن.

الـزَّهِیْد: کم حقیر۔ مؤنث زَهِـیْدَةٌ: کہا جاتا ہے "هُوَ زَهِیْدُ الـخُلُقِ": وہ تنگ خو ہے۔ "هُوَ زَهِیْدُ العَیْنِ": وہ سیر چشم ہے۔ تھوڑے پر قناعت کرتا ہے۔ و "وَادٍ زَهِیْدٌ" کم پانی کو لینے والی وادی۔ ج زُهْدَان.

الزِّهِّیْد: بہت بے رغبتی کرنے والا

المُزْهِد: کم مال والا۔

زَهَرَ: (ف) زُهُوْرًا. السِّرَاجُ أو القَمَرُ أو الـوَجْـهُ: چمکنا۔ روشن ہونا...... الشَّـیْءُ:

صاف رنگ والی ہونا۔۔۔۔۔۔الـزَّنْـدُ: چقماق سے آگ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے "زَھَرَتْ بِکَ زِنَادِی اَوْنَارِی": تمہاری وجہ سے مجھے قوت حاصل ہوئی اور میں معزز ہوا۔

زَھَـرَ: (س) زَھَـرًا اور زَھُـرَ (ک) زُھُورَۃً. الرَّجُلُ: خوبصورت وبارونق ہونا۔

اَزْھَـرَ. النَّبَاتُ: کلی نکلنا۔۔۔۔۔۔النَّـارُ: آگ روشن کرنا۔

اِزْدَھَرَ: روشن ہونا۔ چمکدار ہونا۔ بِـالاَمْرِ: نگہداشت کرنا۔ دل میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِزْدَھِرْ بِھٰذَا فَاِنَّ لَہٗ شَانًا": اس کی حفاظت کرو اس لئے کہ اس کے لئے ایک خاص شان ہے۔

اِزْھَرَّ واِزْھَارَّ. النَّبَاتُ: کلی لانا۔ شگوفہ دار ہونا۔

تَزَاھَرَ. السِّـرَاجُ ونَـحْوُہٗ: چراغ وغیرہ کا روشن ہونا۔

الزَّھْر والزَّھَر: کلی۔ شگوفہ۔ واحد (زَھْرَۃ وزَھَرَۃ) زَھْرَۃُ الدُّنْیَا): دنیا کی رونق وخوبی۔ ج اَزْھُر واَزْھَار وزُھُور: جج اَزَاھِر واَزَاھِیر. زَھْرُ النَّرْدِ: تاش۔

الـزِّھْـرُ والزِّھْـرَۃُ: حاجت۔ کہا جاتا ہے "قَضَیْتُ مِنْہُ زِھْرِی وزِھْرَتِی": اس سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔

الزُّھَر: مہینے کی پہلی تین راتیں (مانند غُـرَر کے)

الزُّھْرَۃ: خوبصورتی۔

اَلزُّھَرَۃُ: ایک سیارے کا نام جو کہ سورج سے ۱۰۸ ملین کلومیٹر دور ہے۔ اس کی چمک کبھی صبح کے وقت کبھی شام کے وقت بہت ہوتی ہے۔ شام اور عراق کے آس پاس باشندے اس کو پوجتے ہیں اور اس کو العزیٰ کا نام دیتے ہیں۔ بعض قدماء کے نزدیک خوبصورتی کا دیوتا ہے۔

اَلزُّھْرِیَّۃ: بادیات۔ الزُّھْر: پھولوں میں اعضاء تناسل کا مجموعہ۔

بَادِیَاتُ الزُّھْر: انگوریوں کی ایک شاخ جن میں اعضاء تناسل ظاہر ہوں اور ان کو اللھو کا نام دیا جاسکتا ہے۔

مَسْتُورَاتُ الزَّھْرِ: پودوں کی وہ قسم جو کہ نہ پھول نکالیں اور نہ ان کے دانے نکلے (بانجھ پودے)

زَھْـرَۃُ الآلاَمِ: زمین پر لگی ہوئی خوبصورت انگوری جس کے بڑے بڑے پھول ہوتے ہیں اس کے پھول مسیح کو عذاب دینے کے اوزار کے مشابہ ہوتے ہیں، خوبصورتی کے لئے بوئی جاتی ہے۔

زَھْـرَۃُ الْحَوَاشِی: خنازیری پھولوں کی قسم ہے۔ زینت کے لئے اور جوشاندہ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

زَھْـرَۃُ الرَّبِیْعِ: باغوں میں موسم ربیع میں لگائے جانے والا پھول جو کہ زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس قسم کے پھول کی انواع پر ہیں۔

زَھْرَۃٌ مِنْ فَصِیْلَۃِ الْمُرَکَّبَاتِ: ایک انگوری جس کے پتے زمین پر پھیل جاتے ہیں چھوٹا سا تنا ہوتا ہے جس پر چھوٹے چھوٹے پھول ہوتے ہیں۔

زَھْرَۃُ الْعَسَلِ: ایک درخت جس کے پھول زرد یا سرخی مائل ہوتے ہیں۔

زَھْرَۃُ الصَّمَدِ: خوبصورتی پتیوں والا پودا۔

اَلزُّھَیْرَۃُ: ابتدائی چھوٹے چھوٹے پھول۔

اَلْـمِزْھَـرِیَّۃُ: شیشے کا برتن پھول سجانے کے لئے۔

الزَّاھِرُ فا۔ خوشنما پودہ۔ چمکدار صاف رنگ والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْـمَـرُ زَاھِـرٌ": بہت سرخ۔

الـزَّاھِرِیَّۃُ: نازکی چال۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَمْشِی الزَّاھِرِیَّۃَ": وہ ناز سے چلتا ہے۔

الاَزْھَـرُ: روشن۔ صاف رنگ والا۔ روشن چہرہ والا۔ جمعہ کا دن۔ تازہ دودھ۔ سپید رنگ کا شیر۔ چاند۔ جنگلی بیل۔ مؤنث زَھْرَاء ج زُھْر.

الزُّھَّار: بہت چمکدار۔ کہا جاتا ہے "نَجْمٌ زُھَّارٌ وقَمَرٌ نَوَّارٌ".

المُزْھِر: فا۔ مہمانوں کے لئے آگ روشن رکھنے والا۔

المِزْھَر: ایک قسم کا باجا۔ ج مَزَاھِر.

زَھْزَقَ. الشَّیْءَ: کھڑکھڑانا۔

زَھْزَقَ. الرَّجُلُ: بہت ہنسنا۔ زَھْزَقَتِ الاُمُّ وَلَدَھَا: ماں کا بچہ کو کدانا۔

الزَّھْزَق: کمینہ۔ فرومایہ۔

زَھَفَ: (ف) زُھُوفًا. الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ جھوٹ بولنا۔۔۔۔۔۔لِلْمَوْتِ اَوْاِلَی الْمَوْتِ: قریب الرگ ہونا۔

سَجَدَ (ن) سُجُودًا: فروتنی سے جھکنا۔ عبادت کے لئے زمین پر پیشانی کو رکھنا۔ صفت مذکر (سَاجِد) ج سُجَّد وسُجُود و صفت مؤنث (سَاجِدَة) ج سَاجِدَات وسَوَاجِد.

کہا جاتا ہے "هُوَ سَاجِدُ الْمَنْخِرِ" وہ پست وذلیل ہے۔و "عَيْنٌ سَاجِدَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔و "نَخْلَةٌ سَاجِدَةٌ" جھکا ہوا کھجور کا درخت۔

سَجِدَتْ (س) سَجَدًا. رِجْلُهُ: پیر کا پھولنا۔

أَسْجَدَ: سر جھکانا۔عَيْنَهُ: نگاہ پست کرنا۔

الأسجده: پھولے ہوئے پاؤں والا۔

السَّجَّاد: بہت سجدہ کرنے والا۔

السجدة. سجد: کا اسم۔

السجادة والمسجدة: جائے نماز۔

المَسْجَد والمِسْجَد: سجدہ گاہ۔عبادت گاہ۔ج مَسَاجِد. المَسْجِدُ الحَرَامُ: بیت اللہ شریف۔المَسْجِد الأقصى: مسجد بیت المقدس۔المَسْجِدَانِ: مکہ و مدینہ کی مسجدیں۔

المَسْجَد: آدمی کی پیشانی۔ج مَسَاجِد.

سَجَرَ (ن) سَجْرًا. التَّنُّوْرَ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا......المَاءُ النَّهرَ: پانی کا دریا کو بھرنا......البَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا......المَاءُ فِي حَلْقِهِ: پانی ٹپکانا......الكَلْبَ: گلے میں لکڑی باندھنا......الشَّيْءَ: بھیجنا(......سَجْرًا وسُجُوْرًا)النَّاقَةُ: لمبی آواز نکالنا۔

سَجَّرَ. المَاءَ: پانی جاری کرنا......التَّنُّوْرَ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا......النَّاقَةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا۔

سُجِّرَ. البَحْرُ: سمندر کا چڑھنا۔بلند موجوں والا ہونا۔

سَاجَرَهُ: مخلص دوست بننا۔

اِنْسَجَرَ. الإِنَاءُ: برتن کا بھر جانا......الإِبِلُ فِي سَيْرِهَا: اونٹوں کا لگاتار چلنا۔

السَّجْر: مص۔بادل کی گرج۔بِئْرٌ سَجْرٌ: بھرا ہوا کنواں۔

السُّجْرَة: پانی جو دریا کو بھر دے۔ج سُجَر (......والسَّجَر) فِي العَيْنِ: سرخی ملی ہوئی سپیدی۔

السَّاجِر: فا۔سیلاب جو ہر چیز کو بھر دے۔وہ جگہ جس کو سیلاب آکر بھر دے۔

السَّاجُوْر: لکڑی جو کتے کے گلے میں لٹکائی جاتی ہے۔ج سَوَاجِيْر اور اسی سے ہے "سوجر الكَلْبَ" یعنی اس نے کتے کے گلے میں لکڑی لٹکائی اور کہا جاتا ہے "فِي أَعْنَاقِهِمْ سَوَاجِيْرُ" ان کے گلوں میں طوق ہیں۔

المِسْجَر والمَسْجُوْر: تنور میں جھونکنے کی لکڑی وغیرہ۔

السَّجِيْرُ: مخلص دوست۔ج سُجَرَاء.

الأَسْجَر: آنکھوں میں سرخی والا۔مؤنث سَجْرَاء: خالص کیچڑ والا تالاب۔شیر۔

شَعَرٌ (مُسَجَّر ومُنْسَجِر): لٹکے ہوئے بال۔

المُسْجَر: وہ دریا وغیرہ جس کا پانی کم ہو گیا ہو۔

المَسْجُوْر: مفع۔ساکن اور بھرا ہوا۔خالی (ضد) زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔اللُّؤْلُؤُ المَسْجُوْر: پروئے ہوئے موتی۔لڑی سے بکھرے ہوئے موتی۔لُؤْلُؤَةٌ مَسْجُوْرَةٌ: بہت آبدار موتی۔

السَّجُوْرِيُّ: بے وقوف۔

سَجِسَ (س) سَجَسًا. المَاءُ: گدلا اور متغیر ہونا۔صفت(سَجِس وسَجَس وسَجِيْس)

سَجَّسَ. المَنْهَلُ: چشمہ کا بدبودار وخراب ہونا۔

السَّجَس: مص۔فساد۔گدلاپن۔کہا جاتا ہے "لا آتِيكَ سَجِيْسَ اللَّيَالِيْ" میں تیرے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

السَّجْسَج: زمین جو نہ سخت ہو نہ نرم۔پو پھٹنے اور آفتاب نکلنے کے درمیان کا وقت۔کہا جاتا ہے "يَوْمٌ سَجْسَجٌ" دن کہ جس میں نہ تو تکلیف دہ گرمی ہو اور نہ سخت سردی ہو۔و "هَوَاءٌ سَجْسَجٌ" گرم اور سرد کے درمیان معتدل فضا۔"رِيْحٌ سَجْسَجٌ" نرم و معتدل ہوا۔ج سَجَاسِيْج وسَجَاسِجُ.

سَجَعَ (ف) سَجْعًا. الخَطِيْبُ: مقفی کلام بولنا۔صفت(سَاجِع وسَجَّاع وسَجَّاعَة) الحَمَامَةُ: کبوتر کا کوکو کرنا۔صفت(سَاجِعَة وسَجُوْع). ج سُجَّع وسَوَاجِع...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا(اور یہ کمان کے لئے بھی مستعمل ہے)...... کہا جاتا ہے "سَجَعَ فُلَانٌ ذٰلِكَ المَسْجَعَ" فلاں نے اس مقصد کا ارادہ کیا۔

سَجَّعَ. الخَطِيْبُ والحَمَامَةُ: بمعنی سَجَعَ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)

السَّاجِع: فا۔گفتگو۔رفتار وغیرہ میں درمیانی چال چلنے والا۔وَجْهٌ سَاجِعٌ: اچھی خلقت کا معتدل چہرہ۔نَاقَةٌ سَاجِعَةٌ: طرب ونشاط کے ساتھ آواز نکالنے والی اونٹنی۔

السَّجْعُ: مقفی کلام۔ج أَسْجَاع.

السَّجْعَة والأُسْجُوْعَة: قافیہ دار کلام کا ایک ٹکڑا۔ج أَسَاجِيْع.

المَسْجَع: مقصد۔

سَجَفَ (ن) سَجْفًا وسُجُوْفًا. البَيْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا۔

سَجِفَ (س) سَجَفًا: پتلی کمر والا ہونا۔

أَسْجَفَ. السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔البَيْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا......اللَّيْلُ: تاریکی بڑھنا۔

السَّجْف والسِّجْف. ج سُجُوْف وأَسْجَاف و(السِّجَاف والسَّجِيْف) دروازے کے دو پردے جن کے بیچ میں کھلا ہوا ہو۔پردہ۔السِّجَاف: گوٹ۔سنجاف۔

کہا جاتا ہے "أَرْخَى اللَّيْلُ سُجُوْفَهُ" رات نے پردے ڈال لئے۔یعنی تاریکی پھیل گئی۔

السُّجْفَة: رات کا ایک حصہ۔

السِّجَافَة: پردۂ حجاب۔

سَجَلَ (ن) سَجْلًا. بِهِ: اوپر سے پھینکنا۔......المَاءَ: پانی گرانا......الكِتَابَ: لگاتار پڑھنا۔

سَجَّلَ. بِالشَّيْءِ: اوپر سے پھینکنا۔سَجَّلَ الرَّجُلُ: عہد نامہ لکھنا......الأَوْرَاقَ: بکھری

اور حکموں میں اوراق کو تحریر میں لانا۔
السِّجِّينَ عَلَيْهِ...... فیصلہ کرنا...... عَلَيْهِ
بِكَذَا: مشہور کرنا......لَهُ بِمَالِهِ: ثابت کرنا۔
سَاجَلَهُ مُسَاجَلَةً وسِجَالاً: مقابلہ کرنا۔دوڑ یا شعر گوئی میں مقابلہ کرنا۔
أَسْجَلَ: بہت خیر والا ہونا...... ہ: بہت دینا۔الحَوْضَ: بھرنا۔الكَلَامَ: کلام کو بلا کسی قید کے بولنا۔النَّاسَ: چھوڑنا۔
لَهُمُ الأَمْرَ: لوگوں کے لئے کسی معاملہ کو مباح کر دینا اوراسی سے ہے "هٰذَا مُسْجَلٌ لَهُ إِنْ شَاءَ أَخَذَهُ وَإِنْ شَاءَ تَرَكَهُ" یہ اس کے لئے مباح ہے چاہے لے لے چاہے چھوڑ دے۔"أَسْجَلَ الأَنْعَامَ فِي الزَّرْعِ" کھیت میں جانوروں کو آزادانہ چھوڑنا۔
تَسَاجَلا: باہم مقابلہ کرنا۔
اِنْسَجَلَ: اوپر سے گرنا۔کہا جاتا ہے "سَجَلَ المَاءَ فَانْسَجَلَ" اس نے پانی گرایا پس وہ گرا۔
السَّجْلُ: مص۔بڑا ڈول جس میں پانی ہو۔ ڈول بھر۔عطیہ۔سخی مرد۔بڑا تھن۔ج سِجَالٌ وسُجُولٌ اور کہا جاتا ہے "الحَرْبُ بَيْنَهُمْ سِجَالٌ" یعنی لڑائی میں غلبہ کبھی ایک کو ہوتا ہے کبھی دوسرے کو۔السَّجْلُ: حصہ۔کہا جاتا ہے "أَعْطَاهُ سَجْلَهُ مِنْ كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔
السِّجِلُّ: معاہدات کا رجسٹر۔احکام کا رجسٹر۔قاضی کا رجسٹر جس میں دعوے اور احکام وغیرہ لکھے جاتے ہیں تا کہ قاضی کے پاس محفوظ رہے۔ج سِجِلَّات.
السِّجِّيلُ: کنکر۔
عَيْنٌ (سَجُولٌ): بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔
السَّجِيلُ: حصہ۔کہا جاتا ہے "أَعْطَاهُ سَجِيلَهُ مِنْ كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔شَيْءٌ سَجِيلٌ: بہت سخت چیز۔ضَرْعٌ سَجِيلٌ: لٹکا ہوا بڑا تھن۔دَلْوٌ سَجِيلٌ وسَجِيلَةٌ: بڑا ڈول۔(نَاقَةٌ

سَجْلاءُ: بڑے تھنوں والی اونٹنی۔
السَّوْجَلَةُ والسَّوْجَلُ والسَّاجُولُ: شیشی کا غلاف۔ج سَوَاجِيلُ.
المُسْجَلُ: مفع۔ہرایک کے لئے جائز۔کہا جاتا ہے "فَعَلْنَاهُ والدَّهْرُ مُسْجَلٌ" ہم لوگوں نے اس کام کو ایسے وقت میں کیا کہ کوئی کسی سے نہیں ڈرتا تھا۔
السِّجِلَّاطُ: چنبیلی۔
سَجَمَ (ن) سُجُومًا وسِجَامًا. الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔صفت (سَاجِمٌ)
سَجَمَ (ن ض) سَجْمًا وسُجُومًا عَنِ الأَمْرِ: دیر کرنا۔(ض ن) سَجْمًا وسُجُومًا وسَجَمَانًا العَيْنُ أَوِ السَّحَابَةُ المَاءَ: آنکھ کا آنسو یا بادل کا پانی بہانا۔
سَجَّمَ تَسْجَامًا وتَسْجِيمًا وأَسْجَمَ. المَاءَ: پانی گرانا۔أَسْجَمَتِ السَّحَابَةُ: دیر تک برسانا۔
اِنْسَجَمَ. المَاءُ: پانی گرنا۔بہنا......الكَلَامُ: کلام کا مرتب ہونا۔
تَسَاجَمَتِ. الدُّمُوعُ: آنسو بہنا۔گرنا۔
أَسْجَمُ: پانی۔آنسو۔
عَيْنٌ (سَجُومٌ): آنسو بہانے والی آنکھ۔ج سُجُومٌ۔ نَاقَةٌ (سَجُومٌ ومِسْجَامٌ): بہت دودھ والی اونٹنی۔ج سُجُومٌ ومَسَاجِيمُ.
مَكَانٌ (مَسْجُومٌ): بارش شدہ جگہ۔
سَجَنَهُ (ن) سَجْنًا: قید کرنا۔سَجَنَ الهَمَّ: غم پوشیدہ کرنا۔
سَجَّنَ. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔
السِّجْنُ: قید خانہ۔ج سُجُونٌ.
السَّجَّانُ: داروغہ جیل۔
السَّجِينُ: قیدی۔ج سُجَنَاءُ وسَجْنَى. مؤنث سَجِينٌ وسَجِينَةٌ ج سَجْنَى وسَجَائِنُ. ضَرْبٌ سَجِينٌ: سخت مار جو مضروب کو زمین پر بٹھا دے۔
المَسْجُونُ: مفع۔قیدی۔
السَّاجِنَةُ. السَّاجِنُ: کا مؤنث۔پہاڑ میں پانی بہنے کی جگہ۔ج سَوَاجِنُ.

السِّجِّينُ: ہمیشہ۔سخت۔وہ شخص جو ہمیشہ بلا ہی کے رہے۔ایک مقام کا نام جس میں کفار و فجار کے اعمال نامے ہیں۔جہنم کی ایک وادی کا نام۔برملا و اعلانیہ۔کہا جاتا ہے "جَاءَ سِجِّينًا" وہ برملا آیا۔کھجور کے درخت کے اردگرد کا گڑھا۔
السَّجَنْجَلُ: آئینہ۔چاندی کا ٹکڑا۔ج سَنَاجِلُ.
سَجَا يَسْجُو سَجْوًا وسُجُوًّا. اللَّيْلُ: رات کا سنسان ہونا۔ہمیشہ رہنا۔النَّاقَةُ: لمبی آواز نکالنا۔
سَجَّى تَسْجِيَةً. المَيِّتَ: میت کو کپڑے سے ڈھکنا اوراسی سے ہے "سَجِّ مَعَايِبَ أَخِيكَ" اپنے بھائی کے عیوب کو چھپاؤ۔
أَسْجَتْ إِسْجَاءً. النَّاقَةُ: اونٹنی کا زیادہ دودھ والی ہونا۔أَسْجَى البَحْرُ: سمندر کی موجوں میں سکون ہونا......الوَجْلُ: کسی چیز کو چھپانا۔
سَاجَاهُ: کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔کہا جاتا ہے "أَتَانَا بِالطَّعَامِ فَمَا سَاجَيْنَاهُ" وہ ہمارے پاس کھانا لایا ہم نے اس کو نہیں چھوا۔
السَّاجِي: فا۔ساکن۔قرار یافتہ۔نرم۔کہا جاتا ہے "عَيْنٌ سَاجِيَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔"وَلَيْلَةٌ سَاجِيَةٌ" سنسان رات۔بہت تاریک رات جو ہر چیز کو ڈھانک لے۔
اِمْرَأَةٌ (سَجْوَاءُ) الطَّرْفِ: جھکی ہوئی نگاہ والی عورت۔نَاقَةٌ سَجْوَاءُ: دوہنے کے وقت خاموش رہنے والی اونٹنی۔رِيحٌ سَجْوَاءُ: نرم ہوا۔
السَّجِيَّةُ: طبیعت۔عادت۔ج سَجِيَّاتٌ وسَجَايَا.
سَحَّ (ن) سَحًّا: بہت موٹا ہونا۔
المَاءَ: پانی کو لگاتار بہت گرانا اوراسی سے ہے "اِسْتَنْشَدْتُهُ قَصِيدَةً فَسَحَّهَا عَلَيَّ سَحًّا" میں نے اس سے قصیدہ پڑھوایا اس نے میرے سامنے لگاتار پڑھا...... ہ: مارنا۔کہا جاتا ہے "سَحَّهُ مِائَةَ سَوْطٍ" اس نے

اس کو سو کوڑے مارے (...... سَحًّا و سُحُوحًا
و تَسْحَاحًا): بہت بہنا۔
سَحَّتْ (ض) سُحُوحًا و سُحُوحَةً:
الشَّاةُ: بہت موٹی ہونا گویا کہ موٹاپے کی وجہ
سے چربی بہاتی ہے۔ صفت (سَاحٌّ و سَاحَّةٌ)
ج سِحَاحٌ و سُحَاحٌ.
اِنْسَحَّ. اِبِطُ البَعِيْرِ عَرَقًا: اونٹ کی بغل
سے پسینہ بہنا۔
السَّحُّ و السُّحُّ: خشک متفرق کھجوریں۔
السَّحَاحُ: فضاء آسمانی۔
سَحَابَةٌ (سَحُوحٌ): بہت بارش والا بادل۔
غَـارَةٌ (سَحَّاءُ): اچانک دشمن پر مصیبت
لانے والی لوٹ۔
عَيْنٌ (سَحَّاحَةٌ): بہت آنسوؤں والی آنکھ۔
فَرَسٌ (مِسَحٌّ) تیز رفتار عمدہ گھوڑا۔
سَحَبَهُ (ف) سَحْبًا: زمین پر گھسیٹنا۔
الـرَّجُلُ: بہت کھانا پینا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ
يَسْحَبُ ذَيْلَهُ" وہ متکبرانہ چال چلتا ہوا آیا۔
تَسَـحَّبَ. عَلَيْهِ: ناز کرنا...... مِنَ الاَكْلِ
او الشُّرْبِ: بہت کھانا...... پینا...... فِي حَقِّ
فُلَانٍ: چھین کر اپنے حق میں ملا لینا۔
اِنْسَحَبَ: گھسٹنا۔
السُّحْبَةُ: آنکھ کا پردہ (...... والسُّحَابَةُ)
تالاب کا باقی ماندہ پانی۔
السَّـحَـابُ: بادل۔ ج سُـحُـبٌ: واحد
(سَحَابَةٌ) ج سَحَائِبُ: کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ
عِنْدَهُ سَحَابَةَ يَوْمِنَا" میں نے اس کے پاس
پورے دن اقامت کی۔
السَّحْبَلُ: کشادہ وادی۔ بڑا ڈول۔ بڑی
مشک۔ بڑا پیٹ۔ بڑی گوہ۔
سَحَتَ (ف) سَحْتًا و سُحْتًا: حرام مال
کمانا...... ہ: ہلاک کرنا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ ذبح
کرنا۔ سَحَتَ الشَّحْمَ عَنِ اللَّحْمِ: چربی کو
گوشت سے علیحدہ کرنا...... وَجْهَ الاَرْضِ
: مٹانا۔
اَسْحَتَهُ: خراب کرنا۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے
اُکھیڑنا۔ اَسْحَتَتْ تِجَارَتُهُ: تجارت میں
حرام داخل ہونا۔
اُسْحِتَ: مال ضائع ہونا۔
السَّحْتُ: مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ عذاب اور کہا
جاتا ہے "مَالُهُ اَوْ دَمُهُ سَحْتٌ" اس کا مال یا
خون اس شخص کے لئے جو ان کو معدوم کرے
مباح ہے۔
السُّحْتُ و السُّحُتُ: حرام۔ ہر وہ کمائی جو
خبیث و قبیح ہو اور اس سے عار لازم آئے۔
جیسے رشوت وغیرہ۔ ج اَسْحَاتٌ.
مَـالٌ (سُـحْـتٌ و سُـحُـتٌ و سَـحِيتٌ
و مُسْحَتٌ و مَسْحُوتٌ): تلف شدہ مال۔
ہلاک شدہ مال۔ رَجُلٌ سُحْتٌ و سَحِيتٌ:
بڑا پیٹو۔ آسودہ ہونے والا۔ عَامٌ (اَسْحَتُ)
و اَرْضٌ (سَحْتَاءُ): بے نباتات والا سال یا
زمین۔
السُّحْتُوتُ و السِّحْتِيتُ: کم روغن اور
زیادہ پانی والا ستو۔ تھوڑی چیز۔
السُّحْتُوتُ و السِّحْتِيُّ: پرانا کپڑا۔
السَّـحِيْتَةُ: سب کچھ بہا لے جانے والا
بادل۔
ج سَحَائِتُ.
مَسْحُوتُ. الْجَوْفِ و المِعْدَةِ: آسودہ نہ
ہونے والا۔ زیادہ بدہضمی ہونے والا۔
(ضد)
سَحَجَهُ (ف) سَحْجًا و سَحْجَةً: چھیلنا......
الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: کسی چیز کو کسی چیز سے رگڑ کر
چھیلنا۔ صفت مفعولی (مَسْحُوجٌ و سَحِيْجٌ)
سَحَجَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا جلدی چلنا۔
تَسَحَّجَ و انْسَحَجَ: چھلنا۔
السَّـحَّـاجُ: بہت چھیلنے والا۔ کہا جاتا ہے
"زَمَنٌ سَحَّاجٌ" بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو
چھیل کر رکھ دے۔
السَّحُوجُ و المِسْحَاجُ: بہت قسم کھانے
والی عورت۔
المِسْحَجُ و المِسْحَاجُ. مِنَ الدَّوَابِّ: تیز
چلنے والا جانور۔ دانتوں سے بہت کاٹنے
والا۔
المِسْحَاجُ: لکڑی کاٹنے کا اوزار۔ زمن
مِسْحَاجٌ: بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل
دے۔
سَحَرَهُ (ف) سِحْرًا: دھوکا دینا۔ جادو
کرنا۔ فریفتہ کرنا...... ہ عن كذا: پھیرنا۔
دور کرنا۔
سَحَرَ عن الاَمْرِ: کسی معاملہ سے دور ہونا
...... و سَحَرَ الفِضَّةَ: چاندی پر سونے کا
جھول چڑھانا۔
سَحَرَهُ (ف) سَحْرًا: پھیپھڑے پھاڑنا۔
صفت مفعولی (مَسْحُورٌ و سَحِيرٌ) ......
المَطَرُ الطِّيْنَ: خراب کرنا۔
سَحِرَ (س) سَحَرًا: صبح سویرے آنا۔ ڈول
وغیرہ کھینچنے سے پھیپھڑے کا کٹ جانا۔
صفت (سَحِرٌ و سَحِيرٌ)
سَحَّرَهُ: جادو کرنا۔ سحری دینا یا کھلانا۔ غذا
دینا۔ مشغول کرنا۔
اَسْحَرَ: صبح کے وقت جانا۔
تَسَحَّرَ: سحری کھانا۔
اِسْتَسْحَرَ: صبح کے وقت میں داخل ہونا یا صبح
کے وقت نکلنا۔ الدِّيكُ: مرغ کا صبح کے
وقت بانگ دینا۔
السِّحْرُ: مص۔ وہ چیز جس کا ماخذ لطیف و
دقیق ہو۔ باطل کو حق کی صورت میں ظاہر
کرنا۔ جادو۔ دھوکا۔ حیلہ۔ فساد۔ ہر وہ چیز
جس کے حاصل کرنے میں شیطانی تقرب کی
ضرورت ہو۔ ج اَسْحَارٌ و سُحُورٌ. السِّحْرُ
الكَلَامِي: کلام کی لطافت جو جادو کا کام
کرے اور خیالات کو پلٹ دے اور اسی سے
ہے "اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا".
السَّحَرُ: صبح سے کچھ پہلے۔ السَّحَرُ الاَعْلَى
: صبح کاذب۔ و السَّحَرُ الاٰخِرُ: صبح صادق۔
اَلسَّحَرُ: ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْحَارٌ.
السَّحْرُ و السَّحَرُ و السُّحْرُ: پھیپھڑا۔ ج
سُحُورٌ و سُحُرٌ و اَسْحَارٌ اور کہا جاتا ہے
"اِنْقَطَعَ مِنْهُ سَحَرِي" میں اس سے ناامید
ہو گیا۔ "وانتفخ سَحْرُهُ" وہ بزدل ہو گیا۔

گویا خوف کی وجہ سے اس کا پھیپھڑا پھول گیا۔و"مَاتَ فلان بَیْنَ سَحْرِی وَنَحْرِی" فلاں کا انتقال میرے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے ہوا۔

السَحَرِی والسَحَرِیَّة: صبح سے کچھ پہلے۔

السُحْرَة: صبح کاذب۔

السُحَارَة: پھیپھڑا۔مِنَ الشاة: بکری کے پھیپھڑے اور نرخرہ کا وہ حصہ جس کو قصاب کاٹ لیتا ہے۔

السَحُوْر: سحری۔وہ کھانا جو صبح سے کچھ پہلے کھایا جائے۔

السَحِیْر: پیٹ کی بیماری والا......مِنَ الخیل: بڑے پیٹ والا گھوڑا۔

السَحَّار: جادوگر۔

السَاحِر: فا۔عالم۔ج سَحَرة وسُحَّارٌ وسُحَّارٌ وساحِرُوْنَ: مؤنث السَاحِرةُ. ج سَاحِرَات وسَوَاحِر.

السَوْحَر: بید کا درخت۔

المُسَحَّر: وہ شخص جس کا پھیپھڑا دور کر دیا گیا ہو۔خوف دلایا ہوا۔جادو کیا ہوا۔کھوکھلا۔

المَسْحُوْرَة: مفع۔خراب کیا ہوا کھانا۔کثرت بارش یا کسی اور وجہ سے خراب جگہ۔

عنز مَسْحُوْرَة: کم دودھ والی بھیڑ۔

اَرْض مَسْحُوْرَة: بنجر زمین۔

تَسَحْسَحَ. المَاءُ: پانی کا اوپر سے بہنا۔

السَحْسَح والسَحْسَحَة: گھر کا صحن (السَحْسَح والسَحْسَاح) مِنَ المطر: بہت سخت بارش جو زمین کے کنکر پتھر وغیرہ کو بہالے جائے۔

سَحَطَ (ف) سَحْطًا وَمَسْحَطًا: جلدی ذبح کرنا......الطَعَامُ: پھندا لگانا......

سَحَطَ الشَرابَ: پانی ملانا......السخل: بکری کے بچہ کو ماں کے ساتھ چھوڑنا۔

اِنْسَحَطَ. من یده: ہاتھ سے پھسل کر گرنا......عن النَخلة ونحوها: لٹکنا اور بغیر ہاتھ سے پکڑے ہوئے اترنا۔

المَسْحَط: حلق۔

شَاة (سَحِیْط وسَحُوْطَة): ذبح کی ہوئی بکری۔

سَحَفَ (ف) سَحْفًا. الشَعْرَ عَنِ الجِلْدِ: بال کو کھال سے زائل کرنا......الرَاسَ: سر مونڈنا(......واَسْحَفَتِ)الرِیْح السحاب: ہوا کا بادلوں کو اڑا دینا۔واَسْحَفَ

السَحْفَة: پیٹھ کی چربی کو بیچنا۔

السَحْفَة: پیٹھ کے اوپر کی چربی۔ج سِحَاف وسُحُف.

السُحَاف: سل کی بیماری۔

السَحِیْف: چکی کی آواز پیسنے کے وقت۔دودھ دوہنے کی آواز۔

السَحِیْفَة: سخت بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے۔چربی جو چھیل کر جدا کی جائے۔ج سَحَائِف.

السَحُوْف: سخت بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے"نَاقَةٌ سَحُوْف" بے چربی والی اونٹنی۔اونٹنی جس کے تھن لمبے ہوں اور تھن کے سوراخ تنگ ہوں۔جَمَلٌ اَوْنَاقَةٌ سَحُوْف: زیادہ چربی والا اونٹ یا اونٹنی۔

مَسْحَف. الحَیَّة: زمین پر سانپ کے چلنے کے نشانات۔

المِسْحَفَة: گوشت چھیلنے اور چمڑا کھرچنے کا آلہ۔

رَجُلٌ (مَسْحُوْف): سل کی بیماری والا۔

اَرْض (مُسْحِفَة): باریک گھاس والی زمین۔

سَحَقَهٗ (ف) سَحْقًا: بہت زیادہ کوٹنا۔باریک کرنا۔ہلاک کرنا......الرِیْحُ الارضَ: ہوا کا تیز چلنے کی وجہ سے صاف کر دینا......الرَاسَ: سر مونڈنا......الشَیْئَ الشدِیْدَ: نرم کرنا......القَملَة: جوں کو مار ڈالنا......الثَوبَ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ کرنا......العینُ ومعها: آنکھ کا آنسو بہانا۔کہا جاتا ہے"سَحَقه اللّٰہُ" اللہ نے اس کو دور کر دیا۔

سَحِقَ (س) وسَحُقَ (ک) سَحقًا: دور ہونا۔

سَحُقَ (ک) سُحُوْقَةً. الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔پرانا ہونا......النخلَةُ: درخت خرما کا طویل ہونا۔صفت(سَحُوْق) ج سُحُق.

سَحْق: بہت باریک پیسنا۔

اَسْحَقَهٗ: دور کرنا۔ہلاک کرنا......الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا......خُفُّ البعِیْر: گھس جانا۔الضَرْعُ: دودھ خشک ہو جانا اور تھن کا پیٹ سے لگ جانا۔

اِنْسَحَقَ: باریک ہونا......القلبُ: دل کا شکستہ ہونا......الشَیْئُ: کشادہ ہونا' دور ہونا......الثوبع: باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا۔

......الدلْو: ڈول کا خالی ہو جانا۔

السَحْق: مص۔بوسیدہ کپڑا۔کہا جاتا ہے"ثوبٌ سَحْقٌ وسَحْقُ ثوب" باعتبار وصف یا اضافت کے۔نیز کہا جاتا ہے"سحقُ درهم" کھوٹا درہم ج سُحُوق.

السُحْق والسُحُق: دوری۔کہا جاتا ہے"سُحْقًا لَهٗ" یعنی اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کرے۔

السَحِیْق: دور۔مِسْکٌ سَحِیْقٌ: باریک پسی ہوئی مشک۔

السَوْحَق: لمبا یا لمبا مرد۔

السَحَّاقَة: بہت پیسنے والا۔اِمْرأة سحاقة: عورت جس کی پستانیں بہت لمبی ہوں اور لٹک آئی ہوں۔

السَحِیْقَة. سحیق: کا مؤنث۔زور کی بارش جو ہر چیز کو بہالے جائے۔ج سَحَائق.

ومع(منسحق): بہے ہوئے آنسو۔ج مَسَاحِیق (نادر) کہا جاتا ہے"جَرَتْ مِنْ عَیْنِه مَسَاحِیْقُ الدُمُوْع" اس کی آنکھ سے آنسوؤں کی قطاریں بہہ پڑیں۔

الاَسْحَق: دور۔

لمسحق: جس سے پیسا جائے۔
سَحَلَ (ف) سَحْلاً. الشئَ: چھیلنا۔ پیسنا۔ کوٹنا......الرجلَ: گالی دینا۔ ملامت کرنا۔ ......الغریمَ مائة درهم: قرض خواہ کو نقد ادا کرنا۔ ......ہ مائة سوط: مارنا......الثوبَ: کچے دھاگے سے بنا۔ الحَبْلَ: رسی کو اکہرا بٹنا۔
سَحَلَتْ سَحْلاً وسُحُولاً. العینُ: رونا۔
سَحَلَ (ض) سَحِیلاً وسُحَالاً. البغلُ: خچر کا ہنہنانا۔
سَاحَلَة: ایک دوسرے کو گالی دینا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ سَاحَلَ القَوْمَ بأولادهم: ساحل پر لانا۔
اَسْحَلَه: گالی خوردہ پانا۔
اِنْسَحَلَ: چھلنا۔ پسنا۔ باریک ہونا۔ بالکلام: گفتگو جاری کرنا۔ اِنْسَحَلَتِ الدَّرَاهِمُ: چمکدار ہونا۔
السَّحْل: مص (السَّحْل) ج اَسْحَال وسُحُول وسَحْل و(السَّحِیل) کپڑا جس کا سوت کچا ہو۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔
السَّاحِل: فا۔ سمندر کا کنارہ۔ ج سَوَاحِل.
السِّحَال: لگام۔
السُّحَلَة: چھوٹا خرگوش جو اپنی ماں سے جدا ہو گیا ہو۔
السُّحَالَة: چاندی سونے کا بُرادہ۔ گیہوں جو کی بھوسی۔ ناکارہ لوگ۔
الاِسْحِل: ایک درخت کا نام جس کی مسواکیں بنائی جاتی ہیں۔
الاَسَاحِل: پانی کی نالیاں۔
المِسْحَل: سنگ تراشی کا اوزار۔ ریتی۔ زبان۔ لگام۔ بلیغ خطیب۔ بہادر۔ چست ساتی۔ جلاد۔ حدود کو قائم کرنے والا۔ پختہ ارادہ۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فُلانٌ مِسْحَلَه" فلاں نے گمراہی اختیار کی۔ المِسْحَل: شیطان۔ داڑھی کی ایک جانب چھلنی۔ توشہ دان کا منہ۔ بہت پانی والا۔ پرنالہ۔ بہت بارش۔ خسیس آدمی۔ سخاوت و فیاضی۔ گدھے کا بچہ۔ گورخر۔ ماہر قرآن۔ روئی کا پاکیزہ کپڑا۔ ج مَسَاحِل.
السُّحَال والسَّحِیل: ہنہناہٹ۔
شاب (مُسْحَلانٌ ومُسْحُلانيٌّ): لمبا یا سیدھے بالوں والا جوان۔ مؤنث مُسْحَلانَة و مُسْحُلانِیَّة)
المَسْحُول: منع۔ چھوٹا۔ حقیر۔ ہموار کشادہ جگہ۔
السُّحْلَیَات: کلمی انگوریاں جو کہ اپنی ترکیب میں بے مثل ہیں ان کے پھول مرغوب ہوتے ہیں۔ ان کا عرق نچوڑ کا پیا جاتا ہے۔
السَّحْلال: بڑے پیٹ والا۔
سَحُمَ (س) وسَحُمَ (ک) سَحَمًا: کالا ہونا۔ صفت (اَسْحَم) مؤنث سَحْمَاء. ج سُحْم.
سَحَّمَ. وَجْهَهُ: چہرہ کالا کرنا۔
اَسْحَمَتِ. السَّمَاءُ: برسانا۔
السُّحَام والسُّحْمَة: سیاہی۔
الاَسْحَم: سینگ۔ بادل۔ سرپستان۔ شراب کی مشک۔ بت۔ خون جس میں قسم کھانے والے اپنے ہاتھ کو ڈبوتے تھے۔
المِسْحَم لوہا......والسَّحِیم والاَسْحَمَان): ایک درخت کا نام۔
السَّحْمَة: لوہے کا ٹکڑا۔
السُّحْم: لوہار کے ہتھوڑے۔
سَحَنَ (ف) سَحْنًا. الحَجَرَ: پتھر توڑنا ......الخَشَبَة: لکڑی کو رگڑ کر نرم و چمکدار بنانا ......الشَّیْءَ: باریک پیسنا۔
سَاحَنَه: ملاقات کرنا۔ بہتر میل ملاپ سے رہنا۔ سَاحَنَةَ الشَّیْءَ: کسی چیز میں شرکت کرنا (......وتَسَحَّنَه) کسی کے چہرہ مہرہ رنگ و روغن کو دیکھنا۔
السَّحْنَة والسَّحَنَة والسَّحْنَاء والسَّحَنَاء: ہیئت رنگ کھال کی تابانی۔
المِسْحَنَة: پتھروں کو توڑنے کا اوزار۔ ج مَسَاحِن.
سَحَاه یَسْحَاه ویَسْحُوه ویَسْحِیه سَحْیًا: چھیلنا......الطِّینَ: کھرچنا۔ صفت (سَاحٍ) ج سُحَاة وسَاحُون: مؤنث سَاحِیَة...... الشِّعْرَ: موڑنا (......واَسْحَى اِسْحَاءً وسَحَّى تَسْحِیَةً) الکِتَابَ: خط پر کسی چیز سے مہر کرنا۔
اِسْتَحَى اِسْتِحَاءً ا. الشَّیْءَ: چھیلنا۔ الشَّعْرَ: موڑنا۔ اِسْتَحَى مِنْه: شرم کرنا۔
السِّحَاء. مِنَ الکِتَابِ خط پر مہر کرنے کی چیز۔ واحد سِحَاءَة. السِّحَاءَة: دماغ کی جھلی۔ ج سَحَایَا.
السَّحَاة: میدان۔ جانب۔ ایک قسم کی خاردار گھاس۔ چمگادڑ۔ ج سَحًى.
السِّحَایَة: بادل کا ٹکڑا۔ دماغ کی جھلی۔ کسی چیز کا برادہ۔ بیلچہ بنانے کا پیشہ۔
السَّاحِیَة: سیلاب زور کی بارش۔ السَّحَّاء: بیلچہ بنانے والا۔
الاُسْحُوَان: بہت کھانے والا۔ لمبے قد کا خوبصورت۔
المِسْحَاة: بیلچہ۔ کدال۔ ج مَسَاحٍ.
سَحَتَ (ن) سَحْتًا. الجَرَادَةُ: ٹڈی کا زمین میں دم چبھونا......فِي السَّیْرِ اولحفر: دور تک جانا یا کھودنا۔
السَّخَاخ: نرم عمدہ زمین۔
سَخَا (ف) سَخْوًا. النارَ تحتَ القِدْرِ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا۔ سلگانا۔
السَّخَب: شور۔
السِّخَاب: لونگ وغیرہ کا ہار جس میں موتی جواہر وغیرہ نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "وَجَدتُکَ وَارِثَ السِّخَابِ" یعنی میں نے تم کو مانند بچے کے نا سمجھ پایا۔ ج سُخُب.
اِسْخَاتَ اِسْخِیتَاتًا. الجُرْحُ: زخم کے ورم کا ہلکا ہونا۔
السُّخْت السِّخْتِیت: سخت۔
السُّخْت: کھر دار جانوروں کے پیٹ سے جو کچھ نکلے قبل اس کے کہ کچھ کھائیں۔

السَّخْوَت: تاباں۔ چمکیلا۔
السَّخِيت: بلند اٹھا ہوا غبار۔ سفید آٹا۔ سخت۔ کم گھی والا ستو۔
السِّخْتِيَان والسَّخْتِيَان: دباغت دی ہوئی بکری کی کھال۔
سَخَرَهُ (ف) سِخْرِيًّا وسُخْرِيًّا ومَسْخَرَةً وتَسْخَرَةً واسْتَسْخَرَهُ: بیگار لینا۔ مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا۔
سَخَرَتْ (ف) سَخْرًا. السَّفِينَةُ: کشتی کا عمدہ رفتار سے چلنا۔ صفت (سَاخِرَةٌ) ج سَوَاخِر.
سَخِرَ (س) سَخَرًا وسَخْرًا وسُخْرًا ومَسْخَرًا وتَسَخَّرَ واسْتَسْخَرَ. بِهِ ومِنْهُ: ٹھٹھا کرنا۔ تم کہتے ہو "أنَا أقُولُ هٰذا ولا أسْخَرُ" میں اس کو کہتا ہوں اور ہنسی نہیں کرتا ہوں۔ یعنی بالکل سچی بات کہہ رہا ہوں۔
السُّخْرَة: جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ بیگار، بیگاری (......والسُّخْرِيَّةُ) ٹھٹھا۔
المَسْخَرَة: وہ جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ (لغت عامہ)
سَخِطَ (س) سَخَطًا. الرَّجُلَ وعَلَيْهِ: ......غضبناک ہونا......الشَّيْءَ: ناپسند کرنا۔
أسْخَطَهُ: غضبناک کرنا۔
تَسَخَّطَهُ: ناراض ہو کر غضبناک ہونا اور ناپسند کرنا......العَطَاءَ: کم سمجھنا۔
السُّخْط والسُّخُط والسَّخَط: ناراضی اور بقول بعض بڑے لوگوں کی ناراضی۔
المَسْخُوط: مفع۔ ناپسندیدہ۔
المَسْخَط والمَسْخَطَة: سبب ناراضی۔ ج مَسَاخِط.
سَخُفَ (ک) سُخْفًا وسَخَافَةً: کمزور عقل والا ہونا۔ سَخُفَ الغَزْلُ: باریک ہونا......السِّقَاءُ: کمزور ہونا۔
سَخَّفَهُ: کم عقل قرار دینا۔
سَاخَفَهُ: بے وقوفی میں مدد دینا۔
السُّخْفَة والسَّخْفَة: لاغری۔ کمزوری۔ کم عقلی۔ کہا جاتا ہے "هٰذا مِنْ سُخْفَةِ عَقْلِكَ" یہ تمہاری کم عقلی کی وجہ سے ہے۔
السَّخَف: تنگ گزارہ کی زندگی (..والسُّخْف): کم عقلی۔
السَّخِيف: کم عقل۔ ثَوْبٌ سَخِيفٌ: باریک جھرجھرا کپڑا۔ رَجُلٌ سَخِيفٌ: کمزور عقل والا مرد۔ سَخِيفُ العَقْلِ: ناقص عقل والا۔ رَأْيٌ سَخِيفٌ: کمزور رائے۔ سَحَابٌ سَخِيفٌ: پتلا بادل۔
السَّخَافَة: مص۔ ہر چیز کی کمزوری۔
أرْضٌ (مَسْخَفَة): کم گھاس والی زمین۔
سَخَلَه (ف) سَخْلًا: صاف کرنا۔ چھانٹ دینا۔ سَخَلَ الشَّيْءَ: فریب سے لینا۔
سَخَّلَه: عیب لگانا۔ کمزور کرنا۔
أسْخَلَ. الأمْرَ: پیچھے کرنا۔
السَّخِل: کمزور......مِنَ القَوْمِ: رذیل۔ ج سُخَّل وسُخَّال.
السَّخْلَة: بکری کا بچہ۔ ج سَخْل وسِخَال وسُخْلَان وسِخَلَة.
السُّخَالَة: پچھوڑن۔ چھلکن۔
المَسْخُول: فرومایہ۔ ضعیف۔ مجہول اور اسی سے ہے "كَوَاكِبُ مَسْخُولَةٌ" یعنی مجہول ستارے۔
سَخُمَ. اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا......
سَخَّمَ. المَاءَ: پانی گرم کرنا......اللّٰه وَجْهَهُ: سیاہ رو کرنا......ه بِصَدْرِهِ: غضبناک کرنا۔
تَسَخَّمَ. عَلَيْهِ: کینہ رکھنا۔ غضبناک ہونا۔
السَّخَم: سیاہی۔
السُّخْمَة: سیاہی۔ کینہ۔ غضب۔
السُّخَام: کوئلہ۔ ہانڈی کی سیاہی۔ پرندہ کے بازوؤں کے نیچے کے نرم پر۔ لَيْلٌ سُخَامٌ: کالی رات (......السُّخَامِيّ والسُّخَامِيَة): خوشگوار شراب۔
الأسْخَم: کالا۔ مؤنث سَخْمَاء. ج سُخْم.
السُّخَامِيّ: کالا۔
السَّخِيمَة: کینہ۔ کہا جاتا ہے "سَلَلْتُ سَخِيمَتَه باللُّطْفِ والتَّرَضِّي" میں نے اس کے کینہ کو لطف و رضامندی سے نکال لیا۔
پاخانہ۔ حدیث میں ہے "مَنْ سَلَّ سَخِيمَتَهُ عَلٰى طَرِيقٍ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ" جس شخص نے راستہ پر پاخانہ کیا اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ ج سَخَائِم.
المُسَخَّم: مفع۔ کینہ ور۔
سَخَنَ (ن) وسَخِنَ (س) وسَخُنَ (ک) سُخُونَةً وسَخَانَةً وسَخَنًا وسُخْنًا وسُخْنَةً: گرم ہونا۔
سَخَنَهُ (ن) سَخْنًا. بِالضَّرْبِ: تکلیف دہ طور پر مارنا اور اسی سے ہے "مَا أسْخَنَ ضَرْبَهُ" اس کی مار کس قدر تکلیف دہ ہے۔
سَخِنَتْ (س) سَخَنًا وسُخُونًا وسُخْنَةً عَيْنُهُ: آنکھ کا تکلیف سے جل اٹھنا۔
أسْخَنَ وسَخَّنَ. الشَّيْءَ: گرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "أسْخَنَ عَيْنَهُ وبِعَيْنِهِ" یعنی اس نے اسے رلا دیا۔
السُّخْن والسَّخْنَة والسِّخْنَة والسُّخْنَة والسِّخْنَة والسُّخُونَة: گرمی۔ بخار۔ کہا جاتا ہے "عَلَيْكَ بِالأمْرِ عِنْدَ سُخْنَتِهِ" معاملہ کو اس کے ابتداء ہی میں ٹھنڈا ہونے سے پہلے سنبھال لو۔
السُّخْن والسَّخْنَان والسُّخْنَان والسَّخَنَان: گرم۔
مَاءٌ (سَخِين): گرم پانی۔ ضَرْبٌ سِخِّين: تکلیف دہ مار۔ السِّخِّين: کدال۔ بیلچہ۔ قصائیوں کی چھری۔ ہل کا دستہ۔ ج سَخَاخِين.
السَّاخِن: فا۔ گرم۔ ج سُخْنَان: مؤنث سَاخِنَة: کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ سَاخِنَةٌ" گرم رات۔
السُّخَاخِين: گرم۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سُخَاخِين" گرم پانی (کلام عرب میں مفاعیل کا وزن اس کے علاوہ کوئی نہیں۔)
السَّخِين: ہر وہ چیز جو نہ گرم ہو نہ ٹھنڈی۔
السَّخِينَة: ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ گرم کھانا۔

السَّاخِين: ہانڈیاں۔موزے۔چادر کی مانند ایک کپڑا جس کو علماء سر پر ڈالتے ہیں۔ (جمع ہے اس کا واحد نہیں اور رہا تسخن یا تَسْخان: واحد ہے۔)
المِسْخَنَة: ہانڈی۔ج مَسَاخِن.
سَخَا يَسْخُو وسَخِيَ يَسْخَى وسَخُوَ يَسْخُو سَخًا وسَخَاءً وسَخَاوَةً وسُخُوًّا وسُخُوَّةً: فیاض ہونا۔سخی ہونا۔کہا جاتا ہے "سَخَيْتُ نَفْسِي وبِنَفْسِي عَنِ الشَّيْءِ" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان ادھر نہیں ہوا۔
سَخَا النَّارَ يَسْخُوهَا سَخْوًا ويَسْخَاهَا سَخْوًا وسَخْيًا: راکھ نکال کر آگ جلانا...... القِدْرَ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا...... الرَّجُلُ: حرکت سے سکون اختیار کرنا۔
تَسَاخَى وتَسَخَّى: بتکلف فیاض بننا۔
السَّخَاوَة: فیاضی۔بخشش۔
السَّخَاءَة: ایک قسم کی سبزی۔ج سَخَاءٌ.
السَّخِيُّ: فیاض۔ج أَسْخِيَاء وسُخَوَاء :مؤنث سَخِيَّة. ج سَخَايَا وسَخِيَّات.
الأَرْض (السَّخْوَاء): کشادہ نرم زمین۔ج سُخَاوَى وسَخَاوٍ.
أَرْض (سَخَاوِيَة) نرم کشادہ زمین۔ج سَخَاوِيُّ.
مَسْخَى النَّارِ: وہ جگہ جو ہانڈی کے نیچے کشادہ کی جائے تا کہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔
المِسْخَاة: چمچی۔آگ کی کریلی۔
سَدَّ (ن) سَدًّا. الإِنَاءَ: برتن بند کرنا...... الثُّلْمَةَ: رخنہ درست کرنا...... البَابَ: دروازہ بند کرنا۔
سَدَّ (س ض) سَدًّا وسَدَادًا: درست ہونا۔کہا جاتا ہے "هُوَ يَسِدُّ فِي قَوْلِهِ" وہ ٹھیک بات کہتا ہے "قُلْتُ لَهُ سَدَادًا مِنَ القَوْلِ وسَدَدًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کی...... الشَّيْءُ: سیدھا ہونا۔
سَدَّدَ. الرُّمْحَ: سیدھا کرنا...... ہ: راہ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔
أَسَدَّ. الشَّيْءُ: سیدھا ہونا...... الرَّجُلُ: راہ راست کو پہنچانا یا طلب کرنا۔
تَسَدَّدَ: سیدھا ہونا...... الشَّيْءُ: درست ہونا۔
اِنْسَدَّ واسْتَدَّ اِنْسِدَادًا واسْتِدَادًا: بند ہونا۔
اِسْتَدَّ. الشَّيْءُ: درست ہونا۔
السَّدُّ والسُّدُّ ج أَسْدَاد: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔پہاڑ۔کہا جاتا ہے "ضُرِبَتْ عَلَيْهِ الأَرْضُ بِالأَسْدَادِ" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہو گئے۔والسَّدُّ ج سِدَدَة: عیب مثل اندھے پن کے۔والسُّدُّ. ج سُدُود: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جَرَادٌ سُدٌّ" یعنی ٹڈی دل۔والسَّدُّ. ج سِدَدَة: وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔وادی۔مَسَاتِية.
كَلَامٌ (سَدٌّ) صحیح و درست کلام۔
السِّدَد: مص۔درستی۔جو درست ہو۔
السَّدَاد: مص۔درستی وراستی۔ہدایت۔
السِّدَاد: ڈھکنا۔دودھ جو تھن کے سوراخ میں خشک ہو جائے اور دودھ کی نالی کو بند کر دے۔
السِّدَادَة: ڈھکنا۔
السُّدَاد: ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔
رَجُلٌ (سَدَاد): راہ راست پر رہنے والا مرد۔
السُّدَّة: دروازہ۔برآمدہ۔بیٹھنے کی جگہ جیسے منبر۔ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ج سُدَد.
عَيْنٌ (سَادَّة): اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ۔ج سُدَد.
الأَسَدُّ. ج سُدٌّ (السَّدِيد): ٹھیک درست۔حق کا قصد کرنے والا۔
المَسَدّ: بند کرنے کی جگہ۔کہا جاتا ہے "مَسَدّ مَسَدَّهُ" یعنی قائم مقام۔

سَدَجَ (ن) سَدْجًا. بِالظَّنِّ: گمان کرنا۔ (...... وتَسَدَّجَ): جھوٹ بولنا۔جھوٹی باتیں گھڑنا۔صفت (سَدَّاج)
اِنْسَدَجَ: اوندھا کرنا۔
سَدَحَهُ (ف) سَدْحًا: ذبح کر کے زمین پر پھیلانا۔پچھاڑنا...... النَّاقَةَ: اونٹنی کو بٹھانا...... القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔سَدَحَ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔(سَدَّحَهُ وسَدَحَهُ) قتل کرنا۔
اِنْسَدَحَ: چت لیٹ کر ٹانگیں پھیلانا۔
السَّادِح: فا۔مالدار۔صاحب فراخی و ارزانی۔مؤنث سَادِحَة. السَّادِحَة: گھٹا ٹوپ بادل۔
السَّدِيح والمَسْدُوح: چت لیٹا ہوا۔
اِنْسَدَحَ: پھیلنا۔
سَدَرَ (ن ض) سَدْرًا وسُدُورًا. الشَّعْرَ: بال لٹکانا...... الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔لمبا لٹکانا۔ ...... الرَّجُلُ فِي البِلَادِ: جا کر واپس نہ آنا۔
سَدِرَ (س) سَدَرًا وسَدَارَةً: حیران ہونا۔لاپروا ہونا...... البَعِيرُ: شدت گرمی کی وجہ سے چندھیا جانا۔صفت (سَادِر) کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ سَادِرًا" اس نے بغیر تحقیق کے گفتگو کی۔
اِنْسَدَرَ. الشَّعْرُ: بال لٹکنا اور کہا جاتا ہے "اِنْسَدَرَ يَرْكُضُ: وہ آہستہ دوڑ لیے نیچے اترتا اور ہمیشہ چلتا۔
تَسَدَّرَ. بِثَوْبِهِ: اوڑھ لینا۔
السِّدْر: بیر کا درخت۔ج سُدُور.
السِّدْرَة: بیر کا درخت۔ج سِدْرَات وسِدِرَات وسِدَرَات وسِدَر. وسِدْرَةُ المُنْتَهَى: ساتویں آسمان میں عرش اعظم کی داہنی جانب بیر کا درخت جو لوگوں کے اعمال کے لئے منتہا ہے اور ملائکہ وغیرہ کے علم کی انتہا وہیں تک ہے۔
السَّدِر: حیران۔سمندر۔نَاقَةٌ سِدْرَةٌ: بوڑھی اونٹنی۔

السِّدَار: پردہ کی مانند جو خیمہ کے عرض میں لگایا جاتا ہے۔
السَّدَّار: بیر کے پتوں کا بیچنے والا۔
السَّدِيرُ: تازہ گھاس۔ حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام۔ شاہ نعمان کے ایک محل کا نام۔ یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں سے یمنی چادریں آتی تھیں۔ سَدِيرُ النَّخلِ: وہ جگہ جہاں درخت خرما بہت سے ہوں۔
الاَسْدَرَان: آنکھ کی دو رگیں۔ دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَضْرِبُ اَسْدَرَيْهِ" وہ بے حصول مقصود خالی ہاتھ آیا۔
سَدَسَ (ض) سَدْسًا. القَوْمَ: چھٹا ہونا۔
سَدَسَ (ن) سَدْسًا. القَوْمَ: چھٹا حصہ لینا۔
سَدَّسَ. الشَّيْءَ: چھ پہل بنانا۔
اَسْدَسَ. القَوْمُ: چھ ہونا۔ چھٹے روز گھاٹ پر آنے والے اونٹوں والا ہونا...... البَعِيرُ: آٹھویں سال میں دانت گرانا۔
السِّدْس: اونٹ کے لئے چھٹے روز پانی پینے کی باری۔ ست کی اصل سدس ہے۔
السُّدْس والسُّدُس: چھٹا حصہ۔ ج اَسْدَاس: اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَضْرِبُ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ: وہ مکر و فریب کی کوشش کرتا ہے۔
السَّدَس: آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔
السَّادِس: چھٹا۔ مؤنث سَادِسَةٌ۔
السُّدَاسِيُّ: چھ سے مرکب۔ چھ حرفوں والا کلمہ جیسے زنج بیل۔ کہا جاتا ہے جَاءُوا (سُدَاسَ) وہ لوگ چھ چھ ہو کر آئے اور یہ کلمہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
السُّنْدُس والسَّنْدُوس: سبز رنگ کی چادر۔
السُّدُوس: چراغ کی سیاہی۔
السَّدِيس: چھٹا حصہ۔ ج سُدُس: چھ سے مرکب۔ آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔ چھ سال والی بکری۔
المُسَدَّس: شش پہل۔ وہ سطح جو چھ باہم برابر ضلعوں سے گھری ہو۔
المُسَدَّس: ریوالور جس میں چھ کارتوس ہوتے ہیں۔
سَدَعَهُ (ف) سَدْعًا: ذبح کر کے پھیلانا ...... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ٹکرانا۔
سُدِعَ: رنج و اذیت پہنچایا جانا۔
السَّدْعَة: رنج و اذیت۔
المِسْدَع: اپنے ارادہ پر چلنے والا۔ ہادی رہنما۔
سَدَفَ (ض) سَدْفًا. القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا...... الحِجَابَ: پردہ لٹکانا۔ صفت مفعولی (مَسْدُوف)
اَسْدَفَ: سونا۔ بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہونا...... القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا...... اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ صفت (اَسْدَف) مؤنث سَدْفَاءُ ج سُدْف...... الفَجْرُ: روشن ہونا...... السِّتْرَ: پردہ اٹھانا ...... المَرْأَةُ القِنَاعَ: برقعہ ڈالنا۔ اَسْدَفَ عَنْ كَذَا: الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَسْدِفِ البَابَ" یعنی دروازہ کھول دو یا دروازہ سے ہٹ جاؤ تاکہ گھر میں روشنی ہو سکے۔
سَدَّفَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
السَّدَف: تاریکی۔ روشنی (ضد) بھیڑ۔ ج اَسْدَاف۔
السَّدَف: وجود جو دور سے دکھائی دے۔ ج سُدُوف۔
السَّدْفَة والسُّدْفَة: تاریکی۔ روشنی (ضد) (السُّدْفَة: دروازہ۔ دروازے کا چھجہ جو اس کو بارش سے بچائے۔
السَّدِيف: کوہان کی چربی کا ایک ٹکڑا۔ ج سِدَاف. وسَدَائِف.
السِّدَافَة: پردہ۔
السَّدَق والسَّوْذَق سذق وسوذق کی تصحیف ہے۔
سَدِكَ (س) سَدْكًا وسَدَكًا. بِالاَمْرِ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔ صفت (سَدِكٌ) بِهِ: کہا جاتا ہے "هُوَ سَدِكٌ بِالرُّمْحِ" بہت نیزہ مارنے والا ہے۔
سَدَلَ (ن ض) سَدْلًا وسُدُولًا. الشَّعْرَ اَوِ الثَّوْبَ: بال یا کپڑا لٹکانا۔ سَدَلَ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا...... فِي البِلَادِ: جانا۔
سَدِلَ (س) سَدَلًا. خِلْقَةً: جھکاؤ والا ہونا۔
تَسَدَّلَ وانْسَدَلَ: لٹکنا۔
سَوْدَلَ. الرَّجُلُ: لمبی مونچھوں والا ہونا۔
السِّدْل: ہار جو سینہ تک لمبی ہو۔
(...... والسُّدْل): پردہ۔ ج اَسْدَال واَسْدُل وسُدُول: کہا جاتا ہے "اَرْخَى اللَّيْلُ سُدُولَهُ" رات نے اپنے پردے لٹکائے یعنی تاریکی چھا گئی۔
السَّدَل: جھکاؤ۔ میلان۔ کہا جاتا ہے "فِيهِ سَدَلٌ اِلَى جَانِبٍ" اس کے اندر ایک جانب میلان ہے۔
السَّدِيل: ہودہ پر جو لٹکایا جائے۔ پالکی وغیرہ کا پردہ۔ ج سُدُل واَسْدَال وسَدَائِل۔
شَعْرٌ (مُسَدَّلٌ): بہت لمبے بال۔
السَّوْذَل: مونچھ۔
سَدَمَ (ن) سَدْمًا. البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ بھیڑنا۔
سَدِمَ (س) سَدَمًا: ندامت کے ساتھ غمگین ہونا۔ غم کے ساتھ غضبناک ہونا...... بِالشَّيْءِ: بہت خواہش مند ہونا۔ حریص ہونا ...... المَاءُ: پانی کا بہت دنوں کی وجہ سے متغیر ہونا اور کائی سے ڈھک جانا۔
سَدَّمَ. المَاءَ طُولُ عَهْدِهِ: متغیر کر دینا۔ مَاءٌ (سَدِمٌ وسَدَمٌ وسِدَمٌ وسُدُمٌ) کائی سے ڈھکا ہوا یا زیادہ دنوں کی وجہ سے متغیر پانی جمع کے لئے کہا جاتا ہے۔
مِيَاهٌ سُدُمٌ واَسْدَامٌ وسِدَامٌ. رَجُلٌ سَدِمٌ: غضبناک مرد۔
السَّدَم: ندامت کے ساتھ غم۔ غم کے ساتھ غصہ۔
السَّدْمَان: ندامت کے ساتھ غمگین۔ غم کے ساتھ غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدْمَانُ نَدْمَانُ".

السَّدِیْم: کرہ آسمانی پر مدھم دکھائی دینے والے ستارے۔ السَّدِیْم: تیز تلوار یا اس کی دھار۔
السَّدِیْم. ج سِدَام: بہت یاد کرنے والا۔ ج سُدُم: گہرا یا باریک کہرا۔
سَدَن (ن ض) سَدْنًا وسِدَانَةً: کعبہ یا بت خانہ کی خدمت کرنا۔ دربان ہونا۔ صفت (سَادِن) ج سَدَنَة: کہا جاتا ہے "هُوَ سَادِنُ فُلَانٍ وآذِنُــه" یعنی فلاں کا دربان ہے۔
سَدَنَ السِتْرَ: پردہ لٹکانا۔
السِّــدْن والسَّــدَن. ج أَسْــدَان. و(السَدان): پردہ۔
سِدَانَةُ الكَعْبَة: کعبہ کی خدمت۔
السَّدِیْن: چربی۔ اون۔ خون۔ پردہ۔
السَّدَان: تہائی (صحیح لفظ سدان: ہے)
سَدَا یَسْــدُو سَدْوًا. بِیَدِهِ نَحْوَ الشَّیْءِ: کسی چیز کی طرف سے ہاتھ بڑھانا...... الصَّبِیُّ بِالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا۔ سَدَتِ النَّاقَةُ فِی المَشْیِ: کشادہ قدم رکھنا اور کہا جاتا ہے "سَدَا سَدْوَهُ" اس نے اس کے جیسا قصد کیا اور اس کی پیروی کی۔
أَسْدَی إِسْدَاءً. النَّخْلُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔
اِسْتَدَی اِسْتِدَاءً. بِیَدِهِ: ہاتھ بڑھانا...... الصَّبِیُّ بِالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا...... الفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔
السَّادِی: فا۔ چھٹا۔ مؤنث سَادِیَةٌ. ج سَوَادٍ. النُّوقُ السَّوَادِی: کشادہ قدم رکھنے والی اونٹنیاں۔
سَدِیَ یَسْدَی سَدًی. البُسْرُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔ صفت (سَدٍ)...... الأَرْضُ: زمین کا بہت نمناک ہونا...... اللَّیْلَةُ: بہت شبنم والی ہونا۔ صفت (سَدِیَةٌ)......
سَدَی یَسْدِی سَدْیًا. الثَّوْبَ: تانا تننا۔
سَدَّی. الثَّوْبَ (تَسْدِیَةً): تانا تننا۔ ...... إِلَیهِ: احسان کرنا...... مَعْرُوفًا: بھلائی کرنا۔

...... الأَرْضُ: نمناک کرنا۔
أَسْدَی إِسْدَاءً. الثَّوْبَ: تانا تننا۔ کہا جاتا ہے "أَلْحِمْ مَا أَسْدَیْتَ" یعنی جس احسان کو تم نے شروع کیا ہے اسے پورا کرو...... إِلَیْهِ: احسان کرنا...... الأَرْضَ: نمناک کرنا...... بینهما: اصلاح کرنا...... الأَمْرَ: بیکار چھوڑنا۔
تَسَدَّی تَسَدِّیًا. الشَّیْءَ: سوار ہونا۔ چڑھنا۔ اوپر سے پکڑنا...... الثَّوْبَ: تانا تننا۔
السَّدَی: تانا۔ ج أَسْدِیَة: نمی۔ شبنم۔ شہد۔ بھلائی (...... والسَّدَاء): سبز کچی کھجور۔
السَّدَاةُ. مِنَ الثَّوْبِ: تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَنْتَ بِلُحْمَةٍ وَلَاسَدَاةٍ" یعنی تم سے نہ کچھ نفع ہے نہ نقصان۔
إِبِلٌ (سُدًی وسَدًی): بے کار چھوڑے ہوئے اونٹ (واحد وجمع کے لئے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَ کَلَامُهُ سُدًی" اس کی گفتگو لغو بیکار گئی۔
الأَسْدِیُّ والأُسْدِیُّ: وہ کپڑا جس کا تانا کیا گیا ہو۔
المِسْدَاة: تانا تننے کا آلہ۔
السَّــذَاب: ایک بدبودار پودہ جس کے پتے صعتر کی طرح ہوتے ہیں۔
السُّذْبَة: ایک قسم کا برتن۔
السَّاذَج: سادہ کا معرب۔ ایک قسم کی گھاس جو بغیر جڑ کے پانی کے اوپر پھیلتی ہے۔ تیز بات۔
السَّذَاجَة: سادگی۔
السَّــذَق: سدہ کا معرب۔ ایرانیوں کا ایک جشن ہے جس میں رات کے وقت صحرا و بیابان میں آگ جلایا کرتے تھے۔
السَّــوْذَق السُّــوْذَاق والسَّــوْذَقَــان والسُّوْذَقَان: کنگن۔ شکرا۔ السَّوْذَق: زنجیر کا حلقہ۔
السَّوْذَقِیُّ: چست۔ چالاک۔ متکبر۔
السَّذَانِق والسَّوْذَنِیق والسَّوْذَانِق: شکرا۔
سَرَّهُ (ن) سُرُوْرًا وَمَسَرَّةً وسُرًّا وسُرًی

وتَسِرَّةً: خوش کرنا۔
سَرَّهُ (ن) سَرًّا: ناف میں نیزہ مارا۔ الصَّبِیَّ: بچے کا نال کاٹنا...... فُلَانًا: پھولوں کا گلدستہ دے کر مبارک باد دینا۔
سَرَّ (س) سَرًّا: ناف میں درد ہونا۔
سُــرَّ سُــرُوْرًا: خوش ہونا۔ صفت (مَسْرُوْر)...... الصَّبِیُّ: ولادت کے وقت نال کاٹا جانا۔
أَسَرَّهُ إِسْرَارًا: خوش کرنا۔ أَسَرَّ السِّرَّ: بھید چھپانا۔ بھید ظاہر کرنا (ضد)...... إِلَیْهِ بِکَذَا: چپکے سے بیان کرنا...... إِلَیْــهِ المَــوَدَّةَ وبالمَوَدَّةِ: اپنی دوستی کو چھپانا۔
سَرَّرَهُ: خوش کرنا۔ سَرَّرَهُ سُرِّیَّةً: لونڈی سے شادی کرانا۔ اس میں لغت سَرَّاهُ: بھی ہے۔
سَــارَّهُ: پوشیدہ بات کرنا۔ کان میں بات کرنا۔
تَسَــرَّرَ: لونڈی بنانا۔ ایک لغت اس میں تَسَرَّی: بھی ہے جیسے تَظَنَّنَ: میں تظنّی...... الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔
تَسَارَّ. القَــوْمُ: باہم سرگوشی کرنا اور ایک دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَارُّ زَیْدٍ إِلَی مَاتَکْرَهُ" یعنی جس سے تم کو نفرت ہے زید کو اس سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔
اِسْتَسَرَّ اِسْتِسْرَارًا: لونڈی کو ہم خوابی کے لئے مخصوص کرنا...... عَنْهُ: چھپنا...... القَمَرُ: چاند کا ایک دو راتیں پوشیدہ رہنا (یہ سرار سے ماخوذ ہے)...... الشَّیْءَ: چھپانے میں مبالغہ کرنا...... الرَّجُلُ: خوش ہونا...... الرَّجُلُ: اپنے بھید کو کسی سے ظاہر کرنا۔
السَّرُّ: مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَرٌّ سَرٌّ" نیکی کر کے خوش ہونے والا مرد اور اسی طرح "قَوْمٌ بَرُّوْنَ سَرُّوْنَ" نیکی کر کے خوش ہونے والے لوگ۔
السِّرُّ: ج أَسْرَار: بھید۔ راز۔ کہا جاتا ہے "صُدُوْرُ الأَحْرَارِ قُبُوْرُ الأَسْرَارِ: احرار کے سینے بھید کے لئے قبریں ہیں۔ و"رَجُــلٌ

سِــرِّيٌّ" کاموں کو پوشیدہ طور پر کرنے والا مرد۔ و"فُلَانٌ سِرُّ هٰذَا الْاَمْرِ فلان" اس امر کا جاننے والا ہے۔ السِّـــرُّ: طریقہ۔ وسط۔ وادی کا درمیان۔ خالص چیز۔ عمدہ و افضل چیز۔ پاک و عمدہ زمین۔ قمری مہینہ کی پہلی رات یا آخری رات یا درمیان مہینہ۔ اصل ہر چیز کا جوف و مغز۔ ج اَسِــرَّةٌ: جیسے قن کی جمع اَقِنَّة.

السِّرُّ والسُّرُّ: ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ ج اَسْرَار: جج اَسَارِيْرُ. الْاَسَارِيْرُ: چہرہ کی خوبیاں۔

السُّـرُّ: نال جس کو دائی جنائی ولادت کے وقت بچہ کی ناف سے کاٹتی ہے۔ ج اَسِـرَّة اور سُرَر کا اطلاق سرور کے معنی پر بھی ہوتا ہے۔

السَّـــرَرُ والسُّـــرَرُ: ہتھیلی اور پیشانی کے خطوط۔ ناف کا وہ حصہ جس کو دائی جنائی کے وقت کاٹتی ہے۔ السَّرَرُ: قمری مہینے کی آخری رات۔ کسی چیز کا کھوکھلا ہونا۔

السَّرَّةُ: گلدستہ۔

الـــسُّرَّةُ: نال جس کے ذریعہ سے جنین کے پیٹ میں غذا پہنچتی ہے۔ ناف۔ ج سُـــرَّات وسُرَر۔ سُـــرَّةُ الْوَادِي: وادی کا درمیان یا وادی کی بہترین جگہ۔ سُـــرَّةُ الْبَلَدِ: وسط شہر۔ سُـــرَّةُ الْحَوْضِ: حوض کی تہ میں پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ سُرَّةُ الْفَرَسِ: ایک ستارہ۔ اِمْرَأَةٌ سُرَّةٌ: لوگوں کو خوش کرنے والی عورت۔

السُّرُوْرُ: خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔

السَّرِيْرُ: تخت۔ عموماً تخت شاہی کے لئے بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "زَالَ عَنْ سَرِيْرِهٖ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی۔ خواب گاہ۔ گردن اور سر کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا اَسِرَّةَ رُؤُوْسِهِمْ" انہوں نے ان کی گردن میں سر کے ملنے کی جگہ پر مارا۔ نعمت۔ فراخی زندگانی۔ ٹیلہ پر کی ریت۔ ج اَسِرَّةٌ وسُرُرٌ۔

السَّرِيْرَةُ: بھید۔ راز۔ وہ امر جس کو پوشیدہ رکھا جائے۔ نیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَيِّبُ السَّـــرِيْـــرَةِ" وہ پاک دل صاف نیت والا ہے۔ ج سَـرَائِر.

السُّـــرِّيَّةُ: لونڈی جو ہم خوابی کے لئے مخصوص کی جائے۔ ج سَرَارِيُّ: اغلب یہی ہے کہ اس کا اشتقاق سِرٌّ سے ہے اور بعضوں کے نزدیک سرور سے ہے۔

السِّرِّيْرُ: بھائیوں سے اچھا سلوک کرنے والا اور ان کو خوش رکھنے والا۔

السَّرَّاءُ: خوشی۔ خوش حالی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَدِيْقٌ لَّهُمْ فِي السَّرَّاءِ والضَّرَّاءِ" وہ ان لوگوں کا خوش حالی و بدحالی میں دوست ہے۔ سنگریزہ والی زمین۔ اَرْضٌ سَرَّاءُ: عمدہ زمین۔ السَّرَّاءُ: مجوف نالی۔

السِّـرَارُ: ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ لکیریں۔ ج اَسِـــرَّةٌ. السِّـرَارُ: قمری مہینے کی آخری رات۔

السَّرَارُ: خالص نسب۔ سَرَارُ الشَّهْرِ: قمری مہینے کی آخری رات۔ سَرَارُ الْوَادِي: وادی کی عمدہ جگہ۔

السَّـرَارَةُ: خالص نسب۔ وادی کا درمیان۔ سَـــرَارَةُ الشَّيْءِ: عمدہ خالص۔ ج سَرَار.

السَّـرَارَةُ: وہ خالص ہے جس کا خالص ہونا ظاہر ہے۔ و"هُوَ فِي سَرَارَةٍ مِنْ عَيْشِهٖ": وہ اچھی زندگی میں ہے۔

السَّارُوْرَاءُ: خوشی و خوش حالی۔

الْاَسَـــرُّ: کھوکھلا چقماق...... مِـــنَ الرِّجَالِ: اجنبی۔ زیادہ موٹا۔

الْمَسَرَّةُ: مص۔ خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔ ج مَسَار.

الْـــمَسَرَّةُ: ایک جوف دار آلہ جس کو سننے والے کے کان میں لگا کر بات کرتے ہیں۔

الْمَسْرُوْرُ: خوش۔ مؤنث مَسْرُوْرَة.

سَـــرَأَتْ (ف) سَـــرْأً وسَـــرَأَتْ تَسْـــرِئَةً. الْجَرَادَةُ اوالسَّمَكَةُ اوالضَّبَّةُ: ٹڈی یا مچھلی یا گوہ کا انڈا دینا...... الْمَرْأَةُ: بہت اولاد والی ہونا۔

اَسْرَأَتِ السَّـمَكَةُ: انڈے دینے والی ہونا۔

السَّـرْءُ والسِّرْءُ والسَّرْأَةُ والسِّرْأَةُ: ٹڈی مچھلی گوہ وغیرہ کا انڈا۔

السَّـــرُوْءُ. مِنَ السَّـــمَكِ ونَحْوِهَا: بہت انڈے والی۔ ج سُرُوْءٌ وسُرَا.

اَرْضٌ (مَسْـرُوْءَة): ٹڈیوں والی زمین۔

سَـــرَبَ (ن) سُـــرُوْبًا. الْمَاءُ: پانی کا جاری ہونا...... الرَّجُلُ: گھستے چلے جانا۔ الْاِبِلُ: چرنے کے لئے جانا (...... سَـــرْبًا) الْقِرْبَةُ: مشک سینا۔

سَرِبَ (س) سَـرَبًا. الْاِنَاءُ: برتن ٹپکنا...... الْمَاءُ مِنَ الْاِنَاءِ: برتن سے پانی کا بہنا۔

سُـــرِبَ: ناک کے نتھنوں میں چاندی کا دھواں پہنچنے سے گھٹن لاحق ہونا۔ صفت مَسْـرُوْب.

سَرَّبَ. الْاِبِلَ: گروہ گروہ بھیجنا۔ اِلَـيَّ الْاَشْـيَـاءَ: ایک کے بعد ایک دینا...... الْـــحَـــافِـــرُ: دائیں بائیں کھودنا...... الْقِرْبَةَ: مشک میں پانی ڈالنا (...... واَسْرَبَ) اَلْمَاءَ مِنَ الْاِنَاءِ: برتن سے پانی بہانا۔

تَسَرَّبَ. مِنَ الْمَاءِ: پانی سے بھر جانا۔ ...... الْوَحْشُ فِيْ حُجْرِهٖ: وحشی جانور کا اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔

اِنْسَرَبَ: سوراخ میں داخل ہونا۔ ...... الْمَاءُ مِنَ الْاِنَاءِ: برتن سے پانی بہنا۔

السَّـــرْبُ: مص۔ جانور۔ جانب۔ سینہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُـــخَـــلَّـــى السَّـــرْبِ" فلاں پر کوئی تنگی نہیں کی گئی ہے۔ "دَخَلِّ لَهٗ سَرْبَهٗ" اس کا راستہ چھوڑ دو۔

السِّـــرْبُ: ہرنوں کا گلہ۔ پرندوں کی ڈار۔ عورتوں کی جماعت۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ راستہ۔ دل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاسِعُ السِّرْبِ" فلاں کشادہ دل ہے۔ ج اَسْرَاب.

السَّـــرَبُ: وحشی جانور کا سوراخ۔ تہ خانہ۔ نالی جس سے پانی آئے۔ مشک سے بہنے والا پانی اور کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ سَرَبٌ" چلتا ہوا راستہ۔ ج اَسْرَاب.

السَرِب: بہنے والا پانی۔ مَزَادَةٌ سَرِبَةٌ: بہنے والی مشک۔
السَرْبَة: قریب کا سفر۔ مشک کی سیون۔
السُرْبَة: ہرن اونٹ وغیرہ کا ریوڑ۔ طریقہ۔ انگور کی بیل کی قطار۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ ج سُرَب۔
السَرَاب: وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا عکس نظر آتا ہے اور اس میں مکانوں اور درختوں کا سایہ عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے جھوٹ اور مکروفریب کے لئے اس سے مثال دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَخْدَعُ مِنَ السَّرَابِ" وہ سراب سے زیادہ فریبی ہے۔
السَارِب: فا۔ کھلم کھلا ظاہر۔ ظَبْيَةٌ سَارِبَةٌ: چراگاہ میں جانے والی ہرن (والسَرُوب) سیدھا جانے والا۔
والمَسْرَب۔ ج مَسَارِب: جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لِلْوَحْشِ وَالنَّعَمِ مَسَارِبُ وَمَسَارِحُ" وحشی جانوروں اور چوپاؤں کے لئے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔ مَسْرَبَ المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔
المَسْرَبَة والمَسْرُبَة: چراگاہ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ آنسو نکلنے کی جگہ۔ دبر۔ ج مَسَارِبُ۔
المُنْسَرِب: بہت لمبا۔ تیز بہنے والا پانی۔
سَرْبَخَ۔ الرَجُلُ: خفیف وسبک ہونا۔ آہستہ چلنا۔ دوپہر میں چلنا۔
السَرْبَخ: کشادہ زمین جس میں آدمی گم ہو جائے۔
قفر (سِرْبَاخٌ ومُسْرَبَخٌ): بیابان دور دراز جس میں آدمی گم ہو جائے۔
سَرْبَلَهُ: کرتا پہنانا۔
تَسَرْبَلَ۔ بِالسِرْبَال: کرتا پہنانا۔
السِرْبَال: کرتا یا ہر وہ لباس جو پہنا جائے۔ ج سَرَابِيل۔
سَرَجَ (ن) سَرْجًا: جھوٹ بولنا...... المَرْأَةُ شَعْرَهَا: چوٹی بنانا۔
سَرِجَ (س) سَرَجًا: جھوٹ بولنا۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا۔
سَرَّجَ۔ الشَيْءَ: خوبصورت بنانا۔ سَرَّجَهُ اللّٰه: توفیق دینا۔ سَرَّجَ الشَعْرَ: چوٹی بنانا...... الحَدِيثَ: گھڑنا۔ کہا جاتا ہے "سَرَّجَ عَلَيَّ أُسْرُوجَةً" اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔ "وَإِنَّهُ لَيُسَرِّجُ الأَحَادِيثَ تَسْرِيجًا": وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔ عوام کہتے ہیں "سَرَّجَ الثَوْبَ": اس نے دور دور سلائی کی اور صحیح شَرَّجَهُ: شین معجمہ سے ہے۔
أَسْرَجَ۔ الفَرَسَ: گھوڑے پر زین کسنا۔ ...... السِرَاجَ: چراغ روشن کرنا۔
تَسَرَّجَ۔ عَلَيْهِ: جھوٹا گمان کرنا۔
السَرْج: زین۔ ج سُرُوج۔
السِرَاج: چراغ۔ ج سُرُج۔ سِرَاجُ اللَيْلِ: جگنو۔
السِيْرَج: تل کا تیل۔ اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔
السَرَّاج: جھوٹا۔ زین ساز و(السِرَاجَةُ): زین سازی کا پیشہ۔
السُرَيْجِيَّات: سریج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔
المَسْرَجَة: چراغ دان۔ ج مَسَارِج۔
المِسْرَجَة: چراغ۔ ج مَسَارِج۔
السَرْجَم: لمبے قد والا۔
السِرْجِن والسِرْجِين والسِرْجُون: گوبر۔
سَرَحَتْ (ف) سَرْحًا وسُرُوحًا۔ المَوَاشِي: جانوروں کا چرنے کے لئے جانا۔ ...... السَيْلُ: سیلاب کا آہستہ بہنا (...... سَرْحًا) المَوَاشِيَ: جانوروں کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔ سَرَحَهُ: بھیجنا۔ سَرَحَ مَا فِي صَدْرِهِ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔
سَرِحَ (س) سَرَحًا۔ الرَجُلُ: کسی کا اپنے امور کے لئے نکلنا۔
سَرَّحَ۔ المَوَاشِيَ: جانوروں کو چرنے کے لئے چھوڑنا...... القَوْمَ: آزاد کرنا، چھوڑ دینا ...... الزَوْجَةَ: طلاق دینا۔ اسم (السَرَاح) ہے۔ إِلَيْهِ رَسُولًا: پیغامبر بھیجنا۔ ...... الأَمْرَ: آسان کر دینا۔ ...... اللّٰهُ فُلَانًا لِلْخَيْرِ: بھلائی کی توفیق دینا۔ ...... الشَعْرَ: کنگھا کرنا ...... عنه: کشادگی کر دینا۔
اِنْسَرَحَتِ۔ الدَابَّةُ: جانور کا نرم ہونا اور تیز چلنا ...... الرَجُلُ: چت لیٹنا اور ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ننگا ہونا۔
تَسَرَّحَ۔ مِنَ المَكَانِ: نکلنا ...... عَنْهُ: کشادگی کیا جانا ...... الكَتَّانُ: کتاں کے اجزاء کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔
السَرْح: مص۔ جانور۔ گھر کے سامنے کا صحن۔ ہر لمبا درخت۔ بے کانٹوں کا درخت۔ واحد (سَرْحَةٌ) ج سُرُوح۔
السَرْحَة: جوان گدھی جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو۔
خَيْلٌ (سُرُحٌ وناقَةٌ سُرُحٌ): تیز اور نرم رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ مِشْيَةٌ سُرُحٌ: نرم چال۔ عَطَاءٌ سُرُحٌ: بغیر ٹال مٹول کے فوری بخشش۔
السِرْحَان: بھیڑیا۔ شیر۔ حوض کا وسط۔ ج سِرَاحٌ وسَرَاحٍ وسَرَاحِين۔ ذَنَبُ السِرْحَان: فجر کاذب۔
السِرْحَانَة۔ سِرْحان: کا مؤنث۔
السَرِيح۔ مِنَ الأُمُورِ: آسان۔ جلدی کیا ہوا۔ جلدی۔ والسَرِيحُ مِنَ الخَيْلِ: ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔
السَرِيحَة: تسمہ جس سے جوتہ وغیرہ سیا جائے۔ کپڑا کا ٹکڑا۔ تنگ زمین کا روشن راستہ۔ ج سَرَائِح۔
السَارِح: فا۔ چرواہا جو اونٹوں کو چرائے۔ جانور۔ مؤنث سَارِحَةٌ اور کہا جاتا ہے "مَا لَهُ سَارِحَةٌ وَلَا رَائِحَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
المِسْرَح۔ ج مَسَارِح و(المِسْرَحَة)

: کنگھی۔ بال یا کتاں وغیرہ کے جدا جدا کرنے کا اوزار۔
المَسرَح: چراگاہ۔ ج مَسَارِح.
اَلْمَسْرَحْ: وہ جگہ جہاں کہانیوں کو ڈراموں میں پیش کیا جاتا ہے۔ اس کو الموسرح پڑھنا غلط ہے۔
المُنسَرِح: اوزانِ شعر کا ایک وزن
(.....السِرْیاح) مِنَ الخَیلِ: تیز رفتار گھوڑا۔ رَجُلٌ سِرْیَاحٌ: لمبا مرد۔
السِرْیَاح: ٹڈی۔
السَراح. تَسْرِیح: کا اسم۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلْهُ فِی سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ" یعنی اس کو آسانی سے کرو۔
السُرْحُوب: گیدڑ۔ لمبا متناسب الاعضاء ج سَرَاحِیب.
السِرْحَال: بھیڑیا۔
سَرَدَ (ن ض) سَرْدًا وسِرَادًا. الجِلْدَ: چمڑے کو سینا..... الشَیْءَ: کسی چیز میں سوراخ کرنا..... الدِرْعَ: زرہ بنانا..... الحدیثَ او القِرَاءَةَ: اچھی طرح بیان کرنا یا پڑھنا..... الصَوْمَ: پے در پے روزے رکھنا..... الکِتَابَ: جلدی سے پڑھنا۔
سَرِدَ وسَرِدَ (س) سَرَدًا: لگاتار روزے رکھنا۔
سَرْدًا واَسْرَدَ. الاَدِیمَ ونَحْوَهُ: چمڑے وغیرہ میں سوراخ کرنا اور سینا..... النَخْلُ: درخت خرما کا پانی نہ ملنے سے مرجھانا۔
تَسَرَّدَ. الدُرُّ: موتیوں کا لڑی میں ترتیب وار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَرَّدَ دَمْعُهُ کَمَا یَتَسَرَّدُ اللُؤْلُؤُ": اس کے آنسو موتیوں کی طرح ترتیب وار ہیں۔
السَرْدُ: مص۔ ہر زرہ اور حلقہ کے لئے اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "نُجُومٌ سَرْدٌ".
السَرَد: مص۔ لگاتار ہونا۔
السَرَاد: پھل کو پانی نہ ملنے سے پژمردگی۔
السِرَاد والسِرِید والمِسْرَد: ستالی۔
المِسْرَد: زبان۔ دہرا سلا ہوا جوتا۔

السَارِد: موچی۔
السَرَّاد: زرہ بنانے والا۔
المَسْرُوْد والمُسَرَّدُ و المَسْرُوْدَة: زرہ۔
السِرْدَاب: تہ خانہ۔ ج سَرَادِیب.
سَرْدَحَهُ: بے کار چھوڑنا۔
السِرْدَاح والسِرْدَاحَة: لمبی اونٹنی اور بقول بعض مضبوط پُر گوشت اونٹنی۔
السِرْدَاح: کیلے کے درختوں کا جھنڈ۔ واحد سِرْدَاحَة. اَرْضٌ سِرْدَاحَةٌ: ہموار زمین۔ دور کی زمین۔ ج سَرَادِح وسَرَادِیح.
سَرْدَقَ. البَیْتَ: پردہ لگانا۔ شامیانہ لگانا۔ خیمہ لگانا۔
السُرَادِق: شامیانہ۔ خیمہ۔ بلند غبار یا دھواں جو کسی چیز کو محیط ہو۔ ج سُرَادِقَات.
سَرِسَ (س) سَرَسًا: بدخلق ہونا۔ جہالت کے بعد دانا و ہوشیار ہونا۔
السَرِیْس: عقل مند۔ زیرک۔ مقبوضہ چیز کا محافظ۔
سَرْسَرَ. الشَفْرَةَ: دھار تیز کرنا۔
السُرْسُوْر: زیرک۔ محبوب۔ خالص ساتھی کہا جاتا ہے "هُوَ سُرْسُوْرُ مَالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔
السِرسَام: ایک دماغی بیماری کا نام۔
سَرَطَ (ن) وسَرِطَ (س) سَرْطًا وسَرَطَانًا وتَسَرَّطَ واسْتَرَطَ. الشَیْءَ: نگلنا۔
اِنْسَرَطَ. الشَرَابُ فِی حَلْقِهِ: حلق میں آسانی سے اترنا۔
السِرَاط: واضح راستہ۔
السُرَاط. مِنَ السُیُوفِ: بہت کاٹنے والی تلوار۔
السُرَاطِیّ: بہت کاٹنے والی تلوار۔
(..... والسُرَط والسِرْوَاط والسُرَطَة والسُرَّاط والسِرِطْیط): جلدی نگلنے والا۔ بہت کھانے والا۔ السُرَط: تیز چلنے والا۔
السَرَّیطی: اسم ہے سَرَطَ کا۔ نگلنا۔
السَرَطَان: مص۔ کیکڑا اور اس کا نام عَقْرَبُ السَمَاءِ بھی ہے اور عوام اس کو السَلْطَعُون کہتے ہیں۔ السَرَطَان: ایک برج آسمانی کا نام ہے۔ ایک پھوڑے کا نام جس میں کیکڑے کی ٹانگوں کی طرح رگیں دکھائی دیتی ہیں اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ سَرَطَانٌ اَوْسَرَطَانُ الجَرْیِ" یعنی تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المَسْرَط والمِسْرَط: حلق۔
المِسْرَط: جلدی کھانے والا۔
سَرْطَعَ: گھبراہٹ کی وجہ سے تیز دوڑنا۔
السَرْطَل والسَرْطَم: بے ڈول۔ لمبا۔
السَرْطَم والسِرْطِم: بہت کھانے والا۔
سَرِعَ (س) وسَرُعَ (ک) سُرْعَةً وسِرَعًا وسَرَعًا وسِرْعًا وسَرْعًا وسَرَاعَةً: جلدی کرنا۔
سَارَعَ. اِلَیْهِ: سبقت کرنا..... فِی الاَمْرِ: کوشش کرنا۔
اَسْرَعَ. فِی المَشْیِ: جلدی چلنا۔
تَسَارَعَ وتَسَرَّعَ. اِلَی الاَمْرِ: سبقت کرنا۔ جلدی کرنا۔ (تَسَرَّعَ بِالاَمْرِ) سبقت کرنا۔ تَسَرَّعَ الاَمْرُ: جلدی ہونا۔
السَرْعُ والسِرْعُ: انگور کی تازہ شاخ۔ ہر تر شاخ۔ ج سُرُوع.
سَرْعَانَ وسِرْعَانَ وسُرْعَان: اسم فعل مبنی بر فتحہ بمعنی اَسْرِعْ۔ یعنی جلدی کرو۔ کہا جاتا ہے "سَرْعَانَ القَوْمُ" یعنی اے قوم جلدی کر اور کبھی تعجب کے لئے آتا ہے۔ جیسے "لَسَرْعَان مَا فَعَلْتَ" یعنی تو نے کس قدر جلدی کی۔
سَرَعَانُ وسَرْعَانُ. القَوْمِ اوالخَیلِ: سب سے آگے کے لوگ یا گھوڑے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِی سَرَعَانِ النَاسِ" وہ سب سے آگے کے لوگوں میں آیا۔
السَرِیْع: جلد باز۔ ج سُرْعَان مؤنث سَرِیْعَة. ج سِرَاع: اشعار کے اوزان میں ایک وزن۔
السَرِع والسُرْعَان: جلد باز۔ مؤنث سَرْعَی.

الاَسَارِيع: کمان کی لکیریں۔کہا جاتا ہے "قَوْسٌ ذَاتُ اَسَارِيع" لکیروں والی کمان۔ سفید جسم اور سرخ سر والے کیڑے۔ واحد (اُسْرُوْع ویَسْرُوْع)

المِسْرَع والمِسْرَاع: خیر یا شر کی طرف جلدی لپکنے والا۔ج مَسَارِع ومَسَارِيع.

کائی کے بڑے بڑے پودے سمندری کناروں پر ہوتے ہیں ان کو الترو غا بولتے ہیں۔

السُرْغُوف: نازک وسبک گوشت۔مؤنث سُرْغُوفَة. السُرْغُوفَة: لمبے قد کی نازک بدن عورت۔ ٹڈی۔ کپڑے کو چاٹنے والا کیڑا۔

سَرَفَت (ن) سَرْفًا. السُرْفَةُ الشَجَرَةَ: کیڑے کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا......الاُمُ وَلَدَهَا: ماں کا بچہ کو زیادہ دودھ پلا کر بیمار کرنا۔

سَرِفَ (س) سَرَفًا. الاَمْرَ: بے کار چھوڑنا۔ جاہل ہونا۔ خطا کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي عَطَائِهِمْ مَنٌّ ولا سَرَفٌ" یعنی وہ لوگ داد و دہش کے موقعہ پر غلطی نہیں کرتے بایں طور کہ غیر مستحق کو دے دیں اور مستحق کو محروم کر دیں۔سَرِفَ القَوْمَ: تجاوز کرنا...... الطَعَامُ: گھن لگنا......الرَجُلُ بِالخَمْرِ: شراب کا حریص ہونا۔

اَسْرَفَ. المَالَ: فضول خرچی کرنا......فِيْ كَذَا: حد سے تجاوز کرنا۔ زیادتی کرنا۔ خطا کرنا۔ جاہل ہونا۔ غافل ہونا۔ صفت (مُسْرِف)

السُرْفَة: گھن۔ سرخ جسم اور کالے سر والا کیڑا جو چھوٹی لکڑیوں کو اپنے لعاب سے جوڑ کر گھر بناتا ہے اور اس میں داخل ہو کر مر جاتا ہے۔اسی سے مثال ہے "هُوَ اَصْنَعُ مِنْ سُرْفَةٍ" وہ سرفہ سے زیادہ کاریگر ہے۔

السَرَف: حد و اعتدال سے تجاوز کرنا۔ زیادتی۔ خطاء۔ کہا جاتا ہے "اَكَلَهُ سَرَفًا" اس نے جلدی سے کھایا۔

السَرَاف. سرفہ (مذکورہ بالا کیڑے) کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا۔

رَجُلٌ (سَرِفُ) الفُؤَاد: غافل مرد۔سَرِفُ العقل: خراب یا کم عقل والا۔

ارض (سَرِفَة): زمین جس میں سرفہ کیڑے بہت ہوں۔

السَرُوْف: سخت اور بڑا۔

السَرِيف: انگور کی بیل کی قطار۔

سَرَق (ض) سَرَقًا وسَرِقًا وسَرَقَةً وسَرِقَةً وسَرْقَانًا. مِنْهُ الشَيْءَ وسَرَقَهُ الشَيْءَ: چرانا۔کہا جاتا ہے "سَرَقُوْا لَيْلَةً مِنَ الشَهْرِ" جبکہ اس رات میں عیش کے ساتھ رہیں۔و"سَرَقَتْنِيْ عَيْنِيْ" میری آنکھ میرے اوپر غالب ہوئی۔

سُرِقَ. الرَجُلُ: کسی کے مال ومتاع کا چوری ہوجانا......صَوْتُهُ: آواز پڑنا۔گلا بیٹھ جانا۔ صفت مَسْرُوْقُ الصَوْتِ.

سَرِقَ(س) سَرَقًا. الشَيْءُ: پوشیدہ ہونا۔ سَرِقَتْ مَفَاصِلُهُ: جوڑوں کا سخت سست ہو جانا۔

سَرَّقَهُ: چوری کی نسبت کرنا۔سَرَّقَ الشَيْءَ: چرانا۔

سَارَقَهُ. النَظَرَ: ایک دوسرے کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا اس طرح پر کہ کسی اور کو علم نہ ہو۔ سَارَقَ النَظَرَ اِلَيْهِ: کسی کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔

تَسَرَّقَ: تھوڑا تھوڑا چرانا......النظر والسَمْعَ: چوری سے دیکھنا یا سننا۔

اِنْسَرَقَ. عَنْهُ: جانے کے لئے پیچھے ہٹنا۔ اِنْسَرَقَتْ مَفَاصِلُهُ: جوڑوں کا سست ہو جانا۔

اِسْتَرَقَ. مِنْهُ الشَيْءَ: چرانا...... السَمْعَ: چھپ کر سننا......الكَاتِبُ بعضَ المُحَاسِبَاتِ: چھپا لینا۔ ظاہر نہ کرنا۔

السَرِقَة: مص۔ چرائی ہوئی چیز۔

السَارِق: فا۔ج سَرَقَة وسُرَّاق وسَارِقُوْن: [illegible] السَارِقَة: لوہے یا چمڑے کا طوق۔ج سَوَارِق.

السَوَارِق: تالے کی زائد جھڑ۔

السَرَقَة: مص۔ حریر کا ٹکڑا۔ج سَرَق (یہ کلمہ اس معنی کے لحاظ سے فارسی ہے۔)

السَرَّاق: بہت چرانے والا۔

السَرُوق: چور۔ج سُرُق.

السُرَاقَة: چرائی ہوئی چیز۔

المُسْتَرِق: فا۔ ناقص کمزور۔ مُسْتَرِق العُنُق: چھوٹی گردن والا۔

السُرْقُع: ترش نبیذ۔

السَرْقِين والسِرْقِين: گوبر۔ کھاد۔

سَرِكَ (س) سَرَكًا: قوت وتوانائی کے بعد کمزور جسم والا ہونا۔

سَرْوَكَ وتَسَرْوَكَ: لاغری یا تھکن کی وجہ سے آہستہ چلنا۔

سَرَّمَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

شَاجَهُ یَشَاجُهُ. الأَمْرُ: غمگین کرنا۔

شَئِزَ (س) شَأَزًا وشُؤُزَةً وشُؤُوزًا. المَكَانُ: سخت اور بلند ہونا۔ ناہموار ہونا۔ صفت (شَأْزٌ وشَئِزَةٌ) (...... وشَئِزٌ): بے آرام ہونا۔ ڈرنا۔

شَأَزَ (ف) شَأْزًا. الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

أَشْأَزَهُ: رنجیدہ کرنا۔ بے آرام کرنا۔ ڈرانا۔

أَشْأَزَ الرَّجُلُ. عَنْ كَذَا: بلند ہونا۔

إِشْتَأَزَ: بدکنا۔

الشَأْزَةُ: اسم مرة خَيْلٌ شَأْزَةٌ: موٹا گھوڑا۔

المُشْئِزُ والمَشْئُوزُ: بے آرام۔ بے قرار۔ خوفزدہ۔

شَئِسَ (س) شَأَسًا. الشَيْءُ: سخت ہونا۔

...... الرَّجُلُ: مرض یا غم سے بے قرار ہونا ......

المَكَانُ: سخت وسنگریزہ دار ہونا۔ مَكَانٌ (شَئِسٌ وشَأْسٌ): سخت وسنگریزہ والی جگہ۔ ج شُئُسٌ و شُؤُوسٌ۔

شَأْشَأَ شَأْشَأَةً وشِئْشَاءً. الرَّاعِي. الغَنَمَ أَوِ الحَمِيرَ وبِهَا: شَأْشَأْ وشُؤْشُؤْ: کہہ کر ہانکنا۔ النَّخْلَةُ: درخت خرما میں کا پھل لگنا۔

تَشَأْشَأَ. القَوْمُ: متفرق ہونا۔ بکھرنا۔

الشِئْشَاء: مص۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ کھجور کے لمبے درخت۔

شَئِفَتْ (س) شَأَفًا. الرَّجُلُ: آبلہ پڑنا۔ صفت (مَشْؤُوفَةٌ) شَئِفَتْ أَصَابِعُهُ: ناخنوں کے اردگرد پھٹنا۔ (...... شَأَفًا وشَأْفَةً) فُلَانًا ولِفُلَانٍ: بغض رکھنا۔

شُئِفَ: خوفزدہ ہونا۔ ڈرایا جانا۔ صفت (مَشْؤُوف) شُئِفَتِ الرِّجْلُ: آبلہ پڑنا۔

إِسْتَشْأَفَتِ. القَرْحَةُ: خراب ہو کر جڑ پکڑ لینا۔

شَأْفُ. الجُرْحِ: زخم کی خرابی۔

الشَأْفَةُ: جڑ کوڑے کا زخم۔ کہا جاتا ہے "إِسْتَأْصَلَ شَأْفَتَهُ" اس نے اسے جڑ سے کھود دیا۔ و "بَيْنَهُمْ شَأْفَةٌ" ان کے درمیان عداوت ہے۔ و "إِسْتَأْصَلَ اللهُ شَأْفَتَهُمْ" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے۔ شَأْفَةُ الرَّجُلِ: اہل ومال۔

رَجُلٌ شَأْفَةٌ: معزز و بلند مرتبہ مرد۔

شَأَمَ (ف) شَأْمًا. القَوْمَ وعَلَيْهِمْ: بدبختی ڈالنا۔ صفت (شَائِمٌ)

شَؤُمَ (ک) شَآمَةً وشُؤْمًا. عَلَيْهِمْ: منحوس و نامبارک ہونا۔

شَأَمَهُمْ: ملک شام کی طرف روانہ کرنا۔

شَاءَمَ مُشَاءَمَةً. بِهِ: بائیں طرف لینا۔

...... الرَّجُلُ: ملک شام میں آنا۔

أَشْأَمَ: ملک شام کا ارادہ کرنا۔ ملک شام میں آنا۔ سر اٹھائے ہوئے گزرنا۔

تَشَاءَمَ وتَشَأَّمَ: ملک شام کی جانب منسوب ہونا۔ بائیں طرف ہونا۔

تَشَاءَمَ واسْتَشْأَمَ. بِهِ: بدفالی کرنا۔ بدشگون لینا۔

الشُؤْمُ: نحوست۔ کالے اونٹ۔

الشَأْمُ والشَامُ: ملک شام۔

الشَأْمِيُّ والشَامِيُّ والشَآمِيُّ: ملک شام کی جانب منسوب۔

الشَائِمُ: فا۔ نحوست لانے والا۔

الشَأْمَةُ والمَشْأَمَةُ: نحوست۔

الشِيمَةُ والشِيمَةُ: تل۔ [illegible] ج شِيَم۔

الأَشْأَمُ: اسم تفضیل اور اسی سے ہے "الأَشْأَمُ كُلُّ امْرِئٍ بَيْنَ لَحْيَيْهِ" ہر آدمی کو بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے یعنی زبان۔ بدبختی لانے والا۔ مؤنث شُؤْمَى۔

واليَدُ الشُؤْمَى: بایاں ہاتھ۔

الأَشَائِمُ. إِشْأَم: کی جمع۔

المَشْؤُمُ والمَشْؤُوم: منحوس۔ بدبخت۔ ج مَشَائِيم۔

شَأَنَ (ف) شَأْنًا: صاحب عزت و مرتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَأَنَ شَأْنَكَ" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا۔ "مَا شَأَنَ شَأْنَكَ" اس نے تمہارے کام کی پروا نہ کی۔ "واشْأَنْ شَأْنَكَ" اپنی حالت پہچان۔

إِشْتَأَنَ. شَأْنَكَ: کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا۔

الشَأن ج شُؤُون وشِئَان وشِئِين: بڑے بڑے امور و احوال۔ معاملہ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "مِنْ شَانِهِ كَذَا وَأَنْ يَفْعَلَ كَذَا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے۔ و "مَا شَانُكَ" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ج شُؤُون وشُؤُون: سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَتِ الرَّائِحَةُ الَى شُؤُونِ رَأْسِهِ" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی۔ پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اُگیں ...... شُؤُونٌ وشُؤُونٌ: رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں۔ کہا جاتا ہے "فَاضَتْ شُؤُونُهُ" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہو گئیں ......

الشُؤُون: حاجتیں۔ کہا جاتا ہے "كَفِّنِي شُؤُونَكَ" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد کر دو...... شُؤُونُ الخَمْرِ: شراب کا اثر جو جسم کی رگوں میں سرایت کرے۔

شَأَى يَشْأُو شَأْوًا واشْتَأَى اِشْتِيَاءً ا. القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ شَأَى التُرَابَ مِنَ البِئْرِ: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔

شَاءَى مُشَاءَاةً. القَوْمَ: آگے بڑھنا۔ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَشَاءَى تَشَائِيًا. القَوْمُ: ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔ متفرق ہونا۔ تَشَاءَى مَا بَيْنَهُمَا: فاصلہ پر ہونا۔

الشَأْو: مص۔ مدت۔ غایت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِيدُ الشَأْوِ" یعنی فلاں عالی ہمت ہے و "عَدَا شَأْوًا" وہ ایک چکر دوڑا۔

الشَأْو: اونٹنی کی مہار۔ اونٹنی کی مینگنیاں۔ زنبیل۔ کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔

المِشْآة: کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔ ٹوکری جس سے کنوئیں کی مٹی نکالی جائے۔ ج المَشَائِي.

الشَبَاة: تالے کی جھڑ۔

شَبَّ (ض) شَبَابًا وشَبِيبَةً. الغُلَامُ: جوان ہونا۔ کہتے ہیں "مِنْ شَبَّ اِلَى دَبَّ" جوانی سے بڑھاپے تک۔

شَبَّ (ن ض) شَبِيبًا وشِبَابًا وشُبُوبًا. الفَرَسُ: اکٹھے اگلی ٹانگوں کو اٹھانا۔ نشاط میں ہونا۔ عرب کا مقولہ ہے "الجَوْهَرُ يَشُبُّ بَعْضُهُ بَعْضًا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو بڑھا دیتا ہے۔

شَبَّ (ن) شَبًّا وشُبُوبًا. النَارَ: آگ روشن کرنا۔ شَبَّتِ النَارُ: آگ روشن ہونا ...... الشَيءُ: بلند ہونا۔ بڑھنا۔

شُبَّ. الشَيءُ: زیادہ کیا جانا۔ بلند کیا جانا۔ شُبَّتْ. النَارُ: روشن ہونا۔ شُبَّ لَهُ الشَيءُ: اللہ کی طرف سے مقدر کیا جانا۔

شَبَّبَ وتَشَبَّبَ: جوانی اور کھیل کود کے زمانہ کا ذکر کرنا...... الشَاعِرُ بِالفَتَاةِ: عورتوں کے محاسن واوصاف کو بیان کرنا۔ شَبَّبَ قَصِيدَةً: عورتوں کے ذکر سے آراستہ و مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَبَّبَ قَصِيدَتَهُ بِفُلَانَةٍ" شعراء کی عادت تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے تھے۔ پھر ہر چیز کی ابتداء کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ ایام شباب کا ذکر نہ ہو۔ شَبَّبَ الكِتَابَ: کتاب شروع کرنا۔

تَشَبَّبَتْ النَارُ: آگ روشن ہونا۔ بھڑکنا۔

أَشَبَّ. الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔ الرَجُلُ: جوان اولاد والا ہونا...... اللّٰهُ الغُلَامَ: لڑکے کو جوان کرنا...... الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا...... الثَوْرُ: بیل کا بوڑھا ہونا۔ صفت (مُشِبٌّ ومُشَبٌّ وشَبَبٌ ومِشَبٌّ)

أُشِبَّ. لَهُ كَذَا: مقدر کیا جانا۔

الشَبُّ: پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے۔ جوان۔ شَبُّ اللَيْلِ: ایک قسم کی نباتات۔

الشَبَابُ والشَبِيبَةُ: مص۔ جوانی، بلوغ سے تیس برس تک کا زمانہ۔ ابتداء جیسے "شَبَابُ النَهَارِ" دن کی ابتداء۔ الشَبَابُ: بمعنی تشبیب کہا جاتا ہے۔ "قَصِيدَةٌ حَسَنَةُ الشَبَابِ" اچھی تشبیب والا قصیدہ اور شبیب کی جمع شَبَائِب.

الشَبُوبُ: عمدہ بنانے والا۔ آراستہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هَذَا شَبُوبٌ لِكَذَا" یہ اس کے حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے۔ مثلاً "الخِمَارُ شَبُوبٌ لِوَجْهِهَا" اوڑھنی اس کے چہرے کی رونق کو بڑھا دیتی ہے (...... والشِبَابُ) جس سے آگ جلائی جائے۔

الشَبَّابَة: ایک قسم کی بانسری (مولدة): عوام اس کو مَنْجِيرَة: کہتے ہیں۔

الشَابُّ والشَبُّ: جوان۔ ج شَبَاب وشُبَّان وشَبَبَة مؤنث شَابَّة وشَبَّة ج شَابَّات وشَبَّات وشَوَابُّ وشَبَائِب.

المُشِبُّ: شیر۔

المَشْبُوبُ. مِنَ الرِجَالِ: تیز خاطر مرد۔

المَشْبُوبَتَان: زہرہ و مشتری۔ نَارٌ مَشْبُوبَةٌ: بھڑکائی ہوئی آگ (نَارٌ شَابَّةٌ: نہیں بولتے۔)

الشِبِتّ: سوئے کا ساگ۔

شَبِثَ (س) شَبَثًا وتَشَبَّثَ. بِكَذَا: چمٹنا۔ معلق ہونا۔

رَجُلٌ (شُبَثَة) اپنے مقابل کو چمٹنے والا۔

الشِبِث: ایک قسم کی ترکاری۔

الشَبَث: مکڑی۔ ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں بہت ہوتی ہیں۔ ج أَشْبَاث وشِبْثَان. رَجُلٌ (شَبِثٌ): چمٹنے والی طبیعت والا مرد۔

الشِبَاثُ والشَبُّوثُ: ٹیڑھے سرے والی میخ۔ ج شَبَابِيث.

أَشْبَجَ. البَابَ: دروازہ بھیڑنا۔

الشَبَج: بلند دروازہ یا دروازہ۔ واحد (شَبَجَة)

شَبَحَ (ف) شَبْحًا. الشَيءَ: پھاڑنا۔ چیرنا ...... الجِلْدَ: کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا ...... الرَجُلَ: گھسیٹنا ...... الدَاعِي: دعا کے لئے ہاتھ پھیلانا ...... فُلَانٌ لَهُ: کسی کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا۔

شَبُخَ (ک) شَبَاخَةً: لمبے چوڑے بازوؤں والا ہونا۔
شَبَّخَ: بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دو دیکھنا...... الشیءَ: پھیلانا۔ چوڑا کرنا۔
تَشَبَّخَ. الحِرْبَاءُ عَلَی العُوْدِ: گرگٹ کا لکڑی پر دراز ہونا۔
الشَّبْحُ والشَّبَحُ: شخص۔ بلند عمارت کا دروازہ۔ ج شُبُوْح واَشْبَاح. اَشْبَاحُ المَالِ: نظر آنے والا مال جیسے اونٹ، گائے بکری وغیرہ۔
الشَّبْحَة: اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نَزَعَ سَقْفَ بَیْتِی شَبْحَةً شَبْحَةً" اس نے میرے گھر کی چھت سے ایک ایک کڑی نکال لی۔
...... عِنْدَ المُوَلَّدِیْن: گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسی۔
اَلمُشَبَّحَةُ: وہ تصاویر جو سکرین پر سینما میں دکھائی جاتی ہیں۔
الشَّبْحَان: لمبا۔
الشَّبْحَان. مِنْقَلَة: کھیل کود کی دو لکڑیاں (دیکھئے مِنْقَلَة)
الشَّبْخ: دودھ دوہنے کی آواز۔
الشَّبْدَعُ والشِّبْدَعُ والشِّبْدِعَةُ: بچھو۔ مصیبت۔ زبان۔ ج شَبَادِع.
شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا. الثَّوْبَ ونَحْوَهُ: بالشت سے ناپنا۔ شَبَرَهُ مَالًا: کسی کو مال دینا۔
شَبِرَ (س) شَبَرًا. الرَّجُلُ: اکڑنا۔ اترانا۔
شَبَّرَ. الشَّیءَ: اندازہ کرنا...... فُلَانًا: تعظیم کرنا۔
اَشْبَرَ. فُلَانًا: فضیلت دینا...... ہ مَالًا: دینا
...... الرَّجُلُ: لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا۔ پستہ قد بیٹوں والا ہونا۔
تَشَابَرَ. الفَرِیْقَانِ فِی الحَرْبِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ یہاں تک کہ ایک بالشت کا فاصلہ رہ جائے۔
تَشَبَّرَ: بڑا ہونا۔
الشَّبْرُ: حق۔ مہر۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَهَا وَلَمْ یُعْطِهَا شَبْرَهَا" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا۔ نکاح۔ عمر۔ قد و قامت۔
الشِّبْرُ: عمر۔ بالشت۔ ج اَشْبَار: کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِیْرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے۔
الشَّبَر: عطیہ۔ خیر۔
الشِّبْرَة: عطیہ۔
الشِّبْرَة: قد و قامت (طویل ہو یا قصیر)
الشَّبُّوْر: بگل۔ ج شَبَابِیْر وشَبُّوْرَات (کلمہ عبرانی ہے)
الشَّابُوْرَة: خلیج۔ کہر (جدید)
شَابُر. المِیْزَان: چور۔
فُلَانٌ (اَشْبَر) مِنْکَ: فلاں تم سے وسیع بالشت والا ہے۔
الاَشْبُوْر: ایک قسم کی مچھلی۔
المَشَابِر: نشیبی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے۔ واحد (مَشْبَر ومَشْبَرَة)
شَبْرَقَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شَبْرَقَ اللَّحْمَ: پارچہ پارچہ کرنا۔ شَبْرَقَتِ الدَّابَّةُ فِی مَشْیِهَا......: جانور کا دور دور قدم رکھنا...... البَازِی الصَّیْدَ: نوچنا اور پھاڑنا...... الثَّوْبَ: پُرانا کرنا۔
الشَّبَارِق والشُّبَارِق: ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبَارِقُ وشُبَارِقُ وشَبَارِیْقُ وشَبْرَق وشِبْرَاق" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا۔
الشِّبْرِق: بلی کا بچہ۔ ج شَبَارِق.
الشِّبْرِقَة: کپڑے کا ٹکڑا۔
الشِّبْرَاق. مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: حق۔
ثَوْبٌ (مُشَبْرَق) پرانا ہوا کپڑا۔
الشَّبْرَم: پستہ قد۔
الشُّبْرُمَة: بلی۔
الشَّبْزَق: آسیب زدہ۔
تَشَبَّصَ. الشَّجَرُ: آپس میں گتھا ہوا ہونا۔
الشَّبَص: درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔ [illegible]
شُبَاط: ترکی مہینہ۔ مطابق فروری۔
الشَّبُّوْط والشَّبُوْط والشَّبُّوط: ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ج شَبَابِیْط
شَبِعَ (س) شِبَعًا وشِبْعًا. ومِنَ الطَّعَامِ: شکم سیر ہونا۔ تم کہتے ہو "شَبِعْتُ مِنْ هٰذَا الاَمْرِ ورَوِیْتُ" جبکہ تم کسی معاملے سے طول ہو جاؤ۔
شَبُعَ (ک) شَبَاعَةً. عَقْلُهُ: بہت عقل والا ہونا۔
شَبَّعَتْ. غَنَمُهُ: آسودگی کے قریب ہونا۔
اَشْبَعَهُ: کھلا کر شکم سیر کرنا...... الشَّیءَ: زیادہ کرنا...... الثَّوْبَ مِنَ الصَّبْغِ: خوب گہرا رنگنا ...... الکَلَامَ: مکمل کہنا۔
تَشَبَّعَ: بتکلف شکم سیر ہونا۔ ظاہر کرنا۔ بہت کھانا۔
الشِّبْعُ والشِّبَعُ: کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے۔
الشُّبَاعَةُ: آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا۔
الشُّبْعَةُ: ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار۔
الشَّبْعَانُ: شکم سیر۔ مؤنث شَبْعَی وشَبْعَانَة ج شِبَاع وشَبَاعَی کہا جاتا ہے "هِیَ شَبْعَی الـذِّرَاعِ" وہ پُر گوشت بازو والی ہے۔ و"شَبْعَی الخَلْخَالِ اَوِ السِّوَارِ والبُرَعِ" یعنی موٹی۔
الشَّبْعَة: شکم سیر عورت۔
الشَّبِیْعُ: بہت۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبِیْعُ الغَزْلِ" بہت سوت والا کپڑا اور "رَجُلٌ شَبِیْعُ العَقْلِ" بہت عقل والا مرد اور "حَبْلٌ شَبِیْعٌ" بہت لڑوں والی رسی۔ ج شُبُع.
شَبِقَ (س) شَبَقًا: بہت شہوت والا ہونا۔ صفت (شَبِق) مؤنث شَبِقَة.
مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کھانے سے بدہضمی ہونا۔
الشُّوْبَق: بیلن۔ ج شَوَابِق (کلمہ فارسی ہے) مشہور (شوبک) ہے فتحہ شین اور کاف سے چوبک کا معرب ہے۔
شَبَكَ (ض) شَبْکًا. الاُمُوْرَ: ایک

دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔
پیچیدہ ہونا۔ شَبَکَهٗ شَبْکًا: داخل کرنا یا
(شَبَکَ وشَبَّکَ) الشَّیْئَ: ایک دوسرے
میں ملانا۔ تم کہتے ہو "شَبَکْتُ اَصَابِعَهٗ
بَعْضَهَا فِی بَعْضٍ و شَبَّکْتُ بَیْنَ اَصَابِعِیْ"
میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں
داخل کیا۔

اَشْبَکَ. القَوْمُ: نزدیک نزدیک کوئیں
کھودنا۔ "اَشْبَکَ المَکَانُ" قریب کوئیں
والی ہونا۔

شَابَکَ. بَیْنَ الاَصَابِعِ: انگلیوں کو ایک
دوسرے میں داخل کرنا۔

تَشَابَکَتْ. الاُمُوْرُ: باہم خلط ہونا۔

اِشْتَبَکَ وتَشَبَّکَ: خلط ہونا۔ بعض کا
بعض میں داخل ہونا..... الکَلَامُ اوِ الاُمُوْرُ:
پیچیدہ ہونا۔

الشَّبَکَةُ: شکاری کا جال۔ ج شَبَکٌ
وشِبَاکٌ وشَبَکَات. الشَّبَکَةُ: بہت کوئیں
والی زمین۔ قریب قریب والے کوئیں۔

الشُّبْکَةُ: قرابت۔

طَرِیْقٌ (شَابِکٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ۔ ج
شَوَابِکُ.

الشَّبَّاکُ: جال بنانے والا۔

الشُّبَّاکُ: دریچی جس میں لکڑی یا لوہے کی
چھڑیں لگی ہوئی ہوں۔ کھڑکی۔ ج
شَبَابِیْکُ الشُّبَّاکُ: شکاری کا جال۔
شکاری۔ گویا کہ یہ شَابِکٌ کی جمع ہے۔ جیسے
قاری کی جمع قراء۔

الشَّابِکُ: جھگڑے۔

المُشَبَّکُ: ایک قسم کا کھانا۔

شَبَلَ (ن) شُبُوْلاً. الغُلَامُ: لڑکے کا ناز و
نعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا۔ صفت
(شَابِلٌ) ..... فِی بَنِیْ فُلَانٍ: پرورش پانا۔

اَشْبَلَ. عَلَیْهِ: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَشْبَلَتِ المَرْاَةُ عَلٰی اَوْلَادِهَا: شوہر کی
وفات کے بعد بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور
نکاح نہ کرنا۔

الشِّبْلُ: شیر کا بچہ جب کہ وہ شکار کرنے کے
قابل ہو جائے۔ ج اَشْبَال وشِبَال واَشْبُل
وشُبُوْل. اَبُو الاَشْبَالِ: شیر۔

لَبُؤَةٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔

مَکَانٌ (مَشْبُوْلٌ) بہت شیر کے بچوں والی
جگہ۔

شَبَمَ (ن) شَبْمًا وشَبَمَ. الجَدْیَ: بکری
کے بچہ کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔

شَبِمَ (س) شَبَمًا. المَاءُ: پانی کا ٹھنڈا
ہونا۔

الشَّبَمُ: سردی۔

الشَّبِمُ: صبح۔ شام یا بھوک کے ساتھ صبح
شام۔ الشَّبِمُ: ہتھیار۔ زہر۔ موت۔

الشِّبَامُ والشِّبْمُ: لکڑی جو بکری کے بچے کے
منہ میں لگادی جائے تاکہ دودھ نہ پیے۔

الشِّبَامُ: برقع کے دو دھاگے جن کو عورتیں
پیچھے باندھ لیتی ہیں۔

المُشَبَّمُ: تھوتھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔

شَبَنَ (ن) شَبْنًا. الغُلَامُ: لڑکے کا نازک
اندام پُر گوشت ہونا۔ (..... شُبُوْنًا) الشَّیْئُ:
قریب ہونا۔

الشَّابِنُ. مِنَ الغِلْمَانِ: نازک اندام پُر
گوشت لڑکا۔

الشَّبِیْنُ والاَشْبِیْنُ: دولہا کا خدمت گار۔
شَبِیْنَةٌ واَشْبِیْنَةٌ: دلہن کی خدمت گار (کلمہ
سریانیہ ہے)

الشَّبَانِیُّ والاَشْبَانِیُّ والشَّبَّانِیُّ: سرخ
چہرے اور مونچھوں والا۔

شَبَّهَهٗ. اِیَّاهُ وشَبَّهَهٗ بِهٖ: تشبیہ دینا۔ تمثیل
دینا۔ شَبَّهَ عَلَیْهِ الاَمْرَ: مشتبہ کرنا۔ شَبَّهَ
الشَّیْئُ: مشکل ہونا۔

شُبِّهَ. عَلَیْهِ الاَمْرُ: مشتبہ کیا جانا۔

اَشْبَهَهٗ وشَابَهَهٗ: مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ اَشْبَهَ
فُلَانٌ اُمَّهٗ: فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے یعنی
عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔

تَشَبَّهَ بِهٖ: مانند ہونا۔ عمل میں مشابہت کرنا۔

تَشَابَهَ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے مشابہ
ہونا۔ الاَمْرُ. عَلَیْهِ: یعنی غیر محکم ہونا۔

اِشْتَبَهَا: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ اِشْتَبَهَ
فِیْ
الاَمْرِ: صحیح ہونے میں شک کرنا..... الاَمْرُ
عَلَیْهِ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔

الشِّبْهُ والشَّبَهُ: مثل مانند۔ ج اَشْبَاه
ومَشَابِه جیسے (حسن ومحاسن) الشَّبَهُ:
مشابہت ایک خاردار نباتات جس کے پھول
سرخ ہوتے ہیں۔ (الشَّبَهُ والشِّبْهُ
والشَّبَهَانِ والشُّبْهَانِ) پیتل۔

الشُّبْهَةُ: مثل۔ التباس۔ شک۔ جس میں حق
و باطل یا حلال وحرام کا التباس ہو۔ ج شُبَهٌ
وشُبُهَات.

الشَّبِیْهُ: مثیل۔ ایک جیسے۔ ج شِبَاه.

المُشَبَّهُ والمُشْتَبَهُ. مِنَ الاُمُوْرِ: مشکل جس
میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "اِیَّاکَ
والمُشَبَّهَات" اپنے آپ کو امور مشکلہ سے
بچاؤ۔

اَلْمُشَبِّهَةُ: اسلامی فرقوں میں سے ایک فرقہ
جو کہ اللہ تعالیٰ کو صفات و اسماء میں مخلوق کے
ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔

شَبَا. یَشْبُوْ شَبْوًا. الشَّیْئُ: بلند ہونا
..... الفَرَسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا
ہونا۔
..... الوَجْهُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد
چمکنا..... النَّارُ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔

اَشْبٰی اِشْبَاءً. الرَّجُلَ: دینا..... عَلَیْهِ:
مہربان ہونا..... ہ: تعظیم و اکرام کرنا۔
مصیبت میں ڈالنا..... الشَّجَرُ: لمبا اور
پیچیدہ ہونا..... الشَّیْئُ: ہٹانا..... الرَّجُلُ:
ذہین بچوں والا ہونا۔ صفت (مُشْبٍ
ومُشْبٰی)
الاَوْلَادُ اَبَاهُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ
ہونا۔

الشَّبَاةُ: نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دو ٹانگوں
پر کھڑا ہونے والا گھوڑا..... مِنَ السَّیْفِ:
دھار۔ بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبًا

وشَبَوَات: بے وقوف مرد۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ شَبَاةٌ" یہ بے وقوف مرد ہے۔
شَبْوَةُ: بچھو کے لئے علم اور ہے اور علمیۃ تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔
الشَّبْوُ: دکھ۔ تکلیف۔
شَتَّ (ض) شَتًّا وشَتَاتًا وشَتِيتًا: متفرق ہونا (...... وشَتَّتَ واَشَتَّ) الاَشْيَاءَ: متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بِيْ قَوْمِيْ" میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔
تَشَتَّتَ وانْشَتَّ واسْتَشَتَّ. الشَّمْلُ: متفرق ہونا۔
الشَّتُّ: مص۔ پراگندگی۔
اَمْرٌ (شَتٌّ وشَتَاتٌ) پراگندہ و متفرق۔ کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج اَشْتَات کہا جاتا ہے "جَاءُوْا اَشْتَاتًا و جَاءُوْا اَشْتَاتَ شَتَاتَ" وہ لوگ متفرق در متفرق ہو کر آئے۔ نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔
شَتَّانَ: مبنی علی الفتحہ اور کبھی نون مکسور ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بَعُدَ: کے معنی میں۔ کہا جاتا ہے "شَتَّانَ بَيْنَهُمَا وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا زَيْدٌ واَخُوْهُ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔
الشَّتِيْتُ: مص۔ پراگندہ۔ متفرق۔ ج شَتّٰى (جیسے مریض و مرضٰی) ثَغْرٌ شَتِيْتٌ: چھدرے دانت۔
اَنَاسٌ (شَتّٰى وشُتُوْتٌ) مختلف قبائل کے لوگ۔ اَشْيَاءُ شَتّٰى: مختلف چیزیں اور کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِيْ اَمْرٍ شَتّٰى" وہ لوگ متفرق امور میں پڑ گئے۔
شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا. الشَّيْءَ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ...... الرَّجُلَ: زخمی کرنا ...... العَيْنَ: پلک الٹنا۔
شَتِرَ (س) شَتَرًا: کٹنا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا ...... بہ: گالی دینا۔ (...... وشُتِرَ) اُلٹی ہوئی پلک والا ہونا یا نیچے کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔

شَتَّرَ عَيْنَه: پلک الٹنا۔ گالی دینا۔ عیب لگانا۔ کھینچ باتیں سنانا۔
اِنْشَتَرَتْ. عَيْنُه: اُلٹی ہوئی پلک والی ہونا۔
اَلشَّتَرُ: مص۔ کٹنا۔ پلک الٹنا۔ عیب و نقص۔
الشُّتْرَةُ: دو انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الشَّتِيْرُ: بہت عیب و برائی والا۔ بد خلق۔
الاَشْتَرُ: الٹی ہوئی پلک والا۔ پھٹی ہوئی پلک والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث شَتْرَاءُ. ج شُتْر.
الشَّوْتَرَةُ: بڑے سرین کی عورت۔
شَتِعَ (س) شَتَعًا: بیماری یا بھوک کی وجہ سے گھبرا اٹھنا۔
شَتَغَهُ (ض) شَتْغًا: روندنا۔ ذلیل کرنا۔
اَشْتَغَهُ: تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔
المَشَاتِغُ: ہلاکتیں۔
شَتَلَ يَشْتُلُ شَتْلًا وَشَتَّلَ اَشْتَلَ: (سریانی لفظ) پودے کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگانا۔ الشَّتْلَةُ "اشتل" کا واحد۔ وہ پودا جس کو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگایا جائے۔ اس کو ہماری زبان میں "پنیری لگانا" بولتے ہیں۔
اَلْمَشْتَلُ: بیج لگانے کی جگہ تا کہ اگنے کے بعد اسکو دوسری جگہ لگایا جا سکے۔ (گرین ہاؤس)
اَلْمَشْتُوْلُ: وہ شخص جس کا لباس غیر منظم ہو۔
شَتَمَهُ (ن ض) شَتْمًا ومَشْتَمَةً ومَشْتِمَةً ومَشْتُمَةً وتَشْتَامًا: گالی دینا (شَتَمًا) گالی دینے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَاتَمَهُ فَشَتَمَهُ" اس نے اس سے گالی دینے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
شَتُمَ (ک) شَتَامَةً: بدصورت و کریہہ المنظر ہونا۔ صفت (شَتِيْمٌ) الشَّتِيْمُ: غضبناک شیر۔
شَتَّمَهُ: بہت گالی دینا۔
شَاتَمَهُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔
تَشَاتَمَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
تَشَتَّمَ: گالی سننے کے درپے ہونا۔
الشَّتَامَةُ: مص۔ بدصورتی کے ساتھ بدن کی درشتی۔
الشَّتِيْمَةُ: گالی۔ ج شَتَائِم۔
الشَّتَامُ والشَّتَامَةُ: برے چہرہ والا۔ بد خلق۔
الشَّتَّامُ والشَّتَّامَةُ: بہت گالی دینے والا۔
الشَّتَامَةُ: شیر غضبناک۔
شَتَنَ (ن) شَتْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو بننا صفت (شَاتِن)
الشَّتْنُ: مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَتْنُ الكَفِّ" سخت ہتھیلی والا مرد۔
الشَّتُوْنُ: بننے والا۔
شَتَا يَشْتُوْ شَتْوًا وشَتّٰى تَشْتِيَةً وتَشَتّٰى تَشَتِّيًا. بِالبَلَدِ: کسی شہر میں جاڑے میں قیام کرنا۔ شَتَا وتَشَتّٰى المَكَانَ: بزمانہ سرما قیام کرنا۔ شَتَّاهُ: زمانہ سرما کے لئے کافی ہونا۔
شَتَا يَشْتُوْا شَتْوًا وشَتِيَ واَشْتٰى القَوْمُ: موسم سرما میں داخل ہونا۔ موسم سرما میں قحط سالی کی تکلیف اٹھانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ يُشْتِيْنِيْ" یہ زمانہ سرما میں میرے لئے کافی ہوگی۔ شَتَا الشِّتَاءُ: سردی پڑنا۔
شَاتٰى مُشَاتَاةً وشِتَاءً. الرَّجُلَ: جاڑے بھر کے لئے معاملہ کرنا۔
الشِّتَاءُ: مص۔ موسم سرما۔ ج اَشْتِيَةٌ وشُتِيٌّ اور نسبت کے لئے (شَتَوِيٌّ وشَتْوِيٌّ) الشَّتْوِيُّ) جاڑے کی بارش فَاكِهَةُ الشِّتَاءِ: آگ۔
الشِّتَاءُ والشِّتَا: قحط۔
الشَّتَاةُ والشَّتْوَةُ: جاڑا۔ صاحب الشَّتْوَةِ وہ شخص جس کے پاس جاڑے میں پناہ لیں۔
الشَّتِيُّ: جاڑے کی بارش۔
المَشْتٰى والمَشْتَاةُ: جاڑے کا زمانہ۔ جاڑے کی جگہ۔ موسم سرما گزارنے کی جگہ ج المَشَاتِي۔
کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ مَشَاتِيْنَا ومَصَايِفُنَا ومَرَابِعُنَا" یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و ربیعی منازل ہیں۔
اَلشَّتْ: چھوٹے سیب کی طرح خوشبودار

کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت جس
میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے پتوں کو
چمڑے کی دباغت میں استعمال کرتے ہیں۔
جنگلی اخروٹ۔شہد کی مکھیاں۔پہاڑ کی چوٹی
جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند رہ جائے۔ج
شِثَاث واحد (الشَّثَّةُ)
الشَّثُّ: ہر چیز کی بہت تعداد۔
شَثِرَتْ (س) شَثَرًا. عَيْنُهُ: آنکھ موٹی
ہونا۔
الشِّثْرُ: پہاڑ کا کنارہ۔ج شُثُورٌ. قَنَاةٌ
(شَثِرَةٌ) نیزہ کہ جس کے ٹکڑے ٹوٹنے کے
وقت اڑیں۔
شَثِلَتْ (س) شَثَلًا وشَثُلَتْ (ک)
شُثُولَةً. أَصَابِعُهُ: موٹی ہونا۔
شَثِلُ. الأَصَابِعِ: سخت اور موٹی انگلیوں والا
۔
شَثْلٌ (شَثْلَةٌ) موٹا اور سخت قدم۔
شَثِنَ: بمعنی شثل۔
شَجَّ (ن ض) شَجًّا. الرَّأسَ: زخمی کرنا۔
توڑنا۔کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَشُجُّ مَرَّةً
وَيَأْسُو مَرَّةً" فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی
درست کرتا ہے۔شَجَّ المَفَازَةَ: بیابان طے
کرنا۔
.....السَّمُرْكَبُ البَحْرَ: جہاز کا سمندر کو
پھاڑنا۔
.....الشَّرَابَ بِالمَاءِ: ملونی کرنا۔کہا جاتا
ہے "شَجَّ الارضَ بِرَاحِلَتِهِ" یعنی بہت تیز
چلایا۔
شَجَّ (س) شَجَجًا: سر میں زخم یا نشان زخم
والا ہونا۔صفت (أَشَجُّ وشَجِيجٌ) ج
شُجٌّ و(مَشْجُوجٌ ومَشَجَّجٌ) الشَّجِيجُ
والمَشْجُوجُ: بیخ۔کونتی۔
شَجَّجَهُ: سر کو بہت زخمی کرنا۔شَجَّجَ عَلَى
الأَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔
شَاجَّ مُشَاجَّةً وشِجَاجًا وتَشَاجَّ. القَوْمُ:
ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا۔
الشَّجَاجُ: فضائے آسانی۔

الشَّجَّةُ: سر کا زخم۔ج شِجَاجٌ.
الشَّجِيجُ: مص۔پیشانی میں زخم کا نشان۔
الشَّجَّاجُ: سر کو بہت زخمی کرنے والا۔
شَجَبَهُ (ن) شَجْبًا: ہلاک کرنا۔غمگین
کرنا۔ کھینچ کر مشغول کرنا۔کہا جاتا ہے
"إِنَّكَ لَتَشْجُبُنِي عَنْ حَاجَتِي" تو مجھ کو
میری حاجت میں مشغول رکھتا ہے۔
"شَجَبَ القُنْيَنَةَ بِشِجَابٍ" اس نے شیشی
میں ڈاٹ لگائی۔
شَجَبَ (ن) شَجْبًا وشُجُوبًا
وشَجِبَ (س) شَجَبًا: ہلاک ہونا۔مرنا۔
غمگین ہونا۔صفت (شَجِبٌ وشَاجِبٌ).....
الشَّيْءُ: جانا۔
شَجَبَ (ن) شَجِيبًا. الغُرَابُ: کوّے کا
جدائی کے لئے آواز کرنا۔
أَشْجَبَهُ: غمگین کرنا۔
تَشَاجَبَ. الشَّيْءُ: خلط ملط ہونا۔بعض کا
بعض میں داخل ہونا۔
تَشَجَّبَ: غمگین ہونا۔
الشَّجْبُ: مص۔حاجت۔غم۔ستون خانہ۔
مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنالیں۔
ج شُجُوبٌ وأَشْجَابٌ.
الشَّجَبُ: مص۔رنج وتکلیف جو مرض یا
قتال کی وجہ سے لاحق ہو۔ج شُجُوبٌ.
الشَّاجِبُ: بہت بک بک کرنے والا۔
مِنَ الغِرْبَانِ: بہت کائیں کائیں کرنے والا
کوّا۔
الشِّجَابُ: شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ج
شُجُبٌ (.....والشُّجُبُ والمِشْجَبُ):
لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے اور
پھیلائے جاتے ہیں۔
الشَّجْبَاءُ: مشک۔
الشَّجْلَةُ: نرم بارش۔
المِشْجَاذُ: کوہن۔
شَجَرَ (ن) شَجْرًا. الشَّيْءَ: باندھنا۔
فُلانًا: علیحدہ کرنا۔منع کرنا۔کہا جاتا ہے "مَا
شَجَرَكَ عَنْ كَذَا" تم کو فلاں سے کس چیز

نے روکا.....الرَّجُلَ بالرمح: نیزہ مارنا
.....فَمَهُ: لکڑی سے کھولنا.....الدَّابَّةَ: جانور
کو ٹھہرانے کے لئے لگام سے مارنا یہاں تک
کہ منہ کھول دے.....الشَّجَرَةَ: درخت
کے بعض حصے کو پکڑنا.....البَيْتَ: ستون
لگانا۔
.....النَّبَاتَ: جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اٹھانا۔
شَجَرَ (ن) شَجْرًا وشُجُورًا. بَيْنَهُمْ أَمْرٌ:
مختلف فیہ ہونا اور کہا جاتا ہے "شَجَرَ
مَابَيْنَهُمْ" باہم جھگڑنا۔
شَجِرَ (س) شَجَرًا. الرَّجُلُ: بہت جمعیت
والا ہونا۔
أَشْجَرَ. النَّبَاتُ: درخت ہوجانا.....النَّخْلَ:
ٹوٹنے کے خوف سے خوشہ کو ٹہنی پر رکھنا۔
شَاجَرَهُ مُشَاجَرَةً: جھگڑا کرنا.....المَاشِيَةُ:
گھاس وغیرہ ختم ہوجانے سے درخت کے
پتوں پر گزارہ کرنا.....المَاشِيَةَ: جانوروں کو
درخت چرانا۔
أَشْجَرَ. المَكَانُ: درخت اُگانا۔
تَشَاجَرَ. القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔باہم
جھگڑا کرنا۔تَشَاجَرُوا بالرِّمَاحِ: باہم نیزہ
بازی کرنا.....الشَّيْءُ: بعض کا بعض میں
داخل ہونا۔
اِنْشَجَرَ: جلدی سے چھٹکارا پانا.....نَوْمَهُ:
نیند کا دور ہونا۔
اِشْتَجَرَ. القَوْمُ: باہم جھگڑنا.....الرَّجُلُ:
آگے بڑھنا۔جلدی سے چھٹکارا پانا۔ٹھوڑی
کے نیچے ہاتھ کا سہارا دینا اور اسی سے ہے
"بَاتَ مُرْتَفِقًا مُشْتَجِرًا"۔
.....نَوْمُهُ: نیند کا دور ہونا۔
الشَّجَرُ: درخت۔ج أَشْجَارٌ وشَجْرَاءُ.
واحد (شَجَرَةٌ) شَجَرَاتٌ. شَجَرَةُ
النَّسَبِ: جس میں مورث اعلیٰ سے لے کر
اولاد در اولاد تک کا بیان ہو۔الشَّجَرَةُ
المَلْعُونَةُ: تھوہر کا درخت درخت۔شَجَرَةُ
الحَيَاةِ أَوْ شَجَرَةُ مَعْرِفَةِ الخَيرِ مِنَ
الشَّرِّ: وہ درخت جس کا پھل کھانے سے

حضرت آدم علیہ السلام کو جنت میں اللہ تعالیٰ نے منع کیا تھا۔
نَبَاتٌ خَشَبِيٌّ: دراز قد پودے (درخت) قدرتی جنگلات میں یا خود بوئے گئے ان میں سے ایک قسم۔ ہمیشہ سرسبز یا موسم کی وجہ سے ان کے پتے گر جاتے ہیں۔ زیادہ تر لکڑی کے لئے لگائے جاتے ہیں اور کچھ خوبصورتی کے لئے لگائے جاتے ہیں۔
شَجَرُ الْمَطَّاط: ربڑ کا درخت جو کہ لمبا ہوتا ہے خاص کر جنوب مشرق ایشیاء میں۔
شَجَرَةُ الْخُبْز: وہ درخت جس کے بڑے بڑے پھل ہوتے ہیں ان کو کوٹ کر پیس کر روٹی پکائی جاتی ہے۔
شَجَرُ الزَّنْبَق: وہ درخت جس کے پھل خزامی پودے کی طرح خوبصورت اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ اس کے چھلکے صحت افزاء ہوتے ہیں۔
الشَّجَر: درخت۔ شجر میں ایک لغت ہے۔
الشَّجْر: مص۔ مختلف فیہ امر۔ ٹھوڑی یا دونوں جبڑوں کے درمیان کا حصہ۔ منہ کا وہ حصہ جو بند کرتے وقت ظاہر ہو۔ ج اَشْجَارٌ وشُجُورٌ وشِجَارٌ. الحُرُوف الشَّجْرِيَّة: ش ض ج اور بقول بعض۔ ش ج ق ک ی۔
اَلشَّجْرُ: منہ کھلنے کی جگہ۔
اَلحُرُوف الشَّجْرِيَّة: جو کہ منہ کھلنے کی جگہ سے ادا ہوں وہ شین۔ ضاد اور جیم ہیں۔
الشَّجْرَة: اسم مرۃ۔ جاہ زنخداں۔
مَكَانٌ (شَجِرٌ وشَجِيرٌ واَشْجَر ومُشْجِر) درختوں والی یا بہت درختوں والی جگہ۔ مؤنث شَجِرَةٌ وشَجِيرَةٌ وشَجْرَاءُ ومُشْجِرَةٌ.
الشَّجْرَاءُ: گنجان درخت۔ گنجان درختوں والی زمین اور اس کے مقابلہ میں مردا ہے۔ یعنی وہ زمین جس میں درخت نہ ہوں اور اس سے ہے "قَطَعْتُ كُلَّ شَجْرَاءَ ومَرْدَاءَ" میں نے ہر قسم کی گنجان درختوں والی اور چٹیل زمین طے کی۔

الشِّجَار والشِّجَار: ہودہ کی لکڑی۔ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ الشِّجَار: دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی۔ تھوتھنی یعنی لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تا کہ دودھ نہ پئے۔ کنوئیں پر کی لکڑی۔ اونٹ کا داغ۔ ج شُجُرٌ.
الشَّجِير: تلوار۔ اجنبی اونٹ یا آدمی۔ برا ساتھی۔
الشَّجَّار: درختوں کا ماہر۔ ج شَجَّارُوْن.
الشَّوَاجِر: مشغول رکھنے والی چیزیں۔ مَوَانِع.
رِمَاحٌ شَوَاجِر: ایسے نیزے جن کے گھاؤ مختلف جگہ ہوں۔
المَشْجَر والمِشْجَر: ہودہ کی لکڑی، کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ المَشْجَر درخت کی جگہ۔ المِشْجَر: لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے یا پھیلائے جاتے ہیں۔ ج مَشَاجِر.
مَكَانٌ (مُشْجِرٌ): بہت درختوں والی جگہ۔
ثَوْبٌ (مُشَجَّرٌ) درخت کی طرح نقش ونگار سے مزین کپڑا۔ اہل چین کی تحریر کو بھی مُشَجَّرٌ کہتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ بھی درخت کی طرح ہوتی ہے۔
شَجُعَ (ک) شَجَاعَةً: دلیر و بہادر ہونا۔
شَجَعَهُ (ن) شَجْعًا: دلیری و بہادری میں غالب ہونا۔
شَجِعَ (س) شَجَعًا: لمبا ہونا۔ صفت (اَشْجَع): مؤنث شَجْعَاء.
شَجَّعَهُ: قوی دل بنانا..... عَلَى الأَمْرِ: جرأت دلانا۔
شَاجَعَهُ: دلیری میں مقابلہ کرنا۔
تَشَجَّعَ: بہادر بننا۔ بتکلف دلیری ظاہر کرنا۔
الشُّجَاع والشَّجَاع والشِّجَاع: دلیر۔ بہادر۔ جری۔ ج شُجْعَان وشِجْعَان وشِجَاع وشُجَعَا وشُجْعَة وشَجَعَة وشِجْعَة وشَجْعَة.
الشُّجَاع والشِّجَاع: ایک قسم کا سانپ۔ ج

شُجْعَان وشِجْعَان واَشْجِعَة.
رَجُلٌ (شَجْعَةٌ وشُجَعَةٌ): عاجز بزدل مرد۔ بیڈول لمبا۔
الأَشْجَع: اسم تفضیل۔ بہادر۔ مؤنث شَجْعَاء. ج شُجْع: شیر لمبا۔ آگے بڑھنے والا اونٹ۔ ایک قسم کا سانپ۔ زمانہ۔
الأَشْجَع والإِشْجَع: انگلی کی جڑ جو ظاہر کف کے پٹھے سے ملی ہوئی ہے یا ہتھیلی کی پشت کی رگ۔ ج اَشَاجِع.
الشَّجِع: بہادر۔ دیوانہ اونٹ۔ ج جَمَل
شَجِعُ القَوَائِم: جلدی قدم اٹھانے والا اونٹ۔
الشَّجِيع: دلیر۔ بہادر۔ ج شُجْعَان شِجَاع وشُجَعَاءُ واَشْجِعَةٌ مؤنث شَجِيعَةٌ. ج شَجَائِعُ وشِجَاعٌ وشُجُعٌ.
الشُّجُعُ: درخت کی جڑیں۔
الشَّجَاعَةُ: دلیری۔ بہادری۔ خوف کے وقت دل کی مضبوطی۔
المُشَجَّعُ: انتہائی پاگل۔
الشَّجْعَمُ: شیر۔ لمبا قد۔ جسم انسان یا انسان کی گردن۔
الشَّجَم: ہلاکت۔
الشُّجُم: لمبی اور بڑی مصیبتیں۔
شَجَنَ (ن) وشَجُنَ (ک) شَجْنًا وشُجُونًا: غمگین ہونا۔ صفت (شَاجِنٌ)
شَجَنَهُ (ن) شَجْنًا وشُجُونًا وشَجَنَهُ: غمگین کرنا۔
شَجَنَتْ (ن) شُجُونًا. الحمامَةُ: کبوتر کا غم کے ساتھ نوحہ کرنا۔
اَشْجَنَهُ: غمگین کرنا۔ اَشْجَنَ الكَرْمُ: انگور کے درخت کا پیچیدہ اور الجھی ہوئی شاخوں والا ہونا۔
تَشَجَّنَ: حرکت کرنا۔ غمگین ہونا..... [illegible] یاد کرنا..... الشَّجَرُ: درخت کا گنجان [illegible]
الشَّجْنُ: مص الشَّجَنُ ج [illegible] و(الشَّاجِنَةُ. ج شَوَاجِنُ): وادی کا راستہ [illegible] وادی کے بالائی حصہ کا راستہ۔

الشَّجَنُ: مص۔ غم۔ اندوہ۔ خواہش۔ قس۔ ج شُجُونٌ اَشْجَانٌ. (الشَّجَنُ والشِّجْنَةُ والشُّجْنَةُ. والشَّجْنَةُ): الجھی ہوئی پیچیدہ ٹہنی۔ ہر چیز کی شاخ۔ کہتے ہیں "الحَدِيثُ ذُوْ شُجُوْنٍ" یعنی بات میں بات نکلتی ہے۔
الشِّجْنَةُ: پہاڑ کا شگاف۔ شِجْنَةٌ وشُجْنَةٌ کی ج شِجَنٌ وشُجَنٌ وشِجَنَاتٌ وشُجَنَاتٌ وشُجُنَاتٌ.
شَجَا (ن) شَجْوًا واَشْجَى اِشْجَاءً. الرَّجُلَ: غمگین کرنا۔ خوش کرنا (ضد) برانگیختہ کرنا۔ اَشْجَى الغَرِيْمَ او السَّائِلَ: قرض خواہ یا سائل کو اس کی خواہش کے مطابق دینا۔
شَجِيَ (س) شَجًا: غمگین ہونا...... بالشَّجَا: حلق میں ہڈی پھنس جانے سے گھٹنا اور اسی سے ہے "عَلَيْكَ بِالْكَظْمِ وَاِنْ شَجِيْتَ بِالعَظْمِ" اگر تمہارے حلق میں ہڈی پھنس جائے تو اپنے اوپر بربادی کو لازم جانو۔
شَجِيَ الغَرِيْمُ عَنْهُ: جانا۔
تَشَاجَى: حزن وملال ظاہر کرنا۔
الشَّجَا: مص۔ ہڈی وغیرہ جو حلق میں پھنس جائے۔ غم واندوہ۔
الشَّجْوُ: مص۔ غم۔ اندوہ۔ حاجت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عِنْدِي شَجْوٌ" اس کی مجھ سے ایک حاجت ہے۔ گریہ وزاری کا ایک دور۔ کہا جاتا ہے "بَكَى فُلَانٌ شَجْوَهُ" و "بَكَتِ الحَمَامَةُ شَجْوَهَا".
الشَّجِي الشَّجِيّ: غمگین۔ فکرمند۔ مؤنث شَجِيَةٌ وشَجِيَّةٌ اور نسبت کے لئے (الشَّجَوِيُّ) مَفَازَةٌ (شَجْوَاءُ): دشوار گزار بیاباں۔
الشَّجَوْجَى والشَّجَوْجَاةُ: لگاتار ہوا۔
الشَّجَوْجَى: بہت لمبا یا لمبا موٹی ہڈیوں والا۔ موٹا فربہ گھوڑا۔
المَشْجُوُّ: اندوہناک۔
شَحَّ (ن ض س) شَحًّا وشِحًّا وشُحًّا. بالشَّيْءِ وعلى الشَّيْءِ: بخل کرنا۔ حرص کرنا۔
شَاحَّ. بالشَّيْءِ على فُلَانٍ: کسی سے کسی چیز کا بخل کرنا...... ہ: کسی سے جھگڑا کرنا۔ اسی سے ہے "لَا مُشَاحَّةَ فِي الاَمْرِ" یعنی معاملہ بالکل صاف ہے اس میں کوئی مناقشہ اور جھگڑا نہیں۔
تَشَاحَّ. القَوْمُ على الاَمْرِ وفِيْهِ: کسی چیز میں باہم بخل کرنا۔ تَشَاحُّوا على الشَّيْءِ: اپنے لئے اختیار کرنے کا ارادہ کرنا۔ تَشَاحَّ الخَصْمَانِ فِي الجَدَلِ: ہر ایک کا غالب ہونے کا ارادہ کرنا۔
الشُّحُّ: مص۔
الشَّحِيْحُ: بخیل۔ حریص۔ ج شِحَاحٌ واَشِحَّةٌ واَشِحَّاءُ مؤنث شَحِيْحَةٌ. ج شَحَائِحُ. اِبِلٌ شَحَائِحُ: کم دودھ والی اونٹنیاں۔
الشَّحَاحُ: بخیل۔ حریص۔ الشَّحَاحُ مِنَ الاَرْضِ: وہ زمین جو بغیر زیادہ بارش کے پانی نہ بہائے۔ زَنْدٌ شَحَاحٌ: چقماق جو آگ نہ دے "مَاءٌ شَحَاحٌ" تھوڑا پانی جو زمین کو نہ ڈھکے۔
شَحَبَ (ف ن) وشَحُبَ (ک) وشَحِبَ شَحُوْبَةً وشُحُوْبًا. لَوْنُهُ: بھوک یا مرض وغیرہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدلنا۔
الشَّاحِبُ: فا۔ لاغر یا رنگ بدلا ہوا اور کہا جاتا ہے "شَاحِبُ اللَّوْنِ" جیسے کہا جاتا ہے "شَاحِبُ الجِسْمِ".
شَحَتَ (ف) شَحْتًا. المُدْيَةَ: چھری تیز کرنا۔
شَحَجَ (ف ض) شَحِيْجًا وشُحَاجًا وتَشْحَاجًا وتَشَحَّجَ. البَغْلُ او الغُرَابُ: خچر کا ہنہنانا۔ کوے کا کائیں کائیں کرنا۔
الشَّحَّاجُ والمِشْحَجُ والشَّاحِجُ: گورخر بَنَاتُ شَحَّاجٍ وبَنَاتُ شَاحِجٍ: خچریں۔
شُحَاجُ. البَغْلِ اَوِ الغُرَابِ و(شَحِيْجُهُمَا) خچر یا کووں کی آواز۔
الشَّوَاحِجُ: کوے۔
شَحَذَ (ف) شَحْذًا. السِّكِّيْنَ ونَحْوَهُ: چھری تیز کرنا۔ صفت مفعولی (شَحِيْذٌ وشَحِيْذٌ)...... ہ بِبَصَرِهِ: گھورنا...... ہ بِعَيْنِهِ: نظر بد لگانا۔
...... الجُوْعُ مِعْدَتَهُ: سخت بھوک لگنا۔ فِي السُّؤَالِ: مانگنے میں بہت اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَشْحَذُ النَّاسَ" وہ لوگوں سے اصرار سے مانگتا ہے...... عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ الدَّابَّةَ: جانور کو تیز ہانکنا (...... وتَشْحَاذَهُ) ہٹانا۔ دھتکارنا وتَشَحَّذَ الرَّجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
اَشْحَذَ. السِّكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔
شَاحَذَهُ: تلوار وغیرہ تیز کرنے میں مشابہت کرنا۔
الشَّحَّاذُ: گداگر۔ سائل۔ ج شَحَاحِذَةٌ (الشِّحَاذَةُ): گداگری کا پیشہ۔
الشَّحْذَانُ والشَّحَذَانُ: بھوکا۔ ہانکنے والا۔ ہلکا چلنے والا۔
رَجُلٌ (شَحْذُوْذٌ) تیز اور غصہ کے وقت طیش میں آنے والا۔
المِشْحَذُ: چھری وغیرہ تیز کرنے کا سامان، تیز ہانکنے والا۔
المِشْحَاذُ: ٹیلہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج مَشَاحِذُ.
المَشْحَذَةُ: وہ چیز جو باعث تیزی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الكَلَامُ مَشْحَذَةٌ لِلْفَهْمِ" یہ کلام سمجھ کے لئے باعث تیزی ہے۔
شَحَرَ (ف) شَحْرًا: منہ کھولنا۔
الشَّحْرُ: مص۔ پانی بہنے کی جگہ۔ بطن وادی (...... والشِّحْرُ): کنارہ۔ ساحل۔
شَحْرُ عُمَانَ وشِحْرُ عُمَانَ: عمان اور عدن کے درمیان کا ساحل۔
الشِّحْرَةُ: تنگ ساحل۔
الشَّحْرُوْرُ: کالے رنگ کا چڑیا سے ایک بڑا خوش آواز پرندہ۔ ج شَحَارِيْرُ ...... : اور اس کو (شُحْرُوْرٌ) بھی کہا جاتا ہے۔
شَحِزَ (س) شَحْزًا: گھبرانا۔ ڈرنا۔
شَحَزَ (ف) شَحْزًا: جماع کرنا۔

شَخْشَخَ. البَعِيْرُ: اونٹ کا آواز کو پھرانا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا جلدی سے اُڑنا ...... چوکنا رہنا ...... الصُّرَدُ: آواز کرنا۔

الشَّخْشَخ والشَّخْشَاخ: بے برکت۔ بخیل۔ بدخلق۔ ہیکڑی کرنے والا۔

الشَّخْشَخ: وسیع بیابان۔ بہادر مرد۔ غیرت دار۔ خوش بیان۔ تکرار۔

الشَّخْشَحَان: بخیل۔ غیرت دار۔ لمبا۔

المُشَخْشِخُ والمُشَخْشَخُ: بے برکت۔

اَشْخَصَهٗ: تھکانا ...... مِنَ المَكَانِ و(شَخَصَهٗ) عَنْهُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔ جلاوطن کرنا۔

الشَّحُوْصُ: تھکن کی وجہ سے دبلی اونٹنی۔

شَحَطَ (ف) شَحْطًا وشَحَطًا وشُحُوْطًا ومَشْحَطًا. اَلاِنَاءَ: برتن بھرنا ...... اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا ...... العَقْرَبُ الرَّجُلَ: بچھو کا ڈسنا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا ...... فُلَانًا: سبقت لے جانا (...... وشَحِطَ (س) شَحَطًا) المَكَانُ: دور ہونا۔ شَحَطَ وشَحِطَ الجَمَلَ: اونٹ کو ذبح کرنا۔

شُحِطَ. بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔

شَحَّطَهٗ: خون میں لتھیڑنا۔

اَشْحَطَهٗ: دور کرنا۔

تَشَحَّطَ. بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔

الشَّحْط: مص۔ خون میں لت پت ہونا۔ پرندہ کی بیٹ (...... والمِشْحَط) ......: انگور کی ٹہنیوں کو اٹھانے کا تھم۔ عوام اس کو (مَسْمُوْک) کہتے ہیں۔

اَلشَّحَّاطَةُ: جوتی کی ایک خاص قسم جس کو گھروں میں بطور رواج پہنتے ہیں۔

اَلشَّاحُوْطَةُ: وہ آلہ جس کے ساتھ پتھروں میں سوراخ کئے جاتے ہیں۔

شَحَطَ يَشْحَطُ عَلَى الاَرْضِ: کھینچنا۔ (سریانی)۔

مَنْزِلٌ (شَاحِطٌ) دور کی منزل۔

الشَّحَاط: دور۔

شَوَاحِطُ. الاَوْدِيَةِ: دور کی وادیاں۔

الشَّوْحَطَة: لمبی گھوڑی۔

شَخَكَ (ف) شَخْكًا. الجَدِيَ: بکری کے بچے کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔

الشِّخَاك: تھوتھنی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگائی جائے تا کہ دودھ نہ چوسے۔

شَخَلَ. الكَرْمَ: انگور کی بیل تراشنا۔ کلمہ عامیہ ہے۔ فصیح قَضَبَ ہے۔

شَحَمَهٗ (ف) شَحْمًا: چربی کھلانا۔

شَحُمَ (ک) شَحَامَةً: بہت چربی دار ہونا۔ صفت (شَحِمٌ)

شَحِمَ (س) شَحَمًا: چربی کی خواہش کرنا۔ صفت (شَحِم)

شَحَمَتْ (س ن) شُحُوْمًا. النَّاقَةُ: لاغری کے بعد موٹی ہونا۔

اَشْحَمَ: بہت چربی والا ہونا (...... وشَحَّمَ) القَوْمَ: چربی کھلانا۔

الشَّحْم: چربی۔ ایک ٹکڑے کو (شَحْمَة) کہتے ہیں۔ ج شُحُوْم۔

الشَّاحِمُ والشَّحَّامُ: چربی بیچنے والا۔

الشَّحَّام: بہت چربی کھلانے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِمٌ لَاحِمٌ" چربی دار پُر گوشت مرد یا لوگوں کو بہت چربی کا گوشت کھلانے والا۔

الشَّحْمَة: چربی کا ٹکڑا۔ شَحْمَةُ الاَرْضِ: کیچوا۔ سانپ کی چھتری۔ شَحْمَةُ الاَرْضِ وشَحْمَةُ الرَّمَلِ: گرگٹ کی قسم کا ایک جانور جو زمین یا ریت میں گھس کر رہتا ہے ...... العَيْنِ: آنکھ کا ڈیلا۔ شَحْمَةُ الاُذُنِ: کان کی لو ...... شَحْمَةُ الرُّمَّانِ: انار کے اندر کا باریک چھلکا ...... المَرْجِ: حنظل اور امثال میں سے ہے "مَا كُلُّ بَيْضَاءَ شَحْمَةً ولا كُلُّ سَوْدَاءَ تَمْرَةً" ہر سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی ایک صفت میں مشابہت اور بقیہ صفات میں مغائرت ہو۔

الشَّحِم: تھوڑے رس کا انگور۔ چربی کا حریص۔

الشَّحِيْم: اکثر۔

الشَّحِيْم: موٹا۔

الشَّحِيْم والشَّحِيْمَة: سریانیوں کے فرائض نماز کی کتاب (کلمہ سریانیہ ہے)

المُشَحَّمُ والمُشْحِم: گھر میں بہت چربی رکھنے والا۔

المُشْحَم والمَشْحُوْم: چربی کی بنی ہوئی چیز۔

شَحَنَ (ف) شَحْنًا. السَّفِيْنَةَ: کشتی پر لادنا ...... السَّفِيْنَةَ بِالحَمْلِ: بھرنا ...... الرَّجُلَ: دھتکارنا۔ دور کرنا۔

شَحَنَ (ف ن) وشَحِنَ (س) شَحْنًا. الكِلَابُ: کتوں کا دور تک جانا اور شکار نہ کرنا۔

شَحِنَ (س) شَحَنًا. عَلَيْهِ: کینہ رکھنا۔

اَشْحَنَ. المَكَانَ: بھرنا ...... السَّيْفَ: میان میں کرنا۔ سونتنا (ضد) ...... لَهٗ بِسَهْمٍ: تیر مارنے کے لئے تیار کرنا ...... الصَّبِيُّ: رونے کے لئے آمادہ ہونا۔

شَاحَنَهٗ: بغض وعداوت رکھنا۔ دشمنی کرنا۔

اَلشَّحْنُ: جہاز پر یا ریل گاڑی یا ٹرک پر مال ڈالنا۔ السَّيَّارَةُ الشَّاحِنَة ٹرک۔

اَلشَّاحِنَةُ ج شَاحِنَات: ریل یا مال گاڑی کے لوڈ والے ڈبے۔ ریل گاڑی کے سواری والے ڈبے۔ اس کو حافلة بھی بولتے ہیں۔

تَشَاحَنُوْا: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔

الشَّحْنَاء: بغض۔ کینہ۔ دشمنی۔ عداوت۔

الشِّحْنَة: عداوت۔ دشمنی۔ کشتی بھرنے کی چیز۔ شِحْنَةُ البَلَدِ: پولیس۔ کوتوال۔ سواروں کی جماعت کا ایک دستہ۔ کہا جاتا ہے "بِالبَلَدِ شِحْنَةٌ مِنَ الخَيْلِ" شہر میں سواروں کی جماعت کا ایک دستہ ہے۔

الشِّحْنَة: چارپایوں کے لئے ایک دن رات کا چارہ۔ ج شِحَن۔ مَرْكَبٌ مَشْحُوْنٌ: بھری ہوئی سواری۔

المُشَاحِنُ: فا۔ عَدُوٌّ مُشَاحِنٌ: بہت دشمن

دشمنی کرنے والا دشمن۔
شَحَا يَشْحُو وَيَشْحَاشَحْوًا. الرَّجُلُ: منہ کھولنا۔ ...اللِّجَامَ فَمَ الفَرَسِ: کھولنا۔ شَحَا الرِّجْلَ: قدم کو دور دور رکھنا۔ ...الفَمُ: کھلنا۔
تَشَحّى. فاهُ: کھولنا۔
شَحِيَ تَشْحِيَةً. فُوْهُ: منہ کھلنا۔
تَشَحّىٰ. عَلَيْهِ: زباں درازی کرنا۔
الشَّحَاةُ: وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا۔
الشَّحْوُ: جوف۔
الشَّحْوَةُ: اسم مرۃ۔ قدم۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ بَعِيْدُ الشَّحْوَةِ" دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا۔ "رَجُلٌ بَعِيْدُ الشَّحْوَةِ فِي مَقَاصِدِهِ" اپنے مقاصد میں عالی ہمت مرد۔
الشَّحْوَاءُ: چوڑا کنواں۔
شَحِيَ يَشْحَى شَحًا: ایک لغت ہے۔
شحا: وادی میں۔
شَخَّ (ن) شَخًّا: پیشاب کرنا ...فِي النَّوْمِ: خراٹے لینا ...اللَّبَنُ: دوہنے کے وقت آواز نکلنا۔
شَخَبَ (ف ن) شَخْبًا وَمَشْخَبًا. اللَّبَنَ: دوہنا ...اللَّبَنُ: بہنا ...اَوْدَاجُ القَتِيْلِ دَمًا: مقتول کی رگوں سے خون جاری ہونا۔
اِنْشَخَبَ: دوہا جانا۔
الشِّخَابُ: تازہ دودھ۔
الشَّخْبُ: مص۔ خون (... الشُّخْبُ) دودھ کی دھار۔ واحد (الشُّخْبَةُ) ج شِخَابٌ.
الأَشْخُوْبُ: تھن سے دودھ نکلنے کی آواز۔ ج شَخَاخِيْبُ.
مَشْخَبٌ (مِشْخَبٌ): خون پھینکنے والی رگ۔
الشُّنْخَابُ والشُّنْخُوْبُ والشُّنْخُوْبَةُ: پہاڑ کی چوٹی۔ ج شَنَاخِيْبُ.
شَخُتَ (ک) شُخُوْتَةً: دبلے جسم والا ہونا۔ صفت (شَخْتٌ وشَخِتٌ) ج شِخَاتٌ: کہا جاتا ہے "هُوَ شَخْتُ الخُلُقِ" وہ اونی اخلاق والا ہے۔ و "هُوَ شَخْتُ العَطَاءِ" وہ کم داد و دہش والا ہے۔ "هُوَ

شَخْتُ الجُزَارَةِ" وہ باریک ٹانگوں والا ہے۔
شَخْشَخَ. الهٗ: کھانا۔
الشَّخْتُ والشِّخِيْتُ والشَّخِيْتُ والشِّخْيَتُ: بلند غبار۔
الشَّخْزُوْرُ والشَّخْزُوْرَةُ: ڈونگی۔ جس میں ایک ہی آدمی سوار ہو۔
شَخَرَ (ض) شَخِيْرًا: حلق یا ناک سے آواز نکالنا۔
شَخَرَ (ض) شَخِيْرًا وشَخْرًا. الفَرَسُ اَوِ الحِمَارُ: گھوڑے کا ہنہنانا۔ یا گدھے کا رینگنا۔
شَخَرَ. الحِلْسَ: کجاوہ باندھنے کے لئے جانور کی پیٹھ سے ٹاٹ یا کمبل اٹھانا ...النَّخْلَةَ: ٹوٹنے کے خوف سے کھجور کے گچھوں کو ٹہنی پر رکھنا۔
الشَّخْرُ: مص۔ مِنَ الشَّبَابِ: ابتداء جوانی ...مِنَ الرَّحْلِ: کجاوہ کے اگلے اور پچھلے حصہ کی درمیانی جگہ۔
الشَّخْيَرُ: مص۔ پہاڑ کا وہ حصہ جو قدموں سے لگ کر گرے۔
الشِّخِّيْرُ: بہت خراٹے لینے والا۔
شَخَزَ (ف) شَخْزًا: مضطرب ہونا۔
...عَلَيْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا ...ہ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ...بَيْنَهُمْ: اکسانا اور فساد ڈالنا۔
تَشَاخَزَ. القَوْمُ: باہم بغض رکھنا۔
الشَّخْزُ: مص۔ رنج و مشقت کی شدت۔
شَخَسَ (ف) شَخْسًا. الرَّجُلُ: مضطرب ہونا ...الحِمَارُ: گدھے کا جمائی کے وقت منہ کھولنا۔
اَشْخَسَ. الرَّجُلَ وبِهٖ: غیبت کرنا۔
اَشْخَسَ لَهٗ فِي المَنْطِقِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا۔
شَاخَسَ. اَمْرُ القَوْمِ: مختلف ہونا۔
...الحِمَارُ: لید سونگھنے کے بعد سر اٹھا کر منہ کھولنا۔
تَشَاخَسَ. الحِمَارُ: بمعنی شَخَسَ اَوْ

شَاخَصَ ... اَسْنَانُهٗ: بڑھاپے کی وجہ سے گر کر یا جھک کر بے ترتیب ہونا ...اَمْرُهُمْ: تباہ و پریشان ہونا۔
الشَّخِيْسُ: حکم کے خلاف کرنے والا۔ امر متفرق۔
شَخْشَخَ. بِبَوْلِهٖ: دور تک پیشاب کی دھار گرانا۔ صفت (شَخْشَاخٌ) شَخْشَخَتِ النَّاقَةُ: بیٹھے ہوئے سینہ اٹھانا۔
الشَّخْشَخَةُ: مص۔ ہتھیار کی جھنکار۔ کاغذ یا نئے کپڑے یا خشک چیز کی آواز۔
شَخَصَ (ف) شُخُوْصًا. الشَّيْءُ: بلند ہونا ...عَنْ قَوْمِهٖ اَوْ مِنْ بَلَدٍ اِلَى بَلَدٍ: جانا۔ کوچ کرنا ...اِلَيْهِمْ: واپس آنا۔ لوٹنا ...النَّجْمُ: ستارہ کا طلوع ہونا ...السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے اوپر اور پر نکل جانا ...الجُرْحُ: سوجنا ورم کرنا ...بَصَرُهٗ: ٹکٹکی لگانا۔
المَيِّتُ بَصَرُهٗ وبِبَصَرِهٖ: میت کی نگاہ کا کھلا رہ جانا۔
شُخِصَ. بِهٖ: کسی امر کے لاحق ہونے سے بے قرار ہونا۔
شَخُصَ (ک) شَخَاصَةً: موٹا ہونا۔
شَخَّصَ. الشَّيْءَ: تعین کرنا۔ تمیز کرنا اور اسی سے اطباء کے نزدیک تشخیص امراض ہے۔
اَشْخَصَهٗ: بے آرام کرنا۔ بے قرار بنانا۔
اَشْخَصَ الرَّجُلُ: جانے کا وقت قریب قریب ہونا ...بِهٖ: غیبت کرنا ...لَهٗ فِي المَنْطِقِ واَشْخَصَ اِلَيْهِ: گفتگو میں ترش روئی کرنا ...ہ: اِلَى قَوْمِهٖ: واپس کرنا۔ لوٹانا ...الرَّامِي: نشانہ سے ہٹ کر بلند پڑنا یا ڈالنا۔ (لازم و متعدی)
تَشَخَّصَ: معین ہونا۔ ممیز ہونا ...لَهٗ: کسی شخص کی صورت دکھائی دینا۔
تَشَاخَصُوْا: باہم اختلاف کرنا۔
الشَّخْصُ: جسم انسانی وغیرہ جو دور سے دکھائی دے۔ ج اَشْخُصٌ واَشْخَاصٌ وشُخُوْصٌ.
الشَّخِيْصُ: جسیم۔ مؤنث شَخِيْصَةٌ:

سردار...... مِنَ الـمَنْطِق :ترش روئی سے گفتگو کرنے والا۔
الشَخْف :دودھ دوہنے کی آواز۔
الشِخَاف :دودھ۔
شَخَل (ف) شَخلاً. الشَرَابَ :صاف کرنا...... النَاقَةَ :دوھنا۔
شَاخَلَهٗ :خالص دوستی کرنا۔
الشَخل والشَخِيل :خالص دوست۔
المِشْخَل والمِشْخَلَة :چھلنا۔
المَشْخَلَبَة :موتی کے مشابہ سفید مہرہ۔ ایک زیور کا نام جو درخت خرما کی چھال اور مہرہ سے بناتے ہیں اور کبھی اس لڑکی کو بھی مَشْخَلَبَة کہتے ہیں جو اس زیور کو استعمال کرے۔
شَخَمَ (ن) وشَخِمَ (س) وشَخُمَ (ک) شُخُومًا وشَخْمًا واَشْخَمَ. الطَعَامُ او اللَحْمُ :بگڑنا۔ خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت (شَخِمٌ)...... الفَمُ :منہ کا بدبودار ہونا۔ اَشْخَمَ الرَجُلُ :رونے کے لئے تیار ہونا۔
شَخَّمَ. الطَعَامَ :خراب کرنا۔
...... الطَعَامُ :خراب ہونا...... الفَمُ :منہ کا بدبودار ہونا۔
اِشْخَامَّ. النَبتُ :خشک وتر گھاس کا آپس میں مل جانا۔
شَعَرٌ (اَشْخَمُ) سفید بال۔ رَوْضٌ اَشْخَمُ :بے نباتات کے باغ۔ عَامٌ اَشْخَمُ :خشک سال جس میں نہ پانی ہو نہ چراگاہ۔
الشُخَمُ :وہ لوگ جن کی ناک خوشبو یا بدبو سے بند ہو گئی ہو۔
الشَخَا :شورہ زار۔
شَدَّ (ض ن) شَدًّا. الرَجُلُ :دوڑنا۔
...... النَهَارُ :بلند ہونا...... عُقْدَةً :قوی کرنا۔
...... الشَیءَ :مضبوط کرنا۔ باندھنا۔ کسنا اور اسی سے ہے "شَدُّ الرِحَالِ" اور یہ کنایہ ہے سفر سے...... عَلٰی یَدِہٖ :اعانت کرنا۔ تقویت پہنچانا اور کہا جاتا ہے "لاَ اَشُدُّكَ شَدًّا وَلاَ اِرْخَاءً" یعنی میں کسی چیز پر قادر نہیں۔
شَدَّ (ض ن) شَدًّا وشَدَّةً وشُدُوْدًا عَلَی العَدُوِّ :دشمن پر حملہ کرنا۔
شَدَّ (ض) شِدَّةً :قوی ہونا۔
شَدَّدَہٗ :قوی کرنا۔ شَدَّدَ الضَرْبَ :بہت مارنا...... عَلَیْهِ :سختی کرنا...... الحَرْفَ :تشدید لگانا...... الشَیءَ :مضبوط کرنا۔
شَادَّہٗ فِی الاَمْرِ :غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جھگڑنا۔ سختی کرنا۔
اَشَدَّ :عقل یا عمر کی پختگی کو پہنچنا۔ مضبوط چوپایہ والا ہونا۔
تَشَدَّدَ :قوی ہونا۔ کسی کام میں سختی کرنا۔
اِشْتَدَّ :قوی ہونا...... فِی السَیْرِ :تیز دوڑنا۔
...... عَلٰی قِرْنِہٖ فِی الحَرْبِ شِدَّةً :حملہ کرنا۔
...... عَلَیْهِ المَرَضُ :تیز ہونا۔ بڑھنا۔
تَشَادَّ. الشَیءُ :مضبوط ہونا۔
الشَدُّ :مص شَدَّ النَهَارُ :دن چڑھنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا شَدَّ النَهَارِ وفِی شَدِّ النَهَارِ" وہ دن چڑھنے کے وقت ہمارے پاس آیا اور "شَدُّ الرِحَالِ" کنایہ ہے سفر سے۔
الشَدَّةُ. شَدَّ :کا اسم مرۃ۔ لڑائی کا حملہ۔
الشِدَّةُ :اشتداد کا اسم ہے۔ سختی۔ تنگی۔ ج شِدَد. والشِدَّةُ :مصیبت۔ ج شَدَائِد وشِدَّةُ الارضِ :زمین کی سختی۔
الشُدَّی :سختی۔
الشَدِیْدُ :بہادر۔ قوی۔ بلند۔ مضبوط۔ بخیل۔ شیر۔ ج اَشِدَّاءُ وشِدَادٌ وشُدُوْدٌ: کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَدِیْدُ العَیْنِ" ایسا شخص جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو "مِسْکٌ شَدِیْدُ الرَائِحَةِ" تیز خوشبو والا مشک۔
الشَدِیْدَةُ :الشدید کا مؤنث۔ ج شدائد۔ و"الحُرُوْفُ الشَدِیْدَةُ" آٹھ ہیں جن کا مجموعہ "اجدت طبقک" ہے۔
الاَشُدُّ والاُشُدُّ :کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ بَلَغَ اَشُدَّہٗ" یعنی فلاں طاقت وقوت کے زمانہ کو پہنچ گیا اور یہ جمع ہے جس کا واحد نہیں یا واحد ہے جو جمع کے وزن پر ہے۔
المِشَدُّ :ایک قسم کا کپڑا جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے۔
المُشِدُّ :مضبوط چوپایوں والا۔
المُتَشَدِّدُ :فا۔ بخیل۔ امور میں سختی کرنے والا۔
شَدَحَ (ف) شَدْحًا :موٹا ہونا۔ صفت (شَادِحٌ)
اِنْشَدَحَ :ٹانگوں کو پھیلا کر چت لیٹنا۔
الشَادِحُ :فا...... مِنَ الکَلاَءِ :وسیع سبزہ۔
الاَشْدَحُ :چوڑا۔
الشُدْحَة والمُشْتَدَح :فراخی۔ کشادگی۔
کہا جاتا ہے "لَکَ عَنْهُ شُدْحَةٌ و مُشْتَدَحٌ" تمہارے لئے اس میں گنجائش ہے۔
شَدَخَ (ف) شَدْخًا :اعتدال سے ہٹ جانا...... الرَاسَ :سر توڑنا۔ کچلنا...... الرَجُلَ :گردن کٹنے کی جگہ پر مارنا۔ وشَدَخَتْ غُرَّةُ الفَرَسِ شَدْخًا وشُدُوْخًا :ماتھے کی سفیدی کا ناک تک پھیلنا۔ گھوڑے کو (اَشْدَخ) کہتے ہیں۔
شَدَّخَ. الرَاسَ :سر توڑنا۔ (تکثیر ومبالغہ کے لئے ہے۔)
تَشَدَّخَ وانْشَدَخَ. الرَاسُ :سر کا ٹوٹنا۔ کچلا جانا۔
الشَدْخُ :ناتمام بچہ جو آسانی سے گر جائے۔
الشَدْخَةُ. مِنَ النَبَاتِ :نرم ونازک۔ تازہ نباتات۔
الشَادِخُ :فا۔ چھوٹا بچہ نرم ونازک۔ غُلاَمٌ شَادِخٌ :جوان لڑکا۔ اَمْرٌ شَادِخٌ :اعتدال سے ہٹا ہوا معاملہ۔
الشَادِخَةُ. الشَادِخُ :کا مؤنث۔ گھوڑے کے ماتھے کی سفیدی جو ناک تک پھیلی ہوئی ہو۔

الاَشْذَخ : تیر ــــ مِنَ الخَيْلِ : ناک تک پھیلی ہوئی سفیدی والا گھوڑا ـ مؤنث شَذْخَاء ج شُذْخ.
المَشْذَخ : مَشْ ـ گردن کٹنے کی جگہ ـ
الشَاذِر : تخت رواں ـ خیمہ ـ چھوٹا مکان ـ
شَذَفَهُ (ض) شَذْفًا : ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا ـ
شَذِفَ (ف س) شَذَفًا الفَرَسُ : گھوڑے کا کلیلیں کرنا ـ
تَشَذَّفَ اللَّيْلُ : رات کا تاریک ہونا ـ
تَشَاذَفَ : جھکنا ـ
الشَذِف : مَس ـ رخسار کا جھکاؤ ـ اونٹ کے سر کی ٹیڑھی ـ تاریکی ـ کالبد ـ ج شُذُوف.
الشَذِيف : لمبا جلدی کودنے والا ـ
الشُذْفَة : گھورا (الشُذُوف) : ڈولچی ـ چھاگل (جدید)
الاَشْذَف : رخسارہ کے جھکاؤ والا ـ نشاط کے ساتھ چلنے والا اونٹ ـ بڑے ڈیل ڈول کا گھوڑا ـ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا ـ مؤنث شَذْفَاء ج شُذْف.
شَذِقَ (س) شَذَقًا : چوڑے جبڑے والا ہونا ـ صفت (اَشْذَق) : مؤنث (شَذْقَاء) ج شُذْق.
تَشَيْذَق : تکلف فصاحت ظاہر کرنے کے لئے باچھیں کھولنا ـــ بِالكَلَامِ وَفِيهِ : بغیر احتیاط کے ہر قسم کی باتیں کرنا ـ لوگوں کے ساتھ ٹھٹھا کرنا ـ
الشِدْق والشَذَق : جبڑا ـ شِدْقُ الوَادِي : وادی کا کنارہ ـ ج اَشْدَاق وشُدُوق.
الاَشْدَق : زبان آور بلیغ ـ
الشُدْق مِنَ الوَادِي : کنارہ ـ ج شُدُق.
الشَدْقَم والشُدَاقِم : چوڑے جبڑے والا ـ شیر ـ
الشِدْقَاق عِنْدَ النَصَارَى : کاہن سے ایک درجہ کم والا پادری ـ ج شَدَاقِمَة (دخیل)
الشَذْوَكُونَة : بستر ـ خیمہ (جدید)
الشَذْوَكُن : خیمہ اور خیمہ کا سامان ـ

شَذَنَ (ن) شُذُونًا الظَّبْيُ : قوی ہونا اور ماں سے بے نیاز ہونا (تمام کھر دار اور سم والوں کے بچوں کے لئے مستعمل ہے ـ)
اَشْذَنَتِ الظَّبْيَةُ : قوی بچے والی ہونا ـ صفت (مُشْذِن) ج مَشَاذِين ومَشَاذِن.
الشَذْن : ایک پودہ ہے جس کا پھول چنبیلی کے مانند ہوتا ہے ـ
الشَادِن : قا ـ جب مطلق بولا جائے تو ہرن کا بچہ مراد ہوتا ہے ـ
شَدَهَ (ف) شَدْهًا الرَّأْسَ : سر کچلنا ـ
(شُدِهَ واَشْدَهَ) الرَّجُلَ : دہشت میں ڈالنا ـ
شُدِهَ : مدہوش ہونا ـ
اِنْشَدَهَ واشْتَدَهَ : متحیر ہونا ـ
الشُدَاه والشُدْه والشَدْه والشَدَه : حیرت ـ دہشت ـ
المَشَادِه : مشاغل ـ حیران و بے خود کر دینے والے معاملات ـ
شَذَا يَشْذُو شَذْوًا الرَّجُلُ : گا کر شعر پڑھنا ـــ الاِبِلَ : حدی گا کر ہانکنا ـــ الشِعْرَ : گانا اور سر نکالنا ـــ مِنَ العِلْمِ شَيْئًا : کچھ حاصل کرنا ـ صفت (شَاذٍ) ج شُذَاة وشَاذُون.
شَذَّاهُ فُلَانًا او بِفُلَانٍ : تکلیف دینا ـ شَذَا شَذْوَهُ : وہ اس کی چال چلا ـ
تَشَذَّى بِشَذَاةٍ : گانے میں ماہر ہونا ـ
الشَذَا : بقیہ قوت ـ گرمی ـ مکھی ـ مِنَ الشَّيْءِ : کسی چیز کی حد ـ کنارہ ـ کہا جاتا ہے "اَخَذَ مِنْهُ شَذًا" اس نے اس میں سے تھوڑا سا لیا ـ "وَلَمْ يَبْقَ مِنَ المَرِيضِ اِلَّا شَذًا" جبکہ قریب الموت ہو جائے ـ
الشَذْو : مَس ـ بہت میں سے تھوڑا سا ـ کہا جاتا ہے "اَخَذُوا شَذْوًا مِنْ مَالِهِ" انہوں نے اس کے بہت سے مال میں سے تھوڑا سا لیا ـ
الشَاذ : چڑا سی ـ (جدید)
شَذَّ (ن ض) شَذًّا وشُذُوذًا عَنِ الجُمْهُورِ او الجَمَاعَةِ : علیحدہ ہونا ـ اکیلا ہونا ـــ القَوْلُ : خلاف قیاس ہونا ـ عَنِ الاُصُولِ : خلاف قاعدہ ہونا ـ صفت (شَاذّ) ج شُذَّاذ وشَوَاذّ : مؤنث شَاذَّة ج شَوَاذّ
والشُذَّاذ مِنَ النَّاسِ : تھوڑے لوگ اور اسی سے ہے "جَاءُوا شُذَاذَى" یعنی تھوڑے لوگ آئے ـ وہ لوگ جو کسی قوم میں ہوں اور ان کے قبیلے سے نہ ہوں ـ
شُذَّاذُ الآفَاقِ : مسافر لوگ ـ
شَذَّذَهُ (ن) شَذًّا وشَذْذَةً : شاذ کرنا ـ
اَشَذَّ : نادر بات کہنا ـــ الشَّيْءَ : جدا کرنا ـ شاذ کرنا ـ
الشُذَّان والشَذَّان : متفرق کنکریاں وغیرہ ـ
شُذَّانُ النَّاسِ : متفرق لوگ ـ
شَذَبَ (ن ض) شَذْبًا وشَذَّبَ اللِّحَاءَ : چھال چھیلنا ـــ الشَّيْءَ : کاٹنا ـ شَذَبَ وشَذَّبَ الشَّجَرَ : درخت کو چھانٹنا ـــ المَالَ : بکھیرنا ـ شَذَبَ عَنْهُ : دفع کرنا ـ ہٹانا ـ شَذَّبَه : دھتکارنا ـ
تَشَذَّبَ : ہٹنا ـ دور ہونا ـــ القَوْمُ : متفرق ہونا ـ
الشَذَب : درخت کے ٹکڑے ـ متفرق لکڑیاں ـ چھلکے ـ سامان خانہ ـ کھائی ہوئی گھاس کا بقیہ ـ کہا جاتا ہے "فِي الاَرْضِ شَذَبٌ مِنَ الكَلَاءِ" و "مَالَهُ اِلَّا شَذَبٌ مِنَ المَتَاعِ" ہر ایک بقیہ کے معنی میں ہے ـ ج اَشْذَاب.
الشَذَبَة : درخت کی کاٹی ہوئی ٹہنی ـ
الشَاذِب : قا ـ وطن سے دور ـ
الشَوْذَب مِنَ الرِّجَالِ : لمبا خوبصورت قد والا ـ ہر چیز کا عمدہ حصہ ـ
المِشْذَب : شاخ تراشی کا آلہ ـ
المُشَذَّب : مَفَع ـ کانٹوں سے صاف کیا ہوا تنہ ـ فَرَسٌ مُشَذَّبٌ : لمبا گھوڑا جس میں گوشت زیادہ نہ ہو ـ
شَذَّرَ النَّظْمَ : موتی لگا کر جدا کرنا ـ کہا جاتا ہے "شَذَّرَ كَلَامَهُ بِشِعْرٍ" کلام میں شعر داخل کرنا ـــ بِفُلَانٍ : بدنام کرنا ـ

تَشَذَّرَ: برائی یا مقابلہ کے لئے تیار ہونا۔ غضبناک ہونا۔ سبک ہونا اور کام کے لئے چست ہونا.....ہ: دھمکانا.....القَوْمُ: متفرق ہونا اور اپنی اپنی راہ لینا.....القوم فی الحَرْبِ: حد سے گزرنا۔

الشَّذْرُ: سونے کا ٹکڑا جو کان سے نکالا جائے۔ مہرہ جس سے لڑی میں موتیوں کو جدا کیا جائے۔ چھوٹے موتی۔ واحد (الشَّذْرَة) ج شَذَرَات وشُذُوْر: کہا جاتا ہے "تَفَرَّقُوْا شَذَرَ مَذَرَ وشِذَرَ مِذَرَ" وہ سب بکھر گئے اور ہر ایک نے اپنی راہ لی۔

الشَّوْذَرُ: چادر۔ بے آستین کی قمیص۔ رَجُلٌ (شِذَارَة) صاحب غیرت مرد۔

المُتَشَذِّرُ: شیر۔

شَذَفَ (ن) شَذَفًا کہا جاتا ہے "مَاشَذَفْتُ مِنهُ شَيْئًا" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا (اس کا استعمال صرف نفی کے ساتھ ہی ہوتا ہے۔)

شَوْذَقَ شَوْذَقَةً: انگلیوں سے پکڑنا۔

الشَّوْذَقُ: کنگن۔

الشَّيْذَقُ الشَّيْذَقَانُ والشَّوْذَانِقُ: شکرا یا شاہین۔

الشَّذَامُ: بچھو اور بھڑ کا ڈنک۔ نمک۔

الشَّيْذُمَانُ: بھیڑیا۔

الشَّيْذُمَانَةُ: تیز رفتار جوان اونٹنی۔

شَذَا يَشْذُوْ شَذْوًا: مشک لگانا.....بالخَبَرِ: معلوم کر کے سمجھانا (..... وَاَشْذَى) فُلَانًا: تکلیف دینا۔ وَاَشْذَاهُ عَنهُ: دور کرنا، ہٹانا۔

شَذَّى تَشْذِيَةً بالخَبَرِ: معلوم کر کے سمجھانا۔

الشَّذْوُ: مص۔ مشک۔ مشک کی خوشبو۔

الشَّذَا: بو کی تیزی۔ تکلیف۔ برائی۔ نمک۔ مکھی۔ مسواکوں کے درخت کا نام۔ لکڑی کے ٹکڑے۔ مکھی۔ ایک قسم کی کشتی۔ بھوک کی تیزی۔

الشَّذَاةُ۔ شَذَا: کا واحد۔ ج شَذَوَاتٌ: قوت کا بقیہ۔ برائی چیز۔

شَرَّ (ض ن س) شَرًّا وشَرَارَةً وشَرَرًا: شریر ہونا۔ شرارت کرنا۔ صفت مذکر (شَرٌّ) و صفت مؤنث (شَرَّةٌ) ج اَشْشرار وشِرَار واَشِرَّاء۔

شَرَّ (ن) شَرًّا۔ اللَّحْمَ او الثَّوْبَ: گوشت یا کپڑے کو خشک ہونے کے لئے دھوپ میں ڈالنا.....فُلَانًا: برائی کی طرف نسبت کرنا۔ لوگوں میں مشہور کرنا۔ دھتکارنا۔ اَشَرَّ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔

شَارَّهُ: جھگڑا کرنا۔

تَشَارَّا تَشَارًّا: باہم جھگڑنا۔

الشَّرُّ: مص۔ برائی۔ ج شُرُوْرٌ: یہ ہر قسم کی برائی اور خطا کے لئے اسم جامع ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرُّ النَّاسِ وهُمْ شِرَارٌ واَشْرَارٌ واَشِرَّاءُ وهِيَ شَرَّةٌ اَوْ شُرَّى النِّسَاءِ" وہ لوگوں میں بہت بڑا ہے اور اصل اس کی (اَشَرُّ) ہے۔ اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ ہمزہ کو کثرت استعمال کی وجہ سے حذف کر دیا جاتا ہے جیسے خیر میں۔

الشِّرَّةُ: برائی۔ تیزی۔ چستی۔ غضب۔ سبکی۔ لالچ شِرَّةُ الشَّبَابِ: جوانی کی چستی۔

الشُّرِّيَّةُ: مکروہ۔ کہا جاتا ہے "مَا قُلْتُ ذٰلِكَ لِشُرِّيَّتِكَ" میں نے تیرے مکروہ سمجھنے کی وجہ سے اس کو نہیں کیا۔

الشَّرَرُ والشَّرَارُ: آگ کی چنگاری جو اڑے۔ واحد (شَرَرَة وشَرَارَة)

الشِّرِّيْرُ: شرارت کرنے والا۔ ج اَشْرَار واَشِرَّاء مؤنث شِرِّيْرَة۔ الشَّرِيْرُ: سمندر کا کنارہ۔ ج اَشِرَّة۔

الشِّرِّيْرُ: بہت شرارت کرنے والا۔ شیطان کا لقب۔ ج شِرِّيْرُوْن۔

الإِشْرَارَةُ: پنیر وغیرہ خشک کرنے کے لئے چٹائی۔ اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔ خشک گوشت کا ٹکڑا۔ ج اَشَارِيْر۔

الشَّرِيْرَةُ: بڑی سوئی۔

الشُّرَّانُ: بھنگا۔ مچھر کی مانند ایک کیڑا جو انسان کے منہ کے سامنے اڑتا ہے اور کاٹتا

کھیں۔ واحد (شُرَّانَة)

شَرِبَ (س) شُرْبًا وشَرْبًا وشِرْبًا ومَشْرَبًا وتَشْرَابًا۔ المَاءَ: پینا۔ گھونٹ لینا۔ سیراب ہونا۔ شَرِبَ السُّنْبُلُ الدَّقِيْقَ: کنایہ ہے غلہ کی تیاری سے اور کہا جاتا ہے "اَكَلَ عَلَيْهِ الدَّهْرُ وشَرِبَ" یعنی ہلاک ہو گیا و "اَكَلَ فُلَانٌ مَالِي وشَرِبَهُ" یعنی ختم کر دیا۔

شَرِبَ (س) شَرَبًا: پیاسا ہونا۔ پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد) شَرِبَ بِهِ: کسی پر جھوٹ بولنا۔

شَرُبَ (ن) شَرْبًا۔ الكَلَامَ: سمجھنا۔

شَرَّبَهُ: پانی پلانا۔ شَرَّبَ القِرْبَةَ: نئی مشک میں مٹی اور پانی ملنا تاکہ پانی خوشگوار رہے.....قَصَبُ الزَّرْعِ: کھیتی کے ڈنٹھل کا سیراب ہونا.....السُّنْبُلُ الدَّقِيْقَ: خوشہ کے دانوں میں گودا بیٹھنا۔

اَشْرَبَهُ: پلانا۔ اَشْرَبَ الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔ پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا۔ (ضد) اللَّوْنَ: گہرا رنگنا.....الثَّوْبَ حُمْرَةً: کپڑے کے رنگ میں سرخی کو ملانا.....بِهِ: کسی پر جھوٹ بولنا۔ کہا جاتا ہے "اَشْرَبْتَنِي مَالَمْ اَشْرَبْ" اس نے میرے متعلق ایسی چیز کا دعویٰ کیا جس کو میں نے نہیں کیا.....الإِبِلَ: باندھنا.....واُشْرِبَ حُبَّ فُلَانٍ" اس کے دل میں فلاں کی محبت جاگزیں ہو گئی۔

شَارَبَهُ مُشَارَبَةً وشِرَابًا: ساتھ پینا۔

تَشَارَبَا: ایک دوسرے کے ساتھ پینا۔

تَشَرَّبَ۔ الثَّوْبُ العِرْقَ: جذب کرنا۔ چوسنا۔

اِنْشَرَبَ۔ لَوْنُهُ: تیز اور گہرا ہونا۔

اِشْرَأَبَّ۔ لِلشَّيْءِ وَاِلَيْهِ: گردن اٹھا کر دیکھنا۔ اسم (الشُّرَابِيَّة) جیسے اِطْمَأَنَّ سے طُمَأْنِيْنَة۔

الشَّرْبُ: مص۔ شَارِبٌ: اسم فاعل کی جمع ہے۔

الشِّرْبُ: مص۔ پینے کا پانی۔ پانی کا حصہ۔ گھاٹ۔ پینے کا وقت۔ ج اَشْرَاب۔

الشَّرِبَة. شَرِبَة: کا اسم مرة۔ جو ایک مرتبہ پیا جا سکے۔
شَنَأَ (ف) وشَنِئَ (س) شَنْأً وشُنْأً وشَنْأَةً وشَنَآنًا وشَنْآنًا ومَشْنَأً ومَشْنَأَةً ومَشْنُؤَةً. الرَّجُلَ: بغض رکھنا۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔ الصفت فاعل (شَانِئٌ) ج شُنَّاءٌ: مؤنث شَانِئَةٌ۔ شَوَانِئُ۔ وصفت مفعولی (مَشْنُوءٌ)
شَنِئَ (س) شَنَاءَةً. الشَیْءَ: نکالنا...... حقه او بحقه: اقرار کر کے دینا۔
شُنِئَ: جمیل ہوتے ہوئے مکروہ ہونا۔
تَشَانَأَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔ الشَّنَاءَةُ: بغض۔ دشمنی۔
الشَّوَانِئُ. شَانِئَة: کی جمع۔ شَوَانِئُ المَالِ: ایسے اموال جن کے لئے بخل نہ کیا جائے۔
الشَّنْآن: بغض رکھنے والا۔ مؤنث شَنْآنَةٌ وشَنْأَى. رَجُلٌ (شَنَائِيَةٌ) بغض رکھنے والا مرد۔
المِشْنَأ: وہ شخص جس سے لوگ بغض رکھیں۔ ایسے امور کا ارتکاب کرنے والا جن کی وجہ سے لوگ دشمنی کریں۔
المِشْنَاء: قبیح (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے) لوگوں سے دشمنی کرنے والا۔
شَنِبَ (س) شَنَبًا. الیَوْمُ: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (شَانِبٌ وشَنِبٌ) اور اسم (الشُّنْبَة) ......الرَّجُلُ: سفید خوبصورت دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَشْنَب وشَانِب وشَنِیب ومِشْنَب)
المَشَانِب: خوشبودار منہ۔
الشَّنْبَاء: سفید خوبصورت دانتوں والی عورت۔ انار کی ایک قسم جس میں گٹھلی نہیں ہوتی صرف رس ہی رس ہوتا ہے۔
شَنْبَثَ. الهَوَى قَلْبَهُ: محبت کا دل میں جاگزیں ہونا۔
الشَّنْبَث والشُّنَابِث: شیر۔ سخت۔
شَنْبَلَهُ شَنْبَلَةً: بوسہ دینا۔
الشَّنْتَة: قائل۔
شَنْتَرَ. ثَوْبَهُ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الشُّنْتُرَة: انگلی۔ دو انگلیوں کے درمیان کا حصہ۔ ج شَنَاتِر۔ کہتے ہیں "لَأَضُمَّنَّكَ ضَمَّ الشَّنَاتِرِ" یعنی میں تجھ کو انگلیوں کی طرح ملاؤں گا۔
شَنِجَ (س) شَنَجًا واَشْنَجَ وتَشَنَّجَ وانْشَنَجَ. الجِلْدُ: کھال کا گرمی یا سردی سے سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔ جلد کی صفت (شَنِج اور صاحب جلد کی صفت (شَنِج واَشْنَج)
شَنَّجَهُ: سکیڑنا۔
الشَّنَج: مص۔ اونٹ۔
شَنَّحَ. عَلَیْهِ: برا بھلا کہنا۔
الشَّنَاح والشَّنَاحِی والشَّنَاحِیّ والشَّنَاحِیَة: موٹا اور لمبا اونٹ۔ مؤنث شَنَاحِیَة.
شَنَّخَ. النَّخْلَ: درخت خرما سے کانٹے دور کرنا۔
الشِّنَاخ: پہاڑ کی نوک۔
الشُّنْخَاب والشُّنْخُوب والشُّنْخُوبَة: پہاڑ کی چوٹی۔ ج شَنَاخِیب۔ الشُّنْخُوب: کندھے کے اوپر کا حصہ۔ ریڑھ کی ہڈی۔
الشَّنْخَفَة: تکبر وغرور۔
الشِّنْخَف: لمبا موٹا۔
الشَّنْخِیف: موٹا آدمی۔
الشِّنْخَم: موٹا۔
الشُّنْدُخ: گٹھے بدن کا مضبوط ولمبا۔ شیر۔ سفر سے واپسی یا عمارت کی تیاری کی دعوت۔ رَجُلٌ شِنْظِیرَةٌ وشِنْذَارَةٌ: گندی زبان والا مرد۔
شَنَرَ. عَلَیْهِ: عیب لگانا۔ رسوا کرنا۔
الشَّنَار: عار۔ بدترین عیب۔
الشِّنِّیر والشِّنِّیرَة: بدخلق۔ بڑا شریر۔ بڑا عیبی۔
الشَّنَارِیُّ: بلی۔
شَنْزَ. الشَّوْنِیز والشِّینِیز: کلونجی۔
الشَّنْزَب: بہت سخت۔
شَنْزَرَ شَنْزَرَةً. الرَّجُلُ: سخت ہونا۔
الشَّنْزَرَةُ: مص۔ سختی۔
الشِّنْشِنَة: عادت۔ طبیعت۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَنَاشِن.
الشَّنْشَنَة: کاغذ یا نئے کپڑے کی حرکت کی آواز۔
شَنَصَ (ن) شَنِصَ (س) شُنُوصًا. بِهِ: چٹنا۔ فَرَسٌ (شَنَاصٌ وشَنَاصِیٌّ وشُنَاصِیٌّ وشَنَاصِیَةٌ) عمدہ مضبوط لمبا گھوڑا۔
الشِّنْصَرَةُ والشِّنْصِیرُ: موٹائی۔ گنج۔
الشِّنْصِیر: جائے پناہ۔
الشَّنَط: پکے ہوئے گوشت کے ٹکڑے۔
المُشَنَّط: بھنا ہوا گوشت۔ شِوَاءٌ مُشَنَّطٌ: اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔
شَنَظ. شِنَاظ. الجَبَل: پہاڑ کی چوٹی۔ کہا جاتا ہے "امْرَأَةٌ ذَاتُ شِنَاظٍ" گٹھے بدن والی پُر گوشت عورت۔

الشَنْطَب : لمبا وخوبصورت۔
شَنْظَر بِهِم : گالی دینا۔ فحش بکنا۔
الشِنْظِيْر والشِنْظِيْرَةُ والشُنْظُوْرَةُ : بدخلق
۔ چٹان جو پہاڑ سے پھٹ کر گرے۔
شِنْظِيْرَة کی جمع شَنَاظِيْر. شَنَاظِيْر لِلجَبَل :
پہاڑ کے اطراف۔
الشُنْظُوْف : ہر چیز کی شاخ۔
شَنْظَى بِهِ : برا بھلا سنانا۔
شُنْظُوَةُ الجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کا
کنارہ۔ ج شَنَاظٍ.
شَنَعَهُ (ف) شَنْعًا : قبیح سمجھنا۔ گالی دینا۔
رسوا کرنا۔
شَنِعَ (س) شَنَعًا بِهِ قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے
"رَأى اَمْرًا شَنِعَ بِهِ" اس نے ایسا معاملہ
دیکھا جس کو قبیح سمجھا۔
شَنُعَ (ک) شَنَاعَةً وشُنْعًا وشَنَعًا
وشُنُوْعًا : قبیح ہونا۔ صفت (شَنِع) ج شُنُع
و(شَنِيْع واَشْنَع)
شَنَّعَ الرَّجُلَ : بہت برا بھلا کہنا۔۔۔۔۔ عَلَيْهِ
الاَمْرَ : قبیح قرار دینا۔۔۔۔ الرَّجُلُ : آمادہ و تیار
ہونا۔ (۔۔۔۔ واَشْنَعَ) البَعِيْرُ : دوڑنے میں
کوشش کرنا۔
تَشَنَّعَ : دوڑنے میں کوشش کرنا۔ لِلاَمْرِ : تیار
ہونا۔۔۔۔ السِّلاحَ : ہتھیار پہننا۔۔۔۔ الغَارَةَ :
لوٹ ڈالنا۔۔۔۔ القَوْمُ : اختلاف رائے کی
وجہ سے خراب حالت والی ہونا۔۔۔۔ الرَّجُلُ :
برے کام کا ارادہ کرنا۔۔۔۔ الفَرَسَ : گھوڑے
پر سوار ہونا۔ چڑھنا۔۔۔۔ الثَّوْبُ : کپڑے کا
بوسیدہ ہونا۔
اِسْتَشْنَعَهُ : قبیح سمجھنا۔ مکروہ سمجھنا۔
الشُّنْعَةُ والشَّنَاعَةُ والشُّنُوْعُ : قباحت۔
المُشَنِّعُ : قبیح۔ بے حقیقت خبروں کا
پھیلانے والا۔
المَشْنُوْعُ : مص۔ برائی میں مشہور۔
الشِّنْعَاب : لمبے قد و قامت کا مرد۔
الشُّنْعُوْف والشِّنْعَاف : پہاڑ کی چوٹی۔ بلند
پہاڑ۔ لمبا و کمزور مرد۔

الشَّنِيْفَة : لمبائی۔
شَنَفَ (ن ض) شَنْفًا. اِلَيْهِ : تعجب یا
اعتراض کی نظر سے دیکھنا۔
شَنِفَ (س) شَنَفًا. فُلانًا اور لِفُلانٍ : بغض
رکھنا۔۔۔۔ لَهُ : سمجھ جانا۔۔۔۔ بِهِ : تاڑ جانا۔
شَنَّفَ. الكَلامَ : مزین کرنا۔۔۔۔ اِلَيْهِ : کنکھی
سے دیکھنا۔۔۔۔ واَشْنَفَ) الجَارِيَةَ : لڑکی
کے لئے ایئر رنگ بنانا۔ بالی بنانا۔
تَشَنَّفَتِ. الجَارِيَةُ : لڑکی کا ایئر رنگ پہننا۔
بالی پہننا۔
الشَّانِف : فا۔ اعراض کرنے والا۔ کہا جاتا
ہے "اِنَّهُ لَشَانِفٌ عَنَّا بِاَنْفِهِ" وہ اپنے آپ کو
ہم سے برتر سمجھتا ہے۔
الشَّنْف : مص۔ بالی۔ ایئر رنگ۔ ج
شُنُوْف واَشْنَاف.
الشَّنِف : بغض رکھنے والا۔
شَنَقَ (ن ض) شَنْقًا. البَعِيْرَ : سوار ہونے
کی حالت میں لگام کھینچنا۔۔۔۔ القِرْبَةَ : مشک کو
سر پر باندھ کر دونوں ہاتھوں سے سر بند کو
پکڑنا۔۔۔۔ رَأسَ الدَّابَّةِ : درخت یا اونچے
کھونٹے سے جانور کے سر کو باندھنا اور اسی
سے مولدین کے نزدیک لفظ "الشَّنْق" ہے
جس کے معنی مجرم کو پھانسی دینے کے ہیں
۔۔۔۔ الشَّيْءَ : لٹکانا۔۔۔۔ الخَلِيَّةَ : شہد کے چھتے
میں لکڑی ڈالنا۔
شَنِقَ (ض) شَنْقًا وشَنِقَ (س) شَنَقًا : کسی
چیز سے محبت کرنا اور گرویدہ ہو کر رہنا۔
شَنَّقَ. الشَّيْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔۔۔۔ الخَلِيَّةَ
: شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔
اَشْنَقَ. البَعِيْرَ والقِرْبَةَ : بمعنی شَنَقَ البَعِيْرَ
والقِرْبَةَ۔۔۔۔ البَعِيْرُ : اونٹ کا سر اٹھانا۔۔۔۔
عَلَى فُلانٍ : دست درازی کرنا۔۔۔۔ الرَّجُلُ :
خون بہا لینا یا خون بہا واجب ہونا۔ (ضد)
۔۔۔۔ الشَّيْءَ : لٹکانا۔۔۔۔ غَنَمَهُ اِلَى غَنَمِ زَيْدٍ :
ملا کر بڑھانا۔۔۔۔ اليَدَ اِلَى العُنُقِ : ہاتھ کا گلے
میں گھیرا ڈالنا۔
شَانَقَهُ مُشَانَقَةً وشِنَاقًا : اپنے مال کو کسی کے

مال سے ملانا۔
تَشَانَقَا : اپنے مال کو دوسرے کے مال سے
ملانا۔
الشَّنَق : مص۔ تاوان زخم۔ رسی۔ سر کی
لمبائی۔ گٹھری۔
الشِّنَاق : مص۔ مشک کا بندھن۔ تانت سر کی
لمبائی۔ ہر وہ ڈوری جس سے کوئی چیز لٹکائی
جائے۔ رسی جس سے اونٹ کے سر کو کھینچا
جائے۔ ہاتھوں کو مونڈھوں سے ملا کر
باندھنے کی رسی۔ ج شُنُق واَشْنِقَة.
القَلْبُ (والشَّنِق) مشتاق و خواہش مند دل۔
ج اَشْنَاق. فَرَسٌ (اَشْنَق) لمبے سر کا گھوڑا اور
ایسا ہی بَعِيْرٌ اَشْنَق : مؤنث شَنْقَاء وشِنْقَاء.
الشَّنْقَاء : وہ پرندہ جو اپنے بچہ کو چوگا دے۔
الشَّنِيْق : پھانسی دیا ہوا۔ وہ لکڑی جس پر تھوڑا
سا شہد لگا کر چھتے میں رکھ دیتے ہیں۔ منہ بولا
بیٹا۔
الشُّنَيِّق : خود پسند۔ الشُّنَيِّقَة : عشق باز
عورت۔
اَلْمِشْنَكَلُ : ج شَنَاكِلُ : دروازہ یا کھڑکی کا
دستہ بند کرنے اور کھولنے کے لئے۔ کپڑے
لٹکانے کے لئے کیل۔
المِشْنَاق : ہر چیز کی طرف نظر ڈالنے والا۔
شَنِمَ (ن) شَنْمًا. الجِلْدَ : خراش لگانا۔ مَاءٌ
(شَنِمٌ) ٹھنڈا پانی۔
الشُّنُم۔ کٹے ہوئے کان والے۔
الشَّنَم : چنگاری جو اڑے۔ کہا جاتا ہے
"فُلانٌ يَتَطَايَرُ شَنَمُهُ" فلاں سے غصہ کی وجہ
سے چنگاری اڑ رہی ہے۔
شَنْهَقَ اوشَهْنَقَ. الحِمَارُ : گدھے کا
ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔ یہ کلمہ عوام کے نزدیک
ہے۔ فصیح لفظ نَهَقَ یا شَهَقَ ہے۔
الشَّانِيَة : بڑا جنگی جہاز۔ ج شَوَانٍ (مفرد کا
استعمال نادر ہے۔)
شَهِبَ (س) وشَهُبَ (ک) شَهَبًا :
سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ صفت
(شَاهِب واَشْهَب) عَامٌ اَشْهَبُ : خشک

سال۔ یَوْمٌ اَشْهَبُ: ٹھنڈی ہوا اور پالے کا
دن۔ جَيْشٌ اَشْهَبُ: قوی و مضبوط لشکر۔ ج
شُهْبٌ.
شَهَبَهُ (ف) شَهْبًا وشَهَبَهُ. الحَرُّ: گرمی کا
جھلس دینا۔
اَشْهَبَ. العَامُ القَوْمَ: قوم کے اموال کو تباہ
کر دینا۔
اِشْهَبَّ واشْهَابَّ واشْتَهَبَ: سیاہی ملی
ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ الزَّرْعُ: خشک و
زرد ہونا اور کچھ سبزی باقی رہنا۔
الشَّهْبُ: مص۔ برف سے ڈھکا ہوا پہاڑ۔
الشَّهَبُ والشُّهْبَةُ: سفیدی جس میں کچھ
کچھ سیاہی ملی ہوئی ہو۔
الشِّهَابُ: آگ کی چمک۔ ٹوٹا ہوا تارہ۔
تارہ۔ نیزہ کا پھل۔ ج شُهُبٌ وشُهْبَانٌ
وشِهْبَانٌ واَشْهُبٌ کہا جاتا ہے "فُلانٌ
شِهَابُ حَرْبٍ" جبکہ جنگ میں کود پڑنے
والا ہو۔
الاَشْهَبُ: شیر۔ دشوار کام۔
الشَّهْبَاءُ اَشْهَبُ کا مؤنث۔ شہر حلب کا لقب
...... مِنَ الكَتَائِبِ: بہت ہتھیاروں والا بڑا
لشکر۔ سَنَةٌ شَهْبَاءُ: بغیر بارش اور سبزی کے
خشک سال یا بہت برف والا سال۔
الشَّهَابُ والشَّهَابَةُ: دودھ جس میں دو
تہائی پانی ملا ہوا ہو۔
الاَشَاهِبُ: منذر لخمی کی اولاد۔
الشَاهْتَرَج والشَّهْتَرَج شاهترہ.
شَهِدَ (س) شُهُودًا. المَجْلِسَ: حاضر
ہونا...... الشَّيْءَ: معائنہ کرنا۔ اطلاع پانا......
الجُمُعَةَ: پانا...... عَلَى كَذَا: گواہی دینا۔
صفت(شَاهِدٌ) ج شُهُودٌ وشُهَّدٌ.
شَهِدَ (س) وشَهُدَ (ک) شَهَادَةً. عِنْدَ
الحَاكِمِ لِفُلانٍ اَوْ عَلَى فُلانٍ: گواہی دینا۔
صفت(شَاهِدٌ) ج شَهْدٌ وشُهُودٌ واَشْهَادٌ.
شَهِدَ اللهُ: جاننا یا قبول فرمانا۔ شَهِدَ بِكَذَا:
قسم کھانا۔
شَاهَدَهُ مُشَاهَدَةً: معائنہ کرنا۔

اَشْهَدَهُ: حاضر کرنا۔ اَشْهَدَ فُلانًا عَلَى كَذَا
: گواہ بنانا۔
اِسْتَشْهَدَهُ: گواہی دینے کو کہنا۔
اِسْتَشْهَدَ بِهِ: گواہی کے معاملہ کو مدد دینا۔
اُشْهِدَ واُسْتُشْهِدَ: اللہ کے راستہ میں قتل
ہونا۔
تَشَهَّدَ: گواہی طلب کرنا...... المُسْلِمُ:
التحیات پڑھنا۔
الشُّهْدُ والشَّهْدُ: شہد جو موم سے جدا نہ کیا
گیا ہو۔ ج شِهَادٌ اور (الشُّهْدَةُ
والشَّهْدَةُ) اس سے خاص ہے۔
الشَّهَادَةُ: مص۔ یقینی خبر۔ گواہی۔ قسم۔ اللہ
کے راستہ میں قتل ہونا۔ عالم ظاہر جو عالم غیب
کے مقابل ہے۔
الشَّاهِدُ: فا۔ زبان اور اسی سے قول ہے "مَا لَهُ
رُوَاءٌ وَلا شَاهِدٌ" یعنی اس کے لئے نہ تو حسن
منظر ہی ہے نہ زبان۔ قوام۔ ستارہ۔ صَلاةُ
الشَّاهِدِ: مغرب کی نماز۔ وہ عبارت جو کسی قاعدہ
نحو وغیرہ کے ثابت کرنے کے لئے نقل کی
جائے۔ الشَّاهِدُ مِنَ الاُمُوْرِ: جلدی۔
الشَّاهِدَةُ. الشَّاهِدُ: کا مؤنث۔ زمین۔ ج
شَاهِدَاتٌ وشَوَاهِدُ.
الشَّهْدُ والشَّهِيْدُ: حاضر۔ گواہی میں
امانت دار۔ وہ ذات جس کے علم سے کوئی
چیز غائب نہ ہو۔ اللہ کی راہ میں مقتول۔ اسم
(الشَّهَادَةُ) ج شُهَدَاءُ مؤنث شَهِيْدَةٌ.
المَشْهَدُ: لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔
لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اللہ کی راہ میں
مقتول ہونے کی جگہ۔ ج مَشَاهِدُ.
المَشْهَدَةُ والمَشْهُدَةُ: لوگوں کے حاضر
ہونے کی جگہ۔
المُشْهَدُ: اللہ کے راستہ کا مقتول۔
المُشْهِدُ: فا۔ اِمْرَاَةٌ مُشْهِدَةٌ: وہ عورت
جس کا شوہر موجود ہو اور اس کا مقابل
"اِمْرَاَةٌ مُغِيْبَةٌ" ہے۔ یعنی وہ عورت جس کا
شوہر غائب ہو۔
المَشْهُوْدُ: مفع۔ جمعہ کا دن۔ قیامت کا

دن۔ عرفہ کا دن۔
شَهْلَرَ شَهْلَرَةً. الغُلامُ او الجَارِيَةُ:
لڑکے یا لڑکی کا تین اور چھ سال کے درمیان
حرکت کرنا۔
الشَّهْلَرُ: دولت مند۔ مؤنث شَهْلَرَةٌ.
الشِّهْدَارَةُ: بدزبان۔ فساد انگیز۔ گٹھے بدن
کا پستہ قد۔
شَهَرَهُ (ف) شَهْرًا وشُهْرَةً. بِكَذَا:
مشہور کرنا۔ شَهَرَ وشَهَّرَ السَّيْفَ: تلوار کو
سونت کر بلند کرنا۔ وشَهَّرَ فُلانًا: رسوا کرنا۔
اَشْهَرَ: ایک مہینہ کسی حال میں ہونا۔ کہا جاتا
ہے "اَشْهَرْنَا فِي هٰذَا المَكَانِ" ہم نے اس
جگہ ایک مہینہ قیام کیا۔ اَشْهَرَتِ المَرْاَةُ:
ولادت کے مہینے میں داخل ہونا...... الاَمْرَ:
ظاہر کرنا مشہور کرنا۔
شَاهَرَهُ شِهَارًا ومُشَاهَرَةً: ماہواری پر
معاملہ کرنا۔
اِشْتَهَرَ. الاَمْرُ: مشہور ہونا...... الاَمْرَ: مشہور
کرنا...... بِالفَضْلِ: فضیلت میں مشہور ہونا۔
الشَّهْرُ: ماہ۔ کسی سال کے کل ماہ مع ایام
درج ذیل: کانون الثانی (۳۱ دن)۔ شباط
(۲۸ دن)۔ لیپ سال میں (۲۹ دن) آذار
(۳۱ دن) نیسان (۳۰ دن) ایار (۳۱ دن)
حزیران (۳۰ دن) تموز (۳۱ دن) آب
(۳۱ دن) ایلول (۳۰ دن) تشرین الاول
(۳۱ دن) تشرین الثانی (۳۰) کانون
الاول (۳۱)۔
یعنی جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون،
جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر، دسمبر۔
محرم (۳۰ دن) صفر (۲۹ دن) ربیع الاول
(۳۰ دن) ربیع الثانی (۲۹ دن) جمادی
الاول (۳۰ دن) جمادی الاخرۃ (۲۹ دن)
رجب (۳۰ دن) شعبان (۲۹ دن)
رمضان (۳۰ دن) شوال (۲۹ دن)
ذوالقعدہ (۳۰ دن) ذوالحجہ (۲۹ دن)
عربوں کے نزدیک حرمت والے چار ماہ
ہیں: ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب۔

الشَّهْر :مص۔ دانا۔ نیا چاند۔ چاند۔ مہینہ۔ ج اَشْهُر وشُهُور۔
الشُّهْـرَة :شہرت۔ برائی میں مشہوری۔ رسوائی۔
الشَّهِيْر :مشہور۔ نامور۔ مؤنث شَهِيْرَة.
الـمَشْهُـوْر :مفع۔ شہرت یافتہ۔ مؤنث مَشْهُوْرَة.
الشَّهْرَب :بڑی عمر والا۔ مؤنث شَهْرَبَة : درخت خرما کے نیچے کا چھوٹا حوض۔
شَهَقَ (ف ض) وشَهِقَ (س) شَهِيْقًا وتَشْهَاقًا. الحِمَارُ :گدھے کا رینگنا (...... شَهْقًا وتَشْهَاقًا وشُهَاقًا) الرَّجُلُ :رونے میں سسکی لینا۔ (...... شُهُوْقًا) الجَبَلُ وغَيْرُهُ :پہاڑ وغیرہ کا بلند ہونا۔ صفت (شَاهِق) اور تم کہتے ہو "شَهَقَتْ عَيْنِيْ عَلَيْهِ" جبکہ تم کو کوئی چیز پسند آئے اور تم اس پر نظر جمادو۔
تَشَهَّقَ. عَلَيْهِ :نظر جما دینا۔
الشَّهْقَة :اسم مرۃ۔ چیخ۔
الشَّاهِق. :فا۔ خوشاهق :زیادہ غضبناک۔
التَّشْهَاق :مص۔ کہا جاتا ہے "ضَحِكٌ تَشْهَاقٌ" زور کی ہنسی۔ وصف بالمصدر کی بنا پر۔
شَهِلَ (س) شَهَلًا واشْهَلَّ اشْهِلَالًا :آنکھ میں سیاہی مائل بسرخی ہونا۔ صفت (اَشْهَل) مؤنث شَهْلَاء۔ ج شُهْل : آنکھ کی صفت بھی شَهْلَاء واقع ہوتی ہے۔
شَاهَلَهُ مُشَاهَلَةً :گالی گلوچ کرنا۔
تَشَهَّلَ :بے رونق چہرہ والا ہونا۔
الشَّهَـل والشُّهْـلَة :آنکھ کی سیاہی مائل بسرخی۔
الشَّهْلَاء :حاجت۔ کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْ فُلَانٍ شَهْلَائِيْ" فلاں میں سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔
الشَّهْلَة :بوڑھیا۔
شَهَمَ (ف ن) شَهْمًا وشُهُوْمًا. الفَرَسَ :ڈانٹنا ...... الرَّجُلَ :گھبرا دینا۔ خوفزدہ کرنا۔
شَهُمَ (ک) شَهَامَةً وشُهُوْمَةً :تیز فہم ہونا۔ ذکی ہونا۔
الشَّهْـم :تیز خاطر۔ ذکی۔ سردار جس کا حکم جاری ہو۔ ج چالاک گھوڑا۔ ج شُهُوْم.
الشَّيْهَم :نر سیہی۔ ج شَيَاهِم.
الشَّهَام :غول بیابانی۔
الشَّيْهَمَة :بڑھیا۔
المَشْهُوْم :تیز خاطر۔ ذکی۔ خوفزدہ۔
الشَّاهِيْن :ایک شکاری پرندہ۔ ج شَوَاهِين وشَيَاهِيْن :ترازو کا عمود۔
شَهَا يَشْهُوْ وشَهِيَ يَشْهٰى شَهْوَةً واشْتَهٰى. الشَّيْءَ :خواہش کرنا۔ رغبت شدید کرنا۔
شَهُوَ يَشْهُوُ. الطَّعَامُ :لذیذ ہونا۔
شَهَّى. الرَّجُلَ :خواہش کرنے پر اکسانا ...... عَلَيْهِ كَذَا :طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْءُ يُشَهِّي الطَّعَامَ" یہ چیز کھانے کی خواہش بڑھاتی ہے۔
شَاهَاهُ :مشابہ ہونا۔
اَشْهَـاهُ :خواہش کے مطابق دینا۔ نظر بد لگانا۔
تَشَهَّى. الشَّيْءَ :خواہش کرنا ...... عَلَيْهِ كَذَا :بار بار خواہش کرنا۔
الشَّهْـوَة :مص۔ خواہش۔ ج شَهَـوَات وشُهًى.
الشَّهَّاء :بہت خواہش کرنے والا۔
الشَّهِيُّ :خواہش مند (...... والمُشْتَهٰى) مرغوب۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ شَهِيٌّ" لذیذ چیز۔
الشَّهْوَان :مؤنث شَهْوٰى ج شَهَاوَى و(الشَّهْوَانِيُّ) خواہش مند۔
الشَّاهِيَة :خواہش۔
شَابَ يَشُوْبُ شَوْبًا وشِيَابًا. الشَّيْءَ :ملانا ...... الرَّجُلَ :خیانت کرنا۔ دھوکا دینا (...... وشَوَّبَ تَشْوِيْبًا) عَنْهُ : آہستگی سے ہٹانا۔
اِنْشَابَ اِنْشِيَابًا واشْتَابَ اِشْتِيَابًا :ملنا۔
الشَّـوْب :مص۔ وہ چیز جو دوسرے سے ملائی جائے۔ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ شہد۔
الشَّوْبَة :اسم مرۃ۔ دھوکا۔
الشَّائِبَة. الشَّائِب :کا مؤنث اور شَوَائِب کا واحد۔ بمعنی عیوب۔
الشِّيَاب :مص۔ ملاوٹ۔
لَيْلَةُ (الشِّيَاب) مہینے کی آخری رات۔
المَشُوْبُ والمَشِيْبُ :ملا ہوا۔
المِشْوَاب :بوتل کا غلاف۔ ج مَشَاوِب.
شَوَّحَ. الشَّيْءَ :انکار کرنا۔ نہ پہچاننا۔
الشَّـوْحَة :چیل۔ ایک درخت جس کی شاخیں مخروطی شکل کی ہوتی ہیں اور یہ (الشَّوْح) کا واحد ہے۔
الشَّوْحَـط :ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بنائی جاتی ہے۔ واحد (الشَّوْحَطَة)
شَـوَّذَتْ. الشَّـمْـسُ :مائل بغروب ہونا۔
شَوَّذَ الـسَّحَابُ الشَّمْسَ :ڈھانکنا۔ گھیر لینا۔
...... ہ :کسی کو عمامہ باندھنا۔
تَشَوَّذَ و اِشْتَاذَ :پگڑی باندھنا۔
الاَشَـاوِذ :مخلوق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَيْرُ الاَشَاوِذِ" وہ مخلوق میں بہتر ہے۔
الـمِشْوَذُ والـمِشْوَاذُ :عمامہ۔ بادشاہ۔ سردار۔ ج مَشَاوِذ ومَشَاوِيْذ.
شَارَ يَشُوْرُ شَوْرًا وشِيَارًا وشِيَارَةً ومَشَارًا ومَشَارَةً. العَسَلَ :چھتے سے شہد نکالنا۔ صفت مفعولی (مَشُوْر) (...... شَوْرًا وشِوَارًا) الدَّابَّةَ :جانور کو سدھانا۔ تجربہ کے لئے سوار ہونا۔ خریدار کو دکھانے کے لئے سوار ہونا۔
شَارَتِ الاِبِلُ :اونٹ کا موٹا و خوبصورت ہونا۔
شَوَّرَ. الدَّابَّةَ :جانور کو سدھانا۔ تجربہ کے لئے سوار ہونا۔ خریدار کو دکھانے کے لئے سوار ہونا ...... بِهِ :شرمندہ کرنا ...... اِلَيْهِ : اشارہ کرنا۔
...... النَّارَ وبِالنَّارِ :آگ کو بلند کرنا۔
اَشَارَ. العَسَلَ والدَّابَّةَ :بمعنی شَارَهُمَا......

النَّارَ وبالنَّارِ : آگ کو بلند کرنا......بہ :
پہنچانا۔ اَشَارَ اِلَيْهِ واَشَارَ بِيَدِهٖ :اشارہ کرنا
......عَلَيْهِ :حکم دینا۔نصیحت کرنا۔صحیح طریقہ
بتانا......فُلانًا : عَسَلاً :شہد نکالنے میں مدد
دینا۔
اَشْوَرَ اِشْوَارًا. النَّارَ وبِالنَّارِ :آگ کو بلند
کرنا۔
شَاوَرَهٗ. فِي الْاَمْرِ :مشورہ طلب کرنا۔
شَارَاتُ الرَّتَكِ :عزت کے شعار ٹوپیوں
پر یا محل کی دیواروں پر۔
اِشْتَارَ اِشْتِيَارًا. العَسَلَ :شہد نکالنا۔
اِشْتَارَتِ الاِبِلُ :اونٹ کا کچھ موٹا ہونا۔
تَشَوَّرَ :شرمند ہونا۔
تَشَاوَرَ واشْتَوَرَ. القَوْمُ :باہم مشورہ کرنا۔
اِسْتَشَارَ :عمدہ لباس پہننا۔العَسَلَ :شہد
نکالنا۔اِسْتَشَارَتِ الاِبِلُ :موٹا وخوبصورت
ہونا۔اِسْتَشَارَ الْاَمْرُ :واضح وروشن ہونا
......ہ :مشورہ طلب کرنا۔
الشَّوْرُ :مص۔شہد جو چھتے سے نکالا جائے۔
الشَّارَةُ والشُّوْرَةُ والشَّوْرَةُ والشَّوَار
والشُّوَار والشِّوَار والشِّيَار :حسن و
جمال۔ ہیئت۔منظر۔لباس وزینت۔گھر کا
عمدہ سامان۔کہا جاتا ہے "رِيحٌ شَوَارٌ" نرم
ہوا۔و"خَيْلٌ شِيَارٌ" خوبصورت موٹے
گھوڑے۔الشُّوْرَةُ :شہد کا چھتہ۔
الشَّوَار :اندام نہانی۔
الشَّوْرَةُ :شار کا اسم مرۃ۔شرمندگی۔
الشَّوْرَى :ایک قسم کی دریائی گھاس۔
الشُّوْرَى :اسم ہے "تَشَاوَرَ" کا یا اَشَارَ عَلَيْهِ
:کا۔مَجْلِسُ شُوْرَى: کونسل و"تَرَكَ عُمَرُ
الخِلَافَةَ شُوْرَى" کا مطلب یہ ہے کہ
حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مسئلہ خلافت کو
باہم مشورہ کے لئے چھوڑ دیا۔
الشَّيِّرُ :خوبصورت۔جس سے مشورہ کیا
جائے۔وزیر۔ج شُوَرَاء.
المَشَار :شہد کا چھتہ۔
المَشَارَةُ :قابل کاشت زمین کا ٹکڑا۔ج
مَشَاوِرُ ومَشَائِرُ.
المَشُوْرُ :مقع۔آراستہ۔مزین۔
المِشْوَرُ :شہد نکالنے کا آلہ۔ج مَشَاوِرُ.
المُشِيْرُ :فا......فِي اِصْطِلَاحِ اَرْبَابِ
السِّيَاسَةِ :کونسلر۔المُشِيْرِيَّةُ :کونسلر کا درجہ۔
المُشِيْرَةُ :انگشت سبابہ۔
المَشُوْرَةُ والمَشْوَرَةُ. اَشَارَ عَلَيْهِ :کا اسم
۔مشورہ۔نصیحت۔ج مَشُوْرَات.
اَلشُّوَارُ :گرنے کے قریب جگہ کا کنارہ۔
المِشْوَار :منظر۔جانوروں کو دکھانے کی
جگہ۔شہد نکالنے کا آلہ۔دھنے کی کمان کی
تانت۔ج مَشَاوِيْرُ :کہا جاتا ہے "اَخَذَتِ
الخَيْلُ مِشْوَارَهَا" یعنی گھوڑے موٹے اور
خوبصورت ہوئے۔
الشُّوْرَةُ :درختوں کی قطار۔زمین کا طویل
قطعہ۔
المِشْوَارَةُ :شہد نکالنے کی جگہ۔
الشُّوْرَبَةُ :چاول، دال یا سبزی کا شوربہ جو کہ
گوشت کے ساتھ یا گھی کے ساتھ پکا ہو۔
شَوَزَ. (شِيزَ بِهٖ شَوْزًا) عَلَى المَجْهُوْلِ :
فریفتہ ہونا۔
الاَشْوَزُ :مغرور۔متکبر۔
المَشْوُزُ :بے آرام۔
شَاشَ يَشَاشُ وشَوِسَ يَشْوَسُ شَوَسًا
وتَشَاوَسَ :غصہ یا تکبر کی بنا پر ترچھی نظر سے
دیکھنا۔دیکھنے کے لئے آنکھیں چھوٹی کرنا۔
لڑائی میں بہت دلیر ہونا۔صفت (اَشْوَس)
مؤنث شَوْسَاء. ج شُوْس. الشُّوْس :لمبے
اور کہا جاتا ہے "رُمِيَ فُلَانٌ بِخُطُوْبٍ
شُوْسٍ" فلاں کے اوپر سخت مصیبتیں پڑیں۔
تَشَاوَسَ تَشَاوُسًا :بمعنی شَوِسَ :نخوت و
تکبر ظاہر کرنا۔
شَوَّشَ. الاَمْرَ :مخلوط کرنا۔بے ترتیب کرنا۔
تَشَوَّشَ. عَلَيْهِ الاَمْرُ :مخلوط ہونا۔گڑبڑ
ہونا۔
تَشَاوَشَ. القَوْمُ :گڈمڈ ہونا۔
الشَّوَاش :اختلاف واضطراب۔
عِبَارَةٌ (مُشَوَّشَةٌ) ترکیب یا معنی کے لحاظ
سے نادرست عبارت۔
اَلشَّاشُ :روئی کی چادر۔ریشم کی پگڑی۔
الشَّاوِيْش :سارجنٹ۔(جدید)
اَلشَّاشَةُ الْبَيْضَاءُ :سینما کی سفید سکرین۔
شَاصَهٗ يَشُوْصُهٗ ويَشَاصُهٗ شَوْصًا :جگہ
سے ہلانا۔ہاتھ سے ملنا۔دھونا۔شَاصَ فَاهُ
بِالسِّوَاكِ :منہ کو مسواک سے صاف کرنا
......شَوْصًا وشَوَصَانًا :بھڑکنا......الرَّجُلُ :
ڈاڑھ یا پیٹ کے درد والا ہونا......الجَنِيْنُ :
جنین کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا......بہ
العِرْقُ :رگ کا حرکت کرنا......فُلانٌ بِفُلانٍ :
کسی کا کسی پر شر کو برانگیختہ کرنا۔
شَوِصَ (س) شَوَصًا. عَيْنُهٗ :اتنی موٹی
ہونا جس سے دونوں پلکیں نہ مل سکیں۔بہت
پھڑکنے والی پلکوں والی ہونا۔جس کو یہ
کیفیت لاحق ہو اس کو (اَشْوَص) کہتے ہیں
اور آنکھ کی صفت (شَوْصَاء) ج شُوْص.
شَوَّصَ تَشْوِيْصًا واَشَاصَ اِشَاصَةً.
الرَّجُلُ :مسواک کرنا۔
الشَّوْصَةُ :رگ کی حرکت۔پسلیوں کے پردہ
کا ورم۔پیٹ کا ریاحی درد۔
الشِّيَاصُ :بدخلقی۔
شَاطَ يَشُوْطُ شَوْطًا. بِهِ الغَضَبُ :بھڑکنا۔
شَوَّطَ :لمبا سفر کرنا......القِدْرَ :ہانڈی کا
جوش دینا......اللَّحْمَ :گوشت پکانا......
الصَّقِيْعُ النَّبَاتَ :پالے کا نباتات کو جلا
دینا۔
تَشَوَّطَ. الفَرَسُ :گھوڑے کو چلا کر تھکانا۔
الشَّوْطُ :غایت۔چکر۔غایت تک ایک
مرتبہ دوڑ۔کہا جاتا ہے "جَرَى الفَرَسُ
شَوْطًا" گھوڑے نے ایک چکر لگایا۔ج
اَشْوَاط.
شَاطَ يَشُوْطُ شَوْطًا. بِفُلانٍ :[illegible]
......بِهِ الغَضَبُ :غصہ بھڑکنا۔
تَشَاوَطَ. القَوْمُ :باہم گالی گلوچ کرنا
الشُّوَاطُ والشِّوَاطُ :بغیر دھوئیں کا شعلہ

آگ یا دھوپ کی گرمی۔ پیاس کی شدت۔ بیج وبچار۔ کالی کوچ۔

شَوِعَ یَشْوَعُ شَوَعًا. الرَّاسُ : پراگندہ اور گردآلود بالوں والا ہونا...... الفَرَسُ : ایک رخسارے میں سفیدی والا ہونا۔ صفت (اَشْوَع) مؤنث شَوْعَاء۔ ج شُوْع.

شَوَّعَ تَشْوِيْعًا. القَوْمَ : جمع کرنا۔

الشُّوْع : بان کا درخت۔ واحد شُوْعَة ج شِيَاع.

المِشْوَاعَ : تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔ (اس کی اصل مِشْيَاع ہے۔)

شَافَهُ يَشُوْفُهُ شَوْفًا : صیقل کرنا۔

الجَمَلَ بِالقَطِرَانِ : اُونٹ پر قطران ملنا۔

شِيْفَتِ. الجَارِيَةُ : بناؤ سنگھار کیا جانا۔

شَوَّفَ. الجَارِيَةَ : لڑکی کا بناؤ سنگھار کرنا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔

اَشَافَ اِشَافَةً. عَلَيْهِ : اوپر سے جھانکنا...... مِنْهُ : خوف کھانا...... الشَّيْئُ : بلند ہونا۔

تَشَوَّفَ تَشَوُّفًا : مزین ہونا...... مِنَ السَّطْحِ : دیکھنا۔ اوپر سے جھانکنا...... اِلَى الشَّيْئِ : جھانکنا...... الشَّيْئُ : بلند ہونا۔

اِشْتَافَ اِشْتِيَافًا. اِلَيْهِ : گردن اٹھا کے دیکھنا ...... البَرْقَ : بجلی کو باُمید بارش دیکھنا۔

(...... واسْتَشَافَ) الجُرْحُ : زخم سخت ہونا۔

الشَّوْف : مص۔ پنکھا۔

الشِّيَاف : آنکھ میں استعمال کرنے کی دوا کی بتی۔

الشَّيْفَة والشَّيِّفَان : دیدبان۔ دشمن کی حرکت کی دیکھ بھال کرنے والا۔

الشَّوَّاف. مِنَ الرِّجَالِ : تیز نظر والا۔

المَشُوْف : مفع۔ آراستہ کیا ہوا۔ مِنَ الجِمَالِ : قطران ملا ہوا اُونٹ۔

شَاقَنِي يَشُوْقُنِي شَوْقًا وتَشْوَاقًا. الحُبُّ اِلَيْهِ : شوق دلانا۔ صفت مفعولی (مَشُوْق) و صفت فاعلی (شَائِق) شَاقَ القِرْبَةَ : مشک کو دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑا کرنا۔ صفت مفعولی (مَشُوْقَة) ...... الطُّنُبَ اِلَى الوَتَدِ : خیمہ کی رسیوں کو کھونٹے میں باندھنا۔

تَشَاوَقَهُ اَشَاقَهُ : شائق پانا۔

شَوَّقَهُ. اِلَيْهِ : شوق کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تَشَوَّقَ. الشَّيْئَ واِلَيْهِ : بہت شوق ظاہر کرنا۔

اِشْتَاقَهُ. واشْتَاقَ اِلَيْهِ : بہت خواہش کرنا۔

الشَّوْق : مص۔ سخت خواہش۔ ج اَشْوَاق.

الشِّيَاق والشَّيِّق : وہ چیز جس سے کسی چیز کو کھینچ کر دوسری چیز میں باندھیں جیسے خیمے کی طنابیں۔

الشَّيِّق : آرزومند۔

الرَّجُلُ (الاَشْوَق) لمبا مرد۔ ج شُوْق.

الشُّوْق : عُشَّاق.

شَاكَهُ يَشُوْكُهُ شَوْكًا : کانٹا چبھانا۔ شَاكَتْهُ الشَّوْكَةُ : کانٹا چبھنا۔

شَاكَ يَشَاكُ شَاكَةً وشِيْكَةً : کانٹوں میں پڑنا...... ہ بِالشَّوْكَةِ : کانٹا چبھانا...... الشَّوْكَ : کانٹوں میں پڑنا (...... شَوْكًا) شوکت ظاہر ہونا...... لِحْيَا البَعِيْرِ : لمبے دانتوں والا ہونا۔ ثَدْيُ الجَارِيَةِ : نمودار ہونا شروع ہونا۔

شِيْكَ : کانٹا چبھنا...... الجَسَدُ : بدن پر سرخ پھنسیاں ظاہر ہونا۔ صفت (مَشُوْك)

اَشَاكَهُ : کانٹا چبھانا۔

اَشْوَكَ. المَكَانُ : کانٹوں والی ہونا۔

اَشْوَكَتِ الشَّجَرَةُ : خاردار یا بہت کانٹوں والا ہونا۔ صفت (مَشُوْكَة)

شَوَّكَ. الشَّجَرُ : درخت کا خاردار ہونا۔ کانٹے نکلنا...... الحَائِطَ : دیوار پر کانٹے رکھنا...... الفَرْخُ : چوزے کا نئے پر نکالنا ...... شَارِبُ الغُلَامِ : لڑکے کی مونچھ کا سخت ہونا...... الرَّاسُ بَعْدَ الحَلْقِ : سر میں نئے بال نکلنا۔

الشَّوْك : مص۔ کانٹا۔ ج اَشْوَاك : واحد (شَوْكَة)

الشَّوْكَة : شوک کا واحد۔ بچھو کا ڈنک۔ سرخ پھنسی۔ ہتھیار اور اس کی تیزی۔ قوت و طاقت۔ دشمن کو تکلیف پہنچانی۔ کہا جاتا ہے "لا تَشُوْكُكَ مِنِّي. شَوْكَةٌ" یعنی مجھ سے تمہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی۔ شَوْكَةُ الحَائِكِ : تانا بانا درست کرنے کا آلہ۔

الشَّوْكَةُ المُبَارَكَةُ والشَّوْكَةُ اليَهُوْدِيَةُ و الشَّوْكَةُ البَيْضَاءُ : جڑی بوٹیوں کے نام ہیں۔ رِيْحُ الشَّوْكَةِ : ایک تکلیف دہ پھنسی جو عموماً ہاتھ کے انگوٹھے میں ہوتی ہے۔

شَوْكُ السِّرَاجِ : کانٹے دار پودا جو کہ جانوروں کے لئے گھاس اور دھوبیوں کے لئے نمدہ کے کام آتا ہے۔

الشَّائِك ج شَاكَة و (الشَّوْك) خاردار۔ شَائِكُ السِّلَاحِ وشَوْكُ السِّلَاحِ : ہتھیاروں سے مسلح اور (شَاكُّ السِّلَاحِ) بالتشدید اور (شَاكُ السِّلَاحِ) بالتخفیف اور (شَاكِي السلاح) بھی مستعمل ہیں۔ اَرْضٌ اور شَجَرَةٌ (شَاكَة) بہت کانٹوں والی زمین یا درخت۔

الاَشْوَك. مِنَ الثِّيَابِ ونَحْوِهَا : کھردرا۔ مؤنث شَوْكَاء.

الشَّوْكَرَان : ایک زہریلا پودا۔ (دخیل)

شَالَ يَشُوْلُ شَوْلًا وشَوَلَانًا. الذِّنْبُ وغیرہ : اٹھنا۔ بلند ہونا۔ شَالَ الشَّيْئَ وبِالشَّيْئِ : اُٹھانا۔ بلند کرنا۔

المِيْزَانُ : ترازو کے ایک پلڑے کا اونچا ہونا۔ شَالَتِ القِرْبَةُ اوالزِّقُّ : پھولنے یا بھرنے کی وجہ سے مشک کی ٹانگوں کا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَالَتْ نَعَامَتُهُ" وہ ہلکا ہوا وہ غضبناک ہوا پھر ٹھنڈا ہو گیا۔ وہ مر گیا وشَالَتْ نَعَامَتُهُمْ : انہوں نے اپنے مکانات خالی کر دیئے اور متفرق ہو گئے یا ان کا اتفاق ٹوٹ گیا اور ان کی عزت جاتی رہی۔

اَشَالَ. الشَّيْئَ : بلند کرنا، اٹھانا۔

شَوَّلَ تَشْوِيْلًا. لَبَنُ النَّاقَةِ : اُونٹنی کے دودھ کا کم ہونا۔ گھٹنا۔ شَوَّلَتِ النُّوْقُ : دودھ خشک ہونا۔ شَوَّلَ المَاءُ : کم ہونا ...... المَزَادَةُ : کم پانی والا ہونا...... فِي المَزَادَةِ : تھوڑا پانی باقی رکھنا۔

شَاوَلَ. الحَجَر :اٹھانا......ہ وبِہ :ہٹانا (...... وتَشَاوَلَ) ایک دوسرے پر نیزہ سے حملہ کرنا۔
اِنْشَال اِنْشِیَالاً :بلند ہونا۔
اِشْتَال اِشْتِیَالاً :بلند ہونا......لَہٗ :تعرض کرنا۔گالی دینا۔
اِسْتَشَالَتِ. النَاقَةُ ذَنَبَهَا :اُونٹنی کا دُم کو اٹھانا۔
الشَوْل :مص۔سبک ہلکا' ڈول وغیرہ کا بقیہ پانی۔تھوڑا پانی۔ج اَشْوَال.
الشَوِل :کام اور خدمت میں چست۔
الشَوْلَة :اسم مرة۔بچھو کے ڈنک کا وہ حصہ جو اوپر کو اٹھا ہوا ہوتا ہے......مِنَ النِسَاءِ :بے وقوف عورت۔
شُوْلَة وشَوَّالَة :بچھو کا اسم علم......الشَوَّالَة: چغل خور عورت۔
الشِوَال. عِنْدَالعَامَّةِ :بالوں یا اون کا بڑا بورا (یہ جوالق کی تحریف ہے)
الشَال :کندھوں پر ڈالنے کی چادر۔ج شِیْلَان وشَالَات :اور (الشَالة) اخص ہے (اعجمیه) النَاقَة (الشَائِل) بغیر دودھ والی مستی کے وقت دُم اٹھانے والی اُونٹنی۔ج شُوَّل وشُوَّل وشُیَّل وشِیَّل.
الشَائِلَة. الشَائِل :کا مؤنث......مِنَ الاِبِل: اُونٹنی جس کے حمل کو یا بعد وضع حمل کے سات مہینے ہو چکے ہوں اور دودھ خشک ہو گیا ہو۔ج شَوْل. اَشْوَال وشَوَائِل.
شَوَّال :قمری سال کا دسواں مہینہ اور کبھی الف لام داخل کر کے الشَوَّال بھی کہا جاتا ہے۔ج شَوَّالَات :وج شَوَاوِیل.
المِشْوَل :چھوٹی درانتی۔
المِشْوَال :پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لئے اٹھایا جائے۔
شَانَ یَشُوْنُ شَوْنًا. الرُؤُوْس :دماغ کے کیڑے نکالنے کے لئے سر کو کھولنا۔
تَشَوَّنَ :کم عقل ہونا۔
الشُوْنَة :بے وقوف عورت۔

الشُوْنَة :غلہ جمع کرنے کی جگہ۔جنگی جہاز۔ج شُوَان.
الشَوَّان :غلہ جمع کرنے والا۔
شَاهَ یَشُوْهُ شَوْهًا وشَوْهَةً. الوَجْهُ :چہرہ بدشکل ہونا......الرَجُلَ :خوفزدہ کرنا۔گھبرا دینا۔حسد کرنا۔نظر بد لگانا۔کہا جاتا ہے "شَاهَت نَفْسُه اِلٰی کَذَا" اس نے فلاں چیز پر آنکھ لگائی۔
شَوِهَ یَشْوَهُ شَوَهًا. الوَجْهُ :چہرہ کا بدشکل ہونا...... العُنُقُ :گردن لمبی ہونا۔چھوٹی ہونا۔(ضد)
شَوَّهَ. اللّٰهُ وَجْهَهٗ :چہرہ کا بدشکل بنانا۔کہا جاتا ہے "لَا تُشَوِّهْ عَلَیَّ" مجھے نظر بد نہ لگاؤ۔
تَشَوَّهَ :بدشکل ہونا۔تَشَوَّهَ الرَجُلُ شَاةً : شکار کرنا......لِفُلَانَ :اپنے آپ کو کسی کے لئے ناشناساں کرنا۔نظر بد لگانے کے لئے کسی کی طرف نگاہ اٹھانا۔کہا جاتا ہے "هُوَ یَتَشَوَّهُ اَمْوَالَ النَاسِ لِیُصِیْبَهَا بِالْعَیْنِ" وہ نظر بد لگانے کے لئے لوگوں کے اموال کی طرف نگاہ اٹھاتا ہے۔
الشَوَه :مص۔بدشکلی۔خوبصورتی (ضد) گردن کی لمبائی و بلندی۔سر بلند کرنا۔
الشَوْهَة :دوری۔بدشکلی۔
الشَاه :بادشاہ' نسبت کے لئے (شاہی و شاہانی)
الشَائِه :فا۔حسد کرنے والا۔ج شُوَّه.
شَاه بَنْدَر :سوداگروں کا رئیس۔
شَاه بَلُّوْط :شاہ بلوط کا درخت۔
رَجُلٌ (شَاهُ البَصَرِ وشَائِهُهٗ وشَاهِیُهٗ) تیز نظر والا۔
الشَاة :بکری۔بکرا۔جنگلی گائے۔ج شَاء وشِیَاه وشِوَاه واَشَاوِه وشِیْه وشَیَه وشَوِیٌّ اور شاة کی تصغیر شُوَیْه وشُوَیْهَة ج شُوَیْهَات اور نسبت کے لئے شَاوِیٌّ جیسے سَمَاء سے سَمَاوِیٌّ.
الشَاهِیُّ :بکری والا۔
الشَاهْتَرَج :ایک گھاس نما پودا جس کے پتے ڈنٹھل ہوتے ہیں۔انگوری شکل کے پھول ہوتے ہیں۔اس کے پھول اور بیج خارش کے لئے بطور دواء استعمال ہوتے ہیں۔
الاَشْوَه :بدشکل۔جلدی نظر بد لگانے والا۔متکبر۔مؤنث شَوْهَاء. ج شُوْه. الشَوْهَاء : ترش رو عورت۔بدشکل عورت۔خوبصورت (ضد) منحوس عورت۔فَرَسٌ شَوْهَاء :تیز نگاہ والا گھوڑا۔اَرْض (مَشَاهَة) بہت بکریوں والی زمین۔
المُشَوَّه :بدشکل۔ناہموار شکل و صورت والا۔

شَوَیٰ یَشْوِیْ شَیًّا. اللَحْمَ :گوشت کو آگ میں بھوننا۔صفت مفعولی (مَشْوِیٌّ) المَاء :پانی گرم کرنا۔
شَوّیٰ اَشْوَیٰ. القَوْمَ :بھنا ہوا گوشت کھلانا ......الرَجُلَ :جسم کے ایسے حصہ پر زخم لگانا جس سے قتل واقع نہ ہو۔اَشْوَیٰ السَهْمُ : تیر کا نشانہ سے چوک جانا۔اَشْوَیٰ الزَرْعُ : بھوننے کے قابل ہونا......الرَجُلُ :رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا۔گھٹیا مال جمع کرنا۔اَشْوَیٰ السَعَفُ :درخت خرما کی شاخ کا خشک ہو کر زرد پڑنا اور اسی سے ہے "مَا اَعْیَاه وما اَشْوَاه" وہ کس قدر کمزور ہے۔
اِنْشَوَیٰ اِنْشِوَاءً واِشْتَوَیٰ اِشْتِوَاءً :بھن جانا۔اِشْتَوَیٰ الرَجُلُ :بھوننا۔
الشَوَیٰ :گھٹیا مال۔آسان معاملہ۔ہاتھ پیر۔جسم کے اطراف۔وہ اعضاء جن پر زخم لگنے سے قتل واقع نہ ہو (...... الشَوَاة). کھوپڑی کا چمڑا۔
الشِوَاء والشُوَاء :بھنا ہوا گوشت وغیرہ والشِوَاءَة والشُوَاءَة والشَوَاءَة :بھنے ہوئے گوشت وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔
الشَوَّاء :گوشت بھوننے والا۔
الشُوَايَة والشَوَايَة والشِوَايَة والشَوِيَّة مِنَ المَالِ :ردی مال۔ہلاک شدہ قوم یا مال کا بقیہ۔ج شَوَايَا سَعَفَة (شَاوِيَة) درخت خرما

کی خشک شاخ۔
الشِوِیّ : بھنا ہوا گوشت۔
المِشْوَلَۃ : گوشت بھوننے کا آلہ۔ ج
مَشَاوِل۔
شَاءَہٗ یَشَاءُ ہٗ شَیْئًا و مَشِیْئَۃً و مَشَاءَۃً
و مَشَائِیَۃً : چاہنا۔ صفت فاعل (شَاءٍ) اور
صفت مفعول (مَشِیٌّ)...... اللّٰہ الشَّیْءَ : مقدر
کرنا۔ تعجب کے موقع پر "مَا شَاءَ اللّٰہ" کہا
جاتا ہے۔
شَیَّأَہٗ عَلَی الْاَمْرِ : برانگیختہ کرنا۔ شَیَّاءَ اللّٰہُ
وَجْھَہٗ : چہرہ کا بدشکل بنانا۔
اَشَاءَہٗ اِلَیْہِ اِشَاءَۃً : مجبور کرنا۔
تَشَیَّأَ تَشَیُّؤًا : غصہ ٹھنڈا ہونا۔
الشَّیْءُ : مص۔ چیز جس کے ساتھ علم وخبر کا
تعلق ہوسکے۔ ج اشیاء جج اَشَاوٰی
وَاَشْیَاوَات واَشَاوَات واَشَایَا اور تصغیر شُیَیْءٌ
وشِیَیْءٌ اور اَشْیَاء : کا کلمہ غیر منصرف ہے۔
الشِّیْئَۃ۔ شَاءَ : کا اسم (...... والمَشِیْئَۃ)
ارادہ۔
المُشَیَّأ : بدشکل۔ ناہموار صورت والا۔
شَابَ یَشِیْبُ شَیْبًا و شَیْبَۃً و مَشِیْبًا : سفید
بالوں والا ہونا۔ بوڑھا ہونا۔ صفت مذکر
(اَشْیَبُ و شَائِب) صفت مؤنث (شَائِبَۃٌ)
(مؤنث کی صفت میں شَیْبَاء نہیں بلکہ
شَمْطَاء آتا ہے) کہا جاتا ہے (شَابَتْ
رُؤُوْسُ الْاٰکَامِ" ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے
سفید ہوگئیں۔
اَشَابَ۔ الرَّجُلُ : بوڑھی اولاد والا ہونا۔
اَشَابَ و شَیَّبَ۔ الحُزْنُ فُلَانًا و بِفُلَانٍ : غم
کا بوڑھا کر دینا۔
الاَشْیَب : سفید سر والا...... مِنَ الاَیَّام : برف
و بادل والا دن۔ ج شِیْبٌ و شُیَّب
الشِّیْب : برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ۔
الشَّائِب : فا۔ سفید سر والا۔ مؤنث شَائِبَۃ
۔ ج شُیَّب : مبالغہ کے طور پر "شَیْبٌ
شَائِبٌ" کہا جاتا ہے مانند لَیْلٌ لَائِلٌ کے۔
یَوْمُ (شَیْبَان) اولہ برف بادل کا دن
(...... و شِیْبَان) ماہ دسمبر (چونکہ اس ماہ میں
برف اولہ کی وجہ سے زمین سفید رہتی ہے۔)
الشَّیْبَۃ : اسم مرۃ۔ شباب کا اسم۔ ایک پودہ
ہے جس کا نام (افسنتین) ہے۔
الشِّیْبَان : ٹڈی وغیرہ کی چھوٹی ٹکڑی۔
شَاحَ یَشِیْحُ شَیْحًا۔ عَلٰی حَاجَتِہٖ : چوکنا
رہنا۔ کوشش کرنا۔
شَیَّحَہٗ : ڈرانا۔ شَیَّحَ بِعَضْمِہٖ : تنگ
نگاہوں سے دیکھنا۔
اَشَاحَ اِشَاحَۃً۔ فِیْ اَمْرِہٖ : کوشش کرنا چوکنا
رہنا۔ محتاط رہنا...... وَجْھَہٗ و بِوَجْھِہٖ و اَشَاحَ
عَنْہُ وَجْھَہٗ : نفرت سے منہ پھیر لینا
...... المَکَانُ : شیح نامی گھاس اُگانا
...... الفَرَسُ بِذَنَبِہٖ : گھوڑے کا دم کو ڈھیلا
چھوڑ دینا۔
شَایَحَ مُشَایَحَۃً و شِیَاحًا : جنگ کرنا۔ فِی
الْاَمْرِ : کوشش کرنا۔
الشِّیْح : ایک قسم کی گھاس۔ واحد
(شِیْحَۃٌ)...... مِنَ الرِّجَال : کاموں میں
کوشش کرنے والا۔ چوکنا رہنے والا۔
الشِّیَاح : مص۔ کوشش۔ احتیاط۔ قحط۔
الشَّیْحَان والشِّیْحَان والمُشِیْح : لمبا۔
غیرت مند۔ محتاط۔
شَاخَ یَشِیْخُ شَیْخًا و شُیُوْخَۃً و شُیُوْخَۃً
و شِیُوْخِیَّۃً و شُیُوْخِیَّۃً و شَیْخُوْخَۃً
و شَیْخُوْخِیَّۃً : بوڑھا ہونا۔
شَیَّخَ : بوڑھا ہونا...... ہٗ : تعظیم کے لئے یا شیخ
کہہ کے پکارنا...... عَلَیْہِ : عیب لگانا۔ طعن و
تشنیع کرنا...... بِہٖ : رسوا کرنا۔
اَلشِّیْخِیَّۃ : پھول کی ایک جنس جو کہ بطور زیب
و زینت بوئے جاتے ہیں۔
تَشَیَّخَ : بوڑھا ہونا۔
الشَّیْخُ : بڈھا۔ ج شُیُوْخ و شِیُوْخ
واَشْیَاخ و شِیْخَۃ و شِیَخَۃ و شِیْخَان۔
و مَشْیَخَۃ و مَشِیْخَۃ و جج مَشَایِخ
و اَشَایِخ : مؤنث شَیْخَۃ اور شیخ کی تصغیر
شُیَیْخ و شِیَیْخ۔ شَیْخُ المَرْأَۃِ : شوہر اور شیخ
کا اطلاق استاد۔ عالم۔ سردار قوم اور ہر اس
شخص پر ہے جو لوگوں کے نزدیک علم و
فضیلت و مرتبہ کے لحاظ سے بڑا ہوتا ہے۔
شَیْخُ النَّارِ : ابلیس سے کنایہ ہے۔
الشَّیْخُوْن : بڈھا۔
شَادَ یَشِیْدُ شَیْدًا و شَیَّدَ البِنَاءَ : عمارت کو
بلند کرنا...... الحَائِط : دیوار پر گچ کرنا۔
جِلْدَہٗ بِالطِّیْب : جسم پر خوشبو ملنا۔ شَادَ
الرَّجُلُ : ہلاک ہونا (شَادَ الاِبِلَ شِیَادًا)
اُونٹوں کو بلانا۔
اَشَادَہٗ اِشَادَۃً : ہلاک کرنا۔ اَشَادَ بِذِکْرِہٖ :
تعریف کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیْہِ قَبِیْحًا
و بِقَبِیْح : بدنام کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیْہِ
: کسی کے متعلق برائی مشہور کرنا...... المُغَنِّی :
گانے میں آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ صَوْتَہٗ
و بِصَوْتِہٖ : برے طریقہ سے آواز بلند کرنا۔
اَشَادَ الضَّالَّۃَ : گم شدہ چیز کی تعریف کرنا......
البُنْیَانَ : لمبا کرنا۔
الشِّیْد : گچ وغیرہ کا پلستر۔
المَشِیْد : مفع۔ پلستر کیا ہوا (......
والمُشَیَّد) بلند کیا ہوا۔
الشِّیَار : یوم شنبہ۔ ج اَشْیُر و شُیَر و شِیَر۔
شَیَّزَہٗ۔ البُرْدَ : سرخی سے دھاری بنانا۔
الشِّیْز والشِّیْزٰی : آبنوس کی لکڑی یا بہت
سیاہ رنگ کی مضبوط لکڑی۔
اَلشِّیْشَۃ : تمباکو نوشی کا آلہ۔
اَشَاشَتِ۔ النَّخْلَۃُ : نرم گٹھلی کی کھجور والا
ہونا۔
الشِّیْش : نرم گٹھلی کی کھجور۔ والشِّیْش
عِنْدَ العَامَّۃِ : گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ۔
فصیح لفظ سَفُّوْد ہے۔
شَیَّصَ۔ القَوْمَ : رنج و تکلیف پہنچانا۔ عذاب
دینا۔ شَیَّصَتِ النَّخْلَۃُ : ردی کھجور والا
ہونا۔
الشِّیْص : ایک قسم کی ردی کھجور۔ ایک قسم کی
مچھلی۔ واحد (شِیْصَۃ)
الشِّیْص : بدخلقی۔

الشِیْصَاء : نرم گٹھلی کی کھجور۔ واحد (شِیْصَاءَة)
الـمُشَـایَصَة : ایک دوسرے سے جدائی۔ منافرت۔
شَـاطَ یَشِیْـطُ شَیْطًا وشِیَاطَةً وشَیْطُوطَةً. الشَیْئُ : جلنا۔ شَـاطَتِ القِدْرُ : ہانڈی کی تلی میں جلی ہوئی چیز کا لگنا۔ شَــاطَ الـزَیْـتُ : زیتون کے تیل کا گاڑھا ہونا۔ شَــاطَتِ الذَبِیْحَةُ : ذبیحہ کا گوشت تقسیم کرکے ختم ہو جانا ...... فُلانٌ : ہلاک ہونا ...... فِی الاَمْرِ : جلدی کرنا ...... دَمُهٗ : بیکار جانا ...... فُلانٌ الدِمَاءَ : ملانا۔ یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل کرنا۔
شَیَّط واَشَـاطَ. اَلصَقِیْعُ النَبْتَ او الدَوَاءُ الـجَرْحَ : جلانا ...... الـرَاسَ او الـكُرَاعَ : سری یا پائے کے بالوں کو جلانے کے لئے جھلسنا ...... القِدْرَ : ہانڈی کو جوش دینا۔ اَشَاطَ فُلانًـا : ہلاک کرنا۔ اَشَـاطَ الـلَـحْمَ عَلَی القَوْمِ : گوشت تقسیم کرنا۔ اَشَـاطَ الـسُـلْطَان دَمَهٗ وبِدَمِهٖ : قتل کرنے کے لئے سامنے لانا۔
تَشَیَّطَ : جلنا۔ کثرت جماع کی وجہ سے لاغر و کمزور ہونا۔
اِشْـتَـاطَ اِشْتِیَـاطًـا. عَلَیْـهِ : غصہ سے بھڑک اٹھنا ...... الـحَـمَـامُ : کبوتر کا خوش ہو کر اُڑنا ...... مِـنَ الاَمْرِ : ہلکا ہونا ...... فِی الحَرْبِ : اپنے آپ کو قتل کے لئے پیش کرنا۔
الشِیَاط : روئی اون وغیرہ کے جلنے کی بو۔
الـشَـیِّـط والـمُشَـیَّـط : گوشت جو قوم کے لئے بھونا جائے۔
الشَطِیّ : غبار جو فضا میں بلند ہو۔
المُسْتَشِیْط : بہت ہنسنے والا۔ موٹا اُونٹ۔
شَیْطَن وشَیْطَان (دیکھو مادہ شطن)
شَـاعَ یَشِیْـعُ شَیْعًا. بِالخَبَرِ : خبر کو پھیلانا۔ الاِنَاءَ : برتن کو بھرنا۔
شَـاعَ یَشِیْـعُ شَیْعًـا وشُیُوْعًـا ومَشَـاعًـا وشَیَعَانًا وشَیْعُوْعَةً. الخَبَرُ : پھیلنا ...... فِیْه الشَیْبُ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔
شَـاعَـه شِیَاعًا : پیچھے جانا۔ ہمراہ جانا اور اسی سے ہے "شَـاعَـكُم السَلامُ وشَاعَكُمُ اللّٰهُ بِـالـسَـلامِ" یعنی سلامتی تمہارے ساتھ رہے اور اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔
اَشَـاعَ اِشَاعَةً. الخَبَرَ وبِالخَبَرِ : پھیلانا اور کہا جاتا ہے "اَشَــاعَـكُـم اللّٰـه الـسَلامَ وبِالسَلامِ" اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔ اَشَـاعَ بِـالاِبِلِ : پیچھے رہے ہوئے اُونٹ کو بلانا۔
شَیَّعَهٗ : رخصت کرنے یا مکان تک پہنچانے کے لئے ہمراہ جانا۔ شَیَّعَ شَهْرَ رَمَضَان : شش عید کے روزے رکھنا ...... الـرَجُـلَ : جرأت دلانا۔ قوی کرنا ...... النَـارَ : آگ تیز کرنے کے لئے لکڑیاں ڈالنا ...... الشَــیْئَ بِالنَارِ : جلانا۔ الرَجُلُ : شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ...... الشَیْئَ : کسی چیز کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا۔
شَایَعَهٗ : کام کے لئے کسی کے ہمراہ جانا۔
شَایَعَ بِهِمُ الدَلِیْلُ : رہنما کا لوگوں کو پکارنا۔ بِالاِبِلِ : پکارنا آواز دینا۔
تَشَیَّعَ : شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ...... اللَبَن فِی المَاءِ : بکھرنا ...... ہ الغَضَبُ : دل میں غصہ بھڑکنا۔ فُلانٌ فِــی الشَــیْئِ : کسی چیز کی محبت میں ہلاک ہونا ...... ہ الشَیْـبُ : بڑھاپا نمایاں ہونا۔
تَشَـایَعَ تَشَـایُعًا. القَوْمُ : مختلف گروہ ہونا۔
تَشَـایَعُوْا عَلَی الاَمْرِ : باہم موافق ہونا۔
تَشَـایَعُوْا عَلَی الاَمْرِ : باہم موافق ہونا۔
تَشَـایَعُوْا فِی الدَارِ : شریک ہونا۔ تَشَایَعَت الاِبِلُ : متفرق ہونا۔
اِشْتَاعَا اِشْتِیَاعًا. فِی الدَارِ : شریک ہونا۔
اَلشُیُـوْعِیَّةُ : کارل مارکس کا اجتماعی نظریہ۔ (مارکسزم)
الشَیْع : مص۔ مقدار۔ مثل۔ ج اَشْیَـاع کہا جاتا ہے "هٰـذَا شَیْعُ ذَاکَ" یہ اس کے مثل ہے اور اسی سے ہے "كَـمَـا فُـعِـلَ بِـاَشْیَـاعِهِم" یعنی جیسا ان کے امثال کے ساتھ کیا گیا۔ واَقَـمْـتُ عِنْدَهٗ شَهرًا او شَیْعَ شَهْـرٍ : میں نے اس کے پاس ایک مہینہ یا ایک مہینہ کے بقدر اقامت کی۔ و "کَانَ مَعَهٗ مِائَةُ رَجُلٍ اَو شَیْعُ ذٰلِکَ" اس کے ساتھ سو آدمی یا اسی کے بقدر تھے۔ و "نَزَلُوْا مَوضِعَ کَذَا او شَیْعَه" وہ لوگ فلاں مقام میں یا اس کے قریب اُترے۔ "آتِیکَ غَدًا وشَیْعَهٗ" میں تمہارے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔
الشَــاعَة : بیوی۔ پھیلی ہوئی خبریں اور یہ شائع: کی جمع ہے۔
شِیْعَةُ. الـرَجُلُ : پیرو مددگار۔ ج شِیَع واَشْیَـاع والشِیْعَةُ: فرقہ (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے) اس لفظ کا غلبہ استعمال ان لوگوں کے لئے ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے طرف دار ہیں۔ واحد (شِیْعِیٌّ)
الشَیِّع : حصہ دار۔ شریک۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَیِّـعٌ لِهٰـذَا" یہ اس کا حصہ دار ہے۔ ج شُیَعَـاء مؤنث شَیِّعَةٌ کہا جاتا ہے "الـدَار شَیِّعَةٌ بَیْنَهُمَا" گھر ان دونوں کے درمیان مشترک ہے۔
الشِیَاع : آگ سلگانے کی چیز۔ چرواہے کی بانسری یا اس کی آواز۔
الشَیُوْع : آگ سلگانے کی چیز۔
الشَائِع : فا۔ حَدِیْثٌ شَائِعٌ وشَاعٌ بحذف عین : پھیلی ہوئی بات۔ سَهْمٌ شَائِعٌ وشَاعٌ : مشترک غیر منقسم حصہ۔
المَشَاع والمُشَاع : پھیلا ہوا۔ مشترک غیر منقسم اور اسی سے ہے "مُشَـاعُ القُرٰی" وہ چیزیں جس میں آبادی کے سب لوگ شامل ہوں۔
المُشِیْع : بھرا ہوا برتن۔ کیمتکی سے بھرا ہوا کینہ ور۔
الـمِشْیَـعَة : ٹوکری جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔
المُشَیَّع : مع۔ بہادر۔ جلد باز۔
الـمِشْیَـاع : تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔

رَجُلٌ مِشْيَاع: راز کو پھیلانے والا مرد۔
المُشَايِع والمُشْتَاع: شریک۔
شَاقَه يَشِيْقه شَيْقًا. اِلَيْہ: کھینچ کر باندھنا۔ کہا جاتا ہے "شَاقَ الطُّنُبَ اِلَی الوَتَدِ" اس نے طنابوں کو کھینچ کھینچ کر میخ سے باندھا۔
الشِّيْق: پہاڑ کی چوٹی اور بقول بعض پہاڑ کی دشوار جگہ۔ جانب پہاڑ کی تنگ درز۔ جانور کی دم کے بال۔ الشِّيْـــق: ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِيْقَة)
الشَّيَّـــــال: قلی۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ و (الشِّيَالَة) بوجھ اٹھانے کا پیشہ۔
شَامَ يَشِيْمُ شَيْمًا: بدن میں تل والا ہونا۔ صفت (اَشْيَم) مؤنث شَيْمَـــاءُ ج شِيْم وشُوْم.
السَّيْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ میان سے سونتنا۔ (ضد)...... البَرْق: بجلی کے چمکنے اور برسنے کی ست کو دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "شَـــامَ مَخَايِلَ الشَّيْءِ" یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اٹھائی (......

شَيْمًا وشُيُوْمًا) الرَّجُلُ: جم کے حملہ کرنا...... فِی الشَّيْءِ: داخل ہونا۔ الشَّيْءَ فی الشَّيْءِ: چھپانا...... الشَّيْءَ: تخمینہ واندازہ کرنا۔
کہا جاتا ہے "شِمْ مَا بَيْنَهُمَا" ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔
شَيَّمَ واَشَامَ وانْشَامَ واِشْتَامَ. فی الشَّيْءِ اَوْ الاَمْرِ: داخل ہونا۔ شَيَّمَ يَدَيْهِ فی رَاْسِ فُلَانٍ اَوْ ثَوْبِہ: لڑائی کرنے کے لئے سر یا کپڑے کو پکڑنا۔ اِنْشَام الرَّجُلُ: منظور نظر ہونا۔
تَشَيَّمَ. اَبَاهُ: خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا...... الشَّيْءُ فِی الشَّيْءِ: داخل ہونا...... الشَّيْبُ فُلَانًا: بڑھاپا غالب ہونا۔
الشَّامَة: تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کا داغ۔ کالی اُونٹنی۔ ج شَام وشَامَات کہا جاتا ہے "سَارُوْا شَامًا فِی البِلَادِ" وہ لوگ شہروں میں متفرق ہو گئے۔ جس طرح تل بدن پر متفرق ہوتے ہیں۔

الشِّيْمَة والشِّيْمَة: عادت۔ طبیعت۔ ج شِيَم.
الشِّيَم: ہر وہ زمین جواب تک کھدی نہ ہو اور اپنی سختی پر باقی ہو۔
الشِّيَام: نرم زمین۔ مٹی۔
الشِّيَام: مٹی۔ چوہا۔ ج شِيَم.
المَشِيْم والمَشُوْم والمَشْيُوْمُ: تل والا۔
المَشِيْمَة: بچہ کی جھلی جس میں بچہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ج مَشِيْم ومَشَائِم.
شَانَه يَشِيْنُهُ شَيْنًا: عیب لگانا۔
شَيَّنَ: حرف "ش" لکھنا۔
المَشَايِن: عیوب۔
شَاهَهُ يَشِيْهُهُ شَيْهًا: نظر بد لگنا۔
الشَّيُوْه: نظر بد لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَيُوْهٌ مِنْ اَشْيَهِ النَّاسِ" وہ بہت نظر بد لگانے والا ہے۔
الشِّيَة (دیکھو وش ی) الشَّای: چائے۔

ص

ص : الصاد: چودھواں حرف بنیادی حروف سے۔ حروف اسلیہ سے ہے۔

صَئِبَ : (س) صَأَبًا۔ مِنَ الشَّرَابِ: شراب سے سیر ہونا۔ بھر جانا۔ صَئِبَ وَاَصْأَبَ الرَّأْسُ: سر میں جوں ہونا یا زیادہ جوں ہونا۔

الصُّؤَابَةُ: جوں کے انڈے۔ ج صُؤَاب صِئْبَان۔ الصِّئْبَان: چھوٹے چھوٹے موتی کے مانند والے۔

الصُّئْوَبَة: غلہ کا ڈھیر۔

المِصْئَاب: شراب سے بھرا ہوا۔

صَأْصَأَ۔ الجَرْوُ: پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا۔۔۔۔الرَّجُلُ: مرد کا بزدل ہونا ۔۔۔۔مِنْ فُلَانٍ: ڈرنا(۔۔۔۔ تَصَأْصَأَ مِنْهُ: خوف کرنا۔ تابع ہونا۔

الصِّئْصَا: ردی کھجوریں۔

صِئْصِئَةُ۔ الدِّيكِ: مرغ کی ٹانگ کا خار۔

صَئِكَ (س) صَأْكًا: بدبودار پسینہ نکلنا ۔۔۔۔الدَّمُ: خون جمنا۔۔۔۔بِهِ: چپکنا۔

صَاءَكَهُ مُصَاءَكَةً: سختی کرنا۔ تنگی کرنا۔

الصَّئِكُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: مضبوط آدمی۔

صَؤُلَ (ک) يَصْؤُلُ صَآلَةً۔ البَعِيرُ: اونٹ کا آدمیوں پر دوڑنا اور مار ڈالنا۔ صفت صَئِل وصَؤُول۔

صَأَلَ يَصْأَلُ صَئِيلًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا ہنہنانا۔

صَأَمَ يَصْأَمُ صَأْمًا۔ الجَيْشَ عَلَى القَوْمِ: لشکر کی رہنمائی کرنا۔

صَئِمَ يَصْأَمُ صَأَمًا: بہت پانی پینا۔

الصَّائِمُ: پیاسا۔

صَأَى يَصْئِي وَيَصْأَى صُئِيًّا صَئِيًّا صِئِيًّا تَصْآءً ى۔ الفَرْخُ: پرندہ کے بچے کا چوں چوں کرنا۔ بچھو کا آواز کرنا۔ اسی سے ضرب المثل ہے "يَلْدَغُ وَيَصِيءُ" یعنی ظلم کرتا ہے اور شور مچاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَا صَأَى وَصَمَتَ" یعنی مال ناطق اور مال صامت لایا۔

اَصْأَى: چوں چوں کرنا۔

صَبَّ: (ن) صَبًّا۔ المَاءَ: پانی انڈیلنا۔۔۔۔ فِي الوَادِيْ: وادی میں اترنا۔۔۔۔الدِّرْعَ: زرہ پہننا۔ صَبَبْتُ الدِّرْعَ عَلَى فُلَانٍ: میں نے فلاں کو زرہ پہنائی۔ کہا جاتا ہے "صَبَّ عَلَيْهِ الْبَلَاءَ مِنْ صَبَبٍ" اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی۔ صَبَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ صَاعِقَةً: اللہ اس کے اوپر بجلی ڈالے۔

صَبَّ۔ رِجْلَهُ فِي القَيْدِ: یعنی بیڑی پہنا دی۔

صَبَّ: (ض) صَبًّا۔ المَاءُ: پانی گرنا۔

صُبَّ۔ الشَّيْءُ: مٹایا جانا۔ محو کیا جانا۔

صَبَّ: (س) صَبَابَةً۔ اِلَيْهِ: عاشق ہونا۔

اَصَبَّ اِصْبَابًا۔ القَوْمُ: قوم کا نیچے اترنا۔

اِنْصَبَّ۔ المَاءُ: پانی گرنا۔۔۔۔عَلَيْهِ: اترنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِي الْوَادِيْ" اس کے قدم وادی میں جم گئے۔

اِصْطَبَّ۔ المَاءُ: پانی گرنا۔

اِصْطَبَّ وتَصَابَّ۔ المَاءَ: بچا ہوا پانی پینا۔

اِصْطَبَّ وتَصَابَّ۔ العَيْشَ: بقیہ زندگی گزارنا۔

تَصَبَّبَ۔ المَاءُ ونَحْوُهُ: پانی بہنا۔

الصَّبُّ: عاشق ج صُبُّوْنَ مؤنث صَبَّةٌ ج صَبَّاتٌ۔ مَاءٌ صَبٌّ: پانی بہا ہوا۔

الصَّبُّ وَالصُّبَّةُ: گرایا ہوا (کھانا وغیرہ)

الصُّبَّةُ: آدمیوں کی جماعت۔ گھوڑے، اونٹ، بکریوں کا گلہ۔ تھوڑا مال۔ برتن میں پانی یا دودھ کا بقیہ۔ شورباء رات کا کچھ حصہ۔

الصَّبَبُ: نشیب۔ ج اَصْبَاب۔

الصُّبَابَةُ: برتن میں بچا ہوا پانی۔ ج صُبَابَات کہا جاتا ہے "لَمْ اُفْرِكْ مِنَ الْعَيْشِ اِلَّا صُبَابَةً" میں نے زندگی سے صرف تھوڑا سا حاصل کیا۔

الصَّبَابَةُ: عشق۔ سوزش عشق۔

الصَّبِيبُ: زرد رنگ۔ اولہ۔ عمدہ شہد۔ پسینہ۔ خون۔ عندم کا نچوڑ۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔ گرائی ہوئی چیز۔ تلوار کی دھار۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ صَبِيبَ السَّيْفِ فِي بَطْنِهِ" یعنی تلوار کی دھار کو اس کے پیٹ پر رکھا۔

المَصَبُّ: گرنے کی جگہ۔ ج مَصَابٌّ۔

المِصَبُّ: حروف ڈھالنے کا سانچہ۔

المَصْبُوْبُ: گرایا ہوا۔ المَصْبُوْبُ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر برانگیختہ کیا ہوا۔

صَبَا (ف) صَبُؤَ (ک) صَبْأً وصُبُوْءًا: مذہب تبدیل کرنا۔ صابئین کا دین اختیار کرنا

صفت صَابِي...... عَلَيْهِمْ :اچانک پہنچ جانا
......العَدُوَّ عَلَيْهِمْ :دشمن کی رہنمائی کرنا
(...... وَاَصْبَا اِصْبَاءً) ...... النَّابُ او
النَّبَات :دانت نکلنا۔ نباتات اُگنا و اَصْبَا
القَوْمَ :قوم پر اچانک پہنچ جانا۔
الصَابِئُوْنَ والصَابِئَة :ایک قوم جو ستاروں
کی پرستش کرتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ
نوح علیہ السلام کے دین کے پیرو تھے اور کہا
گیا ہے کہ ان کے علاوہ ہیں۔
الصَبَاؤُت والصَبَاوُوْت :جمع صِبِيٌّ: عبرانی
کا لفظ ہے جس کے معنی خوبصورتی اور شرافت
کے ہیں اور اسی سے ہے "رَبُّ الصَبَاؤُت"
یعنی شرافت والا۔
صَبَحَ :(ف) صَبَاحًا. القَوْمَ: صبح کے
وقت آنا......عَنِ الحق :حق ظاہر کرنا۔
صَبِحَ :(س) صَبَحًا وصُبْحَةً: چمکدار
روشن ہونا......الشَعْر :بال کا چمکدار ہونا
......الحَدِيْد: لوہے کا چمکدار ہونا۔
صَبُحَ :(ک) صَبَاحَةً. الوَجْه :چہرے کا
روشن و چمکدار ہونا......الغُلَامُ: لڑکے کا
خوبصورت ہونا۔ صفت صُبَاحٌ صَبِيْحٌ.
صَبَّحَهُ: صبح کے وقت آنا۔ صبح کی شراب
پلانا۔ صَبَّحَ القَوْمُ المَاءَ: قوم کو لے کر چلنا
اور صبح کو پانی پر پہنچنا......الرَجُلَ: صبح کو سلام
کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَبَّحَكَ اللّٰهُ
بِخَيْرٍ".
اَصْبَحَ: صبح میں داخل ہونا۔ آدھی رات میں
بیدار ہونا......المِصْبَاح :چراغ جلانا۔
الحَقُّ: حق ظاہر ہونا۔
اَصْبِحْ. يَا رَجُلُ :اے شخص چوکنا رہو۔
عرب جب کسی سے بدفالی لیا کرتے تھے تو
کہا کرتے تھے صَبَاحُ اللّٰهِ لَا صَبَاحُكَ.
تَصَبَّحَ: صبح کے وقت سونا۔ ناشتہ کرنا۔
تَصَبَّحَ بِهِ: صبح کے وقت ملنا۔
تَصَابَحَ :بتکلف خوبصورت بننا۔ کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ يَتَصَابَحُ وَيَتَحَاسَنُ" فلاں بتکلف
خوبصورت و حسین بنتا ہے۔

اِصْطَبَحَ :چراغ روشن کرنا۔ کہا جاتا ہے
"الشَمْعُ مِمَّا يُصْطَبَحُ بِهِ" موم ان چیزوں
میں سے ہے جن سے روشنی کی جاتی ہے۔
الرَجُلُ: صبح کی شراب پینا۔
اِصْبَاحَّ اِصْبِيْحَاحًا. الشَعْرُ :بال کا مائل
بسرخی ہونا۔
اِسْتَصْبَحَ. الرَجُلُ :چراغ جلانا۔ روشن
کرنا۔
الصُبْح :دن کا ابتدائی حصہ۔ ج اَصْبَاح.
الصُبْحَة :مص۔ ناشتہ۔ سیاہ رنگ۔ مائل
بسرخی (...... والصَبْحَةُ): صبح کی نیند۔
الصَبَاح والصَبِيْحَة الاُصْبُوْحَة :دن کا
ابتدائی حصہ اور وہ شام کی ضد ہے۔ تم کہتے
ہو "آتِيْهِ صَبَاحَ مَسَاءَ" دونوں جزء کو مبنی کر
کے اور "آتَيْتُهُ ذَا صَبَاحٍ" یعنی صبح کے وقت
اور "عِمْ صَبَاحًا" یعنی تمہاری زندگی صبح کے
وقت اچھی ہو۔ "يَوْمُ الصَبَاحِ" لوٹ کا
دن۔
الصُبَاح :قندیل کا شعلہ۔ غُلَامٌ صُبَاحٌ :
خوبصورت لڑکا۔ مؤنث صُبَاحَةٌ ج صِبَاح.
الصُبَاحِيَة: چوڑا نیزہ۔
الصُبَاحِيُّ :بہت سرخ خون۔
الاَصْبَح :شیر۔ بال جس میں خلقتاً سفیدی
سرخی مائل ہو۔ سفیدی سرخی مائل بال والا۔
مؤنث صَبْحَاءُ. ج صُبْح.
الصَبُوْح :جو چیز صبح کے وقت کھائی یا پی
جائے۔ دودھ جو صبح کو دوہا جائے۔ کہا جاتا
ہے "آتَيْتُهُ ذَا صَبُوْحٍ" یعنی صبح کے وقت میں
اس کے پاس آیا۔
اَلصَّابِحَةُ: بچوں کو سال کے آخر میں جو دیا
جائے یا رخصتی والی رات دلہن کو جو دیا
جائے۔
الصَبِيْح :خوبصورت۔ ج صِبَاح :مؤنث
صَبِيْحَة :۔ ج صِبَاح.
الصَبْحَان :خوبصورت۔ مؤنث صَبْحَى
۔ ج صَبَاحَى :وہ شخص جو صبح کی شراب
پئے۔

رَجُلٌ صَبْحَانٌ :جلدی صبح کی شراب پینے
والا۔
الصَبَاحِيَة :خوبصورتی۔
المُصْبَح :صبح کرنا۔ صبح کرنے کا وقت۔ صبح
کرنے کا مقام۔
المِصْبَح :بڑا پیالہ۔ چراغ۔
المِصْبَاح :چراغ۔ چوڑہ نیزہ۔ بڑا پیالہ۔
جس میں صبح کی شراب پی جائے۔ ج
مَصَابِيْح.
صَبَرَ :(ض) صَبْرٌ. عَلَى الاَمْرِ :دلیری
کرنا۔ بہادری کرنا۔ صفت صَابِرٌ صَبِيْرٌ
صَبُوْرٌ......عَنِ الشَيْءِ :رک جانا......الدَابَّة
:جانور کو بغیر چارہ کے باندھ رکھنا......ہ: مجبور
کرنا اور لازم کر دینا......ہ عَنِ الاَمْرِ :روک
دینا۔ بند کر دینا۔ (کام سے) اسی سے
ہے۔ صَبَرْتُ نَفْسِي عَنْ كَذَا :یعنی میں
نے اپنے نفس کو فلاں چیز سے روک دیا۔
وَصَبَرْتُ عَلَى مَا اَكْرَهُ وَصَبَرْتُ عَمَّا
اُحِبُّ :جس چیز کو میں مکروہ سمجھتا ہوں اس
سے اپنے آپ کو روک دیا اور جس چیز کو
محبوب سمجھتا ہوں اس سے صبر کیا۔ کہا جاتا
ہے "قُتِلَ صَبْرًا" وہ قتل کے لئے بند کیا گیا۔
وحُلِفَ صَبْرًا :قسم کھانے کے لئے بند کیا
گیا۔
صَبَرَ :(ن) صَبْرًا وصَبَارَةً بِهِ :ضامن
ہونا۔
...... ہ :ضامن دینا۔ کہا جاتا ہے اَصْبُرْنِي :
یعنی مجھ کو ضامن دو۔
صَبَّرَهُ :صبر دلانا۔ صبر کرنے کو کہنا......
المَيِّتَ :مردہ کے پیٹ میں ایلوا ڈالنا تاکہ
بدبودار نہ ہو۔ صَبَّرَ الكَاسَ :پیالہ کو لبالب
بھرنا۔
اَصْبَرَ. اللَبَنُ :کھٹے پن کا تلخی تک پہنچ جانا۔
ایلوے کی مانند کڑوا ہونا۔ صبر دلانا ......
الرَجُلَ: ام صبور :یعنی مصیبت میں پڑنا۔
شیشی کو کاگ لگانا......القَاضِي فُلَانًا : قاضی
کا خصم سے بدلہ دلانا۔

صَابَرَهٗ صِبَارًا و مُصَابَرَةً :صبر کرنے میں غالب رہنا۔
تَصَبَّرَ :تکلف سے صبر ظاہر کرنا......عَلَیْهِ: صبر کرنا۔
اِصْطَبَرَ واصَّبَرَ. عَلَیْهِ :صبر کرنا......مِنْهُ: بدلہ لینا۔
اِصْبَارًا اِصْبِرَارًا. عَلَیْهِ :صبر کرنا۔
اِسْتَصْبَرَ. الشَّیْءُ :موٹا ہونا۔سخت ہونا۔تہ بتہ ہونا۔
الصَّبْرُ :بہادری۔مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔شَهْرُ الصَّبْرِ :رمضان کا مہینہ۔یَمِیْنُ الصَّبْرِ :وہ قسم جس کو کھانے کے لئے قید کر دیا جائے۔
الصُّبْرُ والصُّبُرُ :کنارہ۔سفید بال۔ج اَصْبَار کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْءَ بِاَصْبَارِهٖ" یعنی پورا لے لیا۔و "مَلَاَ الْكَاسَ اِلٰی اَصْبَارِهَا" پیالے کو کنارے تک بھر دیا۔
الصُّبْرُ والصَّبْرُ :کنکر یلی زمین جو سخت نہ ہو۔
الصَّبْرُ :برف۔ج اَصْبَار۔
الصَّبِرُ :ایلوا۔ج صُبُوْر واحد صَبِرَة: اس لفظ میں ب کو بہت کم ساکن کیا جاتا ہے۔
الصُّبْرَةُ :غلہ کا ڈھیر۔سخت پتھروں کا ڈھیر۔جمع صِبَار کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ صُبْرَةً" یعنی بغیر وزن اور پیمانے کے کل لے لیا۔
الصَّابِرُ :فا۔اَبُوْ صَابِر :نمک۔
الصَّابُوْرَةُ :بوجھ جو سواری یا کشتی جہاز وغیرہ میں رکھا جائے تاکہ اِدھر اُدھر نہ جھکنے پائے۔
الصَّبْرَةُ والصَّبَارَّةُ :سخت سردی۔صَبْرَةُ الشِّتَاءِ: سردی کا درمیانی زمانہ۔
الصِّبَارُ :کاگ۔ایک کھٹے درخت کا پھل۔
الصَّبَارَةُ :ضمانت۔سردی کی شدت۔
(...... والصُّبَارَةُ) :چکنے پتھر۔
الصُّبَّارُ والصَّبَّارُ :املی۔ناگ پھنی۔واحد صُبَّارَةٌ.
الصَّبَارَةُ :بنجر سخت زمین۔
الصَّبُوْرُ :ج صُبُر :بردبار۔یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے (...... والصَّبَّارُ) :بہت زیادہ صبر کرنے والا۔
الصَّبُوْرَةُ. مِنَ الرِّجَالِ :قتل کے لئے قید کیا ہوا۔
الصَّبِیْرُ :صبر کرنے والا۔ضامن۔قوم کا چودھری۔ج صُبَرَاءُ.
الصَّبِیْرُ الصَّبِیْرَةُ :چوڑی روٹی۔
اُمُّ صَبَّارٍ واُمُّ صَبُوْرَةٍ :مصیبت۔
المَصْبُوْرُ :قتل کے لئے قید کیا ہوا۔ڈھیر۔مؤنث مَصْبُوْرَةٌ.
صَبْصَبَ :متفرق کرنا۔
تَصَبْصَبَ :متفرق ہونا۔تَصَبْصَبَ اللَّیْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا......الحَرُّ :گرمی زیادہ ہونا......عَلَیْنَا فُلَانٌ :بہت جرأت کرنا۔
الصَّبْصَابُ والصَّبْصَبُ والصُّبَاصِبُ : سخت مضبوط۔
صَبَعَ :(ف) صَبْعًا. بِهٖ وعَلَیْهِ :انگلی سے اشارہ کرنا......فُلَانًا عَلَیْهِ :اشارہ سے رہنمائی کرنا۔
صَبَّعَهٗ :(ف) صَبْعًا ومُصَبَّعَةً :متکبر بنانا۔اسی سے ہے "مَنْ وَلَّاهُ السُّلْطَانُ صَبَّعَهُ الشَّیْطَانُ" جس کو سلطان والی بنا دیتا ہے۔شیطان اس کو متکبر بنا دیتا ہے۔انگلی پر مارنا۔
صَبَعَ الشَّیْءَ :کسی چیز میں انگلی داخل کرنا......بَیْنَ الْقَوْمِ :کسی دوسرے کو قوم کا پتہ بتا دینا۔
فِی الطَّعَامِ :کھانے میں انگلی ڈالنا۔
الاَصْبَعُ الاِصْبَعُ الاُصْبُعُ الاَصْبُعُ الاِصْبِعُ الاُصْبَعُ الاِصْبَعُ الاُصْبِعُ الاَصْبَعُ :انگلی۔مؤنث۔سماعی ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے۔ج اَصَابِعُ اَصَابِیْعُ الْفَتَیَاتِ :ایک پھول کی قسم۔فرنجمشک اَصَابِعُ الْعَذَارٰی او اَصَابِعُ العَرُوْسِ :انگور کی ایک قسم جو لمبی ہوتی ہے۔
المَصْبَعَةُ :غرور تکبر گھمنڈ۔
اَصَابِعُ الْیَدِ :ہاتھ کی انگلیاں: خِنْصَرٌ :(چھنگلیا) بِنْصَرٌ :(چھنگلیا کے ساتھ والی) وُسْطٰی :(درمیان والی) مُسَبِّحَةٌ :(انگشت شہادت) الاِبْهَامُ :(انگوٹھا)۔
المَصْبُوْعُ :گھمنڈی۔متکبر۔
المُصَبَّعُ :گوشت بھونے کا نیچہ۔
صَبَغَ :(ن ض ف) صَبْغًا وصِبْغًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو رنگنا......یَدَهٗ فِی الْمَاءِ :پانی میں ہاتھ ڈبونا......یَدَهٗ بِالْعَمَلِ :کام میں مشغول ہونا۔فُلَانًا بِالنِّعَمِ :نعمتوں سے چھپا دینا۔صَبَغَهٗ بِالْمَاءِ فَاصْطَبَغَ :پانی سے غسل دینا۔کہا جاتا ہے "صَبَغُوْنِیْ فِیْ عَیْنِكَ" یعنی انہوں نے میری برائی تمہارے سامنے بیان کر کے میری کیفیت بدل دی۔
صَبَغَ :(ن) صُبُوْغًا. ضَرْعُ النَّاقَةِ :اونٹنی کے تھن کا بھر جانا اور خوش رنگ ہونا۔
صَبَّغَ :گہرا رنگنا (...... واَصْبَغَ) :کھجور کا پکنے لگنا۔اَصْبَغَ عَلَیْهِ النِّعْمَةَ :کامل کرنا۔
تَصَبَّغَ. فِیْ دِیْنِهٖ :دین میں کامل و پختہ ہو جانا۔
اِصْطَبَغَ :سالن لگانا۔کہا جاتا ہے "اِصْطَبَغَ بِالْخَلِّ اَوْ فِی الْخَلِّ" اس نے سرکہ کو سالن بنایا۔بِكَذَا :رنگین ہونا۔
الصِّبْغُ والصِّبَغُ ج اَصْبَاغٌ والصِّبَاغُ: ج اَصْبِغَةٌ والصِّبْغَةُ :رنگ۔
الصِّبْغُ :سالن۔
الصِّبْغَةُ :نوع۔ملت۔دین۔غسل۔رنگ۔
الصِّبْغَةُ :ادھ پکی کھجور۔
الصِّبَاغَةُ :رنگریزی کا پیشہ۔
الصَّابِغُ :رنگنے والا۔لقب ہے یوحنا کا۔
الصَّبِیْغُ :رنگا ہوا۔کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ صَبِیْغٌ ثِیَابٌ صَبْغٌ".
الصَّبَّاغُ :رنگریز۔جھوٹا۔
الاَصْبَغُ :بڑا سیلاب......مِنَ الطَّیْرِ والشَّاءِ :پرند یا بکری جس کی دم سفید......مِنَ الْخَیْلِ :گھوڑا جس کی پیشانی یا کان کے اطراف سفید ہوں۔مؤنث صَبْغَاءُ ج صُبْغٌ.

المَصْبَغَة : رنگنے کی جگہ۔
صَبَنَ : (ض) صَبْنًا۔ الشَّیْئَ عَنْهُ : روک دینا۔ دوسری چیز کی طرف پھیر دینا ...... المُقَامِرُ الكَعْبَيْنِ : جواری کا پانسہ کو پھینکنے کے لئے درست کرنا۔
اِنْصَبَنَ واصْطَبَنَ عَنْهُ : رک جانا۔ پھر جانا۔
الصَّابُوْن : صابن۔ کلمہ فارسی الاصل ہے۔ عربی میں (غاسول) کہتے ہیں۔ ایک ٹکڑے کو (صابونہ) کہتے ہیں اور اس کے بیچنے ڈالنے اور بنانے والے کو صَبَّان و صَابُوْنِی کہتے ہیں۔
الصَّابُوْنِيَّة : ایک قسم کا پودہ جس سے دھویا جاتا ہے۔
المَصْبَنَة : صابون کا کارخانہ۔
صَبَا يَصْبُوْ صَبْوَةً وصُبُوَّةً وصُبُوًّا اِلَيْهِ ولَهُ : مشتاق ہونا۔
صَبَا يَصْبُوْا صَبْوًا وصُبُوًّا وصِبَاءً وصَبَاءً : بچپنے کی طرف مائل ہونا۔ بچوں کی سی خصلت اختیار کرنا۔ صفت صَابٍ : مؤنث صَابِيَةٌ۔
صَبَتْ صَبَاءً وصُبُوًّا۔ الرِّيْحُ : پُروائی ہوا کا چلنا۔
صُبِيَ و اَصْبَى۔ القَوْمُ : پُروائی ہوا کا لگنا۔
اَصْبَى۔ الرَّجُلُ : بچے والا ہونا۔ اَصْبَى الشَّیْئُ فُلَانًا : شوق میں ڈال دینا۔ کہا جاتا ہے اَصْبَتْهُ المَكَارِمُ : اس کو مکارم نے شوق میں ڈال دیا۔
صَبِيَ يَصْبَى صَبَاءً واسْتَصْبَى : بچوں جیسا کام کرنا۔ صَبِيَ اِلَيْهِ : مشتاق ہونا۔
اِسْتَصْبَاه : کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جیسا بچوں سے کیا جاتا ہے۔
صَابَى مُصَابَاةً : نیزہ مارنا۔ نیزے کو مارنے کے لئے جھکانا ...... السَّيْفَ : تلوار کو میان میں اُلٹی طرف سے کرنا ...... الكَلَامَ : بے قاعدہ بولنا ...... بَيْتَ الشِّعْرِ : اچھی طرح نہ پڑھنا۔

تَصَبَّى تَصَبِّيًا وتَصَابَى تَصَابِيًا : کھیل کود کی طرف مائل ہونا ...... المَرْأَةَ : عورت کو فریب دینا اور مفتون بنانا۔ تَصَبَّاهُ الشَّیْئُ : شوق میں ڈالنا۔
الصَّبَا : پُروائی ہوا (مؤنث ہے) اس کے مقابل کی ہوا کا نام دَبُوْر ہے۔ تثنیہ اس کا صَبَوَان اور صَبَيَان اور جمع صَبَوَات اور اَصْبَاء۔
الصِّبَا : شوق۔
الصِّبَاء والصَّبَاء : بچپنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ فِي صِبَاهُ او فِي صَبَائِهِ" : یعنی اس کو بچپنے میں دیکھا تھا۔
الصَّبْوَة : بچپن۔ جوانی کی نادانی۔
الصَّبِيُّ : بچہ جو جوان سے کم عمر ہو۔ آنکھ کی تپلی۔ ج صَبْيَان وصِبْيَان وصُبْوَان وصِبْوَان واَصْبِيَة وصِبْيَة وصَبِيَة وصُبْيَة وصِبْوَة واَصْبٍ مؤنث صَبِيَّةٌ۔ ج صَبَايَا۔ الصَّبِيَّة : لڑکی۔ الصَّبِيُّ : تلوار کی دھار۔ پاؤں کا پنجہ۔ کہا جاتا ہے "بِهِ وَجَعٌ فِي صَبِيِّ قَدَمِهِ" اس کے پنجے میں درد ہے۔
الصَّبِيَّان : ڈاڑھی کے کنارے جو ٹھوڑی کے قریب ہیں۔
الصُّبَيَّة الاُصَيْبِيَة۔ صَبِيٌّ : کی جمع صِبْيَة : اور اَصْبِيَة : کی تصغیر ہے۔
الصَّابِيَة : پروائی اور شمالی ہوا کے درمیان کی ہوا۔ المُصَابِيَة : مصیبت۔
صَتَّهُ : (ن) صَتًّا : زور سے دھکا دینا۔ ہاتھ سے مارنا ...... بِكَلَامٍ اَوْ بِدَاهِيَةٍ : تہمت لگانا۔ مصیبت ڈالنا۔
صَاتَّهُ مُصَاتَّةً وصِتَاتًا : جھگڑا کرنا۔
تَصَاتَّ۔ القَوْمُ : آپس میں جھگڑا کرنا۔ آپس میں جنگ کرنا۔
الصَّتُّ والصِّتُّ والصُّتَّة : جماعت الصِّتُّ والصُّتَّة : ضد۔ ہٹ۔
الصَّتَت : در پے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِصَتَتِهِ" وہ اس کے در پے ہے۔
الصَّتِيْت : جماعت۔ آواز۔ شور۔

المُصْتِيْت : اپنے کاموں میں مستعد۔
صَتَعَهُ : (ف) صَتْعًا : پچھاڑ دینا ...... لَهُ : کسی کا قصد کرنا۔
تَصَتَّعَ : کسی کام میں تردد کرنا۔
الصَّتَع : مضبوط جوان۔ گورخر۔
صَتَمَ۔ الشَّیْئَ : مکمل کرنا۔
تَصَتَّمَ : تیز دوڑنا۔
الصَّتْمُ والصَّتَمُ : سخت مضبوط۔ کامل مضبوط
الصَّتْمَة والصَّيْتَمَةُ : سخت پتھر۔
المُصْتَم : کلی یا وادی جو غیر نافذہ ہو۔
صَجَّ : (ن) صَجًّا : لوہے پر لوہا مارنا جس سے آواز نکلے۔
الصُّجْج والصَّجِيْجُ : لوہے پر لوہا گرنے کی آواز۔ جھنکار۔
صَحَّ : (ض) صُحًّا وصِحَّةً وصَحَاحًا : تندرست ہونا۔ ہر عیب سے پاک صاف ہونا ...... الخَبَرُ : مطابق واقع ثابت ہونا۔ صفت صَحِيْحٌ وصِحَاحٌ : کہا جاتا ہے "صَحَّ لِيْ عَلٰى فُلَانٍ كَذَا" یعنی میرے لئے فلاں پر اتنا ثابت ہوا۔
صَحَّحَ۔ المَرِيْضَ : تندرست کر دینا۔ چنگا کر دینا ...... الكِتَابَ : کتاب کی غلطی درست کر دینا۔
اَصَحَّهُ اِصْحَاحًا : تندرست کرنا یا تندرست پانا۔ مرض کا زائل کر دینا۔ اَصَحَّ الرَّجُلُ : آدمی کا تندرست بال بچے یا مویشی والا ہونا۔
تَصَحَّحَ۔ بِكَذَا : فلاں چیز سے علاج کرنا۔
اِسْتَصَحَّ۔ مِنْ مَرَضِهِ : مرض سے تندرست ہونا ...... الكَلَامَ : صحیح پانا۔
الصِّحَّة : مص۔ تندرستی۔
الصَّحَاح : مص۔ مِنَ الطَّرِيْقِ : راستہ کا دشوار حصہ۔
الصَّحِيْح : تندرست۔ عیب وغیرہ سے بری۔ بھروسہ کے قابل۔ ج اَصِحَّاء وصِحَاح واَصِحَّةٌ صَحَائِح۔
المَصَحّ : صحت کی جگہ۔

المَصَحَّة والمَصِحَّة: صحت دینے والی۔ صحت محفوظ رکھنے والی۔ کہا جاتا ہے "الصَّوْمُ مَصَحَّةٌ" یعنی روزہ صحت دینے والا ہے یا صحت کا حافظ ہے و"اَرْضٌ مَصِحَّةٌ" ایسی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں۔

صَحِبَ (س) صُحْبَةً وصَحَابَةً وصِحَابَةً وصَاحَبَهُ مُصَاحَبَةً: ساتھی ہونا۔ دوستی کرنا۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

صَحَبَ (ف) صَحْبًا. المَذْبُوحَ: کھال اُتارنا۔

اَصْحَبَ. الرَّجُلُ: ساتھی والا ہونا۔ بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے ہی مانند ہونا۔ دشواری کے بعد تابعدار ہونا...... المَاءُ: پانی کا کائی والا ہونا...... ہ فُلانًا: محفوظ رکھنا...... ہ عَنْ كَذَا: روک دینا...... ہ الشَّیْءَ: ساتھ کر دینا۔

تَصَحَّبَ. مِنْهُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَا يَتَصَحَّبُ مِنْ شَیْءٍ" یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا ہے اور نہ شرم کرتا ہے۔

اِصْطَحَبَ. فُلانًا: حفاظت کرنا۔

اِصْطَحَبُوْا: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِسْتَصْحَبَهُ: ساتھی بنانا۔ ساتھی بننے کے لئے کہنا۔ ساتھی بنا۔ اِسْتَصْحَبَهُ الشَّیْءَ: کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لئے کہنا...... الشَّیْءَ: کسی چیز کو ساتھ کر دینا۔

الصَّاحِب: ساتھی۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا۔ مالک۔ وزیر۔ گورنر۔ کہا جاتا ہے "صَاحِبُ حَمَاةٍ" یعنی حاکم حماۃ اور "یا صَاحِ" یا صاحب کی ترخیم ہے۔ ج صَحْب واَصْحَابٌ وصُحْبَةٌ وصِحَاب وصُحْبَان وصِحَابَة وصَحَابَة اور اَصْحَاب کی جمع اَصَاحِیْب۔

الصَّاحِبَة: صاحب کا مؤنث۔ بیوی۔ ج صَاحِبَات وصَوَاحِب۔

الصَّحَابَة: وہ حضرات (رضی اللہ عنہم) جو سرورِ کائنات ﷺ کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں اور ایمان لائے اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔

الصَّحَابِیُّ: جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف منسوب ہوں۔ نیز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے فرد واحد (رضی اللہ عنہ)

المُصَاحِبُ: ساتھ رہنے والا۔ دشواری سے فرمانبردار ہونے والا۔

المُصْحَبُ: پاگل آدمی جو خود بخود باتیں کرے۔ عُوْدٌ صُحُبٌ: وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ نہ کیا گیا ہو۔ اَدِیْمٌ مُصْحَبٌ: وہ چمڑا جس سے بال دور نہ کئے گئے ہوں۔

المُصْحِب والمِصْحَاب: فرمانبردار۔ ذلیل۔ اَدِیْمٌ مُصْحِبٌ: جس چمڑے پر بال یا اون ہوں۔ عُوْدٌ مُصْحِبٌ: وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو۔

المَصْحُوْب: مفع۔ ادیم مصحوب: وہ چمڑا جس پر سے بال نہ اتارے گئے ہوں۔ عُوْدٌ مَصْحُوْبٌ: وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِذْهَبْ مَصْحُوْبًا مُصَاحَبًا" یعنی محفوظ خیریت و عافیت کے ساتھ جاؤ۔

صَحَرَ (ف) صَحْرًا. اللَّبَنَ: دودھ کو ابالنا۔ صَحَرَتْهُ الشَّمْسُ: دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا۔

صَحَرَ (ف) صَحِیْرًا وصُحَارًا. الحِمَارُ: گدھے کا زور سے رینگنا۔

صَحِرَ (س) صَحَرًا: سرخی مائل مٹیالا ہونا۔ صفت اصحر مؤنث صحراء ج صُحْر اور رنگ کا نام صُحْرَة۔

اَصْحَرَ: جنگل کی طرف جانا...... المَكَانُ: جنگل کی مانند وسیع ہونا...... الاَمْرَ وبالاَمْرِ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُصْحِرْهُ اَمْرَكَ" یعنی اس کے سامنے اپنے امر کو ظاہر نہ کرو اور "اَصْحِرْ مَا فِي قَلْبِكَ" یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو...... الرَّجُلُ: کانا ہونا۔

اِصْحَارَّ اِصْحِیْرَارًا: سرخی مائل مٹیالے رنگ والا ہونا۔

الصُّحْر: سرخ سفید رنگ۔

الصَّحْرَاء: بیابان جس میں نباتات نہ ہو۔ ج صَحَارَی صَحَارٍ وصَحَارِیّ وصَحْرَاوَات۔

الصَّحِیْرَةُ: دودھ جو ابالا جائے اور اس میں گھی اور آٹا ملا دیا جائے۔

المُصَاحِر: وہ شخص جو اپنے مقابل سے بیابان میں جنگ کرے اور فریب نہ دے۔

المُصْحِرُ: شیر۔

صَحْصَحَ. الاَمْرُ: روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔

الصَّحْصَح والصَّحْصَاح والصَّحْصَحَان: ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو۔ ج صَحَاصِح۔ التُّرَّهَاتُ الصَّحَاصِحُ وتُرَّهَاتُ الصَّحَاصِحِ: لغویات۔ خرافات۔ اضافت کے ساتھ بہتر ہے۔

الصُّحْصُح والصُّحْصُوح. مِنَ الرِّجَالِ: مرد باریک بیں۔

المُصَحْصِح: خالص محبت والا۔ باطل کوش۔

صَحَّفَ. الكَلِمَةَ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔

اَصْحَفَ. الكِتَابَ: کتاب میں صحیفوں کو جمع کرنا۔

تَصَحَّفَ. القَارِئُ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَحَّفَتْ عَلَيْهِ الصَّحِیْفَةُ" یعنی صحیفہ میں کلمہ اس پر متغیر ہو گیا۔

الصَّحْفَة: بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں۔ ج صِحَاف۔

الصِّحَاف: چھوٹے چھوٹے چشمے۔

الصِّحَافَة: ایڈیٹری۔ عَالَمُ الصِّحَافَةِ: محررین اخبار۔

الصَّحِیْفَةُ: لکھا ہوا کاغذ۔ ورق۔ صَحِیْفَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال۔ کہا جاتا ہے صُنْ صَحِیْفَةَ وَجْهِكَ: اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ۔ ج صَحَائِف وصُحُف۔

الصُّحَیْفَة: چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی آسودہ ہو۔

الصَّحِیْف: روئے زمین۔

المَصَحّاف: پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔ کتب فروش۔

الصَحَفِيّ: بغیر استاد کے کتب بینی سے علم حاصل کرنے والا۔(...... والمُصَحِّف): پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔

المَصْحَف والمِصْحَف والمُصْحَف: مجلد کتاب۔ مَصَاحِف: جمع۔

المُصَحَّف: تغیر کیا ہوا۔

صَحِلَ (س) صَحَلا صَوْتُه: پڑی ہوئی آواز والا اور بھاری آواز والا ہونا۔ صفت صَحِلٌ واَصْحَل.

اِصْطَخَمَ. الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔

اِصْحَامّ اِصْحِيمَامًا. النَبَاتُ: پودہ کا بہت سرسبز ہونا۔ سبزی کا زردی سے ملنا۔ صفت اَصْحَم: مؤنث صَحْمَاء: رنگ۔ صُحْمَة...... الاَرْضُ: زمین کے نباتات کا متغیر ہونا...... الزَرْعُ: سردی لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا۔

صَحَنَه (ف) صَحْنًا: مارنا۔ کہا جاتا ہے "صَحَنَهٗ عِشْرِيْنَ سَوْطًا" اس نے اس کو بیس کوڑے مارے۔ صَحَنَهٗ بِرِجْلِه: پیر سے مارنا...... الرَجُلَ: کسی کو پیالہ میں کچھ دینا۔ صَحَنَهٗ دِيْنَارًا: دینار دینا...... بَيْنَهُمْ: اصلاح کرنا۔

الصَحْن: چھوٹا پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ گھر کا باطنی حصہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ وَاسِعُ الصَحْن" "صَحْنُ الدَّار: انگنائی الصَحْن مِنَ الاَرْض: ہموار زمین۔ ج صُحُوْن

الصَحْنَان: جھانجھ ایک قسم کا باجا۔

صَحْنَا. الاُذُنَيْنِ: کان کے اندرونی حصے۔

فَرَسٌ صَحُوْنٌ: لات مارنے والا گھوڑا۔

الصَحْنَى والصَحْنَاة والصَحْنَاء والصَحْنَاءَة: چھوٹی نمک ملی ہوئی مچھلی۔

المِصْحَنَة: برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو۔

صَحَا يَصْحُوْ صَحْوًا وصُحُوًّا وصَحِي يَصْحٰى صَحًا واَصْحٰى اِصْحَاءً. اليَوْمُ: دن کا بغیر بادل کے صاف ہونا۔ صفت صَحْو و صَاحٍ ومُصْحٍ...... السَكْرَانُ: نشہ اتر جانا...... الرَجُلُ: بچپنے کی جہالت کو چھوڑ دینا۔ افاقہ میں آنا۔ صفت صَاحٍ. ج صَاحُوْن صُحَاة: مؤنث صَاحِيَة ج صَاحِيَات وصَوَاحٍ. اَصحاه: ہوش میں لانا۔ اَصْحٰى القَوْمَ: آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا۔

الصَحْو: کہا جاتا ہے "سَمَاءٌ صَحْوٌ ويَوْمٌ صَحْوٌ" یعنی آسمان اور دن بے ابر و باد ہیں اور یہ وصف بالمصدر ہے۔

المَصْحَاة: باعث افاقہ۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ مَسْلَاةٌ مِنْ كَرْبِ الهَمِّ ومَصْحَاةٌ مِنْ سُكْرِ الهَمِّ" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشۂ غم سے افاقہ ہے۔

المِصْحَاة: برتن۔ طشت۔ پیالہ۔

صَخَّ: (ن) صَخًّا. الحَدِيْدَ بِالحَدِيْدِ: لوہے کو لوہے پر مارنا...... الصوتُ الاذنَ: آواز کا کان کو بہرا کر دینا (...... صَخًّا صَخِيْخًا) الحَدِيْدَ: لوہے کا آواز کرنا...... لحَدِيْثِه: کان لگانا۔

الصَخَّة: اسم مرۃ۔ باری (...... والصخ والصخيخ): پتھر یا لوہے کی آواز۔

الصَخِيْخ: خوف زدہ کوے کی آواز۔

الصَاخَّة: سخت آواز جو بہرا کر دے۔ مصیبت۔ قیامت۔

صَخِبَ: (س) صَخَبًا: شور مچانا۔

صَاخَبَهٗ مُصَاخَبَةً: ایک دوسرے کا شور مچانا۔

تَصَاخَبَ. القَوْمُ: باہم شور مچانا اور ر پیٹ کرنا۔

اِصْطَخَبَ. الطَيْرُ او الضِفْدَعُ: پرندیا مینڈک کی آواز کا مختلط ہونا۔

الصَخَب: مص۔ شور۔

الصَاخِب والصَخِب والصَخَّاب والصَخُوْب والصَخْبَان: شور مچانے والا۔ مؤنث صَخِبَة وصُخُبَة وصَخَّابَة وصَخُوْبٌ وصَخْبٰى.

صَخِدَ: (س) صَخَدًا وصَخَدَانًا...... اليَوْمُ: سخت گرم ہونا۔

صَخَدَتْه: (ف) صَخْدًا. الشَمْسُ: جلانا۔ الصُرَدُ: لٹورے کا آواز کرنا۔

صَخَدَ: (ف) صُخُوْدًا. اِلَيْهِ: کان لگانا۔

اَصْخَدَ. الحَرُّ: گرمی تیز ہونا...... الرَجُلُ: گرمی میں داخل ہونا...... الحِرْبَاءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔

الصَاخِدَة: دوپہری۔

الصَخْدَان والصَخَدَان: سخت گرمی کا دن۔

صَيْخَدُ. الشَمْسِ: گردۂ آفتاب۔

هَاجِرَةٌ صَيْخُوْدٌ: سخت گرم دوپہری۔ ج صَيَاخِيْد. صَيَاخِيْدُ الحَرِّ: گرمی کی تیزی۔

المَصْخَدَة: دوپہر۔ ج مَصَاخِد.

المُصْطَخِد: دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔

صَخَّرَهٗ: فرمانبردار کرنا۔

اَصْخَرَ. المَكَانُ: پتھریلا ہونا۔ صفت مُصْخِر.

الصَخْرَة والصَخَرَة: ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان۔ ج صَخْرٌ وصَخَرٌ وصُخُوْرٌ وصُخُوْرَةٌ وصَخَرات کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَخْرَةُ الوَادِي" فلاں بہت مستقل ہے۔

الصَخِر. مِنَ الاَمْكِنَة: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَخِرُ الوَجْهِ اوَاَصْخَرُ الوَجْهِ" یعنی وہ بے حیاء ہے۔

اَلصُّخَرَاوِيَّةُ: انتہائی خوشبو والا درخت۔ جس کے پھولوں کی خوشبو دور دور تک پھیل جاتی ہے۔

الصَاخِر: لوہے پر لوہے کی جھنکار۔

الصَاخِرَة: پینے کے لئے مٹی کا پیالہ۔

صَخَفَ (ف) صَخْفًا. الاَرْضَ: زمین کھودنا۔

المِصْخَفَة: زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال۔ پھاوڑا۔

صَخَمَتْهُ: (ن) صَخْمًا. الشَمْسُ:

Marfat.com

آفتاب کا جلس دینا۔
اِصْطَخَمَ. الرَّجُلُ :سیدھا کھڑا ہونا۔
صَخِيَ يَصْخَى صَخًا. الثَّوْبُ :کپڑے کا میلا ہونا۔صفت صَخٍ.
الصَّخَاة :میل کچیل۔ایک قسم کی سبزی۔
صَدَّهُ: (ن) صَدًّا. عَنْ كَذَا :روک دینا۔ منع کرنا۔کہا جاتا ہے "صُدَّ السَّبِيْلُ" یعنی راستہ کے درے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہوگئی۔
صَدَّ (ن ض) صَدًّا و صُدُوْدًا. عَنْهُ: اعراض کرنا۔صفت صَادٌّ: جمع صُدَّاد: مؤنث صَادَّةٌ: جمع صَوَادُّ و صُدَّاد.
صَدَّ: (ن ض) صَدِيْدًا. مِنَ الشَّيْءِ: چیخ پڑنا۔چلانا۔
صَادَّهُ :مدافعت کرنا۔کہا جاتا ہے "أَخَذَ يُصَادُّهُ و يُصَادُّهُ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا۔
صَدَّدَ :تالی بجانا......الجُرْحُ :پیپ دینا۔
أَصَدَّهُ عَنْ كَذَا :منع کرنا۔باز رکھنا۔الجُرْحُ :پیپ دینا یا بہہ پڑنا۔
تَصَدَّدَ لَهُ: درپے ہونا۔
أَصْطَدَّتْ. المَرْأَةُ :عورت کا پردہ کرنا۔
الصُّدُّ :مص......الصَّدُّ :بلند بادل۔وادی کا کنارہ۔ أَصْدَاد و صُدُوْد.
الصَّدَد :درپے۔قصد۔میلان۔کنارہ۔
الصِّدَاد :پردہ۔ج أَصِدَّة
الصَّدُوْد :روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی۔
الصَّدِيْد :مص۔پیپ خون سے ملی ہوئی۔
صَدِيْدُ الفِضَّةِ: پگھلی ہوئی چاندی۔
الصُّدَّاد :سانپ چھپکلی۔پانی پر جانے کا راستہ۔ج صَدَائِد.
صَدِئَ: (س) صَدَأً و صَدُوْءً (ک) صَدَاءَةً. الحَدِيْدُ: زنگ لگ جانا۔صفت صَدِئٌ: مؤنث صَدِئَة...... الشَّيْءُ: زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔صفت أَصْدَأُ: مؤنث صَدْآء...... الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا۔
صَدَأَ: (ف) صَدْأً و صَدَّأَ تَصْدِئَةً الشَّيْءُ: زنگ دور کرنا......المِرْآةَ :آئینہ کو صاف کرنا۔
أَصْدَأَهُ :مورچہ والا جیسا بنانا۔
تَصَدَّأَ لَهُ :درپے ہونا۔
الصَّدَأ :زنگ۔مورچہ۔رَجُلٌ صَدَأٌ :نازک بدن مرد۔
الصَّدِئ :جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَافِرًا صَدِئًا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔
الصُّدَأَة :مورچہ کا رنگ۔
صَدَحَ :(ف) صَدْحًا و صُدَاحًا. الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔صفت (صَادِحٌ و صُدَّاحٌ و صَيْدَحٌ و صَيْدَاحٌ و صَدُوْحٌ و صَيْدَحِيٌّ و مِصْدَحٌ و مِصْدَاحٌ.
الصَّدَحُ: علم۔خالی مکان۔چھوٹا پتھریلا ٹیلہ۔شَيْءٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ج صِدْحَان.
الصُّدْحَة و الصُّدَحَة و الصَّدَحَة :مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔
صَدَرَ :(ن ض) صَدْرًا و مَصْدَرًا. عَنِ المَكَانِ وعَنِ المَاءِ: واپس ہونا......إِلَى المَكَانِ :متوجہ ہونا......الرَّجُلَ عَنْ كَذَا : واپس کر دینا (...... صُدُوْرًا) الأَمْرُ :پیدا ہونا۔حاصل ہونا۔واقع ہونا......مِنْهُ: ظاہر ہونا......عَنْهُ: پیدا ہونا۔نتیجہ نکلنا۔
صَدَرَهُ صَدْرًا :سینہ پر مارنا۔
صُدِرَ :سینہ میں درد ہونا۔صفت مَصْدُوْرٌ.
صَدَّرَهُ: واپس کرنا۔آگے بڑھانا۔صدر مجلس میں بٹھانا۔صَدَّرَ الكِتَابَ بِكَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا......الفَرَسُ: گھوڑے کا آگے بڑھنا۔
أَصْدَرَهُ. عَنْ كَذَا :واپس کرنا۔أَصْدَرَ الأَمْرَ :ظاہر کرنا......الرَّجُلُ :لے جانا۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُوْرِدُ وَلَا يُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔
صَادَرَهُ. عَلَى الشَّيْءِ وبه :اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔
تَصَدَّرَ :صدر مجلس میں بیٹھنا کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ المَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا۔
......الفَرَسُ :گھوڑے کے آگے کو سینہ نکالنا۔
تَصَادَرُوْا. عَلَى مَاشَاءُوْا.
صَدَرُوْا.
الصَّدْرُ :ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ۔سینہ۔ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ہر چیز کا ایک ٹکڑا۔تم کہتے ہو "أَخَذْتُ صَدْرًا مِنْهُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔صَدْرُ القَوْمِ: رئیس۔
الصَّدْرُ الأَعْظَمُ :وزیر اعظم۔ج صُدُوْر.
بَنَاتُ الصَّدْرِ :افکار۔
ذَاتُ الصَّدْرِ :سینہ کی ایک بیماری کا نام۔
صُدُوْرُ الوَادِي: وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ الشَّيْءَ بِصَدْرِهِ" یعنی اول حصہ کو لے لیا۔"فُلَانٌ بَعِيْدُ الصَّدْرِ" یعنی غیر مہربان۔
الصَّدَرُ :پانی پر سے واپسی۔سفر سے واپسی۔صَادِرٌ کا اسم جمع۔
الصَّادِرُ :فا۔لوٹنے والا۔پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے۔یعنی پانی پر آنے والا اور اسی سے ہے "مَالَهُ صَادِرٌ وَلَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔طَرِيْقٌ صَادِرٌ: پانی پر لے جانے والا راستہ۔طَرِيْقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ: ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آئیں جائیں۔
الصُّدْرَة. مِنَ الإِنْسَانِ :سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔صدری۔واسکٹ۔
المُصَدَّر :تنگ اونٹ کے سینے کا۔
الصِّدَار :صدری۔اونٹ کے سینے پر نشان۔
الصَّدَارَة :تقدم۔وزارت عظمیٰ کا عہدہ (والصَّدِيْرَة): سینے کا اوپر کا حصہ ج

صَقِعُو.
الاَصْــدَر :مضبوط بڑے سینے والا۔
الاَصْدَرَان: کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔
المَصْدَر :جائے صدور۔ج مَصَادِر اور
اسی سے مصادر افعال ہیں اس لئے کہ مصادر
مشتقات کے لئے اصل وجڑ ہیں۔
المُصْدِر :فا۔رَجُلٌ مُصْدِرٌ :کاموں کو پورا
کرنے والا۔
المُصَدَّر :قوی اور بڑے سینے والا۔آگے
بڑھنے والا گھوڑا۔شیر۔بھیڑیا۔
صَدَعَ :(ف) صُدُوْعًا. اِلٰى كَذَا :مائل
ہونا۔
صَدَعَ :(ف) صَدْعًا. الشَّئْ :اس طرح
پھاڑنا کہ جدا نہ ہو......القَوْمَ :متفرق کردینا
......الاَمْرَ :ظاہر کرنا......بِالحَقِّ :حق بات
کو کھلم کھلا بیان کرنا......فِي الاَمْرِ :کرگزرنا
......الاَمْرَ بِالحَقِّ: حق کا فیصلہ کرنا......فلانًا:
قصد کرنا۔صَدَعَهٗ عَنْ كَذَا :روک دینا......
النَّهَرَ :کاٹ دینا......فِي المَكَانِ :گزرنا۔
عبور کرنا۔کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّرِيْقُ
يَصْدَعُ فِيْ اَرْضِ كَذَا" یہ راستہ فلاں زمین
میں گزرتا ہے......اللَّيْلَ: رات میں چلنا۔
صُدِعَ وصُدِّعَ :دردِ سر میں مبتلا ہونا۔
صفت مَصْدُوْع.
صَــدَّعَ. الشَّئْ :پھاڑنا......الفَلَاةَ او
النَّهَرَ: بیابان یا نہر کو طے کرنا۔
تَصَدَّعَ. القَوْمُ :متفرق ہونا۔تَصَدَّعَتِ
الاَرْضُ بِهٖ :وہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو
گیا۔
تَصَدَّعَ وانْصَدَعَ. الشَّئْ : پھٹنا۔کہا جاتا
ہے "تَصَدَّعَتْ وانْصَدَعَتِ الاَرْضُ
بِالنَّبَاتِ" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔
اِنْصَدَعَ الصَّبَاحُ: صبح کی روشنی پھیلنا۔
الصَّادِع :فا۔قاضی۔جَبَلٌ صَادِعٌ :دور
تک پھیلا ہوا۔پہاڑ۔وَادٍ صَادِعٌ :دور تک
پھیلی ہوئی وادی۔سَبِيْلٌ صَادِعٌ :دور تک
پھیلا ہوا راستہ۔صُبْحٌ صَادِعٌ: روشن صبح۔

الصَّدْع :شگاف۔ج صُدُوْع.
الصَّدْع والصَّدَع :ہلکا پھلکا مرد۔قوی
جوان۔صَدْعُ الحَدِيْد :لوہے کا پھیچڑ
زنگ۔کہا جاتا ہے "النَّاسُ عَلَيْهِم صَدْعٌ
وَاحِدٌ" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق
ہیں۔
الصِّدْع :آدمیوں کی جماعت۔دو برابر میں
پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔
الصَّدْعَة :اسم مرۃ۔پھٹن۔پراگندگی۔
تفرق۔ج صَدَعَات:۔کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ
بَيْنَهُمْ صَدَعَاتٍ :یعنی رائے اور خواہشات
میں اختلافات و "اَصْلِحُوْا مَا فِيْكُمْ مِنَ
الصَّدَعَاتِ" یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت
ہو۔
الصِّدْعَة ج صِدَع والصَّدِيْع ج صُدُع:
بکریوں کا ریوڑ۔اُونٹوں کا گلہ۔دو برابر میں
پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔صَدِيع: بمعنی
مصدوع: صبح۔پھٹا ہوا کپڑا۔وہ کپڑا جو زرہ
کے نیچے پہنا جائے۔
الصُّدَاع :دردِ سر۔
التَّصْدَاع :تفریق۔
المَصْدَع :سخت زمین میں نرم راستہ۔ج
مَصَادِع.
المِصْدَع :نیزہ۔تیر۔چھری کا چوڑا پھل۔
خَطِيْبٌ مِصْقَعٌ مِصْدَعٌ: بلیغ خطیب۔
صَدَغَهٗ (ف) صَدْغًا. عَنِ الاَمْرِ: باز
رکھنا۔روکنا۔سیدھا کرنا......النَّمْلَةَ: چیونٹی
کو مارنا۔
صَدَغَهٗ :(ف) صَدْغًا: مونڈھے سے
مونڈھا ملا کر چلنا۔
صَدَغَ :(ن) صَدْغًا وصُدُوْغًا. اِلٰى
الشَّئْ: مائل ہونا۔
صَدُغَ :(ک) صَدَاغَةً: کمزور و ناتواں
ہونا۔
صُدِغَ :کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔
صَادَغَهٗ :مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے
میں مقابلہ کرنا۔

الصُّــدْغ :کنپٹی۔کنپٹی کے بال۔ج
اَصْدَاغ.
الصَّدَغ: کجی۔ٹیڑھا پن۔
الصِّدَاغ :کنپٹی پر نشان۔
الصَّدِيْغ :کمزور۔تین دن کا بچہ۔
الاَصْدَغَان :دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔
المِصْدَغَة :تکیہ۔
بَعِيْرٌ مُصَدَّغ ومَصْدُوْغ :کنپٹی پر نشان والا
اُونٹ۔
صَدَفَ :(ن ض) صَدْفًا وصُدُوْفًا :پھر
جانا۔
صَدَفَ :(ض) صَدْفًا. عَنْهُ :اعراض کرنا
......فُلانًا: پھیر دینا۔ہٹانا۔
صَدِفَ :(س) صَدَفًا: گھوڑے کی رانوں
کا قریب اور کھروں کا دور ہونا۔
اَصْدَفَهٗ. عَنْهُ : پھیر دینا۔ہٹا دینا۔
صَادَفَهٗ :پانا۔
تَصَادَفَ :ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الصَّدَف : سیپی۔
الصَّدَفَة :ایک سیپی۔ج اَصْدَاف. صَدَفَةُ
الاُذُنِ: کان کا اندرونی حصہ۔
الصَّدَفُ. فِي الخَيْلِ :رانوں کی نزدیکی
اور کھروں کی دوری۔الصَّدَفُ الصَّدَفَةُ :
جانب۔کنارہ۔
الصَّدَف والصُّدُف والصُّدَف والصَّدُف
:پہاڑ کا کنارہ۔الصَّدَف: زبان اور جبڑے
کا درمیانی حصہ۔
فَــرَسٌ اَصْــدَف :وہ گھوڑا جس کی رانیں
قریب قریب اور کھر دور ہوں۔
الاَصْدَاف :سمندر کی موجیں۔
الصِّدْفَة :ملاقات۔
اَلصُّدَيْفُ: نرم مزاج جانور جو کہ پانی میں
زندگی بسر کرتا ہے اس میں ہڈی نہیں ہوتی
اور جلد مچھلی کی طرح ہوتی ہے۔
الصَّــدُوْف :گندہ ذہن۔بہت اعراض
کرنے والا۔
المَصْدُوْف :منع۔چھپا ہوا۔

صَدَق: (ن) صَدقًا وصِدقًا ومَصْدُوقَةً تَصْدَاقًا: سچ بولنا...... فِي وَعْدِهِ ووَعِيْدِهِ: پورا کرنا...... فِي الجملة: بہادری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَق القِتَالَ وصَدَق فُلَانًا القِتَالَ" سخت جنگ کی...... ہ النصِيحَة او المَحَبَّةَ: خالص نصیحت یا محبت کرنا...... ہ الحَدِيث: سچی بات بیان کرنا۔ سچی خبر دینا۔

صَدَّقَهُ: سچا جاننا۔ سچا سمجھنا۔

صَادَقَهُ صِدَاقًا ومُصَادَقَةً: دوست بننا۔
صَادَقَه المَوَدَّةَ: خالص دوستی کرنا۔

اَصْدَق. الِابْنَةَ: بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔

تَصَدَّق: صدقہ دینا...... عَلَى الفَقِيرِ بِكَذَا: فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔

تَصَادَقَا: محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ تَصَادَقَا الحَدِيثَ او المَوَدَّةَ او فِيهِمَا: ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔

الصَّدْق: ص۔ سیدھا ٹھوس نیزہ ہو یا (کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدْق وقَنَاةٌ صَدْقَةٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ۔ کامل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدْقُ اللِّقَاءِ والنَّظَر" ملاقات اور شفقت میں کامل شخص۔ ج صُدْق وصُدُق وصَدْقُوْن: مؤنث صَدْقَةٌ ج صَدْقَات۔

الصِّدْق: سچ۔ فضیلت۔ صلاح۔ سختی۔ مضبوطی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلُ صِدْقٍ وصَدِيقُ صِدْقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے۔ یعنی کامل ہے۔

الصَّدَقَة: خیرات۔ ج صَدَقَات۔

الصَّدُقَةُ والصُّدْقَة والصَّدْقَة والصُّدُقَة: مہر۔

الصَّدَاق والصِّدَاق: مہر۔ ج اَصْدِقَة وصُدُق۔

الصَّدَاقَة: سچی دوستی۔

الصَّادِق: سچا۔ تَمْرٌ صَادِقُ الحَلَاوَةِ: بہت میٹھی کھجور۔ نِيَّةٌ صَادِقَةٌ: خالص نیت۔ حَمْلَةٌ صَادِقَةٌ: شدید حملہ۔

الصَّدُوْق: ہمیشہ سچ بولنے والا۔ ج صُدُق وصُدْق۔

الصَّدِيْق: پیارا دوست۔ ج اَصْدِقَاء وصُدَقَاء وصُدْقَان۔ جج اَصَادِق مؤنث صَدِيْقَةٌ۔

الصِّدِّيْق: بہت سچا۔ سچائی میں کامل۔ عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا۔
حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا لقب۔

المِصْدَاق: کسی کی سچائی کا گواہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ ذُوْ مَصْدَقٍ او ذُوْمِصْدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے۔

المَصْدُوْقَةُ: سچائی۔

اَلتَّصْدِيْقُ: علم منطق میں وہ شے جس کے وجود کے علاوہ اس پر حکم بھی لگا دیا جائے وہ تصدیق ہے اگر وجود مانا جائے اور حکم نہ لگایا جائے تو وہ تصور ہے۔
اس کی مثال: کسی حیوان کو دیکھ کر اس پر ناطق یا غیر ناطق نہ لگانا تصور ہے۔

صَدَمَهُ: (ض) صَدْمًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ آپڑنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَمَهُ اَمْرٌ شَدِيْدٌ" اس کے اوپر مصیبت آپڑی۔ "صَدَمَتْهُ حُمَيَّا الكَاسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا۔

صَادَمَهُ مُصَادَمَةً: مارنا۔

اِصْطَدَمَ وتَصَادَمَ. الفَارِسَان: ایک دوسرے کو مارنا۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔

الصِّدَام: جانوروں کے سر میں ایک بیماری۔

الصَّدْمَة: اسم مرۃ۔ دفعۃ واحدۃ کہا جاتا ہے "صَرَعَهُ بِصَدْمَةٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا۔ "اَعْطَاهُ رِزْقَ شَهْرَيْنِ بِصَدْمَةٍ" دو مہینے کی روزی ایک ہی مرتبہ دے دی۔

الصَّدْمَتَان والصَّلِمَتَان: پیشانی کے دونوں جانب۔

الاَصْدَم: وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں۔

رَجُلٌ مِصْدَمٌ: جنگجو بہا...

صَدَّ يَصْدُوْ صَدْوًا وصَدًى. بِيَدَيْهِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔

صَدِيَ يَصْدَى صَدًى: سخت پیاسا ہونا۔ صفت صَدٍ وصَادٍ وصَدْيَان: مؤنث صَدْيَا وصَادِيَة ج صَوَادٍ کہا جاتا ہے "اَنَا صَدْيَان اِلَى حَدِيْثِكَ وَلِي اَحْشَاءٌ صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں۔ صَدِيَ الشَّيْءُ: لمبا ہونا۔

صَادَاهُ مُصَادَاةً: مقابلہ کرنا۔ مدارات کرنا۔

اَلصَّدَى: اَلْهَامَةُ: یعنی زمانہ جاہلیت کے عقیدہ کے مطابق جب مقتول کو قبر میں ڈال دیا جائے اور اس کا انتقام نہ لیا جائے تو میت کی قبر سے ایک جانور باہر نکل کر آواز دیتا ہے اور انتقام کا نعرہ لگاتا ہے۔ اس کو بوم القبر (قبر کا الو) یا اَلْهَامَةُ بولتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہامہ جیسی لغویات کا سختی سے رد فرمایا۔

صَدَّى تَصْدِيَةً. بِيَدَيْهِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔

اَصْدَى اِصْدَاءً: مرنا...... الجَبَلُ: گونجنا۔ آواز بازگشت کرنا۔

تَصَدَّى لَهُ: درپے ہونا...... لِلْاَمْرِ: کسی معاملے کے لئے متوجہ ہونا۔

الصَّدَى: سخت پیاس۔ آواز بازگشت۔ گونج۔ دماغ۔ انسانی لاش۔ تعرض۔ ج اَصْدَاء کہا جاتا ہے "هُمُ اليَوْمَ اَعْدَاءٌ وَهُمْ غَدًا اَصْدَاءٌ" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مُردہ ہوں گے "وَمَنَعَتْ صَدَاهُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو روک دیا۔ و "صُمَّ صَدَاهُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔ و "اَصَمَّ اللّٰهُ صَدَاهُ" یعنی ہلاک کر دے۔

الصَّدَى: الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھرو ادھر ہی اپنے سر کو پھراتا ہے اور ویران تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔
زمانہ جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے

سر سے نکلتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے۔

صَرَّ :(ن) صَرًّا. الصُرَّةَ :تھیلی کو باندھنا ......الدَرَاهِمَ فِی الصُرَّةِ :تھیلی میں رکھنا ......الفَرَسُ اُذُنَهٗ وبِاُذُنِهٖ :گھوڑے کا کان کھڑے کرنا......النَاقَةَ بِالنَاقَةِ :تھن کو باندھ دینا تا کہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔

صَرَّ :(ض) صَرًّا وصَرِیْرًا. الشَّئُ : چرچرانا......الرَجُلُ: زور سے چیختا چلانا۔ پیاسا ہونا۔ الاُذُنُ: کان بجنا۔

صُرَّ. النَبَاتُ :ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔

صَرَّرَت النَاقَةُ :آگے بڑھنا۔ صَرَّرَ اُذُنَه : سننے کے لئے کان کھڑے کرنا۔

صَارَّهٗ مُصَارَّةً. عَلٰی کَذَا :مجبور کرنا۔

اَصَرَّ. عَلَی الاَمْرِ :پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا اور اکثر برائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے "اَصَرَّ عَلَی الذَنْبِ" جبکہ باز نہ آئے۔ قرآن مجید میں ہے ﴿کَانُوْا یُصِرُّوْنَ عَلَی الحِنْثِ العَظِیْمِ﴾ : یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے......السُنْبُلُ :خوشے میں خار نکلنا...... الفَرَسُ اُذُنَه وبِاُذُنِه :گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔

الصِرُّ والصِرَّة :سردی۔ رِیْحٌ صِرٌّ :سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصِرَّةُ: چیخ۔

الصَرَّة :شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی۔ ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔

الصُرَّة :تھیلی۔ بٹوہ۔ ج صُرَر.

یَمِیْنٌ صِرّٰی :سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "هِیَ مِنِّیْ صِرّٰی" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔

الصَرَرُ :خوشہ کا خار۔ واحد صَرَرَة.

الصَارُّ :فَاِنْجَزَ صَارٌّ: گنجان درخت۔

الصَارَّةُ. الصَارُّ :کا مؤنث۔ حاجت۔ پیاس۔ ج صَوَارُّ.

الصَرُوْرُ والصَارُوْرُ والصَرُوْرِیُّ والصَارُوْرِیُّ :جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد وجمع دونوں کے لئے)

الصَرَارِیُّ :ملاح۔ ج صَرَارِیُّوْن.

الصِرَار :دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تا کہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج اَصِرَّة.

الصَرَّار. صَارٌّ :کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَّیْلِ: جھینگر۔

اَلصَرَّارَةُ: سانپ کھانے والا عقاب۔

الصَرَارَة والصَرُوْرَة والصَارُوْرَة والصَارُوْرَاء: وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)

صَرَّارُ اللَّیْلِ :ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کیڑا جو رات کو آواز کرتا ہے۔

الصَرَّارَة :عقاب کی ایک قسم ہے جو سانپ کو کھا جاتا ہے۔ الصَرِیْرَة: تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم۔ ج صَرَائِر.

المَصَارُّ :آنتیں۔

المَصْرُوْر :مفع۔ بندھا ہوا قیدی۔

صَرَبَ :(ض) صَرْبًا: کاٹنا' کمانا' دودھ کو ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا ...... الصَبِیُّ: بچہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔

صَرِبَ :(س) صَرَبًا. اللَّبَنُ :تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَصْرَبَ. اِلَیْهِ مَالًا :دینا۔

صَرَّبَ :ترش دودھ پینا۔

اِصْطَرَبَ. اللَّبَنَ فِی الوَطْب :دودھ کو ترش ہونے کے لئے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔

اِصْرَابَّ. الشَّئُ :صاف اور چکنا ہونا۔

الصَرْب والصَرَب :بہت زیادہ ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَةٌ وصَرَبَةٌ.

الصِرْب :غریب عربوں کے تھوڑے [illegible]

الصَرِیْب :کھٹا دودھ۔ ج صُرُب.

المَصْرُوْب :مفع۔ جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔

المِصْرَب :برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَصَارِب.

صَرَّجَ. الحَوْضَ :حوض کو چونا' مٹی ملا کر بنانا۔ الحَوْضَ بِالنُوْرَةِ :حوض پر چونے کی قلعی کرنا۔

الصَارُوْج :چونا مٹی ملا ہوا (معرب)

صَرُحَ :(ک) صَرَاحَةً وصَرُوْحَةً : صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِیْح: جمع صُرَحَاء :مؤنث صَرِیْحَة.

صَرَحَ :(ف) صَرْحًا. الاَمْرَ :ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَرَّحَ. المُتَکَلِّمُ :بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا بِمَا فِیْ نَفْسِهٖ: ظاہر کرنا......الاَمْرَ: واضح کرنا۔ الاَمْرُ: واضح ہونا......لازم ومتعدی ہے۔ النَهَارُ: دن کا بے بادل ہونا۔ الخَمْرُ: شراب کا صاف ہونا۔ بے جھاگ ہونا۔ مثال ہے "صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مُحْضِهٖ" یعنی حق پوری طرح ظاہر ہوگیا۔ صَرَّحَتِ السِنَةُ :خشک سالی ہوئی۔ صَرَّحَ الرَامِیْ: تیر انداز کا خطا کرنا۔

اَصْرَحَ. الاَمْرَ :ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَارَحَهٗ صِرَاحًا وصُرَاحًا ومُصَارَحَةً : کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "شَتَمَهٗ مُصَارَحَةً او صِرَاحًا" رو در رو گالی دی۔ صَارَحَ صَرَّحَ بِمَا فِیْ نَفْسِهٖ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔

اِنْصَرَحَ. الحَقُّ :واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔

تَصَرَّحَ. الزَبَدُ عَنِ الخَمْرِ :شراب سے جھاگ دور ہونا۔

الصَرْح :قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوْح.

الصَرْحَة :سخت زمین۔ صَرْحَةُ الدَارِ :گھر کا صحن۔ ج صَرَحَات.

الصَرَح والصَرَاح والصِرَاح والصُرَاح :

خالص۔
الصَّرَاحَة والصُّرُوْحَة: خلوص۔ وضاحت۔
الصُّرَاحِيَّة. مِنَ الخَمْرِ: خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "كِذْبٌ صَرَاحِيَّةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔
الصُّرَاحِي: واضح۔ ظاہر۔
يَوْمٌ مُصَرِّحٌ ومُصَرَّحٌ: بے بادل کا دن۔
صَرَخَ: (ن) صُرَاخًا وصَرِيْخًا: سخت چیخنا۔ فریاد کرنا...... القَوْمَ: فریادرسی کرنا۔ مدد کرنا۔
أَصْرَخَهُ: فریادرسی کرنا۔ مدد کرنا۔
تَصَرَّخ: بتکلف چیخنا۔
تَصَارَخَ واصْطَرَخَ. القَوْمُ: چیخ وپکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ: بمعنی صَرَخَ.
الصَّارِخ: فا۔ مرغ۔
اَلصَّارُوخ: راکٹ (ایسا ہتھیار جو بم گولے گراتا ہے)۔
میزائل: اس کی تین اقسام ہوتی ہیں۔
(۱) اپنے آپ اپنے آلات کے زور پر مخصوص ہدف کی طرف چلتا ہے۔ (۲) راڈار کی طاقت سے خاص شعاعوں یا دھوئیں کے پیچھے اڑتا ہے۔ (۳) خاص قوت کے ذریعے جو اس کو ہدف مقرر کی طرف لے جاتا ہے۔
الصَّارِخَة. الصَّارِخ: کا مؤنث۔ فریادرسی۔ دادخواہی۔ دادخواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ صَارِخَةَ القَوْمِ" میں نے قوم کی دادخواہی کی آواز سنی۔
الصَّرَّاخ: بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔
الصَّرِيْخ: مص۔ فریادرس۔ دادخواہ۔ ج صُرَخَاء.
صَرِدَ: (س) صَرَدًا. السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ نشانہ پر بیٹھنا...... الرَّجُلُ: سردی برداشت کر لینا۔ سردی محسوس کرنا ...... السِّقَاءُ: جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا۔ کہا جاتا ہے "صَرِدَ قَلْبِيْ عَنْهُ" یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا۔
صَرَدَ: (ن) صَرْدًا وأَصْرَدَ. الرَّامِي السَّهْمَ: نشانہ لگانا۔ أَصْرَدَ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔
صَرَّدَ. الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا...... العَطَاءَ: کم دینا...... الرَّجُلَ: سیرابی سے کم پلانا۔
الصَّرْد: محض خالص۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ الخَمْرَ صَرْدًا" خالص شراب پلائی۔ أَحَبَّهُ حُبًّا صَرْدًا: خالص محبت کی۔ پہاڑ میں اونچی جگہ۔ بڑا لشکر۔ سردی۔ يَوْمٌ صَرْدٌ: ٹھنڈا دن۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا" شدتِ سردی سے مرگیا۔ أَرْضٌ صَرْدٌ: سرد ملک۔ ج صُرُوْد: اس کے خلاف أَرْضٌ جُرُوْمٌ: ہے۔ یعنی گرم ممالک۔
الصَّرَد: بڑا لشکر۔ بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جائے۔
الصَّارِد: فا۔ سَهْمٌ صَارِدٌ: نشانہ پر لگنے والا تیر۔
الصَّوارِد: ٹھنڈی ہوائیں۔
الصُّرَد: لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِرْدَان.
الصُّرَدَان: زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں۔
الصَّرِد. مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو...... مِنَ الرِّجَالِ: سردی کو برداشت کرنے والا۔ سردی کو محسوس کرنے والا۔ ج صَرْدَى يَوْمٌ صَرِدٌ: سخت ٹھنڈا دن۔
الصُّرَّاد والصُّرَيْد: بے پانی کا پتلا بادل۔
نَعْجَةٌ صَرِيْدَةٌ: سردی زدہ۔ بھیڑ۔ ج صَرَائِد.
المِصْرَاد: بے درخت کی زمین۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَهْمٌ مِصْرَادٌ: نشانہ پر لگنے والا تیر۔
سَهْمٌ مُصَرِّد: نشانہ پر لگنے والا تیر۔
المُصْطَرِد: سخت غضبناک۔
صَرْصَرَ. الصُّرَدُ او الصَّقْرُ: آواز کرنا...... الرَّجُلُ: چیخنا...... الشَّيْءَ: چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔
الصَّرْصَر. مِنَ الرِّيَاحِ: تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا۔ مرغ (...... الصُّرْصُر) ج صَرَاصِر. الصُّرْصُوْر ج صَرَاصِيْر: جھینگر۔ مچھیرا۔ الصُّرْصُوْر: کشتی۔
الصِّرَاط: راستہ۔ ج صُرُط.
الصُّرَاط: لمبی تیز تلوار۔
صَرَعَهُ: (ف) صَرْعًا وصِرْعًا ومَصْرَعًا: پچھاڑ دینا۔ زمین پر گرا دینا...... الشِّعْرَ: دو مصرعے بنانا...... البَابَ: دو کواڑ لگانا۔
صُرِعَ: مرگی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ" یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا۔
صَرَّعَهُ: سخت پچھاڑنا...... الشِّعْرَ: مصرعے لگانا...... البَابَ: کواڑ لگانا۔
صَارَعَهُ صِرَاعًا ومُصَارَعَةً: کشتی لڑنا۔
تَصَارَعَ واصْطَرَعَ. الرَّجُلَانِ: باہم کشتی لڑنا۔
اِنْصَرَعَ: پچھاڑا جانا۔
تَضَرَّعَ. لِصَاحِبِهِ: تواضع کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ أَتَضَرَّعُ لَهُ وَإِلَيْهِ حَتَّى أَجَابَنِي" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی۔
الصَّرْع: مص۔ مرگی۔ مثل۔ مقابل۔ قسم کہا جاتا ہے "هُوَ صَرْعُ كَذَا" یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے۔ ج أَصْرُع صُرُوْع.
والصَّرْعَان: رات دن یا صبح شام۔ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهُ صَرْعَى النَّهَارِ" یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُوْ صَرْعَيْنِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَكْتُهُمْ صَرْعَيْنِ" یعنی میں نے ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔
الصِّرْع: مص۔ مثل۔ قسم۔ رسی کی لڑی۔ ج أَصْرُع صُرُوْع: کشتی لڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا صِرْعَان" یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں۔

الصَّرْعَة :اسم مرۃ۔حالت۔کہاجاتا ہے"هُوَ يَفْعَلُهُ عَلٰى كُلِّ صَرْعَةٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے۔
الصُّرْعَة :جس کولوگ پچھاڑ دیں۔
الصُّرَعَة والصَّرَّاع والصُّرَّاعَة والصِّرِّيع والصَّرُوْع :لوگوں کوزیادہ پچھاڑنے والا۔ کہاجاتا ہے"قَوْمٌ صُرَعَةٌ" یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے۔الصُّرَعَة :حلیم و بردبار۔اس لئے کہ اس کی بردباری غضب وغصہ کو پچھاڑ دیتی ہے۔الصُّرُع : جمع صَرُوْع کی ہے۔
الصِّرَاعَة : کشتی کافن۔
الصَّرِيْع :زمین پر پچھاڑا ہوا۔مجنون۔ج صَرْعٰی :کہاجاتا ہے"بَاتَ صَرِيْعَ الْكَاسِ" یعنی مجنون ہوکررات گزاری۔ درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔ج صُرُع.
الـمَصْرَع :مص۔پچھاڑنے کی جگہ۔ج مَصَارِع.
الـمِصْرَاع مِنَ البَاب :دروازے کاایک پٹ......مِنَ الشِّعْرِ :شعر کاایک مصرعہ ج مَصَارِيْع.
صَرَفَهٗ :(ض) صَرْفًا: پھیرنا۔ہٹانا۔دفع کرنا۔واپس کرنا۔کہاجاتا ہے"صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُم" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کردے۔صَرَفَ الشَّرَابَ : خالص شراب پینا......الـدَّنَانِيْـرَ"دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا......الـمَالَ : خرچ کرنا......الـكَلِمَة :منصرف بنانا۔یعنی جروتنوین لاحق کرنا۔
صَرَفَ :(ن) صَرِيْفًا. بنابه :دانت پیسنا ......الـبَابُ: بندکرتے ہوئے یاکھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا۔
صَرَّفَهٗ :مبالغہ کے ساتھ صرفہ کے معنی میں ہے۔صَرَّفَ الشَّيْئَ :بیچنا......الـدَّرَاهِم: تبدیل کرنا......الـخَمْرَ :خالص شراب پینا ......الكلامَ :بات سے بات نکالنا......فِي الأَمْرِ :سپردکردینا......صَرَّفَ الـمَاءَ : جاری کردینا۔اللَّـهُ الرِّيَاحَ :ایک جانب سے دوسری جانب پھیردینا۔
صَارَفَهٗ :مبادلہ کرنا۔صَارَفَ نَفْسَهٗ عَنِ الشَّيْئِ: پھیردینا۔بازرکھنا۔
أَصْرَفَهٗ. عَنْ كَذَا :ردکردینا۔ہٹادینا۔
أَصْرَفَ الشَّرَابَ : کچھ نہ ملانا۔
تَصَرَّفَ. فِي الأَمْرِ :کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔تَصَرَّفَتْ بِهِ الأَحْوَالُ :مصائب و آفات کاغالب آجانا۔
اِنْصَرَفَ. الرَّجُلُ :بازرہنا۔اِنْصَرَفَتِ الْكَلِمَةُ :منصرف ہونا۔
اِصْطَرَفَ :کمائی کرنے کے لئے پھرنا ......الـدَّرَاهِمَ :بدل لینا۔تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ هٰذِهِ الدَّرَاهِمَ بِدِيْنَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کودینار سے بدل لیا۔
اِسْتَصْرَفَ. اللّٰهَ الْمَكَارِهَ :مکروہات کوپھیر دینے کی دعا کرنا۔
الصَّرْف :ایک علم کانام ہے جس میں کلماتِ عربیہ کے صیغوں کی وضع وہیت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔صَرْفُ الدَّهْرِ وصُرُوْفُه :مصائب زمانہ۔فضیلت۔کہاجاتا ہے"لَـهٗ عَلَـيَّ صَرْفٌ" اس کومجھ پرفضیلت ہے۔
صَرْفُ الحَدِيْثِ اوالكَلَامِ :کلام کی زیادتی اورتحسین وتزئین۔صَرْفُ الـمَالِ :خرچ کرنا۔
الصِّرْف :خالص۔جیسے"شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ایک قسم کاسرخ رنگ۔
الصَّرْفَان الصِّرْفَان :رات دن۔
الصَّرَفَان :موت۔پیتل۔سیسہ۔
الصِّرَافَة :صرافی کاپیشہ۔
الصَّرْفَة :اسم مرۃ۔گردش۔مہرہ،منتریاتعویذ کا۔ایک منزل منازل قمر میں سے۔
اُونٹنی کوصبح کے وقت دوھ کراگلی صبح تک کے لئے چھوڑدینا۔
الـصَّرُوْف :وہ اونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔
الصَّرِيْف :مص۔چاندی خالص۔صَرِيْفُ البَابِ :دروازے کی چرچراہٹ۔صَرِيْفُ الـقَلَـمِ:قلم کے چلنے کی آواز......(والـمَصْرُوْف): ہرشے خالص۔درخت کی خشک شدہ شاخ۔
الصَّرِيْفَة. الصَّرِيْف کامؤنث۔درخت خرما کی خشک ٹہنی۔چپاتی۔ج صُرُف وصُرَاف وصَرِيْف.
تَصَارِيْفُ. الدَّهْرِ :مصائب زمانہ۔
الصَّرَّاف والصَّيْرَف والصَّيْرَفِي :روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ج صَيَارِفَة.
الصَّرَّاف والصَّرْفِي :علم صرف کاجاننے والا۔
الْمُتَصَرِّف :ملک کے ایک حصہ کاحاکم۔
الـمُتَصَرِّفِيَّة :ملک کاایک حصہ۔ملک کے ایک حصہ کاحاکم۔
الصَّرِيْقَة :چپاتی۔ج صَرِيْق و صُرُق وصَرَائِق.
صَرْقَعَ. أَصَابِعَهٗ :انگلیاں چٹخانا۔
صِرْقَاعَة :کوپھن۔کوپھن کاوہ کنارہ جس سے آواز نکلے۔
صَرُمَ :(ک) صَرَامَةً. السَّيْفُ :کاٹنا ......الرَّجُلُ :دلیروچالاک ہونا۔
صَرَمَ :(ض) صَرْمًا وصُرْمًا. الحَبْلُ : ٹوٹنا......الشَّيْئَ: کاٹنا۔فُلَانًا: چھوڑنا۔گفتگو بندکرنا......فُلَانٌ عِنْدَنَا شَهْرًا: اقامت کرنا۔
صَرَّمَهٗ :صرم کامبالغہ ہے۔
صَارَمَهٗ مُصَارَمَةً :مقاطعہ کرنا۔علیحدہ ہونا۔
أَصْرَمَ. الرَّجُلُ :محتاج ہونا......النَّخْلُ : پھل توڑنے کاوقت قریب ہونا۔
تَصَرَّمَ. الرَّجُلُ :بہادری کرنا۔
تَصَرَّمَ وانْصَرَمَ :کٹ جانا۔ٹوٹ جانا۔
تَصَرَّمَتْ وانْصَرَمَتِ السَّنَةُ :سال ختم ہونا۔
تَصَارَمَ. القَوْمُ :قطع تعلق کرلینا۔
اِصْطَرَمَ. الشَّيْئَ :کاٹنا۔
الـصَّرْم :مص۔کھال (معرب چرم)

الصَرَّام : چرم فروش۔
الصِرَم : جماعت ۔ مکانوں کا اجتماع ۔ قسم ۔ چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا ۔ ج اَصْــرَام واَصَارِم واَصَارِیم وصُرمَان۔
الصُرْم : مص ۔ بے تعلقی۔
الصِرْمَة : قسم ۔ اُونٹوں کا گلہ ۔ بادل کا ٹکڑا ۔ چاندی کا ٹکڑا ۔ ج صِرَم.
الصَارِم : فا ۔ بہادر ۔ شیر ۔ کاٹنے والی تلوار ۔ ج صَوَارِم.
الصَرَامَة : مص ۔ رَجُلٌ صَرَامَةٌ : مستقل بالرائے ۔ دھن کا پکا۔
الصَـرُوْم : کاٹنے والی تلوار ۔ اچھی طرح کاٹنے والا ۔ الصُـرَّام : جنگ ۔ مصیبت ۔ رَجُلٌ صُرَامٌ : کاٹنے میں قوی مرد۔
الصَرِیْم : کٹا ہوا ۔ رات یا اس کا ایک حصہ ۔ صبح ۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھ دی جائے تا کہ دودھ نہ پیے ۔ زمین جس کی کھیتی کٹ چکی ہو ۔ غلہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو ۔ صَرِیْمَا اللَّیْلِ : رات کا اول و آخر حصہ ۔ اَمْرٌ صَرِیْمٌ : لازمی امر۔
الصَرِیْمَة : عزیمت ۔ رات کا ٹکڑا۔
الصَیْرَم : پختہ رائے والا ۔ مصیبت ۔ دن میں ایک بار کھانا۔
الاَصْرَم : جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں ۔ مؤنث صَـرْمَـاءُ ج صُـرْم (......المُصْرَم) : بہت بال بچے والا مفلس۔
الاَصْرَمَان : رات ۔ دن ۔ کوا و بھیڑیا ۔ کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهٗ بِوَحْشِ الاَصْرَمَیْنِ" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوے ہیں۔
الصَرْمَاء. الاَصْرَم : کا مؤنث ۔ بے پانی کا جنگل ۔ ہانڈی ۔ کم دودھ والی اُونٹنی۔
الـمَـصْـرِم : ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آ جائے۔
المِصْرَم : درانتی۔
الصُرْنَایَة : بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔
صَرَا یَصْرُوا صَرْوًا. اِلَیْهِ : دیکھنا۔

صَرَی یَصْرِی صَرْیًا. الشَیْئَ : دفع کرنا ۔ ہٹانا ۔ دور کرنا ۔ کہا جاتا ہے "صَرَی اللّٰهُ عَنْهُ الشَرَّ" اللہ اس شر کو دور کرے ۔ صَرَی بَوْلَهٗ : پیشاب روک دینا۔
...... فُلَانًــا : منع کرنا ۔ بچانا ۔ ہلاکت سے نجات دینا۔
...... الشَیْئُ : بلند ہونا ۔ نیچے ہونا ...... القَوْمَ : آگے بڑھ جانا ۔ پیچھے ہٹ جانا ...... بَیْنَهُمْ : فیصلہ کرنا۔
صَرِیَ یَصْرٰی صَرًی. المَاءُ : دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا ...... اللَبَنُ : دودھ کا مزہ بدل جانا ...... فُلَانٌ فِیْ یَدِ فُلَانٍ : کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا ...... الدَمْعُ : آنسو کا بھر آنا اور نہ بہنا۔
صَرِیَت واَصْرَتْ. النَاقَة : اُونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔
صَرّٰی تَصْرِیَةً. الشَاةَ : دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لئے تھن میں روک دینا۔
الصَرٰی : باقی ماندہ (...... الصِری) : پانی جو دیر تک ٹھہرا رہے ۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرًی" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔
الصَارِی : فا ۔ ملاح ۔ ج صُرَّاء وصَرَارِیّ وصَرَارِیُّوْن : بادبان کا ڈنڈا ۔ ج صَوَارٍ.
الصَارِیَة. الصَارِی : کا مؤنث ۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔
الصَرَاة والصَرّٰی والمُصَرَّاة. مِنَ الشَاةِ او النُوْقِ : وہ بکری یا اُونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تا کہ جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَة والمِصْطَبَّة : چبوترہ۔
المِصْطَب : لوہار کی نہائی۔
الـمُـصْـطَـح : خشک جنگل ۔ وہ جگہ جو غلہ کی گہائی کے لئے ہموار کی جائے ۔ ج مَصَاطِح.
صَطَرَ : (ن) صَطْرًا : لکھنا۔
صَیْطَرَ : داروغہ ہونا ۔ محافظ ہونا۔

المِصْطَح : فصیح و بلیغ۔
الاَصْطُمَّة : چیز کا بڑا حصہ ۔ جمع ہونے کی جگہ ۔ وسط۔
صَعُبَ : (ک) صُعُوْبَةً. عَلَیْهِ الاَمْرُ : دشوار ہونا ۔ صفت صَعْبٌ : مؤنث صَعْبَةٌ. ج صِعَاب.
اَصْعَبَ. الاَمْرُ : مشکل ہونا ..... الشَیْئَ : مشکل پانا ..... الجَمَلُ : سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا۔
صَاعَبَهٗ مُصَاعَبَةً : سختی کرنا۔
صَعَّبَهٗ : دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ : دشوار ہونا ۔ مشکل ہونا ۔ الاَمْرَ : دشوار بنانا۔
تَصَاعَبَ : باہم سختی کرنا۔
اِسْتَصْعَبَ : مشکل ہونا ۔ الشَیْئَ : مشکل پانا۔
الصَعْب : مص ۔ دشوار ۔ مشکل ۔ خوددار ۔ شیر۔
الصَعُوْب : دشوار ۔ ج صُعُب.
الصَعْبُوْب : دشوار۔
المَصَاعِب : سختیاں ۔ مشقتیں۔
الـمُـصْـعَـب : سانڈ ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو ۔ ج مَـصَـاعِـب ومَصَاعِیب : کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ ومَصَاعِیْبُ" سرکش اُونٹ۔
صَـعْـتَـرَ. الـنَـحْلُ : پہاڑی پودینہ کھانا ...... الرَجُلُ الشَیْئَ : مزین کرنا۔
الصَعْتَر : پہاڑی پودینہ۔
الصَعْتَرِیّ : چالاک ۔ کریم ۔ بہادر۔
صَعِدَ (س) صُعُوْدًا وصَعَدًا وصُعُدًا فِی السُلَّم : سیڑھی پر چڑھنا ...... بِهٖ : چڑھانا (...... صُـعُـوْدًا) الـمَـكَـانَ : نیچے جھکتے ہوئے چڑھنا۔
صَـعَّـدَ. فِیْ وعَلَی الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا ...... فِی الوَادِی : وادی میں اُترنا۔
صَـعَّـدَ فِیْـهِ الـنَظَرَ : اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا۔
اَصْـعَـدَ : مکہ کو جانا ...... فِی الاَرْضِ : اونچی

زمین کی طرف جانا۔۔۔۔فِي الْوَادِي: وادی میں اترنا۔۔۔۔فِي الْعَدْوِ: تیز دوڑنا۔۔۔۔: چڑھانا۔اَصْعَدَتِ السَّفِينَةُ: بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اڑنا۔
تَصَعَّدَ وتَصَاعَدَ: چڑھنا۔تَصَعَّدَهُ وتَصَاعَدَهُ الاَمْرُ: دشوار و مشکل ہونا۔
تَصَعَّدَ النَّفَسُ: مشکل سے سانس نکلنا۔
اِصَّعَّدَ: چڑھنا۔
الصَّاعِدُ: فا۔کہا جاتا ہے "بَلَغَ كَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر اور یہ باعتبار حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔
الصَّعَّاد: بہت چڑھنے والا۔
الصُّعُد: بلندی۔کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اترا و "هٰذَا النَّبَاتُ يَنْمُو صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔ایک درخت ہے جس سے تارکول پگھلایا جاتا ہے۔
الصَّعَد: مشقت۔عَذَابٌ صَعَدٌ: سخت عذاب۔
الصَّعِيد: مٹی۔قبر۔راستہ۔زمین کا بلند حصہ۔کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْحَدِيقَةُ صَعِيدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہوگیا جس میں درخت وغیرہ نہیں۔ج صُعُد وصُعُدَات وصُعْدَان: مصر میں چند شہروں کا نام صعید ہے۔
الصُّعُود: چڑھائی۔خَمِيسُ الصُّعُود: جمعرات کا دن جس میں سیدنا حضرت مسیح علیہ السلام آسمان پر تشریف لے گئے۔
الصَّعُود: چڑھائی۔چڑھتا ہوا راستہ۔دشوار گزار گھاٹی۔ج صُعُد واَصْعِدَة وصَعَائِد کہا جاتا ہے "لَاُرْهِقَنَّكَ صَعُودًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔
الصُّعَدَاء: غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔
الصَّعْدَاء: مشقت۔
الصَّعْدَة: اسم مرۃ۔سیدھا نیزہ۔ج صِعَاد وصَعَدَات.

الصَّعُوْدَاء: دشوار گزار گھاٹی۔
الْمُصْعَد. مِنَ الاَشْرِبَةِ: آگ سے گرم کیا ہوا۔
اَلتَّصْعِيدُ: جامد جسم کا دھواں کی شکل میں تبدیل ہونا۔بغیر پگھلنے کے۔
اَلْمُصْعَدُ: بجلی یا گیس کے بند کرنے کے مقام۔
اَلْمِصْعَدُ: اوپر لے جانے کے لئے خودکار زینہ۔
جَبَلٌ مُصْعِد: بلند پہاڑ۔
الْمِصْعَاد: درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔
صَعِرَ: (س) صَعَرًا. وَجْهُهُ: ٹیڑھا ہونا۔ایک جانب کو جھکنا۔صفت اَصْعَر: مؤنث صَعْرَاء ج صُعْر۔۔۔۔ رَاْسُهُ: سر کا چھوٹا ہونا۔
صَعَّرَ وصَاعَرَ واَصْعَرَ: تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا اور کبھی خلقتاً ہوتا ہے۔
تَصَعَّرَ وتَصَاعَرَ: تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔
صَعْرَرَ. الشَّيْءَ: گھمانا۔
تَصَعْرَرَ: گھومنا۔
اِصْعَنْرَرَ واِصْعَرَّرَ: پیچ و تاب کھانا۔
اِصْعَرَّتِ. الإِبِلُ: تیز دوڑنا۔
الصَّعَّار: مغرور و متکبر۔
الصُّعْرُر والصُّعْرُوْر: درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے۔ج صَعَارِير۔
الصُّعْرُوْرَة: کہربا کی گولی۔
صَعْصَعَ. الْقَوْمَ: متفرق کر دینا۔۔۔۔الشَّيْءَ: حرکت دینا۔مِنْ فُلَانٍ: خوف کرنا۔رَاْسَهُ بِالدُّهْنِ: سر کو تیل سے چکنا کرنا۔تَصَعْصَعَ: متحرک ہونا' متفرق ہونا۔الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ذلیل ہونا۔عاجزی کرنا۔کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ بِهِمُ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کر دیا۔
تَصَعْصَعَتْ صُفُوفُهُمْ" یعنی ان کی صفیں منتشر ہوگئیں۔
الصَّعْصَع: متفرق (۔۔۔۔ والصُّعْصُع) ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں۔ج صَعَاصِع: کہا جاتا ہے "ذَهَبُوا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

صُعِفَ صَعْفًا: کپکپی لاحق ہونا۔صفت مَصْعُوف.
اَصْعَفَ. الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ ریل ڈال کر اسے کھایا جا سکے۔
الصَّعَفَة: کپکپی۔سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔
الصَّعْفَق والصَّعْفُوق والصَّعَفْقِي: وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کے لئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔
الصَّعْفُوق: کمینہ۔ج صَعَافِيق وصَعَافِقَة.
صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةً. السَّمَاءُ الْقَوْمَ: بجلی گرانا۔صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ: بجلی گرنا۔
صَعِقَ: (س) صَعَقًا. الرَّعْدُ: زور سے بادل گرجنا۔۔۔۔ الرَّكِيَّةُ: کنوئیں کا گر جانا (۔۔۔۔ وصُعِقَ صَعْقًا وصَعَقًا وصَعْقَةً وتَصْعَاقًا): گرج سے غشی طاری ہو جانا۔صفت صَعِق: مرنا۔صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا: بیل کا سخت ڈکارنا۔
اَصْعَقَتْهُ. السَّمَاءُ: بجلی گرانا۔اَصْعَقَه: قتل کرنا۔
الصَّعَق: مس۔چیخ۔موت۔
الصُّعَاق: بادل کی گرج۔
الصَّاعِقَة: مس۔آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔موت۔ہر مہلک عذاب۔عذاب کی چیخ۔ج صَوَاعِق.
الْمَصْعُوق: غشی والا۔اچانک مرنے والا۔
الصُّعْقُر: مچھلی کے انڈے۔
صَعِلَ: (س) صَعَلًا واَصْعَالَّ: چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا۔صفت اَصْعَل مؤنث صَعْلَاءُ ج صُعْل.
الصَّعْل: چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا۔گدھا جس کے بال گر گئے

ہوں۔
صَعْلَكَهُ صَعْلَكَةً: محتاج بنانا۔ دبلا کرنا۔
تَصَعْلَكَ: فقیر محتاج ہونا۔
الصُّعْلُوكُ: فقیر محتاج۔ کمزور۔ ج صَعَالِكُ وصَعَالِيكُ۔ صَعَالِيكُ العَرَبِ: عرب کے چور اور فقراء۔
أَصْعَنَ. الرَّجُلُ: چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔
اِصْعَنَّ. الشَّيْءُ: باریک اور نازک ہونا۔
صَعَا يَصْعُوا صَعْوًا: باریک اور چھوٹا ہونا۔
الصَّعْوُ: چھوٹے چڑے۔ واحد (صَعْوَةٌ صَعَوَات: ممولا۔ ج صِعَاء وأَصْعَاء نَاقَةٌ صَعْوَةٌ: چھوٹے سر والی اونٹنی۔
الصَّغَبُ: جوں کے انڈے۔
صَغِرَ (س) وصَغُرَ (ک) صَغَرًا وصَغَارَةً وصِغَرًا وصُغْرَانًا: چھوٹا ہونا۔
صَغُرَ (ک) صِغَرًا وصُغْرًا وصَغَارًا وصَغَارَةً وصُغْرَانًا: ذلیل ہونا۔ صَغُرَتِ الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔
صَغَرَ (ن) وصَغِرَ (س) صَغْرًا. القَوْمَ: قوم میں چھوٹا ہونا۔
صَغَّرَ وأَصْغَرَهُ: چھوٹا بنانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَغَّرَهُ فِي أَعْيُنِ النَّاسِ" یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔ "أَصْغَرَتِ الأَرْضُ" زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔
أَصْغَرَ القَوْمُ: چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔
تَصَاغَرَ. الرَّجُلُ: حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ إِلَيْهِ نَفْسُهُ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہوگیا۔
اِسْتَصْغَرَهُ: چھوٹا پانا۔ چھوٹا سمجھنا..... فُلَانًا: چھوٹا طلب کرنا۔
الصِّغْرَةُ: اولاد میں سب سے چھوٹا۔ قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِغْرَةُ أَبَوَيْهِ او صِغْرَةُ أَوْلَادِ أَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے چھوٹے۔ کہا جاتا ہے "أَنَا مِنَ الصِّغْرَةِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔
الصَّغَار والصُّغْر: ذلت۔ ظلم۔
الصَّغَارَة: چھوٹا پن اور بعض کہتے ہیں کہ صَغَارَت: مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صِغَر جسامت میں چھوٹا ہونا۔
الصُّغَار والصُّغْرَان: چھوٹا۔
الصَّاغِر: ذلیل۔ بے قدر۔ جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے۔ ج صَغَرَة وصَاغِرُون۔
الصَّغِير: چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ج صِغَار وصُغَرَاء.
الأَصْغَر: اسم تفضیل۔ ج أَصَاغِر أَصَاغِرَة وأَصْغَرُون: مؤنث صُغْرَى ج صُغَر.
الأَصْغَرَان: دل و زبان اور اسی سے مثل ہے "الْمَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ" آدمی کی وقعت دو چھوٹی چھوٹی چیزوں یعنی دل و زبان سے وابستہ ہے۔
صَغَا يَصْغُو ويَصْغَى صَغْوًا وصَغِيَ يَصْغَى صَغًى وصُغِيًّا. إِلَيْهِ: جھکنا..... النُّجُومُ او الشَّمْسُ: ڈوبنے لگنا۔ صفت صَغْوَاء اور جمع صَوَاغٍ.
أَصْغَى إِصْغَاءً. إِلَى حَدِيثِهِ: کان لگانا..... إِلَيْهِ: سننے کے لئے جھکنا..... الإِنَاءَ: جھکانا..... الشَّيْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کہو گے "أَصْغَى حَقَّهُ" جبکہ حق گھٹا دیا۔
الصِّغْو: کوئیں کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جو دوہرا ہو۔ صِغْوُ الكَفِّ او الغَرْفَةِ: ہتھیلی یا چمچہ کا گڑھا۔ ج أَصْغَاء.
صَاغِيَةُ الرَّجُلِ: ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "أَكْرِمُوا الرَّجُلَ فِي صَاغِيَتِهِ" یعنی اس کے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔
صَفَّ (ن) صَفًّا وصَفَّفَ. الشَّيْءَ: صف بنانا..... القَوْمَ: میدان جنگ میں صف بندی کرنا..... صَفَّ القَوْمُ: صف بستہ کھڑا ہونا..... الطَّائِرُ بِجَنَاحِهِ: پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا..... الإِبِلُ قَوَائِمَهَا: اونٹوں کا اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں رکھنا..... اللَّحْمَ: طول میں کاٹنا..... السَّرْجَ: گدی بنانا۔
صَافَّ مُصَافَّةً. القَوْمَ فِي القِتَالِ: میدان جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا..... فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔ بنانے والا المُصَافِي کہلاتا ہے۔
أَصَفَّ. السَّرْجَ: زین کے لئے گدی بنانا۔
تَصَافَّ. القَوْمُ: صفوں میں اکٹھا ہونا۔
اِصْطَفَّ. القَوْمُ: صفوں میں کھڑا ہونا۔
الصَّفُّ: سیدھی قطار۔ کلاس۔ صف بستہ قوم۔ ج صُفُوف.
الصَّفَف: زرہ کے نیچے کا لباس۔
الصُّفَّة: ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے۔ صُفَّةُ السَّرْجِ او الرَّحْلِ: زین یا کجاوہ کی گدی۔ صُفَّةُ المَسْجِدِ: مسجد کا سایہ دار چبوترہ۔
الصُّفَّة: گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے پٹی ہوئی ہو۔ صُفَّةٌ مِنَ الدَّهْرِ: زمانے کی ایک مدت۔ ج صُفَف وصُفَّات وصِفَاف.
الصَّافُّ: قا۔ الصَّافَّةُ مِنَ الإِبِلِ: جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے ہوئے ہوں۔ ج صَافَّات وصَوَافّ. الصَّافَّات: فرشتے۔
نَاقَةٌ صَفُوف: بہت دودھ دینے والی اونٹنی جو کثرت دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگا دے اور یا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دوہنے کے وقت ایک صف میں کر لے۔
الصَّفِيف: خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز۔
الصَّفْصَاف: ایک درخت جو کہ عام طور پر باسکٹ وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے۔
المَصَفّ: صف باندھنے کی جگہ۔ میدان جنگ۔ مطلقاً کھڑے ہونے کی جگہ۔ ج مَصَافّ.
تَصَفَّفَ. الرَّجُلُ: قوی و مضبوط ہونا۔

الصِفتُّ والصِفِتَّان والصِفِتَّان : بھاری بھر کم جسم والا۔ قوی سخت اندام۔

صَفَحَ :(ف) صَفحًا. عَنْهُ :روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا۔ چھوڑ دینا۔ گناہ معاف کرنا۔ صفح السَّائِلَ عَنْ حَاجَتِهِ : حاجت پوری نہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتَيْتُهُ فِيْ حَاجَةٍ فَصَفَحَنِيْ" میں اس کے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی ...... ہ بِالسَّيْفِ :تلوار کی چوڑائی کی طرف سے مارنا ......الشَّيْئَ :چوڑا کرنا ......النَّاسَ :لوگوں میں مقابلہ کر کے ان کی حالت دیکھنا ...... وَرَقَ المُصْحَفِ :ایک ایک ورق کو پیش کرنا ......فِي الْاَمْرِ :غور کرنا۔

صَفَحَتْ (ف) صُفُوْحًا. النَّاقَةُ وغيرُها :دودھ کا ختم ہو جانا۔ صفت صَافِحٌ.

صَفَّحَ. الشَّيْئَ :لمبا چوڑا کرنا ......المَكَانَ : مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا۔

صَفَّحَ بِيَدَيْهِ :تالی بجانا۔

اَصْفَحَ. السَّائِلَ :محروم واپس کر دینا ...... الشَّيْئَ :الٹنا پلٹنا۔

صَافَحَهُ مُصَافَحَةً وصِفَاحًا :ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔

تَصَفَّحَ. الشَّيْئَ :تامل کرنا۔ دیر تک دیکھنا ......القَوْمَ :چہروں کو غور سے دیکھنا تاکہ حالات کا اندازہ ہو سکے۔ حالات کا جائزہ لینا۔

تَصَافَحَ. القَوْمُ :باہم مصافحہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَافَحَتِ الاَجْفَانُ" یعنی پلک لگ گئی۔

اِسْتَصْفَحَهُ. الذَّنْبَ :گناہ کی معافی چاہنا۔

الصَّفْحُ :جانب ......مِنَ الْوَجْهِ :رخسارہ ......مِنَ الْاِنْسَانِ :پہلو ......مِنَ السَّيْفِ : چوڑا پہلو۔ ج صِفَاحٌ. کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی اعراض کیا۔

الصَّفْحَةُ مِنَ الشَّيْئِ :جانب۔ چہرہ ......مِنَ الكِتَابِ :ورق کی ایک جانب۔ صَفْحَةُ الرَّجُلِ :سینہ کی چوڑائی۔ ج صَفَحَات.

الصَفْحَتَانِ والصَفْحَتَانِ :رخسارے۔

الصَّفْحُ :چہرے اور تلوار کی چوڑائی۔

الصِّفَاحُ والصَّفحُ :رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ صِفَاحًا" وہ اس سے اچانک ملا۔

الصَّفِيْحُ :آسمان۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔

الصَّفِيْحَةُ :چوڑی تلوار۔ چوڑا پتھر۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔ صَفِيْحَةُ الوَجْهِ :چہرے کی کھال۔ ج صَفِيْحٌ وصَفَائِحُ. الصَّفَائِحُ :سر کی چار ہڈیاں۔ دروازے کے تختے۔

الصُّفَّاحُ :پتلے چوڑے پتھر۔ اونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں۔ ج صُفَّاحَات صَفَافِيْحُ.

الصَّفَّاحُ والصَّفُوْحُ :معاف کرنے والا۔

الصَّفُوْحُ :بمعنی کریم۔

المُصَفَّحُ :چوڑا۔ الٹا جھکا ہوا ......مِنَ الوُجُوْهِ :ملائم و خوبصورت ......مِنَ الْاُنُوْفِ :ستواں ناک ......مِنَ الرُّؤُوْسِ :کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل ......مِنَ القُلُوْبِ :جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں ......مِنَ النَّاسِ :جو کافر سے کافرانہ طریقہ سے ملے اور مومن سے مومنانہ طریقے سے۔

المُصَفَّحُ :چوڑا۔ جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں۔ اَنْفٌ مُصَفَّحٌ :ستواں ناک۔

المُصَفِّحَةُ والمُصَفَّحَةُ :تلوار۔ ج مُصَفِّحَات ومُصَفَّحَات.

صَفَدَهُ :(ض) صَفْدًا وصُفُوْدًا وصَفَّدَهُ : قید کرنا۔ ہتھکڑی لگانا۔

اَصْفَدَهُ :قید کرنا ......مَالاً :دینا۔

الصَّفَدُ :بخشش۔ بندھن۔ ج اَصْفَاد. کہا جاتا ہے "الصَّفَدُ صَفَدٌ" یعنی داد و دہش قید ہے۔

الصِّفَادُ :ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے۔ بندش۔

صَفَرَ (ض) صَفِيْرًا :ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔ صَفَرَ بِالْفَرَسِ عِنْدَ وُرُوْدِهِ : گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا۔

صُفِرَ صَفْرًا :پیٹ میں صفار جمع ہونا۔ صفت مَصْفُوْرٌ (دیکھئے صُفَار)

صَفِرَ :(س) صَفَرًا وصُفُوْرًا وصُفُوْرَةً الاِنَاءُ :برتن کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَفِرَ وِطَابُهُ او اِنَاءُهُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔

صَفَّرَ. الشَّيْئَ :زرد رنگنا ......الثَّوْبَ :زرد رنگنا ......البَيْتَ :خالی کرنا ......لِلدَّابَّةِ : ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا ...... بِالدَّابَّةِ :جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا۔

اَصْفَرَ :محتاج ہونا ......الاِنَاءُ :خالی ہونا ...... البَيْتَ :خالی کرنا۔

اِصْفَرَّ اِصْفِرَارًا :زرد رنگ ہونا۔

الصَّفْرُ والصِّفْرُ والصُّفْرُ :خالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ صِفْرٌ مِنَ المَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "هُوَ صِفْرُ اليَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔

الصُّفْرُ :سونا۔ پیتل۔

الصِّفْرُ :زیرو۔ اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔

صَفَرٌ :قمری مہینوں میں دوسرا مہینہ۔ کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔ ج اَصْفَار.

الصَّفَرَانِ :عربی سال کے دو مہینے جس میں سے پہلے کا نام ظہور اسلام کے بعد محرم ہو گیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا۔

الصَّفَرُ :مس۔ یرقان۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلَى شُرْسُوْفِهِ الصَّفَرُ" یعنی بھوکا ہوا۔ عقل کہا جاتا ہے "لَا يَلْتَاطُ هٰذَا بِصُفْرِيْ" یہ میری عقل میں نہیں آتا۔ میرے دل میں چپکتا۔

الصِّفْرُ :خالی۔ ج اَصْفَارٌ. کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ اَصْفَارٌ" خالی برتن۔

الصُّفَيْرَاءُ :ایک درخت جس کے پتے سبزی زردی مائل ہوتے ہیں۔

اَلْبَابَانِيَّةُ :زیب و زینت والا ایک درخت جس کے پتے پرنما ہوتے ہیں اور سفید رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔

الصَّفْرَة : ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔
الصُّفْرَة : زردی۔ سیاہی۔
مِصْفَارٌ : ایک قسم کی مچھلی۔

المِصْوَب: چمچہ۔ڈوئی۔

الصَوْبَج والصَوْلَج: بیلن۔

صَاتَ يَصُوْتُ وَيَصَاتُ صَوْتًا: آواز دینا۔پکارنا۔

صَوَّتَ تَصْوِيْتًا وَأَصَاتَ إِصَاتَةً: آواز دینا۔أَصَاتَ بِفُلانٍ: کسی کے متعلق غیر پسندیدہ چیز کو مشہور کرنا۔أَصَاتَ الطَسْتَ وَصَوَّتَهُ: طشت بجانا۔

اِنْصَاتَ. الرَجُلُ: جھکے سے جانا۔جھکاؤ کے بعد قد کا سیدھا ہونا۔کہا جاتا ہے "اِنْصَاتَ بِهِ الزَمَانُ" یعنی مشہور ہو گیا۔و "دُعِيَ فَانْصَاتَ": بلایا گیا پس متوجہ ہوا۔

الصَوْت: آواز۔ہر قسم کا راگ۔ج أَصْوَات نحویوں کے نزدیک اسماء اصوات وہ ہیں کہ جن سے کسی آواز کی حکایت کی جائے جیسے غَاق پتھر کی آواز کے لئے طق۔اور یا جن سے جانور وغیرہ کو آواز دی جائے یا ڈانٹا جائے جیسے گھوڑے کے لئے هَلاً اور خچر کے لئے عَدَس.

اور یا تعجب کے لئے جیسے وَيْ یا اظہار درد کے لئے جیسے أَح: یا اظہار حسرت و افسوس کے لئے جیسے آہ۔

الصوت والصَات والصِيْت والصِيْتَة: اچھی شہرت۔کہا جاتا ہے "إِنْتَشَرَ صَوْتُهُ بَيْنَ النَاسِ" اس کی شہرت لوگوں میں پھیل گئی۔الصِيْتَة: نوع آواز۔

الصَات والصَيِّت: بلند آواز والا۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَاتٌ وَصَوْتٌ صَيِّتٌ".

المُصْوَات: بہت آواز دینے والا۔کہا جاتا ہے "مَا بِالدَارِ مِصْوَات" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الصَوْجَان: خشک سخت۔مؤنث صَوْجَانَة۔نَخْلَةٌ صَوْجَانَةٌ: خشک درخت خرما جس کے پتے بھی خشک ہوں۔کہا جاتا ہے

"اَیُّ صَوْحَانٍ ھُوَ" : یعنی کون آدمی وہ ہے۔

صَاحَہٗ یَصُوْحُہٗ صَوْحًا : پھاڑنا۔

صَوَّحَہٗ. الشَّمْسُ اَوِ الرِّیْحُ : خشک کرنا۔

صَوَّحَ البَقْلُ : خشک ہونا۔

تَصَوَّحَ : پھٹنا۔ خشک ہونا۔

اِنْصَاحَ. اِنْصِیَاحًا : پھٹنا...... الفَجْرُ : روشن ہونا۔

الصَّوْحُ والصُّوْحُ : نہر کا کنارہ۔ دامن کوہ۔

الصَّاحَۃُ : بنجر زمین۔

الصُّوَاحُ : گھوڑے کا پسینہ۔ کھجور کا خشک شگوفہ۔

الصُّوْحَانُ : خشک۔

صَاخَ یَصُوْخُ صَوْخًا. فِیْ الاَرْضِ : زمین میں دھنسنا۔

اَصَاخَ اِصَاخَۃً. لَہٗ وَاِلَیْہِ : کان لگانا۔ کہا جاتا ہے اصاخ عَنْ کَذَا : یعنی فلاں چیز سے رجوع کیا و "اَصَاخَ عَلٰی حَقِّ فُلَانٍ" : فلاں کے حق ضائع کرنے پر خاموش رہا۔

الصَّاخَۃُ : مصیبت۔ بڑی بڑ صدمہ کا اثر۔ ج صَاخ وصاخات.

بَلَدٌ صُوَّاخٌ : وہ شہر جس میں پیر دھنس جاتے ہوں۔

اَلصُّوْدِیُوْم : سوڈیم ایک سفید دھات چاندی کی طرح جس سے نمک کھانے والا بنتا ہے۔ سوڈیم کاربونیٹ : غسل اور بدہضمی وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ سوڈیم نائٹریٹ : فصل کو بارآور کرنے کے لیے ایک کھاد۔

صَارَ یَصُوْرُ صَوْرًا : آواز دینا...... الشَّیْ : جھکا دینا۔ تم کہتے ہو "صَارَ عُنُقَہٗ اَوْ وَجْھَہٗ اِلَیَّ" یعنی اس نے اپنی گردن یا اپنے چہرے کو میری طرف مائل کیا۔ کسی چیز کو اپنی طرف جھکانا۔ کہا جاتا ہے "صُرْتُ الغُصْنَ لاَجْتَنِیَ الثَّمَرَ" یعنی میں نے ٹہنی اپنی طرف جھکائی تاکہ پھل توڑوں...... الشَّیْ : کاٹنا۔ جدا کرنا۔

صَوِرَ یَصْوَرُ صَوَرًا : جھکنا۔ صفت اَصْوَرُ : کہا جاتا ہے "ھُوَ اَصْوَرُ اِلَیٰ کَذَا" : جب کہ اپنی گردن یا چہرے کو مائل کرے۔

صَوَّرَہٗ : تصویر بنانا۔

صُوِّرَ لِیْ : خیال میں آنا۔

اَصَارَہٗ : جھکا دینا۔ توڑنا۔

تَصَوَّرَ. الشَّیْ : ذہن میں لانا۔ خیال میں لانا...... الرَّجُلَ : گرنا یا گرنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَہٗ فَتَصَوَّرَ" : اس نے نیزہ مارا پس وہ گر گیا۔ تَصَوَّرَ لَہُ الشَّیْ "اس کے ذہن میں صورت آ گئی۔

اِنْصَارَ اِنْصِیَارًا : جھکنا۔ ٹوٹنا۔

الصَّوْرُ : چھوٹا درخت خرما۔ ج صِیْرَان واَصْوَار : گردن کا پہلو۔ نہر کا کنارہ۔ ج صِیْرَان.

الصُّوْرُ : نرسنگھا

الصَّوَرُ : کجی۔ ٹیڑھا۔ کہا جاتا ہے "فِیْ عُنُقِہٖ صَوَرٌ" یعنی اس کی گردن میں کجی ہے۔

الصَّارَۃُ. مِنَ الجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی۔

صَارَۃُ المِسْکِ : مشک کا ڈبہ۔

الصَّوْرَۃُ : اسم مرۃ۔ جھکاؤ۔ سر کی خارش۔

الصُّوْرَۃُ : شکل۔ ج صُوَر. صِوَر. صُوْر.

الصُّوْرَۃُ : صفت۔ نوع۔ چہرہ۔

الصُّوَارُ والصِّوَارُ : گائیوں کا گلہ۔ اچھی بو۔ تھوڑا سا مشک۔ مشک کا ڈبہ۔ ج صِیْرَان.

الصُّوَّارُ : گائیوں کا گلہ۔

الصِّیَارُ : گائیوں کا گلہ۔ ج صِیْرَان.

الصَّیِّرُ : اچھی صورت والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَیِّرٌ شَیِّرٌ" مرد اچھی صورت ہیئت کا۔

الاَصْوَرُ : جھکاؤ والا۔

التَّصْوِیْرَۃُ : سٹیچو۔ مجسمہ۔ بت۔

المُصَوِّرُ : فا۔ تصویر بنانے والا۔

مُصَوِّرُ الکَائِنَاتِ : اللہ تعالیٰ۔

الصُّوْصُ : لئیم۔ بخیل۔ جو رات کو چھپ کر آئے تاکہ مہمان نہ دیکھ لے۔ الصُّوْصُ عِنْدَ العَامَّۃِ : عوام کے نزدیک مرغی کا بچہ جبکہ وہ انڈے سے نکلے اور فصیح لفظ فُوْب ہے۔

صَاعَ یَصُوْعُ صَوْعًا. الحَبَّ : صاع سے ناپنا...... القَوْمَ : ایک کا دوسرے پر حملہ کرنا...... الشَّیْ : موڑنا۔ متفرق کرنا...... القَوْمَ : قوم پر اطراف سے آنا...... النَّحْلُ : شہد کی مکھیوں کا ایک دوسرے کے پیچھے جانا...... الرَّجُلَ : خوف دلانا، گھبرا دینا۔

صَوَّعَ. الشَّیْ : گول اور نوکدار بنانا...... لِلْقُطْنِ : روئی دھنے کے لئے جگہ صاف کرنا...... الرِّیْحُ النَّبَاتَ : ہوا کا پودوں کو حرکت دینا...... الطَّائِرُ بِرَاسِہٖ : پرندہ کا سر کو حرکت دینا...... الفَرَسُ : سرکشی کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَوَّعَ بِہٖ فَرَسُہٗ" یعنی سرکشی کی اور قبضہ میں نہیں آیا۔

تَصَوَّعَ : متفرق ہونا۔ دور ہونا۔ پھیلنا۔ النَّبَاتُ : پودہ کا ہلنا، لہلہانا...... الشَّعْرُ : پراگندہ ہونا۔

اِنْصَاعَ اِنْصِیَاعًا : جلدی لوٹنا۔ گزرنا۔

الصَّاعُ والصَّوْعُ والصُّوْعُ : ایک قسم کا پیمانہ جو اسی روپے کے سیر سے ساڑھے تین سیر کے مساوی ہے۔ ج اَصْوَاعٌ اَصْوُعٌ واَصْؤُعٌ وصُوْعٌ وصِیْعَان. الصَّاعُ : پست زمین۔ کھیلنے کا ڈنڈا۔ سینہ کا وسط۔ وہ زمین جس میں جھاڑو دے کر کھیلا جائے۔

الصَّاعَۃُ : پست زمین۔ روئی یا اون دھنے کے لئے زمین۔ کہا جاتا ہے "اِتَّخِذْ لِصُوْفِکَ صَاعَۃً" : اپنی اون دھنے کے لئے زمین بنالو۔

الصُّوَاعُ والصِّوَاعُ : پانی پینے کا پیالہ۔ ج صِیْعَان.

صَاغَ یَصُوْغُ صَوْغًا. المَاءُ : پانی کا نیچے اتر جانا...... الشَّیْ : درست نمونہ پر آراستہ کرنا...... الکَلِمَۃَ : وزن مخصوص پر دوسرے کلمہ سے کوئی کلمہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "صَاغَ الکَلَامَ" : یعنی گھڑ لیا۔ صَاغَ اللّٰہُ فُلَانًا صِیْغَۃً حَسَنَۃً" یعنی فلاں کو اللہ تعالیٰ نے اچھے طریقے سے پیدا کیا۔ "وَصِیْغَ عَلٰی

صِبْغَتِہٖ": یعنی وہ اس کی پیدائش پر پیدا کیا
گیا۔ وطَـاغَ لَہٗ الشَّرابُ: اس کے لئے
شراب خوشگوار ہوئی۔
صَاغَ يَصُوْغُ صِيْغَةً وصِيَاغَةً وصَيْغُوْغَةً.
الشَّئَ: پگھلانا' ڈھالنا۔
اِنْصَاغَ اِنْصِيَاغًا: پگھلنا' ڈھلنا۔ کہا جاتا
ہے "هُوَ صَوْغُ اَوْ صَوْغَةُ اَخِيْهِ" یعنی وہ
اس کے ساتھ پیدا ہوا یا اس کے بعد پیدا ہوا
کہ ان دونوں کے درمیان اور کوئی نہیں۔
"هٰذَا صَوْغُ هٰذَا" یعنی وہ اس کے مطابق
ہے۔ "هُمَا صَوْغَانِ" یعنی وہ پیدائش وغیرہ
میں ایک جیسے ہیں۔
الصِّيْغَةُ: قسم۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ
صِيْغَةٍ كَرِيْمَةٍ" یعنی وہ اصل کریم سے ہے
"و صِيْغَةُ الْاَمْرِ كَذَا وكَذَا: مراد وہ وزن
ہے جس پر امر کا صیغہ بنایا جائے۔ ج صِيَغٌ.
الصَّائِغُ: زرگر۔ سنار۔ ج صَاغَةٌ وصُيَّاغٌ
وصُوَّاغٌ. الصِّيَاغَةُ: زرگری۔ سناری کا
پیشہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صَاغَةِ الْكَلَامِ"
یعنی وہ لپاڑیا ہے۔
الصَّوَّاغُ والصَّيَّاغُ والصَّيِّغُ: لپاڑیا۔
جھوٹا۔ المَصَاغُ: ڈھالے ہوئے زیور۔
صَافَ يَصُوْفُ صَوْفًا. عَنْ كَذَا: اعراض
کرنا۔ ...... السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: تیر کا نشانہ
سے خطا ہو جانا (...... صَوْفًا وصُوُوْفًا
وصَوِفَ يَصْوَفُ صَوَفًا) الْكَبْشُ:
مینڈھے کا بہت اون والا ہونا۔ صفت
اَصْوَفُ. صَوَّفَهٗ: صوفی بنانا۔
اَصَافَهٗ: مائل کرنا۔ جھکانا۔
تَصَوَّفَ: صوفی بننا۔ صوفیوں کی سی عادت
بنانا۔
الصُّوْفُ: اون۔ ج اَصْوَافٌ. صُوْفَةٌ:
اون کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ بِصُوْفِ
رَقَبَتِهٖ" یعنی زبردستی پکڑ لو "اَعْطَاهُ اِيَّاهُ
بِصُوْفِ رَقَبَتِهٖ" یعنی تمام یا مفت دے دیا۔
الصَّوَّافُ: اون کا بیچنے والا۔
الصُّوْفِيَّةُ: عبادت گزاروں کی جماعت۔
واحد صوفی۔
الصَّافُ والصَّائِفُ والاَصْوَفُ والصَّائِفُ
: اون والا۔
الصُّوْفَانُ: بہت اون والا۔ مؤنث صُوْفَانَةٌ.
الصُّوْفَانُ: ایک نرم خشک چیز ہے جو درخت
کی لکڑی کے اندر ہوتی ہے جو جلدی آگ
پکڑ لیتی ہے۔
الصُّوْفُ والصُّوْفَانِيُّ: بہت اون والا۔
جُبَّةٌ صَيِّفَةٌ: بہت اون والا جبہ۔
صَاقَ. الدَّابَّةَ: ہانکنا۔
الصَّوِيْقُ: ستو۔ سویق میں ایک لغت ہے۔
الصَّاقُ: پنڈلی۔ ج صُوْقٌ ساق میں ایک
لغت ہے۔
صَاكَ يَصُوْكُ صَوْكًا. بِهِ الزَّعْفَرَانُ اَوِ
الْمِسْكُ اَوْ نَحْوُهُمَا: زعفران یا مشک
وغیرہ کا چپکنا۔
تَصَوَّكَ. فِيْ رَجِيْعِهٖ وبِرَجِيْعِهٖ: گوبر میں
لتھڑنا۔
صَالَ يَصُوْلُ صَوْلًا وصَوْلَةً. عَلَيْهِ: کود
پڑنا (...... صَوْلًا وصِيَالًا وصَالًا وصُؤُوْلًا
وصَيَلَانًا ومَصَالَةً) عَلَيْهِ: حملہ کرنا اور
زبردستی کرنا۔
صِيْلَ. لَهُ الْاَمْرُ: کوئی معاملہ مقدر کیا جانا۔
صَوَّلَ. الْبَيْدَرَ: کھلیان کے اطراف و
جوانب کو جھاڑ دینا ...... الشَّئَ: پانی سے
نکالنا۔ پانی میں ڈال کر صاف کرنا۔
صَاوَلَهٗ مُصَاوَلَةً وصِيَالًا وصِيَالَةً: ایک کا
دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے پر کود
پڑنا۔
تَصَاوَلَا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک
دوسرے پر کود پڑنا۔
الصَّوْلَةُ: حملہ۔ قدرت۔ قہر۔ کہا جاتا ہے
"لَقِيْتُهٗ اَوَّلَ صَوْلَةٍ" یعنی اول وہلہ میں
ملاقات کی۔
صُوْلَةُ الْحِنْطَةِ: پانی میں سے نکالا ہوا اور
صاف کیا ہوا گیہوں۔
الصُّوَالَةُ: گیہوں وغیرہ کا کوڑا کرکٹ جو پانی
سے صاف کرنے میں نکلے۔ کھلیان کے
ارد گرد کا کوڑا کرکٹ۔
الصَّؤُوْلُ. مِنَ الرِّجَالِ: لوگوں کو مارنے
والا۔ لوگوں پر زبردستی کرنے والا۔
المِصْوَلُ: بھگونے کا برتن۔ ج مَصَاوِلُ.
المِصْوَلَةُ: کھلیان کا جھاڑو۔
صَامَ يَصُوْمُ صَوْمًا وصِيَامًا واصْطَامَ:
روزہ رکھنا۔ چلنے پھرنے بولنے کھانے پینے
سے رک جانا۔ صفت صَائِمٌ ج صَائِمُوْنَ
وصُوَّامٌ وصُيَّامٌ وصُوَّمٌ وصُيَّمٌ وصِيَامٌ.
صَامَ الشَّهْرَ: روزہ رکھنا۔ مَنِيَّةً: موت چکھنا
...... النَّعَامُ: شتر مرغ کا بیٹ کرنا۔ صَامَ
النَّهَارُ: دوپہر ہونا۔ صَامَتِ الشَّمْسُ:
آفتاب کا وسط آسمان پر پہنچنا۔ کہا جاتا ہے
"جِئْتُهٗ والشَّمْسُ فِيْ مَصَامِهَا" یعنی میں
اس کے پاس ایسے وقت پہنچا کہ آفتاب وسط
آسمان میں تھا۔ صَامَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا رک
جانا۔
صَوَّمَهٗ: روزہ رکھوانا۔
الصَّوْمُ: روزہ۔ کام سے رکنا۔ روزہ دار یہ
لفظ مذکر و مؤنث واحد جمع سب پر بولا جاتا
ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَوْمٌ هِيَ صَوْمٌ هُمْ
صَوْمٌ. شَهْرُ الصَّوْمِ: رمضان۔ صَوْمُ
النَّعَامِ: شتر مرغ کی بیٹ۔
الصَّوَامُ. مِنَ الْاَرَاضِيْ: خشک بے پانی کی
زمین۔
الصَّوْمَانُ: روزہ دار۔ ج صَوَامَى.
الصَّائِمُ: روزہ دار۔ يَوْمٌ صَائِمٌ: وہ دن جس
میں روزہ رکھا جائے۔ مَاءٌ صَائِمٌ: ٹھہرا ہوا
پانی۔ الصَّائِمَةُ مِنَ السَّكَاكِيْنِ: کند چھری
...... مِنَ الْخَيْلِ: بغیر چارہ کے کھڑا ہونے
والا گھوڑا۔ والصَّائِمَةُ مِنَ الْبَكَرَاتِ: نہ
گھومنے والی چرخی۔
الصَّوَّامُ: بہت روزہ دار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ
صَوَّامٌ قَوَّامٌ" یعنی وہ دن میں روزے
رکھنے والا اور رات میں عبادت کرنے والا
ہے۔

مَصَامُ الفَرَسِ ومَصَامَتُهَا : گھوڑے کے کھڑے ہونے کی جگہ۔
صَوْمَعَ الشَّيْءَ : جمع کرنا......البِنَاءَ : عمارت کو بلند کرنا۔
الصَّوْمَعَةُ والصَّوْمَعُ : راہب کی کٹی گرجا۔
الصَّوْمَعَةُ : عقاب۔ ایک قسم کی لمبی ٹوپی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج صَوَامِع.
صَوْمَلَ الرَّجُلُ : کمال کا بھوک کی وجہ سے خشک ہو جانا۔
صَانَهُ يَصُونُهُ صَوْنًا وصِيَانًا وصِيَانَةً واصْطَانَهُ اِصْطِيَانًا : حفاظت کرنا۔ صفت مفعول مَصُون. مَصْوُوْن : دوسرا کم استعمال ہوتا ہے۔ صَانَ الثَّوْبَ او العِرْضَ : کپڑے اور آبرو کو عیب لگانے والی چیزوں سے محفوظ رکھنا۔
تَصَوَّنَ وتصاون. مِنَ العَيْبِ : اپنے نفس کی عیب سے حفاظت کرنا۔ تصوّنَهُ : بچنے کے لئے تکلف کرنا۔
الصَّوَان والصِّوَان والصُّوَان والصِّيَان والصُّيَان والصَّيَان : کپڑوں یا کتابوں کے محفوظ کرنے کا برتن۔
الصَّوَّانَة : ایک سخت قسم کا پتھر۔ ڈبہ۔
المَصَان والمِصْوَان : کمان وغیرہ کا غلاف۔
الصَّوُّ : خالی۔ کہا جاتا ہے "اِنَاءٌ صَوٌّ" خالی برتن۔
الصُّوَّة : گونج۔ آواز بازگشت۔ ٹیلہ نشان راہ کا پتھر۔ ج صُوًى ج اَصْوَاء. الصُّوَى والاَصْوَاء : قبور۔
صَوَى يَصْوِي صُوِيًّا صَوِيَ يَصْوَى صَوًى وصَوَّى تَصْوِيَةً واَصْوَى اِصْوَاءً النَّخْلُ : خشک ہونا۔ صفت صَوٍ وصَاوٍ...... الضَّرْعُ : تھن کا خشک ہو جانا۔
صَوِيَ (س) صَوًى. الرَّجُلُ : قوی ہونا۔
صَابَ يَصِيبُ صَيْبًا : درست ہونا۔ صفت صَائِب. صَابَهُ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ پر لگنا۔
سَهْمٌ صَيُوبٌ : تیر نشانے پر لگنے والا۔ ج صُيُوب.

الصُّيَّابُ والصُّيَّابَةُ والصُّيَاب والصُّيَابَة : خالص۔ ہر چیز میں سے عمدہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صُيَّابِهِمْ ومِنْ صُيَّابَتِهِم" یعنی وہ سب میں عمدہ ہے۔
الصُّيَّابَة : سردار۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صُيَّابَةُ قَوْمِهِ" : وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ صُيَّابَةُ القَوْمِ : یعنی جماعت قوم۔
صَاحَ يَصِيحُ صَيْحًا وصَيْحَةً وصِيَاحًا وصُيَاحًا وصَيَحَانًا : چیختا چلاتا......بِهِ : پکارنا۔ آواز دینا......عَلَيْهِ : ڈانٹنا...... العُنْقُودُ : ترخوشے کا بڑھنا۔
صِيحَ. بِهِمْ : گھبرانا......فِيهِم : ہلاک ہونا۔
صَيَّحَ : چیخنے میں مبالغہ کرنا......الشَّيْءَ : توڑ دینا۔ پھاڑنا۔ صَيَّحَتِ الرِّيحُ او الشَّمْسُ البَقْلَ : ہوا یا آفتاب کا ساگ کو خشک کرنا۔
صَايَحَ وتَصَايَحَ. القَوْمُ : ایک دوسرے کو پکارنا۔ صَايَحَ بِهِ : آواز دینا۔ پکارنا۔
تَصَايَحَ جَفْنُ السَّيْفِ : تلوار کے میان کا پھٹ جانا۔
تَصَيَّحَ وانْصَاحَ : پھٹ جانا۔ تَصَيَّحَ البَقْلُ : اوپر کی جانب سے خشک ہونا۔ شروع ہونا۔
اِنْصَاحَ الفَجْرُ والبَرْقُ : ظاہر ہونا۔
اِنْصَاحَتِ الاَرْضُ : زمین کا کچھ حصہ روئیدگی سے ڈھک جانا اور کچھ کا خالی رہنا۔
الصَّيْحَة : چیخ۔ عذاب۔ اچانک غارت۔
الصَّائِحَة : مؤنث صَائِح : نوحہ کی چیخ۔
الصَّيَّاح : بہت چیخنے والا۔
صَادَ يَصِيدُ ويَصَادُ صَيْدًا وتَصَيَّدَ واصْطَادَ. الطَّيْرَ : پرندے کا شکار کرنا۔ صفت صَائِد. صَادَ فُلَانًا : کسی کے لئے شکار کرنا۔ صَادَ واصْطَادَ المَكَانَ : فلاں جگہ میں شکار کرنا۔ صَادَ زَيْدًا : ٹیڑھی گردن کا کر دینا۔
صَيِدَ يَصْيَدُ صَيَدًا : ٹیڑھی گردن کا ہونا۔
اَصَادَهُ : شکار پر اکسانا۔ اَصَادَ البَعِيرَ : تکلیف دینا۔ علاج کرنا (کجی گردن کا)

الاَصْيَد : تکبر سے سر کو بلند کرنے والا۔ وہ اونٹ جس کی گردن ٹیڑھی ہو۔ بادشاہ اس کے لئے کہ وہ بھی فخر و غرور کی وجہ سے اِدھر اُدھر نہیں دیکھتا۔ شیر۔ مؤنث صَيْدَاء ج صِيد.
الصَّاد : حروف تہجی کا ایک حرف جس کا عدد بحساب جمل ۹۰ ہے۔ تانبا۔ پیتل۔ ج صِيدَان : ایک مرض ہے جو اونٹ کو ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کی ناک ہمیشہ بہتی رہتی ہے اور وہ اپنے سر کو بلند کرتا ہے۔ شیر۔
الصَّيْد : شکار۔
الصَّيْدَاء : مؤنث اَصْيَد : کنکر۔ اَرْضٌ صَيْدَاء سخت زمین۔
الصَّيَد : مص (...... والصِّيد) : اونٹ کی مذکورہ بالا بیماری۔
الصَّيَّاد : شکاری۔ شیر۔
الصَّيُود : شکاری۔ کہا جاتا ہے كَلْبٌ صَيُودٌ وصَقْرٌ صَيُودٌ. ج صِيدٌ وصُيُدٌ.
الصَّيُودُ مِنَ النِّسَاءِ : بدخلق عورت۔
الصَّيْدَان : سونا۔ تانبا۔ صَيْدَان الحَصَى : کنکریاں۔
الصَّيْدَانَة : بھوت......مِنَ النِّسَاءِ : بدخلق۔ بہت بولنے والی۔
المِصْيَد والمِصْيَدة والمَصْيَدَة والمَصِيدَة : جال۔
المَصِيد : شکار کیا ہوا۔
المَصَاد والمُصْطَاد والمُتَصَيَّد : شکارگاہ۔
الصَّيْدَلَة : دوا فروشی۔
الصَّيْدَلِيّ والصَّيْدَلَانِيّ : دوا فروش۔ ج صَيَادِلَة : یہ کلمہ دخیل ہے اور اس کے لئے اجزائی کا لفظ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور دواخانہ کو اجزائیہ کہتے ہیں۔
الصَّيْدَن : مضبوط عمارت۔ چاندی کی سل۔ تنگ جادر۔ بجو۔ لومڑی۔ بادشاہ۔ عطر فروش۔ ایک چھوٹا سا جانور جو اپنے آپ کو لوگوں کی نگاہ سے محفوظ رکھنے کے لئے زمین

میں بھٹ بنا تا ہے۔
الصَّیْدَنَانِی: بھٹ۔
صَارَ یَصِیْرُ صَیْرًا وصَیْرُوْرَۃً ومَصِیْرًا: لوٹنا۔ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف پلٹنا۔ جیسے "صَارَ زَیْدٌ غَنِیًّا" یعنی فقر سے غنا کی طرف پلٹ گیا۔ منتقل ہونا...... اِلٰی کَذَا او اِلٰی فُلَانٍ: پہنچنا۔ اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے۔
صَارَہٗ یَصُوْرُہٗ ویَصِیْرُہٗ صَیْرًا: کاٹنا۔
...... الشَّیْئَ: روک دینا۔
صَیَّرَہٗ واَصَارَہٗ اِصَارَۃً: ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف کر دینا۔
تَصَیَّرَہٗ: مشابہ ہونا۔
الصَّیْرُ: انجام۔
الصِّیْرُ: کسی شے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَلٰی صِیْرِ الاَمْرِ": یعنی فلاں کام کے پورے ہونے کے کنارے پر ہے۔ دروازے کی جھری۔ چھوٹی نمکین مچھلیاں۔ یہودیوں کا پادری۔ انجام کار۔
الصِّیَارُ: گایوں کا گلہ۔ چنگ کی آواز۔
الصِّیَارَۃُ والصِّیَرَۃُ: گائے بکریوں کا باڑہ۔ ج صِیَرٌ وصِیَرٌ.
الصَّائِرَۃُ: خشک گھاس۔
الصَّیِّرُ: جماعت۔ قبر۔
الصَّیُّوْرُ: عقل رائے (...... الصَّیُّوْرَۃُ) انجام کار۔
المَصِیْرُ: انجام کار۔ پانی کا گھاٹ۔ ج مَصَائِرُ.
الصِّیْصَۃُ والصِّیْصِیَۃُ: کپڑا بننے والے کا کونچ۔ مرغ کا خار۔ ہرن اور گائے کا سینگ۔ چھوارے توڑنے کا دستہ۔ قلعہ۔ گرمی اور ہر پناہ لینے کی جگہ۔ ج صَیَاصِی.
صَاعَ یَصِیْعُ صَیْعًا واَصَاعَ. الغَنَمَ: متفرق کرنا...... القَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَصَیَّعَ. المَاءُ: متحرک ہونا۔ جوش مارنا۔
اِنْصَاعَ. الرَّجُلُ: تیزی سے واپس ہونا۔
...... الطَّیْرُ: فضاءِ آسمان میں چڑھنا۔
صَافَ یَصِیْفُ صَیْفًا وصَیَّفَ وتَصَیَّفَ واصْطَافَ. المَکَانَ: موسم گرما میں اقامت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا الطَّعَامُ یُصَیِّفُنِی" یعنی یہ کھانا میرے لئے گرم موسم گرما بھر کے لئے کافی ہے۔
صَافَ: (ض) صَیْفًا وصَیْفُوْفَۃً. السَّھْمُ عَنِ الھَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا...... عَنِّی وَجْھَہٗ: منہ پھیر لینا۔
صِیْفَ وصُیِّفَ. المَکَانُ او الرَّجُلُ: مکان یا آدمی پر موسم گرما میں بارش ہونا۔ صفت مفعولی۔ مَصِیْفٌ مَصْیُوْفٌ ومُصَیَّفٌ.
صَایَفَہٗ مُصَایَفَۃً وصِیَافًا: موسم گرما کے لئے معاملہ کرنا۔
اَصَافَ اِصَافَۃً: بڑھاپے میں شادی کرنا یا بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا...... القَوْمُ: زمانہ گرمی میں داخل ہونا...... اللّٰہُ عَنْہُ الشَّرَّ: اللہ کا شر کو دور کرنا۔ اَصَافَتِ الدَّابَّۃُ: جانور کا گرمی کے زمانہ میں بچہ دینا۔
الصَّیْفُ: موسم گرما۔ ج اَصْیَاف.
الصَّیْفَۃُ: موسم گرما۔ یہ صَیْف: سے اخص ہے۔ ج صِیَف.
الصَّیِّفُ والصَّیِّفَۃُ: موسم گرما کی بارش۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْنَا صَیِّفَۃٌ غَزِیْرَۃٌ": ہم پر موسم گرما کی بارش بڑی زیادہ مقدار میں بری۔
الصَّیْفِیُّ والصَّیْفِی: گھاس جو موسم گرما میں اگتی ہے۔
الصَّائِفُ والصَّافُ: گرم۔ صَیْفٌ صَائِفٌ: تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ جیسے "لَیْلٌ لَائِلٌ".
الصَّائِفَۃُ: مؤنث الصَّائِف: کا۔ موسم گرما کا وقت۔ گرمی کے زمانہ میں جنگ۔ "صَائِفَۃُ القَوْمِ" زمانہ گرما کی خوراک۔ ج صَوَائِف.
المَصِیْفُ والمُتَصَیَّفُ والمُصْطَافُ: موسم گرما بسر کرنے کا مکان۔ المَصِیْفُ: ندی جہاں پر بل کھاتی ہو۔
اَرْضٌ مِصْیَافٌ: زمین جس میں روئیدگی مؤخر ہو جائے اور موسم گرما میں اس میں بارش زیادہ ہوئی۔ ج مَصَایِیف.
المَصَایِیْفُ: وہ بچے جو گرمی میں پیدا ہوں۔
الصِّیْقُ: چوپائے۔ ج صِیْقَانٌ: پسینہ بدبو۔ آواز (...... والصِّیْقَۃُ): وہ غبار جو فضاءِ آسمانی میں چکر لگائے۔ ج صِیَق.
صَاكَ یَصِیْكُ صَیْكًا. بِہِ الطِّیْبُ او الدَّمُ: خوشبو یا خون کا چپکنا۔
صِیْلَ. لَہٗ کَذَا: مقدر کیا جانا۔
الصِّیَمُ: بہت سخت۔
الصِّیْنُ: ملک چین۔
الصَّوَانِی: چینی برتن۔ واحد صِیْنِیَّۃ.
الصِّیْنِیَّۃُ: کسی دھات کا طبق جو کسی چیز کو پیش کرنے کے لئے بنایا گیا ہو۔

ض

ض: الضاد: پندرھواں حرف بنیادی حروف سے مخارج کے لحاظ سے حروف شجریہ سے ہے۔
الضِّبُّ :ایک دریائی جانور۔ موتی۔
الضُّوَّبَان :موٹا قوی مرد یا اونٹ۔
ضَأَدَ :(ف) ضَأْدًا :خصومت میں غالب آنا۔
ضُئِدَ وضُؤَادًا :زکام زدہ ہونا۔
أَضْأَدَهُ إِضْآدًا :زکام میں مبتلا کرنا۔
الضُّؤْد والضُّؤْدَةُ والضُّؤْدَةُ :زکام۔
المَضْؤُوْد :زکام زدہ۔
ضَأَزَهُ :(ف) ضَأْزًا وضَأَزًا :ظلم کرنا۔
ضَأَزَهُ حَقَّهُ :حق گھٹانا۔
قِسْمَةٌ ضُؤْزَى وضَأْزَى وضِئْزَى :ناقص تقسیم۔
الضَّأْز :کاموں میں گھس پڑنے والا۔
الضُّؤْزَة :حقیر مرد۔
ضَأْضَأَ ضَأْضَأَةً وضَوْضَأَ ضَوْضَأَةً. القَوْمُ فِي الحَرْبِ :قوم کا لڑائی میں شور مچانا۔
الضَّأْضَأ والضَّوْضَأ والضَّوْضَى :لڑائی کا شور۔
الضُّؤْضُؤُ والضِّئْضِئُ :اصل۔ کان۔ معدن۔ الضُّؤْضُؤُ :ایک قسم کا پرندہ جس کے پروں پر طرح طرح کے نقطے ہوتے ہیں۔
ضَئِطَ :(س) ضَأَطًا. الرَّجُلُ :چلنے میں موٹاپے اور جسم کو حرکت دینا۔
ضُئِکَ :زکام زدہ ہونا۔ الضُّؤَاک: زکام۔

ضَؤُلَ :(ک) ضَآلَةً وضُؤُوْلَةً :لاغر ہونا۔ حقیر ہونا۔
ضَاءَلَ. شَخْصَهُ :اپنے آپ کو حقیر کرنا۔
تَضَاءَلَ :حقیر ہونا۔ کمزور ہونا۔ چھوٹا ہونا۔
الشَّیْءُ :سکڑنا۔
اِضْطَأَلَ :چھوٹا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت مُضْطَئِل.
الضَّئِیْل :چھوٹا۔ باریک۔ حقیر۔ دُبلا۔ ج ضُؤَلاَءَ وضِئَال وضَئِیْلُوْن.
الضُّؤْلَة: کمزور۔ دُبلا۔
الضَّئِیْلَة. ضَئِیْل :کا مؤنث۔ باریک سانپ۔ حلق کا کوا۔
ضَأَنَ (ف) ضَأْنًا. الضَّأْنَ :بھیڑ کو بکریوں سے جدا کرنا۔
أَضْأَنَ إِضْآنًا :بہت بھیڑ والا ہونا۔
الضَّأْن :بھیڑ۔ دُنبہ۔
الضَّائِنِیُّ :مولدین کے نزدیک بھیڑ کا گوشت۔
الضَّائِن سو کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَائِنٌ" کمزور مرد۔ ریت کا سفید چوڑا قطعہ۔ اون والا۔ بھیڑ دُنبہ۔ ج ضَأْنٌ وضَأَنٌ وضَئِیْن وضِئِیْن.
الضَّائِنَة: مؤنث ضَائِن ج ضَوَائِن.
الضِّئْنِیُّ :دہی جمانے کی بڑی مشک بھیڑ کی کھال کی۔
ضَأَی یَضْأَی ضَأْیًا. الرَّجُلُ :جسم کا لاغر ہونا۔

ضَبَّ (ض) ضَبًّا: چپ ہونا......النَّاقَةَ: اونٹنی کو پوری ہتھیلی لگا کر دوہنا...... عَلَی الشَّیْءِ :جمع کرنا......الشَّیْءَ: زمین سے چمٹنا ......عَلَیْهِ: مضبوطی سے پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ یَضِبُّ فُوْهُ او تَضِبُّ لِثَاتُهُ بِکَذَا اَوْ عَلَی کَذَا" جبکہ حرص زیادہ ہو جائے (...... ضَبًّا وضَبِیْبًا) الرِّیْقُ اَوْ الدَّمُ: تھوک یا خون بہنا۔
ضَبَّتْ (ض) ضَبًّا وضُبُوْبًا الشَّفَةُ: ہونٹ میں ایسی بیماری ہونا جس کی وجہ سے خون بہے۔
ضَبَّ یَضُبُّ وضَبِبَ یَضَبُّ ضَبَابَةً المَکَانُ کسی جگہ میں زیادہ گوہ ہونا۔ صفت ضَبِبٌ مؤنث ضَبِبَةٌ.
ضَبَّبَ. عَلَی الشَّیْءِ :سخت قبضہ کرنا۔ جمع کرنا ضَبَّبَ عَلَی الضَّبِّ: گوہ کو بھڑکانا۔
ضَبَّبَ البَابَ: دروازے میں بلی لگانا۔
أَضَبَّ :خاموش ہونا۔ چیخنا اور گفتگو کرنا (ضد)......المَاءُ او الرِّیْقُ :پانی یا تھوک بہنا......الیَوْم دن کا کہر والا ہونا...... المَکَانُ :زیادہ روئیدگی والا ہونا......الشَّعْرُ :بال کا زیادہ ہونا......القَوْمُ :کسی کام کے لئے اکٹھا اٹھ کھڑا ہونا......القَوْمُ فِی بُغْیَتِهِمْ :حصول مطلب کے لئے متفرق ہونا۔ أَضَبُّوا لِفُلاَنٍ :کسی کے طلب کرنے کے لئے متفرق ہونا......المَاءَ او الدَّمَ :بہانا......عَلَی الأَمْرِ :حاوی ہونا......عَلَی الشَّیْءِ :چھپانا ......عَلَی المَطْلُوْبِ :کامیابی کے قریب

ہونا۔ اَضَبُوا عَلَیْهِ : جو کچھ دل میں ہو اس پر خاموش رہنا...... عَلٰی غِلٍّ فِیْ قَلْبِهٖ : کینہ کو دل میں پوشیدہ رکھنا۔

تَضَبَّبَ. الصَّبِیُّ : بچے کا موٹا ہونے لگنا۔

الضَّبُّ : گوہ۔ ج اَضُبٌّ وضُبَّان وضِبَاب ومَضَبَّةٌ: عرب کہتے تھے "لَا اَفْعَلُهٗ حَتّٰی یَرِدَ الضَّبُّ" یعنی میں یہ کام نہیں کروں گا یہاں تک کہ گوہ پانی پر آئے اس لئے کہ ان کا خیال تھا کہ گوہ پانی پر نہیں آیا کرتی۔

بَقْلَةُ الضَّبِّ : ایک خوشبودار نباتات۔

الضَّبُّ : اُونٹ کے سینہ یا قدم کا ورم۔ اُونٹ کے اگلے پیر کا مرض۔ ہونٹ کا مرض جس سے خون بہے۔

الضَّبُّ والضِّبُّ : پوشیدہ کینہ۔ ج ضِبَاب کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَبٌّ ضَبٌّ" یعنی دغاباز حیلہ گر مرد۔

الضَّبَّة. ضَبٌّ : کا مؤنث۔ شگوفہ قبل اس کے کہ کھلے۔ سختی سے نچوڑ کر دوھنا۔ دروازے کا لوہے یا لکڑی کا موسلا۔ ج ضِبَاب.

الاَضَبُّ. مِنَ الجِمَالِ : وہ اونٹ جس کو (طب) : کی بیماری لاحق ہو۔ مؤنث ضَبَّاء. ج ضُبٌّ.

الضَّبُوْبُ : تھن میں تنگ سوراخ والی بکری۔

ضَبِیْبُ. السَّیْفِ : تلوار کی دھار۔

الضَّبَابَة : کہرا۔ ج ضَبَاب.

الضَّبِیْبَة : ایک قسم کی خوراک جو گھی اور کھجور کے شیرہ سے بچوں کے لئے تیار کی جاتی ہے۔

اَرْضٌ مَضَبَّةٌ : زیادہ گوہ والی زمین۔ ج مَضَابٌّ.

المِضْبَاب: بخیل۔

ضَبَأَ : (ف) ضَبْأً وضُبُوْءًا. الرَّجُلُ : زمین یا درخت سے چمٹنا۔ صفت ضَبِیءٌ...... الصَّائِدُ : شکاری کا فریب دینے کے لئے چھپنا...... ہ بالاَرْضِ : چمٹانا...... اِلَیْهِ : پناہ لینا...... مِنْهُ : شرم کرنا...... عَلَى القَوْمِ : اچانک آجانا۔

اَضْبَأَ. الشَّیْءَ : چھپانا...... عَلَیْهِ: خاموش رہنا اور چھپانا...... مَا فِیْ یَدِهٖ وعَلَیْهِ : پکڑے رکھنا۔

اِضْطَبَأَ اِضْطِبَاءً. مِنْهُ : چھپنا۔

الضَّابِئُ : راکھ۔

المَضْبَأُ : چھپنے کی جگہ۔ ج مَضَابِئُ.

ضَبَثَ : (ض) ضَبْثًا واضْطَبَثَ بِالشَّیْءِ وعَلَیْهِ: سختی سے قبضہ کرنا۔ ضَبَثَ بِهٖ: حملہ کرنا۔ ضُبِثَ عَلَیْهِ: مارا جانا۔

الضَّبْثَة : قبضہ۔ ج ضَبَثَات واَضْبَاث.

الضُّبَاث: شیر کے بچے۔

الضَّبَاث والضَّبْثُ والضَّبُوْث : شیر۔

المَضَابِث : چنگل اور شیر کے پنجے۔

مِضْبَث: واحد۔

ضَبَحَ (ف) ضَبْحًا وضُبَاحًا. الخَیْلُ فِیْ وردھا : گھوڑے کا دوڑنے کی حالت میں جوف سے آواز نکالنا۔ (...... ضُبَاحًا) الاَرْنَبُ والثَّعْلَبُ والقَوْسُ : آواز کرنا...... ضَبَحَتِ النَّارُ العُوْدَ : آگ کا لکڑی کو متغیر کر دینا۔

ضَابَحَه : رو در رو مقابلہ کرنا۔ گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔

اِنْضَبَحَ. لَوْنُهٗ : راکھ کے رنگ کا ہو جانا۔

تَضَابَحَا : ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ برا بھلا کہنا۔

الضَّبْحَاء : کمان کہ جس میں آگ کا اثر ہو۔

الضِّبْح : راکھ۔

المَضْبُوْح : سنگستان کا پتھر۔

ضَبَدَ : (ن) ضَبْدًا: تر اور گدر کھجوروں کو ملانا۔

ضَبَدَهٗ : غصہ آور چیزوں کو یاد دلانا۔

الضَّبَد : غصہ۔ غضب۔

ضَبَرَ : (ن) ضَبْرًا. الحِجَارَةَ : تہ بتہ رکھنا۔ الکتب : جمع کرنا یا بنڈل بنانا (...... ضَبْرًا وضَبَرَانًا) الفَرَسُ او المُقَیَّدُ : ٹانگوں کو جمع کرنا اور کودنا۔

ضَبَّرَ. الشَّیْءَ : جمع کرنا۔

الضَّبْر : لکڑی کی بنی ہوئی چیز جس پر کھال منڈھی ہوئی تھی اور جس کے اندر داخل ہو کر جنگ کے لئے قلعے کے قریب پہنچتے تھے۔ ج ضُبُوْر. الضَّبْر : فقر۔ فَرَسٌ ضَبْرٌ : گھوڑا تام الخلقة.

الضَّبْر والضَّبِر : جنگلی اخروٹ کا درخت۔

الضِّبْر : بغل۔

الضِّبَار والضُّبَار : کتابیں۔ ان کا واحد نہیں۔

الضَّبَارة : خلقت کی مضبوطی۔

الضِّبَارَة والضُّبَارَة : کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا۔ ج ضَبَائِر.

الاِضْبَارَة: کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا۔ ج اَضَابِیْر.

الضِّبَارَة : لوگوں کی جماعت۔ مجمع کہتے ہیں "رَاَیْتُهُمْ یَخْرُجُوْنَ مِنَ المَکَانِ ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ" میں نے ان کو دیکھا کہ لوگ جوق در جوق نکل رہے تھے۔

الضِّبِّیْر : بہت زیادہ کودنے والا۔

الضَّبِیْر والضَّبُوْر : سخت۔ شیر۔

الضُّبَّار : طوطا کی مانند ایک درخت۔ واحد ضُبَّارة.

المِضْبَر : کودنے والا۔ شیر۔ المضبور: دارتی۔

ضَبَزَهٗ : (ض) ضَبْزًا: آنکھیوں سے تیز دیکھنا۔

الضَّبِز والضَّبِیْز. مِنَ الذِّئَاب : تیز نظر بھیڑیا۔

ضَبَسَ :(ن) ضَبْسًا عَلَى الغَرِیْمِ : قرضدار پر سختی سے تقاضا کرنا۔

ضَبِسَتْه :(س) ضَبَسًا. نَفْسُه : جی کا بگڑنا اور متلانا۔

الضَّبْس : بخیل۔

الضِّبْس : شریر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضِبْسُ شَرٍّ" وہ برائی کا ساتھی ہے یعنی شریر ہے۔

والضَّبِس : سخت مزاج۔ فریبی۔

الضَّيْفَس: سخت مزاج۔ گراں تن۔ گراں جان۔ بزدل۔ بے وقوف۔
ضَبَكَهُ: (ن ض) ضَبْكًا وضَبَاكَةً: لازم ہونا۔ غالب ہونا۔ قوی ہونا۔ خوب حفاظت کرنا۔ العَمَل: مضبوط کرنا۔ الكِتَاب: صحیح کرنا۔ اعراب لگانا۔ عَلَيْهِ: گرفتار کرنا۔
ضَبِطَ: (س) ضَبْطًا: دونوں ہاتھوں سے کام کرنا۔ صفت أَضْبَط: مؤنث ضَبْطَاء۔ ج ضُبْط
ضُبِطَتِ الأَرْضُ: زمین پر بارش ہونا۔
تَضَبَّطَ: زبردستی گرفتار کرنا۔ تَضَبَّطَ الضَانُ: موٹا ہونا۔ تھوڑی سی گھاس کھانا۔
اِنْضَبَطَ: قابو میں آنا۔ مضبوط ہونا۔
الضَّبْط: مص۔ روک۔ گرفتاری۔
الضَّابِط: فا۔ قوی۔ ہوشیار۔ حاکم۔ فوج کا جنرل۔ ج ضُبَّاط (...... والضَّابِطَة) عِنْدَ العُلَمَاء: وہ قاعدہ کلیہ جو اپنے سارے جزئیات پر منطبق ہو۔
الضابطية: واحد: الضابطي۔
حاکم کا لشکر جس سے مال کو جمع کرنے حفاظت کرنے اور مجرمین وغیرہ کو حکومت کے سامنے حاضر کرنے کی خدمت لی جاتی ہے۔
الضَّابِطُ والأَضْبَط: شیر۔
ضَبَعَ: (ف) ضَبْعًا وضُبُوعًا وضَبَعَانًا البَعِيرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا اور اپنے پہلوؤں کو پھیلانا۔۔۔۔۔۔ القَوْمُ الصُّلْحَ: صلح کی طرف مائل ہونا۔ ضَبَعَهُ ضَبْعًا: مارنے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔۔۔۔۔۔ عَلَى فلان: بددعا کے لئے ہاتھ اٹھانا۔
ضَبِعَ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ ضَبَعَتِ الخَيْلُ والإِبِلُ: چال میں پہلوؤں کو پھیلانا۔
ضَابَعَهُ مُضَابَعَةً: ایک دوسرے کی طرف تلوار کا ہاتھ بڑھانا۔ الرَّجُلُ: مصافحہ کرنا۔
اِضْطَبَعَ: بازو ظاہر کرنا۔ داہنی بغل سے چادر کو نکال کر بائیں کاندھے پر ڈالنا۔
الشَّيْءَ: بغل میں لینا۔
الضَّبُعُ والضَّبْعُ: بجو۔ لفظ مؤنث ہے۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج ضِبَاع وأَضْبُع وضُبُع وضُبُوعَة وضَبُعَات ومَضْبَعَة اور تصغیر ضبع کی أُضَيْبِع۔ خلاف قیاس اور مادہ کے لئے ضبعة: کا استعمال کیا جاتا ہے اور بجو کی دو قسمیں مشہور ہیں۔ ضبع مخططة: (دھاری دار) ضبع رقطاء: (خال دار) اور ضبع رقطاء مخططة: سے بڑا اور قوی ہوتا ہے۔
الضَّبْع: بازو کا وسط۔ بازو۔ بغل۔
الضَّبْع والضِّبْع والضُّبْع: جانب۔ کنارہ۔ ج أَضْبَاع۔
الضَّبُع: قحط کا سال۔
الضَّبْع والضِّبَاع: دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا۔
الضِّبْعَان: نر بجو۔ ضَبْعَان۔ ضَبْعَانَان: غلط ہے۔ ج ضَبَاعِين مؤنث ضِبْعَانَة ج ضَبَاعِين وضِبْعَانَات۔
الضَّابِع: فا۔۔۔۔۔۔ مِنَ الخَيْلِ والإِبِلِ: تیز دوڑنے والا۔ ج ضُبْع۔
ضَبَنَ (ن) ضَبْنًا۔ المَكَانُ: تنگ ہونا۔ صفت ضَبِن۔۔۔۔۔۔ عَنْهُ الهَدِيَّةَ: ہدیہ کو روک دینا۔ منع کرنا۔ ضَبَنَهُ: بغل اور پہلو کے درمیان اٹھانا۔
أَضْبَنَ واضْطَبَنَ: بغل اور پہلو کے درمیان اٹھانا۔
الضِّبْن: بغل اور پہلو کے درمیان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِي ضِبْنِ فُلَانٍ او ضِبْنَتِهِ" یعنی فلاں آدمی فلاں کی پناہ میں ہے۔
الضَّبْنَة والضِّبْنَة والضُّبْنَة: بال بچے۔
الضَّبْنَة والضِّبْنَة: بیوی۔
الضِّبْنُ والمَضْبُون: لنجا۔
ضَبَا يَضْبُو ضَبْوًا۔ إِلَيْهِ: پناہ لینا۔ ضبته النار: آگ کا بھون دینا اور متغیر کر دینا۔
أَضْبَى الشَّيْءَ: اٹھانا۔ روکنا۔۔۔۔۔۔ عَلَيْهِ: فتح مندی کے لئے جا پہنچنا۔
الضابي: فا۔ راکھ۔
الضَّبُوَة. عِنْدَ العَامَة: تمباکو کے لئے چمڑے کا بٹوہ اور صحیح لفظ الضَّبْثَة ہے اور ممکن ہے کہ یہ ظَبْيَة: کی تحریف ہو۔
المُضْبَاة: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔
المَضْبَاة: بھوبھل میں روٹی پکانے کا گڑھا۔
ضَجَّ (ض) ضَجًّا وضَجِيجًا وضَجَاجًا وضُجَاجًا: چیخنا۔ شور مچانا۔
أَضَجَّ إِضْجَاجًا۔ القَوْمُ: چیخنا۔ شور مچانا۔
ضَجَّجَ۔ الرَّجُلُ: جانا اور مائل ہونا۔۔۔۔۔۔ الطَائِرَ ونَحْوَهُ: زہر دینا۔
ضَاجَّهُ ضِجَاجًا ومُضَاجَّةً: جھگڑا کرنا اور شور مچانا۔
الضَّجَّة: چیخ پکار۔ شور۔
الضَّجَاج: ہاتھی دانت۔ ایک قسم کا مہرہ۔
الضُّجَاج: گوند جو کھایا جاتا ہے۔ ہر اس درخت کا پھل جو پرندوں یا درندوں کو بطور زہر کے دیا جائے۔
الضَّجُوج مِنَ النُّوقِ: دودھ دوہتے وقت چلانے والی اونٹنی۔
الضَّجَّاج: بہت شور مچانے والا۔
ضَجِرَ: (س) ضَجَرًا وتَضَجَّر۔ مِنْهُ: تنگ دل ہونا۔ بے قرار ہونا۔ زچ ہو جانا۔ صفت ضَجِر۔
أَضْجَرَهُ: ستانا۔ زچ کر دینا۔ بے قرار کر دینا۔ تنگ دل کر دینا۔
الضَّجَر: غم کی وجہ سے تنگ دلی۔ بے قراری۔
الضَّجِر: تنگ مکان۔
الضُّجْرَة: بے قراری۔ تنگ دلی۔
الضَّجُور والضَّجِرَة: بہت بے قرار۔ بہت تنگ دل۔ المُضْجِر۔ بے قرار کرنے والا۔ تنگ دل کرنے والا۔ ج مَضَاجِر ومَضَاجِير۔
ضَجَعَ (ف) ضَجْعًا وضُجُوعًا وانْضَجَعَ واضَّجَعَ واضْطَجَعَ: پہلو کے بل لیٹنا۔ ضَجَعَ النَّجْمُ: ستارہ کا ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔

اَضجَعَهُ : پہلو کے بل لٹانا...... الشیءَ : پست کرنا...... الحروفَ : حرف کا کسرہ کی طرف امالہ کرنا...... جوَالقَهُ : بھری ہوئی گون کو خالی کر دینا۔

ضَجَعَتِ الشمسُ : غروب کے لئے مائل ہونا (...... وتَضَجَّعَ) فِی الاَمرِ : کوتاہی کرنا۔

ضَاجَعَهُ : ساتھ لیٹنا۔ صفت مُضَاجِع: کہا جاتا ہے "ضَاجَعَهُ الهَمُّ" یعنی اس کو غم لازم ہے۔

تَضَاجَعَ عَنِ الاَمرِ : غفلت کرنا۔

الضَّجَعُ : مص۔ ہر وہ چیز جس سے کپڑا دھویا جائے۔ صابون۔

الضَّجعَةُ : صابون کا ایک ٹکڑا۔ ایک بار کا سونا۔ رائے کی کمزوری۔ آرام۔ راحت۔

الضِّجعُ : جھکاؤ۔ کہا جاتا ہے "ضِجعُهُ اِلَیَّ" یعنی اس کا میلان میری طرف ہے۔

الضِّجعَةُ : پہلو پر لیٹنے کی ہیئت۔ کاہلی۔

الضُّجَعَةُ : رائے کی کمزوری (...... والضُّجعَة والضُّجعِیُّ والضِّجعِیُّ والضُّجعِیَّةُ والضِّجعِیَّةُ) : بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔

الضَّاجِعُ : فا۔ لیٹنے والا۔ کاہل۔ وادی کا موڑ۔ وادی کا ڈھلوان۔ بے وقوف...... مِنَ اللّوابِ : بے برکت جانور...... مِنَ النُّجُومِ : غائب ہونے کی طرف مائل ستارہ۔ ج ضَوَاجِع۔ رَجُلٌ ضَاجِعٌ : بہت زیادہ لیٹنے والا۔ کاہل۔ کہا جاتا ہے "اَرَاکَ ضَاجِعًا اِلَیهِ" یعنی میں تم کو اس کی طرف مائل دیکھتا ہوں۔

الضَّاجِعَةُ : مؤنث ضَاجِع : نہر کا دہانہ۔ ٹیلہ۔ ج ضَوَاجِع (...... والضَّجعَاءُ) : زیادہ بکریاں۔

الضَّجُوعُ والمَضجُوعُ : کمزور رائے والا۔ الضَّجُوعُ : مشک جو لے جانے والے کو جھکا دے۔ کشادہ ڈول۔ پانی کی زیادتی سے آہستہ آہستہ چلنے والا بادل۔

الضَّجِیعُ : ساتھ لیٹنے والا۔ مؤنث ضَجِیعَةٌ۔

المَضجَعُ : خواب گاہ۔ ج مَضَاجِع۔

المُضطَجَعُ : خواب گاہ۔ مَضَاجِعُ الغَیثِ : بارش کی جگہ۔

ضَجِمَ (س) ضَجَمًا الفَمُ او العُنُقُ : منہ یا گردن کا ٹیڑھا ہونا۔ جس کا ٹیڑھا ہو جائے اس کو اَضجَم اور مؤنث کو ضَجمَاء کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "فِی فَمِهِ ضَجَمٌ" یعنی اس کے منہ میں کجی ہے۔

تَضَاجَمَ الفَمُ : منہ کا ٹیڑھا ہونا۔ الاَمرُ بَینَهُم : مختلف فیہ ہونا۔

الضَّحُّ : آفتاب کی روشنی۔ جس پر آفتاب کی روشنی پڑے۔

ضَحضَحَ وتَضَحضَحَ السرابُ : سراب کا متحرک ہونا اور چمکنا۔ ضَحضَحَ الاَمرُ : ظاہر ہونا۔

الضَّحضَحُ : تھوڑا پانی۔

الضَّحضَاحُ : تھوڑا پانی یا پایاب پانی۔ بہت اُونٹ۔

ضَحِکَ (س) ضَحِکًا وضِحکًا وضِحِکًا وضَحِکًا : ہنسنا۔ کہا جاتا ہے "ضَحِکَ مِنهُ وبِهِ وعَلَیهِ" اس نے کشادہ روئی کی اس طرح پر کہ دانت ظاہر ہو گئے۔ القِردُ : بندر کا آواز کرنا...... السَّحَابُ : بادل کا چمکنا...... الطَّرِیقُ : راستہ کا ظاہر ہونا۔ ضَحِکَتِ الاَرضُ عَنِ النَّبَاتِ : اگانا...... الشَّیبُ بِرَاسِهِ : بڑھاپا ظاہر ہونا...... طَلعُ النَّخلَةِ : درخت خرما کا شگوفہ نکلنا (...... ضَحکًا) الرَّجُلُ : تعجب کرنا۔

ضَاحَکَهُ : ایک دوسرے کے ساتھ ہنسنا۔ ہنسی میں غالب آنا۔

اَضحَکَهُ : ہنسانا۔ اَضحَکَ الحَوضَ : لبریز کر دینا۔

تَضَحَّکَ و تَضَاحَکَ واستَضحَکَ : ہنسنا۔ وتَضَاحَکَ الرَّجُلُ : بتکلف ہنسنا۔ تَضَاحَکَ القَومُ : ایک دوسرے کو ہنسانا۔

الضَّحکُ : مص۔ سفید انتیب گل۔ جھاگ۔ برف۔ درمیان راستہ۔ تعجب۔ شہد یا شہد مع موم کے۔ کھجور کا شگوفہ غلاف سے نکلا ہوا۔

الضَّاحِکُ : فا۔ ہنسنے والا۔ پہاڑ میں نہایت چمکتا ہوا پتھر۔ کہا جاتا ہے "[illegible] ضَاحِکٌ" یعنی ظاہر ہے جس میں کوئی التباس نہیں۔

الضَّاحِکَةُ : مؤنث ضَاحِک : دانت جو ہنستے ہوئے ظاہر ہو جائیں۔ ج ضَوَاحِک۔ کہا جاتا ہے "اِفتَرَّ عَن ضَوَاحِکِهِ" اس نے ہنسنے میں دانتوں کو ظاہر کیا۔

الضُّحکَةُ والضُّحُکَةُ والضَّحَّاکُ والضَّحُوکُ والمِضحَاکُ : بہت زیادہ ہنسنے والا۔ الضَّحُوکُ والضُّحکُوکُ : درمیان راستہ۔ الضَّحُوکُ کی ج ضُحُک۔

الضُّحکَةُ : جس آدمی پر لوگ ہنسیں۔

الضُّحَکَةُ : جو لوگوں پر ہنسے۔

الاُضحُوکَةُ : وہ چیز جس پر ہنسی آئے۔ ج اَضَاحِیک۔

ضَحَلَ (ف) ضَحلًا الغَدِیرُ : تالاب کا پانی کم ہونا...... المَاءُ : پانی کا پایاب ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَضحَلَ خَیرَکَ" یعنی کس چیز نے تمہاری خیر و برکت کو کم کر دیا۔

الضَّحلُ : پایاب پانی۔ ج ضِحَال واَضحَال وضُحُول۔

المَضحَلُ : وہ جگہ جہاں پانی کم ہو۔

ضَحَا یَضحُو ضَحوًا وضُحُوًّا وضُحِیًّا الرَّجُلُ : دھوپ کھانا...... الشَّیءُ : دھوپ کا لگنا...... الطَّرِیقُ : ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَحَا ظِلُّهُ" یعنی مر گیا اور یہ ان کے قول "شَجَرَةٌ ضَاحِیَةٌ" (غیر سایہ دار درخت) سے ماخوذ ہے۔

ضَحِیَ یَضحَی ضَحًا وضَحَاءً : دھوپ لگنا۔ دھوپ کھانا۔ کھل جانا۔ [illegible] اللَّیلَةُ : بے بادل ہونا۔

ضَحّٰی تَضْحِیَۃً فُلَانًا : چاشت کے وقت کھانا کھلانا..... بالشَّاۃِ: بقرعید کے زمانہ میں چاشت کے وقت ذبح کرنا یا مطلقاً ذبح کرنا۔ الْغَنَمَ: چاشت کے وقت چرانا ..... الرَّجُلُ : فدیہ ہوجانا..... عَنِ الْاَمْرِ : دیر کرنا۔ جلدی نہ کرنا۔ اِلَیْہِ : بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔

ضَاحٰی مُضَاحَاۃً. الرَّجُلُ : چاشت کے وقت آنا۔

اَضْحٰی : چاشت کے وقت میں داخل ہونا۔ اَضْحٰی یَفْعَلُ کَذَا: چاشت کے وقت ایسا کرتا تھا یا مطلقاً ایسا کرتا تھا (یہ کلمہ ان جیسے جملوں میں کَانَ جیسا عمل کرتا ہے)..... الشَّیْءَ : ظاہر کرنا۔ عَنِ الْاَمْرِ : دور رہنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْحَی اللّٰہُ ظِلَّکَ" یعنی اللہ تیرے سائے کو دور کردے۔ مراد یہ ہے کہ تجھے ہلاک کردے۔

تَضَحّٰی تَضَحِّیًا : چاشت کے وقت کھانا۔ چاشت کے وقت تک سونا۔ دھوپ کھانا۔

اِسْتَضْحٰی اِسْتِضْحَاءً لِلشَّمْسِ : موسم سرما میں دھوپ کھانا۔

الضَّحَاءُ : چاشت کا وقت۔

الضَّحْوُ الضَّحْوَۃُ : چاشت کا وقت۔

الضُّحٰی : چاشت۔ آفتاب۔ بیان۔ کہا جاتا ہے "مَا لِکَلَامِہٖ ضُحًی" یعنی اس کے کلام کے لئے بیان نہیں۔

الضَّحْیَانُ : چاشت کے وقت کھانے والا۔ مؤنث ضَحْیَانَۃٌ.

الضَّحِیَّۃُ: دن کا بلند ہونا۔ قربانی کی بکری۔ ذبیحہ۔ ج ضَحَایَا.

الْاَضْحَاۃُ: قربانی۔ ج اَضْحٰی.

الْاُضْحِیَّۃُ الْاِضْحِیَّۃُ : قربانی۔ ج اَضَاحِیُّ.

یَوْمُ الْاَضْحٰی : قربانی کا دن۔ الْاَضْحٰی مِنَ الْخَیْلِ : سفید سیاہی مائل گھوڑا۔ مؤنث ضَحْیَاءُ.

الضَّاحِی : ظا۔ دھوپ کھانے والا۔ ضَاحِی الْجِلْدِ : جسم کا کھلا ہوا حصہ۔

الضَّاحِیَۃُ مؤنث ضَاحِی: ہر شے کا کھلا ہوا حصہ۔ ج ضَوَاحٍ. ضَوَاحِی الْبَلَدِ : اطراف شہر۔ ضَوَاحِی الْحَوْضِ : حوض کے اطراف۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ ضَاحِیَۃً" یعنی اعلانیہ کیا۔ شَجَرَۃٌ ضَاحِیَۃُ الظِّلِّ : بے سایہ درخت۔

یَوْمٌ اَضْحِیَانٌ : بے بادل کا دن۔

لَیْلَۃٌ اِضْحِیَانَۃٌ واِضْحِیَۃٌ : چاندنی رات۔

اَرْضٌ مَضْحَاۃٌ : سورج کے سامنے کی زمین یا جس سے سورج غائب نہ ہو۔

ضَخَّ : (ن) ضَخًّا. الْمَاءَ: پانی گرانا۔

ضَخَّتِ الْعَیْنُ : آنسو بہانا۔

اِنْضَخَّ الْمَاءُ : گرنا۔

الْمِضَخَّۃُ : پکاری۔

ضَخَرَ : (ف) ضَخْرًا عَیْنَہٗ : آنکھ نکال لینا۔

ضَخُمَ : (ک) ضَخَامَۃً وضِخَمًا : موٹا ہونا۔ صفت ضَخْمٌ. ج ضِخَامٌ : مؤنث ضَخْمَۃٌ. ج ضَخْمَاتٌ.

ضَخَّمَہٗ: موٹا بنانا۔

الضِّخَامُ : ہر شے کا بڑا۔

الْاَضْخَمُ : موٹا۔ زیادہ موٹا۔

الْمِضْخَمُ : بہت مارنے والا۔ سردار۔ عالی مرتبت۔

ضَدَّ (ن) ضَدًّا فُلَانًا فِی الْخُصُوْمَۃِ: جھگڑے میں غالب آنا۔ ضَدَّہٗ عَنْ کَذَا: نرمی سے ہٹانا۔ باز رکھنا..... الْقِرْبَۃَ: مشک کو بھر دینا۔

ضَادَّہٗ مُضَادَّۃً : مخالفت کرنا۔

اَضَدَّہٗ : غضبناک ہونا۔ ضد کرنا۔

تَضَادًّا اِتَّضَادًّا : ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔

الضِّدُّ : مخالف۔ مثل ونظیر۔ دشمن۔ ج اَضْدَادٌ وضِدٌّ.

الْاَضْدَادُ: ایسے کلمات جو معانی متضادہ پر دلالت کریں جیسے یہی لفظ ضد کہ اس کے معنی مخالف اور نظیر دونوں کے ہیں۔

الضَّدِیْدُ : ضد۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "لَا ضَدِیْدَ لَہٗ" یعنی اس کا کوئی مثل نہیں۔

ضَدِیَ یَضْدَی ضَدًی. عَلَیْہِ : غضبناک ہونا۔ صفت ضَادٍ مؤنث ضَادِیَۃٌ. ج ضَوَادٍ وضَادِیَاتٌ.

ضَادَاہُ مُضَادَاۃً : مخالفت کرنا۔

اَضْدَی اِضْدَاءً. الْاِنَاءَ : برتن کو بھر دینا۔

ضَرَّ (ن) ضَرًّا وضُرًّا. فُلَانًا ولِفُلَانٍ : نقصان دینا..... ہٗ اِلٰی کَذَا : مجبور کرنا۔

ضُرَّ. بَصَرُہٗ : اندھا ہونا۔

ضَارَّہٗ ضِرَارًا ومُضَارَّۃً : نقصان دینا۔ مخالفت کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ ضَارَّ اِمْرَاَتَہٗ : اپنی بیوی پر سوکن لانا۔

ضَرَّرَہٗ تَضْرِیْرًا : بہت زیادہ نقصان دینا۔

اَضَرَّہٗ : تکلیف پہنچانا..... ہٗ عَلَی الْاَمْرِ : مجبور کرنا۔ اَضَرَّ بِہٖ: بہت قریب ہونا..... اِلَیْہِ وعَلَیْہِ : جلدی کرنا۔ اَضَرَّ بِعَدْوِہٖ : کچھ تیز دوڑنا..... عَلَی السَّیْرِ الشَّدِیْدِ : تیز چلنے میں صبر کرنا..... الرَّجُلُ : سوکن کرکے لانا۔ اندھا ہونا۔

تَضَرَّرَ : نقصان پہنچانا۔

اِضْطَرَّہٗ. اِلٰی کَذَا: محتاج کرنا۔ مجبور کرنا۔

اُضْطُرَّ : مجبور کیا جانا۔

اِسْتَضَرَّ. بِہٖ : نقصان پہنچانا۔

الضَّرُّ والضُّرُّ والضَّرَرُ : نقصان۔ تنگی۔ سختی۔ بدحالی۔ ج اَضْرَارٌ اور عوام کے استعمال میں ضَرّہ: چھوٹی چیونٹی کے معنی میں ہے مگر صحیح لفظ (ذَرٌّ) ہے۔

الضِّرُّ والضُّرُّ :سوکن کرکے لانا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِرُّ اَضْرَارٍ" یعنی مصیبتوں میں ایک مصیبت ہے۔

الضَّرَّاءُ : سختی۔ قحط۔ جانی ومالی نقصان۔

الضُّرَّۃُ : جانی ومالی نقصان۔

الضَّرَّۃُ : حاجت۔ تنگ حالی۔ تکلیف۔ پستان کی جڑ۔ پستان۔ تھن۔ مال کثیر۔ ضَرَّۃُ الْمَرْاَۃِ: سوکن۔ ج ضَرَائِرُ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَہُمْ دَاءُ الضَّرَائِرِ" یعنی ان کے

درمیان حسد ہے۔ الضَّرَّتَانِ: چکی کے دونوں پاٹ۔

الضَّارُّ: نقصان پہنچانے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنٰی میں سے ہے۔

الضَّرُوْرَۃ والضَّارُوْرَۃ والضَّارُوْرُ والضَّارُوْرَاء: حاجت۔ الضَّارُوْرَۃ: بمعنی ضرر۔

الضَّرَارَۃ: اندھا ہونا۔ جانی و مالی نقصان۔

الضَّرِیْر: اندھا۔ لاغر مریض۔ نقصان زدہ۔ ج اَضِرَّاء و اَضْرَار: مؤنث ضَرِیْرَۃ۔ ج ضَرَائِر۔

الضَّرِیْر: غیرت۔ مخالفت۔ صبر۔ وادی کا کنارہ۔ نفس۔ بقیہ جسم۔ صابر۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ ضَرِیْرٌ وذُوْ ضَرِیْرٍ عَلَی الشَّیْءِ" یعنی جب کہ صابر ہو "نَاقَۃٌ ذَاتُ ضَرِیْرٍ" یعنی دیر میں تھکنے والی۔

الضَّرُوْرِیّ: جس پر انسان کو مجبور کیا جائے۔ جس میں اختیار مسلوب ہو اور منطقیوں کی اصطلاح میں بمعنی بدیہی۔

التَّضِرَّۃ والتَّضُرَّۃ: بدحالی۔

المَضَرَّۃ: نقصان۔ ج مَضَارّ۔

ضَرَأَ (ف) ضَرْأً. الشَّیْءُ: مخفی ہونا۔ چھپنا۔

اِنْضَرَأَتْ اِنْضِرَاءً. الاِبِلُ: اونٹوں میں موت کا واقع ہونا...... الشَّجَرَۃُ: درخت کا خشک ہونا۔

ضَرَبَ (ض) ضَرْبًا. الشَّیْءُ: متحرک ہونا۔ العِرْقُ: رگ کا پھڑکنا...... الجُرْحُ او الضِّرْسُ: زخم یا داڑھ میں درد ہونا...... العَقْرَبُ: بچھو کا ڈنک مارنا...... اللَّیْلُ: رات کا طویل ہونا...... الزَّمَانُ: گزرنا...... الطَّیْرُ: پرندہ کا خوراک کی تلاش میں جانا...... ہ: مارنا...... البَرْدُ: سردی لگنا۔ ضَرَبَ الخَیْمَۃَ: خیمہ قائم کرنا۔ ضَرَبَتِ العَنْکَبُوْتُ نَسِیْجَہَا: مکڑی کا جالا تننا۔ ضَرَبَ الاَجَلَ: مدت مقرر کرنا...... المَثَلَ: مثال بیان کرنا...... الدِّرْھَمَ: درہم پر ٹھپہ لگانا...... الخَاتَمَ: انگوٹھی ڈھالنا...... الصَّلَاۃَ: نماز قائم کرنا...... الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا...... السَّحَابَ: گھمانا...... فِیْ کَذَا: حصہ دینا...... الجِزْیَۃَ عَلَیْھِمْ: جزیہ مقرر کرنا...... عَلَیْھِمُ الذِّلَّۃَ: ذلت کو لازم کر دینا...... لَہٗ سَھْمًا مِنْ مَالِہٖ: مال سے حصہ مقرر کرنا...... عَلٰی یَدِہٖ: روک دینا...... القَاضِیْ عَلٰی یَدِہٖ: قاضی کا کسی کو تصرف سے منع کر دینا۔ ضَرَبَ بِنَفْسِہِ الاَرْضَ: اقامت کرنا۔ سفر کرنا...... فِی المَاءِ: تیرنا...... بَیْنَھُمْ: فساد کرا دینا...... فُلَانًا عَنْ فُلَانٍ: روک دینا۔ منع کر دینا...... بِیَدِہٖ: اشارہ کرنا...... عَنْ فُلَانٍ کَذَا: روک لینا...... الدَّھْرُ بَیْنَنَا: جدا کر دینا...... بِالقِدَاحِ: تیروں کو گھمانا...... عَلٰی اُذُنِہٖ: سننے سے منع کرنا...... عَلَی المَکْتُوْبِ: مہر لگانا...... فِی البُوْقِ: بگل بجانا...... اِلَیْہِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَنْہُ صَفْحًا" یعنی میں نے اعراض کیا اور اس کو چھوڑ دیا و "ضَرَبْتُ عَنْہُ جَوْزَلِی" میں نے اس سے بے رغبتی کی اور اس سے باز رہا و "ضَرَبَ بِذَقَنِہِ الاَرْضَ" یعنی بزدلی کی اور خوف کیا و "ضَرَبَ فِی الاَرْضِ ضَرْبًا و ضَرَبَانًا" تجارت یا غزوہ کے لئے سفر کرنا۔

ضَرِبَ (س) ضَرَبًا. النَّبَاتُ: نباتات کا سردی یا ہوا سے مرجھا جانا۔

ضُرِبَتِ. الاَرْضُ: زمین پر کہرا پڑنا۔

ضَرَّبَہٗ: بہت مارنا...... الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا...... المِظَلَّۃَ بِالخُیُوْطِ: چھتری کو دھاگے سے مضبوط کرنا...... ہ الخَیَّاطُ المُضَرَّبَۃَ: درزی کا رضائی کو سینا...... ضَرَّبَتْ عَیْنُہٗ: آنکھوں کا دھنس جانا۔ ضَرَّبَ بَیْنَھُمْ: بھڑکا دینا...... ہ فِی الحَرْبِ: برانگیختہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ دلاور کرنا۔

ضَارَبَہٗ مُضَارَبَۃً وضِرَابًا: ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔ مارنے میں بڑھ جانا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ ضَارَبَہٗ وضَارَبَ لَہٗ فِی المَالِ وبِالمَالِ: کسی کے مال سے تجارت کرنا اور نفع میں شریک ہونا۔

اَضْرَبَ فِی المَکَانِ: اقامت کرنا۔ سر جھکانا...... عَنْہُ: اعراض کرنا...... القَوْمُ: پالے سے ڈھک جانا...... الخُبْزُ: پکنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْرَبَ جَاْشًا لِاَمْرِ کَذَا" یعنی اس نے فلاں کام پر اپنے آپ کو مستقل کر لیا۔

تَضَرَّبَ. الشَّیْءُ: متحرک ہونا۔ موج مارنا۔

تَضَارَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا۔

اِضْطَرَبَ: متحرک ہونا۔ موج مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا...... الاَمْرُ: خلل پذیر ہونا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا...... فِیْ اَمْرِہٖ: متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے اِضْطَرَبَتْ خَلْقُھُمْ: یعنی ان کا کلمہ مختلف و متفرق ہو گیا...... حَبْلُ کَذَا: تنگ دل ہونا...... فُلَانٌ: حصہ مقرر کرنے کا سوال کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبْتُ خَاتِمًا مِنْ ذَھَبٍ" یعنی میں نے سونے کی انگوٹھی بنانے کے لئے کہا۔

اِسْتَضْرَبَ. العَسَلُ: شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا۔

الضَّرْب: مثل۔ شکل۔ قسم۔ ج اَضْرَاب خفیف بارش۔ کہا جاتا ہے مُضْطَرِبُ ضَرْبَۃٍ ایسا آدمی جس کی مار کا نشان باقی رہے...... فِی العَرُوْضِ: فن عروض کی اصطلاح میں شعر کے مصرعہ ثانی کا آخری جز۔ ج ضُرُوْبٌ واَضْرُبٌ. وضَرْبٌ: جز کم ضَرْبٌ: ٹھپہ لگا ہوا درہم۔ دارُ الضَّرْبِ ٹکسال۔

الضَّرَب والضَّرْب: سفید گاڑھا شہد۔

الضَّرْبَۃ: اسم مرۃ۔ دفعۃ واحدۃ۔ کہا جاتا ہے "لَا آخُذُ مَالِیْ عَلَیْکَ اِلَّا ضَرْبَۃً وَاحِدَۃً" یعنی میرا مال جو تمہارے ذمہ ہے اس کو ایک ہی دفعہ لوں گا۔ آفت۔ نقصان۔

الضَّرَبَان: جس۔ ضَرَبَانُ الدَّھْرِ: زمانے کے حوادث۔

الضَّرُوْب والضَّرِب: مارنے والا۔

الضَّرَّاب: زیادہ مارنے والا۔

الضاوِب: ڈھلوان جگہ۔ جس میں درخت ہوں۔ وادی کے مشابہ۔ تاریک رات جس کی تاریکی محیط ہو۔ ج ضَوَارِب. الطَّیرُ

الضَّوارِب: خوراک تلاش کرنے والے پرندے۔

الضَّرِیب: مارنے والا۔ ج ضُرَبَاء...... پٹا ہوا۔ ج ضَرْبی...... قسم۔ شکل۔ شکل؛ حصہ۔ آدمی کی ہیئت۔ برف پالا۔ ج ضَرائب.

الضَّرِیبَۃ: طبیعت۔ عادت۔ کہاجاتا ہے "هٰذِهٖ ضَرِيبَتُهُ الَّتِي ضُرِبَ عَلَيْهَا" یعنی یہ اس کی عادت ہے جس پر وہ پیدا کیا گیا ہے۔ تلوار سے مارا ہوا۔ بدن کا وہ حصہ جہاں مار واقع ہو۔ جزیہ...... مِنَ السَّیفِ: دھار...... مِنَ الصُّوفِ ونَحْوِهٖ: اون یا روئی کی پونی۔ ج ضَرائِب.

المَضْرِب: مارنے کی جگہ یا وقت۔ اصل (...... والمَضْرَبُ): تلوار یا اس کی دھار۔ ہڈی جس میں گودا ہو۔ ج مَضارِب.

المِضْرَب والمِضْراب: مارنے کا اوزار۔ زخم۔ بہت مارنے والا۔ المِضْرَب: بڑا خیمہ۔ ج مَضارِب.

المُضْرِب والمُضْرِبَة مِنَ الحَیّات: غیر متحرک سانپ۔

مَضْرِبَةُ السَّیفِ ومَضْرَبَتُهٗ: تلوار کی دھار۔

بِساطٌ مُضَرَّبٌ: سلا ہوا بچھونا۔

المُضَرَّبَة: دلائی۔ رضائی۔

ضَرَجَ (ن) ضَرْجًا. الشَّیءَ: پھاڑنا...... الثَّوبَ بِالدَّمِ: خون میں لتھیڑنا...... الشَّیءَ اِلَی الاَرْضِ: ڈالنا۔

ضَرَّجَهٗ: لتھیڑنا...... ضَرَّجَ الثَّوبَ: سرخ رنگنا جو گلابی سے کچھ زائد ہو...... الاَنفَ بِالدَّمِ: خون آلود کردینا...... الکَلامَ: آراستہ کرنا...... الاِبِلَ: لوٹ میں دوڑانا۔

ضَرَّجَ واَضْرَجَ. الجَیبَ: لٹکانا۔

تَضَرَّجَ: پھٹنا...... الزَّهْرُ: پھول کا کھلنا...... الشَّیءُ: لت پت ہونا...... الخَدُّ: رخسارہ کا سرخ ہونا...... المَرْأَةُ: عورت کا بناؤ سنگھار کرنا۔

اِنْضَرَجَ: پھٹنا...... لَنا الطَّرِیقُ: کشادہ ہونا...... مَابَیْنَ القَوْمِ: دوری ہونا۔

اِنْضَرَجَتِ العُقَابُ: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔

الضَّرِیجُ: ہلکا سرخ رنگا ہوا۔ عَدْوٌ ضَرِیجٌ: تیز دوڑ۔

الاِضْرِیجُ: زرد رنگ کی چادر۔ سرخ ریشم۔ سرخ رنگ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

المِضْرَجُ: پرانا مستعمل کپڑا۔ ج مَضارِج

المَضارِجُ: مشقتیں۔

عَیْنٌ مَضْرُوجَةٌ: بڑی خوبصورت آنکھ۔

الضَّرْجَع: چھتا۔ ج ضَراجِع.

ضَرَحَ (ف) ضَرْحًا. الشَّیءَ: پھاڑنا۔ علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ کہاجاتا ہے "ضَرَحَ شَهادَةَ فُلانٍ عَنِّي" یعنی فلاں کی شہادت کو رد کردیا۔ "ضَرَحْتُ عَنِّي الثَّوبَ" میں نے کپڑے کو اتاردیا۔ القَبْرَ: قبر کھودنا۔ ضَرَحَ لِلْمَیِّتِ: میت کے لئے صندوقی قبر بنانا۔

ضَرَحَتْ (ن) ضُرُوحًا وضَرْحًا. السُّوقُ: کساد بازاری ہونا...... ضَرْحًا وضِراحًا. الدّابَّةُ بِرِجْلِها: دولتی مارنا۔

ضارَحَهٗ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔ تیر مارنا۔ قریب ہونا اور مقابل ہونا۔

اَضْرَحَهٗ: فاسد کرنا۔ دور کرنا۔ اَضْرَحَ السُّوقَ: کساد بازاری کرنا۔

اِنْضَرَحَ. الشَّیءُ: پھٹنا۔ مَابَیْنَ القَوْمِ: دوری ہوجانا۔ تعلقات کا ختم ہوجانا۔

اِضْطَرَحَ. الشَّیءَ: ڈال دینا۔ پھینک دینا۔

الضُّراحُ: چوتھے آسمان میں ﴿بیت المعمور﴾

الضَّرْحُ: مس۔ کھال۔ دوری۔ وحشت۔

الضَّرَحُ: خراب آدمی۔ نِیَّةٌ ضَرَحٌ: دور دراز کا ارادہ۔

الضَّرُوحُ مِنَ الدَّوابِّ: دولتی مارنے والا جانور۔ قَوْسٌ ضَرُوحٌ: زور سے پھینکنے والی کمان۔

الضَّرِیحُ: دور۔ قبر۔ ج ضَرائِح.

المُضَرَّح والمُضْرَحِيّ: شکرہ۔ لمبے ڈینے کا گدھ۔ المَضْرَحِيُّ: فیاض سردار۔ سفید چیز۔

ضَرَسَ (ض) ضَرْسًا. الشَّیءَ: ڈاڑھ سے سخت کاٹنا۔ کہاجاتا ہے "ضَرَسَهُ الدَّهْرُ" یعنی زمانہ نے اس پر مصیبت ڈالی۔ "ضَرَسَتْهُ الخُطُوبُ" حوادث نے اس کو کچل دیا۔ ضَرَسَ البِئْرَ: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا...... الرَّجُلُ: رات تک خاموش رہنا۔

ضَرِسَتْ (س) ضَرَسًا. الاَسْنانُ: دانت کھٹے ہونا۔

ضَرُسَ الزَّمانُ: زمانہ کا سخت ہونا۔

ضَرَّسَتْهُ الحُرُوبُ والاَیّامُ: تجربہ کار کر دینا۔

اَضْرَسَ. الحامِضُ الاَسْنانَ: ترشی کا دانتوں کو کھٹا کر دینا...... ہ: رنجیدہ کرنا...... ہ بِالکَلامِ: خاموش کردینا۔

ضارَسَهٗ: لڑائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ضارَسَ الاُمُورَ: تجربہ کرنا اور پہچاننا۔

تَضارَسَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔ البِناءُ: ناہموار ہونا۔

الضِّرْسُ: ڈاڑھ کے دانت۔ ج اَضْراس.

الضَّرْسُ: ٹیلہ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا گیا ہو۔ ہلکی بارش۔ ج ضُرُوس.

الضَّرِسُ: سخت مزاج۔ بھوک کی وجہ سے غضبناک۔ تجربہ کار۔ مسافر۔ جنگجو۔

الضَّرُوسُ. مِنَ النُّوقِ: وہ اونٹنی جو دودھ دوہنے والے کو کاٹ کھائے۔ حَرْبٌ ضَرُوسٌ: سخت جنگ۔

الضَّرِیسُ: پتھر کا من بنا ہوا کنواں۔ ریڑھ کی ہڈی۔ بہت بھوکا۔ ج ضَرائِس.

المَضْرُوسُ: مصیبت زدہ۔ مِنَ الوَشْیِ: وہ

کپڑا جس پر دانت کی طرح نقش و نگار بنے ہوں۔ کہا جاتا ہے "فِی الیَاقُوْتَةِ تَضْرِیْسٌ" یاقوت میں ناہمواری۔ ج تَضَارِیْس: تَضَارِیْسُ الاَرْضِ زمین میں دانت کے مانند نکلی ہوئی بلندیاں۔

الضَرْضَم: شیر۔ زور ندے۔

ضَرَطَ: (ض) ضَرْطًا وضَرِطًا وضُرَاطًا وضَرِیْطًا: گوز کرنا۔

ضَرِطَ: (س) ضَرَطًا: ہلکی ڈاڑھی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت اَضْرَط.

ضَرَّطَ واَضْرَطَ. الحِمَارُ: بہت گوز کرنا۔

ضَرَّطَ واَضْرَطَ الحِمَارَ: گدھے سے اتنا کام لینا کہ گوز نکل پڑے۔ "ضَرَّطَ واَضْرَطَ بِفُلاَنٍ" ٹھٹھے کے طور پر گوز کی آواز منہ سے نکالنا۔

مُضَرِّطُ الحِجَارَةِ: حیرۃ کے بادشاہ عمرو بن ہند کا لقب۔

الضَرَّاط والضَرُوْط والضِرُّوْط: گوز کرنے والا۔ زیادہ گوز کرنے والا۔

الضُرَّیْط: موٹا۔ کہا جاتا ہے "کَبْشٌ ضُرَّیْطٌ ونَعْجَةٌ ضُرَّیْطَةٌ" امثال عرب میں سے ہے "الاَخْذُ سُرَّیْطٌ والقَضَاء ضُرَّیْط یَا الاَخْذُ سُرَّیْطَی والقَضَاء ضُرَّیْطَی یَا الاَخْذُ سِرِّیْطَی والقَضَاء ضُرَّیْطَی یَا الاَخْذُ سُرَیْطَاء والقَضَاء ضُرَیْطًا" یعنی قرض کو لے کر نگل لیتا ہے اور ادا کرنے میں گوز کرتا ہے۔

اَوْدَی البَعِیْرُ اِلاَّ ضَرِطًا: مثال ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ذلیل و خوار ہو گیا ہو اور سب کچھ ضائع ہو گیا اور جو باقی رہا ہو اس سے کچھ نفع حاصل نہ ہو۔

اَضَرِطًا واَنْتَ الاَعْلٰی: مثال ہے قوی کے لئے جو باوجود قدرت کے کمزور سے دبتا ہو۔

الضُرَاط والضَرِیْط: گوز۔

الضِرْطم: بڑے پیٹ والا۔

ضَرَعَ (ن) ضُرُوْعًا. مِنَ الشَیْءِ: قریب ہونا...... الشَمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

ضَرَعَ: (ن) ضَرْعًا. فَرِسَةً: سدھانا۔

ضَرَعَ: (ف) ضَرَاعَةً وضَرِعَ: (س) ضَرَعًا وضَرُعَ (ک) ضَرَاعَةً: کمزور ہونا۔ اِلَیْهِ: فروتنی کرنا۔ صفت ضَارِع وضَرِعٌ. ج ضَارِعُوْنَ وضُرُوْع وضَرَعَة.

ضَرَّعَ مِنَ فُلاَنٍ: چپکے چپکے قریب آنا۔

ضَرَّعَت الشَمْسُ: غروب ہونا یا غروب ہونے کے قریب ہونا...... القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔ ضَرَّعَ الرُبَّ: شیرہ کا اچھی طرح نہ پکنا۔

ضَارَعَهٗ: مشابہ ہونا۔ ضَارَعَتِ الشَمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا...... القِدْرُ: ہانڈی کا پکنے کے قریب ہونا۔

اَضْرَعَتْ الشَاةُ: بکری کے تھن کا ظاہر ہونا یا بڑا ہونا۔ صفت ضَرْعَاء وضُرُوْع وضَرِیْعٌ وضَرِیْعَةٌ: بچہ کی پیدائش سے پہلے بکری کا دودھ اُترنا۔ اَضْرَعَ الرَجُلَ: ذلیل کرنا...... لِفُلاَنٍ مَالاً: کسی کے لئے مال خرچ کرنا...... الحُمّٰی فُلاَنًا: کمزور کر دینا۔ مثال ہے الحُمّٰی اَضْرَعَتْنِی لِلنَّوْمِ: اس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو حاجت کے وقت ذلت برداشت کرے۔ اَضْرَعَتْهُ الحَاجَةُ اِلٰی فُلاَنٍ: مجبور کر دینا۔

تَضَرَّعَ: ذلیل ہونا۔ چپکے چپکے قریب آنا...... اِلَی اللّٰهِ: عاجزی سے دعا کرنا...... الظِلُّ: سائے کا سمٹنا۔

تَضَارَعَا: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔

اِسْتَضْرَعَ. لَهٗ: انکساری کرنا، ذلیل ہونا۔

الضَرْع: تھن۔ ج ضُرُوْع.

الضِرْع: مثل۔ رسی کی لٹ۔ ج ضُرُوْع.

الضَرَع: مص۔ کمزور۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَرَعٌ وقَوْمٌ ضَرَعٌ".

الضَارِع: لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

الضَرْعَاء والضَرِیْعَة. مِنَ الشَاءِ والبَقَرِ: بڑے تھن والی۔

الضَرُوْع: بڑے تھن والی۔ عاجز و ذلیل۔

الاَضْرَع: لاغر۔ کمزور۔ چھوٹا۔

المُضَارِع: مشابہ۔ افعال میں سے ایک فعل ہے جو حال اور استقبال پر دلالت کرتا ہے اور ماضی کے صیغے پر حرف (اتین) میں سے ایک حرف بڑھانے سے بنتا ہے۔ علم عروض کی ایک بحر کا نام۔

ضَرْغَمَ وتَضَرْغَمَ: شیر جیسا کام کرنا۔ شیر کے مشابہ ہونا۔

الضَرْغَم: شیر۔ ج ضَرَاغِم.

الضِرْغَام والضِرْغَامَة: شیر۔ بہادر۔ قوی۔

الضَرْف. عِنْدَ العَامَةِ: گھی تیل وغیرہ کے لئے چمڑے کا برتن اور صواب ظرف ہے اور اس کے مرادف زق ہے۔

الضُرْفَة: کثرت۔

ضَرْفَطَهٗ. بِالحَبْلِ: رسی سے باندھنا۔ مضبوط کرنا۔

ضَرُکَ: (ک) ضَرَاکَةً: بے وقوف ہونا۔

الضَرِیْک: احمق۔ اندھا۔ لنجا۔ بدحال فقیر۔ نر کرگدھ۔ ج ضَرَائِک وضُرَکَاء.

الضُرَاک: موٹا آدمی۔ مضبوط و توانا آدمی۔ شیر۔

ضَرِمَ: (س) ضَرَمًا: بھوک یا غصہ سے بھڑکنا۔ ضَرِمَتْ النَارُ: آگ کا مشتعل ہونا...... عَلَیْهِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا...... فِی الطَعَامِ: کھانے کو بالکل صاف کر دینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔

اَضْرَمَ وضَرَّمَ واِسْتَضْرَمَ النَارُ: آگ روشن کرنا۔ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔

اِضْطَرَمَت وتَضَرَّمَتِ النَارُ: مشتعل ہونا۔

تَضَرَّمَ الرَجُلُ عَلَیْهِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

اِضْطَرِمَ المَشِیْبُ: بڑھاپا آ جانا۔

الضُرْم والضِرْم: ایک خوشبودار درخت جس کا پھل بلوط کے مانند اور پھول حر کے مانند ہوتا ہے۔ الضِرْم: عقاب کا بچہ۔

الضَرَم: بھوک کی وجہ سے غصہ سے بھر جانا۔

اسی سے مثال ہے "نَفَخْتَ فِیْ غَیْرِ ضَرَمٍ" جبکہ بے فائدہ کام کرے۔
الضَرِم : بھوکا۔ عقاب کا بچہ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
الضَرَمَة : چنگاری۔ آگ۔ ج ضَرَم کہا جاتا ہے "مَا فِی الدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الضِرَام : بھڑک۔ جلن۔ کھورا۔ چھچھی۔ کشادہ زمین۔
الضِرَامَة : لکڑی جو مشتعل ہو۔ علم کا درخت۔
الضَرِیْم : جلا ہوا۔
الضِرْیَم : ایک درخت کا گوند۔
ضَرَا یَضْرُو ضُرُوًّا. العرق : رگ کا خون بہانا جو بند نہ ہو...... الرَجُلُ : چھپنا۔
ضَرِیَ یَضْرَیٰ ضَرَاوَةً وضَرِیَ ضَرْیًا وضَرَاءَةً بالشَیْءِ : حریص ہونا(...... ضَرِیَ وضِرَاءً وضَرَاءً) الکَلْبُ بالصَیْدِ : کتے کا شکار پر خوگر ہونا مع گوشت خون کے چٹ کر جانا۔ صفت ضَرِیٌّ وضَارٍ : مؤنث ضَارِیَةٌ. ج ضَوَارٍ. ضَرِیَ النَبِیْذُ : جھاگ والا ہونا۔
ضَرَّیٰ واَضْرَیٰ. الکَلْبَ بالصَیْدِ : شکار پر کتے کو بھڑکانا۔ اَضْرَیٰ الرَجُلُ : جھاگ والی نبیذ پینا۔
اِسْتَضْرَیٰ. لِلصَیْدِ : شکاری کو بے خبری میں پکڑنا۔
الضَرَاء : مص۔ گنجان درخت۔ وسیع میدان۔ پوشیدگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَمْشِی الضَرَاءَ" یعنی وہ درختوں میں چھپ چھپ کر چل رہا ہے۔
الضَرِیٰ : مص۔ لڑائی کی شدت۔
الضِرْو : شکار کا عادی کتا۔ مؤنث ضِرْوَة. ج ضِرَاء واَضْرٍ : ایک قسم کا درخت۔
الضَرِیُّ : ایک قسم کی نبیذ۔
الضَوَارِی : جمع ضَارٍ...... مِنَ الحَیْوَانَاتِ : درندے جیسے شیر چیتا وغیرہ۔
ضَرِیَ یَضْرِیٰ ضَرْیًا. العِرْقُ بالدَمِ : رگ کا خون بہانا۔ صفت ضَرِیٌّ.
ضَزَّ : (س) ضَزَزًا : بدخلق ہونا۔
اَضَزَّ عَلَیْهِ : بخل کرنا۔ اَضَزَّهُ : پیسنا۔
الاَضَزّ : بدخلق۔ تنگ جبڑے والا۔ وہ شخص جس کے اوپر نیچے کی ڈاڑھیں مل گئی ہوں جس کی وجہ سے صاف گفتگو نہ کر سکے۔ ج ضُزّ.
المُضِزّ : بدخلق۔ غضبناک۔
ضَزَنَهُ : (ن ض) ضَزْنًا : جو چاہتا ہے وہ نہیں بلکہ جو کچھ ہاتھ میں ہو اس پر قبضہ کر لینا۔
تَضَازَنَ. القَوْمُ : آپس میں ایک دوسرے سے لینا دینا اور غلبہ کرنا۔
الضَیْزَن : قابل اعتبار نگہبان۔ آل واولاد۔ شرکاء۔ پانی لیتے ہوئے جھگڑا کرنے والا۔
ضَعْضَعَهُ : زمین تک ڈھا دینا۔
تَضَعْضَعَ : فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ ضعیف ہونا۔ مریض یا غم کی وجہ سے دبلا ہونا...... مَالُهُ : کم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَعْضَعَ بِهِ الدَهْرُ" یعنی زمانہ نے اس کو ذلیل کر دیا۔
الضَعْضَع والضَعْضَاع : کمزور۔ بغیر رائے اور تدبیر کا آدمی۔
الضَعْضَعَة : مص۔ شدت۔ فروتنی۔ خاکساری۔
ضَعَطَهُ : (ف) ضَعْطًا : ذبح کرنا۔
ضَعَفَ : (ن) ضَعْفًا وضُعْفًا وضَعُفَ (ک) ضَعَافَةً وضَعَافِیَةً : کمزور ہونا۔
ضَعَفَ : (ف) ضَعْفًا. القَوْمَ : زیادہ کرنا ...... الشَیْءَ : دو چند کرنا۔
ضَعَّفَهُ : دو چند کرنا۔ کمزور کرنا۔
ضَعَّفَ الحَدِیْثَ : ضعف کی طرف نسبت کرنا...... وتَضَعَّفَهُ واسْتَضْعَفَهُ : ضعیف سمجھنا۔
اَضْعَفَهُ : دو چند کرنا۔ کمزور کرنا۔ صفت مفعول مَضْعُوْف : قیاس کے مطابق مُضْعَف : ہونا چاہئے تھا اور ایسا ہی ہے جیسے "اَسْعَدَهُ اللّٰهُ" سے مَسْعُوْد : بجائے مُسْعَد. اَضْعَفَ الرَجُلُ : کمزور جانور کا مالک ہونا۔
ضَاعَفَهُ : دو چند کرنا۔
تَضَاعَفَ : دو چند ہونا۔
الضَعْف والضُعْف : کمزوری۔
ضِعْفُ. الشَیْءِ : دو چند اور یا دو چند سے زیادہ جو غیر محصور ہے پس ان کے قول "لَکَ ضِعْفُهُ" کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے لئے دو چند یا سہ چند یا اس سے بھی زیادہ ہے۔ ج اَضْعَاف اَضْعَافُ الکِتَابِ : کتاب کی سطور کا فاصلہ۔ الاَضْعَافُ مِنَ الجَسَدِ : اعضاء جسم یا ہڈیاں۔
الضَعَف : کمزوری۔ عقل ورائے کی کمزوری۔
مُضَاعَفُ عَدَدٍ صَحِیْحٍ : ایک عدد صحیح کو دوسرے صحیح عدد میں ضرب دینے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔
مُضَاعَفُ اَصْغَر : ضرب دینے کے بعد سب سے چھوٹا عدد جو پورا پورا تقسیم ہو جائے۔
مضاعف مشترک جو کئی پر تقسیم ہو جائے۔
الضَعْفَان : کمزور۔ ج ضَعَافَیٰ.
الضَعُوْف : کمزور۔
الضَعِیْف : کمزور۔ ج ضِعَاف وضُعَفَاء. وضَعَفَة وضَعْفَیٰ مؤنث ضَعِیْفَة.
الضَعِیْفُ مِنَ الکَلَامِ : درجۂ فصاحت سے گرا ہوا کلام۔
المُضَاعَفَة. مِنَ الدُرُوْعِ : ایسی زرہ جس کے حلقے دہرے دہرے ہوں۔
اَرْضٌ مُضْعَفَة : زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
ضَعِلَ : (س) ضَعَلاً : ماں باپ کے قریب النسب ہونے سے بچے کا دبلا ہونا۔
ضَغَا یَضْغُو ضَغْوًا : پوشیدہ ہونا۔
اَضَفَّ. القَوْمُ : سرسبز باغ میں ہونا۔ فراخ دستی کی زندگی بسر کرنا۔ اَضَفَّتْ واضطَفَّتْ الاَرْضُ : سبزہ زار ہونا۔

الضغيع: تر و تازگی۔
الضغيغة: سرسبز باغ۔ فراخ دستی کی زندگی۔ پتلا خمیر۔ لوگوں کی مخلوط جماعت۔
ضغب: (ف) ضغبا: بھیڑیے یا خرگوش کی طرح آواز کرنا۔ گھبرا دینا۔
الضغيب و الضغاب: خرگوش اور بھیڑیے کی آواز۔
الضغبوس: لومڑی کا بچہ۔ کمزور مرد۔ ککڑی کھیرا۔ بیلون کی مانند ایک سبزی۔ ج ضغابیس۔
ضغث (ف) ضغثا. الحديث: ملانا۔ کپڑے کو دھونا اور صاف نہ کرنا..... الشئ: جمع کرنا۔
أضغث. الحالم الرؤيا: خواب کو شک سے بیان کرنا۔
ضغث. النبات: سبزی کا مٹھا بنانا۔
إضطغث. الحطب: لکڑی کو اکٹھا کرنا۔
الضغث: تر و خشک گھاس کا مٹھا۔
......من الخبر والأمر: مخلوط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہ ہو۔ ج أضغاث. أضغاث أحلام: گڑبڑ خواب جن کی کوئی تعبیر نہ دی جا سکے۔
كلام ضغث وضغث: ایسی گفتگو جس میں کوئی خیر نہ ہو۔
التضغيث: بارش سے تر زمین یا نباتات۔
ضغطه (ف) ضغطا واضغطه: بھینچنا۔ بھیڑ کرنا۔ تنگی کرنا۔
ضاغطه ضغاطا ومضاغطة: ایک دوسرے کو بھینچنا۔ تنگی کرنا۔
تضاغطوا: تنگی کرنا۔
انضغط: مغلوب ہونا۔
اضتغط. عليه: تاوان وغیرہ میں سختی کرنا..... اور قیاس کے مطابق اضطغط ہے۔
الضغطة: تنگی۔ کہا جاتا ہے "أخذت فلانا ضغطة" جبکہ تم تنگی کرو تا کہ کسی شے پر مجبور کرو۔ شدت۔ مشقت۔

الضغطة: قہر۔ تنگی۔ مجبوری۔ ضغطة القبر: فشار قبر۔
الضاغط: فا۔ نگہبان۔ امانت دار۔
الضاغوط: کابوس (ایک قسم کی بیماری)
الضغيط: کمزور رائے والا۔ ج ضغطى: مؤنث ضغيطة۔
المضغط: ہوا، فضا اور موسم کو معلوم کرنے کا آلہ۔
المضغط: پست زمین۔ ج مضاغط۔
ضغل ضغيلا: پچھنا لگاتے ہوئے آواز نکالنا۔
الضغيل: پچھنا لگانے والے کے منہ کی آواز۔
ضغم: (ف) ضغما. الشئ وبه: بھنجوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضغمه ضغمة الأسد" اس نے اسے شیر کی طرح بھنجوڑ لیا۔
الضغامة: دانتوں سے کاٹ کر پھینکی ہوئی چیز۔
الضيغم: شیر۔ کاٹنے والا۔ ج ضياغم۔
الضيغمي: شیر۔
ضغن: (س) ضغنا. عليه: کینہ رکھنا...... إليه: مائل ہونا۔
إضطغنه: بغل کے نیچے لینا۔
إضطغن وتضاغن. القوم: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔ کہا جاتا ہے "إضطغن فلان على فلان ضغينته" یعنی کینہ کو پوشیدہ رکھا۔
الضغن: کینہ۔ شوق۔ میلان۔ کجی۔ بغل۔ جانب۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج أضغان۔
الضاغن والضغن: کینہ ور۔ فرس ضاغن وضغن: اڑیل گھوڑا جو بغیر مارے ہوئے نہ چلے۔ عود ضغن: ٹیڑھی لکڑی۔
الضغينة: کینہ۔ ج ضغائن۔
ضغا يضغو ضغوا. المقامر: خیانت کرنا...... إليه: عاجزی کرنا...... ضغوا وضغاء) السنور: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
إضغاه إضغاء ا: میاؤں میاؤں کرنے پر براگیختہ کرنا۔
تضاغی: بھوک یا مار سے بلبلانا۔
الضغاء بمعنی۔ ذلیل آدمی کی آواز۔
ضف: (ن) ضفا وضففا. القوم على الماء او الطعام: بھیڑ کرنا (...... ضفا) الشئ: جمع کرنا۔
تضاف. القوم: بھیڑ کرنا۔ کم مال والا ہونا۔
ضف الحال: بدحال۔
الضفة: جماعت۔
الضفة والضفة: دریا کا کنارہ۔
...... من البحر: سمندر کا ساحل۔ ج ضفاف۔
الضفف: مال کی قلت اور اہل و عیال کی کثرت۔ حاجت۔ کمزوری۔ جلد بازی۔
الضفافة: بے عقل۔
عين ضفوف: بہت پانی والا چشمہ۔
ماء مضفوف: جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔
ضفده: (ض) ضفدا: طمانچہ مارنا۔
ضفدع الماء: پانی کا مینڈکوں والا ہونا۔ ...... الرجل: سکڑنا۔ گوز کرنا۔
الضفدع: مینڈک۔ ج ضفادع وضفادى: اور یہ کم مستعمل ہے۔ واحد ضفدعة۔
ضفر: (ض) ضفرا وضفر. الحبل: رسی بٹنا...... الشعر: بال گوندھنا۔ ضفر البناء: عمارت کو پتھروں سے بغیر چونے گارے کے بنانا۔ الرجل: دوڑنے میں کودنا۔ ...... الدابة: جانور کے منہ میں لگام دینا۔
ضافره. على الأمر: مدد کرنا۔
تضافروا. على الأمر: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
انضفر: گندھا ہوا ہونا۔ بٹا ہوا ہونا۔ کہا جاتا ہے "انضفر الحبلان" یعنی دونوں رسیاں گندھ گئیں۔
الضفر: بمعنی۔ کجاوہ کا تنگ۔ گندھے ہوئے بالوں کی ایک پٹی۔ ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ ج ضفور وأضفار۔
الضفار: کجاوہ کا تنگ۔ ج ضفر۔

الضَفِرَة : ریت کا بڑا تودہ جو ایک جگہ جمع ہو گیا ہو۔ کنانۃ ضَفِرَۃ: بھرا ہوا ترکش۔
الضَفِیر : گندھے ہوئے بالوں کی رسی۔ سمندر کا کنارہ۔ کجاوہ کا تنگ۔
الضَفِیرَة : گندھے ہوئے بالوں کی ایک لٹ۔ چوٹی۔ ج ضَفائِر۔ کہا جاتا ہے "کنانۃ ضَفِیرَۃ" یعنی بھرا ہوا ترکش۔
ضَفَزَ : (ن) ضَفزًا: کودنا...... فلانًا: دفع کرنا۔ ہاتھ یا پیر سے مارنا...... الفرسَ : گھوڑے کے منہ میں لگام دینا...... البعیرَ: اونٹ کے منہ میں زبردستی لقمہ دینا۔
اِضطفزه : زبردستی نگلنا۔
الضَفّاز : چغل خور۔
الضَفِیزَة : بڑا لقمہ۔ ج ضَفائِز.
ضَفضَفَة. القَومِ : جماعت۔ قوم۔
ضَفَطَهُ : (ن) ضَفطًا. بالحَبلِ : رسی سے باندھنا...... الرَجُلُ : حاجت پوری کرنا...... بسَلحِه: پاخانہ کرنا۔
ضَفُطَ : (ک) ضَفاطَۃ: ڈھیلے اور بڑے پیٹ کا ہونا۔ جاہل اور کمزور رائے کا ہونا۔
تضافط: اللَحمُ : گوشت کا گھٹا ہوا ہونا۔
الضَفطَة : جہالت۔ کمزوری رائے۔
الضافِط : فا۔ مسافر جس کا سفر دور کا نہ ہو۔
الضافِطَة : مؤنث ضافِط: بار برداری کا اونٹ۔ کمینہ آدمی۔ شتربان۔
الضِفَاط والضِفِط والضَفِیط : موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔ بے وقوف۔ کاہل جو قوم کا ساتھ جنگ وغیرہ میں نہ دے۔ شتربان۔
الضَفّاط : کمینہ آدمی۔
الضَفَطُّ : موٹا ڈھیلا۔ بڑے پیٹ والا۔
ضَفَنَ : (ض) ضَفنًا. إلَیهِ: کسی کے پاس جا کر بیٹھنا...... بِحاجَتِه : حاجت پوری کر دینا۔ برِجلِه: لات مارنا...... مَعَ الضَعیف : ساتھ آنا...... بِهِ الأرضَ : زمین پر پٹک دینا...... فلانًا: چوتڑ پر لات مارنا...... علَیهِ: ظلم کرنا۔

تضافَنَ. القَومُ علَیهِ : مل کر رد کرنا۔
الضِفَن والضِفَنّ : بے وقوف۔ چھوٹے قد کا موٹا۔
ضَفا یَضفُو ضَفوًا. الرَأسُ : سر پر بال بہت زیادہ ہونا...... الحَوضُ : حوض کناروں سے بہنا...... الثَوبُ: کپڑے کا پورا ہونا۔ صفت ضافٍ.
الضَفا : جانب۔ مثنی ضَفَوان.
ضَفوَۃُ. العَیشِ : خوش عیشی۔
ضَقَّ : (ض) ضَقًا : آواز کرنا۔
ضَکَّهُ : (ن) ضَکًّا: بھینچنا...... الأمرُ فلانًا : تنگ ہونا...... هُ بالحُجَّةِ : مغلوب کرنا۔
ضَکَزَهُ : (ن) ضَکزًا: زور سے چھونا۔
الضَکِل : تھوڑا پانی۔
الضَیکَل : بڑے ڈیل ڈول کا۔ ننگا فقیر۔ ج ضَیاکِل وضَیاکِلَة.
الأضکَل: ننگا۔
ضَلَّ : (س ض) ضَلالًا وضَلالَةً: گمراہ ہونا۔ دین حق یا راہ حق سے ہٹ جانا۔ صفت ضالٌّ. ج ضُلّال وضالُّون...... الطَریقَ او عَنهُ: ہدایت نہ پانا...... الشیءُ عَنهُ: ضائع ہونا۔ بیکار جانا...... ضَلَّ سَعیُهُ : کامیاب نہ ہونا...... الشیءُ : تلف ہونا...... الرَجُلُ : مرنا اور گل سڑ کر مٹی اور ہڈی ہو جانا...... الرَجُلَ: بھول جانا۔
ضَلَّلَهُ تَضلیلًا وتَضلالًا : گمراہ کر دینا۔ گمراہی کی طرف نسبت کرنا۔
أضَلَّ. الشیءَ : ضائع کرنا۔ ہلاک کرنا۔ دفن کرنا۔ غائب کرنا...... ه اللّٰهُ: اللہ کا کسی کو گمراہ کر دینا...... فلانٌ فَرَسَهُ : گھوڑے کا بھاگ جانا اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں گیا...... الشیءَ او الرَجُلَ: گمراہ پانا اور اسی سے ہے "أتَی قَومَهُ فَأضَلَّهُم" یعنی اپنی قوم کے پاس آیا تو ان کو گمراہ پایا۔
تَضالَّ : گمراہی کا دعویٰ کرنا۔
اِستَضَلَّ : گمراہ ہونے کو کہنا۔

الضَلّ والضُلّ والضَلال والضَلالَة : گمراہی۔ باطل۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضُلُّ بنُ ضِلٍّ او ضِلُّ بنُ ضَلٍّ او ضُلُّ أضلالٍ او ضِلُّ أضلالٍ" یعنی وہ گمراہی میں منہمک ہے یا اس کے باپ کا پتہ نہیں یا اس کے اندر خیر نہیں۔
الضَلَل : گمراہی۔ پانی جو پتھروں کے نیچے بہے یا درختوں کے نیچے جس کو کبھی دھوپ نہ لگے۔
الضَلَّة : اسم مرۃ۔ حیرت۔ خیر یا شر کے طلب کرنے میں غائب ہونا۔
الضِلَّة : گمراہی۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ ضِلَّةً" یعنی اس کا خون بلا قصاص کے ضائع ہو گیا۔ "ذَهَبَ ضِلَّةً" یعنی معلوم نہیں کہاں گیا۔ "هُوَ تَبِعُ ضِلَّةٍ" یعنی وہ مصیبت میں ہے۔ "هُوَ یَلُومُنی ضِلَّةً" یعنی ملامت کرنے میں اسے ہدایت کی توفیق نہیں ہوئی۔
الضُلَّة : کامل رہنمائی۔ کہا جاتا ہے "دَلیلٌ بِهِ ضُلَّةٌ" یعنی ایسا رہنما ہے جس کے اندر کامل رہنمائی ہے۔
الضالَّة : مؤنث ضالٌّ. گم شدہ چیز جس کے پیچھے تم پھر رہے ہو۔ ج ضَوالّ.
الضِلِّیل : بہت زیادہ گمراہ۔
الأضلولَة : گمراہی۔ ج أضالِیل.
المَضَلّ: جس میں لوگ گمراہ ہو جائیں۔
المُضِلّ : فا۔ سراب۔
المَضَلَّة والمَضِلَّة : گمراہی۔ أرضٌ مَضَلَّةٌ ومَضِلَّةٌ: زمین جس میں راستہ بھول جائیں اور جمع کے لئے کہا جاتا ہے "أرَضونَ مَضَلّات".
المُضَلَّل : بہت زیادہ گمراہ۔ گمراہی کے پیچھے بہت زیادہ پڑنے والا جس کو خیر کی توفیق نہ دی گئی ہو۔
ضَلُعَ : (ک) ضَلاعَةً: قوی مضبوط پسلیوں والا ہونا۔ صفت ضَلیع.
ضَلَعَ : (ف) ضَلعًا. الشیءُ: ٹیڑھا ہو

جانا۔ صفت ضالع ...... الرجل: پسلی پر مارنا
...... علیہ: ظلم کرنا۔
ضلع (س) ضلعا وضلعا: پیدائش ٹیڑھا ہونا۔ صفت ضلع اور اسی سے ہے "لاُقیمن ضلعک او ضلعک" یعنی میں تیری کجی کو درست کروں گا۔ ضلع مع فلان: جھکنا
...... الرجل: شکم سیر یا سیراب ہونا۔
ضلّعہ: جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔ بوجھل کرنا۔
ضلّع الثوب: کپڑے پر پسلیوں کے مانند نقش ونگار بنانا۔
اضلعہ: جھکانا۔ بوجھل کرنا۔ کہا جاتا ہے "فلان اضلعتہ الخطوب" یعنی فلاں کو حوادث نے بوجھل کر دیا۔
تضلّع: شکم سیر یا سیراب ہونا اور اسی سے ہے "تضلّع من العلوم" یعنی اس نے علوم سے حصہ کامل پایا۔
اضطلع: قوی ہونا ...... بحملہ: بوجھ لے کر کھڑا ہونا اور اس کی طاقت رکھنا۔
الضلع: میلان وٹیڑھا پن۔ کہا جاتا ہے "ضلعک مع فلان" تمہارا میلان فلاں کی جانب ہے۔
الضلع والضلع: پسلی (مؤنث) اضلع وضلوع واضلاع: کہا جاتا ہے "ھم علی ضلع جائرۃ" یعنی وہ سب میرے اوپر ظلم کرنے میں متفق ہیں۔ الضلع والضلع من البطیخ: خربوزے کی قاش پھانک۔ ضلع السلق ونحوہ: چقندر کے پتوں کی موٹی رگ۔ الضلع: چھوٹا پہاڑ۔ پھندا۔ جال۔ ابرو۔
الضلعۃ: جانب۔
الضلعۃ: ایک سبز رنگ کی چھوٹی مچھلی۔
الاضلع: مضبوط موٹا مرد۔ ج ضُلع۔
الضلوع: زمین کا ڈھلوان۔
الضلیع: مضبوط پسلیوں والا۔ قوی۔ ج ضُلع: مؤنث ضلیعۃ رجل ضلیع الفم: بڑے منہ والا۔ قوس ضلیع وضلیعۃ ومضلوعۃ: کمان جس کی لکڑی میں جھکاؤ ہو۔
المضلع من الاحمال: بوجھل۔ عاجز کر دینے والا۔ کہا جاتا ہے "مضلع بھذا الامر" اسے اس کام کی طاقت ہے۔
المضلّع: پہلوؤں والا ...... من الثیاب: دھاری دار کپڑا۔
المضلّع او ذو الاضلاع: (ہ) خط منکسر اور اس کے قطعات کو اضلاع اور اطراف اضلاع کو روؤس بولتے ہیں۔
المضلّع المنتظم: وہ خط جس کے اضلاع برابر ہوں اسی کو محدب اور مجمی بولتے ہیں۔
المضلّع الرباعی: چار اضلاع والا۔
المضلّع الخماسی: پانچ اضلاع والا۔
المضلّع السداسی: چھ اضلاع والا۔
ضمّ (ن) ضمّا۔ الشیء: جمع کرنا۔
...... الشیء الیہ: قبضہ کرنا اور اپنی طرف کھینچنا۔
...... علی الشیء: قبضہ کرنا ...... فلانا الیہ: ساتھ رکھنا۔ ضمّہ الی صدرہ: معانقہ کرنا ......
الحرف: حرف کو ضمہ کی حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "ضمّ جناحہ عن الناس" یعنی اس نے لوگوں سے نرمی برتی۔
ضامّہ۔ الیہ: ملانا۔
اضمّ۔ الشیء الی فلان: فلاں کی طرف چیز بھیجنا۔
انضمّ: ملنا ...... علی کذا: مشتمل ہونا۔
تضامّ۔ الشیء: پوری طرح سے شامل ہونا۔
اضطمّہ: اپنی طرف ملانا۔ اضطمّ علیہ: مشتمل ہونا۔
الضمّ والضمّۃ: پیش کی حرکت۔ الضُمّۃ: گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کی جماعت۔
الضمام: ملانے کا ذریعہ۔
الضموم: دو لمبے ٹیلوں کے درمیان کی وادی۔
الضمیم: ساتھی۔ مؤنث ضمیمۃ۔
الاضمامۃ: جماعت۔ ج اضامیم ...... من الکتب: کتابوں کا بنڈل۔
المنضمّ۔ علی کذا: مشتمل ملا ہوا۔ کہا جاتا ہے "اضبع منضمّا" یعنی لاغر ہو گیا گویا کہ بعض بعض کے ساتھ ملا ہوا ہے۔
ضمج (ن) ضمجا وضمّج۔ جسدہ: خوشبو لگانا۔
ضمج واضمج۔ بالارض: زمین سے چمٹ جانا۔
الضمجۃ: ایک بدبودار کیڑا جو کاٹتا ہے۔ کھٹمل۔
الضمج: آفت جو انسان کو لاحق ہو۔
اضمحلّ: نیست ونابود ہونا ...... السحاب: بادل کا کھل جانا۔
ضمخ (ن) ضمخا وضمّخ۔ جسدہ بالطیب: بدن میں خوشبو لگانا۔
تضمّخ وانضمخ واضطمخ۔ بالطیب: خوشبو سے لت پت ہونا۔
الضمخۃ: موٹی عورت یا اونٹنی۔
ضمد (ن ض) ضمدا وضمّد۔ الجرح: زخم پر پٹی باندھنا۔ کہا جاتا ہے "اضمد علیک ثیابک" یعنی اپنے کپڑے کو اپنے اوپر باندھو "ضمدہ بالعصا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری اور ایسا ہی "ضمد رأسہ بالسیف"۔
ضمد (س) ضمدا: خشک ہونا۔ سخت غضبناک ہونا ...... علیہ: کینہ کرنا۔
اضمد۔ القوم: جمع کرنا۔
تضمّد۔ الجرح: پٹی بندھ جانا۔
الضمد: مص۔ تر۔ خشک۔ عمدہ بکریاں۔ خراب بکریاں۔ کینہ وری۔ الضمد: دوست۔ ساتھی۔
الضمد: ظلم۔ پرانا حق۔
الضامد: فا۔ لازم۔
الضماد والضمادۃ: پٹی جس سے عضو مجروح کو باندھا جائے ...... کہا جاتا ہے "انا علی ضمادۃ من الامر" یعنی میں کام کے نزدیک پہنچ گیا ہوں۔
ضمر (ن) وضمر (ک) ضمورا:

ڈبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ چھریرا ہونا۔ صفت ضَامِرٌ: مؤنث ضَامِرٌ وضَامِرَةٌ ج ضُمَّرٌ وضَوَامِرُ.

اَضْمَرَ الاَمْرَ: پوشیدہ کرنا...... فِیْ نَفْسِهٖ شَیْئًا: اپنے دل میں کسی چیز کا عزم کرنا...... الخبر: ...تک پہنچا۔ اَضْمَرَتِ الاَرْضُ فُلانًا: زمین نے اس کو موت یا سفر کی وجہ سے غائب کردیا۔ الشَّاعِرُ: شاعر کا اضمار برتنا اور اضمار اصطلاحِ فن عروض میں یہ ہے کہ دوسرے حرف کو ساکن کر دیں۔ جیسے مُتَفَاعِلن: کے دوسرے حرف کو ساکن کردیں تو مُتْفَاعِلن ہو کر مُسْتَفْعِلُن کے وزن پر ہو جاتا ہے۔

اَضْمَرَ وضَمَّرَ. الفَرَسَ: ڈبلا کرنا۔ چھریرا بنانا۔

تَضَمَّرَ وَجْهُهٗ: لاغری کی وجہ سے کھال سکڑ جانا۔

اِنْضَمَرَ القَضِیْبُ: ٹہنی کا خشک ہونا۔

اِضْطَمَرَ: ...ل جانا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا۔ چھریرا ہونا۔

الاِضْمَارُ: علم عروض میں دوسرے حرف کو ساکن کرنا۔ جیسے تامتفاعلن اس کو مستفعلن کی طرف منتقل کردیا گیا۔

الضُّمْر: چھریرا۔ ڈبلا۔ پتلے پیٹ والا۔ نازک بدن۔ مؤنث ضَمْرَةٌ: تنگ۔ راز (......المُضْمَر): پوشیدہ۔

الضُّمْر والضُّمُر: ڈبلا پن۔

الضَّمِیْر: راز۔ پوشیدہ خیال۔ پژمردہ انگور۔ ضمیر نحویوں کے نزدیک وہ کلمہ ہے جو متکلم مخاطب اور غائب پر دلالت کرے جیسے اَنَا. اَنْتَ هُوَ ج ضَمَائِر.

الضِّمَار: پوشیدہ۔ ٹالا ہوا وعدہ۔ ہر وہ چیز جس پر اعتماد نہ ہو۔ مال جس کی واپسی کی اُمید نہ ہو...... مِنَ الدَّیْنِ: جس کی مدت معین نہ ہو۔

الاِضْمَار: مص۔ زحافاتِ شعریہ کی ایک قسم تشریح اضمر فعل کے تحت میں دیکھو۔

الضَّوْمَرَان والضَّیْمَرَان: ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔

المِضْمَار: گھوڑ دوڑ کے میدان کی انتہا۔ وہ میدان جہاں گھوڑے چھریرے کئے جائیں۔ گھوڑوں کے چھریرے کرنے کی مدت۔ میدانِ گھوڑ دوڑ۔

ضَمَزَ (ن ض) ضَمْزًا: چپ رہنا...... اللُّقْمَةَ: بڑا لقمہ بنانا اور نگل جانا...... عَلٰی مَالِهٖ: بخل کرنا۔ صفت ضَامِزٌ وضَمُوْزٌ ج ضُمُوْزٌ.

ضَمَسَ (ض) ضَمْسًا: آہستہ آہستہ چبانا۔

ضَمْضَمَ ضَمْضَمَةً: دل کو قوی کرنا۔ بہادر بنانا...... الاَسَدُ: شیر کا گونجنا...... فُلانٌ عَلَی المَالِ: کل لے لینا۔

الضَّمْضَم والضُّمَاضِم: دلیر۔ گرانڈیل۔ شیر غضبناک۔

ضَمِنَ (س) ضَمْنًا وضَمَانًا الشَّیْءَ وبِهٖ: کفیل ہونا۔ ضامن ہونا...... ہ: جمع کرنا۔

ضَمِنَ (س) ضَمْنًا وضَمَانَةً. الرَّجُلُ: ایسے مرض میں مبتلا ہونا جو ہمیشہ رہے اور وقتاً فوقتاً سخت ہوتا رہے۔ صفت ضَمِن.

ضَمَّنَ الشَّیْءَ الوِعَاءَ: برتن میں رکھنا...... ہ الشَّیْءَ: ذمہ دار بنا دینا...... الشَّاعِرُ: شاعر کا تضمین کرنا۔ یعنی دوسرے کے شعر کو اپنے کلام میں شامل کرلینا۔

تَضَمَّنَ. الشَّیْءَ: مشتمل ہونا...... الشَّیْءَ عَنِّی: اس نے میری طرف سے اپنے ذمہ لے لیا۔

الضَّمَن والضُّمْنَة والضُّمَان والضَّمَانَة: ہمیشہ کا رہنے والا مرض۔ لنجا پن۔

الضِّمْن: اندرونِ شئی. ضِمْنَ الكِتَابِ: کتاب کا بیچ۔

الضَّمِن: عشق۔ پرانے مرض والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضَمِنٌ عَلٰی اَهْلِهٖ" یعنی وہ اپنے لوگوں پر بوجھ ہے۔

الضَّامِن: فا۔ ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔

الضَّمِیْن: کفیل۔ مرض لازم میں مبتلا۔ ج ضَمْنٰی.

الضَّمَان: مص۔ کفالت۔ تاوان۔ ڈنڈ۔

المَضْمُوْن: مفع۔ جس کی کفالت کی جائے۔ مِنَ الجُمْلَةِ: مفہوم جو جملہ سے سمجھ میں آئے اور جملہ اس کے لئے بیان نہ کیا گیا ہو۔ ج مَضَامِیْن.

المُضَمَّن: مفع۔ تضمین کیا ہوا...... مِنَ الاَصْوَاتِ: غیر مکمل آواز جب تک دوسرے سے ملایا نہ جائے سمجھ میں نہ آئے۔

ضَنَّ (س ض) ضَنًّا وضِنًّا وضِنَّةً ضَنَانَةً ومَضَنَّةً واضْطَنَّ. بالشَّیْءِ: بخل کرنا۔ ضَنَّ بِالمَكَانِ: مکان سے جدا نہ ہونا۔

الضِّنّ والضِّنَّة: جس پر بخل کیا جائے۔ خاص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضِنِّیْ وضِنَّتِیْ" وہ میرے ساتھ مختص ہے۔

الضَّنَن: بہادر۔

الضَّنِیْن: بخیل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا یُضَنُّ بِالضَّنِیْنِ" یعنی بخیل کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے۔

الضَّنَائِن: وہ چیزیں جن کی نفاست کی وجہ سے بخل کیا جائے اور اسی سے ہے "ضَنَائِنُ اللهِ" اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے خاص لوگ۔

الضَّنَانَة: مص۔ بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَجَمْتُ عَلَی القَوْمِ وهُمْ بِضَنَانَتِهِمْ" میں قوم پر اچانک پہنچ گیا اور وہ لوگ متفرق نہیں ہوئے تھے۔

المَضَنَّة والمَضِنَّة: جس پر بخل کیا جائے۔ ج مَضَانّ.

ضَنَأَ (ف) ضَنْأً وضُنُوْءًا: چھپنا...... فِی الاَرْضِ: جانا...... المَالُ: کثیر ہونا

ضَنَأَتْ (ف) ضَنْأً وضُنُوْءًا وضَنِئَتْ (س) ضَنْأً واَضْنَأَتِ. المَرْاَةُ: بہت اولاد والی ہونا۔ صفت ضَانِیٌٔ وضَانِئَةٌ. ج ضَوَانِیٔ.

اِضْطَنَأَ لَهٗ ومِنْهُ: شرمانا اور منقبض ہونا۔

الضَّنْ ءُ :اصل۔معدن۔کثرتِ نسل۔ج ضُنُوْءٌ.

الضَّنْ ءُ والضِّنْ ءُ :اولاد(اس کے لئے واحد نہیں)

الضُّنَاءَ ة والضُّنَاْة :ضرورت۔

ضَنَبَ :(ن)ضَنَبًا بِهِ الاَرْضَ :زمین پر پٹک دینا۔ضَنَبَ بِالشَّیْ:قبضہ کرنا۔

ضَنِطَ(س) ضَنَطًا۔ الشَّحْمُ :موٹا اور ٹھوس ہونا۔

اِنْضَنَطَ۔ الْقَوْمُ :بھیڑ کرنا۔

الضَّنْط :تنگی۔

الضَّنَط :چربی۔نشاط۔ڈینگ۔

الضِّنَاط :کنوئیں وغیرہ پر بہت زیادہ بھیڑ۔

ضَنُکَ (ک) ضَنَاکَةً:ست رائے۔ضعیف العقل۔کمزور بدن والا۔صفت ضَنِیْکٌ ج ضُنُکٌ (...... ضَنَاکَةً وضَنْکًا وضُنُوْکَةً):تنگ ہونا۔

ضُنِکَ ضَنْکًا :زکام زدہ ہونا۔

اَضْنَکَهُ اللّٰه :زکام میں مبتلا کرنا۔

الضَّنْک :تنگ۔مذکر ومؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے "مَکَانٌ ضَنْکٌ وعِیْشَةٌ ضَنْکٌ".

الضِّنَاک :مضبوط جسم والا۔مذکر ومؤنث دونوں میں مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِنَاکٌ وامْرَأَةٌ ضِنَاکٌ" بڑا درخت۔

الضُّنَاک والضُّنْکَة :زکام۔

الضَّنَاکَة :مص۔تنگ زندگی۔

الضَّنِیْک :تنگ زندگی۔صرف خوراک پر خدمت کرنے والا۔کٹی ہوئی چیز۔

ضَنِیَ (س) ضَنًی:(وادی)مرض کی وجہ سے کمزور ولاغر ہونا۔صفت ضَنِیٌ وضَنٍ :کہا جاتا ہے "تَرَکْتُهُ ضَنًی وضَنِیًا" ضَنًی :بفتح النون میں مذکر ومؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور ضَنٍ: بکسر النون جب بولا جائے گا تو اس کے لئے تثنیہ جمع اور مؤنث کے صیغے استعمال کئے جائیں گے۔ضَنِی: کی جمع اَضْنَاءٌ.

ضَانٰی مُضَانَاةً الشَّیْ اوِ الاَمْرَ :مشقت برداشت کرنا۔

اَضْنٰی اِضْنَاءً . المَرَضُ فُلاَنًا :بیماری کا سست کر دینا......الرَّجُلُ: بیماری کی لاغری کی وجہ سے صاحبِ فراش ہونا۔

تَضَنّٰی :بتکلف بیمار ہونا۔بننا۔

اِنْضَنٰی :سست ہو جانا۔

الضَّنٰی :بیماری۔لاغری۔بدحالی۔

الضِّنْو والضَّنْو والضُّنٰی :اولاد۔کہا جاتا ہے "لَهُ ضِنْوٌ کَثِیْرٌ" اس کی بہت اولاد ہے۔

الضِّنٰی :مخفی بیماریاں۔

ضَنَتْ تَضْنٰی وضَنِیَتْ تَضْنٰی ضَنًی وضَنَاءً المَرْأَةُ :کثیر اولاد ہونا۔ضَنٰی نَصِیْبُ فُلاَنٍ:حصہ کا بڑھنا۔

ضَهَبَ (ف) ضَهْبًا بِالنَّارِ: آگ سے متغیر کرنا۔

ضَهَبَ (ف) ضُهُوْبًا: کمزور ہونا۔

ضَهَّبَ اللَّحْمَ :گوشت کو بریاں کرنا......القَوْسَ :نرم کرنے کے لئے آگ کے سامنے کرنا۔صفت ضَهْبَاء ضَهَّبَ القَوْمُ : زیادہ ہونا اور تیز چلنا۔

ضَاهَبَهُ مُضَاهَبَةً :برا تاؤ کرنا۔گالی گلوچ کرنا۔

ضَهْبٌ . القَوْم :مخلوط لوگ۔

الضَّیْهَب :پہاڑ کا وہ گرم حصہ جہاں گوشت کو بھون سکتے ہیں۔

ضَهَکَهُ :(ن) ضَهْکًا :سخت روندنا۔

ضَهَدَهُ :(ف) ضَهْدًا.

اَضْهَدَهُ واَضْهَدَ بِهِ واضْطَهَدَهُ :غلبہ کرنا اور ظلم کرنا۔تکلیف دینا اور مجبور کرنا۔

الضُّهْدَة :غلبہ اور قہر۔کہا جاتا ہے "ضُهْدَةٌ لِکُلِّ اَحَدٍ" یعنی ہر وہ شخص جو چاہتا ہے اسے مجبور کرتا ہے۔

الضَّهِیْدُ :سخت مضبوط۔

الضَّهْر والضَّاهِر :پہاڑ کی چوٹی۔وادی۔

الضَّهْرُ : کچھوا۔

ضَهَزَهُ وضَهَمَهُ (ف) ضَهْزًا وضَهْمًا: سخت روندنا......الدَّابَّةُ: جانور کا اگلے دانتوں سے کاٹنا۔

ضَهَلَ :(ف)ضَهْلًا وضُهُوْلاً. اللَّبَنُ: تھوڑا تھوڑا جمع ہونا......النَّاقَةُ ونَحْوُهَا : تھوڑی دودھ والی ہونا۔صفت ضَهُوْلٌ ج ضُهُل ضَهِلَةٌ. حَقَّهُ :حق کم کرنا(......وتَضَهَّلَ) اِلٰی فُلاَنٍ: کسی کی جانب بغیر ارادہ جنگ کے لوٹنا۔

اَضْهَلَ. النَّخْلُ :کھجوریں پکنے لگنا......اِلٰی فُلاَنٍ مَالاً :مال کو فلاں کی طرف کر دینا۔

اِسْتَضْهَلَ. الخَبَرُ :حسبِ امکان خبر طلب کرنا۔

الضَّهْل :مجتمع دودھ۔تھوڑا پانی۔

الضَّاهِلَة. مِنَ العُیُوْنِ :تھوڑے پانی کا چشمہ۔

الضَّهْوَاء :بے پستان عورت۔

الضَّهْوَة :جوہڑ۔ج اَضْهَاء.

ضَهِیَتْ تَضْهٰی ضَهًی. المَرْأَةُ :عورت کا بغیر پستان اور بغیر دودھ کے ہونا۔صفت ضَهْیَاء ج ضُهْی. ضَهِیَتْ الاَرْضُ :زمین میں کچھ نہ اُگنا اور بغیر پانی کے چٹیل میدان ہونا۔

ضاهی مُضاهاةً. الرّجلَ :مشابہ ہونا۔
الضّهِیُّ :مشابہ۔ہم شکل۔کہا جاتا ہے "هُوَ ضَهِیُّکَ" وہ تمہارا ہم شکل ہے۔
ضَاءَ یَضُوْءُ ضَوْءً ا وضُوْءً ا وضِیَاءً ا القَمَرُ وغیرُہ :روشن ہونا۔چمکنا۔
ضَوَّءَ تَضْوِئَةً. البیتَ :روشن کرنا۔عَنِ الامرِ :پھر جانا۔
اَضَاءَ اِضَاءَةً. البیتُ :روشن ہونا۔البیتَ :روشن کرنا۔
تَضَوَّأَ :تاریکی میں کھڑا ہونا تاکہ آگ کی روشنی میں لوگوں کو دیکھ سکے۔تَضَوَّأَهُ :کسی ایسی جگہ مائل ہونا جہاں سے آگ کی روشنی سے دیکھ سکے۔
اِستَضَاءَ بِہ :روشن ہونا.....مِن فُلانٍ :مشورہ کرنا۔
الضَّوْءُ والضُّوْءُ :روشنی۔ج اَضْوَاءٌ.
الضِّیَاءُ والضِّوَاءُ :روشنی۔
الضَّوِیُّ والمُضِیُّ :روشن۔روشن کرنے والا۔
ضَاجَ یَضُوْجُ ضَوْجًا. عَنْ کَذَا :اعراض کرنا۔پھر جانا(..... وانضَاجَ) الوَادِیُ :کشادہ ہونا۔
تَضَوَّجَ الوَادِیُ :وادی کا بہت پیچ دار ہونا۔
اِنْضَوَّجَ فِیْ ضَوْجِ الوَادِیْ :وادی کے موڑ میں داخل ہونا۔
الضَّوْجُ :وادی کا موڑ۔ج اَضْوَاجٌ.
الضَّوْجَانُ :سخت خشک۔مؤنث ضَوْجَانَةٌ.
ضَوَّجَ. اللَّبَنَ :دودھ میں پانی ملانا۔
ضَارَ یَضُوْرُ ضَوْرًا :سخت بھوکا ہونا۔ضَارَهُ الامرُ :نقصان پہنچنا۔
تَضَوَّرَ :درد کی تکلیف یا بھوک سے پیچ و تاب کھانا.....الذِّئبُ ونحوُہ :بھوک سے بلبلانا۔
الضَّوْرُ :سخت بھوک۔
الضُّوْرُ :کالی بدلی۔
الضُّوْرَةُ :ذلیل حقیر۔
ضَازَ یَضُوْزُ ضَوْزًا. الثَّمَرَةَ :پھل کو چبانا

.......هُ حَقَّهُ :کم کر دینا۔
ضَوْضَی ضَوْضَاةً وضِیضَاءً :شور مچانا۔
الضَّوْضَی والضَّوْضَا والضِّیضَاءُ :شور و غوغا۔
ضَوَّطَ. الاَشیَاءَ :جمع کرنا۔
تَضَوَّطَ. الشَّیْءُ :جمع ہونا۔
الاَضْوَطُ :ٹیڑھے جبڑے والا۔بے وقوف۔
الضُّوَیْطَةُ :بے وقوف۔حوض کی تہ کی مٹی کا گیلا خمیر۔
ضَاعَهُ یَضُوْعُهُ ضَوْعًا :حرکت دینا۔رنجیدہ کرنا۔بھڑکا دینا۔گھبرا دینا۔ضَاعَ المِسکُ :مشک کی خوشبو پھیلنا.....الدَّابَّةَ :جانور کو دُبلا کرنا.....الصَّبِیُّ :رونے میں پیچ و تاب کھانا۔
تَضَوَّعَ. المِسکُ :مشک کی خوشبو بھڑکنا۔
......الصَّبِیُّ :رونے میں پیچ و تاب کھانا
(..... وانْضَاعَ) الفَرْخُ :پرندہ کے بچے کا چوگ کے لئے اپنی ماں کی طرف پر پھیلانا۔
الضُّوَعُ والضُّوْعُ :نرالو۔رات کو اُڑنے والے پرندوں میں سے ایک پرندہ۔
الضُّوَاعُ :نرالو کی آواز۔
رَجُلٌ مَضُوْعٌ :خوفزدہ۔
ضَافَ یَضُوْفُ ضَوْفًا. عَنِ الشَّیْءِ :الگ ہونا۔
ضَانَ یَضُوْنُ ضَوْنَةً :زیادہ اولاد ہونا۔
الضَّوْنَةُ :مص۔چھوٹی بچی۔
الضَّیْوَنُ :بلا۔ج ضَیَاوِنُ.
الضَّوَّةُ :شور۔لڑائی کا شور۔
ضَوِیَ یَضْوَی ضَوًی :خلقتاً یا لاغری سے پتلی ہڈی کا ہونا۔
ضَوَی یَضْوِی ضَیًّا وضُوِیًّا. اِلَیْهِ :ملنا۔پناہ لینا.....الرَّجُلَ :رات کو آنا۔ضَوَّاهُ اِلَیْهِ :مائل کرنا۔
اَضْوَی :دُبلا ہونا۔لاغر ہونا.....الرَّجُلَ :کمزور کرنا.....هُ حَقَّهُ :کم کرنا.....الامرَ :کچا کام کرنا۔اَضْوَتِ المَرأَةُ :کمزور بچہ جننا۔

اَضْوَاهُ اِلَیْهِ :اپنی طرف مائل کرنا۔
اِنْضَوَی اِنْضِوَاءً ا. اِلَیْهِ :شامل ہونا۔ملنا۔
الضَّاوِی :فا۔رات کو آنے والا۔
الضَّاوِیُّ :کمزور۔دُبلا۔خلقتاً یا لاغری سے کمزور جسم والا۔مؤنث ضَاوِیَةٌ.
ضَاجَ یَضِیْجُ ضَیْجًا وضُیُوْجًا وضَیَجَانًا عَنْهُ وَاِلَیْهِ :جھکنا۔مائل ہونا۔ضَاجَت عِظَامُهُ :لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا مل جانا۔
ضَاحَتْ تَضِیحُ ضَیْحًا. البلادُ :خالی ہونا۔
ضَاحَ وضَیَّحَ. اللَّبَنَ :پانی ملانا۔ضَیَّحَ فُلانًا :پانی ملا ہوا دودھ پلانا۔
تَضَیَّحَ اللَّبَنُ :پانی میں دودھ ملنا.....الرَّجُلُ :پانی ملا ہوا دودھ پینا۔
الضَّیْحُ :شہد۔
الضَّیْحُ والضَّیَاحُ :پانی ملا ہوا دودھ۔شوربا۔
الضَّیْحَةُ :پانی ملے ہوئے دودھ کی ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔
ضَارَهُ یَضِیْرُهُ ضَیْرًا. الامرُ :نقصان دینا۔
ضَازَهُ یَضِیْزُهُ ضَیْزًا :ظلم کرنا۔ضَازَهُ حَقَّهُ :کم کرنا۔
الضَّیْزُ :ٹیڑھ۔کجی۔
قِسمَةٌ ضِیْزَی :ناقص تقسیم۔ظالمانہ تقسیم۔
ضَاطَ یَضِیْطُ ضَیْطًا وضَیَطَانًا. فِیْ مِشیَتِہ :موٹاپے کی وجہ سے چلنے میں جسم اور مونڈھوں کو حرکت دینا۔صفت ضَیْطَانٌ ضَیَّاطٌ.
ضَاعَ یَضِیْعُ ضَیْعًا وضِیْعًا وضَیْعَةً وضَیَاعًا :ضائع ہونا۔تلف ہونا۔بے کار ہونا۔صفت ضَائِعٌ ج ضُیَّعٌ وضِیَاعٌ.
اَضَاعَهُ :ضائع کرنا۔اَضَاعَ الرَّجُلُ :بہت جائیداد والا ہونا۔
تَضَیَّعَ المِسکُ :مشک کا بھڑکنا۔مشک کو خوشبو کا پھیلنا۔
الضَّیَاعُ :مص۔ایک قسم کی خوشبو۔بے فائدہ۔کہا جاتا ہے "مَاتَ ضَیَاعًا وضِیعًا

وضیفـا" یعنی مرگیا اور کسی کو اس کی پروانہ ہوئی۔
الضَیعَة : جائیداد۔ زمین سیر حاصل۔ اس کی تصغیر ضُیَیعَةٌ ہے اور جمع ضِیَع وضِیَاع وضَیعَات. الضَیْعَة : پیشہ۔ کہا جاتا ہے "کَانَتْ ضَیْعَةُ العَرَب سِیَاسَة الاِبِلِ" عرب کا پیشہ اُونٹوں کا انتظام کرنا تھا۔
المِضیَاع : بہت ضائع کرنے والا۔
المَضْیَعَة والمَضِیْعَة : موضع ہلاکت۔ جہاں ضائع ہونے کے اسباب زیادہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "بَلَدُکُمْ مَضْیَعَةُ العِلْمِ" تمہارے شہر میں علم کے ضائع ہونے کے اسباب بہت ہیں۔
ضَاف یَضِیفُ ضَیْفًا. اِلَیهِ : مائل ہونا۔ ہٹ جانا۔ ضَافَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے لئے مائل ہونا...... السَّهْمُ عَنِ الهَدَفِ : تیر کا نشانہ سے ہٹ جانا ...... الرَّجُلُ : خوف کرنا ...... مِنْه : پرہیز کرنا اور ڈرنا۔
ضَافَهُ یَضِیفُهُ ضَیفًا وضِیَافَةً : مہمان ہونا۔ مہمانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَافَ الهَمُّ فُلانًا" یعنی فلاں پر غم نازل ہوا۔
ضَیَّفَهُ : مہمان بنانا۔ مہمانی کا کھانا پیش کرنا۔ ضَیَّفَه اِلَیهِ : جھکانا۔ ضَیَّفَ الرَّجُلُ : مائل ہونا۔ ہٹ جانا ...... الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے لئے مائل ہونا۔
اَضَافَ الرَّجُلُ : دوڑنا۔ جلدی چلنا۔ خوف کرنا ...... الشَّیئَ اِلَی الشَّیئِ : جھکانا۔ سہارا دینا۔ ملانا ...... الرَّجُلُ : پناہ دینا۔ مجبور کرنا ...... مِنْهُ : چوکنا رہنا ...... عَلَیهِ : جھانکنا ...... فُلانًا عَلَی فُلانٍ : مہمان اتارنا ...... الکَلِمَةَ اِلَی الکَلِمَةِ : ایک کی نسبت دوسرے کی طرف طریقہ مخصوص پر کرنا۔
تَضَیَّفَهُ : مہمان ہونا۔ طلب ضیافت کرنا۔
تضیف الرَّجُلُ : مائل ہونا ...... الشَّمْسُ : ...... غروب کی طرف مائل ہونا۔
اِنْضَافَ اِلَیهِ : ملنا۔
تَضَایَفَ الوَادِی : تنگ ہونا۔
اِسْتَضَافَهُ : ضیافت طلب کرنا۔
اِسْتَضَافَ بِه : فریاد کرنا ...... مِنْ فُلانٍ اِلَی فُلانٍ : پناہ لینا۔
الضَّیْف : مہمان (واحد و جمع) مؤنث ضَیْف وضَیْفَة ج اَضْیَاف وضُیُوف وضِیَاف وضِیفَان واَضَائِف.
الضَیفَن : طفیلی۔
الضِّیف : پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِی ضِیفِ فُلانٍ" وہ فلاں کے پہلو میں ہے۔
الضِّیَافَةُ : مہمانی کا کھانا۔
المُضَافُ فِی الحَرْبِ : جو جنگ میں گھر گیا ہو جو قوم کے ساتھ چپکا دیا گیا ہو۔
المَضِیف والمَضِیفَة : مہمانی کی جگہ۔
المِضْیَاف : بہت مہمانوں والا میزبان۔
المَضِیفَة والمُضِیفَة : حزن۔ غم۔
مَضَائِفُ الوَادِی : وادی کے پہلو۔
ضَاقَ یَضِیقُ ضِیقًا وضَیقًا : تنگ ہونا۔ صفت ضَیِّق وضَائِق وضَیق ...... الرَّجُلُ : بخل کرنا۔
ضَیَّقَهُ تَضْیِیقًا : تنگ کرنا۔ ضُیِّقَ عَلَیهِ : تختی کیا جانا۔
اَضَاقَ اِضَاقَةً : تنگ کرنا۔ اَضَاقَ الرَّجُلُ : محتاج ہونا۔
تَضَیَّقَ وتَضَایَقَ : تنگ ہونا۔ وتَضَایَقَ الاَمْرُ بِه او عَلَیهِ : تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَضَایَقَ القَوْمُ" یعنی قوم کشادہ دل نہیں یا ان کے مکان کشادہ نہیں۔
ضَایَقَه مُضَایَقَة : تختی کرنا۔
الضَّیق والضِّیق : تختی۔ حزن غم جس سے تنگ دلی ہو۔
الضَّیِّق والضَیق : تنگ۔
الضِّیقَة والضَّیْقَة : بدحالی۔ محتاج۔ ج ضِیَق وضَیق.
الضَّائِق : فا۔ تنگ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ ضَائِقٌ صَدْرُهُ بِکَذَا" فلاں وجہ سے تنگ دل ہے۔ ج ضَاقَةٌ جیسے سَائِد کی جمع سَادَة.
الاَضْیَق : بہت تنگ۔ مؤنث ضِیقَی وضُوقَی.
الضَّاکَةُ : شمالی افریقہ میں ایک درخت کا نام جس کا پھل کھایا جاتا ہے۔
المَضِیق : تنگ جگہ۔ مشکل کام۔ گھاٹی۔ ج مَضَایِق.
ضَامَهُ یَضِیمُهُ ضَیْمًا : ظلم کرنا۔ مجبور کرنا۔
ضَامَهُ واِسْتَضَامَهُ. حَقَّهُ : کم کرلینا۔
الضَّیم : ظلم۔ ج ضُیُوم.
ضِیَم الجَبَلِ : پہاڑ کا کنارہ۔
الضَّامَة : حاجت۔ ضرورت۔

ط

ط' اَلطَّاءُ: بنیادی حروف میں سے سولہواں حرف ہے۔

طَأطَأَ. الرَّاسَ وغیرہ: پست کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَأطَأَ رَاسَهُ عَنْ كَذَا" یعنی فلاں چیز سے اس نے اپنے سر کو پست کرلیا...... فَرَسَهُ: گھوڑے کو تیز دوڑانے کے لئے اس کی دونوں رانوں میں ایڑ لگانا۔ طَأطَأَتِ المَرأَةُ سِتْرَهَا: عورت کا پردہ ڈالنا۔ طَأطَأَ يَدَهُ بِالعِنَانِ: لگام کو ڈھیلا چھوڑنا...... الحُفْرَةَ: گڑھے کو گہرا کرنا۔ فُلاَنَ مِنْ فُلاَنٍ: کسی کو مرتبے سے گرا دینا۔ طَأطَأَ فِي قَتلِ القَوْمِ: قوم کے قتل کرنے میں مبالغہ کرنا۔ سختی برتنا۔

تَطَأطَأَ: پست ہونا۔

الطَّأطَأُ: پست زمین۔ چھوٹا اُونٹ۔

الطَّاةُ: کیچڑ۔

طَبَّهُ: (ن ض) طَبًّا: علاج کرنا۔ طَبَّ الرَّجُلُ: جلد بازی نہ کرنا۔ نرمی کرنا اور اسی سے مثل ہے "مَنْ اَحَبَّ طَبَّ" یعنی جو دوست رکھتا ہے نرمی کرتا ہے اور کہا جاتا ہے "اِصْنَعْهُ صَنْعَةَ مَنْ طَبَّ لِمَنْ حَبَّ" یعنی معاملہ کر داس شخص جیسا جو کسی کے ساتھ محبت کرتا ہے تو نرمی کرتا ہے...... خَرزَ القِرْبَةَ: مشک میں پیوند لگانا۔ عام لوگ کہتے ہیں "طَبَّ عَلٰى وَجْهِهِ" یعنی وہ اپنے منہ کے بل اوندھا ہوگیا اور صواب اَكَبَّ ہے اور کہا جاتا ہے "مَا كُنْتَ طِبًّا وَلَقَدْ طَبِبْتَ اور طَبَبْتَ" یعنی تم طبیب نہیں تھے اور بن گئے۔

طُبَّ. الرَّجُلُ: جادو کیا جانا۔

طَبَّبَهُ: علاج کرنا۔ طَبَّبَ الخَيَّاطُ الثَّوْبَ: درزی کا کپڑے میں کشادہ ہونے کے لئے جوڑ لگانا۔ القِرْبَةَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔

طَابَّ مُطَابَّةً. الاَمْرَ: مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا اُطَابُّ هٰذَا الاَمْرَ مُنْذُ حِيْنَ كَيْ اَبْلُغَهُ" یعنی میں ایک مدت سے اس اَمر کی مشق و مزاولت کر رہا ہوں تاکہ اس کو حاصل کرلوں۔

تَطَبَّبَ. الرَّجُلُ: طبیب بننا...... لِفُلاَنٍ: علاج کرانا۔

اِسْتَطَبَّهُ: دوا تجویز کرنا۔

الطَّبُّ: طبیب۔ حاذق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَبٌّ بِهٰذَا الاَمْرِ" یعنی وہ اس امر کا عالم ہے۔ طبیب۔

الطِّبُّ: ارادہ۔ خواہش۔ حال۔ شان۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ طِبُّه المجون" فلاں کی عادت مذاق کی ہے۔

الطَّبُّ. والطِّبُّ والطُّبُّ: جسمانی اور روحانی علاج۔ نرمی۔ جادو۔

الطِّبَاب: جس سے علاج کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبَابُ مَرَضِكَ" یعنی یہ تمہارے مرض کا علاج ہے۔

الطَّبَّةُ: مؤنث۔ طَبٌّ: گوشہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي تِلْكَ الطَّبَّةِ" یعنی وہ اس گوشہ میں ہے۔

الطِّبَّةُ ج طِبَب الطِّبَابَة ج طِبَابٌ: زمین' کپڑے' کھال یا بادل کا مستطیل ٹکڑا۔ والطِّبَابَة مِنَ الخرز: مشک کے نچلے حصہ میں دو سوراخوں کے درمیان کا چمڑا۔

الطَّبِيْب: فن طب کا جاننے والا۔ فن طب کا ماہر۔ ج اَطِبَّه. اَطِبَّاء: مؤنث طَبِيبَة.

المَطْبُوْب: سحر زدہ جس پر جادو کا اثر ہو۔

طَبِجَ (س) طَبَجًا. الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔ صفت اَطْبَج...... عَلٰى رَاسِهِ وعَلٰى كُلِّ اَجْوَفٍ: سر پر یا ہر کھوکھلی چیز پر مارنا۔

تَطَبَّجَ. فِي الكَلاَمِ: مختلف رنگوں میں گفتگو کرنا۔

طَبَخَ: (ف ن) طَبْخًا وطَبَّخَ. اللَّحْمَ: گوشت پکانا۔ طَبَخَ الصَّبِيُّ: بچہ کا حرکت کرنا۔ بڑھنا۔

اِنْطَبَخَ: پکنا۔

اَطَّبَخَ. الرَّجُلُ: اپنے لئے پکانا...... اللَّحْمَ: گوشت پکانا۔

الطَّبْخ والطِّبْخ: جو کچھ پکایا جائے۔

الطُّبَاخَة: ہانڈی کے جھاگ۔ پکی ہوئی چیز۔

الطِّبَاخَة: باروچی گیری۔

الطَّبَّاخ: پکانے والا اور اس کو طاہی بھی کہتے ہیں اور استعمال عوام میں طبّاخ کا اطلاق انگیٹھی پر ہوتا ہے اور حسن یہ ہے کہ اس کو منصب کہا جائے۔

الطَّبِيْخ: پکی ہوئی چیز۔ چونہ۔ پکی اینٹ۔ ج اَطْبِخَة.

الطَّابِخ: پکانے والا۔ سخت بخار۔

الطَابِخَة : مؤنث طابخ: دوپہر۔
الطَبَاخ والطُبَاخ : مضبوطی۔قوت۔موٹاپا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيْ كَلَامِهٖ طُبَاخٌ" یعنی کوئی فائدہ نہیں۔
الاَطْبَخ : بہت زیادہ بے وقوف۔
المَطْبَخ : باورچی خانہ۔ج مَطَابِخ.
المِطْبَخ: پکانے کا اوزار۔ج مَطَابِخ.
المُطَبَّخ والمُطْبَخ: باورچی خانہ۔
طَبَرَ :(ن) طَبْرًا : اچھلنا۔کودنا۔چھپنا۔
الطَبَر والطَبَرْزِيْنُ : کلہاڑا (یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)
الـطُبَّـار : انجیر کے مشابہ درخت۔واحد طُبَّارَة.
الطَبَرِی: طبرستان کی طرف منسوب۔
طَبَزَهٗ :(ن) طَبْزًا: بھر دینا۔
الـطِبْـز : پہاڑ کا مضبوط کنارہ۔دوکوہان کا اونٹ۔
طَبَسَهٗ : گارے سے لیپنا۔
الطَبْس : ہر ایک کالی چیز۔
الطِبْس: بھیڑیا۔
بَحْرٌ طَبِيْسٌ : بہت پانی والا سمندر۔
الطَبْش :لوگ۔
اَلطَّبْشُوْرَةُ : چاک جو کہ سیاہ تختہ یا سلیٹ پر لکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
الطَبْشَة : استعمال عوام میں بچوں کے مارنے کی لمبی چھڑی اور فصیح لفظ مِخْفَقه ہے۔
طَبْطَبَ طَبْطَبَةً. المَاءُ او السَّيْلُ : پانی یا سیلاب کا آواز کرنا......الـوَادِی : وادی کا بہنا۔المَاءَ : پانی کو حرکت دینا۔
الطَبْطَابَة : گیند کا بلا۔
الطَبْطِبِيَّة :کوڑا۔
طَبَعَ :(ف) طَبْعًا. الشَّیْءَ : کسی چیز کی تصویر بنانا......عَلَيْهِ : مہر لگانا......الدِرْهَمَ: سکہ ڈھالنا۔السَيْفَ : تلوار بنانا۔ڈھالنا...... اللّٰـه الخَلْقَ : پیدا کرنا......الدَلْوَ : ڈول بھرنا۔کہا جاتا ہے "طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قَلْبِهٖ" یعنی اللہ تعالٰی نے اس کے دل پر مہر کردی جس کی وجہ سے وہ خیر کی توفیق سے محروم ہے۔
طَبِعَ :(س) طَبَعًا [illegible]: میلا ہونا۔عیب دار ہونا......السَيْفُ : تلوار کا زنگ آلود ہونا۔ صفت طَبِعٌ واَطْبَعُ.
طُبِعَ. عَلَى الجَهْلِ : پیدا کیا جانا۔
طَبَّعَ. الإِنَاءَ : بھر دینا......گندا کرنا۔عوام کہتے ہیں "طَبَّعَ الدَابَّةَ" یعنی سدھالیا۔فصیح لفظ اس کے لئے "رَاضَهَا" ہے۔
تَطَبَّعَ : بھر جانا۔ڈھالنا......بِطِبَاعِ اَبِيْهِ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا......الـنَهْـرُ بِالمَاءِ: نہر کا کناروں سے بہہ نکلنا۔
اِنْطَبَعَ : بھر جانا۔ڈھلنا۔
الـطَبْـع : پیدائشی عادت۔مثال۔نمونہ۔کہا جاتا ہے "اِضْرِبْهُ عَلٰى طَبْعِ هٰذَا" یعنی اس کو اس کے نمونہ پر بناؤ۔ج طِبَاع.
الطِبْع : پانی جذب ہونے کی جگہ۔پیمانہ بھر۔مشکیزہ۔نہر ج طُبُـوْع وطِبَـاع (...... والـطَبَـع): زنگ میل کچیل۔عیب۔ج اَطْبَاع.
الطَبِع: کمینہ۔سَيْفٌ طَبِعٌ: زنگ آلود تلوار۔
الطَبِيْع والطِبَاع : خلقی عادت۔
الطَابِع والطَابَع : مہر۔ہر وہ چیز جس سے مہر کی جائے۔ج طَوَابِع: کہا جاتا ہے "هٰذَا كَلَامٌ عَلَيْهِ طَابَعُ الفَصَاحَةِ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس پر فصاحت کی مہر ہے۔
طَوَابِعُ البَرِيْدِ: خط پر لگانے کے لئے ڈاک ٹکٹ جو کہ اندرون اور بیرون خطوط پر لگائی جاتی ہیں۔
اَلـطَوَابِـعُ الاَمِيْـرِيَّةُ : رسید ٹکٹ یعنی مالی معاملات میں ٹکٹ دستخط یا توثیق کے لئے لگائی جاتی ہے۔
اَلطَّوَابِعُ القُنْصُلِيَّةُ : حکومت کی طرف سے ٹکٹ جو کہ سفارت خانوں میں استعمال کی جاتی ہیں۔
الطَبَّاع. طَابِع : اسم فاعل کا مبالغہ۔
الـطِبَـاعَة : تلوار سازی۔چھاپنے کا پیشہ۔ [illegible]: تلوار سازی کا کارخانہ۔ چھاپنے کی جگہ۔
الطَبِيْعَة : خلقی وجبلی عادت۔ج طَبَائِع.
الـطَبَـائِعُ الاَرْبَع : سردی۔گرمی۔خشکی۔ تری۔
الطَبِيْعِی : جو طبیعت کے ساتھ مختص ہو۔جو ہر چیز کو طبیعت کی طرف منسوب کرے۔جو علم طبیعات کا ماہر ہو اور علم طبیعات وہ علم ہے جس میں طبائع اشیاء سے بحث کی جائے۔
الطُبْعَان : مہر۔کہا جاتا ہے "هٰذَا طُبْعَانُ الاَمِيْرِ" یہ امیر کی مہر ہے۔
الـمَطْبَعَة والـمَطْبَع : چھاپنے کی جگہ۔ج مَطَابِع.
الـمِطْـبَـعَة : چھاپنے کا آلہ۔پریس۔ج مَطَابِع.
الـمَطْبُوْع: مفع۔چھپا ہوا۔پسندیدہ......مِنَ الشُعَرَاءِ : جو بلا تکلف اشعار کہے۔
طَبِقَتْ (س) طَبَقًا وطَبَقَانًا : بند ہونا۔ پہلو سے لگنا۔طَبِقَ يَفْعَلُ الشَّیْءَ : شروع کرنا۔کرنے لگنا۔
طَبَقَ الشَّیْءُ : عام ہونا......السَحَابُ الجَوَّ: بادل کا فضا کو گھیر لینا......الـمَاءُ وَجْهَ الاَرْضِ: ڈھانپ لینا۔السَيْفُ المَفْصَلَ : تلوار کا جوڑ کو جدا کرنا۔کہا جاتا ہے "اِنَّـهٗ يُطَبِّقُ المَفْصَلَ" جبکہ حجت میں غالب ہو۔ طَبَقَ الحَاكِمُ فِيْ حُكْمِهٖ" حاکم کا درست فیصلہ کرنا......الفَرَسُ فِيْ عَدْوِهٖ : دوڑنے میں ایک ساتھ دونوں ٹانگوں کو اٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا۔
طَابَقَـهٗ طِبَاقًا ومُطَابَقَةً : موافقت کرنا۔
طَابَقَ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ : دونوں کو ایک طریقہ پر کرنا......بَيْنَ قَمِيْصَيْنِ : ایک کے اوپر ایک پہننا......ﮦ عَلَى الاَمْرِ : برابری کرنا...... الـرَجُلُ عَلَى الـعَمَلِ : حاوی ہونا...... بِالحَقِّ: اقرار کرنا۔یقین کرنا......[illegible]: قیدی کا چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا...... الفَرَسُ فِيْ جَرْيِهٖ : اگلی ٹانگوں کی جگہ......

پچھلی پاؤں کو رکھنا۔
أطْبَقَ الشَّئُ: ڈھانپنا...... اللَّيْلُ: تاریک ہونا...... النُّجُومُ: کثرت سے ظاہر ہونا ...... الرحى: ایک پاٹ کو دوسرے پاٹ پر رکھنا۔ کہا جاتا ہے "أطْبَقَ شَفَتَيْكَ" یعنی چپ رہ۔ أطْبَقَ الرَّاكِعُ: رکوع کی حالت میں دونوں ہاتھوں کو گھٹنے کے درمیان کر لینا۔ أطْبَقُوْا. عَلَى الأمْرِ: اجماع کر لینا۔ أطْبَقَتِ الحُمّٰى: بخار کا لگاتار رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا أطْبَقَ فُلانًا" یعنی وہ کیسا حاذق ہے۔
تَطَابَقَ. القَوْمُ: اتفاق کر لینا۔
تَطَبَّقَ وانْطَبَقَ. الشَّئُ: بند ہونا۔
الطِّبْقُ: مطابق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِبْقُ ذَاكَ" یعنی یہ اس کے مطابق ہے۔ دن کا حصہ۔ لاسہ جس سے پرندوں کا شکار کیا جائے۔ ایک درخت کا پھل الطِّبْقُ مِنَ النَّاسِ: جماعت۔
الطَّبَقُ: مطابق۔ پردہ۔ طشتری۔ ج أطْبَاق
الطَّبَقُ: سطح زمین۔ ریڑھ کی ہڈی...... مِنَ اللَّيْلِ والنَّهَارِ: دن رات کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "أقَمْتُ عِنْدَهُ طَبَقًا مِنَ النَّهَارِ" یعنی میں نے اس کے پاس دن کے بڑے حصے میں اقامت کی...... مِنَ المَطَرِ: عام بارش۔ کہا جاتا ہے "مَطَرٌ طَبَقٌ ودِيمَةٌ طَبَقٌ": حال۔ کہا جاتا ہے "الدَّهْرُ أطْبَاقٌ" یعنی زمانے کے مختلف احوال ہیں۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى طَبَقٌ بَعْدَ طَبَقٍ" یعنی ایک جماعت کے بعد دوسری جماعت گزر گئی "جَاءَ طَبَقٌ مِنْ جَرَادٍ" یعنی ٹڈیوں کی جماعت آئی۔ "أطْبَاقُ الرَّأسِ" سر کی ہڈیاں۔ بَنَاتُ طَبَقٍ: مصیبتیں۔ کچھوے۔ سانپ۔ أُمُّ طَبَقٍ: مصیبت۔
الطَّبَقَةُ: جال۔ پھندا۔ دن کا ایک حصہ۔ ج طِبَاق وطَبَق۔
المُطَابِقَةُ: (ع ج): دو برابر مقداروں کا مجموعہ ان میں حروف کی مقدار جو بھی ہو۔

ب×ج = ب^2×ب ج×ج
(س+)(س+۲) = (س+۳س+۲)
الطَّبَقَةُ: مرتبہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے "ان كُتُبَهُ إلَىَّ طَبَقَةٌ" اس کے خطوط میری طرف متواتر آئے۔ ج طَبَقَات۔
الطَّبَقُ: بند۔
الطَّبِيقُ: رات کا ایک حصہ۔ ج طُبُق (...... والطِّبَاقُ): مطابق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَبِيقُ ذَاكَ" و "طِبَاقُهُ" یعنی یہ اس کے مطابق اور موافق ہے۔ طِبَاقُ الأرْضِ: زمین کی سطح۔
الطَّابِقُ والطَّابَقُ: کڑاہی۔ آدھی بکری۔ ج طَوَابِق وطَوَابِيق۔
الطَّابِقُ والطَّابَقُ والطَّابَاقُ: شیشہ۔ بڑی پکی اینٹ (اور یہ دخیل ہے)
المُطْبِقُ: زمین کے نیچے قید خانہ۔ الجُنُونُ المُطْبِقُ: لگاتار جنون۔ سَنَةٌ مُطْبِقَةٌ: سخت قحط۔ المُطْبِقَاتُ: مصیبتیں۔ الحُرُوفُ المُطْبِقَةُ: ص ض ط ظ۔
المُطَبِّقُ: صائب الرائے۔ سَحَابَةٌ مُطَبِّقَةٌ: تمام زمین پر برسنے والا بادل۔
طَبَلَ: (ن) طَبْلاً وطَبَلَ: ڈھول بجانا۔ عوام کہتے ہیں "طَبَلَ فِي المَشْيِ" یعنی چلنے میں تھک گیا اور صحیح لفظ (بَلَطَ) ہے۔
الطَّبْلُ: ڈھول۔ ج طُبُول وأطْبَال۔
الطَّبَّالُ: ڈھول بجانے والا۔
الطِّبَالَةُ: ڈھول بجانے کا پیشہ۔
الطُّبَيْلَةُ: ڈھولک۔
الطَّبْلِيَّةُ ج طَبْلِيَّاتٌ: گول میز جس پر روٹی کھائی جائے۔
الطَّبْلِيَّةُ: خراج کے روپے۔ ج طَبْلِيَّات۔
الطُّوبَالَةُ: مادہ بھیڑ۔ ج طُوبَالات۔
طَبَنَ: (ض) طَبْنًا. النَّارَ: آگ کو دبا دینا۔
طَبَنَ (ض) طَبْنًا طَبِنَ (س) طَبَنًا وطَبَانَةً وطَبَانِيَةً وطُبُونَةً. الشَّئَ ولِلشَّئِ: سمجھ دار ہونا۔ صفت طَبِنٌ و طَابِنٌ۔

طَابَنَهُ: موافق ہونا۔ طَابَنَ الحَفِيرَةَ: بھرا کرنا۔
اِطْبَأنَّ اِطْبِئْنَانًا. بِالمَكَانِ: مطمئن ہونا۔
الطِّبْنُ والطَّبْنُ: بڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "أيُّ الطِّبْنِ هُوَ" یعنی وہ کون آدمی ہے۔
الطُّبْنُ: طنبور یا بربط۔
الطَّبْنُ: گھر۔ کوڑا کرکٹ جس کو ہوا اڑا لائے۔
الطَّبْنُ والطِّبْنُ والطُّبْنُ والطُّبُنُ: مردار جو گدھوں اور درندوں کے شکار کے لئے جال میں رکھا جائے۔ اعرابیوں کا ایک کھیل۔
الطِّبْنَةُ: سمجھ۔ ج طِبَن۔
الطُّبْنَةُ: طنبور کی آواز۔ ایک کھیل۔
الطَّابُونُ: گڑھا جس کی حفاظت کے لئے آگ کو دبا دیا جائے۔
الطُّبُنْجَةُ: تمنچہ۔ ج طَبَنْجَات۔
طَبَاهُ يَطْبُوهُ طَبْوًا واطَّبَاهُ اِطِّبَاءً: پکارنا۔ بلانا۔
طَبَاهُ يَطْبِيهِ طَبْيًا: کھینچنا...... ه عَنْهُ: باز رکھنا ...... ه إلَيْهِ: بلانا۔
طَبِيَتْ تَطْبَى طَبًى. النَّاقَةُ: ڈھیلے تھنوں والی ہونا۔
اَطَّبَاهُ اِطِّبَاءً: بلانا۔
الطِّبْيُ والطُّبْيُ: تھن گدھی، گھوڑی، اونٹنی اور مادہ درندوں کا۔ ج أطْبَاء۔
الطَّبْوَاءُ والطَّبِيَّةُ. مِنَ النُّوقِ: ڈھیلے تھنوں والی اونٹنی۔
طَثَّ: (س) طَثًّا. الشَّئَ: پاؤں یا ہتھیلی سے مار کر جگہ سے ہٹانا۔
الطَّثُّ: بچوں کا ایک کھیل جس میں گول لکڑی کو پھینکتے ہیں۔
المِطَثَّةُ: بچوں کے کھیل کی ایک گول لکڑی۔
طَثَرَ: (ن) طَثْرًا و طُثُورًا وطَثَرَ. اللَّبَنُ: دودھ کا بالائی والا ہونا۔ صفت طَاثِرٌ۔
الطَّثْرَةُ: کیچڑ۔ کائی۔ بالائی۔ غلیظ پانی۔ وسعت عیش۔ بھیڑ کا اون۔
أطْثَرَ. الشَّئَ: زیادہ کرنا۔

طَجَنَ :(ن) طَجْنًا وطَجَّنَ. الشَّیْءَ : بھونا۔
الطَّاجِن والطَّيْجَن :کڑاہی۔ج طَيَاجِن وطَوَاجِن (اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں)
المُطَجَّن :بھنا ہوا۔
طَحَرَتْ (ف) طَحْرًا. العَيْنُ قَذَاهَا : خس و خاشاک کو دور کرنا۔ نکال پھینکنا۔
صفت طَحُورَةٌ الرِّيحُ السَّحَابَ :ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔
طَحَرَ (ض) طَحْرًا وطَحِيرًا وطُحَارًا : آہ کرنا۔
الطَّحِير والطَّحَر :متفرق پتلے پتلے بادل۔
الطَّحْرَة والطِّحْرِيَة :بادل کا ٹکڑا۔
الطَّحُور :[illegible] کرنے والا۔
الطَّحُور والمِطْحَرُ [illegible] :دور پھینکنے والی کمان۔
الطُّحَار :سخت قسم کی پیچش جس میں آدمی آہ کرنے لگے۔
الطُّحْرُور :بدلی۔ج طَحَارِير.
الطَّحَارِير :بادل کے ٹکڑے۔
طَحْرَبَ :تیز دوڑنا......القِرْبَة :مشک بھرنا ...... گوز کرنا۔
الطِّحْرِب :کوڑا کرکٹ۔
الطَّحْرَبَة. مُثَلَّثَة :بادل یا کپڑے کا ایک ٹکڑا۔
طَحْطَحَة :توڑنا۔طَحْطَحَ القَوْمُ بِالقَوْمِ: متفرق کر دینا۔ہلاک کرنا......مَالَهُ : بکھیرنا۔طَحْطَحَ الرَّجُلُ: ہلکی ہلکی ہنسنا۔
تَطَحْطَحَ :ٹوٹنا۔متفرق ہونا۔ہلاک ہونا۔ بکھرنا۔
طَحَلَهُ :(ف) طَحْلاً: تلی پر مارنا۔طَحَلَ الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
طَحِلَ (س) طَحْلاً وطَحَلاً :تلی کا بڑھنا ......المَاءُ :پانی کا بدبودار ہونا۔
طُحِلَ طُحْلاً :تلی کی بیماری۔صفت مَطْحُول.
الطِّحَال :تلی۔ج أَطْحِلَة وطُحُل [illegible] وطِحَالاَتٌ.
الطُّحَال :مرض جو تلی کو لاحق ہو۔
الطُّحْلَة :خاکستری رنگ۔
الأَطْحَل :خاکستری رنگ والا۔مؤنث طَحْلاَء ج طُحْل.
الطَّحِل :بڑی تلی والا۔غضبناک۔بھرا ہوا۔ کیچڑ والا پانی۔
الطُّحُل. عِنْدَ العَامَّةِ :باریک تنکے اور فصیح لفظ حَفَا ہے۔
طَحْلَبَ. المَاءُ :کائی والا ہونا۔صفت مُطَحْلِب. مُطَحْلَب......الأَرْضُ :سرسبز ہونا۔الرَّجُلُ: قتل کرنا۔
الطَّحْلَبُ :شدید سبز رنگ کی بیل جس کے پتے اور ٹہنی ہوتی ہے لیکن تنا نہیں ہوتا دور دور تک پھیل جاتی ہے درختوں اور مکانوں پر عام چڑھ جاتی ہے۔
الطِّحْلِب والطُّحْلُب والطُّحْلَب :کائی۔ ایک ٹکڑا کائی کا۔
طَحْلَبَة :کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ طَحْلَبَة" یعنی اس کے اوپر بال نہیں۔
طَحَمَ (ف) طَحْمَةً. عَلَيْهِ: کودنا اور حملہ کرنا اور یہ استعمال عوام ہے اور ممکن ہے کہ یہ قَحَمَ: کی تحریف ہو۔
الطُّحْمَةُ. مُثَلَّثَة. مِنَ النَّاسِ :جماعت۔ مِنَ السَّيْلِ: سیلاب کا زور۔مِنَ اللَّيْلِ :بہت تاریکی (...... والطَّحْمَاء): ایک قسم کی سبزی۔
الطُّحَمَة :سخت جنگجو۔بہت اُونٹ۔
الطَّحُوم :تیز ہانکنے والا۔
المَطْحُوم :بھرا ہوا۔
طَحَنَ :(ف) طَحْنًا وطَحَّنَ. البُرَّ : گیہوں پیسنا......المَنِيَّةُ القَوْمَ: ہلاک کرنا۔
طَحَنَتِ الأَفْعَى :سانپ کا کنڈلی مارنا۔ صفت مِطْحَان.
تَطَحَّنَ: پیسنا۔
الطِّحْن والطَّحِين :پسا ہوا آٹا۔
المِطْحَنَة مؤنث [illegible] ج طَوَاحِن.
الطَّحَّان: پیسنے والا۔آٹے بیچنے والا۔
الطِّحَانَة :پسائی کا پیشہ۔
الطَّاحُون والطَّاحُونَة :چکی پیسنے کا مکان۔ ج طَوَاحِين.
الطَّحُون والطَّحَّانَة: لڑائی۔بڑا لشکر۔بہت اُونٹ۔
المِطْحَنَة :چکی۔ج مَطَاحِن.
المَطْحَنَة :پیسنے کا مکان۔ج مَطَاحِن.
طَحَا يَطْحُو طَحْوًا :بعید ہونا۔ہلاک ہونا۔ الشَّیْءَ: دفع کرنا ......بِالكُرَةِ: پھینکنا...... القَوْمُ :ایک دوسرے کو ہٹانا۔
طَحَا يَطْحَا طَحْوًا. الشَّیْءَ :پھیلانا۔دراز کرنا۔الشَّیْءُ: پھیلنا۔دراز ہونا......القَمَرُ: روشن ہونا......الرَّجُلُ :جانا۔کہا جاتا ہے "طَحَا بِهِ هَمُّهُ" یعنی اس کی ہمت اس کو ہر کام پر لے گئی۔پہلو پر لیٹنا۔طَحَا بِفُلاَنٍ شَحْمُهُ: موٹا ہونا۔
الطَّحَا :چوڑی زمین۔
الطَّاحِي :بلند۔پھیلنے والا۔بڑی جماعت۔
مَظَلَّةٌ طَاحِيَةٌ ومَطْحُوَّةٌ ومَطْحِيَّةٌ: بڑا سائبان۔
بَقْلَةٌ مُطْحِيَةٌ :زمین پر پھیلنے والی سبزی۔
طَحَى يَطْحَى طَحْيًا :پہلو پر لیٹنا۔
الطَّحْيَة :بادل کا ٹکڑا۔
طَخَّ :(ن) طَخًّا. الشَّیْءَ :پھینکنا اور دُور کرنا۔(طُخُوخًا): بد خلق ہونا۔
المِطَخَّة :ایک لکڑی جس سے بچے کھیلتے ہیں۔
طَخِشَ :(س) طَخَشًا. العَيْنُ: آنکھ کا بے نور ہونا۔
طَخْطَخَ. الشَّیْءَ :برابر کرنا۔ایک کو دوسرے سے ملانا......اللَّيْلَ: تاریک کرنا۔
تَطَخْطَخَ. اللَّيْلُ :تاریک ہونا ......السَّحَابُ :بادل گھر کر برابر ہونا۔
الطَّخْطَاخ گھرا ہوا بادل۔بد خلق۔
الطُّخَاطِخ :تاریکی۔

طَخِشَ: يَطْخَشُ: اَلْعَيْنُ: اندھیرا ہونا۔
طَخَمَ (ف) طَخْمًا وطَخُمَ (ک) طَخَامَةً: تکبر کرنا۔
اِطْخَمَّ. اللَّحْمُ: خشک ہوکر سیاہی مائل ہونا۔
الطُّخْمَةُ: بکریوں کا گلہ۔
الطُّخْمَةُ: ناک کے اگلے حصہ کی سیاہی۔
الاَطْخَم: جانور یا انسان کے ناک کا اگلا حصہ (.....والطَّخِيْم): خشک گوشت۔
طَخَا يَطْخُوا طَخْوًا وطُخُوًّا: اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔
الطَّخَاء: بلند بادل۔ دل کی گھبراہٹ۔
الطَّخْيَةُ والطِّخْيَةُ والطُّخْيَة: تاریکی۔ بادل کا ایک ٹکڑا۔ الطَّخْيَةُ: بے وقوف ج طَخْيُوْن.
الطخواء والطخياء. مِنَ اللَّيَالِي: تاریک راتیں۔
الطاخية: سخت تاریکی۔
طَرَّ (ن) طَرًّا. الماشية: جانوروں کو زور سے ہانکنا.....الابلَ: اونٹوں کو اطراف سے گھیرنا.....الشيءَ: کاٹنا.....الثوبَ: کپڑے کو پھاڑنا۔ الابلُ الجبالَ: اونٹوں کو پہاڑ کو طے کرنا۔ طَرَّ القَوْمَ: کسی قوم پر گزرنا..... السِّكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔ البُنْيَانَ: کسی عمارت کی مرمت کرنا۔ الحَوْضَ: حوض کو لیپنا..... المَالَ: مال چھیننا اور اسی سے ہے "طَرَّ عَقْلَهُ" فلانًا: طمانچہ مارنا۔ دھتکارنا۔
طَرَّ (ن ض) طَرًّا وطُرُوْرًا. الشَّارِبُ او النَّبَاتُ: مونچھ یا نباتات کا اُگنا۔ طَرَّتِ النُّجُوْمُ: ستاروں کا روشن ہونا..... يَدُهُ: زخم کی وجہ سے گر جانا۔ الرَّجُلُ مِنَ السَّطْحِ: گرنا۔
اَطَرَّهُ: گرانا۔ کاٹنا۔ دھتکارنا۔ اَطَرَّهُ عَلَى الاَمْرِ: برانگیختہ کرنا۔
طَرَّرَتِ الجَارِيَةُ: لڑکی کا اپنی زلفوں کو سنوارنا۔
الطُّرُّ: کنارہ ج اَطْرَارٌ کہا جاتا ہے "هُوَ يَحْمِيْ اَطْرَارَ البِلادِ" یعنی وہ اطراف بلاد کی حفاظت کرتا ہے۔ "وَجَاءُوْا طُرًّا" یعنی سب آئے۔
الطُّرَّةُ: کبر۔
الطُّرَّةُ: پیشانی۔ پیشانی کے بال۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ کنارہ۔ کتاب کا حاشیہ۔ نہر کا کنارہ۔ وادی کا کنارہ۔ بادل کا لمبا ٹکڑا۔ ج طُرَّات و طُرَر وطِرَار واَطْرَار اور اس لفظ کو اس علامت کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں جو شاہی فرامین وغیرہ میں لگایا جاتا ہے جس میں بادشاہ کا نام مع لقب کے ہوتا ہے اور صواب لفظ طُغراء ہے۔
غُلامٌ طَارٌّ او طَرِيْرٌ: جوان جس کی مسیں بھیگ گئی ہوں۔ سِنَانٌ طَرِيْرٌ: تیز نیزہ۔
المُطِرُّ: فا۔ غَضَبٌ مُطِرٌّ: بے موقع غضب۔
الطِّرْيَان: تشتری۔ طباق۔
المُطِرَّةُ: عادت۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ مُطِرَّةٌ حَسَنَةٌ" ان کی اچھی عادت ہے۔
طَرَأَ: (ف) طَرْأً وطُرُوْءًا. عَلَيْهِمْ: دور سے اور اچانک آجانا۔ کہا جاتا ہے "طَرَءَ عَلَيَّ هَمٌّ لا اُطِيْقُهُ" میرے اوپر ایسا غم آپڑا ہے جس کی مجھے طاقت نہیں۔
طَرُؤَ: (ک) طَرَاءَةً وطَرَاءً. النَّبَاتُ: تروتازہ ہونا۔ صفت طَرِيٌّ.
اَطْرَاهُ: حد سے زیادہ مدح کرنا۔
الطَّارِي: فا۔ اجنبی۔ مسافر۔ غیر اصلی۔ ج طُرَّاءٌ طُرَاةٌ.
الطَّارِئَةُ: مؤنث طَارِي: مصیبت۔ ج طَوَارِي وطَارِئَات اور طَارِيَّة: کو ان لوگوں پر بھی بولا جاتا ہے جو غیر ملکی ہوں اور کسی جگہ آباد ہو جائیں۔
الطُّرْآن: راستہ۔ امرِ منکر۔ غیر پسندیدہ بات۔ کہا جاتا ہے "حَمَامٌ طُرْآنِيٌّ" یعنی وہ کبوتر جو نہ معلوم کہاں سے آیا "كَلامٌ طُرْآنِيٌّ" جو کلام غیر پسندیدہ اور ادب و تہذیب سے گرا ہوا ہو۔
طُرَاءَةُ. السَّيْلِ: سیلاب کا زور۔
طَرِبَ: (س) طَرَبًا: خوشی یا غم سے جھومنا۔ صفت طَرِبٌ.
طَرَّبَ: گانا.....فِيْ صَوْتِهِ: سُر نکالنا..... عَنِ الطَّرِيْقِ: ہٹ جانا۔ طَرَّبَهُ واَطْرَبَهُ وتَطَرَّبَهُ: خوشی پر برانگیختہ کرنا۔
اِسْتَطْرَبَ: بہت خوش ہونا.....فلانًا: خوش ہونے کو کہنا.....الابِلَ: حُدِيَ: سے حرکت میں لانا۔
الطَّرُوْبُ والمِطْرَابُ والمِطْرَابَةُ: بہت زیادہ خوش۔
المَطْرَبُ والمَطْرَبَةُ: تنگ راستہ۔ ج مَطَارِب. المَطَارِبُ: متفرق راستے۔
الطِّرْبَالُ: ہر بلند عمارت۔ دور سے نظر آنے والا جھنڈا۔ بڑی چٹان پہاڑ کی جو فضا میں ہو ج طَرَابِيْل. طَرَابِيْلُ الشَّامِ: ملک شام کے گرجے۔
الطِّرْبِيْلُ: گانے کی مشین۔ ج طَرَابِيْل.
طَرَحَ: (ف) طَرْحًا. الشيءَ وبالشيءِ: پھینک دینا.....عَنْهُ: ڈال دینا اور دور کر دینا۔ کہا جاتا ہے "طَرَحَتِ النَّوَى بِفُلانٍ كُلَّ مَطْرَحٍ" یعنی فراق نے فلاں کو دور دور ڈال دیا۔ طَرَحَ الثَّوْبَ عَلَيْهِ: کسی چیز پر کپڑا ڈالنا۔ طَرَحَتِ الاُنْثَى: حمل گرانا۔ طَرَحَ الحَاسِبُ: حساب کرنے والے کا کسی بڑے عدد کو چھوڑ دینا.....عَلَيْهِ المَسْأَلَةَ: مسالہ پیش کرنا۔
طَرِحَ: (س) طَرَحًا: بدخلق ہونا۔ خوش عیش ہونا۔
طَرَّحَ. طرح کا مبالغہ۔ طَرَّحَ بِهِ السَّفَرُ اِلَى نَاحِيَةِ كَذَا: سفر نے اس کو فلاں گوشہ میں پھینک دیا۔ طَرَّحَ الاُنْثَى: حمل گروانا .....البِنَاءَ: عمارت کو بہت بلند کرنا۔
طَارَحَهُ مُطَارَحَةً. الكَلامَ او الشِّعْرَ و الغِنَاءَ: گفتگو یا شعر یا گانے میں مقابلہ کرنا۔
اِطَّرَحَهُ: پھینک دینا۔ دور کر دینا۔
تَطَارَحَ. القَوْمُ الكَلامَ والغِنَاءَ: ایک کا دوسرے سے کلام یا گانے میں مقابلہ

کرنا۔
الطِرح :ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔ حمل ناتمام۔
الطَرح والطَرُوح والطَرَاح :مکان بعید۔
الطَرُوح :لمبی شاخوں والا درخت خرماج طُرُوح۔
الطَرحَة :چادر سبز رنگ کی اور عوام کے نزدیک بمعنی اوڑھنی۔
الطَرِیح :ڈالا ہوا' پھینکا ہوا ج طَرحی۔
الطُرح :ڈالا ہوا' پھینکا ہوا۔
الأُطرُوحَة :سوال جو تم کسی کے سامنے پیش کرو۔
المَطرَح :ڈالنے کی جگہ۔ بچھانے کی جگہ۔ ج مَطَارِح۔ کہا جاتا ہے "مَا طَرَحَکَ هٰذَا المَطرَحَ" یعنی تمہیں اس میں کس نے ڈال دیا۔
طَرف مِطرَح :دوربین نگاہ۔ رُمحٌ مِطرَحٌ: لمبا نیزہ۔
المُطَرَّح :مقع۔ قَولٌ مُطَرَّحٌ: وہ قول جس کی طرف توجہ نہ کی جائے۔
الطَرخَان والطُرخَان :رئیس۔ ج طَرَاخِنَة۔
الطَرخُون :ایک قسم کی نباتات ہے جس کا ریشہ عاقر قرحا ہے۔
الطِرِیخ :ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔
اطرَخَمَّ. اللَیلُ :تاریک ہونا۔۔۔۔۔الرَجُلُ :نگاہ کمزور ہونا۔
طَرَدَهٗ (ن) طَرداً وطَرَداً :دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دھتکارنا۔۔۔۔۔ہ مِن بِلَادِہٖ :جلا وطن کرنا۔ طَرَدَ الإِبِلَ :ادھر سے ادھر سے جمع کر کے ہانکنا۔
طَرِدَ (س) طَرَداً :شکار کا پیچھا کرنا۔
طَرَّدَ السَوطَ :اُٹھانا۔ طَرَّدَهٗ عَنِ البَلَدِ :جلا وطن کرنا۔
طَارَدَ طِرَاداً ومُطَارَدَةً. الأَقرَانُ :ایک کا دوسرے کے اوپر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُم فُرسَانُ الطِرَادِ" وہ لوگ بخدا جنگ کے شہسوار ہیں۔

أَطرَدَهٗ :جلا وطن کرنے کا حکم دینا۔ جلا وطن کرنا۔
تَطَارَدَ. القَومُ :بعض کا بعض پر حملہ کرنا۔
اِنطَرَدَ :جلا وطن ہونا۔
اِطَّرَدَ :دور رہنا۔۔۔۔۔الأَمرُ :ایک دوسرے کے پیچھے ہونا اور درست ہونا۔۔۔۔۔الأَنهَارُ :جاری ہونا۔۔۔۔۔القَومُ إِلَی المِنبَرِ :پے در پے چلنا۔
اِستَطرَدَ لَهٗ :فریب دینے کے لئے شکست کو ظاہر کرنا۔ کلام کو اس طرح بیان کرنا کہ اس سے دوسرا کلام لازم آ جائے۔ اِستَطرَدَ إِلَیهِ الأَمرُ :پہنچنا۔
الطَرَد :کھجور کے پودے۔ ج طُرُود۔
الطَرَد :پانی جس میں جانور گھستے ہوں۔
الطِرَاد. طَرَّاد :کا مبالغہ۔ تیز رفتار جنگی جہاز۔ کشادہ مکان۔ لمبا دن۔
الطَرِید :دھتکارا ہوا۔ بھاگنے والا جو تمہارے بعد پیدا ہوا اور تم بھی اپنے بعد پیدا ہونے والے کا طرید کہلاؤ گے۔۔۔۔۔مِنَ الأَیَّامِ :لمبا دن۔ الطَرِیدَان :رات دن۔
الطَرِیدَة :بھگایا ہوا شکار۔ ریشم وغیرہ کا مستطیل ٹکڑا۔ چرایا ہوا اونٹ۔ تنور وغیرہ کے صاف کرنے کے لئے بھیگا ہوا چیتھڑا۔ ج طَرَائِد۔
الطِرَاد :کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَمشِي مَشیاً طِرَاداً" یعنی فلاں سیدھی چال چلتا ہے۔ چھوٹا نیزہ۔
المِطرَد :چھوٹا نیزہ۔ ج مَطَارِد۔
یَومٌ مُطَّرِد :لمبا دن۔
حُکمٌ مُطَّرِدٌ :عام حکم اور اسی سے ہے "قَاعِدَةٌ مُطَّرِدَةٌ"۔
المَطرَدَة والمِطرَدَة :وسط شاہراہ۔
المَطرَدَة :دھتکارنے کا سبب۔
طَرِزَ (س) طَرَزاً :بدخلقی کے بعد اچھا اخلاق ہونا۔۔۔۔۔فِي المَلبَسِ :لباس فاخرہ استعمال کرنا۔
طَرَزَهٗ :(ن) طَرزاً :گھونسہ مار کے ہٹانا۔

طَرَّزَ. الثَوبَ :بیل بوٹے بنانا۔
تَطَرَّزَ. الثَوبُ :بیل بوٹے والا ہونا۔ فِي لُبسِهٖ :لباس فاخرہ پہننا۔
الطَرز :ہیئت۔ طریقہ۔ ترتیب۔
الطِرَاز :کپڑے کا نقش و نگار۔ مقام جہاں کپڑے اچھے بُنے جائیں۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلٰی طِرَازِ ذَاکَ" یعنی یہ اس کے طریقہ پر ہے "لَیسَ هٰذَا مِن طِرَازِ ذَاکَ" یعنی یہ اس کے طریقہ پر ہے۔ "لَیسَ هٰذَا مِن طِرَازِ ذَاکَ" یعنی یہ تمہارے طور وطریقے پر نہیں۔ ج طُرُز۔
الطِرَازَة :بیل بوٹے بنانے کا پیشہ۔
الطَرَّازَة والمُطَرِّز :بیل بوٹے بنانے والا۔
طَرَسَ (ض) طَرساً. الشَيءَ :مٹانا۔۔۔۔۔الکِتَابَ :لکھنا۔
طَرَّسَ. الکِتَابَ :اچھی طرح مٹانا۔۔۔۔۔البَابَ :دروازہ کالا کرنا۔۔۔۔۔الکَاتِبُ :لکھے ہوئے پر لکھنا۔ طَرَّسَهٗ :فاسد کر دینا۔ بگاڑ دینا۔
تَطَرَّسَ فِي المَآکِلِ :عمدہ کھانے کھانا۔۔۔۔۔عَنِ الشَيءِ :پرہیز کرنا۔
الطِرس :صحیفہ کہ جس کو مٹا کر پھر لکھا جائے۔ ج أَطرَاس وطُرُوس۔
طَرِشَ (س) طَرَشاً :بہرا ہونا۔ صفت الأَطرَش مؤنث طَرشَاء ج طُرش۔
تَطَارَشَ :تکلف بہرا بننا۔
الطَرَش والطُرشَة :بہراپن۔
الأُطرُش والأُطرُوش :بہرا۔
طَرشَمَ. اللَیلُ :تاریک ہونا۔
طَرِطَ (س) طَرَطاً :بے وقوف ہونا۔ صفت طَرِط :ابروؤں پر کم بال والا۔ صفت۔
طَارِط. الحَاجِبَینِ وطَرِطُهُمَا وأَطرَطُهُمَا وأَطرَط مؤنث طَرطَاء. اِمرَأَةٌ طَرطَاءُ العَینَینِ :جس کی پلکوں پر کم بال ہوں۔
طَرطَرَ :شیخ بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔

طَرطُوْر : لمبا پتلا مرد۔ لمبی نوکدار ٹوپی اور طُرطُوْر : اہل لبنان وشام کے نزدیک عورتوں کے زیورات میں سے ایک زیور ہے جس کو سر پر استعمال کیا جاتا ہے اور بسا اوقات اسے طَنْطُوْرَة: بھی کہتے ہیں۔

طَرَفَهُ : (ض) طَرْفًا : طمانچہ مارنا۔ طَرَفَه عَنْهُ : واپس کرنا۔ باز رکھنا۔ طَرَفَ بَصَرَهُ اَوْ بِعَيْنِهِ : جھپکانا۔ عَيْنَه : آنکھ میں کوئی چیز لگانا جس سے پانی نکلے اور بند ہو جائے۔ صفت مَطْرُوْفَة۔ طَرَفَتْ عَيْنُه : نظر پھرانا...... فُلَانً : دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَتْ مِنْهُمْ عَيْنٌ تَطْرِفُ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا سب مرگئے یا قتل کئے گئے۔

طَرُفَ : (ک) طَرَافَةً : نیا مال ہونا۔

طَرَّفَهُ : ایک گوشہ میں کرنا۔ آنکھ میں کچھ پڑ جانا۔ طَرَّفَ الخَيْلَ : گھوڑوں کی اگلی قطار کو پیچھے کر دینا۔ بَنَانَه : پورے کو مہندی سے رنگنا...... الشَّيْءَ : پسند کرنا۔

اَطْرَفَ : نئی عمدہ چیز لانا۔ پلکوں کو بند کرنا۔ كَذَا بِكَذَا : لاحق کرنا...... ہ الشَّيْءَ : تحفہ دینا۔

تَطَرَّفَ : ایک کنارہ میں ہونا...... الشَّيْءُ : کنارہ پر ہونا۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا...... الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب کے قریب ہونا...... الشَّيْءَ : اطراف سے لینا۔ پسند کرنا...... عَلَيْهِمْ : غارت ڈالنا۔

اِطَّرَفَ. الشَّيْءَ : نئی چیز خریدنا۔

اِسْتَطْرَفَهُ : نیا سمجھنا...... الشَّيْءَ : نیا پانا۔ فائدہ لینا۔ پسند کرنا۔

الطَّرْفُ : آنکھ۔ کسی چیز کا کنارہ۔ ہر شے کا منتہیٰ۔ ج اَطْرَاف. الطَّرْف : شریف۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ بِطَرْفٍ خَفِيٍّ" یعنی خوف یا حیاء کی وجہ سے نیم باز آنکھوں سے دیکھا۔

الطِّرْف : نجیب الطرفین۔ ج اَطْرَاف : اصیل (گھوڑا وغیرہ) ج طُرُوْف واَطْرَاف : مؤنث طِرْفَة : نیا مال۔ مِنَ النَّبَاتِ : جو ابھی اپنے غلاف شگوفہ میں ہی ہو...... مِنَ النَّاسِ : جو بوجہ ملال طبع کسی کے ساتھ معاشرت پر قائم نہ رہے۔ ایسا حریص نگاہ کا کہ جس چیز کو دیکھے اس کے متعلق خواہش کرے کہ وہ اس کے پاس ہو۔ رَجُلٌ طِرْفٌ فِيْ نَسَبِه : نئی شرافت والا۔ اِمْرَاَةٌ طِرْفُ الْحَدِيْثِ : خوش کلام عورت۔

الطَّرَف : ہر شے کا منتہیٰ۔ گوشہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ شریف۔ ج اَطْرَاف جج اَطَارِيْف. اَطْرَافُ الْبَدَنِ : دونوں ہاتھ دونوں پیر اور سر۔ اَطْرَافُ النَّاسِ : ادنیٰ قسم کے لوگ۔ شرفاء اور خاندان شرفاء۔ اَطْرَافُ الرَّجُلِ : اقرباء۔

الطَّرِف : غیر مستقل۔ جو کسی ساتھی کی صحبت پر قائم نہ رہے۔ نئی شرافت والا۔

الطَّرْفَة : خون کا نقطہ جو آنکھ میں ہو جاتا ہے۔

الطُّرْفَة : ملیح بات۔ نئی عمدہ چیز۔ ج طُرَف.

الطَّرْفَاء : جھاؤ کا درخت۔

العُجّة: ایک قسم کا کھانا جو انڈا' آٹا اور گھی یا تیل سے تیار کیا جاتا ہے۔ خاگینہ۔
العَجاج: غبار۔ دھواں۔ بے وقوف۔ ادنیٰ لوگ۔ واحد العَجاجة۔
العَجاجة: غبار۔ بہت اُونٹ۔ کہا جاتا ہے "لَبَدَ عَجاجَتَهُ" یعنی جس کام میں تھا اس سے رک گیا "لَفَّ عَجاجَتَهُ عَلَيْهِمْ" یعنی غارت ڈالا۔
العَجّاج: چیخنے والا۔ چلانے والا۔ غبار کو اُڑانے والا۔ يَوْمٌ عَجّاجٌ: گرد و غبار کا دن۔
رِيحٌ مِعْجاجٌ: غبار اڑانے والی ہوا۔
عَجِبَ (س) عَجَبًا مِنَ الْأَمْرِ وَلَهُ: تعجب کرنا...... اِلَيْهِ: پسند کرنا۔
اَعْجَبَهُ وعَجَّبَهُ: تعجب میں ڈالنا۔ اُعْجِبَ بِالشَّيْءِ: خوش ہونا اور تعجب کرنا...... اُعْجِبَ بِنَفْسِهِ: غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَعْجَبَهُ بِرَأْيِهِ" وہ اپنی رائے پر مغرور (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ فعل تعجب مجہول سے بنایا گیا ہے۔)
تَعَجَّبَ واسْتَعْجَبَ مِنْهُ: تعجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعَجَّبَنِي فُلَانٌ" یعنی فلاں نے مجھ کو فریفتہ کر لیا اور فتنہ میں ڈال دیا۔
العَجْب: ہر شے کا پچھلا حصہ۔ دم کی جڑ۔ ج عُجُوب۔
العُجْب: فخر۔ غرور۔ خود بینی۔ پیش آمدہ چیز کا انکار۔
العَجَب: حیرانی۔ تعجب...... من اللّٰهِ: رضامندی ج اَعْجاب۔
العُجاب والعُجّاب والعَجِيب: جس پر تعجب کیا جائے۔ العُجّاب: تعجب کی حد سے متجاوز۔ مبالغہ کے لئے۔ عَجَبٌ عُجابٌ اور عَجَبٌ عَجَبٌ کہا جاتا ہے۔
العَجِيبَة: جس پر تعجب کیا جائے۔ ج عَجائِب۔
الاُعْجُوبَة: جس پر تعجب کیا جائے۔ ج اَعاجِيب۔
العَجْباء: عورت جس کی خوبصورتی یا بدصورتی پر تعجب کیا جائے...... مِنَ النِّياق: موٹی اُونٹنی۔
رَجُلٌ تِعْجابَة: صاحب عجائبات۔
التَعاجِيب: عجائبات۔ اس کا واحد نہیں۔
العَجْدَة: کوا۔ ج عَجَد۔
العَجَد والعُجُد: دانہ۔ انگور۔ دانہ خشک انگور۔
عَجَرَ: (ن) عَجْرًا. عُنُقَهُ: گردن موڑنا...... بِالسَّيْفِ: تلوار سے حملہ کرنا...... القاضِيَ عَلَيْهِ: قاضی کا تصرف سے روک دینا...... ه بِالعَصا: لاٹھی مارنے سے بدھی پڑنا...... الشَّيْءَ: پھاڑنا (عَجْرًا وعَجَرانًا وعاجَرَ): خوف سے جلدی گزرنا۔
عَجِرَ: (س) عَجَرًا: موٹا ہونا۔ بڑے پیٹ کا ہونا۔ صفت اَعْجَر...... الفَرَسُ: موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔
تَعَجَّرَ بَطْنُهُ: موٹاپے کی وجہ سے پیٹ میں سلوٹ پڑنا۔
اِعْتَجَرَ: عمامہ لپیٹنا۔ اِعْتَجَرَتِ المَرْأَةُ: اوڑھنی ڈالنا۔
العَجَر: اُبھار۔ مقدار جسم۔
العُجْرَة: گرہ (دھاگے یا لاٹھی یا بدن کی رگوں کی) کہا جاتا ہے "ذَكَرَ عُجَرَهُ وبُجَرَهُ" یعنی اس کے عیوب بیان کر دیئے یا اس کی ظاہر و پوشیدہ سب باتیں بیان کر دیں۔
العَجُّور: خربوزہ کی ایک قسم۔
الاَعْجَر: بڑے پیٹ والا۔ بہت بھرا ہوا کپڑا۔ مؤنث عَجْراء ج عُجْر. العَجْراء: گرہ دار لاٹھی۔
العَجّار: گوندھے ہوئے آٹے کا پیڑا کھانے والا۔
العَجاجِير: گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔
العُجْرُور: ہوا کی وجہ سے ریت میں دھاری ج عَجارِير۔
المِعْجَر: عورت کے سر پر باندھنے کا کپڑا۔ اوڑھنی۔ پگڑی۔
المُعْجَر: عمامہ بندھا ہوا۔
عَجْرَدَه: ننگا کرنا۔
تَعَجْرَدَ: ننگا ہونا۔ صفت مُتَعَجْرِد.
العَجْرَد: ہلکا پھلکا تیز۔ سخت۔ عضو تناسل۔
العَجارِد: عضو تناسل۔
العَجْرَد: دلاور۔ ننگا۔
العَنْجَرِد: بدزبان عورت۔
تَعَجْرَفَ: تکبر کرنا۔ سرکشی کرنا۔
العَجْرَفَة: تکبر۔ کلام میں اکڑپن۔ کہا جاتا ہے "فِي الجَمَلِ عَجْرَفَةٌ وعَجْرَفِيَّةٌ في المَشْيِ" یعنی اُونٹ چلنے میں لاپرواہ ہے۔
عَجارِفُ الدَّهْرِ وعَجارِيفُهُ: حوادث۔ سختیاں۔ عَجارِفُ المَطَرِ وعَجارِيفُهُ: بارش کی شدت۔
عَجْرَمَ الرَّجُلُ: تیز دوڑنا۔
العَجْرَم والعُجْرُم والعُجارِم: سخت آدمی۔
العُجْرُم: چھوٹے کانٹوں والا چھوٹے پتوں والا انڈوں کی طرح سیاہ چھوٹے پھلوں والا درخت۔
العَجْرَمَة: اُونٹوں کا گلہ سو (۱۰۰) کا یا دوسو (۲۰۰) کا یا پچاس سے سو (۱۰۰) تک کا۔
عَجَزَتْ وعَجُزَتْ: (ن ک) عُجُوزًا. المَرْأَةُ: عورت کا بڑھیا ہونا۔
عَجَزَ: (ض) وعَجِزَ: (س) عَجْزًا وعُجُوزًا وعَجَزانًا ومَعْجَزًا ومَعْجِزًا ومَعْجِزَةً ومَعْجَزَةً عَنْ كَذا: قادر نہ ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔ عاجز ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَجَزَ فُلانٌ عَنِ العَمَلِ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔ طاقت نہیں رکھتا۔ صفت عاجِزٌ ج عَواجِز وعَجَزَة.
عَجَّزَه: عاجز کرنا۔ عجز کی طرف منسوب کرنا۔ روک دینا...... المَرْأَةُ: عورت کا بڑھیا ہونا۔

اَعْجَزَهٗ: عاجز کر دینا۔ عاجز پانا۔ اَعْجَزَهٗ الشَّیْءُ: چیز کا قبضہ سے نکل جانا۔ اَعْجَزَ فِی الْکَلَامِ: اپنے مقصود کو بہترین اسلوب سے ادا کرنا۔

عَاجَزَهٗ مُعَاجَزَةً: مسابقت کرنا۔ عَاجَزَ الرَّجُلُ: عاجز ہونا۔

تَعَجَّزَ: عجز کا دعویٰ کرنا...... البَعِیْرَ: اُونٹ کے چوتڑ پر سوار ہونا۔

اِسْتَعْجَزَهٗ: عاجز پانا۔

العَجَز: تلوار (والعُجُز والعِجْز والعَجْز والعَجِز): پچھلا حصہ۔ سرین۔ عَجُزُ بَیْتِ الشِّعْرِ: مصرعہ ثانی ج اَعْجَاز. بِنَاتُ العَجُز: تیریں۔ اَعْجَاز النَخْل: درخت خرما کی جڑیں۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ اَعْجَازَ الاِبِلِ" یعنی ذلت اور مشقت میں مبتلا ہونا۔

رَجُلٌ عَجُزٌ وعَجِزٌ: عاجز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُجْزَةُ اَبِیْهِ وعِجْزَتُهٗ" یعنی وہ اپنے باپ کا آخری لڑکا ہے (مذکر و مؤنث واحد جمع سب کے لئے) "وُلِدَ بِعِجْزَةٍ" والدین کے بوڑھا ہونے پر پیدا ہوا۔

العِجَاز والعِجَازَة: پٹّا جس سے تلوار کے دستے کو باندھیں۔

العِجَازَة الاِعْجَازَة: گدی جس کو عورتیں سرین پر باندھتی ہیں تا کہ بڑے معلوم ہوں۔

العَجُوز: بڑھیا۔ ج عُجُز وعَجَائِز.

العَجُوز: شراب۔ مصیبت۔ کشتی۔ راستہ۔ ہانڈی۔ کمان۔ آگ۔ موت۔ کھجور کا درخت۔ اُونٹنی۔ سوئی۔ زمین۔ خرگوش۔ شیر۔ ہر چیز کا ہزار۔ کنواں۔ دریا۔ بہادر۔ گائے۔ سوداگر۔ ڈھال۔ توبہ۔ تیل۔ بھوکا۔ تیردان۔ بڑا پیالہ۔ بھوک۔ دوزخ۔ لڑائی۔ نیزہ۔ بخار۔ خیمہ۔ آفتاب کا ہالہ۔ عورت کی قمیص۔ دنیا۔ بھیڑیا۔ جھنڈا۔ گدھ۔ رعشہ۔ گھوڑی۔ آسمان۔ گھی۔ گرم ہوا۔ سال۔ آفتاب۔ خط۔ باٹ۔ صومعہ۔ بجو۔ گور۔ خر مادہ۔ بچھو۔ چاندی۔ قبلہ۔ مشک۔ دیگ۔ قیمت۔ لشکر۔ کعبہ۔ عورت۔ کتا۔ مشک۔ بادشاہ۔ دیگ کا پایہ۔ داہنا ہاتھ۔ تلوار کی دھار۔ عافیت۔ پرہیز گاری۔ قبضہ۔ تلوار کی میخ۔ ایام العجوز: جاڑے کے آخر میں سات دن سخت سردی کے جس کے چار دن فروری میں اور تین دن مارچ میں ہوتے ہیں اور عام لوگ ان کو "مُسْتَقْرَضَات" کہتے ہیں اور ان دنوں کے نام یہ ہیں صِنٌّ. صِنَّبْر. وَبْر. آمِرٌ. مؤتَمِرٌ مُعَلِّل. مُطْفِی الجَمْر یا مُکْفِی الظَّعْن.

(بہت سے شعراء نے اپنے قصائد میں معانی عجوز کے جمع کرنے کی کوشش کی ہے انہی قصیدوں میں سے ایک قصیدہ کتاب کے آخر میں لگایا گیا ہے۔

الاَعْجَز: بڑے سرین والا۔ کِیْسٌ اَعْجَزُ: بھری ہوئی تھیلی۔

العَاجِز: فا۔ ج عَوَاجِز. ثَوْبٌ عَاجِزٌ: تنگ کپڑا۔ اِمْرَاَةٌ عَاجِزٌ: عاجز عورت۔

العَجْزَاء: مؤنث اَعْجَز: ریت کا اونچا ٹیلہ۔

المِعْجَز: بڑا پیالہ۔

المِعْجَاز: راستہ۔ ہمیشہ عاجز رہنے والا۔

المُعْجِزَة: خارق عادت جس کو اللہ تعالیٰ کسی نبی کے ہاتھ سے ظاہر کر دے اور دوسرے اس سے عاجز ہوں۔ ج مُعْجِزَات.

المَعْجُوز: مفع۔ جس سے سوال میں اصرار کیا جائے۔

العَجِیْزَة: عورت کی سرین۔ کبھی مرد کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ ج عَجِیْزَات.

عَجَسَ: (ض) عَجْسًا. عَنْ حَاجَتِهٖ: باز رکھنا۔ عَجَسَ عَلَی الشَّیْءِ: کسی چیز کو مضبوطی سے پکڑنا۔

تَعَجَّسَ: پیچھے ہٹنا...... الاَمْرَ: کسی کام کے درپے ہونا۔ پیچھا کرنا...... بِالْقَوْمِ: دیر کرانا۔

تَعَجَّسَهٗ: راوی کو ضعیف سمجھنا۔ تَعَجَّسَهٗ عَنْ حَاجَتِهٖ: کسی کو اس کی ضرورت سے روکنا۔

العُجْسَة: رات کی تاریکی۔ رات کی ایک ساعت۔

العَجُوس: بوجھل بادل۔ لگاتار بارش۔

العَجَاسَاء: اُونٹوں کا بڑا گلہ۔

المَعْجِس: کمان کا قبضہ۔

عَجْعَجَ عَجْعَجَةً: بہت چیخنا۔

العَجْعَاج: بہت چیخنے والا...... مِنَ الخَیْل: اصیل گھوڑا۔ عمر رسیدہ گھوڑا۔

العَجْعَجَة: چیخ ج عَجَاج.

عَجَفَ: (ن) عُجُوْفًا: کھانا چھوڑ دینا۔

عَجَفَ: (ض) عَجْفًا وعُجُوْفًا وعَجَّفَ نَفْسَهٗ عَنِ الطَّعَامِ: باوجود بھوک کے دوسرے کو کھلانے کی غرض سے کھانے کو چھوڑ دینا...... نَفْسَهٗ عَلَی المَرِیْضِ: صبر سے تیمارداری کرنا۔ نَفْسَهٗ عَلٰی فُلَانٍ: گرانی کو برداشت کرنا اور مواخذہ نہ کرنا۔

عَجَفَ: (ن ض) واَعْجَفَ الدَّابَّةَ: جانور کو لاغر کرنا۔ اَعْجَفَ القَوْمُ: دبلے جانوروں کا مالک ہونا۔ عَجَفَ عَنْ فُلَانٍ: کسی سے دور ہونا۔ اَعْجَفَ بِنَفْسِهٖ عَلَی الْمَرِیْضِ: صبر سے تیمارداری کرنا۔

عَجِفَ: (س) وعَجُفَ: (ک) عَجَفًا: کمزور ہونا۔ دبلا ہونا۔ صفت مذکر عَجِفٌ واَعْجَف اور مؤنث عَجِفَةٌ وعَجْفَاء ج عِجَاف...... البِلَادُ: بارش نہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلُوْا فِیْ بِلَادٍ عِجَافٍ" غیر بارش شدہ شہروں میں اُترے۔

عَجَّفَ الرَّجُلُ: آسودگی سے کم کھانا...... نَفْسَهٗ عَنِ الطَّعَامِ: کھانا چھوڑ دینا۔

العِجَاف: اندرائن۔ زمانہ۔ جمع عَجْفَاء کی خلاف قیاس۔

التَعَجُّف: تنگی حالت۔

العَجِیْف: لاغر دبلا۔ ج عَجْفٰی.

عَجِلَ: (س) عَجَلاً وعَجَلَةً: جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَجِلَ بِهٖ اِلَیْهِ" اس نے ایک کام سے دوسرے کی طرف جلدی کی...... الاَمْرَ: دیر سمجھ کر دوسرا کام کر لینا۔

عَجَّلَ: جلدی کرنا...... هٗ: سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا...... لَهٗ مِنَ الثَّمَنِ کَذَا: پیش

کرنا۔ اللَّحْمَ: گوشت کو جلدی پکانا۔
اَعْجَلَهُ: سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ اَعْجَلَ الشَّيْئُ: جلدی کھانا۔ اَعْجَلَتِ النَّاقَةُ: ناقص بچہ گرا دینا۔
عَاجَلَه مُعَاجَلَةً. بِذَنْبِه: جلدی مواخذہ کرنا اور سزا دینا۔۔۔۔ ہ بِضَرْبَةٍ: مارنے میں سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَعَجَّلَ فِي الْأَمْرِ: جلدی کرنا۔۔۔۔ الأمْرَ: جلدی کام کرنا۔
اِسْتَعْجَلَه: برانگیختہ کرنا۔ جلدی کرنے کا حکم دینا۔ سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
اَلْعِجْل: بچھڑا۔ عُجُوْل وعِجْلَة وعِجَال
الْعِجْلَة: بچھیا' رہٹ۔ ج عِجَل وعِجَال.
الْعَجَل والعُجْلَة والعُجَالَة: جو جلدی کیا جائے۔ کھانا جو موجود ہو۔ مہمان کے لئے جو جلدی تیار کیا جائے۔
الْعَجَلَة: جلدی۔ ہلکا پن۔ گارا۔ کیچڑ۔ سامان لانے کی گاڑی۔ رہٹ۔ ج عَجَل وعِجَال واَعْجَال
العَاجِل والعَجِل والعَجُل: جلد باز۔
العَاجِلة: مؤنث عَاجِل۔ دنیا۔
العِجَّوْل: بچھڑا۔ ج عَجَاجِيْل.
العَجْلَان: مؤنث عَجْلَى: ج عَجَالَى وعُجَالَى وعِجَال والعَجُوْل ج عُجُل والعَجِيْل ج عِجَال: جلد باز۔
العَجُوْل والعَجَّال: بہت زیادہ جلد باز۔
العَجُوْل: موت۔ بچے کو کھونے والی۔ متحیر عورت۔
العُجَيْل: ناشتہ پانی جو مہمان کے سامنے جلدی سے پیش کیا جائے۔
العُجَيْلَة والعُجَيْلَى والعُجَّيْلَى: تیز چال۔ کہا جاتا ہے "سَارَا العُجَيْلَى" تیز چال چلا اور اس کا ضد هُوَيْنَا ہے۔
المِعْجَال: برانگیختہ کرنے والا۔ سبقت کرنے والا۔ ج مَعَاجِيْل. مَعَاجِيْل الطَّرِيْق: مختصر راستے اِمْرَاَةٌ مِعْجَال: وقت سے پہلے جننے والی عورت۔
طَرِيْقٌ مُسْتَعْجَلَة: مختصر راستہ۔ قریب کا راستہ۔
اَلْمِعْجَل: رفتار ماپنے کا آلہ۔
عَجَمَ (ن) عَجْمًا وعُجُوْمًا. العُوْدَ: دانت سے کاٹ کر لکڑی کی نرمی سختی معلوم کرنا۔۔۔۔ السَّيْفَ: تجربے کے لئے تلوار کو حرکت دینا۔۔۔۔ الشَّيْئَ: امتحان کرنا۔ آزمائش کرنا۔ صفت عَاجِم: ج عُجَّم (عَجْمًا) الكِتَابَ او الحَرْفَ: نقطہ لگانا۔۔۔۔ الكِتَابَ: حروف پر اچھی طرح وقف نہ کرنا۔ عَجَمَتْهُ الاُمُوْرُ: عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَجَمَتْهُ عَيْنِي مُنْذُ كَذَا" میری آنکھوں نے اس کو فلاں وقت سے نہیں دیکھا ہے۔ "رَاَيْتُ فُلَانًا فَجَعَلَتْ عَيْنِي تَعْجُمُهُ كَاَنَّهَا تَعْرِفُهُ وعَجَمَ عُوْدَ فُلَانٍ" یعنی اس کی آزمائش کی اور اس کے حال کی تحقیق کی۔
اَعْجَمَ وعَجَّمَ الكِتَابَ: اعراب نہ لگانا۔ نقطہ اور حرکات لگا کر یا تفسیر کر کے ابہام کو دور کرنا۔ اَعْجَمَ البَابَ: دروازے میں تالا لگانا۔ الكَلَامَ: عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
عَجُمَ (ک) عُجْمَةً: لکنت ہونا۔ صفت اَعْجَم: مؤنث عَجْمَاءُ. ج عُجْم.
عَاجَمَهُ: تجربہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَاجَمْتُ الاُمُوْرَ وعَاجَمَتْنِي" میں نے اُمور کی آزمائش کی اور اُمور نے میری۔
تَعَاجَمَ. القَوْمُ: کنایہ کرنا۔ توریہ کرنا۔
الرَّجُلُ: اجنبی ہونا۔ عجمی ظاہر کرنا۔
اِنْعَجَمَ. عَلَيْهِ الكَلَامُ: دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔
اِسْتَعْجَمَ: عجز سے ساکت ہونا۔
۔۔۔۔ القِرَاءَة: پڑھنے میں قادر نہ ہونا
۔۔۔۔ عَلَيْهِ الكَلَامُ: کلام کا دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔
العَجَم والعُجْم: دُم کی جڑ۔
العَجَم: ملک فارس و فارسی لوگ (۔۔۔۔ والعُجْم): غیر عرب۔
العَجَمُ والعُجَام: چھوہارے کی گٹھلی۔ گٹھلی۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِهٰذَا الرُّمَّان
عَجَم" واحد عَجَمَة وعُجَامَة.
العَجَمَة: کھجور کا درخت۔
العَجْمَة: اسم مرۃ۔ سخت چٹان۔ ج عَجَمَات.
العُجْمَة والعَجْمَة: ابہام۔ کھول کر نہ بیان کرنا۔ ریت کا تودہ۔
الاَعْجَم: غیر عربی اگرچہ عجمی زبان فصیح بولتا ہو۔ جو صاف کھول کر نہ بیان کرے اگرچہ عربی ہو۔ گونگا۔ ج اَعْجَمُوْن. اَعَاجِم.
العَجْمَاء: مؤنث اَعْجَم: چوپایہ ج عَجْمَاوَات: ریت کا ٹیلہ جس میں درخت نہ ہو۔
الاَعْجَام: غیر عرب۔
العِجَّام: بڑی چمگادڑ۔
الاَعْجَمِي والعَجَمِي: غیر عرب۔ جو عجم کی جانب منسوب ہو۔
العَوَاجِم: دانت۔ مفرد عَاجِمَة.
رَجُلٌ صُلْبُ المَعْجَمِ: آزمائش کے وقت سخت۔
المُعْجَم: مفع۔ مصدر میمی۔ حروف تہجی کا باب
مُعْجَم: بند دروازہ۔ لغت کی کتاب کو بھی مُعْجَم: کہتے ہیں۔
عَجَنَ: (ن ض) عَجْنًا. الدَّقِيْقَ: آٹا گوندھنا۔ عَلَى العَصَا: لاٹھی پر ٹیک لگانا
۔۔۔۔ الرَّجُلُ: دونوں ہاتھوں کا ٹیک لگا کر اٹھنا۔ صفت عَاجِن ج عُجْن: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَجَنَ وخَبَزَ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔
اِعْجَنَ. الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔
اِعْتَجَنَ. الدَّقِيْقَ: آٹا گوندھنا۔۔۔۔ فُلَانٌ: خمیر بنانا۔
تَعَجَّنَ. الشَّيْئُ: گندھ جانا۔ خمیر ہونا۔
العَجَن. مِنَ الجِمَالِ: موٹا اونٹ۔
العَجْنَاء: کم دودھ والی اونٹنی۔ بہت موٹی اونٹنی۔
العَجِيْن: گندھا ہوا آٹا۔ خمیرا۔ ج عُجُن
العُجُن: ڈھیلے ڈھالے بدن کے عورت عورت۔

العَجِینَۃ : گندھے ہوئے آٹے کا ایک پیڑا۔ بھولا۔ بے وقوف۔ جماعت۔ اُمُّ عَجِینَۃ : گدھ۔
العِجَان : گردن۔ سرین۔ ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ۔ خصیتین اور دبر کا درمیانی حصہ۔ ج عُجُن واَعجِنَۃ.
العَجَّان : بہت آٹا گوندھنے والا بے وقوف۔
عَاجِنَۃُ المَکَان : مکان کا وسط حصہ۔
المِعجَن والمِعجَنَۃ : آٹا گوندھنے کا برتن۔
عَجَّنَ بَینَهُمَا : جدائی کرا دینا۔
تَعَجَّنَ : جاہل بننا...... الاَمرُ : ملتبس ہونا۔
العُجَاهِن : سپی۔ جو خالص النسب نہ ہو۔ خادم۔ باورچی۔ ج عَجَاهِنَۃ.
عَجَا یَعجُو عَجوًا البَعِیرُ : اونٹ کا بلبلانا اور سرکش ہونا۔ عَجَتِ الاُمُّ الوَلَدَ : ماں کا بچے کو وقت رضاعت کے بعد دودھ پلانا۔ دودھ پلانا۔ فُلاَنٌ فَاهُ : منہ کھولنا۔ عَجَاه اللَّبَنَ : دودھ کا غذا ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَقِیَ فُلاَنٌ مَا عَجَاهُ" یعنی سختی میں مبتلا ہوا (...... وعَاجَی) الوَلَدَ : ماں کے علاوہ کسی دوسرے کا دودھ پلانا یا دودھ روک دینا اور غذا دینا۔
عَجَّا وعَجَّیٰ. وَجهَهٗ : منہ ٹیڑھا کرنا۔
عَجِیَ (س) عَجًی الصَّبِیُّ : دودھ کے علاوہ کسی دوسری چیز سے پرورش پانا۔
العَجِیُّ : ماں کو کھونے والا۔ دوسرے کے دودھ سے پرورش پانے والا۔ مؤنث عَجِیَّۃ ج عَجَایَا.
العَجِیُّ : بچہ کہ جس کی ماں نے وقت کے بعد دودھ پلایا ہو۔ بچہ کہ جس نے دوسرے کے دودھ سے پرورش پائی ہو۔ مؤنث عُجِیَّۃ ج عُجَایَا وعَجَایَا.
العَجوَۃ والعُجَاوَۃ : عمدہ قسم کی کھجور۔
العُجَاوَۃ والعِجَاوَۃ والعُجوَۃ : دودھ جو کہ یتیم کو پلائیں۔
عَجَت تَعجِی عَجیًا. المَرأَۃُ صَبِیَّهَا : عورت کا بچے کو دودھ پلانا۔
العَجَایَۃ والعُجَایَۃ : عمدہ قسم کی کھجور۔ جانور کے بندوبست کا محتاج عُجِیٌّ وعُجِیٌّ وعَجَایَا.

عَدَّ : (ن) عَدًّا وتَعدَادًا الشَّیءَ : شمار کرنا۔ گننا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَدَدتُ زَیدًا صَادِقًا" زید کو میں نے سچا گمان کیا۔
عَدَّدَ. المَیِّتَ : خوبیاں شمار کرنا۔ خوبیاں بیان کرنا...... الشَّیءَ : شمار کرنا۔ عدد والا کر دینا...... المَالَ : زمانے کے لئے ساز و سامان بنانا۔
اَعَدَّهٗ لِاَمرٍ : تیار کرنا۔ حاضر کرنا۔
عَادَّهٗ عِدَادًا ومُعَادَّۃً : لڑائی میں مقابلہ کرنا ...... الشَّیءَ القَومَ : چیز کا قوم پر برابر برابر تقسیم ہونا۔
تَعَدَّدَ وتَعَادَّ : عدد میں زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُم یَتَعَدَّدُونَ ویَتَعَادُّونَ عَلَی الاَلفِ" یعنی وہ ہزار سے زائد ہیں۔
اِعتَدَّ : شمار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَیءٌ لاَ یُعتَدُّ بِهٖ" یعنی یہ ایسی چیز ہے جس کا اعتبار نہیں کیا جاتا اور اس کی طرف التفات نہیں کیا جاتا۔ "اِعتَدَّ الاَمرُ تِجَارَۃً" یعنی تجارت کا گمان کیا۔ عوام کہتے ہیں "اِعتَدَّ بِنَفسِهٖ" یعنی اپنے نفس پر اعتماد کیا۔
اِستَعَدَّ. لِلاَمرِ : تیار ہونا۔
عدد صحیح زیرو سے لے کر تمام گنتی مثبت و منفی مثلاً...... ۳، ۲، ۱، ۰۔
اَلعَدَادُ الزَّوجُ اَوِ المُزدَوِجُ : جو ۲ کے علاوہ پر تقسیم نہ ہو جیسے ۴، ۱۲۔ المفرد : زوج کا الٹ جو دو پر تقسیم نہ ہو جیسے ۳، ۵۔ اَلعَدَدُ الاُولَی اَوِ الاَوَّلُ اَوِ الاَصلِیُّ : جو اپنے آپ پر یا ایک پر تقسیم ہو۔
اَلعَدَدُ الکَسرِی اَوِ الکَسر : جو ایک کا ایک جز یا کئی جز ہوں جیسے ۲ / ۱، ۴ / ۷۔
اَلعَدَدُ المُوجِب : جس کی طرف + (جمع) کا اشارہ ہو۔
والعدد السالب : جس کی طرف (-) نفی کا اشارہ ہو۔
اَلعَدَدُ التَّخَیُّلِی اَوِ الوَهمِی : فرضی [illegible] کے لئے۔
اَلعَدَدَانِ المُتَقَابِلاَنِ : دو عدد جن کی حسابی قیمت ایک ہو اور ان کا اشارہ مختلف ہو جیسے +5، --5۔
اَلعَدَدَان الاَوَّلِیَانِ فِیمَا بَینَهُمَا : وہ دو عدد جن کو تقسیم کرنے والا مشترک صحیح عدد نہ ہو جیسے ۴، ۹۔ اَلاَعدَادُ المُتَبَایِنَۃ عند العرب : جن کو اکٹھے کوئی کسر یا عدد صحیح شمار نہ کرے دیگر صورت میں اعداد مشترکہ ہوں گے۔
اَلاَعدَادُ الجَبرِیَّۃ اَوِ المُوَجَّهَۃ : وہ اعداد جن کی طرف اشارہ (+) یا (-) ہو اور اس کے ساتھ صفر ملا ہو۔
العَدَد : شمار۔ گنتی۔ گنا ہوا...... مِنَ الاِنسَانِ : آدمی کی عمر کے سال۔ ج اَعدَاد.
العِدَاد : عطاء...... دیوانگی کا اثر۔ ہمسر۔ حریف۔ موت کا وقت۔ پیشی کا دن۔ کمان کی آواز۔ شمار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِی عِدَادِهِم" یعنی منجملہ ان کے ہے (...... والعِدَاد) مِنَ الوَجعِ : وقت مقررہ پر درد کا بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "بِهٖ مَرَضٌ عِدَاد" اس کا مرض وقت مقررہ پر عود کرتا ہے۔
اَلعَدَّادُ : گاڑیوں کے چلنے کی مسافت کو معلوم کرنے کا میٹر یا استعمال شدہ بجلی کو یا استعمال شدہ پانی کو پیمائش کرنے کا میٹر۔
العِدُّ : جاری پانی جو منقطع نہ ہو۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا بَرَضٌ مِنَ عِدٍّ" یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔ پرانا۔ کنواں۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عِدُّکَ" وہ تمہارا ہمسر ہے۔ ج اَعدَاد.
العِدَّۃ : جماعت۔ چند۔ تعداد۔ کہا جاتا ہے "عِندِی عِدَّۃُ کُتُبٍ" میرے پاس کتابوں کا ایک ڈھیر ہے۔ "عِدَّۃُ المَرأَۃ" عورت کے طلاق یا شوہر کی وفات پر سوگ کا زمانہ۔ ج عِدَد.
العُدَّۃ : تیاری۔ کہا جاتا ہے "کُونُوا عَلَی عُدَّۃٍ" تیار رہو۔ سامانِ حرب وغیرہ۔ کہا جاتا

ہے "اَخذَ لِلاَمرِ عُدَّتَہ" معاملے کے لئے سامان کو لے لیا ج عُدَدٌ (...... والعُدُّ) : مہاسے۔ پھنسیاں جو چہرے پر نکلتی ہیں۔
العَدّان والعِدّان: کسی چیز کا زمانہ و موسم یا زمانے کا اول و بہتر۔ کہا جاتا ہے "کَانَ ذٰلِکَ فِیْ عَدَّانَ الشَّبَابِ وعَلٰی عِدَّانِ مِلْکِہٖ" ج عَدَادِیْن.
العَدَدِیّ: عدد کی جانب منسوب۔ جو چیز شمار سے بیچی جائے۔
العَدِیْد: شمار۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "مَا اَکْثَرَ عَدِیْدَھُمْ" ان کا شمار کس قدر کثیر ہے۔ شمار کیا ہوا۔ ہمسر۔ ہم مثل۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہٖ الدَّرَاھِمُ عَدِیْدُ ھٰذِہٖ" یعنی یہ دراہم اس کے مقدار میں ہیں۔ العَدِیْدُ مِنَ القَوْمِ: جو قوم میں شمار کیا جائے اَیَّامٌ عَدِیْدَۃٌ: چند دن ج عَدَائِد العَدَائِد: بہت سے ہم مثل۔ تقسیم شدہ مال۔ میراث۔
العَدِیْدَۃ: حصہ۔
المُعِدّ: فا۔ پورے سامان والا۔
عَدَرَ: (ن) عَدْرًا و عُدْرَۃً: جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔
عَدِرَ: (س) عَدَرًا و اِعْتَدَرَ المَکَانُ: پانی زیادہ ہونا۔ اِعْتَدَرَ المَطَرُ: بکثرت برسنا۔
العَادِر: فا۔ جھوٹا۔ پھسلنے والا۔
العَدَّار: ملاح۔
العَدْر و العُدَر: موسلا دھار کثیر بارش۔
عَدَسَہٗ: (ض) عَدْسًا: خدمت کرنا۔
عَدَسَ المَوَاشِی: جانوروں کو چرانا ...... الشَّیْءُ: سخت روندنا (...... عَدْسًا و عَدَسَانًا و عِدَاسًا و عُدُوْسًا) فِیْ الاَرْضِ: جانا۔ کہا جاتا ہے "عَدَسَتْ بِہٖ المَنِیَّۃُ" موت اس کو لے گئی۔
عُدِسَ: پھنسیوں والا ہونا۔ صفت مَعْدُوْسٌ.
عَادَسَ الرَّجُلُ: ہمیشہ سفر میں رہنا۔
العَدَس: مسور۔ واحد عَدَسَۃٌ العَدَسَۃ: پھنسی۔ العَدَسَۃ و العَدَسِیَّۃ عِنْدَ عُلَمَاءِ الطَّبِیْعَۃِ: شیشے کے ٹکڑے جو بطور آلات نظر کے استعمال کئے جاتے ہیں۔
عَدَسْ: خچر ہانکنے کے لئے اسم صوت۔ نام خچر۔
عَدَفَ: (ض) عَدْفًا و تَعَدَّفَ: تھوڑا کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَدَفْتُ او مَا تَعَدَّفْتُ الیَوْمَ" یعنی آج میں نے تھوڑا بھی نہیں کھایا۔ چہ جائیکہ کثیر۔
اِعْتَدَفَ الثَّوْبَ: کپڑے کا ٹکڑا لینا۔
العَدْف: تھوڑا عطیہ۔ تھوڑا چارہ۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْنَا عَدْفًا و عَدَفًا و عُدَافًا و عُدُوْفًا و عُدُوْفَۃً" ہم نے کھانے پانی سے کچھ بھی نہیں چکھا۔
العُدُوْف: تھوڑا چارہ۔ ج عُدُف.
العِدْف: لوگوں کی جماعت۔ رات کا ایک حصہ۔
العِدْفَۃ: لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا دس سے پچاس تک (...... والعَدَفَۃ): زمین کے اندر درخت کی جڑ۔ ج عَدَف.
العَیْدَف: ہر چیز کا ٹکڑا۔
عَدَقَ: (ض) عَدْقًا و عَدِقَ (س) عَدَقًا و عَدَّقَ و اَعْدَقَ یَدَھَا: حوض یا کوئیں کے کنارے میں کسی چیز کی تلاش کرنے کے لئے ہاتھ ڈالنا ...... بِظَنِّہٖ: کسی کام کو اپنی غالب رائے سے کرنا کہ اس کا یقین نہ ہو۔
العَدَقَۃ: ڈول نکالنے کا سہ شاخہ کانٹا ج عُدُق.
العَوْدَق و العَوْدَقَۃ: ڈول نکالنے کا سہ شاخہ کانٹا ج عَدَق.
عَدَکَ: (ن) عَدْکًا الصُّوْفَ: اون دھننے کے لئے ڈنڈے سے مارنا۔
المِعْدَکَۃ: اون دھننے کا ڈنڈا۔
عَدَلَ: (ض) عَدْلاً السَّھْمَ: تیر کو سیدھا کرنا۔ فُلانًا بِفُلانٍ: برابری کرنا۔ بِرَبِّہٖ: شرک کرنا۔ الطَّرِیْقُ: ٹیڑھا ہونا۔ (...... عَدْلاً و عُدُوْلاً) اِلَیْہِ: رجوع کرنا۔ واپس ہونا فُلانًا: موازنہ کرنا۔ ہٗ فِی المَحْمَلِ: ساتھ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَعْدِلُکَ عِنْدِیْ شَیْءٌ" تمہارے مشابہ کوئی چیز نہیں (...... عَدْلاً و عَدَالَۃً و عُدُوْلَۃً و مَعْدَلَۃً و مَعْدِلَۃً): انصاف کرنا۔ صفت عادل ج عُدُوْل.
عَدُلَ: (ک) عَدَالَۃً: عادل ہونا۔ گواہی کے قابل ہونا۔
عَدِلَ: (س) عَدَلاً: ظلم کرنا۔
عَدَّلَ الشَّاھِدَ: معتبر جاننا۔ الشِّعْرَ: شعر درست وزن پر کہنا۔ المَتَاعَ: سامان کو دو حصوں میں برابر کرنا۔ دو گٹھری بنانا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ حتی عدَّل" یعنی اس قدر پیا کہ اس کا پیٹ مانند گٹھری کے ہو گیا (و اَعْدَلَ) الشَّیْءَ: سیدھا کرنا۔ ہموار کرنا۔
عَادَلَہٗ عِدَالاً و مُعَادَلَۃً: موازنہ کرنا۔ ہٗ فِی المَحْمِلِ: ساتھ سوار ہونا۔ الشَّیْءُ: ٹیڑھا ہونا۔ فِی الاَمْرِ: متردد ہونا۔ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: برابری کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَادَلَ بَیْنَ الاَمْرَیْنِ" جب کہ دو امر پیش آئیں اور یہ سمجھ میں نہ آئے کہ کون سا اختیار کرے "قَطَعَ العِدَالَ فِیْ اَمْرِہٖ" یعنی پختہ ارادہ کر لیا۔
اِنْعَدَلَ عَنِ الطَّرِیْقِ: ہٹ جانا۔
اِعْتَدَلَ: سیدھا ہونا۔ دو حالتوں میں توسط اختیار کرنا۔
العَادِل: فا۔ مشرک۔ ج عُدُوْل.
العَدْل: انصاف۔ عادل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَدْلٌ و امْرَاَۃٌ عَدْلٌ و عَدْلَۃٌ و رِجَالٌ عَدْلٌ" نظیر۔ مثال۔ ج اَعْدَال.
العَدْل: پیمانہ۔ بدلہ۔ اُمور میں توسط۔ برابری۔ اَمر متوسط۔ سیدھا ہونا۔
العِدْل: نظیر و مثل۔ قیمت۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَ عِدْلِہٖ کَذَا و کَذَا" یعنی اس کی اتنی قیمت لو۔ گون۔ جانور کی پیٹھ پر ایک طرف کا بوجھ۔ ج عُدُوْل و اَعْدَال.
العَدَل: دو گونوں کی برابری۔
العَدَلَۃ و العُدَلَۃ: معتبر گواہان اور بقول بعض عَدَلَۃ واحد ہے اور عَدَلَۃ جمع۔
العَدِل. العَادِل.

العَدِيْل: نظیر۔مثل۔ردیف۔ج عُدَلاَء۔
الاِعْتِدَال: برابری۔تناسب۔الاعتدالُ الرَّبِيْعِي: موسم ربیع میں رات دن کا برابر ہونا۔الاعتدال الخریفی: موسم خریف میں رات دن کا برابر ہونا۔
المَعْدِل والمَعْدُوْل: پھرنے کی جگہ۔کہا جاتا ہے "مَالَهُ مَعْدِلٌ او مَعْدُوْلٌ عَنْ كَذَا" یعنی اس کے لئے فلاں چیز سے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔"اَخَذَ مَعْدِلَ البَاطِلِ" یعنی اس نے باطل کا طریقہ اختیار کیا۔
مُعَدَّلاَتُ البَيْتِ: گھر کے گوشے۔
عَدِمَ: (س) عُدْمًا وعَدَمًا المَالَ: گم کرنا۔نیست کرنا۔کم کرنا۔کہا جاتا ہے "مَا يَعْدَمُنِي هٰذَا الاَمْرُ" یہ امر مجھ سے تجاوز نہیں کرتا۔
عَدُمَ: (ک) عَدَامَةً: بے وقوف ہونا۔
اَعْدَمَ اِعْدَامًا. الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔صفت مُعْدِم وعَدِيْم۔۔۔۔ہ الشَّيْئَ: محروم کردینا۔
اَعْدَمَنِي الشَّيْئُ: نہ پانا۔اَعْدَمَ فُلاَنًا: منع کرنا۔
العَدَم والعُدْم والعُدُم: فقدان۔العَدَم: نیستی۔
العَدِم: فقیر محتاج۔
العَدِيْم: بے وقوف۔دیوانہ۔فقیر۔غیر موجود کہا جاتا ہے "هُوَ عديم النظير" اس کے ہم مثل کوئی نہیں۔ج عُدَمَاء۔
ارض عَدْمَاء: ویران زمین۔
المَعْدُوْم: منع۔ضد وجود۔
عَدَنَ: (ض) عَدْنًا الارض: زمین میں کھاد ڈالنا۔
الحجر: اُکھیڑنا۔
عَدَنَ: (ن ض) عَدْنًا وعُدُوْنًا. بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔البَلَدَ: وطن بنالینا۔اسی سے ہے "جَنَّاتُ عَدْنٍ"۔
عَدَّنَ الارضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
الاَرْضَ: زمین کھودنا۔الشَّارِبُ: پینے والے کا آسودہ ہونا۔

عَدَن: یمن میں ایک شہر کا نام۔
العَدَنِي: عدن کی جانب منسوب۔اچھے اخلاق والا۔
جَنَّةُ عَدْنٍ: بہشت کا نام۔
العَدَان: سمندر کا کنارہ۔دریا کا کنارہ۔
العَدَانَة: جماعت۔ج عَدَانَات کہا جاتا ہے "اَتَانَا عَدَانَات" ہمارے پاس مختلف جماعتیں آگئیں۔
العَدِيْنَة: ڈول کا پیوند۔
العَيْدَانَة: کھجور کا لمبا درخت۔ج عَيْدَان۔
المَعْدِن: کان سونے چاندی وغیرہ کی۔ہر چیز کا مکان جس میں اس کا اصل ومرکز ہو۔گرمی سردی میں رہائش کی جگہ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ مَعْدِنُ الخَيْرِ" فلاں خیر کا اصل ومرکز ہے۔ج مَعَادِن۔
المِعْدَن: ہتھوڑا۔وہ آلہ جس سے پتھر نکالے جائیں اور توڑے جائیں۔
المُعَدِّن: فا۔کان کن۔کان سے چاندی سونا نکالنے والا۔
التَّعْدِيْن: کان کنی اور اس کی تحقیق ومعلومات کا علم۔
عَدَ يَعْدُوْا عَدْوًا وعَدَوَانًا وعُدُوًّا وتَعْدَاءً وعَدَا: دوڑنا۔۔۔۔عَدْوًا وعُدْوَانًا فُلاَنًا عَنِ الاَمْرِ: کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا۔
عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔الاَمْرَ وعَنِ الاَمْرِ: چھوڑ دینا۔کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَه او قَدْرَه" اس نے اپنے مرتبہ سے تجاوز کیا۔۔۔۔عَدْوًا وعُدُوًّا وعَدَاءً وعُدْوَانًا وعِدْوَانًا وعُدْوَى) عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔کہا جاتا ہے "مَا عَدَا مِمَّا بَدَا"۔
عَدَا: مصدریہ کے ساتھ یا بغیر ما کلمۂ استثناء ہے اور یہ تمام احکام میں خلا کے مانند ہے۔تم کہتے ہو "جَاءَ القَوْمُ عَدَا زَيْدًا وعَدَا زَيْدٍ" نصب اور جر کے ساتھ اور "مَا عَدَا زَيْدًا": صرف نصب ہی کے ساتھ۔
عَدِيَ يَعْدَى عَدًا لِفُلاَنٍ: بغض رکھنا۔
عُدِيَ عَلَى فُلاَنٍ: ظلم کیا جانا۔ مال کا چوری

کیا جانا۔
عَدَّى عَنِ الاَمْرِ: چھوڑ دینا۔کہا جاتا ہے "عَدِّ عَمَّا تَرَى" اپنی نگاہ پھیرلو۔۔۔۔فُلاَنًا عَنِ الاَمْرِ: کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا۔۔۔۔الشَّيْئَ: نافذ کرنا۔۔۔۔الفِعْلَ: لازم فعل کو متعدی بنانا۔
عَادَى عِدَاءً ومُعَادَاةً فُلاَنًا: جھگڑا کرنا۔دشمن ہونا۔۔۔۔بَيْنَ الصَّيْدَيْنِ: ایک دوڑ میں دو شکار مارنا۔۔۔۔الشَّيْئَ: دور کرنا۔
اَعْدَى. الرَّجُلَ: دوڑنے کے لئے اکسانا۔۔۔۔فُلاَنًا عَلَى فُلاَنٍ: مدد کرنا۔تقویت پہنچانا۔الاَمْرَ: معاملہ کی جانب دوسرے کو بڑھانا۔
اَعْدَاه شَرًّا: شر پہنچانا۔۔۔۔ہ مِنْ عِلَّةٍ او خُلُقٍ: بیماری لگا دینا یا عادی بنانا۔کہا جاتا ہے "قَرِيْنُ السُّوْءِ يُعْدِيْ قَرِيْنَهُ" برا ہم نشین اپنے ساتھی کو بھی برا بنا دیتا ہے۔"اَعْدَى عَلَيْهِ" ظلم کرنا۔۔۔۔فِي كَلاَمِهِ: زیادتی کرنا۔
تَعَدَّى الشَّيْئَ: تجاوز کرنا۔۔۔۔عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔۔۔۔الفِعْلُ: متعدی ہونا۔۔۔۔الشَّيْئُ اِلَى آخر: تجاوز کرانا۔
تَعَادَى القَوْمُ: ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔دوڑ میں مقابلہ کرنا۔۔۔۔الرَّجُلُ: دور ہونا۔۔۔۔مَا بَيْنَهُمْ: اختلاف ہونا۔فساد ہونا۔۔۔۔المَكَانُ: ناہموار ہونا۔تَعَادَتِ النَّوَائِبُ: مصائب کا پے در پے ہونا۔کہا جاتا ہے "تَعَادَى القَوْمُ" جبکہ ایک جیسی بیماری ایک کے بعد دوسرے کو ہو۔
اِعْتَدَى الحَقَّ وعَنِ الحَقِّ وفَوْقَ الحَقِّ: تجاوز کرنا۔۔۔۔عَلَى فُلاَنٍ: ظلم کرنا۔
اِسْتَعْدَى الرَّجُلُ: مدد طلب کرنا۔۔۔۔الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔
العَدَاء: مشغولیت۔دوری (۔۔۔۔ والعِدَاء): ایک دفعہ کی دوڑ۔کہا جاتا ہے "عَدَا الفَرَس عِدَاءً وعَدَاءً وَاحِدًا" یعنی گھوڑے نے ایک دوڑ لگائی۔عَدَاءُ الوَادِي: وادی کا

درمیان۔

العِدْو والعِدَاء والعِدَی: چھوٹا پتھر جس سے کوئی چیز چھپائی جائے۔

العِدَیٰ والعُدَیٰ: جانب ج اَعْدَاء.

العِدَیٰ. اَعْدَاء: جمع عَدُوّ کی بمعنی دشمن۔ دُور ہونے والے۔ مسافرین۔ وادی کا کنارہ۔

العُدَیٰ: عدو کا اسم جمع ہے۔ بلند مقامات۔

العَدْوَیٰ: فساد۔ امراض متعدیہ۔

العَدَاوَة: دشمنی۔ دوری۔

العُدْوَة: دور جگہ (...... والعَدْوَة والعِدْوَة) بلند جگہ۔ وادی کا کنارہ۔ وادی کی ایک جانب ج عِدَاء وعِدَوَات.

العَدْوَة: ایک مرتبہ کی دوڑ۔ وادی کا کنارہ۔

العُدَوَاء: سخت اور خشک زمین۔ دوری۔ مشغولیت۔ عُدَوَاء الشَّوْق: شدائد و تکالیف۔ شوق۔ عُدَوَاءُ الشُّغْلِ: شغل کے موانع۔ کہا جاتا ہے "طَالَتْ عُدَوَاؤُهُمْ" یعنی ان کا تفرق اور دوری طویل ہوگئی۔

العُدْوَان: خالص ظلم۔ کہا جاتا ہے "لَا عُدْوَانَ عَلَيَّ" یعنی میرے اوپر کوئی مجال نہیں۔

العَدَوَان: تیز دوڑ۔ ذِئْبٌ ذُوعَدَوَان: لاگو بھیڑیا۔

العَدَّاء: تیز دوڑنے والا۔

عَدِيّ: نام ایک قبیلہ کا۔ جماعت جو قتل وقتال کے لئے تیار ہو۔

العَدُوّ: دشمن۔ ج اَعْدَاء جج اَعَادٍ.

العَادِي: فا۔ دشمن۔ ظالم۔ حد سے بڑھنے والا۔ اُچکنے والا۔ چور۔ شیر۔ عَـــادِي

العَوَادِي: بہت ضروری اُمور جو دوسرے اُمور سے باز رکھیں ج عُدَاة. عَادِيَا اللَّوْحِ: تختی کے دونوں طرف۔

العَادِيَة: مؤنث عادی۔ جماعت جو قتل وقتال کے لئے تیار ہو۔ لوٹنے والے۔ گھڑسوار۔ دوری۔ مشغولیت۔ تیزیٔ غضب۔ عَـادِيَةُ السَّمِّ: زہر کا ضرر۔ کہا جاتا ہے "رَفَعْتُ عَنْکَ عَادِيَةَ فُلاَنٍ" میں نے تم سے فلاں کا نقصان دور کردیا ج عَوَادٍ. عَوَادِي الدَّهْرِ: گردشیں۔ موانع۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَتْهُ عَنْ كَذَا عَوَادٍ" اس کو فلاں کام سے موانع نے روک دیا۔

المَعْدَیٰ: گزرگاہ۔ کہا جاتا ہے "مَالِيْ عَنْ فُلاَنٍ مَعْدًى" میرے لئے فلاں سے گزرنے کی جگہ نہیں ہے۔

عَذَبَ: (ض) عَذْبًا: سخت پیاس کی وجہ سے کھانا چھوڑ دینا۔ صفت عَـــذُوب وعَاذِب...... عَنْهُ: باز رہنا...... ہ: منع کرنا۔

عَذَبَ السَّوْطَ: کوڑے میں پھندنا لگانا۔

عَذِبَ: (س) عَذَبًا المَاءُ: کائی والا ہونا۔ صفت عَذِب.

عَذُبَ: (ک) عُذُوبَةً واَعْذَوْذَبَ الشَّرَابُ: میٹھا وخوشگوار ہونا۔

اَعْذَبَ: میٹھے پانی پر پہنچنا۔ کائی۔ کوڑا کرکٹ دور کرنا...... القَوْمُ: میٹھے پانی والا ہونا۔ اللّٰهُ المَاءَ: میٹھا پانی کر دینا...... عَنْهُ: باز رہنا۔ ہ عَنِ الاَمْرِ: منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَعْذِبْ نَفْسَکَ عَنْ كَذَا" اپنے نفس کو اس سے روکو۔

عَذَّبَهُ: عذاب دینا۔ عَذَّبَهُ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا۔ عَذَّبَ السَّوْطَ: کوڑے میں پھندنا لگانا۔ الشَّيْءَ: روکنا۔

اِعْتَذَبَ: عمامے کے دو شملے لگانا۔

اِسْتَعْذَبَ. الشَّيْءَ: میٹھا و خوشگوار پانا۔ میٹھا و خوشگوار پانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ يَسْتَعْذِبُ المَاءَ" میٹھا پانی لانے کے لئے گیا...... عَنْ كَذَا: باز رہنا۔

العَذْبُ: بعض۔ خوشگوار کھانا پانی۔ مَــاءٌ عَــذْبٌ: میٹھا پانی۔ العَــذْب: ایک قسم کا درخت۔

العَذَبُ: بعض۔ کوڑا کرکٹ۔ تنکا۔ ترازو کی زبان۔ درخت کی ٹہنیاں۔ ہر چیز کے اطراف۔ عمامہ کا شملہ۔ واحد عَذَبَة.

العَذَبَة: تنکا...... والعَذِبَة والعَذِبَة: کائی ج عَذَبَات.

العَاذِب: فا۔ وہ شخص کہ اس کے اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔ مِنَ الدَّوَابِّ: وہ جانور جو کھڑا ہوا اور کھاتا پیتا نہ ہو۔ ج عُذُوب.

العَذُوب: بمعنی عَاذِب...... مِنَ الدَّوَابِّ: شدت پیاس کی وجہ سے چارے کو چھوڑنے والا۔

العَـذَاب: ہر وہ جو انسان کے لئے باعث مشقت ہو۔ تکلیف۔ سزا۔ ج اَعْذِبَة.

عَذَجَ: (ض) عَذْجًا. المَاءَ: پانی پینا...... فُلاَنًا: گالی دینا۔

المِعْذَج: غیرت مند۔ بدخلق۔ بہت ملامت کرنے والا۔

عَذَرَهُ: (ض) عُذْرًا وعُذُرًا وعُذْرَیٰ ومَعْذُرَة ومَعْذِرَة عَلَى او فِيْ مَا صَنَعَ: الزام سے بری کرنا۔ عذر قبول کرنا۔

عَذَرَ: (ض) عَذْرًا وعُذُرًا: گناہ زیادہ ہونا (...... عَذْرًا) الغُلاَمَ: لڑکے کا ختنہ کرنا۔

عَذَرَ: (ض ن) عَذْرًا وعِذَارًا. الفَرَسَ بِالعِذَارِ: پوزی لگانا' باگ ڈور سے باندھنا ...... الصَّبِيُّ العَاذُوْرُ: حلق کا درد لاحق ہونا اور تکلیف پہنچانا۔

عُذِرَ الصَّبِيُّ: حلق کا درد لاحق ہونا۔

عَــذَّرَ: عذر ثابت نہ ہونا ...... ہ: عذر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ عَذَّرَ الغُلاَمُ: لڑکے کے رخسارہ پر سبزہ اُگنا۔ مسیں بھیگنا ...... [illegible]: نشانات مٹانا ...... فِي الاَمْرِ: کوشش کے [illegible] کوتاہی کرنا۔

اَعْذَرَهُ فِيْ او عَلٰى مَا صَنَعَ: الزام سے بری کرنا ...... الرَّجُلُ: عذر ظاہر کرنا ...... [illegible] نَفْسَهُ: بکثرت گناہ کرنا۔ انصاف کرنا ...... فِي الاَمْرِ: کوتاہی کرنا اور کوشش نہ کرنے کے باوجود کوشش کرنے والا سمجھنا ...... الفَرَسَ: پوزی باندھنا' باگ ڈور باندھنا ...... الغُلاَمَ: لڑکے کا ختنہ کرنا ...... فِي ظَهْرِهِ: مار کر [illegible] ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ حَتَّى [illegible]"

مَنَّةً" مارا یہاں تک کہ پیٹھ پر زخم کے نشانات ڈال دیئے......بِفُلَانٍ: زخم کا نشان چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ فُلَانٌ فَأَعْذَرَ" یعنی مارتے مارتے ہلاکت کے قریب پہنچا دیا گیا۔ اَعْذَرَتِ الدَّارُ: بکثرت پلیدی والا ہونا۔

عَاذَرَ مُعَاذَرَةً: عذر نہ ثابت ہونا۔

تَعَذَّرَ. عَلَيْهِ الْأَمْرُ: دشوار ہونا۔ باز رہنا۔ ...... عَنِ الْأَمْرِ: پیچھے ہٹنا......الرَّسْمُ: مٹنا ......الرَّجُلُ: اپنے لئے حجت کرنا۔ بھاگنا ......الشَّيْءُ: پلیدی سے لتھڑنا......فُلَانٌ مِنَ الذَّنْبِ: گناہ سے بری ہونا۔

اِعْتَذَرَ عَنْ وَمِنْ فِعْلِهِ: عذر بیان کرنا...... عَنْ فُلَانٍ: کسی کے عذر قبول کرنے کو کہنا۔ الرَّجُلُ: صاحبِ عذر ہونا...... اِلَيْهِ: عذر پیش کرنا......الرَّسْمُ: نشان مٹنا۔

اِسْتَعْذَرَ اِلَيْهِ: عذر پیش کرنا۔

اَلْعُذْرُ: حجت جس کی بنا پر عذر کیا جائے۔ ج اَعْذَار: غلبہ۔ کامیابی اور اسی سے ہے جو جنگ کے موقع پر کہا جاتا ہے "لِمَنِ الْعُذْرُ" یعنی کسی کے لئے غلبہ ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَبُوْ عُذْرِ هٰذَا الْكَلَامِ" وہ اس کلام کا پہلے بولنے والا ہے۔ "الْهَوَى الْعُذْرِيّ" پاکیزہ محبت۔

الْعِذَار: پوزی۔ باگ ڈور۔ ج عُذُر: رخسارہ۔ رخسارے پر کان کے مقابل بال۔ حیاء کہا جاتا ہے "خَلَعَ عِذَارَهُ" و "هُوَ خَلِيْعُ الْعِذَارِ" یعنی وہ اپنی خواہشات کا پابند ہے اور گمراہیوں میں منہمک ہے اور اپنے قول و فعل میں کوئی پرواہ نہیں کرتا گویا کہ بلا رسی کے جانور ہے۔ "اَلْوَى عِذَارَهُ عَنْهُ" یعنی نافرمانی کی الْعِذَارُ مِنَ النَّصْلِ: تیر کے پھل کے دونوں طرف کی دھار۔

الْعِذَار: ختنہ کا یا تعمیر مکان کا کھانا۔

الْعِذْرَة: عذر۔ ج عِذَر۔

الْعُذْرَة: بکارت۔ کوئی علامت جو تیز رفتار گھوڑے کو نظر بد سے بچانے کے لئے اس کی پیشانی پر باندھا جائے۔ بالوں کا گچھا۔ گھوڑے کی گردن کے بال۔ الْعُذْرَة: پیشانی۔ ختنہ کا چمڑا۔ ایک ستارہ کہ جب وہ نکلتا ہے تو گرمی بڑھ جاتی ہے۔ حلق کا درد ج عُذَر.

الْعَذِرَة: پاخانہ۔ ردی حصہ جو گیہوں سے نکلے۔ مکان کے سامنے کا صحن ج عَذِرَات.

الْعَاذِر: فا۔ نشان زخم (...... والْعَاذِرَة): پاخانہ۔ الْعَاذِر: وہ رگ جس سے استحاضہ کا خون آتا ہے۔

الْعَذِيْر: بمعنی عَاذِر: مددگار ج عُذَر: مؤنث عَذِيرة. الْعَذِيْر والْعَذِيْرَة: کسی نئی خوشی کا کھانا۔ الْعَذِيْرَة: نشانِ زخم۔

الْعَاذُوْر: گلے کا درد۔ علامت ج عَوَاذِيْر.

الِاعْذَار: کسی نئی خوشی کا کھانا۔

الْعَذْرَاء: باکرہ۔ دوشیزہ۔ سفت ج عَذَارَى وعَذَارٍ وعَذْرَاوَات: لقب سیدہ مریم رضی اللہ عنہا کا۔

الْعُذْرَى والْمَعْذَرَة والْمَعْذُرَة والْمَعْذِرَة: عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِر.

الْمِعْذَار: عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِيْر.

عَذَفَ: (ض) عَذْفًا مِنَ الطَّعَامِ: چکھنا۔ تَعَذَّفَ. الطَّعَامَ: کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَاذُقْتُ عَذْفًا وَلَا عَذُوْفًا وَلَا عُذَافًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔

سَمٌّ عُذَاف: زہر قاتل۔

الْعُذَافِر: شیر۔ مضبوط اونٹ۔ ج عُذَافِرَة.

عَذَوْفَر: مضبوط اونٹ۔

عَذَقَ: (ض) عَذْقًا وعَذَقَ النَّخْلَةَ: درخت خرما کی شاخ کاٹنا۔ عَذَقَ فُلَانًا بِشَرٍّ: کسی کو تہمت لگانا۔ عَذَقَهُ اِلَى كَذَا: منسوب کرنا۔ عَذَقَ واَعْذَقَ الشَّاةَ: بکری کے رنگ کے خلاف کسی دوسرے رنگ کے اون سے نشان لگانا۔

اِعْتَذَقَ: دو شملے لٹکانا۔ اِعْتَذَقَهُ بِكَذَا: کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔

المِعذاق ... شخص جو ... [illegible] بحال اور خدمت کرے۔ ج عَاذِقُوْن وعُذَّاق.

الْعَذْق: پھل دار کھجور کا درخت۔ ج اَعْذُق وعِذَاق.

الْعِذْق: انگور کا گچھا......مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا خوشہ ج عُذُوْق واَعْذَاق. الْعِذْق: شاخ دار ٹہنی۔ عزت۔ کہا جاتا ہے "فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ عِذْقٌ كَمْلٌ" بنی فلاں میں انتہائی عزت ہے۔

الْعَذِق: ہوشیار۔ چرب زبان۔ طِيْبٌ عَذِقٌ: تیز خوشبو۔

الْعَذْقَة والْعِذْقَة: بکری کے رنگ کے خلاف اون کا نشان۔

عَذَلَهُ: (ن ض) عَذْلًا وعَذَلَةً: ملامت کرنا۔ صفت عَاذِل ج عُذَّل وعُذَّال وعَذَلَة وعَاذِلُوْن مؤنث عَاذِلَة ج عَوَاذِل وعَاذِلَات.

تَعَاذَلَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

تَعَذَّلَ واِعْتَذَلَ: اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ ملامت سے متاثر ہونا۔ اِعْتَذَلَ الْيَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ اِعْتَذَلَ الرَّجُلُ عَلَى الشَّيْءِ: پختہ ارادہ کرنا۔

الْعَذْل والْعَذَل والْعُذَال: ملامت کرنا۔

اَيَّامٌ عُذَّلٌ ومُعْتَذِلَاتٌ: سخت گرم دن۔

الْعُذَلَة والْعَذُوْل والْعَذَّال والْعَذَّالَة: بہت ملامت کرنے والا۔

الْعَذَّالَة: مؤنث عَذَّال: سرین۔

الْعَاذِل: فا۔ رگ خونِ استحاضہ۔

الْمُعَذَّل: مطع۔ فیاضی کی وجہ سے ملامت کردہ شدہ۔

عَذْلَجَ. السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا۔ ...الْوَلَدَ وغَيْرَهُ: لڑکے کو اچھی غذا دینا۔

عَيْشٌ عِذْلَاجٌ: خوشگوار زندگی۔

الْعُذْلُوْج: اچھی غذا سے تربیت یافتہ بچہ۔

الْمُعَذْلَج: پُر گوشت۔ خوبصورت جسم والا۔ مؤنث مُعَذْلَجة.

عَذَمَ: (ض) عَذْمًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا

كاٹ كھانا......الرجلُ: اپنے آپ سے دفع
کرنا......ہ: ملامت کرنا۔
عَذَمَ: (س) عَذمًا: گالی دینا۔
اَعْذَمَهُ. عَنْ نَفْسِهٖ: روکنا۔ منع کرنا۔
العَذُوم: بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت
ملامت کرنے والا ج عُذُم۔
العَذّام: بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت
کرنے والا۔
العَذِيمَة: ملامت۔ بغیر گٹھلی کی کھجور کا درخت
ج عَذَائِم۔
عَذَا يَعْذُو عَذْوًا وعَذِىَ يَعْذَى عَذًى
وعَذُوَ يَعْذُو عَذَاوَةً المَكَانُ: اچھی ہوا والا
ہونا۔ پانی اور امراض و بائیہ سے دُور ہونا۔
اِسْتَعْذَى المَكَانُ: اچھی ہوا والا سمجھنا۔
ارض عَاذِيَةٌ وعَذِيَةٌ وعَذِيَّةٌ وعَذَاةٌ: عمدہ
آب و ہوا والی زمین۔
العِذْىُ: کھیت جس کی سیرابی صرف بارش
سے ہو۔ ج اعذاء۔
عَرَّ: (ن ض) عَرًّا وعُرَّ الجَمَلُ: خارشتی
ہونا۔ صفت عَرٌّ واَعَرٌّ وعارٌّ ومَعْرُورٌ.
عَرَّهُ: (ن) عَرًّا: غمگین ہونا۔ سائل بن کر
آنا۔ عَرَّهُ بِشَرٍّ: برائی سے ملوث کرنا......
وعَرَّ الارضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
عَرَّ: (ض) عِرَارًا وعَارَّ مُعَارَّةً وعِرَارًا
الظَّلِيمُ: شترمرغ کا چیخنا۔
اَعَرَّتِ. الدارُ: مکان کا گندگی والا ہونا۔
تَعَارَّ: نیند سے بولتے ہوئے بیدار ہونا۔
اِعْتَرَّهُ واعْتَرَّ بهٖ اِعْتِرَارًا: بغیر سوال کے
بخشش کے لئے آنا۔
اِسْتَعَرَّهُمُ الجَرَبُ: خارش پھیلنا۔
العَارُورُ والعَارُورَة: منحوس مرد۔ قوم پر بے
عزتی کرنے والا۔ بے کوہان کا اُونٹ۔
العُرَرُ والعُرُورُ: خارش۔
العَرُّ: خارشی۔ خارش۔ عیب۔ برائی۔ جلدی
دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔
العَرَّة: اسم مرة۔ مؤنث العَرُّ: جنگ کی سختی۔
بُری عادت۔ عیب۔

العُرُّ: خارش۔ پرندے کی بیٹ۔ لڑکا۔
العُرَّة: خارش۔ لڑکی۔ پرندے کی بیٹ۔
مینگنی۔ گوبر۔ کوہان کی چربی۔ مکروہ بات
پہنچنا۔ گناہ۔ جنون جو انسان کو لاحق ہو۔ کہا
جاتا ہے "بهٖ عُرَّة" یعنی اس کے ساتھ جنون
ہے۔
الاَعَرُّ: خارشی مرد یا اُونٹ۔ مؤنث عَرَّاء: ج
عُرٌّ. العَرَّاءُ: لڑکی۔
العَرَار: ایک پھول خوشبودار جس کا نام گاؤ
چشم ہے جنگلی نرگس۔ واحد عَرَارَة۔
العَرَارَة: قصاص۔ خون کا بدلہ۔
العُرَار: گناہ۔ قصور۔
العَرَارَة: ٹڈی۔ سختی۔ بلندی۔ بدخلقی۔
العَرِير: اجنبی۔
المَعَرَّة: گناہ۔ تکلیف۔ بدی۔ تاوان۔
قصور۔ عیب۔ امر قبیح۔ سختی۔ گالی۔ غصہ سے
چہرے کے رنگ کی تبدیلی۔ ستارہ کہکشاں
کے علاوہ۔ نام ایک شہر کا۔ مَعَرَّةُ الجَيْشِ:
لشکر جو لاعلمی سے قوم کی کھیتی کھالے۔
المُعْتَرُّ: فقیر۔ بغیر سوال کئے ہوئے بخشش
کے درپے ہونے والا۔
عَرُبَ: (ک) عُرُوبَةً وعُرُوبِيَّةً وعَرَابَةً
وعَرْبًا وعُرُوبًا: فصیح عربی زبان بولنا۔ فصیح
عربی ہونا۔
عَرِبَ: (س) عَرَبًا: بگڑے ہوئے معدہ
والا ہونا......المِعْدَةُ: معدہ کا فاسد ہونا......
الجُرْحُ: سوجنا اور پیپ والا ہونا......البِئْرُ:
کنوئیں میں پانی بہت ہونا......الرجلُ:
لکنت کے بعد فصیح ہونا۔
عَرَبَ: (ض) عَرْبًا. الطعامَ: کھانا۔
عَرَّبَ. المَنْطِقَ: اعرابی غلطی سے پاک کرنا
......الكِتَابَ ونحوَهُ: عربی میں ترجمہ کرنا
......عَلَيْهِ فِعْلَهُ: قباحت بتانا......قَوْلَهُ: روکر
دینا۔ عَنْهُ لِسَانُهُ: فصیح ہونا۔ مراد کو ظاہر کرنا
......عَنْ صَاحِبِهٖ: اپنے صاحب کی طرف
سے بولنا اور حجت بیان کرنا......الرجلُ:
عربی گھوڑا لینا۔ المُشْتَرِى: بیعانہ دینا

......الرجلُ: فصیح بات بولنا......بِحُجَّتِهٖ:
دلیل کو اچھی طرح بیان کرنا......الاسمَ
الاعجميَّ: عربی کر دینا۔
اَعْرَبَ. الشيءَ: ظاہر کرنا......عَنْ حاجَتِهٖ:
صاف بیان کرنا......کلامَهُ: فصاحت سے
بولنا اور غلطی نہ کرنا......بالكلامِ: بیان کرنا۔
......بِحُجَّتِهٖ: عمدہ دلیل لانا......الاسمَ
الاعجميَّ: عربی بنا دینا......الكلمةَ:
اعراب لگانا......الفَرَسَ: دوڑانا......
الفرسَ العربيَّ: ہنہنانے سے عربی گھوڑے
کو غیر عربی سے ممتاز کرنا۔ اَعْرَبَ الرجلُ:
اُونٹ اور عربی گھوڑوں کا مالک ہونا......
المُشْتَرِى: بیعانہ دینا......الرجلُ: کلام میں
غلطی نہ کرنا۔ فحش بات بولنا۔
تَعَرَّبَ: اخلاق عرب کو اختیار کرنا۔ ان کی
مشابہت کرنا۔ دیہات میں اقامت کرنا اور
اعرابی بننا۔
اِسْتَعْرَبَ: عربوں میں داخل ہو جانا۔ فحش
بات بولنا۔
العُرْبُ والعَرَبُ: باشندگانِ ملک عرب۔ ج
اَعْرُبٌ وعُرُوبٌ.
العُرْبُ والعَرْبَاءُ والعَارِبَةُ والعَرْبَةُ
والعَرَبِيَّةُ: خالص عربی لوگ اور لفظ عرب اس
موقعہ پر طائفہ کی تاویل میں مؤنث ہے۔
العَرَبُ والمُعَرَّبَةُ والمُسْتَعْرِبَةُ: غیر ملکی
لوگ جو عرب میں آکر آباد ہو گئے ہوں۔
العَرَابَةُ والعِرَابَةُ: فحش و بدگوئی۔
العَرَبُ والعَرِبُ. مِنَ الماءِ: کثیر صاف
پانی۔ رَجُلٌ عَرِبٌ: تیز زبان مرد۔ بِئْرٌ
عَرِبَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔ مَعِدَةٌ عَرِبَةٌ:
فاسد معدہ۔
رَجُلٌ عَرَبَانٌ: فصیح مرد۔
رَجُلٌ عَرَبَانِيُّ اللِّسَانِ: فصیح مرد۔
العَرَبِيّ: خالص عرب کا باشندہ۔ اگرچہ قیام
کسی دوسرے ملک میں ہو۔
العَرَبِيَّة: مؤنث العربي۔ اللُّغَةُ العَرَبِيَّةُ:
عربی زبان۔

الاَعْرَابِی: عرب کا دیہاتی۔
الاَعْـرَاب: عرب دیہات کے باشندے۔ واحد اَعْرَابِی۔
العَرِبَة: تیز بہنے والی نہر۔نفس۔ج عَـرَب وعَرِبَات. العَرِبَات: وہ کشتیاں جو عباسیوں کے دور میں دجلہ میں بندھی ہوئی رہتی تھیں جن سے پل کا کام لیا جاتا تھا اور اب اس لفظ کا اطلاق کشتی پر ہوتا ہے۔
العَرَّاب. عِنْدَ النَّصَارىٰ: جب کسی کو بپتسمہ دیا جاتا ہے تو عیسائی رسم کے مطابق ایک مقدس شخص اس کا باپ بنتا ہے وہ "عَـرَّاب" اور جو ماں بنتی ہے وہ "عَـرَّابَة" کہلاتی ہے۔ جنہیں انگریزی میں Good Father and Good Mother کہتے ہیں۔
الاَعْـرَابِيَّة: عربی دیہاتیت۔کہا جاتا ہے "هُوَ اَعْرَبُهُمْ اَحْسَابًا" حسب کے لحاظ سے خالص واَعْرَبُهُمْ اَلْسِنَةً" اور زبان کے لحاظ سے فصیح خَيْـلٌ او اِبِلٌ عِـرَابٌ واَعْرُب: خاص عربی گھوڑے یا اُونٹ۔
العُرْبَان: عرب۔
الـعَرُوْب والعَرُوْبَة مِنَ النِّسَاء: بہت ہنسنے والی۔زوج کی نافرمان۔عَـرُوْبَة اور رَسُوْمُ
العَرُوْبَة: جمعہ کا دن۔کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ مُعْرِبٌ او عَرِيْبٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الاِسْمُ الـمُعَرَّبُ: عربی بنایا ہوا اسم۔جیسے ریشم سے اَبریسم۔
عَـرْبَدَ عَرْبَدَةً: بدخلق ہونا۔صفت عِرْبِيد ومُعَرْبِد.
العِرْبَدُ والعِرْبِدُ: ایک سخت چیز۔کہا جاتا ہے "غَضِبَ غَضَبًا عِرْبَدًا" یعنی سخت غضبناک ہوا نر سانپ۔
عَرْبَنَة: بیعانہ دینا۔
العُرْبُوْن والعَرَبُوْن والعُرْبَان: بیعانہ۔سائی ج عَرَابِيْن: عوام عُرْبُوْن ...... کہتے ہیں۔
عَرُتَ: (ض ن ف) الرُّمْحُ: نیزے کا سخت ہونا ......البَـرْقُ ونَـحْوُهُ: بجلی وغیرہ کا چمکنا ......بَـرْقٌ او رُمْـحٌ عَـرَّاتٌ: بہت حرکت کرنے والا نیزہ یا بجلی۔

العَـرْتَمَة: ناک یا ناک کا نرم حصہ۔اوپر کے ہونٹ کے بیچ کا گڑھا۔
الـعَـرْتَـمَة: ناک کا اگلا حصہ۔کہا جاتا ہے "فَعَلَـهُ عَلىٰ عَرْتَمَتِهِ" یعنی اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
عَرَجَ: (ض ن) عُـرُوْجًـا ومَـعْـرَجًا فِيْ السُّلَّم: سیڑھی پر چڑھنا......عَـلَى الشَّـيْءِ وفِيْهِ: چڑھنا۔عُرِجَ بِهِ: چڑھایا جانا۔
عَرِجَ وعَرُجَ: (ف س) عَرَجًا: لنگڑا ہونا۔ صفت اَعْرَجَ: ج عُـرْج وعُـرْجَان: مؤنث عَرْجَاء.
عَرِجَتْ (س) وعَرُجَتْ (ک) عَرَجًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا۔
عَرَّجَ: ٹھہرنا۔ایک جانب سے دوسری جانب جھکنا......عَـنِ الشَّـيْءِ: چھوڑنا اور تجاوز کرنا ......الثَّوْبَ: پیچیدہ دھاردار بنانا......البِنَاءَ او النَّهْر: جھکاؤ کے ساتھ بنانا......الرَّجُلَ: آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُـعَرِّجُ عَـلىٰ قَوْلِهِ" یعنی فلاں آدمی کی بات پر اعتماد نہیں کیا جاتا ہے (...... وتَـعَـرَّجَ): جھکنا......عَـلىٰ الـمَـكَـان: سواری کے جانور کو باندھنا اور اقامت کرنا۔
اَعْرَجَ: آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔اَعْرَجَهُ اللّٰهُ: لنگڑا کر دینا۔
تَعَارَجَ: تکلف لنگڑا بننا۔
اِنْـعَـرَجَ. الشَّـيْءُ: مڑنا۔ٹیڑھا ہونا...... الـطَّرِيْقُ: جھکنا......عَنِ الشَّيْءِ: تجاوز کرنا چھوڑ دینا......القَوْمُ عَنِ الـطَّرِيْقِ: بھٹک جانا۔
الـعَـرَج والـعَرَجَان: لنگڑاہٹ۔لنگڑے کی چال۔
الـعَرْجَاء: مؤنث الاَعْرَج: لنگڑی عورت۔ بجو۔
العَرْجَلُو العُرْجَة: جس پر توقف کیا جائے۔

اَمْرٌ عَرِيْجٌ: غیر مستحکم کام۔
العُرَيْجَاء: دوپہر۔دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
الـمِـعْـرَجُ والمَعْرَج والمِعْرَاج: سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ۔ج مَعَارِجُ ومَعَارِيْج.
المُنْعَرِجُ مِنَ الوَادِي: وادی کا موڑ۔
عَـرْجَـنَ الثَّوْبَ: کپڑے پر شاخوں کی شکل بنانا۔
العُرْجُوْن: کھجور کے گچھے کی جڑ جو ٹیڑھی ہوتی ہے اور گچھے کو کاٹنے پر درخت پر خشک ہو کر باقی رہتی ہے۔ج عَرَاجِيْن.
العُرْجُد والعُرْجُدِ: بمعنی عرجون.
عَـرَدَ: (ن) عَـرْدًا الـحَـجَر: پتھر کو دور پھینکنا۔
(...... عُـرُوْدًا واَعْـرَدَ) النَّبَاتُ او النَّابُ: پودے یا دانت کا پورا نکل آنا اور سخت ہونا ......الشَّجَرُ: درخت کا موٹا اور بڑا ہونا۔
عَـرِدَ: (س) عَـرَدًا وعَـرَّدَ: بھاگنا۔مرض کے بعد جسم کا قوی ہونا۔عَـرَّدَ السَّهْمُ فِي الرَّمْيَةِ: تیر کا پار ہو جانا۔عَـرَّدَ الـنَّجْمُ: ستارے کا بلند ہونا۔آسمان کے وسط میں پہنچنے کے بعد ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔
عَرَّدَ الرَّجُلُ: راستہ کو چھوڑ کر مڑ جانا۔
العَرْدُ والعَرِدُ والعُرُدُّ: بہت سخت۔
الـعَرَادَة: مادہ ٹڈی۔حالت اور اسی سے ہے "هُوَ فِيْ عَرَادَةِ خَيْرٍ" وہ اچھی حالت میں ہے۔
العَرَّادَة: پتھر پھینکنے کا آلہ ج عَرَّادَات.
الـعَرِيْـد: طور طریقہ۔عادت۔کہا جاتا ہے "هٰذَا عَرِيْدُهُ" یہ اس کی عادت ہے۔
عَرْدَسَه: پچھاڑنا۔
الـعَـرَنْـدَس: بڑا سیلاب۔بڑا شیر۔عِـزٌّ عَرَنْدَسٌ: ثابت رہنے والی عزت۔
عَرَزَ: (ض) عَرْزًا. الشَّيْءَ: سختی سے کھینچنا۔ الرَّجُلَ: کسی کو ملامت کرنا...... وعَرِزَ (س) عَرَزًا: الشَّيْءُ: سخت ہونا۔سکڑنا۔
عَرَّزَ: سکڑنا......الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا۔
عَارَزَهُ: دشمنی کرنا۔مخالفت کرنا۔

عارز وتعارز الشئ: سکڑنا۔
أعرز. الشئ: فاسد کرنا۔ بگاڑ دینا۔
تعرّز. علیہ: دشوار ہونا۔
استعرز. الشئ: سکڑنا...... الرجل: سخت ہونا۔
العرزال: شیر کا مسکن۔ فالیز والے کا مچان۔ جنگ کے موقع پر بادشاہ کے لئے چھوٹا سا مکان۔ سانپ کی بِل۔ ٹٹی۔ دکان۔ لوگوں کی جماعت۔ مشکیزے کا منہ۔ قــــوم
عرازیل: چوروں کا گروہ۔
العرزم: پرانا سانپ۔
العرزم والعرازم والعرزام: شیر۔
عرس: (ن) عرسا: خوشی میں رہنا...... عنہ: پھر جانا (..... عرسا وعرسا) جماع کرنا۔
عرس: (ن ض) عرسا. البعیر: اونٹ کی گردن کو اگلے پاؤں سے بیٹھنے کی حالت میں باندھنا۔
عرس: (س) عرسا. الرجل: اکڑنا۔ ...... بہ: لازم ہونا۔ محبت کرنا...... عنہ: بے خود ہونا۔ صفت عرس...... الشئ: سخت ہونا۔ الشر بینہم: ہمیشہ رہنا...... عنہ: بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا...... علی ما عندہ: باز رہنا اور بخل کرنا۔
أعرس: دلہن لانا...... الشئ: لازم ہونا اور محبت کرنا...... الرجل: چکی کے ایک پاٹ کو دوسرے پر پیسنے کے لئے رکھنا...... باھلہ: جماع کرنا (..... وعرّس) القوم: سفر میں آخر رات میں آرام کے لئے اترنا۔
تعرّس لامرأتہ: فریفتہ ہونا۔
إعترس القوم عنہ: متفرق ہونا۔ جدا ہونا۔
المعرس: مص۔ رسی۔ خیمہ کے بیچ کا کھمبا (..... والمعرس): چھوٹا بچہ اونٹ کا۔ ج أعراس۔
العرس: دلہن۔ عرس المرأۃ: دولہا۔ ج أعراس. ابن عرس: نیولا۔ ج بنات عرس: (مذکر و مونث دونوں کے لئے)

العرس والعرس: زفاف۔ ولیمہ کا کھانا۔ ج أعراس وعرسات۔
العراس: رسی جس سے اونٹ کو باندھا جائے۔
العروس: دولہا دلہن۔ جمع کے لئے بولا جاتا ہے "ھم عرس وھن عرائس" اور التباس کے دفع کرنے کے لئے عورت پر عروسۃ کا اطلاق ہوتا ہے۔ ج عرائس۔
العریس عند المولدین: دلہن۔
العریس والعریسۃ: شیر کی جھاڑی۔
العراس والمعرس والمعرّس: اونٹ کے چھوٹے بچوں کو بیچنے والا۔
المعرس والمعرّس: آخر رات میں آرام لینے کے لئے اترنے کی جگہ۔
عرش: (ن ض) عرشا: لکڑی کا مکان بنانا ...... البیت: گھر بنانا...... العرش: چھت بنانا۔ تخت بنانا...... البئر: کنوئیں کے نچلے حصہ کو قد کے برابر پتھر سے بنا کر بقیہ کو لکڑی سے بنانا (..... عرشا وعروشا) الکرم: انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھانا۔
الکرم: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھانا۔
عرش (ض) عروشا بالمکان: اقامت کرنا۔
عرش: (س) عرشا وعرشا: متحیر ہونا۔ بغریمہ: سخت پکڑنا۔ عنہ: پھرنا۔ چھوڑ دینا۔
عرّش الکرم: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھانا۔ البیت: چھت بلند کرنا...... الطائر: بلند ہو کر بازوؤں سے سایہ کرنا (..... وأعرش): ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لئے چھولداری بنانا۔
تعرّش وتعرّوش بالأمر: چمٹا رہنا ...... بالمکان: ثابت رہنا۔ تعروش الدابۃ: سوار ہونا۔
إعترش: ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لئے چھولداری بنانا۔ إعترشت العنب علی الخشب: انگور کی بیل کا چڑھنا اور لٹکنا ...... (واعروش) الدابۃ: سوار ہونا۔
العرش: تخت شاہی۔ العرش: کسی چیز کا رکن۔ کسی چیز کا قوام۔ کہا جاتا ہے "ثُلّ عرشہ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی اور اس کا معاملہ کمزور ہو گیا۔ العرش من البیت: چھت۔ من القوم: رئیس۔ سردار۔ العرش: لکڑی جس سے کنوئیں کے اوپر کا حصہ بنایا جائے۔ شامیانہ۔ خیمہ۔ مکان جس میں سایہ لیا جائے۔ محل۔ قدم کی پشت پر بلند حصہ۔ کنوئیں کا منہ۔ عرش الطائر: گھونسلہ۔
عرش الکرم: انگور کی ٹٹی ج أعراش وعروش وعرش وعرشۃ۔
العریش: جھونپڑی۔ چھولداری۔ جانوروں کو سردی سے بچانے کا باڑہ۔ انگور کی ٹٹی۔ ج عرش (..... والعریشۃ): پالکی۔
عرص: (ض) عرصا وعرص: (س) عرصا البرق: بجلی کا پراگندہ چمکنا۔ صفت عرص عرص...... الرجل: نشاط میں ہونا۔
عرّص البعیر: اونٹ سدھالینا...... اللحم: گوشت کو میدان میں خشک ہونے کے لئے ڈالنا۔
أعرص الشئ: مضطرب ہونا۔
تعرّص بالمکان: اقامت کرنا۔
إعترص. الغلام: کھیل کود کرنا۔ خوش ہونا ...... الجلد: کھال کا پکڑ کنا (؟)...... البرق: بجلی کا پراگندہ چمکنا...... الرجل: اچھلنا۔ کودنا۔
العرصۃ: گھر کا صحن۔ ہر وہ جگہ جس میں کوئی عمارت نہ ہو۔ ج عراص وأعراص وعرصات۔
المعراص: بہت پراگندہ چمکنے والی بجلی۔ گرج اور بجلی والا بادل۔ نرم نیزہ۔
المعراص: نیا چاند۔
عرصفہ. عرصفۃ: کھینچ کر لمبا پھاڑ دینا۔
العرصوف والعرصاف: پالان کی کھچ...... عراصیف. العرصاف: پٹھے کا کوڑا...... کی نرم ہڈی۔
العرصم: بہت کھانے والا۔ خرم وشادمان۔
المعرصم: بلاغر۔ مضبوط قوی۔ تیز (..... العرصام والعراصم) شیر۔

الْعَرَضُومُ: تل۔

عَرَضَ (ض) عَرْضًا. الشَّیْءَ بِفُلَانٍ: پیش کرنا......الشَّیْءَ عَلَیْهِ: دکھانا......الْمَتَاعَ لِلْبَیْعِ: سامان کو فروخت کے لئے خریداروں کے سامنے کرنا......الْجُنْدَ: فوج کا جائزہ لینا......لَهُ مِنْ حَقِّهِ ثَوْبًا: حق کے بدلے میں دینا۔عَرَضَ لَهُ عَارِضٌ مِنَ الْحُمّٰی: بخار لاحق ہونا......الْقَوْمَ عَلَی السَّیْفِ: قوم کو تلوار سے مارنا......الْحَصِیْرَ: چٹائی بچھانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَرْضَ او عُرْضَ فُلَانٍ" وہ فلاں کی چال چلا۔ لَا تَعْرِضْ عَرْضَ فُلَانٍ: فلاں کو برائی سے یاد نہ کرو۔ عَرَضَ الرَّجُلُ: بغیر کسی بیماری یا سبب کے مرنا......الْفَرَسُ گھوڑے کا دوڑنے لگنا۔ عَرَضَ لِیْ عَارِضٌ: مجھے ایک مانع نے روک دیا۔

عَرَضَ (ض) وعَرِضَ (س) عَرْضًا: ظاہر ہونا اور ہمیشہ نہ رہنا۔

عَرَضَ (ض ن) عَرْضًا الْعُوْدَ عَلَی الْإِنَاءِ: برتن پر لکڑی کو چوڑائی میں رکھنا۔

عَرِضَ: مجنوں ہونا۔

عَرَضَ (ن) عَرْضًا: مکہ یا مدینہ یا ان کے اطراف میں جانا......الْکِتَابَ: زبانی پڑھنا۔

عَرُضَ (ک) عِرَضًا وعَرَاضَةً: چوڑا ہونا۔ صفت عَرِیْضٌ وعُرَاضٌ۔

عَرَّضَ وَلَهُ وبِهٖ: تعریض کرنا۔ کسی دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا......الشَّیْءَ: چوڑا کرنا......الْمَتَاعَ: سامان کو دراہم ودنانیر کے علاوہ سامان کے بدلے فروخت کرنا......الْکِتَابَ: مبہم لکھنا......الشَّیْءَ لِلشَّیْءِ: مقابل کرنا کہا جاتا ہے "عَرَّضْتَ مَالَکَ لِلْهَلَاکِ" تم نے اپنے مال کو برباد ہونے کے لئے پیش کر دیا......ه مِنْ مَالِهٖ بِکَذَا: بدلہ دینا......فُلَانٌ: عمدہ رائے والا ہونا۔

أَعْرَضَ عَنْهُ: روگردانی کرنا......الشَّیْءَ: چوڑا کرنا......الْمَسْأَلَةَ: لمبا چوڑا سوال کرنا۔ فِی الْمَکَارِمِ: بہت فیاض ہونا۔ الْأَمْرُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضْتُهُ فَأَعْرَضَ" یعنی میں نے اسے ظاہر کیا پس وہ ظاہر ہو گیا۔ الثَّوْبُ: وسیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَعْرَضَ لَکَ الْخَیْرُ" یعنی تمہیں خیر کرنے کی قدرت ہے و"أَعْرَضَ لَکَ الظَّبْیُ فَارْمِهٖ" تمہارے سامنے ہرن ظاہر ہوا پس اسے تیر مارو۔

عَارَضَهُ مُعَارَضَةً وعِرَاضًا: پھر جانا۔ یکسو ہونا۔ عَارَضَ الْکِتَابَ بِالْکِتَابِ: کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا......الرَّجُلَ: کلام پر نقض وارد کرنا۔ مقاومت کرنا۔ دوسرے کی طرح کام کرنا......ه فِی الْمَسِیْرِ: چلنے میں برابری کرنا۔ عَارَضَ الرَّجُلُ: راستہ میں ایک جانب ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَارَضَهُ فَعَرَضَهُ" اس نے معارضہ کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَعَرَّضَ الْأَمْرَ وَلِلْأَمْرِ وَإِلَی الْأَمْرِ: درپے ہونا۔ طلب کرنا......الشَّیْءُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب ظاہر کرنا۔ فاسد ہونا۔

تَعَارَضَ. الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِعْتَرَضَ: چوڑائی میں ہونا......لَهُ: منع کرنا......الْبَعِیْرَ: سرکش اونٹ پر سوار ہونا......لَهُ بِسَهْمٍ: سامنے آ کر تیر مارنا......عِرْضَهُ: عیب نکالنا۔ آبرو گھٹانا......دُوْنَ الشَّیْءِ: حائل ہونا۔ روک بننا......الْقَائِدُ الْجُنْدَ: ایک ایک کر کے پیش کرنا......عَلَیْهِ مِنْ قَوْلٍ او فِعْلٍ: اعتراض کرنا۔ خطا کی جانب منسوب کرنا......الشَّیْءَ: تکلف کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَهُ فَاعْتَرَضَ" اس نے اُس کو پیش کیا پس وہ پیش ہوا۔

اِسْتَعْرَضَ: چوڑی چیز طلب کرنا......الشَّیْءَ: پیش کرنے کو کہنا......ه: کسی سے کہنا کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے دکھاؤ......الْقَوْمَ: بغیر دریافت حال کے قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْرَضَ یُعْطِی مَنْ أَقْبَلَ أَوْ أَدْبَرَ" یعنی بغیر سوال کے ہر آنے جانے والے کو دیتا ہے۔ اِسْتَعْرِضِ الْعَرَبَ: عربوں میں سے جس سے چاہو دریافت کر لو۔

الْعَرْضُ: اسباب۔ سامان۔ ج عُرُوْضٌ: پہاڑ یا پہاڑ کا پہلو۔ بڑا لشکر۔ چوڑائی۔ وسعت۔ جنون۔ وادی۔ بہت ٹڈیاں۔ بادل......مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ۔ ج عُرُوْضٌ وعِرَاضٌ وأَعْرَاضٌ: جزا سزا کا دن۔

الْعَرْضُ: التجا۔ گزارش۔ کہا جاتا ہے الشَّیْءُ عَرْضُ عَیْنِیْ یعنی چیز میری نگاہ کے سامنے ہے "اِشْتَرَیْتُ الْمَتَاعَ بِعَرْضٍ" سامان کو سامان سے خریدا۔ وعَرْضُ الْحَالِ عِنْدَ الْحُکَّامِ: حاکم کے پاس شکایت کیلئے یا کسی فائدہ کے لئے حاصل کرنے کی غرض سے درخواست دینا اور جمع کے لئے عُرُوْضُ الْأَحْوَالِ بولا جاتا ہے أَعْرَاضُ الشَّجَرِ: درخت کی پھنگیاں۔

الْعِرْضُ: اچھی عادت۔ آبرو۔ باعث فخر و عزت۔ ج أَعْرَاضٌ: کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِیُّ الْعِرْضِ" وہ عیب اور گالی گلوچ سے پاک ہے و"ذَوُو الْعِرْضِ مِنَ الْقَوْمِ" یعنی قوم کے اشراف و"هُوَ غَرِبُ الْعِرْضِ" وہ کمینہ خاندان کا ہے۔ الْعِرْضُ: نفس۔ کہا جاتا ہے "أَکْرَمْتُ عَنْهُ عِرْضِیْ" یعنی میں نے اس سے اپنے نفس کو بچایا۔ جسم۔ جسم کی بُو۔ مسامات۔ وادی یا شہر کا کنارہ۔ وادی جس میں درخت پانی اور آبادی ہو۔ ج عُرْضَانٌ: بہت ٹڈیاں۔ بڑا لشکر۔ بڑا بادل۔ الْعِرْضُ مِنَ النَّاسِ: لوگوں سے بے ہودگی سے پیش آنے والا۔

الْعُرْضُ: جانب۔ کنارہ۔ دامن کوہ......مِنَ الْبَحْرِ او لنَّهْرِ: سمندر یا دریا کا وسط......مِنَ الْحَدِیْثِ: بہتر و بڑی بات۔ مِنَ السَّیْفِ او الْعُنُقِ: تلوار یا گلے کی ایک

جانب۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ اِلَیْهِ عَنْ عُرْضٍ وَكَلَّمَهُ عَنْ عُرْضٍ" گوشۂ چشم سے دیکھا اور ایک جانب ہو کر گفتگو کی۔ وخَرَجُوْا يَضْرِبُوْنَ النَّاسَ عَنْ عُرْضٍ یعنی نکل کر مارنا شروع کر دیا اور یہ پروا نہیں کی کہ کس کو مار رہے ہیں اور کیوں مار رہے ہیں۔ واضْرِبْ بِهِ عُرْضَ الحَائِطِ یعنی دیوار کے ایک گوشہ پر پھینک دو اور اعراض کرو۔ وهو مِنْ عُرضِ النَّاس: وہ معمولی لوگوں میں سے ہے۔

العَرَض: متاع۔ سامان۔ عارضہ۔ غیر دائمی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاَمْرُ عَرَضٌ" یعنی یہ امر زائل ہونے والا ہے۔ بخشش۔ غنیمت ...مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: جو قائم بالذات نہ ہو بلکہ جوہر کے ساتھ قائم ہو۔ ج اعراض کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَرَضًا" یعنی بغیر سوچے سمجھے ہوئے کیا۔

العِرْضَة: پیش کرنے کی نوعیت العِرْض کا مؤنث۔ یعنی لوگوں سے بے ہودگی سے پیش آنے والی عورت۔

العُرْضَة: ہمت۔ کشتی لڑانے کا داؤ۔ ارادہ۔ نشانہ۔ قوت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِكَذَا" وہ اس کی طاقت رکھتا ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلنَّاسِ" وہ لوگوں کے طعن و تشنیع کا نشانہ ہے "هُوَ عُرْضَةٌ لِلْكَلَامِ" وہ لوگوں کے اعتراضات کا نشانہ ہو "جَعَلْتُهُ عُرْضَةً" میں نے اس کو نشانہ بنایا۔

العُرْضِي: جو زین پر قائم نہ رہ سکے۔ مِنَ الإِبِلِ: سرکش اونٹ جو ابھی اچھی طرح نہ سدھایا گیا ہو۔

العِرَاض: جانب۔ گوشہ۔ کنارہ۔ حصہ۔ اونٹ کی ران میں چوڑائی میں علامت یا لکیر۔ عِرَاضُ الحَدِيثِ: جزی اور بہتر بات ج عُرُض۔

العُرَاض والعُرُض: چوڑا۔

العُرَاضَة. عُرَاض: کا مؤنث۔ ہدیہ جو سفر سے آنے والا پیش کرے۔

العِرِّيض: وہ جو لوگوں سے شر کے ساتھ پیش آئے۔

الغَدَاة: صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان۔ دن کا ابتدائی حصہ، ج غَدَوَات کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ غَدَاتَيْنِ" یعنی وہ دو دن کا ہے۔

الغُدَيَّة: بمعنی غُدْوَة وغَدَاة ج غَدَايَا و غُدَيَّات.

الغُدَيَّة: غداۃ کی تصغیر۔

الغَدَاء: صبح کا کھانا اور اس کے مقابل عشاء ہے ج اَغْدِيَة.

الغَادِي: فا۔ شیر۔

الغَادِيَة مؤنث غادِي بادل جو صبح کے وقت اٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غَوَادٍ و غَادِيَات.

الغَدْيَان: صبح کا کھانا کھانے والا۔ مؤنث غَدْيَا.

المَغْدَى والمَغْدَاة: صبح کو جانے کی جگہ۔

غَذَّ (ن ض) غَذًّا. الشَّيْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔

اَغَذَّ اِغْذَاذًا. السَّيْرَ وفي السَّيْرِ: چلنے میں جلدی کرنا ...... الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔

الغَاذّ: فا۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری رہتی ہے۔ جس۔

الغَذِيذَة: زخم کا خون پیپ وغیرہ۔

غَذَمَ (ن) غَذْمًا. لَهُ مِنَ المَالِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔

وغَذِمَ (س) غَذْمًا وتَغَذَّمَ واغْتَذَمَ الشَّيْءَ: بہت حرص سے کھانا۔

اَغْذَمَ وتَغَذَّمَ والفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهِ:

اونٹنی کے بچہ کا تھن سے سب دودھ پی لینا۔
الـغُـذْمَۃُ : مال کا ایک حصہ۔ ج غُـذَم.......
والغَذَمَۃ: بہت دودھ۔ ج غَذَم.
بِئْرٌ غَذِیْمَۃٌ : وسیع کنواں۔
الغُذَم والمُتَغَذِّم : بہت زیادہ کھانے والا۔
غَذْمَرَ غَذْمَرَۃً : غضبناک ہونا۔
...... الشَّیْءَ : جدا جدا کرنا۔ بعض کو بعض سے ملانا۔ انگل سے بیچنا۔
تَغَذْمَرَ. فِی المَجْلِسِ : غصہ سے چلانا۔
الغَذْمَرَۃ : مص۔ شور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور چیخ کا مخلوط ہونا۔ ج غَذَامِیْر.
غَـذَا یَـغْـذُو غَـذْوًا. الـرَّجُـلَ بـالطَّعَامِ: خوراک دینا...... الطَّعَامُ الصَّبِیَّ : بچہ کو فائدہ دینا اور کافی ہونا...... العِرْقُ : خون بہانا......
الرَّجُلُ : جلدی کرنا...... الفَرَسُ : تیز گزرنا۔
غَـذَّی تَـغْـذِیَۃً. الرَّجُلَ : غذا دینا۔ پرورش کرنا۔ غَذَّی العِرْقُ: خون بہانا۔
تَـغَـذَّی تَـغَذِّیًا واغْتَذَی اِغْتِذَاءً : خوراک کھانا۔
اِسْـتَـغْـذَی اِسْـتِـغْـذَاءً. الـرَّجُـلَ : سخت پچھاڑنا۔
الغِذَاء : خوراک۔ ج اَغْذِیَۃ.
الـغَاذِی : فا۔ غَـاذِی المَال : مال کا منتظم۔ ج غُذَاۃ وغَاذُوْن: مؤنث غَاذِیَۃ ج غَوَاذٍ.
الاَغْذَی : اسم تفضیل۔
الـغَـذِیّ : رحم کا بچہ (بکری کے لئے خاص ہے) ج غِـذَاء : جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے۔
الغَذَوِیُّ : رحم کا بچہ۔
الغَذَوَان : بدزبان۔ تیز رفتار گھوڑا۔
غَـرَّہٗ (ن) غَـرًّا وغِـرَّۃً وغُـرُوْرًا : دھوکا دینا۔ بے ہودہ امید دلانا۔ کہا جاتا ہے "مَـا غَرَّکَ بِفُلَانٍ" یعنی تو نے اس پر دلیری کیونکر کی؟ غَرَّ المَاءَ: پانی گرانا۔
غَرًّا وغِـرَارًا. الطَّائِرُ فَرْخَہٗ : پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا...... الـرَّجُـلُ: غرغر پرندہ کھانا
...... الرَّاعِی : اونٹ کو چرانا...... المَاءُ : پانی کا نایاب ہونا۔
غَرَّ (ن) غَـرًّا وغِـرَارًا وغَـرِرَ (س) غَرَارَۃً : شریف ہونا۔ نا تجربہ کار رہنا۔
غَرَّ (ض) غَرًّا وغَرَارَۃً : تجربہ کے باوجود بچوں جیسا کام کرنا۔
غَـرَّ (س) غَرَرًا وغُرَّۃً وغَرَارَۃَ الوَجْہُ : خوبصورت سفید رنگ والا ہونا۔ الشَّیْءُ: سفید ہونا۔
غَرَّرَ تَـغْـرِیْرًا وتَغِرَّۃً. بِالشَّیْءِ : ہلاکت کے لئے پیش کرنا...... الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کے لئے پر پھیلانا...... الـقِـرْبَۃَ : مشک بھرنا۔
غَرَّرَتْ ثَنِیَّۃُ الغُلَامِ: بچہ کا اگلے دانت نکلنا۔
غَارَتْ غِـرَارًا ومُغَارَّۃً. السُّوْقُ : بازار کا ماند پڑ جانا۔ غَـارَّ التَّحِیَّۃَ: کم کرنا۔ غَـارَّتِ النَّاقَۃُ : اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
تَـغَـرَّرَ. الـفَرسُ : گھوڑے کا پیشانی سفید ہونا۔
اِغْتَرَّ واسْتَغَرَّ. بِکَذَا : دھوکا کھانا۔
اِغْتِـرَّہٗ واسْـتَـغَـرَّہٗ : بے خبری میں آنا۔
واغْتَرَّہٗ: بے خبری کا طالب ہونا۔
الـغَرُّ : مص۔ زمین میں شگاف۔ کپڑے یا کھال کی شکن۔ کہا جاتا ہے "طویت الثوب علـی غرہ" یعنی میں نے کپڑے کو اس کی پہلی تہہ پر لپیٹا۔ چھوٹی ندی ج غُرُور.
الغَرُّ والغِرَار: تلوار کی دھار۔ الغِرَار: نیند وغیرہ کی کمی۔ کساد بازاری۔ اونٹنی کے دودھ کی کمی ج اَغِرَّۃ : کہا جاتا ہے "اَتَـانَـا عَلٰی غِـرَارٍ" یعنی وہ ہمارے پاس جلدی آیا۔
الـغِرَار : تیر بنانے کا نمونہ اور اسی سے ہے "هُـمْ عَـلٰی غِرَارٍ وَاحِدٍ" یعنی وہ ایک جیسے ہیں۔ کہا جاتا ہے "وَلَـدَتْ ثَلَاثَۃً بَنِیْنَ عَلٰی غِرَارٍ" یعنی اس نے تین بچے پے در پے جنے جن کے درمیان کوئی لڑکی نہیں۔
لَبِـثَ الـقَـوْمُ غِرَارَ شَهْرٍ : قوم ایک مہینہ کی مدت ٹھہری رہی۔
الغَرَارَۃ : غفلت۔ نوعمری۔ کہا جاتا ہے "کان ذلک عـلـی غرارتی" یعنی یہ میری نوعمری کے زمانہ میں تھا۔
الـغُـرْغُرُ : ایک آبی پرندہ جو گہرے جوہڑ میں زندگی گزارتا ہے۔
الغُرَّۃ : گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔
مِـنْ کُـلِّ شَـیْءٍ : ہر چیز کا ابتدائی اور معظم حصہ...... مِـنَ الـقَـوْمِ : شریف...... مِـنَ الـرَّجُلِ : چہرہ۔ روشنی یا صبح ظاہر ہو تو کہا جاتا ہے قَـدْ بَـدَتْ غُـرَّتُـہٗ غلام۔ باندی۔ ج غُـرَر. الغُرَر مہینہ کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی دوسری تیسری رات۔ عرب مہینے کی تقسیم تین تین راتوں سے کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غُرَر : دوسری تین راتوں کو نُفَل اور اس کے بعد تُسَع : پھر عُشَر: پھر بِیض : پھر دُرَع : پھر ظُلَم: پھر حَنَادِس : پھر دَآدِی: پھر محاق کہتے ہیں۔
الـغِرُّ : نا تجربہ کار جوان۔ مؤنث غِرٌّ وغِرَّۃٌ ج اَغْرَار.
الغُرَّی: اپنے قبیلہ میں سردار عورت۔
الغِرَّۃ : مص۔ غفلت۔ نا تجربہ کاروں کی جماعت۔ ج غِرَر.
الـغُـرَّۃ: مہینے کا پہلا دن۔ ایک کالے رنگ کا آبی پرندہ۔
الـغَـرَر : ہلاکت کے درپے۔ کہا جاتا ہے "اَنَا غَرَرٌ مِنْکَ" میں تم سے دھوکے میں ہوں۔
الـغَـرُوْر : دھوکا دینا اور یہ دنیا کی صفت میں بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے "الدُّنْیَا الغَرُوْرُ" غرغرہ کی دوائیں۔
الغُرُوْر : مص۔ بے ہودہ باتیں۔
الـغَـارُّ : فا۔ غافل۔ کنواں کھودنے والا۔ مؤنث غَارَّۃ.
الغَرَّار: بہت دھوکہ دینے والا۔
الـغَرِیْر : اچھی عادت اور اسی سے مثل ہے "اَدْبَـرَ غَـرِیْرُہٗ وَاَقْبَلَ هَرِیْرُہٗ" یعنی اس کی اچھی عادت جاتی رہی اور بری عادت آ گئی۔ اچھی زندگی۔ ج غُرَّان: ضامن۔ دھوکا زدہ۔ نا تجربہ کار جوان۔ ج اَغِـرَّۃ واَغِرَّاء مؤنث غَرِیْرَۃ ج غَرِیْرَات وغَرَائِر.

الغُرْیُر : کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور اور عرب کے امثال میں ہے "اَسْمَنُ مِنَ غُرَیْر" اور اس کا نام غَفر اور غُرغُور بھی ہے۔
الاغَرّ : خوبصورت۔ ہر چیز کا سفید۔ فیاض۔ سردار شریف۔۔۔۔۔ مِنَ الایّام: سخت گرم دن۔ مِنَ الخَیل : پیشانی پر سفیدی والا۔ مؤنث غَرّاء ج غُرّ و غُرّان.
الغِرارۃُ: بورا۔ تھیلا۔ ج غَرائر.
الغُرّانُ: پانی کے بلبلے۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ الماءُ بغُرّانِہٖ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا۔
المُغارُ : کم دودھ والی اونٹنی۔ ج مَغارُّ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مُغارُ الکَفِّ" یعنی بخیل ہے۔
المَغرُور : مغلع۔ فریب خوردہ۔
غَرَبَ (ن) غَرْبًا: جانا۔۔۔۔۔ فُلانٌ عَنّا : جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا۔۔۔۔۔ فِی سَفَرِہٖ : طویل سفر کرنا۔ (۔۔۔۔۔ غروبا) الرجل : دور ہونا۔۔۔۔۔ النجم: ستارہ کا غائب ہونا۔ ڈوبنا۔
غَرُبَ (ن) غُرْبَۃً و غُرْبًا و غَرابَۃً : پردیسی ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔
غَرُبَ (ک) غَرابَۃً. الکَلامُ: مخفی ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔۔۔۔۔ الشَّیُٔ : غیر مانوس ہونا۔
غَرِبَ (س) غَرَبًا : لوہے چہرہ کا لا ہونا۔
غَرَّبَ : دور ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم میں پہنچنا۔۔۔۔۔ ہ : دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ مسافرت پر برانگیختہ کرنا۔ جلا وطن کرنا۔۔۔۔۔ فِی الاَرْض : دور تک لے جانا۔
اَغْرَبَ : مغرب میں جانا۔ شہروں میں دور تک جانا۔ اچھی حالت ہونا۔ عجیب چیز لانا۔ فصیح ہونا اور نوادرات بیان کرنا۔۔۔۔۔ فِی الضِّحْکِ و نَحْوِہٖ : مبالغہ کرنا۔۔۔۔۔ الحَوض : حوض کو بھرنا۔۔۔۔۔ الفرسُ فِی جَرْیِہٖ : گھوڑے کا بہت دوڑنا۔۔۔۔۔ الفرسَ : گھوڑے کو دوڑانا۔ یہاں تک کہ مر جائے۔۔۔۔۔ ہٗ : علیحدہ کرنا اُغْرِبَ و اُغْرِبَ المَرِیضُ : تکلیف زیادہ ہونا۔ اَغْرَبَ عَلَیْہِ و بِہٖ: برا سلوک کرنا۔
تَغَرَّبَ : وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم سے آنا۔
اِغْتَرَبَ : وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب میں شادی کرنا۔
اِسْتَغْرَبَ. الشَّیُٔ: نادر پانا یا سمجھنا۔۔۔۔۔ الدَّمْعُ : آنسو بہانا۔۔۔۔۔ و اُسْتُغْرِبَ. فِی الضِّحْکِ : ہنسنے میں مبالغہ کرنا۔
الغَرْب : مص۔ پچھم۔ ہر چیز کا اول۔ دھار۔ نشاط۔ تیزی۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی اَخافُ عَلَیْکَ غَرْبَ الشَّبابِ" یعنی جوانی کی تیزی اور نشاط کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے۔ بڑا ڈول۔ آنکھ کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے۔ آنسو۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ آنکھ کا پچھلا حصہ۔ دوری۔ آنکھ کی پھنسی۔ گوشۂ چشم کا ورم۔ تھوک کی کثرت۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "سَہْمُ غَرْبٍ" اضافت سے اور "سَہْمٌ غَرْبٌ" وصف سے یعنی وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ ج غُرُوب.
الغُرْبَۃ: دوری۔
الغَرَبُ : مص۔ سونا۔ چاندی۔ پیالۂ شراب۔ پانی جو کنوئیں اور حوض کے درمیان ڈول سے ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "سَہْمُ غَرَبٍ و سَہْمٌ غَرَبٌ" وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ و "بِعَیْنِہٖ غَرَبٌ" جبکہ آنسو تھمتا نہ ہو۔
الغُراب : کوا۔ مختلف قسمیں ہیں۔ غراب اسود. ابقع. زاغ ج اَغْرُب و غُرُبٌ غِرْبان و اَغْرِبَۃ جج غَرابِینُ کہا جاتا ہے "طارَ غُرابُہٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا اس کے بال سفید ہو گئے۔ وَاَرْضٌ لا یَطِیرُ غُرابُہا : یعنی سرسبز ہے۔ الغُراب : اولہ و برف۔ سر کا پچھلا حصہ۔ مِن کُلِّ شَیْءٍ : ہر چیز کی ابتداء اور دھار۔ جیسے غُرابُ الفاسِ اور کوے کی مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے اٹھنے اور چوکنا رہنے میں دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "بَکَرَ بُکُورَ الغُرابِ" کوے کی مانند صبح سویرے اٹھا۔ "فُلانٌ اَحْذَرُ مِنَ الغُرابِ" فلاں کوے سے زیادہ چوکنا ہے۔ و "دُونَ ہٰذا شَیْبُ الغُرابِ" اس سے کم کوے کی سیاہی ہے اَغْرِبَۃُ العَرَب : عرب کے سیاہ لوگ۔ الغُراب: پرانی قسم کی ایک کشتی۔
الغُرابان : دونوں سرین کے نچلے حصے جو ران سے ملے ہوئے ہوں۔
الغارِب : فا۔ کندھا۔ پیٹھ اور گردن یا کوہان اور گردن کے درمیان کا حصہ۔ ہر چیز کا اعلیٰ حصہ۔ ج غَوارِب اور اسی سے ہے۔ غَوارِبُ الماءِ: بلند موجیں۔
الغَرِیب : مسافر۔ وطن سے دور۔ اجنبی ج غُرَباء : عجیب و غیر مانوس مِنَ الکَلام : جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ مؤنث غَرِیبَۃ ج غَرائِب.
الغُرُب: بمعنی غریب۔
المُغْرَب : صبح۔ ہر سفید چیز یا جس کے کنارے سفید ہوں۔ عَنْقاء (مُغْرِب ومُغْرِبَۃ) دیکھئے لفظ "عَنْقاء".
المَغْرِب : پچھم۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ ممالک افریقیہ اور بزبان حال ممالک یورپ۔
مَغْرِبانِ. الشَّمْسِ : آفتاب کے طلوع و غروب کی جگہ۔
المَغْرِبِیُّ : ممالک مغرب کی طرف منسوب۔ ج مَغارِبَۃ.
الغِرْبِیب : سخت سیاہ اور اکثر بطور تاکید مستعمل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ غِرْبِیبٌ".
غَرْبَلَ غَرْبَلَۃً الحِنْطَۃَ: گیہوں چھاننا۔۔۔۔۔ البَلَدَ : ملک کے رہنے والوں کا حال کھولنا۔۔۔۔۔ فِی الاَرْض : جانا۔۔۔۔۔ الشَّیْءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ جدا جدا کرنا۔۔۔۔۔ القَوْمَ : قوم کو قتل کرنا اور کچل دینا۔

السِغرْبَال : چغلی۔ رف۔ چغل خور ج غَرَابِيل.
المُغَرْبَل : مفع۔ گھٹیا، پھولا ہوا۔ مقتول۔ زوال پزیر ملک۔
الغِرْبِيل : چغلی۔ رف۔ چغل خور۔
غَرِثَ (س) غَرَثًا : بھوکا ہونا۔ صفت (غَرْثَان) ج غَرْثَى وغَرَاثَى وغِرَاث: مؤنث (غَرْثَى) ج غِرَاث.
غَرَّثَ. الكَلْبَ : کتے کو بھوکا رکھنا۔
الغَرِث والغَارِث : بھوکا۔
غَرِدَ (س) غَرَدًا وغَرَّدَ وأغْرَدَ وتَغَرَّدَ. الطَّائِرُ : پرندہ کا گانے میں آواز بلند کرنا اور گنگری کرنا أغْرَدَهُ الطَّائِرُ : گا کر خوش کرنا۔
اِسْتَغْرَدَهُ : گانے پر برانگیختہ کرنا۔
الأُغْرُودُ والأُغْرُودَة : پرندہ کی سریلی آواز ج أغَارِيد.
الغَرِد والغَرِد والغِرِّيد : گانے والا۔
غَرَزَهُ (ض) غَرْزًا. بالابْرَة ونَحْوِهَا : سوئی وغیرہ چبھونا۔ غَرَزَ الابْرَة فِي الشَّئ : داخل کرنا۔
الرَّاكِبُ رِجْلَهُ فِيْ الغَرْزِ : رکاب میں پاؤں ڈالنا۔ غَرْزًا بالأرْضِ : زمین میں لکڑی گاڑنا۔ غَرَزَتِ الجَرَادَةُ : انڈا دینے کے لئے زمین میں دُم چبھونا۔ صفت (غَارِزٌ وغَارِزَةٌ)
غَرَّزَ. الابرة فِي الشَّئ : داخل کرنا۔
غَرَّزَتِ الجَرَادَةُ: انڈا دینے کے لئے زمین میں دُم چبھونا۔
الغَنَم : بکری کو موٹی ہونے کے لئے دوھنے سے چھوڑ دینا۔
أغْرَزَ. الابْرَة : بمعنی غَرَزَ...... الوَادِي : غرز نامی پودہ اگانا...... فِي الشَّئ : داخل ہونا۔
اِغْتَرَزَ السَّيْر : روانگی قریب ہونا...... فُلَانٌ السَّيْرَ : روانگی کے قریب ہونا۔ سوار ہونا...... الرَّاكِبُ رِجْلَهُ فِيْ الغَرْزِ : سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا۔
الغَرْز : مص۔ رکاب۔ زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی۔ ج غُرُوْز : کہا جاتا ہے "اِلْزَمْ غَرْزَ فُلَانٍ" یعنی اس کے امر و نہی کی اطاعت کرو۔ "أشْدُدْ يَدَيْكَ بِغَرْزِهِ" مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کر دو۔
الغَرَز : ایک چھوٹی قسم کا پودہ۔
الغَرِيزَة : طبیعت ج غَرَائِز.
الغَارِزِ : قا۔ اونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو۔ عُيُوْن (غَوَارِز) نہ بہنے والے چشمے۔
التَّغْرِيز : کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے نقل کر کے دوسری جگہ لگایا جائے۔ ج تَغَارِيز.
المَغْرِز : گاڑنے کی جگہ۔ ج مَغَارِز.
غَرَسَ (س) غَرْسًا وغِرَاسَةً الشَّجَرَ : درخت کا پودہ لگانا۔
اِنْغَرَسَ : پودہ لگنا۔
الغَرْسُ : مص۔ پودہ لگایا ہوا ج غِرَاس وأغْرَاس.
الغِرْس : پودہ۔ پانی جو رحم سے نکلے۔ چھوٹا کوا۔ ج أغْرَاس.
الغَرِيْس : پودا لگایا ہوا۔ بھیڑ۔
الغَرِيسَة : کھجور کا پودا جو ابھی اُگا ہو۔ گٹھلی جو بوئی جائے۔ انگور کی بیل جو ابھی بٹھائی گئی ہو۔ پودہ بٹھانے سے پھلدار ہونے تک۔ ج غَرَائِس وغِرَاس.
الغِرَاس : پودہ۔ پودہ لگانے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الغِرَاس" جس طرح کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الحَصَاد".
المَغْرِس : پودہ لگانے کی جگہ ج مَغَارِس.
الغِرْش. مِنَ المسكوكات : ایک سکہ ہے جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے۔ ج غُرُوش.
غَرِضَ (س) غَرَضًا. إلَيْهِ : مشتاق ہونا۔ صفت (غَرِضٌ)...... مِنْهُ : تنگ دل ہونا۔ ملول ہونا۔ خوف کرنا۔
غَرَضَ (ض) غَرْضًا. الإنَاءَ : برتن بھرنا۔ کم بھرنا...... الشَّئ : تازہ چننا۔ وقت سے جلدی کرنا۔ روکنا۔ توڑنا اس طرح کہ جدا نہ ہو جائے (...... غَرِيضًا) لَهُ : تازہ دودھ پلانا۔
غَرُضَ (ک) غَرَضًا : اللَّحْمُ : گوشت تازہ ہونا۔ صفت (غَرِيض) ج أغَارِيض.
غَرَّضَ : مزاح کرنا۔ تازہ گوشت کھانا۔
...... الشَّئ : تازہ چننا...... فِي سِقَائِهِ : مشک میں نہ بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحْرٌ لَا يُغَرَّضُ" یعنی فلاں آدمی سمندر کی مانند ہے جو خالی نہیں کیا جا سکتا۔ غَرَّضَ فُلَانًا : نشانہ بتانا۔
أغْرَضَ. فُلَانًا : تنگ دل کرنا...... الغَرَضَ : نشانہ پر ٹھیک مارنا...... الإنَاءَ : برتن بھرنا۔
غَارَضَ. الإبِلَ : اونٹوں کو تڑکے گھاٹ پر لے جانا۔
تَغَرَّضَ وانْغَرَضَ. الغُصْنُ : شاخ کا مڑنا اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا۔
اِغْتَرَضَ. الشَّئ : کسی چیز کو اپنی غرض بنانا۔
اِغْتُرِضَ فُلَانٌ : جوان مرنا۔
الغَارِض : قا۔ تڑکے پانی پر جانے والا۔ لمبی ناک۔ کہا جاتا ہے "آتِيْهِ غَارِضًا" یعنی دن کے ابتداء میں۔
الغَرْض : مص۔ وادی کی ناقص شاخ ج غُرْضَان وغِرْضَان وأغْرُض...... : کجاوہ کا تنگ ج أغْرَاض وغُرُوْض.
الغُرْضَة : کجاوہ کا تنگ ج غُرَض وغُرُض.
الغَرَض : مص۔ مطلوب۔ حاجت۔ قصد۔ کہا جاتا ہے "فَهِمْتُ غَرَضَكَ" میں نے تیرے قصد کو سمجھ لیا نشانہ جس پر گولی ماری جائے۔ ج أغْرَاض.
الغَرِيْض : طرب انگیز گیت۔ بہترین گویا ہر سفید تازہ بارش کا پانی۔ پانی جس پر تڑکے آیا جائے۔ تازہ گوشت۔
الإغْرِيض : شگوفہ۔ ہر سفید تر و تازہ۔ ج أغَارِيض.
المَغْرِض : اونٹ کا تنگ۔ ج مَغَارِض۔
المَغْرُوض : مفع بارش کا پانی۔
الغُرْضُوف : نرم ہڈی جیسے کان ناک کی ج غَرَاضِيف. الغُرْضُوفَان : دو لکڑیاں جو کجاوہ

کے داہنیں یا ئیں یا نٹری جاتی ہیں۔
غَرغَرَ غَرغَرَةً :غرغرہ کرنا۔غرغرت
القِدْرُ :ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا۔
غَرْغَرَهٗ :ذبح کرنا۔غرغرہ بالرمح :حلق
میں نیزہ مارنا......الرَّجُلُ :آواز کو گیر
نکالنا۔موت کے وقت خرخر کرنا......اللَّحمُ:
گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا۔
تَغَرْغَرَ. بِالمَاءِ او الدَّوَاءِ :پانی یا دوا سے
غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تَغَرْغَرَتِ
العَيْنُ بِالدَّمْعِ" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا
گئی۔
الغِرْغِر :ایک قسم کی مرغی جس کو چینی مرغی
کہتے ہیں۔واحد (غِرْغِرَة)
الغُرْغُور: بمعنی الغُرَيْر (دیکھئے الغُرَيْر)
الغُرْغُرَة :پوٹا۔پیشانی کی سفیدی۔کہا جاتا
ہے "فُلانٌ غُرْغُرَةٌ" یعنی فلاں شریف ہے۔
غَرَفَ (ض) غَرْفًا. الشَّيْءَ :کاٹنا۔النَّاصِيَةَ:
پیشانی کے بال کترنا۔
واغْتَرَفَ. الماءَ بِيَدِهِ :پانی کا چلو لینا۔
تَغَرَّفَهٗ :کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں
سب لے لینا۔
اِنْغَرَفَ. الشَّيْءُ :کٹنا۔مرنا اور ٹوٹنا......
العَظْمُ: ہڈی کا ٹوٹنا......فُلانٌ :مرنا۔
الغَرْف :بمعنی (......والغَرَف) پودہ جس
سے چمڑے کو دباغت دیا جائے۔
المِغْرَفَةُ :چلو لینے کی ہیئت۔جوتی۔ج
غُرَف۔
الغُرْفَةُ :چلو۔ج غِرَاف......:کوٹھری کے
اندر کوٹھری۔بالاخانہ۔بالوں کا گچھا۔ج
غُرَفٌ وغُرُفَاتٌ وغُرَفَاتٌ وغُرْفَاتٌ۔
الغَارِفَةُ مؤنث غارف :اسم فاعل......مِنَ
النُّوقِ :تیز دوڑنے والی اونٹنی۔ج
غَوارِف۔
الغَرَّاف :ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔
الغَرَّاف :بہت چلو لینے والا۔نَهْرٌ غَرَّافٌ :
بہت پانی کی نہر۔غَيْثٌ غَرَّافٌ :بہت
بارش۔

الغُرُوف. مِنَ الانهارِ :وہ کوئیں جن سے
پانی چلو سے لیا جائے۔
الغَرِيْف. مِنَ الشَّجَرِ :گھنا درخت۔بانس
نرکل وغیرہ کی جھاڑی۔
الغَرِيْفَة :گھنا درخت۔جوتی۔تلوار کے
تلے کے نچلے حصہ کا چمڑا۔
المِغْرَف :تیز رفتار گھوڑا اور "فَارِسٌ
مِغْرَفٌ" بھی کہا جاتا ہے ج مَغارِف.
المِغْرَفَة :چمچہ۔ڈوئی۔ج مَغارِف.
غَرِقَ (س) غَرَقًا. فِي المَاءِ :ڈوبنا۔
صفت (غَرِقٌ وغارِقٌ وغَرِيْقٌ) ج غَرْقَى
غَرِقَ فُلانٌ :دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔
مستغنی ہونا۔
غَرَقَ (ن) غَرْقًا. مِنَ اللَّبَنِ :دودھ وغیرہ
کا گھونٹ لینا۔
اَغْرَقَ. فِي الاَمْرِ :مبالغہ کرنا۔
اَغْرَقَهٗ وغَرَّقَهٗ :ڈبو دینا۔اَغْرَقَ وغَرَّقَ فِي
القَوْسِ :کمان کو بہت زیادہ کھینچنا۔اَغْرَقَ
وغَرَّقَ اللِّجَامَ بِالفِضَّةِ :لگام کو چاندی سے
مزین کرنا۔کہا جاتا ہے "اَغْرَقَ اَعْمَالَهٗ
بِالمَعَاصِي" یعنی اپنے اعمال صالحہ کو معاصی
کی وجہ سے ضائع کر دیا۔
غَارَقَهٗ :قریب ہونا۔کہا جاتا ہے "غَارَقَتْنِي
المَنِيَّةُ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی۔
اِغْتَرَقَ. النَّفَسَ :بہت ہانپنا۔
البَعِيْرُ التَّصْدِيْرَ :اونٹ کے پیٹ کے موٹے
ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا۔
الفَرَسُ الخَيْلَ :گھوڑوں کی جماعت میں
داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا۔کہا جاتا ہے
"فُلانٌ يَغْتَرِقُ العَيْنَ" یعنی فلاں اپنی
خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا
ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا۔
اِسْتَغْرَقَ. الشَّيْءَ :کل لے لینا......الغَايَةَ :
مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا......فِي النَّوْمِ :
گہری نیند سونا......فِي الضَّحِكِ :کھلکھلا
کر ہنسنا۔
اِغْرَوْرَقَتْ. العَيْنُ :ڈبڈبا آنا۔

الغُرْقَةُ :دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی
مقدار ج غُرَق۔
غَرْقَأَتِ. الدَّجَاجَةُ بَيْضَتَهَا :مرغی کا کچا
انڈا دینا......البَيْضَةُ :کچا انڈا کرنا۔
الغِرْقِئُ :انڈے کے سفیدی کی جھلی۔انڈے
کی سفیدی۔
غَرِلَ (س) غَرَلاً. الصَّبِيُّ :بچے کا غیر
مختون ہونا۔صفت (اَغْرَل) مؤنث غَرْلَاءُ
ج غُرْلٌ۔
الغِرْوَل :ڈھیلا ڈھالا آدمی۔بہت ہی زیادہ
لمبا نیزہ۔
الاَغْرَل :ارزانی کا سال۔خوش عیش
زندگی۔
الغُرْلَة :چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے
ہیں۔
غَرِمَ (س) غُرْمًا وغَرَامَةً ومَغْرَمًا. الدَّيْنَ
ونَحْوَهٗ :قرض وغیرہ ادا کرنا۔
فِي التِّجَارَةِ :تجارت میں نقصان اٹھانا۔
اَغْرَمَهٗ وغَرَّمَهٗ الدَّيْنَ :قرض کی ادائیگی کو
لازم کرنا۔کہا جاتا ہے "غَرَّمَ السَّحَابُ"
یعنی بارش ہوئی۔
اُغْرِمَ. بِالشَّيْءِ :بہت خواہش مند ہونا۔
تَغَرَّمَ :تاوان برداشت کرنا۔
اِغْتَرَمَ :تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا۔
الغَرَامَةُ والغُرْمُ :تاوان۔مال جس کا ادا
کرنا ضروری ہو۔ضرر۔مشقت۔
الغَرَام :اشتیاق۔محبت جو دل کو مبتلائے
عذاب کرنے والا ہو۔ہلاکت۔عذاب۔
الغَرِيْم :قرض خواہ۔قرض دار۔مخالف۔ج
غُرَمَاءُ وغُرَّام۔
الغَرَامَائِيْقُ او الغَرَامَاطِيْقُ: وہ علم جو بولنے
اور لکھنے میں غلطی سے بچائے یعنی علم صرف، علم
نحو اور علم عروض۔اس لفظ کا اطلاق اس کتاب پر
بھی ہوتا ہے جس میں یہ علم پایا جائے۔
المَغْرَم :تاوان۔ج مَغَارِم۔
غَرِنَ (س) غَرَنًا. العَجِيْنُ :گندھے ہوئے
آٹے کا خشک ہونا۔

الغَرِن : کمزور۔
الـغَـرِیْـن والـغِرْیَن : تر یا خشک مٹی جو سیلاب میں بہہ کر آئے اور زمین پر رہ جائے۔ بے وقوفی۔
الـغِـرْنِیْق والغُرْنَیْق والغُرْنُوق والغُرانق : ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا ہے سفید خوبصورت جوان کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "شَـابٌ غُـرَانِـقٌ وصَـبِیَّةٌ غُـرَانِقٌ وغُـرَانِقَةٌ" ج غَـرَانِق وغَرَانِیق وغَرانِقة.
غَـرَ یَـغْـرُو غُـرُوًّا. الرَّجُلُ : تعجب کرنا...... الجِلْدَ : سریش سے جوڑنا...... الشَّحْمَ قَلْبَهُ : چربی کا دل پر چھا جانا۔
اَلْغَرْنُوقِی : ایک افریقی پھول کا نام۔
غَـرِیَ یَـغْـرَیٰ غَرَاءً وغَرًا وغُرِیَ وغُرِّیَ واُغْـرِیَ. بِـکَـذَا : بہت خواہش مند ہونا۔ بہت رغبت رکھنا۔ غَـرِیَ الـغَدِیْرُ : تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا ...... فُلَانٌ : بہت زیادہ غضبناک ہونا (...... غَـرَاةً) بِهٖ : چمٹنا۔ لازم ہونا۔
غَرَّیٰ تَغْرِیَةً. الشَّیْئَ : سریش سے جوڑنا۔
اَغْرَیٰ. الرَّجُلُ بِکَذَا : برانگیختہ کرنا۔ اَغْرَیٰ الـعَدَاوَةَ بَیْنَهُمْ : دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا۔
غَـارَیٰ غِـرَاءً ومُـغَـارَاةً. فُلَانًا : سخت جھگڑا کرنا...... بَیْـنَ الشَّـیْـئَـیْـنِ : ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا۔
الـغَـرَاء والـغِـرَاء : ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا لیئی۔ الغِرَاءُ : خوبصورتی۔
الغَـرَاء والغُرْوَیٰ : خواہش مندی۔ کہا جاتا ہے "لَاغَـرْوَ وَلَاغُـرْوَیٰ مِنْ کَذَا" یعنی اس سے تعجب نہیں۔
الغَرِیُّ : خوبصورت۔ عمدہ عمارت۔
المِغْرَاة : سریش پگھلانے کا آلہ۔
غَزَّ (ن) غَـزًّا واغْتَزَّ. بِفُلَانٍ : خاص کرنا ...... الإبِـل او الـصَّبِیَّ : اونٹ یا بچہ پر نظر بد سے حفاظت کے لئے رنگی ہوئی اون لٹکانا۔
غَازَّهٗ مُغَازَّةً : سبقت کرنا۔ جھگڑنا۔
اَغَـزَّ. الـشَّـجَرُ : درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا۔ اَغَزَّتِ الـبَقَرَةُ : گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا۔
تَغَازَّ. القَوْمُ الشَّیْئَ : آپس میں جھگڑا کرنا۔
الـغُـزُّ : جنرا۔ ترکوں کی ایک قوم۔ واحد (غُزِّیٌّ)
غَـزُرَ (ک) غَـزْرًا وغَزَارَةً وغُزُرًا. الـمَـاءُ وغـیـره : پانی وغیرہ کا کثیر ہونا۔
غَـزُرَتِ الـنَّـاقَةُ : اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
تَـغَـزَّرَ الـرَّجُـلُ : زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا۔
غَـازَرَ واسْتَغْزَرَ : زیادہ لینے کے لئے تھوڑا دینا۔
الغَزْر : مص۔ کھجور کے پتوں کی بکری۔
...... والغَزَارَة : کثرت۔
اَلْـغَـزَّارُ : باریک کانوں کا بورا جس سے تحریر کے لئے قلمیں بنائی جاتی ہیں۔
الغَزِیْرُ : ہر چیز کا بہت۔ ج غِزَار.
الـغَزِیْرَة : مؤنث غـزیـر ...... مِنَ النُّوقِ : بہت دودھ والی اونٹنی ...... مِنَ العُیُوْنِ : بہت آنسوؤں والی آنکھ ...... مِنَ الآبَارِ والیَنَابِیْع : بہت پانی والے کنوئیں اور چشمے ج غِزَار.
المِغْزَار. مِنَ الابِل : بہت دودھ والی اونٹنی۔
مَـکَـانٌ (مَـغْـزُوْرٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ۔
غَزَلَ (ض) غَـزْلًا واغْـتَـزَلَ. الصُّوْفَ : اون کاتنا۔
غَزِلَ (س) غَـزَلًا بِـالنِّسَـاءِ : عورتوں سے باتیں کرنا۔ عشق بازی کرنا۔ عورتوں کے حسن وجمال کی تعریف کرنا۔
غَـازَلَ. المَرْاَةَ : عورت سے بات کرنا اور پھسلانا۔ کہا جاتا ہے "غَازَلَ فُلَانٌ الاَرْبَعِیْنَ مِـنَ الـعُـمُـر" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہوگیا و "هُـوَ یُـغَـازِلُ رَغَـدًا مِـنَ العَیْشِ" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے۔
اَغْزَلَت. الظَّبْیَةُ : ہرنی کا بچے والی ہونا...... المَرْاَةُ : عورت کا تکلہ گھمانا۔
تَغَزَّلَ. فُلَانٌ : بہ تکلف عشق بازی کرنا۔
تـغـازل القَوْمُ : بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا۔
الغَزْل : مص۔ کاتا ہوا۔
الغَزَل : مص۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود۔
الغَزَال : ہرن کا بچہ۔ ج غِزْلَة وغِزْلَانٌ. دَمٌ
الغَزَال : نام ایک نباتات کا۔
الـغَـزَالَة : غزال کا مؤنث۔ چڑھتے وقت کا سورج غَـزَالَةُ الضحی وغَزَالَتُهٗ : چاشت کی ابتداء۔
الـغَزِل : عورتوں سے بات کرنے والا۔ عشق بازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو۔
الغَازِلَة : کاتنے والی۔ ج غُزَّل وغوازل۔
الغَزِیْل : عورتوں سے باتیں کرنے والا۔
الغَزَّال : بہت کاتنے والا۔
الاَغْزَل. غزل : کا اسم تفضیل۔
مِنَ الحُمّٰی : باربار آنے والا بخار۔
الـمِغْـزَل والـمَـغْزَل والمُغْزَل : تکلا ج مَغَازِل.
غَزَاهُ یَـغْزُوْهُ غَزْوًا : طلب کرنا۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَـرَفْـتُ مَـا یُغْزیٰ مِنْ هٰذَا الْـکَلَامِ" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا۔
غَـزْوًا وغَزَاوَةً وغَزَوَانًا. القَوْمَ : کسی قوم سے جنگ کے لئے چلنا۔ جہاد کے لئے نکلنا۔
غَـزّٰی واَغْـزَیٰ. فُلَانًا : جہاد کے لئے بھیجنا۔ سامان دینا' برانگیختہ کرنا...... ة : مہلت دینا۔ مطالبہ کو مؤخر کر دینا۔
اِغْتَزَیٰ اِغْتِزَاءً. فُلَانًا : قصد کرنا...... بِهٖ : مخصوص کرنا۔
الغَزْوَة. غزا کا اسم مرۃ۔ ج غَزَوات.

الغازي: فاعل ج غُزاة وغُزّى وغُزِيّ وغُزّاء: مؤنث غازية ج غَوازٍ وغازيات.
الغزاة: اسم ہے غزو کا ج غَزَوات.
المغزوة: جس کا قصد کیا جائے۔ جس کو طلب کیا جائے۔
المغزى: جنگ کرنا۔ جنگ کرنے کی جگہ۔
مغزى الكلام: مقصد کلام۔ ج مَغازٍ.
المغازي: غازیوں کے مناقب۔ غازیوں کے افعال۔
امرأة (مُغزِيَة) عورت جس کا شوہر جہاد میں ہو۔ اتان او ناقة مُغزِيَة: دیر سے جننے والی گدھی یا اونٹنی۔
غسّ (ن) غسًّا. في البلاد: داخل ہونا ...... الكلام: کلام میں عیب لگانا ...... ه في الماء: پانی میں غوطہ دینا ...... الهرّة: بلی کو ڈانٹنا اور غس کہنا۔
انغسّ. في الماء: پانی میں ڈوبنا۔
الغسّ: کمزور نالائق۔
غسر (ن) غسرًا. على الغريم: قرض دار پر سختی کرنا۔
تغسّر الغزل: کتے ہوئے سوت کا لپٹ جانا۔ الجھا ہوا ہونا ...... الامر: ملتبس ہونا۔ مختلط ہونا۔ صفت (غَسِر)
الغسر: جس چیز کو ہوا اڑا کر تالاب میں ڈال دے۔
اغسف: تاریکی میں داخل ہونا۔
الغسف: تاریکی۔
غسق (ض) غسقًا وغسقًا وغسقانًا واغسق. الليل: رات کا تاریک ہونا۔
اغسق الرجل: تاریکی میں داخل ہونا ...... المؤذن: موذن کا دیر میں مغرب کی اذان کہنا۔
غسق (ض) غسقًا وغسوقًا وغسق (س) غسقانًا. الماء: پانی گرنا ...... الغيم: بارش ہونا ...... العين: آنکھ کا ڈبڈبانا اور تاریک ہونا۔
الغسق: اول شب کی تاریکی۔

الغاسق: فا۔ چاند۔ رات جبکہ تاریکی بڑھ جائے۔ گیہوں کی ایک قسم۔
الغساق والغسّاق: ٹھنڈا۔ بدبودار۔
غسل (ض) غسلاً وغُسلاً. الشيء: پانی سے میل کچیل دور کرنا ...... ه: تکلیف دہ طریقہ سے مارنا۔ جماع کرنا۔
غسّل. الشيء: دھونے میں مبالغہ کرنا۔ بہت جماع کرنا۔
انغسل: دُھلنا ...... الشيء: بہنا۔
اغتسل: نہانا ...... بالطيب: خوشبو لگانا ...... الفرس: گھوڑے کو پسینہ آنا۔
الغَسل والغُسل: اسم ہے غسل سے۔
الغِسل والغُسل: ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے صابن وغیرہ ج أغسال.
الغِسلة والغَسول والغُسول: ہاتھ منہ دھونے کی چیز۔
الغُسالة. من الشيء: پانی جس سے دھویا جائے۔ دھونے سے جو پانی گرے۔ کپڑا جو دھویا جائے۔
الغسيل: نہلایا ہوا۔ ج غسلى وغسلاء. مؤنث غسيلة ج غسائل.
الغاسول: صابون۔ اور ہر وہ چیز جس سے عموماً دھویا جائے۔ ایک پودہ کا نام ہے جس سے دھوتے ہیں۔
الغسّال: اسم مبالغہ۔ مؤنث غسّالة.
المغسَل والمغسِل: غسل خانہ۔ ج مغاسل.
المغتسل: غسل خانہ ج مُغتسلات.
المُغتسَل: وہ پانی جس سے نہایا جائے۔
المِغسل: وہ چیز جس سے دھویا جائے۔
المغسلة: وہ برتن جس میں کپڑے دھوئے جائیں۔
الغِسلين: دوزخیوں کے جسموں سے نکلنے والی پیپ۔
غسلب. الشيء من فلان: کسی سے کسی چیز کو چھین لینا۔
غسم (ن) غسمًا واغسم. الليل: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غاسِم)

الغسم: سیاہی۔ تاریکی۔ خاکستری۔
الغسم والاغسام: آسمان میں بادل کے ٹکڑے۔
غسن (ن) غسنًا. الشيء: چبانا۔
غُسان القلب وغُسانه: دل کے انتہائی گوشے۔ کہا جاتا ہے "علمت أن ذلك من غسان قلبك" میں نے جان لیا کہ یہ تمہارے دل کی گہرائی سے ہے۔
الغسان والغيسان: جوانی کی تیزی اور کہا جاتا ہے "ما انت من غسانه" تم اس کے مردوں میں سے نہیں ہو۔
الغساني: بہت خوبصورت۔
الغسنة والغسناة: بالوں کا گچھا۔ ج غسن: غسنات وغسنات.
الاغسان: لوگوں کے اخلاق و عادات۔ پرانے کپڑے۔
الغيسانة: نرم و نازک عورت۔
غسا يغسو غسوًا وغسي يغسى غسيً واغسى. الليل: رات کا تاریک ہونا۔
اغساه الليل: تاریکی ڈالنا۔
الغساة: کچی کھجوریں۔ ج غسوات وغسى: شیخ (غاسي) پیر فانی۔
غشّه (ن) غشًّا وغششه: خلاف ضمیر ظاہر کرنا اور خلاف مصلحت کو مزین کرنا۔ دھوکا دینا۔
اغشّه: دھوکے میں ڈالنا اغشه عن حاجته: جلدی کرنا اور حاجت سے باز رکھنا۔
اغتش واستغش. الرجل: خیانت کا گمان کرنا۔ خائن سمجھنا۔
الغش: دھوکا۔ فریب۔ کینہ۔ خیانت۔ دل کی سیاہی۔ ترش روئی۔ ہر چیز کی کدورت۔
الغُش: دھوکا باز۔ ج غُشوش.
الغاش: دھوکا باز ج غَشَشة وغُشّاش.
الغشش: گدلا پانی۔
الغشاش والغشاش: تاریکی کا اول و آخر۔ قوم (غشاشة) دھوکہ باز لوگ۔

المَغْشُوش :ملمع ۔غیر خالص۔کہاجاتا ہے
"لَبَنٌ مَغْشُوشٌ" غیر خالص پانی ملا ہوا
دودھ۔
غَشَمَهُ (ن ض) غَشْمًا تَغَشَّمَهُ :ظلم کرنا۔
غَشَمَ (ض) غَشْمًا الحَاطِبُ :لکڑی چننے
والے کا رات کو لکڑی چننا اور بغیر سوچے
بوجھے جو ہاتھ لگے اس کو کاٹنا۔
الغَاشِم والغَشُوم والغَشَّام :ظالم۔
غاصب۔
المِغْشَم :خودرائے دلیر کہ جو چاہے
کرے۔ظالم۔
الغَشَمْشَم :بمعنی مِغْشَم :بہت ظلم کرنے
والا۔
الغَشَمْشَمَة والغَشَمْشَمِيَّة :دلیری۔
جرأت۔
غَشْمَرَ غَشْمَرَةً. السَّيْلُ :سیلاب کا آنا
...الرَّجُلُ :حق یا باطل میں خودرائی کرنا
اور کوئی پرواہ نہ کرنا...الاَمْرَ :بے سوچے
سمجھے کام کرنا...فُلانًا :ظلم کرنا۔
تَغَشْمَرَ عَلَيْهِ :غضبناک ہونا۔فُلانًا :
زبردستی لے لینا اور ظلم کرنا۔تَغَشْمَرَ السَّيْلُ
او الجَيْشُ :سیلاب یا لشکر کا آنا۔
الغَشْمَرَة :مص۔آواز۔ج غَشَامِر۔
الغَشْمَرِيَّة :ظلم۔
الغِشْمِيرُ :سختی۔زبردستی۔کہاجاتا ہے۔
"اَخَذَهُ بالغِشْمِيرِ" یعنی اس کو سختی سے لیا۔
غَشَا يَغْشُو غَشْوًا. فُلانًا :کسی کے پاس
آنا۔
غَشِيَ (س) غَشَاوَةً. الاَمْرُ فُلانًا :مبتلا
کردینا۔
غَشَا. الفَرَسُ وغیرہ :سفید سر والا ہونا۔
غَشِيَ (س) غَشَيَانًا. فُلانًا :کسی کے پاس
آنا...هُ بالسَّوْطِ :کوڑے سے مارنا۔
اِسْتَغْشَى. ثَوْبَهُ وبِثَوْبِهِ :ڈھانپ لینا تاکہ
نہ دکھائی دے نہ سنائی دے۔
الغِشْوَة والغِشَاوَة :دونوں میں غین کی
تثلیث ہے۔پردہ۔ الغِشْوَةُ :غشا کا اسم
مرة۔
الاَغْشَى. مِنَ الخَيْلِ وغَيْرِهَا :سارے
جسم کے خلاف سفید سر والا گھوڑا۔مؤنث
غَشْوَاء.
غَشِيَ يَغْشَى غَشْيًا وغِشَايَةً الاَمْرَ
وفُلانًا :نازل ہونا۔ڈھانکنا۔غَشِيَ المَرْأَة
:جماع کرنا...المَكَانَ :آنا...اللَّيْلُ :
رات کا تاریک ہونا۔
غُشِيَ عَلَيْهِ غَشْيًا وغُشْيًا وغَشَيَانًا :بے
ہوشی طاری ہونا۔صفت مفعول مَغْشِيٌّ عَلَيْهِ.
اَغْشَى. الاَمْرُ فُلانًا :نازل کرانا۔ڈھکوانا
...اللَّيْلُ :رات کا تاریک ہونا...اللّٰهُ
عَلَى بَصَرِهِ :نگاہ پر پردہ ڈال دینا۔اَغْشَانِي
فُلانًا :فلاں کے پاس آنے کے لئے برانگیختہ
کرنا۔
غَشَّى. الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ :ڈھانکنا۔
غَشَّيْتُهُ الاَمْرَ :میں نے اس کو کام سے
ڈھانک دیا۔
تَغَشَّى. بِثَوْبِهِ :اپنے آپ کو ڈھانکنا۔
تغشى المرأة :جماع کرنا۔تغشاه الاَمْرُ :
کام نے اس کو ڈھانک لیا۔
اِسْتَغْشَى. ثَوْبَهُ وبِثَوْبِهِ :اپنے آپ کو
ڈھانک لینا۔
الغِشَاء :پردہ۔ج اَغْشِيَة.
الغِشَايَة والغُشَايَة والغُشْيَة :پردہ۔
الغَشْيَة والغَشْي والغُشْي والغَشَيَان :
بے ہوشی۔غشی۔
غَشَائِيَّات الاَجْنِحَة :پروں کے چار چھتے
والی کیڑے جن میں پھوڑ اور بعض چیونٹی کی
اقسام ہیں۔
الغَاشِيَة :مؤنث غاشي :پردہ۔دل کا پردہ۔
ج غَوَاشٍ :مصیبت۔قیامت۔اندرونی
بیماری کا نام۔غَاشِيَةُ فُلانٍ :خدام۔
ملاقاتی۔دوست احباب جو بار بار آئیں۔
الغِشْيَان :آنا۔
غَصَّ (س۔ن) غَصَصًا. بالطَّعَامِ
والمَاءِ :کھانے یا پانی سے پھندا لگنا۔اچھو
لگنا۔صفت (غَاصٌّ وغَصَّان)... المَكَانُ
بِهِمْ :بھرجانا اور تنگ ہونا۔
غَصَّ (ن) غَصًّا. الشَّيْءَ :قطع کرنا۔
اَغَصَّهُ :اچھو لگوانا۔کسی کے گلے میں پھندا
لگوانا۔کہاجاتا ہے "اغص علينا الارض"
اس نے ہمارے اوپر زمین تنگ کردی۔
اِغْتَصَّ. المَكَانُ بِهِمْ :تنگ ہونا۔
الغُصَّة :جس کا پھندا لگے۔غم۔اندوہ۔ج
غُصَص.
غَصَبَهُ (ض) غَصْبًا عَلَى الشَّيْءِ :مجبور
ہونا...الشَّيْءَ :زبردستی لے لینا...المَرْأَة
:زنا بالجبر کرنا...الجِلْدَ :کھال سے بال
اور اون دور کرنا۔صفت (غَاصِب) ج
غَاصِبُونَ وغُصَّاب اور اس کا تعدیہ دو
مفعول کی طرف ہوتا ہے۔کہاجاتا ہے غَصَبَهُ
مَالَهُ اور کبھی مفعول اول میں مِن کی زیادتی
ہوتی ہے۔کہاجاتا ہے "غَصَبْتُ مِنْهُ مَالَهُ"
اِغْتَصَبَ. الشَّيْءَ :ظلم و زیادتی سے لینا...
المَرْأَةَ :زنا بالجبر کرنا۔
غَاصَبَهُ :ہر ایک کا دوسرے سے چھیننا۔
الغَصْب :مص۔چھنی ہوئی چیز۔
غَصَنَ (ض) غَصْنًا. الغُصْنَ :ٹہنی کو کاٹنا
ٹہنی کو کھینچنا...الشَّيْءَ :لینا...وعَنْ
حَاجَتِهِ :پھیرنا۔منع کرنا اور کہاجاتا ہے "مَا
غَصَنَكَ عَنِّي" کس چیز نے تم کو مجھ سے
باز رکھا۔
اَغْصَنَ وغَصَّنَ. العنقود :بڑے دانوں
والا ہونا۔اَغْصَنَتِ الشَّجَرَةُ :درخت کا
شاخ دار ہونا۔
الغُصْن :شاخ ج غُصُون واَغْصَان
وغِصَنَة.
الغُصْنَة :شاخ میں نکلی ہوئی چھوٹی ٹہنی
(اَغْصَن) سفید دم کا بیل۔
غَضَّ (ن) غَضًّا وغَضَاضًا وغَضَاضَة
وغَضَاضَة. طَرْفَهُ ومِنْ طَرْفِهِ او صَوْتَهُ
ومِنْ صَوْتِهِ :نگاہ یا آواز پست کرنا
...الغُصْنَ :شاخ کو بغیر جدا کئے

توڑنا...... الشَّئُ :نرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "لاَ اَغْضَّکَ بِدِرْهَمًا" میں ایک درہم کو نہیں کروں گا...... مِنْ فُلاَنٍ :کسی کا مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "غُضَّ بَصَرَہ" یعنی جس چیز کا دیکھنا جائز نہیں اس سے منع کیا۔ "غَضَّ طَرْفَہٗ لِفُلاَنٍ" فلاں کی وجہ سے مکروہ بات برداشت کرلی۔ "وَغُضَّ لِیْ سَاعَۃً" یعنی اپنی سواری کو تھوڑی دیر کے لئے روک لو اور ٹھہر جاؤ۔

غَضَّ (س ض) غَضَاضَۃً وغُضُوضَۃً النَّبَاتُ وغیرہ :نباتات کا تروتازہ ہونا۔ صفت (غَضٌّ) ج غِضَاض.

غَضَّض :تروتازہ کو کھانا۔ تروتازہ و نرم و نازک ہونا۔ ذلت و خواری لاحق ہونا۔

اِنْغَضَّ. الطَّرْفُ :نگاہ کا بند ہونا۔

تَغَاضَضَ. عَنْہُ :غفلت برتنا۔

الغَضَاض والغُضَاض :سر کا اگلا حصہ یا چہرے یا اوپر کا حصہ۔

الغُضَّۃ :ذلت و نقصان ج غُضَض.

الغَضِیْضَۃ والغَضَاضَۃ ج غَضَائِض :ذلت و نقصان۔

المَغَضَّۃ ج مَغَاضّ :ذلت و نقصان۔

الغَضُّ :مص۔ تروتازہ۔ نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "شَبَابٌ غَضٌّ" یعنی تروتازہ نئی جوانی ج غِضَاض.

الغَضِیْض :تروتازہ۔ ناقص۔ ذلیل۔ طَرْفٌ غَضِیْضٌ :پست نگاہ۔ ج اَغِضَّاء واَغِضَّۃ: مؤنث غَضِیْضَۃ ج غَضَائِض.

غَضِبَ (س) غَضَبًا ومَغْضَبَۃً عَلَیْہِ :غضبناک ہونا۔ صفت (غَضِبٌ وغَضُبٌ وغَضْبَانُ) مؤنث غَضْبیٰ وغَضُوبٌ وغَضْبَانَۃ. ج غَضْبیٰ وغِضَاب وغَضَابیٰ وغُضَابیٰ اور کہا جاتا ہے "غَضِبَ لِفُلاَنٍ" یعنی فلاں کے لئے غضبناک ہو گیا۔ "وغَضِبَ مِنْ لاَ شَئٍ" یعنی بغیر کسی سبب کے غضبناک ہوا۔

اَغْضَبَہٗ وغَاضَبَہٗ مُغَاضَبَۃً :غضب پر برانگیختہ کرنا۔ غَاضَبَہٗ :ایک کا دوسرے کو غصہ دلانا۔ غَاضَبَ فُلاَنًا :ناراض کرنا۔ ایک دوسرے کو ناراض کرنا۔ اَغْضَبَتِ العَیْنُ :آنکھ کا تنکا وغیرہ نکال دینا۔

تَغَضَّبَ واسْتَغْضَبَ عَلَیْہِ :غضبناک ہونا۔

الغَضْبَۃُ :غضب کا اسم مرۃ۔ مچھلی کی کھال۔ سر کی کھال۔

الغِضَاب والغُضَاب :آنکھ کا تنکا۔

الغُضَابِیُّ :مکدر زندگی بسر کرنے والا۔

الغُضُبُّ والغُضُبَّۃ والغَضُبَّۃ والغَضْبَۃ :غضبناک۔

غَضَرَہٗ (ن ض) غَضْرًا. اللّٰہُ :خوش حال کرنا۔ آسودہ حال بنانا۔ غَضَرَ الرَّجُلَ :کسی کو روکنا۔ منع کرنا...... الشَّئُ :کاٹنا۔

غَضِرَ (س) غَضَرًا وغَضَارَۃً :آسودہ حال ہونا۔ بہت مال دار ہونا۔ اچھی زندگی والا ہونا۔ صفت (غَضِرٌ)

غَضَرَ (ض) غَضْرًا وتَغَضَّرَ عَنْہُ :تجاوز کرنا۔ پھر جانا۔ غَضَرَ عَلَیْہِ :مائل ہونا...... لِفُلاَنٍ مِنْ مَالِہٖ :مال میں سے کچھ دینا۔

اُغْتُضِرَ :جوان مرنا۔

الغَضَار :خالص چکنے والی مٹی۔ چکنے والی مٹی کا بنا ہوا پیالہ۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لئے رکھتے ہیں۔

الغَضَارَۃ :مص۔ نعمت۔ آسودہ زندگی۔ وسعت و آسودہ حالی۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ خالص مٹی۔ بڑا پیالہ۔ ج غَضَائِر.

الغَضْرَاء. مِنَ الارض :پانی کے قریب کی عمدہ زمین۔ وہ زمین جس میں خالص مٹی ہو اور قطاۃ :ایک پرندہ ہے اس کو بھی غَضْرَاء کہتے ہیں۔ ج غَضَارِیُّ کہا جاتا ہے "هُمْ فِیْ غَضْرًا مِنَ العَیْشِ" وہ لوگ آسودہ حالی اور خیر میں ہیں۔

الغَاضِر :فا۔ مانع۔ کھال جس کی دباغت اچھی ہوئی ہو۔ اپنی ضروریات کے لئے ترک کے جانے والا۔ مؤنث (غَاضِرَۃ)

الغَضِیْر :نرم و نازک۔ سبز رنگ والا۔ ارض غَضِیْرَۃ :خالص مٹی والی زمین۔

المُغْضِرُ :صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مُغْضِرُوْن.

المَغْضُوْر :صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مَغْضُوْرُوْن ومَغَاضِیْر.

الغَضْرُوْف :بمعنی غُرْضُوْف.

غَضْغَضَ. المَاءَ :پانی کم کردینا۔

...... وتَغَضْغَضَ. المَاءُ :پانی کم ہونا۔ پایاب ہونا۔

غَضَفَ (ض) غَضْفًا. العُوْدَ :لکڑی توڑنا ...... الکَلْبُ اُذُنَہٗ :کتے کا اپنے کان کو ڈھیلا کرنا ...... الوِسَادَۃَ :تکیہ کو موڑنا۔ دوہرا کرنا (...... غُضُوْفًا) آسودہ حال ہونا۔

غَضِفَ (س) غَضَفًا. اللَّیْلُ :رات کا تاریک ہونا۔ غَضِفَتِ الاُذُنُ: خِلْقَۃً : ڈھیلا ہونا۔ صفت (غَضْفَاء) ج غُضْفٌ.

غَضِفَ العَیْشُ :آسودہ ہونا۔ صفت (اَغْضَفُ وغَاضِفٌ)

اَغْضَفَ. اللَّیْلُ :رات کا تاریک ہونا۔ ...... السَّحَابُ :بادل کا چھا جانا اور آمادہ بارش ہونا۔

غَضَّفَ. الشَّئُ :لٹکانا۔

تَغَضَّفَ. الجَارِیَۃُ :لچکنا۔ ناز و انداز سے چلنا ...... الحَیَّۃُ :کنڈلی مارنا اور کہا جاتا ہے "تَغَضَّفَتِ الدُّنْیَا عَلَیْہِ" دنیا اس کی طرف متوجہ اور مائل ہے۔ تَغَضَّفَ عَلَیْہِ اللَّیْلُ : رات کا آنا۔ البِئْرُ :کنوئیں کا منہدم ہونا۔

اِنْغَضَفَتِ البِئْرُ :کنوئیں کا گرنا اِنْغَضَفَتْ اُذُنُہٗ :کان کا ٹوٹنا ...... الضَّبَابُ :کہر کا تہ بتہ ہونا ...... القَوْمُ فِیْ الغُبَارِ :قوم کا غبار میں داخل ہونا۔

الغَاضِف :فا۔ خوش حال۔ خوش عیش۔ کتا جس کا کان آگے کو لٹکا ہوا ہو۔

الغَضَفُ :درخت خرما کے مانند ایک درخت واحد (غَضَفَۃ)

الغَضَنْفَرُ :شیر سخت جسم والا مرد۔

الغَضَفَة : سنگ خوار کے مانند ایک پرندہ۔
الاَغْضَف : لٹکے ہوئے کان کا کتا۔ موٹے پیروں کا تیر۔ تاریک رات۔ غَیْش اَغْضَف: خوش حال زندگی۔
غَضَنَهٗ (ن ض) غَضْنًا۔ عَنْ كَذَا : منع کرنا۔ روکنا...... النَاقَةُ : اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا اور اسم (الغِضَان) ہے۔
اَغْضَنَ۔ السَحَابُ : لگاتار بارش ہونا۔
اَغْضَنَت عَلَیْهِ الحُمّٰی : تیز بخار آنا اور ہمیشہ رہنا...... عَلَیْهِ اللَّیْلَ : رات کا تاریک ہونا۔
غَاضَنَ مُغَاضَنَةً۔ عَیْنَه : آنکھ کا جھپکانا...... المَرْاَةَ : آنکھ جھپکا کر عورت سے بات چیت کرنا۔
غَضَّنَ۔ الشَّیْئَ : موڑنا۔ شکن ڈالنا۔
غَضَّنَتِ السَمَاء : لگاتار برسنا...... النَاقَةُ : اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا۔
تَغَضَّن : مڑنا۔ شکن پڑنا۔
الغَضْن والغَضَن : کپڑے یا کھال کی شکن۔ تھکن۔ مشقت۔ غَضَنُ العَیْن : آنکھ کی ظاہری کھال ج غُضُوْن۔ غُضُوْنُ الاُذْن : کان کی سلوٹ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ غُضُوْنٍ" پیشانی پر شکن والا آدمی "وكَانَ الاَمْرَ فِیْ غُضُوْنِ ذٰلِکَ" یعنی اس کے درمیان میں۔
الغُضْنَة الغَضَنَة : باریک چھلکا جو چیچک والے کی جلد پر ہوتا ہے۔
الغَضِیْن : اونٹنی کا ناتمام بچہ۔
الاَغْضَن : خلقتاً تکبر یا عداوت کی وجہ سے آنکھ سمیٹنے والا۔
غَضَا یَغْضُوْ غَضْوًا۔ اللَّیْلَ : تاریک ہونا...... البَعِیْرُ : اونٹ کا درخت غضا چرنا۔ صفت (غَاضٍ)
غُضُوًّا : نعمت اور آسودہ حالت میں ہونا۔ صفت (غَاضٍ) مؤنث (غَاضِیَة) ج غَوَاضٍ۔
غَضِیَ یَغْضٰی غَضًی۔ البَعِیْرُ : درخت غضا کے کھانے سے اونٹ کے پیٹ میں درد ہونا۔ صفت (غَضٍ) مؤنث غَضِیَة ج غضایا غَضِیَتِ الاَرْضُ : بہت درخت والی ہونا۔
اَغْضٰی اِغْضَاءً۔ اللَّیْلُ : رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاضٍ) خلاف قیاس۔ اَغْضٰی عَیْنَه : آنکھ بند کرنا۔ عَلَی الاَمْرِ : خاموش رہنا۔ صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَغْضٰی عَنْه طَرْفَهٗ" اس سے اُس نے نگاہ پھیر لی۔ "و اَغْضٰی عَلَی القَذٰی" اس نے صبر کیا اور معاف کر دیا۔
تَغَاضٰی : آنکھیں بند کر لینا...... عَنْهُ : غفلت برتنا۔
الغَضَا : جھکاؤ کا درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اور اس کی چنگاری دیر تک نہیں بجھتی۔ واحد (غَضَاة) جھاڑی۔ اَهْلُ الغَضَا : نجد کے رہنے والے۔
الغَاضِیَةُ۔ غَاضِی : کا مؤنث۔ تاریک۔ روشن۔ کہا جاتا ہے "لَیلة غَاضِیَةٌ" یعنی تاریک رات "نَارٌ غَاضِیَةٌ" یعنی روشن آگ۔ آگ۔ ج غَوَاضٍ۔
الغَضْیَاءُ۔ غضا : کے اُگنے کی جگہ۔ اَرْضٌ غَضْیَاء : بہت درخت غضا والی زمین۔
غَطَّ (ن ض) غَطًّا و اَغَطَّ الشَّیْئَ فِی المَاءِ : پانی میں ڈبونا۔ غوطہ دینا۔
غَطَّ (ن) غَطًّا : سخت نچوڑنا۔
غَطَّ (ض) غَطِیْطًا۔ النَائِمُ : سونے والے کا خراٹے لینا۔ البَعِیْرُ : اونٹ کا بلبلانا۔
تَغَاطَّ۔ الرَجُلَانِ فِی المَاءِ : ایک دوسرے کو پانی میں ڈبونا۔
انْغَطَّ فِی المَاءِ : پانی میں ڈوبنا۔
الغَطَاط : سنگ خوار پرندے کی ایک قسم۔
والغَطَاط : صبح کی ابتداء۔
الغُطَیْطَةُ : تیز تلوار۔
غَطْرَسَ غَطْرَسَةً۔ عَلٰی فُلَانٍ : تکبر کرنا...... الرَجُلُ : اپنے ہم عمروں پر دست درازی کرنا...... بِالشَّیْئِ : خود پسند ہونا...... هٗ : غضبناک کرنا۔
تَغَطْرَسَ : ناز کرنا۔ تکبر کرنا...... غضبناک ہونا۔ بخل کرنا۔
الغِطْرِس : متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِس۔
الغِطْرِیْس : متکبر۔ خود پسند۔ ج غَطَارِیْس۔
غَطْرَشَ۔ اللَّیْلُ بَصَرَهٗ : رات کا نگاہ کو تاریک کرنا...... بِصَرُهٗ : لگاتار تاریک ہونا۔
الرَجُلُ : بڑائی ظاہر کرنا۔
تَغَطْرَف : ناز و انداز سے چلنا۔ تکبر کرنا۔
الغِطْرَفَة : تکبر۔
الغِطْرَاف والغِطْرِیْف : سخی۔ سردار۔ خوش طبع جوان۔ خوبصورت ج غَطَارِفَة وغَطَارِیْف۔ الغِطْرِیْف : باز کا بچہ بھی۔
الغِطْرُوْف والغُطْرُوْف : خوبصورت خوش طبع جوان۔
غَطَسَ (ض) غَطْسًا۔ فِی المَاءِ : پانی میں غوطہ کھانا...... ہٗ فِی المَاءِ : غوطہ دینا...... فِی الاِنَاءِ : برتن میں منہ لگا کے پینا۔
غَطَّسَهٗ۔ فِی المَاءِ : پانی میں غوطہ دینا۔
تَغَاطَسُوْا۔ فِی المَاءِ : پانی میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔ تَغَاطَسَ الرَجُلُ : غفلت برتنا۔
الغَاطِس۔ فا۔ لَیْلٌ غَاطِسٌ : تاریک رات۔
الغِطَاس عِنْدَ النَصَارٰی : نصرانیوں کی ایک عید۔
الغَطَّاس : قعر دریا تک غوطہ لگانے والا۔ ایک پرندہ جس کو غَوَّاص : بھی کہتے ہیں۔
الغَطُوْس : لڑائیوں میں پیش قدمی کرنے والا۔
المَغْطِس : غوطہ لگانے کی جگہ۔
المِغْطَس : بڑا برتن جس میں غوطہ لگائیں۔ ج مَغَاطِس۔
غَطَشَ (ض) غَطْشًا۔ اللَّیْلُ : رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غَاطِش و اَغْطَش)

الغطیس: عیسائیوں کے اقسمہ کا دن۔
غطش (ض) غطشا وغطشانا: مریض کا بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا۔
غطش (س) غطشا: کمزور نظر والا ہونا۔ صفت (اغطش وغطش) مؤنث (غطشاء وغطشة) ج غطش وغطشات.
اغطش. اللیل: رات تاریک ہونا۔
اللہ اللیل: رات کو تاریک کرنا۔
تغطشت. عینہ: نگاہ کمزور ہونا۔
تغاطش. عنہ: اندھا بننا، غفلت برتنا۔
اغطاش: کمزور نظر والا ہونا۔
الغطاش: رات کی تاریکی۔
الغطش. فی العین: سیلانِ اشک کے ساتھ نظر کی کمزوری۔
فلاة (غطشاء وغطیش وغطشی) چٹیل میدان جس میں راستہ کا پتہ نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فلاة غطشی و نحن کرمالها غطشی" چٹیل میدان تھا اور ہم اس میں اسی میدان کی ریت کے مانند پیاسے تھے۔
لیلة غطشاء: تاریک رات۔
غطغطت غطغطة. القدر: ہانڈی کا جوش مارنا۔۔۔۔النوم علی فلان: نیند کا غالب آنا۔۔۔۔وتغطغط البحر: سمندر میں موجوں کا بلند ہونا۔ تغطغط الشیء: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
الغطاغط: بکری کے مادہ بچے، واحد (غطغط).
الغطغطة: مص۔ سنگ خوار کی آواز کے مانند نقل کرنا۔
غطف (س) غطفا: پلکوں کا طویل ہونا اور مڑ جانا۔ صفت (اغطف) مؤنث (غطفاء) ج غطف.
الغطف: مص۔ وسعتِ عیش۔
الاغطف. من العیش: آسودہ زندگی۔
الغطم: بڑا سمندر۔ وسیع الاخلاق آدمی۔ جماعت کثیر۔

غطمط. البحر: سمندر کا بلند موجوں والا ہونا۔۔۔۔القدر: ہانڈی کا جوش مارنا۔۔۔۔السیل: آواز دینا۔
تغطمط. البحر: سمندر کا جوش مارنا اور موجوں کا بلند ہونا۔۔۔۔الصوت: آواز کا گلوگیر ہونا۔
بحر (غطامط) بڑی موجوں والا سمندر۔
الغطمطم: بڑا سمندر۔
غطا یغطو غطوا وغطوا. الشیء: چھپانا۔۔۔۔السماء وغیرہ: بلند ہونا۔۔۔۔اللیل: رات کی تاریکی کا سب چیزوں کو چھپالینا۔
غطی تغطیة واغطی اغطاء. الشیء: چھپانا۔ اغطی الکرم: پانی جاری ہونا اور بیل کا پھیلنا۔
تغطی واغتطی: چھپنا۔
الغطاء: پردہ۔ سرپوش۔ ج اغطیة.
الغطایة: عورت کی کرتی۔
غطی یغطی غطیا وغطیا. اللیل: رات کا تاریک ہونا۔۔۔۔الشباب: جوانی کا بھرپور ہونا۔۔۔۔الماء: پانی کا بہت ہونا۔ صفت (غاط)۔۔۔۔الشیء وعلی الشیء: چھپانا۔۔۔۔واغطی. الشجر: درخت میں لمبی لمبی شاخوں کا ہونا۔ اغطاہ: چھپانا۔
الغاطیة: مؤنث غاطی: انگور کی بیل۔
غف الطائر: پرندے کا گرنا۔
اغتفت وتغففت. الدابة: جانور کا موسم بہار کے چارہ پر پہنچنا۔ اغتفت الدابة: چوپایہ کا چارہ پانا۔ اغتف فلانا: تھوڑا دینا۔
تغفف. الاناء او الضرع: برتن یا تھن کے بقیہ کو لینا۔
الغف: خشک شدہ پتے۔
الغفة: چارہ جس کو اونٹ منہ سے جلدی لے سکے۔ گزارہ۔ غفة الاناء او الضرع: برتن یا تھن کا بقیہ۔ الغفة: چوہا۔
غفر (ض) غفرا. الشیء: ڈھانکنا۔
۔۔۔۔الشیب بالخضاب: سفید بالوں کو خضاب سے چھپانا۔
غفر وغفیرا وغفیرة وغفرانا ومغفرة وغفورا. لہ الذنب: چھپانا اور معاف کر دینا۔۔۔۔الامر: درست کرنا۔
غفر (ض) وغفر (س) غفرا وغفرا المریض: مریض کا دوبارہ بیمار ہونا۔ غفر وغفر الجرح: زخم کا تازہ ہونا۔ غفر الثوب: کپڑے کا روئیں دار ہونا۔
غفر. الشیء: چھپانا ڈھانکنا۔۔۔۔الرجل: غفر اللهم لہ: کہنا۔
اغفرہ: چھپانا۔ اغفر الرمث: گوند نکالنا۔
تغفر: گوند چننا۔
تغافروا: ہر ایک کا دوسرے کے لئے مغفرت کی دعا کرنا۔
اغتفر. اللہ ذنبہ: بخش دینا۔
اغفار. الثوب: روئیں دار ہونا۔
استغفر. اللہ الذنب ومن الذنب: بخشش طلب کرنا۔
الغفر والغفر: رواں کپڑے کا۔ الغفر: چھوٹی چھوٹی گھاس (الغفر والغفر والغفار) گردن وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے بال۔
الغفر والغفر: پہاڑی بکری کا بچہ۔ ج غفرة واغفار وغفور.
الغفر: گائے کا بچہ۔
الغفر: گردن وغیرہ پر چھوٹے چھوٹے بال والا۔ کہا جاتا ہے "رجل غفر القفا وامراة غفرة الوجه".
الغفار: رخسارہ پر نشان۔
الغفرة: ڈھکنا۔ سرپوش۔ کہا جاتا ہے "غفر الشیء بغفرتہ" اس نے مناسب طریقہ سے اصلاح کر دی۔
الغفارة: خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے ٹکڑا کہ جس سے کمان کے گوشہ کو لپیٹتے ہیں۔ چیتھڑا جس سے عورتیں اوڑھنی کو میل یا تیل وغیرہ سے بچاتی ہیں اور وہ چیز جس سے کسی چیز کو چھپائیں۔

الغِفَارَة : لمبی چوڑی چادر جس کو علمائے یہود اوڑھتے تھے۔

الغافِر : فا۔ ج غافِرُون وغَفَرَة.

الغَفُور : بہت بخشنے والا۔ مؤنث ومذکر دونوں کے لئے مستعمل ہے۔

الغَفّار : بہت بخشنے والا۔ مؤنث غَفّارَة.

الغَفِير : مص۔ رواں۔ کہا جاتا ہے "جاءُوْا جمًّا غَفِيرًا وجَمَّ الغَفِيرِ والجَمُّ الغَفِيرُ" یعنی جماعت آ گئی جس میں شریف و رذیل سبھی قسم کے لوگ ہیں۔

المُغْفِرَة : پہاڑی بکری بچہ والی ج مُغْفِرات.

المِغفَر والمِغفَرة : خود جس کو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے۔ ج مَغافِر.

المِغفَر والمُغفُر والمُغفُور : ایک قسم کا گوند جو بعض درختوں سے نکلتا ہے۔ ج مَغافِر ومَغافِير. أرْضٌ (مَغْفُورٌ) وہ زمین جس میں یہ گوند بہت نکلتا ہے۔

الغُفْرُفُ : خربوزہ کی ایک قسم۔

الغَفَش : آنکھ کا کیچڑ۔

غافَصَهُ غِفاصًا ومُغافَصَةً : اچانک آ جانا۔ اچانک پکڑ لینا۔

الغافِصَة : مصیبت زمانہ ج غَوافِص.

غَفَقَهُ (ض) غَفْقًا بالسَّوْطِ : کوڑے سے بہت مارنا۔ غَفَقَ عَلَيْهِ : کسی پر اچانک آ جانا۔

الرَّجُلُ : اچانک واپس آ جانا۔

غَفْقَة : کچھ تھوڑا سا سونا۔

غَفَّقَ : اس طرح سونا کہ لوگوں کی باتیں سن رہا ہو۔

تَغَفَّقَ. الشَّرابَ : تمام دن شراب پیتا یا تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔

اِغْتَفَقَ به : احاطہ کرنا۔

الغَفْق : مص۔ ہلکی بارش۔

المَغْفِق : مرجع۔ لوٹنے کی جگہ۔

المُنْغَفِق : واپس ہونے اور مڑنے کی جگہ۔

غَفَلَ (ن) غُفُولًا وغَفْلَةً وغَفَلًا عَنْهُ : غافل ہونا۔ بھول جانا۔ چھوڑ دینا ..... الشَّئَ : چھپانا۔

غَفَّلَهُ : غافل بنانا۔ غافل سمجھنا۔ غَفَّلَ الشَّئَ : چھپانا۔

أغْفَلَ. الشَّئَ : چھوڑ دینا ..... ہُ : غافل نام رکھنا۔ غافل سمجھنا ..... الكِتابَ : نقطے نہ رکھنا ..... ہ : کام کے وقت کو پوچھنا اور فرصت کا انتظار کرنا۔

غافَلَهُ وتَغَفَّلَهُ واغْتَفَلَهُ واسْتَغْفَلَهُ : غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ اِغْتَفَلَهُ : غافل سمجھنا۔

تَغافَلَ : بتکلف غافل بننا۔ تَغافَلَ : غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ تَغافَلَ عَنِ الأمْرِ : غافل ہونا۔ بھول جانا۔

الغَفَل : مص۔ فراخی عیش۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي غَفَلٍ مِن عَيْشِهِ" وہ فراخی عیش میں ہے۔

الغُفْل : بے علامت۔ بے حسب آدمی ..... مِنَ الشِّعْرِ : جس کا قائل معلوم نہ ہو ..... مِنَ الأرْضِ : غیر آباد زمین ..... مِنَ الرِّجالِ : ایسا آدمی جس سے نہ خیر کی توقع ہو نہ شر کا اندیشہ۔ مِنَ الكُتُبِ : جس کا مصنف معلوم نہ ہو۔ مِنَ الشُّعَراءِ : مجہول شاعر ج أغْفال.

نَعَمٌ (أغْفال) بے علامت چوپائے۔

الغافِل : فا۔ ج غافِلُون وغُفُول وغُفَّل.

الغَفْلان : غافل۔

الغُفْلان : غافل۔ غفلت ورزی اور بے خبری۔

المُغْفَلَة : ڈاڑھی بچہ۔

المُغَفَّل : مفع۔ بے خبر آدمی۔ سادہ لوح۔

غَفا يَغْفُو غَفْوًا وغُفُوًّا وغَفِيَ يَغْفَى غَفْيَةً وأغْفَى : اونگھنا۔ ہلکی نیند سونا۔ کہا جاتا ہے أغْفَيْتُ : اور غَفَيْتُ : کم بولا جاتا ہے۔ غَفا الشَّئُ : پانی پر تیرنا۔

الغَفْوَة. غَفا : کا اسم مرۃ۔ ہلکی نیند۔

غَفَى يَغْفِي غَفْيًا وأغْفَى. الطَّعامَ : غلہ کو صاف کرنا۔ وأغْفَى الطَّعامُ : بہت کوڑا کرکٹ والا ہونا۔ اغفى الرَّجُلُ : کھلیان میں بھوسہ پر سو جانا۔

اِنْغَفَى. الشَّئُ : ٹوٹنا۔

الغَفَى : گیہوں کا چھلکن۔

الغَفاء : گیہوں کا چھلکن۔ درخت خرما کے لئے آفت جو غبار کے مانند ہوتا ہے اور میووں کو پکنے نہیں دیتا۔

الغَفْيَة : بلند ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھے۔

الغُفاءَة : آنکھ کی سفیدی۔

غَقَّ (ض) غَقًّا وغَقِيقًا. القارُ : تار کا جوش مارنا اور اس کی آواز سنائی دینا (دیکھئے قار)

..... الصَّقْرُ : شکرہ کا آواز کرنا۔

غَقُّ الماءِ وغَقِيقُه : تنگ جگہ میں پانی کے داخل ہونے کی آواز۔

الغَقّاق : اسم مبالغہ۔

غَلَّهُ (ن) غَلًّا. في الشَّئِ : داخل کرنا۔

غَلَّ المَفازَةَ : بیابان میں داخل ہونا ..... الشَّئَ : چپکے سے لینا اور اپنے سامان میں ملا دینا ..... الماءُ بَيْنَ الأشْجارِ : پانی کا درختوں کے درمیان جاری ہونا۔ [illegible] راستے سے بھٹک جانا۔

غُلُولًا : خیانت کرنا ..... فِي الشَّئِ : داخل ہونا ..... فِي البِلادِ : گھستے ہوئے چلے جانا۔

غَلَّ (ن) غَلًّا وغَلَّلَ. الغِلالَةَ : غلالہ پہننا۔ (دیکھئے غلالہ) غَلَّهُ وغَلَّلَهُ : ہاتھ میں ہتھکڑی یا گلے میں طوق ڈالنا۔

غَلَّ (ض) غِلًّا وغَلِيلًا. صَدْرُهُ : کینہ والا ہونا۔ دھوکے فریب والا ہونا۔

غُلَّ غَلًّا وغُلَّةً : سخت پیاسا ہونا۔ صفت (غَلِيل ومَغْلُول ومُغْتَلّ)

أغَلَّ. الرَّجُلُ : خیانت کرنا۔ أغَلَّتِ الأرْضُ : غلہ والی ہونا۔ غلہ پیدا کرنا ..... البَصَرُ : تیز نظر کرنا۔ أغَلَّهُ : خیانت کی طرف نسبت کرنا ..... عَلَى عِيالِهِ : بال بچوں کے لئے غلہ لانا ..... الخَطِيبُ : خطیب کا کلام میں صواب کو نہ پہنچنا ..... الجِلْدَ : قصائی کا کچھ گوشت اور چربی کے ساتھ کھال کو کھینچنا۔

اِنغَلَّ وتَغَلَّلَ. فِي الشَّيءِ: داخل ہونا۔
اِغتَلَّ الضيعَةَ: جائیداد سے غلہ کو لینا۔
...... الثَّوبَ: کپڑے کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔
اِغتَلَّ وتَغَلَّلَ. بالغالِيَةِ: غالیہ لگانا۔
اِستَغَلَّ. الارضَ: زمین سے غلہ لینا۔
غَلَّةٌ: غلام کو غلہ لانے پر مجبور کرنا۔
الغِلُّ: کینہ و دھوکا فریب۔
الغُلُّ: پیاس۔ ہتھکڑی یا طوق ج اَغلال
وغُلول: کہا جاتا ہے "هٰذا غُلٌّ فِي عُنُقِكَ" یعنی یہ تیرے لئے لازم ہے اور تجھے اس پر سزا ملے گی۔
الغَلَّة: مکان کا کرایہ یا زمین کا ما حصل ج غَلّات وغِلال.
الغُلَّة: سخت پیاس۔ کپڑے کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج غُلَل.
الغَلَل: پیاس۔ درختوں کے درمیان بہنے والا پانی۔ چھننا (چائے وغیرہ چھاننے کا) گوشت جو کھال پر رہ جائے۔ ج اَغلال.
الغِلالَة: ہر وہ کپڑا جو کپڑے کے یا زرہ کے نیچے پہنا جائے مثلاً بنیان یا شلوکا وغیرہ۔ زرہ کے نیچے دو حلقوں کو ملانے والی میخ۔ ج غَلائِل: گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔
الغالِيَة: ایک قسم کی مرکب خوشبو۔
الغَلِيل: سخت پیاسا۔ سخت پیاس۔ کینہ۔ سوزش محبت یا سوزش غم۔
الغَلِيلَة مؤنث غليل: زرہ یا زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ ج غَلائِل.
المِغلال: بہت غلہ والا۔
المُغتَلّ: پیاسا۔ کہا جاتا ہے "انا مُغتَلٌّ إلَيهِ" یعنی میں اس کا مشتاق ہوں۔
المُغِلّات والمُستَغَلّات: زمین کا زائدہ (بصورت کرایہ یا غلہ)
غَلَبَ الرَّجُلَ وغَلَبَ عَلَيهِ (ض) غَلْبًا وغَلَبًا وغَلَبَةً ومَغلَبًا ومَغلَبَةً وغُلُبّى وغِلِبّى وغُلُبَّةً وغَلابِيَةً واغتَلَبَهُ: غالب ہونا کہا جاتا ہے "غَلَبَ عَلَيهِ الكَرَمُ" کرم کا اس کے اوپر غلبہ ہو گیا گویا کہ وہ اس کی عادت ثانیہ ہے۔
غَلِبَ (س) غَلَبًا: موٹی گردن والا ہونا۔ صفت (اَغلَب) مؤنث غَلباء ج غُلْب.
غَلَّبَهُ: غالب بنانا۔
غالَبَهُ غِلابًا ومُغالَبَةً: ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
تَغَلَّبَ. عَلَى البَلَدِ: شہر پر زبردستی تسلط جما لینا۔
تَغالَبُوا عَلَى البلد: شہر پر قابض ہونے کے لئے ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
اِغلَولَبَ العُشبُ: گھنا ہونا...... القومُ: بہت ہونا۔
اِستَغلَبَ. عَلَيهِ الضَّحِكُ: تیز ہونا۔ غالب ہونا۔
الغَلّاب: بہت غالب ہونے والا۔ ج غَلّابُون.
الغالِب: فا۔ ج غالِبُون وغَلَبَةٌ کہا جاتا ہے "هٰذا مما يُحدِثُ غالِبًا وفِي الغالِبِ" یہ اکثر احوال میں واقع ہوتا ہے۔
الاَغلَب: اسم تفضیل۔ اسی سے ہے "عَلَى الاَغلَب وفِي الاَغلَب" یعنی علی الاکثر وفی الاکثر۔ الاَغلَب: شیر۔
الغَلباء: مؤنث اغلب: گھنے درختوں کا باغ۔ بڑا اونچا ٹیلہ۔ بہت عزیز خاندان۔
الغُلُبَّة: مص...... مِنَ الرِّجالِ: جلد غالب آنے والا۔
المُغَلَّب: مفع۔ بار بار مغلوب کیا ہوا۔
المَغلَبَة: مص۔ غلبہ۔ غلبہ کی جگہ۔
غَلَتَ (ن) غَلتًا. البَيعَ او الشِّراءَ: فسخ کرنا۔
غَلِتَ (س) غَلَتًا: غلطی کرنا۔ حسابی غلطی کے لئے اکثر استعمال ہوتا ہے۔
تَغَلَّتَهُ واغتَلَتَهُ: اچانک پکڑ لینا۔ غفلت میں پکڑ لینا۔
الغَلتَة: رات کا ابتدائی۔
غَلِثَ (س) غَلَثًا. القومُ: سختی سے مقابلہ کرنا۔
واغتَلَثَ. الزَّندُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔
غَلَثَ (ض) غَلثًا. الشيءَ بالشيءِ: ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا۔
الغَلث: مص۔ غلہ کے ساتھ ملا ہوا کوڑا کرکٹ۔
الغَلِث: مجنون۔ والمُغالِث: سخت جنگ کرنے والا۔
الغَلِث والغَلِيث والمَغلُوث مِنَ البُرِّ: وہ گیہوں جس میں کوڑا کرکٹ ملا ہوا ہو۔
غَلَجَ (ض) غَلجًا وغَلَجانًا. الفرسُ: برابر ایک رفتار پر چلنا۔
تَغَلَّجَ. عَلَيهِ: ظلم کرنا۔
الغُلُج: عمدہ جوانی۔
الاُغلُوج: نرم و نازک شاخ۔ ج اَغالِيج.
الغَلادِيثِيا: بڑے کانوں والا ایک درخت۔
غَلَّسَ فِي العَمَلِ: آخر رات کی تاریکی میں کام کرنا۔ الماءَ: آخر رات کی تاریکی میں پانی پر پہنچنا۔
الغَلَس: آخر رات کی تاریکی ج اَغلاس.
غَلَصَهُ (ن) غَلصًا وغَلصَمَهُ غَلصَمَةً: حلق کاٹنا۔ حلق پکڑنا۔
الغَلصَمَة: مص۔ سر اور گلے کے درمیان کا گوشت۔ جماعت۔ قوم۔ سرداران قوم۔ ج غَلاصِم: کہا جاتا ہے "هُوَ فِي غَلصَمَةٍ مِن قَومِهِ" وہ اپنی قوم میں شریف و معزز ہے۔
غَلِطَ (س) غَلَطًا. فِي الاَمرِ: غلطی کرنا۔ صفت (غالِط) اور صفت مفعول (مَغلُوطٌ فِيهِ).
غَلَّطَهُ: غلطی کی نسبت کرنا۔
غالَطَهُ غِلاطًا ومُغالَطَةً واَغلَطَهُ: غلطی میں ڈالنا۔
تَغالَطَ. القومُ: ایک دوسرے کو غلطی میں

ڈالنا۔
المَغْلَطَة : وہ مسائل مبہمہ جس سے آدمی کو غلطی میں ڈالا جائے۔ وہ چیز جس میں غلطی کی جائے یا کثرت سے جس میں غلطی واقع ہو۔ ج مَغَالِيط.
الأغْلُوطَة بمعنی مَغْلَطَة ج أغْلُوطَات وأغَالِيط.
الغَلُوطَة بمعنی مَغْلَطَة کہا جاتا ہے هٰذِهٖ مَسْألَة غَلُوطَة : یعنی یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں بکثرت غلطی ہوتی ہے۔
المِغْلاط : بہت غلطی کرنے والا۔
غَلَظَ (ن ض) وغَلُظَ (ک) غِلَظًا وغَلْظَةً وغُلْظَةً وغِلاظَةً : موٹا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (غَلِيظًا) ج غِلاظ و(غَالِظ) ج غَلَظَة. غَلُظَتِ السُّنْبُلَةُ : خوشہ میں دانہ نکلنا...... الرَّجُلُ : سخت وتندخو ہونا۔
غَلَّظَهُ : گاڑھا کرنا۔ غَلَّظَ اليَمِينَ : قسم کو موکد کرنا...... عَلَيْهِ فِي اليَمِينِ : قسم میں سختی کرنا۔ کہا جاتا ہے "أخَذَ مِنْهُ مِيثَاقًا غَلِيظًا" اس سے پختہ عہد لیا۔
أغْلَظَ. المُسَافِرُ : مسافر کا سخت زمین پر اترنا...... الشَّيْءَ : غلیظ پانا...... لَهُ فِي القَوْلِ : درشت کلامی کرنا۔ سختی سے جھڑکنا۔
غَالَظَ مُغَالَظَةً : دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
اِسْتَغْلَظَ : گاڑھا ہونا۔ موٹا ہونا۔ سخت ہونا...... الشَّيْءَ : موٹا پانا۔
الغُلاظ : گاڑھا۔ موٹا۔ سخت۔
الغَلْظ : سخت زمین۔
الغِلْظَة : مص۔ سختی۔ گندگی۔ موٹاپا۔ بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ غِلْظَةٌ" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے۔
غَلَفَ (ن) غَلْفًا. الشَّيْءَ : ڈھانکنا۔ غلاف میں ڈالنا۔
غَلِفَ (س) غَلَفًا : غیر مختون ہونا۔
غَلَّفَ. الشَّيْءَ : غلاف میں ڈالنا۔ ڈھانکنا۔ چھپانا۔

أغْلَفَ. الشَّيْءَ : غلاف بنانا۔ غلاف میں ڈالنا۔
تَغَلَّفَ واغْتَلَفَ : غلاف میں ہونا۔
تَغَلَّفَ الرَّجُلُ : داڑھی میں غالیہ۔ یعنی مرکب خوشبو لگانا۔ اِغْتَلَفَ بِالغَالِيَةِ : غالیہ خوشبو لگانا۔
الغَلَف : مص ایک درخت ہے دباغت کے کام میں آتا ہے۔
الغُلْفَة : ختنہ کا چمڑا جس کو ختنہ کرنے والا کاٹتا ہے ج غُلَف. الغُلْفَتَان : مونچھوں کے دونوں کنارے۔
المُغَلَّفُ : غلاف شدہ کتاب۔
الأغْلَف : غیر مختون۔ کہا جاتا ہے قَلْبٌ أغْلَف : یعنی ایسا دل جو نہ محفوظ رکھے نہ سمجھے "عَامٌ أغْلَف" ارزانی کا سال۔
الغِلاف : وہ چیز جس میں کوئی چیز داخل کی جائے اور چھپائی جائے جیسے میان، جز دان ج غُلُف وغُلْف.
الغَلْفَاء. أغْلَف : کا مؤنث ج غُلْف أرْض غَلْفَاء : بغیر چری ہوئی زمین۔ سَنَةٌ غَلْفَاءِ : ارزانی کا سال۔
غَلِقَ (س) غَلَقًا : تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔ غضبناک ہونا۔ بدخلق ہونا۔ صفت (غَلِق) ...... الرَّهْنُ فِي يَدِ المُرْتَهَنِ : حق مرتہن ہونا اور یہ اس وقت جبکہ راہن رہن چھڑانے سے عاجز ہو جائے۔
أغْلَقَ وغَلَّقَ. البَابَ : دروازہ بند کرنا اور نادر طریقہ پر بولا جاتا ہے۔
غَلَقَ (ض) غَلْقًا ...... اور یہ أغْلَقَ میں ایک ردی لغت ہے۔
أُغْلِقَ. عَلَيْهِ الأمْرُ : معاملہ کا مبہم ہونا۔
أُغْلِقَ القَاتِلُ فِي يَدِ الوَالِي : قاتل کو والی کے قبضہ میں دیا جانا تاکہ جو چاہے فیصلہ کرے۔ کہا جاتا ہے "أُغْلِقَ فُلانٌ بِجَرِيرَتِهٖ" فلاں اپنے جرم کی وجہ سے حوالہ کیا گیا اور اسم (الغَلاق) ہے۔
غَالَقَهُ مُغَالَقَة : شرط لگانا۔

تَغَالَقَ. القَوْمُ : ایک دوسرے سے شرط لگانا۔
اِسْتَغْلَقَ. البَابُ : دروازہ کا کھلنا دشوار ہونا۔
الكَلامُ عَلَى فُلانٍ : گفتگو کا بند ہو جانا۔
الغَلَقُ : قفل۔ تالا۔ بڑا دروازہ...... عِنْدَ البَنَّائِينَ : معماروں کی اصطلاح میں غَلَق اس پتھر کو کہتے ہیں جو محراب یا قبہ کے بیچ میں لگایا جاتا ہے ج اغلاق : جج اَغَالِيق.
كَلامٌ (غَلِقٌ ومُغْلَقٌ) مشکل کلام جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
بَابٌ (غُلُقٌ) بند دروازہ۔
المغلق : جوئے کے فائدہ بخش تیروں میں سے ایک تیر ج مَغَالِق.
المِغْلَقُ والمِغْلاقُ والمُغْلُوقُ : قفل۔ تالا جس سے دروازہ بند کیا جائے۔ ج مَغَالِيق.
غَلِمَ (س) غَلَمًا وغُلْمَةً واغْتَلَمَ : شہوت پرست ہونا۔ صفت (غَلِمٌ وغِلِّيمٌ ومُغْتَلِمٌ) مؤنث غلمه وغليم وغليمة ومغلمة
اغتلم الشَّرَابُ : جوش مارنا۔ اِغْتَلَمَتِ الأمْوَاجُ : تیز ہونا۔
الغُلام : سبز خط۔ نوجوان۔ غلام۔ مزدور ج غِلْمَان وغِلْمَةٌ وأغْلِمَةٌ.
الغُلامَة : غلام کا مؤنث۔ باندی۔ لونڈی۔
الغُلُومَة والغُلامِيَة والغُلُومِيَّة : نوجوانی۔
الغَيْلَم : مذکر۔ کچھوا۔ مینڈک۔ کنوئیں میں پانی کا سوت۔ بہت بالوں والا نوجوان۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ غَيْلَم" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
غَلَنَ (ض) غَلْنًا الشَّبَابُ : جوش پر ہونا۔
غُلَوَانُ. الشَّبَابِ أوِ الأمْرِ : جوانی کی نشاط اور ابتداء۔
غَلا يَغْلُو غُلُوًّا : زیادہ ہونا۔ بلند ہونا...... النَّبْتُ : نباتات کا گنجان اور بڑا ہونا...... بِالدِّينِ : دین میں جوشیلا و پختہ ہونا۔
غَلا غَلاءً. السِّعْرُ : بھاؤ بڑھ جانا۔ صفت (غَالٍ وغَلِيٌّ)
غَلا يَغْلُو غَلْوًا وغُلُوًّا. السَّهْمَ وبِالسَّهْمِ : تیر کو انتہائی دور تک پھینکنا۔

غالی غلاءً ومُغالاۃً. السَّھمَ وبالسَّھمِ: تیر کو انتہائی دور تک پھینکنا ...... فِی الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا ...... بالشَّیْءِ: قیمت بڑھ جانا۔ گراں قیمت پر خریدنا وغالی الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔

اَغلی الشَّیْءَ: گراں قیمت پر خریدنا ...... السِّعْرَ: بھاؤ گراں کرنا ...... الکَرْمَ: انگور سے پتے اتار دینا۔

اَغلی وتَغالی واِغْلَوْلی. الشَّجَرُ: درخت کا گنجان ہونا اور بڑا ہونا۔

اِغتلی. البَعِیرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔

اِستغلی. الشَّیْءَ: گراں پانا۔

الغالی: فا۔ ج غُلاۃ مؤنث غالیۃ ج غالیات وغَوالٍ. الغالی: موٹا گوشت۔ کہا جاتا ہے "بِعتُ بالغالی وبالغلی": یعنی میں نے گراں بیچا۔

الغَلاءُ: مص۔ قیمت کی زیادتی۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ج اَغْلِیَۃ.

الغُلَواءُ والغَلْوَاءُ: حد سے گزرنا ...... والغُلَوان) آغاز جوانی ونشاط جوانی۔ کہا جاتا ہے "خَفِّضْ مِنْ غُلَوائِکَ" یعنی اپنی سرکشی اور حد سے گزرنے کو پست کر ...... و "فَعَلَہ فِی غُلَواءِ شَبابِہ" اس نے اس کو اپنے آغاز جوانی میں کیا۔

الغَلْوَۃ: ایک تیر پرتاب ج غَلَوات وغِلاء.

المِغْلی والمِغْلاۃ: تیر جو انتہا تک پھینکا جائے۔ ج مَغالٍ.

غَلی یَغْلِی غَلْیًا وغَلَیانًا: جوش مارنا۔

غَلّی تَغْلِیَۃً واَغلی اِغلاءً. القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔ الرَّجُلَ: دور سے اشارہ کر کے سلام کرنا۔

تَغَلّی. غالیہ (مرکب خوشبو) لگانا۔

الغالِیَۃُ: مرکب خوشبو۔ ج غَوالٍ.

اَلغَلْیُون: ٹونٹی والا چھوٹا برتن جس میں شراب گرم کی جاتی ہے۔

غَمَّہٗ (ن) غَمًّا: ڈھانپ لینا۔ غمگین کرنا۔

غَمَّ الیَوْمُ: تیز گرمی والا ہونا ...... القَمَرُ النُّجُومَ: ستاروں کی روشنی کو ماند کر دینا ...... الشَّیْءُ الشَّیْءَ: غالب ہونا۔

غُمَّ. عَلَیْہِ الاَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔

غَمَّ (س) غَمَمًا: لمبے بال والا ہونا۔ صفت (اَغَمُّ) مؤنث غَمّاءُ ج غُمٌّ.

اَغَمَّہٗ: غمگین کرنا۔ اَغَمَّ الیَوْمُ: سخت گرمی والا ہونا۔ اَغَمَّتِ السَّماءُ: بادل والا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اَغَمَّکَ لِی وَغَمَّ اِلَیَّ" کس چیز نے تم کو میرے لئے غمگین کیا۔

غامَّہٗ مُغامَّۃً: ایک دوسرے کو غمگین کیا۔

تَغامَّ: بتکلف غم ظاہر کرنا۔

اِنْغَمَّ: ڈھک جانا ...... واغتَمَّ) غمگین ہونا۔

اِغْتَمَّ النَّباتُ: نباتات کا لمبا ہونا اور بہت ہونا۔ اِغْتَمَّ الرَّجُلُ: پوشیدہ ہو جانا۔

الغامُّ: فا۔ یَوْمٌ غامٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔

الغَمُّ: غم۔ حزن۔ اندوہ۔ کرب۔ ج غُمُوْم

یَوْمٌ غَمٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔

الغُمَّۃُ: غم۔ حزن۔ ملال۔ حیرت۔ ج غُمَم کہا جاتا ہے "ھُوَ فِی غُمَّۃٍ" یعنی وہ حیرت میں ہے۔

لَیْلَۃٌ (غَمٌّ وغَمَّۃٌ) گرم رات۔ غم کی رات۔

الاَغَمُّ. مِنَ السَّحابِ: گھرا ہوا بادل۔ لَیْلَۃٌ غَمّاءُ: بادل والی رات۔

الغُمّی: سختی۔ تاریکی۔ گرد آلودگی۔

الغَمام: بادل۔ ایک ٹکڑے کو (غمامۃ) کہتے ہیں ج غَمائِم کہا جاتا ہے ھو یفتر عن مثل حب الغمام: وہ اولے جیسے دانتوں سے ہنستا ہے۔ الغُمام: زکام۔

المَغْمُوْم: زکام زدہ۔

الغِمامَۃ: منہ پر کا چھینکا اور کبھی اس کے لئے بھی بولتے ہیں جو گھوڑے کی دونوں آنکھوں کے ادھر ادھر لگا دیتے ہیں تا کہ سوائے سامنے کے نہ دیکھ سکے ج غَمائِم.

الغَمّاءُ والغُمّی: غم۔ حزن۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "مِثْلُکَ یَکْشِفُ الغَمّاءَ" تمہیں جیسا آدمی مصیبت کو دور کر سکتا ہے۔

الغَمِیْم: گرم کیا ہوا گاڑھا دودھ۔

الغُمُوْم: جمع غم۔ چھوٹے مخفی ستارے۔

غَمْمٌ (مُغِمَّۃٌ) بہت پانی والا بادل۔

اَرْضٌ (مُغِمَّۃٌ) بہت پیداوار والی زمین۔

غَمِتَہٗ (ض) غَمْتًا. الطَّعامُ: کھانے کا دل پر ثقیل ہونا اور مدہوش کر دینا ...... ہٗ فِی الماءِ: پانی میں ڈبو دینا ...... الشَّیْءَ: ڈھانکنا۔

غَمِتَ (س) غَمَتًا: کھانا دل پر ثقیل ہونے سے مدہوش سا ہونا۔

غَمَجَ (ض) غَمْجًا وغَمِجَ (س) غَمَجًا. الماءَ: لگاتار گھونٹ سے پانی پینا۔

الغُمْجَۃ والغُمُجَۃ: گھونٹ ج غُمَج.

غَمَدَ (ن ض) غَمْدًا. السَّیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا ...... الشَّیْءَ: چھپانا ...... الاَمْرَ: درست کرنا۔

غَمِدَتْ (س) غَمَدًا. البِئْرُ: کنوئیں کا زیادہ پانی والا ہونا۔ کم پانی والا ہونا۔ غَمِدَ اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

اَغْمَدَ. السَّیْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ الاَشْیاءَ: بعض کو بعض میں داخل کرنا۔

غَمَّدَہٗ وتَغَمَّدَہٗ: عیوب چھپا لینا۔

تَغَمَّدَہُ اللّٰہُ بِرَحْمَتِہ: رحمت میں چھپا لینا۔ رحمت کے سایہ میں رکھنا۔ تَغَمَّدَ الاِناءَ: برتن کو بھرنا۔

اِغْتَمَدَ. اللَّیْلَ: رات میں داخل ہونا۔

الغِمْد: تلوار کی نیام ج غُمُوْد واَغْماد.

سَفِیْنَۃٌ (غامِدٌ وغامِدَۃٌ) بھری ہوئی کشتی ج غَوامِد.

بِئْرٌ (غامِدٌ وغامِدَۃٌ) مٹی سے ڈھکا ہوا کنواں۔

مِغْمَدُ. السَّیْفِ: تلوار کی میان ج مَغامِد.

غَمَرَہٗ (ن) غَمْرًا. الماءُ: پانی کا بلند ہو کر ڈھانکنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَرَ فُلانًا بِفَضْلِہ" اس نے فلاں کو اپنے فضل و احسان سے ڈھانپ لیا۔

غَمِرَ (س) غَمْرًا وغَمَرًا. صَدْرُہٗ عَلَیَّ: کینہ سے بھر جانا۔ غَمِرَتْ یَدُہٗ: گوشت کی چکناہٹ لگنا۔

غَمُرَ (ک) غَمَارَةً وغُمُورَةً. المَاءُ: بہت ہونا......الرَّجُلُ :جاہل ہونا۔
غُمِرَ. عَلَيْهِ :بے ہوشی طاری ہوجانا۔
غَمَّرَ. وجهه :منہ پر زعفران ملنا......بالشَّئْ :پھینکنا یا دفع کرنا۔
أَغْمَرَهُ. الحرُّ :گرمی کم ہوجانے کی وجہ سے سفر پر جرأت دلانا۔
غَامَرَهُ مُغَامَرَةً :مقاتلہ کرنا اور موت کی پروا نہ کرنا۔
اِغْتَمَر وتَغَمَّرَ :منہ پر زعفران ملنا۔
اِغْتَمَرَ واِنْغَمَر :پانی میں ڈوبنا۔اِغْتَمر المَاء الشَّئْ :ڈوبانا۔
الغَمْر :مص۔بہت پانی۔سمندر کا بڑا حصہ۔کامل کپڑا۔کریم وسیع الاخلاق ج غِمَارٌ وغُمُور :کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ غَمْرٌ" کشادہ کپڑا "ولَيْلٌ غَمْرٌ" بہت تاریک رات و"غَمْرُ النَّاس" لوگوں کی جماعت "هُوَ غَمْرُ الرِّدَاء" وہ بہت بھلائی کرنے والا سخی ہے۔
الغُمْر والغِمْر والغُمُر :ناتجربہ کار جاہل۔ج اَغْمَار...... الغِمْر :کینہ۔پیاس۔الغُمْرُ :زعفران منہ وغیرہ پر لگانے کی ایک چیز ہے جس کو ورس سے بناتے ہیں۔
الغَمَر :مص۔ناتجربہ کار۔جاہل۔کینہ۔گوشت کی چکناہٹ۔ج غُمُور. غَمَر النَّاس :لوگوں کی جماعت۔
الغُمَر :چھوٹا پیالہ ج غِمَار واَغْمَار.
الغَمِر :بہت چربی والا۔چکنا۔
غَمْرَةُ. الشَّئْ :سختی۔ج غَمَرات وغِمَار وغُمَر. غَمَراتُ المَوْتِ :موت کی سختیاں۔
الغُمْرَة :زعفران۔
الغَمَارَة :جہالت و بےخبری۔
والغُمَار والغَمَار والغُمَارَة :لوگوں کی جماعت۔مختلف لوگوں کی جماعت۔
الغَامِر :فا۔اُجاڑ زمین۔المَال الغَامِر :بہت مال۔

الغَمِير :بہت پانی۔
المُغْتَمِر :مدہوش۔
المَغْمُور :مفع۔گمنام غیر مشہور و مقہور۔
الغَمَارِيْد :سانپ کی چھتری۔
غَمَزَ (ض) غَمْزًا :ٹٹولنا......القَنَاةَ :نیزہ کو آزمائش کے لئے دانتوں سے چبانا۔
ہ بالعَيْن او الجَفْن او الحَاجِب :آنکھ یا پلک یا ابرو سے اشارہ کرنا۔غَمَزَ عَيْبُهُ او دَاؤُهُ :عیب یا مرض کا ظاہر ہونا۔غَمَزَتِ الدَّابةُ :جانور کا لنگڑا ہونا۔غَمَزَ بالرَّجُلِ وعَلَيْهِ :طعنہ دینا اور برائی کی کوشش کرنا۔
غَامَزَهُ مُغَامَزَةً :ایک دوسرے کو عیب لگانا۔
اَغْمَزَ. فِيْهِ :عیب لگانا۔حقیر ثابت کرنا۔گھٹیا مال جمع کرنا۔
تَغَامَزَ. القَوْمُ :آنکھوں سے ایک دوسرے کو اشارہ کرنا۔
اِغْتَمَز :طعنہ دینا۔الكَلمةَ :کمزور سمجھنا۔
الغَمَز :گھٹیا مال۔دبلے پتلے جانور۔کمزور مرد ج غَمَزٌ و اَغْمَاز :کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ غَمَزٌ مِنْ قَوْمٍ غَمَزٍ او اَغْمَاز".
الغَامِز :فا۔نیزے کی آزمائش کرنے والا۔
الغَمَّاز :اسم مبالغہ۔مؤنث غَمَّازَة.
الغَمِيْز :کھلا ہوا عیب۔
المَغْمَز :عیب طعنہ یا طمع کی جگہ۔ج مَغَامِز.
الغَمِيْزَة بمعنی مَغْمَز :عقل یا عمل کی کمزوری۔کہا جاتا ہے "مَافِيْهِ غَمِيْزَة او مَغْمز" اس میں کوئی نمایاں عیب نہیں۔
المَغْمُوز :مفع۔متهم الغموز :اونٹنی جب تک اس کے کوہان پر ہاتھ نہ ڈالیں۔موٹائی و دبلاپن سے ظاہر نہ ہو۔
غَمَسَ (ض) غَمْسًا. الشَّئْ فِي المَاءِ :پانی میں ڈبونا غوطہ دینا۔البَنَانَ فِي صَدْرِهِ :بھالے کو سینہ میں داخل کرنا۔گھسانا۔
غُمُوْسًا. النَّجم :ستارے کا ڈوبنا۔غروب ہونا۔
غَمْسَةُ :سختی سے ڈبونا۔غَمْسَ الغُرُوب :کم پیتا......الإبِل :اونٹ کو پلانا مگر واپس جانا۔
غَامَسَ مُغَامَسَةً :خطرات میں کود پڑنا۔
...... فلانًا :ایک دوسرے کو پانی میں غوطہ دینا۔
...... فِيْ الأَمْرِ :جلد بازی کرنا۔
اِنْغَمَسَ واغْتَمَسَ فِي المَاءِ :غوطہ لگانا۔
...... فِيْ الشَّئْ :داخل ہونا۔گھسنا۔
الغَمُوْس :مصیبت میں ڈالنے والا معاملہ۔
...... مِنَ الرِّجَالِ :بہادر۔کہا جاتا ہے "طَعْنَةٌ غَمُوْسٌ" پار ہوجانے والی نیزہ کی مار "اليَمِيْن الغَمُوْس" جان بوجھ کر جھوٹی قسم ج غُمُس
الغَمِيْس :تاریکی لَيْلٌ غَمِيْسٌ :تاریک رات۔......والغَمِيْسَةُ :جھاڑی۔درختوں کا جھنڈ۔ہر وہ گنجان چیز جس میں چھپا جا سکے۔
الغَمَّاسَة :مرغابی جس کی بہت قسمیں ہوتی ہیں۔ج غَمَّاس. طعنة غَمَّاسَة :کشادہ زخم۔
غَمِشَ (س) غَمْشًا :چندھا ہونا۔کمزور نظر ہونا۔سیلانِ اشک کی وجہ سے چندھا ہونا۔صفت (اَغْمَش)
غَمَصَهُ (ض) وغَمِصَهُ (س) غَمْصًا :حقارت کرنا۔غَمَصَ النِّعمَة :نعمت کی ناشکری کرنا۔
عَلَيْهِ :جھوٹ بولنا......عَلَيْهِ كَلَامَهُ :عیب لگانا۔
غَمِصَ (س) غَمَصًا :آنکھ کا کیچڑ والی ہونا۔
غَمِصَت عَيْنُهُ :کیچڑ بہنا۔صفت (اَغْمَص) اور آنکھ کو (غَمْصَاء) کہتے ہیں جمع غُمْص۔
اِغْتَمَصَهُ :حقیر جاننا۔حقارت کرنا۔جھوٹا سمجھنا۔
الغَمَصُ :مص۔آنکھ کی کیچڑ۔
رَجُلٌ (غَمِصٌ) عیب لگانے والا۔
الغَمُوْص :جھوٹا۔يمين غموص :جھوٹی قسم۔

رَجُلٌ (مَغْمُوضٌ) عَلَيْهِ : جس کے حسب یا دین میں عیب لگایا جائے۔
غَمَضَ (ن) وغَمُضَ (ک) غُمُوْضًا الكَلَامُ : کلام کا دقیق ہونا۔
غَمَضَ (ن ض) غَمْضًا. السَّيْفُ فِي اللَّحْمِ : تلوار کا گوشت میں گھسنا ...... الرَّجُلُ فِي الْأَرْضِ : سفر کرنا ...... عَنْهُ فِي الْبَيْعِ : خرید و فروخت میں نرمی برتنا۔
غَمِضَ (س) غُمُوْضَةً وغَمَاضَةً المَكَانُ : پست ہونا۔
غَمَّضَ وأَغْمَضَ. عَيْنَهُ : آنکھ بند کرنا۔ ...... عَنْهُ فِي الْبَيْعِ : خرید و فروخت میں نرمی برتنا۔ غَمَّضَ الكَلَامَ : مبہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَّضَ عَنِ الإِسَاءَةِ" چشم پوشی کرنا۔
إغْمَضَتِ العَيْنُ فُلَانًا : حقارت کرنا۔
أَغْمَضَ عَنِ الشَّيْءِ : درگزر کرنا۔ أَغْمَضَ عَلَى كَذَا : برداشت کرنا اور راضی ہونا۔
أَغْمَضَ فِي السِّلْعَةِ : گھٹیا ہونے کی وجہ سے قیمت کم کرنا ...... حَدَّ السَّيْفِ : تلوار کی دھار باریک کرنا ...... فُلَانًا : کسی سے دوڑ میں آگے نکل جانا بعد اس کے کہ پہلے وہ آگے نکل چکا تھا۔
اِنْغَمَضَ. طَرْفُهُ : آنکھ کا بند ہونا۔
اِغْتَمَضَ. البَرْقُ : بجلی کی چمک بند ہونا۔ ...... الرَّجُلُ عَنِ الإِسَاءَةِ : چشم پوشی کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اغْتَمَضَتْ عَيْنَاهُ" یعنی اس کی آنکھیں نہیں سوئیں۔
الغَمْضُ : مص۔ پست زمین ج غموض واغماض : کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ غَمْضٍ" : فلاں ذلیل و گمنام ہے۔
الغَمْضُ والغِمَاضُ والغِمَاضُ والتَّغْمَاضُ : آنکھ کا بند ہونا۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "مَا اكْتَحَلْتُ عَيْنِي غُمْضًا او غِمَاضًا او اغْمَاضًا او تَغْمَاضًا او تَغْمِيْضًا" یعنی میں نہیں سویا۔
الغَامِضُ : فا۔ پست زمین ج غَوَامِض : گمنام۔ ذلیل۔ أَمْرٌ غَامِضٌ : مبہم معاملہ۔

الخَلْخَالُ الغَامِضُ : پازیب جو پنڈلی کو بھر دے۔ الغَامِضُ مِنَ الكُعُوْبِ والسُّوْقِ : موٹا ٹخنہ یا موٹی پنڈلی۔ غَوَامِضُ الإِبِلِ : چھوٹے اونٹ۔
الغَامِضَةُ : مؤنث غَامِض ج غَامِضَات وغَوَامِض. الدَّارُ الغَامِضَةُ : مکان جو سڑک سے علیحدہ ہو۔
الغَمِيْضَةُ : عیب۔
الغُمُوْضَةُ "مَا فِي هٰذَا الأَمْرِ غُمُوْضَةٌ" یعنی اس معاملہ میں کوئی عیب نہیں۔
المُغْمِضَاتُ : گناہ جو جان بوجھ کر آدمی کرے۔ مُغْمِضَاتُ اللَّيْلِ : رات کی تاریکیاں۔
غَمَطَهُ (ض) وغَمِطَهُ (س) غَمْطًا : حقارت کرنا۔ حقیر جاننا۔ غَمَطَ النِّعْمَةَ : نعمت کی ناشکری کرنا۔ ناقدری کرنا ...... الحَقَّ : حق کا انکار کرنا ...... المَاءَ : پانی کا زور سے گھونٹ بھرنا ...... الذَّبِيْحَةَ : ذبح کرنا۔
أَغْمَطَ. عَلَيْهِ الشَّيْءُ : ہمیشہ ہونا۔
غَامَطَ مُغَامَطَةً فِي الشُّرْبِ : لگاتار گھونٹ لگانا۔
تَغَمَّطَ عَلَيْهِ التُّرَابُ : مٹی سے ڈھانکنا یہاں تک کہ مار ڈالنا۔
اِغْتَمَطَ : دوڑ میں ہارنے کے بعد آگے بڑھ جانا ...... ہ بِالكَلَامِ : غالب ہونا۔ اِغْتَمَطَ الشَّيْءُ : نکل جانا اور پھر کوئی نشان نہ ملنا۔
الغَمْطُ : مص۔ پست زمین۔
غَمْغَمَ غَمْغَمَةً : ...... بیل کا خوف کے وقت ڈکارنا ...... الأَبْطَالُ : بہادروں کا مقاتلہ کے وقت شور مچانا ...... الكَلَامَ : غیر واضح کلام بولنا ...... الصَّبِيُّ : بچے کا دودھ کے لئے پستان پر رونا۔
تَغَمْغَمَ. الرَّجُلُ : غیر واضح بولنا ...... الغَرِيْقُ تَحْتَ المَاءِ : ڈوبے ہوئے پانی کے نیچے بولنا۔
الغَمْغَمَةُ : مص۔ خوف کے وقت کی آواز۔ ...... مقاتلہ کے وقت کی آواز۔ غیر واضح کلام ج غَمَاغِم.

غَمِقَ (س ن) وغَمُقَ (ک) غَمَقًا المَكَانُ : نمناک ہونا۔ سیلن والا ہونا ...... النَّبَاتُ : نمناکی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت (...... غَمِقٌ) مؤنث (غَمِقَةٌ)
غَمِقَ. البَعِيْرُ : اونٹ کا غمقہ کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
الغُمْقَةُ : ایک بیماری جو پیٹھ میں ہوتی ہے۔
المَغْمُوْقُ : پیٹھ کی بیماری والا۔
غَمَلَ (ن) غَمْلًا. الشَّيْءَ : چھپانا ...... فُلَانًا : پسینہ کے لئے ڈھانکنا ...... البُسْرَ : گدر کھجور کی پال دبانا۔ العِنَبَ فِي الزَّنْبِيْلِ : انگور کو زنبیل میں تہ بتہ رکھنا ...... الشَّيْءَ : درست کرنا۔
...... وتَغَمَّلَ. النَّبَاتُ : ایک دوسرے پر چڑھنا ...... الشَّيْءُ : وسیع ہونا۔
غَمِلَ (ض) غَمَلًا : پیچیدہ ہو کر خراب و بدبودار ہونا ...... الجُرْحُ : پٹی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت (غَمِلٌ)
أَغْمَلَ. الإِهَابَ : کچے چمڑے کا چھوڑ دینا۔ یہاں تک کہ وہ بگڑ جائے۔
اِنْغَمَلَ. الأَدِيْمُ : چمڑے کا خراب ہونا۔ صفت (غَمِيْل)
الغَمِيْلُ. مِنَ النَّصِيِّ (ایک قسم کی گھاس) پیچیدہ اُگی ہوئی ...... مِنَ الأَرْضِ : پست زمین ج غَمْلَى.
المَغْمُوْلُ : مفع۔ گمنام۔
الغُمْلُوْلُ : درختوں سے ڈھکی ہوئی وادی ج غَمَالِيْل.
الغَمْلَجُ والغَمَلَّجُ والغِمْلَاجُ والغُمْلُوْجُ والغُمْلِيْجُ : غیر مستقل جو ایک حالت پر نہ رہے۔ مؤنث غَمْلَجٌ وغَمَلَّجٌ غُمْلُوْجَةٌ وغُمْلِيْجَةٌ.
الغُمْلُجُ والغَمْلِيْجُ : موٹا لمبا۔ السَّمَعْ(؟) سایہ میں اُگی ہوئی شاخ ج غَمَالِيْج
غَمَنَ (ن) غَمْنًا. الشَّيْءَ : چھپانا

البُسْرَ : گدر کھجور کی پال دبانا ..... فلانًا : پسینہ لانے کے لئے ڈھانکنا۔
غَمِنَ وانغَمَنَ فِیْ الاَرْضِ : غائب کیا جانا۔ غائب ہونا۔
الغُمّة : ایک قسم کا اُبٹنا۔
غَمَا یَغْمُوْ غَمْوًا۔ البَیْتَ : لکڑی اور مٹی سے چھت پاٹنا۔
الغَمَا : مکان کی چھت یا چھت کی لکڑی مٹی وغیرہ۔ اس کا تثنیہ غَمَوَان ج اَغْمِیَة واَغْمَاء۔
غَمٰی (ض) غَمْیًا وغَمْیٌ۔ البَیْتَ : بمعنی غَمَا یَغْمُوْ۔
غُمِیَ واُغْمِیَ۔ الیَوْمَ : تمام دن ابر رہنا۔
غُمِیَ واُغْمِیَ عَلَی المَرِیْضِ : غشی طاری ہونا۔ صفت (مَغْمِیٌّ ومُغْمِیٌّ) عَلَیْهِ۔
الغَمٰی : گھوڑے کو پسینہ لانے والی پوشش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَمًی" یعنی بے ہوش مرد اور جمع کے لئے کہا جاتا ہے "رِجَالٌ غَمًی واَغْمَاءٌ"۔
...... والغِمَاءُ : مکان کی چھت ج اَغْمَاء واَغْمِیَة۔
غَنَّ (س) غَنًّا۔ النَّخْلُ : درخت خرما کا پکنا۔
...... الوَادِی : وادی کا زیادہ درخت والی ہونا۔ وغَنًّا وغُنَّةً : گنگنانا۔
غَنَّ۔ الرَّوْضُ : زیادہ درخت والا بنانا۔
اَغَنَّ۔ الشَّجَرُ : درخت کا پکنا ..... الوَادِی : وادی کا زیادہ درخت والی ہونا ..... الرَّوْضُ : باغ کا سرسبز کرنا ..... الذُّبَابُ : مکھی کا بھنبھنانا ..... الرَّجُلُ : نرم آواز نکالنا۔
الغُنَانُ : مکھی کی بھنبھناہٹ۔
الغُنَّة : گنگناہٹ۔
الاَغَنُّ : گنگنانے والا۔ حرف اَغَنُّ : غنہ کا حرف۔ الوَادِی الاَغَنُّ : زیادہ گھاس اور درختوں والی وادی۔ مؤنث غَنَّاء۔
القَرْیَةُ الغَنَّاءُ : آباد گاؤں۔
غَنِثَ (س) غَنَثًا۔ الرَّجُلُ : سانس لے کر پینا۔ غَنِثَتْ نَفْسُهٗ : متلانا۔
تَغَنَّثَهٗ۔ الشَّیْءُ : بوجھل ہونا۔ بھاری ہونا۔ چمٹنا۔
الغَنْثَرُ : بے وقوف۔
غَنِجَ (س) غَنَجًا وتَغَنَّجَ : ناز کرنا۔ صفت (غَنِجٌ ومِغْنَاجٌ) مؤنث غَنِجَة ومِغَانِج)
الغُنْجُ والغَنَجُ والغُنَاجُ : نازنخرہ۔
الغُنَاجُ : کاجل جس کو عورتیں گوندنے میں استعمال کرتی ہیں۔
الاُغْنُوْجَة : نازنخرہ کرنے کی چیز۔ ج اَغَانِیْج۔
الغُنْدُرُ والغُنْدَرُ۔ مِنَ الغِلْمَانِ : موٹا تازہ لڑکا۔
تَغَنْدَرَتِ المَرْاَةُ : تکبر سے چلنا۔
الغَانِدُ : نخرہ۔
غَنِصَ (س) غَنَصًا : تنگ دل ہونا۔
اَلْغُنَافِلِیْوْنَ : زرد اور سفید پھول اس کا ہار بنا کر قبروں پر ڈالتے ہیں۔
غَنَظَ (ض) غَنْظًا : قریب ہلاکت ہونا۔
...... الاَمْرُ فُلَانًا : دشوار ہونا۔ (غَنْظَهٗ واَغْنَظَهٗ) غیظ وغضب سے بھر دینا۔
غَانَظَهٗ : ایک دوسرے کو مشقت میں مبتلا کر دینا۔
الغَنْظُ والغَنَظُ والغَنَاظُ والغِنَاظُ : لازمی رنج وغم۔
المَغْنُوْظُ : مغموم۔ غمزدہ۔
غَنِمَ (س) غُنْمًا۔ الشَّیْءَ : مفت حاصل کرنا۔
غُنْمًا وغَنَمًا وغَنِیْمَةً وغُنْمَانًا : غنیمت حاصل کرنا۔
غَنَّمَهٗ۔ کَذَا : حصہ سے زائد دینا۔
اَغْنَمَهٗ۔ الشَّیْءَ : غنیمت حاصل کرانا۔
تَغَنَّمَ واغْتَنَمَ واسْتَغْنَمَ۔ الشَّیْءَ : غنیمت سمجھنا۔ تَغَنَّمَ فُلَانٌ : بکریاں جمع کرنا جیسے تَاَبَّلَ : اونٹ جمع کرنا۔
الغَنِیْمَة : مال جو جنگ میں حاصل ہو۔ کمائی۔ ج غَنَائِم : کہا جاتا ہے "الغَنِیْمَة بَارِدَة" یعنی پاک کمائی یا بلا مشقت کی کمائی۔
الغُنْم : بمعنی غنیمت۔ غُنُوْم۔
الغُنِیْم : بمعنی غنیمت۔
الغَنَم : بعض۔ بکریاں اور اس کے لئے اس لفظ سے واحد نہیں واحد کے لئے لفظ (شاة) ہے ج اَغْنَام وغُنُوْم واَغَانِم : کہا جاتا ہے "غَنَمٌ (مُغْنَمَة ومُغَنَّمَة)" یعنی بہت بکریاں۔
الغَنَّام : بہت بکریوں والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ بہت مال غنیمت حاصل کرنے والا۔
المَغْنَم : غنیمت۔ مَغَانِم : کہا جاتا ہے "المَغْنَمُ بَارِدٌ" یعنی پاک غنیمت۔ کہا جاتا ہے (غُنَامَاکَ) اَنْ تَفْعَلَ کَذَا : تمہاری کوشش کی انتہا یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الغُنْوَة : بے نیازی۔ کہا جاتا ہے (لَهٗ غُنْوَة) اس کو اس سے بے نیازی ہے۔
غَنِیَ (س) غِنًی۔ الرَّجُلُ : نکاح کرنا۔
غَنِیَتِ المَرْاَةُ : حسن وجمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز ہونا۔
غِنًی ومَغْنًی۔ بِالمَکَانِ : اقامت کرنا۔ صفت (غَانٍ) کہا جاتا ہے غَنُوْا بِدِیَارِهِمْ ثُمَّ فَنُوْا : اپنے ممالک میں اقامت کی پھر فنا ہو گئے۔ فُلَانٌ : زندہ رہنا۔ زندگی بسر کرنا۔
غِنًی۔ غَنَاءً وغُنْیَانًا : مالدار ہونا۔ بِالشَّیْءِ عَنْ غَیْرِهٖ : اکتفا کرنا۔
غَنّٰی تَغْنِیَةً : آواز کرنا ..... الشِّعْرَ وبِالشِّعْرِ : گانا ..... بِالمَرْاَةِ : عشق بازی کرنا۔ الشَّاعِرُ بِفُلَانٍ : کسی کی مدح کرنا یا ہجو کرنا۔ غَنَّاهُ اللّٰهُ : مال دار کر دینا۔
اَغْنٰی اِغْنَاءً۔ الرَّجُلَ : مالدار کر دینا۔ عَنْهُ : کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَغْنٰی عَنْهُ غَنَاءَ فُلَانٍ ومَغْنَاهُ ومَغْنَاةً ومَغْنَاتَهٗ" یعنی قائم مقام ہوا۔ اَغْنٰی عَنْهُ کَذَا : دور کر دینا اور کہا جاتا ہے "مَا یُغْنِیْ عَنْکَ هٰذَا وَمَا اَغْنٰی شَیْئًا" یعنی نافع نہیں ہے۔
تَغَنّٰی تَغَنِّیًا : مالدار ہونا ..... بِالمَرْاَةِ : عورت سے عشق بازی کرنا ..... بِالشِّعْرِ : شعر گانا ..... بِفُلَانٍ : کسی کی مدح یا ہجو کرنا۔ تَغَنَّیْتُ

البراۃ :عورت کا نکاح کرنا۔

اِسْتَغْنٰی :بے نیاز ہونا......عَنْہُ بِہٖ :اکتفا کرنا......اللّٰہ :اللہ سے بے نیاز ہونے کی دعا کرنا۔

الغِنٰی والغِنْیَۃ والغُنْیَۃ والغُنْیان :اکتفا۔ تونگری۔مالداری۔کہا جاتا ہے"مَالَہٗ عَنْہُ غِنًی وَغُنْیَۃٌ وغُنْیانٌ"یعنی اس کے لئے اس سے چارہ نہیں۔

الغِنٰی والغَناء :اکتفا تونگری۔کہا جاتا ہے "لَا غِنٰی عَنْہُ"یعنی ضروری ہے۔

الغِناء عَنِ الصَّوْتِ :گیت۔سُر۔

الاُغْنِیَّۃ والاِغْنِیَّۃ والاُغْنِیَۃ والاِغْنِیَۃ : گیت۔سُر۔راگ۔ج اَغانِی واَغانٍ.

الغَنِی :اکتفا کرنے والا۔تونگر۔مالدار۔کہا جاتا ہے"ھُوَ غَنِیٌّ عَنْہُ"یعنی وہ اس سے بے نیاز ہے ج اَغْنِیاء.

الغانِی :فا۔غنی۔کہا جاتا ہے"رَجُلٌ غانٍ عَنْ کَذَا"یعنی فلاں چیز سے بے نیاز ہے۔

الغَانِیَۃ :مؤنث غانی:وہ عورت جو حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز ہو۔ نکاح کرنے والی۔ج غانِیات وغَوانٍ.

المَغْنٰی :منزل۔ج مَغانٍ۔کہا جاتا ہے "خَرِبَتْ مَبانِیھِم وخَلَتْ مَغانِیھِم"یعنی ان کا شرف جاتا رہا اور ان کے مکان خالی ہوگئے۔"وَمَالَہٗ عَنْہُ مَغْنًی"یعنی اس کے لئے اس سے چارہ نہیں۔

غَھِبَ (س) غَھَبًا واَغْھَبَ. عَنْہُ :غافل ہونا۔بھولنا۔

اِغْتَھَبَ :تاریکی میں چلنا۔

الغَھَبُ :مص۔کہا جاتا ہے"اَصابَ الصَّیْدَ غَھَبًا"یعنی شکار پر غفلت میں بلا قصد کے پہنچ گیا۔"قَتَلَہٗ غَھَبًا"اس کو بلا قصد کیا۔

الغَیْھَب :تاریکی۔بہت تاریک رات۔بہت سیاہ گھوڑا۔غافل بے وقوف اور کمزور ج غَیاھِب.

الغَیْھَبان:تاریکی۔پیٹ۔

الغَیْھَبَۃ :مؤنث غَیْھَب :لڑائی کا شور۔

غَاثَہٗ یَغُوثُہٗ غَوْثًا واَغاثَہٗ اِغاثَۃً ومَغُوثَۃً : اعانت کرنا۔مدد کرنا۔

غَوَّثَ. الرَّجُلُ: واغوثاہ :کہنا۔

اِسْتَغاثَ الرَّجُلَ وبِہٖ :مدد طلب کرنا۔

الغَوْث والغُوَاث والغَوَاث :مدد۔

الغَوْث والغِیاث والغَوِیث :کھانے وغیرہ کی مدد۔

المَغاوِث :پانی۔کہا گیا ہے کہ اس کے لئے مفرد نہیں۔

غَاجَ یَغُوجُ غَوْجًا وتَغَوَّجَ. الغُصْنُ :ٹہنی کا جھکنا' مڑنا۔تَغَوَّجَ الرَّجُلُ فِی مَشْیِہٖ :چال میں لچکنا۔

غَارَ یَغُوْرُ غَوْرًا :پستی کی طرف آنا۔

الماءُ :گہرائی میں جانا۔صفت(غائِر)

النَّھارُ :سخت گرمی والا ہونا......الرَّجُلُ : دوپہر میں سونا......الشَّیْءَ او القَوْمَ :طلب کرنا۔کہا جاتا ہے"غُرْتُ فِیْ غَیْرِ مَغَار" بغیر مطلب کے میں نے طلب کیا۔

غَارَتْ تَغُوْرُ غَوْرًا وغُؤُوْرًا. عَیْنُہٗ :آنکھ کا دھنس جانا۔

غَوْرًا وغُؤُوْرًا وغِیارًا. فِی الاَمْرِ :معاملہ میں باریک نظر سے دیکھنا......فِی الشَّیْءِ : ......داخل ہونا۔

غَارَتْ غِیارًا وغُؤُوْرًا. الشَّمْسُ :آفتاب کا غروب ہونا۔

غَارَلَھُمُ اللّٰہُ غِیارًا وغَارَھُمْ :رزق وغیرہ سے اعانت کرنا۔

غَوَّرَ :پستی کی طرف آنا......الماءُ :زمین میں اُترنا......الرَّجُلُ :دوپہر میں چلنا یا نازل ہونا یا سونا......القَوْمَ:قوم کو شکست دینا ......غَوَّرَتِ الشَّمْسُ او النُّجُوْمُ :غروب ہونا'ڈوبنا۔کہا جاتا ہے غَوَّرَ النَّھارُ :جبکہ دن ڈھل جائے۔

اَغارَ اِغارَۃً :چلنے میں جلدی کرنا۔پستی کی طرف آنا۔سفر کرنا......الحَبْلَ :رسی کو مضبوط بٹنا۔

اَغارَ اِغارَۃً وغارَۃً ومَغارًا. عَلَیْھِمْ :لوٹ ڈالنا......الفَرَسُ :تیز دوڑنا......بِھِم والیھم :مدد دینے کے لئے آنا۔

غَاوَرَ مُغاوَرَۃً. العَدُوَّ :دشمن پر لوٹ ڈالنا ......بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

تَغَوَّرَ :پستی کی طرف آنا......طاھِرُ العَیْنِ : دھنس جانا۔

تَغاوَرَ. القَوْمُ :بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

اِغْتَارَ اِغْتِیارًا :نفع اٹھانا۔غلہ حاصل کرنا۔

اِسْتَغارَ. عَلَیْھِمْ :لوٹ ڈالنا......الرَّجُلُ : پست زمین میں اترنے کا ارادہ کرنا۔موٹا ہونا......الجُرْحُ :زخم کا سوجنا۔

اِسْتَغْوَرَہٗ اِسْتِغْوارًا :غلہ مانگنا۔

الغَار :غارج اَغْوار وغِیران:ایک قسم کا درخت واحد(غارَۃ)غبار۔بڑا لشکر۔انگور کے پتے۔غیرت۔تھوڑی کا گڑھا۔

الغَاران :ہڈیاں جن میں آنکھیں ہیں'اوپر نیچے کے تالو۔

الغَارَۃ :مص۔لوٹ۔اسم ہے اغارۃ :کاج

الغَارات :تیز رفتار غارت ڈالنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے"حَبْلٌ شَدِیْدُ الغارَۃِ:مضبوط بٹی ہوئی رسی و"شَنَّ الغارَۃَ عَلَیْھِم"گھوڑوں کو متفرق کردیا اور ہر طرف سے ان پر ٹوٹ پڑا۔

الغَوْر :مص۔پست زمین۔نیچے اترا ہوا پانی۔گڑھا۔غار۔کہا جاتا ہے"فُلانٌ بَعِیْدُ الغَوْرِ"فلاں نہایت باریک بین ہے۔ و"غَرَفْتُ غَوْرَ المَسْاَلَۃِ" مسئلہ کی حقیقت میں نے جان لی۔

الغَائِرَۃ :مؤنث غائر دوپہر:دوپہر کا سونا۔

الغَوْرَۃ :آفتاب۔قیلولہ۔

الغَوْر :خون بہا۔

الغَوْرِیّ :ہر چیز کا گڑھا۔

المَغار والمُغار والمَغارَۃ والمُغارَۃ :غار' لوٹ ج مَغاوِرُ ومَغارات......

المُغار :لوٹ کی جگہ۔

المِغْوار والمِغْوَر. مِنَ الرِّجالِ :بہت لوٹ ڈالنے والا۔فَرَسٌ مِغْوارٌ :تیز رفتار

گھوڑا۔

غَازَهٗ يَغُوْزُهٗ غَوْزًا : قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔

الغَاز : گیس۔ ج غَازَات۔

غَاصَ يَغُوْصُ غَوْصًا وغِيَاصًا وغِيَاصَةً ومَغَاصًا. فِي الْمَاءِ : پانی میں غوطہ لگانا۔ صفت (غَائِص) ج غُوَّاص وغَاصَة۔

غَاصَ عَلَى الشَّيْءِ : اچانک آ جانا۔ عَلَى المَعَانِي : معانی کی حقیقت تک پہنچنا۔

غَوَّصَهٗ : غوطہ لگوانا۔

الغَوَّاص : بہت غوطہ لگانے والا۔ وہ شخص جو موتی وغیرہ کے لئے غوطہ خوری کرتا ہے اور اس فن کا نام "الغِيَاصَة" ہے۔ ایک پرندہ جو غوطہ لگاتا رہتا ہے۔

الغَوَّاصَة. غَوَّاص : کا مؤنث۔ آبدوز کشتی۔

المَغَاص : مص۔ غوطہ لگانے کی جگہ۔ پنڈلی کے اوپر کا حصہ۔

غَاطَ يَغُوْطُ غَوْطًا. الحُفْرَةَ : گڑھا کھودنا۔ فِيْهِ : داخل ہونا۔ گھسنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَمْلٌ تَغُوْطُ فِيْهِ الْاَقْدَامُ : یہ ایسی ریت ہے جس میں پاؤں گھس جاتے ہیں۔ فِي الْمَاءِ : پانی میں غوطہ لگانا۔

غَوَّطَ. البِئْرَ : کنواں گہرا کھودنا۔ الطَّعَامَ : بڑے بڑے لقمے نگلنا۔

تَغَوَّطَ : پائخانہ کرنا۔ کہا جاتا ہے تَغَوَّطَ وبَالَ : پیشاب یا پائخانہ کیا۔

تَغَاوَطَا. فِي الْمَاءِ : ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔

اِنْغَاطَ. العُوْدُ : لکڑی کا مڑنا۔

الغَائِط : فا۔ پائخانہ۔ پائخانہ کرنے کی جگہ۔ پست زمین۔

الغَوْط والغَاط والغَوْطَة : پست زمین۔ ج غُوْط واَغْوَاط وغِيَاط وغِيْطَان۔ الغَاط : جماعت۔

الغُوْطَة : شام میں ایک جگہ کا نام ہے جہاں پانی اور درخت بہت ہیں۔ اس کو غوطہ دمشق بھی کہتے ہیں۔

بِئْرٌ (غَوِيْطٌ) بہت گہرا کنواں۔

الغَاغ : پودینہ۔ واحد (غَاغَةٌ)

الغَاغَة : بہت سے مختلف لوگ۔

الغُوَافَةُ : امریکی علاقے کا ایک درخت۔

الغَوْغَاء : ٹڈی جو اڑنے کے لئے تیار ہو یا جس کے پر نکل آئے ہوں۔ بہت سے مختلف لوگ۔ نیچے طبقے کے لوگ۔ فسادی لوگ۔

غَالَهٗ يَغُوْلُهٗ غَوْلًا واغْتَالَهٗ : ہلاک کرنا۔ اچانک پکڑ لینا۔ غَالَتْهُ الخَمْرُ : شراب کا مست کر دینا۔

غَاوَلَ مُغَاوَلَةً : جلدی چلنا۔

تَغَاوَلَا : ایک دوسرے پر سبقت کرنا۔

تَغَوَّلَ. الاَمْرُ : ابتر ہونا۔ تَغَوَّلَتِ الْمَرْأَةُ : رنگ برنگ ہونا۔ تَغَوَّلَتْهُمُ الْغِيْلَانُ : بے راہ کر دینا...... الاَرْضُ بِفُلَانٍ : ہلاک کر دینا اور بے راہ کر دینا۔

الغَوْل : مص۔ درد سر۔ مدہوشی۔ جنگل کی دوری۔ مشقت۔ پست زمین۔ بہت مٹی۔

الغُوْل : مصیبت۔ ہلاکت۔ چھلاوہ ج اغوال وغیلان : سانپ۔ ہر وہ چیز جس سے عقل زائل ہو جائے۔ جادوگر اور جن جو مختلف رنگ بدلیں۔ موت۔ ج اَغْوَال۔

الغِيْلَة : اسم ہے اِغْتِيَال کا۔

الغَائِلَة : مؤنث غَائِل : مصیبت۔ فساد۔ ہلاکت۔ برائی ج غَوَائِل۔

الاَغْوَل. مِنَ العَيْشِ : آسودہ زندگی۔

المِغْوَل : ہلاک کرنے کا آلہ۔ لمبا پیکار۔ گپتی۔

المَغَالَة : ہلاکت۔

غَوِيَ يَغْوِي وغَيًّا وغَوِيَ يَغْوٰي غَوَايَةً : گمراہ ہونا۔ محروم ہونا۔ ہلاک ہونا۔

وغَوَّىٰ واَغْوَى. الرَّجُلَ : گمراہ کرنا۔

غَوِيَ يَغْوَى وغَوِيَ يَغْوِي غَوًى الفَصِيْلُ : اونٹ کے بچے کو بدہضمی ہونا اور لاغر ہو کر قریب ہلاکت ہونا۔ صفت (غَوٍ)

تَغَاوَى : بہ تکلیف گمراہ بننا۔ بتکلف جاہل بننا...... القَوْمُ عَلَيْهِ : قتل کرنے کے لئے ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِنْغَوَى. الرَّجُلُ : گرنا اور جھکنا۔

اِسْتَغْوَى. الرَّجُلَ : گمراہ کرنا۔ کہا جاتا ہے بِتُّ (غَوًى وغَوِيًّا ومُغْوِيًا ومَغْوِيًا ومَغْوِيًّا) یعنی میں نے تمام رات بسر کی۔

الغَيَّةُ والغِيَّةُ : گمراہی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ وَلَدُ غَيَّةٍ" یعنی ولد الزنا ہے۔

الغَاوِي : فا ج غَاوُوْنَ وغُوَاةٌ. رَاسٌ غَاوٍ : چھوٹا سر یا بہت پھرنے والا سر۔

والغَوَى والغَوِيّ والغَيَّان : گمراہ۔ خواہشات کا غلام۔

الغَاوِيَة : مؤنث غَاوِي : مشک جس میں پانی ہو۔

الاُغْوِيَة : مصیبت۔ ہلاکت۔ درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ النَّاسُ فِي اُغْوِيَةٍ ج اَغَاوِيْ۔

المَغْوَاة : گمراہی کی جگہ۔ ج مَغَاوٍ۔

المُغَوَّاة : گمراہی کی جگہ ج مُغَوَّيَات۔

غَابَ يَغِيْبُ غَيْبًا وغَيْبَةً وغِيَابًا وغُيُوْبًا ومَغِيْبًا. عَنْهُ : غائب ہونا۔ دور ہونا۔ جدا ہونا۔

غَابَتِ الشَّمْسُ غِيَابًا وغُيُوْبَةً : آفتاب کا غروب ہونا...... الشَّيْءُ عَنْ فُلَانٍ : پوشیدہ ہونا...... عَنْ بِلَادِهٖ : سفر کرنا۔

غَابَ يَغِيْبُ غِيَابًا وغَيَابًا وغِيْبَةً وغِيَابَةً وغُيُوْبَةً الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ : چھپ جانا۔

غَابَهٗ غَيْبَةً واغْتَابَهٗ واغْتِيَابًا : غیبت کرنا۔ پیٹھ پیچھے بدگوئی کرنا۔

غَيَّبَهٗ : دور کرنا۔ کہا جاتا ہے غَيَّبَهٗ غَيَابُهٗ : یعنی وہ اپنی قبر میں دفن کیا گیا۔

اَغَابَتِ. المَرْأَةُ : غائب شوہر والی ہونا۔ صفت (مُغِيْب ومُغِيْبَة ومُغْيِب)

غَايَبَهٗ مُغَايَبَةً : پیٹھ پیچھے بات کہنا۔ تم کہتے "اَنَا مَعَكُمْ لَا اُغَايِبُكُمْ" میں تمہارے ساتھ ہوں تمہاری پیٹھ پیچھے بات نہیں کروں گا۔

تَغَيَّبَ. عَنْهُ : غائب ہونا۔

تَغَايَبَ. القَوْمُ : غائب ہونا۔

الغَیب :مص۔شک۔پردہ۔ہر وہ چیز جو تم سے غایب ہو۔بعید۔پست زمین۔ج غیاب وغُیُوب :کہا جاتا ہے "سَمِعتُ صَوتًا مِن وَرَاءِ الغَیب" یعنی میں نے آواز ایسی جگہ سے سنی جس کو میں دیکھتا نہیں۔

الغَیبَۃ والغَیَابَۃ :پست زمین۔قبر۔الغَیَابَۃُ مِنَ کُلِّ شَیئٍ :پردہ......مِنَ الوَادِی او الجُبِّ :وادی یا کنوئیں کی گہرائی۔

الغِیبَۃ :پیٹھ پیچھے کی بدگوئی۔

الغَائِب :فا۔ج غَیَب وغُیَّب وغُیَّاب وغَائِبُون. غَائِبُکَ :جو چیز تم سے غائب ہو۔

الغَابَۃ :بانس کی جھاڑی۔پست زمین۔لوگوں کی جماعت۔لمبا نیزہ۔ج غَاب وغَابَات وغَابَۃُ البَحرِ :سمندری کیڑوں کا متحجر درخت۔

الغَیَاب :مص۔قبر۔غَیَابُ الشَجَر وغَیَابَۃ:درخت کی جڑیں۔

الغَیُوب والغَیَّاب :غائب کا اسم مبالغہ۔

الغَیُّوبَۃ :غروب۔کہا جاتا ہے "لَقِیتُہٗ عند غَیُّوبَۃِ الشَمسِ" میں نے اس سے آفتاب کے غروب کے وقت ملاقات کی۔

غَاثَ یَغِیثُ غَیثًا. اللّٰہُ البِلَادَ :برسانا۔غَاثَ الغَیثُ الاَرضَ :بارش کا زمین پر برسنا۔

غِیثَتِ. الاَرضُ :زمین کا سیراب ہونا۔صفت (مَغِیثَۃ ومَغیُوثَۃ) غَاثَ النُورُ:روشن ہونا۔

تَغَیَّثَ. البَعِیرُ :اونٹ کا موٹا ہونا۔

الغَیث :بارش۔گھاس جو بارش کی وجہ سے اُگے۔کہا جاتا ہے "رَعَینَا الغَیثَ" اور بسا اوقات بادل کو بھی غیث کہتے ہیں۔ ج غُیُوث واَغیَاث اور کہا جاتا ہے غیث مغیث عام بارش۔سَحَابٌ (غَیِّثٌ) موسلادھار بارش کا بادل اور کہا جاتا ہے "بِئرٌ ذَاتُ غَیِّثٍ" بہت پانی والا کنواں۔

غَیِدَ یَغیَدُ غَیَدًا. الغُلَامُ :لڑکے کا جھکی ہوئی گردن والا ہونا۔نرم کندھوں والا ہونا۔صفت مذکر (اَغیَد) صفت مؤنث (غَیدَاءُ) ج غِید.

تَغَایَدَ. فِی مَشیَتِہٖ :نزاکت کی وجہ سے چلنے میں جھکنا۔

الغَیَد :مص۔نزاکت۔

الاَغیَد :نرم ونازک پودہ۔مکان اغید : بہت پودہ والی جگہ۔

الغَادَۃ :نرم ونازک بدن عورت۔ترو تازہ شاخ۔ج غَادَات.

غَیدَانُ الشَّبَاب :اول جوانی۔

غِیدِ غِیدِ :مکرر مستعمل ہے اور مبنی علی الکسر ہے اور اسم فعل بمعنی امر ہے یعنی جلدی کرو جلدی کرو۔

غَیدَق. المَطَرُ :بارش کا بہت ہونا۔

الغَدَق :مص۔بہت پانی۔

الغَیدَاق :سرسبز۔فیاض۔

والغَیدَق والغَیدَقَان :نرم ونازک۔غَارَ یَغَارُ غَیرَۃً وغَیرًا وغَارًا. الرَجُلُ عَلٰی اِمرَاَتِہٖ مِن فُلَانٍ وھِیَ عَلَیہِ مِن فُلَانَۃَ : غیرت کھانا۔صفت (غَیرَان وغَیُور ومِغیَار) مؤنث (غَیُور وغَیرٰی) ج غَیَارٰی وغُیَارٰی وغُیُر ومَغَایِیرُ اور اسم الغِیرۃ.

غَارَہٗ یَغِیرُہٗ غِیَارًا :نفع دینا۔کہا جاتا ہے "غَارَہٗ بِخَیرٍ" یعنی اس کو خیر کا نفع دیا۔ وغَارَھُمُ اللّٰہُ بِمَطَرٍ" یعنی اللہ نے ان کو بارش سے سیراب کیا۔

غَارَہٗ یَغِیرُہٗ غَیرًا وغِیَرَۃً :خون بہا دینا۔

غَیَّرَ الشَیئَ :بدل دینا۔تغیر کر دینا۔

غَایَرَہٗ غِیَارًا ومُغَایَرَۃً :تبادلہ کرنا۔مخالفت کرنا۔خرید وفروخت میں مقابلہ کرنا۔غیر ہونا۔مغایرت برتنا۔

اَغَارَہٗ اِغَارَۃً :غیرت پر برانگیختہ کرنا۔ ...... الرَّجُلُ اِمرَاَۃً :مرد کا دوسرا نکاح کر کے پہلی بیوی کو غیرت میں ڈالنا۔

تَغَیَّرَ :بدل جانا......عَلٰی اِمرَاَتِہٖ :بیوی پر غیرت آنا۔

تَغَایَرَ. الزَّوجَان :ایک دوسرے پر غیرت کرنا۔

تَغَایَرَت الاَشیَاءُ :چیزوں کا مختلف ہونا۔

اِغتَارَ اِغتِیَارًا. الرَّجُلُ :غلہ مہیا کرنا۔

الغِیَر :مص اسم ہے غَیَّرَ :سے کہا جاتا ہے "مَن یَکفُر بِاللّٰہِ یَلقَی الغِیَر" یعنی جو شخص کفر باللہ کرے گا وہ متغیر الحال ہوگا کہ صلاح سے فساد کی جانب پہنچ جائے گا۔بَنَاتُ غَیرٍ :جھوٹ اور باطل باتیں اور (غَیر) کا لفظ سوی کے معنی میں آتا ہے ج اَغیَار اور لا کے معنی میں بھی اور بوجہ حالیت کے منصوب ہوتا ہے۔جیسے "فَمَنِ اضطُرَّ غَیرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ" بمعنی لا باغیًا...... :اور الا کے معنی میں بھی۔پس اسم لازم الاضافہ ہوتا ہے لفظوں میں مقطوع عن الاضافۃ بھی ہوتا ہے اگر معنی سمجھ میں آ سکے اور اس سے پہلے لَیسَ یا لَا ہو اور اضافت کے رفع اور نصب جائز ہے اور حذف مضاف الیہ کے وقت حالت رفع اور ضمہ نصب اور فتحہ بھی جائز ہے۔کہو گے "قَبَضتُ عِشرَۃً لَیسَ غَیرُھَا ولَیسَ غَیرَھَا ولَیسَ غَیرٌ ولَیسَ غَیرُ ولَیسَ غَیرًا ولَیسَ غَیرَ" بمعنی لَیسَ اِلَّا اور کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ غَیرَ مَرَّۃٍ" یعنی ایک سے زائد مرتبہ کیا۔

الغِیَرَۃ :خون بہا۔غلہ کا ذخیرہ۔نخوت اسم ہے۔غَارَ کا ج غِیَر.

غِیَرُ. الدَّھرِ :زمانے کا حوادث۔

الغَیرِیَّۃ :عینیت کے خلاف۔ہر روش میں سے ایک کا دوسرے کے خلاف ہونا۔

المَغِیر والمَغیُور :سیراب شدہ مقامات۔کہا جاتا ہے "مَکَانٌ مَغِیرٌ ومَغیُور واَرضٌ مَغِیرَۃٌ ومَغیُورَۃ".

غَاضَ یَغِیضُ غَیضًا ومَغَاضًا وتَغَیَّضَ وانغَاضَ :پانی کا کم ہونا۔نیچے اُتر جانا...... الثَمَنُ :قیمت گھٹنا۔

غَاضَ وغَیَّضَ واَغَاضَ المَاءَ او الثَّمَنَ : پانی یا قیمت کم کرنا۔دَمعَہٗ :آنسو روکنا۔

الغَیض :مص۔ناتمام بچہ۔قلیل۔

الغَیضَۃ :ایک مرتبہ کم کرنا۔جھاڑی۔پانی کی جگہ میں بہت درخت۔ج غِیَاض واَغیَاض وغَیضَات.

المَغِیض :پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ج مَغَایِض کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَغِیضٌ" یعنی وہ پانی جو جمع ہونے کی جگہ تک جاری ہو۔

غَاطَ یَغِیطُ غَیطًا. فِیہِ :داخل ہونا۔

المُغَایَطَۃ :خصومت۔کہا جاتا ہے "بَینَھُم مُغَایَطَۃٌ" یعنی ان کے درمیان خصومت ہے۔

الغَیط :باغ۔

غَاظَهُ يَغِيظُهُ غَيْظًا وَغَيْظَةً وَاَغَاظَهُ وَغَايَظَهُ :غصہ دلانا۔ غصہ پر برانگیختہ کرنا۔ کہاجاتا ہے "غَايَظَ صَاحِبَهُ فِي الْعَمَلِ" مقابلہ کرنا۔ تَغَيَّظَ الْحَرُّ :سخت گرمی ہونا(...... واغتاظ) غضبناک ہونا۔

الغَيْظ :مص۔ غضب یا سخت غضب۔

الغِيَاظ :غم۔ مشقت۔

المَغِيظ :ناراض۔ رنجیدہ۔

غَافَت تَغِيفُ غَيْفَانًا وَاَغْيَفَتْ وَتَغَيَّفَتْ الشَّجَرَةُ :دائیں بائیں جھکی ہوئی شاخوں والا ہونا۔ صفت(غَيْفَاء) بھاگنا۔ بزدل ہونا(...... وَتَغَيَّف) عَنِ الاَمْرِ :انکار کرنا۔ اعراض کرنا۔ ہٹنا۔

اَغَافَ. الغُصْنَ :ٹہنی کو جھکانا۔

الغَاف :ایک درخت ہے جس کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے واحد غَافَةٌ ہے۔

الغَيْف :پرندوں کا جھنڈ۔

الاَغْيَف :نازک بدن۔ کہاجاتا ہے "عَيْشٌ اَغْيَف" یعنی آسودہ و خوش حال زندگی۔ مؤنث غيفاء شجرة غيفاء :جھکی ہوئی ڈالیوں والا درخت۔

الغَيَّاف :بہت بڑی لمبی داڑھی والا۔

الغَيْفَان والغَيَفَان :متکبرانہ چال۔

غَيَّقَ. المَالَ :بگاڑنا' فاسد کرنا...... فِي رَأيِهِ :غیر مستقل مزاج ہونا...... الطَائِرُ :اپنی جگہ پر پھڑ پھڑانا...... بَصَرَهُ :نگاہ کو پھیرنا۔

تَغَيَّقَتِ. العَيْنُ :آنکھ کا تاریک ہونا۔

غَاقِ :مبنی علی الکسر۔ کوے کی آواز کی حکایت اگر نکرہ کیا جائے تو (غاقٍ) تنوین سے کہا جاتا ہے۔

الغَاق :کوا(...... والغَاقَةُ) ایک آبی پرندہ ہے جس کو غواص :اور غُرَابُ المَاءِ بھی کہتے ہیں۔

غَالَتْ تَغِيلُ غَيْلاً وَاَغَالَتْ اِغَالَةً المَرْأةُ وَلَدَهَا :بچے کو بحالت حمل دودھ پلانا۔ صفت(غَائِلَةٌ وَمُغِيلٌ وَمُغْيِلٌ)

غَالَهُ يَغِيلُهُ غِيَالاً وَغِيَالَةً وَغُؤُولاً :چرانا۔

اَغْيَلَتْ اِغْيَالاً. المَرْأةُ وَلَدَهَا :بچے کو بحالت حمل دودھ پلانا...... الشَّجَرَةُ :درخت کا بڑا اور گھنا ہونا...... الغَنَمُ :بکری کا سال میں دو مرتبہ بچہ جننا۔

تَغَيَّلَ. القَوْمُ :کثیر المال ہونا۔

تَغَيَّلَتْ وَاسْتَغْيَلَتْ. الشَّجَرَةُ :درخت کا گھنی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (مِغْيَال)

اِغْتَالَ اِغْتِيَالاً. الغُلَامُ :موٹا تازہ ہونا۔

الغَيْل :حالت حمل کا دودھ۔ موٹا تازہ لڑکا۔ مؤنث غَيْلَة :زمین پر بہتا ہوا پانی۔ وادی جس میں چشمے جاری ہوں۔ دور کی چیز جو نزدیک دکھائی دے۔

الغِيل :جھاڑی۔ گنجان درخت۔ وادی جس میں پانی ہو۔ شیر کی مانند ج اَغْيَال وَغُيُول.

الغِيلَة :دھوکا۔ غفلت سے مار ڈالنا۔ حمل میں دودھ پلانا۔ کہاجاتا ہے "قَتَلَهُ غِيلَةً" دھوکے سے مار ڈالا۔

الغَائِلَة :شر۔ باطنی کینہ۔ حوض میں شگاف۔ ج غَوَائِل. الغَوَائِل :مصیبتیں۔

المَغَالَة :بدی۔ برائی۔

الاَغْيَل :پُر گوشت۔

الغَيَّال :اسم مبالغہ۔ شیر اس وجہ سے کہ غِيل یعنی جھاڑی میں رہتا ہے۔

المِغْيَال :گھنا سایہ دار درخت۔

غَامَتْ تَغِيمُ غَيْمًا وَغُيُومًا وَاَغَامَتْ اِغَامَةً وَاَغْيَمَتْ اِغْيَامًا وَتَغَيَّمَتِ السَّمَاءُ :بادل والا ہونا۔ غَامَ البَعِيرُ :اونٹ کا پیاسا ہونا۔ صفت(غَيْمَان) مؤنث (غَيْمَى)

اَغْيَمَ القَوْمُ :پیاسا ہونا۔ اَغْيَمُوا فِي المَكَانِ :اقامت کرنا۔

غَيِمَ. البعير :اونٹ کا پیاسا ہونا۔

الغَيْم :مص۔ بادل ج غُيُوم واحد(غَيْمَةٌ) پیاس۔ اونٹ کی ایک بیماری جس سے پیاس لگتی ہو۔

يَوْمٌ (غَيُومٌ) بدلی کا دن۔

غَانَ يَغِينُ غَيْنًا :پیاسا ہونا۔

غَانَتْ. نَفْسُهُ :متلانا۔ غَانَتْ وَغِينَتِ السَّمَاءُ :آسمان پر بادل گھر آنا۔

غِينَ وَاُغِينَ. عَلَى قَلْبِهِ :خواہشات کا غالب ہونا۔

اَغَانَ السَّحَابُ السَّمَاءَ :بادل گھر آنا۔

غَيَّنَ. غَيْنًا :حرف غ لکھنا۔

الغَيْن :مص۔ حروف تہجی کا ایک حرف۔ بادل۔

الغَيْنَة :بلا پانی کے گھنے درخت۔

الغِينَة :پیپ مُردار سے جو بہے جھاڑی۔

الاَغْيَن. مِنَ الشَّجَرِ وَالنَّبَاتِ :سرسبز اور لمبا۔ مؤنث غَيْنَاء ج غِين.

الغَيْهَم :تاریکی۔

غَيَّا تَغْيِيَةً وَاَغْيَا اِغْيَاءً ا. الغَايَة ای الرَّايَة :جھنڈا گاڑنا۔ غَيَّا القَوْمُ :جھنڈا گاڑنا ...... الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ :پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔

اَغْيَا السَّحَابُ :بادل کا ایک جگہ پر ٹھہر جانا۔ اَغْيَا الرَّجُلُ :شرافت یا معاملہ میں انتہا کو پہنچنا۔

الفَرَسُ فِي سَبَاقِهِ :گھوڑے کا حد مقررہ پر پہنچنا۔

غَايَا مُغَايَاةً. القَوْمُ فِي رَاْسِهِ بِالسُّيُوفِ :کسی کے سر پر تلواروں کا بلند کرنا۔

تَغَايَت. الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ :پرندوں کا منڈلانا۔ کہاجاتا ہے "تَغَايَوْا عَلَيْهِ حَتَّى قَتَلُوهُ" یعنی ایک دوسرے کی اعانت کی یہاں تک کہ قتل کر دیا۔

الغَايَةُ :مدت۔ جھنڈا۔ نتیجہ ج غَايَات وغَايٌ :اور نسبت کیلئے (غَائِيٌّ) اور کہاجاتا ہے "غَايَتَكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" یعنی تمہاری انتہائی طاقت ہے کہ تم ایسا کرو۔ والغَايَة :پھڑ پھڑانے والا پرندہ۔ چڑیوں کے پھنسانے کی لے۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بَعِيدُ الغَايَةِ" یعنی تمہاری رائے درست ہے۔

الغَيَايَةُ :آفتاب کی شعاع کی روشنی کنوئیں کی گہرائی۔ ہر وہ چیز جو انسان پر سایہ انداز ہو۔ جیسے بادل' گرد و غبار وغیرہ ج غَيَايَات.

الغَيَة. غوى :کامادہ دیکھئے۔

الغيرديا :چوڑے پھولوں والا نارنگی کے پتے والا پودا۔

المُغَيَّا :جس کے لئے غایت مقرر کی گئی ہو۔ کہاجاتا ہے "الغَايَةُ لَا تَدْخُلُ فِي المُغَيَّا" یعنی حد محدود میں داخل نہیں۔

ف

ف : اَلْفَاءُ : بیسواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ شفوی حروف (ہونٹوں کے ملنے سے ادا ہونے والے الفاظ)۔
الفاء: یہ حرف کئی معنوں میں مستعمل ہے۔
(۱) ترتیب جیسے قَامَ زَیْدٌ فَعَمْرٌو.
(۲) تعقیب: جیسے حَبَسَ زَیْدًا فَقَتَلَهُ.
(۳) سببیت: جیسے ضَرَبَ زَیْدًا فَمَاتَ.
(۴) رابطہ۔ جوابِ شرط میں جیسے إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَنِيْ فَاحْفَظُوْا وَصَايَايَ : شبہ جوابِ شرط میں جیسے اَلَّذِيْ يَاتِيْنِيْ فَلَهُ دِرْهَمٌ.
(۵) ناصبہ مضارع کے لئے بتقدیر أَنْ جیسے زُرْنِيْ فَاُكْرِمَكَ.
(۶) استیناف کے لئے جیسے يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ.
(۷) زائدہ جیسے زَیْدٌ فَلَا تَضْرِبْهُ. خَرَجْتُ فَاِذَ الْاَسَدُ فِي الدَّارِ. وَلَمَّا قُمْتَ قُمْنَا.
اِفْتَأَتَ. بِرَأْيِهِ: رائے میں منفرد ہونا۔ اکیلا ہونا...... عَلَى الْبَاطِلِ: گھڑ لینا۔
اُفْتِئَتَ: اچانک مرجانا۔
فَأَدَهُ (ف) فَأْدًا: دل پر مارنا۔ دل پر لگنا۔
فَأَدَ الخوف فُلَانًا : بزدل بنانا...... اللَّحْمَ فِي النَّارِ: گوشت بھوننا...... الْخُبْزَ: روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا۔
فُئِدَ فَأْدًا وفَئِدَ (س) فَأَدًا: دل کی بیماری والا ہونا۔
اِفْتَادَ الرَّجُلُ: بھوننے کے لئے آگ جلانا۔ اللَّحْمَ فِي النَّارِ: گوشت بھوننا۔
تَفَأَّدَتِ. النَّارُ: آگ کا جلنا۔
الْفُؤَاد: دل۔ بسا اوقات عقل پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج أَفْئِدَةٌ.
الْفَئِيْد: آگ۔ بھنا ہوا۔ بزدل۔
الْأُفْؤُوْد: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔ بھوبھل میں روٹی رکھنے کی جگہ۔ ج أَفَائِيْد.
الْمُفْتَأَد: آگ جلنے کی جگہ۔
الْمِفْأَد والْمِفْآد والْمِفْأَدَة: آگ کریدنے کا لوہا یا لکڑی۔ جمع۔ مَفَائِد ومَفَائِيْدُ.
الْمَفْؤُوْد: دل کی بیماری والا۔ بزدل۔ بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔ بھنا ہوا۔
فَأَرَ (ف) فَأْرًا. التُّرَابَ: مٹی کھودنا۔ ...... الشَّيْءَ: دفن کرنا۔ چھپانا۔
فَئِرَ (س) فَأَرًا. الْمَكَانُ: بہت چوہے والا ہونا۔
الفار: مص۔ چوہا۔ ج فِئْرَانٌ وفِئَرَةٌ: واحد (اَلْفَأْرَة) مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔
الْفَأْرَة: مشک کا نافہ۔
مَكَانٌ (فَئِرٌ) وأَرْضٌ (فَئِرَةٌ ومَفْأَرَةٌ) بہت چوہوں والا مکان۔ بہت چوہوں والی زمین۔
فَأَسَ (ف) فَأْسًا. الْخَشَبَةَ: لکڑی کو کلہاڑی سے پھاڑنا...... الرَّجُلَ: کلہاڑی سے مارنا۔ سر کے پچھلے حصہ پر لگنا۔
الْفَأْسُ: مص۔ کلہاڑی۔ کبھی بغیر ہمزہ کے بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے (فَاسٌ) اور یہ مؤنث سماعی ہے ج أَفْؤُس و فُؤُوْس فَأْسُ الرَّأْسِ: سر کے پچھلے حصہ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔ فَأْسُ الْفَمِ: منہ کا وہ کنارا جس میں دانت ہیں۔ فَأْسُ اللِّجَام: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔
فَأْفَأَ فَأْفَأَةً. الرَّجُلُ: حرف فا اکثر بولنا۔ صفت (فَأْفَاءٌ وفَأْفَأ)
فَأَقَ (ف) فُؤَاقًا ہچکی آنا۔
فَأَّلَهُ تَفْئِيْلًا. بِالشَّيْءِ: فال لینا۔
تَفَأَّلَ وَتَفَاءَلَ وافْتَأَلَ بِهِ: اچھا شگون لینا۔
الْفَأْل: نیک شگون۔ جیسے مریض کسی کو یَاسَالِم کہتے ہوئے سنے تو اس سے یہ سمجھے کہ صحت ہوجائے گی۔ کہا جاتا ہے "لَا فَأْلَ عَلَيْكَ" یعنی تیرے اوپر کوئی ضرر نہیں۔ ج فُؤُوْلٌ وأَفْؤُالٌ.
فَأَمَ (ف) فَأْمًا. مِنَ الْمَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔
فَأَمَ وفَئِمَ فَأْمًا وتَفَأَّمَ. الْبَعِيْرُ: گھاس سے منہ بھرنا۔
فَأَمَ وأَفْأَمَ. الْقَتَبَ: پالان کو وسیع کرنا۔ أَفْأَمَ الدَّلْوَ: ڈول بھرنا۔
الْفِئَام: لوگوں کی جماعت اور اس لفظ سے واحد نہیں ج فُؤُوْم کہا جاتا ہے قَطَّعُوْهُ (فُؤُوْمًا) یعنی ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔
فَأَى يَفْأَى فَأْوًا وفَأْيًا. رَأْسَ فُلَانٍ: کسی کے سر کو تلوار سے پھاڑ دینا۔
أَفْأَى: تنگ وادی میں پڑنا۔
تَفَأَّى. الْقَدَحُ: پیالہ کا پھٹنا۔
اِنْفَأَى: کھلنا...... الشَّيْءُ: پھٹنا۔
الْفَأْو: مص۔ دو پہاڑوں کے درمیان

شگاف۔ وادی میں تنگ جگہ۔ چٹنی جگہ۔ ریت کا تودہ۔ رات۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ پہاڑوں کے درمیان عمدہ زمین۔

الفِئَة: جماعت۔ گروہ ج فِئَات وفِئُوْن.

فَتَّ (ن) فَتًّا وفَتَّتَ. الشَّيْءَ: اُنگلیوں سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَتَّ فِيْ سَاعِدِهٖ" یعنی اس نے اس کو کمزور کر دیا۔ "فَتَّ فِيْ عُضُدِهٖ" یعنی اس کی قوت توڑ دی اور اس کے اعوان و انصار کو متفرق کر دیا۔

اِنْفَتَّ وتَفَتَّتَ: ٹوٹنا۔

الفَتّ: مص۔ پتھر میں پھٹن۔ کہا جاتا ہے "هُمْ اَهْلُ بَيْتِ فَتٍّ وفِتٍّ وفُتٍّ" یعنی وہ لوگ منتشر ہیں۔

الفَتَّة الفُتَّة: خشک مینگنیاں جو توڑی جائیں اور چقماق کے نیچے رکھ کر آگ روشن کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَا يُسَاوِي فُتَّةً" یعنی یہ مینگنی کے برابر نہیں۔ کھجوروں کا ڈھیر۔

الفُتَات: چورا۔

الفَتِيْتَة: ریزہ ریزہ شدہ چیز کا ایک ٹکڑا ج فَتَائِت.

الفَتِيْت والفَتُوْت والمَفْتُوْت: چورا کیا ہوا۔

فَتَأَ (ف) فَتْأً. النَّارَ: آگ بجھانا۔ فَتَأَهٗ عَنِ الاَمْرِ: کسی کام سے روک دینا۔

فَتِئَ (س) فَتْأً. عَنْهُ: رکنا۔ بھولنا۔ کہا جاتا ہے "مَا فَتَأَ (ف س) ومَا فَتِئَ (س) يفعل ذٰلِكَ: یعنی ہمیشہ یہ کرتا رہا اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور سوائے ماضی و مضارع کے دوسرے افعال کا استعمال نہیں۔

فَتَحَ (ف) فَتْحًا. البَابَ: دروازہ کھولنا۔ ......القَنَاةَ: پانی بہنے کے لئے نالی نکالنا۔ ......البِلَادَ: مُلک پر غالب ہونا۔ مالک ہونا۔ فتح کرنا...... الحَاكِمُ بَيْنَ النَّاسِ: حاکم کا فیصلہ کرنا...... اللّٰهُ عَلَيْهِ: سکھلا دینا۔ پہنچا دینا...... سِرَّهٗ عَلٰى فُلَانٍ: کسی پر بھید ظاہر کر دینا۔

فُتُحًا وفَتَاحَةً. اللّٰهُ عَلٰى فُلَانٍ مدد کرنا۔

فَتَّحَ: بمعنی فتح تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔

تَفَتَّحَ: کھلنا...... فِي الكَلَامِ. بِالمَالِ عَلٰى فُلَانٍ: اظہار کرنا اور فخر کرنا۔ تَفَتَّحَتِ الاَكِمَّةُ عن الشَّيْءِ: کھل جانا۔ النَّوْرُ: کلیوں کا کھلنا۔ اِنْفَتَحَ: کھلنا۔ اِنْفَتَحَ عَنِ الشَّيْءِ: کھل جانا۔

فَاتَحَهٗ: فیصلہ کے لئے لے جانا۔ فَاتَحَهٗ بِالاَمْرِ: پہلے مخاطب کرنا۔ فَاتَحَ فُلَانًا: بھاؤ کرنا اور کچھ نہ دینا۔ فَاتَحَ البَيْعَ: بیع میں آسانی کرنا...... المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔

تَفَاتَحَ. القَوْمُ كَلَامًا بَيْنَهُمْ: آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔

اِفْتَتَحَ. البِلَادَ: ملک فتح کرنا(...... واستفتح) الاَبْوَابَ: دروازے کھولنا...... الاَمْرَ بِكَذَا: شروع کرنا۔ اِسْتَفْتَحَ الرَّجُلَ: مدد طلب کرنا۔

الفَاتِح: فا۔ ج فَتَحَة وفَاتِحُوْن.

الفَتْح: مص۔ مدد۔ روزی۔ دریاؤں کا جاری پانی۔ بہار کی پہلی بارش ج فُتُوْح.

يَوْمُ الفَتْح: قیامت کا دن۔ الفَتْحُ: زبر۔

الاِفْتِتَاحِيَّة: اداریہ اخبار۔ (ایڈیٹوریل)

الفُتُوْحَات: لڑائی سے جو ممالک فتح ہوں۔

الفَتْحَة: ایک مرتبہ کھولنا۔ زبر۔

الفَتَاحَة: مص۔ مدد۔

الفِتَاحَة والفُتَاحَة: دو دشمنوں کے درمیان فیصلہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا فُتَاحَات" یعنی ان دو کے درمیان خصومتیں ہیں۔

الفُتُح: کھلا ہوا وسیع دروازہ۔ کھلی ہوئی وسیع شیشی۔

الفُتُحِي: ہوا۔

الفُتْحَة: کشادگی۔ مال یا علم و ادب پر ناز۔ ج فُتَح.

الفَاتِحَة. مِنَ الشَّيْءِ: ابتدا اور اسی سے ہے فَاتِحَةُ الكِتَابِ ج فَوَاتِح.

الفُتُوْح: بہار کی پہلی بارش ج فَتْح.

الفُتَاح والفِتَاح والفُتُوْحَة: حکومت۔

الفَتَّاح: اسم مبالغہ۔ حاکم۔ قاضی۔

الاِسْتِفْتَاح: مص اور حرف استفتاح: نحویوں کے نزدیک الا ہے۔

المَفْتَح: خزانہ۔ دفینہ۔ ج مَفَاتِح.

المِفْتَح: کنجی۔ ج مَفَاتِح. المِفْتَح: پانی کی نالی۔

المِفْتَاح: کنجی۔ ج مَفَاتِيْح.

فَتِخَ (س) فَتَخًا: ڈھیلے نرم و کمزور جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفْتَخ)

فَتَخَ (ف) فَتْخًا وفَتَّخَ. اَصَابِعَهٗ: انگلیوں کو مروڑنا اور نرم کرنا۔

اَفْتَخَ. الرَّجُلُ: تھکنا اور سانس پھولنا۔

تَفَتَّخَ: چھلا پہننا۔

الفَتْخَة والفَتَخَة: چھلا۔ بغیر نگینے کے انگوٹھی۔ نگینہ والی انگوٹھی کو خاتم کہتے ہیں۔ ج فَتَخ (فَتَخَات وفُتُوْخ وفِتَاخ. فُتُوْخ الاَسَدِ) شیر کے پنجے۔

الاَفْتَخ: نرم و کمزور ڈھیلے جوڑوں والا۔ مؤنث فَتْخَاء ج فُتْخ. اَسَدٌ اَفْتَخُ: چوڑے ہاتھ پاؤں والا شیر۔ رَجُلٌ اَفْتَخُ الطَّرْفِ: کمزور نگاہ والا مرد۔

الفَتَخ والفَتَخَة: گٹے سے باز تک کا باطنی حصہ۔

فَتَرَ (ن ض) فُتُوْرًا وفُتَارًا وفَتَّرَ: تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا ...... المَاءُ: حرارت کم ہونا...... عَنِ العَمَلِ: کوتاہی کرنا۔

فَتْرًا وفُتُوْرًا جِسْمُهٗ: کمزور نرم جوڑوں والا ہونا۔

فَتْرَةً وفُتُوْرًا. الحَرُّ: کم ہونا۔

فَتَرَهٗ (ن ض) فَتْرًا: انگوٹھا اور انگشت شہادت کے درمیان ناپنا۔

فَتَّرَ: تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا...... السَّحَابُ: ٹھہرنا اور آمادہ

بارش ہونا۔فَـتَّـرَ: سکون ونرمی پر ہوا۔فَتَّرَ ... کرنا۔فَتَّرَ الماءَ: گرم پانی کی حرارت کم کرنا۔

أَفْتَرَ: کمزور پلکوں والا ہونا۔۔۔۔۔۔الشَّرابُ: شراب کا مست کردینا۔۔۔۔ہُ الـدَّاءُ او السُّکْرُ: بیماری یا نشہ کا کسی کو ضعیف وکمزور کردینا۔

اِسْتَفْتَرَ. الفَرَسُ: سواری چھوڑ دیے جانے کی وجہ سے تھکن دور ہو کر آرام پانا۔

اَلْفَاتُوْرَةُ: سامان خرید وفروخت کا تفصیلی بل جس میں قیمت سامان اور حساب لکھا ہوتا ہے۔(بیلنس شیٹ)

الفَتْرُ: کمزوری۔فتور۔

الفِتْرُ: انگشت شہادت اور انگوٹھا کے درمیان کھلی ہوئی حالت میں۔

الفَتْرُ: آٹا چھاننے کے لئے کھجور کی چٹائی۔

الـفَتْرَةُ: سستی وکمزوری۔صلح۔بخار کے دوباری کے درمیان کا زمانہ۔دونبیوں کے درمیان کا زمانہ۔ج فَتَرَات.

والفِتْرُ: ایک قسم کی مچھلی جس کے پکڑنے سے کپکپی پیدا ہوتی ہے۔

الـفُتَار: مص۔بے ہوشی کی ابتدا۔مَـاءٌ فَاتُوْرٌ: نیم گرم پانی۔

فَتْرَصَةٌ فَتْرَصَةٌ: کاٹنا۔

فَتَشَ (ض) فَتْشًا وفَتَّشَ. الشَّیْئَ: ڈھونڈنا۔تلاش کرنا۔فتش وفتش عنه: سوال کرنا اور بحث کرنا۔

اَلْمُفَتِّشُ: تفتیشی (انکوائری) افسر۔

اَلْـفَتُّوْشُ: وہ کھانا جو روٹی کے ٹکڑوں، پیاز، اجمود اور کھیرہ وغیرہ سے تیار کرکے پھر اس پر کھٹائی لگائی جاتی ہے۔

اَلْفَتِیْشُ: راکٹ۔

الفَتَّاشُ: بہت تلاش وجستجو کرنے والا۔

فَتَغَ (ف) فَتْغًا الشَّیْئَ: روند کر ریزہ ریزہ کرنا۔

تَفَتَّغَ: ریزہ ریزہ ہونا۔

فَتَّغَتْ اِلَیْهِ فَتْغَةً: چپکے چپکے بات کہنا۔کہا جاتا ہے "مَاهٰذِهِ الفَتْغَةُ والدَّنْدَنَةُ".

الفَتَغَاتُ: پوشیدہ اقوال۔

فَتَقَ (ن ض) فَتْقًا وفَتَّقَ. الشَّیْئَ: پھاڑنا۔۔۔۔۔ الثَّوبَ: کپڑے کی سیون توڑنا۔ادھیڑنا۔۔۔۔۔ المِسْکَ: مشک کی خوشبو نکالنا۔ الـعَجِيْنَ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ڈالنا۔

۔۔۔۔۔بَيْنَ القَوْمِ: اختلاف پیدا کرانا۔

الکلامَ: واضح کہنا۔

فَتِقَ (س) فَتَقًا. المکان: سرسبز ہونا۔

اَفْتَقَ. الـقَوْمُ: کھلے بادل پر جانا۔قَـرْنُ الشَّمْسِ: آفتاب کا بادلوں میں ظاہر ہونا۔

۔۔۔۔۔السَّـحَـابُ: بادل کا کھل جانا۔۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: مختلف مصائب وآفات والا ہونا۔

تَفَتَّقَ وانْفَتَقَ: پھٹنا۔وانْفَتَقَتِ المَاشِیَةُ: مویشی کا موٹا ہونا۔تَـفَتَّقَ فُلَانٌ بِـالکَلَامِ: زبان کا رواں ہونا۔

الـفَتْـقُ: مص۔کشادہ جگہ۔کہا جاتا ہے "خَـرَجَ فُلَانٌ اِلٰی فَتْقٍ" فلاں ایسے مقام کی طرف نکلا جہاں بارش نہیں اور اردگرد میں بارش ہے ج فُتُوقٌ: کہا جاتا ہے "عَـامُ فُتُـوْقٍ" کم بارش کا سال۔سرسبزی۔قحط سالی۔زندگی میں خلل۔

الفَتِقُ والفَتَقُ: صبح۔

الفِتَاقُ: خمیر کا بڑا پیڑا۔آفتاب۔آفتاب کی شعاع۔درخت خرما کی سفید جڑ۔دوائیوں کا مرکب۔

الـفُتُـوْقُ: آفات جیسے مرض بھوک فقیری تھوڑی بارش۔

الفَتِیْقُ: موٹائی سے پھٹ پڑنے والا۔

الـصُّبْحُ الفَتِیْقُ: چمکنے والی صبح۔رَجُلٌ فَتِیْقُ اللِّسَانِ: تیز زبان مرد۔

اِمْـرَأَةٌ (فَتِقٌ ومُفَتَّقَةٌ) تیز زبان۔جلد جواب دینے والی عورت۔

المَفْتُوقُ: مبتلی فتق کی بیماری والا۔

الفَیْتَقُ: دربان۔بڑھئی۔لوہار۔بادشاہ۔

مَفْتَقُ القَمِیْصِ: قمیص کا گریبان۔

الفَتْقَاءُ: کشادہ شرمگاہ والی عورت۔

فَتَکَ (ن ض) فَتْـکًا وفِتْـکًا وفُتْـکًا وفُتُوْکًا. الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔بہادر ہونا۔نڈر ہونا۔

۔۔۔۔۔بِفُلَانٍ: غفلت میں پکڑنا یا قتل کرنا۔

۔۔۔۔۔فِیْ الاَمْـرِ: کسی کام میں اصرار کرنا۔مبالغہ کرنا۔

فَتَکَ (ن ض) فُتُوْکًا. فِیْ صَنَاعَةٍ: اپنے پیشے میں ماہر ہونا۔۔۔۔۔فِی الخُبْثِ: خیانت میں مبالغہ کرنا۔

فَتَّکَ. القُطْنَ: روئی دھننا۔

اَفْتَکَ. الرَّجُلُ: بمعنی فَتَکَ.

فَـاتَکَـهُ مُفَاتَکَةً: کھلم کھلا قتل کرنا۔فَاتَکَ الشَّیْئَ والاَمْرَ: کسی کام کو سختی سے کرنا۔۔۔۔ہُ: ہنرمندی سے مقابلہ کرنا۔مانگی ہوئی قیمت دینا۔

تَـفَتَّکَ. بِـاَمْرِہٖ: خودرائی سے کام کرنا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔

الفَاتِکُ: فا۔دلیر۔بہادر۔ج فُتَّاک کہا جاتا ہے "هُوَ فَـاتِکُ الـقَلْبِ" یعنی وہ کر گزرنے والا۔کہا جاتا ہے "مَا اَفْتَکَهُ" یعنی کس قدر جھگڑالو ہے۔

فَتَلَ (ض) فَتْلاً وفَتَّـلَ. الحَبْلَ: رسی بٹنا۔کہا جاتا ہے "فَتَـلَ وَجْـهَـهُ عَنْهُمْ" یعنی ان سے اپنے چہرے کو پھیر لیا۔"وفَتَـلَ ذُؤَابَةَ فُلَانٍ" یعنی اس کو رائے سے ہٹا دیا۔فَتَـلَ البُلْبُلُ: چہچہانا اور مثال ہے "مَا زَالَ یَفْتِلُ مِـنَ فُلَانٍ فِیْ الذِّرْوَةِ والغَارِبِ" یعنی وہ فلاں کے فریب دہی کے لئے چکر لگاتا ہے۔

فَتِـلَ (س) فَتَلاً: بعید پہلوؤں والا ہونا۔صفت (افتل) مؤنث (فتلاء)

تَفَتَّلَ وانْفَتَلَ: رسی وغیرہ کا بٹ جانا۔

الـفَتْـلَةُ. فتل: کا اسم مرة۔ہاتھ کے پیچھے کی تختی۔بیری اور ببول کے دانہ رکھنے کا برتن۔ج فَتْلٌ.

الـفَتْلَةُ: درخت عُـرْفُط: اور عضاہ کا دانہ ج

فتل: کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَى عَنْکَ فَتْلَةً او فَتَـلَةً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دوں گا۔

الفَتِيل: بٹا ہوا۔ مؤنث فَتِيلَةٌ: کھجور کی گٹھلی کے شگاف کی باریک بتی (...... والفَتِيلَةُ) بدن کے میل کی بتی جو بدن کے ملنے سے بنتی ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَى عَنْکَ فَتِيلاً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دے سکتا۔

الفَتِيلَة: بتی۔ ج فَتَائِل وفَتِيلَات.

الفَتَّال: بہت بٹنے والا...... بلبل۔

المِفْتَل: بٹنے کا آلہ۔

المَفْتُول: مفع۔ مفتول الخلق: مضبوط اور گٹھا ہوا جسم والا۔

فَتَنَهُ (ض) فَتْنًا وفُتُونًا وفَتَّنَه وافْتَنَهُ: تعجب میں ڈالنا۔ مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ فتنہ میں ڈالنا۔ فَتَنَ الرَّجُلُ: فتنہ میں پڑنا۔ (لازم و متعدی) صفت (فَاتِن) ج فُتَّان.

فَتَنَ (ض) فُتُونًا وفُتِنَ. اِلَى النِّسَاءِ: عورتوں سے بدکاری کا ارادہ کرنا۔

فَتَنَ (ض) فِتْنَةً ومَفْتُونًا فُلَانًا: گمراہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔

فَتَنَ. الشَّيْءَ: جلانا...... فُلَانًا عَنْ رَأْيِهِ: روک دینا۔ پھیر دینا۔

فَتَنَ. الصَّائِغُ الذَّهَبَ: سنار کا سونے کو پگھلا کر کھوٹا کھرا معلوم کرنا۔

فُتِنَ وافْتُتِنَ: مصیبت زدہ ہو کر مال یا عقل جاتی رہنا...... فِيْ دِيْنِهِ: اعراض کرنا۔

اِفْتَتَنَ: فتنہ میں پڑنا۔ اِفْتَتَنَهُ: فتنہ میں ڈالنا۔

تَفَتَّنَه: فتنہ میں ڈالنے کے لئے تکلف کرنا۔

الفَاتِن: فا۔ چور، شیطان، حق سے گمراہ کرنے والا۔

الفَتْنُ: مص۔ حال۔ قسم اور اسی سے ہے "العُمْرُ فَتْنَان" یعنی عمر کی دو قسمیں ہیں۔ اچھی اور بری۔

الفِتْنَة: مص۔ آزمائش۔ گمراہی وکفر رسوائی۔ رنج۔ دیوانگی۔ عبرت۔ عذاب۔ مرض۔ مال و اولاد۔ اختلاف آراء و وقوع جنگ وجدال ج فِتَن.

الفَتَّان: بہت فتنہ انگیز۔ چور۔ شیطان۔ سنار۔ الفَتَّانَان: چاندی و سونا۔

الفَتَّانَة: مؤنث۔ فتان: کسوٹی۔

الفَتِيْنُ: پتھریلی زمین کہ جس کے پتھر جلے ہوئے ہوں جیسے ج فُتُنٌ. ذَهَبٌ فَتِيْنٌ: جلا ہوا سونا۔

الفَتِيْن: بڑھئی۔

المَفْتُوْن: مص۔ مفع۔ دیوانہ۔ پاگل۔

فَتَا يَفْتُوْ فَتْوًا. الرَّجُلَ: سخاوت وجوانمردی میں غالب ہونا۔

فَتِيَ (س) فَتًى وتَفَتَّى تَفَتِّيًا: جوان ہونا۔ فُتِيَ تَفْتِيَةً وتَفَتَّى تَفَتِّيًا. فُتِيَت البنت وتفتت: پردہ نشین کرنا۔ لڑکوں کے ساتھ کھیلنے سے رُکنا۔ تَفَتَّى الرَّجُلُ: صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمرد بننا۔ کہا جاتا ہے "اَبْرَزُ مِنْ شَيْخٍ يَتَفَتَّى".

اَفْتَى اِفْتَاءً. فُلَانًا فِي الْمَسْاَلَةِ: فتویٰ دینا۔

فَاتَى. الرَّجُلَ: جوانمردی میں غالب ہونا۔ فتویٰ پوچھنا۔

تَفَاتَى: صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمردی ظاہر کرنا۔ تَفَاتَوْا اِلَى الْعَالِمِ: فتویٰ دریافت کرنے کے لئے جانا۔

اِسْتَفْتَى اِسْتِفْتَاءً. الْعَالِمَ فِيْ مَسْالَة: فتویٰ طلب کرنا۔

الفَتَاءُ والفُتُوَّةُ: جوانی۔ الفُتُوَّة: سخاوت کرم۔ مروت۔

الفُتْوَى والفَتْوَى والفُتْيَا: شرعی مسائل میں ماہر شریعت کا فیصلہ ج الفَتَاوِي والفَتَاوَى.

الفَتَى: نوجوان۔ سخی۔ غلام۔ اس کا تثنیہ فَتَوَان وفَتَيَان: اور ج فِتْيَان وفِتْيَة وفُتُوَّة وفُتُوٌّ وفُتِيٌّ وفِتِيٌّ.

الفَتَيَان: دن رات۔

الفَتَاة: نوجوان عورت۔ باندی۔ ج فَتَيَات وفَتَوَات.

الفَتِيُّ: ہر ایک جوان سال ج فِتَاءٌ واَفْتَاءٌ: مؤنث فَتِيَّةٌ.

اَلفِتِيَّةُ: سفید پھول کی ایک قسم۔

المُفْتِي: فا...... ماہر علم فقہ جو مسائل کا جواب دے۔

فَثَّ (ن) فَثًّا. القُفَّةَ: ٹوکری سے بکھیر دینا۔ الحَارَّ بالبَارِدِ: ٹھنڈا کر دینا۔ جوش کم کر دینا۔

اِنْفَثَّ. العُوْدُ: لکڑی کا ٹوٹنا...... الرَّجُلُ: شکستہ دل ہونا۔

تَمْرٌ (فَثٌّ) متفرق کھجور۔

المَفَثَّة: زیادتی کثرت۔

فَثَأَ (ف) فَثْأً وفُثُوْءًا. القِدْرَ: ہانڈی کا جوش ٹھنڈا کرنا...... الغَضَبَ: غصہ کی تیزی کم کرنا...... الشَّيْءَ عَنْهُ: روکنا۔

اَفْثَأَ: تھکنا، سست ہونا...... بالمَكَانِ: اقامت کرنا (...... وانْفَثَأَ) الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا۔

فَثَجَ (ن) فَثْجًا. الشَّيْءَ: کم کرنا...... المَاءَ الحَارَّ بالبَارِدِ: گرمی کم کرنا (...... وفَثِجَ وافْثَجَ وانْفَثَجَ) بوجھل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحْرٌ لَا يُفْثَجُ" فلاں بحر ناپیدا کنار ہے۔

الفَاثِج: فا۔ حاملہ اونٹنی ج فَوَاثِج.

الفَاثُوْر: سنگ رخام کی میز۔ آفتاب کی ٹکیہ۔ فرش۔ بڑا پیالہ۔ شربا کا برتن۔ جاسوس۔

فَثَغَ (ف) فَثْغًا. رَاْسَهُ: پھوڑنا۔

فَجَّ (ن) فَجًّا. القَوْسَ: کمان کو کھینچنا...... مابین رجليه: کشادہ و بعید کرنا۔ فَجَّجَت النَّاقَةُ لِلْحَلَبِ: اونٹنی کا دوہنے میں ٹانگیں پھیلانا۔

فَجَّ (س) فَجَجًا: چلنے میں ٹانگوں کے درمیان کشادہ ہونا۔ صفت (اَفَجّ) مؤنث (فَجَّاء) ج فُجّ.

اَفَجَّ. مَابَيْنَ رِجْلَيْهِ: کشادہ اور بعید کرنا۔ صفت (مُفِجّ)...... فِي الْمَشْيِ: جلدی چلنا۔ دوڑ میں چلنا۔ اَفَجَّ الاَرْضَ بالمِحْرَاثِ: ہل چلانا۔

تَفَاجَّ: ٹانگیں پھیلا کر چلنا۔

اِنْفَجَّت. القَوْسُ: کمان کا کھنچ جانا۔

الفَجُّ. الرَّجُلُ: درے میں چلنا۔
الفَجُّ: درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔ ج فِجَاج.
الـفَـجَاج: درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔
الفَلَت: رہائی۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ مِنْهُ فَلَتٌ" تمہیں اس سے رہائی نہیں۔
فَرَسٌ فَلَتَان: تیز گھوڑا ج فِلْتَانٌ ورَجُلٌ فَلَتَان: چست، دلیر، قوی دل، شر کی طرف جانے والا۔
اَلفَلَتِيُّ: وہ شخص جو اپنے آپ کو برائیوں سے محفوظ نہ رکھے۔ اَلفَالِتُ: وہ جانور جو رسی سے باندھا نہ گیا ہو۔ (عامی لفظ) اپنی ہوس پر چلنے والا نوجوان۔ اَلفَالِتَة مؤنث اَلفَالِتُ: برائی سے غیر محفوظ خاتون۔ النَغْمَةُ الفَالِتَة: وہ گانا جو مروجہ موسیقی آوازوں کے مطابق نہ ہو۔
الانفِلاتُ: مختصر وقت کے لئے گیس کی تیزی سے پڑ جانا۔ جیسے انجن میں ہوتا ہے۔
فَرَسٌ فَلْتٌ وفُلُتٌ: تیز گھوڑا۔
الفَلْتَة۔ فَلْتٌ: کا اسم مرۃ۔ بغیر غور و فکر کے کام۔ مہینہ کی آخری رات ج فَلَتَات۔
فَلَتَاتُ الكَلامِ: کلام کی لغزشیں۔ غلطیاں۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ الرَجُلُ فَلْتَةً" مرد اچانک نکل گیا وحدثَ الاَمْرُ فَلْتَةً: اچانک واقعہ ہو گیا وهُوَ فِي بُرْدَةٍ لَهُ فَلْتَة: وہ ایک چھوٹی اور تنگ چادر میں ہے جس کے دونوں کنارے مل نہیں سکتے۔
كِسَاءٌ فَلُوتٌ: چھوٹی تنگ چادر۔

فَلَجَ (ن ض) فَلْجًا وفُلُوجًا الشَيْءَ: پھاڑنا۔ دو ٹکڑے کرنا...... الحَرَّاثُ الاَرْضَ: کاشتکار کا زمین کو جوتنا...... الوَالِي الجِزْيَةَ بَيْنَهُمْ وعَلَيْهِمْ: والی کا جزیہ کو تقسیم کرنا۔ مقرر کرنا...... فَلْجًا وفُلْجًا القَوْمَ وعَلَى القَوْمِ: کامیاب ہونا...... سَهْمُهُ: غالب آنا...... الرَجُلُ: مطلوب پر فتح مند ہونا...... لَهُ: موافق فیصلہ کرنا۔ فَلَجَ بِحَاجَتِهِ: ثابت کرنا۔
فَلِجَ (س) فَلَجًا وفَلْجَة: قدموں یا ہاتھوں یا دانتوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔ صفت اَفْلَج: مؤنث فَلْجَاء ج فُلْج: فالج زدہ ہونا۔
فُلِجَ: فالج زدہ ہونا۔
فَالَجَه: کامیابی میں غالب آنا۔
فَلَّجَ الشَيْءَ: تقسیم کرنا...... الاَمْرَ: غور کرنا۔ تدبیر کرنا۔
اَفْلَجَ: مطلوب پر فتح مند ہونا...... عَلَى خَصْمِهِ: غالب آنا اور کامیاب ہونا...... اللّٰهُ فُلانًا عَلَى فُلانٍ: غالب کرنا...... بُرْهَانَهُ: دلیل ظاہر کرنا اور پیش کرنا...... لِيَ: موافق فیصلہ کرنا۔
تَفَلَّجَ: پھٹنا۔
اِنفَلَجَ الصُبْحُ: صبح کا روشن ہونا۔
الفَلْج: مص آدھا۔ چاند۔ ج فُلُوج۔
...... والفُلْج والفُلْجَة: کامیابی۔ فتح مندی۔
الفِلْج: آدھا...... والفَالِج) ایک قسم کا پیمانہ ج فَوَالِج۔
الفَلَج: مص دونوں قدم یا دانتوں کے درمیان فاصلہ۔ صبح۔ ندی۔
الفَالِج: فا۔ ایک مرض ہے جس سے پورے بدن کا آدھا حصہ بالکل بے کار ہو جاتا ہے۔ دو کوہان والا اونٹ...... مِنَ السِهَامِ: کامیاب تیر۔
الفَلِيجَة: خیمہ کا ایک تختہ۔
المُفَلَّجَة مِنَ الاَسْنَانِ: علیحدہ علیحدہ

واٹ۔
المَفْلُوج: فالج زدہ ج مَفَالِيج.
الفَلُوج: لکھنے والا۔
الـفَـلُـوجَة: کاشت کے قابل زمین ج فَلَالِيج.
فَلَحَ (ف) فَلْحًا الأرْضَ: زمین جوتنا۔
...... فَلَاحًا: مکر کرنا (...... فَلَاحَةً) لِـلْـقَـوْم وبالقَوْم: خرید وفروخت میں دھوکا دینا۔
فَلِحَ (س) فَلَحًا: نیچے کے ہونٹ کا پھٹنا۔ صفت اَفْلَح اور ہونٹ کو فَـلْـحَاء کہتے ہیں ج فُلْح.
فَلَحَ بِهِ: ٹھٹھا کرنا۔ استہزاء کرنا۔ مکر کرنا۔
اَفْـلَـحَ الرَّجُلُ: مطلوب پر کامیاب و فتح مند ہونا۔ کوشش میں کامیاب ہونا...... بِالشَّيْءِ: زندگی گزارنا۔
اِسْتَفْلَحَ بِهِ: کامیاب و فتح مند ہونا۔
الفَلَح: مص۔ پھٹن۔ ج فُلُوح.
الـفَـلَـح والفَلَحَة: نیچے کے ہونٹ کا پھٹن۔
الفَلَحَة: زمین قابل کاشت۔
الـفَـلَـح والفَلَاح: کامیابی۔ درستی۔ حال۔ بقا۔ نجات کہا جاتا ہے "حَـيَّ عَـلَـى الـفَلَاح" یعنی کامیابی اور نجات کے راستے کی طرف آؤ۔ الفَلَاح: سحری۔
الفِلَاحَة والفَلَاحَة: کھیتی باڑی۔
الـــفَلَّاح: کاشتکار۔ ملاح۔ کرایہ پر جانور دینے والا ج فَلَّاحَة وفَلَّاحُون.
المَفْلَحَة: باعث کامیابی۔
مُتَفَلِّحُ الشَّفَةِ او اليَدَيْنِ او القَدَمَيْنِ: سردی کی وجہ سے پھٹے ہوئے ہونٹ یا ہاتھ یا قدم والا۔
تَفَلْحَسَ: بے بلائے مہمان ہونا۔
الـفَـلْـحَـس: حریص۔ لالچی۔ کتا۔ بوڑھا ریچھ۔ وہ شخص جو لوگوں کے کھانے کے انتظار میں رہے۔
الفَلْحَسَة: لاغر سرین کی بدصورت عورت۔
الفِلْحَاس: قبیح بدصورت۔
فَلَخَ (ف) فَلْخًا الشَّيْءَ: پھاڑنا۔

الأمْرَ: واضح کرنا۔
فُلَانًا: مارنا۔
الفَيْلَخ: ہاتھ کی چکی ج فَيَالِخ.
غُلَامٌ فَلُود: موٹا تازہ لڑکا۔
فَلَذَ (ض) فَـلْـذًا لَهُ مِنَ المَالِ شَيْئًا: حصہ جدا کرنا۔
فَلَّذَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اِفْـتَـلَـذَ المَالَ: کچھ حصہ لینا۔ اِفْـتَـلَـذَ مِنْ فُلَانٍ حَقَّهُ: کسی سے اپنا حق لینا۔
الـــفِـــلْـــذ: اونٹ کا کلیجہ ج اَفْلَاذ. اَفْلَاذُ الأرْضِ: زمین کے خزانے۔
الـفِـلْـذَة: جگر یا گوشت یا سونے وغیرہ کا ٹکڑا ج فِلَذ وفِلَذ واَفْلَاذ.
الفَالُوذ والفَالُوذ ج والفَالُوذَق: فالودہ ج فَوَالِيذ.
الفُولَاذ: فولاد لوہا ج فَوَالِيذ.
الـمُـفَـلْـوَذ مِنَ السُّيُوفِ: فولاد کی بنی ہوئی تلوار۔
الـفِـلِـزّ والـفِـلَـزّ والفُلُزّ: سپید تانبا۔ لوہے کا میل۔ زمین کی ساری دھاتوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ بڑا سخت آدمی۔ بخیل۔ جس پر تلوار کو آزمائیں۔
فَـلَّـسَ الـقَـاضِي فُلَانًا: کسی کے دیوالیہ ہونے کا حکم لگانا۔
اَفْـلَـسَ: مال باقی نہ رہنا۔ اور اس سے یہ ارادہ کیا جاتا ہے کہ وہ ایسی حالت پر پہنچ گیا ہے کہ اس کے بارے میں یوں کہا جا سکے کہ "لَيْسَ مَعَهُ فَلْسٌ" یعنی اس کے پاس پیسے نہیں۔ صفت مُـفْـلِـس ج مُـفْـلِـسُون ومَفَالِيس.
الـفَلْس: پیسہ ج اَفْـلُـس وفُلُوس. فُلُوس الـســمَـک: مچھلی کے سفنے اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فَـلْـسٌ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ" یعنی فلاں ہر خیر سے خالی ہے۔
الفَلَّاس: صراف پیسے فروخت کرنے والا۔
الـمُفَلَّس: مغع جس کی کھال پر مچھلی کے سفنے جیسے ہوں۔

تَـفَـلْـسَفَ: فلسفی بننا۔ مسائل علمیہ میں بحث کرنا۔ حذاقت کا دعویٰ کرنا۔
الفَلْسَفَة: حکمت۔ مسائل علمیہ میں غور وفکر۔ اشیاء کا علم بِحَسْبِ الطَّاقَةِ البَشَرِيَّة.
الفَيْلَسُوف: فلسفی ج فَلَاسِفَة.
فَـلَّـشَ الأمْتِعَةَ وَ فَلَّشَهَا: سامان بکھیر دینا۔
(سریانی لفظ) اَلْـمَـفْـلُوش: وہ شخص جو اپنے کام درست نہ کر سکے۔
فَلَصَ الرَّجُلُ: چھڑانا۔ رہائی دینا۔
اَفْلَصَ واِنْفَلَصَ وتَفَلَّصَ: رہائی پانا۔
اِفْتَلَصَ مِنْ يَدِهِ: لینا۔
فَلَطَ (ن) فَـلْطًا عَنِ الشَّيْءِ: سرگشتہ ہونا۔ حیران ہونا۔
فَالَطَهُ: اچانک آنا۔ پانا۔
اَفْلَطَهُ الأمْرُ: اچانک آنا۔
اُفْتُلِطَ بِالأمْرِ: اچانک مشغول کیا جانا۔
الفَلَط: اچانک۔
فَلْطَحَ فَلْطَحَةً القُرْصَ: ٹکیہ کو پھیلانا۔ چوڑا کرنا۔
تَـفَـلْـطُح اَو تَبَطُّطُ الأرْضِ: زمین کے دو قطر استوائی اور قطبی کے درمیان فرق جب کہ اس کو قطر استوائی پر تقسیم ہو اس کی مقدار کا فرق ۲۹۷/۱ تک ہے۔ اور مشتری کا ۱۵/۱ ہے۔
الفِلْطَاح والمُفَلْطَح: چوڑا کیا ہوا۔
فَلَعَ (ف) فَلْعًا وفَلَّعَ الشَّيْءَ: پھاڑنا۔
تَفَلَّعَ: پھٹنا۔
اِنْفَلَعَ: پھٹنا۔
الفَلْع والفِلْع: بوائی۔ پھٹن ج فُلُوع.
الفِلْعَة: کوہان کا ایک ٹکڑا ج فِلَع.
الفَالِعَة: مصیبت ج فَوَالِع.
سَيْفٌ فَلُوعٌ: شمشیر براں ج فُلُع.
سَيْفٌ مِفْلَع: شمشیر براں۔
مَـزَادَةٌ مُـفَلَّعَة: چمڑے کے ٹکڑوں کا پیوند لگا ہوا توشہ دان۔
فَلَغَ (ف) فَلْغًا رأسه: سر توڑنا۔ کچلنا۔
تَفَلَّغَ الشَّيْءُ: ریزہ ریزہ ہونا۔

فَلْفَلَ الطَّعَامَ: کھانے میں مرچ ڈالنا۔
فَـلْـفَلَ وتَفَلْفَلَ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا اور تکبر سے چلنا۔تَـفَـلْـفَـلَـتْ. حَلَمَاتُ الضَّرْعِ: پستان کی بھٹنی کا سیاہ ہونا۔تَفَلْفَلَ شَعْرُ الْاَسْوَدِ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا۔
الفُلْفُل و الفِلْفِل: مرچ واحد فُلْفُلَة.
الفُلَيْفِلَة: ایک قسم کی نباتات ہے جس کی دو قسمیں ہیں۔ایک قسم مرچ کی مانند تیز ہوتی اور دوسری قسم میں تیزی نہیں ہوتی۔
شَرَابٌ مُفَلْفَل: تیز شراب وغیرہ۔
مُفَلْفَل: سخت گھنگھریالے بال۔
فَلَقَ (ض) فَلْقًا وفَلَّقَ الشَّيْءَ: پھاڑنا۔
اللّٰهُ الصُّبْحَ: رات کی تاریکی دور کرنا اور صبح ظاہر کرنا۔
اَفْلَقَ الشَّاعِرُ: عجیب کلام کہنا۔صفت مُفْلِق
بالاَمْرِ: ماہر ہونا۔
تَفَلَّقَ: پھٹنا۔دوڑنے میں کوشش کرنا۔
الصُّبْحُ: صبح ہونا۔
افتلق: عجیب کام کرنا۔دوڑنے میں کوشش کرنا۔
اِنْفَلَقَ: پھٹنا۔
الفَالِق: فا۔ پہاڑ کا شگاف۔
الـفَـالِقَة. فَـالِق: کا مؤنث۔دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔
الـفَـلْق: مص پھٹن ج فُـلُـوْق. فَـلْقُ الرَّاسِ: مانگ۔
الفِلْق: امر عجیب۔مصیبت۔آدھا۔
الفَلَق: صبح۔کل مخلوق۔اشکال کے بعد حق کی وضاحت۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔دوزخ۔پہاڑ کا شگاف۔
ج فُلْقَان: پیالہ کی تلی کا دودھ۔بطور حقارت کے کہا جاتا ہے "یا ابْنَ شَارِبِ الفَلَق" مجرم کو سزا دینے کی ایک قسم کی لکڑی۔والـفَـلَـق مِنَ اللَّبَنِ: پھٹا ہوا دودھ ج اَفْلَاق.
الـفِـلْـقَة: پھٹی ہوئی چیز کا آدھا۔داغ جو اونٹ کے کان کے نیچے لگائیں۔
الفِلقَة: ٹکڑا۔ج فِلَق.
الفِلَاقَة: ٹکڑا۔ج فِلَاق.
الفِـلْـقَة: پھٹی ہوئی چیز کا آدھا۔مصیبت ج فِلَق.
الفَـلِيْق والفَـلِيْقَة والمَفْلَقَة والفَلْقَى: مصیبت۔اَمر عجیب الفَلِيْق: گردن کی اُبھری ہوئی رگ۔
الفُـلْقَان: سفید جھوٹ۔خالص جھوٹ لَبَنٌ فُلَاق وفُـلُـوْق پھٹا ہوا دودھ۔کہا جاتا ہے "صَـارَ الـلَّـبَنُ فُلَاقًا وفِلَاقًا واِفْلَاقًا" یعنی ترشی کی وجہ سے دودھ پھٹ گیا۔
الثَّمَرُ الفَلِيْق والمُفْلَق: خشک پھل جو گٹھلی سے جدا ہو گیا ہو۔
الفَيْلَق: بڑا لشکر۔بڑا آدمی ج فَيَالِق. رَجُلٌ فَيْلَق: کانا مرد۔اِمْـرَأَةٌ فَيْلَق: بڑی چالاک شور مچانے والی عورت۔
الـمُفْلِق: فا۔شَـاعِرٌ مُفْلِق: عجیب کلام کہنے والا شاعر۔
المِفْلَاق: ناپسندیدہ افعال کرنے والا۔مفلس ج مَـفَـالِيْق. رَجُـلٌ مِفْلَاق: کمینہ و رذیل آدمی۔
المَفْلَقَة: بلا و سختی۔
المَفْلُوْق: کان کے نیچے داغ لگا ہوا اونٹ۔
فَـلْـقَعَ مَا فِي الْاِنَاءِ: برتن کا کل پی جانا یا کھا جانا۔
تَفَلْقَعَ اِلَى الْقَوْمِ: خوش خبری دینا۔
الفَلْقَعِي: ہنس مکھ۔
فَلَكَ (ن) فَلْكًا فَلَكَ ثَدْيُ الجَارِيَةِ: لڑکی کی پستان کا گول ہونا۔
فَلَكَتْ وفَلَّكَتْ الجَارِيَةُ: گول پستان والی ہونا۔صفت فَالِك ج فَوَالِك.
فَـلَّـكَ واَفْلَكَ الثَّدْيُ: پستان کا گول ہونا ......الـرَّجُـلُ فِـيْ الاَمْـرِ: کسی معاملہ میں اصرار کرنا۔
تَـفَـلَّـكَ واسْتَفْلَكَ ثَدْيُ الجَارِيَةِ: لڑکی کے پستان کا گول ہونا۔
الـفَـلَـك: آسمان۔ج فُـلُك وفُـلْك وافْـلَاك والـفَـلَـك مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: گول اور بڑا بِنَ البَحْرِ: موج۔ریت کا ٹیلہ جس کے ارد گرد کھلا میدان ہو۔زمین کے گول ٹکڑے جو ارد گرد کی زمین سے بلند ہوں۔واحد فَلْكَة وفَلَكَة ج فِلَاك.
الـفَـلِك: اُبھری ہوئی ہڈیوں والا۔سخت جوڑوں والا۔جس کے زانو کی چپنی میں درد ہو۔رَجُلٌ فَلِك: بڑے سرین والا۔
الفَلَكِي: فلک کی جانب منسوب۔علم نجوم کا ماہر۔
الـفَـلْكَة: فلک کا واحد۔ہر وہ چیز جو بلند اور گول ہو۔ج فَـلَكٌ وفَـلَك فَـلَـكَة
المِغْزَل: چرخے کا دمڑکا ج فِلَك.
الاَفْلَك: گول زمین کے گرد گھومنے والا۔
الِافْـلِيْـكَـان: حلق کے کوے کے ارد گرد گوشت کے دو ٹکڑے۔
الـمُفْلَك والمُفْلِك. مِنَ النِّسَاءِ: گول پستان والی عورت۔
اَلْفِلِكْسُوْة: انگور کے تنے کو چوسنے والا کیڑا۔
اِفْتَلَمَ. اَنْفَهُ: ناک کاٹنا۔
اَلـفِـلْـمُ ج اَفْلَام: کیسٹ۔فوٹو گرافی میں استعمال والا نگیٹیو۔قصہ کہانی۔
عِلْمُ الفَلَك: آسمان کے برجوں کا علم۔یہ بات رکھنی ضروری ہے کہ ہر ماہ ستاروں کے طلوع ہونے میں دو گھڑیوں (گھنٹوں) کا فرق ضروری ہوتا ہے۔اس وجہ سے جو ستارہ آٹھ بجے حزیران (جون) کے شروع میں طلوع ہوتا ہے وہی ستارہ دس بجے ایار (مئی) کے شروع میں طلوع ہوگا۔اس کے برعکس یہ ستارہ چھ بجے (تموز) جولائی کے شروع میں طلوع ہوگا۔
الفِـنْـلَم: بڑے جثہ کا مرد۔چوڑا کنواں۔کنگھی۔بزدل۔بڑی زلفوں والا۔[illegible] لشکر۔دسترخوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔
فُلَانٌ وفُلَانَة: ذوی العقول کے علم کا کنایہ کیا جاتا ہے اور اس صورت میں ان پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور فُلَانَة: غیر منصرف

ہے۔ کہا جاتا ہے جَـــاءَ فلانٌ تنوین کے ساتھ اور جَـآءَتْ فلانۃ: بغیر تنوین کے اور کبھی غیر ذوی العقول کے علم سے بھی کنایہ کیا جاتا ہے اس صورت میں الف لام داخل ہوتا ہے جیسے رَکِبْتُ الفُلانَ و حَلَبْتُ الفُلانَۃَ.

فَلا یَفْلُوْ فَلْوًا وفَلاۃً: سفر کرنا۔
و بِـــــــالسَّیْف: تلوار سے مارنا...... القَوْم: درمیان میں آنا۔
وافْلٰی وافْتَلٰی الصَّبِیَّ او المُہْرَ: بچے یا بچھیرے سے دودھ چھڑانا......الـــغُلامَ: لڑکے کی پرورش کرنا۔ افْتَلاہُ لِنَفْسِہٖ: اپنے لئے لینا۔ اَفْلَی الرَّجُلُ: جنگل میں داخل ہونا۔ اَفْلَتِ الفَرَسُ: بچھیرے والی ہونا۔ دودھ چھڑانے کے قابل بچھیرے والی ہونا۔ صفت مُفْلٍ و مُفْلِیَۃ.

الفِلْو: بچھیرا یا گدھے کا بچہ جو دودھ چھڑانے کے قابل ہو یا جن کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو۔ ج اَفْلاءٌ وفِلاءٌ.

الفَلُوُّ والفُلُوُّ: بمعنی فِلْو ج اَفْلاءٌ و فَلاوٰی مؤنث فِلْوَۃ و فَلُوَّۃ.

الفَلاۃ: وسیع بیابان ج فَلَوَات و فَلاً و فُلِیّ وفِلِیّ: اور فَلاً کی جمع اَفْلاء.

فَلٰی یَفْلِیْ فَلْیًا الاَمْرَ: کسی معاملہ کے اسباب و وجوہ پر غور کرنا......الشِّـعْـرَ: شعر میں غور کرنا اور معانی و غرائب کا استخراج کرنا......و بِالسَّیْف: تلوار سے مارنا...... زَیْدًا فِیْ عَقْلِہٖ: آزمائش کرنا...... وفَلّٰی تَفْلِیَۃً رَاْسَہٗ او ثَوْبَہٗ: سر یا کپڑے سے جوئیں نکالنا۔

فَلِیَ یَفْلٰی فَلًی الشَّیْئُ: کٹنا۔

فَـلٰی وافْلٰی وافْتَلٰی القَوْمُ: درمیان میں آنا۔ اَفْلَی القَوْمُ بِعَیْنِہٖ: قوم کو غور سے دیکھنا۔

تَفَلّٰی: سر یا کپڑے میں سے جوئیں نکالنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا چونچ سے پروں کو کھجلانا۔

تَفَالٰی واسْتَفْلٰی: کسی سے جوئیں نکالنے کی خواہش کرنا۔ تَفَالَتِ النِّسَاءُ: ایک دوسرے کی جوئیں نکالنا...... الحُمُرُ: گدھوں کا ایک دوسرے کو کھانا۔

اِسْتَفْلاہُ: تلوار سے سر پھاڑنے کے درپے ہونا۔

الفَلایَۃ: جوئیں نکالنا۔

الفَالِیَۃ: چھپری۔ داغ دار کبریلا سانپوں کے بلوں کے قریب رہا کرتا ہے اور اسی وجہ سے اس کو فَالِیَۃُ الاَفَاعِی بھی کہتے ہیں۔ فَالِیَۃُ الاَفَاعِی: شرکا پیش خیمہ۔

الفَمُ والفُمُ والفِمُ مِنَ الانْسَانِ: منہ اصل وضع کے لحاظ سے (فـوہ) ہے۔ اس کا تثنیہ فَمان فَمَوَان و فَمَیان اور جمع اَفْوَاہ (باعتبار اصل وضع کے) اور اَفْـمَام: اور نسبت کے لئے فَمَوِیّ و فَمِیّ.

فَنَّ (ن) فَنًّا الشَّیْئَ: مزین کرنا......الرَّجُلَ: مشقت میں ڈالنا...... و فِـیْ البَیْعِ: نقصان دینا۔ فَــنَّ الــدَّیْـنَ: قرض کو ٹالنا۔ الابِلَ: اونٹ کو دفع کرنا۔ ہانکنا۔

فَـنَّنَ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: ملانا...... النَّـاسَ: جدا جدا کرنا، جماعت دار کرنا...... رَاْیَـہٗ: رنگ برنگ رائے بدلنا۔

تَفَنَّنَ الشَّیْئُ: قسم بہ قسم ہونا۔ مضطرب ہونا...... والفَنَّ فِیْ الحَدِیْثِ: اچھے اسلوب سے بیان کرنا۔ افْتَنَّ فِیْ خُصُوْمَتِہٖ: قسم قسم کی باتیں کہنا۔

اِسْتَفَنَّ فَرَسَـہٗ: گھوڑے کو گوناگوں چال چلانا۔

الفَنُّ: مِعْ۔ قسم۔ حال ج اَفْنَان و فُنُوْن جج اَفَـانِیْن۔ اَفَـانِیْنُ الکَلامِ: کلام کے مختلف اسلوب۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ مِنْہُ فَنًّا" یعنی اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔ کہا جاتا ہے "ھُـوَ فَنُّ عِـلْـمٍ" وہ علم کے ساتھ بہتر تعلق رکھنے والا ہے۔

اَلْفَنّ: سے مراد وہ عمل جس کو کرنے والا اعلیٰ جمال و کمال میں پیش کرے۔ فُـنُـــوْنُ الشِّعْرِ: شعروں کی انواع و اقسام۔ الفُنُوْنُ الجَـمِـیْلۃ: وہ فنون جو خوبصورتی کو اجاگر کریں جیسے موسیقی، فوٹوگرافی، شعر، بلاک سازی، ڈیزائن سازی، تعمیر اور رقص۔ اَلْفُنُوْنُ اللَّذِیْذَۃ: جن کے کرنے سے لذت (اگرچہ گناہ والی) محسوس ہو جیسے ناچ، گانا اور گھوڑ سواری۔ اَلْفُنُوْنُ الحُرَّۃ: وہ فنون جن میں ہاتھ کے بجائے ذہن زیادہ کام کرے۔ اَلْفُنُوْنُ البَدَوِیَّۃ: وہ فنون جن میں ہاتھ زیادہ زیادہ استعمال ہو بہ نسبت عقل کے۔ جیسے: سنگ تراشی وغیرہ۔

الفَنَن: سیدھی شاخ ج اَفْنَان جج اَفَانِیْن.

الفَنَّۃ: فَن کا اسم مرۃ۔ مدت۔

الفِنَّۃ: بہت گھاس۔

شَـــــجَرَۃٌ فَنَّاء وفَنْوَاء: بہت شاخ والا درخت۔

الفَنَّان: لمبے بال والا۔ شَعْرٌ فَیْنَان: لمبے اچھے بال۔

الاَفْـنُوْن: قسم۔ گنجان ٹہنی۔ ابتداء جوانی۔ ابتداء بادل۔ مضطرب کلام۔ سانپ۔ ج اَفَانِیْن.

المِفَنّ: عجیب عجیب اُمور کرنے والا مؤنث مِفَنَّۃ.

اَلْمُفَنَّۃ: بدخلق بوڑھی عورت۔

الـمُـتَـفَـنِّـن: گوناگوں حالات والا۔ گوناگوں صنعت والا۔

الفَنْ ءُ: جماعت۔

الفَنَاء: کثرت۔

فَـنْـجَرَ عَیْنَیْہِ: آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر تیز نگاہ سے دیکھنا۔

الفَنَاجِرَۃ: ماہرین شہسواری۔

الفِنْجَان: چائے پینے کی پیالی جمع فناجین.

اَلْفِنْجَانُ: سونے تانبے کا سر پر گول زیور۔

فَنَخَہٗ (ن) فَنْـخًا و فُنُخَۃً: غالب ہونا۔ ذلیل کرنا۔ فَـنَـخَ عَـظْـمَـہٗ: بغیر خون نکلے ہوئے ہڈی کو چورہ کرنا۔

فَـنَّخَہٗ فَنْخًا و فُنُوْخًا: خوب اچھی طرح قتل کرنا۔

افنخ رأسه: کچلنا۔
تفنخه: مقہور کرنا۔ بہت بری طرح سے ذلیل کرنا۔
الفنيخ: نرم و کمزور۔ بڑھا۔
المفنخ: دشمنوں کو بہت ذلیل کرنے والا۔ ان کے سروں کو بہت توڑنے والا۔
فنخر وفنخرة: نتھنے پھلانا۔
الفناخر: بڑی ناک والا (...... والفنخر) بڑے ڈیل ڈول والا مؤنث فناخرة وفنخرة.
الفنخيرة: بہت فخر کرنے والا۔
فند (س) فندا وافند: کھوسٹ ہونا۔ بڑھاپے کی وجہ سے ضعیف العقل ہونا۔ جھوٹ بولنا...... في الرأي او القول: خطا کرنا۔ افنده: خطا کار ٹھہرانا۔ افنده الکبر: بڑھاپے کا کسی کو ضعیف العقل کر دینا۔
فنده: جھٹلانا۔ ملامت کرنا۔ خطا کار ٹھہرانا۔ ضعیف العقل بنانا۔ فند في الشراب: مداومت کرنا...... الفرس: گھوڑے کو دبلا کرنا۔ چھریرا بنانا۔
وفاند وتفند فلانا على الامر: طلب کرنا۔
تفند من كذا: نادم و پشیمان ہونا۔
الفند: مص۔ عاجزی۔ کفران نعمت ج افناد.
الفند: بڑا پہاڑ۔
الفند: بڑا پہاڑ۔ ٹہنی۔ نوع۔ جمع شدہ قوم۔ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔ ج فنود وافناد: کہا جاتا ہے "اتوا افنادا" یعنی گروہ گروہ آئے۔ وافناد الليل: رات کے حصے۔
الفندق: سرائے ج فنادق: بندوق۔
الفنداق: حساب کا رجسٹر ج فناديق.
الفنار: مشعل۔ روشنی کا منارہ۔ ج فنارات.
الفانوس: چغل خور۔ مشعل۔ لالٹین ج فوانيس.
فنش في الامر: سست ہونا۔

...... عن الامر: رک جانا۔
الفنطاس: جہاز میں میٹھے پانی کا حوض۔ میٹھے پانی کے تقسیم کرنے کا پیالہ ج فناطيس.
انف فنطاس: چوڑی ناک۔
الفنطيس: کمینہ۔ چوڑی ناک والا۔ ناک جس کے نتھنے چوڑے ہوں اور بانسہ پست ہو۔ ج فناطيس.
الفنطيسة: سور کی تھوتھنی۔
فنع (س) فنعا: مالدار ہونا۔ صفت فنع وفنيع.
الفنع: مص۔ بہت بخشش۔ فیاضی۔ مشک کی بھڑک۔
المفنع: اچھی شہرت والا۔ نیک نام۔
فنق وفانق: ناز و نعمت سے پالنا۔
افنق: تنگی کے بعد صاحب نعمت ہونا۔
تفنق الغلام: ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا ...... في الامر: مبالغہ کرنا۔
جارية فنق ومفناق: ناز و نعمت میں پلی ہوئی لڑکی۔
الفنيق: نر اونٹ کہ جس کو بوجہ اس کی شرافت کے نہ تو سواری کے کام میں لائیں اور نہ اس کو تکلیف پہنچائیں ج فنق ج افناق.
الفنيقة: پوری ناز و نعمت میں پلی ہوئی عورت ج فنائق.
عيش مفانق: خوش عیش زندگی۔
الفنقع: موت۔
فنك (ن) فنوكا بالمكان: اقامت کرنا۔
...... وافنك على الامر: مداومت کرنا۔
...... في الامر: اصرار کرنا۔ جھوٹ بولنا۔
فانك مفانكة في الامر: دخل دینا۔
...... وفنك تفنيكا في الشر او الكذب: اصرار کرنا۔
الفنك والفنك: تعجب۔ الفنك: رات کا ٹکڑا۔ لومڑی کی جنس سے ایک جانور ہے جو لومڑی سے چھوٹا ہوتا ہے اور جس کی کھال [illegible]

الفنك: (ورد الاثر ...... والفنكة) رات کا ٹکڑا۔
الفنيك: انسان کے جبڑوں کے ملنے کی جگہ۔
الفنيك: ترشہ کار بالک۔ (فرانسیسی لفظ)
والافنيك: پرندہ کا دمغزہ۔
المتفنكة: بے وقوف عورت۔
الفناة: میگنی ج فنوات کوے ج فنا.
شجر فنواء: بہت شاخوں والا سایہ دار درخت۔
فني وفني يفنى فناء: معدوم ہونا۔
...... الرجل: بہت بوڑھا ہونا کہا جاتا ہے "صار شيخا فانيا".
فانى مفاناة الرجل: مدارات کرنا۔ تسکین دینا۔ کہا جاتا ہے "كان يفاني الايام لاهيا" یعنی وہ زمانے کو کھیل کود میں بسر کرتا ہے۔
...... المال: مال کا اچھا انتظام کرنا۔
افنى افناء الشيء: معدوم کرنا۔ ہلاک کرنا۔
تفانى: بعض کا بعض کو ہلاک کرنا۔
الفاني: فا۔ پیر فانی۔ کھوسٹ بڈھا۔
الفناء: مص۔ معدومی۔ ہلاکت۔
الفناء: گھر کے سامنے کا میدان ج افنية وفني: کہا جاتا ہے "هو من افناء الناس" جو غیر معروف النسب ہے۔
فه (ف) وفهه (س) فهاهة: بول چال میں درماندہ و عاجز ہونا۔ صفت فه وفهة.
فه (س) فها الشيء وعن الشيء: بھلانا۔
فهه وافه الله الرجل: عاجز کرنا۔ افهه الشيء: بھلوانا۔
الفهة: مؤنث فه۔ عاجزی۔ غفلت۔
فهد (س) فهدا: تیندوے جیسا ہونا۔ صفت فهد وفهد۔ فهد عنه: غافل ہونا۔
فهد (ف) فهد الفلان: کسی کے کام کو اس کی غیر موجودگی میں اچھا کرنا۔
الفهد: تیندوا ج فهود وافهد.
الفهدة: مادہ تیندوا ج فهدات: [illegible]

الفَهَّاد: تیندوے والا۔ تیندوے کو شکار سکھانے والا۔
الفُوهَد: موٹا تازہ قریب البلوغ لڑکا۔ مؤنث فُوهَدَة.
الافْهُود: بمعنی فُوهَد: ج اَفَاهِيد.
فَهِرَ الفَرَسُ او الرَّجُلُ: تھک جانا۔
اَفْهَرَ: یہودیوں کی عید میں شریک ہونا۔
زَيْدٌ: موٹائی کی وجہ سے سلوٹ والا ہونا۔
تَفَهَّرَ. فِي المَالِ او الكَلَامِ وسعت ہونا۔
الفِهْر. عِنْدَ الاَطِبَّاءِ: دوا پیسنے کا پتھر۔ ج اَفْهَار وفُهُور.
الفِهْرَة: بمعنی الفِهر.
الفِهْرِس والفِهْرِست: کتاب جس میں کتابوں کے نام جمع کئے جائیں۔ کتاب کے اوّل یا آخر میں چند اوراق جس میں کتاب کے ابواب وفصول بیان کر دیئے جائیں۔ ج فَهَارِس.
فَهَضَهُ (ف) فَهْضًا: توڑنا۔ کچلنا۔
فَهَقَ (ف) فَهْقًا. الرَّجُلَ: چنبر گردن پر مارنا۔
فَهِقَ (س) فَهَقًا وفَهْقًا. الإنَاءُ: برتن کا لبریز ہو کر چھلکنا۔
اَفْهَقَ. الإنَاءَ: برتن کو بھرنا...... البَرْقُ وغَيْرُهُ: بجلی وغیرہ کا پھیل کر چمکنا۔
تَفَهَّقَ وانْفَهَقَ الحَوْضُ بالمَاءِ: حوض کا پانی سے چھلکنا...... البَرْقُ وغَيْرُهُ: بجلی وغیرہ کا پھیل کر چمکنا۔
الفَهْقَة: گردن کی جڑ کی ہڈی۔ ج فِهَاق.
الفَاهِقَة: زخم جس سے خون جاری ہو۔ بئرٌ
مُفْهَاق: بہت پانی والا کنواں۔
اَلْمُنْفَهِق: کشادہ۔
الفَيْهَق: کشادہ۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
فَهِمَ (س) فَهْمًا وفَهَمًا وفَهَامَةً وفَهَامِيَةً: سمجھنا۔
فَهَّمَهُ واَفْهَمَهُ: سمجھانا۔
تَفَهَّمَ. الكَلَامَ: تھوڑا تھوڑا سمجھنا۔
تَفَاهَمَ. القَوْمُ: بعض کا بعض سے سمجھنا۔

اِسْتَفْهَمَهُ الاَمْرَ: دریافت کرنا۔ سمجھانے کے لئے کہنا۔
الفَهْم: مص۔ سمجھ۔ کسی چیز کا تصور۔
الفَهِم: تیز سمجھ دار۔
الفَهَّامَة: بہت سمجھنے والا۔ تا مبالغہ کے لئے ہے۔
الفَهِيم: سمجھ دار۔ ج فُهَمَاء. فَهَا (ن) فَهْوًا. عَنِ الاَمْرِ: بھولنا۔
الافْهَاء: بے وقوف لوگ۔
فُو. ف و ہ: کا مادہ دیکھئے۔
فَاتَ يَفُوتُ فَوْتًا وفَوَاتًا الاَمْرُ: گزرنا۔ وقت جاتا رہنا۔ الاَمْرُ: حاصل کرنے میں ناکام رہنا...... فُلَانٌ فِي كَذَا: آگے بڑھ جانا...... الشَّيْءُ: تجاوز کرنا۔
اَفَاتَهُ اِفَاتَةً الاَمْرَ: گزرنے دینا......
تَفَوَّتَ عَلَيْهِ فِي مَالِهِ: غلبہ کرنا۔
تَفَاوَتَ تَفَاوُتًا وتَفَاوَتًا وتَفَاوِتًا الشَّيْئَانِ: مختلف ہونا۔ دور دور ہونا۔
تَفَاوَتَا فِي الفَضْلِ: فضل وکمال میں مختلف ہونا۔
اِفْتَاتَ الكَلَامَ: نئی گفتگو کرنا...... بِرَأْيِهِ: خود رائی کرنا...... بِاَمْرِهِ: کر گزرنا اور مشورہ نہ کرنا۔
...... عَلٰى فُلَانٍ فِي الاَمْرِ: حکم کرنا۔ فیصلہ کرنا۔
...... ہ الاَمْرُ: فوت ہونا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُفْتَاتُ عَلَيْهِ" فلاں کی اجازت کے بغیر کوئی کام نہیں کیا جاتا۔
الفَوْت: مص۔ دو انگلیوں کے درمیان کشادگی ج اَفْوَات کہا جاتا ہے "جَعَلَ اللّٰهُ رِزْقَهُ فَوْتَ فَمِهِ" یعنی اللہ نے اس کے رزق کو ایسا بنایا ہے کہ وہ دیکھتا ہے اور اُس تک پہنچتا نہیں۔
الفَوَات: مص مَوْتُ الفَوَات: اچانک موت۔
الفُوَيْت: خود رائے جو کسی سے مشورہ نہ کرے۔ (مذکر ومؤنث)

فَاحَ يَفُوحُ فَوْحًا. المِسْكُ: مشک کی خوشبو کا بھڑکنا...... النَّهَارُ: دن کا ٹھنڈا ہونا۔
فَوَّحَ. عَنْ نَفْسِهِ: ٹھنڈا کرنا۔
اَفَاحَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا۔
اُسْتُفِيحَ: ہلکا سمجھا جانا۔ ذلیل سمجھا جانا۔
الفَوْج: جماعت۔ گروہ۔ ج اَفْوَاج وفُؤُوج جج اَفَاوِج واَفَاوِيجُ واَفَاوِيج.
الفَائِجَة: جماعت۔ ریت یا سخت زمین کے دو ٹیلوں کے درمیان کشادگی۔
فَاحَتْ تَفُوحُ فَوْحًا وفُؤُوحًا وفَوَحَانًا القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا...... الشَّجَّةُ: زخم کا خون پھینکنا۔ فَاحَ وتَفَاوَحَ الزَّهْرُ: پھول کا مہکنا۔ خوشبو بھڑکنا۔ فَاحَ المِسْكُ او الطِّيبُ: مشک یا خوشبو کا بھڑکنا۔
اَفَاحَ. الدَّمَ: خون گرانا...... القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔
فَوْحُ الحَرِّ: گرمی کی شدت۔
فَاخَتْ تَفُوخُ فَوَخَانًا. الرِّيحُ: ہوا کا چلنا اور آواز نکلنا۔
فَاخَ واَفَاخَ. الرَّجُلُ: گوز کرنا۔ اَفَاخَ الزِّقَّ: مشک کا منہ کھول کر ہوا نکالنا۔
فَادَ يَفُودُ فَوْدًا: مرنا...... الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: ملانا...... المَالُ لِفُلَانٍ: ثابت ہونا۔ اور اسم اس سے الفَائِدَة ہے۔
اَفَادَ. اِفَادَةً الرَّجُلَ: مارنا۔ ہلاک کرنا۔ اَفَادَ وفُلَانٌ المَالَ: جمع کرنا۔ کمائی کرنا...... فُلَانًا مَالًا او عِلْمًا: دینا یا نفع پہنچانا۔
تَفَوَّدَ. الوَعْلُ فَوْقَ الجَبَلِ: پہاڑی بکری کا پہاڑ پر چڑھنا۔
اِسْتَفَادَهُ: حاصل کرنا۔
الفَوْد: مص۔ کنپٹی۔ کنپٹی کے بال کہا جاتا ہے "بَدَا الشَّيْبُ بِفَوْدَيْهِ" یعنی اس کی دونوں کنپٹیاں سفید ہوگئیں۔ الفَوْد: بڑا تھیلا۔ بوری۔ فوج۔ کنارہ۔ فود الخِبَاء او الوَادِي: خیمہ یا وادی کا کنارہ ج اَفْوَاد.
المِفْوَاد: تلف کرنے والا۔

الفَوْدَج: ہودج۔ دُلہن کی پالکی۔
فَارَتْ تَفُوْرُ فَوْرًا وفَوَرَانًا وفُوُوْرًا. القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ اُبلنا۔ فَارَ الْمَاءُ: پانی کا زمین سے نکلنا اور بہنا...... العِرْقُ: رگ کا مضطرب ہونا(...... فَوْرًا وفَوَرَانًا المِسْکُ) خوشبو کا بھڑکنا۔
فَوَّرًا واَفَارَ. القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔
...... فَارَ المِیْزَانُ: ترازو کے زُبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے ہٹانا۔
الفَار: چوہا۔ واحد فَارَةٌ. فَارَةُ الاِبِلِ: کھال کے تر ہو جانے کے بعد کی بو۔
الفَوْر: مص۔ جلدی۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ مِنْ فَوْرِہ" جلدی واپس ہوا۔ فَوْرُ کُلِّ شَیْئٍ: ہر چیز کا اوّل۔
الفُوْر: ہرنیاں۔ واحد فَائِر: کہا جاتا ہے "لاَ اَفْعَلُہٗ مَالاَلاَتِ الفُوْرُ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک ہرنیاں اپنی دُم ہلاتی رہیں گی یعنی کبھی نہیں کروں گا۔
الفَوْرَةُ مِنَ الحَرِّ او الغَضَبِ: گرمی یا غصہ کی تیزی۔ فَوْرَةُ النَّهَارِ: دن کی ابتداء۔
فَوْرَةُ النَّاسِ: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔
فَوْرَةُ العِشَاءِ: عشاء کی نماز کے بعد کا وقت کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ الشَّیْئَ بِفَوْرَتِہٖ" میں نے چیز کو اس کی ابتداء ہی میں لے لیا۔
الفِیَارَان: ترازو کے زُبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے۔
الفَائِر: فا۔ کہا جاتا ہے "فَارَ فَائِرُہٗ" اس کا غصہ بھڑکا۔
الفُوَارَة: ہانڈی کا اُبال۔
الفَوَّار: اسم مبالغہ۔
الفَیُّور: بہت جلدی غضبناک ہونے والا۔
الفَوَّارَة: مؤنث فَوَّار: پانی کا چشمہ۔ فوارہ۔
فَازَ یَفُوْزُ فَوْزًا. بِالاَمْرِ: کامیاب ہونا...... مِنَ المَکْرُوْہِ: نجات پانا...... الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ مرنا۔
فَوَّزَ تَفْوِیْزًا الرَّجُلُ: گزرنا۔ مرنا......
الطَّرِیْقُ: ظاہر ہونا...... الرَّاکِبُ بِابِلِہٖ: تیرا دیے کا اُونٹوں کے ساتھ جنگل طے کرنا۔
...... وتَفَوَّزَ: ایک مُلک سے دوسرے مُلک میں جانا۔
اَفَازَ فُلاَنًا بِکَذَا: کامیاب کرانا۔
الفَازَة: دو کھمبوں والا خیمہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ الفَازَةَ بِالمَفَازَةِ" اس نے بیابان میں خیمہ لگایا۔
المَفَازَة: نجات۔ کامیابی۔ ہلاکت۔ بیابان جس میں پانی نہ ہو ج مَفَازَات ومَفَاوِز.
فَوَّضَ تَفْوِیْضًا. اِلَیْہِ الاَمْرَ: سپرد کر دینا۔
اَلْفُوْضِیَا: خوبصورت پھولوں کا پودا۔
...... المَرْاَةَ: بغیر مہر کے نکاح کر دینا۔
فَاوَضَہٗ مُفَاوَضَةً فِی الاَمْرِ: برابر ہونا۔ شریک ہونا۔ اہم بات چیت کرنا۔
تَفَاوَضَ القَوْمُ فِیْ کَذَا: بعض کا بعض کے ساتھ شریک ہونا...... الشَّرِیْکَانِ فِی المَالِ: شریک ہونا اور برابر ہونا۔ تَفَاوَضُوْا فِی الحَدِیْثِ: بات چیت میں مشغول ہونا کہا جاتا ہے قَوْمٌ فَوْضٰی: ایسی قوم جس میں سب برابر ہوں اور ان کا کوئی رئیس نہ ہو "واَمْرُهُمْ فَوْضٰی بَیْنَهُمْ وفَوْضُوْضٰی وفَوْضُوْضَاءُ" ان کا معاملہ مخلط ہے۔ ہر ایک تصرف کا حق رکھتا ہے "اَمْوَالُهُمْ فَوْضٰی بَیْنَهُمْ وفَوْضُوْضٰی وفَوْضُوْضَاءُ" وہ سب مال میں برابر کے شریک ہیں کوئی فرق نہیں۔ کہا جاتا ہے شِرْکَةٌ مُفَاوَضَةٌ وشِرْکَةُ مُفَاوَضَةٍ: وہ شرکت جس میں شرکاء مال اور تصرف اور دین کے لحاظ سے برابر ہوں اور اس کے مقابلہ میں شرکت عنان ہے۔ مُفَاوَضَةُ العُلَمَاءِ: علمی مسائل کا مذاکرہ۔
اَلْمُفَوَّضِیَّةُ: وہ دائرہ جس کو ذمہ دار افسر لگائے۔ منصب ذمہ دار افسر۔
اَلْفَوْضَوِیَّةُ: وہ غیر منظم سیاسی نظام حکومت جس میں عوام پر حکام کا غیر مؤثر یا معطل تصور ...... کیا جائے۔
اَلْفَوْضَوِیُّ: غیر منظم حکومت کا ساتھ دینے والا۔ لاقانونیت برتنے والا۔
فَوَّطَہٗ: ازار پہنانا۔
الفُوْطَة: ازار جس کو خدام استعمال کرتے ہیں ج فُوَط: اور عوام کے نزدیک رومال کو کہتے ہیں۔
فَاظَ یَفُوْظُ فَوْظًا وفَوَاظًا: مرنا۔ کہا جاتا ہے "حَانَ فَوْظُہٗ" یعنی اس کی موت کا وقت آ گیا۔
الفَوْعَة. مِنَ الطِّیْبِ: خوشبو۔
مِنَ السُّمِّ: زہر کی تیزی...... مِنَ الشَّبَابِ: جوانی کی ابتداء۔
فَاعَ یَفُوْعُ فَوْعًا الطِّیْبُ: خوشبو بھڑکنا۔ مہکنا۔
الفَوْعَة مِنَ الطِّیْبِ: خوشبو کی بھڑک۔
الفَائِعَة: تیز خوشبو جو ناک کو بھر دے۔
الفَوَع: منہ کی موٹائی۔
الاَفْوَع: موٹے منہ والا۔ کہا جاتا ہے یفقم الفوع: موٹا منہ "رَجُلٌ اَفْوَعُ" موٹے منہ والا مرد۔
فَاقَ یَفُوْقُ فَوْقًا: انگوٹھے اور شہادت کی اُنگلی کے ناخنوں کو ملا کر سائل کو کچھ نہ دینے کا اشارہ کرنا۔
الفَوْف والفُوْف: گائے تل کا خلاصہ۔ جوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔ واحد فُوْفَة وفُوْفَةٌ ج اَفْوَاف.
الفُوْف والفُوْفَة: دانہ کا چھلکا۔
ثَوْبُ اَفْوَافٍ وثَوْبٌ مُفَوَّفٌ: باریک کپڑا۔ سفید دھاری دار کپڑا۔
فَاقَ یَفُوْقُ فَوْقًا وفَوَاقًا الشَّیْئُ: بلند ہونا...... اَصْحَابَہٗ بِالفَضْلِ او العِلْمِ: بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔
فُوَاقًا ہچکی آنا(...... فُوَاقًا وفُوُوْقًا) الرَّجُلُ: قریب المرگ ہونا یا مرنا(...... فَوْقًا) السَّهْمَ: سوفار تیر کو توڑنا الشَّیْئَ: توڑنا۔
فَاقَ یَفَاقُ وفَوِقَ یَفْوَقُ فَقًا وفَوَقًا وفُوَاقًا السَّهْمُ: سوفار میں کجی ہونا۔

فَوَّقَهُ عَلٰى قَوْمِهٖ :فضیلت دینا۔فُوِّقَ
السَّهمَ:سوفار لگانا......الفَصِيلَ: مہلت
دے دے کے دودھ پلانا۔
اَفَاقَ اِفَاقَةً مِنْ مرضه:صحت یاب ہونا۔
......الحَالِبُ: دو دفعہ کے دوہنے کے بیچ میں
آرام لینا۔اَفَاقَتِ النَّاقَةُ:تھن میں دودھ جمع
ہونا۔صفت مُفِيْقٌ ومُفِيْقَةٌ ج مَفَاوِيْق
وفُيُق...... السَّكْرَان مِنْ سُكْرِهٖ :ہوش میں
آنا۔مِن النوم :بیدار ہونا......المَجْنُوْنُ
مِنْ جُنُوْنِهٖ :ہوشیار ہونا......الزَّمَان:تنگی کے
بعد فراخی آنا......عَنْهُ النُّعَاسُ:نیند کا اُچٹ
جانا مِنْ غَفْلَتِهٖ :چوکنا ہونا......واَفْوَقَ اِفْوَاقًا
واَوْفَقَ اِيْفَاقًا السَّهمَ: تانت پر سوفار
رکھنا۔
تَفَوَّقَ الشَّرَابَ:تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔
عَلٰى قَوْمِهٖ:بلند ہونا......النَّاقَةَ: دوہنے کے
بعد مہلت دے کر دوہنا ......
الفَصِيْلُ: مہلت دے کر دودھ پینا......مَالَهٗ
:ٹھہر ٹھہر کے خرچ کرنا۔
اِنْفَاقَ اِنْفِيَاقًا. السَّهمُ: سوفار ٹوٹنا۔
......الجَمَلُ: اُونٹ کا لاغر ہونا اور ہلاک
ہونا۔
اِفْتَاقَ الرَّجُلُ:محتاج ہونا۔فقیر ہونا۔
اِسْتَفَاقَ الرَّجُلُ مِنْ نَوْمِهٖ او مَرَضِهٖ او
غَفْلَتِهٖ:بمعنی افاق۔ النَّاقَةَ: اُونٹنی کو دوہنے
کے بعد مہلت دے کر دوہنا۔
الفَاق: کھانے سے بھرا ہوا بڑا پیالہ۔جنگل۔
کنکھجا۔ لمبے قد کا مرد۔لمبی گردن کا ایک
دریائی جانور۔
الفَاقَة: حاجت۔فقر۔محتاجی۔
فَوْقَ :مص۔اوپر۔اور یہ ظرف مکان ہے
اور کبھی زمانہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے
جیسے اَقَمْتُ فَوْقَ شَهْرٍ اور کبھی زیادتی اور
فضل پر دلالت کرتا ہے جیسے العَشَرَةُ فَوْقَ
التِّسْعَةِ و "هٰذَا فَوْقَ ذَاكَ" اور کبھی بطور
اسم کے استعمال ہوتا ہے۔کقوله. واِذَا
ذُكِرْتُ فَكُلٌّ فَوْقَ دُوْنٍ.

الفُوْقَانِي : اُوپر والا۔اعلیٰ۔نقیض
تحتانی.
الفُوْق :سوفار۔ج فُوَق واَفْوَاق :زبان کا
کنارہ۔پہلا راستہ۔کہا جاتا ہے "مَا ارْتَدَّ
عَلٰى فُوْقِهٖ" یعنی گیا اور لوٹا نہیں۔وَلَهٗ مِنْ كَذَا
سَهْمٌ ذُوْفُوْق :یعنی وہ ان میں سے اکثر حصے
والا ہے۔
الفَوَق:سوفار میں کجی ہ۔
الفُوْقَة:سوفار ج فُوَق وفُقًا.
الفِيْقَة.
دودھ جو دو دفعہ دوھنے کے درمیان میں تھن
میں جمع ہو جائے۔الفِيْقَةُ مِنَ اللَّيْلِ :رات
کا اکثر حصہ۔فِيْقَةُ الضُّحٰى :چاشت کی
ابتداء ج فِيَق وفِيْق وفِيْقَات واَفْوَاق
واَفَاوِيْق ۔تم کہتے ہو "اَرْضَعَتْنِي اَفَاوِيْقَ
بِرِّهٖ"اس نے میرے ساتھ بہترین
احسانات کئے۔الاَفَاوِيْق: پانی جو بادل میں
جمع ہو جائے اور تھوڑا تھوڑا برسے۔
الفَوَاق والفُوَاق :مص۔دو دفعہ دوہنے کے
درمیان کا وقت۔دوہنے والے کے ہاتھ
کے بند کرنے اور کھولنے کے درمیان کا
وقت اور اسی سے ان کا قول ہے "اَمْهِلْنِي
قَدْرَ فُوَاقِ حَالِبٍ" یعنی مجھے ذرا سی مہلت
دو"وَلَهٗ مِنْ كَذَا سَهْمٌ ذُوْفُوَاقٍ" اس کے
لئے فلاں چیز سے حصہ کامل ہے۔
الفُوَاق: جانکنی کے وقت کی ہچکی ج اَفْوِقَةٌ
واٰفِقَةٌ وجمع اَفْوِقَات. الفُوَاق :اسم ہے اَفَاق
واسْتَفَاقَ العَلِيْلُ : سے جبکہ وہ لاغر ہو
جائے۔
الفَائِق : فا۔برگزیدہ۔عمدہ خالص ہر چیز کا
ج فَائِقُون وفوقة. الفائق :سر اور گردن کی
جوڑ کی جگہ۔
السَّهْمُ الاَفْوَق :وہ تیر جس کا سوفار ٹوٹ گیا
ہو۔شاعِرٌ مُفِيْق: شاعر بلیغ۔
طَعَامٌ مُفَوَّق: کھانا جو تھوڑا تھوڑا لیا جائے۔
الفُوْل:لوبیا۔
الفَوَّال:لوبیا بیچنے والا۔لوبیا [illegible]

فَوَّمَ: روٹی پکانا۔
الفُوْم:لہسن۔گیہوں۔چنا۔روٹی۔بڑا
لقمہ۔کل وہ غلے جن کی روٹی پک سکے ج
فومان.
الفُوْمَة : فوم کا واحد۔خوشہ چٹکی جو دو
اُنگلیوں کے درمیان لی جائے۔ج فُوَم.
الفَامِيُّ:سبزی فروش۔
اَلفَوْفَل واَلفُوْفَل:ہندوستان میں ایک
انگوری کا پھل جس کو کمزوری دور کرنے کے
لئے استعمال کیا جاتا ہے۔اس کی طاقت
صندل کی طرح ہوتی ہے۔
اَلفَاوَانِيَا :اس کا دوسرا نام عود الصلیب ہے۔
ایک دوائی کا نام۔
فَاهَ يَفُوْهُ فَوْهًا وتَفَوَّهَ بِكَذَا :بولنا۔وتَفَوَّهَ
المَكَانَ: دہانہ میں داخل ہونا۔
فَوِهَ (س) فَوَهًا: فراخ دہن ہونا۔
فَوَّهَهٗ:فراخ دہن بنانا۔
فَاوَهَ مُفَاوَهَةً وفَاهٰى مُفَاهَاةً فُلَانًا :گفتگو
کرنا۔مفاخرت کرنا۔
تَفَاوَهَ القَوْمُ بِكَذَا: آپس میں گفتگو کرنا۔
اِسْتَفَاهَ اِسْتِفَاهًا واسْتِفَاهَةً: کسی کے بعد
بہت کھانا پینا۔
الفوه والفاه والفيه: منہ ج افواہ
فو :اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ایک ہے اس کا
اعراب حالت رفعی میں واو اور حالت نصبی
میں الف اور حالت جری میں یا کے ساتھ
آتا ہے۔بشرطیکہ مفرد ہو اور یاء متکلم کے
علاوہ کسی دوسرے اسم کی طرف اضافت
ہو۔تم کہو گے سَقَطَ لِفِيْهِ :یعنی وہ اپنے منہ
کے بل گرا۔و"كَلَّمْتُهٗ فَاهُ اِلٰى فِيَّ" یعنی
میں نے اس سے رو در رو گفتگو کی فاہ حالیت
کی بنا پر منصوب ہے اور ابتدائیت کی بنا پر
اس کا مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے۔اس
صورت میں جملہ حال واقع ہو گا۔جیسے
كَلَّمْتُهٗ فُوْهُ اِلٰى فِيَّ.
الفُوَيْه: فوہ کی تصغیر۔چھوٹا منہ۔
الفَوَه: منہ کی کشادگی۔دانتوں کا ہونٹ سے

نکلنا۔

الفُوْهُ و الفُوَّهُ: ایک درخت کی جڑیں جو سرخ رنگ کی ہوتی ہیں اور رنگائی کے کام میں آتی ہیں اور بعض امراض میں بطور دواء اس کا استعمال ہوتا ہے۔

الفَوْهَة: فاہ کا اسم مرۃ۔ منہ۔

الفُوْهَة. مِنَ الوَادِي والطَرِيق وجَبَلِ النَّارِ: وادی یا راستہ یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ ج فُوْهَات.

الفَيِه: بہت بولنے والا۔ بلیغ۔ بہت کھانے والا۔ مؤنث فَيِهَة.

الفُوْهَة: اوّل شی...... مِنَ الطَرِيق و الوَادِي وجَبَلِ النَّارِ: راستہ یا وادی یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔ ج فُوْهَات و اَفْوَاه فَوَائِه.

الفُوْهَة: گفتگو۔ چغلی۔ تم کہو گے "فُلانٌ يَخَاف فُوْهَة النَّاسِ" فلاں لوگوں کی گفتگو سے خائف ہے۔ اِنَّهُ لَذُوْفُوْهَة: وہ بڑا تیز زبان، زبان زور ہے "وَاِنَّ رَدَّ الفُوْهَة لَشَدِيْدٌ" نکلی ہوئی بات کو لوٹانا دشوار بات ہے۔

الاَفْوَه: چوڑے منہ والا۔ مؤنث فَوْهَاء ج فُوْه. طَعْنَةٌ فَوْهَاءُ: چوڑا زخم کرنے والی نیزہ کی ضرب۔

الاَفْوَاه: مسالے۔ خوشبو کی ڈبیاں۔ قسمیں۔ ج اَفَاوِيه واحد فُوْه.

المُفَوَّه: بڑا بولنے والا۔ بلیغ۔ کہا جاتا ہے خطيب مُفَوَّه شراب مفوّه: خوشبو ملی ہوئی شراب (...... والمَفْوِيّ) فوہ سے رنگا ہوا۔ دیکھئے الفُوَّة.

الفُوَه: ایک قسم کی نباتات ہے جس سے وجع الجنب اور داء الثعلب: کا علاج کرتے ہیں ارض (مفولة) زمین جس میں فوۃ بہت ہو (دیکھئے الفُوَّة)

فِيْ: حرف جر۔ معانی ذیل پر دلالت کرتا ہے (۱) ظرفیت جیسے الخَمْرُ فِي الزِقِّ (۲) مصاحبت: جیسے جَاءَ فِي القَوْمِ قُمْتُ فِيْ شُرُوْقِ الشَّمْسِ (۳) تعلیل جیسے قِيْلَ فِيْ ذَنْبِهِ (۴) مقابلہ جیسے مَا عِلْمِيْ فِيْ بَحْرِهِ الا قَطْرَةٌ استعلاء جیسے لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ (۶) بمعنی با جیسے اَنْتَ بَصِيْرٌ فِيْ عَمَلِكَ بمعنی الی: جیسے رَدَّيْتُهُ فِيْ جَيْبِهِ بمعنی مِنْ: جیسے مَضَتْ عَلٰى ثَلَاثَة اَشْهُرٍ فِيْ ثَلَاثِ سِنِيْنَ.

فَاءَ يَفِيْءُ فَيْئًا: لوٹنا...... الظِلُّ: سایہ کا ہٹ جانا...... الغَنِيْمَة: غنیمت حاصل کرنا...... (...... فَيْئًا و فُيُوْءًا) الامْر: لوٹ آنا۔

فَيَّأ تَفْيِئَةً الشَجَر: درخت کا سایہ دار ہونا۔ فَيَّأتِ الرِيَاحُ الغُصُوْنَ: ہوا کا ٹہنیوں کو ہلانا۔

اَفَاءَ اِفَاءَةً. الظِلُّ: سایہ کا لوٹنا...... ہ اِلٰى كَذَا: لوٹانا۔ اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مَالَ القَوْمِ: مالِ غنیمت حاصل کرا دینا...... عَلَى القَوْمِ فَيْئًا: دوسری قوم سے مالِ غنیمت حاصل کر کے دینا۔

تَفَيَّأَ تَفَيُّؤًا. الظِلُّ: سایہ کا پلٹنا...... الشَجَرَة وفِي الشَجَرَة: درخت کا سایہ لینا۔ سایہ ڈھونڈنا...... الاَخْبَار: خبر کی سن گن لینا۔ کہا جاتا ہے تَفَيَّأ بِفَيْئِه: سایہ میں پناہ لینا۔

اِسْتَفَاءَ اِسْتِفَاءَةً: لوٹنا...... المَال: مالِ غنیمت لینا...... الاَخْبَار: خبر کی سن گن لینا۔

الفَيْءُ: مص۔ سایہ۔ غنیمت۔ خراج ج اَفْيَاء وفُيُوْء. الفَيْءُ: پرندوں کی ایک ٹکڑی۔

الفَيْئَة: فاء کا اسم مرۃ۔ لوٹنا۔ وقت۔

الفِيْئَة: فاء کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ حَسَنُ الفِيْئَة" وہ بہتر واپسی والا ہے۔ کہا جاتا ہے دَخَلَ عَلٰى (فَيْئَة) فُلَانٍ: یعنی فلاں کے نشانِ قدم پر داخل ہوا۔

المُفَاء. افاء: کا اسم مفعول۔

المَفْيَاءَة و المَفْيُوءَة: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ ہو۔ سایہ دار جگہ۔

اَفَاجَ. فِيْ عَدْوِه: دوڑنے میں دیر کرنا...... القَوْمُ فِي الارْضِ: جنگل میں پھیل جانا۔ ...... الغَنَم ...... لوگوں کی جماعت۔ پست زمین۔ ج اَفْوَاج.

الفَالِجَة: دو پہاڑوں کے درمیان وادی۔ ج فَوَالِج.

فَاحَ يَفِيْحُ فَيْحًا وفَيَحَانًا. الحَرُّ: گرمی کا تیز ہونا۔ فَاحَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا (...... فَيْحًا وفُيُوْحًا) الرَبِيْعُ: سرسبز ہونا ...... الدَمُ: خون گرنا...... الشَجَّة: زخم کا بہت خون بہانا۔

فَاحَ يَفِيْحُ وفَاحَ يَفَاحُ فَيْحًا: کشادہ ہونا۔ فَاحَتِ الغَارَةُ: وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔

فَيَّحَ الشَيْءَ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا اور اسی سے ہے "لَوْ مَلَكْتَ الدُنْيَا لَفَيَّحْتَهَا فِيْ يَوْمٍ وَاحِدٍ" اگر تم دنیا کے مالک ہو جاؤ گے تو ایک ہی دن میں بکھیر دو گے۔

اَفَاحَ. القِدْرَ: جوش دینا...... الدِمَاءَ: خون بہانا۔

الفَيْح والفَيَح: کشادگی۔

فَيَاحِ: اسم ہے غارت کا کہا جاتا ہے "فِيْحِيْ فَيَاحِ" یعنی اے غارت پھیل جا اور منتشر ہو جا۔ اور غارت لوٹ ڈالنے والے گھوڑے کو کہتے ہیں۔

الفَيَّاح: اسم مبالغہ۔ فائح: بہت ...... فَيَّاح: بہت وسیع سمندر ...... فَيَّاض۔ بڑا دریا یا لشکر۔ مؤنث فَيَّاحَة.

الاَفْيَح: کشادہ۔ مؤنث فَيْحَاء ج فِيْح.

الفَيْحَاء: وسیع مکان۔ بصرہ۔ دمشق اور طرابلس شام کا لقب۔

فَاخَ يَفِيْخُ فَيْخًا وفَيَخَانًا: بمعنی فَاخَ يَفُوْخُ: وادی۔

فَادَ يَفِيْدُ فَيْدًا: مرنا...... المَالُ لَهُ: ...... ہونا اور بعضوں نے کہا ہے ...... فَادَتْ لَهُ فَائِدَة: حاصل ہونا (...... وفَيَدَانًا) الرَجُلُ: ناز سے چلنا۔ فَيَّدَ: الو کی آواز سے بد فالی لینا۔

اَفَادَ اِفَادَةً. الرَجُلُ عِلْمًا او مَالًا: ...... پہنچانا۔

......الرجل: مارڈالنا......[illegible]
کرنا۔(......واستفاد) منہ علما او مالا
: حاصل کرنا۔
تفائد. القوم بالمال: ہر ایک کا دوسرے کو
فائدہ پہنچانا۔
تفیّد الرجل: ناز سے چلنا۔
الفید: مص۔ زعفران کی پتی۔
الفائدة: ادھار مال دے کر یا قرض دے کر
اپنے مال کے عوض فیصدی کے حساب سے
قرض خواہ مقروض سے کچھ مال لے۔
الفائدة البسیطة: حاصل شدہ نفع جو اصل
مال میں ملایا جائے۔ الفائدة المرکّبة:
سالانہ ششماہی یا سہ ماہی مدت کے بعد
حاصل ہونے والا نفع جو اصل مال ضم کر دیا
جائے۔
الفائدة: زیادتی جو انسان کو حاصل ہو۔ علم یا
مال وغیرہ سے انسان جو حاصل کرے ج
فوائد۔
الفیّاد: نرالو(...... والفیّادة) ناز سے چلنے
والا۔ کہا جاتا ہے "هو یمشی علی
الارض فیادا میادا: وہ زمین پر ناز سے
اکڑتا ہوا چلتا ہے۔
الفیروز والفیروز والفیروزج
والفیروزج ایک قسم کا قیمتی پتھر۔
فاش یفیش فیشا: فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔ صفت
فیّش۔
فیّش. عن الامر: بزدلی کرنا۔ پیچھے ہٹنا۔
فایشه فیاشا ومفایشة: مفاخرت کرنا۔
فایش الرجل: لڑائی میں ڈینگ مارنا اور
فضول دھمکی دینا۔
تفیّش. الامر: لغو دعویٰ کرنا......عنه
: عاجزی سے پلٹ جانا۔
تفایش. القوم: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
الفیّاش: بہت فضیلت والا سردار۔ فخر کرنے
والا۔
الفایش: (پانی پر تیرنے والا جسد العیش)
الفیوش: فخر کرنے والا۔ بزدل۔ کمزور۔

فاض یفیض فیضا. فی الارض: جانا......
عنه: ہٹ جانا اور کہا جاتا ہے "ما یفیض
الفلق" یعنی ہمیشہ کرتا رہوں گا۔ فیضة: جدا
ہونا۔
افاض. الکلام: ظاہر کرنا۔ افاضت یده:
انگلیوں کا کسی چیز کے پکڑنے سے عاجز
رہنا۔ کہا جاتا ہے "ما لک عنه
(مفیض) تمہارے لئے کوئی بچنے کی جگہ
نہیں۔
فاض یفیض فیضا وفیضانا وفیوضا
وفیوضا وفیوضة وفیضوضة. السیل
: کثرت سے ہونا اور وادی کے کنارہ سے
بہنا۔
......کل سائل: جاری ہونا۔ کہا جاتا ہے
"فاضت عینه" یعنی آنسو بہ پڑے فاض
الجرح: پھیل جانا......الشئ: بہت ہونا
(...... فیضا وفیوضا) مرنا۔ فاضت نفسه
: روح نکلنا (فیضا) الاناء: برتن کا بھر جانا
......صدره بالسر: بھید کو چھپا نہ سکنا۔
افاض افاضة. الدمع: آنسو بہانا......
الماء: پانی گرانا......الاناء: برتن کو لبریز کر
دینا۔
......القوم من المکان: متفرق و منتشر ہو
جانا۔
......القوم فی الحدیث: گفتگو میں مشغول
ہونا۔
القوم علی الرجل: غالب ہونا......
بالشئ...... : پھینکنا، دفع کرنا اور کہا جاتا ہے
"ما افاض بکلمة" یعنی کچھ نہیں بولا۔
تفیّض. الجفن: آنسو بہانا۔
استفاض. استفاضة. الخبر: پھیلنا۔
المکان: کشادہ ہونا......الوادی
شجرا: وسیع ہونا اور درخت بہت ہونا......
القوم فی الحدیث: مشغول ہونا......
الرجل: پانی بہانے کو کہنا۔ القداح
وبالقداح: تیر سے جوا کھیلنا۔
الفیض: [illegible]

فی فیض فلان "فلاں کے جنازہ میں گئے۔
الفیض من الخیل: بہت تیز رو گھوڑا۔ ج
فیوض وافیاض: کہا جاتا ہے "ماءة
فیض" بہت پانی "واعطاہ غیضا من
فیض" اس نے بہت میں سے تھوڑا دیا۔
رجل فیض: فیاض و سخی آدمی۔
الفیّاض: بہت پانی والا۔ رجل
فیاض: بہت جود و بخشش کرنے والا۔
حدیث (مفاض ومستفیض ومستفاض)
فیه: پھیلی ہوئی بات۔
درع (مفاضة) کشادہ زرہ۔
فاظ یفیظ فیظا وفیظانا وفیوظا
وفیظوظة: مرنا۔
افاظ الله: موت دینا۔ کہا جاتا ہے ضربته
حتی افظت نفسه: میں نے اس کو مارا
یہاں تک کہ قتل کر دیا۔
الفیظ: مص۔ موت۔ کہا جاتا ہے "حان
فیظه" اس کی موت آ گئی۔
الفیف: جنگل جس میں پانی نہ ہو۔ ہموار جگہ
ج افیاف وفیوف. الفیف من الارض:
مختلف ہواؤں والی زمین۔
الفیفی والفیفاء والفیفاة بمعنی الفیف ج
فیاف. الفیفاء: چکنا پتھر۔
فاق یفیق فیقا: جان دینا۔ مرنا۔
افیق افاقا. الشاعر: بمعنی افلق.
الفیق: مرغی کی آواز۔
فال یفیل فیلة وفیولة وفیلولة رایه: کمزور
اور غلط ہونا۔ صف فائل الرای وفال وفیل
وفیلة. وفال الرجل: ہاتھی جیسا ہونا۔
فیّل رایه: غلطی پکڑنا۔ کمزور سمجھنا......الرجل
فی رایه: صواب کو نہ پہنچنا۔
تفیّل. رایه: کمزور ہونا......النبات: نباتات
کا بڑھنا......الشباب: جوانی ڈھلنا۔
......الرجل: موٹا ہونا۔
الفال: شگون۔ فال کا مخفف۔
الفیل: ہاتھی۔ ج افیال وفیلة
مؤنث فیلة. الفیل: مرد فرومایہ۔

دَاءُ الْفِيلُ ایک بیماری ہے جس میں پاؤں سوج جاتا ہے۔ فیل پا۔
الْفَيَّال: مہاوت' ہاتھی بان۔ ج فَيَّالَة.
فَائِلُ الرَّاى وفَالُهُ وفِيلُهُ: کمزور رائے والا۔
فَيِّلُ اللَّحْمِ: بہت گوشت والا۔ فَيِّلُ الرَّاي: کمزور رائے والا۔
الْفَيَالَة: رائے کی کمزوری۔
الْمَفْيُوْلَاء: ہاتھی کے بچے۔
الْفِيْلَجَة: ریشم کے کیڑے کا کویا۔ ج فَيَالِج.

الْفَيْلَق: بڑا لشکر۔ بڑا آدمی۔ ج فَيَالِق.
الْفَيْلَم: بڑا ڈول۔ کشادہ منہ کا کنواں۔ کنگھا۔ دسترخوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ کثرت ج فَيَالِم (...... والفَيْلَمَانِي) بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔
الْفِيْلِيرِيَة: جنگلی زیتون جیسا ایک درخت جس کے پتے انڈے کی شکل کے ہوتے ہیں اور اس کے پھل انگوری ہوتے ہیں زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

فَانَ فَيْنَنْ فَيْنَة آنا۔
الْفَيْنَة: وقت۔
الْفَيْنَان: خوبصورت لمبے بالوں والا مؤنث فَيْنَانَة.
تَفَيْهَق فِي الْكَلَامِ: بہت پھیلا کر گفتگو کرنا۔ ...... فِي مَشْيَتِه: ناز سے چلنا ...... عَلَيْه كَذَا: بڑا بننا۔
الْفَيْهَق: ہر کشادہ جز وج فَيَاهِق.
الْفَيْهَك: بے وقوف عورت۔

ق

ق : اَلْــقَــاف : بنیادی حروف میں سے اکیسواں حرف ہے لہویہ حروف میں سے ہے یعنی حلق کے کوّے سے نکلنے والا حرف۔

قَأَبَ (ف) قَأْبًا الطَعَامَ : کھانا......المَاءَ: پانی پینا۔

قَئِبَ (س) قَأْبًا قَأَبًا. مِنَ الشَّرَابِ : زیادہ پینا۔

قَأَبَ يَقْأَبُ قَأْبًا: کھانا پینا۔

القَوْأَب والقَوْأَبِي. مِنَ الانِيَةِ : بہت پانی کا برتن۔

القَؤُوب والمِقْأَب: بہت پینے والا۔

القَقَاء: کوّے کی کائیں کائیں۔

القَـنْـقِـنَـي : انڈے کی سفیدی۔ انڈے کا باریک چھلکا۔

قَأَى (ف) قَـأْيًا. الرَّجُلُ: حق خصم کا اقرار کرنا۔ دشمن کا مطیع ہونا۔

قَبَّ (ن ض) قَبًّا. النَبَاتُ : نباتات کا خشک ہونا......الشَّيْءَ: اطراف کو جمع کرنا۔

......القُبَّةَ: گنبد بنانا۔

قَبَّ (ن ض) قَبًّا. يَدَفُلَانٍ : ہاتھ کاٹنا۔

قَبَّ (ض) قُبُوبًا. اللَّحْمُ ونَحْوُهُ : گوشت وغیرہ خشک ہونا......الـقَـوْمُ: جھگڑے میں آواز بلند کرنا۔

قَبَّ (ض) قَبًّا وقَبِيبًا. الاَسَدُ او الفَحْل : دانت پیسنا۔ قَبَّ عَلَى الثَوْبِ : کپڑے کی تہ کو لپیٹنا۔

قَبَّ وقَبِـبَ (س) قَبَـبًا. الـخَصْـرُ او البَطْنُ: کمر کا باریک یا پیٹ کا دُبلا ہونا۔

قَبَّبَ. الرَّجُلُ: گنبد بنانا......البَيْتَ: گھر کو گنبددار بنانا......التَمرُ: کھجور کا خشک ہونا۔

......الشَّيْءَ: اطراف کو جمع کرنا۔

تَقَبَّبَ. القُبَّةَ: گنبد میں داخل ہونا۔

اِقْتَبَّ. يَدَهُ: ہاتھ کاٹنا۔

الـقَـبُّ: مص۔ جوان گھوڑا۔ سردارِ قوم۔ چرخی کا سوراخ۔ قمیص کے گریبان میں لگانے کی دھجی۔ غلّہ کا ایک پیمانہ۔

القُبُّ والقِبُّ : سردارِ قوم۔ القِبُّ: دونوں سرینوں کے درمیان پیٹھ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔

القَبَّان: غلہ کا ایک پیمانہ۔

الـقَـبَـب :مص۔ کمر کا باریک ہونا۔ پیٹ کا پتلا ہونا۔

الـقُبَّة: گنبد۔ ج قِبَـاب وقُبَـب. قُبَّة الاسلام: بصرہ۔ قُبَّة الشهادة عند اليهود: ایک خیمہ تھا جس میں یہود تابوت عہد کو چھپاتے تھے اور اُس کو قبة الزمان : بھی کہتے تھے۔ اَلْقُبَّة الـخَـضْـرَاء او الـزَرْقَـاء : گنبد آسمان۔

الـقِبَة : اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔

القَابُّ : فا۔ آئندہ تیسرا سال کہا جاتا ہے الیک لاتنجح العامَ الحاضرَ ولا القابلَ ولا القابَّ : تُو نہ تو امسال کامیاب ہوگا نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔

القَابَّة. قَابٌّ: کا مؤنث۔ بادل کی گرج۔ بارش کا قطرہ۔

القَبَّاب: اسم مبالغہ۔ شیر۔

القُبَّاب مِنَ الـنُّـوفِ : بڑاں۔

......مِنَ الانُوفِ: موٹی ناک۔

الاَقَبُّ. مِنَ الخَيْلِ : باریک کمر۔ پتلے پیٹ والا گھوڑا۔ مؤنث قَبَّاء ج قُبٌّ۔

القُبِّي : لگاتار روزے رکھنے کی وجہ سے دُبلے پیٹ والا۔

القَبِيب: خشک نباتات۔

الاَقَبُّ والمُقَبَّب والمَقْبُوب: دُبلا۔

الـقَـبَـج : چکور۔ کبک کا معرب ہے۔ واحد (قَبَجة) مذکر و مؤنث پر اطلاق ہوتا ہے۔ بخلاف یعقوب کے کہ اس کا استعمال صرف مذکر ہی کے لئے ہوتا ہے۔

اَلْقَبَاجُوْرُ او الاَبَاجُوْر : روشنی روکنے کے لئے کھڑکیوں پر گرل لگانا۔

قَبُحَ (ک) قَبْحًا وقُبْحًا وقَبَاحَةً وقُبَاحًا وقُبُوحًا وقُبُوحَةً: بُرا ہونا۔ بدصورت ہونا۔

قَبَحَهُ (ف) قَبْـحًا وقُبُوحًا وقَبَّحَهُ. اللهُ عَـنِ الـخَيْـرِ : افعال خیر سے محروم کر دینا۔ صفت مفعولی مَـقْـبُـوْح: اور کہا جاتا ہے "قَبَـحْتُ لَهُ وَجْهَهُ" یعنی میں نے اس کے لئے قَبَّحَهُ اللّٰـه : کہا۔ قَبَّحَ البَيْضَةَ: انڈا توڑنا۔ قَبَّحَ عَلَيْهِ فِعْلَه: بُرائی ظاہر کرنا۔ قَبَّحَ لَـهُ وَجْـهَـهُ: کسی کے عمل کے خلاف ناراضی کا اظہار کرنا۔

قَابَحَهُ مُقَابَحَةً: آپس میں گالی گلوچ کرنا۔

اَقْبَحَ. الرَّجُلُ: بُرا فعل کرنا۔

اِسْتَقْبَحَ. الشَّيْءَ : بُرا سمجھنا۔

القُبْح: مص۔ قول، فعل یا صورت کی بُرائی۔

القَبِيح: بُرا۔ ج قِبَاح وقَبْحَى وقَبَاحَى۔

(......والقَباح) ران اور پنڈلیوں کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ بازو کی ہڈی کا کنارہ جو کہنی سے ملتا ہے۔
القَبِیحَة: قبیح کا مؤنث۔ عمل قبیح۔ ج قِباح۔ وقَبائح۔
قَبَرَ (ن ض) قَبْرًا ومَقْبَرًا. المَیِّتَ: میت کو دفن کرنا۔
اَقْبَرَهٗ: قبر بنانا۔ دفن کرنا...... القَوْمَ: مقتول کو دفن کرنے کی اجازت دینا۔ دفن کرنے کے لئے دینا۔
القَبْر: مص۔ انسان کے دفن کرنے کی جگہ۔ ج قُبُوْر۔
القُبَّرَة والقُنْبَرَة والقُنْبُرَة والقُنْبُراء القُنْبَراء: ایک پرندہ ہے جس کو فارسی میں چکاوک اور اردو میں چنڈول کہتے ہیں۔ ج قُبَّر وقُبَر وقَنابِر۔
القُبّار: شکاری کا چراغ۔ لوگوں کی جماعت جو شکار کو جال سے کھینچنے کے لئے جمع ہو۔
القَبُوْر: پست زمین۔
المَقْبَر والمَقْبَرة والمَقْبِرة والمَقْبُرَة والمِقْبَرَة: قبرستان۔ ج مَقابِر۔
المَقْبَرِیّ والمَقْبُرِی: مقبرہ کی طرف نسبت۔
اَلْقُبَّرَةُ وَالْقُنْبَرَةُ وَالْقُنْبُرَةُ وَالْقُنْبُرَاءُ وَالْقُنْبَرَاءُ: ج قُبَّرٌ وَقُبَرٌ وَقَنَابِرُ: چکاوک۔ چنڈول۔ یعنی ہمیشہ بولنے والی چڑیا۔
القُبْرُس: عمدہ تانبا۔ قُبْرُوس ج قَبارِسَة۔
القَبْز: ایک قسم کا باجا۔
القِبِز: پستہ قد۔ بخیل۔
قَبَسَ (ض) قَبْسًا. مِنْهُ النّارَ: شعلہ لینا۔
...... النّارَ: آگ جلانا...... العِلْمَ: علم سیکھنا۔ استفادہ کرنا۔ قَبَسَہ النّارَ: کسی کے لئے آگ لانا۔
(...... واَقْبَسَ) فُلانًا العِلْمَ: سکھلانا۔
واَقْبَسَ فُلانًا: کسی کو آگ دینا۔
اِقْتَبَسَ. مِنْهُ النّارَ او العِلْمَ: بمعنی قَبَس۔
...... مِنَ العِلْمِ: استفادہ کرنا۔ واِقْتَبَسَهٗ نارًا: کسی سے آگ لینا۔

القابِس: فا۔ آگ طلب کرنے والا۔ ج اَقْباس۔
القِبْس: اصل۔
القَبَس والمِقْباس: آگ کا شعلہ۔
القَبْسَة. قَبَسَ: کا اسم مرۃ۔ قَبْسَةُ العَجْلان: جلد بازی کے لئے مثال ہے۔ اس آگ لینے والے سے تشبیہ دی گئی ہے جو گھر میں داخل ہو اور صرف اتنی دیر ٹھہرے کہ آگ لے سکے۔
القابُوْس: خوبصورت چہرہ اور اچھے رنگ و روغن کا مرد۔
القَوابِس: اچھی بات سکھانے والے لوگ۔
المَقْبِس: لکڑی کا وہ حصہ جو جل رہا ہو۔ ج مَقابِس۔
المُقْتَبَس: آگ کا شعلہ۔
المِقْباس والمِقْبَس: وہ چیز جس سے آگ کا شعلہ لیا جائے۔ المِقْباس: وہ عورت جو جلدی سے حاملہ ہو جائے۔
القَبْشُوْر: وہ عورت جس کو حیض نہ آتا ہو۔
قَبَصَ (ض) قَبْصًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا بہت تیز دوڑنا۔ صفت (قَبُوْص) الرَّجُلَ: سیراب ہونے سے پہلے روکنا۔ الغُلامُ: لڑکے کا جوان ہونا (وقَبَصَ) الشَّیْءَ: چٹکی سے لینا۔
قَبِصَ قَبَصًا: بڑے سر والا ہونا۔ درد جگر میں مبتلا ہونا۔ سبک ہونا۔ چست ہونا۔
(...... وتَقَبَّصَ) الجَرادُ عَلَی الشَّجَرِ: ٹڈیوں کا درخت پر اکٹھا ہونا۔
اِقْتَبَصَ قَبْصَةً مِنْ كَذا: چٹکی سے لینا۔
القَبَص والقِبَص: بہت ریت کا ڈھیر۔
القِبْصُ: بہت سے آدمی۔
القَبْص والقَبَص: جگر کا درد جو باسی منہ کھجور کے کھانے اور اس پر پانی پینے سے ہوتا ہے۔
القَبْصَة والقُبْصَة: چٹکی...... مِنَ الطَّعامِ: لپ بھر خوراک۔ ج قُبَص۔
القَبِیصَة بمعنی قَبْصَة۔ القَبِیصَة: مٹی کا ڈھیر۔ ٹکری۔

القَبُوْص [illegible] چست۔
حَبْلٌ قَبِصٌ: چھوٹی رسی۔ القَبِص: ہلکا پھلکا چست۔
القِبِصّی: تیز دوڑ۔
الاَقْبَص: بڑی کھوپڑی والا...... مِنَ الخَیْلِ: چست تیز رفتار گھوڑا۔ الاَقْبَص: وہ شخص جو چلنے میں قدم کے اگلے حصے سے غبار اڑائے اور غبار ایڑی پر پڑے۔ مؤنث قَبْصاء ج قُبْص۔
القَبْصاء: بڑی کھوپڑی۔
القَبِیص: مٹی کا ڈھیر۔
القَوابِص: جماعتیں۔ پارٹیاں۔ واحد قابِصَة۔
المِقْبَص: رسی جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں باندھ دی جاتی ہے تاکہ سارے گھوڑے ایک قطار میں ہو جائیں۔ ج مَقابِص۔
حَبْلٌ مُقْبَص: چھوٹی رسی۔
قَبَضَ (ض) قَبْضًا. بِیَدِہِ الشَّیْءَ وعَلَی الشَّیْءِ: کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا۔ پنجے سے پکڑنا...... یَدَهٗ عَنِ الشَّیْءِ: پکڑنے سے باز رہنا۔ قَبَضَہٗ عَنِ الاَمْرِ: ہٹانا۔ دور کرنا۔ قَبَضَہُ اللّٰہُ: وفات دینا۔ قَبَضَ الشَّیْءَ: سمیٹنا...... الحادِی الاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا۔
...... الطّائِرُ جَناحَہٗ: پرندہ کا بازو سمیٹنا...... المالَ ونَحْوَها: قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یَقْبِضُنِیْ ما قَبَضَکَ" جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی۔ وفُلانٌ الخَیْرُ یَبْسُطُہٗ والشَّرُّ یَقْبِضُہٗ: فلاں کے لئے خیر باعث بسط اور شر باعث قبض ہے۔ "واللّٰہُ یَقْبِضُ ویَبْسُطُ" یعنی اللہ کسی پر وسعت کرتا ہے اور کسی پر تنگی ڈالتا ہے۔
قَبَضَ (ض) قَبْضًا واِقْتَبَضَ مِنْہُ الشَّیْءَ: اپنے لئے لینا...... قَبْضَة: مٹھی بھر لینا۔
قَبَضَ (ض) قَبْضًا واِنْقَبَضَ. فِی خُطاہُ: جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا...... القَوْمُ: چلنا۔

دینا...... تکلیف کا قبض ہونا۔ تَقَبَّضَ الشَّيءُ
ملنا۔ منقبض ہونا۔ سمٹنا۔
قُبِضَ. الْمَرِيضُ: قریب المرگ ہونا۔ مرجانا۔
قَبَضَ. الشَّيءَ: جمع کرنا۔ سمیٹنا۔ سکیڑنا۔ کہا جاتا ہے "قَبَضَ وَجْهَهُ فَتَقَبَّضَ" اس نے اپنا منہ بگاڑا پس وہ بگڑ گیا۔ "وَقَبَضَ مَابَيْنَ عَيْنَيْهِ" اس نے اپنی آنکھوں کے درمیان یعنی پیشانی پر شکن ڈال لیا۔ قَبَّضَ الْمَالَ فُلَانًا: مال کسی کے قبضہ میں دینا۔ مال پر کسی کا قبضہ کرانا۔
قَابَضَهُ مُقَابَضَةً: ہاتھ میں ہاتھ دینا۔
اَقْبَضَ. السَّيْفَ: تلوار کا قبضہ بنانا...... فُلَانًا الْمَتَاعَ: سامان پر قبضہ کرنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔
تَقَبَّضَ: جمع ہونا...... الجلدُ فِي النَّارِ: کھال سکڑ جانا...... الرَّجُلُ عَنِ الْأَمْرِ: نفرت کرنا۔
...... اِلَيْهِ: کودنا...... عَلَى الْأَمْرِ: توقف کرنا۔
تَقَابَضَ. الْمُتَبَايِعَانِ: بائع اور مشتری کا مبیعہ اور ثمن پر قبضہ کرنا۔
الْقَبْضُ: مص۔ تیز ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الْمَالُ فِي قَبْضِهِ" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔
الْقَبَضُ: قبضہ کیا ہوا مال۔ جلدی۔ تقسیم سے پہلے غنیمت کا مال۔
اَلْقَبْضُ: علم عروض کی اصطلاح میں پانچواں حرف ساکن کو حذف کرنا جیسے فَعُوْلُنْ سے فعول۔ حذف شدہ کو مقبوض بولتے ہیں۔
الْقَبْضَةُ. قَبَضَ: کا اسم مرۃ۔ موت کہا جاتا ہے "صَارَ الْمَالُ فِي قَبْضَتِهِ" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔ قَبْضَةُ السَّيْفِ: تلوار کا قبضہ۔
الْقَبْضَةُ والْقُبْضَةُ: مقبوض شی مِنَ الشَّيءِ: مٹھی بھر کر۔
الْقُبَضَةُ: خشم۔ چرواہا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ" قبضہ کرنے والا اور جلدی چھوڑ دینے والا مرد۔

الْقَابِضُ والْقُبَاضَةُ: سکڑ جانا۔ جلدی۔
الْقُبَّضُ والْقُبَاضَةُ: بہت سخت قبضہ کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔
الْقَابِضُ: فا...... مِنَ الطَّعَامِ: زبان پکڑنے والی خوراک...... مِنَ الْأَدْوِيَةِ: قبض کرنے والی دوا۔ تیز ہانکنے والا۔ قَابِضُ الْأَرْوَاحِ: حضرت عزرائیل علیہ السلام۔
الْقَبِيضُ: سکڑا ہوا۔ تیز۔ شکل بندہ کاریگر جو اپنے کام پر متعجد ہے۔
الْمِقْبَضُ والْمُقْبَضُ والْمَقْبِضُ والْمِقْبَضَةُ والْمُقْبَضَةُ والْمَقْبِضَةُ: تلوار کا قبضہ ج مَقَابِض.
قَبَطَ (ن) قَبْطًا. الشَّيءَ: ہاتھ سے جمع کرنا۔ ملانا۔
قَبَّطَ وَجْهَهُ: ترش روئی کرنا۔ منہ بگاڑنا۔
الْقِبْطُ: مصر میں نصرانیوں کی ایک جماعت واحد قِبْطِيٌّ ج اَقْبَاط
الْقُبْطِيَّةُ والْقِبْطِيَّةُ: کتان کا کپڑا جو قبط کی طرف منسوب ہے۔ ج الْقَبَاطِيُّ والْقُبَاطِيّ.
الْقُبَّا والْقُبَّيْط والْقُبَّيْطَى والْقُبَّيْطَاء: ایک قسم کی مٹھائی۔ ریوڑی۔
قَبَعَ (ف) قُبُوْعًا. الْقُنْفُذُ: سیہی کا اپنی کھال میں سر چھپانا...... الرَّجُلُ فِي قَمِيْصِهِ: گریبان میں سر ڈالنا...... رَأْسَهُ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا...... فِي الْأَرْضِ: جانا(...... قَبْعًا) الْجَوَالِقَ: گون کے کنارے موڑنا۔(...... قَبْعًا وقُبُوْعًا) عَنْ اَصْحَابِهِ: تکلف کرنا...... النَّجْمُ: ستارے کا ظاہر ہو کر چھپ جانا...... الرَّجُلُ: عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا...... الْمَرْاَةُ: عورت کا چھپنا۔(قَبْعًا وقِبَاعًا وقُبَاعًا) الْخِنْزِيرُ: سور کا غرانا۔
الْقُبْلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا(...... واقْتَبَعَ) الْمَزَادَةَ: مشک کے منہ کو منہ میں ڈال کر پینا۔
الْقُبْعُ: بگل۔
[illegible]

جانور۔
الْقُبَاعُ: بے وقوف مرد۔ ایک بڑا پیانہ۔
الْقُبَعَةُ: ایک چھوٹا سا پرندہ۔ کہا جاتا ہے "یَا ابْنَ قُبَعَةَ وَيَا ابْنَ قَابِعَاءَ" یعنی اے بے وقوف۔
...... "اِمْرَاَةٌ قُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی چھپنے والی کبھی ظاہر ہونے والی عورت۔
الْقُبَّعَةُ: بچوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔
الْقُبَاعُ: بزدل سور۔
اَلْقُبَعَةُ: چھوٹا پرندہ جو چوہوں کی بل کے پاس ہوتا ہے جب خوفزدہ ہو تو بل میں داخل ہو جاتا ہے۔
الْقُبَاعِيُّ: بڑے سر کا مرد۔
الْقَبِيعَةُ. مِنَ السَّيْفِ: تلوار کے قبضہ پر چاندی یا لوہے کی گرہ۔
الْقَبِيعَةُ والْقِبْعَةُ: سور کی ناک کا سوراخ۔
الْقَوَابِعُ: گھوڑ دوڑ میں پیچھے رہے ہوئے گھوڑے۔
الْقَبَعْثَرِيُّ والْقَبَعْثَرُ: بڑا۔ بڑا اونٹ ج قَبَاعِث.
الْقَبَعْثَى: بڑے قدم کا مرد۔ بڑے کھر کا اونٹ۔ مؤنث قَبَعْثَاة.
قَبْقَبَ قَبْقَبَةً. الْفَحلُ: بڑبڑانا...... الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔
الْقَبْقَبُ: پیٹ۔
الْقَبْقَبَةُ: مص۔ گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ نر جانور کے دانت کی آواز۔
الْقِبْقِبُ: دریائی سیپی۔
الْقَبْقَابُ: کھڑاؤں۔ ج قَبَاقِيبُ.
الْقَبْقَابُ والْقُبَاقِبُ: بہت بولنے والا۔ بک بک کرنے والا۔ جھوٹا۔ سخت آدمی
الْقَبَاقِبُ: آئندہ تیسرا سال کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لَا تُفْلِحُ الْعَامَ وَلَا الْقَابِلَ وَلَا الْقَبَاقِبَ" یعنی نہ تو تم امسال فلاح پاؤ گے نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔
قَبِلَ (س) قَبُوْلًا وقُبُوْلًا. الشَّيءَ: لینا۔ قبول کرنا...... الْكَلَامَ: تصدیق کرنا۔

قَبَلَتْ (ن) قَبْلاً وقُبُولاً. رِیْحُ القَبُوْلِ: پروائی ہوا چلنا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلاً عَلَی الشَّیْءِ: مشغول ہونا اور لازم ہونا......المَکَانَ: متوجہ ہونا کہا جاتا ہے "قَبَلَتِ المَاشِیَۃُ الوَادِیَ" جانور وادی کی جانب متوجہ ہوئے۔

قَبَلَ (ف) قَبْلاً. الیَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔

قَبِلَتْ (س) قِبَالَۃَ المَرْأَۃُ: عورت کا دائی جنائی ہونا......القَابِلَۃُ الوَلَدَ: دایہ گری کرنا۔

قَبِلَ (س) وقَبَلَ (ن ض) قَبَالَۃً بِہٖ: کفیل و ضامن ہونا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلاً وقَبِلَ (س) قَبَلاً: آنکھوں میں کجی والا ہونا۔ بھینگی نظر والا ہونا۔

قُبِلَ القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا۔

قَبَّلَہٗ: بوسہ دینا۔ قَبَّلَ العَامِلَ العَمَلَ: ضامن لینا اور ضمان کو (القَبَالۃ) کہتے ہیں۔ قَبَّلَتْہُ الحُمّٰی: بخار کی وجہ سے ہونٹوں پر دانے نکل آنا۔

الاَقَرّ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "اَیُّ الاَیَّامِ اَقَرُّ" کون سا دن ٹھنڈا ہے۔

المَقَرّ: ٹھہرنے کی جگہ ج مَقارّ۔ مَقَرُّ البِئْرِ: کوئیں کی تلی میں گڑھا جس میں پانی جمع ہوتا ہے۔

المَقَرَّۃ: پانی کا حوض۔ گڑھا۔

المِقْرُوْر: ٹھنڈا۔ سردی زدہ۔

قَـرَأَ (ف ن) قَرْءاً وقِرَاءَۃً وقُرْآنًا واقْتَرَأَ الکِتَابَ: پڑھنا۔ قَرَأَ (ف ن) قِـرَاءَۃً. عَلَیْہِ السَّلاَمَ: سلام پہنچانا اور یہ امر کی صورت میں "اِقْرَأْ عَلَیْہِ السَّلاَمَ" کہا جاتا ہے اور اس کا تعدیہ بنفسہ غلط ہے اس لئے اِقْـرَأہُ السَّلاَمَ نہیں کہنا چاہئے (......

قَرْأً وقُرْآنًا) الشَّیْءَ: جمع کرنا اکٹھا کرنا۔

النَّاقَۃُ: اونٹنی کا حاملہ ہونا..... الحَامِلُ: حاملہ کا جننا۔

قَارَأہُ قِرَاءً ومُقَارَأَۃً: شریک درس ہونا۔

اَقْـرَأہُ اِقْـرَاءً. الـرَّجُلَ: پڑھانا ......ہُ السَّلاَمَ: سلام پہنچانا۔ اَقْرَأَ مِنَ السَّفَرِ: سفر سے واپس ہونا..... الاَمْرُ: قریب ہونا..... عَنْہُ: پھرنا۔

...... الـنَّـجْـمُ: ستارہ کا غروب ہونا......

الـرَّجُلُ: عبادت کرنا..... الـحَـاجَۃَ: ضرورت کو مؤخر کرنا۔ اَقْرَأَتِ الرِّیَاحُ: ہوا کا وقت پر چلنا ..... زیادہ پیچھے ہٹنا

الحَاجَۃُ: حاجت کا مؤخر ہونا۔

تَقَرَّأَ: عبادت کرنا، فقیہ ہونا، عالم ہونا۔

اِسْتَقْرَأَ: اِسْتَقْرَأہُ ..... پڑھنے کے لئے کہنا...... الاُمُوْرَ: معرفت احوال کے لئے تتبع وتلاش کرنا۔

الـقِـرَاءَۃ: مص۔ پڑھنے کی کیفیت ج قِرَاءَات۔

القَرْء: وقت۔ قافیہ۔ ج اَقْـرَاء وقُرُوْء واَقْـرُؤ اَقْرَاءُ الشِّعْرِ: شعر کے انواع اور بحریں اور شعر کے مقاصد۔

القِرْأۃ: وبا۔

القُرْآن: کلام اللّٰہ۔

القَارِئ: فا۔ عبادت گزار ج قُرَّاء وقَارِئُوْن وقَرَأۃ۔

الاَقْـرَأ: عمدہ طریقہ سے پڑھنے والا۔ زیادہ پڑھنے والا۔

القَرَّاء: اچھا پڑھنے والا۔ ج قَرَّاؤُوْن۔

القُرَّاء: عبادت گزار ج قُرَّاؤُوْن وقَرَاوِئُ۔

المَقْرُوّ والمَقْرِیّ والمَقْرُوْء: جو چیز پڑھی جائے۔

المِقْرَأ: پڑھنے کے وقت جس پر کتاب رکھی جائے جیسے ڈسک۔ رحل وغیرہ۔

المُتَقَرِّی: عبادت گزار۔

القَرْءُ والقُرْءُ: حیض۔ طہر۔ وقت حیض۔ وقت طہر۔ ج اَقْرُؤ وقُرُوْء واَقْرَاء یا قَرْء: بمعنی طہر کی جمع قُرُوْء اور قَرْء بمعنی حیض کی جمع اَقْرَاء۔

قَرِبَ (س) وقَرُبَ (ک) قُرْبًا وقُرْبَۃً وقَرَابَۃً وقُرْبَانًا: قریب ہونا قَرِبَہٗ وقَرُبَ مِنْہُ وَاِلَیْہِ: قریب ہونا۔

قَرِبَ (س) قَرَبًا: کوکھ کے درد والا ہونا۔

قَرَبَ (ن) قَـرْبًا. السَّیْفَ: تلوار کو میان میں داخل کرنا۔ میان بنانا۔ صفت قارِب اور صفت مفعولی مَقْرُوْب۔

اَقْـرَبَ الاِنَـاءَ: برتن کا بھرنے کے قریب کرنا۔ اَقْـرَبَتِ الحَامِلُ: حاملہ کا جننے کے قریب ہونا۔

...... قِرَابًا: میان بنانا ...... القَوْمُ الاِبِلَ: گھاٹ پر پہنچنے کے لئے رات کو لے کے چلنا۔ راعی کو قارِب کہتے ہیں۔ ... مُقْرِبَۃ۔

کلی بعض لفظوں کو قراب کہتے ہیں
مُقْرِبَۃٌ: کلی۔
قَـرَّبَـہٗ: قریب کرنا۔۔۔۔۔ہٗ الاَمِیْرُ: خاص لوگوں میں سے بنالینا۔قَـرَّبَ القُرْبَانَ لِلّٰہِ: قربانی کرنا۔قَـرَّبَ فُلانًا حَیَّاکَ اللّٰہُ وقَرَّبَ دَارَکَ: کہنا۔۔۔۔۔الفَرَسُ: دلکی چلنا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: کوکھ کے درد والا ہونا۔
قَـارَبَـہٗ مُقَـارَبَۃً: قریب ہونا۔خوش کلامی کرنا۔قَارَبَ فِی الاَمْرِ: غلو کو چھوڑ دینا اور میانہ روی اختیار کرنا۔
تَـقَـرَّبَ تَقَرُّبًا وتِقِرَّابًا اِلَی اللّٰہِ بالقربان: قربت ڈھونڈنا۔۔۔۔۔الـرَّجُـلُ: کوکھ پر ہاتھ رکھنا اور کہا جاتا ہے "تَـقَـرَّبْ یَا رَجُلُ" یعنی جلدی کر اور کہا گیا ہے کہ یہ امر ہی کے ساتھ خاص ہے۔
تَـقَـارَبَـا: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
تَقَارَبَ الزَّرْعُ: کھیتی کا پکنے کے قریب ہونا۔
تَقَارُبَۃٌ: قریب ہونا۔
اِقْتَرَبَ الوَعْدُ: قریب ہونا۔۔۔۔۔الشَّیْئَانِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
اِسْتَقْرَبَ الشَّیْءُ: قریب سمجھنا۔
القُرْبُ والقُرَابُ: نزدیکی۔
القُرْبُ والقُرُبُ: کوکھ۔ج اَقْرَابٌ.
الـقَـرَبُ: کنواں جس کا پانی قریب ہو ج اَقْرَابٌ (۔۔۔۔۔ والقِرَابَۃُ) گھاٹ پر پہنچنے کے لئے رات میں چلنا۔
القُرْبَۃُ والقُرُبَۃُ: نیک افعال۔جن سے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو۔ج قُـــرَب وقُرُبَات والقُرْبَۃُ: جگہ اور مرتبہ کی نزدیکی۔
القِرْبَۃُ: مشک ج قِرَب وقِرْبَات وقِرِبَات وقِرَبَات: اور مثل ہے لَقِیْتُ مِنْہُ عرق القِرْبَۃِ: یعنی مجھے اس سے بہت زیادہ تکلیف ہوئی۔
القِرَابُ: میان ج قُرُب واَقْرِبَۃٌ.
قِرَابُ الشَّیْءِ وقُرَابُہٗ: اندازے میں برابر۔
القُـرَابُ والقُرَابَۃُ: قریب کہا جاتا ہے "مَا ھُوَ بِشَبِیْھِکَ وَلا بِقُرَابَۃٍ مِنْکَ" نہ تو وہ تمہارے مشابہ ہے اور نہ تم سے قریب ہے۔
القُرْبٰی والقُرْبَۃُ والقَرَابَۃُ: رشتہ داری اور کہا جاتا ہے "تَلِیْ الاِنَـاءِ قُـرْبَۃً" جب کہ بھرنے کے قریب ہو۔
الـقُـرْبَـانُ: ہر وہ چیز جس سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کیا جائے۔چاہے ذبیحہ ہو یا کچھ اور بادشاہ کا خاص ہم نشین۔ ج قَرَابِیْن.
الـقَـرْبَـانُ مِنَ الاِنَاءِ: برتن جو بھرنے کے قریب ہو۔مؤنث قَرْبٰی ج قِرَاب القُرْبَان: بادشاہ کا خاص ہم نشین۔
القَارِبُ: ڈونگی۔چھوٹی کشتی ج قَوَارِب.
القَارِبُ: رات کو پانی ڈھونڈنے والا۔
القَـرِیْـبُ: نزدیک۔رشتہ دار ج اَقْرِبَـاء وقُرَابٰی مؤنث قَرِیْبَۃ ج قَرَائِب. القَرِیْب: اشعار کی ایک بحر کا نام ہے جو عجمیوں کے استعمال میں ہے۔کہا جاتا ہے "جَـاءُوْا قُـرَابٰی" وہ سب قریب قریب آئے اور یہ قریب کی جمع خلاف قیاس ہے۔
الاَقْرَبُ: اسم تفضیل۔
اَقْـرِبَـاءُ الـرَّجُلِ و اَقَارِبُہٗ واَقْرَبُوْہُ: قریبی رشتہ دار۔
الـقَـرَنْبٰی: لمبی ٹانگوں کا کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے۔
التَّقْرِیْبُ: مصدر ایک قسم کی دوڑ۔
المُقْرَبُ: مُقْرَبٌ مِنَ الخَیْلِ: عمدہ گھوڑا جس کی خوبی کی وجہ سے تھان قریب بنایا جائے۔مؤنث مقربۃ.
الـمَـقْــرَبُ والـمَـقْـرَبَۃُ: مختصر راستہ۔
المَقْرَبُ: رات میں چلنا۔
المُقْرِبُ: فا۔۔۔۔۔مِنَ الحَوَامِلِ: جس کے جننے کا زمانہ قریب ہو۔ج مَـقَــارِب و مَقَارِیْبُ.
المَقْرَبَۃُ والمَقْرُبَۃُ والمَقْرِبَۃُ: رشتہ داری۔
الـمُـقَـارِبُ: فا۔جید اور ردی کا درمیانہ۔متوسط الحال۔
الـمُـقَـارَبُ: مَتَاعٌ مِـنَ الـمَتَـاعِ: سستا سامان۔
الـمُـتَـقَـارِبُ: فا۔ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن فعولن آٹھ مرتبہ ہے۔پست قد مرد۔
القَـرَبُوْتُ والقَرَبُوْسُ: زین کا آگے پیچھے بلند حصہ۔ج قَرَابِیْس.
قَرَثَ (ن ض) قَرْثًا وقُرُوْثًا وقَرِثَ (س) قَـرَثًـا الدَّمُ: تہ بتہ خون خشک ہونا۔زخم میں خون کا بگڑ جانا۔مار کی وجہ سے بدھی پڑنا۔
قَرِثَت الظُّفُرُ: خون کا ناخن میں بگڑ جانا۔۔۔۔۔(الـرَّجُلُ) غم یا غصہ کی وجہ سے چہرہ کا متغیر ہونا۔
قَرَثَ (ن) قُرُوْثًا الرَّجُلُ: خاموش ہونا۔
القَـارِثُ والـمُقْتَرِثُ: جو چیز ملے اس کو کمانے والا۔دَمٌ قَـارِثٌ: کھال اور گوشت کے درمیان خشک ہونے والا خون۔
القَارِثُ والقَرَّاثُ: عمدہ مشک۔
القَرْتُ: مص۔برف۔
قَرَثَ (س) قَـرَثًـا الرَّجُلُ: محنت کرنا اور کمانا۔
قَرُثَہٗ (ض) قَرْثًا الاَمْرُ: دشوار ہونا۔مشکل ہونا۔سخت ہونا۔
القِرِیْثُ: مچھلی کی ایک قسم۔
القَرْثُ: چھوٹا کوزہ۔
قَـرَحَہٗ (ف) قَـرْحًـا وقَرْحَۃً: زخمی کرنا۔
قَـرَحَ وقَـرَّحَ البِئْـرَ: جہاں پانی نہ نکلتا ہو کنواں کھودنا۔قَـرَحَہٗ بِالْحَقِّ: حق سے پیش آنا۔قَـرَحَ النَّبَـاتُ: کونپل نکلنا۔۔۔۔۔الاَرْضُ: سبزہ نکلنا شروع ہونا۔
قَرَحَ (ف) قُرُوْحًا وقِرَاحًا وقَرِحَ (س) قَرَحًا الفَرَسُ: گھوڑے کا پانچ سال کا ہونا۔
قَرَحَت (ف) قُـرُوْحًـا وقِرَاحًا. النَّاقَۃُ: اونٹنی کا حمل ظاہر ہونا۔صفت قَارِح.
قَـرِحَ (س) قَـرَحًـا: پھوڑوں والا ہونا کہا جاتا ہے "قَرِحَ قَلْبُہٗ مِنَ الحُزْنِ" اس کا دل غم سے زخمی ہو گیا "قَـرِحَـتْ سِــنُّ الصَّبِیِّ" لڑکے کے دانت نکلنے کے قریب ہوئے۔
قَارَحَہٗ مُقَارَحَۃً: روبرو ہونا۔

أَقْرَحَ الفَرَسُ : گھوڑے کا پانچ سالہ ہونا۔
أَقْرَحه اللّٰهُ : آبلے ڈالنا۔ پھوڑے نکالنا۔
تَقَرَّحَ لِلْاَمْرِ : تیاری کرنا......الجَسَدُ : پھوڑے والا ہونا۔
اِقْتَرَحَ الخُطْبَةَ : فی البدیہ خطبہ دینا ......الاَمْرَ : بغیر کسی نمونہ کے ایجاد کرنا...... الشَّيْءَ : بغیر سننے کے اپنی طرف سے استنباط کرنا۔ چننا۔ اختیار کرنا......البَعِيْرَ : جس اُونٹ پر کوئی سوار نہ ہوا ہو سوار ہونا ...... عَلَيْهِ كَذَا و بِكَذَا : سختی سے اور بغیر سمجھے بوجھے سوال کرنا......عَلَيْهِ كَذَا : بنوانے کی خواہش کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَرَحَ عَلَيْهِ صَوْتَ كَذَا" اس سے اس نے فلاں آواز کی خواہش کی......البِئْرَ : جہاں پانی نہ ہو کنواں کھودنا۔
القَرْح : مص۔ زخم۔ پھوڑا۔ سخت کھجلی جو اُونٹ کے بچوں کو ہلاک کر دے۔ ج قُرُوح۔
القُرْح : ہر چیز کا اوّل۔ نئے کنوئیں کا پہلا پانی۔ مہینے کی ابتداء کی تین راتیں۔
القَرَح : مص۔ اُونٹ کو خارش اور انسان کو چیچک نہ ہونے کی حالت۔
القَرْحَة والقُرْحَة : پرانا پھوڑا جس میں پیپ جمع ہو۔ قُرْحَةُ الشِّتَاءِ او الرَّبِيْعِ : جاڑے یا بہار کی ابتداء۔ القُرْحَة فِي وَجْهِ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی۔ کہا جاتا ہے "قُرْحَةُ اَصْحَابِهٖ" وہ اپنے ساتھیوں میں ممتاز ہے۔
القَرِح : پھوڑوں والا۔
القَرَاح : خالص پانی۔ بے پانی اور درخت کی زمین۔ ج اَقْرِحَة.
القَرْحَان : شیر۔
القُرْحَان۔ مِنَ الْاِبِلِ : اُونٹ جس کو کبھی خارش نہ ہوئی ہو......مِنَ النَّاسِ : وہ شخص جس کو چیچک نہ ہوئی ہو۔
القُرْحَان والقُرَاحِي : جو جنگ میں کبھی شریک نہ ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ قُرْحَان وقُرَاحِيٌّ مِنَ الاَمْرِ" تم معاملہ سے علیحدہ ہو۔ صفت مؤنث قُرَاحِيَّة القُرَاحِي : جو ہمیشہ بستی میں رہے اور جنگل کی طرف نہ جائے۔
القُرَاحِيَّان : دونوں کوکھ۔
القَارِح : فا۔ مِنْ ذِي الحَافِرِ : جس کے پورے دانت نکل آئے ہوں۔ ج قَوَارِح قُرَّح ومَقَارِيْح : مؤنث۔ قَارِح وقَارِحَة ج قَارِحَات وقَوَارِح.
القَارِح : شیر۔ کمان جو تانت سے دُور ہو۔
قَارِحُ الفَرَس : وہ دانت جس کے نکلنے کے بعد اس کو قارح کہا جائے۔
القَرِيْح : زخمی۔ ج قَرْحَى وقَرَاحَى : خالص پانی وغیرہ۔ پہلا بادل جو ظاہر ہو۔
قَرِيْحُ السَّحَابَةِ : بارش بوقت نزول۔
القَرِيْحَة : ہر چیز کا اوّل۔ کنوئیں کا پہلا پانی ......مِنَ الْاِنْسَانِ : طبیعت۔ قَرِيْحَةُ الشَّاعِرُ او الكَاتِبِ : ملکۂ راسخہ۔ ج قرائح.
الاَقْرَح : اسم تفضیل۔ صح۔ فَرَسٌ اَقْرَح : وہ گھوڑا جس کی پیشانی میں درہم کے برابر یا اس سے کم سفیدی ہو مؤنث۔ قَرْحَاء ج قُرُوح. رَوْضَةٌ قَرْحَاء : سبزہ زار۔ سفید پھولوں والا باغ۔
المَقْرُوْح : مفع ......مِنَ الطُّرُقِ : واضح راستہ۔ (...... والمُقَرَّح) پھوڑوں والا کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهٗ مُقَارَحَةً" یعنی میں اس سے رو در رو ملا۔
القِرْحِيَاء : زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لئے خاص ہو۔
القِرْوَاح : لمبے پاؤں کی اونٹنی۔ ج قَرَاوِيْح
القِرْوَاح : زمین مقابل آفتاب۔ زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لئے خاص ہو۔
قَرِدَ (س) قَرَدًا. الادِيْمُ : ادھوڑی کا کرم خوردہ ہونا......الكُحْلُ فِي العَيْنِ : سرمہ کا پراگندہ ہونا......اَسْنَانُهٗ : چھوٹا ہونا اور مسوڑھے سے ملنا......العِلْكُ : بدمزہ ہونا (...... وتَقَرَّدَ) الشَّعْرُ : بالوں کا گھنگریالے ہونا۔ ایک پر ایک جم کر نمدہ جیسا ہو جانا۔
قَرِدَ واَقْرَدَ وقَرَّدَ : درماندگی سے خاموش رہنا۔ زمین سے چمٹنا۔ قَرَّدَهٗ : دھوکا دینا۔
قَرَّدَ البَعِيْرَ : اُونٹ سے چیچڑی نکالنا۔ اَقْرَدَ واَقْرَدَ اِلَيْهِ : تابعدار ہونا۔ اَقْرَدَ المُتَحَرِّكُ : ساکن ہونا۔ اَقْرَدَ البَعِيْرُ : چیچڑی والا ہونا۔ ایسی نرم چال چلنا جس سے سوار کو حرکت نہ ہو۔
قَرَدَ (ض) قَرْدًا. المَالَ : جمع کرنا۔ کمائی کرنا......فِي السِّقَاءِ : مشکیزہ میں دودھ یا گھی جمع کرنا۔
القَرْد : مص۔ پستہ قد۔ گردن۔
القُرْد والقُرَاد : چیچڑی واحد۔ قُرْدَة وقُرَادَة ج قِرْدَان. القُرَاد : پستان کا سرا۔ کہا جاتا ہے "نَزَعْتُ قُرَادَ فُلَانٍ" یعنی میں نے اس کو فریب دیا۔
القِرْد : بندر، لنگور ج اَقْرَاد واَقْرُد وقُرُوْد وقِرَدَة وقِرَدَة : مؤنث القِرْدَة. ج قِرَد۔
القَرَد : مص۔ اُون یا کتان کا ردی حصہ۔ پتی اُتاری ہوئی کھجور کی شاخ۔ واحد قَرَدَة.
القَرِدُ : زبان کا ہلکا پن۔ بادل کے متفرق چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔
اَلْقَرَدُ واحد (قَرَدَة) کھجور کی شاخ جس کے پتے صاف کر دیئے گئے ہوں۔
القَرِد. مِنَ الاِبِلِ : بہت چیچڑی والا اونٹ نمدہ گھنگھور گھٹا۔ رَجُلٌ قَرِدُ الفَمِ : ایسا شخص جس کے دانت پیدائشی چھوٹے ہوں۔
رَجُلٌ قَرُوْدٌ : ساکن مرد۔
القَرَّاد : بندر والا۔
اَلْقُرَيْدِسُ : مکڑی کے برابر اس جیسی مچھلی (یونانی لفظ)
قَرْدَحَ قَرْدَحَةً : اقرار کر لینا۔ ذلت [illegible] فرمانبردار ہونا اور باستعمال عوام [illegible] اور درست کرنا۔
القِرْذَاحِي والقِرْدُحْنِيُّ : [illegible]

اور درست کرنے والا۔

اِقْرَنْدَحَ لَهُ: جھوٹے گواہ کرنا۔

القَرْدَحُ والقُرْدُوحُ: لنگور۔ بڑا بندر۔

القَرْدَحَةُ والقُرْدُوحَةُ: نوجوان کے گلے کا ٹکڑا۔

المُقْرَنْدِحُ: فا۔ آمادۂ شرارت۔

القَرْدَدُ: سخت اور بلند زمین ج قرادد: کہا جاتا ہے "جَاءَ الحَدِيثُ عَلَى قَرْدَدِهِ" اس نے بات کو اپنے موقع پر کہا۔

القُرْدُودُ: سخت اور بلند زمین۔ ج قَرَادِيد

القُرْدُودُ: انسان کی پیٹھ کا وسط۔

القُرْدُودَةُ: سخت اور بلند زمین۔

قُرْدُودَةُ الشِّتَاءِ: جاڑے کی شدت۔

قُرْدُودَةُ الظَّهْرِ: پیٹھ کا اعلیٰ حصہ۔

القِرْدِيلَةُ: کلام کی سختی۔ پیٹھ کے درمیان کا خط۔ مرد کا سر۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج قَرَادِيد.

قَرْدَسَهُ قَرْدَسَةً: مضبوط باندھنا۔ قَرْدَس جِرْوَ الكَلْبِ: کتے کے پلے کو بلانا۔

القَرْدَسَةُ: مص۔ سختی۔ شدت۔

القَرْدَعَةُ: خواری۔ ذلت۔

السِّقِرْدِعَةُ: گردن۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ بِقِرْدِعَتِهِ" اس نے اس کی گردن پکڑ لی۔

القُرْدُوعُ: چھوٹی جوں۔

القُرْدُوعَةُ: پہاڑ کی دراڑ کا گوشہ۔

القَرْدَعُ: نادان عورت۔

قَرَزَهُ (ن) قَرْزًا: کھرچنا۔ قَرَزَ التُّرَابَ ونَحْوَهُ: انگلیوں سے لینا۔

القَرْزُ: مص۔ ٹیلہ۔ سخت زمین۔

القُرْزُ: تیل کی شیشی۔

القُرْزَةُ: ہر چیز کی ایک مٹھی۔

القَرْهَشَةُ: دودھ سے بنایا گیا پنیر۔

القَرْزَحَةُ: پستہ قد عورت۔

قَرْزَلَتِ المَرْأَةُ قَرْزَلَةً: بالوں کا جوڑا بنانا۔

القُرْزُلُ: نالائق۔ کمینہ۔

قَرْزَمَ الشَّاعِرُ وشِعْرَهُ: ردی شعر کہنا۔

القِرْزَامُ: گھٹیا شاعر۔

السُّقْرُزُمُ: حقیر۔ لئیم۔ فرومایہ۔ رَجُلٌ مُقَرْزَمٌ: گھٹے ہوئے بدن کا پستہ قد مرد۔

المُقَرْزَمُ: موچی یا موزہ بنانے والوں کا قرضہ۔

قَرَسَ (ض) قَرْسًا. المَاءُ: پانی کا منجمد و سرد ہونا...... البَرْدُ: تیز جاڑا ہونا......

المَقْرُوْرُ: سخت سردی کی وجہ سے کام نہ کر سکنا۔

قَرِسَ (س) قَرَسًا. البَرْدُ: تیز جاڑا ہونا۔ الرَّجُلُ: ٹھٹھرنا۔

اَقْرَسَ. العُودُ: لکڑی کی تری کا اس کے اندر جم جانا۔ أَقْرَسَ البَرْدُ أَصَابِعَهُ: سردی کا انگلیوں کو سن کر دینا۔

اَقْرَسَ وقَرَّسَ. البَرْدُ فُلَانًا: ٹھٹھرا دینا۔

اَقْرَسَ وقَرَّسَ المَاءَ: جما دینا۔

القَرْسُ والقَرَسُ والقَرِيسُ: سخت سردی۔

القَرِسُ والقَرِيسُ: جما ہوا۔ کہا جاتا ہے "أَصْبَحَ المَاءُ قَرِيسًا" پانی جم گیا۔

القَرْسُ: چھوٹے مچھر۔

القَارِسُ: فا۔ سخت سردی۔ شَيْءٌ قَارِسٌ وقَرِيسٌ: پرانی چیز۔

القُرَاسُ والقُرَاسِيَةُ: مِنَ الإِبِلِ وغَيْرِهَا: موٹا و مضبوط۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ مُلْكٌ قُرَاسِيَةٌ وعِزٌّ قُرَاسِيَةٌ" ان کے لئے مضبوط مملکت اور پائیدار عزت ہے۔

القَرَاسِيَا: ایک درخت ہے جس کا پھل کالے انگور کی مانند ہوتا ہے۔ صاد سے بھی لکھا جاتا ہے۔ دخیل۔

قَرَشَهُ (ن ض) قَرْشًا: کاٹنا۔ قَرَشَ الجَيْشَ بِالرِّمَاحِ: نیزہ مارنا...... الشَّيْءَ: اِدھر اُدھر سے اکٹھا کرنا اور ملانا...... مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا سا کھانا پانا (...... وقَرَشَ وتَقَرَّشَ) لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا۔ وقَرَّشَ بَيْنَهُمْ: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ چغل خوری کرنا۔

قَرَّشَهُ: قریش کی طرف منسوب کرنا۔

اَقْرَشَ بِهِ: چغلی کھانا۔ عیوب ظاہر کرنا۔

اَقْرَشَتِ الشَّجَّةُ: بغیر چورہ ہونے کے ہڈی ٹوٹنا۔

تَقَرَّشَ. المَالَ: جمع کرنا...... عَنِ السَّيِّئَاتِ: برائیوں سے پرہیز کرنا۔ بچنا...... الشَّيْءَ: اوّل اوّل لینا...... الشَّيْءُ: چمٹنا۔ تَقَرَّشَ القَوْمُ: قوم کا جمع ہونا۔ تَقَرَّشَتْ وتَقَارَشَتِ الرِّمَاحُ: لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گھسنا۔ تَقَارَشَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا اور اس سے جھنکار پیدا ہونا۔

اِقْتَرَشَ. لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا۔ اِقْتَرَشَتِ الرِّمَاحُ: لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گھسنا۔ بِهِ: چغلی کھانا۔ نقصان پہنچانے کے لئے کوشش کرنا۔

القَرْشُ: جو اِدھر اُدھر سے جمع کیا جائے۔ ج قُرُوش...... قَرْشُ الشَّيْءِ: چیز کی آواز۔

القِرْشُ: پیاسٹر۔ ایک ترکی سکہ مساوی ۰۲/ (دخیل)

القِرْشُ والقُرَيْشُ: ایک قسم کی مچھلی جس کو كَلْبُ البَحْرِ بھی کہتے ہیں جو پانی کے اندر جانوروں کو اپنے دانت سے تلوار کی طرح کاٹ دیتی ہے۔

قُرَيْشٌ: عرب کا مشہور قبیلہ اور نسبت کے لئے قُرَشِيٌّ وقُرَيْشِيٌّ.

رِمَاحٌ قَوَارِشُ: لڑائی میں گھسے ہوئے نیزے۔ جُبْنٌ قَرِيشٌ: سخت خشک پنیر۔

المُقْرِشَةُ مِنَ السِّنِينَ: سخت قحط کا سال۔

قَرَصَ (ن) قَرْصًا لَحْمَهُ: چٹکی لینا...... ہ بِلِسَانِهِ: تکلیف دہ کلمات کہنا...... الثَّوْبَ بِالمَاءِ: انگلیوں کے پوروں سے دھونا...... البُرْغُوثُ: پسو کا کاٹنا...... قَرَصَتْهُ الحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ قَرَصَ وقَرَّصَ الشَّيْءَ: کاٹنا...... العَجِينَ: گندھے ہوئے آٹے کے پیڑے بنانا۔

قَارَصَهُ ومُقَارَصَةً: ایک دوسرے کو چٹکی لینا۔

قَرِصَ (س) قَرَصًا: ہمیشہ غیبت کرنا اور تکلیف دہ کلمات بولنا۔

القُرْصُ: روٹی کی ٹکیا۔ قُرْصُ الشَّمْسِ: آفتاب کا گروہ۔ کہا جاتا ہے "غَابَ قُرْصُ

الشَّمْسِ" آفتاب کی ٹکیہ غائب ہوئی۔ ج اَقْرَاص وقِرَصَة وقِرَاص.
القُرْصَة: روٹی کی ٹکیہ۔ ج قُرَص.
القُرَيْص: کشتی کا لنگر۔
القُرَّاص: ایک رُوئیں دار گھاس جس کے چھونے سے جلن ہوتی ہے۔ واحد قُرَّاصَة.
القُرَّاص: بابونہ اور کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قُرَّاصٌ" یعنی بہت سرخ۔
لِجَامٌ قُرَّاص وقَرُوص: وہ لگام جو جانور کو تکلیف دے۔
القَارِص: فا۔ مچھر کی مانند ایک جانور۔
القَارِصَة. قَارِص کا مؤنث۔ كَلِمَةٌ قَارِصَةٌ: تکلیف دہ کلمہ۔ ج قَوَارِص.
القُرُوصَة: چڑچڑاہٹ۔
المِقْرَاص: ٹیڑھے سر کی چھری۔
المُقَرَّص: مفع ...... مِنَ الحُلِيِّ وغَيْرِهَا: ٹکیہ کے مانند گول زیور۔
اَلْقُرَّاصُ: ایک کانٹے دار سبزی جو کہ کھائی جاتی ہے۔
القُرْصَان: بحری ڈاکو (دخیل)
القَرَاصِيَا: بمعنی قراسیا.
قَرْصَبَهُ قَرْصَبَةً: کاٹنا۔
اَلْقَرَاصِيَا: گلاب کی اقسام سے ایک پودا جس کے پھل سیاہ ہوتے ہیں۔
قَرْصَعَ قَرْصَعَةً: سکڑنا۔ پوشیدہ ہونا۔ بخل کی وجہ سے تنہا کھانا۔ باریک لکھنا۔ اور سطروں کو قریب کرنا ...... فِي بَيْتِهِ: بیٹھنا اور سمٹنا ...... زَيْدًا فِي ثِيَابِهِ: لپیٹنا۔
تَقَرْصَعَتِ المَرْأَةُ: بری چال چلنا۔
اِقْرَنْصَعَ الرَّجُلُ: کپڑوں میں لپٹنا۔ سکڑنا اور چھپنا۔
القِرْصَعْنَة: ایک خاردار درخت جس کو شوكة ابراهيم بھی کہتے ہیں اور اس کی چند قسمیں ہیں۔ ایک قسم سفید ہے جس میں پتے زیادہ اور کانٹے تیز ہوتے ہیں۔
القِرْصَعْنَة: ایک قسم کی ترکاری جس میں سرکہ اور زیتون کا تیل ملا کر کھاتے ہیں۔

قَرْضَمَهُ: کاٹنا۔ توڑنا۔
قَرَضَهُ (ض) قَرْضًا: بدلہ دینا۔ قرض دینا۔ قَرَضَ الشِّعْرَ: شعر کہنا ...... الوَادِي: وادی کو طے کرنا ...... هُ: مقابلہ کرنا ......
قَرَضَ فِي مَسِيرِهِ: چلنے میں دائیں بائیں ہونا۔
...... المَكَانَ: علیحدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَهُ" یعنی مرگیا (...... وقَرَّضَ) الشَّيْءَ: کاٹنا قَرَضَ الفَارُ الثَّوْبَ: چوہے کا کپڑے کو کترنا۔
قَرَّضَ فُلَانًا: مدح کرنا۔ مذمت کرنا۔
قَرِضَ (س) قَرَضًا: مرنا۔
قَارَضَهُ قِرَاضًا ومُقَارَضَةً: بدلہ دینا۔ برائی کا برائی سے مقابلہ کرنا ...... هُ فِي المَالِ: مضاربت کرنا۔
اَقْرَضَهُ: قرض دینا۔ اَقْرَضَ مِنْهُ: قرض لینا۔
تَقَارَضَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کو برائی یا بھلائی کا بدلہ دینا۔ تَقَارَضَا الشِّعْرَ: اپنے اپنے اشعار کا پڑھنا۔ تَقَارَضَا الثَّنَاءَ: ہرایک کا دوسرے کی تعریف کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَقَارَضَ القِرْنَانِ النَّظَرَ" یعنی ہرایک نے دوسرے کو کڑی نگاہ سے دیکھا۔
اِنْقَرَضَ: ختم ہونا۔ کٹنا ...... القَوْمُ: سب کا ہلاک ہوجانا اور کسی کا باقی نہ رہنا۔
اِقْتَرَضَ. مِنْهُ: قرض لینا ...... عِرْضَهُ: غیبت کرنا۔
اِسْتَقْرَضَ مِنْهُ: قرض مانگنا۔
القَرْض والقِرْض: اچھا یا برا عمل جو پیش کیا جائے جو مال تم کسی کو اس شرط پر دو کہ وہ وقت معینہ پر تم کو واپس کردے۔ ج قُرُوض.
القُرَاضَة: کاٹنے میں جو گرے جیسے سونے کے ذرات۔ کپڑے کی دھجی وغیرہ۔
قُرَاضَة المَالِ: ردی مال۔
التَّقْرِيض: شاعری۔
القَرِيض: کاٹا ہوا۔ شعر۔ جگالی۔

القَرَّاضَة: لوگوں کی غیبت کرنے والا۔ کیڑا جو اُون کو چاٹ جاتا ہے۔
اِبْنُ مِقْرَض: نیولے کے مانند ایک جانور جو اس سے بڑا اور سفید زردی مائل ہوتا ہے اور چوہے خرگوش اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔
المِقْرَاض: قینچی۔ ایک پھل ہو جب تو "قَرَضْتُهُ بِالمِقْرَاضِ" بولتے ہیں اور اگر دونوں پھل ہوں تو "قَرَضْتُهُ بِالمِقْرَاضِ" نہیں کہتے بلکہ قَرَضْتُهُ بِالمِقْرَاضَيْنِ کہتے ہیں۔ ج مَقَارِيض.
المَقَارِض: تھوڑی کھیتی۔ بڑے مٹکے۔ شراب کے برتن۔
قَرْضَبَ الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا ...... الرَّجُلُ: خشک چیز کھانا ...... اللَّحْمَ فِي البُرْمَةِ: گوشت کو ہانڈی میں جمع کرنا ...... فُلَانٌ: دوڑنا ...... اللَّحْمَ: کل کھاجانا۔ کہا جاتا ہے "قَرْضَبَ الذِّئْبُ الشَّاةَ" بھیڑیا سالم بکری کھا گیا۔
القِرْضَب: بھوسی جو چھلنی میں بچ رہے اسے پھینک دی جائے۔
القِرْضَاب والقُرْضُوب: تلوار قاطع۔ چور۔ خشک چیز کو کھانے والا۔ فقیر۔ ج قَرَاضِبَة.
القُرَاضِب: جو کچھ ملے اس کو کھا جانے والا۔ ج قَرَاضِب.
قَرْضَمَ الشَّيْءَ: کاٹنا۔ لے کر چل دینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُقَرْضِمُ كُلَّ شَيْءٍ" وہ ہر چیز کو لے کے چل دیتا ہے۔
قَرَطَ (ن) قَرْطًا. الكُرَّاثَ وغَيْرَهُ: باریک باریک کاٹنا۔
قَرِطَ (س) قَرَطًا. التَّيْسُ: لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔ صفت اَقْرَط.
قَرَّطَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا ...... الجَارِيَةَ: لڑکی کو بالی پہنانا ...... الفَرَسَ: گھوڑے کو لگام لگانا ...... السِّرَاجَ: چراغ سے گل گرانا ...... عَلَى [illegible]

تھوڑا دینا...... قِرْوَطْوَاطًا: جلدی کھانا۔
تَقَرَّطَتِ المَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔
القِرْط: گندنا کی ایک قسم۔
القُرْط: بالی۔ ایئر رنگ۔ کان کا زیور۔ ج
اَقْرَاط وقِرَاط وقُرُوط وقِرَطَة. القُرْط:
آگ کا شعلہ۔ تھن۔ ایک گھاس ہے جو
اسپست کے مشابہ ہے ثریا (بنا بر تشبیہ)
والقُرْط مِنَ الموز او البَلَح عِنْدَ العَامَّةِ:
کیلے وغیرہ کی پھلیوں کا گچھا۔
القَرَطَة والقِرْطَة: مینڈھے کے کان کا کٹ
کر لٹکا ہوا حصہ۔
القِـــرَاط: چراغ۔ چراغ کا شعلہ (......
والقُرَاطَة) بتی کا گل۔
القِيرَاط والقِيرَّاط: نصف دانق اور بقول
بعض دینار کا ۱/۲۰ اور بقول بعض دینار کے
دسویں حصہ کا آدھا۔ کسی چیز کا چوبیسواں
حصہ...... فِي المَسَاحَةِ: اُنگلی کی چوڑائی
کے برابر۔ (دخیل) القِيرَاط عِنْدَ اليُونَانِ:
دانۂ خرنوب۔ نصف دانق ج قَرَارِيط.
القَرَارِيط: دانۂ تمر ہندی۔
القَيْرُوطِيّ: ایک مرہم جس کا ضماد کیا جاتا
ہے (دخیل)
قَرْطَبَهٗ قَرْطَبَةً: گدی کے بل پچھاڑنا۔
قَـــرْطَبَ الجَـــزُورَ: ہڈیوں کا کاٹنا......
الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ تیز دوڑنا۔ بھاگنا۔
تَقَرْطَبَ: گدی کے بل گرنا۔
القُرْطُب: بہت کاٹنے والا۔
القُرْطُبِيّ: تلوار۔
قَرْطَسَ: نشانہ لگانا۔
تَقَرْطَسَ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔
القِـــرْطَس والقَـــرْطَس والقِرْطَاس
والقُـــرْطَاس والقَرْطَـــاس: کاغذ۔
القِرْطَاس: نشانہ۔ ایک قسم کی مصری چادر۔
تحریر جو کچھ بھی ہو۔ سفید کشیدہ قامت لڑکی۔
جوان اونٹنی۔ ج قَرَاطِيس.
القِـــرْطِيط والقِـــرْطِيطَة: تھوڑی چیز۔
القِرْطِيطَة: بلا، سختی۔

القُرْطُع: جوں جو اونٹ کے بدن میں پیدا
ہو جائے۔
القُرْطُف والقَرْطَفَة: مخملی چادر۔
قَرْطَفَهٗ قَرْطَفَةً: کرتا پہنانا۔
تَقَرْطَقَ: کرتا پہننا۔
القُرْطَق: کرتا۔
قَرْطَلَهٗ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔
القَرْطَل: ٹوکری۔ کنڈیا ج قَرَاطِل.
القِرْطَلَة: گدھے کا ایک جانب کا بوجھ۔
القَـــرْطَـــالَة: پالان کے نیچے کا خوگیر۔ ج
قَرَاطِيل.
قَرْطَمَ قَرْطَمَةً. الشَّيْءَ: کاٹنا...... الطَّائِرُ:
قرطم کے دانے ڈالنا۔
القِرْطِم والقُرْطُم والقِرْطِمُ والقُرْطُمُ:
عصفر کا دانہ۔
القُرْطُمَان: ایک قسم کا غلہ جو ماش کے مشابہ
ہوتا ہے۔
خِفَافٌ مُقَرْطَمَةٌ: کناروں پر مضبوط سلا ہوا
چرمی موزہ جو پتھر کو توڑ دے۔
قَرَظَ (ض) قَرْظًا. القَرَظَ: درخت
سلم (جو کیکر کے درخت کی مانند ہوتا ہے)
کے پتے چننا۔
...... الأَدِيمَ: درخت سلم کے پتوں سے
دباغت دینا۔
قَرِظَ (س) قَرَظًا: ذلت کے بعد سردار
ہونا۔
قَرَّظَهٗ تَقْرِيظًا: زندہ کی جھوٹی یا سچی مدح
کرنا۔
القَرَظ: درخت سلم کے پتے۔ واحد قَرَظَة.
القَرَّاظ: درخت سلم کی پتیوں کا بیچنے والا۔
قَرَعَ (ف) قَرْعًا. البَابَ: دروازہ
کھٹکھٹانا۔ اور اسی سے مثل ہے "مَنْ قَرَعَ
بَابًا وَلَجَّ وَلَجَ" جو شخص دروازہ کھٹکھٹائے
اور اصرار کرے وہ داخل ہوتا ہے ......
الـــرَّجُلَ: مارنا۔ کہا جاتا ہے "قَرَعَ رَأْسَهٗ
بِالعَصَا" اس نے اس کے سر پر لاٹھی ماری۔
و"قَرَعَ صَفَاتَهٗ" اس نے اس کی ......

اور عیب بیان کیا "قَرَعَ سَاقَهٗ لِلْاَمْرِ" وہ کام
کے لئے فارغ ہوا...... الشَّيْءَ: پسند کرنا......
السَّهْمُ الغَايَةَ: تیر کا نشانہ پر لگانا...... هُ اَمْرٌ:
اچانک پیش آنا...... سِنَّهٗ: ندامت سے
دانت پیسنا۔
قَرَعَ (ن) قَرْعًا فُلَانًا: قرعہ میں غالب
آنا۔ قُرِعَ عَلَيْهِ: تیر اندازی میں مغلوب
ہونا۔
قَرِعَ (س) قَرَعًا وقَرْعًا المَكَانُ: خالی
ہونا...... فَـــاءُ البِئْرِ: پانی کا ختم ہونا......
الرَّجُلُ: تیر اندازی میں مغلوب ہونا۔ مشورہ
قبول کرنا...... (قَرَعًا) الرَّجُلُ: گنجا ہونا۔
قَرَّعَ فُلَانًا: جھڑکی دینا...... القَوْمَ: رنجیدہ
کرنا...... الفَصِيلَ: اونٹ کے بچے کی پھنسی
کا علاج کرنا...... الشَّعْرَ: بال کاٹنا۔
قَارَعَهٗ مُقَارَعَةً وقِرَاعًا: باہم قرعہ اندازی
کرنا۔ قَارَعَهٗ فَقَرَعَهٗ: اس نے اُس سے
قرعہ اندازی کی اور غالب آیا۔
قَارَعَ وتَقَارَعَ القَوْمُ: قرعہ ڈالنا۔ بعض کا
بعض کو تلوار مارنا...... بِالرِّمَاحِ: آپس میں
نیزہ بازی کرنا۔
اَقْرَعَ: باز رہنا۔ مشورہ قبول نہ کرنا...... عَنْهُ:
رُکنا...... المُسَافِرُ: منزل سے قریب ہونا
...... الغَائِصُ والمَائِحُ: غوطہ خور کا زمین کی
تہ تک پہنچنا...... الشَّرُّ: ہمیشہ رہنا...... نَعْلَهٗ:
جوتے میں موٹا پیوند لگانا...... الحَمِيرُ:
گدھوں کا ایک دوسرے کو دولتی مارنا ......
الشَّيْءُ: طاقت رکھنا...... دَارَهٗ آجُرًّا: اینٹوں
کا فرش لگانا۔
...... فُلَانًا: روکنا...... اِلَى الحَقِّ: لوٹنا......
الرَّجُلَ: عمدہ مال دینا...... الدَّابَّةَ بِلِجَامِهَا:
جانور کو لگام سے کھینچ کر روکنا...... بَيْنَ القَوْمِ
: قرعہ ڈالنا۔
تَقَرَّعَ وانْقَرَعَ: اُلٹنا پلٹنا۔ اِنْقَرَعَ عَنِ
الاَمْرِ: رُکنا...... عَنِ الحَقِّ: باز رہنا۔ تَقَرَّعَ
الجِلْدُ: گنجے پن کی وجہ سے کھال کا چھل
جانا۔

اِقْتَرَعَ الشَّيْءَ: اختیار کرنا۔ پسند کرنا...... النَّارَ: آگ روشن کرنا...... القَوْمُ عَلٰی کَذَا: قرعہ ڈالنا۔

اِسْتَقْرَعَ الحَافِرُ: کھر کا سخت ہونا...... الکَرِشُ: اوجھ کا سخت ہونا۔

القَرْعُ: مص۔ کدو۔ واحد قَرْعَة.

القَرْعَة. قَرْع: کا اسم مرۃ۔

اَلقَرْعُون: بادام سخت ہونے سے پہلے۔ (سریانی لفظ)

القَرَعُ: مص۔ سفید پھنسی جو اونٹ کے بچوں کو ہوتی ہے۔ گنجا پن۔ سبقت۔ اونٹوں سے خالی ان کی خوابگاہ۔ وہ جگہیں جن میں صرف گھاس ہو اور دوسری نباتات نہ ہو۔ کھجلی۔

اَلقَرْعُوْنَة: مٹی کا پرانا برتن۔

القَرَعَة: ڈھال۔ سر میں گنج کی جگہ۔ چپٹی ہوئی تلی کا توشہ دان۔ اونٹوں سے خالی ان کی خوابگاہ۔

القُرْعَة: حصہ۔ توشہ دان۔ اِلقَاءُ القُرْعَة: قرعہ اندازی (...... والقَرِيعَة) عمدہ مال۔

القَرِيعَة: گھر میں سب سے عمدہ جگہ۔

اَلقَرِعُ: نہ سونے والا۔ مشورہ قبول کرنے والا۔ تباہ شدہ ناخن۔ اَرْضٌ قَرِعَةٌ: بنجر زمین۔

القَارِعَة. قارع کا مؤنث۔ قیامت۔ قَارِعَةُ الطَّرِيق: راستہ کا اعلیٰ حصہ۔ مصیبت۔ ہلاک کرنے والی مصیبت۔ ج قَوَارِع.

قَوَارِعُ القُرآن: وہ آیتیں جن کے پڑھنے سے شیاطین و جنات سے انسان محفوظ رہے کہا جاتا ہے "قَرَعَتْهُمْ قَوَارِعُ الدَّهْر" ان پر زمانہ کی سخت مصیبتیں نازل ہوئی و "نَعُوذُ بِاللهِ مِنْ قَوَارِعِ فُلَانٍ" ہم فلاں کی زبان کی تیزی سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

القَرَّاع: اسم مبالغہ۔ ڈھال۔ بہت سخت۔ مؤنث۔ قَرَّاعَة.

القَرِيع: قرعہ اندازی کرنے والا۔ قرعہ اندازی میں غالب۔ قرعہ اندازی میں مغلوب۔ سردار جوان اونٹ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَرِيعُ دَهْرِهِ" فلاں انتخاب زمانہ ہے "هُوَ قَرِيعُ الكَتِيبَةِ" وہ فوج کا سردار و کمانڈر ہے۔ "فَصِيلٌ قَرِيع" پھنسی والا اونٹ کا بچہ۔ ج قَرْعٰی.

القَرُوعُ: کم پانی والا کنواں۔ بکری جس پر قرعہ اندازی کریں۔

القَرِيْع: مبالغہ۔ سردار۔

الاَقْرَع: گنجا۔ جَبَلٌ اَقْرَع: بے نباتات کا پہاڑ۔ عُودٌ اَقْرَعُ: چھال اتری ہوئی لکڑی۔ قَوْسٌ اَقْرَع: سخت ڈھال۔ قِدْحٌ اَقْرَع: کنکری سے مانجھا ہوا تیر کہ جس میں نقوش وغیرہ ظاہر ہو جائیں۔ الاَقْرَع: عمدہ لوہے کی تلوار۔

مِنَ الحَيَّات: زہریلا سانپ کہ زہر کی وجہ سے اس کے سر کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث۔ قَرْعَاء ج قُرْعٌ وقُرْعَان.

القَرْعَاء. اَقْرَع: کا مؤنث۔ مصیبت۔ گھر کا صحن۔ راستہ کا اعلیٰ حصہ۔ اَرْضٌ قَرْعَاء: چری ہوئی زمین۔

القُرَيْعَا: زمین جس کے کناروں پر پیداوار ہو اور درمیان میں خالی ہو۔

المِقْرَع: گھی یا کھجور کھانے کا برتن۔

المِقْرَعَة: کوڑا۔ ہر وہ چیز جس سے کھٹکھٹایا جائے۔ ج مَقَارِع.

المُقْرَعُ مِنَ الخَيْل: وہ گھوڑا جس کو لگام کھینچ کر روکا جائے اور وہ اپنے سر کو بلند کرے۔

المِقْرَاع: پتھر توڑنے کی کدال۔

المَقْرُوْع: مقرع۔ سردار۔

القَرَاغُول: راستہ کا محافظ۔ تاتاری لفظ ہے اور اس کے لئے عربی لفظ خفیر ہے۔

اِقْرَعَبَّ: سردی وغیرہ سے سمٹنا۔

قَرَفَ (ض) قَرْفًا لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا...... عَلَى القَوْمِ: ظلم کرنا۔ بغاوت کرنا۔ حد سے گزرنا...... الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ جھوٹ سچ [illegible] فُلَانًا بِكَذَا: عیب لگانا۔ تہمت رکھنا......

القَرْحَةَ: زخم کو چھیلنا۔

قَرِفَ (س) قَرَفًا فُلَانٌ المَرَضَ: مرض کے قریب ہونا۔

قَارَفَهُ مُقَارَفَةً وقِرَافًا: قریب ہونا۔ جماع کرنا۔ قَارَفَ الذَّنْبَ: گناہ میں ملوث ہونا۔

اَقْرَفَ لَهُ: قریب ہونا۔ اختلاط کرنا۔

اَقْرَفَهُ: برائی سے یاد کرنا۔ اَقْرَفَ بِهِ: تہمت لگوانا...... الجَرِبُ الصِّحَاحَ: بیماری کا چھوت لگنا۔

تَقَرَّفَ. الجُرْحُ: زخم کا چھل جانا۔

اِقْتَرَفَ: کمائی کرنا...... الذَّنْبَ: گناہ کر لینا...... المَالَ: جمع کرنا اور کہا جاتا ہے "قَرَفْتُهُ بِالاَمْرِ فَاقْتَرَفَ بِهِ" میں نے اسے عیب لگایا اور اسے عیب لگ گیا۔

القَرْف: ایک قسم کے چمڑے کا برتن جس کو انار کے چھلکوں سے دباغت دیتے ہیں۔ گہرا سرخ۔ ج قِرَاف وقُرُوف.

القِرْف: درخت کی چھال۔ ہر چھال کو قرف کہتے ہیں اور اسی سے ہے "قِرْفُ الرُّمَّان" روٹی کا چھلکا جو تنور میں رہ جائے۔ زخم سے اکھیڑی ہوئی چیز۔ ناک پر خشک رینٹھ ج قُرُوف: واحد قِرْفَة القِرْف: لائق۔ مناسب کہا جاتا ہے "هُوَ قِرْفٌ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔

القَرَف: مرض کا دوبارہ ہونا۔ میل جول۔ تہمت۔ بیماری کی چھوت۔ کہا جاتا ہے "لَقَدْ قَرِفَ او قَرِفَ بِكَذَا" وہ اس کے لائق ہے۔ القَرِف: گہرا سرخ والا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاكَ اَحْمَرَ قَرِفًا" میں تم کو بہت سرخ دیکھ رہا ہوں۔

القِرْفَة: کمائی۔ چھال۔ انار کے چھلکے۔ دار چینی کی ایک قسم جس کو تج کہتے ہیں۔ تہمت۔ جس کے اوپر تہمت لگائی کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قِرْفَتِي" فلاں وہ شخص ہے جس میں نے تہمت لگائی ہے و "بَنُو فُلَانٍ قِرْفَتِي" بنو فلاں وہ لوگ ہیں جن سے

میرا گمان ہے کہ میرا مطلوب ان کے پاس ہے۔

المقروف : بہت ظلم کرنے والا۔ بڑا بے انصاف۔ توشہ دان۔ ج قُرُف وقُرْف۔

القَرْفِيّ والمُقْرِف : وہ شخص جس کے اندر سرخی جھلکتی ہو۔ المُقْرِف : خسیس۔ حقیر۔ جس کی ماں عربیہ ہو اور باپ غیر عرب۔

وَجْه مُقْرِف : بدصورت چہرہ۔

الاقْرَف : بہت سرخی والا۔

القِرْفَة : درخت کی چھال۔

المَقْرِف : وہ جگہ جہاں سے چھال اُتاری گئی ہو۔

المِقْرَاف : بہت گناہوں کا ارتکاب کرنے والا۔ رَجُلٌ مَقْرُوف : تپلی کمر والا۔ سبک مرد۔

قَرْفَصَ قَرْفَصَةً : پاؤں کے نیچے دونوں ہاتھ باندھنا۔

تَقَرْفَصَتِ العَجُوزُ : بڑھیا کا کپڑوں میں لپٹنا۔

القَرْفَصَى. مثلثة القاف والقُرْفُصَاء والقُرْفُصَاء : اکڑوں بیٹھنا اور ہاتھوں کو ٹانگوں کے گرد باندھنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ القَرْفَصَى او القُرْفُصَاء" وہ اکڑوں بیٹھا۔

القُرَافِص : مضبوط۔

القُرَافِصَة : ڈاکو۔

قَرْفَطَ الرَّجُلُ : چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔

اِقْرَنْفَطَ : سمٹنا۔

المُقَرْفَل. مِنَ الاَطْعِمَة : لونگ سے خوشبودار کیا ہوا۔

قَرَقَ (ن) قَرْقًا بِفُلَانٍ : دھوکا دینا۔ قَرَقَتِ الدَّجَاجَةُ : کڑکڑانا اور انڈے یا بچوں کو پروں کے نیچے کرنا۔

قَرِقَ (س) قَرَقًا : ہموار جگہ میں چلنا۔

السِّرْق : بُری جڑ۔ عادت۔ حقیر لوگ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِرْقٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی ایک جماعت آئی۔ ج

القِرْق. القِرْق : ایک کھیل ہے۔ خط کھینچ کر گوٹیاں رکھ کر کھیلتے ہیں۔ خط کی صورت یہ ہے:

المَقْرُوق : قرق زدہ۔

القَرْق : زیادہ شور سے بولنا۔

القُرْقُب : ایک چھوٹا پرندہ۔

(...... والقَرَق والقَرِق) ہموار جگہ۔

القَرْقَلَان والقَرْقَلُون : سنجاب۔

قَرْقَرَ قَرْقَرَةً. البَعِيرُ : اُونٹ کا بڑبڑانا۔

قَرْقَدَ الخُبْزُ : روٹی خشک ہونا۔ (سریانی لفظ)

قَرْقَرَتِ الحَمَامَةُ او الدَّجَاجَةُ : کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔ مرغی کا کڑکڑانا...... البَطْنُ : پیٹ سے گڑگڑانا۔ الرَّجُلُ فِي ضَحِكِهِ : بہت زور سے ٹھٹھا مارنا۔ الشَّرَابُ فِي حَلْقِهِ : آواز کرنا۔

القَرْقَرَة : مص۔ کبوتر کی آواز۔ بہت زور کی ہنسی۔ چہرہ کی کھال (...... والقَرْقَر) پست نرم زمین۔ ج قَرَاقِر۔

القَرْقَار : اونٹ کی بڑبڑاہٹ۔

القُرَاقِرُ والقُرَاقِرِي : اچھی آواز سے حدی پڑھنے والا۔

القُرَاقِرَة : بہت بک بک کرنے والی عورت (...... والقُرْقَارَة) اونٹ کا جھاگ جو مستی کے وقت نکلتا ہے۔

القَرْقَارَة : لمبی گردن کا شیشے کا کپ۔

القُرْقُور : بڑی کشتی۔ ج قَرَاقِير۔

قَرْقَسَ. الكَلْبَ وبه : کتے کو قُرْقُوس کہہ کے بلانا۔

القِرْقِس : مچھر کے بچے۔

القَرْقُوس : کشادہ میدان۔

القَرْقُوز : بکری کا چھوٹا بچہ۔

قَرْقَشَ : سخت چیز کھانا۔

القَرَاقِش : نرم آ...... کو ......

شکر ملا کر پکایا جائے تو میٹھی ٹکیہ۔ نرم آٹا اور مغز کے ساتھ ملا کر گھی میں تلی ہوئی شے۔ نرم ہڈیاں۔

قَرْقَصَ. بالجرو : کتے کے پلے کو بلانا۔

القُرْقُوص : کتے کا پلا۔ ج قَرَاقِيص۔

قَرْقَعَ قَرْقَعَةً : کھٹکھٹانا۔

قَرْقَفَ قَرْقَفَةً مِنَ البَرْدِ : کپکپی زدہ ہونا......

قَرْقَفَهُ البَرْدُ : کپکپی ڈالنا۔

الرَّجُلُ فِي الضَّحِكِ والحَمَامُ فِي الهَدِيرِ : آدمی کا ہنسنے میں اور کبوتر کا غٹرغوں کرنے میں زیادتی کرنا۔

القَرْقَف : شراب۔ ٹھنڈا پانی (...... والقُرْقُف) ایک چھوٹا سا پرندہ۔

القَرْقُوف : درہم۔ شراب۔

دِيكٌ قُرَاقِف : بلند آواز مرغ۔

القَرْقَل والقَرْقَلُ : بے آستین کا کرتہ ج قَرَاقِل۔

قَرْقَمَ. الصَّبِيَ : بچے کو بُری خوراک دینا۔

المُقَرْقَم : وہ جو جوان نہ ہو اور قوت نہ پکڑ سکے۔

قِرِلِّي : ایک چوکنا آبی پرندہ۔

قَرَمَ (ض) قَرْمًا وقُرُومًا ومَقْرَمًا وقَرَمَانًا وتَقَرَّمَ. الصَّبِيُّ والبَهْمُ : تھوڑا تھوڑا کھانا شروع کرنا۔

قَرَمَ (ن) قَرْمًا. الشَّيْءَ : چھیلنا...... الطَّعَامَ : کھانا...... الرَّجُلَ : گالی دینا۔ قید کرنا۔

قَرِمَ (س) قَرَمًا. اِلَى اللَّحْمِ : گوشت کا خواہش مند ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرِمْتُ اِلٰى لِقَائِهِ" اس کی ملاقات کا میں شائق ہوا۔

قَرَّمَهُ : کھانا سکھانا۔ قَرَّمَ واَقْرَمَ الفَحْلَ : سانڈ بننے کے لئے کام اور سواری سے فارغ رکھنا۔

اِسْتَقْرَمَ. البَكْرُ قَبْلَ اَوَانِهِ : وقت سے پہلے سانڈ بننا۔

القَرْم : مص۔ اونٹ کی ناک پر داغ جو ...... تیر کی علامت۔ سانڈ جو سواری اور کام

سے فارغ رکھا جائے۔ سردار عظیم۔ ج قُرُوم۔

القَرْمَة والقُرْمَة : اُونٹ کی ناک کی کٹی ہوئی کھال۔

القُرْمَة والقِرَام : اونٹ کی ناک کاٹنے کا موقع القِرَام: سرخ پردہ یا باریک کپڑا۔

القُرَامَة : اونٹ کی ناک سے کٹا ہوا چھوٹا ٹکڑا۔ روٹی کا وہ حصہ جو تنور میں لگا ہوا رہ جائے۔ عیب۔ اونٹ کا سینہ۔

الاَقْرَمُ مِنَ الجَمَال : اونٹ جو باندھا نہ جائے۔ ناک پر داغ لگا ہوا۔ مؤنث قَرْمَاء۔ ج قُرْم۔

القُرْم : ایک گھاس جو سفیدی اور موٹائی میں چنار کے درخت کی مانند ہوتی ہے۔

قَرْمَدَ قَرْمَدَةً الكِتَابَ : باریک لکھنا۔ قریب قریب لکھنا۔ قَرْمَدَ فِي المشي : قریب قریب قدم رکھنا...... الشيءَ: قرمد کا طلا کرنا (دیکھئے قَرْمَد)

القَرْمَد : ہر وہ چیز جس کو زینت کے لئے کسی پر لگائیں۔ جیسے زعفران اور گچ وغیرہ۔ پختہ ٹھیکری۔ اینٹ (دخیل)

القُرْمُود : پہاڑی بکرا۔ پہاڑی بکری کا بچہ ج قَرَامِيد۔

القِرْمِيد : اینٹ جس سے پلاسٹر کیا جائے جیسے گچ وغیرہ واحد قِرْمِيدَة (دخیل)

القِرْمِيدَة : پہاڑی بکری ج قَرَامِيد۔

القِرْمِز : سرخ رنگ...... عِنْدَ الاَسَاكِفَة : وہ کھال جو سرخ رنگ سے رنگی ہوئی ہو۔

القِرْمِزِيَّة: کیڑوں کی ایک قسم۔

القِرْمِزِيّ : جو سرخ رنگ کا ہو۔

قَرْمَشَة : بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ قَرْمَشَ الشيءَ: جمع کرنا۔

القَرْمَش والقِرْمِش والقِرْمِيش مِنَ النَّاسِ : طرح طرح کے لوگ۔

قَرْمَصَ وتَقَرْمَصَ : سردی زدہ آدمی کا گرمی حاصل کرنے کے لئے گڑھے میں داخل ہونا۔

...... القَرَامِيص : گرمی حاصل کرنے کے لئے گڑھے بنانا۔

القِرْمَاص والقُرْمُوص : اندر سے چوڑا اور تنگ منہ کا گڑھا جس میں سردی زدہ گرمی حاصل کرتا ہے۔ بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ۔ کبوتر کا گھونسلہ۔ ج قَرَامِيص۔

القُرْمُوص : شکاری کا گڑھا۔ زمین میں پرندہ کا گھونسلہ۔

قَرْمَطَ قَرْمَطَةً الكِتَابَ : باریک اور قریب قریب لکھنا...... فِي خَطْوِهِ: قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔

القُرْمُوط : ایک قسم کی مچھلی۔ کھریلا کی گولی۔ ج قَرَامِيط

القَرَامِطَة : شیعوں کا ایک غالی فرقہ واحد قَرْمَطِيّ۔

قَرْمَلَة: پچھاڑنا۔

القَرْمَل : بے کانٹوں کا ایک کمزور درخت واحد قَرْمَلَة۔

القِرْمِل : دو کوہان والا اونٹ۔ بہت اُون والا اونٹ کا بچہ۔ ج قَرَامِل۔

القَرَامِل والقَرَامِيل مِنَ الشَّعْرِ والصُّوف : بالوں یا اُون کا بنا ہوا عورت کا موباف۔

قَرَنَ (ض) قَرْنًا الشيءَ وبالشيءِ : باندھنا۔ ملانا...... الثَّوْرَيْنِ : دو بیلوں کو ایک جوئے میں باندھنا...... البَعِيرَيْنِ: دو اونٹوں کو ایک رسّی میں باندھنا۔

قَرَنَ (ن) قِرَانًا الفَرَسُ : دوڑنے میں پچھلی ٹانگوں کا اگلی ٹانگوں کی جگہ میں پڑنا...... بَيْنَ الشيءِ والشيءِ: جمع کرنا۔

قَرِنَ (س) قَرَنًا : ملی ہوئی بھنووں والا ہونا۔ صفت اَقْرَن۔ قَرِنَ ذُو القَرْنِ : بڑے سینگ والا ہونا۔

قَرَّنَهُ : جمع کرنا۔ باندھنا۔ کہا جاتا ہے "قُرِّنَتِ الاُسَارَى فِي الحِبَالِ" قیدی رسیوں میں باندھے گئے۔

قَارَنَهُ قِرَانًا ومُقَارَنَةً

اَقْرَنَ. بَيْنَ الاَمْرَيْنِ : جمع کرنا۔ (قَرَن: اسم ہے)

...... الرَّجُلُ : دو تیر چلانا۔ دو قیدیوں کو ایک رسّی میں لانا۔ سینگ والے مینڈھے کی قربانی کرنا۔ ہر رات میں ایک سلائی سرمہ لگانا...... الدَّمُ فِي العِرْقِ : خون کا رگ میں زیادہ ہونا اور جوش مارنا...... اَفَاطِيرُ وَجْهِ الغُلَامِ : لڑکے کے چہرہ پر پھنسیاں نکلنا...... السَّمَاءُ : لگاتار برسنا...... هُ: ہمسر ہونا۔ ایک رسی میں بندھے ہوئے دو اونٹ دینا...... عَنِ الطَّرِيقِ : راستہ سے ہٹ جانا۔ پھر جانا۔

...... عَلَى غَرِيمِهِ : قرض دار پر تنگی کرنا۔ اَقْرَنَتِ الثُّرَيَّا: بلند ہونا...... الدُّمَّلُ : پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کے قریب ہونا...... لِلاَمْرِ: توانا ہونا...... عَنْهُ : عاجز ہونا۔

تَقَارَنَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِقْتَرَنَ الشيءُ بِغَيْرِهِ : متصل ہونا۔ ملنا۔

اِسْتَقْرَنَ الدُّمَّلُ : پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا...... الدَّمُ فِي العِرْقِ : خون کا رگ میں زیادہ ہونا...... الرَّجُلُ لِلاَمْرِ : توانا ہونا...... لِفُلَانٍ : ہمسر ہونا۔

القَرْن : مص۔ سینگ۔ والقَرْنُ فِي الاِنْسَانِ : انسان کے سر کا وہ حصہ جہاں پر جانور کے سینگ نکلتا ہے۔ قَرْنُ الشَّمْسِ : آفتاب کی پہلی شعاع۔ القَرْنُ مِنَ المَطَرِ : بارش کا جھلا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى قَرْنِي" وہ میری عمر کا ہے۔ القَرْن: سو سال۔ ایک زمانے کے لوگ۔ ایک گروہ کے بعد ایک گروہ۔ زمانہ کا ایک وقت۔ ج قُرُون۔

القَرْن : چھوٹی پہاڑی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ قلعہ۔ عورت کے گیسو۔ القَرْنُ مِنَ الجَرَادِ : ٹڈی کے سر کے دو بال۔ درخت کی چھال کی بٹی ہوئی رسّی۔ مال یا اُون کا ایک گچھا۔ ج قُرُون وقِرَان۔ والقَرْنُ مِنَ القَوْمِ :

سردار۔ [illegible]
الشیطان وقرناہ : شیطان کی راے کے
یا بوجھد القرن : کیڑا۔ ذو القرنین: بادشاہ اسکندر رکدونی کا لقب۔ منذر بن ماء السماء کا لقب۔

القِرْن : کفو۔ ہمسر۔ مقابل۔ شجاعت یا علم میں نظیر۔ ج اَقْرَان.

القَرَن : مص۔ دوسرے سے ملا ہوا۔ رسی جس میں دو اونٹ بندھے ہوئے ہوں۔ ترکش ج اَقْرَان:.....تلوار۔ تیر۔ ج قِرَان.

القِرَان : قیدی کے باندھنے کی رسی بل کے بیلوں کی گردن میں باندھنے کی چھال کی رسی۔ رسی جس کو باندھ کر اونٹ کو کھینچیں۔ ج قُرُن. حج کی ایک قسم جس میں عمرہ اور حج کا احرام ایک ساتھ باندھتے ہیں۔ ج قِرَانَات.

القُرْنَة : ہر چیز کا اٹھا ہوا کنارہ۔ تلوار یا نیزہ کی دھار۔ ج قُرَن.

اَلْقَارِن : فا۔ رَجُلٌ قَارِنٌ : تیر و تلوار سے مسلح۔ القارن: حج قران کرنے والا۔

القَرِين : دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ ساتھی۔ مصاحب۔ شوہر۔ نفس۔ ج قُرَنَاء

القرین العین : سرگیں آنکھ۔

القُرَانَى : نزدیک۔ تانت۔ جو اونٹ کی کھال کی بٹی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا قُرَانَى" ملے ہوئے آئے۔

القَرِينَة : قرین کا مؤنث، بیوی۔ نفس۔ قَرِينَةُ الكَلَام: جو کلام کے مراد پر دلالت کرے ج قَرَائِن. دُوْرٌ قَرَائِن: آمنے سامنے کے مکانات۔

القَرَّان : شیشی۔

القَرُوْن : ایک مرتبہ میں دو دو لقمے کھانے والا وہ جانور جس کی پچھلی ٹانگیں اگلی ٹانگوں کی جگہ میں دوڑنے میں پڑیں۔ وہ اونٹنی جس کے بیٹھنے میں دونوں گھٹنے مل جائیں (..... والقَرُوْنَة) نفس۔

الاَقْرَن : سینگوں والا۔ ملی ہوئی بھنووں والا۔ مؤنث قَرْنَاء. حَيَّةٌ قَرْنَاءُ : سانپ جس کے سر پر گوشت کے دو ٹکڑے ابھرے ہوئے ہوں۔

القِرَان اَوِ اجْتِمَاعُ القَمَرِ بِالشَّمْس : سورج اور چاند اپنی اپنی جگہ پر ہوں اور زمین ان کے درمیان نہ ہو اور سورج کو گرہن تب ہوتا ہے جس وقت وہ چاند کے ساتھ مل جائے۔

اَلْقَرَانِيَا : ایک درخت کا نام جس کے پھول خیمہ کی طرح ہوتے ہیں۔ اور اس کے پھل کھائے جاتے ہیں۔

القَرِيْنَاء : لوبیا۔

المِقْرَن : جوا ہل کا۔

المُقَرَّن : بلند کنارے والا جس کے لئے سینگ کے مشابہ بنایا جائے۔

المُقَرَّنَة. مُقَرَّن. کا مؤنث۔ چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں جو پاس پاس ہوں۔

القَرْنَان : مرد دیوث۔

القَرَنَاء : سورۃ جو ہر رکعت میں پڑھی جائے۔

القَيْرُوَان : گھوڑوں کا گلہ۔ تالا۔ فوج کا بڑا حصہ۔

القَرَنْبَى : لمبی ٹانگوں کا ایک کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے اور مثل ہے "القَرَنْبَى فِي عَيْنِ اُمِّهَا حَسَنَة" قرنبی اپنی ماں کی نگاہ میں اچھا معلوم ہوتا ہے۔

القَرْنَب : جنگلی چوہا۔ چوہا۔ چوہے کا بچہ۔

القُرْنُب : کمر۔

قَرْنَس وقُرْنِس البَازِي : باز کی آنکھوں کو سینا۔ قَرْنَس الدِّيْك : مرغ کی لڑائی سے بھاگ جانا۔

القُرْنَاس والقِرْنَاس : پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔ چرخے کا تکلا۔ القُرْنُوْس: موزے کی نوک۔ ج قَرَانِيْص.

سَقْفٌ مُقَرْنَس : سیڑھی کی طرز پر بنی ہوئی چھت۔

القَرَنْفُل والقَرَنْفُوْل : لونگ۔ واحد قَرَنْفُلَة وقَرَنْفُوْلَة.

المُقَرْنَفَل. مِنَ الاَطْعِمَة : لونگ ڈالا ہوا کھانا۔

قَرِهَ (س) قَرَهًا وتَقَرَّه جِلْدُهُ : کھال کا چھلنا یا بہت مارے سیاہ ہونا۔ داد کی کثرت سے داغ داغ ہونا۔ صفت اَقْرَه: مؤنث قَرْهَاء ج قُرْه.

القَارِه: فا.....مِنَ الجِلْد : خشک کھال۔

القَرْهَب : بوڑھا بیل.....مِنَ المَعْز : بہت اون والی بکری۔ القَرْهَب : سردار قوم۔ بوڑھا۔

قَرَا يَقْرُو قَرْوًا اِلَيْه : قصد کرنا.....بِالرُّمْحِ فُلَانًا : نیزہ مارنا۔ صفت مذکر قارٍ ج قُرَاة وقَارُوْن : صفت مؤنث قَارِيَة ج قَوَارٍ وقَارِيَات قَرَا واسْتَقْرَى واقْتَرَى الاَمْر : تتبع کرنا۔ تلاش کرنا۔ اِسْتَقْرَى الدُّمَّل : پھوڑے کا پیپ والا ہونا۔

اَقْرَى اِقْرَاء : پیٹھ میں درد ہونا۔

القَرَاء : پیٹھ۔ ج اَقْرَاء وقِرْوَان: کدو۔

القَرْو : مص۔ نہر کی مانند لمبا حوض۔ زمین جس کو طے نہ کیا جا سکے۔ کولہو کی نالی۔ چھوٹا برتن۔ کھجور کے درخت کا نچلا حصہ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بنایا جائے۔ لکڑی کا پیالہ۔ کھوکھلا بانس۔ ایک ہی طریقے کی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُمْ قَرْوًا وَاحِدًا" میں نے ان کو ایک طریقہ پر چھوڑا۔ و"قَصِيْدَتَان عَلَى قَرْوٍ وَاحِد" دو قصیدے ایک ردی پر "وتَرَكَتِ الاَرْضَ قَرْوًا" تمام زمین پر بارش چھا گئی اَصْبَحَتِ الاَرْضُ قَرْوًا وَاحِدًا : زمین کی سطح پانی سے ڈھک گئی۔ ج قُرُوّ واَقْرَاء واَقْرٍ وقُرِيّ.

القَرْو والقَرْوَة. خُصْيَيْن : کی کھال کی کھنچاوٹ قَرْوَةُ الرَّاس : سر کا کنارہ۔

القَرْو القَرْوَة والقِرْوَة والقُرْوَة : کتے کا ٹھیکرا۔

القَرْوَاء : عادت۔ دُبُر۔ نَاقَة قَرْوَاء : لمبے کوہان والی اونٹنی (جمل اقری نہیں کہا جاتا)

القِـــرْوَان : پیٹھ یا پیٹھ کا درمیانی حصہ ج قِرْوَانَات.

القَرْوَانِي. خِصْيَتَيْن : کی کھال کی کھنچاوٹ والا۔

القَرْوٰی : عادت۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلٰی قَرْوَاه" اپنی عادت پر لوٹ گیا۔

القَرِيّ : ایک ہی طریقہ کی چیزیں۔ قَرِيُّ العَقِيْدَةِ : قصیدہ کا ردی۔

المَقْرٰی : ٹیلہ کی چوٹی۔ ج مَقَارٍ......

المُقْرَوْرِي: لمبی پیٹھ والا۔

شَـــاةٌ مَقْرُوَّة : بکری کہ اس کے سر میں ایک لکڑی لگا دیتے ہیں تا کہ وہ اپنے دودھ کو نہ پی سکے۔

قَرَیٰ يَقْرِی قِرًی وقَرَاءً ا الضَّيْفَ : مہمان کی میزبانی کرنا(...... قَـرْی وقَـرْيًـا) المَاءَ فِیْ الـحَوْضِ : پانی حوض میں جمع کرنا...... البَعِيْـر وكُلُّ مَا اِجْتَرَّ : جگال کو جبڑے میں جمع کرنا...... الجُرْحُ: زخم کا بہنا...... الـمِدَّةُ فِــيْ الجُـرْحِ : زخم میں پیپ کا جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَـرَيْـتُ فِيْ شِـدْقِي جَوْزَةً" میں نے اپنے جبڑے میں اخروٹ کو چھپایا۔

قَرَی يَقْرِي قَرًی وقَرْيًا وتَقَرّٰی واسْتَقْرٰی البِلاَدَ: تلاش کرنا۔ چکر لگانا۔

اَقْرٰی اِقْرَاءً : گاؤں میں رہنا...... کسی شے کو لازم رہنا اور اصرار کرنا(...... واسْتَقْرٰی) مہمانی طلب کرنا۔

اِقْتَـــرٰی : مہمانی طلب کرنا...... الـضَّيْفَ: مہمان کی میزبانی کرنا...... البِلاَدَ: تلاش کرنا اور چکر لگانا واِقْتَرٰی فُلاَنًـــا بِـقَوْلِـهٖ: تلاش کرنا۔

القِرٰی : مہمانی کا کھانا۔ پانی جو حوض میں جمع کیا جائے۔

الـقَرْيَة والقِرْيَة : جائیداد۔ گاؤں۔ لوگوں کی جماعت۔ ج قُـرًی وقِـرًی اور نسبت کے لئے قَـرَوِيّ وقَـرْيِيّ. قَـرْيَةُ الـنَّمِل : چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ۔ قَـرْيَةُ الاَنْصَارِ : مدینہ طیبہ والقَرْيَتَانِ: مکہ معظمہ اور طائف

الـقَـرِيُّ : جما ہوا دودھ۔ ٹیلہ سے باغ کی طرف بہنے والی نالی۔ نالی۔ ج اَقْـــرِيَةٌ واَقْرَاءٌ وقُرْيَان.

الـقَرِيَّة :لاٹھی۔ چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ۔ بادبان کے اوپر کے حصہ کی لکڑی جو عرض میں لگائی جاتی ہے ج قَرَایَا.

القَارِي : قا۔ دیہاتی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنِيْ كُـلُّ قَارٍ وبَادٍ" میرے پاس ہر ایک دیہاتی اور شہری آیا۔

القَارِيَة : قاری کا مؤنث۔ مکان لوگوں سے بھرا ہوا۔ تلوار کی دھار۔ نیزہ کا نچلا حصہ یا اوپر کا حصہ۔ ج قَـوَارٍ کہا جاتا ہے "هُـمْ قَـوَارِيُ الـلّٰـهِ" وہ اللہ کے شہدا ہیں(...... والـقَـارِيَة) ایک پرندہ چھوٹی ٹانگوں اور لمبی چونچ کا جس کی پیٹھ سبز ہوتی ہے۔ ج قَـوَارٍ وقَوَارِيّ.

الــــقَـارَاة :لوگوں سے بھری ہوئی جگہ ج قَارِيَات.

الـمِقْرٰی والمِقْرَاة: ہر وہ جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

الـمِقْرٰی والمِقْرَاء : میزبان۔ بہت مہمانی کرنے والا۔ مؤنث مِـــقْرَاة ومِقْرَاءٌ.

المِقْرٰی والمِقْرَاة : بڑا پیالہ جس میں مہمان کے سامنے کھانا پیش کیا جائے۔ ج مَـقَـار.

المَقَارِی: ہانڈیاں۔

قَـزَّ (ن ض) قَـزًّا: کودنے کے لئے سمٹنا۔ کودنا۔ قَـزَّتْـهُ نَفْسِيْ وقَزَّتْ عَنْهُ نَفْسِيْ : نفرت کرنا۔ انکار کرنا(...... قُزًّا وتَقَزَّزَ) مِنَ الـدَّنَسِ وكُـلُّ مَا يُسْتَقْذَرُ ويُسْتَخْبَثُ : مکروہ جاننا۔ پرہیز کرنا بچنا۔

الـقَـزُّ :معں۔ ریشم جس سے نکالا جائے۔ دُوْدُ القَزِّ: ریشم کا کیڑا۔ ج قُزُوْز (دخیل)

الـقَزُّ القِزُّ القُزُّ القَزَزُ القُزَّاز : گندگی سے بچنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِـي طَـعَامِهٖ قَـزٌّ وَلاَ قُزٌّ ولاَ قَـزَازَةٌ" اس کے کھانے میں ایسی کوئی چیز نہیں جس سے پرہیز کیا جائے

القَزَّاز : بڑا سانپ۔ اژدہا۔

القَازُّ : قا۔ شیطان۔

القَازُوْزَة : چھوٹی شیشی۔ طشت۔

القَزَّاز : ریشم بیچنے والا...... عِنْدَ العَامَةِ: ریشم کے کیڑے کی تربیت کا ماہر۔

قَزَبَ (ن) قَزْبًا : بہت جماع کرنا۔

قَزِبَ (س) قَزَبًا: سخت ہونا۔

القَازِب :سوداگر۔

القِزْب :لقب۔

قَزْبَرَ قَزْبَرَةً : جماع کرنا۔

قَزَحَ (ف) قَزْحًا القِدْرَ: ہنڈی میں مسالحہ ڈالنا۔ الشَّيْئُ: بلند ہونا۔

قَزَّحَتْ قَزْحًا وقَزَحَانًا القِدْرُ : اُبلنا۔ قَزَّحَ الــقِـدْرَ : ہانڈی میں مسالہ ڈالنا۔ قَــزَّحَ الـحَدِيْـثَ: مزین کرنا۔ بغیر جھوٹ بولے ہوئے پورا کرنا۔ قَــزَّحَ الـشَّـجَـرَ : بڑھنے کے لئے جڑ میں پیشاب ڈالنا۔

تَـقَزَّحَ النَّبَاتُ او الشَّجَرُ :زیادہ شاخ دار ہونا۔

القَزْحُ :معں۔ کتے کا پیشاب۔ مسالہ۔

قَوْسُ قُزَحَ وقَوْسُ قُزَحَ :دھنک۔ وہ شکل جو بادل میں مختلف رنگوں کی کمان کے مانند دکھائی دیتی ہے۔ قُـــزَح: منصرف ہے اس لئے کہ قُــزْحَة کی جمع ہے اور علم معدول کی تقدیر پر غیر منصرف ہے اور قزح کو قوس سے جدا استعمال نہیں کرتے پس "تَـأمَّلْ قُزَحَ مَا اَبْيَنَ قَوْسَه" نہیں کہا جائے گا۔

الـقِـزْح : مسالحہ۔ پیاز کے بیج۔ سانپ کی بیٹ۔ ج اَقْزَاح.

الـــقُـــزْحَة :قوسِ قزح کے رنگ کی ایک دھاری ج قُزَح.

القَزَّاح : مسالحہ بیچنے والا۔

القَـازِحُ :قا۔ سِـعْرٌ قَـازِحٌ : مہنگا بھاؤ۔ مؤنث قَازِحَة ج قَـوَازِحُ الـمَاءِ: پانی کے بلبلے۔

القَازِيح :مسالحے۔

المِقْزَحَة : مسالحہ کا برتن۔

الْقَزَحَلَة: کاہلہ۔

قَزَعَ (ف) قُزُوْعًا: دور کرنا...... الظَّبْيُ: ہرن کا دوڑنا۔ بھاگنے میں چست ہونا۔

قَزَّعَ الرَّسُوْلَ اِلَيْهِ: قاصد بھیجنا...... الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانے کے لئے آمادہ کرنا......

الشَّارِبَ: مونچھ کاٹنا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا...... رَاسَهُ: سر مونڈنا اور کچھ ادھر اُدھر چھوڑ دینا۔

قَزَّعَهُ وَاَقْزَعَهُ لِلْاَمْرِ: فارغ کر دینا اور دوسرے کام میں مشغول نہ کرنا۔ واَقْزَعَ لَهُ فِي الْقَوْلِ: سخت سست کہنا۔

تَقَزَّعَ الرَّاسُ: سر متفرق جگہ سے مونڈا جانا۔

...... الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے کے لئے آمادہ ہونا...... القَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا

...... السَّحَابُ: بادل کھل جانا۔

الْقَزَعُ: بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ چھوٹے اونٹ۔ بالوں کو کچھ مونڈنا کچھ چھوڑ دینا۔ وادی کا کوڑا کرکٹ۔ قَزَعُ السَّهْمِ: تیر کے پر کا پتلا حصہ۔ ہر چیز جس کے متفرق ٹکڑے ہوں واحد قَزَعَة۔

الْقَزَعَة: حرامی۔ ولد الزنا۔ بادل کا ٹکڑا۔ سر میں متفرق بال کٹے ہوئے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے مَا عِنْدَهُ قَزَعَة: یعنی اس کے پاس کچھ کپڑا نہیں۔

الْقُزْعَة والقَزِيْعَة: بالوں کا گچھا جو بچے کے سر پر چھوڑ دیا جائے۔ سر کے درمیان میں تھوڑے سے بال۔

قَوْسُ قَزِيْع: بمعنی قوس قزح۔

الْقِزَاع: چیتھڑے کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي السَّمَاءِ قِزَاعٌ" یعنی آسمان میں تھوڑا سا بھی بادل نہیں۔

الاَقْزَع مِنَ الكِبَاش: مینڈھا جس کے بال موسم بہار میں کہیں سے گر گئے ہوں کہیں سے باقی رہ گئے ہوں۔

المُقَزَّع: تیز ہلکا پھلکا۔ وہ شخص جس کے سر پر کچھ تھوڑے سے بال ہوں۔ بشارت کیلئے مخصوص کیا ہوا...... مِنَ الخَيْلِ: پیشانی پر کم بال والا گھوڑا۔ رَجُلٌ مُقَزَّع: وہ شخص جس کا مال برباد ہو جائے اور صرف چھوٹے اونٹ رہ جائیں۔

المُقْزَعِلُّ: تیز رو۔

قَزَلَ (ض) قَزْلًا وقَزَلَانًا: کودنا۔ لنگڑے کی چال چلنا۔

قَزِلَ (س) قَزَلًا: لنگڑا ہونا۔ صفت اَقْزَل (قزل: بدترین لنگڑاہٹ ہے)

الاَقْزَل: بھیڑیا۔ باریک پنڈلی والا۔ ایک قسم کا سانپ۔

قَزَمَهُ (ض) قَزْمًا: عیب لگانا۔

قَزِمَ (س) قَزَمًا: کمینہ ہونا۔ لئیم ہونا۔

تَقَزَّمَ: کاموں میں زبردستی داخل ہونا۔

القَزَم: مص۔ کمینگی۔ لئیمی۔ کوتاہی۔ ردی مال۔ حقیر لوگ (واحد جمع مذکر مؤنث) کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ قَوْمٌ قَزَمٌ مَا فِيْهِمْ كَرَمٌ" یہ لوگ کمینہ ہیں ان میں کرم نہیں اور کبھی تثنیہ اور جمع مؤنث استعمال کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَزَمٌ وَرَجُلَانِ قَزَمَانِ وَامْرَاَةٌ قَزَمَةٌ وَرِجَالٌ قُزُمٌ وَاَقْزَامٌ وَقَزَامٰی وَنِسَاءٌ قَزَمَاتٌ"

القَزْم والقَزَم والقَزِم والقُزْم: لئیم اور دنی مرد۔ مؤنث قَزْمَةٌ وقَزَمَةٌ وقَزِمَةٌ وقُزْمَةٌ۔

القَزِم والقَزَم: چھوٹے جسم والا بے خیر۔ ج قُزُم واَقْزَام اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَزَمَةٌ وامْرَاَةٌ قَزَمَةٌ: چھوٹے جسم کا مرد۔ چھوٹے جسم کی عورت۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔

القِزَام: لئیم لوگ۔

القُزَام: جس پر کوئی غالب نہ آئے۔ جلدی کی موت۔

سُؤْدَدُ القَزَم: سرداری جو خاندانی نہ ہو۔

القَزْمَل: کوتاہ قامت بدصورت۔

قَزَا يَقْزُوْ قَزْوًا. الاَرْضَ بِعَصَاهُ: زمین کو لاٹھی سے کریدنا...... الرَّجُلُ: عیب سے دور رہنا۔ قُزَة (ایک کھیل ہے) کھیلنا۔

الْقَزِيَ: بے حیائی کے بعد عیب دار ہونا۔

القُزَّة: سانپ۔ عربوں کا ایک کھیل ج قُزَات۔

قَزَىٰ الرَّجُلَ: پچھاڑنا اور قتل کرنا (یای ہے)

القِزْيُ: لقب کہا جاتا ہے "بِئْسَ القِزْيُ هٰذَا" یہ برا لقب ہے۔

قَسَّ (ن) قَسًّا وقِسًّا وقُسًّا: چغل خوری کرنا...... القَوْمَ: برے کلام سے تکلیف پہنچانا (...... قَسًّا) السَّيْرَ: دوڑنا...... مَا عَلَى العَظْمِ: ہڈی پر کا گوشت کھانا اور گودا نکالنا (وقَسَّ الاِبِلَ) اونٹوں کو اچھی طرح سے چرانا۔

قَسَّ وتَقَسَّسَ الشَّيْءَ: طلب کرنا اور ڈھونڈنا۔ کہا جاتا ہے "تَقَسَّسَ اَصْوَاتَهُمْ بِاللَّيْلِ" اس نے رات میں ان کی آواز پر کان لگایا۔

قَسَّ قُسُوْسَةً قِسِّيْسَةً: پادری ہونا۔

اِقْتَسَّ الاَسَدُ: شیر کا خوراک تلاش کرنا۔

...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا تنہا چرنا۔

القَسّ: پادری کاہن ج قُسُوْس: اونٹوں کا مالک جو ان سے جدا نہ ہو۔ پالا۔

القُسُس: عقلاء۔ ماہر۔

القُسَاس: سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ آرمینیا میں ایک پہاڑ ہے جس میں لوہے کی کان ہے اور اسی سے ہے السُّيُوْفُ القُسَاسِيَّةُ۔

القَسَّاس: چغل خور۔

القِسِّيْس: پادری ج قِسِّيْسُوْن وقُسَّان واَقِسَّة وقَسَاوِسَة۔

القَسِّيُّ مِنَ الدَّرَاهِمِ: ردی دراہم۔

القَسَّة: چھوٹا گاؤں۔

القُسُوْسَة والقِسِّيْسَة: قسیس کا درجہ۔

قَسَبَ (ض) قَسْبًا المَاءُ: پانی جاری ہونا۔

...... الشَّمْسُ: آفتاب غروب ہونے لگنا۔

قَسُبَ (ک) قُسُوْبًا وقُسُوْبَةً الشَّيْءُ:

سخت ہونا۔
القَسْبُ : مص۔ بہت سخت۔ خشک کھجور جو منہ میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ واحد قَسْبَة.
القَسَابَة: ردی قسم کی کھجور۔
القَسُوْب : چمڑے کا موزہ۔ القَسُّوْب: چمڑے کے موزے (اس کا واحد نہیں)
القَسْبُ والقِسْيَبُ : ہر ایک لمبی اور مضبوط چیز۔
قَسِيْبُ المَاءِ : پانی کا بہاؤ آواز کے ساتھ۔
قَسْبَرَ قَسْبَرَةً : جماع کرنا۔
قَسَحَ (ف) قَسَاحَةً وقُسُوْحَةً : سخت ہونا ......الحَبلَ: رسّی بٹنا۔
قَاسَحَهُ : سختی کے ساتھ معاملہ کرنا۔
القَاسِح والقُسَاح والمَقْسُوْح : سخت اور موٹا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ قَاسِحٌ" موٹا کپڑا "رُمْحٌ قَاسِحٌ" ٹھوس مضبوط نیزہ۔
قَسَرَهُ (ض) قَسْرًا واقْتَسَرَهُ عَلَى الأَمْرِ: مجبور کرنا۔
قَسْوَرَ الرَّجُلُ : عمر رسیدہ ہونا......النَّبتُ : بکثرت ہونا۔
القَسْوَر والقَسْوَرَة : غالب۔ شیر۔ بہادر۔ قوی لڑکا ج قَسَاوِر وقَسَاوِرَة.
القَسْوَرَة : رات کا بڑا حصہ۔ ایک میدانی نباتات ج قَسْوَر.
القَسْوَرَة: تیر چلانے والا۔ شکاریوں کی جماعت۔
قَسَطَ (ض) قَسْطًا وقُسُوْطًا : ظلم کرنا۔ حق سے ہٹ جانا۔ صفت قَاسِطٌ ج قُسَّاط وقَاسِطُوْن.
قَسَطَ (ن ض) قِسْطًا وأَقْسَطَ الوَالِي : منصف ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَقْسَطَ فِي حُكْمِهِ وأَقْسَطَ بَيْنَهُمْ وإِلَيْهِم" فیصلہ میں انصاف کیا۔ ان کے درمیان انصاف کیا۔
أَقْسَطَتِ الرِّيحُ العِيْدَان : ہوا کا لکڑیوں کو خشک کر دینا۔

قَسِطَت (س) قَسَطًا العُنُقُ : گردن خشک ہونا......الدَّابَّةُ: سیدھی ٹانگوں والا ہونا (...... قُسُوْطًا) العِظَامُ : لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا خشک ہونا۔
قَسَّطَ الشَّيْءَ : جدا جدا کرنا......الأَغْرَاسَ: پودوں کے درمیان برابر فاصلہ کرنا ...... الدَّيْنَ: قرض کی قسط مقرر کر دینا۔ کہا جاتا ہے قَسَّطَ الخَرَاجَ عَلَيْهِم والمَالَ بَيْنَهُمْ : یعنی خراج کا ان کے اوپر قسط مقرر کر دیا اور مال ان کے درمیان تقسیم کر دیا۔
قَسَّطَ عَلَى عِيَالِهِ : اہل و عیال پر تنگی کرنا۔
اِقْتَسَطُوا المَالَ بَيْنَهُمْ : تقسیم کرنا۔
تَقَسَّطَ القَوْمُ الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ : برابر برابر تقسیم کرنا۔
القِسْط : انصاف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قِسْطٌ" وہ عادل ہے "هُمْ قِسْطٌ" وہ لوگ عادل ہیں۔ حصہ۔ مقدار۔ میزان۔ ترازو۔ پیمانہ نصف صاع کا۔ روزی۔ قسط مقرر کئے ہوئے قرض کا ایک حصہ ج أَقْسَاط.
القُسْط : عود ہندی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُسْطُ الرِّجْلِ وقَسِطُهَا" جبکہ پاؤں سخت اور سیدھے ہوں کہ چلنے میں مڑتے نہ ہوں۔
القَسَط : مص۔ اعضاء کی سختی یا خشکی۔
الأَقْسَط : خشک شدہ گردن والا۔ مؤنث قَسْطَاء ج قُسْط. رِجْلٌ قَسْطَاء : ٹیڑھا پیر۔
عُنُقٌ قَسْطَاء : خشک گردن۔ رُكْبَةٌ قَسْطَاء: خشک شدہ زانو جو مڑ نہ سکے۔ ج قِسَاط.
القَسْطَان: غبار۔
القُسْطَان والقُسْطَانَة والقُسْطَانِيّ والقُسْطَانِيَّة : قوسِ قزح۔ دھنک۔
المُقْسِط : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اور معنی اس کے عادل کے ہیں۔
قَسْطَرَ الدَّرَاهِمَ : دراہم کو پرکھنا۔
القَسْطَر والقَسْطَار : مردِ دانا و دوربیں۔
القَسْطَرِيُّ : دراہم کو پرکھنے والا [illegible]

دوربیں۔ بڑے ڈیل ڈول کا۔ ج قَسَاطِرَة.
القُسْطَاس والقِسْطَاس : ترازو (جدید)
القَسْطَل والقَسْطَال والقُسْطُوْل والقَسْطَلَان : میدانِ جنگ کا گرد و غبار۔ ج قَسَاطِل. أُمُّ قَسْطَل : مصیبت۔ موت۔
نَهْرٌ قَسْطَالٌ : بہنے میں شور کرنے والا دریا۔
القَسْطَلَة : اونٹ کی بڑبڑاہٹ۔
قَسْطَلَةُ المَاءِ : پانی بہنے کی آواز قَسَاطِلُ الخَيْلِ: گھوڑوں کی آوازیں۔
القَسْطَلَانِيَّة : شفق کی سرخی۔ غبار کی کثرت (...... والقَسْطَلَانِي) قوسِ قزح۔ دھنک۔
قَسْقَسَ قَسْقَسَةً : چرواہا ہونا۔ قَسْقَسَ الشَّيْءَ: ہلانا۔ قَسْقَسَ بِالكَلْبِ : کتے کو قوس قوس کہہ کے بلانا۔
قَسَمَ (ض) قَسْمًا الشَّيْءَ : بانٹنا۔ تجزیہ کرنا۔
......الدَّهْرُ القَوْمَ : متفرق کرنا......فُلَانٌ أَمْرَهُ : اندازہ کرنا......بَيْنَ النِّسَاءِ : بیویوں کی باری کی حفاظت کرنا۔
قَسُمَ (ک) قَسَامَةً الغُلَامُ : لڑکے کا خوبصورت ہونا۔
قَسِيْمٌ : فا۔ خوبصورت۔
مَجْلِسُ لَبَنٍ: فیصلے کی مجلس۔ اللِّبنة واللَّبِنَة: دودھ والی۔

اللَّبَان: سینہ یا دونوں پستان کا درمیان اور اکثر استعمال گھوڑے وغیرہ کے سینے کے لئے ہوتا ہے۔

اللِّبَان: دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَخُوهُ بِلِبَانِ اُمِّهٖ اور بِلَبَنِ اُمِّهٖ: نہیں کہا جاتا ہے۔

اللُّبَان: صنوبر۔ کندر۔ ایک قسم کا گوند جو دھونی کے کام آتا ہے۔

اللُّبَانَة: حاجت۔ ضرورت۔ ج لُبَانَات ولُبَان۔

لُبْنَان: ملک شام کا ایک پہاڑ جس کی چوٹی پر ہمیشہ برف رہتی ہے۔

اللَّابِن: فا۔ دودھ والا۔ زیادہ دودھ والا۔ دودھ پلانے اولا۔ مؤنث لَابِنَة ج لَابِنَات لَوَابِن۔ اللَّوَابِن: تھن۔

اللَّبُوْن واللَّبُوْنَة: دودھ والی۔ ج لِبَان ولِبْن ولُبْن ولُبُن ولَبَائِن: کہا جاتا ہے "كَمْ لُبْنُ غَنَمِكَ" تمہاری بکریوں میں کتنی دودھ والی ہیں۔

اللَّبِيْن: دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھار۔ مؤنث لَبِيْنَة: کرتے کی کلی۔

اللُّبْنٰى: ایک درخت ہے جس سے شہد کی [illegible] دودھ [illegible] ہے اور کبھی اس سے دھونی کا کام لیا جاتا ہے۔ عَسَلُ اللُّبْنٰى لُبْنٰى: درخت کا دودھ۔

[illegible] والمُلَبِّن: اینٹیں بنانے والا۔

المَلْبَنَة والمَلْبِنَة: بھوی دودھ شہد سے بنا ہوا حریرہ۔

المِلْبَن: دودھ صاف کرنے کا چھنا۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ اینٹ بنانے کا سانچہ۔ کچی اینٹوں کو جس میں رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائیں۔

المَلْبُوْن: دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھ پینے سے جس کو نشہ جیسا ہو۔

المِلْبَنَة: چمچہ۔

عُشْبٌ مَلْبَنَةٌ: زیادہ دودھ والی گھاس۔

اللَّبْوَة واللَّبُوَة: شیرنی اس کو لَبُؤَة اور لَبَاءَة اور لَبَاة بھی کہا جاتا ہے (لَبَأ کے مادہ میں ذکر ہوچکا ہے)

لَبِيَ يَلْبٰى لَبًا مِنَ الطَّعَامِ: بہت کھانا۔

لَبّٰى تَلْبِيَةً الرَّجُلَ: جواب دینا۔ لبیک کہنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمُ الْمُلَبِّيَة" ان کے درمیان ایسی موافقت ہے کہ ان میں سے کوئی اپنے راز کو دوسرے سے نہیں چھپاتا۔

لَتَّ (ن) لَتًّا۔ الشیٔ: کوٹنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ پیسنا۔ باندھنا...... السَّوِيْق: ستو کو پانی سے تر کرنا۔ گھی ملانا...... المَاءُ الثِّيَابَ وغيرَها: تر کرنا۔ صفت لَاتّ۔

لُتَّ فُلَانٌ بِفُلَانٍ: چمٹنا۔

اَلَتَّ الطَّائِرُ: پرندہ کا اپنے سر کو پروں میں چھپانا۔

اللَّاتّ واللَّاتُ: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

اللُّتُّ: مصر کلہاڑی۔ بڑا کلہاڑا۔

اللُّتَات: درخت کی چھال جو باریک کی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَبْقٰى مِنِّي الْمَرَضُ اِلَّا لُتَاتًا" مرض نے مجھ میں سوائے خشک کھال کے کچھ نہیں چھوڑا۔

لَتَأَ (ف) لَتْأً فُلَانًا فِي صَدْرِهٖ: دھکا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَتَأَتْ بِهٖ اُمُّهُ" اس کی ماں نے اس کو جنا...... بِالْحَجَرِ: پتھر مارنا۔ لَتَأَ اِلَيْهِ بِعَيْنِهٖ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا...... الشیٔ: کم کرنا...... الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔ لَتًا: گوز کرنا۔

اللَّتِيْ: ہمیشہ اپنی جگہ پر رہنے والا۔

لَتَبَ (ن) لَتْبًا ولُتُوْبًا بِهٖ: چپکنا...... فِيْهِ: ثابت رہنا...... فِي مَنْحَرِ النَّاقَةِ: بھالا مارنا (...... ولَتَّبَ) السَّرْجَ عَلَى الْفَرَسِ: زین کسنا اور کہا جاتا ہے "لَتَبَ عَلَيْهِ ثَوْبَهٗ" جب کہ کپڑا پہنے اور اتارنا نہ چاہے۔

اَلْتَبَ عَلَيْهِ الْاَمْرَ: واجب کرنا۔

تَلَاتَبَ الْقَوْمُ: قوم کا باہم ملنا...... بِالرِّمَاحِ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

اِلْتَتَبَ الثَّوْبَ: کپڑا پہننا۔

اللَّاتِب: چپکنے والا۔ ثابت رہنے والا۔

المِلْتَب: ہمیشہ گھر میں رہنے والا۔ گوشہ نشین۔

المَلَاتِب: پرانے کپڑے۔

لَتَحَهُ (ف) لَتْحًا: کنکری مار کر چہرہ یا جسم کو زخمی کرنا...... هُ بِبَصَرِهٖ: نگاہ ڈالنا...... فُلَانًا: سب کچھ لے لینا کچھ باقی نہ چھوڑنا...... اَلْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔ لَتَحَهُ بِيَدِهٖ: ہاتھ سے مارنا۔

لَتِحَ (س) لَتَحًا: بھوکا ہونا۔ صفت لَتْحَان: مؤنث لَتْحٰى۔

رَجُلٌ لَتِحٌ ولَاتِحٌ ولَتَّاحٌ ولُتَحَةٌ: چالاک عقل مند ج لِتَاح کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْتَحُ شِعْرًا مِنْهُ" وہ بہ نسبت اس کے معانی پر زیادہ قابو یافتہ ہے۔

لَتَخَهُ (ف) لَتْخًا: آلودہ کرنا...... الشیٔ: پھاڑنا۔

تَلَتَّخَ بِالشَّیْءِ: آلودہ ہونا۔

لَتَدَ (ض ن) لَتْدًا فُلَانًا بِيَدِهٖ: مکا مارنا۔

لَتَزَهُ (ض ن) لَتْزًا: مکا مار کر دفع کرنا۔

لَتَغَ (ف) لَتْغًا فُلَانًا: ڈسنا...... هُ بِيَدِهٖ: ہاتھ سے مارنا۔

اللَّثْلَثَة: جھوٹی قسم۔

اَلـلَّثْلَثَة: بے فائدہ کلام۔ کم قیمت کاموں میں مشغول ہونا۔ اس کا باپ: لَثْلَثَ فَهُوَ لَثْلَاثٌ وَهِيَ لَثْلَاثَة۔

لَثَمَهٗ (ن ض) لَثْمًا: مارنا۔ نتھنے پر نیزہ مارنا۔ لَثَم السَّهْم: تیر پھینکنا...... هٗ بِسَهْمٍ: تیر مارنا...... فُلَانٌ بِشَفْرَتِهٖ فِيْ لَبَّةِ بَعِيْرِهٖ: اُونٹ کے لیبے پر چھری چلانا۔ لَثَمَتِ الْحِجَارَةُ رِجْلَ الْمَاشِيْ: پتھروں کا چلنے والے کے پیر کو زخمی کرنا۔

اللَّثْم: زخم۔

اَللَّاتِيْنِيْ ج لَاتِيْنُوْن وَلَاتِيْن: مؤنث لَاتِيْنِيَّة لَاتِيْنُوم: کی طرف نسبت یہ اٹلی کا مقام مشہور ہے۔ کہا جاتا ہے شعب لاتینی ولغة لاتینة.

اللَّثِن: میٹھا۔

اللَّثْنَة: سیپی۔

اَلَّتِيْ وَالَّتِ وَالَّتْ. الَّذِيْ: کا مؤنث ج اللَّاتِيْ واللَاتِ واللَّوَاتِيْ واللَّوَاتِ واللَّوَا واللَّاىِٔ واللَّاءِ واللَّاءَات اور تثنیہ کے لئے اللَّتَان واللَّتَانّ: تشدید نون کے ساتھ۔ واللَّتَا: بغیر نون کے حالت رفعی میں واللَّتَيْ: حالت نصبی وجری میں۔

اَللُّتَيَّا واللُّتَيَّا. اَلَّتِيْ: کی تصغیر اور تثنیہ کی صورت میں اللُّتَيَّان واللُّتَيَّان اور جمع کے لئے اللُّتَيَّات واللُّتَيَّات: کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي اللُّتَيَّا وَالَّتِيْ" یعنی بڑی بڑی مختلف مصیبتوں میں پڑ گیا۔ "وَبَعْدَ اللُّتَيَّا وَالَّتِيْ صَارَ كَذَا" یعنی بہت جھگڑوں کے بعد ایسا ہوا۔

لَثَّ (ن) لَثًّا وَأَلَثَّ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا...... اَلْمَطَرُ: چند روز تک برسنا...... عَلَيْهِ: اصرار کرنا و لَثَّ الشَّجَرُ: درخت کو تری پہنچنا۔

اللَّثّ: مص۔ تری۔

لَثَأَ (ف) لَثْأً الْكَلْبُ: کتے کا منہ ڈالنا۔

اللَّثَأ: وہ چیز جو درخت سے ٹپکے یا بہے۔

لَثَدَ (ض) لَثْدًا. اَلْمَتَاعَ: سامان تہ بہ تہ رکھنا۔

اللِّثْدَة: جماعت جو مقیم ہو اور کوچ نہ کرے۔

لَثَطَ (ض) لَثْطًا فُلَانًا: آہستہ آہستہ مارنا۔ هٗ: آہستہ سے پھینکنا۔ آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔

اللُّثَغَة: دانت کی جڑوں سے ہونٹ کا ملا ہوا حصہ۔

اللَّثْغ: ہکلا۔ مؤنث لَثْغَاء ج لُثْغ۔

لَثِغَ (س) لَثَغًا وَلَثَاغَةً: ہکلا پن ہونا۔ صفت اَلْثَغ مؤنث لَثْغَاء ج لُثْغ۔

اللُّثْغَة: سین کی جگہ میں ثاء۔ راء کی جگہ میں غین یا لام وغیرہ بولنا۔ ہکلا پن۔

اللَّثَغَة: منہ۔

لَثِقَ (س) لَثَقًا الْيَوْمُ: بند ہوا والا۔ اور نمناک ہونا...... اَلْمُسَافِرُ: کیچڑ میں پڑنا...... ثِيَابُهٗ: کپڑوں کا تر ہونا...... الطَّائِرُ: پروں کا تر ہونا۔ صفت لَثِق۔

لَثَّقَ الشَّيْءَ: خراب کرنا۔ فاسد کرنا۔ تباہ کرنا۔

اَلْثَقَ الشَّيْءَ: تر کرنا۔

اِلْتَثَقَ وَتَلَثَّقَ: تر ہونا۔

اللَّثَق: تری۔ کیچڑ۔ گارا۔ کہا جاتا ہے "مَشَيْنَا فِيْ لَثَقٍ" ہم کیچڑ میں چلے۔

اللَّثِق: چپکنے والی مٹی "يَوْمٌ لَثِقٌ" بند ہوا اور نمناک دن۔

لَثْلَثَ الْمَطَرُ: بارش کا چند دن تک برسنا...... الرَّجُلُ: کمزور ہونا...... عَلٰى فُلَانٍ: اصرار کرنا...... هٗ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا...... هٗ فِي التُّرَابِ: لوٹ لگوانا۔ لَثْلَثَ الْبَعِيْرَ: اونٹ کو تھکانا...... كَلَامَهٗ: صاف نہ کہنا اور کہا جاتا ہے "لَثْلِثُوْا بِنَا" ہمیں تھوڑا سا آرام لینے دو...... وتَلَثْلَثَ فِي الْأَمْرِ: تردد کرنا۔ دیر کرنا...... بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ تَلَثْلَثَ فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹ لگانا...... الْغَيْمُ وَالسَّحَابُ: بادلوں کا آنا

اللَّثْلَثُ واللَّثْلَاثُ واللَّثْلَاثَة والثَّلْثَلِث: ہر معاملے میں دیر کرنے والا جب بھی تمہیں گمان ہو کہ تمہاری حاجت پوری کرے گا تو کاہلی کرجائے۔

لَثَمَ (ض) ولَثِمَ (س) لَثْمًا الْفَمَ اوالوَجْهَ: بوسہ لینا۔

لَثَمَ (ض) لَثْمًا أَنْفَهٗ: ناک پر مکا مارنا...... اَلْحِجَارَةُ خُفَّ الْبَعِيْرِ: ٹھوکر لگنا اور خون آلود کر دینا...... الْبَعِيْرُ الْحِجَارَةَ بِخُفِّهٖ: ٹھوکر سے توڑ دینا۔

لَثَّمَ ولَثِمَ ولَثَّمَ وتَلَثَّمَ والْتَثَمَ الرَّجُلُ: ڈھاٹا باندھنا۔

لَاثَمَهٗ: بوسہ لینا۔

تَلَاثُمًا: ایک دوسرے کا بوسہ لینا۔

اللَّثْم: مص۔ ناک اور اس کا ماحول۔

اللَّاثِم: فا۔ ج لُثَّم۔

اللِّثْمَة: بوسہ لینے کی ہیئت۔

اللَّثْمَة. لَثَمَ: کا اسم مرۃ۔ بوسہ۔

اللِّثَام: ڈھاٹا۔ کپڑا جو ناک اور اس کے ارد گرد لپیٹا جائے۔ نقاب۔ ج لُثُم۔

لَثِيَ يَلْثَى لَثًى: تھوڑا پانی پینا۔ اَلْقِدْرُ: ہانڈی کو خوب چاٹنا...... وَأَلْثَى شَجَرُ السَّمُرِ: نمناک ہونا اور گوند بہنا۔ لَثِيَتِ الْيَمِيْنُ طِيْنٍ وَنَحْوِهٖ: ہاتھ کا لت پت ہونا۔ دودھ کی چکناہٹ سے چکنا ہونا۔ لَثِيَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پسینہ سے تر ہونا اور میلا ہونا۔

اَلْثَتِ الشَّجَرَةُ مَا حَوْلَهَا: نمناک کرنا۔

تَلَثَّى والْتَثَى: گوند نکالنا۔ تَلَثَّى الشَّجَرُ: گوند بہنا۔

اللَّثْيُ: مص۔ گوند۔ دودھ کی چکناہٹ۔ تری۔ لَثَى الثَّوْبِ: کپڑے کا میل۔

اللِّثَة: مسوڑھا۔ ج لِثًى ولِثَات ولُثِيّ۔

اللَّثِي: نمناک۔ ثوب لَثٍ: پسینہ سے تر اور میلا۔

اللَّثِيُّ: گوند کھانے کا حریص۔

اللَّثَاة: حلق کا کوا۔ ایک درخت کا نام۔

الحُرُوف اللَّثَوِيَّة: ثاء۔ ذال۔ ظا۔

لَجَّ (ضَ سَ) لَجَجًا ولَجَاجًا ولَجَاجَةً: سخت جھگڑا کرنا۔ دشمنی میں مداومت کرنا ...... فِي الْأَمْرِ: لازم ہونا اور باز رہنے سے انکار کرنا ...... بِهِ الْهَمُّ وَنَحْوُهُ: لازم رہنا ...... عَلٰى فُلَانٍ فِي الْمَسْأَلَةِ: اصرار کرنا اور جلدی فیصلہ کی خواہش کرنا۔

لَجَّجَ والَجَّ الْقَوْمُ: قوم کا پانی کے گہرے حصے میں داخل ہونا۔ لَجَّجَتِ السَّفِينَةُ: کشتی کا پانی کے گہرے میں چلنا۔ اَلَجَّتِ الْإِبِلُ: اُونٹ کا بڑبڑانا۔

لَاجَّ. خَصْمَهُ: جھگڑے میں مداومت کرنا۔

تَلَجَّجَ واسْتَلَجَّ مَتَاعَ فُلَانٍ: کسی کے سامان پر دعوی کرنا۔ اِسْتَلَجَّ بِيَمِينِهِ: اصرار کرنا اور یہ گمان کرتے ہوئے کہ صادق ہے کفارہ ادا نہ کرنا۔

اِلْتَجَّ الْبَحْرُ: سمندر کا متلاطم ہونا ...... الْأَرْضُ بِالسَّرَابِ: موج جیسا ہونا ...... الْأَمْرُ او الْمَوْجُ: معاملہ کا یا موج کا بڑا ہونا ...... الظَّلَامُ: اندھیرے کا گھٹا ٹوپ ہونا۔

اِلْتَجَّتِ الْأَرْضُ: زیادہ اور لمبی نباتات والی ہونا ...... الْأَصْوَاتُ: آوازوں کا مخلوط ہونا۔

اللُّجُّ: پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ وادی کا کنارہ۔ تلوار۔ پہاڑ میں سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَدْهَمُ لُجٌّ" بہت سیاہ گھوڑا۔

اللُّجَّةُ: پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ چاندی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لُجَّةٌ وَاسِعَةٌ" فلاں کشادگی میں سمندر کے مشابہ ہے۔ ج لُجٌّ ولُجَجٌ ولِجَاجٌ واللُّجَّةُ: آئینہ۔

اللُّجِّيُّ لُجٌّ کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ لُجِّيٌّ" یعنی بحر بے پایاں، نا اتھاہ سمندر۔

اللَّجَّةُ. لَجَّ: کا اسم مرۃ۔ شور۔

اللَّاجُّ واللَّجُوجُ واللَّجُوجَةُ واللَّجَجَةُ والمِلْجَاجُ: سخت جھگڑالو۔

المُلْتَجَّةُ: بہت سیاہ آنکھ۔ بہت سبزہ زار زمین۔

لَجَأَ (فَ) لَجَأً ولُجُوءًا ولَجِيَ (سَ) لَجَأً والْتَجَأَ إِلَى الْحِصْنِ وَغَيْرِهِ: قلعہ وغیرہ کی پناہ لینا۔

لَجَّأَ تَلْجِئَةً. فُلَانًا مَالَهُ: بعض ورثاء کے لئے خاص کر دینا ...... وأَلْجَأَ فُلَانًا: مضطر کرنا۔ مجبور کرنا۔ اَلْجَأَهُ: بچانا۔ اَلْجَأَ اَمْرَهُ إِلَى اللّٰهِ: سپرد کرنا۔

تَلَجَّأَ إِلَيْهِ: سہارا لینا ...... مِنَ الْقَوْمِ: قوم سے علیحدہ ہونا اور دوسروں کا سہارا لینا۔

اللَّجَأُ: مص۔ قلعہ۔ جائے پناہ۔ ج اَلْجَاءٌ: وارث۔ بیوی۔ کچھوے کی ایک قسم جو خشکی اور تری دونوں میں رہتا ہے واحد اس کا لَجَاةٌ ہے۔

التَّلْجِئَةُ: مص ...... عِنْدَ الْفُقَهَاءِ: کسی ایسے فعل کے کرنے پر مجبور کرنا جس کا ظاہر باطن کے خلاف ہو۔

اَللُّجَائَةُ: ایک پہاڑی پودا جس کے پھول بطور سبزی استعمال ہوتے ہیں۔

الْمَلْجَأُ: جائے پناہ۔ قلعہ۔ پناہ لینا۔ ج مَلَاجِئُ۔

لَجِبَ (سَ) لَجَبًا الْبَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا ...... الْقَوْمُ: شور مچانا۔

لَجُبَتْ (سَ) لُجُوبَةً ولَجَبَتِ الشَّاةُ: کم دودھ والی ہونا۔ زیادہ دودھ والی ہونا۔

لَجَّبَهُ بِالسَّيْفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اللَّجَبُ: مص۔ گھوڑے کی ہنہناہٹ۔ بہادروں کا شور۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ ذُولَجَبٍ" شور مچانے والا سمندر۔

اللَّجِبُ: شور مچانے والا۔ سخت شور مچانے والا۔ کہا جاتا ہے "جَيْشٌ لَجِبٌ" شور مچانے والی فوج۔

اللَّجْبَةُ واللِّجْبَةُ واللُّجْبَةُ واللَّجَبَةُ والَجِبَةُ واللَّجِبَةُ: کم دودھ والی بکری۔ زیادہ دودھ والی بکری۔ ج لِجَابٌ ولَجَبَاتٌ۔

الْمِلْجَابُ: تیر کہ جس میں پر لگا دیئے گئے ہوں اور پیکان نہ ہو۔

لَجَذَ (نَ) ولَجِذَ (سَ) لَجْذًا ولَجَذًا. الْكَلْبُ الْإِنَاءَ: کتے کا برتن کو اندر سے چاٹنا ...... لَجَذَ الرَّجُلُ: کھانا۔ ایک دفعہ دیئے جانے کے بعد زیادہ سوال کرنا ...... الْحِمَارُ: گدھے کا پہلی مرتبہ چرنا ...... الْمَاشِيَةُ الْكَلَأَ: جانور کا گھاس کو دانتوں کے اطراف سے کھانا ...... مِنَ الشَّيْءِ: تھوڑا سا لینا ...... فُلَانًا: برانگیختہ کرنا۔ تم کہتے ہو "لَجَذَنِي عَلٰى كَذَا" اس نے مجھ کو فلاں کام پر برانگیختہ کیا۔

لَجَفَهُ (نَ) لَجْفًا: سخت مارنا۔

لَجِفَتْ (سَ) لَجَفًا الْبِئْرُ: کنواں وسیع و کشادہ ہونا۔ صفت لَجْفَاءُ۔

لَجَّفَ الْبِئْرَ: کنوئیں کو وسیع کرنا ...... الشَّيْءَ: جوانب سے کشادہ کرنا۔

تَلَجَّفَ الْبِئْرَ: جوانب سے کھودنا۔ تَلَجَّفَتْ والْتَجَفَتِ الْبِئْرُ: جوانب سے کھدا ہوا ہونا۔ کنوئیں کا گرنا۔ منہدم ہونا۔ تَلَجَّفَ الْوَحْشُ الْكِنَاسَ: وحشی جانور کا ہرن کی جھاڑی کے اردگرد کھودنا۔

اللَّجَفُ: مص۔ کنوئیں کے جوانب میں کھدائی۔ کنوئیں کی تہ کا وہ حصہ جس کو پانی گرا دے۔ سیلاب کے بند ہونے کی جگہ۔ وسط وادی۔ ج اَلْجَافٌ۔

اللِّجَافُ: پہاڑ میں غار کے اوپر بڑھا ہوا حصہ۔ دروازے کی چوکھٹ۔ ج اَلْجِفَةٌ ولُجُفٌ۔

اللَّجِيفَةُ: دروازے کے پہلو۔

بِئْرٌ مُلْتَجِفَةٌ: منہدم کنواں۔

لَجْلَجَ لَجْلَجَةً وتَلَجْلَجَ: ہکلانا ...... فِي صَدْرِهِ شَيْءٌ: کھٹکنا۔ لَجْلَجَ اللُّقْمَةَ فِي فِيهِ: بغیر چبانے کے منہ میں پھرانا۔ تَلَجْلَجَ بِالشَّيْءِ: سبقت کرنا اور کہا جاتا ہے "تَلَجْلَجَ دَارَهُ مِنْهُ" یعنی اس نے اس کے گھر کو لے لیا۔

اللَّجْلَاجُ: توتلا۔ ہکلا۔

لَجَمَ (نَ) لَجْمًا الثَّوْبَ: کپڑا سینا۔

اَلْجَمَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو لگام لگانا۔
اَلْقِدْرَ: دیگ کے کڑے میں لکڑی لگا کر اٹھانا۔ النَّاقَةَ: لگام سے داغ لگانا ......هٗ عَنْ حَاجَتِهٖ: روکنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَأَلْجَمَهٗ وَأَلْمَقَمَهُ الْحَجَرَ" اس نے گفتگو کی تو میں نے اس سے بند کر دیا۔
اَلْجَمَ وَالْجَمَ الْمَاءُ فُلَانًا: پانی کا منہ تک پہنچنا۔
اِلْتَجَمَتِ الدَّابَّةُ: لگام لگنا۔
اِسْتَلْجَمَ فُلَانًا الْفَرَسَ: لگام لگانے کو کہنا۔
اَللَّجَم: زمین نہ پست نہ بلند۔ ج اَلْجَام۔ (...... واللجم واللجم) گرگٹ۔ مینڈکیں۔ جانور جس سے بدفالی لیں۔
اللُّجُم: فضاء آسمانی۔
اللِّجَام: لگام۔ ج لُجُم ولُجُم والْجِمَة: اونٹوں کا نشان اور کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ وَقَدْ لَفَظَ لِجَامَهٗ" یعنی فلاں شخص اپنی حاجت سے تھک کر واپس ہوا اور عرب کے امثال میں سے ہے "اَتْبِعِ الْفَرَسَ لِجَامَهَا" بھلائی کو پورے طریقے سے کرنے کے لئے کہنے کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔
اللَّجَّام: لگامیں بنانے والا۔
اللُّجَام: جس سے بدشگونی لی جائے۔
اللَّجْمَةُ والمُلْجَم: لگام دینے کی جگہ۔
اللَّجَمَةُ: لَجَم کا واحد۔ زمین کے لئے علم۔ لَجَمَةُ الْوَادِي: کنارۂ وادی۔
اللُّجْمه: مسطح پہاڑ۔ زمین کے لئے علم لُجْمَةُ الْوَادِي: وادی کا کنارہ۔
المِكْيَال المُلْجَم: ڈھائی صاع کا پیمانہ۔
لَجَنَ (ن) لَجْنًا ولَجَّنَ وَرَقَ الشَّجَرَ وَنَحْوَهٗ: پتوں کو کوٹ کر آٹا جو ملا کے چارہ تیار کرنا۔
لَجَنَ (ن) لُجُونًا ولِجَانًا البَعِيرُ: اونٹ کا اڑیل ہونا ...... فِي الْمَشْيِ: آہستہ چلنا۔
لَجِنَ (س) لَجَنًا بِهٖ: چمٹنا۔
تَلَجَّنَ الشَّيْءُ: لیس دار ہونا ...... رَاْسُهٗ: میلا ہونا ...... الْقَوْمُ: پتے اور آٹا جو ملا کر چارہ

بنانا۔
اللَّجِن: میلا۔
اللَّجِيْن: کٹے ہوئے پتے اور آٹا یا جو ملا کر تیار کیا ہوا چارہ۔
اللَّجْنَة: جماعت۔ پارٹی۔
اللَّجُوْن مِنَ الْجِمَالِ وَالنُّوقِ: سست رفتار اونٹ یا اونٹنی۔
اللُّجَيْن: چاندی (تصغیر ہی کے وزن پر مستعمل ہے)
اللُّجَيْنِيَّة: دراہم (لُجَيْن کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے)
اِلْتَجَى اِلٰى غَيْرِ قَوْمِهٖ: غیر قوم کی طرف اپنے کو منسوب کرنا۔
لَحَتْ (ن ض) لَحًّا الْقَرَابَةُ بَيْنَنَا: رشتہ داری نزدیک ہونا۔
لَحِتْ (س) لَحًا ولَحَحًا الْعَيْنُ: کیچڑ سے پلکوں کا چپکنا۔
اَلَحَّ فِي السُّؤَالِ: سوال میں اصرار کرنا ...... السَّحَابُ بِالْمَطَرِ: بادل کا لگاتار برسنا ...... الْمَطِيُّ: سواری کا تھک کر دیر کرنا ...... الْقَتَبُ عَلٰى ظَهْرِ الدَّابَّةِ: پالان کا چوپایہ کی پیٹھ کو زخمی کرنا ...... الْجَمَلُ: اونٹ کا اڑیل ہونا۔
تَلَحَّحَ عَلَيْهِ: مثل اَلَحَّ عَلَيْهِ۔
اللَّحُّ: مص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ عَمِّي لَحًّا" وہ میرا قریبی چچازاد ہے اور لحا حالیت کی بنا پر منصوب ہے اس لئے کہ اس کا ماقبل معرفہ ہے اور نکرہ کی صورت میں تم کہو گے "هُوَ ابْنُ عَمٍّ لَحٍّ" جر کے ساتھ اس لئے کہ یہ عم کی صفت ہے اور ایسا ہی مؤنث اور تثنیہ اور جمع۔
اللَّاحُّ: فا۔ مَكَانٌ لَاحٌّ ولَحِحٌ: تنگ جگہ۔
المِلْحَاح: بہت اصرار کرنے والا۔ پالان جو پیٹھ کو زخمی کر دے۔ سَحَابٌ مِلْحَاحٌ: لگاتار برسنے والا بادل۔
لَحَبَ (ف) لَحْبًا الطَّرِيقَ: راستہ پر چلنا۔ ......

بِفُلَانٍ الْاَرْضَ: زمین پر پھینک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ هٗ بِالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا ......
اللَّحْمَ: گوشت کو لمبائی میں کاٹنا ...... اللَّحْمَ عَنِ الْعَظْمِ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا ...... الرَّجُلُ: سیدھا چلنا یا تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ يَلْحَبُ" (...... لُحُوْبًا) الطَّرِيقُ: راستہ کا واضح ہونا ...... ظَهْرُ الْفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا تھوڑی سی پستی کے ساتھ جھکنا ہونا ...... الْمَرْاَةَ: جماع کرنا۔
لَحِبَ (س) لَحَبًا الرَّجُلُ: بڑھاپے کی وجہ سے دبلا ہونا ...... لَحِبَ زَيْدٌ: لاغر ہونا۔
لَحَّبَ الشَّيْءَ: اثر کرنا۔ نشان چھوڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ...... فُلَانًا: ذلیل کرنا ...... هٗ بِالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا۔
اِلْتَحَبَ الطَّرِيقَ: راستہ پر چلنا۔
اللَّحْب: مص (...... واللاحب) کشادہ راستہ۔ کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ لَحْبٌ ولَاحِبٌ" کشادہ راستہ۔
اللَّحِيب: پیٹھ پر کم گوشت والی اونٹنی۔
المِلْحَب: بہت گالی بکنے والا بدزبان۔ کاٹنے یا چھیلنے کا اوزار۔ فصیح زبان۔
المَلْحُوب: مفع رَجُلٌ مَلْحُوبٌ: لاغر مرد۔ طَرِيقٌ مَلْحُوبٌ ومُلْحَبٌ: واضح راستہ۔
لَحَتَ (ف) لَحْتًا الْعَصَا: لاٹھی کو چھیلنا ...... فُلَانًا بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا ...... الرَّجُلَ: سب کچھ لے لینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "لَحَتُوكُمْ كَمَا يُلْحَتُ الْقَضِيبُ" انہوں نے تم سے مال وغیرہ لے کر تم کو ایسا ننگا کر دیا جس طرح شاخ چھیل دی جاتی ہے۔
اللَّحْت: مص۔ خالص۔
اللُّحَاتَة: اتاری ہوئی چھال۔
لَحَجَهٗ (ف) لَحْجًا: مارنا ...... هٗ بِعَيْنِهٖ: نظر بد لگانا۔ لَحَجَ اِلَيْهِ: پناہ لینا۔
لَحِجَ (س) لَحَجًا السَّيْفُ وَنَحْوُهٗ: تلوار کا میان میں چمٹ کر رہ جانا ...... بِالْمَكَانِ: لازم پکڑنا ...... الشَّيْءُ: تنگ ہونا۔

اللحج: تنگ ہونا۔ عین اللحج۔ لحجت عَیْنُهُ: کیچڑ والی آنکھ ہونا۔
لَحَجَ عَلَیْهِ الْخَبَرَ: غلط خبر دینا۔
اَلْحَجَهُ اِلَیْهِ: مجبور کرنا۔
اِلْتَحَجَ اِلَیْهِ: مائل ہونا.....اِلَیْهِ: مائل کرنا۔ مجبور کرنا۔
تَلَحَّجَ الْاَمْرَ عَلٰی فُلَانٍ: ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
اِسْتَلْحَجَ الْبَابُ: دروازہ کا بند ہونا۔
اللَّحْجُ: مص آنکھ کا گڑھا۔
اللُّحْجُ: آنکھ کا گڑھا۔ گھر کا گوشہ۔ کجاوہ۔ پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ۔ وادی کا گوشہ و کنارہ۔ ج اَلْحَاج۔ مکان لَحِجٌ: تنگ مکان۔
اللَّحَجُ: آنکھ کی کیچڑ۔
الْمُلْحَجُ والْمُلْتَحَجُ: جائے پناہ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِی النَّاسِ لَمُلْحَجًا" لوگوں میں جائے پناہ ہے قُفْل مُلْحَج: بند تالا۔
الْمَلَاحِجُ: تنگیاں۔
الْمَلَاجِیْجُ: پہاڑ کے تنگ راستے۔
لَحْوَجَ عَلَیْهِ الْاَمْرَ: ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
لَحَدَ (ف) لَحْدًا۔ اَلْمَیِّتَ: میت کو دفن کرنا.....اللَّحْدَ: کھودنا.....لِلْمَیِّتِ: بغلی قبر کھودنا.....السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: نشانہ سے خطا کرنا.....اِلٰی فُلَانٍ: مائل ہونا.....فِی الدِّیْنِ: بے دینی اختیار کرنا.....عَلٰی فِیْ شَهَادَتِهِ: گنہگار ہونا۔
اَلْحَدَ اِلْحَادًا۔ اَلْمَیِّتَ: مردہ کو دفن کرنا.....اللَّحْدَ: کھودنا.....لِلْمَیِّتِ: بغلی قبر کھودنا".....عَنِ الدِّیْنِ: دین سے ہٹنا۔ دین میں طعن کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ احکامِ خداوندی کو چھوڑنا اور ظلم کی طرف مائل ہونا اور اللہ کے بارے میں شک کرنا.....فِی الْحَرَمِ: محارم کو حلال سمجھنا اور بے عزتی کرنا.....السَّهْمُ الْهَدَفَ: نشانہ کے ایک جانب میں لگنا.....بِهِ: عیب لگانا اور باطل بات کرنا۔

لَاحَدَ مُلَاحَدَةً صَاحِبَهُ: ہر ایک کا ایک دوسرے سے کج برتنا۔
اِلْتَحَدَ عَنِ الدِّیْنِ: دین سے پھرنا.....اِلٰی کَذَا: مائل ہونا.....اِلٰی فُلَانٍ: پناہ لینا۔
الْمَلْحَدُ واللُّحْدُ: بغلی قبر۔ قبر۔ ج اَلْحَاد ولُحُوْد۔
الْاِلْحَادُ۔ اَلْحَدَ: کا مصدر۔ کفر۔ بے دینی۔
اللَّحُوْدُ: مائل ہونے والا۔
اللَّاحِدُ: فا۔ گورکن۔ کہا جاتا ہے "قَبْرٌ لَاحِدٌ ومَلْحُوْدٌ" بغلی قبر۔
الْمُلْحِدُ: فا۔ کافر۔ بے دین۔ ج مَلَاحِدَة ومُلْحِدُوْن الْمَلَاحِدَةُ: کافروں کی ایک جماعت جس کو دہریہ کہتے ہیں۔
الْمُلْحَدُ والْمَلْحُوْدُ: بغلی قبر۔ قبر۔
الْمِلْحَادَةُ: دین میں بہت طعن کرنے والا۔
الْمُلْتَحَدُ: جائے پناہ۔
لَحِزَ (س) لَحَزًا: بخیل ہونا۔ صفت لَحِز ولَحِز۔
لَحَزَهُ (ف) لَحْزًا: اصرار کرنا۔
تَلَحَّزَ: بخیل ہونا۔ کسی چیزوں کے کھانے کے لئے منہ میں پانی بھر آنا۔ جنگ یا سفر کے لئے کمر کسنا.....عَنْهُ: پیچھے ہٹنا۔
تَلَاحَزَ الْقَوْمُ: کلام میں مقابلہ کرنا.....الصِّبْیَانُ: اشعار کا نقل کرنا۔
الْمَلْحَزُ: تنگ جگہ۔ ج مَلَاحِز کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِی الْمَلَاحِزِ" لوگ تنگ جگہوں یا تنگیوں میں پڑ گئے۔
الْمُتَلَاحِزُ مِنَ الشَّجَرِ: گنجان ایک میں ایک گھسا ہوا۔
اللُّحْزَاءُ: ذخیرہ۔ خزانہ۔
لَحَسَ (ف) لَحْسًا الدُّوْدُ الصُّوْفَ: کیڑے کا اون کو چاٹنا.....الْجَرَادُ الْخَضِرَ: ٹڈیوں کا سبزیوں کو چٹ کر جانا۔
لَحِسَ (س) لَحْسًا ولَحْسَةً ولُحْسَةً ومَلْحَسًا الْقَصْعَةَ: پیالہ کو زبان یا انگلی سے چاٹنا اور اسی سے مثل ہے "اَسْرَعُ مِنْ لَحْسِ الْکَلْبِ اَنْفَهُ" کتے کا اپنی ناک چاٹنے سے بھی زیادہ تیز۔
لَحَّسَهُ الشَّیْءَ: چٹانا۔
اَلْحَسَ الْمَاشِیَةَ: تھوڑا سا چرنا۔ اَلْحَسَتِ الْاَرْضُ: سبزی کا ابتدائی حصہ نکالنا۔
اِلْتَحَسَ مِنْهُ حَقَّهُ: حق لینا۔
اللَّحْسُ: مص۔ سبزی کی ابتدائی روئیدگی۔
سَنَةٌ لَاحِسَةٌ: سخت سال۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُمْ لَوَاحِسُ" یعنی ان کے اوپر سخت قحط سالیاں واقع ہوئیں جو ساری پیداوار کو چٹ کر گئیں۔ کہا جاتا ہے مَالَکَ عِنْدِیْ لُحْسَةٌ: تمہارے لئے میرے پاس کوئی چیز نہیں۔
اللَّحُوْسُ: مٹھاس کے پیچھے لگنے والی جیسے مکھی۔
اللَّاحُوْسُ: بدبخت۔ منحوس (.....واللَّحُوْسُ والْمُلْحِسُ والْمِلْحَس) لالچی جو ہر چیز کو لے الْمِلْحَس: بہادر۔
اللَّحَّاسُ: بہت چاٹنے والا۔
اللَّحَّاسَةُ۔ لَحَّاس: کا مؤنث۔ شیرنی۔
اللُّحْسُمُ: وادی کی تنگ نالی۔ ج لَحَاسِم۔
لَحَصَ (ف) لَحْصًا فِی الْاَمْرِ: مشغول ہونا۔ خَبَرَ فُلَانٍ: پورے طریقہ سے معلوم کرنا اور تھوڑا تھوڑا بیان کرنا۔
لَحَّصَ خَبَرَهُ: بمعنی لَحَصَهُ.....فِیْ کَذَا: سختی کرنا۔ تنگی کرنا.....هُ عَنْ کَذَا: روکنا۔ سست کرنا.....الْکِتَابَ: پختہ کرنا۔
اِلْتَحَصَ الْاَمْرُ: معاملہ کا سخت ہونا۔
اِلْتَحَصَتِ الْاِبْرَةُ: سوئی کے ناکہ کا بند ہونا۔
اِلْتَحَصَهُ الشَّیْءُ: مشغول ہونا.....هُ اِلٰی کَذَا: مجبور کرنا.....الْبَیْضَةَ ونَحْوَهَا: انڈے کو تھوڑا تھوڑا مہلت سے پینا.....هُ عَنْ کَذَا: روکنا۔ سست کرنا۔ اِلْتَحَصَتْ عَیْنُهُ: کیچڑ سے آنکھ کا چپک جانا۔
لَحَاصِ: مبنی بر کسرہ۔ سختی۔ مصیبت۔
اللَّحْصُ: اوپر کے پپوٹے کی شکن۔
اللَّحَصَانُ: دوڑ۔ تیزی۔
اللَّحِیْصُ: تنگ۔ سکڑا۔

الْمَلْحَص: جائے پناہ۔
لَحَطَهٗ (ف) لَحْطًا: پانی چھڑکنا۔ زینت دینا۔
اِلْتَحَطَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔
لَحَظَ (ف) لَحْظًا ولَحَظَانًا فُلَانًا و اِلٰی فُلَانَ بِالْعَیْنِ: گوشۂ چشم سے دیکھنا۔ انتظار کرنا۔ (لَحْظًا ولَحَّظَ تَلْحِیْظًا) الْبَعِیْرَ: اُونٹ کو آنکھ کے نیچے داغ کی علامت لگانا۔
لَاحَظَهٗ لِحَاظًا ومُلَاحَظَةً: انتظار کرنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔
تَلَحَّظَ الشَّیْئُ: تنگ ہونا۔
تَلَاحَظَتِ الْاَشْیَاءُ: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْوَالُهُمْ مُتَشَاكِلَةٌ مُتَلَاحِظَةٌ" یعنی ان کے احوال ایک جیسے ہیں۔
اللَّحْظ: مص۔ آنکھ کا اندرونی حصہ۔ ج لِحَاظ و اَلْحَاظ۔
اللَّحَاظ واللِّحَاظ: کنپٹی کی جانب گوشۂ چشم۔ آنکھ کے نیچے کا داغ۔ ج لُحُظ۔
اللِّحَاظ: گھر کا صحن۔ و لِحَاظُ السَّهْمِ: تیر کے اوپر کا پر۔ لِحَاظُ الرِّیْشَةِ: پر کا سفید نچلا حصہ۔
اللَّحَّاظ: بہت سخت دیکھنے والا۔
التَّلْحِیْظ: مص آنکھ کے نیچے کا داغ۔
اللَّاحِظَة۔ لَاحِظ: کا مؤنث۔ آنکھ۔ ج لَوَاحِظ۔
اللَّحْظَة۔ لَحْظ: کا اسم مرۃ۔ ج لَحَظَات کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ عِنْدَهٗ لَحْظَةً" میں اس کے پاس ایک لحظہ بیٹھا۔
اللَّحُوْظ: تنگ۔
اللَّحِیْظ: شبیہ ونظیر۔
الْمَلْحَظ: دیکھنا۔ دیکھنے کی جگہ ج مَلَاحِظ۔
لَحَفَهٗ (ف) لَحْفًا: لحاف اوڑھانا ...... هٗ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا ...... هٗ بِجُمْعِ كَفِّهٖ: مکا مارنا ...... هٗ سَهْمًا: تیر مارنا ...... النَّارَ الْحَطَبَ: آگ میں لکڑی ڈالنا۔ لَحَفَ الشَّیْئَ: چاٹنا ...... غَنَّةُ اللَّحْمَ: گوشت اتارنا۔ لَحِفَ الْقَمَرُ: چاند کا آخری تین راتوں میں ہونا۔ لَحِفَ لَحْفَةً الرَّجُلُ فِیْ مَالِهٖ: کچھ ضائع ہونا اور کہا جاتا ہے "لَحَفَنِیْ فَضْلَ لِحَافِهٖ" یعنی اس نے مجھے زائد عطیہ دیا۔
لَحَفَ اِزَارَهٗ: ازار کو تکبر سے زمین پر گھسیٹنا۔
اَلْحَفَ السَّائِلُ: اصرار سے مانگنا۔
هٗ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔ دوسرے کے لئے لحاف بنانا الرَّجُلَ: دوسرے کے لئے لحاف خریدنا ...... ضَیْفَهٗ: سرما میں مہمان کے لئے بچھونا اور لحاف مہیا کرنا ...... شَارِبَهٗ: مونچھ کاٹنے میں مبالغہ کرنا ...... بِهٖ: نقصان پہنچانا ...... الظُّفُرَ: جڑ سے ناخن کاٹنا ...... الرَّجُلُ: دامن کوہ میں چلنا۔ تکبر سے ازار کو زمین پر گھسیٹ کر چلنا۔
لَاحَفَهٗ: مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے لئے لازم رہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُضَاجِعُ السَّیْفَ وَیُلَاحِفُ الْخَوْفَ" یعنی فلاں تلوار ساتھ رکھتا ہے اور ڈرتا ہے۔
تَلَحَّفَ وَالْتَحَفَ: اپنے لئے لحاف بنانا۔
بِاللِّحَافِ وغَیْرِهٖ: لحاف وغیرہ سے ڈھانکنا۔
اللِّحْف: دامنِ کوہ۔
اللِّحْفَة۔ لَحَفَ: کا اسم نوع۔ لحاف اوڑھنے والے کی حالت۔
اللِّحَاف: رضائی۔ لحاف۔ ج لُحُف۔
الْمِلْحَف والْمِلْحَفَة: چادر۔ اوپر کا لباس ج مَلَاحِف۔
لَحِقَ (س) لَحْقًا ولَحَاقًا فُلَانًا وبِفُلَانٍ: پالینا۔ آملنا۔ آپہنچنا ...... اِلٰی قَوْمِ كَذَا: چمٹنا۔
لَحِقَ (س) لُحُوْقًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا ...... الثَّمَنُ فُلَانًا: قیمت لازم ہونا۔
لَاحَقَهٗ: پیچھے ہونا۔
اَلْحَقَهٗ: پالینا۔ آملنا ...... هٗ بِفُلَانٍ: ملا
تَلَاحَقَ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔
تَلَاحَقَتِ الْمَطَایَا: سواریوں کا بعض کا بعض سے ملنا۔
اِلْتَحَقَ بِهٖ: ملنا یا چمٹنا۔
اِسْتَلْحَقَهٗ: اپنے خاندان میں ملانا۔
اِسْتَلْحَقَ الرَّجُلُ: وادی کی لگی ہوئی زمین میں کھیتی کرنا۔
اللَّحَقُ: جو اپنے پہلے کے ساتھ ملے۔ پھل جو پہلے پھل کے بعد ہو۔ ج اَلْحَاق۔
اللَّحَق: قوم جو اپنے سے پہلی قوم کے ساتھ اُس کے گزر جانے کے بعد لاحق ہو۔ لَحَقُ الْغَنَمِ: بکری کے بچے (...... والْمُلْحَق) شی زائد۔ تتمۂ کتاب۔
اللِّحَاق: وادی کے وہ قطعات جہاں پانی خشک ہو جانے کے بعد زراعت کریں۔ مفرد اللَّحَق: ہے۔
اللِّحَاق: کمان کا غلاف۔
اللَّاحِق: فا۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ هُوَ لَاحِقٌ: باز۔
اللَّاحِقَه۔ لَاحِق: کا مؤنث۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ ج لَوَاحِق۔
اللُّوَیْحِق: باز کے انواع میں سے ایک شکاری پرندہ۔ جس کی پیٹھ خیالی اور سینہ سفید ہوتا ہے۔
الْمُلْحَاق: تیز تیر پھینکنے والی کمان اونٹنی جس سے اونٹ آگے نہ بڑھ سکیں۔
الْمُلْحَق: خاندان میں ملایا ہوا۔
لَحَكَ (ف) لَحْكًا ولَاحَكَ وتَلَاحَكَ الشَّیْئُ بِالشَّیْئِ: چپکنا۔
تَلَاحَكَ الشَّیْئُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تَلَاحَكَ الْبُنْیَانُ: عمارت کا مضبوط ہونا۔ ولَحَكَ الصَّبِیَّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا۔
لُوْحِكَتْ فِقَارُ ظَهْرِهٖ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
لَحِكَ (س) لَحْكًا الْعَسَلَ: شہد چاٹنا۔
اللُّحَكَة واللُّحَكَه: چھپکلی کی مانند ایک کیڑا

جو ریت میں رہتا ہے۔

اللَّحِک: وہ شخص جسے انزال دیر میں ہو۔

التلاحِک: چکیاں۔

لَحْلَحَ وتَلَحْلَحَ القَوْمُ: ایک جگہ پر قائم رہنا۔ دور چلا جانا۔

الَحْلَح: تنگ جگہ۔

المُلَحْلَح: قوم کا بڑا۔ سردار۔

لَحَمَ (ن) لَحْمًا الاَمْرَ: مضبوط کرنا۔ القَصَّابُ العَظْمَ: قصائی کا ہڈی سے گوشت کو جدا کرنا ...... ہٗ: نقصان دینا۔ تکلیف پہنچانا۔ الصَّائِغُ الفِضَّةَ: سنار کا چاندی کو درست کرنا۔

لَحَمَهٗ (ف) گوشت کھلانا۔

لَحِمَ (س) لَحْمًا بِالْمَكَانِ: لازم ہو کے رہنا۔ الصَّقْرُ ونَحْوُهٗ: گوشت کا خواہش مند ہونا۔

لَحِمَ (س) لَحْمًا ولَحُمَ (ک) لَحَامَةً: موٹا ہونا جسم میں زیادہ گوشت والا ہونا۔ گوشت کا بہت خواہش مند ہونا۔

لُحِمَ لَحْمًا: قتل کیا جانا۔ صفت لَحِيم۔

لاحَمَ الحَبْلَ: رسّی مضبوط بٹنا۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔ لاحَمَ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: ایک کو دوسرے کے ساتھ چپکانا۔

اَلْحَمَ الثَّوْبَ: کپڑا بننا ...... الشِّعْرَ: اشعار کہنا ...... الزَّرْعُ: کھیتی میں دانہ بیٹھنا ...... بَيْنَ القَوْمِ شَرًّا: قوم کے درمیان فساد کرا دینا۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا ...... ہٗ بَصَرَهٗ: تیز نظر سے دیکھنا۔ گھورنا۔ اَلْحَمَ الرَّجُلَ: ممکین کرنا ...... فُلانًا الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا ...... ہٗ عِرْضَ فُلانٍ: گالی دینے کا موقع دینا۔ اَلْحَمَتِ الدَّابَّةُ: ٹھہر جانا۔ آگے نہ بڑھنا۔ اَلْحَمَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ...... الرَّجُلُ: گھر میں بہت گوشت والا ہونا ...... القَوْمَ: گوشت کھلانا ...... الشَّيْءَ: درست کرنا۔ اُلْحِمَهُ القِتَالُ: گھیر لینا اور رہائی نہ ملنا۔ اُلْحِمَ الرَّجُلُ: مرنا۔

تَلاحَمَ القَوْمُ: باہم مقاتلہ کرنا۔ تَلاحَمَتِ الشَّجَّةُ: زخم کا بھر جانا اور درست ہو جانا

(...... والْتَحَمَ) الشَّيْءُ: جڑ جانا اور درست ہونا ...... اِلْتَحَمَتِ الحَرْبُ بَيْنَهُمْ: گھمسان کی جنگ ہونا۔ "اِلْتَحَمَ الجُرْحُ لِلْبُرْءِ" زخم بھر جانا اور درست ہو جانا۔

اِسْتَلْحَمَ الطَّرِيقُ: راستہ کا کشادہ ہونا۔ الطَّرِيقَ او الطَّرِيدَةَ: پیچھے پڑنا ...... الخَطْبُ فُلانًا: مشغول کر دینا ...... الزَّرْعُ: گنجان ہونا۔ اُسْتُلْحِمَ الرَّجُلُ: جنگ میں پھنس جانا اور رہائی نہ ملنا۔

اللَّحْم واللَّحَم مِنْ جِسْمِ الحَيَوَانِ: گوشت۔ ج لِحَام ولُحُوم ولِحْمَان ولُحْمَان واَلْحُم۔ لَحْمُ كُلِّ شَيْءٍ: مغز لَحْمُ البَحْرِ: ایک کیڑا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَكَلَ لَحْمِي ورَتَعَ لَحْمِي" یعنی میری غیبت کی۔

اللَّحْمَة: گوشت کا ایک ٹکڑا۔ لَحْمَةُ الثَّوْبِ: کپڑے کا بانا۔

اللُّحْمَة: قرابت۔ کپڑے کا بانا۔ باز کو اس کے شکار سے جو کھلایا جائے۔ ج لُحَم۔

اللَّحَام: جس سے پھٹن کو درست کیا جائے۔

اللَّحَّام: گوشت بیچنے والا۔

اللاحِم: گوشت کھلانے والا۔ جس کے پاس گوشت ہو۔ بازٌ لاحِمٌ: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔

اللَّحِم: جسم میں زیادہ گوشت والا۔ گوشت کا زیادہ خواہش مند۔ بازٌ لَحِمٌ: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔ اللَّحِم: شیر۔

اللَّحِيم: جسم میں زیادہ گوشت والا۔ مقتول۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا لَحِيمُ ذاکَ" یعنی یہ اس کے موافق اور ہم شکل ہے۔

المُلْحَم: مفع۔ گوشت کھانے کا عادی۔ قوم کے ساتھ ملا ہوا قیدی۔ ایک قسم کا کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا غیر ریشم کا ہوتا ہے۔

المُلْحِم: فا۔ گوشت کھلانے والا۔ جس کے پاس گوشت زیادہ ہو۔

المَلْحَمَة: گھمسان کی جنگ کا موقع۔ ج مَلاحِم۔

المُلاحَم مِنَ الحِبَالِ: مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ کہا جاتا ہے شَجَّةٌ مُتَلاحِمَةٌ: زخم کہ جس میں گوشت پھٹ جائے اور پھر جڑ جائے۔

المُسْتَلْحِمُ: فا۔ شیر۔

لَحَنَ (ف) لَحْنًا ولَحَنًا ولُحُونًا ولَحَانَةً ولَحَانِيَةً فِي كَلامِهٖ او فِي القِرَاءَةِ: اعرابی غلطی کرنا۔ صفت لاحِن ولَحَّان ولَحَّانَة

(...... لَحْنًا) لِفُلانٍ: کسی سے اشارہ کنایہ میں بات کرنا تاکہ دوسرا نہ سمجھ سکے۔ صفت لاحِن: اور لَحَّان: نہیں کہا جاتا اِلَيْهِ: قصد کرنا۔ مائل ہونا ...... قَوْلَهٗ: سمجھنا۔

لَحِنَ (س) لَحْنًا الرَّجُلُ: ذہین ہونا۔ اپنی دلیل سے خبردار ہونا ...... الكَلامَ: سمجھنا۔

لَحَّنَهٗ: غلطی کی طرف منسوب کرنا۔ لَحَّنَ فِي القِرَاءَةِ: خوش آوازی کے ساتھ پڑھنا۔

لاحَنَ القَوْمُ: گفتگو کو ایک دوسرے پر دہرانا۔

اَلْحَنَ فُلانًا القَوْلَ فَلَحِنَهٗ: اس نے فلاں کو بات سمجھائی پس وہ سمجھ گیا۔

اللَّحْن: مص ...... مِنَ الاَصْوَاتِ: موزوں آواز سر۔ ج اَلْحَان ولُحُون۔ صَنَاعَةُ الاَلْحَانِ: فن موسیقی لَحْنُ الكَلامِ: مضمون کلام۔ اللَّحْنُ فِي الكَلامِ: اعراب دینا کی غلطی۔

اللَّحَن: لغت۔ سمجھ۔

اللَّحِن: زیرک۔ سمجھ دار۔

اللاحِن: فا۔ نتائج کلام کا جاننے والا۔

اللُّحَنَة: وہ شخص جس کی غلطی لوگ بہت پکڑیں۔

اللُّحَنَة: بہت غلط بولنے والا۔ جو لوگوں کی غلطی بہت پکڑے۔

الاَلْحَن: بہت زیادہ سمجھ دار۔ خوش آوازی سے گانے والا یا پڑھنے والا۔

لَحَا يَلْحُو لَحْوًا والْتَحَى اِلْتِحَاءً الشَّجَرَةَ: درخت کو چھیلنا۔ لَحَاهُ: گالی دینا۔

المِلْحَى: لکڑی چھیلنے کا اوزار۔

لَحْوَجَ لَحْوَجَةً عَلَيْهِ الْخَبَرَ: گڑبڑ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

لَحَى يَلْحَى لَحْيًا الشَّجَرَةَ: درخت کو چھیلنا۔ فُلَانًا: ملامت کرنا۔ گالی دینا۔ عیب نکالنا۔

صفت فاعلی لَاحٍ: صفت مفعولی مَلْحِيٌّ: کہا جاتا ہے "لَحَا اللّٰهُ فُلَانًا" اللہ فلاں پر لعنت کرے۔

لَاحَى لِحَاءً ومُلَاحَاةً الرَّجُلَ: جھگڑا کرنا اور اسی سے مثل ہے "مَنْ لَاحَاكَ فَقَدْ عَادَاكَ" جس نے تم سے جھگڑا کیا اس نے تم سے دشمنی کی..... فُلَانًا: دفع کرنا۔ منع کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

اَلْحَى اِلْحَاءً: قابلِ ملامت کام کرنا۔ العُوْدُ: چھیلے جانے کے قابل ہونا۔

تَلَحَّى تَلَحِّيًا: ٹھوڑی کے نیچے عمامہ لپیٹنا۔

تَلَاحَى تَلَاحِيًا القَوْمُ: باہم لعن کرنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ باہم ملامت کرنا۔ باہم بغض رکھنا۔ باہم جھگڑنا۔

اِلْتَحَى اِلْتِحَاءً: داڑھی اُگنا۔ داڑھی رکھنا ..... العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔

اللَّحْي: جبڑا۔ داڑھی اُگنے کی جگہ۔ لَحْيَان: دونوں جبڑے۔ لَحْيَا الْغَدِيْرِ: تالاب کے دونوں کنارے۔ ج اَلْحٍ ولُحِيٌّ.

اللِّحَاء: مص۔ لکڑی یا درخت کی چھال اور امثال عرب سے ہے "لَا تَدْخُلْ بَيْنَ الْعَصَا ولِحَائِهَا" لاٹھی اور اس کی چھال کے درمیان داخل مت ہو ان دو دوستوں کے حق میں بولتے ہیں جن کے درمیان کوئی فساد نہ کرا سکے۔

اللَّحْيَان: لمبی داڑھی والا۔ مؤنث لَحْيَانَة.

اللِّحْيَة: داڑھی۔ ج لِحًى ولُحًى: اور نسبت کے لئے لَحَوِيٌّ. لِحْيَةُ الْحِمَارِ سیاوشاں (نام ایک دوا کا) لِحْيَةُ التَّيْسِ: نام ایک نباتات کا جس کے پتے گندنا کے پتے کے مانند ہوتے ہیں لیکن اس سے بلند ہوتے ہیں۔

اللِّحْيَان: تھوڑا پانی۔ سیلاب کے بنائے ہوئے گڑھے۔ واحد لِحْيَانَة.

الأَلْحَى واللِّحْيَانِيّ: لمبی یا بڑی داڑھی والا۔

لَخَّهُ (ن) لَخًّا: طمانچہ مارنا۔ لَخَّ الْخَبَرَ: پوری خبر معلوم کرنا..... فِي الْكَلَامِ: مشتبہ اور سربستہ بات کہنا..... هُ بِالطِّيبِ: خوشبو لگانا ..... فِي الْجَبَلِ: پہاڑ میں چھپا کرنا..... فِي الْحَفْرِ: کھودنے میں جھکنا۔

لَخِخَتْ لَخًّا ولَخِيْخًا ولَخِخَتْ (س) لَخْخًا عَيْنُه: زیادہ آنسو اور موٹی پلکوں والا ہونا۔ صفت لَخِخَة.

اِلْتَخَّ الْأَمْرُ: خلط ملط ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَخَّ عَلَيْهِ الْأَمْرُ" معاملہ ان کے اوپر خلط ملط ہو گیا۔ العُشْبُ: گھنی و گنجان ہونا۔

تَلَاخَّ الْوَادِي: تنگ وادی ہونا اور درختوں سے بھری ہوئی ہونا۔

وَادٍ لَاخٌّ: تنگ اور گنجان درختوں والی وادی۔

اللَّخَه: ناک۔ اِمْرَأَةٌ لَخَّةٌ: گندی بدبودار عورت۔ اَصْلٌ لَخُوْخٌ: عیب دار اصل۔

سَكْرَانُ مُلْتَخٌّ: بدمست۔ ہوش و حواس زائل شدہ وَادٍ مُلْتَخٌّ: بہت اور گنجان درختوں والی وادی۔

لَخَبَهُ (ف ن) لَخْبًا ولَاخَبَهُ مُلَاخَبَةً: طمانچہ مارنا..... الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اللَّخَب: گوگل کا درخت۔ واحد لَخَبَة.

المُلَخَّب: طمانچہ مارا ہوا۔ جھگڑوں میں پھنسا ہوا۔

اللَّخَج: آنکھ کی بری کیچڑ۔

اللَّخْز: تیز چھری۔

پپوٹے والا ہونا۔ لَخِصَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کے اردگرد کا متورم ہونا۔ لَخِص کی صفت اَلْخَص: آنکھ کی صفت۔ لَخْصَاء۔ ج لُخْص.

لَخَّصَ الْكَلَامَ: مختصر کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ کھول کر بیان کرنا اور کہا جاتا ہے "لَخِّصْ لِيْ خَبَرَكَ" مجھ سے اپنی خبر کو تھوڑا تھوڑا بیان کرو۔

الشَّيْءَ: خالص لینا۔

اللَّخَص: مص۔ خلقتاً۔ آنکھ کے پپوٹے کی موٹائی۔

اللَّخَصَة: آنکھ کے اندر کا گوشت۔ ج لِخَاص.

الأَلْخَص: ظاہر۔ مختصر۔

ضَرْعٌ لَخِصٌ: زیادہ گوشت والا تھن جس سے دودھ مشکل سے نکلے۔ ورَجُلٌ لَخِصٌ: اوپر کے موٹے پپوٹے والا مرد اور کہا جاتا ہے "جُفُنٌ لَخِص" موٹا پپوٹا۔

المُلَخَّص: منع کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلَخَّصُ مَا قَالُوْهُ" یہ لوگ کے قول کا خلاصہ ہے۔

لَخَفَهُ (ف) لَخْفًا: زور سے مارنا۔

اللَّخْف: مص۔ پتلے جھاگ۔

اللَّخْفَه: سفید باریک پتھر ج لِخَاف.

لَخَمَهُ (ن) لَخْمًا: طمانچہ مارنا..... لَخَمَ الشَّيْءَ: کاٹنا۔

لَخَمَ (ف) لَخَمًا الرَّجُلُ: پُرگوشت چہرے والا ہونا۔

لَاخَمَهُ لِخَامًا ومُلَاخَمَةً: باہم طمانچہ بازی کرنا۔

اللَّخَمَة: سستی۔ افسردہ دلی۔

رَجُلٌ لُخَمَة ولَخَمَة: افسردہ دل مرد۔ لئیم۔

اللُّخَمَة: سخت زمین میں دشوار گزار جگہ۔

اللَّخَام: ہڈیاں۔

لَخِنَ (س) لَخَنًا: بدبودار ہونا..... الرَّجُلُ: فحش کلامی کرنا۔ بن ران وغیرہ میں [illegible] ہونا۔ صفت اَلْخَن مؤنث لَخْنَاء۔ ج لُخْن.

لَخْنَة. یا ابن اللخناء: کمینہ۔

اللَّخَن : [illegible]
پیدی۔
لَخَاہ یَلْخُوہُ لَخْوًا: ناک میں دوائی
چڑھانا۔
لَخَاہُ یَلْخِیہِ لَخْیًا والْخَاہُ: مال دینا۔ ناک
میں دوائی چڑھانا۔ حلق میں دوا ٹپکانا۔
لَخِیَ یَلْخٰی لَخًی: ہرزہ سرائی کرنا۔ بکواس
کرنا۔
لَاخٰی لِخَاءً ومُلَاخَاۃً. الرَّجُلَ: دوستی
کرنا۔ مخالفت کرنا۔ باہم نرمی برتنا...... فُلَانًا
عَلٰی فُلَانٍ: اکسانا۔ بھڑکانا...... بِہٖ: چغل
خوری کرنا۔
اِلْتَخٰی اِلْتِخَاءً ا. الصَّبِیُّ: ترکردہ روٹی
کھانا اسم لَخَاءٌ ہے۔
اللَّخَا واللَّخٰی واللَّخَاء والمِلْخٰی: جس
سے ناک میں دوا چڑھائی جائے۔
الاَلْخٰی: ہرزہ سرا۔ بکواس کرنے والا(......
والمِلْخٰی مِنَ الْجِمَالِ) جس کا ایک گھٹنا
دوسرے سے بڑا ہو۔
اللَّخْوَاءُ. الاَلْخٰی: کا مؤنث۔ عقاب کہ
اس کی چونچ کے اوپر کا حصہ نیچے سے بڑا
ہو۔
لَدَّ (ن) لَدًّا ولَادَّ لِدَادًا ومُلَادَّۃً والَدَّ
الرَّجُلَ: سخت جھگڑا کرنا اور غالب ہونا۔ لَدَّہُ
عَنِ الشَّیْءِ: منع کرنا۔ لَادَّعَنْہُ: مدافعت
کرنا۔
لَدَّ (ن) لَدًّا ولُدُودًا والَدَّ الرَّجُلَ: منہ کے
کنارے سے دوا پلانا۔ لَدًّا اللَّدُودَ: منہ کے
کنارے سے پلائی جانے والی دوا تیار
کرنا۔
لَدَّہُ: سخت جھگڑالو پانا۔ اَلَدَّ بِہٖ: ٹالنا۔ کہا جاتا
ہے اَلْدَدْتُ بِہٖ: میں نے اس سے جھگڑا
کرنے میں سختی کی۔
لَدَّ (س) لَدَدًا: بہت جھگڑالو ہونا۔ صفت
اَلَدُّ: کہا جاتا ہے "ھُوَ اَلَدُّ بَیِّنُ اللَّدَدِ" یعنی وہ
بہت ہی سخت جھگڑالو ہے۔
لَدْ لَدَہُ: حیران کرنا۔ لَدْ لَدَ بِہٖ: بدنام کرنا۔

تَلَدَّدَ: متحیر ہونا۔ دائیں بائیں دیکھنا۔ فِی
الْمَکَانِ: ٹھہرنا۔
اِلْتَدَّ: منہ کے کنارے سے دوا پینا۔
عَنِ الشَّیْءِ: مائل ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔
اللَّدُّ: مص۔ پورا۔
اللَّدَدُ: مص۔ سخت جھگڑالو۔
اللَّدُّ واللَادُّ واللَّدُود واللَّدِیْد. ج اَلِدَّۃ
والْاَلَدُّ: مؤنث لَدَّاءُ. ج لِدَادٌ ولُدٌّ.
والاَلَنْدَد والیَلَنْدَد: سخت جھگڑالو۔ اللَّدِیْد
واللَّدُوْد: دوا جو منہ کے کنارہ سے ٹپکائی
جائے۔ اللَّدِیْدَان: کانوں کے نیچے گردن
کے دونوں طرف کے کنارے' ہر چیز کے
دونوں جانب۔ کہا جاتا ہے "مَالَہُ عَنْہُ
مُحْتَدٌّ ولا مُلْتَدٌّ" یعنی اس کے لئے کوئی
چارہ نہیں۔
المُتَلَدَّد: گردن۔
لَدَحَہُ (ف) لَدْحًا: پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی
دینا۔
لَدَسَ (ن) لَدْسًا الشَّیْءَ: چاٹنا۔ ہُ بِیَدِہٖ:
مارنا...... ہُ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔
لَدَّسَ الْخُفَّ: پیوند لگانا۔ درست کرنا۔
اَلْدَسَتِ الْاَرْضُ: کچھ نباتات اگانا۔
اللِّدْس: سست و نرم۔
اللَّدِیْس: موٹا۔ ج اَلْدَاس.
المِلْدَس: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ ج
مَلَادِس.
لَدَغَہُ (ف) لَدْغًا وتَلْدَاغًا: ڈسنا کہا جاتا
ہے "لَدَغَہ بِکَلِمَۃٍ" یعنی اس نے اسے طعن و
تشنیع کیا۔
اَلْدَغَ. العَقْرَبَ فُلَانًا: ڈسنے کے لئے بچھو
چھوڑنا۔ بچھو سے ڈسوانا۔
اللَّادِغ: فا۔ مؤنث لَادِغَۃ ج لُدَّغ.
اللَّدْغَۃ. لدغ: کا اسم مرۃ۔
اللُّدَّاغ: کانٹا یا اس کا نوکیلا کنارہ۔
اللُّدَّاغَۃ مِنَ الرِّجَالِ: طعن و تشنیع کرنے
والا۔
اللَّدِیْغ: ڈسا ہوا (مذکر و مؤنث) ج لَدْغٰی

ولَدْغَاء اور کہا جاتا ہے "ھُمْ قَوْمٌ لَدْغٰی
ولُدَّغَاءُ" وہ ایسے لوگ ہیں جو لوگوں پر طعن و
تشنیع کرتے ہیں۔
اَلْمِلْدَغ: وہ شخص جس کی عادت طعن و تشنیع
کی ہو۔
لَدِکَ (س) لَدْکًا ولَدَکَابِہٖ: چپکنا۔
لَدَمَہُ (ض) لَدْمًا: طمانچہ مارنا۔ کسی بھاری
چیز سے مارنا جس کی آواز سنائی دے۔
اَلْخُبْزَ مِنَ الْمَلَّۃِ: روٹی کو بھوبھل سے نکالنا
(...... ولَدَّمَ) الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا'
درست کرنا۔
اَلْدَمَتْ عَلَیْہِ الْحُمّٰی: لگاتار بخار رہنا۔
تَلَدَّمَ: بوسیدہ ہونا۔ پیوند لگانے کے قابل
ہونا...... الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔
اِلْتَدَمَ: پریشان و مضطرب ہونا۔ اِلْتَدَمَتِ
النِّسَاءُ: نوحہ و ماتم میں منہ پر طمانچہ مارنا۔
اِلْتَدَمَہُ: مارنا اور ہٹانا۔
اللَّدْم: مص پتھر کے زمین پر گرنے کی
آواز۔
اللَّدَم: عزت۔ قرابت۔
اللَّادِم: فا۔ ج لَدَم (کخادم وخَدَم)
اللِّدَام: پیوند۔
اَللَّدَّام: پیوند لگانے والا۔
اللَّدِیْم. مِنَ الثِّیَابِ: پیوند لگا ہوا کپڑا۔
المِلْدَم: بے وقوف۔ سست۔ پر گوشت اُمّ
مِلْدَم: بخار(...... والمِلْدَام) گٹھلی توڑنے کا
پتھر۔
لَدُنَ (ک) لَدَانَۃً ولُدُوْنَۃً: نرم ہونا
صفت لَدْنٌ مؤنث لَدْنَۃ ج لُدْن ولِدَان.
لَدُنَتْ اَخْلَاقُہٗ: نرم اخلاق ہونا۔
لَدَّنَ الشَّیْءَ: نرم کرنا...... ہُ فِی الْاَمْرِ:
ٹھہرانا۔ لَدَّنَ ثَوْبَہٗ: تر کرنا۔
تَلَدَّنَ: ٹھہرنا...... بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا
...... عَلَیْہِ: دیر لگانا۔ کہا جاتا ہے "تَلَدَّنَتْ
عَلَیَّ رَاحِلَتِیْ" جبکہ وہ نہ چلے۔
اللَّدْنُ مِنَ الطَّعَامِ: خراب گیہوں جس کی
روٹی کھینچے اور کہا جاتا ہے "ھُوَ لَدْنُ

الُخَلِيُقَةِ" وہ نرم طبیعت پسندیدہ اخلاق والا ہے۔

لَـدُنْ ولَـدَنْ ولُـدُنْ ولَـدِنْ ولُدْنَ ولَدُنِ.

عَنُدَ: کے معنی میں ظرف زمان ومکان ہے۔

مگر عنُدَ: سے زیادہ قرب پر دلالت کرتا ہے اور اس سے اخص ہے اور مبنی ہے۔ کہا جاتا ہے "لِـیَ اِلَیْـهِ لُـدُنَّةٌ" مجھے اس کے پاس حاجت ہے۔

اَلُدَی اِلُدَاءً: زیادہ ہم عمر والا ہونا۔

لَدَیْ: ظرف مکان ہے۔ مبنی ہے اور معنی میں لَدُنَّ کے ہے۔

اللِـدَة: ہم عمر یا جس کی ایک ساتھ پرورش ہوئی ہو۔ کہا جاتا ہے "هُـوَلِدَتِی" وہ میرا ہم عمر ہے۔ ج لِـدَات ولِدُوْن. اللِدَة: وقت ولادت۔ (کلمہ یا مادہ وَلَـدَ سے ہے) جیسے عِدَة وعد: سے۔

لَذَّ (س وض) لَذَاذًا ولَذَاذَةً. الشَّیْ: خوش مزہ ہونا۔ مرغوب ہونا۔ لذیذ ہونا۔ صفت لَذٌّ ولَذِیُذٌ.

لَذَّ (س) لَـذًّا وتَـلَـذَّذَ والِتَذَّ الشَّیْ وبِـهِ واسُتَلَذَّ الشَّیْ: لذیذ پانا۔

لَذَّذَهٗ: لذیذ بنانا۔

تَلاذًّا: ایک دوسرے سے لذت اٹھانا۔

اللَـذُ: مص۔ لذیذ۔ مرغوب۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَذٌّ" میٹھی گفتگو کرنے والا۔

للالَذ: زیادہ لذیذ۔

الـــلَذَّة: خوشی۔ مزہ۔ حصول مرغوبات۔ ج لَذَّات: شراب۔

الــلَـذِيُـذ: مرغوب۔ مزیدار۔ شراب۔ ج لُذُّو ولِذَاذٌ.

المَلَذِ: لذت کی جگہ۔ ج مَلاذٌّ.

المَلَذَّة: خواہش۔ ج مَلَذَّات.

لَـذَبَ (ن) لُــذُوْبًــا ولاذَبَ مُلاذَبَةً بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

لَـذَجَهٗ (ن) لَـذُجًا: سوال میں اصرار کرنا

لَذَجَ الْمَاءَ: گھونٹ لگانا۔

لَذَعَ (ف) لَذُعًا. فُلانًا بِلِسَانِهٖ: زبان سے تکلیف پہنچانا۔ لَـذَعَـتِ النَّـارُ الشَّیْ: آگ کا جھلس دینا۔ جلا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَـذَعَ الْحُبُّ قَلْبَهٗ" محبت نے اس کے دل کو تکلیف پہنچائی۔

لَـذَعَ الْبَـعِـيْـرُ: داغنے کے لوہے کے ایک کنارے سے داغنا...... الـرَّجُـلُ بِـذُكَائِهٖ: جلدی سمجھنا۔ الـطَّـائِـرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑا کر بازوؤں کو تھوڑا سا حرکت دینا۔

تَلَذَّعَ: دائیں بائیں متوجہ ہونا۔ ذہین ہونا۔ تیز ذہین ہونا۔ تَـلَـذَّعَـتِ الـنَّـارُ: آگ بھڑکنا۔

اِلْتَذَعَ: درد میں سوزش ہونا۔

اللاذِعَة: لاذع کا مؤنث۔ ج لَـــوَاذِع لَـوَاذِعُ الـكَلامِ: تکلیف دہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "نَـعُـوْذُ بـاللّٰـهِ مِنْ لَوَاذِعِهٖ" ہم اس کی تکلیف دہ گفتگو سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

الــلَـذَّاع: اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ مَـذَّاع لَـذَّاع" یعنی بڑا خلاف وعدہ۔ اس لئے کہ زبان سے خیر کا وعدہ کرتا ہے پھر خلاف وعدگی کر کے تکلیف پہنچاتا ہے۔

الـلَوْذَع واللَوْذَعِیُّ: تیز ذہن۔ تیز خاطر۔ فصیح۔

اللاذِقِيَّة: شام کے ایک شہر کا نام۔ اور نسبت کے لئے لاذِقَانِیٌّ ولاذِقِیٌّ.

لَذْلَذَ: چست و پھرتیلا ہونا۔

اللَذْلاذ: چست و پھرتیلا۔ بھیڑیا۔

لَذِمَهٗ (س) لَذَمًا الشَّیْ: تعجب میں ڈالنا۔ بوسہ دینا۔

لَذِمَ (س) لَـذَمًا بِالْمَكَانِ: چپٹے رہنا...... بِالشَّیْ: حریص ہونا۔ شیفتہ ہونا۔

اَلْذَمَهٗ الشَّیْ وبِهٖ: حریص بنانا۔ شیفتہ کرنا۔

......هٗ بِفُلانٍ: لازم کرنا۔ اَلْـذَمَ بِـالْـمَكَانِ: ثابت رہنا اور کہا جاتا ہے "اَلْـذِمْ بِـفُلانٍ كَرَامَتَـكَ" یعنی ہمیشہ کرو۔

اُلْذِمَ بِفُلانٍ: فریفتہ کیا جانا۔

الـلُـذَمَة: گھر سے جدا نہ ہونے والا۔ کسی چیز کا شوقین۔ رَجُـلٌ لَـذِمٌ ولُـذَمَـةٌ ومِـلْـذَمٌ بِالشَّیْ: چیز کا شوقین۔ الـمِلْذَم: بہادر۔

اللاذَن واللاذَنَة: گوند کی ایک قسم۔

لَذِیَ يَلْذَیْ لَذًی بِالْاَمْرِ: لازم ہونا۔ جدا نہ ہونا۔ شیفتہ ہونا۔

اَلَّـــذِیْ: اسم موصول ہے اور اس میں پانچ لغات ہیں۔ اَلَّـذِ واللَّذْ واللَّذِیُّ واللَّذِیَ وَلَذِیْ: مؤنث اَلَّتِیْ (مادہ ل ت ی میں ذکر ہو چکا) تثنیہ اللَّـذَان اللَّـذَا واللَّـذَانِّ ج الَّذِیْنَ واللَّاوُ دن واللَّاؤُدَ: اور بعضوں نے کہا ہے کہ اَلَّذُوْن: حالتِ رفعی میں اور اَلَّذِيْنَ بـہ: حالت نصبی و جری میں۔ اور اَلَّـذِیْ: کی تصغیر اللُّذَيَّا: اور تثنیہ کی اللُّذَيَّان: اور جمع کی اللُّذَيُّوْنَ.

لَزَّ (ن) لَزًّا ولِزَزًا ولَزَازًا. الشَّیْ بِالشَّیْ: باندھنا۔ ملانا۔ لازم کرنا...... الشَّیْ بِالشَّیْ: ملنا۔ اَلْـقَـوْمُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ لَـزَّهٗ بِالرُّمحِ: نیزہ مارنا۔

......هٗ: اِلٰی كَذَا: مجبور کرنا۔

لَزَّزَ اللّٰهُ فُلانًا: مضبوط جسم والا بنانا۔

لاَزَ لِزَازًا ومُلازَّةً: چمٹنا اور جھگڑنے میں تنگ کرنا۔

اَلَزَّ الشَّیْ: باندھنا اور چمٹانا۔

اِلْتَزَّبِهٖ: چمٹنا۔ ملنا۔

اللَزُّ: مص۔ دروازہ کا حلقہ۔

الـلِـزَز والـلِزَاز: مص۔ دروازے کی ملی۔ سخت جھگڑا۔

اَلْـمِلَزّ: چڑے یا سٹیل کی سوراخ دار واشل جو پیچ کے نیچے مضبوطی کے لئے ڈالی جاتی ہے۔

الـلِز: چمٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لِزُّ شَرٍّ ولَـزِيُـزُ شَـرٍّ" فلاں شر کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اس سے جدا نہیں ہوگا۔

اللزاب: سرو کے درختوں میں سے ایک بڑا درخت اس کے پتے شریان درخت کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں۔ اس کی لکڑی عمدہ قسم کی لکڑی ہوتی ہے۔

عَیْش لَزِزٌ: تنگ زندگی۔
اللَزِیزَة: لَزِیز کا مؤنث ج لَزَائِز۔ اللَزَائِز: سینہ کی ہڈیاں۔
المِلَزّ: سخت جھگڑالو۔ (مذکر و مؤنث)
لَزَأَ (ف) لَذْأً و اَلْزَأَ و لَزَّأَ: الاِنَاءَ: برتن بھرنا..... الـمَـاشِیَةَ: جانور کو سیر کرنا۔
لَزَّأَ فُلانًا: دینا۔ کہا جاتا ہے "لَزَأَتْهُ اُمُّهُ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔
تَلَزَّأَ الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔
لَزَبَ (ن) لُزُوْبًا: مضبوطی سے قائم رہنا۔ ..... بِهِ: چمٹنا۔ لَـزَبَـتِ السَّنَةُ: خشک سالی ہونا۔ قحط ہونا۔
لَزَبَتْ (ض) لَـزْبًا. العَقْرَبُ فُلانًا: بچھو کا ڈسنا۔
لَزِبَ (س) لَـزَبًا و لَزُبَ (ک) لَـزْبًا و لُـزُوْبًـا الطِّیْنُ: چپکنے والی اور سخت ہونا۔
لَزَّبَ الشَّیْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
تَلازَبَ الشَّیْءُ: تہ بہ تہ ہونا۔
اللَزْب: تنگ راستہ۔
اللازِب: فا۔ ثابت۔ کہا جاتا ہے "صَـارَ الاَمْرُ ضَرْبَةَ لازِبٍ" یعنی لازم و ثابت ہو گیا۔ طِیْنٌ لازِبٌ: ہاتھ میں چپکنے والی مٹی۔
اللَزِب: کم۔ تھوڑا۔ ج لِزَاب کہا جاتا ہے "هُوَ عَزَبٌ لَـزِبٌ" اس کے نہ جورو ہے نہ جاتا۔
اللَزْبَة: سختی۔ قحط۔ ج لِـزَب و لَزَبَات سَنَةٌ لَزْبَةٌ: سخت سال۔
المِلْزَاب: بڑا کنجوس۔ ج مَلازِیْب۔
لَزِجَ (س) لَزَجًا و لُزُوْجًا: لیس دار ہونا۔ چپکنے والا ہونا۔ صفت لَـزِج. لَـزِجَ الـعَسَلُ بِاِصْبَعِهِ: شہد کا انگلی میں چپکنا۔
تَلَزَّجَ: چپکنے والا ہونا..... البَقْلُ: نرم ہونے کی وجہ سے بعض کا بعض پر جھکنا..... الـدَّابَّةُ البُقُوْلَ: سبزی کے لئے جانا۔
اللُزُوْجَة: چپک۔ چسپیدگی۔
رَجُلٌ لَزِجَةٌ و لَزِیْجَةٌ: کسی کے گھر ہی پڑے رہنے والا۔ جدا نہ ہونے والا۔

لَزِقَ (س) لُـزُوْقًـا و اَلْـزَقَ بِـهِ: چپکنا (..... لَـزَقًـا) الرِّئَةُ بِـالجَنْبِ: پیاس کی وجہ سے پھیپھڑے کا پہلو سے چپکنا۔
لازَقَهُ لِزَاقًا و مُلازَقَةً: چپکانا۔
اَلْزَقَهُ بِهِ: چپکانا۔
لَـزَّقَ الشَّـیْءَ: چپکانا۔ بغیر مضبوطی کے کام کرنا۔
الـلِـزْق: قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ لِزْقِی او بِلِزْقِی" وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللِزَاق: مص۔ جس سے چپکایا جائے۔ جیسے لئی: گوند وغیرہ۔ لِـزَاقُ الـذَّهَـبِ و لِزَاقُ الحَجَرِ و لِزَاقُ الرُّخَامِ: دواؤں کے نام۔
اللِزَاق: جماع۔
اُذُنٌ لَـزْقَـاءُ: کان جس کا کنارہ سر سے ملا ہوا ہو۔
الـلَـزُوْق و اللازُوْق: زخم کا مرہم جو اچھے ہونے تک چپکا رہے۔
الـلَـزِیْق: قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ لَزِیْقِی" وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللَزِیق: سمندری گھونگا۔
اَللَّزْقَةُ: ہورو والے مقام پر مرہم وغیرہ لگائی گئی۔
الـلَـزَق و اللُزَیْقَاء و اللُزَّیْقَی: خودرو گھاس جو بارش کی صبح میں پتھروں کے نیچے نکل آئے۔
اَلمُلْزَق: خاندان میں ملا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔
لَـزِکَ (س) لَـزَکًـا الجُـرْحُ: بغیر اچھا ہوئے گوشت کا اوپر سے برابر ہو جانا اور یا صواب لذک دال مہملہ سے ہے۔
لَزِمَ (س) لُـزُوْمًـا لَـزْمًا و لِـزَامًا و لَزَامًا و لِـزَامَةً و لُـزْمَةً و لُـزْمَانًا الشَّیْءَ: لازم رہنا ..... بَیْتَـهُ: گھر سے جدا نہ ہونا..... هُ الـمَالُ: واجب ہونا..... الـغَـرِیْمَ و بِـهِ: قرض دار کو چمٹے رہنا..... الاَمْـرُ: حکم واجب ہونا ..... کَـذَا عَـنْ کَـذَا: لازم آنا۔ نتیجہ نکلنا (..... لَزْمًا) الشَّیْءَ: جدا کرنا۔ ممیز کرنا۔
لازَمَهُ لِزَامًا و مُلازَمَةً: چمٹے رہنا اور جدا نہ ہونا۔

اَلْزَمَ اِلْزَامًا الشَّیْءَ: لازم کرنا..... هُ المَالَ والعَمَلَ او بِالمَالِ و بِالعَمَلِ: واجب کرنا اور کہا جاتا ہے "اَلْزَمْتُ خَصْمِی" یعنی میں اپنے خصم پر حجت میں غالب رہا۔
اِلْتَزَمَهُ: بمعنی لازَمَهُ..... فُلانًا: گردن پکڑنا ..... العَمَلَ او المَالَ: اپنے اوپر واجب کر لینا..... القَرْیَةَ او العُشْرَ او غَیْرَهُمَا: مال گزاری یا عشر کا ضامن ہونا (آخری معنی میں مولد ہے)
اِسْتَلْزَمَ الشَّیْءَ: لازم سمجھنا۔ چاہنا۔
اللِزَام: مص۔ موت۔ حساب۔ بہت چمٹنے والا۔ فیصلہ (..... واللَزِم) فیصلہ کرنے والا۔
لَـزَامِ بِـالبِـنَـاءِ عَلَی الکَسْرِ: لگاتار۔ پیوستہ۔ کہا جاتا ہے "ضَـرْبَـةُ لَـزَامِ" یعنی لگاتار مار۔
اللُزَمَة: جدا نہ ہونے والا۔ چمٹا رہنے والا۔
اللُزُوْمِیَّة: اسم ہے لزم سے۔
اَلـمُلازِمُ: بحری فوج کے اندر کمانڈر سے چھوٹا افسر جو کہ لیفٹیننٹ کے برابر ہو۔
اللازِم: فا۔ مؤنث لازِمَة جمع لَوَازِم کہا جاتا ہے "صَارَ الاَمْرُ ضَرْبَةَ لازِمٍ" جیسا کہا جاتا ہے "ضَرْبَةَ لازِبٍ"۔
المِلْزَم و المِلْزَمَة: لوہے یا لکڑی کا شکنجہ ج مَلازِم۔
المَلْزُوْم: مفع۔ لازم کیا ہوا۔
لَزَنَ (ن) لَزْنًا و لَزِنَ (س) لَزَنًا و تَلازَنَ القَوْمُ: ہجوم کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
اللَزْن: مص۔ سختی۔ عَیْشٌ لَزْنٌ: تنگ زندگی مَـاءٌ لَزْنٌ: وہ پانی جو مشکل سے حاصل ہو۔
مَکَانٌ لَزْنٌ و لَزِنٌ و مَلْزُوْنٌ: بھیڑ والی جگہ۔
اللَزْنَة و اللِزْنَة: سختی لَیْلَةٌ لَزْنَةٌ: بھوک سردی یا خوف کی وجہ سے مصیبت کی رات۔ ج لِزَن۔
زَمَانٌ لَزْنٌ: سخت زمانہ۔
اَللازَوَرْدُ و اللاَّزَوَرْدُ: (فارسی لفظ) ایک کان جس کو زیورات میں لگایا جاتا ہے۔

اس کی عمدہ قسم صاف شفاف نیلی سرخ اور سبزی مائل ہوتی ہے۔
اَللاَّزْوَرْدِيّ: جولازورد کے رنگ میں ہو۔
لَسَّ (ن) لَسًّا اَلْقَصْعَةَ: پیالہ چاٹنا۔ لَسَّتِ الدَّابَّةُ الْكَلَأَ: چوپایہ کا زبان کی اطراف سے چرنا...... الطَّعَامَ: کھانا۔
اَلَسَّ الْمَكَانُ: ابتداءً نباتات کا نکالنا۔
اللُّسَاس واللُّسَّاس: ایک سخت اور کھردری گھاس۔ اللُّسَاس: ہریاول جس کو جانور چر نہ سکے اور اطراف زبان سے چرے۔
اللُّسُس: ہوشیار و ماہر اونٹ والے۔
لَسَبَهُ (ض) لَسْبًا الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ لَسَبَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا...... هُ بِلِسَانِهِ: برا بھلا کہنا۔ سخت سست کہنا۔
لَسِبَ (س) لَسَبًا بِهِ: چپکنا...... اَلْعَسَلَ: شہد چاٹنا۔
اَلْسَبَ الْحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ سے ڈسوانا۔
رَجُلٌ لَسَّابَةٌ لِلنَّاسِ: لوگوں کو برا بھلا کہنے والا مرد۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَكَ لَسُوْبًا وَلَسُوْبًا" یعنی کچھ نہیں چھوڑا۔
لَسَدَ (ض) لَسْدًا ولَسِدَ (س) لَسَدًا الْإِنَاءَ: برتن چاٹنا...... الْعَسَلَ: شہد چاٹنا...... اُمَّهُ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
فَصِيلٌ مِلْسَد: بہت چاٹنے والا اور اونٹنی کا بچہ۔
لَسَعَهُ (ف) لَسْعًا: ڈسنا۔ اور کہا گیا ہے کہ لَسَعَ: ڈنگ سے ڈسنے کو اور لَدَغَ منہ سے ڈسنے کو کہتے ہیں۔ بچھو کے لئے تَلَسَّعَ اور سانپ کے لئے تَلَدَّعَ کا استعمال ہے۔
لَسَعَهُ بِلِسَانِهِ: عیب لگانا۔ گفتگو سے تکلیف پہنچانا۔ لَسَعَ فِي الْاَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔
اَلْسَعَ فُلَانًا عَقْرَبًا: بچھو سے ڈسوانا...... بَيْنَ الْقَوْمِ: دشمنی ڈالنا۔ بھڑکا دینا۔
لُسِعَ الرَّجُلُ: خانہ نشین ہونا۔
اللَّسَّاع واللُّسَعَة: لوگوں کو گفتگو سے بہت تکلیف پہنچانے والا۔
اللَّسِيع: ڈسا ہوا۔ ج لَسْعٰى ولُسَعَاء۔

اللُّسُوْع: بہت سے شگاف۔
المِلْسَع: ماہر راہبر۔
المُلَسَّعَة: خانہ نشین جو گھر سے جدا نہ ہو۔
المُلَسِّعَة: مقیم جماعتیں۔
لَسِقَ (س) لُسُوْقًا والتَسَقَ: چپکنا۔
اَلْسَقَ: چپکانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِسْقِي ولَسِيْقِي": وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللَّسُوْق: دوا جو اچھے ہونے تک چپکی رہے۔
المُلَسَّق: خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔
لَسَمَ (ن) لَسْمًا: چکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَسَمَ لِسَامًا" یعنی کچھ نہیں چکھا۔
لَسِمَ (س) لَسَمًا: حیا یا عاجزی کی وجہ سے چپ رہنا۔
لَسِمَهُ لُسُوْمًا: لازم ہونا۔
اَلْسَمَهُ كَلَامًا: سمجھانا۔ کلام سکھانا...... هُ الطَّرِيْقَ: راستہ اختیار کرانا۔ اَلْسَم واسْتَلْسَمَ الشَّيْءَ: ڈھونڈنا۔
لَسِنَ (س) لَسَنًا: فصیح و بلیغ ہونا۔
لَسَنَ (ن) لَسْنًا فُلَانًا: بہتر بیان والا ہونا۔ برائی سے یاد کرنا۔ گفتگو میں غالب آنا۔ لَسَنَتْهُ الْعَقْرَبُ: ڈسنا (...... ولَسَّنَ) الشَّيْءَ: کنارہ کو زبان کے کنارہ کی مانند بنانا۔ زبان کی شکل کا بنانا اور تیز کرنا۔
لَاسَنَ مُلَاسَنَةً الرَّجُلَ: جھگڑے اور گفتگو میں غالب ہونا۔
اَلْسَنَ فُلَانًا قَوْلًا او رِسَالَةً: پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَلْسِنِي فُلَانًا واَلْسِنْ لِي فُلَانًا كَذَا وكَذَا" یعنی فلاں کو میری فلاں فلاں بات پہنچا دو۔
تَلَسَّنَ عَلٰى فُلَانٍ: جھوٹ بولنا۔ افترا کرنا...... الْجَمْرُ: چنگاری سے زبان کی مانند شعلہ بلند ہونا۔
اللِّسْن: زبان۔ لغت۔ گفتگو۔
اللَّسَن: فصاحت۔
اللِّسَان: زبان [illegible]

استعمال ہوتا ہے ج اَلْسِنَة واَلْسُن ولُسْن ولِسَانَات: لغت۔ پیغام۔ لِسَانُ الْعَرَبِ: عرب کی زبان۔ لِسَانُ الْقَوْمِ: قوم کا ترجمان۔ لِسَانُ الْحَالِ: زبانِ حال یا کسی چیز کی ظاہری کیفیت۔ لِسَانُ الصِّدْقِ: اچھی شہرت۔ لِسَانُ الْمِيْزَانِ: ترازو کا وہ حصہ جو تولتے وقت ہاتھ سے پکڑا جائے۔
لِسَانُ النَّارِ: شعلہ۔ لِسَانُ الْحَمَلِ و...... الثَّوْرِ و...... الْكَلْبِ و...... السَّبُعِ و...... الْعَصَافِيْرِ: مختلف نباتات کے نام۔
والحروفُ اللِّسَانِيَّة: ر۔ ز۔ س۔ ش۔ ص۔ ض۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْلِسَانَيْنِ" یعنی فریبی دغاباز۔ منافق۔ غیبت کرنے والا۔
"واَلْسِنَةُ النَّاسِ عَلَيْهِ حَسَنَةٌ" لوگوں کی ثناو تعریف اس کے حق میں اچھی ہے۔
اللَّسِن: جو چیز زبان کی طرح نوکدار ہو (...... والاَلْسَن) فصیح بلیغ۔ مؤنث لَسْنَاء ج لُسْن۔
المُلْسِن: فا۔ فصیح۔ بہت بولنے والا۔
المِلْسَن: پتھر جس کو دروازہ کے اوپر کے حصے میں لگا دیتے ہیں اور اس کے نیچے گوشت کا ٹکڑا رکھ دیتے ہیں۔ جب کوئی درندہ آتا ہے اور اس گوشت کو لینا چاہتا ہے تو پتھر گر پڑتا ہے اور دروازہ بند کر دیتا ہے جس سے درندہ بند ہو جاتا ہے۔
المُلَسَّن: مفع۔ زبان کی طرح نوکدار بنایا ہوا۔
المُلَسِّن: فا۔ حیرت یا فکر کی وجہ سے زبان کو دبانے والا۔
المَلْسُوْن: جھوٹا۔ باتونی کام چور۔ زبان بریدہ۔
لَسَا يَلْسُوْ لَسْوًا: تھوڑا کھانا۔
لَشَّهُ (ن) لَشًّا: دھتکارنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
اللَّشّ: مس۔ ماش۔
لَشْلَشَ: گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنا۔

اَلشَّلاَقُ: [illegible] کانپنے والا۔

لَشَا يَلْشُو لَشْوًا: رفعت کے بعد خسیس ہونا۔

لَاشَى مُلاشَاةً الشَّيْءَ: لاشی: کر دینا۔ معدوم کر دینا (یہ لاشی سے بنایا گیا ہے)

تَلاشَى تَلاشِيًا الشَّيْءُ: معدوم ہونا۔ مضمحل ہونا۔

التَّلاشِي: مص۔ اضمحلال۔

لَصَّ (س) لَصَصًا ولَصَاصًا ولُصُوصِيَّةً ولَصُوصِيَّةً: چور ہونا۔

لَصَّ (ن) لَصًّا البَابَ: بند کرنا...... الشَّيْءَ: چرانا۔ خفیہ طریقہ سے کرنا۔

لَصَّصَ البُنْيَانَ: مضبوط بنانا۔ لغت ہے رَصَّصَ: میں۔

تَلَصَّصَ: چور ہونا۔ چوروں کی عادات اختیار کرنا۔

اللَّصُّ واللِّصُّ واللُّصُّ: چور۔ ج لُصُوص وألْصَاص ولِصَصَة ولِصَاص مؤنث لِصَّة. ج لِصَّات ولَصَائِص.

اَلَصَصُ: مص۔ مونڈھوں کا یا داڑھ کا قریب قریب ہونا اور یہ عیوبِ انسانی سے ہے۔

الأَلَصُّ: قریب قریب مونڈھوں والا۔

اللَّصَّاء. اَلَصُّ: کا مؤنث۔ تنگ پیشانی۔ وہ بکری جس کا ایک سینگ آگے اور دوسرا پیچھے ہو۔ ج لُصّ.

المَلَصَّة: بہت چوروں والی سرزمین۔ اسم جمع بمعنی لُصُوص.

لَصِبَ (س) لَصَبًا. الْجِلْدُ بِاللَّحْمِ: گوشت کا کھال سے لاغری کی وجہ سے چمٹنا۔ الْخَاتَمُ فِي الإِصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں تنگ ہونا۔ السَّيْفُ فِي الْغِمْدِ: تلوار کا میان میں چمٹ کے رہ جانا۔

اِلْتَصَبَ الشَّيْءُ: تنگ ہونا۔

اللِّصْب: وادی میں تنگ جگہ۔ پہاڑ کی چھوٹی گھاٹی۔ ج لُصُوب ولِصَاب.

اللَّصِبُ: بخیل۔ تنگ اخلاق والا۔

اللَّوَاصِب: گہرے تنگ کنوئیں۔

کہا جاتا ہے "سَيْفٌ مِلْصَابٌ" میان میں پھنس کے رہنے والی تلوار۔

طَرِيقٌ مُلْتَصِبٌ: تنگ راستہ۔

اَللِّصْت واللَّصْت واللُّصْت: چور۔ ج لُصُوت.

لَصَغَ (ف) لُصُوغًا الجِلْدُ: کھال کا لاغری کی وجہ سے ہڈی پر خشک ہونا۔

لَصِفَ (س) لَصَفًا الْجِلْدُ: کھال کا ہڈی پر خشک ہونا اور چمٹنا۔

لَصَفَ (ن) لَصْفًا الْحِجَارَةَ: ترتیب سے جوڑنا (...... لَصَفًا ولَصِيفًا ولُصُوفًا) لَوْنُهُ: رنگ کا چمکنا۔

لَصِقَ (س) لَصَقًا ولُصُوقًا والْتَصَقَ بالشَّيْءِ: چپکنا۔

أَلْصَقَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: چپکانا...... بِعُرْقُوبِ البَعِيرِ: زخمی کرنا۔

لاصَقَهُ مُلاصَقَةً: چپکانا۔

اللِّصْق واللَّصِيق: جو شخص یا چیز قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِصْقِي وبِلِصْقِي ولَصِيقِي" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللَّصُوق: زخم کا مرہم جو چپکا رہے۔ عضو پر باندھنے کی پٹی۔

المُلْصَق: مفع۔ خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔ مؤنث مُلْصَقَة.

لَصْلَصَ الْوَتَدَ ونَحْوَهُ: اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔

لَصَا يَلْصُو لَصْوًا. الْمَرْأَةَ: عورت پر تہمت لگانا۔ گالی دینا۔ لَصَاهُ ولَصَا إلَيْهِ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔

لَصَى يَلْصِي لَصْيًا ولَصِيَ يَلْصَى لَصًى إلَيْهِ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔ لَصَاهُ لَصْيًا: عیب لگانا۔ وَلَصِيَ الرَّجُلُ: گنہگار ہونا۔

اللَّصَاة: عیب۔

لَضْلَضَ لَضْلَضَةً: دائیں بائیں بہت زیادہ التفات کرنا۔

اللَّضْلاضُ: ماہر راہبر۔

لَضَمَهُ (ن) لَضْمًا: سختی کرنا۔ اصرار کرنا۔

لَضَا يَلْضُو لَضْوًا الرَّجُلُ: راہبری میں ماہر ہونا۔

لَطَّ (ض) لَطًّا البَابَ: دروازہ بند کرنا...... الشَّيْءَ: چھپانا...... السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔ الرَّجُلَ حَقَّهُ وعَنْ حَقِّهِ: حق کا انکار کر دینا...... عَنْهُ وعَلَيْهِ الْخَبَرَ: پوشیدہ رکھنا...... بِالأَمْرِ: لازم ہونا...... الشَّيْءُ بِكَذَا: چمٹانا۔ لَطَّتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: اونٹنی کا دوڑنے میں دم کو رانوں میں دبا لینا۔

لَطَّهُ (ن) لَطًّا بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا۔

أَلَطَّ عَلَيْهِ الأَمْرَ: چھپانا...... الرَّجُلُ: جھگڑے یا معاملے میں سختی کرنا...... الْغَرِيمُ: حق روکنا۔ فُلانًا: مدد کرنا۔ أَلَطَّ بِالْحِجَابِ: پردہ لٹکانا۔ (...... وتَلَطَّطَ) حَقَّ فُلانٍ: انکار کرنا۔ اور تین طا کے اکٹھے ہونے کی وجہ سے تَلَطَّى حَقَّهُ: بھی کہا جاتا ہے۔

اِلْتَطَّ: چھپنا...... الشَّيْءَ: چھپانا۔ اِلْتَطَّ بِالْمِسْكِ: مشک سے لت پت ہونا۔

اللَّطُّ: مص۔ اندرائن کے رنگین دانوں کا ہار۔ ج لِطَاط. اللَّطُّ: خصم۔

اللَّطَّة واللَّطِيطَة: سویاں۔

اللَّطَط: قرض خواہ کا قرض روکنا۔ دانتوں کا گرنا یا دانتوں کا کھدر جانا۔ چیز کا چھپانا۔

اللَّطَاط والمِلْطَاط: پہاڑ کی بالائی چوٹی کا کنارہ۔ پہاڑ کا پہلو۔

اللِّطَاط: وادی کا کنارہ۔

اللاَّطُّ: فا (...... والمُلِطّ) خبیث۔ وہ شخص جس کے ساتھی بھی سب خبیث ہوں۔

الأَلَطُّ: جس کے دانت گر گئے ہوں یا جس کے دانتوں کو کیڑوں نے کھا لیا ہو اور جڑیں باقی رہ گئی ہوں۔

المِلْطَاط: سمندر کا کنارہ۔ کشادہ راہ گزر، گھر کا صحن۔ پلاستر کرنے والوں کی کرنی۔ بیلن۔ چکی یا ہتھ چکی۔ زخم جو دماغ تک پہنچ

جائے۔ وادی کا کنارہ۔

المَلطُوط: مقع تَرسٌ مَلطُوطٌ: اوندھی کی ہوئی ڈھال۔

لَطَأَ (ف) لُطُوءًا ولَطِئَ لَطَأً بالأرضِ: زمین سے چمٹنا۔ لَطَأَهُ بِالعَصَا: پیٹھ پر لاٹھی سے مارنا۔

اللاطِئَة: اچھا نہ ہونے والا پھوڑا۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ چھوٹی ٹوپی جو سر سے چپک کے رہ جائے۔

اللَّطَأ: بھیڑیا۔ شکاری۔

المِلطَأ والمِلطَأَة: سر کے گوشت اور ہڈی کے درمیان باریک جھلی۔

لَطَثَهُ (ن) لَطثًا: چوڑی چیز سے مارنا۔ تھپڑ مارنا...... ہُ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔ لَطَثَ الشَّيءَ: جمع کرنا...... الشَّيءَ: بگاڑنا۔ خراب کرنا...... ہُ الأمرُ: دشوار ہونا۔

تَلاطَثَ المَوجُ: موجوں کا ٹکرانا...... القَومُ: ہاتھوں سے ایک دوسرے کو مارنا۔

المَلاطِث: جسم کے وہ حصے جو مار یا بوجھ اٹھانے کی وجہ سے درد کر رہے ہوں۔

لَطَحَهُ (ف) لَطحًا: باطن کف دست سے مارنا۔ تھپکی دینا۔ لَطَحَ بِہِ: زمین پر پٹک دینا۔

لَطَخَ (ف) لَطخًا ولَطَّخَ الشَّيءَ بالمِدادِ ونحوِہِ: آلودہ کرنا...... ہُ بِشَرٍّ: شر کی نسبت کرنا۔

تَلَطَّخَ: آلودہ ہونا...... بِأَمرٍ قَبِيحٍ: ملوث ہونا...... بِشَرٍّ: برائی کا ارتکاب کرنا۔

اللَّطخ: مص۔ تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے سَمِعتُ لَطخًا مِن خَبَرٍ: میں نے تھوڑی سی خبر سنی "وفي السَّماءِ لَطخٌ مِنَ السَّحابِ" آسمان میں تھوڑا سا بادل ہے۔

اللَّطِيخ: گندی غذا کھانے والا۔ وہ چیز جو اپنے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں لتھیڑی گئی ہو۔

اللَّطُوخ: جس سے کسی چیز کو آلودہ کریں۔

اللُّطَخَة: بے وقوف۔ ج لُطَخات۔

اللَّطِيخ: بے وقوف۔

لَطَسَهُ (ن) لَطسًا: طمانچہ مارنا۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ لَطَسَ الشَّيءَ: سخت کوٹنا...... ہُ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا...... الشَّيءَ: سخت روندنا...... الحَجَرَ بالحَجَرِ: پتھر کو پتھر سے مارنا۔

لاطَسَهُ مُلاطَسَةً: آلودہ ہونا۔ لتھڑنا۔

تَلاطَسَ المَوجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا۔

المِلطَس ج مَلاطِس. المِلطاس. ج مَلاطِيس: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ پتھر توڑنے کی سخت اور بڑی کدال۔ پتھر یا چکی میں کھودنے کا آلہ۔ اونٹ کا کھر۔

لَطَشَ يَلطُشُ: ہاتھ کے ساتھ مارنا۔

لَطَّشَ الثِّيابَ: کپڑے خراب کرنا۔

لَطَعَ (ف) ولَطِعَ (س) لَطعًا. الشَّيءَ بِلِسانِہِ: زبان سے چاٹنا...... فُلانًا: پیچھے سے لات مارنا۔ لَطَعَ الغَرَضَ: نشانہ لگانا...... فُلانًا بِالعَصا: لاٹھی مارنا...... عَينَہُ: آنکھ پر طمانچہ مارنا...... الكَلبُ او الذِّئبُ الماءَ: پینا...... اِسمَہُ: نام کو دیوان سے مٹا دینا۔ دیوان میں نام لکھنا۔ لَطَعَتِ البِئرُ: کنوئیں کا پانی خشک ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "لَطَعَ اِصبَعَہُ" یعنی مر گیا۔

لَطِعَ (س) لَطَعًا: دانتوں کا گرنا اور جڑوں کا باقی رہنا۔ صفت اَلطَع۔

تَلَطَّعَتِ الإبِلُ: اونٹ کا بڑھاپے کی وجہ سے بے دانت ہونا۔

اِلتَطَعَ: برتن یا حوض کا سب پانی پی جانا...... الشَّيءَ: چاٹنا۔

اللَّطع: مص۔ تالو۔ ج اَلطاع۔

اللَّطعاء. الأَلطَع: کا مؤنث۔ دبلی پتلی۔ ج لُطع۔

اللَّطَع: مص۔ ہونٹ کے اندر کی سفیدی۔

رَجُلٌ لُطَعٌ: کمینہ آدمی۔

اللَّطّاع: کھا کر انگلیوں کو چاٹنے والا۔

لَطَفَ (ن) لُطفًا بِفُلانٍ ولِفُلانٍ: مہربانی کرنا...... اللهُ بِالعَبدِ ولَهُ: توفیق دینا۔ بچانا...... [illegible]

لَطُفَ (ک) لُطفًا ولَطافَةً: باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ صفت لَطِيف. كَلامُہُ: نرم ہونا اور کہا جاتا ہے "لَطُفَ عَنہُ" چھوٹا ہونا و "لَطُفَ بِہِ" اس کے ساتھ مہربانی کی گئی۔

لَطَّفَ الشَّيءَ: نرم بنانا۔ باریک کرنا۔

لاطَفَہُ مُلاطَفَةً: بھلائی کرنا۔ نرمی برتنا۔ نرم گفتگو کرنا۔

اَلطَفَ السُّؤالَ: خوبصورتی سے سوال کرنا...... ہُ بِكَذا: تحفہ دینا۔ بھلائی کرنا۔ اَلطَفَ الشَّيءَ بِجَنبِہِ: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔

تَلَطَّفَ: خاکساری کرنا...... بِہِ: حیلہ کر کے بھیدوں کو معلوم کرنا...... الأمرَ وفي الأمرِ: نرمی برتنا۔

تَلاطَفَ القَومُ: باہم میل ملاپ کرنا۔

تَلاطَفُوا فِي الأمرِ: باہم نرمی برتنا۔

اِستَلطَفَہُ: لطیف پانا۔ اِستَلطَفَ الشَّيءَ بِجَنبِہِ: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔

اللَّطَف: بھلائی کرنا۔ تحفہ دینا۔ تحفہ۔ تھوڑا کھانا۔ ج اَلطاف کہا جاتا ہے "هٰؤُلاءِ اَلطافُ فُلانٍ" یہ لوگ فلاں کے اصحاب اور اہل ہیں۔

اللَّطَفَة: تحفہ۔ ہدیہ۔

اللُّطف: مص...... مِن قِبَلِ اللهِ: توفیق و عصمت خداوندی۔ ج اَلطاف۔

اللَّطِيف: باریک۔ نرم۔ پاکیزہ۔ مہربان ج لِطاف ولُطَفاء. اللَّطِيف: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ یعنی بندوں کے ساتھ بھلائی اور احسان کرنے والا اور باریک سے باریک امور کا جاننے والا۔

اللَّطِيفُ مِنَ الكَلامِ: کلام غامض جس کے معنی پوشیدہ ہوں...... مِنَ الأجرامِ: نازک جسم۔

اللَّطّاف: بہت نرمی برتنے والا۔

اللَّطِيفَة: لطیف کا مؤنث۔ نکتہ جس سے انبساط پیدا ہو۔ ج لَطائِف۔

اللَّواطِف. مِنَ الأضلاعِ: سینہ کے قریب پہلو کی ہڈیاں۔

اللُّطْفَان: مہربان۔ نرمی کرنے والا۔
التَّلْطِيف: مص...... عِنْدَ القُرَّاءِ: حرکت کو حرف کی جانب جھکا دینا۔
لَطَمَهٗ (ض) لَطْمًا: تھپڑ مارنا...... هٗ بِكَذَا: چپکانا۔ لَطَمَتِ الغُرَّةُ الفَرَسَ: ایک جانب چہرہ پر سفید داغ ہونا۔
لُطِمَ الفَرَسُ: گھوڑے کے ایک رخسارہ پر سفید داغ ہونا۔ صفت لَطِيْم (مذکر و مؤنث) ج لُطُم۔ لُطِمَ الرَّجُلُ: ظلم کیا جانا۔
لَطَّمَهٗ: زور سے تھپڑ مارنا۔ لَطَّمَ الكِتَابَ: خط پر مہر لگانا۔
لَاطَمَهٗ لِطَامًا ومُلَاطَمَةً: تھپڑ مارنا۔ ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
تَلَطَّمَ وَجْهُهٗ: چہرے کا خاکستری رنگ کا ہونا۔
تَلَاطَمَتْ والْتَطَمَتِ الأَمْوَاجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا...... القَوْمُ: باہم طمانچہ مارنا۔
اللَّطْمَة. لَطَم: کا اسم مرۃ۔ ج لَطَمَات۔
اللَّطِيْم: طمانچہ زدہ۔ ایک رخسارے پر سفیدی والا گھوڑا۔ میدان گھوڑ دوڑ کا نواں (۹) گھوڑا۔ مشک۔ جوان اونٹ۔ لڑکا جس کے ماں باپ دونوں مر گئے ہوں۔
اللَّطِيْمَة: مشک۔ مشک کا نافہ۔ عطر فروشوں کا بازار۔ ج لطائم۔
المَلْطَم: رخسارہ۔
المِلْطَم: بچھانے کا چمڑا۔
المَلْطِم: وہ موقع جہاں پر سمندر کی موجیں ٹوٹ جائیں۔
المُلَطَّم: مقع۔ لئیم و ناکس۔
لَطَهَهٗ (ن ض) لَطْهًا: تھپڑ مارنا۔
لَطَا يَلْطُوْ لَطْوًا: بارش وغیرہ سے کسی غار یا پتھر کی پناہ لینا۔
لَطَى يَلْطِى لَطْيًا الرَّجُلُ: زمین سے چمٹنا۔
لَطِى يَلْطَى لَطًى الرَّجُلُ: بوجھل کرنا۔
فُلَانًا بِذٰلِكَ: کسی چیز کے متعلق گمان کرنا۔
تَلَطَّى تَلَطِّيًا عَلَى العَدُوِّ: دشمن کی غفلت کا انتظار کرنا۔
اللَّطَاة: زمین۔ جگہ۔ پیشانی یا پیشانی کا درمیانی حصہ۔ لَطَاةُ الرَّجُلِ: مرد کا سامان۔ کہا جاتا ہے "اَلْقٰى بِلَطَاتِهٖ" اس نے اپنا بوجھ اتار دیا۔
اللُّطَاة: چور جو تم سے قریب ہوں۔
المِلْطَى والمِلْطَاة: سر کی ہڈی اور گوشت کے درمیان باریک جھلی۔
لَظَّهٗ (ن) لَظًّا ولَظِيْظًا: لازم ہونا۔ اصرار کرنا۔ لَظَّ بِالشَّيْءِ: چمٹے رہنا۔ لَظَّهٗ لَظًّا: دھتکارنا۔
لَاظَّهٗ لِظَاظًا ومُلَاظَّةً فِي الحَرْبِ: اصرار کرنا۔
أَلَظَّ: اصرار کرنا...... المَطَرُ: لگاتار برسنا...... بِالمَكَانِ: اقامت کرنا...... بِالشَّيْءِ: چمٹے رہنا۔ اور جدا نہ ہونا۔
تَلَاظَّ القَوْمُ فِي الحَرْبِ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَلَظْلَظَتْ تَلَظْلُظًا الحَيَّةُ: سخت غصہ سے سر ہلانا۔
اللَّظُّ: مص سخت عادت کا مرد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَظٌّ كَظٌّ" تابع مہمل ہے۔
المُلَظَّة: پیغام۔
المِلَظُّ والمِلْظَاظ: سخت اصرار کرنے والا۔
اللَّظَا: تھوڑی چیز۔
لَظْلَظَتْ لَظْلَظَةً الحَيَّةُ رَاسَهَا: سانپ کا سخت غصہ سے سر ہلانا۔
تَلَظْلَظَتِ الحَيَّةُ: سانپ کا سخت غصہ سے لہرانا۔
اللَّظْلَاظ مِنَ الرِّجَالِ: درشت خو۔ سختی کرنے والا۔ فصیح۔ يَوْمٌ لَظْلَاظٌ: گرم دن۔
لَظِيَتْ تَلْظَى لَظًى النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔
لَظَّى تَلْظِيَةً النَّارَ: آگ کا بھڑکانا۔
تَلَظَّتْ والْتَظَتِ النَّارُ: آگ بھڑکانا۔
تَلَظَّى والْتَظَى فُلَانٌ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
تَلَظَّتِ المَفَازَةُ: بیابان میں گرمی کی بھڑک کا تیز ہونا...... الحَيَّةُ مِنَ السَّمِّ: پھنپھنانا۔
اللَّظَى: مص۔ آگ یا آگ کی بھڑک۔
لَظَى مَعْرِفَةً: دوزخ۔ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
أَلْمَعَ المَكَانُ: ابتدائی روئیدگی کو اگانا۔
تَلَمَّى اللُّعَاعَ: ابتدائی روئیدگی کو کھانا۔ ابتدائی روئیدگی کو جمع کرنا (اصل تَلَعَّعَ ہے ایک عین کو یاء سے بدل دیا گیا ہے۔)
اللُّعَاع: ابتدائی روئیدگی واحد لُعَاعَة ہے اور اسی سے ہے "إِنَّمَا الدُّنْيَا لُعَاعَةٌ" یعنی دنیا ابتدائی روئیدگی کی مانند ہے جس کے لئے بقا نہیں۔
اللُّعَاعَة: کاسنی۔ ارزانی سال۔ دنیا ایک گھونٹ۔ لُعَاعَةُ الإِنَاءِ: برتن کا خالص حصہ اور کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ إِلَّا لُعَاعَةٌ" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہا۔ ج لُعَاع۔
اللَّعَّاعَة: بتکلف سر نکالنے والا۔ کہا جاتا ہے "مُطْرِبٌ لَعَّاعَةٌ"۔
اللَّعَّةُ مِنَ النِّسَاءِ: خوبصورت پاک دامن عورت۔
عَسَلٌ مُتَلَعِّعٌ: شہد جس کا گاڑھے پن کی وجہ سے تار نہ ٹوٹے۔
لَعَبَ ولَعِبَ (س) لَعْبًا الصَّبِيُّ: رال ٹپکانا۔
لَعِبَ (س) لَعْبًا ولِعْبًا ولَعِبًا وتِلْعَابًا: کھیل کرنا۔ مزاح کرنا۔ لذت و تفریح کے لئے کوئی فعل کرنا۔ ایسا فعل کرنا جس پر کوئی نفع متصور نہ ہو...... بِكَذَا: کھیل کی چیز بنانا...... فِي الأَمْرِ: سبک سمجھنا۔ لَعِبَتِ الرِّيَاحُ بِالدِّيَارِ: گھروں پر ہوائیں قابض ہو گئیں یعنی مکانات ویران و برباد ہو گئے۔
لَعَّبَ بمعنی لَعِبَ۔
أَلْعَبَ بمعنی لَعِبَ...... هٗ: کھلانا یا کھیل کی چیز لانا...... الصَّبِيُّ: رال ٹپکانا۔
لَاعَبَهٗ مُلَاعَبَةً: باہم کھیلنا۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود کرنا۔

تَلاعَبَ وتَلَعَّبَ: بمعنی لَعِبَ کہا جاتا ہے "لَعِبَتْ بِهِمُ الهُمُوْمُ وتَلَعَّبَتْ بِهِمْ" ان کے ساتھ غموں نے کھیل کود کیا یعنی ان پر غم واقع ہوئے۔

اِسْتَلْعَبَتِ النَّخْلَةُ: خرما باقی رہتے ہوئے دوبارہ شگوفہ دار ہونا۔

اللَعْبَة. لَعِب: کا اسم مرۃ۔

اللِعْبَةُ. لَعِب: کا اسم نوع۔

اللُعْبَة: کھیل۔ کھیل کی باری۔ کہا جاتا ہے "اُقْعُدْ حَتّٰى اَفْرُغَ مِنْ هٰذِهِ اللُعْبَة" جب تک میں اس کھیل کی باری سے فارغ ہوں بیٹھو۔ جس سے کھیلا جائے جیسے شطرنج۔ گڑیا وغیرہ۔ بے وقوف جس کا مذاق بنایا جائے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لُعْبَةٌ" یعنی ایسا مرد جس سے کھیل وتفریح کیا جائے ج لُعَب.

الاُلْعُوبَة: کھیل۔

اللُعَاب: منہ کی رال۔ لُعَابُ النَحْلِ: شہد لُعَابُ الْحَيَّةِ ونَحْوِهَا: سانپ وغیرہ کا زہر۔ لُعَابُ الشَمْسِ: وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر کے وقت چلچلاتی دھوپ میں مکڑی کے جالے کی مانند فضاء میں اوپر سے نیچے اُترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اور اس کو مَخَاطُ الشَّيْطَان بھی کہتے ہیں۔

لُعَابُ السَفَرْجَلِ ونَحْوِهٖ: ایک قسم کی دوا ہے جو بہی کے بیج سے تیار کی جاتی ہے۔

اللُعَابِيّ. لُعَاب: کی جانب منسوب۔

اللُعَابِيَّة: پھلوں کا رس۔

اللَعِب: مص کھیلنے والا۔

اللَعُوب: ناز و انداز والی حسینہ۔ کہا جاتا ہے "جَارِيَةٌ لَعُوبٌ" ج لَوَاعِب ولَعَائِب.

اللُعَبَة واللَعَّاب واللِعِّيب والتَلْعَاب والتِلِعَّاب والتَلْعَابَة والتِلْعَابَة والتِلِعَاب والتِلِعَّابَة والتِلْعِيبَة والاُلْعُبَان: بڑا کھلاڑی۔ بڑا مذاق کرنے والا۔ اللَعَّاب: بازی گر۔

المَلْعَب: کھیل کی جگہ۔ ج مَلاعِب.

مَلاعِبُ الرِيَاح: ہواؤں کی آمد و رفت کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ فِي مَلاعِبِ الجِنِّ" میں نے اس کو گمنام جگہ میں چھوڑ دیا۔

المِلْعَبَة والمُلْعِبَة: بے آستین کی قمیص کہ جس کو پہن کر بچے کھیلتے ہیں۔

المُلاعِب: فا۔ مُلاعِبُ ظِلِّه: ایک پرندہ ہے جس کی گردن چھوٹی ہوتی ہے اور بازو بڑے ہوتے ہیں۔

ثِغْرٌ مَلْعُوبٌ: رال بہانے والے دانت۔

لَعِثَ (س) لَعَثًا: سست ہونا۔ صفت اَلْعَث: مؤنث لَعْثَاء. ج لُعْث.

لَعْثَمَ وتَلَعْثَمَ فِي الْاَمْرِ: توقف کرنا۔ ٹھہرنا۔ غور سے دیکھنا۔ ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "سَاَلْتُه عَنْ شَيْءٍ فَلَمْ يَتَلَعْثَمْ" یعنی میں نے اس سے فلاں چیز کے متعلق دریافت کیا تو اس نے جواب دینے میں تاخیر نہیں کی "وَمَا تَلَعْثَمَ عَنْ شَيْءٍ" نہ تو وہ پیچھے ہٹا اور نہ تاخیر کی۔

لَعَجَ (ف) لَعْجًا الضَرْبُ فُلانًا: تکلیف پہنچانا اور کھال میں سوزش ہونا...... الشَيْءُ فِي صَدْرِهٖ: کھٹکنا...... الحُبُّ اَو الحُزْنُ فِي قَلْبِهٖ: گرمی پھونکنا۔

لاعَجَه مُلاعَجَةً الْاَمْرُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔

اَلْعَجَ النَارَ فِي الحَطَبِ: آگ کو سلگانا۔

اِلْتَعَجَ: غم سے جلنا۔

اللاعِج: فا۔ دلِ سوز محبت۔ ج لَوَاعِج.

اللَعَج: ہر جلانے والی چیز۔ مار کی تکلیف۔ جلن۔

لَعْذَمَ فِي الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ تامل کرنا۔

تَلَعْذَمَ عَنِ الكَلامِ: حیرت سے متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرَاَفَمَا تَلَعْذَمَ" اس نے پڑھا تو نہ تو ٹھہرا اور نہ متردد ہوا "وَمَا تَلَعْذَمْنَا شَيْئًا" ہم نے کچھ نہیں کھایا۔

اللَعْذَمِيّ: لالچی۔

النَاقَةُ فَصِيلَهَا: بچے کو زبان سے چاٹنا...... المَرْاَةَ: جماع کرنا۔

لَعَسَهُ (ف) لَعْسًا: دانت سے کاٹنا۔

لَعِسَ (س) لَعَسًا: سیاہی مائل سرخ ہونٹ والا ہونا۔ خوبصورت سیاہ ہونٹ والا ہونا۔ صفت اَلْعَس مؤنث لَعْسَاء ج لُعْس. ولَعِسَت الشَفَةُ: سیاہی مائل سرخ ہونا۔ بہترین سیاہ ہونا۔

اللُعْسَة: سیاہی مائل سرخ رنگ۔ کہا جاتا ہے "مَاذُقْتُ لَعُوْسًا" میں نے کچھ نہیں چکھا۔

اللَعُوس: کم خوراک۔ حریص۔ بھیڑیا۔ ج لَعَاوِس.

الاَلْعَسُ مِنَ النَبَات: گنجان پودہ۔

المُتَلَعِّس مِنَ الرِجَال: بہت کھاؤ۔

لَحْمٌ مَلْعُوسٌ: کچا سرخ گوشت۔

تَلَعْسَمَ فِي اَمْرِهٖ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔

لَعِصَ (س) لَعَصًا الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔ الرَجُلُ فِي الْاَكْلِ والشُرْبِ: بہت حرص سے کھانا۔ پینا۔ صفت لَعِص.

تَلَعَّصَ عَلَيْنَا: سختی کرنا...... الرَجُلُ: کھانے پینے میں بہت حریص ہونا۔

لَعَضَهُ (ف) لَعْضًا بِلِسَانِهٖ: زبان سے لینا۔

اللَعُوض: گیدڑ۔

لَعَطَ (ف) لَعْطًا: دوڑنا۔ لَعَطَتِ الْاِبِلُ: گھروں کے اردگرد چرنا...... هٗ: گردن کے عرض میں داغ لگانا...... هٗ بِاَبْيَاتٍ: اشعار میں ہجو کرنا...... هٗ بِسَهْمٍ او بِعَيْنٍ: تیر یا نظر بد لگانا...... هٗ بِحَقِّهٖ: ٹال مٹول کرنا......

المَاشِيَةُ النَبَاتَ: جانور کا نباتات کو چرنا۔

اَلْعَطَ الرَجُلُ: پہاڑ کے دامن میں چلنا۔

اِلْتَعَطَتِ الْاِبِلُ: چراگاہ میں دور نہ جانا اور گھروں کے اردگرد ہی چرنا۔

اللَعْط: مص۔ واحد الاَلْعَاط: سیاہ یا زرد خطوط جو عورتیں اپنے چہرہ پر کرتی ہیں۔

اللُعْط: دیوار یا پہاڑ کا پہلو۔ لُعْطُ الرَمْلِ: ریت کا گوشہ۔ لُعْطُ الجَبَلِ: دامن کوہ۔

اللُّعْطَة: اسم ہے لَعَط کا سیاہی یا زردی کا خط جو عورتیں اپنے رخسارے پر کرتی ہیں۔ بکری کے گردن کی سیاہی۔ شکرے کے چہرے کی حیرگی۔

اللَّعْطَاء: گردن میں سیاہ داغ والی بکری۔

المَلْعَط: گھروں کے اردگرد کی چراگاہ۔ ج مَلَاعِط.

المُلَعْطَعَة: فربہ دراز لڑکی۔

اَلْعَفَ وتَلَعْفَفَ الْاَسَدُ او البَعِيرُ: شیر یا اونٹ کا بار بار آنکھ کھولنا اور بند کرنا۔ غضبناک ہونا اور حملہ کے لئے تیار ہونا۔

لَعِقَ (س) لَعْقًا ولُعْقَةً ولَعْقَةً العَسَلَ ونَحْوَهُ: شہد کو زبان یا انگلی سے چاٹنا۔ صفت لَاعِق ج لَعَقَة کہا جاتا ہے "لَعِقَ فُلَانٌ اِصْبَعَه" یعنی مرگیا۔

اَلْعَقَ ولَعَّقَ: چٹانا۔ اَلْعَقَ النَّسَّاجُ الثَّوْبَ: ہلکے کتائی کے دھاگے سے بننا۔

اُلْعِقَ...... لَوْنُهُ: رنگ سے متغیر ہونا۔

اللَّعْقَة: مص۔ اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "فِي الْاَرْضِ لَعْقَةٌ مِنْ رَبِيعٍ" زمین میں تھوڑی سی سبزی ہے۔

اللُّعْقَة: مص چمچہ یا انگلی میں جتنا آئے۔ چاٹنے کے قابل چیزوں میں سے تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَغِقٌ لَعِقٌ" یعنی لالچی مرد۔

اللُّعَاق: چاٹی ہوئی چیز کا وہ حصہ جو منہ میں باقی رہ جائے۔

اللَّعُوق: ہر وہ چیز جو چاٹی جا سکے جیسے شہد، دوا وغیرہ۔ چٹنی۔ تھوڑا سا توشہ۔ کہا جاتا ہے "مَا مَعَنَا اِلَّا لَعُوقٌ" ہمارے ساتھ صرف تھوڑی سی چیز ہے۔

المِلْعَقَة: چمچہ۔ ج مَلَاعِق.

اللِّعْقِط: بدزبان عورت۔

لَعَلَّ: حرف مشبہ بالفعل میں سے ہے۔ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور توقع کا فائدہ دیتا ہے جیسے لَعَلَّ الْحَبِيبَ قَادِمٌ: اور خوف کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے جیسے "لَعَلَّ السَّنَةَ نَازِلَةٌ" اور ایسے ممکن کے ساتھ خاص ہے جس کے حصول کا وثوق نہ ہو۔ (مفردات امام راغب اصفہانی میں ہے کہ بعض مفسرین نے بیان کیا ہے کہ لَعَلَّ: جب باری تعالیٰ عَزَّ اِسْمُهٗ کی طرف سے ہو تو وجوب کے معنی ہوتے ہیں اور قرآن پاک کے بہت سے مواقع میں لَعَلَّ: کی تفسیر اس سے کی گئی ہے) اس کے لام اوّل کو حذف کر کے عَلَّ بھی کہا جاتا ہے اور اس پر ما کافہ بھی داخل ہوتا ہے جیسے لَعَلَّمَا اَضَاءَتْ لَكَ النَّارُ اور اس کے ساتھ جب یاء متکلم متصل ہو تو اکثر نون وقایہ نہیں لاتے۔ کہا جاتا ہے "لَعَلِّي" اور "لَعَلَّنِي" بھی۔

اللَّعْل: ایک مشہور نہایت بیش قیمت پتھر۔

لَعْلَعَ العَظْمَ ونَحْوَهُ: ہڈی توڑنا...... الرَّعْدُ: بادل کا گرجنا...... السَّرَابُ: سراب کا چمکنا...... مِنَ الشَّيْءِ: تنگ دل ہونا۔ رنج ہونا...... مِنَ الْجُوعِ: بھوک کی وجہ سے غمگین ہونا...... بِالْعَاثِرِ: پھسلنے والے سے لَعْ یا لَعْلَعْ یا لَعًا: کہنا۔

تَلَعْلَعَ: ٹوٹنا...... مِنَ الْجُوعِ: بلبلانا اور پیچ و تاب کھانا...... الرَّجُلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے کمزور ہونا...... السَّرَابُ: سراب کا چمکنا...... الْكَلْبُ: کتے کا پیاس کی وجہ سے زبان لٹکانا۔

اللَّعْلَع: سراب۔ بھیڑیا۔ ایک حجازی درخت۔

اللَّعْلَاع: بزدل۔

عَسَلٌ مُتَلَعْلِعٌ: شہد جس میں لمبا تار نکلے۔

تَلَعْلَمَ فِي اَمْرِهِ: دیر لگانا۔

اللَّعَم: لعاب دہن۔

لَعْمَظَ لَعْمَظَةً ولَعْمَاظًا اللَّحْمَ: ہڈی سے گوشت چھوڑنا۔

اللَّعْمَظ واللُّعْمُوظ واللُّعْمُوظَة: بہت حریص و خواہش مند۔ ج لَعَامِظَة ولَعَامِيظ. اللُّعْمُوظ: طفیلی۔ صرف کھانے پر خدمت کرنے والا۔ رَجُلٌ لَعْمَظَة: بہت حریص۔

اللِّعْمَاظ: مص۔ ڈینگ مارنے والا۔

لَعَنَ (ف) لَعْنًا فُلَانًا: لعنت کرنا۔ رسوا کرنا۔ گالی دینا۔ خیر سے بعید کرنا۔ دھتکارنا۔ لَعَنَ نَفْسَهُ: عَلَيَّ لَعْنَةُ اللّٰهِ: کہنا۔ اپنے اوپر لعنت کرنا۔

لَعَّنَهُ تَلْعِينًا: عذاب دینا۔

لَاعَنَهُ لِعَانًا ومُلَاعَنَةً: ایک دوسرے پر لعنت کرنا...... الْحَاكِمُ بَيْنَهُمَا: فیصلہ کرنا۔

اِلْتَعَنَ: اپنے اوپر لعنت کرنا (...... وتَلَاعَنَ) بعض کا بعض پر لعنت کرنا۔

اللَّعْن: مص "وَاَبَيْتَ اللَّعْنَ" زمانہ جاہلیت میں بادشاہوں کے لئے سلام۔ یعنی اے بادشاہ تو ایسے فعل سے باز رہ جو مستحق لعنت ہو۔

اللَّعْنَةُ. لَعَنَ: کا اسم مرۃ۔ لعنت۔ عذاب ج لِعَان ولَعَنَات.

اللَّعَان واللَّعَانِيَة: اسم ہیں لعنت سے۔

اللَّاعِن: فا۔ اَمْرٌ لَاعِنٌ: باعث لعنت۔

اللَّعَّان: بہت لعنت کرنے والا۔

اللُّعْنَةُ: جس پر لوگ بہت لعنت کریں۔

اللُّعَنَة: جو لوگوں پر بہت لعنت کرے۔ ج لُعَن.

اللَّعِين: لعنت کیا ہوا۔ گالی دیا ہوا۔ دھتکارا ہوا۔ بدبخت۔ مسخ کیا ہوا۔ رسوا۔ ہلاک شدہ۔ شیطان۔ اچکا (جو کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا جاتا ہے)

اللَّعِينَة: بمعنی ملعون جیسے رَهِينَةٌ: بمعنی مَرْهُونٌ.

المَلْعَنَة: پاخانہ۔ ج مَلَاعِن (...... واللَّاعِنَة) وسط راستہ۔

المَلْعُون: مفع۔ ج مَلَاعِين.

تَلَعَّى الْعَسَلُ: شہد کا گاڑھا ہونا...... اللُّعَاعَ اي اَوَّلَ النَّبَاتِ: ہریاول نکلنا۔ شروع ہونا۔

اَلْعَتِ الْاَرْضُ: ہریاول والی زمین ہونا۔

اللَّعْو: بدخلق۔ کمینہ۔ لالچی۔ ج لِعَاء.

اللَّغْوَة. اللَّغْو : کا مؤنث ۔ سرپستان کے اردگرد کی سیاہی ۔ لَغْوَةُ الْجُوْع : بھوک کی تیزی (...... واللَّعَاة) کتیا ۔ كَلْبَةٌ او ذِئْبَةٌ لَعْوَةٌ: لالچی کتیا یا مادہ بھیڑیا ۔ ج لِعَاء ولَعَوات.

اللُّعْوَة: سرپستان کے اردگرد کی سیاہی ۔

اللاَّعِی : جس کو ذرا سی چیز گھبراہٹ میں ڈال دے ۔

اللاَّعِيَة اللاعی : کا مؤنث ۔ ایک چھوٹا سا پودہ جس کا پھول زرد رنگ کا اور خوشبو عمدہ ہوتی ہے ۔

اللَّعَا : بہت حریص اور پھسلنے والے کے لئے ۔ کہا جاتا ہے "لَعًا لَکَ" یعنی خدا تمہیں اُٹھائے اور "لا لَعًا لَکَ" بددعا ہے یعنی خدا تمہیں نہیں اٹھائے ۔

الاَلْعَاء : انگلیوں کی گرہوں کے جوڑ ۔

لَعْوَق : کام میں جلدی کرنا ۔

اللَّعْوَق : کم عقل ۔ بے وقوف ۔

لَغَبَ (ف ن) ولَغِبَ (ک) لَغْبًا ولُغُوْبًا ولُغُوْبًا ولَغِبَ (س) لَغَبًا : بہت تھکنا ۔

لَغَبَ (ف) لَغْبًا. الْقَوْمَ : جھوٹی بات کہنا ...... عَلَيْهِمْ : فساد ڈالنا ...... الْكَلْبُ فِي الْإِنَاء : کتے کا برتن میں منہ ڈالنا ۔

لَغَّبَ واَلْغَبَ وتَلَغَّبَ السَّيْرُ فُلَانًا : بہت تھکا دینا ۔ لَغَّبَ دَابَّتَهُ : جانور پر اتنا لاد دینا جس سے تھک جائے تھکا ہوا پانا ...... اَلْغَبَ فُلَانًا : تھکا دینا ۔ تَلَغَّبَ الْاِنْسَانَ وَالْحَيْوَانَ : دور بھگا دینا یا ہانک دینا' کہا جاتا ہے "تَلَغَّبَتْهُمُ الْاَسْفَارُ و تَلَغَّبَتْ بِهِمِ الْقِفَارُ" یعنی سفر نے انہیں دور ڈال دیا' میدانوں نے انہیں دور پھینک دیا ۔ مطلب یہ کہ وہ دور چلے گئے تَلَغَّبَ سَيْرَ الْقَوْمِ : قوم کے تھکنے تک چلنا یا تَلَغَّبَ الدَّابَّةَ : تھکا ہوا پانا ۔

اللاَّغِب : فا ۔ کمزور ۔ ج لُغَّب کہا جاتا ہے "اَتَانَا سَاغِبًا لَاغِبًا" ہمارے پاس بھوکا تھکا ہوا آیا ۔

اللاَّغِبَة. اللاغب : کا مؤنث ج لَوَاغِب کہا جاتا ہے رِيَاحٌ لَوَاغِب" یعنی نرم ہوائیں ۔

اللَّغْب واللُّغُوْب : کمزور ۔ بے وقوف ۔

اللَّغَب : اگلے دانتوں کا مسوڑھا ۔ کلام فاسد ۔ کہا جاتا ہے اُكْفُفْ عَنَّا لَغَبَكَ : یعنی ہم سے اپنے کلام فاسد کو بند کرو ۔ سَهْمٌ لَغْبٌ : خراب تراشا ہوا تیر ۔

اللَّغْب واللَّغَب واللَّغِب واللَّغِيْب : خراب پر ۔ اللَّغَب : گردن کے بال ۔ کہا جاتا ہے اَخَذَ بِلَغَبِ رَقَبَتِهِ : یعنی اس نے اس کی گردن کے بال کو پکڑ لیا ۔

اللُّغَاب : خراب تراشا ہوا تیر ۔

اللَّغَابَة واللُّغُوْبَة : بے وقوفی ۔ کمزوری ۔

اللَّغِيْث : زہر ملائی ہوئی چیز جو گدھ کے پھنسانے کیلئے پھیلائیں ۔ جَو ملا ہوا گیہوں (گوجئی) ۔

اللُّغْدُوْن : ناک کا نتھنا ۔ ج لَغَادِيْن .

لَغَدَ (ف) لَغْدًا الْاِبِلَ الْعَوَائِدَ : سیدھے راستہ پر اونٹوں کو لانا ...... عَنْ كَذَا : روکنا ...... فُلَانًا : کنارۂ گردن کے گوشت پر مارنا ۔

اللُّغْد ج اَلْغَاد. واللُّغْدُوْد واللِّغْدِيْد. ج لَغَادِيْد : حلق کا گوشت ۔ حلق کا کوا ۔ کان کے اندرونی حصہ کا زائد گوشت ۔ کہا جاتا ہے "عِلَّجٌ مِنَ الْاَوْغَادِ ضَخْمُ الْاَلْغَاد" .

الْمُتَلَغِّد : سخت غضبناک ۔

اللُّغْذُمِیّ والْمُتَلَغْذِم : بہت کھاؤ ۔

لَغَزَ (ن) لَغْزًا الشَّيْئَ : چیز کو اس کے صحیح طریقے سے پھیر دینا ...... فِیْ يَمِيْنِهِ : قسم کھانے میں تلبیس سے کام لینا (...... وَاَلْغَزَ) الْيَرْبُوْعُ حُجْرَةً : جنگلی چوہے کا سوراخ کو پیچ دار کھودنا ۔ (لَغَزَ وَاَلْغَزَ فِی الْكَلَامِ وَاَلْغَزَ الْكَلَامَ) کلام سربستہ کہنا ۔ پیچ دار بات کہنا ۔

لَاغَزَهُ مُلَاغَزَةً : پہیلی جیسی گفتگو کرنا ۔

اللُّغَز واللُّغْز واللَّغْز : چوہے یا جنگلی چوہے یا گوہ کا بل ۔

اللُّغْز واللُّغَز واللُّغَيْزَى واللُّغَّيْزَى ج اَلْغَاز واللُّغَيْزَاء واللُّغَّيْزَى والْاُلْغُوْزَة مِنَ الْكَلَامِ : چیستان ۔ معمہ ۔ پہیلی ۔ الْاَلْغَاز : پیچ دار اور مشکل راستے ۔

اللَّغَّاز : لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا ۔

الْمُلْغَز مِنَ الْكَلَامِ : پیچیدہ و دشوار کلام ۔

اللَّغْوَس : بھیڑیا ۔ کھانے میں تیز مرد ۔ بہت فریبی چور ۔ نرمی و نازکی کی وجہ سے لہلہانے والی گھاس ۔

اللُّغْوُسَة : غیر محقق خبر ۔

الْمُلَغْوَس : کچی چربی ۔

لَغَطَ (ف) لَغْطًا ولِغَاطًا واَلْغَطَ ولَغَّطَ الْقَوْمُ : شور کرنا ۔

لَغَطَ (ف) لَغْطًا ولَغِيْطًا الْحَمَامُ او الْقَطَا : کبوتر یا قطا کا غٹرغوں کرنا ۔

اللَّغْط : مص ۔ دروازے کے آگے کا صحن ۔ (...... واللَّغَط) آواز ۔ شور ۔ مبہم آواز جو سمجھ میں نہ آئے ۔ ج اَلْغَاط.

لَغِفَ (س) لَغَفًا. الْاِنَاءَ : برتن چاٹنا ...... الْاِدَامَ : سالن کو لقمہ بنانا ۔

لَغَفَ (ف) لَغْفًا الرَّجُلُ او الْاَسَدُ : مرد یا شیر کا تیز نظر سے دیکھنا ۔

لَاغَفَهُ مُلَاغَفَةً : بوسہ دینا ۔ دوستی کرنا ۔

اَلْغَفَ : تیز دوڑنا ۔ نظر تیز کرنا ۔ چوروں کے ساتھ رہنا اور ان کے مال و متاع کا محافظ بننا ...... فُلَانًا الْاِدَامَ : سالن کا لقمہ نگلوانا ۔ ۂ : برا معاملہ کرنا اور ظلم کرنا ۔ اَلْغَفَ عَلَيْهِ : سخت سست باتیں کہنا ۔

اللُّغْفَة : لقمہ ۔

اللَّغِيْف : مرد کے خاص لوگ ۔ چوروں کا ساتھی اور ان کے کپڑے وغیرہ کا محافظ ۔ ج لُغَفَاء.

اللَّغِيْفَة : ایک قسم کا کھانا جس کو عصیدہ بھی کہتے ہیں ۔

الْمُلْغِفَة : چوروں کا گروہ ۔

اللَّغْلَغَة : کلام میں لکنت ۔

لَغَمَ (ف) لَغْمًا الْبَعِيْرُ : جھاگ پھینکنا ...... ۂ : منہ چومنا ...... الرَّجُلُ : غیر متیقن خبر دینا ۔

(...... ولَغَّمَ فلانًا بالطِّیبِ: منہ پر خوشبو لگانا۔

لَغِمَ (س) لَغَمًا ولَغْمًا: غیر یقینی خبر دریافت کرنا۔

لَغَمَ یَلْغَمُ الارضَ اوِ الحجرَ: بارودی سرنگ بچھانا۔

اَللُّغْمُ: بارودی سرنگ کبھی خشکی والی اور کبھی سمندری ہوتی ہے۔

اَلْغَمَ الذَّھَبَ وماشابَھَہٗ مِن کُلِّ جَوْھَرٍ مُذَابٍ: سونے وغیرہ میں پارہ ملایا جانا۔ صفت مُلْغَم۔

اِلْتَغَمَ الذَّھَبُ: سونے کا پارہ سے ملنا۔

تَلَغَّمَ بالطِّیبِ: ناک اور منہ پر خوشبو لگانا ...... القَوْمُ بالکلامِ: گفتگو میں منہ کے کناروں کو ہلانا ...... اَلْغَمَ بالعُشْبِ وبالشُّرْبِ: تر ہونٹوں والی ہونا۔

اللَّغَم: تھوڑی خوشبو۔ زبان کی رگیں۔

اللُّغَام: اونٹ کے منہ کی جھاگ۔ لعاب۔

اللَّغْمَاء: سفید منہ والی بکری۔

اللَّغِیم: بھید۔

المَلْغَم: ناک اور منہ اور ان دونوں کا اردگرد۔ ج مَلَاغِم۔

اِلْغَانَّ النَّبْتُ: نباتات کا گنجان اور دراز ہونا ...... الْاَرْضُ: بہت گھاس والی زمین ہونا۔

اللَّغَن: جوانی کا جوش۔

لَغَا یَلْغُوْ لَغْوًا بِکَذَا: بولنا ...... الشَّیْءُ: باطل ہونا ...... الرَّجُلُ: محروم ہونا ...... عَنِ الطَّرِیقِ: ہٹ جانا۔

لَغَا یَلْغُوْ لَغْوًا ولَغَا یَلْغَی ولَغِیَ یَلْغَی لَغًی ولَغْیَۃً ولَاغِیَۃً ومَلْغَاۃً فِی قَوْلِہٖ: غلطی کرنا۔ بغیر سمجھے بوجھے بولنا۔

لَغِیَ یَلْغَی لَغًی بالاَمْرِ: مشتاق ہونا ...... بالماءِ: بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا ...... بالشَّیْءِ: چمٹے رہنا اور جدا نہ ہونا ...... الطَّیْرُ: باَصْوَاتِھا: پرندوں کا سر نکالنا اور کہا جاتا ہے ھُم یَلْغَوْنَ فِی الحِسَابِ: وہ حساب میں غلطی کرتے ہیں۔

لَاغَی مُلَاغَاۃَ الرَّجُلِ: ہنسی مذاق کرنا۔

اَلْغَی الشَّیْءَ: باطل کرنا ...... فلانًا: محروم کرنا۔

اِسْتَلْغَی فلانًا: گفتگو کرانا۔ لغت سننا۔

اللَّغَا: مص۔ آواز۔ بے ہودہ۔ بے ہودہ کلام وغیرہ۔

اللُّغَۃ: ہر قوم کی کلام مصطلح جس سے وہ اپنے مقاصد کو ظاہر کرے۔ ج لُغًی ولُغَات ولُغُوْن: اور نسبت کے لئے لُغَوِی۔ عِلْمُ اللُّغَۃ: مفردات کے اوضاع کی معرفت کا علم۔ کُتُبُ اللُّغَۃِ: فن لغت کی کتابیں۔ اَھْلُ اللُّغَۃِ: فن لغت کے ماہرین اور کبھی عِلْمُ اللُّغَۃ: کا اطلاق علوم عربیہ کے سارے اقسام پر ہوتا ہے۔

اللَّغْو: مص۔ بے ہودہ کلام وغیرہ۔ کتے کی آواز۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ باللَّغْوِ واشْتَغَلَ باللَّغْوِ" وہ بے ہودہ گفتگو اور افعال میں مشغول ہوا۔ قسم کھانے میں گناہ۔

اللَّاغِیَۃ: مص۔ بے ہودہ کلام وغیرہ۔ کَلِمَۃٌ لَاغِیَۃٌ: قبیح کلمہ۔

اللَّغَاۃ: آواز۔

اللَّغْوَی: قطا پرندہ کا شور۔ بے ہودہ کلام وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "اِسْمَعْ لَغْوَاھُم ولَا تَخَفْ طَغْوَاھُم" ان کے بے ہودہ کلام کو سنو اور ان کی سرکشی سے خوف مت کرو۔

لَفَّ (ن) لَفًّا الشَّیْءَ: لپیٹنا۔ ملانا۔ جمع کرنا ...... المَیِّتَ فِی اَکْفَانِہٖ: میت کو کفن میں لپیٹنا ...... الکَتِیبَتَیْنِ: دو لشکروں کو ملانا ...... فِی الاَکْلِ: مختلف قسم کے کھانوں کو ملا کر بری طرح سے کھانا اور اسی سے ہے "اِنْ اَکَلَ لَفَّ واِنْ شَرِبَ اشْتَفَّ" اگر کھاتا ہے تو سب ہڑپ کر جاتا ہے اور اگر پیتا ہے تو سب صاف کر دیتا ہے ...... الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: چیز کو چیز سے ملانا۔ جوڑنا ...... ہٗ حَقَّہٗ: حق کا انکار کرنا۔ منع کرنا۔ لَفَّتِ الاَشْجَارُ: گنجان ہونا۔

لَفَّ (س) لَفًّا ولَفَفًا: بہت گوشت والی ران [illegible]

ہونا۔ صفت اَلَفّ مؤنث لَفَّاء ج لُفّ۔

لَفَّفَ: بمعنی لَفَّ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔

لَافَّ الصَّقْرُ الصَّیْدَ: شکرے کا شکار پر ٹوٹ پڑنا اور پنجوں میں کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لَافَفْنَا القَوْمَ" یعنی ہم قوم سے مل گئے۔

اَلَفَّ الطَّائِرُ رَاْسَہٗ: پرندہ کا پروں میں سر کو چھپالینا ...... الرَّجُلُ رَاْسَہٗ: جبے میں سر کو چھپا لینا۔

اِلْتَفَّ وتَلَفَّفَ فِی ثَوْبِہٖ: کپڑے میں لپٹنا۔ ...... عَلَیْہِ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ اِلْتَفَّ النَّبَاتُ: گنجان ہونا ...... لَہٗ عَلَی حَنَقٍ: غضبناک ہو کر لپٹنا ...... الشَّیْءُ: گنجان ہونا۔

تَلَافَّ القَوْمُ: باہم ملنا۔

اللَّفّ: مص۔ کہا جاتا ہے جَاءُوْا بِلَفِّھِمْ وبِلَفِیفِھِمْ" یعنی جماعت کے ساتھ سب آئے۔

اللِّفّ: پارٹی۔ گروہ۔ اکٹھی قوم۔ جو ادھر اُدھر سے جمع کیا جائے۔ گنجان باغ۔ ج اَلْفَاف ولُفُوف کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ ومَنْ لَفَّ لِفَّھُم او لَفَّھُم او لُفَّھُم" قوم آئی اور ان کے ساتھ ان کے لگے بندھے بھی آئے "وجَاءُوا اَلْفَافًا" مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت آئی رَوْضَۃٌ لَفٌّ ولِفٌّ ولَفَّۃٌ ولِفَّۃٌ ولَفَّاء: گنجان باغ۔

اللِّفَافَۃ: جو چیز کسی چیز پر لپیٹی جائے دل پر لپٹی ہوئی چربی۔ سگریٹ (مولدۃ) ج لَفَائِف۔

اللَّفَف: کام کرنے والے کے بازو کی رگ کا مڑ جانا جس کی وجہ سے وہ کام میں بیکار ہو جاتا ہے۔ کھانے میں ملانا جلانا اور زیادہ کھانا جس چیز کو قوم یہاں وہاں سے جمع کرے۔

اللَّفِیف: جھنڈ دار اور گنجان درخت مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت جس میں شریف، رذیل، فرمانبردار، نافرمان، قوی، کمزور سبھی قسم کے ہوں اور کہا جاتا ہے "طَعَامٌ لَفِیفٌ"

مخلوط رکھنا و "هُوَ لَفِيْفُ فُلاَن" وہ فلاں کا دوست ہے و "جَمْعٌ لَفِيْفٌ" ہر جگہ سے اکٹھا کیا ہوا۔
اَللَّفِيْفَة : مجموعہ۔ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔ سگریٹ۔ ج لَفَائِف.
الاَلَفُّ : بازو کی ایک رگ۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ کاموں میں عاجز و سست۔ ملے ہوئے ابروؤں والا۔ لوگوں سے بھری ہوئی جگہ۔ مؤنث لَفَّاءُ ج لُفٌّ. فَخِذٌ لَفَّاء: موٹی ران۔
التَلافِيْف: گنجان گھاس...... مِنَ الْاَمْعَاءِ والِدّمَاغ فِي اِصْطِلاَح الطِّبِّ : ایک کے اوپر ایک لپٹا ہوا۔
اَلْمِلَفُّ والمِلْفَاف: چادر۔ لحاف۔ والمِلَفُّ فِي اصْطِلاَحِ عُلَمَاءِ الكَهْرُبَائِيَةِ: چکر جس پر تار لپیٹا جائے۔
المَلْفُوْف : مقع۔ ایک قسم کی نباتات۔ واحد مَلْفُوْفَة.
لَفَا (ن) لَفْواً ولَفَا الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ اللَحْمَ عَنِ الْعَظْمِ: گوشت اتارنا...... الرِيْحُ السَّحَابَ عَنْ وَجْهِ الْاَرْض : بادلوں کو پراگندہ کر دینا فُلاَنًا عَنْ مُرَادِه : رد کرنا۔ ہٹانا......ہٗ: غیبت کرنا......ہٗ حَقَّه: حق سے کم دینا۔ پورا حق دینا......ہٗ بِالعَصَا: لاٹھی مارنا۔
لَفِيَ (س) لَفَا الشَّيْءُ: باقی رہنا۔
اَلْفَا اَلْفَاءً ا. الشَّيْءَ: باقی رکھنا۔
اِلْتَفَا الْعُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔ چھلکا اتارنا۔
اَللَّفَاء: مٹی۔ تھوڑی چیز۔ حق سے کم۔
اللَّفِيْئَة : بغیر ہڈی کے گوشت کا ٹکڑا۔ ج لَفَايَا ولَفِيٌّ.
لَفَتَ (ض) لَفْتًا الشَّيْءَ : دائیں یا بائیں موڑنا...... رِدَائَه عَلٰى عُنُقِه: چادر کو گردن پر موڑنا۔ فُلاَنًا عَنْ رَايِه : رائے سے پھیرنا...... الرِيْشَ عَلَى السَّهْمِ: پر کو تیر پر کیفما اتفق لگا دینا...... الرَّاعِي الْمَاشِيَةَ: مارنا اور اس کی پروانہ کرنا کہ کس کو لگے...... اللِّحَاءَ عَنِ الشَّجَرَةِ: درخت سے چھال اتارنا...... الكَلاَمَ: لاپروائی سے گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَفَتَهٗ بِكَذَا" یعنی اس نے اس کو دیا۔
لَفَّتَ الشَّيْءَ: موڑنا۔
اِلْتَفَتَ وتَلَفَّتَ اِلَيْهِ: چہرہ پھیرنا۔
اِلْتَفَتَ بِوَجْهِه يُمْنَةً ويُسْرَةً: جھکنا۔
اللِفْت: شلغم۔
اللِّفْت : چیز کی ایک جانب۔ گائے۔ بے وقوف عورت۔
اللَّفَت فِي التَّيْسِ: مینڈھے کے ایک سینگ کا ٹیڑھا ہونا...... فِي الْاِنْسَانِ : بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔
اللَّفَات: بے وقوف۔ سخت خو۔
اَللُّفَتَة : جانوروں کو ہمیشہ مارنے والا چرواہا۔
الاَلْفَت: ایک پیچ دار سینگ والا بکرا۔ مضبوط ہاتھ والا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ بے وقوف۔ بھینگا۔ مؤنث لَفْتَاء. ج لُفْت.
اللَّفُوْت : سخت خو۔ چغل خور عورت۔ اونٹنی جو دوہنے کے وقت بے قرار رہے۔ عورت جس کی نگاہ ایک جگہ نہ ٹھہرے۔
اللَّفِيْتَة: ایک قسم کا گاڑھا حلوا۔
المُتَلِفَة: کندھے کی ہڈی کا اوپر کا حصہ۔
اِسْتَلَفَّتْ : باہر نکالنا۔ چیز کی حقیقت کو پہنچنا۔ خبر کو چھپانا۔ حاجت روائی کرنا۔ تمام چارے کو کھانا۔
الاَلْفَث: بے وقوف۔
اَلْفَجَ: مفلس ہونا۔ بے مال و دولت ہونا۔ غم وغیرہ کی وجہ سے زمین سے چمٹے رہنا۔ فُلاَنَ: محتاج بنانا۔ مجبور کرنا۔
اللَّفَج: ذلت۔
المُلْفَج والمُسْتَلْفَج :مفلس۔ لاغری کی وجہ سے زمین سے چمٹنے والا۔ المُسْتَلْفَجُ: خوف کی وجہ سے پراگندہ دل۔
لَفَحَ (ف) لَفْحًا فُلاَنًا بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا لَفَحَتْ (ف) لَفْحًا ولَفَحَانًا. النَّارُ
[illegible]
نَارٌ لَفُوْحٌ ولاَفِحٌ : جلانے والی آگ۔ ج لَوَافِح کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ مِنَ الْحَرِّ لَفْحٌ ومِنَ الْبَرْدِ نَفْحٌ".
اللُّفَّاح: ایک قسم کا پودہ۔ واحد لُفَّاحَة.
لَفَخَهٗ (ف) لَفْخًا فِي او عَلٰى رَاسِه : مارنا۔
اللَّفْخ: مص سارے سر پر مارنا۔
لَفَظَ (ض) ولَفِظَ (س) لَفْظًا الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ مِنْ فَمِه : منہ سے پھینکنا۔ ڈال دینا۔ صفت مفعول لَفِيْظٌ ومَلْفُوْظٌ...... البَحْرُ دَابَّةً : دریا کا کنارے پر پھینک دینا...... فُلاَنٌ نَفْسَهٗ او عَصْبَه: مرنا (عصب سے مراد تھوک ہے جو منہ سے چمٹ کر خشک ہو جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے "لَفَظَتْ اِلَيْنَا الْبِلاَدُ اَهْلَهَا" یعنی ہماری جانب نکال دیا و "جَاءَ وَقَدْ لَفَظَ لِجَامَهٗ" یعنی وہ آیا اس حال میں کہ پیاس اور تھکن کی وجہ سے تکلیف میں تھا...... وتَلَفَّظَ) بِالكَلاَمِ: بولنا۔
اللَّفْظ :مص۔ کلمات جو بولے جائیں۔ کَلاَم. ج اَلْفَاظ.
اللَّفْظَة. لَفَظَ: کا اسم مرۃ۔ کلمہ۔ ج لَفَظَات.
اللاَفِظَة. لاَفِظ : کا مؤنث۔ سمندر اس وجہ سے کہ جواہر کو پھینکتا ہے (ہا مبالغہ کے لئے ہے) چکی۔ دنیا۔
لاَفِظَة : سمندر۔ اور یہ علمیت اور تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
اللُّفَاظ: جو پھینکا جائے۔
اللِفَاظ: ترکاری۔
اللُّفَاظَة: جو منہ سے پھینکا جائے۔ جو دسترخوان سے جھاڑا جائے۔ کسی چیز کا تھوڑا سا بقیہ۔ ج لُفَاظ و لُفَاظَات: کلام۔
اللَّفِيْظ: پھینکی ہوئی چیز۔
اللَّفْظِي: جس کا لفظ سے تعلق ہو۔
لَفَعَ (ف) لَفْعًا. الشَّيْبُ رَاسَهٗ: سارے سر کا سفید ہونا۔ لَفَعَتْه النَّارُ : بھڑک اور شعلہ پہنچنا۔

لفع بمعنی لقع...... الغلام: اپنی جانب کھینچ کر بغل گیر ہونا...... فلانٌ: بہت کھانا اور کہا جاتا ہے "لفع رَاسَهٗ" جبکہ ڈھانپ لے۔
تلفّع: بڑھاپا آنا۔ تلفّعتِ النار: شعلہ بھڑکنا ...... الحربُ بالشرّ: کسی کو گھیر لینا ...... المالُ: مال یعنی مویشیوں کو چرنے سے نفع پہنچنا...... القومُ علی جیشِ العدوّ: دشمن کی فوج کو گھیر لینا اور سب کو قتل کر دینا (...... والتفع) الرّجلُ بالثّوب والشّجرُ بالورقِ: لپٹنا۔ ڈھک جانا والتفعتِ الارض: سبزی سے ڈھک جانا۔
الْتفع لونُهٗ: رنگ متغیر ہونا۔
اللفاع: چادر یا کمبل۔ اونٹنی کا تھنوں میں سے اگلے تھن۔
اللفاعة واللفیعة: قمیص کا پیوند۔
الملفعة: چادر یا کمبل وغیرہ۔
لفق (ض) لفقًا الثّوب: کپڑے کو دوہرا کر کے سینا...... الامرَ: طلب کرنا اور نہ پانا۔
الصقرُ: شکار پر چھوڑا جانا اور شکار نہ کرنا۔
لفّق الحدیثَ: باطل سے مزین کرنا ...... الرّجلُ: طلب کرنا اور نہ پانا...... الشّقّتین: دونوں سرے ملا کر سینا اور کہا جاتا ہے "لفّق بین الثّوبین" جبکہ دوہرا کر کے سیئے۔
تلفّق بہ: لاحق ہونا...... مابینهم: درست ہونا۔
تلافق القومُ: معاملات درست ہونا۔
اللفق: چادر کے دو پاٹوں میں سے ایک پاٹ۔ اور دو آدمی جو جدا نہ ہوں۔ ان کے متعلق کہا جاتا ہے "هُمَا لِفقان"۔
اللفّاق: مطلوب کو نہ پانے والا۔
اللفاق: دو کپڑے جو ایک ساتھ ملا کر جوڑے گئے ہوں اور ان میں سے ہر ایک کپڑے کو لفاق کہتے ہیں۔
اللفیک والالفک: بے وقوف۔
اللفیک: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
لفلف: گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا۔ خوب اچھی طرح سے کھانا...... فی ثوبه: کپڑے میں لپٹنا۔
تلفلف بثوبه: کپڑے میں لپٹنا۔
اللفلف واللفلاف: کمزور (...... والملفلف) کلام میں عاجز و درماندہ۔
لفمت (ض) لفمًا وتلفّمت والتفمت المرأة: عورت کا نقاب ڈالنا۔ ناک پر نقاب باندھنا۔ تلفّم بعمامته: ڈھاٹا باندھنا۔ لفمتِ المرأةُ فاها: منہ پر نقاب ڈالنا۔ لفّمه: مضبوط باندھنا۔
اللفام: ناک کے اوپر کا نقاب۔
لفا یلفو لفوًا فلانًا حقّهٗ: حق کم کرنا ......
اللحمَ عنِ العظم: ہڈی سے گوشت اتارنا۔
الفاهُ الفاءً: پانا۔
تلافی الامرَ: تدارک کرنا۔
اللفیة: گوشت کا ٹکڑا۔ ج لفایا۔
اللفاء: مٹی۔ خسیس۔ حقیر اور کہا جاتا ہے "رَضِیَ فُلانٌ مِنَ الوَفاءِ بِاللّفاءِ" فلاں شخص اپنے پورے حق میں سے تھوڑے پر راضی ہو گیا۔
التلافی: مص خون کا بدلہ حاصل کرنا۔
لقّ (ن) لقًّا عینهٗ: آنکھ پر ہاتھ سے مارنا۔ صفت لاقّ۔ ج لقفة۔
اللقّ: مص زمین میں شگاف۔ بلند زمین۔ بہت بولنے والا۔ ہر تنگ اور لمبی زمین۔
اللقفه. لاقّ: کی جمع۔ تنگ منہ کے گڑھے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لقّاقٌ بقّاقٌ" بہت باتونی مرد۔
لقّب فلانًا بکذا: لقب دینا۔
لاقبهٗ: بُرے القاب سے گالی دینا۔
تلقّب بکذا: لقب پانا۔
تلاقب القومُ: ایک دوسرے کو بُرے لقب سے گالی دینا۔
اللقب: اصلی نام کے علاوہ کوئی دوسرا نام جو اپنے وضع اوّل کے اعتبار سے مدح یا ذم کی طرف مشعر ہو۔ ج القاب۔
لقح (ف) لقحًا النخلَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔
لقحت (س) لقحًا ولقحًا ولقاحًا الناقةُ ونحوها: حاملہ ہونا۔ صفت لاقح ولقوح۔
(...... لقحا) الحربُ: سکون کے بعد بھڑک اٹھنا۔
المرأةُ والنخلةُ: حاملہ ہونا۔
الْقح النخلةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔
الْفحلُ الناقةَ: حاملہ کرنا۔ گابھن کرنا۔ صفت مفعولی ملقوحة۔ ج ملاقیح۔ القح بینهم شرًّا: فساد پیدا کرا دینا۔ الْقحتِ الرّیحُ الشّجرَ او السّحابَ: باروار کرنا۔
لقّح النخلةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔
تلقّحتِ الناقةُ: حاملہ نہ ہوتے ہوئے حاملہ جیسی معلوم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تلقّح زیدٌ علیّ" زید نے میری طرف ناکردہ گناہ کی نسبت کی...... یداهُ: گفتگو کرنے میں دونوں ہاتھوں سے اشارہ کرنا۔
التقحتِ الانثی: مادہ منویہ کو قبول کرنا۔
استلقحتِ النخلةُ: نر کھجور کے شگوفہ کو مادہ کھجور میں ڈالنے کا وقت قریب آنا۔
اللقاح: مص۔ نر کھجور کا شگوفہ جو مادہ کھجور میں ڈالا جائے۔
اللقاح. لقوح: کی جمع۔ گھوڑے اونٹ کا مادہ منویہ۔
اللقح: مص۔ حاملہ ہونا۔
اللقحة: دائی پلائی۔ عقاب۔ کوا۔ ج لقح ولقاح۔ اللقحة: نفس۔ ج لقاح۔
اللقحةُ واللقحةُ۔ ج لقح ولقاح واللقوح: ج لقاح ولقائح: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
اللاقح: فا۔ ریحٌ لاقحٌ: وہ ہوا جس سے درخت باروار ہو جائیں۔ وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کرلے۔ ج لواقح
الملقوح: وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کرلے۔ ج لقح۔
اللواقح والملاقح: حاملہ عورتیں۔ اللواقح

مِنَ الرِّيَاح: درختوں کو باردار کرنے والی ہوائیں۔ بارش لانے والی ہوائیں۔
اللَوَاقِح: کوڑے۔
المَلاقِح: حاملہ کرنے والے۔ واحد مُلقِح: حاملہ عورتیں، واحد مُلقَحَة.
المُلقَّح: مفع۔ آزمودہ کار۔
المَلاقِيح: مائیں۔ واحد مَلقُوحَة: جنین۔ مادہ منویہ۔
لَقَزَهُ (ن) لَقزًا: مکا مارنا۔
لَقَسَهُ (ن ض) لَقسًا: عیب لگانا۔ صفت لاقِس.
لَقِسَت (س) لَقسًا نَفسُ فُلانٍ اِلَى الشَّيْءِ: دل کھنچنا۔ مائل ہونا...... نَفسُهُ مِنَ الشَّيْءِ: جی متلانا۔ صفت لَقِسَة. ولَقِسَ بِامرٍ: سمجھنا۔ صفت لَقِسٌ.
لاقَسَ لِقَاسًا ومُلاقَسَةً: ایک دوسرے کو بُرا لقب دینا۔
تَلَقَّسَت نَفسُهُ مِنَ الشَّيْءِ: تنگ ہونا۔
تَلاقَسَ القَومُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
اللَقس واللاقِس: خارش۔
اللَقِس: لوگوں کا مذاق اڑانے والا اور بُرے القاب دینے والا۔ بدخلق۔ ہر چیز کا لالچی۔ جو ایک طریقہ پر مستقل نہ رہے۔
المُلاقِس: صبر کرنے والا۔ شَنٌّ لِقِسٌ: پرانی مشک۔
لَقَصَ (ض) لَقصًا الشَّيُّ جِلدَهُ: کھال کو جلانا۔
لَقِصَ (س) لَقَصًا الشَّيُّ: تنگ ہونا۔
لَقِصَت نَفسُهُ: جی متلانا۔
اِلتَقَصَ الشَّيْءَ: لینا۔
اَللَقِص: تنگ۔ شرارت میں جلدی کرنے والا۔ بہت باتونی۔
لَقَطَ (ن) لَقطًا الشَّيْءَ: زمین سے اُٹھانا...... العِلمَ مِنَ الكُتُبِ: مختلف کتابوں سے حاصل کرنا...... الثَّوبَ: پیوند لگانا...... الطَّائِرُ الحَبَّ: پرندہ کا چونچ سے چگنا۔ صفت لاقِط ولَقَّاط.

لاقَطَهُ لِقَاطًا ومُلاقَطَةً: مقابل ہونا۔ لاقَطَ الفَرَسَ: چاروں ٹانگیں پکڑ لینا۔
اِلتَقَطَ الشَّيْءَ: بغیر قصد وطلب کے مطلع ہونا...... الشَّيْءَ: زمین سے اٹھانا...... اللِقَاطَ: جمع کرنا (...... وتَلَقَّطَ) الشَّيْءَ: اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔
اللَقط: اُٹھائی ہوئی چیز۔ چھوارے وغیرہ کا نچھاور۔ واحد لَقطَة. لَقطُ المَعدَنِ: سونے وغیرہ کے ٹکڑے جو کان میں ملیں۔ کہا جاتا ہے "فِي المَكَانِ لَقطٌ لِلمَاشِيَةِ" یعنی مکان میں جانور کے لئے تھوڑا سا چارہ ہے۔
اللَقَطَة: ایک قسم کی اچھی سبزی جس کے جانور حریص ہوتے ہیں۔ ج لَقَط.
اللُقطَة واللُقَطَة: وہ چیز جو تم کو راستہ میں پڑی ہوئی ملے اور تم اٹھا لو یا وہ شے متروک جس کا مالک معلوم نہ ہو۔
اللُقَاط واللَقَاط: خوشہ جس کو کھیتی کاٹنے والا خطا چھوڑ دے اور لوگ اسے چن لیں۔ پڑی ہوئی چیز جو تمہیں ملے اور تم لے لو۔
اللِقَاط: گرے ہوئے خوشوں کا جمع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَارُهُ بِلِقَاطِ دَارِي" اس کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔ و "لَقِيتُهُ لِقَاطًا" میں اس سے رودررو ملا۔
اللُقَاطَة: گرے ہوئے خوشے۔ گری پڑی بے قیمت چیز۔ ج اَلقَاط.
اللاقِط: فا۔ کھیتی کٹنے کے بعد خوشے چننے والا۔ آزاد کردہ غلام۔
اللاقِطَة. لاقِط کا مؤنث اور اسی سے مثل ہے "لِكُلِّ سَاقِطَةٍ لاقِطَةٌ" یعنی ہر کلمہ جو منہ سے نکلے اس کے لئے کوئی نہ کوئی سننے والا ہے (حفاظت زبان کی نصیحت کے موقع پر بولا جاتا ہے) اللاقِطَة: رذیل مرد یا عورت۔ لاقِطَةُ الحَصَى: پرندہ کا سنگدانہ۔
اللَقَّاط اللَقَّاطَة: بہت اٹھانے والا۔
[illegible]

جائے۔
اللُقَيطَة. لَقِيط: کا مؤنث۔ رذیل مرد یا عورت ج لَقَائِط کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لُقَيطَى خُلَيطَى چغلی کھانے کے لئے خبروں کی کھوج میں رہنے والا امرد۔
الالقَاط: آوارہ واوباش لوگ۔ تھوڑے متفرق لوگ۔
المَلقَط: مطلب۔ دھات کی کان۔ کہا جاتا ہے یا مَلقَطَانُ یعنی اے بے وقوف۔ مؤنث مَلقَطَانَة.
المِلقَط: جس سے اٹھایا جائے جیسے دستپناہ۔ موچنا۔ ج ملاقط.
المِلقَاط: قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ لکڑی۔ ج مَلاقِيط.
المَلقُوط: مفع نو مولود پھینکا ہوا بچہ۔ جو اٹھایا جائے۔ ج مَلاقِيط.
لَقَعَ (ف) لَقعًا الشَّيْءَ: پھینکنا...... فُلانًا بِعَينِهِ: نظر بد لگانا۔ لَقَعَتهُ الحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ لَقَعَ فُلانًا: عیب لگانا...... لَقَعَهُ بِالكَلامِ: کلام میں غالب آنا۔
لَقَعَ (ف) لَقَعَانًا: تیز گزرنا...... (لَقَعًا) عیب دار ہونا۔
لاقَعَ فُلانًا بِالكَلامِ: کلام میں غالب آنا۔
تَلَقَّعَ بِالكَلامِ: بکواس کرنا۔
اِلتَقَعَ لَونُهُ: رنگ متغیر ہونا۔
اللُقَّاع واللِقَّاع: سبز رنگ کی مکھی جو لوگوں کو کاٹتی ہے۔ واحد لُقَّاعَة ولُقَّاعَة.
اللُقَعَة اللُقَّاعَة واللُقَّاع والتِلِقَّاع والتِلِقَّاعَة: بے وقوف۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ برے لقب رکھنے والا۔ بہت باتونی۔ کہا جاتا ہے اِمرَأَةٌ تِلِقَّاعٌ ومِلقَعَةٌ: بے ہودہ گو عورت۔
لَقِفَ (س) لَقفًا ولَقَفَانًا والتَقَفَ الشَّيْءَ: جلدی سے لینا۔
لَقِفَ (س) لَقَفًا الحَوضُ: نیچے سے گر کر وسیع ہونا۔ صفت لَقِف...... الحَائِطُ: دیوار کا گرنا۔

لَقَفَہُ الشَّیْءُ: اُچکنے کے لئے پھینکنا...... الطَّعَامَ: نگلوانا۔ لَقِفَ الطَّعَامَ: نگلنا...... الْفَرَسُ: دو اگلی ٹانگوں سے سختی سے روندنا۔
تَلَقَّفَ الشَّیْءُ: جلدی سے لینا...... الطَّعَامَ: نگلنا...... الحَائِطُ او الحَوْضُ: دیوار یا حوض کا منہدم ہونا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّفَ مِنْ فِیْهِ کَذَا" جبکہ کسی سے سن کر یاد کرے۔
اللَّقَف: مص۔ کنوئیں یا حوض کا کنارہ۔ ج أَلْقَاف۔ اللَّقَف: بمعنی اِلْتِقَاف وتَلَقُّف: یعنی جلدی سے لینا۔
اللَّقَافَة: حذاقت۔ ہوشیاری۔
اللَّقْف واللَّقِف وللَقِیف مِنَ الرِّجَال: چست وزیرک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ثَقْفٌ لَقْفٌ وثَقِفٌ لَقِفٌ وثَقِیفٌ لَقِیفٌ".
أَقْلَقَ. اللَّقْلَاق: سارس کا آواز کرنا۔
لَقْلَقَتِ. الْحَیَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔
لَقْلَقَ الشَّیْءُ: حرکت دینا۔
تَلَقْلَقَ. الشَّیْءُ: ہلنا۔
اَللَّقْلَق ج لَقَالِق واللَّقْلَاق: سارس کی قسم کا ایک پرندہ ہے جس کی گردن اور ٹانگیں لانبی ہوتی ہیں اور سانپوں کو کھاتا ہے۔ ذکاوت اور فطانت کے ساتھ متصف ہے اور اس کی کنیت "اَبُو حُدَیج" ہے اللَّقْلَق: زبان۔
اللَّقْلَاق: آواز۔ شور۔
اللَّقْلَقَة: سارس کی آواز۔ ہر آواز جس میں حرکت واضطراب ہو اور کہا جاتا ہے "فِی لِسَانِهِ لَقْلَقَةٌ" یعنی اس کی زبان میں رکاوٹ ہے۔ ج لَقَالِق۔
حُرُوفُ اللَّقْلَقَة: ب' ج' د' ط' ق۔ طرق
مُلَقْلَق: تیز نگاہ جو ایک جگہ میں نہ ٹھہرے۔
لَقَمَ (ن) لَقْمًا الطَّرِیقَ وَغَیْرَهُ: راستہ کا دہانہ بند کرنا۔
لَقِمَ (س) لَقْمًا الطَّعَامَ: جلدی کھانا' ہڑپ کرنا۔
لَقَمَہُ وأَلْقَمَہُ الطَّعَامَ: لقمہ لقمہ کھلانا۔ کہا جاتا ہے "أَلْقَمَہُ الحَجَر" یعنی اس نے اسے خاموش کردیا۔
تَلَقَّمَ الشَّیْءُ: جلدی سے کھانا۔ ہڑپ کرنا۔ ...... المَاءُ فِی بَطْنِهِ: پانی کا زیادتی کی وجہ سے پیٹ میں بولنا۔
اِلْتَقَمَ الطَّعَامَ: نگلنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَقَمَ أُذُنَہُ" یعنی چپکے چپکے کان میں بات کی۔
اللَّقَم واللَّقْم: راستہ کا بڑا حصہ۔ راستہ کا درمیان۔
اللَّقْمَة. لَقَمَ: کا اسم مرۃ۔
اللُّقْمَة: ایک مرتبہ جتنا نگلا جائے۔ ج لُقَم.
اللَّقِیم: لقمہ۔
التِّلْقَام والتِّلْقَامَة والتِّلِقَّام والتِّلِقَّامَة: بڑے بڑے لقمے نگلنے والا۔
رَکِیَّةٌ مُتَلَقِّمَة: بہت پانی والا کنواں۔
لَقُنَ (ک) لَقَانَةً: تیز فہم وذکی ہونا۔
لَقِنَ (س) لَقْنًا ولَقَنَةً ولَقَانَةً ولَقَانِیَةً وتَلَقَّنَ الْکَلَامَ مِنْ فُلَانٍ: بالمشافہ حاصل کرنا اور سمجھنا۔
لَقَّنَہُ الکَلَامَ: بالمشافہ سمجھانا۔
أَلْقَنَ الکَلَامَ: جلدی سے یاد کرنا۔
اللِّقْن: ستون۔ کنارہ۔
اللَّقَانَةُ واللَّقَانِیَةُ: مص۔ زودفہمی۔
اللَّقِن: زودفہم۔ تیز سمجھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَقِفٌ لَقِنٌ" یعنی وہ سنی ہوئی چیز کو بہت جلدی سمجھنے اور یاد کرنے والا ہے۔
اللَّقَن: لگن (دخیل)
اَللَّقَنُ: تانبے کا برتن ہاتھ دھونے کے لئے۔
اللَّوَاقِن: پیٹ کا نچلا حصہ۔
لَقَا یَلْقُو لَقْوًا فُلَانًا: مبتلاء لقوہ کرنا۔
لُقِیَ لَقْوًا: مبتلائے لقوہ ہونا۔
اللَّقْوَة: ایک بیماری ہے جس سے منہ ایک جانب کو ٹیڑھا ہوجاتا ہے (...... واللِّقْوَة) مادہ عقاب۔ تیز عقاب۔ ج لِقَاء وأَلْقَاء۔
المَلْقُوُّ: لقوہ زدہ۔
لَقِیَ یَلْقَی لِقَاءً ولِقَاءَةً ولِقَایَةً ولَقَاءَةً ولُقْیَانًا ولِقْیَانًا ولِقْیَانَةً ولُقِیًّا ولِقِیًّا ولَقْیَةً ولُقْیَةً ولُقًی فُلَانًا: استقبال کرنا۔ پانا۔ دیکھنا۔ ملاقات کرنا۔
أَلْقَی تَلْقِیَةً فُلَانًا الشَّیْءُ: پھینکنا۔
لَاقَی لِقَاءً ومُلَاقَاةً الرَّجُلَ: پانا۔ ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَاقَی بَیْنَ طَرَفَی القَضِیبِ" شاخ کے دونوں کنارے موڑ کر ملانا اور کہا جاتا ہے "لُوْقِیَ بَیْنَهُمَا".
أَلْقَی الشَّیْءُ إِلَی الْأَرْضِ: ڈال دینا...... إِلَیْهِ الْقَوْلَ وبِالْقَوْلِ: پہنچانا...... عَلَیْهِ الْقَوْلَ: املاء کرانا۔ پہنچانا...... فِیهِ الشَّیْءُ: رکھنا...... عَنْهُ الشَّیْءُ: ڈال دینا...... إِلَیْهِ السَّمْعَ: کان لگانا...... إِلَیْهِ خَیْرًا: بہتر سلوک کرنا ...... إِلَیْهِ بَالًا: پروا کرنا اور کہا جاتا ہے "أَلْقَیْتُ إِلَیْهِ الْمَوَدَّةَ وبِالْمَوَدَّةِ" میں نے اس سے محبت کی۔
تَلَقَّی الشَّیْءُ: ملنا۔ استقبال کرنا...... الشَّیْءُ مِنْهُ: سیکھنا...... تَلَقَّتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا حاملہ ہونا۔ صفت مُتَلَقٍّ.
اِلْتَقَی الشَّیْءُ: ملنا (...... وتَلَاقَی) الْقَوْمُ: باہم ملنا۔ وتَلَاقَوْا: باہم جھگڑا کرنا۔
اِسْتَلْقَی عَلَی قَفَاهُ: چت سونا۔
اَللَّقَی: پھینکی ہوئی چیز۔ ج أَلْقَاء.
اللَّقْیَة واللُّقْیَة: مص۔ اللَّقْیَة: لَقِیَ کا اسم مرۃ۔ ج لُقًی کہا جاتا ہے "لَقِیتُہُ لُقًی کَثِیرَةً" میں نے اس سے بہت ملاقات کی۔
اللُّقَی: پرندے۔ درد۔ تمام حیوان جو جلدی گابھن ہوجائیں۔
اللُّقْیَا. لِقَاء کا اسم ہے۔
اَلتِّلْقَاءَ. لِقَاء کا اسم۔ ملاقات کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ تِلْقَاءَهُ" یعنی وہ اس کے مقابل بیٹھا "و فَعَلَ الْأَمْرَ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِهِ" یعنی اس نے اس کام کو خود بخود و بغیر کسی کے مجبور کئے ہوئے کیا۔
اللَّقَاة: راستہ کا درمیان۔
اللَّقِیّ: خیر یا شر کے لئے ملاقات کرنے والا۔ اور اکثر استعمال شر ہی کے لئے ہوتا ہے۔ مؤنث لَقِیَّة اللَّقِی: آمنے سامنے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا لَقِیَّان

ولَــقِيَــان" وہ دونوں آمنے سامنے آنے والے ہیں "وھُوَ شَقِیٌّ لَقِیٌّ" کے جملہ میں لقی تابع مہمل ہے۔
اللَّقَّاء: خیر یا شر کے لئے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔
الاُلْــقِيَّة: چیستان۔ پہیلی۔ ج الاَلاقِـيّ۔
اَلاَلاقِی: سختیاں۔
المَلْقٰی والمُلْتَقٰی: ملنے کی جگہ۔
المَلاقِی۔ مَلْقٰی کی جمع۔ مَلاقِی الاَجْفَانِ: پپوٹوں کے ملنے کی جگہ۔
التَلاقِی: مص یومُ التلاقِی: قیامت کا دن۔
المُتَلاقِی: فا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن۔
المُلْقَی: چیز ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا مُلْقَی الکُنَاسَات" یہ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے و "فِنَاءُ فُلانٍ مُلْقَی الرِّحَال" فلاں کا صحن دار کجاووں کے اتارنے کی جگہ ہے۔ کنایہ ہے اس سے کہ فلاں بڑا مہمان نواز ہے۔
المُلْقَی والمُلَقِّی والمَلْقِی: خیر یا شر کے لئے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ مُلَقًّی" فلاں مصائب سے آزمایا ہوا ہے۔ والشُّجاعُ مُوَقًّی و الجَبانُ مُلَقًّی کہا جاتا ہے "ھُوَ جَارِی مُلاقِيّ" وہ میرا مقابل پڑوسی ہے۔
لَكَّهُ (ن) لَكًّا: گدی پر مکا مارنا۔ بھینچنا۔ لَكَّ اللَّحمَ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا۔۔۔۔ الشَّیئَ: ملانا۔۔۔۔ الجِلْدَ: لک سے کھال رنگنا۔
اِلْتَكَّ الوِرْدُ: گھاٹ پر آنے والوں کا بھیڑ کرنا۔۔۔۔ العَسْكَرُ: لشکر کا آپس میں ملنا۔ ہجوم کرنا۔۔۔۔ فِی کَلامِهِ: غلطی کرنا۔۔۔۔ فِی حُجَّتِهِ: دیر لگانا۔
اللِّكَاك: بھیڑ۔ اژدہام۔ سخت گوشت والی اونٹنی ج لُكُك ولِكَاك۔
اللَّكُّ: مص۔ گوشت۔ ایک سرخ رنگ جس سے کھال رنگتے ہیں۔ ایک نباتات جس سے گوند بناتے ہیں۔۔۔۔ چھنَدْ خُسْابِ المُوَلَّدِیْنَ: لاکھ ج الكَاك ولُكُوك۔
اللَّكُّ واللُّكُّ: نباتات مذکور کا عصارہ یا اس کی تلچھٹ۔ لک سے رنگی ہوئی کھال کا چھیلن۔ سخت و پُر گوشت۔
اللَّكَّة: شدت۔
اللَّكَّاء۔ مِنَ الجُلُودِ: لک سے رنگی ہوئی کھال۔ رَجُلٌ لَكِّیٌّ: موٹا وسخت گوشت والا آدمی۔
اللَّكِيك: گنجان لشکر۔ سخت گوشت۔ سخت اور موٹے گوشت والا۔ قطران۔ ایک کمزور درخت۔ ج لِكَاك۔
المُلَكَّك: سخت موٹے گوشت والا۔
سَكْرَانُ مُلْتَكٌّ: مست جو مستی کی وجہ سے خشک ہو گیا ہو۔
لَكَأَ (ف) لَكْأً بِالسَّوْطِ فُلانًا: کوڑے سے مارنا۔۔۔۔ فُلانًا: پچھاڑنا۔۔۔۔ بِهِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔۔۔۔ الرَّجُلَ: پورا حق دینا۔
لَكِیَ (س) لَكْأً بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔۔۔۔ بِفُلانٍ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔
تَلَكَّأَ تَلَكُّؤًا عَلَيْهِ: عذر کرنا۔ بہانہ کرنا۔۔۔۔ عَنِ الاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ ہچکچانا۔
لَكَتَهُ (ن) لَكْتًا بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ لَكَتَ فُلانًا: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔
لَكِثَ (س) لَكَثًا البَعِیرُ: منہ میں پھنسیوں والا ہونا۔۔۔۔ الوَسَخُ عَلَيْهِ وبِهِ: میل جمنا۔
اللَّكَث: مص۔ دودھ کا میل جو دودھ کے برتن کے کناروں پر جم جائے۔ اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ نَاقَةٌ لَكِثَة: موٹی اونٹنی۔
اللُّكَاث: اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ چونے کے چمکنے والے پتھر۔
اللُّكَاثِیُّ: بہت سفید۔
اللُّكَّاث: چونہ بنانے والا۔
لَكَحَهُ (ف) لَكْحًا: مکا مارنا۔
لَكَدَهُ (ن) لَكْدًا: ہاتھ سے مارنا۔ ہٹانا۔
لَكِدَ (س) لَكَدًا الوَسَخُ عَلَى فُلانٍ وبِهِ: میں جمنا۔ چمٹنا لَكِدَ الشَّعْرُ: بالوں کا گتھا ہوا ہونا۔
لاكَدَهُ الغُلُّ: طوق سے لگے رہنا۔۔۔۔ قَيْدُهُ: بیڑی کی وجہ سے اچھی طرح نہ چل سکنا فلانًا: لازم ہونا۔ چمٹنا۔
تَلَكَّدَ فُلانٌ: موٹے گوشت والا ہونا۔ الشَّیئُ: چمٹنا۔۔۔۔ بِهِ او عَلَيْهِ الوَسَخُ: میل کا جم جانا۔۔۔۔ فُلانًا: گردن میں ہاتھ ڈالنا۔
اِلْتَكَدَ فُلانًا وبِفُلانٍ: چمٹنا اور جدا نہ ہونا۔
اللَّكِد: بد خلق۔ بخیل۔
الاَلْكَد: کمینہ قوم سے ملا ہوا۔
المِلْكَد: کوٹنے کا دستہ۔
لَكَزَهُ (ن) لَكْزًا: مکا مارنا۔
لاكَزَهُ: مکا بازی کرنا۔ ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
تَلاكَزَا: ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
المِلْكَاز: چھترا جس سے چرخی کے دھرے کو تنگ کرتے ہیں۔
اللَّكِز: بخیل۔
المُلَكَّز: ذلیل۔ دروازوں سے ہٹایا ہوا۔
لَكِس: کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شِكِسٌ لَكِسٌ" یعنی مرد دشوار خو۔ سرکش نافرمان۔
لَكَشَهُ (ض) لَكْشًا: مکا مارنا۔
لَكَضَهُ (ن) لَكْضًا: مکا مارنا۔
لَكَعَتْهُ (ف) لَكْعًا العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا
لَكَعَ الرَّجُلُ: سخت ستانا۔۔۔۔ الوَلَدُ: بچے کا دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ يَلْكَعُ" میں نے اس کو کھاتا پیتا چھوڑا۔
لَكِعَ (س) لَكَعًا ولَكَاعَةً: لئیم ہونا۔ بے وقوف ہونا۔۔۔۔ لَكَعًا عَلَيْهِ الوَسَخُ: میل جمنا۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ لَكَاعِ: مبنی علی الکسر یعنی اے لئیمہ اور ندا ہی میں استعمال ہوتا ہے۔
رَجُلٌ لُكَاعٌ: لئیم و کمینہ مرد۔

اللُّكَاعَةُ: ایک قسم کا کاغذ [illegible] ج لُكَاعٌ.

اللِّكَعُ: پستہ قد۔

اللُّكَعُ: کمینہ اور کہا جاتا ہے نداء کی صورت میں یا لُكَعُ اور نداء تثنیہ کی صورت میں یا فُوَی لُكَعِ اور معرفہ کی صورت میں غیر منصرف ہوگا۔ اس لئے کلمہ اَلُكَعُ سے معدول ہے۔ اللُّكَعُ: غلام۔ بے وقوف۔ گھوڑے کا بچہ۔ گدھے کا بچہ۔ چھوٹا بچہ۔ میلا کچیلا۔ گھوڑا یا وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔

اللُّكَعَةُ: کمینی۔ گھوڑی۔

الاَلْكَعُ: مؤنث لَكْعَاءِ ج لُكْعٌ واللَّكُوعُ واللَّكِيعُ: کمینہ۔ الاَلْكَعُ: وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔

المَلْكَعَانُ: کمینہ۔ مؤنث مَلْكَعَانَةٌ.

اللُّكْلُكُ: پستہ قد (...... واللُّكَالِكُ) موٹا اونٹ۔

اللُّكَافُ: خوگیر۔

لَكَمَهُ (ن) لَكْمًا: مکا مارنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "لَكَمَ السَّيْلُ عَرْضَ الْجَبَلِ" سیلاب نے دامنِ کوہ میں نشان چھوڑا۔

لاكَمَهُ مُلاكَمَةً: ایک دوسرے کو مکا مارنا۔

اِلْتَكَمَ: بعض کا بعض کو طمانچہ مارنا۔

تَلاكَمَا: ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔

اللَّكْمَةُ: گھونسا۔ مکا۔

رَجُلٌ مِلْكَمٌ: بہت گھونسے مارنے والا۔

المَلْكُومُ: ج مظلوم۔

خُفٌّ لَكَّامٌ ومِلْكَمٌ ومُلَكَّمٌ: سخت کھر جو پتھر کو توڑ دے۔

المُلَكَّمُ: پیوند لگایا ہوا۔ چمڑی موزہ۔

لَكِنَ (س) لَكَنًا ولُكْنَةً ولُكُونَةً ولُكُونَةً الرَّجُلُ: گفتگو میں اٹکنا۔ ہکلانا۔ صفت اَلْكَنُ: مؤنث لَكْنَاء ج لُكْنٌ.

تَلاكَنَ فِي كَلَامِهِ: ہنسانے کے لئے ہکلا کے بولنا۔

اللُّكْنَةُ: مص۔ ہکلا پن۔ تتلاہٹ۔

لٰكِن: اس کی اصل لاکن ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) یہ کہ ثقیلہ سے مخفف ہو اس صورت میں عمل باطل ہوتا ہے اور حرف ابتداء ہے دو جملوں پر داخل ہوتا ہے اور کبھی واو کے ساتھ بھی ہوتا ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ وَلٰكِنْ عَمْرٌو جَالِسٌ۔

(۲) یہ کہ اصل وضع سے خفیفہ ہو اور اس وقت یہ حرف عطف ہے اگر عطف جملہ علی الجملہ ہو تو واؤ لانا ضروری ہے اور اگر اس کے بعد مفرد ہو تو واجب ہے کہ واؤ نہ آئے اور اس سے پہلے نفی یا نہی کا ہونا ضروری ہے جیسے "مَا قَامَ زَيْدٌ لٰكِن عَمْرٌو" و "لَا تَضْرِبْ زَيْدًا لٰكِنْ عَمْرًا".

اللَّكَنُ: لگن۔ ج اَلْكَان (دخیل)

لٰكِنَّ: اس کی اصل لاکِنَّ ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں اور یہ حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور استدراک یعنی دفع توہم کے لئے آتا ہے۔ جیسے "قَامَ الْقَوْمُ لٰكِنَّ زَيْدًا جَالِسٌ" اور کبھی تاکید کے لئے جیسے لَوْزَارَنِي زَيْدٌ لَاَكْرَمْتُهُ لٰكِنَّهُ لَمْ يَجِئْ لَوْ سے جو نفی سمجھ میں آتی تھی اس کی لکن سے تاکید ہوگئی۔

لَكِيَ يَلْكَى لَكًى بِهِ: مشتاق ہونا۔ چمٹنا۔ صفت لَكِيٌّ لَكِيَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اللَّاكِي: عیب جو (لَامِكٌ کا مقلوب ہے)

لَمْ: حرف جزم ہے۔ فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے۔ جیسے لَمْ يَاْكُلْ اس نے نہیں کھایا اور لم پر ہمزہ استفہام داخل ہوتا ہے۔ لم کا عمل باقی رہتا ہے اور تقریر و توبیخ کا فائدہ دیتا ہے جیسے "اَلَمْ اَقُلْ لَكَ" کیا میں نے تم سے نہیں کہا اور کبھی ہمزہ اور لم کے درمیان واؤ اور فا بھی لاتے ہیں۔ جیسے اَفَلَمْ اَقُلْ لَكَ او لَمْ اُؤَدِّبْكَ.

لَمَّا: تین صورتوں سے مستعمل ہے۔

(۱) لَمْ: کی طرح فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے مگر مندرجہ ذیل پانچ باتوں میں فرق ہے۔

(الف) حرف شرط کے ساتھ نہیں آتا مثلاً اِنْ لَمَّا تَقُمْ نہیں کہا جاتا ہے اور اِنْ لَمْ تَقُمْ کہنا جائز ہے۔

(ب) لَمَّا: کے منفی میں استغراق ہے اور لم: کے منفی میں انقطاع جیسے لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَذْكُورًا اور اسی وجہ سے "لَمْ يَكُنْ ثُمَّ كَانَ" کہنا جائز ہے اور "لَمَّا يَكُنْ ثُمَّ كَانَ" نہیں کہہ سکتے۔

(ج) لَمَّا: کا منفی اکثر حال کے قریب ہوتا ہے بخلاف منفی لَمْ کے۔

(د) لَمَّا کا منفی متوقع ہوتا ہے بخلاف منفی لَمْ کے۔

(ہ) لَمَّا: کے منفی کو قرینہ کی بنا پر حذف کیا جاتا ہے جیسے "فَجِئْتُ قُبُوْرَهُمْ بَدْءًا وَلَمَّا" یعنی لَمَّا اَكُنْ بَدْءًا قَبْلَ ذٰلِكَ" اور "وَصَلْتُ اِلٰى بَغْدَادَ وَلَمْ" یعنی لَمْ اَدْخُلْهَا: کہنا جائز نہیں۔

(۲) لَمَّا: ماضی کے ساتھ مختص ہے۔ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں سے فعل ثانی کا وجود فعل اول پر موقوف ہے۔ جیسے لَمَّا جَاءَنِي اَكْرَمْتُهُ: اور اس صورت میں اس کو حرف وجود لوجود کہا جاتا ہے (اور بعض حرف وجوب لوجوب کہتے ہیں) اور بعضوں نے کہا ہے کہ یہ فعل کے لئے ظرف ہے جو غیر کے واقع ہونے سے واقع ہو اور ایک جماعت نے کہا ہے کہ یہ حین کے معنی میں ظرف ہے۔

(۳) لَمَّا: حرف استثناء ہے اِلَّا کے معنی میں۔ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے "اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ" ان لوگوں کی قرأت میں جو میم کو مشدد پڑھتے ہیں۔ اور ماضی لفظا پر داخل ہوتا ہے جیسے اَنْشُدُكَ اللّٰهَ لَمَّا فَعَلْتَ: یعنی مَا اَسْاَلُكَ اِلَّا فِعْلَكَ.

لَمَّ (ن) لَمًّا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَ فُلَانٍ" یعنی اللہ تعالیٰ فلاں کے مختلف پراگندہ امور کو درست کردیں۔ لَمَّ بِفُلَانٍ: کسی کے پاس آ کر نازل ہونا۔

لُمَّ فُلَانٌ: کچھ جنون لاحق ہونا۔ صفت مَلْمُوْم۔

اَلَمَّ: چھوٹے گناہوں کا مرتکب ہونا۔ اَلْغُلَامُ: بلوغ کے قریب پہنچنا۔ صفت مُلِمٌّ۔ اَلَمَّتِ النَّخْلَةُ: پختگی کے قریب ہونا...... بِهٖ مَرَضٌ: مرض لاحق ہونا...... بِالْقَوْمِ وعَلَی الْقَوْمِ: آ کر اتر پڑنا...... بِالْمَعْنٰی: سمجھ لینا...... بِالذَّنْبِ: گناہ کرنا...... الشَّیْءَ: قریب ہونا...... بِالْاَمْرِ: غور نہ کرنا...... بِالطَّعَامِ کھانے میں اسراف نہ کرنا اور کبھی کَادَ کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "اَلَمَّ یَفْعَلُ کَذَا" بمعنی کَادَ یَفْعَلُ کَذَا۔

اِلْتَمَّ فُلَانًا: زیارت کرنا...... بِالْقَوْمِ: آ کر اترنا۔

اَللَّامَّةُ: نظر بد۔ ہر گھبراہٹ اور خوف کی چیز کہا جاتا ہے "اُعِیْذُهٗ مِنْ کُلِّ هَامَّةٍ وَلَامَّةٍ" کہا جاتا ہے "هُوَ یَزُوْرُنَا لِمَامًا" وہ ہم سے ناغہ سے ملاقات کرتا ہے۔

اللَّمُّ: مص۔ بے شمار جماعت۔

اللَّمَمُ: تھوڑی سی دیوانگی۔ گناہ کے قریب ہونا۔ چھوٹے گناہ۔

اللِّمَا: ایک قسم کی مچھلی۔

اللَّمَّةُ۔ لَمَّ کا اسم مرۃ۔ سختی۔ جمع شدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُ لَمَّةٌ مِنَ الْجِنِّ" یعنی اس پر جنات کا کچھ اثر پہنچا۔ اللَّمَّةُ زمانہ اور کہا جاتا ہے "لِلشَّیْطَانِ لَمَّةٌ" یعنی شیطان کے لئے قربت ہے۔

اللُّمَّةُ: ساتھی۔ ہم سفر۔ کہا جاتا ہے "لَا تُسَافِرُوْا حَتّٰی تُصِیْبُوْا لُمَّةً" مت سفر کرو یہاں تک کہ ہم سفر پاؤ۔ مونس۔ (واحد و جمع)

اللِّمَّةُ: بالوں کی زلف جو کانوں کی لو [illegible] متجاوز ہو۔ پراگندہ بال۔ ج لِمَمٌ ولِمَامٌ۔

المِلَمُّ: ہر چیز میں سے سخت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِلَمٌّ" اپنے قبیلہ کے لوگوں کو جمع کرنے والا۔ "ورَجُلٌ مِلَمٌّ مِعَمٌّ" لوگوں کے امور کی اصلاح اور عموماً ان کے ساتھ بھلائی کرنے والا مرد۔

المُلِمَّةُ: دنیاوی مصیبتوں میں سے سخت مصیبت۔ درخت خرما جو پکنے کے قریب ہو۔

المَلْمُوْمُ: جس کو تھوڑی سی دیوانگی ہو۔ گول جمع کیا ہوا۔

کَتِیْبَةٌ مَلْمُوْمَةٌ: گنجان فوج۔ صَخْرَةٌ مَلْمُوْمَةٌ: سخت گول چٹان۔

لَمَاهُ ولَمَا عَلَیْهِ (ف) لَمْأً: ہاتھ ڈالنا...... الشَّیْءَ: سب لے لینا۔ دیکھنا...... بِهٖ: مشتمل ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا یَلْمَأُ فَمُهٗ بِکَلِمَةٍ" یعنی کسی قبیح بات کے بولنے کو وہ کوئی بڑی بات نہیں سمجھتا۔

اَلْمَأَ اللِّصُّ عَلَی الشَّیْءِ وبِالشَّیْءِ: چور کا کسی چیز کو چوری سے لے جانا...... عَلٰی حَقِّهٖ: حق کا انکار کرنا۔ اَلْمَأَتِ الدَّوَابُّ الْمَکَانَ: جانوروں کا جگہ کو خالی چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ بِالْاَرْضِ مَرْعًی فَهَاجَتِ الدَّوَابُّ فَاَلْمَأَتْهُ" زمین میں چراگاہ تھی چوپائے پل پڑے...... عَلَی الشَّیْءِ: مشتمل ہونا...... بِمَا فِی الْجَفْنَةِ: اپنے لئے خاص کر لینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ اَلْمَأَ مِنْ بِلَادِ اللّٰهِ" مجھے نہیں معلوم کہ کہاں گیا۔

تَلَمَّأَتْ تَلَمُّؤًا الْاَرْضُ بِهٖ وعَلَیْهِ: گھیر لینا۔

تَلَمَّأَ والْتَمَأَ بِمَا فِی الْجَفْنَةِ والْتَمَأَهٗ: اپنے لئے خاص کر لینا اور غالب ہونا۔

اُلْتُمِیءَ لَوْنُ الرَّجُلِ: رنگ متغیر ہونا۔

المَلْمُوْءَةُ: جگہ جو لی جائے یا جہاں کوئی چیز پائی جائے۔ جال۔

لَمَجَ (ن) لَمْجًا الشَّیْءَ: منہ کے اطراف سے کھانا...... الْمَرْأَةَ: جماع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَمَجُوْا ضَیْفَهُمْ بِشَیْءٍ" انہوں نے اپنے مہمان کو ناشتہ نہیں دیا۔

تَلَمَّجَ الرَّجُلُ: غذا سے پہلے کچھ کھانا کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهٗ یَتَلَمَّجُ بِالطَّعَامِ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ کھانے کو چکھ رہا تھا۔

اللَّمَاجُ واللُّمُوْجُ: تھوڑی خوراک۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّجْتُ عِنْدَهٗ بِلَمَاجٍ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں چکھا۔

المِلْجُ واللَّمِیْجُ: بہت کھانے والا۔

کہا جاتا ہے "سَمِیْجٌ لَمِیْجٌ وسَمِجٌ لَمِجٌ وسَمِیْجٌ لَمِیْجٌ" یعنی بہت برا۔

اللُّمْجَةُ: غذا سے پہلے کا ناشتہ۔ ج لُمَجٌ۔

المَلَامِجُ: منہ کے اردگرد۔

رُمْحٌ مُلَمَّجٌ: نرم وچکنا نیزہ۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا الْبَصَرُ: نگاہ اٹھنا...... الرَّجُلُ الشَّیْءَ والَی الشَّیْءِ: دزدیدہ نظر سے دیکھنا۔ اور اسم اللَّمْحَةُ: ہے...... الشَّیْءَ بِالْبَصَرِ: نگاہ ڈالنا۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا ولَمَحَانًا وتَلْمَاحًا النَّجْمُ او الْبَرْقُ: ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ صفت لَامِحٌ ولَمُوْحٌ ولَمَّاحٌ۔

لَامَحَهٗ: دزدیدہ نگاہی کرنا۔

لَمَّحَ تَلْمِیْحًا اِلَی الشَّیْءِ: اشارہ کرنا......

اَلْمَحَ اِلٰی فُلَانٍ: اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا...... الشَّیْءُ: چمکدار بنانا۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا...... الرَّجُلَ: دکھانا۔

اِلْتَمَحَهٗ: نظر خفیف سے دیکھنا۔

اِلْتُمِحَ بَصَرُهٗ: نگاہ جاتا رہنا۔

المَلْمَحُ: مص۔ کہا جاتا ہے "لَاُرِیَنَّکَ لَمْحًا بَاصِرًا" میں تم کو صاف وروشن معاملہ دکھاؤں گا۔ اکثر اس کا استعمال وعید کے موقع پر ہوتا ہے۔

اللَّمْحَةُ: جلدی کی نگاہ۔ اسم [illegible]

مَلَامِحُ: کا واحد۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهٗ لَمْحَةَ الْبَرْقِ" میں نے اس کو دیکھا اتنی دیر تک میں ایک مرتبہ بجلی چمکتی ہے۔

اللَّامِحُ: فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَامِحٌ [illegible]"

عظیم‌‌ — کی وہ قوم جو پیدائش سے ہی اکثر لُمَاح
بہت زیادہ سفید۔

المَلاَمِح: مشابہ۔ چہرے کے خدوخال۔ لمحہ کی جمع۔ کہا جاتا ہے "فِی فُلاَنٍ لَمْحَةٌ مِنْ اَبِیْهِ او مَلاَمِحُ مِنْ اَبِیْهِ" فلاں میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔

لَمَخَهُ (ف) لَمْخًا: طمانچہ مارنا۔

لاَمَخَه مُلاَمَخَةً ولِمَاخًا: ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔

تَلَمَّخ بِكَلاَمٍ قَبِيْحٍ: بری گفتگو کرنا۔

لَمَدَهُ (ن) لَمْدًا: فروتنی کرنا۔ انکساری کرنا۔

اَلاَلْمَد واللَّمْدَان: عاجز۔ ذلیل۔

لَمَذَ (ن) لَمْذًا: منہ کے اطراف سے کھانا (لمج میں ایک لغت ہے)

لِمَاذَا: کلمہ مرکب ہے لام تعلیل اور ما استفہامیہ اور ذا اسم اشارہ ہے۔

لَمَزَهُ (ن ض) لَمْزًا: عیب لگانا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ ہٹانا۔ مارنا۔ لَمَزَهُ الشَّيْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

لاَمَزَهُ: اشارہ کنایہ سے گفتگو کرنا۔

تَلَمَّزَهُ: ڈھونڈنا۔ تَلَمَّزَ فِی السَّيْرِ: دوڑنا۔

اللَّمَّاز واللُّمَزَة: لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ سامنے عیب بیان کرنے والا۔ اللَّمَّاز: چغل خور۔

اللُّمَّاز: سامنے غیبت کرنے والے۔

لَمَسَهُ (ن ض) لَمْسًا: چھونا۔ لَمَسَ الشَّيْءَ: طلب کرنا...... الشَّيْءُ: چھونے کے قابل ہونا...... الْمَرْاَةَ: جماع کرنا...... زَيْدًا اِمْرَاَةً: نکاح کرا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ شُعَاعٌ يَكَادُ يَلْمُسُ الْبَصَرَ" اس کے لئے شعاع ہے جو نگاہ کو چکا چوند کر دے۔

لاَمَسَهُ: ایک دوسرے کو چھونا۔ جماع کرنا۔

اَلْمَسَ فُلاَنًا: ڈھونڈنے میں مدد کرنا۔

زَيْدًا اِمْرَاَةً: نکاح کرا دینا۔

تَلَمَّسَ الشَّيْءَ: بار بار طلب کرنا۔

اِلْتَمَسَ الشَّيْءَ مِنْ فُلاَنٍ: مانگنا۔ طلب کرنا۔

اَللَّمَاسَة واللُّمَاسَة: قریبی حاجت۔

الْمَلْمَس: مس حواس خمسہ ظاہرہ میں ایک حاسہ جس سے حرارت و برودت، رطوبت یبوست معلوم ہوتی ہے۔

اللَّبِيْس: نازک بدن عورت۔

اللَّمُوْس: منہ بولا بیٹا یا جس کے حسب میں عیب ہو۔ کہا جاتا ہے کَوَاهُ لَمَاسٍ او كَوَاهُ الْمُتَلَمِّسَة: یعنی مرض کی جگہ میں داغ لگا۔

المُلاَمَسَة: مس...... فِی الْبَيْعِ: کپڑے چھو کر بیع کو واجب سمجھنا۔

المَلْمَس: چھونا۔ چھونے کی جگہ۔

المَلْمُوْس: مفعول۔ کہا جاتا ہے "اِكَافٌ مَلْمُوْسُ الاَحْنَاءِ" پالان جس کی کجی وغیرہ ہموار کر دی گئی ہو۔

المَلْمُوْسَات: قوۃ لامسہ کے مدرکات۔ اوائل محسوسات۔

اللَّمُوْسَة: راستہ۔

صَحِيْفَةُ الْمُتَلَمِّس: بدبختی کے لئے مثل ہے۔ اس لئے کہ خط میں یہ لکھا ہوا تھا کہ جب متلمس آئے تو اس کو قتل کر دو۔

لَمَصَ (ن) لَمْصًا الْعَسَلَ وشِبْهَهٗ: شہد کو انگلی کے کنارہ سے لینا اور چاٹنا...... فُلاَنًا: چٹکی لینا۔ نقل اتارنا۔ عیب لگانا۔ منہ چڑانا۔

الصَّبِیُّ: پیشاب کر دینا۔

اَلْمَصَ الشَّجَر: انگلی سے پکڑنے کے قابل ہونا۔ اَلْمَصَ الْكَرْمُ: انگور کی بیل میں نرم انگور ہونا۔

اللَّمُص: مص۔ لوگوں کی غیبت کرنا۔

اللاَّمِص: انگور کی بیل کا محافظ۔

اللَّمُوْص: جھوٹا۔ فریبی۔ غیبت کرنے والا چغل خور۔

لَمَطَهُ (ن) لَمْطًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔

لَمَطَ فُلاَنٌ: گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔

اِلْتَمَطَ بِحَقِّی: حق مار لینا۔

لَمَظَ (ن) لَمْظًا: کھانے پینے کے بعد زبان سے ہونٹ چاٹنا۔ کھانے کے بعد زبان سے دانتوں کے درمیان کا نکالنا...... فُلاَنًا مِنْ حَقِّهٖ: حق میں سے کچھ دینا......

الْمَاءَ: زبان کے کنارے سے چکھنا۔

لَمَظَه مِنْ حَقِّهٖ: حق میں سے کچھ دینا۔ کہا جاتا ہے "لَمَظَ فُلاَنًا لُمَاظَةً" تھوڑا سا چکھانا۔

اَلْمَظَهُ: ہونٹوں پر پانی ڈالنا۔ اَلْمَظَهُ عَلٰی فُلاَنٍ: غصہ دلانا۔ اَلْمَظَ فُلاَنًا: آہستہ نیزہ مارنا...... الْبَعِيْرُ بِذَنَبِهٖ: اونٹ کا ٹانگوں کے درمیان دُم کو دبانا...... الرَّجُلُ الْقَوْسَ: کمان پر تانت باندھنا۔

تَلَمَّظَ الرَّجُلُ: کھانے کے بعد زبان نکال کر ہونٹوں کو چاٹنا۔ کھانے کو منہ میں پھرانا اور کہا جاتا ہے "تَلَمَّظَ بِذِكْرِهٖ" یعنی عیب لگایا۔ تَلَمَّظَتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔

اِلْتَمَظَ الشَّيْءَ: جلدی سے منہ میں ڈالنا...... الطَّعَامَ: کھانا...... بِحَقِّهٖ: حق مار لینا...... بِالشَّيْءِ: لپٹنا...... بِشَفَتَيْهِ: ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ آواز نکلے۔

اِلْمَظَّ الْفَرَسُ: نیچے کے ہونٹ پر سفیدی والا ہونا۔

اللَّمَاظ: تھوڑی سی چیز جو چکھی جائے کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ لَمَاظ" اس کے پاس ایسی چیز بھی نہیں جس کو چکھے۔ "وَمَا ذُقْتُ لَمَاظًا" میں نے کچھ نہیں چکھا۔ "وشَرِبَهٗ لَمَاظًا او لِمَاظًا" یعنی اس نے زبان کے کنارے سے چکھا۔

اللَّمَاظَة: فصاحت۔ زبان کی روانی۔

اللُّمَاظَة: منہ میں بقیہ کھانا۔ تھوڑی سی چیز کا بقیہ کہا جاتا ہے "مَا الدُّنْيَا اِلاَّ لُمَاظَةُ اَيَّامٍ" دنیا صرف دنوں کا بقیہ ہے۔

اللَّمَظ: گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی۔

اللُّمْظَة: گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی یا ہونٹوں کی سفیدی۔ دل کا سیاہ نقطہ تھوڑا سا گھی وغیرہ جس کو انگلی میں لے

سلیں۔

الألمظ مِنَ الخَيلِ : نیچے کے ہونٹ میں سفیدی والا گھوڑا۔

التِلِمَّاظ : جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ مؤنث تِلِمَّاظَة. التِلِمَّاظه : بے ہودہ بکواس کرنے والی عورت۔

مَلامِظُ الِانْسَانِ : منہ اور ہونٹ کا گردا گرد۔

المُتَلَمَّظ : تبسم کرنے کی جگہ۔

لَمَعَ (ف) لَمْعًا ولَمَعَانًا ولُمُوعًا ولَمِيعًا وتِلِمَّاعًا البَرقُ وغَيرُهُ : بجلی وغیرہ کا چمکنا۔ روشن ہونا۔

ضَرعُ النَّاقَةِ : تھن کا دودھ اترنے کے وقت رنگین ہونا...... فُلانٌ بِالشَّيءِ : لے جانا...... بِيَدِهِ او بِثَوبِهِ او بِسَيفِهِ : ہاتھ یا کپڑا یا تلوار سے اشارہ کرنا...... الطَّائِرُ بِجَنَاحَيهِ : پرندہ کا بازو پھڑپھڑانا...... فُلانٌ البَابَ : دروازے سے نکلنا۔

اَلمَعَتِ الشَّاةُ بِذَنَبِهَا : بکری کا دُم اٹھانا جس سے معلوم ہو کہ گابھن ہو گئی۔ صفت مُلمِعَةٌ ومُلمِع...... الانثى : پیٹ میں بچہ کا حرکت کرنا...... فُلانٌ بِالشَّيءِ وعَلَيهِ : اُچک لینا۔ چرانا۔ لے جانا۔ اَلمَعَتِ البِلادُ : خشک گھاس والا ہونا یا بہت گھاس والا ہونا۔

اَلمَعَ اِلَى فُلانٍ بِثَوبِهِ : کپڑے سے اشارہ کرنا...... الفَرَسُ ونَحوُهَا : حمل کی وجہ سے تھنوں کا چمک اٹھنا اور تھنوں کے سرے کا کالا ہونا...... الطَّائِرُ بِجَنَاحَيهِ : پرندہ کا بازو کو پھڑپھڑانا۔

لَمَّعَ النَّسجَ : مختلف رنگوں کا بننا۔

تَلَمَّعَ الشَّيءَ والتَمَعَهُ : اچک لینا...... البَرقُ وغَيرُهُ : بجلی وغیرہ کا روشن ہونا۔ اِلتَمَعَ القَومَ : لے جانا۔

اِلتَمَعَ والتُمِعَ لَونُهُ : رنگ جاتا رہنا اور متغیر ہونا۔

اللَّامِع : فا۔ ج لُمَّع کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ لَامِعٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اللَّامِعَة : لامع کا مؤنث۔ بچہ کی چندیا جب تک نرم رہے۔ ج لَوَامِع.

اللُّمعَة : گھاس کا خشک شدہ حصہ۔ لوگوں کی جماعت۔ تھوڑا سا گزارہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "مَعَهُ لُمعَةٌ مِنَ العَيشِ" اس کے ساتھ تھوڑا سا گزارہ زندگی ہے جو اس کے لئے کفایت کر سکے...... مِنَ الجَسَدِ : جسم کے رنگ کی چمک۔ اور بقول بعض لُمعَة : خاص کر بدن کا سیاہ حصہ۔ اور بقول بعض ہر رنگ جو اصلی رنگ کے مخالف ہو۔ جسم کا وہ حصہ جو نہانے یا وضو کرنے میں خشک رہ جائے۔ ج لُمَع ولِمَاع.

اللَّمَّاع. لامع : کا اسم مبالغہ۔

اللُّمَّاعَة : عقاب۔ میدان جس میں سراب چمکے۔ بچے کی چندیا جب تک نرم رہے۔

اللَّمُوع : چمکنے والا۔ تیز جھپٹنے والا عقاب۔

الالمَعُ والالمَعِيُّ : تیز ذہن۔ تیز فہم۔

الالمَعِيَّة : ذکاوت۔

کہا جاتا ہے ذَهَبَت نَفسُهُ لِمَاعًا : اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔

التَلمِيع فِي الخَيلِ وغَيرِهَا : جسم کے رنگ کے مخالف داغ۔ ج تَلامِيع کہا جاتا ہے "فِيهِ تَلمِيعٌ وتَلامِيعُ" جب کہ جسم میں مختلف رنگ ہوں۔

مِلمَعَا الطَّائِرِ : پرندہ کے دونوں بازو۔

المُلَمَّع مِنَ الخَيلِ وَغَيرِهِ : جسم کے رنگ کے مخالف داغ والا۔

اَرضٌ مُلمِعَةٌ ومُلَمِعَةٌ ومُلَمَّعَةٌ : زمین جس میں سراب چمکے۔

خُدٌّ مُلمِع : چمک دار رخسارہ۔

اليَلمَع : بے بارش کی بجلی۔ سراب۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ اَكذَبُ مِن يَلمَع" فلاں سراب سے زیادہ جھوٹا ہے اور اس سے جھوٹے کو تشبیہ دی جاتی ہے کہا جاتا ہے "اِنَّمَا هُوَ يَلمَعٌ" یعنی وہ جھوٹا ہے۔ ج يَلامِع. واليَلمَع مِنَ السِّلاحِ : چمکنے والے ہتھیار جیسے خود زرہ وغیرہ۔ ج يَلامِع.

اليَلمَعِيُّ : ذہین۔ تیز فہم۔ جھوٹ گھڑ لانے والا۔

لَمَقَهُ (ن) لَمقًا ولُمُوقًا : لکھنا۔ مٹانا۔

لَمَقَ عَينَهُ : آنکھ ملنا۔ کانی کرنا۔ لَمَقَ اِلَيهِ : دیکھنا...... اِلَيهِ بِبَصَرِهِ : دیر تک دیکھنا۔

تَلَمَّقَ : چکھنا۔

اللَّمَاق : چکھنے کی تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَاذُقتُ لَمَاقًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وَمَا بِالاَرضِ لَمَاقٌ" زمین میں چراگاہ نہیں۔

لَمَقُ الطَّرِيقِ راستہ کا درمیان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ فِي لَمَقِ الطَّرِيقِ" یعنی راستہ کے وسط میں چلا۔

اليَلمَق : روئی دار قبا۔ (دخیل)

لَمَكَ (ن) لَمكًا العَجِينَ : نرم گوندھنا۔

تَلَمَّكَ البَعِيرُ : اونٹ کا جبڑوں کو حرکت دیتے ہوئے کھانا۔

اللَّمَاك : چکھنے کی چیز۔ صرف نفی ہی میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّكَ بِلَمَاكٍ" یعنی کچھ نہیں چکھا۔

اللَّمَاك واللُّمَاك واللَّمك : سرمہ۔

اللَّمِيك : سرمہ لگایا ہوا۔

اليَلمَك : قوی جوان۔ مردوں ہی کے لئے خاص ہے اور حرف یا زائد ہے۔

تَلَمَّلَ بِفَمِهِ : کھانے کے بعد زبان کو ادھر ادھر پھرانا۔

اللَّمَال واللُّمَال : سرمہ۔

لَملَمَ الحَجَرَ : پتھر کو گول گھڑنا...... الشَّيءَ : جمع کرنا۔

تَلَملَمَ : گول ہونا۔ جمع ہونا۔

اللَّملَم : بہت جمع شدہ فوج۔

اللُّملُوم : جماعت۔

رَجُلٌ مُلَملَم وجَمَلٌ مَلَملَم : گٹھے بدن کا مرد اور اونٹ۔ شعر مُلَملَم : تیل لگے ہوئے بال۔

المُلَملَمَة مُلَملَم : کا مؤنث۔ ہاتھی کی سونڈ۔

لَمّا يَلْمُؤ لَمُؤٌ الشَّيْ : سب لے لینا۔
اللُّمة : جماعت۔ تین سے لے کر دس تک کے ساتھی۔ ہم عمر۔ ہم شکل۔ پیروی کے لئے نمونہ۔ ج لُمَات.
لَمِی يَلْمِی لَمْيًا ولَمِیَ يَلْمی لَمًی الغُلامُ : لڑکے کا سیاہ ہونٹوں والا ہونا۔ صفت مذکر اَلْمٰی صفت مؤنث لَمْيَا.
اَلْمٰی إلمَاءَ. اللِصُّ بِكَذَا : چور کا چپکے سے لے جانا۔ اڑا لے جانا۔
تَلَمَّتِ الْاَرْضُ بِهٖ وعَلَيْهِ : حاوی ہونا۔ مشتمل ہونا۔
اَلْتَمیَ إلْمِتَاءً. لَوْنُهٗ : رنگ متغیر ہونا...... بِهٖ : اپنے لئے خاص کرنا اور غالب ہونا۔
اللُمٰی : بتثلیث اللام : ہونٹ کے اندرونی حصہ میں گندم گونی یا سیاہی۔
اَللّأْبِیُون : گھاس کی قسم سے ایک پودا جس کے پتے گھنے پھول سفید یا گلابی ہوتے ہیں بے آباد زمین میں ہوتا ہے۔
الاَلْمٰی : گندم گوں یا سیاہ ہونٹ والا۔ رُمْحٌ اَلْمٰی : مضبوط و گندم گوں نیزہ۔ ظِلٌّ اَلْمٰی : گنجان سایہ۔ شَجَرٌ اَلْمٰی : گنجان سایہ دار درخت۔ غُلامٌ اَلْمٰی : سرد تھوک والا لڑکا۔ مؤنث لَمْيَاء۔ ج لُمْیٌ. لِثَةٌ لَمْيَاء : کم خون والا اور بقول بعض کم گوشت والا مسوڑھا۔
لَنْ : مضارع کے حروف ناصبہ میں سے ہے نفی اور استقبال کا فائدہ دیتا ہے جیسے "لَنْ اَفْعَلَ المنكر مَابَقِيتُ" جب تک زندہ رہوں گا امور منکرہ ہرگز نہیں کروں گا اور دعا کے موقع پر بھی آتا ہے جیسے "لَنْ تَزَالُوْ مَلْجَا الفَقِيْر" ہمیشہ فقیر کے ملجا رہو۔
لَهُ (ن) لَهْوًا الشِّعْر : نازک و مستحسن شعر کہنا۔
لَهِبَتْ (س) لَهَبًا ولَهَبًا ولَهِيبًا ولُهَابًا ولَهَابًا. النَّارُ : شعلہ بھڑکنا۔
لَهِبَ (س) لَهَبًا ولَهَبَانًا الرَّجُلُ : پیاسا ہونا۔ صفت لَهْبَان.

لَهَّبَ النَّارَ فَتَلَهَّبَتْ والْهَبَهَا فالتهبت آگ بھڑکانا۔ یہاں تک کہ شعلہ ہو کر بھڑک اٹھنا۔ اِلْتَهَبَ عَلَيْهِ : غضبناک ہونا۔ غصہ سے جلنا اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَتَلَهَّبُ او يَلْتَهِبُ جُوْعًا" فلاں بھوک سے بھڑک رہا ہے۔
اَلْهَبَ. النَّارَ : آگ بھڑکانا...... الفَرَسُ : گھوڑے کا دوڑنے میں غبار اڑانا ...... البَرْقُ : بجلی کا پیاپے کوندنا۔ اَلْهَبَ فِی الْكَلامِ : جلدی سے کہہ گزرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلْهَبَهٗ لِلْاَمْرِ" اس نے اس کو کام کے لئے اکسایا۔
اللُّهَاب : مص۔ پیاس۔
اللُّهَابَة : ایک قسم کی کملی جس میں پتھر رکھ کر ہودج یا بوجھ کے ایک جانب کو جھکاتے ہیں۔
اللِهْب : دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی یا پہاڑ کی دراڑ۔ ج اَلْهَاب ولُهُوْب ولِهَاب ولِهَابَة
اللَهَب : مص۔ بے دھوئیں کا شعلہ۔ بلند غبار۔
اللَهَبَان : مص گرمی کی شدت۔ گرم دن۔ پیاس۔
اللُهْبَة : پیاس۔ خالص سفیدی۔
اللَهِيْب : مص۔ آگ کی گرمی۔ المَلْهُوْب : حق کے نہ ملنے کی وجہ سے بھڑکنے والا۔
الاُلْهُوْب : گھوڑے کی دوڑ کی تیزی جس سے غبار اڑے یا اس کے کھر سے آگ نکلے۔
المِلْهَب : نہایت خوبصورت۔
المُلْهِبُ : تیز دوڑنے والا غبار اڑانے والا گھوڑا۔
المُلَهَّب مِنَ الثِّيَابِ : کم سرخی والا کپڑا۔
اللاهُوْت : خداوندی۔ اور اس کی اصل "لاهٌ" بمعنی الٰہ ہے واؤ اور تا کی زیادتی مبالغہ کے لئے ہے جیسے جبروت و ملکوت میں۔ عِلْمُ اللاهُوْت : عقائد متعلقہ ذات و صفات باری تعالیٰ کا علم۔ تھیولوجی : عقائد متعلقہ ذات و صفات باری تعالیٰ کا علم۔

لَهِثَ ولَهَثَ لَهْثًا ولُهَاثًا الكَلْبُ وغيره : کتے وغیرہ کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔
لَهِثَ (س) لَهَثًا ولَهَثَانًا ولَهَاثًا الرَّجُل : پیاسا ہونا۔ صفت مذکر لَهْثَان صفت مؤنث لَهْثٰی.
اِلْتَهَثَ الكَلْبُ : کتے کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔
اَللُّهَاث : مص پیاس کی جلن۔ موت کی سختی۔ تم کہتے ہو "هُوَ يُقَاسِي لُهَاثَ الْمَوْتِ" وہ موت کی سختی کو برداشت کر رہا ہے۔
اللُّهْثَة : تھکن۔ پیاس۔
لَهِجَ (س) لَهَجًا بِالشَّیْ : شیفتہ ہونا۔ صفت لَهِجَ ولاهَج...... الفَصِيْلُ اُمَّهٗ : چوسنا...... الفَصِيْل بِامِّهٖ : ماں کے دودھ پینے کا عادی ہونا۔ صفت لاهِج.
لَهَّجَ القَوْمَ : کھانے سے پہلے تھوڑا سا ناشتہ کھلانا۔
اَلْهَجَ الرَّجُلُ : دودھ پینے کے عادی بچوں والا ہونا...... فُلانًا بِالشَّیْ : فریفتہ کرانا۔ شیفتہ بنانا۔
الفَصِيْلَ : منہ میں لکڑی باندھنا تاکہ دودھ نہ پی سکے (آخری معنی میں ہمزہ سلب کے لئے ہے)
اُلْهِجَ بِالشَّیْ : شیفتہ و فریفتہ ہونا۔
اِلْهَاجَّ اِلْهِيْجَاجًا الشَّیْ : گدلا ہونا۔
الْهَاجَّتْ عَيْنُهٗ : اونگھ آنا۔ اِلْهَاجَّ اللَّبَنُ : دودھ کا ناقص طریقے سے جمنا۔
اللَّهْجَة : زبان یا نوک زبان۔ مادری زبان۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ فَصِيْحُ اللَّهْجَةِ وصادِقُ اللَّهْجَةِ".
اللُّهْجَة : کھانے سے پہلے کا ناشتہ۔
المُلَهَّج : مفع۔ وہ شخص جو سور ہے اور کام کرنے سے عاجز ہو۔
لَهْوَجَ الشَّیْ : ملانا...... الاَمْرَ : ادھورا کرنا۔ مستحکم نہ کرنا...... الشِّوَاءَ : نیم پختہ کرنا۔

اچھی طرح سے نہ بھونا۔ کہا جاتا ہے شِوَاءٌ مُلَهْوَجٌ: اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔ حَدِیْثٌ مُلَهْوَجٌ وَرَأْيٌ مُلَهْوَجٌ: غیر محکم بات و رائے۔

تَلَهْوَجَ الشَّيْءَ: جلدی کرنا......اللَّحْمَ: گوشت کو نیم پختہ کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔

تَلَهْجَمَ بِالشَّيْءِ: شیفتہ ہونا......الطَّرِيْقُ: واضح ہونا۔ چلنے والوں کے پیر کا نشان ہونا۔

اللَّهْجَم: کشادہ چلتا ہوا راستہ۔ بڑا پیالہ۔

لَهَدَهُ لَهْدًا الْحِمْلُ: بوجھل کرنا۔ دبانا۔ صفت مفعولی مَلْهُوْدٌ ولَهِيْدٌ. لَهَدَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو تھکانا۔ لاغر کرنا......الشَّيْءَ: کھانا یا چاٹنا......فُلَانًا: ذلیل کر کے ہٹانا یا پستان کی جڑ میں مونڈھے کی جڑ میں مارنا یا چھونا۔

لَهَّدَ فُلَانًا: بمعنی لَهَدَهُ اور تشدید تکثیر کے لئے ہے۔

أَلْهَدَهُ: ظلم کرنا۔ اَلْهَدَ بِهِ: ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ اَلْهَدَ اِلَى الْاَرْضِ: بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا......بِفُلَانٍ: دو لڑنے والوں میں سے ایک کو پکڑ لینا اور دوسرے کو چھوڑ دینا۔

اللُّهَاد: ہچکی۔

اَللَّهَد: مص۔ ایک مرض ہے جو انسان کی ٹانگ یا رانوں میں ہوتا ہے۔ صدمہ وغیرہ کی وجہ سے اونٹ کے سینہ میں شگافتگی۔ سست و ناکارہ مرد۔

اللَّهِيْد: عاجز۔ تھکا ہوا۔

اللَّهِيْدَة: ایک نرم قسم کا حلوا۔

المُلَهَّد: مفع "رَجُلٌ مُلَهَّدٌ" کمزور ذلیل۔ دروازوں سے دھکا دیا ہوا۔

اللَّهْذَب: ہمیشہ ثابت رہنے والی چیز۔

لَهْذَمَهُ: کاٹنا۔

تَلَهْذَمَهُ: کاٹنا۔ تَلَهْذَمَ الشَّيْءَ: کھانا۔

اللَّهْذَم: تیز کاٹنے والا۔ تلوار۔ بھالا۔ دانت وغیرہ ج لَهَاذِم ولَهَاذِمَةٌ.

اللَّهَاذِمَةُ: چوروں کی جماعت۔

لَهَزَ (ف) لَهْزًا الشَّيْءُ فُلَانًا: کسی چیز کا کسی کے اندر ظاہر ہونا......القَوْمَ: قوم میں مل جانا۔ لَهَزَهُ الشَّيْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ صفت مفعولی مَلْهُوْز. لَهَزَهُ بِالرُّمْحِ: سینہ میں نیزہ مارنا۔ لَهَزَ فُلَانًا: مکا مارنا اور بقول بعض کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا......الفَصِيْلُ ضَرْعَ اُمِّهِ: دودھ پیتے ہوئے سر سے تھن کو مارنا۔

لَهَزَهُ تَلْهِيْزًا: کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا۔

اللَّاهِز: فا۔ پہاڑ اور ٹیلہ جو راستہ کو تنگ اور دشوار گزار کر دے اور جب دو پہاڑ اتنے قریب ہوں کہ ان کے درمیان کا راستہ پتلی گلی کی مانند ہو جائے تو ان دونوں پہاڑوں کو لاهزان کہیں گے۔

اللِّهَاز: چیتھڑا یا پچر جس سے چرخی وغیرہ کے سوراخ کو تنگ کریں۔

اللَّهِز: سخت۔

اللَّهْزَة: کان کے نیچے جبڑے میں اُبھری ہوئی ہڈی۔

المِلْهَز: کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنے والا۔

المَلْهُوْز: مفع۔ گٹھے بدن والا۔ جبڑے کی ہڈی پر داغ لگا ہوا۔

لَهْزَمَهُ: جبڑے کی ہڈی کو کاٹنا۔ لَهْزَمَ الشَّيْبُ خَدَّيْهِ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

اللِّهْزِمَة: کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی ہڈی ج لَهَازِم.

لَهَسَ (ف) لَهْسًا الشَّيْءَ: چاٹنا (لحس میں لغت ہے)......الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهِ: بے چوسے ہوئے چاٹنا......عَلَى الطَّعَامِ: حرص کی وجہ سے ہجوم کرنا۔

لَاهَسَ مُلَاهَسَةً عَلَى الطَّعَامِ: کھانے پر ہجوم کرنا......القَوْمَ اِلَى الشَّيْءِ: سبقت کرنا اور ہجوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُلَاهِسُ بَنِيْ فُلَانٍ" جبکہ کھانے کے وقت پہنچ جائے۔

اللَّاهِس: جلد باز۔ چابک دست۔ ج لَوَاهِس.

اللُّهَاس واللُّهَاسَة: تھوڑی خوراک۔

اللُّهْسَة: چاٹنے کے قابل چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا لَكَ عِنْدِيْ لُهْسَةٌ" تمہارے لئے میرے پاس کچھ نہیں۔

لَهْسَمَ مَا عَلَى المَائِدَةِ: دسترخوان سے سب کچھ کھا لینا۔

اللَّهَاسِم: وادی کی تنگ نالیاں واحد لُهْسُم.

لَهَطَهُ (ف) لَهْطًا: تھپڑ مارنا۔ لَهَطَ بِسَهْمٍ: تیر مارنا۔ لَهَطَ الثَّوْبَ: کپڑا اپینا......بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پچھاڑنا۔ لَهَطَتْ اُمُّهُ بِهِ: جننا۔

اللَّاهِط: فا۔ اپنے گھر کے دروازے پر چھڑکاؤ کرنے والا اور صاف ستھرا رکھنے والا۔

لَهْطَةٌ مِنَ الْخَبَرِ: افواہ جس کی نہ تم تصدیق کرو نہ تکذیب۔

لَهِعَ (س) لَهَعًا ولَهَاعَةً الرَّجُلُ: ہر ایک سے بے تکلف ہونا۔ صفت لَهِعٌ ولَهِيْعٌ ولَهْيَعٌ......فِي الْكَلَامِ: خوب بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا۔

اللَّهَاعَة: غفلت۔

اللَّهْيَع: کارگزاری میں تیز۔

اللَّهْيَعَة: غفلت۔ سستی۔ کاہلی۔ خرید و فروخت میں سستی کرنا یہاں تک کہ نقصان ہو جائے۔

لُهِفَ لَهْفًا: ظلم کیا جانا۔

لَهِفَ (س) لَهَفًا عَلَى مَا فَاتَ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت لَهِفٌ ولَهِيْفٌ.

لَهَّفَ فُلَانٌ نَفْسَهُ او اُمَّهُ: وانفساه وامّاه والهفاه کہنا اور کہا جاتا ہے "لَهَّفَ اُمَّيْهِ" یعنی اَبَوَيْهِ یہاں پر لفظ ام کو اب پر غلبہ کر دیا گیا ہے اس لئے کہ ماں کی مامتا مشہور ہے۔

اور کہا جاتا ہے "لَهِفْتُ إِلَيْكَ فَلَهِفْتَنِي" یعنی میں نے تجھ سے فریاد رسی کی۔

أَلْهَفَ : حریص ہونا۔ نہایت خواہش مند ہونا۔

تَلَهَّفَ. عَلَيْهِ : غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔

اِلْتَهَفَتِ النَّارُ : آگ کا بھڑکنا۔ اِلْتَهَفَ فُلَانٌ : کسی مصیبت کے نازل ہونے پر غم سے بھڑک اٹھا۔

اللَّاهِف : فا۔ مظلوم۔ مضطر۔ فریادی۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث لَاهِفٌ ولَاهِفَةٌ اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَاهِفُ الْقَلْبِ" وہ شکستہ دل ہے۔

اللَّاهِفَة. لَاهِف کا مؤنث۔ ج لَاهِفَات ولَوَاهِف.

اللَّهْف : مص۔ يَا لَهْفَ فُلَانٍ کلمہ ہے جس سے مافات پر افسوس کیا جاتا ہے یعنی فلاں پر کس قدر افسوس ہے اور کہا جاتا ہے "يَا لَهْفِي عَلَيْكَ و يَا لَهْفَ ويَا لَهْفًا ويَا لَهْفَ أَرْضِيْ وسَمَائِيْ عَلَيْكَ ويَا لَهْفَاهُ" یعنی تیرے اوپر افسوس ہے۔

اللَّهْفَان : افسوس کرنے والا۔ غمزدہ۔ مؤنث لَهْفَى ج لَهَافَى ولُهُف.

اللَّهْفَة. لَهْف : کا اسم مرۃ اور فوت شدہ کے افسوس کے لئے کہا جاتا ہے "يَا لَهْفَةَ ويَا لَهْفَتَاهُ ويَا لَهْفَتِيَاهُ"

اللَّهُوف : موٹا۔ لمبا۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث اللَّهُوفَة.

اللَّهِيف : مضطر۔ افسوس کرنے والا۔ رَجُلٌ لَهِيفُ الْقَلْبِ : سوختہ دل۔ ج لِهَاف.

الْمَلْهُوف : غمگین جس کا مال ضائع ہو گیا ہو یا کوئی قریب فوت ہو گیا ہو۔ فریاد کرنے والا مظلوم رَجُلٌ مَلْهُوفُ الْقَلْبِ : سوختہ دل مرد۔

لَهَقَ (ف) ولَهِقَ (س) لَهْقًا ولَهَقًا الشَّيْءُ : بہت سفید ہونا۔

تَلَهَّقَ الشَّيْءُ : بہت سفید ہونا ..... الرَّجُلُ : زیادہ گفتگو کرنا۔

اللَّهَاق : سفید یا سفید بیل۔ کہا جاتا ہے: "أَبْيَضُ لَهَاقٌ او لِهَاقٌ" بہت سفید "وبَقَرَةٌ لِهَاقٌ" بہت سفید گائے۔

اللَّهِق واللَّهَق : سفید بیل۔ سفید۔ مؤنث لَهِقَةٌ ولَهِقَةٌ. ج لَهِقَاتٌ ولِهَاقٌ کہا جاتا ہے "أَبْيَضُ لَهِقٌ ولَهَقٌ" بہت سفید۔

مُلْهَقُ اللَّوْنِ : سفید رنگ والا۔

لَهْلَهَ لَهْلَهَةً. النَّسَّاجُ الثَّوْبَ : باریک بننا (هَلْهَلَ کا مقلوب ہے)

تَلَهْلَهَ الثَّوْبُ : باریک بنا ہوا ہونا...... الْكَلَأُ : تھوڑی سی گھاس کے درپے ہونا۔

اللَّهْلَهُ مِنَ الثِّيَابِ او الكَلَامِ او الشِّعْرِ : ردی کپڑا یا گفتگو یا شعر۔

اللُّهْلُه : بدصورت۔ بَلَدٌ لُهْلُهٌ : کشادہ مقام جہاں سراب بہت ہوں۔ ج لَهَالِهُ (...... والْهُلْهَة) کشادہ زمین۔

اللَّهْلَهَة : کسی چیز سے رجوع کرنا۔ باریک بناوٹ۔

لَهِمَ (س) لَهْمًا ولَهَمًا الشَّيْءَ : ایک ہی مرتبہ میں نگلنا...... الْمَاءَ : گھونٹ لینا۔

أَلْهَمَهُ الشَّيْءَ : نگلوانا۔ أَلْهَمَ اللّٰهُ فُلَانًا خَيْرًا : وحی کرنا۔ سکھلانا۔ توفیق دینا۔ دل میں ڈالنا۔

تَلَهَّمَ والْتَهَمَ الشَّيْءَ : ایک ہی دفعہ میں نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔ (التَّهَمَهُ ہی بولا جاتا ہے)

اُلْتُهِمَ لَوْنُهُ : رنگ متغیر ہونا۔

اِسْتَلْهَمَ اللّٰهَ خَيْرًا : اللہ سے خیر کے الہام کی دعا کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَسْتَلْهِمُ اللّٰهَ الرَّشَادَ" اللہ سے رشد وہدایت کے الہام کی دعا کرتا ہوں۔

اللُّهَام : بڑا لشکر۔

اللِّهْم : عمر رسیدہ۔ ج لُهُوم.

رَجُلٌ لِهَمٌ ولُهَمٌ : کھاؤ۔ پیٹو۔

اللُّهْمَةُ مِنَ السَّوِيقِ : ایک مرتبہ پھانکنے کی مقدار ستو۔

اللُّهَمُ : بہت بخشش والا۔ سمندر۔ کھاؤ۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔ رَجُلٌ لُهَمٌ : مرد روشن رائے بخشش کرنے والا۔ کفایت کرنے والا۔ ج لُهَمُونَ (عورتوں کے وصف میں واقع نہیں ہوتا) رَجُلٌ لَهُومٌ : کھاؤ مرد۔

اللُّهَيْمُ وأُمُّ اللُّهَيْمِ : موت۔ بخار۔ مصیبت۔ اللِّهْمِم : کشادہ دیگ۔

الإِلْهَام : مص۔ اللہ کا انسان کے دل میں ایسا داعیہ پیدا کرنا جو کسی فعل کے کرنے یا چھوڑنے پر آمادہ کرے۔

الْمِلْهَمُ والْمُلْهَمُ مِنَ الرِّجَالِ : کھاؤ۔ پیٹو۔

لَهْمَسَ مَا عَلَى الْمَائِدَةِ : دسترخوان سے سب کچھ کھالینا۔

اللُّهْمُوم : بڑا لشکر۔ سخی آدمی۔ عمدہ گھوڑا۔ بے شمار۔ بہت برسنے والا بادل۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج لَهَامِيم ولَهَامِيمُ النَّاسِ : سخی لوگ۔

اللَّهْمِيم : سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔

لَهَنَ الْقَوْمَ ولِلْقَوْمِ : ناشتہ کھلانا۔ سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

أَلْهَنَهُ : مسافر کو سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

تَلَهَّنَ الرَّجُلُ : ناشتہ کھانا۔

اللُّهْنَة : تحفہ جو مسافر سفر سے واپسی پر دے۔ ناشتہ۔ تحفہ جو مسافر کو سفر سے واپسی پر دیا جائے۔ ج لُهَن.

لَهَا يَلْهُو لَهْوًا. الرَّجُلُ : کھیلنا..... بِهِ : فریفتہ ہونا (...... لَهْوًا ولُهُوًّا) الْمَرْأَةُ إِلَى حَدِيثِ الرَّجُلِ : مانوس ہونا۔ پسند کرنا (...... لُهِيًّا ولِهْيَانًا) ...... عَنِ الشَّيْءِ : غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ بھولنا۔

لَهِيَ يَلْهَى لَهًا بِكَذَا : محبت کرنا..... عَنْهُ : تسلی پانا۔ غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "إِلْهَ لَهُ كَمَا يَلْهَى لَكَ" تم بھی اس کے ساتھ ویسا ہی کرو جیسا وہ تمہارے ساتھ کرتا ہے۔

أَلْهَاهُ ...... عَنْ كَذَا : غافل کر دینا۔

بکذا: مشغول کرنا۔

لاھاہ ملاھاۃ: قریب ہونا۔ جھگڑا کرنا۔

لاھی الشیٔ: نزدیک ہونا...... الغلام: دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔

الھاہ الھاءً. اللعب عن کذا: غافل کرنا۔

فلان الشیٔ: عاجزی سے چھوڑ دینا......

الرحی وفی الرحی وللرحی: چکی میں کول ڈالنا۔ الھی الرجل: بہتر اور کثیر عطیہ دینا۔

تلھی تلھیا بکذا: کسی چیز پر توجہ یا اعراض سے دل بہلانا...... بالشیٔ: مشغول ہونا۔

تلاھی تلاھیا بالملاھی: کھیل کود میں مشغول ہونا...... القوم: باہم کھیلنا۔

التھی الرجل بالشیٔ: کھیلنا...... عنہ بغیرہ: مشغول ہونا۔

استلھی استلھاءً ا۔ صاحبہ: ساتھی کا انتظار کرنا۔ ٹھہرانا...... الشیٔ: زیادہ لینا۔ نگلنا۔

اللھاء: مقدار۔ کہا جاتا ہے "ھم لھاء مائۃ" وہ لوگ سو (۱۰۰) کی مقدار ہیں۔

اللھو: کھیل کود۔ وہ چیز جس سے انسان لذت حاصل کرے۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔ ڈھول۔ فرزند۔

اللھاۃ: حلق کا کوا ج لھوات ولھیات ولھی ولھی ولھا ولھاء ولھاء.

اللھوۃ. لھا کا اسم مرہ۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔

اللھوۃ واللھوۃ: پیستے ہوئے چکی میں ایک مرتبہ جتنی مقدار میں غلہ ڈالیں۔ عطیہ۔ بہتر وکثیر عطیہ۔ لپ بھر مال۔ ج لھی۔

اللھیۃ: عطیہ یا بہتر وکثیر عطیہ۔ کہا جاتا ہے "فلان لھو عن الخیر" فلاں بھلائی سے بہت غافل ہے۔

اللھوی. لھاۃ کی طرف منسوب۔

والحرفان اللھویان: ق وک۔

الالھوۃ والالھیۃ والتلھیۃ: جس سے کھیل کود کیا جائے۔

الملھی: کھیل کود۔ کھیل کود کا زمانہ۔ کھیل کود کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھذا ملھی القوم" یعنی یہ ان کی اقامت کی جگہ ہے۔ "وھذا ملھی الاثافی" یہ پایہ دیگ دان کی جگہ ہے۔

الملھی: کھیل کود کا آلہ۔ ج ملاہ۔ آلات

الملاھی: آلات موسیقی۔

لھوج: مادہ ل ہ ج میں گزر چکا۔

لھوق لھوقۃ وتلھوق الرجل: جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنا...... فی العمل والکلام: ترک مبالغہ کرنا۔

رجل لھوق: ڈینگ مارنے والا۔ جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنے والا۔

لو: یہ حرف چھ طریقے سے مستعمل ہے۔

(۱) زمانہ ماضی میں شرط کے لئے جیسے "لو جاءنی لاکرمتہ" اگر وہ میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا۔ یہ تین باتوں کا فائدہ دیتا ہے۔ ایک شرط۔ دوسرے شرط کو ماضی کے ساتھ مقید کرنا۔ تیسرے امتناع اور اسی وجہ سے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یہ حرف امتناع لامتناع ہے یعنی شرط کے منتفی ہونے کی وجہ سے جزاء منتفی ہوتی ہے مناطقہ نے اس کو ادوات اتصال قرار دیا ہے جیسے "لو کان زید حجرا کان جمادا"۔

(۲) زمانہ مستقبل میں شرط کے لئے مگر یہ جازم نہیں جیسے "ولو تلتقی اصداءنا بعد موتنا" الخ۔ اور اس قسم میں اور پہلی قسم میں فرق یہ ہے کہ شرط جب مستقبل ہو تو لو ان کے معنی میں ہوتا ہے اور جب ماضی ہو تو حرف امتناع ہوتا ہے اور جب اس کے بعد فعل مضارع واقع ہو تو ماضی کے معنی میں ہو جاتا ہے جیسے لو تقوم القوم بمعنی لو قمت قمت۔

(۳) یہ کہ حرف مصدری ہو بمنزلہ ان کے مگر یہ نصب نہیں دیتا اور اکثر ودّ یودّ کے بعد واقع ہوتا ہے [illegible]

کرتے ہیں کہ تم ان کے پاس آؤ "یود احدھم لو یعمر" ان میں ایک عمر دیئے جانے کی تمنا کرتا ہے۔

(۴) یہ کہ تمنا کے لئے ہو۔ اس کا جواب منصوب اور فا کے ساتھ ہوتا ہے جیسے "لو تاتینی فتحدثنی" تمنا ہے کہ تم میرے پاس آتے اور مجھ سے باتیں کرتے۔

(۵) عرض کے لئے مانند الا کے اس کا جواب بھی فاء سے ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے جیسے "لو تنزل عندنا فتصیب خیرا" اگر تم ہمارے پاس اترتے تو بھلائی کو پہنچتے۔

(۶) تقلیل کے لئے جیسے "تصدقوا ولو بظلف محرق" صدقہ کرو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

لاب یلوب لوبا ولوابا ولوبانا الرجل او البعیر: مرد یا اونٹ کا پیاسا ہونا۔ پانی کے ارد گرد بغیر اس تک پہنچے ہوئے گھومنا۔ اسم اللوب واللوب واللووب واللواب.

لوبہ تلویبا. ملاب (ایک قسم کی خوشبو) ملنا (دیکھئے ملاب)

الاب الابۃ الرجل: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اللائب: ق۔ ج لووب ولوب کہا جاتا ہے "ابل لوب او نخل لوب ولوائب" پیاسے پانی سے دور۔

اللواب: مص لعاب.

اللوباء واللوبیاء واللوبیا: لوبیا۔ لوبیا کی پھلی (دخیل)

اللوبۃ: جماعت جو دوسری جماعت کے ساتھ رہے مگر شریک مشورہ نہ کی جائے۔ سنگلاخ سوختہ ج لوب.

اللوب: گوشت کا ٹکڑا جو دیگ میں پھرے۔ شہد کی مکھی۔

اللابۃ: سنگلاخ سوختہ۔ ج لابات ولاب۔

اللائبۃ: کالے اونٹ جمع شدہ۔

الملاب: ایک قسم کی خوشبو جو زعفران کے

مشابہ ہے۔
المَلْوُب : مفع۔ پیچ دار لوہا۔
اللَوْلَبُ : پیچ۔ پیچ دار کیل۔ ج لَوَالِب۔
اللَوْلَبِي : جو لَوْلَبْ کی ہیئت پر ہو۔
المُلَوْلَبُ : سرمہ کی سلائی۔
لَاثَ يَلُوْثُ لَوْثًا الرَّجُلُ : بغیر پوچھے ہوئے خبر دینا...... الخَبَرَ : خبر کو چھپانا...... فُلَانًا : حق گھٹانا۔
الاَتَ : زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔
لاتَ : حرف نفی ہے لَيْسَ کا عمل کرتا ہے مگر اس کے بعد دو معمول میں سے ایک ہی ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً مرفوع محذوف ہوتا ہے جیسے "وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاص" تقدیر عبارت کی یوں ہے "وَلَاتَ الحِيْنُ حِيْنَ مَنَاص"۔
لَاثَ يَلُوْثُ لَوْثًا. العَمَامَةَ عَلٰى رَاسِه : سر پر عمامہ لپیٹنا...... الضَبَابُ بِالْجَبَل : کہرے کے پہاڑ کو ڈھانکنا...... بِفُلَانٍ : پناہ لینا۔
لَاثَ بِهِ النَاسُ : اردگرد جمع ہونا...... دَارَهُ : ہمیشہ گھر میں رہنا...... الشَّیءَ : منہ میں چبانا...... فِي الْاَمْرِ : دیر کرنا۔ عَنِ الْحَاجَةِ : سستی کرنا...... ثَوْبَهُ بِالطِّيْنِ : کپڑے کو کیچڑ میں لتھیڑنا...... الشَّیءَ : بھگا کر ملانا۔ لَاثَ فُلَانٌ : گھومنا۔ کہا جاتا ہے "لَاثَ لَوْثًا مِنَ الْكَلَامِ" بات کو اس نے چبا چبا کے کہا صاف نہیں بیان کیا۔ "وَمَا لَاثَ فُلَانٌ اَنْ غَلَبَ فُلَانًا" وہ غالب آنے سے نہیں رکا۔
لَوَّثَ يَلُوْثُ لَوْثًا فِي الْاَمْرِ : تاخیر کرنا۔
لَوَّثَ تَلْوِيْثًا الشَّیءَ : بھگونا...... المَاءَ : گدلا کرنا...... ثِيَابَهُ بِالطِّيْن : کپڑوں کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔
...... التِبْنَ بِالقِتِّ : بھوسہ کو چارے میں ملانا...... فُلَانًا عَنْ كَذَا : روکنا...... الْاَمْرَ : مشتبہ کرنا۔
اَلَاثَ اِلَاثَةً مَالَهُ بِفُلَانٍ : ودیعت کرنا۔
اَلْوَثَ اِلْوَاثًا. الْاَرْضُ : خشک گھاس میں تر اگانا۔

تَلَوَّثَ تَلَوُّثًا ثَوْبَهُ بِالطِّيْنِ : کپڑے کا کیچڑ میں لتھیڑنا...... زَيْدٌ بِعَمْرٍو : پناہ لینا اور نفع کی امید سے صحبت میں رہنا۔
اِلْتَاثَ اِلْتِيَاثًا عَلَيْهِ الْاَمْرُ : پیچیدہ ہونا۔
...... بِرِدَائِهِ : لپٹنا...... فِي الْعَمَلِ : دیر کرنا...... فِيْ كَلَامِهِ : حجت سے عاجز رہنا...... بِالدَّم : خون سے لتھیڑنا۔ آلودہ ہونا...... البَعِيْرُ : اونٹ کا موٹا اور قوی ہونا...... فُلَانًا عَنْ كَذَا : روکنا۔
اللَائِث : فا۔ شیر۔ نَبَاتٌ لَائِثٌ : آپس میں لپٹے ہوئے پودے۔
اللُّوَاث : پلیتھن۔
اللُّوَاثَة : پلیتھن۔ جماعت۔ وہ شخص جو ہر چیز میں آلودہ ہو جائے۔
اللَّوْث : مص۔ قوت۔ برائی۔ زخم۔ کینہ کے مطالبات۔ کمزور ثبوت۔
اللَّوَث : ڈھیل ڈھال۔
اللِّيْث : گنجان نباتات۔
اللَّوْثَة. لَاثَ : کا اسم مرۃ۔ بے وقوفی۔
اللُّوْثَة : ڈھیل ڈھال۔ تاخیر۔ بے وقوفی۔ زبان میں رکاوٹ۔ اثر جنون۔ کہا جاتا ہے "بِهِ لُوْثَةٌ" اس کے ساتھ جنون کا اثر ہے۔ گوشت و چربی کی زیادتی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْلُوْثَةٍ" ست و کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے نَبَاتٌ لَيِّثٌ : گنجان پودہ۔
اللَّوِيْثَة : جماعت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ الْمَجْلِسَ لَيَجْمَعُ لَوِيْثَةً مِنَ النَّاسِ" مجلس مختلف قسم کی جماعتوں کو جمع کر لیتی ہے۔
الاَلْوَث : ڈھیلا ڈھالا۔ قوی۔ ست۔ موٹی زبان والا۔ کمزور عقل والا۔ مؤنث لَوْثَاءُ. ج لوث.
المَلَاث والمِلْوَث : سردار شریف جس کی پناہ لی جائے۔ ج المَلَاوِث والمَلَاوِثَة والمَلَاوِيْث کہا جاتا ہے "هُم مَلَاوِث" یعنی وہ اشراف ہیں۔
وَاِنَّهُ لَنِعْمَ الْمَلَاثُ لِلضِّيْفَانِ : وہ مہمانوں کے لئے بہت ہی اچھا ...

المَلَاث : مرکز۔ وہ جگہ جس پر کوئی چیز گھومے۔
المُلَيَّث : موٹاپے کی وجہ سے ست۔ دِيْمَةٌ لَوْثَاءُ : لگاتار بارش جو گھاس کو بکھیر دے۔
لَاجَ يَلُوْجُ لَوْجًا الشَّیءَ : منہ میں پھرانا۔
لَاحَ يَلُوْحُ لَوْحًا الشَّیءُ : ظاہر ہونا...... البَرْقُ : بجلی کا چمکنا...... النَجْمُ : ستارہ کا نکلنا...... اِلَيْهِ : دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا...... الشَّیءَ : دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "لَاحَهُ بِبَصَرِهِ لَوْحَةً" جبکہ دیکھے اور پھر پوشیدہ ہو جائے...... العَطَشُ او السَفَرُ فُلَانًا : متغیر کرنا۔ رنگ بدل دینا (...... لَوْحًا ولُوْحًا ولُوَاحًا ولُؤُوْحًا ولَوَحَانًا) الرَّجُلُ : پیاسا ہونا۔
لَوَّحَ تَلْوِيْحًا : دور سے اشارہ کرنا۔ لَوَّحَ بِسَيْفِهِ : تلوار چمکانا...... بِثَوْبِهِ : کپڑا بلند کر کے ہلانا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّحَ لِلْكَلْبِ بِرَغِيْفٍ فَتَبِعَهُ" اس نے کتے کو روٹی ہلا کر دکھائی وہ پیچھے ہو لیا...... السَفَرُ والعَطَشُ فُلَانًا : چہرہ متغیر کر دینا...... الشَّيْبُ فُلَانًا : سفید بالوں والا کر دینا...... فُلَانًا بِالْعَصَا والسَّيْفِ والسَّوْطِ والنَّعْلِ : اٹھانا اور مارنا۔
...... الشَّیءَ بِالنَّارِ : آگ سے گرم کرنا۔
اَلَاحَ اِلَاحَةً الشَّیءُ : ظاہر ہونا...... البَرْقُ : بجلی کا چمکنا...... النَجْمُ : ستارے کا روشن ہونا...... بِسَيْفِهِ او ثَوْبِهِ : تلوار یا کپڑے سے اشارہ کرنا...... بِحَقِّهِ : حق مار لینا...... فُلَانًا : ہلاک کرنا...... مِنْهُ : خوف کرنا۔ پرہیز کرنا...... مِنَ الْقَوْلِ : شرمانا...... عَلَى الشَّیءِ : اعتماد کرنا۔
تَلَوَّحَ : ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔
اِلْتَاحَ اِلْتِيَاحًا : پیاسا ہونا۔
اِسْتَلَاحَ فِي الْاَمْرِ اِسْتِلَاحًا : غور کرنا۔
اِسْتَلَاحَ : پیاسا ہونا۔
اللَّيَاح واللِّيَاح : صبح۔ جنگلی بیل۔ سفید اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "اَبْيَضُ لَيَاحٌ" خالص سفید۔

اللاَئِحَة لائح : کا مؤنث۔ظاہر ہونے
والی۔ج لَوَائِح کہا جاتا ہے "نَظَرْتُ اِلٰی
لَوَائِحِہٖ وَالْوَاحِہٖ" میں نے اس کی ظاہری
شکل وصورت کو دیکھا۔اللاَئِحَة : رجسٹر۔
جس میں حساب درج کیا جائے۔(مولدہ)
اللَّوْح : تختی۔ہر چوڑی چیز لکڑی ہو یا ہڈی یا
لوہا ج اَلْوَاح. لَوْحُ الْجَسَدِ : ہاتھ اور
ٹانگ کی ہڈی کے علاوہ ہڈی۔یا ہر وہ ہڈی
جو چوڑی ہو۔ج اَلْوَاح جج اَلاَوِیْح.
اَلْوَاحُ السِّلاَحِ : چمکدار ہتھیار۔
اللُّوْح : پیاس۔فضاء آسمانی۔
اِبِلٌ لَوْحَی : پیاسے اونٹ۔
التَّلْوِیْحَات : کتاب کے حواشی ونوٹ۔
الْمُلْتَاح : دھوپ یا سفر کی وجہ سے متغیر رنگ
والا۔
الْمِلْوَاح : لمبا۔دبلا۔جلد دبلی ہونے والی
عورت۔بڑی اور چوڑی چکلی ہڈی والا۔
اُلو جس کی ٹانگ کو باز کے شکار کرنے کے
لئے باندھ دیا جائے۔
الْمِلْوَاح والْمِلْوَح والْمِلْیَاح : جلدی
پیاسا ہونے والا۔ج مَلاَوِیْح کہا جاتا ہے
"اِبِلٌ مَلاَوِیْح" جلدی پیاسے ہونے والے
اونٹ۔
قِدْحٌ مُلَوَّحٌ : آگ سے متغیر شدہ تیر۔
لاَخَهٗ یَلُوْخُهٗ لَوْخًا : ملانا۔
اِلْتَاخَ اِلْتِیَاخًا : ملنا......الْعَجِیْنُ : گندھے
ہوئے آٹے میں خمیر اٹھنا۔
اللِّوَاخَة واللِّیَاخَة : مکھن دودھ سے ملا
ہوا۔
لَوِدَ یَلْوَدُ لَوَدًا : سرکش ہونا۔نافرمان ہونا۔
الاَلْوَد : سرکش۔نافرمان۔جو عدل کی
طرف مائل نہ ہو۔موٹی گردن۔ج اَلْوَاد.
لاَذَ یَلُوْذُ لَوْذًا ولَوَاذًا ولِوَاذًا ولُوَاذًا
ولِیَاذًا بِالْجَبَلِ : پہاڑ میں چھپنا۔پناہ گیر ہونا
......بِالْقَوْمِ : پناہ میں آنا......الطَّرِیْقُ بِالدَّارِ
: راستہ کا گھر سے متصل ہونا۔
لاَوَذَ لِوَاذًا ومُلاَوَذَةً بِفُلاَنٍ : پناہ میں
آنا......عَنْهُ : فریب دینا......فُلاَنًا : مخالفت
کرنا۔الْقَوْمَ : مدارات کرنا......الْقَوْمُ :
ایک دوسرے کی پناہ لینا......بِالْقَوْمِ : گرد
گھومنا۔
اَلاَذَ اِلاَذَةً بِالْجَبَلِ وبِالْقَوْمِ : بمعنی
لاَذَ.الطَّرِیْقَ بِالدَّارِ : احاطہ کرنا اور متصل
ہونا۔اَلاَذَتِ الدَّارُ بِالطَّرِیْقِ : گھر کا راستہ
سے متصل ہونا۔
اللَّوْذ : مص۔پہاڑ کا کنارہ۔کہا جاتا ہے
اِعْتَصَمَ بِلَوْذِ الْجَبَلِ وبِالْوَاذِہٖ : اس نے
پہاڑ کے کنارے پناہ لی۔وادی کا موڑ۔کہا
جاتا ہے "نَزَلُوْا بِلَوْذِ الوَادِی" وہ لوگ
وادی کے گوشہ میں اترے۔کہا جاتا ہے
"فُلاَنٌ یَطُوْفُ فِی الْوَاذِ لِبِلاَدِ" فلاں ملک
کے اطراف میں پھرتا ہے۔"وَهُوَ لَوْذُہٗ" وہ
اس سے قریب ہے۔ج اَلْوَاذ.
لَوْذَانُ الشَّیْءِ : جانب۔
اللَّوْذَانِیَّة : فریب دہی۔
اللاَذَة : سرخ ریشمی کپڑا۔ج لاَذ.
التَّلْوَاذ : اسم ہے بمعنی مُلاَوَذَة کہا جاتا ہے
"لَهُمْ تَلْوَاذ" یعنی بعض بعض کی پناہ لیتا ہے۔
لِوَاذُ الشَّیْءِ : قریب قریب۔کہا جاتا ہے
"لِیْ مِنَ الدَّرَاهِمِ مِاَةٌ او لِوَاذُهَا" میرے
پاس سو یا اس کے قریب قریب درہم ہیں۔
الْمَلاَذ : قلعہ۔جائے پناہ۔
الْمَلاَوِذ : ازیں۔واحد مِلْوَذ.
الْمِلْوَذَة : جائے پناہ۔
اللُّوْرُ : گاڑھا دودھ۔جو پیوی اور پنیر کے
درمیان ہو۔جس کو اہل شام قَرِیْشَة کہتے
ہیں۔
لاَزَ یَلُوْزُ لَوْزًا.اِلَیْهِ : پناہ لینا......مِنْهُ : رہائی
پانا......الشَّیْءَ : کھانا۔
لَوَّزَ تَلْوِیْزًا.التَّمْرَ : چھوارے میں بادام
بھرنا۔
اللَّوْز : بادام۔واحد لَوْزَة.
اللَّوْزَة : حلق میں کوے کے قریب کا گوشت
[illegible]
کے دو گڑھے۔کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَعَوِزٌ لَوِزٌ"
یعنی وہ محتاج ہے۔لَوِزٌ تابع ہے۔
اللَّوْزِیُّ : بادام کی شکل کا۔
الْمَلاَز : جائے پناہ۔
اَرْضٌ مَلاَزَة : بادام والی سرزمین۔
الْمُلَوَّز : بادام سے بھری ہوئی کھجور۔وَجْهٌ
مُلَوَّزٌ حسین وملیح چہرہ۔
اللَّوْزِیْنَج : ایک قسم کا حلوا۔لوزینہ۔
لاَسَ یَلُوْسُ لَوْسًا.الْحَلاَوَاتِ وغَیْرَهَا :
کھانے وغیرہ کے لئے مٹھائی وغیرہ
ڈھونڈنا۔صفت لاَئِس ولَوُوْس ولَوَّاس
والُوَس...... الشَّیْءَ : چکھنا......الشَّیْءَ فِیْ
فَمِہٖ : منہ میں پھرانا اور کہا جاتا ہے "هُوَ
لاَیَلُوْسُ کَذَا" وہ اتنا نہیں دیتا۔
اللُّوَاسَة : لقمہ۔
اللُّوْس جمع لاَئِس کی (جیسے بَازِل وبُزَّل)
کھانا۔کہا جاتا ہے مَاذُقْتُ لَوُوْسًا او
لَوَاسًا یعنی میں نے نہیں چکھا۔
لاَصَ یَلُوْصُ لَوْصًا : دروازے کی جھری
سے دیکھنا......عَنْهُ : الگ ہونا۔ہٹنا۔
لَوَّصَ تَلْوِیْصًا : خالص شہد کھانا۔
لاَوَصَ مُلاَوَصَةً : دروازے کی جھری سے
دیکھنا......اِلَیْہِ : اس طرح دیکھنا گویا کسی
ارادہ سے فریب دے رہا ہے ...... فُلاَنًا
عَنْ کَذَا : فریب دینا......الشَّجَرَةَ : درخت
کو کلہاڑی سے کاٹنے کے ارادہ سے دائیں
بائیں دیکھنا۔
اَلاَصَ اِلاَصَةً عَلَی الشَّیْءِ : گھمانا۔پھیر
دینا۔ارادہ کرنا۔کہا جاتا ہے "مَااَلَصْتُ اَنْ
آخُذَمِنْهُ شَیْئًا" میں نے اس سے کچھ لینے کا
ارادہ نہیں کیا۔
اُلِیْصَ الرَّجُلُ : کپکپی زدہ ہونا۔
تَلَوَّصَ تَلَوُّصًا : لپٹنا۔لوٹ پوٹ ہونا۔
اللَّوْص : مص۔کان یا سینہ کا درد۔
اللَّوَاص : شہد خالص۔
اللَّوْصَة : پیٹھ کا درد۔
الْمُلاَوِص : چاپلوسی کرنے والا۔فریبی۔

لَاطَ يَلُوطُ لَوْطًا الحَوْضَ : حوض کو لیپنا...... الشَّیٔ بِالشَّیٔ : چپکانا...... [illegible] : مارنا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "لَاطَ الشَّیٔ بِقَلْبِیْ" چیز میرے دِل میں جم گئی...... فُلَانًا بِعَیْنٍ : نظر بد لگانا...... فُلَانًا بِسَہْمٍ : تیر مارنا...... فُلَانًا بِفُلَانٍ : لاحق کرنا۔ نسبت کرنا...... الشَّیٔ : چھپانا (...... لَاطًا) فِی الْاَمْرِ : اصرار کرنا (...... لَوْطًا ولِوَاطَةً ولَاوَطَ وتَلَوَّطَ) اغلام کرنا۔

لَوَّطَهٗ تَلْوِیْطًا بِالطِّیْبِ : خوشبو سے لت پت کرنا۔

اِلْتَاطَهٗ اِلْتِیَاطًا وَاسْتَلَاطَهٗ اِسْتِلَاطَةً : منہ بولا بیٹا بنانا۔

اِلْتَاطَ حَوْضًا : اپنے لئے حوض میں مٹی لگانا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَاطَ بِقَلْبِیْ" یعنی میرے دِل میں جم گیا۔

اللِّیَاط : سود۔ بیاج۔

اللَّوْط : مص۔ چادر۔ پھرتیلا مرد۔ سود۔ چپکنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ لَاَجِدُلَهٗ فِیْ قَلْبِیْ لَوْطًا" میں اپنے دِل میں اس کی پیوستہ محبت کو محسوس کرتا ہوں۔

الاَلْوَط : اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْوَطُ بِقَلْبِیْ" وہ میرے دِل کے ساتھ زیادہ چسپاں ہے۔

المُسْتَلَاط : منہ بولا بیٹا۔

لَاطَهٗ يَلُوْطُهٗ لَوْطًا : بمعنی لَاطَهٗ۔

اِلْتَاطَتِ الحَاجَةُ : دشوار ہونا۔

المِلْوَطُ : تھی یا کوڑا۔

لَاعَهٗ يَلُوْعُهٗ لَوْعًا۔ الحُبُّ : بیمار کر دینا۔

لَاعَتِ الشَّمْسُ فُلَانًا : رنگ بدل دینا

(...... لَوْعًا وَلُوُوْعًا) الرَّجُلُ : بزدل یا لالچی اور بداخلاق ہونا۔

لَاعَ يَلُوْعُ ويَلَاعُ لَوْعَةً : گھبرانا۔ تنگدل ہونا۔ یا مریض ہونا۔ غم یا عشق سے دل جلنا۔

لَوَّعَهٗ تَلْوِیْعًا۔ الحُبُّ : بیمار کر دینا۔ عوام کہتے ہیں "لَوَّعَ فُلَانًا" یعنی عذاب دیا۔

اَلَاعَهٗ اِلَاعَةً الشَّمْسُ : رنگ بدل دینا۔ ...... الثَّدْیُ : پستان کے سرے کا کالا اور حقیر ہونا۔

اِلْتَاعَ اِلْتِیَاعًا قَلْبُهٗ : دِل کا غم یا عشق سے جل اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ وهَاعٌ ولَاعٌ" یعنی بزدل اور خائف اور مؤنث کے لئے "هَاعَةٌ لَاعَةٌ"۔

اللَّاعُ : خائف یا بزدل۔ مریض۔ ج لَاعُوْن ولَاعَةٌ وَالْوَاعٌ۔

اللَّاعَةُ اللَّاعُ : کا مؤنث۔ تیز خاطر۔ ج لَاعَات۔

اللَّوْعَةُ۔ لَاعَ : کا اسم مرة۔ غم یا عشق ومحبت کی جلن۔ کہا جاتا ہے "فِیْ قَلْبِهٖ لَوْعَةٌ" اس کے دِل میں سوزش ہے۔ پستان کے سرے کی سیاہی۔

لَافَ يَلُوْفُ لَوْفًا الطَّعَامَ : کھانا یا چبانا۔

لَافَتِ الدَّابَّةُ الكَلَأَ : چوپایہ کا سوکھی گھاس کھانا۔

اللَّوْف : مص...... مِنَ الكَلَأِ او الطَّعَامِ : غیر مرغوب گھاس یا کھانا۔

اللُّوْف : ایک قسم کا پودہ ہے جس کی جڑ میں جنگلی پیاز کی طرح نکلتا ہے۔ واحد لُوْفَةٌ۔

اللُّوْفِی : ایک قسم کی نباتات ہے جو پرانے اسہال کے لئے مجرب ہے۔

اللَّیِّف : خشک گھاس۔ (اصل اس کی لَیْوِف ہے)

اللُّوَافَة : پیلجھن۔

اللَّوَّاف : شطرنجی ساز۔ کہا جاتا ہے کَلَأٌ مَلُوْفٌ : بارش سے تر گھاس۔

لَاقَهٗ يَلُوْقُهٗ لَوْقًا : نرم کرنا۔ لَاقَ عَیْنَهٗ : آنکھ پر مارنا...... الدَّوَاةَ : دوات میں روشنائی درست کرنا کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَلُوْقُ عِنْدَکَ" وہ تمہارے پاس نہیں ٹھہرتا ہے۔

لَوَّقَ تَلْوِیْقًا۔ الطَّعَامَ : گھی یا مکھن سے تیار کرنا۔

اللَّوْق : نرم کی ہوئی چیز۔

اللَّوَق : بے وقوفی

اللَّوْقَة۔ لَاقَ : کا اسم مرة۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فُلَانٌ لَوْقَةً" فلاں اسی وقت گیا۔ کہا جاتا ہے مَاذَاقَ لَوَاقًا : اس نے کچھ نہیں چکھا۔

اللُّوْقَة والاَلُوْقَة : مکھن۔

الاَلْوَق : بے وقوف۔

المِلْوَق : دوا فروش کا چمچہ۔ (مولدة)

لَاکَ يَلُوْکُ لَوْکًا اللُّقْمَةَ : لقمہ کو آہستہ چبانا اور منہ میں پھرانا...... الفَرَسُ اللِّجَامَ : چبانا اور کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَلُوْکُ اَعْرَاضَ النَّاسِ" وہ لوگوں کی عیب گیری کرتا ہے وَالِکْنِیْ اِلٰی فُلَانٍ : میرا پیغام فلاں کو پہنچا دو۔ (اصل اَلْئِکْنِیْ ہے)

اللَّوَاک : چبانے کی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَاذَاقَ لَوَاکًا"۔

اللَّوْلَاءُ : سختی وتکلیف۔ کہا جاتا ہے وَقَعَ فِی اللَّوْلَاءِ : وہ سختی میں پڑا۔

لَوْلَا : حرف تخصیص وتندیم ہے۔ تین طریقوں سے مستعمل ہے۔

(۱) دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں پہلا جملہ اسمیہ اور دوسرا فعلیہ ہوتا ہے اور اوّل کے وجود سے انتفاء ثانی پر دلالت کرتا ہے جیسے "لَوْلَا زَیْدٌ لَاَکْرَمْتُکَ" اگر زید موجود نہ ہوتا تو میں تیرا اکرام کرتا۔ اور جب لَوْلَا کے بعد ضمیر واقع ہو تو ضمیر مرفوع ہونا چاہئے جیسے "لَوْلَا اَنْتُمْ لَکُنَّا مُؤْمِنِیْنَ"۔

اور لَوْلَایَ لَوْلَاکَ لَوْلَاهُ : بہت کم سنا گیا ہے۔

(۲) اور تخصیص اور عرض کے لئے اس صورت میں مضارع کے ساتھ خاص ہے چاہے حقیقتاً ہو یا تاویلاً جیسے "لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ" کیوں تم اللہ سے استغفار نہیں کرتے؟ اور "لَوْلَا اَخَّرْتَنِیْ اِلٰی اَجَلٍ قَرِیْبٍ"۔

(۳) توبیخ اور تندیم کے لئے۔ اس صورت [illegible] کے ساتھ خاص ہے جیسے "لَوْلَا

جَاءُوا عَلَیْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ" اور اصل لَوْلَاءَ کی لَو: ہے جو لَاَ کے ساتھ مرکب ہے اور اس کے لئے جواب کا ہونا ضروری ہے اور اس کے جواب میں اکثر لام آتا ہے مگر جبکہ منفی بَلَمْ ہو تو لام کا داخل ہونا ممتنع ہے۔

اللَّوْلَب : دیکھو مادہ "لوب"۔

لَوْلَی لَوْلَاةً : پشت پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوْلَا مُدْبِرًا"۔

لَامَهُ یَلُوْمُهُ لَوْمًا وَمَلَامًا وَمَلَامَةً فِیْ کَذَا وَعَلٰی کَذَا : ملامت کرنا۔ صفت فاعلی۔ لَائِم و: صفت مفعولی مَلُوْمٌ وَمَلِیْمٌ۔

لِیْمَ بِهِ: کاٹا جانا۔

لَوَّمَا تَلْوِیْمًا : ملامت کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ لَوَّمَ لَامًا: حرف لام لکھنا۔

لَاوَمَه مُلَاوَمَةً وَلِوَامًا : ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

اَلَامَهُ اِلَامَةً : ملامت کرنا۔ صفت فاعلی مُلِیْم: اور صفت مفعولی مُلَامٌ اور اسم المَلَامَة۔ ج مَلَاوِم۔ اَلَامَ الرَّجُلُ : مستحق ملامت فعل کرنا۔

تَلَوَّمَ تَلَوُّمًا فِی الْاَمْرِ : انتظار کرنا۔ دیر کرنا۔

تَلَاوَمُوْا: بعض کا بعض کو ملامت کرنا۔

اِلْتَامَ اِلْتِیَامًا: ملامت قبول کرنا۔

اِسْتَلَامَ اِسْتِلَامًا: مستحق ملامت ہونا۔

...... اِلَی ضَیْفِهِ : اچھا سلوک نہ کرنا۔

اِلَیْهِمْ : ایسا فعل کرنا جس پر لوگ ملامت کریں۔

اللَّائِم: فا۔ ج لُوَّم وَلُوَّام وَلُیَّم۔

اللَّائِمَةُ۔ لَائِم: کا مؤنث۔ ملامت۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَقَّ اللَّائِمَةَ" مستحق ملامت ہے۔ ج لَوَائِم۔

اللَّامُ: خوف۔ وجود۔ نزدیکی۔ ہر چیز کا سخت۔ حرف لام۔ ج لَامَات۔

اللَّوْم: مص۔ ملامت۔ خوف۔

اللُّوْم۔ لوم: کا تخفیف شدہ۔

اللُّوَّم: بہت ملامت۔

اللَّوْمٰی وَاللَّوْمَاء: ملامت۔

اللَّامَة: خوف۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِلَامَةٍ" قابل ملامت فعل کیا۔

اللَّوْمَة۔ لَامَ: کا اسم مرة۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِلَوْمَةٍ" ایسا کام کرنا جس پر ملامت کی جائے۔

اللُّوْمَة : جس کو لوگ ملامت کریں۔ انتظار۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْهِ لُوْمَةٌ" مجھے اس کا انتظار ہے۔

اللُّوَمَة: جو لوگوں کو بہت ملامت کرے۔

اللَّوَّام وَاللَّوَّامَة : بہت ملامت کرنے والا۔ "اَلنَّفْسُ اللَّوَّامَةُ" وہ نفس جو کسی غلطی کے ارتکاب پر ملامت کرے۔

اللَّامِیُّ۔ لام: کی جانب منسوب۔

لَامِیَّةُ الْعَجَمِ : طغرائی کا قصیدہ لامیہ۔ لَامِیَّةُ الْعَرَبِ :شنفری کا قصیدہ لامیہ۔

کہا جاتا ہے "اَنْتَ اَلْوَمُ مِنْ فُلَانٍ" تو فلاں سے زیادہ قابل ملامت ہے۔

الْمُتَلَوِّم: فا۔ برے فعل کی وجہ سے قابل ملامت حاجت پوری کرنے کا منتظر۔

لَوَّنَ تَلْوِیْنًا الشَّیْءَ : رنگین کرنا...... البُسْرُ: پختگی کا اثر ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَوَّنَ الشَّیْبُ فِیْهِ" بالوں میں سفیدی ظاہر ہوئی۔

تَلَوَّنَ الشَّیْءُ : رنگین ہونا۔ مختلف رنگ کا ہونا ...... الرَّجُلُ: متلون مزاج ہونا۔

اِلْوَنَّ اِلْوِنَانًا: بمعنی تَلَوَّنَ۔

اللَّوْن : جو ایک چیز کو دوسرے سے ممتاز کر دے۔ رنگ۔ ج اَلْوَان۔

اللَّوْن : قسم۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهُ لَوْنٌ مِنَ الثِّیَابِ" اس کے پاس کپڑے کی ایک قسم ہے۔ "وَتَنَاوَلَ کَذَا وَکَذَا لَوْنًا مِنَ الطَّعَامِ" اس نے فلاں فلاں قسم کے کھانے کھائے اور کہا جاتا ہے "اَتٰی بِاَلْوَانٍ مِنَ الْحَدِیْثِ" اس نے مختلف قسم کی باتیں کیں۔

التَّلْوِیْن : مص۔ تفکہ اور تلذذ کے لئے مختلف قسم کے کھانے پیش کرنا۔ کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے اسلوب کو اختیار کرنا۔

[illegible]

نہ ہے۔

لَاهَ یَلُوْهُ لَوْهًا وَلَوَهَانًا وَتَلَوُّهَ السَّرَابُ : چمکنا۔

اللَّاهَة: سانپ۔

لَوْهُ السَّرَابِ وَلَوْهَةٌ وَلُوُوْهَةٌ: سراب کی چمک۔

لَوَاهُ (وَاوِیَّةُ الْعَیْنِ وَاللَّام) یَلْوِیْهِ لَیًّا وَلَیًّا وَلِیَّانًا وَلَیَّانًا دَیْنَهُ وَبِدَیْنِهِ :قرض میں ٹال مٹول کرنا ...... فُلَانًا بِحَقِّهِ: حق کا انکار کرنا۔

لَوِیَ یَلْوٰی لَوًی الْقِدْحُ او الرَّمْلُ : تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا...... النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا...... المِعْدَةُ او الظَّهْرُ : معدہ کا درد والا ہونا۔ پیٹھ کا خمیدہ ہونا۔ صفت مذکر لَوٍ :صفت مؤنث لَوِیَةٌ۔ لَوِیَتْ لَوًی: الْحَیَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

لَاوَتْ مُلَاوَلَةً وَلِوَاءً۔ الْحَیَّةُ الْحَیَّةَ: سانپ کا سانپ پر لپٹنا۔

اَلْوٰی اِلْوَاءً الْقَوْمُ :ریت کے موڑ پہ پہنچنا...... الرَّجُلُ: خشک کھجی والا ہونا۔ دوسرے کے لئے جو کھانا چھپا کر رکھا ہو اس کو کھانا۔ امیر کے جھنڈے کو بینا...... الْاَمِیْرُ لَهُ لِوَاءً: امیر کا کسی کیلئے جھنڈا نصب کرنا...... الْبَقْلُ :سبزی کا مرجھانا...... فُلَانٌ: بہت تمنا کرنا...... بِیَدِهِ او بِثَوْبِهِ :ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا...... بِهِ: لے جانا...... بِحَقِّ فُلَانٍ: حق کا انکار کرنا...... بِمَا فِی الْاِنَاءِ: اپنے لئے خاص کرنا...... بِهِمُ الدَّهْرُ: ہلاک کرنا...... بِکَلَامِهِ: کلام میں تبدیلی کرنا۔ النَّبْتُ :نباتات کا خشک ہونا۔ فُلَانٌ اللِّوَاءَ: بلند کرنا اور نصب کرنا۔

تَلَوّٰی تَلَوِّیًا الشَّیْءُ: مڑنا...... البَرْقُ فِی السَّحَابِ: بجلی کا بادل میں پراگندہ چمکنا۔

تَلَاوَوْا تِلَاوِیًا عَلٰی فُلَانٍ: جمع ہونا۔ وَتَلَاوَیَا: ایک دوسرے پر لپٹنا۔

اِلْتَوٰی اِلْتِوَاءً الْقِدْحُ او الرَّمْلُ : تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا...... عَلَیْهِ الْاَمْرُ : دشوار ہونا ...... الشَّیْءُ: مڑنا ...... لَوِیَّةً: دوسرے کے [illegible]

لے کھانا چھپا کر رکھنا۔
اِستَلوىٰ بِهِمُ الدَّهْرُ: ہلاک کرنا۔
اللَّوُوْن واللاوُوْ. اَللَّذِيْنَ کی جمع۔
اللاوِی: اسم فاعل۔ ج لاوُوْن ولُواۃ۔
اللاوِیُّ: لاوی بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم علیہا السلام کی جانب منسوب۔
سِفْرُ اللاوِیِّين: موجودہ بائبل کی کتابوں میں سے ایک کتاب۔
اللِّوَاءُ: فوج کا ایک عہدہ جو جنرل کے مساوی ہوتا ہے۔ جماعت کا قائد۔ شہروں میں سے ایک حصہ کا نام۔ خاص گنتی شدہ لشکر۔ اسی لئے امیر اللواء: کا لفظ فوجی عہد کے لئے بولا جاتا ہے۔
اللِّوَاءُ: جھنڈا اور یہ رایت سے چھوٹا ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے لِوَاء اس وجہ سے کہتے ہیں کہ بڑے ہونے کی وجہ سے موڑ کے رکھا جاتا ہے اور ضرورت ہی کے وقت کھولا جاتا ہے۔ ج اَلْوِيَةٌ و اَلْوِيَات کہا جاتا ہے بَعَثُوْا بِالسِّوَاءِ واللِّوَاءِ۔
اللَّوَى: مس۔ معدہ کا درد۔ پشت کی کجی۔
اللُّوَى: بمعنی اللاتی جمع اَلَّتِیْ۔
اللُّوَى: باطل باتیں۔
اللِّوَى: ریت کا موڑ۔ یا ریت کی تنگ جگہ ج اَلْوَاءٌ و اَلْوِيَةٌ۔
الاَلْـــوَاءُ: وادی کے موڑ۔ مملکت کے اطراف۔
اللُّوَّاءُ: ایک پرندہ۔
اللَّيَّاءُ مؤنث اَلْوَىٰ: پانی سے دور جگہ۔
اللاوِيَـــاءُ: ایک قسم کی گھاس داغ کرنے کا آلہ۔
اللُّوَّةُ: بدصورتی۔
اللُّوَّةُ واللِّيَّةُ: عود جس کی دھونی دی جائے۔
اللِّيَّةُ: قرابتیں۔
اللاتُ: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔
اللَّوِيُّ: خشک گھاس۔ مرجھائی ہوئی گھاس۔
اللَّوِيُّ: ایک درخت کا نام۔
اللَّوِيَّةُ: دوسرے کے لئے چھپا کر رکھا ہوا

کھانا ج لَوَايَا۔
الاَلْـــوَىٰ: سخت جھگڑالو۔ سخت جنگجو۔ تنہا۔ گوشہ نشین۔ مؤنث لَيَّـــا۔ الاَلْـــوَىٰ مِنَ الطُّرُقِ: دور کا غیر معروف راستہ۔ ٹیڑھا سینگ۔ خلقتاً مڑی ہوئی دم۔ ج لُيٌّ بِالضَّمِّ اور قیاس کے مطابق لِيٌّ کسرہ یاء کی مناسبت سے ہونا چاہئے۔ کہا جاتا ہے رَمَـاهُ اللّٰـهُ بِاَخْوَىٰ اَلْوَىٰ: خدا اس کو بڑی مصیبت میں مبتلا کرے۔
لَوَىٰ (وَاوِيَّةُ الْعَيْنِ يائيه اللام) يَلْوِيْ لَيًّا ولَوْيًا ولُوِيًّا اَلْحَبْلَ: رسی بٹنا۔ موڑنا۔ الــغُلامُ: لڑکے کا بیس سال کا ہونا......عَــنِ الاَمْـــرِ: سستی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَـــوَتِ اللَّيَالِيْ كَفَّهُ عَلَى الْعَصَا" یعنی بوڑھا بنا دیا (......لَيًّا ولَيَّانًا) اَمْرَهُ عَنِّيْ: پوشیدہ رکھنا ......سِرَّهُ: چھپانا......اَلْجُزْنُ قَلْبَهُ: پھیر دینا ......عَـلَـيْـهِ: مڑنا یا انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَـرَّ لايَـلْـوِيْ عَلَى اَحَدٍ" وہ اس حال میں گزرا کہ نہ تو ٹھہرتا ہے نہ انتظار کرتا ہے۔
رَاسَــهُ او بِـرَاسِـهِ: پھیرنا یا اعراض کرنا۔ لَوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: حرکت دینا......فُلانًا عَـلَـى فُلانٍ: فضیلت دینا اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ لا يَـلْـوِيْ ظَهْـرَهُ" جبکہ شدت بیان کرنی مقصود ہو۔
لَوَّىٰ تَلْوِيَةً عَلَيْهِ الاَمْرَ: دشوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَـوَّىٰ اَعْنَـاقَ الرِّجَـالِ" یعنی ان کے اوپر غالب آ گیا۔
اَلْوَىٰ اِلْوَاءً بِرَاسِهِ: پھیرنا۔ اَلْوَتِ النَّاقَةُ بِذَنَبِهَا: دم ہلانا۔
تَـلَـوَّىٰ تَلَوِّيًا والْتَوَىٰ اِلْتِوَاءً اَلْحَبْلُ: رسی کا بٹا جانا۔
تَلَوَّتِ الْحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔
نَجَفَ لِفُلَانٍ نُجْفَةً مِنَ اللَّبَنِ : کسی کے لئے تھوڑا سا دودھ علیحدہ کرنا۔ نَجَفَتِ الرِّیْحُ الْکَثِیْبَ او الرَّمْلَ : ہوا کا ریت کے تودہ یا ریت کو اڑا دینا۔

اِنْتَجَفَ و اِسْتَنْجَفَ الشَّیْءَ : نکالنا۔ الرِّیْحُ السَّحَابَ : ہوا کا بادل کو پانی سے خالی کر دینا ...... الشَّاةَ : بکری کا سارا دودھ دوہ لینا۔

النَّجَفُ ج نِجَافٌ و النَّجَفَة : ٹیلہ۔ وادی میں وہ جگہ جہاں پانی نہ چڑھے۔

النِّجَافُ : دروازہ کے اوپر کا چھجہ۔ نِجَافُ الغَارِ : غار کے اوپر آگے کو نکلا ہوا پتھر۔

النَّجِیْفُ : چوڑے پھل والا تیر۔ ج نُجُف۔

المِنْجَفُ : زنبیل۔ ٹوکری۔

المَنْجُوفُ : مفع۔ چوڑے پھل والا تیر۔ اندر سے چوڑا برتن یا قبر۔

النُّجْفَةُ : تھوڑی چیز۔

نَجَلَ (ن) نَجْلاً الشَّیْءَ : ظاہر کرنا ...... الاَرْضَ : زمین جوتنا۔ نَجَلَہٗ اَبُوْہُ و نَجَلَ بِہٖ : پیدا کرنا۔ نَجَلَتِ الاَرْضُ : زمین کا سرسبز ہونا۔ نَجَلَ فُلَانًا : ٹھوکر مارنا یہاں تک کہ لڑھک جائے۔ النَّاسَ : شرارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَنْ نَجَلَ النَّاسَ نَجَلُوْہُ" جو لوگوں کو عیب لگاتا ہے لوگ اسے عیب لگاتے ہیں۔ جو لوگوں کو گالی دیتا ہے لوگ اسے گالی دیتے ہیں و نَجَلَ الْجِلْدَ عَنِ الْمَذْبُوْحِ : دونوں پچھلی ٹانگوں کے درمیان کھال کاٹ کر سر کی طرف سے کھینچ لینا۔ کھال کو مَنْجُول کہتے ہیں۔

نَجَلَ (ض) نَجْلاً الشَّیْءَ و بِالشَّیْءِ : پھینکنا۔ ہٗ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا ...... الصَّبِیُّ اللَّوْحَ : بچہ کا تختی کو مٹانا ...... الرَّجُلُ : تیز چلنا۔

نَجِلَ (س) نَجَلاً الرَّجُلُ : بڑی اور خوبصورت آنکھوں والا ہونا۔ صفت اَنْجَلُ ج نُجْلٌ و نِجَالٌ : آنکھ کی صفت۔ نَجْلَاءُ ج نُجْلٌ۔

اَنْجَلَ الدَّابَّةَ نَجِیْلاً (ایک قسم کی ترش گھاس) چرنے کے لئے چھوڑنا۔

تَنَاجَلَ الْقَوْمُ : جھگڑا کرنا۔ نسل پیدا کرنا۔

اِنْتَجَلَ الاَمْرُ : ظاہر ہونا اور گزرنا۔

اِسْتَنْجَلَ الْمَکَانُ : کسی جگہ سے پانی کا بکثرت رسنا ...... فُلَانٌ النَّزَّ (زمین سے) سونا نکالنا۔

النَّجْلُ : مص۔ اولاد۔ نسل اور کہا جاتا ہے "هُوَ کَرِیْمُ النَّجْلِ" وہ کریم الاصل و شریف الطبع ہے والد۔ ج اَنْجَال۔ النَّجْلُ : عمل۔ بڑی جماعت۔ سڑک۔ بہنے والا پانی۔ زمین سے رسنے والا پانی ج نِجَال و اَنْجَال۔

النَّاجِلُ : فا۔ شریف النسل (انسان یا حیوان) مؤنث نَاجِلَة۔ ج نَاجِلَات و نَوَاجِل۔ النَّوَاجِلُ : نجیل (ایک قسم کی ترش گھاس) کے چرنے والے اونٹ۔

الاَنْجَلُ : کشادہ لمبا چوڑا۔ ج نُجْلٌ و نِجَالٌ مؤنث نَجْلَاءُ ج نُجْل کہا جاتا ہے "طَعَنَہٗ طَعْنَةً نَجْلَاءَ" اس نے اسے کشادہ زخم کرنے والا نیزہ مارا۔

النَّجِیْلُ : ایک قسم کی ترش گھاس۔ اسی گھاس کی ٹوٹی ہوئی پتیاں۔ ج نُجُل۔

اَلنَّجْلِیَّاتُ : جو گندم وغیرہ کی فصلیں جن کی بالی کھول دار اور سیدھی ہو۔

المِنْجَلُ : درانتی۔ ج مَنَاجِل۔

المَنْجَلُ : گنجان کھیتی۔ بہت اولاد والا۔ ماہر اونٹ ہانکنے والا۔ اور کہا جاتا ہے "سِنَانٌ مِنْجَلٌ" چوڑا زخم کرنے والا بھالا۔

نَجَمَ (ن) نُجُوْمًا الشَّیْءُ : ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَجَمَتِ الْکَوَاکِبُ" ستارے طلوع ہوئے۔ و نَجَمَ النَّبْتُ : سبزی اگی۔ و نَجَمَ السِّنُّ او الْقَرْنُ : دانت یا سینگ نکل آئے۔ و "نَجَمَ فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ شَاعِرٌ او ..." شہسوار ظاہر ہوا ...... کَذَا عَنْ کَذَا : فلاں چیز سے ایسا نتیجہ برآمد ہوا ...... فُلَانٌ الدَّیْنَ : قسطوں میں ادا کرنا ...... السَّهْمُ او الرُّمْحُ : تیر یا نیزے کا پار ہو جانا۔

نَجَّمَ : احوال عالم معلوم کرنے کے لئے ستاروں کو دیکھنا ...... الدَّیْنَ : قرض کو قسطوں میں ادا کرنا ...... عَلَیْهِ الدِّیَةَ : دیت کی قسط مقرر کرنا۔

اَنْجَمَ الشَّیْءُ : ظاہر ہونا۔ اَنْجَمَتِ السَّمَاءُ : آسمان پر تاروں کا کھل جانا۔

اَنْجَمَ الشِّتَاءُ او الْبَرْدُ : جاڑے اور سردی کا ختم ہونا ...... الرَّجُلُ عَنِ الاَمْرِ : چھوڑنا۔

اَنْجَمَتِ الْحَرْبُ : لڑائی کا ختم ہونا۔

اِنْتَجَمَ الْبَرْدُ و الشِّتَاءُ : جاڑے یا سردی کا گزر جانا۔ ختم ہونا۔

تَنَجَّمَ : احوال عالم معلوم کرنے کے لئے ستاروں کو دیکھنا۔

النَّجْمُ ج نُجُوْمٌ و اَنْجُمٌ و اَنْجَامٌ و نُجُمٌ : ستارہ اور ثریا پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ادائیگی قرض کا مقررہ وقت۔ وقت مقررہ پر ادا کی ہوئی قسط۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ مَالِیْ عَلَیْهِ نُجُوْمًا مُنَجَّمَةً یُؤَدِّیْ کُلَّ نَجْمٍ مِنْهَا فِیْ وَقْتِ کَذَا" میں نے اس پر قسط مقرر کر دی کہ ہر قسط فلاں وقت میں ادا کرے۔

النَّجْمُ : بیل۔ بغیر تنہ کے نباتات۔ اصل کہا جاتا ہے "هٰذَا الْحَدِیْثُ لَا نَجْمَ لَہٗ" اس بات کے لئے کوئی اصل نہیں۔

النَّجْمَةُ : ستارہ اور یہ نجم سے خاص ہے کلمة (...... و النَّجْمَة) دو گھاسوں کے نام۔ النَّجَمَةُ : ایک بیل ہے جو زمین پر پھیلتی ہے اور کہا گیا ہے کہ "ثَیِّل" اور "نَجَمَة" اور "عِکْرِش" ایک ہی چیز کے نام ہیں "فُوْ النَّجْمَةِ" گدھا۔

النَّجِیْمُ مِنَ النَّبَاتِ : تازہ گھاس۔

النَّجَّامُ و الْمُنَجِّمُ و الْمُتَنَجِّمُ : نجومی۔

الْمَنْجَمُ : نکلنے کی جگہ۔ معدن۔ سواخ

راستہ۔

اَلْمِنْجَم: ترازو کی لوہے کی ڈنڈی۔

نَجْنَجَ نَجْنَجَةً فِی رَأیِہٖ: متحیر ہونا۔ مضطرب ہونا...... عَیْنُہٗ: دھنسی ہوئی آنکھ ہونا...... الْإبِلَ: اُونٹ کو چراگاہ سے روکنا۔ پانی سے واپس کرنا...... فُلَانًا عَنْہُ: منع کرنا...... الشَّیْءَ: حرکت دینا...... الْأمْرَ: پختہ ارادہ نہ کرنا۔

تَنَجْنَجَ الرَّجُلُ: متحیر ہونا...... الشَّیْءُ: ہلنا۔

نَجِہَ (ف) نَجْھًا وانتجہ وتَنَجَّہَ الرَّجُلَ: بُری طرح سے ہٹانا۔ بُری صورت سے پیش آنا۔ نَجِہَ عَلَی الْقَوْمِ: ظاہر ہونا...... الْبَلَدَ: شہر میں داخل ہونا اور ناپسند کرنا۔

نَجَا یَنْجُوْ نَجَاۃً وَنَجَاءً وَنَجْوًا وَنَجَایَۃً مِنْ کَذَا: نجات پانا۔ رہائی پانا۔

نَجَا یَنْجُوْ نَجَاءً: تیز چل کر آگے بڑھنا (...... نَجْوًا) الشَّجَرَۃَ: درخت کاٹنا...... الصَّبِیُّ: بچے کا پاخانہ کرنا...... فُلَانًا: رہائی دینا۔ چھڑانا...... الدَّوَاءَ: دوا پینا...... النَّجْوُ مِنَ الْبَطْنِ: پاخانہ نکلنا (...... نَجْوًا وَنَجًا) الْجِلْدَ عَنِ الذَّبِیْحَۃِ: کھال اتارنا (...... نَجْوًا وَنَجْوٰی وَنَاجٰی مُنَاجَاۃً وَ نِجَاءً) الرَّجُلَ: سرگوشی کرنا۔ اسم النَّجْوٰی.

نَجّٰی تَنْجِیَۃً الرَّجُلَ مِنْ کَذَا: رہائی دلانا۔ بلند زمین میں چھوڑنا۔

اَنْجٰی الرَّجُلَ: رہائی دلانا...... الرَّجُلُ: پاخانہ کرنا...... فُلَانًا غُصْنًا: کسی کے لئے ٹہنی کاٹنا...... الْجِلْدَ: کھال اتارنا...... النَّخْلَۃُ: پکی کھجوروں والا ہونا...... الرَّجُلُ: پسینہ نکلنا اور کہا جاتا ہے "شَرِبَ دَوَاءً فَمَا أنْجَاہُ" اس نے دوا پی فائدہ نہیں ہوا۔

تَنَجّٰی: بلند زمین ڈھونڈنا۔

تَنَاجٰی تَنَاجِیًا الْقَوْمُ: سرگوشی کرنا۔

اِنْتَجٰی الْقَوْمُ: سرگوشی کرنا...... الرَّجُلَ: سرگوشی کے لئے خاص کرنا۔ رازدار بنانا۔

اِسْتَنْجٰی مِنْ کَذَا: رہائی پانا...... الشَّجَرَۃَ: درخت کو جڑ سے کاٹنا...... الشَّیْءَ مِنْ فُلَانٍ: چھڑوانا...... الرَّجُلُ: پاخانہ کرنے کے بعد دھونا ڈھیلے سے پونچھنا...... الثَّمَرَ: پھل چننا...... الْقَوْمُ: تر کھجوریں حاصل کرنا یا کھانا...... الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ شکست کھانا۔

النَّاجِی: فا۔ مؤنث۔ نَاجِیَۃٌ ج نَوَاجٍ وَنَاجِیَاتٌ. النَّاجِیَۃ: تیز رفتار اُونٹنی۔ کہا جاتا ہے "قَطَعَ الْمَکَانَ بِنَوَاجٍ سَرِیْعَۃِ الْإیْغَالِ" اس نے جگہ کو تیز رفتار اُونٹنیوں سے طے کیا۔

النَّجَا: لاٹھی۔ لکڑی۔ ہودج کی لکڑی۔ کھال۔

النَّجْو والنَّجَا والنَّجَاۃ والنَّجَاء: رہائی۔ کہا جاتا ہے "النَّجَاءَکَ النَّجَاءَکَ والنَّجَاکَ والنَّجَاکَ" یعنی جلدی کر۔ جلدی کر اور یہ باب اغراء سے ہے اور فعل محذوف سے منصوب ہے اور اصل کی تقدیر "اِلْزَمِ النَّجَاءَ" ہے اور کاف حرف خطاب ہے۔

النَّجْو: مص۔ پاخانہ یا گوز۔ دو آدمیوں کے درمیان بھید۔ ج نِجَاءٌ: بادل جو پانی برسا چکا ہو۔ ج نُجُوٌّ.

النَّجْوٰی: اسم ہے مناجات کا۔ بھید۔ سرگوشی کرنے والے اور یہ وصف بالمصدر ہے اس میں واحد جمع برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ نَجْوٰی النَّجْوٰی" خراج۔ محصول۔ ج نَجَاوٰی.

النَّجَاۃ: مص۔ رہائی۔ بلند زمین۔ حسد۔ لالچ۔ سانپ کی چھتری۔ ٹہنی۔ ج نَجًا.

النَّجْوَۃُ: اسم مرۃ۔ بلند زمین۔ ج نِجَاء. کہا جاتا ہے "إنَّہُ مِنَ الْأمْرِ بِنَجْوَۃٍ" وہ اس کام سے پاک صاف ہے۔

النَّجَاوَۃ: زمین کی گنجائش۔

النَّجِیُّ: بھید۔ جس سے رازداری کی بات کی جائے۔ بات کرنے والا [illegible] والے کی آواز۔ بلند آواز سے جانور کو ہانکنے والا۔ تیز۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ نَجِیٌّ" تیز رفتار اونٹ۔ اور کہا جاتا ہے "بَاتَتْ فِیْ صَدْرِہٖ نَجِیَّۃٌ قَدْ أسْھَرَتْہُ" اس کے سینے میں غم رہا جس نے اسے بیدار رکھا۔

الْمَنْجٰی: نجات کی جگہ۔ بلند زمین۔ ج مَنَاجٍ.

الْمَنْجَاۃ: باعث نجات۔ ج مَنَاجٍ کہا جاتا ہے "الصِّدْقُ مَنْجَاۃٌ" سچائی باعث نجات ہے۔

نَحَّ (ض) نَحِیْحًا الرَّجُلُ: سینہ میں آواز گڑگڑانا۔

نَحَّ (ن) نَحًّا الْجَمَلَ: تیز چلنے پر اُکسانا۔

النَّحَاحَۃ: سخاوت۔ بخل (ضد)

النَّحِیْح: مص بخل۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ شَحِیْحٌ نَحِیْحٌ: فلاں حریص و بخیل ہے۔

نَحَبَ (ف ض) نَحْبًا وَنَحِیْبًا الرَّجُلُ: رونے میں آواز بلند کرنا (...... نَحْبًا) بِکَذَا: شرط لگانا۔

نَحَبَ (ض) نَحْبًا وَنُحَابًا الْبَعِیْرُ: کھانسنا۔

نَحَبَ (ن) نَحْبًا وَنَحَّبَ الرَّجُلُ: نذر ماننا۔

نَحَبَ وَنَحَّبَ الْقَوْمُ فِی سَیْرِھِمْ: جلدی سے چلنا۔ نَحَّبَ عَلَی الشَّیْءِ: مشغول ہونا۔ ٹوٹ پڑنا۔

نَاحَبَہٗ مُنَاحَبَۃً: مفاخرت کرنا...... ہٗ عَلَی کَذَا: شرط لگانا...... ہٗ إلَی فُلَانٍ: فیصلہ کے لئے جانا۔

تَنَاحَبَ الْقَوْمُ: جنگ وغیرہ کے لئے وقت معین کرنا۔

اِنْتَحَبَ: بہت رونا۔ زور سے لمبے لمبے سانس لینا۔ پھوٹ کر رونا۔

النَّحْب: مص۔ سخت گریہ۔ کھانسی۔ سختی۔ موت۔ مدت۔ وقت۔ بڑا خطرہ۔ ہمت۔ نفس۔ نیند۔ موٹاپا۔ بڑے جسم کا اونٹ۔

حاجت۔ ذلیل۔ جوا۔ تیز چال۔ یا آہستہ چال۔ نذر۔ کہا جاتا ہے "قَضٰی فُلَانٌ نَحْبَهٗ" فلاں نے اپنی نذر پوری کر دی۔ یعنی مر گیا گویا کہ موت اس کے ذمہ نذر تھی۔

النُّحْبَة: قرعہ۔

المُنْحَب: فا۔ سَیْرٌ مُنْحَبٌ: تیز چال۔

نَحَتَ (ض ن) ونَحِتَ (س) نَحْتًا العُوْدَ: لکڑی چھیلنا...... الحَجَرَ: پتھر کو ہموار کرنا...... الخَشَبَةَ: لکڑی چھیل کر ہموار کرنا...... ہٗ: پچھاڑنا...... السَّفَرُ البَعِيْرَ: دُبلا کرنا...... الجَبَلَ: پہاڑ کھودنا...... الكَلِمَةَ: دو یا زائد کلمات سے ایک کلمہ بنایا جیسے صَهْصَلَقَ. صهل وصلق: سے بَسْمَلَةً. بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم سے۔ حَوْقَلَةً لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ سے۔ فَذْلَكَةً فَذٰلِكَ كَذَا وكَذَا: سے نَحَتَهٗ بِالعَصَا: لاٹھی مارنا...... ہٗ بِلِسَانِهٖ: غیبت کرنا۔ ملامت کرنا۔ گالی دینا...... عِرْضَهٗ: طعن کرنا۔ بے آبروئی کرنا...... اَثْلَتَهٗ وفی اَثْلَتِهٖ: مذمت کرنا۔ حسب میں طعن کرنا اور کہا جاتا ہے "نُحِتَ فُلَانٌ عَلَى الكَرَمِ" یعنی فلاں شخص فیاض پیدا کیا گیا ہے۔

نَحَتَ (ف) نَحِيْتًا: پیچش ہونا۔

اِنْتَحَتَ مِنَ الخَشَبَةِ مَا يَجْعَلُهٗ فِى النَّارِ: آگ میں ڈالنے کے لئے چھپٹیاں کاٹنا۔ اِنْتَحَتَ الخَشَبَةُ: لکڑی کا چھپٹیاں ہونا۔

النَّحْتُ: مص (...... والنُّحَاتُ والنَّحِيْتَةُ) طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ النَّحِيْتَةِ" وہ کریم الطبع ہے۔

النَّحِيْتَةُ: پیچش۔

النُّحَاتَة: تراشہ۔ چھیلن۔ وہ ریزے جو کاٹنے سے گریں۔

النَّحَات: سنگ تراش۔ بہت چھیلنے والا۔

النَّحِيْت: مص۔ چھیلا ہوا۔ گریہ وزاری۔ پیچش۔ دُبلا اونٹ۔ ردی چیز۔ کسی قوم میں اجنبی...... مِنَ الحَوَافِرِ: کنارہ

ہوا گھر۔

المَنْحَت ج مَنَاحِت والمِنْحَات ج مَنَاحِيْت: لکڑی تراشنے کا آلہ۔ بسولہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مَنْحَتِ صِدْقٍ" وہ خالص اصل سے ہے "وَهُمْ كِرَامُ المَنَابِتِ والمَنَاحِتِ" وہ لوگ فیاض واصل خاندان سے ہیں۔

نَحَرَ (ف) نَحْرًا وتَنْحَارًا. البَهِيْمَةَ: سینہ پر مارنا۔ ذبح کرنا...... فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَحَرَ بَيْتِي بَيْتَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وَنَحَرَ الاُمُوْرَ عِلْمًا" یعنی اس نے معاملات کو مضبوط طریقے سے کیا۔ الصَّلَاةَ: اول وقت میں نماز پڑھنا...... المُصَلِّي فِي الصَّلَاةِ: سینہ نکال کر کھڑا ہونا۔

نَاحَرَهٗ مُنَاحَرَةً: جھگڑا کرنا۔

تَنَاحَرَ القَوْمُ عَلٰى كَذَا: جھگڑا کرنا۔

تَنَاحَرَتِ الدَّارَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا...... القَوْمُ عَنِ الطَّرِيْقِ: راستہ سے تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا...... عَلَى الطَّرِيْقِ وغَيْرِهٖ: پے در پے آنا۔

اِنْتَحَرَ الرَّجُلُ: خودکشی کرنا...... القَوْمُ عَلَى الاَمْرِ: جھگڑا کرنا۔ اِنْتَحَرَ السَّحَابُ: بہت پانی لے کر اٹھنا...... ہٗ بِالعَصَا: مارنا۔

النَّحْر: مص۔ سینہ کا بالائی حصہ۔ ج نُحُوْرٌ کہا جاتا ہے "قَعَدَ فِي نَحْرِ فُلَانٍ" یعنی اس نے فلاں کا مقابلہ کیا۔ "نَحْرُ النَّهَارِ او الشَّهْرِ" دن یا مہینے کا ابتدائی حصہ۔ يَوْمُ النَّحْرِ: ماہ ذی الحجہ کا دسواں دن۔

النَّحِر: حاذق۔ ماہر۔ سمجھدار۔ دانا بینا۔

النَّاحِر: فا۔ النَّاحِرَانِ: سینہ کی دو رگوں کا نام۔

النَّاحِرَة. النَّاحِر کا مؤنث۔ مہینہ کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات۔ ج نَوَاحِرُ ونَاحِرَات. النَّاحِرَتَانِ: سینہ کی دو رگوں کا

النَّحُوْر: ذبح کرنے والا۔

النِّحْرِيْر: حاذق۔ سمجھدار۔ عقلمند۔ ج نَحَارِيْر.

النَّحِيْر: ذبح کیا ہوا۔ ج نَحْرٰى ونُحَرَاء ونَحَائِر.

النَّحِيْرَة. نَحِيْر: کا مؤنث۔ طبیعت...... مِنَ الشَّهْرِ: مہینے کا پہلا دن یا آخری دن یا آخری رات۔ ج نَحَائِر.

المَنْحَر: حلق میں ذبح کرنے کی جگہ۔ مقام ذبح۔

المُنْتَحَر: کشادہ راستہ۔

المِنْحَار: کریم۔ فیاض۔ بہت ذبح کرنے والا۔ مہمان نواز۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَمِنْحَارٌ بِوَائِكِهَا" وہ موٹے اونٹوں کو بہت ذبح کرنے والا ہے یعنی بڑا مہمان نواز ہے۔

المَنْحُوْر: سینہ کا بالائی حصہ۔ ج مَنَاحِيْر.

نَحَزَهٗ (ف) نَحْزًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ چھونا۔ ہاون میں کوٹنا...... بِرِجْلِهٖ: ٹھوکر مارنا...... فِي صَدْرِهٖ.

نَحِزَ ونَحُزَ (ک) ونَحِزَ (س) نَحْزًا ونَحَزَ البَعِيْرُ: پھیپھڑے کی بیماری والا ہونا۔ صفت نَحِزٌ ونَاحِزٌ ونَحِيْزٌ ومَنْحُوْزٌ.

نَحِزَ (س) نَحْزًا. الرَّجُلُ: کھانسنا۔

اَنْحَزَ القَوْمُ: پھیپھڑے کی بیماری والے اونٹوں کا مالک ہونا۔

النُّحَاز: اونٹوں کی ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے بہت کھانستے ہیں (...... والنِّحَاز) اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ النِّحَازِ" وہ کریم الاصل ہے۔

النَّحِيْزَة: طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيْمُ النَّحِيْزَةِ" وہ کریم الطبع ہے۔ سخت راستہ۔ بڑے راستہ سے نکلا ہوا چھوٹا راستہ۔ ج نَحَائِز.

المِنْحَاز: ہاون۔ اوکھلی۔

نَحَسَ (ف) نَحْسًا ونَحُسَ (ک) نَحَاسَةً ونُحُوْسَةً طَالِعُ الاِنْسَانِ: بد قسمت ہونا۔ منحوس ہونا۔ صفت نَحْسٌ ونَحِسٌ

ومنحوس اور کہا جاتا ہے "یوم نحس و نَحِسٌ ونَاحِسٌ ونَحِسٌ واَیَّامٌ نَوَاحِس ونَحْسَات ونَحِسَات" نامبارک دن۔

نَحَسَهُ (ف) نَحْسًا: ظلم کرنا۔

اَنْحَسَتِ النَّارُ: آگ کا زیادہ دھوئیں والی ہونا۔

نَحَسَ الْاَخْبَارَ: تجسس کرنا۔ سن گن لینا۔

تَنَحَّسَ الرَّجُلُ: بھوکا ہونا...... لِشُرْبِ الدَّوَاءِ: دوا پینے کے لئے بھوکا رہنا(...... واسْتَنْحَسَ) الْاَخْبَارَ وَعَنْهَا: تجسس کرنا اور حقیقت دریافت کرنا۔

تَنَاحَسَ وانْتَحَسَ فُلَانٌ: اوندھا گرنا۔

عَامٌ نَاحِسٌ: خشک سال۔ ج نَوَاحِس.

النَّحْس: مص نامبارک۔ منحوس۔ کہا جاتا ہے یَوْمٌ نَحْسٌ واَیَّامٌ نَحْسٌ: نامبارک دن ج نُحُوس وانْحُس. النَّحْس: مشقت و تکلیف۔ ایسا معاملہ جس کا کوئی حل نظر نہ آئے۔ ٹھنڈی پچھوائی ہوا۔ اطراف آسمان میں غبار۔ النَّحْسَان: زحل اور مریخ السَّعْدان: مشتری اور زہرہ۔

النُّحَس: مہینہ کی انیسویں بیسویں اکیسویں رات جن کو ظلم بھی کہتے ہیں۔

النُّحَاس. بتثلیث النون: تانبا۔ آگ۔ دھواں بغیر شعلہ کے۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "هو كَرِيمُ النُّحَاسِ" وہ فیاض طبیعت کا ہے۔ ہر چیز کا اصل۔ چنگاری جو لوہے وغیرہ کو کوٹتے وقت جھڑے۔

النَّحَّاس: ٹھٹھیرا۔ تانبے کا کام کرنے والا۔

المَنَاحِس: نامبارک ومنحوس چیزیں۔ باعث نحوست امور۔

النِحَاشَة: جلی ہوئی روٹی۔

نَحَصَتْ (ف) نُحُوصًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت موٹا ہونا۔ یا موٹائی کی وجہ سے حاملہ نہ ہونا۔ صفت نَحُوص ونَحِيص. ج نحص ونَحَائِص.

النُّحْص: دامن کوہ۔ المِنْحَاص: دبلی پتلی لمبی عورت۔

نَحَضَ (ف ض) نَحْضًا اللَّحْمَ: گوشت اکھاڑنا...... فُلَانًا: اصرار سے سوال کرنا...... العَظْمَ: ہڈی سے سب گوشت اتار لینا...... السِّنَانَ: بھالا تیز کرنا...... هُ الدَّهْرُ: نقصان پہنچانا۔

نُحِضَ (ف) نُحُوضًا ونُحِضَ وانْتَحَضَ: دُبلا ہونا۔ کم گوشت والا ہونا۔ صفت نَحِيض ومَنْحُوض.

نَحُضَ (ک) نَحَاضَةً: موٹا ہونا۔ زیادہ گوشت والا ہونا۔ صفت نَحِيض ومَنْحُوض.

اِنْتَحَضَ الشَّيْئُ: بمعنی نَحَضَ الشَّيْئَ.

النَّحْض: مص۔ موٹا گوشت۔ ج نِحَاض ونُحُوض.

النَّحْضَة: گوشت یا موٹے گوشت کا بڑا ٹکڑا۔

نَحَطَ (ض) نَحْطًا ونَحِيطًا الفَرَسُ: گھوڑے کا تھکن سے ہنہنانا(...... نَحِيطًا) لمبے لمبے سانس لینا(...... نَحْطًا) السَّائِلَ: مانگنے والے کو سوال کے وقت جھڑک دینا۔

النَّاحِط: فا۔ سخت کھانسی والا۔

النَّحْط والنُّحَاط والنَّحِيط: سینے میں رونے کی دبی ہوئی آواز۔

النَّحْطَة: اسم مرة۔ اونٹ اور گھوڑوں کی ایک بیماری جو سینے میں ہوتی ہے اور جس سے بہت کم بچتے ہیں۔

المُنْحِطَة والمَنْحُوطَة: سینہ کی بیماری والا اونٹ یا گھوڑا۔

النَّحَّاط: متکبر۔ مغرور۔

نَحِفَ (س) ونَحُفَ (ک) نَحَافَةً: لاغر ہونا یا خِلْقَةً: دبلا ہونا۔ صفت نَحِفٌ ج نَحِفُون ونَحِيف ج نُحَفَاء ونِحَاف. ومَنْحُوف.

اَنْحَفَهُ: لاغر کرنا۔ دُبلا کرنا۔

نَحَلَ (فن) ونَحِلَ (س) ونَحُلَ (ک) نُحُولًا: بیماری یا تھکن سے دُبلا ہونا۔

نَحَلَ (ف) نَحْلًا الرَّجُلَ: دینا...... المَرْأَةَ: مہر دینا۔ اسم النِّحْلَة (...... نَحْلًا) القَوْلَ: غلط بات منسوب کرنا...... زَيْدًا: گالی دینا...... هُ المَرَضُ: لاغر کرنا۔

نُحِلَ الشَّاعِرُ قَصِيدَةً: دوسرے کا قصیدہ منسوب کیا جانا۔

اَنْحَلَ ونَحَّلَ فُلَانًا مَاءً: دینا...... هُ مَالًا: دینے کے لئے خاص کرنا۔ اَنْحَلَهُ الهَمُّ او المَرَضُ: غم یا بیماری کا کسی کو لاغر کرنا۔

اِنْتَحَلَ وتَنَحَّلَ مَذْهَبَ كَذَا او قَبِيلَةَ كَذَا: منسوب ہونا۔ اِنْتَحَلَ وتَنَحَّلَ الشِّعْرَ او القَوْلَ: دوسرے کے شعر یا قول کو اپنی طرف منسوب کرنا۔

النَّحْل: شہد کی مکھیاں۔ واحد نَحْلَة.

النَّحْل: لاغر و دبلا۔ عطیہ۔ بخشش۔ نیا چاند۔ کہا جاتا ہے "اَهِلَّةٌ نَحْلٌ".

النُّحْل والنُّحْلَى والنُّحْلَان: عطیہ۔ ہبہ۔

النِّحْلَة والنُّحْلَة: عطیہ۔ ہبہ۔ عورت کو مہر دینا۔ دعوی۔ مذہب۔ دین۔ ج نِحَل ونُحَل کہا جاتا ہے "مَا نِحْلَتُكَ" یعنی تمہارا دین کیا ہے۔

النُّحْل. النُّحْلَة: لاغری۔

النَّاحِل: فا۔ باریک۔ کہا جاتا ہے "سَيْفٌ نَاحِلٌ" یعنی باریک تلوار "وَجَمَلٌ نَاحِلٌ" یعنی لاغر اونٹ۔ ج نُحُول (جیسے شاہد و شہود)

النَّاحِلَة. النَّاحِل: کا مؤنث۔ ج نَوَاحِل.

النَّوَاحِل: وہ تلواریں جن کی دھاریں کثرتِ استعمال سے پتلی ہو گئی ہوں۔

النَّحِيل: دبلا۔ ج نَحْلَى.

نَحَمَ (ض) نَحْمًا ونَحِيمًا ونَحَمَانًا الرَّجُلُ: کھنکھارنا۔

الْاَسَدُ: شیر کا گونجنا۔

اِنْتَحَمَ عَلَى كَذَا وكَذَا: پختہ ارادہ کرنا۔

النُّحَام: سرخ رنگ اور لمبی گردن اور ٹیڑھی چونچ والی مرغابی۔ واحد نُحَامَة.

النَّحْمَةُ: کھانسی۔
النَّحِيمُ: پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔
رَجُلٌ نَحِمٌ: پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا مرد۔
النَّحَّامُ: بہت پیٹ کی گڑگڑاہٹ والا۔ شیر۔ بخیل۔
نَحْنُ: ہم۔ جمع متکلم کی ضمیر۔
نَحْنَحَ وتَنَحْنَحَ الرَّجُلُ: گلا صاف کرنا۔ کھنکھارنا۔ سینے سے آواز نکالنا۔ نَحْنَحَ فُلَانًا: بری طرح سے ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَنَا بِنَحْنَحِ النَّفْسِ عَنْ كَذَا" میرا جی اس سے خوش نہیں۔
النَّحَانِحَةُ: بخیل و کمینے۔
نَحَا يَنْحُو نَحْوًا الشَّئَ: قصد کرنا۔ نَحَا نَحْوَ فُلَانٍ: پیروی کرنا۔ نَحَا بَصَرَهُ إِلَيْهِ: کسی کی طرف نگاہ پھیرنا...... الرَّجُلُ: اپنی دو جانبوں میں سے ایک جانب جھکا ہوا ہونا...... فُلَانًا عَنْهُ: پھیرنا۔ ہٹانا...... الشَّئَ: جھکانا۔
نَحَّى تَنْحِيَةً الرَّجُلَ عَنْ مَوْضِعِهِ: ہٹانا۔ معزول کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
نَاحَاهُ مُنَاحَاةً: باہم ایک دوسرے کی جانب ہونا۔
أَنْحَى إِنْحَاءً: اعتماد کرنا۔ کسی جانب جھکنا...... عَلَى فُلَانٍ ضَرْبًا: متوجہ ہونا...... بَصَرَهُ عَنْهُ: نگاہ پھیر لینا...... عَلَيْهِ: اعتماد کرنا۔
اِنْتَحَى اِنْتِحَاءً الشَّئَ او الرَّجُلَ: قصد کرنا...... لَهُ: اعتماد کرنا اور جھکنا...... الْبَعِيرُ عَلَى شِقِّهِ الأَيْسَرِ: اونٹ کا بائیں جانب جھکنا۔
تَنَحَّى عَنْ مَوْضِعِهِ: جدا ہونا...... لِلشَّئِ: اعتماد کرنا...... الرَّجُلُ: کلام میں اعراب استعمال کرنا۔
النَّحْوُ: جانب۔ جہت۔ راستہ۔ مثل۔ مقدار۔ قصد و ارادہ اور بطور ظرف و اسم مستعمل ہوتا ہے ج أَنْحَاء. وعِلْمُ النَّحْوِ: وہ علم جس میں کلمات عرب کے احوال مثل اعراب دینا و ترکیب و افراد سے بحث کی جائے اور اس علم کا نام علم نحو [illegible] سے ہے کہ متکلم عرب کے طریقے پر چلتا ہے۔ ج أَنْحَاء ونُحُوٌّ اور تصغیر نُحَيٌّ جیسے دَلْوٌ ودُلَيَّةٌ.
النَّحْوِيُّ: علم نحو کا جاننے والا۔ ج نَحْوِيُّونَ.
النَّاحِي: فا۔ علم نحو کا جاننے والا۔ ج نُحَاةٌ.
النَّاحِيَةُ: جانب و جہت۔ ج نَاحِيَات ونَوَاحٍ وأَنْحِيَة.
نَخَى يَنْخِي ويَنْحِي نَخْيًا. اللَّبَنَ: دودھ بلونا۔ متھنا۔ مسکہ نکالنا...... الشَّئَ: زائل کرنا...... بَصَرَهُ إِلَيْهِ: نگاہ پھیرنا۔
نَحَاهُ يَنْحِيهِ نَحْيًا: ایک گوشہ میں کرنا۔
أَنْحَى لَهُ السِّلاحَ: ہتھیار سے مارنا...... عَلَيْهِ بِالسَّيْفِ: تلوار کے ساتھ متوجہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَنْحَى عَلَيْهِ بِاللَّوَائِمِ" وہ اس پر ملامت کے ساتھ متوجہ ہوا۔
نَحَّاهُ تَنْحِيَةً: زائل کرنا۔ جھکانا۔
تَنَحَّى تَنَحِّيًا: زائل ہونا۔ جھکنا۔
اِنْتَحَى فِي الأَمْرِ: کوشش کرنا...... فِي الشَّئِ: اعتماد کرنا۔
النَّحْيُ والنِّحْيُ والنُّحْيُ: گھی کی مشک۔ دودھ بلونے کا برتن۔ چوڑے پھل کا تیر۔ ج أَنْحَاء ونِحَاء ونُحِيٌّ.
النَّحِيَّةُ: ارادہ۔ نشانہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَحِيَّةُ الشَّدَائِدِ" فلاں سختیوں کا نشانہ ہے۔
الْمَنْحَاةُ: پانی بہنے کی بیچ دار جگہ۔ پانی لانے والے اونٹ کا راستہ۔ ج مَنَاحٍ. أَهْلُ الْمَنْحَاةِ: بیگانے لوگ۔
نَخَّ (ن) نَخًّا: تیز چلنا...... الإِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا...... الإِبِلَ وبِالإِبِلِ: اونٹ بٹھانے کے لئے اِخ اِخ یا نخ نخ کہنا۔
النَّخُّ: مص۔ لمبا فرش۔ ج أَنْخَاخ.
النَّخَّةُ: اسم مرۃ۔ ہلکی بارش۔ کام کرنے والے بیل۔ باندی غلام۔ خبر جس کا سچ یا جھوٹ معلوم نہ ہو۔
النُّخَّةُ: کام کرنے والے بیل۔
النُّخُّ والنُّخَاخَةُ: گودا۔ مغز۔
نَخَبَ (ن) نَخْبًا الشَّئَ: کھینچنا [illegible] لینا۔ نَخَبَتِ النَّمْلَةُ: چیونٹی کا کاٹنا...... الصَّقْرُ الصَّيْدَ: باز کا شکار کے دل کو نکال لینا۔
نَخِبَ (س) نَخَبًا: بزدل ہونا۔ صفت نَخَبٌ ونَخِبٌ ونُخَبٌ ونَخِبٌ وأَنْخَبُ.
أَنْخَبَ الرَّجُلُ: بزدل بچہ پیدا کرنا۔ بہادر بچہ پیدا کرنا۔
اِنْتَخَبَ الشَّئَ: کھینچ کر نکالنا۔ چننا۔
النَّخَبُ: مص۔ بزدلی۔ دل کی کمزوری۔ بزدل۔ جام صحت اور عوام کہتے ہیں "شَرِبَ سِرَّهُ او عَلَى صِحَّتِهِ" (...... والنَّخْبَةُ) دُبر۔ النَّخِبَةُ: بزدل۔
النُّخْبَةُ والنُّخَبَةُ: چنا ہوا۔ ج نُخَب.
النُّخْبَةُ: منتخب لوگ۔ دوست کے جام صحت کا پینا۔ پلانا۔ ج نُخَبَات. النُّخَبَات: بزدل لوگ۔
النَّخِيبُ: ج نُخُب والمَنْخُوبُ والْيَنْخُوبُ: بزدل۔ بے دل۔ الْمَنْخُوبُ: دبلا کم گوشت والا والْيَنْخُوبُ: لمبا۔
النِّخَابُ: دل کی جھلی۔
الْمَنْخَبَةُ: حلقۂ دبر۔
الْمِنْخَابُ: کمزور۔ ناکارہ۔ ج مَنَاخِيب.
نَخَتَ (ن) نَخْتًا الطَّيْرُ الشَّئَ: پرندہ کا چونچ مارنا...... الْقَوْلَ: اچانک پہنچانا...... الشَّجَرَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔
نَخَجَ (ض) نَخْجًا السَّيْلُ فِي سَنَدِ الْوَادِي: سیلاب کا وادی کے بلند کناروں سے ٹکرانا...... الدَّلْوَ وبِالدَّلْوِ فِي الْبِئْرِ: ڈول کو بھر جانے کے لئے کنوئیں میں ہلانا...... الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
اِسْتَنْخَجَ الرَّجُلُ: سختی کے بعد نرم ہونا۔
النَّخِيجَةُ: باریک مکھن جو مشک سے رس کر نکلے۔
تَنَخَّذَ: ناخدا ہونا۔ جہاز کا کپتان ہونا۔
نَاخُذَاةُ: جہاز کا کپتان۔ ج نَوَاخِذَة.
نَخَرَ (ض ن) نَخْرًا ونَخِيرًا الإِنْسَانُ او

الدّابَةُ: خرّاٹے لینا۔
نَخَرَ (ف) نَخْرًا الحَالِبُ النَّاقَةَ: دودھنے کے لئے نتھنوں میں انگلی ڈال کر کھجلانا۔
نَخِرَ (س) نَخَرًا العُودُ او العَظْمُ ونَخُرَةً: لکڑی یا ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ ریزہ ریزہ ہونا۔ صفت نَاخِرَةٌ ونَخِرٌ۔
نَخَّرَهُ: بوسیدہ کرنا۔ گفتگو کرنا۔
المَنْخَرَةُ مِنَ الرِّيحِ: ہوا کا تیز بہاؤ (...... والنُّخْرَةُ) ناک کا اگلا حصہ۔ ج نُخَرٌ۔
النَّاخِرُ: فا۔ بوسیدہ۔ ریزہ ریزہ۔ حملہ کرنے والا سور۔ گدھا اور بقول بعض گھوڑا۔ ج نُخُرٌ: کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ نَاخِرٌ" گھر میں کوئی نہیں۔
النَّاخِرَةُ. النَّاخِرُ: کا مؤنث۔ بوسیدہ ہڈیاں۔ گھوڑے یا گدھے۔
النَّخَّارُ: بہت خرّاٹے لینے والا۔
النِّخْوَارُ: بزدل۔ کمزور۔ شریف۔ مغرور ج نَخَاوِرَةٌ۔
المَنْخَرُ والمِنْخَرُ والمَنْخِرُ والمِنْخِرُ والمُنْخُرُ والمَنْخُورُ: ناک۔ نتھنا۔ ج مَنَاخِرُ ومَنَاخِيرُ۔
النَّخُورُ: اونٹنی کہ جب تک نتھنوں میں انگلی ڈال کر نہ کھجلائیں دودھ نہ دے۔
النَّخُورِيُّ: چوڑے منہ والا۔ بڑے پیٹ والا۔
اِمْرَأَةٌ مِنْخَارٌ: وہ عورت جو جماع کے وقت بہت خرّاٹے لے گویا دیوانی ہے۔
نَخْرَبَ الشَّجَرَةَ: درخت میں سوراخ کرنا۔
النُّخْرُوبُ: سوراخ۔ پتھر کا شگاف۔ ج نَخَارِيبُ. نَخَارِيبُ النَّحْلِ: شہد کے چھتے کے خانے۔
نَخَزَهُ (ف) نَخْزًا بِالْحَدِيدَةِ: مارنا...... ہٗ بِكَلِمَةٍ: تکلیف پہنچانا۔
نَخَسَ (ف ن) نَخْسًا الدَّابَّةَ: جانور کے پہلو یا پچھلے حصہ پر لکڑی وغیرہ چبھو کر اکسانا ...... بِفُلَانٍ: بھڑکانا۔ برانگیختہ کرنا۔

البَكَرَةَ: چرخی میں پچڑ لگانا۔
نُخِسَ لَحْمُهُ: کم ہونا...... البَعِيرُ: اونٹ کی دم کے قریب خارش ہونا۔ صفت مَنْخُوسٌ۔
تَنَاخَسَتِ الغَنَمُ: بھیڑ بکری کا سردی کی وجہ سے ایک دوسرے سے گرمی حاصل کرنا۔ ...... الغُدْرَانُ: تالابوں کا ایک دوسرے میں پانی پہنچانا۔
النَّاخِسُ: فا۔ اونٹ کی دم کے قریب خارش (...... والنَّخُوسُ) جوان پہاڑی بکرا۔
النَّخِيسُ: چرخی کہ اس کا سوراخ چوڑا ہوگیا ہو تو پچڑ لگا کر تنگ کر دیا جائے۔
النَّخِيسَةُ: بھیڑ بکری کا ملا ہوا دودھ۔ مکھن۔
النِّخَاسُ: چرخی کے سوراخ کو تنگ کرنے کا پچڑ۔ نِخَاسَا البَيْتِ: گھر یا خیمہ کے ستون۔
النِّخَاسَةُ: بمعنی نِخَاس (...... والنَّخَاسَةُ) غلاموں یا جانوروں کی بیع۔
النَّخَّاسُ: بہت چبھونے والا۔ غلاموں اور جانوروں کی تجارت کرنے والا۔
المِنْخَسُ: آنکس۔ مہمیز۔ ج مَنَاخِسُ کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ نَخْسَةٍ" وہ حرامی بچہ ہے۔
نَخَشَهُ (ن) نَخْشًا: برانگیختہ کرنا۔ تکلیف دینا...... الشَّيْئَ: حرکت دینا...... الدَّابَّةَ: جانور کو تیز ہانکنا...... العُودَ: لکڑی چھیلنا۔
نَخَشَ (ف) نَخْشًا ونُخِشَ: دبلا ہونا۔
نَخِشَ (س) نَخَشًا الشَّيْئُ: کسی چیز کا نچلا حصہ بوسیدہ ہونا۔
النَّخْشُ اِلَى كَذَا: حرکت کرنا۔
تَنَخَّشَ: مص۔ مال کا ایک ٹکڑا۔
نَخَصَ (ف ن) نَخْصًا الرَّجُلُ: لاغر ہونا۔ جھریوں والا ہونا۔
نَخَصَهُ وانْخَصَهُ الكِبَرُ او المَرَضُ: لاغر کرنا۔ جھریوں والا ہونا۔
نَخِصَ (س) نَخَصًا وانْتَخَصَ لَحْمُهُ: کم گوشت ہونا۔
عَجُوزٌ نَاخِصٌ: جھریوں والی بڑھیا۔

نَخَطَ (ن) نَخْطًا اِلَيْهِمْ: اچانک آنا۔
المُخَاطَ مِنْ اَنْفِهِ: ناک سے رینٹ صاف کرنا۔
نَخَطَ (ن) نَخِيطًا لِفُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب ظاہر کرنا...... عَلَيْهِ: تکبر کرنا۔
اِنْتَخَطَهُ: مشابہ ہونا۔ اِنْتَخَطَ المُخَاطَ مِنْ اَنْفِهِ: ناک صاف کرنا۔
النَّخْطُ والنُّخُطُ: لوگ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيُّ النَّخْطِ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کون آدمی ہے۔
النُّخُطُ: حرام مغز۔ بچہ دانی کی جھلی کا پانی۔
النَّخْطُ: بہادری کی وجہ سے نیزہ سے کھیلنے والے لوگ۔
نَخَعَ (ف) نَخْعًا الذَّبِيحَةَ: ذبح کرنے میں چھری کو حرام مغز تک پہنچانا...... الاَمْرَ عِلْمًا: اچھی طرح سے آگاہ ہونا...... ہٗ الطَّاعَةَ او النَّصِيحَةَ: فرمانبرداری یا نصیحت یا خالص طریقے سے کرنا...... الرَّجُلُ: سینے یا ناک سے کسی چیز کو گرانا (...... نُخُوعًا) لَهُ بِحَقِّهِ: اقرار کرنا۔
نَخِعَ (س) نَخَعًا العُودُ او النَّبَاتُ: لکڑی یا نباتات سے پانی نکلنا ...... فُلَانٌ بِحَقِّيْ: اقرار کرنا۔
تَنَخَّعَ الرَّجُلُ: کھنکارنا (...... اِنْتَخَعَ) السَّحَابُ: سارا پانی برسا دینا۔ وانْتَخَعَ الرَّجُلُ عَنْ اَرْضِهِ: دور ہونا۔
النُّخَاعُ. بتثليث النون: حرام مغز۔ ج نُخُعٌ۔
النُّخَاعَةُ: کھنکار۔ بلغم۔
النُّخُوعُ: مص۔ حق کا اقرار۔
الاَنْخَعُ: اسم تفضیل۔ بمعنی اذل واقہر۔ بہت زیادہ ہلاک کرنے والا۔
المَنْخَعُ: گردن اور سر کا اندرونی جوڑ۔ حرام مغز کٹنے کی جگہ۔
نَخَفَ (ف ن) نَخْفًا ونَخِيفًا: چھینکتے ہوئے آواز نکالنا (اور یہ بکری کے لئے خاص ہے)

اَنْخَفَ: چھینکتے ہوئے بہت آواز نکالنا۔
النَّخْفَة: پہاڑ کی چوٹی میں پست زمین۔
النِّخَاف: چرمی موزہ۔ج اَنْخِفَة.
نَخَلَ (ن) نَخْلاً الدَّقِيْقَ: آٹا چھاننا۔ بھوسی دور کرنا...... الشَّيْئَ: چننا۔صاف کرنا۔ النَّصِيْحَةَ اَوِ الْوُدَّ لِفُلَانٍ: سچی خیر خواہی یا خالص دوستی کرنا۔(...... وَنَخَّلَ) السَّحَابُ الثَّلْجَ: بادل کا پتھر برسانا۔برف گرانا۔
تَنَخَّلَ وانْتَخَلَ الشَّيْئَ: چننا۔عمدہ لینا۔
النَّخْلُ والنَّخِيْلُ: کھجور کا درخت۔واحد نَخْلَةٌ ونَخِيْلَةٌ.
اَلنَّخْلِيَّاتُ: ایک تنے والے درخت جس کی شاخیں نہ ہوں۔
النُّخَالَة: بھوسی جو چھلنی میں رہ جائے۔غلہ جو چھانا جائے۔
النَّخِيْلَة: طبیعت۔خالص خیر خواہی۔ج نَخَائِل کہا جاتا ہے "لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا نَخَائِلَ الْقُلُوْبِ" اللہ تعالیٰ صرف خالص نیتوں کو قبول فرماتے ہیں۔
النَّاخِل: فا۔کہا جاتا ہے "اِنَّهُ نَاخِلُ الصَّدْرِ" وہ خیر خواہ ہے و "نَصِيْحَةٌ نَاخِلَةٌ" سچی خیر خواہی۔
النَّخَّال: بہت کھجور کے درختوں والا۔آٹا چھاننے والا۔
الْمُنْخُل والْمُنْخَل: چھلنی۔ج مَنَاخِل.
نَخَمَ (ن) نَخْمًا: کھیلنا۔عمدہ گانا۔صفت نَاخِم.
نَخِمَ (س) نَخْمًا ونَخَمًا وتَنَخَّمَ: کھنکھارنا۔ناک صاف کرنا۔
نَخِمَ (س) نَخَمًا الرَّجُلُ: تھکنا۔
النُّخَامَة: کھنکار۔رینٹ۔بلغم۔
النَّخْمَة: اسم مرة۔کھنکار۔رینٹ۔خوبصورتی وزیبائی۔بہادری۔طمانچہ۔
نَخْنَخَ الْبَعِيْرَ: اونٹ کو بٹھانا...... نَخْنَخَ فُلَانًا: ڈانٹنا۔ہٹانا۔نَخْنَخَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔نَخْنَخَ بِالْاِبِلِ اِخْ اِخْ: کہہ کر ڈ...... کر بیٹھ جائے۔
تَنَخْنَخَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا بیٹھنا۔
نَخَا يَنْخُوْ نَخْوَةً الرَّجُلُ: تعریف کرنا۔
نُخِيَ نَخْوَةً الرَّجُلُ: فخر کرنا۔بڑا بننا۔
اَنْخَى اِنْخَاءً: کبر وغرور زیادہ ہونا۔
اِنْتَخَى اِنْتِخَاءً عَلَيْنَا: بڑا بننا۔تکبر کرنا...... مِنْ كَذَا: تنگ جانا۔
النَّخْوَة: مص۔دلیری۔مروت۔بڑائی۔کبر وغرور۔فخر۔
نَدَّ (ض) نَدًّا ونَدِيْدًا ونُدُوْدًا ونِدَادًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کا بدک کر بھاگ جانا۔کہا جاتا ہے نَدَّتِ الْكَلِمَةُ: شاذ ہونا۔کم مستعمل ہونا۔
نَدَّدَ الْاِبِلَ: اونٹوں کو متفرق کرنا...... بِالشَّيْئِ: بدنام کرنا...... بِفُلَانٍ: عیوب ظاہر کرنا۔قبیح بات سنانا...... صَوْتَهُ: آواز بلند کرنا۔
اَنَدَّ الْاِبِلَ: اونٹوں کو متفرق کرنا۔
نَادَّهُ مُنَادَّةً: مخالفت کرنا۔
تَنَادَّ الْقَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ایک دوسرے سے بدکنا۔متفرق ہونا۔تَنَادَّتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا بدک کر بھاگ جانا۔
النَّادُّ: فا اور کہا جاتا ہے "لَيْسَ لَهُمْ نَادٌّ" ان کے لئے رزق نہیں۔ج نُدَّاد.
النَّدُّ: ٹیلہ۔بلند پشتہ۔
النِّدُّ: مثل۔کہا جاتا ہے "مَا لَهُ نِدٌّ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔ج اَنْدَادٌ.
النَّدِيْد: مثل ونظیر۔ج نُدَدَاءُ مؤنث نَدِيْدَةٌ ج نَدَائِدُ کہا جاتا ہے مَا لَهُ نَدِيْدٌ: اس کی کوئی نظیر نہیں۔
التَّنَادِ: مص "يَوْمُ التَّنَادِ ويَوْمُ التَّنَادِّ" دال کی تخفیف کے ساتھ بمعنی یوم قیامت۔کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا اَنَادِيْدَ وتَنَادِيْدَ" وہ لوگ ہر طرف پراگندہ ہوگئے۔
نَدَاهُ (ف) نَدْأً: خوف دلانا۔نَدَأَ اللَّحْمَ: گوشت کو آگ میں دبانا...... الْمَلَّةَ: ...... آنا۔
النَّدِيْ: آگ میں دبایا ہوا گوشت۔
النَّدِيْئُ والنَّدْأَةُ والنُّدْأَة: آفتاب کے طلوع وغروب کے وقت بادلوں کی سرخی۔قوس قزح۔النَّدْأَة والنُّدْأَة: آفتاب کا دائرہ۔ چاند کا ہالہ۔ مال مویشیوں کی زیادتی و بہتات۔
النُّدْأَة والنُّدْأَة: متفرق گھاس کا ایک حصہ ج نُدَاءٌ.
نَدَبَ (ن) نَدْبًا الْمَيِّتَ: میت پر رونا۔ میت کی خوبیاں شمار کرنا...... فُلَانًا اِلَى الْاَمْرِ اَوْ لِلْاَمْرِ: بلانا۔برانگیختہ کرنا۔ـهُ اِلَى الْحَرْبِ: لڑائی کی جانب متوجہ کرنا۔صفت فاعلی نَادِبٌ صفت مفعولی مَنْدُوْب اور امر کو مَنْدُوْبٌ اِلَيْهِ کہتے ہیں اور اسم النُّدْبَة.
نَدِبَ (س) نَدَبًا ونُدُوْبًا ونُدُوْبَةً الظَّهْرُ: پیٹھ پر زخم کا نشان ہونا۔ صفت نَدِيْب (...... نَدَبًا واَنْدَبَ) الْجُرْحُ: نشان زخم ختم ہونا۔اَنْدَبَ فُلَانٌ نَفْسَهُ وبِنَفْسِهِ: خطرے میں ڈالنا۔اَنْدَبَ الْجُرْحُ فُلَانًا: نشان ڈالنا...... بِظَهْرِهِ وفِيْ ظَهْرِهِ: نشان چھوڑنا۔
نَدُبَ (ک) نَدَابَةً الرَّجُلُ: زیرک ہونا۔ ہوشیار و چست ہونا۔
اِنْتَدَبَ لِفُلَانٍ: تردید کرنا۔کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَانْتَدَبَ لَهُ فُلَانٌ" اس نے گفتگو کی اور فلاں نے اس کی تردید کی۔اِنْتَدَبَهُ لِلْاَمْرِ: بلاوے پر جواب دینا اور کہتے ہیں "عُلِّمَا اِنْتَدَبَ" یعنی لو جو آسان ہو۔
النَّدْب: مص۔فضائل کی طرف سبقت کرنے والا۔شریف دانا۔مرد کم حاجت۔ج نُدُوْب ونُدَبَاء. فَرَسٌ نَدْبٌ: تیز گھوڑا۔
النَّدَب: مص۔نشانِ زخم۔ج نُدُوْب۔گھوڑ دوڑ یا تیر بازی کی شرط کہ جو غالب ہو وہ لے۔تیز تیر پھینکنے والی کمان۔کہا جاتا ہے "رَمَيْنَا نَدَبًا" یعنی تیز تیر پھینکنے والی کمان

چلانی۔ ج ندب۔

النَدْبَة: اسم مرۃ۔ مؤنث النَدَب (...... والنَدَبَة) نشان زخم جو جسم پر باقی رہ جائے ج نَدَب ج نُدُوب و اَنْدَاب.

النُدْبَة: میت کے محاسن وفضائل بیان کرنا اور کہا جاتا ہے کہ "عَرَبِیٌّ نُدْبَةٌ" یعنی فصیح عربی۔

المَنْدَب: میت پر رونا۔ ج مَنَادِب.

المِنْدَبی: مروکم حاجت۔

نَدَحَ (ف) نَدْحًا الشَّیْءَ: کشادہ کرنا۔

نَادَحَهُ: کسی سے کسی چیز کے زیادہ ہونے میں مقابلہ کرنا۔

تَنَدَّحَت وانْتَدَحَتِ الْغَنَمُ فِیْ مَرَابِضِهَا او مَسَارِحِهَا: بکریوں کا بیٹھنے کی جگہ یا چراگاہ میں منتشر ہونا۔ متفرق ہونا۔ وتَنَدَّحَت: بڑی شکم سے پھولنا۔

النَدْح وَالنُدْح: کشادگی۔ کثرت۔ پہاڑ کا کنارہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اَنْدَاح.

النَدَح والنُدْح والنَدْحَة والنُدْحَة: کشادہ زمین۔

النِدْح: بوجھ۔ چیز جس کو تم دور سے دیکھو۔

المَنْدُوحَة والمُتَنَدَّح: کشادگی۔ گنجائش۔ کہا جاتا ہے "لَکَ عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ مَنْدُوحَةٌ او مُتَنَدَّح" تم کو اس کام میں آزادی ہے اور تم کو اس کا چھوڑنا ممکن ہے "وَلَکَ مُتَنَدَّحٌ فِی الْبِلَادِ" تمہارے لئے ملکوں میں گنجائش ہے ...... اَرْضٌ مَنْدُوحَةٌ: دور کی کشادہ زمین۔

المَنَادِح: دور کی کشادہ زمین۔

نَدَخَهُ (ف) نَدْخًا: ٹکرا دینا۔ سمندر کا مسافر کہتا ہے "اَنْدَخْنَا الْمَرْکَبَ سَاحِلَ کَذَا" ہم نے جہاز کو فلاں ساحل سے ٹکرا دیا۔

تَنَدَّخَ الرَّجُلُ: بڑ ہانکنا۔

الاَنْدَخ: بے وقوف غبی کم بولنے والا۔

المُنْتَدِخ: بری بات کہنے اور سننے میں لاپرواہ۔

نَدَرَ (ن) نَدْرًا ونُدُوْرًا. الشَّیْءُ: نادر ہونا۔ کسی چیز میں سے گر کر نمایاں ہونا ...... مِنْ مَوْضِعِهٖ: زائل ہونا ...... فُلَانٌ مِنْ قَوْمِهٖ: نکل جانا ...... الشَّجَرَةُ: پتیاں نکلنا یا سبز ہونا ...... الشَّیْءَ: تجربہ کرنا ...... النَّبَاتُ: پتوں والی ہونا ...... الرَّجُلُ: مرنا ...... الرَّجُلُ فِیْ فَضْلٍ او عِلْمٍ: فضیلت یا علم میں بڑھ جانا۔

نَدُرَ (ک) نَدَارَةً الکَلَامُ: فصیح ہونا۔ عمدہ ہونا۔ عجیب وغریب ہونا۔

اَنْدَرَ: نادر قول یا فعل کرنا ...... الشَّیْءَ: گرانا ...... العَظْمَ: جگہ سے ہٹانا۔

تَنَادَرَ عَلَیْنَا: نوادر بیان کرنا۔ وتَنَادَرُوْا الشَّیْءَ: گرانا۔

اِسْتَنْدَرَهُ: نادر سمجھنا ...... القَوْمُ اَثَرَهُ: پیچھے جانا۔

النَدْر: نادر۔ کہا جاتا ہے "شَیْءٌ نَدْرٌ" نادر چیز یہ وصف بالمصدر ہے۔

النَدْرَة: چاندی یا سونے کا ٹکڑا جو کان میں پایا جائے (...... والنُدْرَة) کمی۔ کمیابی۔ کہا جاتا ہے "لَا یَکُوْنُ ذٰلِکَ اِلَّا نَدْرَةً وفِی النَدْرَةِ" یعنی یہ بہت کم ہے۔

النَادِر: قا...... مِنَ الْکَلِمِ: کمیاب۔ شاذ و مخالف قیاس ...... مِنَ الْجَبَلِ: پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔

النَادِرَة. النَادِر: کا مؤنث۔ ج نَوَادِر.

نَوَادِرُ الکَلَامِ: عجیب کلام۔ شاذ۔ فصیح وعمدہ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَادِرَةُ الزَّمَانِ" وہ یکتائے زمانہ ہے۔

النَدَرَیٰ: نادر کمیاب اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "لَقِیْتُهُ نَدَرَیٰ وفِیْ نَدَرَیٰ والنَدَرَیٰ وفِی النَدَرَیٰ" یعنی میں نے اس سے گاہے ماہے ملاقات کی۔

الاَنْدَر: گیہوں کا کھلیان۔ کھلیان۔ ج اَنَادِر.

الاَنْدَرِیُّ: موٹی سی۔

نَدَسَهُ (ن) نَدْسًا بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ ...... هُ بِکَلِمَةٍ: کسی کے متعلق کوئی کلمہ کہہ دینا۔ نَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا ...... هُ عَنِ الطَّرِیْقِ: راستے سے ہٹانا ...... عَلَیْهِ الظَّنَّ: بدگمانی کرنا ...... الْاَرْضَ بِرِجْلِهٖ: زمین پر پاؤں پٹکنا۔

نَدِسَ (س) نَدَسًا الْغُلَامُ: سمجھدار وزیرک ہونا۔ صفت نَدُسٌ ونَدِسٌ ونَدْسٌ.

نَادَسَهُ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

تَنَدَّسَ: گر پڑنا۔ بچھڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَدَسَ بِهِ الْاَرْضَ فَتَنَدَّسَ" اس نے اس کو زمین پر پٹک دیا اور وہ گر گیا ...... مَاءُ الْبِئْرِ: کنوئیں کے پانی کا بہنا ...... الرَّجُلُ الْاَخْبَارَ وعَنِ الْاَخْبَارِ: خبروں کی جستجو کرنا تاکہ دوسروں سے مخفی خبر معلوم ہو جائے۔

تَنَادَسَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا۔

النَدُس: مص۔ پست آواز۔ پست آواز کو تیز سننے والا۔ سمجھدار۔

النَدَس: سمجھ وزیرکی۔

رِمَاحٌ نَوَادِس: لگنے والے نیزے۔ زخم کرنے والے نیزے۔

المِنْدَاس مِنَ النِّسَاءِ: ہلکی پھلکی سمجھدار عورت۔

المَنْدُوْسَة: کبریلا۔

نَدَشَ (ض) نَدْشًا ونَدَشًا عَنِ الشَّیْءِ: کھود کرید کرنا ...... الْقُطْنَ: روئی دھننا۔

نَدَصَ (ن) نَدْصًا ونَدُوْصًا الشَّیْءُ مِنَ الشَّیْءِ: نکل جانا ...... الرَّجُلُ: جلدی سے نکلنا ...... عَلَی الْقَوْمِ: مکروہ چیز کے ساتھ ظاہر ہونا ...... الْقَوْمَ: لوگوں کے ساتھ شرارت کرنا (...... نُدُوْصًا) عَیْنُهُ: گلا گھونٹے ہوئے کی مانند آنکھیں باہر کو نکل پڑنا۔

نَدِصَتْ (س) نَدَصًا الْبَثْرَةُ: پھنسی سے دبانے کی وجہ سے خون نکلنا۔

اَنْدَصَ واسْتَنْدَصَ حَقَّهُ مِنْ فُلَانٍ: حق وصول کرنا۔ حاصل کرنا۔

المِنْدَاص: قوم کے ساتھ ہمیشہ بدی و

شرارت کرنے والا۔ ج مَتَابِذِیص.
اِمرَأَةٌ مِنداصٌ ونَدَصَةٌ: بے وقوف بد زبان عورت۔ خفیف العقل عورت۔
نَدَغَهُ (ف) نَدغًا: اُنگلی چبھونا......هُ بالرُّمحِ او الكَلامِ: نیزہ مارنا۔ بُرا کہنا ......الرَّجُلُ: غمگین کرنا۔ نَدَغَتهُ العَقرَبُ: بچھو کا ڈسنا۔
نُدِغَ الصَّبِيُّ: گدگدایا جانا۔
نَدَّغَ العَجِینَ: گوندھے ہوئے آٹے پر خشک آٹا ڈالنا۔
نَادَغَهُ: باہم عشق بازی کرنا۔
اَندَغَ بِهِ: بُرا سلوک کرنا۔
اِنتَدَغَ: آہستہ ہنسنا۔
النَّدغ والنِّدغ: جنگلی صعتر. النَّدغ: شہد۔
النُّدغة والمِندَغة: ناخن کی جڑ کی سفیدی۔
المِندَغ: تیز باز۔ کلام سے تکلیف پہنچانے والا۔
نَدَفَ (ض) نَدفًا القُطنَ: روئی دھننا۔ ......بالعُودِ او المِزهَرِ: بربط یا سارنگی بجانا ......الطَّعَامَ: کھانا......الدابَّةَ: چوپایہ کو تیز ہانکنا۔ تَندَفتِ السَّمَاءُ بالثَّلجِ: آسمان کا برف برسانا۔
نَدَفَتْ (ض) نَدفًا ونَدِیفًا ونَدَفانًا الدابَّةُ: رفتار میں تیزی سے دونوں اگلی ٹانگوں کو پھرانا۔
اَندَفَ: بربط کی آواز کی طرف مائل ہونا۔ الدابَّةَ: چوپایہ کو تیز ہانکنا......الكَلبَ: کتے کو چلانا۔
نَدَّفَ تَندِیفًا القُطنَ: روئی دھنتا۔
النُّدفة: تھوڑا سا دودھ۔
النَّدَّاف: دھنیا۔ بربط نواز۔ بہت کھانے والا۔
النِّدَافَة: روئی دھننے کا پیشہ۔
النَّدِیف مِنَ القُطنِ: دھنی ہوئی روئی۔
المِندَف والمِندَفة: روئی دھننے کی کمان۔
نَدَلَ (ن) نَدلًا الشَّيءَ: جلدی سے اُچک لینا۔ منتقل کرنا......الدَّلوَ مِنَ البِئرِ: کنوئیں سے ڈھول کھینچنا...... بِسَلحِهِ: پاخانہ کرنا۔
نَدِلَتْ (س) نَدَلًا یَدُهُ: ہاتھ کا میلا کچیلا ہونا۔
تَنَدَّلَ وتَمَندَلَ بِالمِندِیلِ: رومال سے پونچھنا۔ سر پر رومال لپیٹنا۔
اِنتَدَلَ المَالَ: برداشت کرنا۔
النَّدَل: مص۔ میل کچیل۔
النُّدُل: کھانا کھلانے والے خدام۔
المَندَل: چرمی موزہ۔ عود۔ ج مَنَادِل.
المِندَل والمِندِیل والمَندِیل: رومال۔ ج مَنَادِل ومَنَادِیل. المِندَل: اُچک لینے والا۔ وہ شخص جو دونوں ہاتھوں سے چلو لے۔
النَّودَل: پستان۔
نَدِمَ (س) نَدَمًا ونَدَامَةً وتَنَدَّمَ عَلَى مَا فَعَلَ: پشیمان کرنا۔
اَندَمَهُ: پشیمان کرنا۔
نَادَمَهُ نِدَامًا ومُنَادَمَةً عَلَى الشَّرَابِ: ہم نشین ہونا۔
تَنَادَمَ القَومُ عَلَى الشَّرَابِ: ہم نشینی کرنا۔
اِنتَدَمَ الأَمرُ: آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "خُذمَا انتَدَمَ" لو جو آسان ہو۔
النَّادِم: پشیمان۔ شرمندہ۔ ج نَادِمُون ونُدَّام.
النَّدمَان: پشیمان و شرمندہ۔ ج نَدَامَی ونَدمَان (مثل مفرد) مؤنث نَدمَانَة ونَدمَی. النَّدمَان: مجلس شراب کا ہم نشین۔
النَّدِم: تیز طبیعت۔ زیرک۔
النَّدَم: مص۔ نشان۔
النَّدِیم والنَّدِیمَة: مجلس شراب کا ساتھی۔ رفیق وساتھی۔ ج نِدَام ونُدَمَاء ونَدمَان.
المَندَم: پشیمانی۔
المَندَمَة: باعث پشیمانی۔
نَدَهَ (ف) نَدهًا الرَّجُلَ: آواز دینا......الرَّجُلَ: ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا۔
الإِبلَ: اکٹھا ہانکنا۔
اِنتَدَهَ واستَندَهَ الأَمرُ: درست ہونا۔
النَّدهَة والنُّدهَة: بہت سونا۔ النُّدهَة: آواز۔ النَّوَادِه: دھمکیاں۔
نَدَا یَندُو نَدوًا القَومُ: جمع ہونا اور مجلس میں حاضر ہونا...... القَومَ: مجلس میں جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَندُوهُم النَّادِي" مجلس میں ان کے لئے گنجائش نہیں......الرَّجُلُ: بخشش کرنا۔ جدا ہونا...... الشَّيءُ: متفرق ہونا۔
نَدِيَ یَندَی نَدًی ونَدَاوَةً ونُدُوَّةً الشَّيءُ: تر ہونا......الأَرضُ: تری پہنچنا...... الصَّوتُ: دور کی ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا نَدِیتُ بِشَيءٍ مِن فُلَانٍ": میں نے فلاں سے کچھ حاصل نہیں کیا۔ و "رَمَیتُ بَصَرِي فَلَم یَندَلِي شَيءٌ" میں نے نگاہ ڈالی میرے لئے کوئی چیز متحرک نہیں ہوئی "وَمَا نَدِیَنِي مِن فُلَانٍ شَيءٌ أَكرَهُهُ" فلاں سے مجھ کو ایسی چیز نہیں پہنچی جس کو میں ناپسند کرتا ہوں و "لَم یَندَ مِنهُم نَادٍ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا۔
نَدَّی تَندِیَةً الشَّيءَ: تر کرنا......الفَرَسَ: گھوڑے کو پلانا۔ پسینہ آنے تک دوڑانا۔
نَادَی مُنَادَاةً ونِدَاءً الرَّجُلَ وبِالرَّجُلِ: پکارنا...... فُلَانًا: مجلس میں ہم نشین ہونا۔ مفاخرت کرنا۔ نَادَی بِسِرِّهِ: بھید ظاہر کرنا...... الشَّيءَ: دیکھنا اور جاننا...... فُلَانًا: مشورہ کرنا...... النَّبتُ: نباتات کا ظاہر ہونا اور گنجان ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَادَی الطَّرِیقُ لِفُلَانٍ وَنَادَاهُ" یعنی فلاں کے لئے راستہ ظاہر ہو گیا۔
اَندَی اِندَاءً الرَّجُلُ: بہت داد و دہش والا ہونا۔ سخی ہونا۔ صاحب فضل ہونا......الشَّيءَ: تر کرنا...... الكَلامُ: بدانجامی کے خوف سے کہنے والے یا سننے والے کو پسینہ لانا۔
تَنَدَّی الرَّجُلُ: سخی ہونا۔ مہربان ہونا۔ سیراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ حَتَّى تَنَدَّی" اس نے پیا یہاں تک کہ سیراب ہو گیا...... المَكَانُ: گیلا ہونا۔

تَنَادَى الْقَومُ: ایک دوسرے کو پکارنا۔ (وانْتَدَى) الْقَوْمُ: مجلس میں جمع ہونا۔ وانْتَدَى الرَّجُلُ: مجلس میں حاضر ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا انْتَدَيْتُ مِنْهُ شَيْئًا" میں نے اس سے کوئی خیر حاصل نہیں کی۔

النَّدَى: مص۔ بارش۔ سبز گھاس۔ شبنم۔ تری۔ بخور کے مانند ایک چیز جس سے خوشبودار کرتے ہیں۔ انتہا۔ بخشش۔ فضل و خیر۔ چربی۔ ج اَنْدَاء واَنْدِيَة.

النِّدَاء والنُّدَاء: پکار۔ آواز۔

النَّدْوَة: اسم مرۃ۔ جماعت۔ مجلس۔ دارُ النَّدْوَة: مجلس مشورہ النَّدْوَة: بخشش۔ مشورہ۔

النُّدْوَة: اونٹوں کے پانی پینے کی جگہ۔

النَّدِيُّ والنَّدِئ: گیلا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَدِيُّ الْكَفِّ ونَدِيُّ الْكَفِّ" فلاں فیاض و سخی ہے مؤنث نَدِيَةٌ ونَدِيَّةٌ. النَّدِى: مجلس اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَدِيُّ الصَّوْت" وہ بلند آواز ہے۔

النَّدْيَان: گیلا۔

النَّادِي: فا۔ مجلس جب تک کہ لوگ اس میں موجود ہیں۔ ج اَنْدِيَة و نَوَادٍ و جج اَنْدِيَات.

النَّادِيَة. النَّادِي کا مؤنث ج نَادِيَات ونَوَادٍ ونَادِيَاتُ الشَّئْ: چیز کے اوائل۔ ونَوَادِي الدَّهْر: حوادثِ زمانہ۔

النَّوَادِي: گوشے۔ متفرق اونٹنیاں نَخْلٌ نَادِيَةٌ: پانی سے دور کھجور کے درخت۔

الاَنْدَى: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَنْدَى مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے زیادہ فیاض ہے "وَهُوَ اَنْدَى صَوْتًا مِنْهُ" وہ اس سے زیادہ بلند آواز ہے۔

التَّادِي: مص يَوْمُ التَّنَادِ: یوم قیامت۔

التَّنْدِيَة: مص تَنْدِيَةُ الْخَيْلِ: گھوڑوں کو چھریرا بنانا اور دوڑانا یہاں تک کہ پسینہ آ جائے اور ڈھیلا پن جاتا رہے۔

الْمُنَدَّى: گھوڑوں کو چھریرا بنانے اور دوڑانے کی جگہ۔

الْمُنْدِيَة: ایسا کلمہ جو حیا کی وجہ سے پیشانی کو پسینہ آلود کر دے۔ ج مُنْدِيَات.

الْمُنْتَدَى: مجلس۔

نَدَّ (ن) تَنْدِيدًا: رینٹ یا کھنکھار نکلنا۔ پیشاب کرنا۔

النَّدِيد: مص۔ رینٹ۔ کھنکھار۔ تھوک۔

نَدَخَ (ف) نَدْخًا واَنْدَخَ الْبَعِيرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔

النَّوْدَخ: بزدل۔

نَذَرَ (ن ض) نَذْرًا و نُذُورًا: نذر ماننا۔ غیر واجب کو اپنے اوپر واجب کرنا جیسے کہا جاتا ہے "نَذَرَ مَالَهُ" و "نَذَرَ عَلٰى نَفْسِهِ لِلّٰهِ مِنَ الْمَالِ كَذَا". ونَذَرَ الْجَيْشُ فُلَانًا: فوج کا کسی کو دیدبان بنانا۔ الْاَبُ الْوَلَدَ: خادم کلیسا بنانا۔

نَذِرَ (س) نَذَرًا بِه: جاننا اور چوکنا ہونا اور تیاری کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَذِرُوْا بِالْعَدُوِّ" وہ دشمن سے واقف ہو کر چوکنا ہو گئے۔

اَنْذَرَهُ بِالْاَمْرِ اِنْذَارًا ونَذِيْرًا ونَذْرًا ونُذُرًا ونُذْرًا: جتلانا اور انجام سے ڈرانا۔ (چار آخر کے مصدر غیر قیاسی ہیں)

تَنَاذَرَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو ڈرانا۔ تَنَاذَرُوا الْعَدُوَّ: دشمن سے ایک دوسرے کو خوف دلانا۔

اِنْتَذَرَ عَلٰى نَفْسِهِ كَذَا: واجب کرنا۔

اَلنَّذْر: مص۔ تاوانِ زخم۔ کہا جاتا ہے "قَضٰى بِالنَّذْرِ" اس نے تاوانِ زخم ادا کیا۔ ہر وہ چیز جو اللہ کے لئے مانی جائے۔ ج نُذُور.

النُّذْرٰى والنُّذْر والنِّذَارَة: ڈرانا۔

النَّاذِر: فا "فُلَانٌ نَاذِرٌ اِلَيَّ بِعَيْنِهِ ومُنْذِرٌ" فلاں میری طرف تیز نظر سے گھور رہا ہے۔

النَّذِير: مص۔ اسم بمعنی انذار۔ ڈرانے والا قاصد۔ بڑھاپا۔ اس لئے کہ قرب موت سے ڈراتا ہے۔ ج نُذُر.

النَّذِيرَة: نذر میں جو دیا جائے۔ دیدبان۔ ڈرانا۔ ج نَذَائِر.

الْمُنْذِر: فا۔ ڈرانے والا۔ ابُو الْمُنْذِر: مرغ کی کنیت۔

اِبْنُ الْمُنْذِر: حیرہ کے ایک بادشاہ کی کنیت جس کا نام نعمان تھا۔

الْمَنَاذِرَة: شاہانِ حیرہ۔

الْمُتَنَاذِر: فا۔ شیر۔

نَذَعَ (ف) نَذْعًا الْمَاءُ او الْعَرَقُ: پانی ٹپکنا۔ پسینہ نکلنا۔

النِّذْعَة: پانی وغیرہ کا قطرہ۔

نَذُلَ (ک) نَذَالَة ونُذُوْلَةً: خسیس وحقیر ہونا۔ دین یا حسب میں کمتر درجہ کا ہونا۔ صفت نَذْلٌ ج اَنْذَال ونُذُوْل. ونَذِيْل ج نُذَلَاء و نِذَال.

النَّرْجِس والنِّرْجِس: نرگس۔ واحد نَرْجِسَة (دخیل)

النَّارَجِيْل والنَّارِجِيْل: ناریل واحد نَارَجِيْلَةٌ اور اسی سے ہے النَّارَجِيْلَة بمعنی گڑگڑی حقہ۔ عوام اَرْكِيْلَة کہتے ہیں۔

النَّرْد: کھجور کے پتوں کا بنا ہوا تھیلا جس کا نچلا حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ایک قسم کا کھیل جس کو اردشیر بن بابک شاہ ایران نے ایجاد کیا تھا۔

النَّرْدِيْن والنَّارَدِيْن: ایک خوشبودار پودہ۔ سنبل رومی۔

النَّرَنْج والنَّارَنْج: لیموں۔

نَزَّ (ض) نَزًّا ونَزِيْزًا واَنَزَّ الْمَكَانُ: بہت چشموں والی جگہ ہونا۔ کثرت سے پانی رسنے والی جگہ ہونا۔ کثرت سے سوتا ہونا۔ نَزَّ الْوَتَرُ: تیر پھینکتے وقت تانت کا حرکت کرنا۔ نَزَّ فُلَانٌ عَنِّي: دور ہونا اور اکیلا ہونا (…… نَزِيْزًا) الظَّبْيُ: ہرن کا دوڑنا۔ آواز نکالنا۔ اَنَزَّ الشَّئُ: سخت ہونا۔

نَزَّزَ فُلَانًا عَنْ كَذَا: پاک کرنا۔ دور کرنا۔

نَزَّزَتِ الظَّبْيَةُ وَلَدَهَا: پرورش کرنا۔

نَازَّهُ مُنَازَّةً: خطاب میں باہم مقابلہ کرنا۔

النِّزُّ والنَّزُّ: زمین سے رس کر بہنے والا پانی۔

سوتا۔ ج نُزُوز. النَّزُّ والنِزُّ: خوش طبع۔ تیز فہم۔ جو ایک جگہ قرار سے نہ رہے اور کہا جاتا ہے مَکَانٌ نَزٌّ رس کر پانی بہنے کی جگہ و "رَجُلٌ نِــزُّ شَــرٍّ" بُرائی کے ساتھ لازم رہنے والا مرد۔

النَّزَّةُ: اسم مرۃ۔ زبردست خواہش۔

اَرْضٌ نَــزَّةٌ: رس کر پانی بہنے کی زمین۔ نَاقَةٌ نَزَّةٌ: سبک اونٹنی۔

النِزَاز: جھگڑا کرنا۔ مقابلہ کے طور پر کسی چیز کی رغبت کرنا۔ باہم چمٹنا اور کہا جاتا ہے "هُــوَ نِــزَازُ شَــرٍّ" وہ برائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔

النَّزَّاز: اسم مبالغہ۔

النَــزِيــز: مص۔ ہلکا پھلکا۔ کثیر الحرکت خوش طبع۔ خواہش مند۔ کہا جاتا ہے "هُــوَ نَــزِيــزُ شَــــرٍّ" وہ بُرائی کے ساتھ لازم رہنے والا ہے۔

المِنَزّ: بہت حرکت کرنے والا۔ گہوارہ۔ کہا جاتا ہے "الصَّبِیُّ فِی الْمِنَزِّ" بچہ گہوارے میں ہے۔

نَزَأَ (ف) نَــزْءً او نُــزُوْءً ا بَیْــنَ الْقَــوْمِ: برانگیختہ کرنا اور فساد ڈالنا (...... نَــزَأَ) عَلٰی فُلَانٍ: حملہ کرنا...... فُلَانًــا عَلَیْــهِ: اکسانا' برانگیختہ کرنا...... هٗ عَــنْ کَــذَا: رد کرنا۔ ہٹا دینا۔

نُزِیَٔ بِکَذَا: شیفتہ ہونا۔ صفت مفعولی مَنْزُوْءٌ بِه.

رَجُلٌ نَزَّاءٌ: بہت شیفتہ و فریفتہ۔

النَزِیُّ: چھوٹی مشک۔

نَــزَبَ (ض) نَــزْبًــا و نُــزَابًــا و نَــزِیْبًــا. الظَّبْیُ: ہرن کا آواز نکالنا۔

تَــنَازَبُوْا بِالْاَلْقَابِ: ایک دوسرے کو بُرا لقب دینا۔

النَّزْب: لقب۔ ج اَنْزَاب.

النَیْزَب: نر ہرن۔ بیل۔

نَزَجَ (ن) نَزْجًا الْغُلَامَ: لڑکے کا ناچنا۔

نَزَحَ (ف) نَزْحًا و نُزُوْحًا: دور ہونا۔

نَــزَحَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں میں بہت کم پانی ہونا یا ختم ہونا۔ صفت نَــازِح و نَــزُوْح و نَزُح: کہا جاتا ہے "مَــاءٌ لَا یَنْــزَحُ" پانی جو ختم نہ ہو (...... و اَنْزَحَ) الْبِئْرَ: پانی نکالنا یہاں تک کہ بہت کم ہو جائے یا ختم ہو جائے۔

الْقَوْمُ: کم پانی کے کنوئیں والے ہونا۔

نُــزِحَ بِفُلَانٍ: اپنے وطن سے بہت دور چلا جانا۔

اِنْتَزَحَ عَنْ دِیَارِهٖ: اپنے وطن سے دور ہونا۔

تَنَازَحَ: دور ہونا۔

النَّزَح: گدلا پانی۔ کنواں جس کا زیادہ یا تمام پانی نکال دیا گیا ہو۔ ج اَنْزَاح.

النَازِح والنَزِیْح والنَزُوْح: دور۔

الْمُنْتَزَح: دوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِمُنْتَزَحٍ مِنْ کَذَا" وہ اس سے دوری پر ہے۔

قَوْمٌ مَنَازِیْحُ: اپنے وطن سے دور لوگ۔

المِنْزَحَة: ڈول یا اس کے مانند کوئی چیز جس سے پانی نکالیں۔ ج مَنَازِح.

نَــزَرَهٗ (ن) نَــزْرًا: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔ جلدی کرنا۔ نَــزَرَ الشَّیْءَ: کم سمجھنا...... فُلَانًــا: حکم دینا۔ حقیر سمجھنا۔ کسی کے پاس جو کچھ ہو اس کو تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا ...... الشَّرَابُ فُلَانًا: مست کر دینا۔

نَزُرَ (ک) نَــزْرًا و نُــزْرَةً و نَزَارًا و نَزَارَةً و نُزُوْرَةً: کم ہونا (...... نَــزَارَةً) الرَّجُلُ: بے برکت ہونا...... النَّاقَةُ: کم دودھ والی ہونا۔

نَزَّرَ و اَنْزَرَ. الْعَطَاءَ: کم دینا۔

تَــنَزَّرَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔ تَــنَزَّرَ مِنَ الشَّیْءِ: کم لینا۔

النَــزْر والنَزِیْر: بہت کم۔ نَــزِیْر کی جمع نُزُر

رَجُــلٌ نَــزْرٌ: بے برکت مرد۔ النَــزْر: اونٹنی کے تھن کا ورم اور کہا جاتا ہے "مَــا جِــئْــتَ اِلَّا نَزْرًا" تم بہت تاخیر سے آئے۔

النَــزِرَة والنَّزُوْر. مِنَ النِّسَاءِ: کم بچہ یا کم دودھ والی عورت۔ النَــزُوْر: کم بولنے والا۔ ہر تھوڑی چیز۔ ج نُزُر.

الْمَــنْزُوْر: بہت کم اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ عَطَاءً مَنْزُوْرًا" اس نے اس کو ایسا عطیہ دیا جس میں بہت اصرار کرنا پڑا "وعَطَاءً غَیْرَ مَنْزُوْرٍ" اور ایسا عطیہ جس میں اصرار نہ کرنا پڑے۔

نَزَعَ (ض) نَــزْعًا الشَّیْءَ مِنْ مَکَانِهٖ: اکھیڑنا ...... الْاَمِیْــرُ الْــعَامِلَ: معزول کرنا...... بِــالسَّهْمِ: تیر پھینکنا...... فِــی الْقَوْسِ: کمان کھینچنا...... عَنِ الْقَوْسِ: کمان سے پھینکنا...... الــدَّلْوَ و بِــالــدَّلْوِ: کھینچنا۔ ڈول نکالنا...... یَــدَهٗ: گریبان سے نکالنا...... الشَّــمْــسُ: آفتاب کا مغرب کی طرف جانا ...... الْمَرِیْضُ: بیمار کا قریب الموت ہونا۔

نَزَعَ (ض) نُــزُوْعًــا عَنْ کَذَا: رکنا۔ باز رہنا...... الْوَلَدُ اَبَاهُ و اِلٰی اَبِیْهِ: مشابہ ہونا۔

نَزَعَ (ف) نَــزْعًا مَــعْنًی جَیِّدًا: عمدہ معنی نکالنا۔

نَــزَعَ (ف) نِــزَاعًــا و نُــزُوْعًــا اِلٰــی اَهْــلِــهٖ: مشتاق ہونا (...... نِــزَاعًــا) اِلَی الشَّــیْءِ: جانا۔ کہا جاتا ہے "لَــهٗ نَزْعَةٌ اِلٰی کَذَا" اس کو فلاں چیز کی طرف میلان ہے ...... بِفُلَانٍ اِلٰی کَذَا: بلانا۔ دعوت دینا۔

نَزِعَ (س) نَزَعًا: کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔ صفت اَنْــزَع: مؤنث نَــزْعَاءُ (مگر یہ مستعمل نہیں بلکہ اَنْزَع کی مؤنث زَعْرَاءُ ہے)

نَازَعَ نِزَاعًا الْمَرِیْضُ: بیمار کا قریب الموت ہونا۔ نَــازَعَــه نِزَاعًا و مُنَازَعَةً: جھگڑا کرنا۔

نَازَعَهُ الثَّوْبَ: کپڑے سے کھینچنا اور اسی سے ہے "اَرْضِــیْ تَــنَــازِعُ اَرْضَکُمْ" یعنی میری زمین تمہاری زمین سے متصل ہے۔ نَــازَعَ اِلٰــی اَهْــلِــهٖ: مشتاق ہونا...... فُلَانًا: مصافحہ کرنا...... الْکَاسَ: پیالہ دینا۔

نَزَّعَ الشَّیْءَ مِنْ مَکَانِهٖ: اکھیڑنا۔

اَنْزَعَ الرَّجُلُ: کنپٹیوں پر سے گنجا ہونا۔

تَنَزَّعَ اِلَیْهِ: دوڑ کر جانا۔

تَــنَــازَعَ الْقَوْمُ: اختلاف کرنا۔ تَــنَــازَعُوْا الشَّیْءَ: باہم کھینچنا...... الْکَاسَ: پیالہ دینا ...... فِی الشَّیْءِ: جھگڑا کرنا۔

اِنتَزَعَ الشَّيْ : اُکھڑنا۔۔۔۔۔عَنِ الشَّيْ : اُکھڑ جانا۔ رکنا۔ باز رہنا۔ اِنتَزَعَ بِالشِّعْرِ اَوِ الآيَةِ: شعر یا آیت کو بطور شاہد و مثال کے پیش کرنا اور کوئی شخص عمدہ معنی پیش کرے تو کہا جاتا ہے "قَدِ انتَزَعَ مَعْنًى جَيِّدًا".

اِسْتَنْزَعَهُ عَنِ الشَّيْ : رُک جانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "رَآهُ مُكِبًّا عَلَى الشَّرِّ فَاسْتَنْزَعَهُ" اس نے اس کو بُرائی میں منہمک دیکھا تو اس سے باز رہنے کو کہا۔

النَّزْع والنِّزَاعُ والمُنَازَعَة ونَزْعُ الحيٰوة: قریب موت کی حالت۔

النِّزَاع النَّزَاعَة والمُنَازَعَة: جھگڑا خصومت۔

النَّزَعَة. نَازِع : کی جمع۔ تیر پھینکنے والے اور عرب کے امثال میں سے ہے "عَادَ السَّهْمُ اِلَى النَّزَعَةِ" یعنی حق، حق دار کو مل گیا۔

النَّزَعَة: کنپٹیوں پر بال جھڑ جانے کی جگہ۔ ج نَزَعَات. النَّزَعَة: پہاڑی راستہ۔

النَّازِع : فا۔ مسافر۔ ج نَزَعَةٌ ونُزَّاعٌ ونُزَّعٌ: مؤنث نَازِعَةٌ. ج نَوَازِع ونَازِعَات کہا جاتا ہے "شَاةٌ نَازِع" یعنی وہ بکری جو بکرے کی طالب ہو۔

النَّزِيْع : مسافر۔ دور۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ نَزِيْعٌ" دور کی جگہ۔ کم گہرا کنواں۔ وطن کا مشتاق۔ لونڈی بچہ۔ شریف اور ایسا ہی "فَرَسٌ نَزِيْعٌ" اصیل گھوڑا۔ ج نُزَّاع.

نُزَّاعُ الْقَبَائِلِ : اجنبی لوگ جو دوسرے قبائل کے پڑوس میں رہیں۔ النَّزِيْعُ: اکھیڑا ہوا۔

ثَمَرٌ نَزِيْعٌ: توڑا ہوا پھل۔ مؤنث نَزِيْعَةٌ ج نَزَائِع.

النَّزِيْعَة مِنَ النِّسَاءِ: عورت جس کی شادی دوسری قوم میں کی گئی ہو۔ وہ عورت جو اپنے وطن کی مشتاق ہو۔۔۔۔۔مِنَ النَّجَائِب : وہ اصیل اونٹنیاں جو دوسرے ملک میں لے جائی گئی ہوں ج نَزَائِع. النَّزَائِع: چرائی ہوا۔۔۔۔۔مِنَ الاِبِلِ والخَيْلِ : مسافروں سے چھینے ہوئے اونٹ یا گھوڑے۔

النَّزُوْع :وطن کا مشتاق۔ بِئْر نَزُوْع : کم گہرا کنواں۔ فَلَاةٌ نَزُوْعٌ : دور کا بیابان۔ ج نُزُع ونِزَاع.

النُّزَاعَة: ہاتھ سے اُکھیڑ کر پھینکی ہوئی چیز۔

الاَنْزَع: کنپٹیوں سے گنجا۔ مؤنث نَزْعَاء.

المَنْزَع: کھینچنے کی جگہ۔ ج مَنَازِع.

المِنْزَع: سخت کھینچنے والا۔ دور پھینکا ہوا تیر۔

المِنْزَعَة: جھگڑا۔ شہد اٹھانے کی چوڑی لکڑی۔

المَنْزَعَة والمَنْزِعَة : ہمت۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ بَعِيْدُ الْمَنْزَعَةِ : فلاں بڑی ہمت والا ہے۔ انجام کار و تدبیر کہ جس کی طرف آدمی رجوع کرے اور کہا جاتا ہے "شَرَابٌ طَيِّبُ الْمَنْزَعَةِ" لذیذ شراب۔

نَزَغَهُ (ف) نَزْغًا: انگلی چبھونا یا نیزہ مارنا۔ تھوڑی سی حرکت دینا۔ عیب لگانا۔ غیبت کرنا۔۔۔۔۔هُ بِكَلِمَةٍ: طعن و تشنیع کرنا۔

نَزَغَ (ف ض) نَزْغًا بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا اور کہا جاتا ہے "نَزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنَهُمْ" "شیطان نے بعض پر بعض کو ورغلا دیا" و "نَزَغَهُ الشَّيْطَانُ اِلَى المَعَاصِيْ" شیطان نے اس کو گناہوں پر اُکسا دیا۔

النَّزْغ: مص۔ اُکسانے والا کلام۔ نَزْغُ الشَّيْطَانِ: شیطانی وسوسے۔ وہ چیزیں جن سے انسان گناہوں میں آلودہ ہو جائے۔

النَّزْغَة. نَزَغَ : کا اسم مرۃ۔ طعن و تشنیع۔ ج نَزَغَات.

النَّزَّاغ والمِنْزَغ والمِنْزَغَة: قوم کے درمیان فساد ڈالنے والا۔

النَّازِغَة. نَازِغ : کا مؤنث۔ ج نَوَازِغ

النَّوَازِغ. : فساد ڈالنے والیاں۔

النَّزِيْغَة: بُرا کلمہ۔

نَزَفَ (ض) نَزْفًا. مَاءَ الْبِئْرِ: کنوئیں سے سارا پانی نکال ڈالنا۔۔۔۔۔البِئْرُ: کنوئیں کا پانی نکالا جانا۔۔۔۔۔دَمَ فُلَانٍ: پچھنا یا فصد سے خون نکالنا۔۔۔۔۔عَبْرَتَهُ: آنسو ختم کرنا۔۔۔۔۔الدَّمُ فُلَانًا: بہت خون نکل جانا۔

نُزِفَ مَاءُ الْبِئْرِ: کنوئیں سے سارا پانی نکالا جانا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: بے عقل ہونا یا بدمست ہونا۔۔۔۔۔فِي الْخُصُوْمَةِ: حجت و دلیل سے خاموش ہو جانا۔۔۔۔۔ونُزِفَ الرَّجُلُ دَمًا: نکسیر چل کے سارا خون نکل جانا۔

نَزِفَتْ (س) نَزَفًا عَبْرَتُهُ: آنسو خشک ہونا۔

اَنْزَفَ الْبِئْرَ: کنوئیں سے سارا پانی نکال لینا۔

العَبَرَاتِ : آنسو ختم کر دینا۔ اَنْزَفَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں سے سارا پانی نکل جانا۔ اَنْزَفَ الرَّجُلُ: نادار ہونا۔ بدمست ہونا۔ بے عقل ہونا۔ جھگڑے میں حجت منقطع ہونا۔

اِسْتَنْزَفَ. الدَّمْعَ او الْمَاءَ: سب نکال لینا۔

النَّزْف: مص۔ نَزْفُ الدَّمِ: خون کا بہنا۔

النُّزْف : کنوئیں کا پانی نکالنا۔ بہت خون نکل جانے سے کمزوری۔

النَّازِف : فا۔ عِرْقٌ نَازِفٌ : رگ جس سے خون جاری نہ ہو۔ ج نُزَّف.

النُّزْفَة: تھوڑا سا پانی وغیرہ۔ ج نُزَف.

النَّزُوْف : کنواں جس کا سارا پانی ہاتھ سے نکال لیا گیا ہو۔

نَزَافِ: اسم فعل بمعنی اَمر۔ کہا جاتا ہے "نَزَافِ مَاءَ الْبِئْرِ" یعنی کنوئیں کا سارا پانی نکال لو۔

النَّزِيْف والنَّزُوْف : کثرت سے خون نکل جانے کی وجہ سے کمزور۔ پیاس سے خشک زبان والا۔ النَّزِيْف: بدمست۔ بخار زدہ۔

بِئْرٌ نَزِيْفٌ: کم پانی والا کنواں۔

المَنْزُوْف: بے عقل۔

المِنْزَفَة: جس سے پانی نکالا جائے۔ ڈھیکلی۔

نَزِقَ (س) نَزَقًا ونُزُوْقًا الرَّجُلُ : غصہ کی وجہ سے خفیف العقل ہونا۔ طیش میں آنا۔ صفت نَزِقٌ: مؤنث نَزِقَةٌ (۔۔۔۔۔نَزَقًا) الاِنَاءُ: برتن کا لبالب ہونا۔

نَزِقَ (س) ونَزَقَ (ض ن) نَزْقًا ونُزُوْقًا الفَرَسُ: گھوڑے کا کودنا۔ اچھلنا۔

نَزَقَ (ض) نَزْقًا الْاِنَاءَ: برتن کو لبالب کرنا۔
نَغَّصَ وأَنْغَصَ اللّٰهُ عَلَيْهِ العَيْشَ ونَغَّصَ عَيْشَهٗ: زندگی مکدر کر دینا۔ ونَغَّصَ فُلانًا: زندگی مکدر کر دینا۔ أنْغَصَ فُلانًا رَعِيَّةً: کسی کے جانوروں کو چرنے سے روک دینا۔
نُغِّصَ تَنْغِيصًا: خوشگواری کامل نہ ہونا۔
تَنَغَّصَ العَيْشُ: مکدر ہونا۔
تَناغَصَتِ الإبِلُ: ہجوم کرنا۔
النُّغْصَة: مراد پوری کرنے سے مانع ج نُغَص۔
نَغَضَ (ن ض) نَغْضًا ونُغُوضًا ونَغَضانًا: کپکپی کے ساتھ ہلنا اور بے قرار ہونا۔ نَغَضُوا إلى العَدُوِّ: مقابلے کے لئے اٹھنا ...... الشَّيْءُ وبالشَّيْءِ: ہلانا۔ نَغَضَ نَغْضًا الشَّيْءُ: بہت ہونا ...... السَّحابُ: گھٹا ٹوپ بادل چڑھنا۔
نَغَضَ الشَّيْءَ: ہلانا۔
أنْغَضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ رَأْسَهٗ: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا۔
تَنَغَّضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔
النَّغْض: مص۔ سر ہلانے والا۔ چلنے میں کانپنے والا۔
النَّاغِض: فا۔ ج نُغَّض۔ النَّاغِضُ مِنَ الإنْسانِ: گردن کی جڑ جہاں سے سر کی حرکت ہوتی ہے۔ غَيْمٌ ناغِضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے پیچھے چلنے والا بادل (...... والنُّغْض) مِنَ الكَتِفِ: مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی۔
النَّغّاض مِنَ السَّحابِ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل۔ رَجُلٌ نَغّاضُ البَطْنِ: بڑے پیٹ والا جس کے پیٹ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن ہو۔

النَّغُوض: بڑے کوہان والی اونٹنی۔
نَغِفَ (س) نَغَفًا البَعِيرُ: اونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا۔
النَّغَف: مص۔ اونٹ اور بکری کے ناک کے کیڑے۔ واحد نَغَفَة۔ النَّغَف: خشک رینٹ جو ناک سے نکلے۔
نَغَقَ (ف ض) نُغاقًا ونَغِيقًا الغُرابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔
النَّغّاق: بہت کاؤں کاؤں کرنے والا۔
نَغِلَ (س) نَغَلًا الجِلْدُ: کھال کا دباغت میں خراب ہونا ...... الجُرْحُ: فاسد ہونا۔ زخم میں کچھ خرابی باقی رہ جانا۔ نَغِلَتْ نِيَّتُهٗ: نیت بری ہونا۔ نَغِلَ قَلْبُهٗ عَلَيَّ: کینہ رکھنا ...... بَيْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔ چغل خوری کرنا ...... وَجْهُ الأرْضِ: سوکھا پڑنے کی وجہ سے سطح زمین کا خشک ہونا۔
نَغُلَ (ک) نُغولة المولود: نسبت بگڑنا۔
النُّغُلَة اسم مصدر ہے۔
أنْغَلَ الجِلْدَ: دباغت میں خراب کرنا۔ اسم النُّغْلَة۔
النَّغْل: گھوڑے اور گدھی سے پیدا شدہ جانور۔
النَّغَل: مص۔ لوگوں کے درمیان فساد انگیزی۔ چغل خوری۔
النِّغْلَة: چغل خوری۔
النَّغْل والنَّغِل مؤنث نَغْلَة ونَغِلَة والنَّغِيل: بگڑا ہوا۔ حرامی بچہ۔
النَّغِيلَة: ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
نَغَمَ (ض ن) ونَغِمَ (س) نَغْمًا ونَغَمًا وتَنَغَّمَ الرَّجُلُ: گانے میں سر نکالنا۔ نَغَمَ فِي الشَّرابِ: تھوڑا سا پینا اور کہا جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
ناغَمَهٗ مُناغَمَةً: بہت آہستہ گفتگو کرنا۔
النَّغْم والنَّغَم: گانے میں سر۔ ج أنْغام ج
[illegible] النَّغَمُ المُوسِيقِيَّة [illegible]

آہستہ گفتگو۔
النَّغّام: بہت سر نکالنے والا۔
النَّغْمَة والنَّغَمَة۔ نغم کا واحد۔ پڑھنے میں اچھی آواز۔ ج نَغَمات۔
النُّغْمَة: گھونٹ۔ ج نُغَم۔
رَجُلٌ نَغُومٌ: اچھی آواز والا مرد۔
نَغا يَنْغُو نَغْوًا ونَغَى يَنْغِي نَغْيًا وأنْغَى إلَيْهِ: قابل سمجھ بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَكَتَ فُلانٌ فَمَا نَغَى بِحَرْفٍ" فلاں خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
ناغَى الصَّبِيَّ: بچے سے دل پسند بات کرنا۔ المَرْأةَ: عشق بازی کرنا ...... الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔ غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ قریب ہونا ...... المَوْجُ السَّحابَ: موج کا بادل کی طرف اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذا لَجَبَلٌ يُناغِي السَّماءَ" یہ پہاڑ اونچائی کی وجہ سے آسمان کے قریب ہے۔
تَناغَى القَوْمُ: باہم مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
النّاغِيَة: کلمہ۔
النَّغْوَة والنَّغْيَة: سریلی آواز۔ اچھی گفتگو
النَّغْيَةُ: خبر جو ابھی تحقیق نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَغْيَةً مِنْ كَذا" میں نے فلاں چیز کی افواہ سنی ہے۔
نَفَّ (ن) نَفًّا الأرْضَ: بونا۔
نَفَّ (س) نَفًّا السَّوِيقَ: ستو پھانکنا۔
النَّفِيُّ: جس پر ستو چھانا جائے۔ ج النَّفانِيُّ۔
النَّفِيَّة والنُّفْيَة والنُّفَى: کھجور کے پتوں سے بنا ہوا گراں دسترخوان۔
النَّفِيف: اونٹ کے پالان کا تنگ۔
النُّفا: نباتات کے متفرق قطعات۔ چھوٹے باغ یا اکٹھے بعض درخت جو بڑی بڑی گھاس سے بلند ہو گئے ہوں۔ واحد نُفاة۔
نَفَثَتْ (ض) نَفْثًا ونَفَثانًا ونَفِيثًا ونافَثَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا بہت زور سے ابلنا۔ صفت نَفُوث۔ نفث ونافَثَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے پھولنا۔ ونَفَثَ الدَّقِيقُ نَفْثًا:

آٹے کا پانی ڈالنے سے پھولنا۔
السَّفِیْفَۃ: آٹا جس پر پانی یا دودھ ڈالا جائے۔

النَّفْثَالِیْن: (کیمیا) کاربن اور ہیڈروجن سے مرکب ایک سفید بلوری مادہ جس کی ہوا طاقت ور ہوتی ہے رنگ دار چیزوں کے بنانے اور کیڑوں کی مدافعت کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

نَفَثَ (ن ض) نَفْثًا و نَفَثَانًا البُصَاقَ مِنْ فِیْهِ: منہ سے تھوک پھینکنا۔۔۔۔۔الجُرْحُ الدَّمَ: زخم کا خون بہانا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: تھوکنا۔نَفَثَتِ الحَیَّةُ السُّمَّ: سانپ کا زہر نکالنا۔نَفَثَ المَصْدُوْرُ: دردِ سینہ والے کا تھوک کھنکھار وغیرہ پھینکنا۔
القَلَمُ: لکھنا۔۔۔۔۔فُلَانًا: کسی پر جادو کرنا۔کہا جاتا ہے "نَفَثَ اللّٰهُ الشَّیْءَ فِیْ قَلْبِهٖ" اللہ نے اس کے دل میں ڈالا۔ونُفِثَ فِیْ رَوْعِیْ او قَلْبِیْ کَذَا: مجھے فلاں چیز کا الہام ہوا۔"وفُلَانٌ یَنْفُثُ عَلَیَّ غَضَبًا" فلاں مجھ پر غصہ کی وجہ سے طیش میں ہے۔

نَافَثَهٗ مُنَافَثَۃً: چپکے چپکے بات کرنا۔

النَّفْث: مص۔نَفْثُ الشَّیْطَانِ: غزل کے اشعار۔

النَّفْثَۃ نفث: کا اسم مرۃ۔ج نَفَثَات کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ نَفَثَاتِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے اشعار کس قدر اچھے ہیں۔

النُّفَاثَۃ: تھوک وغیرہ جو دردِ سینہ والا پھینکے۔

النَّافِثُ والنَّفَّاث: جادوگر۔مؤنث نَافِثَۃ ونَفَّاثَۃ۔

دَمٌ نَفِیْثٌ: زخم سے بہا ہوا خون۔

المَنْفُوْث: مفع۔رَجُلٌ مَنْفُوْثٌ: جادو کیا ہوا مرد۔

نَفَجَ (ن) نَفْجًا و نَفَجَانًا و نُفُوْجًا الاَرْنَبُ او الیَرْبُوْعُ: خرگوش یا جنگلی چوہے کا دوڑ کر نکل بھاگنا۔نَفَجَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔۔۔۔۔الطَّرِیْقُ بِالْقَوْمِ: راستہ میں قوم کا اچانک ظاہر ہونا۔

نَفَّجَ نَفْجَةَ الاِنْسَانُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا۔۔۔۔۔الفَرُّوْجَةُ: مرغی کے بچے کا انڈے سے نکلنا۔۔۔۔۔الاَرْنَبَ وغَیْرَهَا: خرگوش کو بھڑ کر نکالنا۔۔۔۔۔الشَّیْءَ: بلند کرنا۔۔۔۔۔السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا۔

اَنْفَجَ الاَرْنَبَ: خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا۔۔۔۔۔الحَالِبُ: دوھنے کے وقت برتن کو تھن سے جدا کرنا۔

تَنَفَّجَ وانْتَفَجَ: بلند ہونا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا۔ڈینگ مارنا۔

تَنَفَّجَتِ الرِّیْحُ عَلَی القَوْمِ: غفلت کی حالت میں تیز ہوا کا چلنا۔اِنْتَفَجَ الاَرْنَبُ: خرگوش کا دوڑنا۔کودنا۔کہا جاتا ہے "اِنْتَفَجَتْ مِنْهُ الاَرْنَبُ" "اِنْتَفَجَ الاَرْنَبُ وَغَیْرَهَا" خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا۔

اِسْتَنْفَجَ الشَّیْءَ: نکالنا۔ظاہر کرنا۔کہا جاتا ہے "مَا الَّذِیْ اِسْتَنْفَجَ غَضَبَکَ" یعنی کس چیز نے تمہیں غصہ دلایا۔

النَّافِج: فا۔صَوْتٌ نَافِجٌ: سخت و بلند آواز۔

النَّافِجَۃ النَّافِج: کا مؤنث۔بہت بارش والا۔بادل۔ہوا جو پہلے زور سے چلے۔آخری پسلی۔بیٹی۔اس وجہ سے کہ وہ اپنے مہر سے باپ کے مال کو بڑھاتی ہے۔مشک کا نافہ۔مشک رکھنے کا برتن۔ج نَوَافِج۔

النَّفَّاج: غیر واقعی صفات پر فخر و غرور کرنے والا۔ڈینگ مارنے والا۔

النِّفَاجَۃ: چوبغلا۔

النَّفِیْجَۃ: کمان۔ج نَفَائِج۔

النَّفِیْجُ: اجنبی شخص جو کسی قوم میں شامل ہو اور نہ مصلح ہو نہ مفسد۔ج نُفُج۔

النُّفُج: بوجھل اور سست لوگ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نُفُجُ الحَقِیْبَۃِ" وہ موٹے سرین والا ہے "وامْرَاَۃٌ نُفُجُ الحَقِیْبَۃِ" موٹے سرین والی عورت۔

الاَنْفِجَانِی: قول میں افراط کرنے والا۔

المَنَافِج: چھوٹے تکیہ کے مانند ایک چیز جس سے عورتیں اپنے سرین کو بڑا ظاہر کرتی ہیں۔

بَعِیْرٌ مُنْفَجٌ: کوکھ باہر نکلا ہوا اونٹ۔

المَنْفُوْج: کشادہ پہلوؤں والا اونٹ۔

نَفَحَ (ف) نَفْحًا و نَفَحَانًا و نُفُوْحًا و نُفَاحًا الطِّیْبُ: خوشبو پھیلنا۔نَفَحَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا چلنا۔ابتدائی ہوا کا چلنا۔نَفَحَ العِرْقُ: رگ سے خون نکلنا۔نَفَحَتِ الدَّابَّۃُ الرَّجُلَ: کھر کے کنارے سے مارنا۔نَفَحَ فُلَانًا بِالسَّیْفِ: آہستہ تلوار سے مارنا۔نَفَحَهٗ بِکَذَا: دینا۔نَفَحَ لِمَّتَهٗ: کنگھا کرنا۔۔۔۔۔الشَّیْءَ: دفع کرنا۔ہٹانا۔

نَافَحَهٗ مُنَافَحَۃً: جھگڑا کرنا۔نَافَحَ عَنْ فُلَانٍ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔

اِنْتَفَحَ بِفُلَانٍ: سامنے آنا۔اِنْتَفَحَ اِلٰی مَوْضِعِ کَذَا: واپس آنا۔

النَّفْح: مص۔النَّفْحُ مِنَ الرِّیَاحِ: سردی میں ہوا کا چلنا اور گرمی میں ہوا کے چلنے کو اللَّفْح: کہتے ہیں۔

النَّفْحَۃ نفح: کا اسم مرۃ۔نَفْحَۃُ الدَّمِ: خون کا فوارہ۔نَفْحَۃُ الرِّیْحِ: ہوا کا جھونکا۔نَفْحَۃُ الطِّیْبِ: خوشبو کی بھڑک۔۔۔۔۔مِنَ الاَلْبَانِ: خالص دودھ۔النَّفْحَۃُ: عطیہ۔ج نَفَحَات: کہا جاتا ہے۔نِیَّۃٌ نَفْحٌ: بلند ارادہ۔

النَّفُوْحُ مِنَ النُّوْقِ: اونٹنی جس کے تھن سے بغیر دوھے ہوئے دودھ نکلے۔۔۔۔۔مِنَ القِسِیِّ: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔رِیْحٌ نَفُوْحٌ: تیز چلنے والی ہوا۔

النَّفَّاح: بہت داد و دہش والا۔طَعْنَۃٌ نَفَّاحَۃٌ: زور سے خون بہانے والا نیزہ۔

النَّفِیْحَۃ: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔

النَّفِیْحُ والمِنْفَح: دخل در معقولات کرنے والا مرد۔

الاِنْفَحَۃُ والاُنْفَحَۃُ والاِنْفِحَۃ والمِنْفَحَۃ: بکری کا بچہ جو ابھی صرف دودھ ہی پیتا ہو اس کے پیٹ میں سے ایک چیز نکالتے ہیں اور کپڑے میں لت پت کر لیتے

ہیں پھر وہ پنیر کا مانند گاڑھا ہو جاتا ہے اور عوام اس کو مَجُبَنَة کہتے ہیں۔

نَفَخَ (ن) نَفْخًا ونَفَّخَ بِفَمِه: منہ سے پھونک مارنا۔ کہا جاتا ہے نَفَخَ فِي النَّار ونَفَخَ النَّارُ. نَفَخَ الضُّحٰى: بلند ہونا۔ نَفَخَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا اچانک آنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَفَخَ شِدْقَيْهِ" یعنی اس نے تکبر کیا۔ و"نَفَخَ الشَّيْطَانُ فِيْ اَنْفِه" شیطان نے اس کی ناک میں پھونک دیا۔ یعنی اس نے اپنے متعلق ایسی بڑھ چڑھ کر باتیں کہیں جو حقیقتاً اس کے اندر نہیں تھیں۔ نَفَخَهُ الطَّعَامُ: سیر کرنا۔

تَنَفَّخَ: پھولنا۔

اِنْتَفَخَ: پھولنا۔ اِنْتَفَخَ الشَّيْئُ: بلند ہونا...... النَّهَارُ: دن چڑھنا...... الرَّجُلُ: بڑا بننا۔ تکبر کرنا۔

النَّفْخ: فخر۔ تکبر۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُوْنَفْخٍ.

النَّفَخ: جانوروں کے ٹخنوں کا ورم جو چلنے سے کم ہو جائے۔

النُّفُخ: جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ نُفُخٌ وجَارِيَةٌ نُفُخٌ".

النَّفْخَة. نفخ: کا اسم مرة۔ کھانے وغیرہ سے پیٹ کا پھولنا۔ نَفْخَةُ الشَّبَابِ: کامل جوانی۔ نَفْخَةُ الرَّبِيْعِ: موسم بہار کی تروتازگی۔

النُّفَّاخ: ورم جو بیماری کی وجہ سے پیدا ہو۔

النُّفَّاخَة: پانی کا بلبلہ۔ مچھلی کے پیٹ میں ایک پھولی ہوئی چیز۔ ج نُفَّاخَات.

النَّافِخ: فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

النَّافُوْخ: یافوخ کی تحریف ہے بمعنی چندیا۔

النَّفِيْخ: بمص۔ جو شخص آگ پھونکنے پر مقرر ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَنْفُخَان واِنْفِخَانٍ واُنْفُخَانِي واِنْفِخَانِي" موٹائی کی وجہ سے پر گوشت مرد اور مؤنث تا کے ساتھ جمع کی صورت میں۔

المِنْفَاخ والمِنْفَخ: پھونکنی۔ لوہار کی دھونکنی۔ ج مَنَافِيْخ ومَنَافِيْخ. مَنَافِخُ الشَّيْطَان: شیطان کے وساوس۔

المَنْفُوْخ: مفع۔ بڑے پیٹ والا۔ موٹا۔ بزدل۔

نَفِدَ (س) نَفَدًا ونَفَادًا. الشَّيْئُ: نیست و نابود ہونا۔ ختم ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفِدَ زَادُ القَوْمِ" قوم کا توشہ ختم ہو گیا۔

نَفَدَ (ن) نَفْدًا القَوْمَ: لوگوں سے آگے بڑھ جانا۔

اَنْفَدَ القَوْمُ: بے مال و بے توشہ ہونا۔ اَنْفَدَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔ اَنْفَدَ الشَّيْئَ: نیست و نابود کرنا...... القَوْمُ: لوگوں کے درمیان گھس کر درمیان میں چلنا۔

نَافَدَهُ مُنَافَدَةً: باہم حاکم کے پاس جانا۔ جھگڑا کرنا۔ ایک دوسرے کی حجت کو نابود کرنے کی کوشش کرنا۔

اِنْتَفَد واِسْتَنْفَدَ الشَّيْئَ: نیست و نابود کرنا۔ اِسْتَنْفَدَ وُسْعَهُ: پوری طاقت لگانا۔ اِنْتَفَد الحَقَّ: پورا حق لینا...... اللَّبَنَ: دودھ دوہنا اور کہا جاتا ہے "اِنْتَفَدَ مِنْ عَدُوِّه" یعنی اس نے اپنے دشمن سے پورا بدلہ لے لیا۔

تَنَافَدَ الخَصْمَانِ اِلَى القَاضِي: فیصلے کے لئے جانا۔ تَنَافَدَ القَوْمُ: جھگڑا کرنا۔

المُنَافِدفَاخَصْمٌ مُنَافِدٌ: جھگڑے میں پوری طاقت صرف کرنے والا۔

المُتَنَفِّد: فا۔ اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ مُتَنَفِّدًا" وہ گوشہ نشین ہوا۔

المُتَنَفَّد: مفع۔ کہا جاتا ہے "فِيْ هٰذَا الشَّيْئِ مُتَنَفَّدٌ عَنْ غَيْرِه" اس چیز میں بہ نسبت غیر کے وسعت ہے "وَفُلَانٌ مُتَنَفَّدُ فُلَانٍ" یعنی جب ایک کے پاس سے سارا مال خرچ ہو جاتا ہے تو دوسرا اپنے مال سے اس کی مدد کرتا ہے۔

نَفَذَ (ن) نَفْذًا ونُفُوْذًا ونَفَاذًا الشَّيْئُ: چھید کر پار ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفَذَ السَّهْمُ الرَّمِيَّةَ وفِيْهَا ومِنْهَا" تیر شکار سے چھید کر پار ہو گیا...... فُلَانٌ القَوْمَ: آگے گزر جانا۔ (ن) نُفُوْذًا ونَفَاذًا الاَمْرُ والقَوْلُ: جاری ہونا۔ نافذ ہونا۔ پورا ہونا۔ نَفَذَ المَنْزِلُ اِلَى الطَّرِيْقِ: متصل ہونا۔ نَفَذَ الطَّرِيْقُ: شاہراہ عام ہونا۔ صفت نَافِذٌ. نَفَذَ الكِتَابُ اِلٰى فُلَانٍ: پہنچنا۔ نَفَذَ الرَّجُلُ فِي الاَمْرِ: جلدی کرنا۔ ماہر ہونا۔ نَفَذَ لِوَجْهِه: اپنی حالت پر گزرنا۔

نَافَذَهُ: فیصلے کے لئے جانا۔

نَفَّذَ واَنْفَذَ السَّهْمَ الرَّمِيَّةَ: تیر سے شکار کو چھید کر پار کرنا...... الكِتَابَ اِلٰى فُلَانٍ: بھیجنا...... الحَاكِمُ الاَمْرَ: جاری کرنا۔ نافذ کرنا...... الرَّجُلُ القَوْمَ: وسط میں چلنا۔ آگے گزر جانا و اَنْفَذَ عَهْدَهُ: عمل میں لانا۔

تَنَافَذَ القَوْمُ اِلَى الحَاكِمِ: فیصلے کے لئے حاکم کے پاس جانا۔

النَّفَذ: جاری کرنا۔ کہا جاتا ہے اَمَرَ بِنَفَذِ الكِتَابِ: اس نے کتاب کے لکھے ہوئے کے مطابق اجرا کا حکم دیا۔ بچنے و نکلنے کی جگہ۔ رہائی کی جگہ۔ ج اَنْفَاذ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ طَعْنَةٌ لَهَا نَفَذٌ" یہ ضرب نیزہ ایسی ہے کہ آر پار ہے۔

النَّافِذ: فا۔ ہر کام کو کر گزرنے والا۔ طریق نَافِذٌ: عام راستہ۔ اَمْرٌ نَافِذٌ: ایسا حکم جس کی فرمانبرداری کی جائے۔ النَّافِذ: یہ النَّوَافِذ: کا واحد ہے۔ نوافذ جسم انسانی کے ہر سوراخ کو کہتے ہیں جیسے ناک، منہ وغیرہ۔

النَّافِذَة. النَّافِذ: کا مؤنث۔ روشن دان۔ سوراخ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ طَعْنَةٌ نَافِذَةٌ" یہ ضرب نیزہ آر پار ہے۔ ج نَوَافِذ.

النَّفَاذ والنُّفُوْذ: ہر کام کو کر گزرنے والا۔

النُّفْذَة: مہرہ۔ ج نُفَذ.

النَّفِيْذ: نافذ۔ اَمْرٌ نَفِيْذٌ: مانا ہوا حکم۔

المَنْفَذ: گزرگاہ۔ ج مَنَافِذ.

المَنْفِذ: کسی چیز کے جاری ہونے کی جگہ۔ ج

مَنَافِذُ الْإِنْسَانِ: جسم انسانی کے سوراخ جیسے منہ، ناک وغیرہ۔
الْمَنْفَذُ: گنجائش۔ کشادگی۔
نَفَرَت (ض ن) نُفُوْرًا ونِفَارًا ونُفُرًا الدَّابَّةُ مِنْ كَذَا: چوپائے کا بدکنا۔ ڈر کر دور ہونا۔ صفت نَافِرٌ ونَفُوْرٌ۔
نَفَرَ (ض) نَفْرًا۔ مِنْ كَذَا: نفرت کرنا۔ ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَرْتُ مِنْ صُحْبَةِ فُلَانٍ" مجھے فلاں کی صحبت ناپسند آئی...... عَنْ كَذَا: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا...... الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ نَفَرَ إِلَى الشَّيْءِ: دوڑنا (...... نُفُوْرًا) الْعَيْنُ وَغَيْرُهَا: آنکھ کا سوجنا (...... نَفْرًا) فُلَانًا: غالب آنا (...... نَفْرًا ونُفُوْرًا) الْحَاجُّ مِنْ مِنًى: مکہ کی طرف کوچ کرنا (...... نَفْرًا ونُفُوْرًا ونِفَارًا ونَفَرَانًا) الظَّبْيُ وَغَيْرُهُ: ہرن کا بھاگنا اور دور ہونا (نِفَارًا ونُفُوْرًا ونَفِيْرًا) الْقَوْمُ لِلْقِتَالِ او الْأَمْرِ: چل پڑنا۔
نَفَّرَهُ: بھگانا۔ نَفَّرَهُ عَلٰى فُلَانٍ: کسی پر غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔ نَفَّرَهُ الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ وبِالشَّيْءِ: غالب ہونا۔ نَفَّرَ عَنْ فُلَانٍ: برا لقب دینا۔
أَنْفَرَهُ: بھگانا۔ أَنْفَرَ الْقَوْمُ: بھاگے ہوئے اونٹوں والا ہونا...... الْقَوْمُ فُلَانًا: مدد دینا...... الْحَاكِمُ فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ: غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔
نَافَرَهُ نِفَارًا ومُنَافَرَةً: فیصلے کے لئے جانا۔ حسب ونسب میں فخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَافَرْتُهُ إِلَى الْقَاضِي فَنَفَّرَنِي عَلَيْهِ" میں اس کو قاضی کے پاس فیصلہ کے لئے لے گیا اُس نے میرے غلبہ کا فیصلہ کیا۔
تَنَفَّرَ: کوچ کرنا۔
تَنَافَرَ الرَّجُلَانِ: باہم فیصلہ کے لئے جانا۔ باہم فخر کرنا...... الْقَوْمُ لِلْأَمْرِ: چل پڑنا۔
اِسْتَنْفَرَهُ: بھگانا۔ اِسْتَنْفَرَ الْقَوْمَ: قوم سے مدد طلب کرنا۔ جنگ کے لئے کوچ کرنے کی درخواست کرنا...... الظَّبْيُ: ہرن کا بھاگنا۔
اِسْتَنْفَرَ فُلَانٌ بِثَوْبِهِ: کپڑے لے جا کر کم کر دینا۔
النُّفُرُ: مص۔ النَّافِرُ: کی جمع۔
النَّفَرُ والنَّفْرَةُ: بھاگنے والوں کا گروہ۔ جنگجو لوگوں کی جماعت۔ معاملہ میں آگے رہنے والوں کی جماعت۔ تین سے دس تک کی جماعت۔ النَّفْرَةُ: نفر کا اسم مرۃ۔ نَفْرَةُ الرَّجُلِ: خاندان کہا جاتا ہے عِفْرٌ نِفْرٌ وعِفْرٌ نِفْرٌ: تابع مہمل کے طور پر بمعنے خبیث وسرکش اور ایسا ہی عِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ وعِفْرِيْتٌ نِفْرِيْتٌ وعِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ۔
النَّفَرُ: سارے لوگ۔ تین سے دس تک مردوں کی جماعت۔ ج اَنْفَار کہا جاتا ہے "ثَلَاثَةُ نَفَرٍ او ثَلَاثَةُ اَنْفَارٍ" یعنی تین شخص۔
نَفَرُ الرَّجُلِ: مرد کا قبیلہ۔
يَوْمُ النَّفْرِ والنَّفَرِ والنَّفِيْرِ او النُّفُوْرِ: حاجیوں کا منیٰ سے مکہ معظمہ کی طرف واپس ہونے کا دن اور وہ ذی الحجہ کی بارہویں تاریخ ہے۔
النُّفْرَةُ: حکم۔ فیصلہ (...... والنُّفْرَةُ) نظر بد سے حفاظت کے لئے تعویذ وغیرہ۔
النِّفَارُ: مص۔ اڑیل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّابَّةِ نِفَارٌ" چوپایہ میں اڑیل ہونے کی عادت ہے۔
النُّفَارَةُ: حکم۔ فیصلہ۔ مغلوب سے جو غالب لے۔
النَّافِرُ: فا۔ غالب۔ ج نُفَّرٌ ونُفُرٌ۔
النَّافِرَةُ۔ النَّافِرُ: کا مؤنث۔ نَافِرَةُ الرَّجُلِ ونُفُوْرَتُهُ: مرد کا خاندان۔
النَّفُوْرُ والنَّيْفُوْرُ والمُسْتَنْفِرُ: بھاگنے والا۔ بہت تیز بھاگنے والا۔
النَّفِيْرُ: مص۔ دس مردوں سے کم کی جماعت۔ کوچ کرنے والوں کی جماعت یا جنگجو لوگوں کا گروہ۔ النَّفِيْرُ: بگل (دخیل) ج اَنْفَار۔ والنَّفِيْرُ الْعَامُّ: دشمن سے مقابلہ کے لئے عوام کا اٹھ کھڑا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا هُوَ بِنَفِيْرِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا فخر کرنے میں مساوی نہیں۔
اَلنَّافُوْرُ: عیسائیوں کے نزدیک: قربان مقدس کا راز۔ مخصوص عبادتیں۔
النُّفَارِيْرُ: چڑا۔ چڑے۔ واحد نُفْرُوْر۔
الْمُسْتَنْفَرُ: مفع۔ ڈرایا ہوا۔
الْمَنْفُوْرُ: مفع۔ مغلوب۔
نَفْرَجَ نَفْرَجَةً: بہت بات کہنا۔
النِّفْرِجُ والنِّفْرِجَةُ والنِّفْرَاجُ والنِّفْرَاجَةُ والنِّفْرِجَاءُ: بزدل۔ ڈرپوک۔
النِّفْرِيْجُ: بہت کہنے والا۔
نَفَزَ (ض) نَفْزًا ونُفُوْزًا ونَفَزَانًا الظَّبْيُ: ہرن کا کودنا۔ اُچھلنا۔ چھلانگ مارنا...... الرَّجُلُ: مرنا۔
نَفَّزَهُ: کودانا۔ نَفَّزَتِ الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا: عورت کا بچے کو اُچھالنا۔ نَفَّزَ وأَنْفَزَ السَّهْمَ: تیر کی درستی کو دیکھنے کے لئے ناخن پر گھمانا۔
تَنَافَزُوْا: باہم اچھلنا کودنا۔
النَّفِيْزُ والنَّفِيْزَةُ: مکھن جو مٹکی میں ادھر اُدھر لگا ہوا رہ جائے۔
النَّيْفُوْزُ مِنَ الظِّبَاءِ: ہرن چھلانگ مارنے والا۔
نَوَافِزُ الدَّابَّةِ: جانوروں کی ٹانگیں۔
النُّفَّازُ: ایک قسم کا کھیل جس میں باہم کودتے ہیں۔
نَفِسَ (س) نَفَسًا ونَفَاسِيَةً بِالشَّيْءِ: بخل کرنا...... عَلٰى فُلَانٍ بِخَيْرٍ: حسد کرنا (...... نَفَاسَةً) الشَّيْءَ عَلٰى فُلَانٍ: نااہل سمجھنا۔
نَفَسَهُ (ن) نَفْسًا بِنَفْسٍ (ای بعین) نظر بد لگانا۔
نَفِسَتْ (س) ونُفِسَتْ ونَفَسًا ونَفَاسَةً ونِفَاسًا۔ الْمَرْأَةُ غُلَامًا: زچہ ہونا۔ بچہ جننا۔ نُفِسَ فُلَانٌ: پیدا ہونا۔ صفت مَنْفُوْسٌ کہا جاتا ہے "وَرِثَ فُلَانٌ هٰذَا قَبْلَ اَنْ يُنْفَسَ" فلاں اس کا پیدا ہونے سے پہلے وارث ہوا۔
نَفُسَ (ک) نَفَاسَةً ونِفَاسًا ونُفُوْسًا

Marfat.com

وَنَفَسًا: نفیس ومرغوب ہونا۔
نَفَّسَ تَنْفِيسًا عَنْهُ الْكُرْبَةَ: غم دور کرنا۔ غم سے رہائی دینا۔ کہا جاتا ہے "نَفَّسَ فُلَانًا" اس نے فلاں کو مہلت دی یا اس کے غم کو زائل کیا۔ نَفَّسَهُ فِي الْاَمْرِ: ترغیب دینا۔
نَافَسَ نِفَاسًا وَمُنَافَسَةً فُلَانًا فِي الْاَمْرِ: باہم فخر کرنا۔ باہم مقابلہ کرنا...... فِي الشَّيْءِ: مبالغہ کرنا۔ گراں قیمت کرنا۔ کرم میں مقابلے کی رغبت کرنا۔
اَنْفَسَ الشَّيْءُ: نفیس ہونا...... الشَّيْءُ فُلَانًا: پسند آنا...... فُلَانًا فِي الشَّيْءِ: رغبت دلانا۔
تَنَفَّسَ: سانس لینا...... الصُّبْحُ: صبح کا روشن ہونا...... الْقَوْسُ: کمان کا چٹخنا...... النَّهْرُ: نہر میں زیادہ پانی ہونا...... النَّهَارُ: دوپہر ہونا۔ الرَّجُلُ: لمبی لمبی باتیں کرنا...... الرَّجُلُ فِي الْاِنَاءِ: برتن بغیر جدا کئے ہوئے پانی پینا۔ تین سانس میں پانی پینا (اضداد میں سے ہے) حدیث میں ہے "اِنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَنَفَّسُ فِي الْاِنَاءِ وَنَهٰى عَنِ التَّنَفُّسِ فِي الْاِنَاءِ" جناب نبی ﷺ تین سانس میں پانی پیتے تھے اور ایک سانس میں پانی پینے سے منع فرماتے تھے اور کہا جاتا ہے "تَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ" یعنی اس نے تھکن یا غم کی وجہ سے لمبے لمبے سانس لئے۔
تَنَافَسَ الْقَوْمُ فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ بطریق مقابلہ کے لئے رغبت کرنا۔
النَّفْسُ: مص۔ روح۔ خون۔ کہا جاتا ہے "وَفَقَ نَفْسَهُ" اس کا خون اچھل کر نکلا۔ بدن کہا جاتا ہے "هُوَ عَظِيمُ النَّفْسِ" یعنی وہ بڑے جسم کا ہے۔ نظر بد۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُ نَفْسٌ" یعنی اسے نظر بد لگی۔ شخص۔ نَفْسُ الشَّيْءِ: عین شی اور یہ بطور تاکید بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي هُوَ نَفْسُهُ وَبِنَفْسِهِ" یعنی وہ خود ہی آیا۔ نَفْسُ الْاَمْرِ: حقیقت امر۔ النَّفْسُ:

عظمت۔ ہمت۔ عزت۔ ارادہ۔ رائے۔ عیب۔ سزا۔ پانی۔
...... نفس سے مراد اگر روح ہو تو مؤنث ہے جیسے خَرَجَتْ نَفْسُهُ: اور اگر شخص مراد ہو تو مذکر ہے جیسے عِنْدِيْ خَمْسَةُ عَشَرَ نَفْسًا ج اَنْفُسٌ وَنُفُوسٌ اور کہا جاتا ہے "فِي نَفْسِيْ اَنْ اَفْعَلَ كَذَا" میرا ارادہ ہے کہ ایسا کروں "وَفُلَانٌ يُؤَامِرُ نَفْسَيْهِ وَيُشَاوِرُهُمَا" یعنی فلاں اپنے معاملہ میں متردد ہے اور اس کی دو رائیں ہیں اور کسی پر استقلال نہیں "وَخَرَجَتْ نَفْسُهُ وَجَادَ بِنَفْسِهِ" یعنی وہ مر گیا۔
النَّفَسُ: مص۔ جھونکا۔ سانس۔ گنجائش۔ مہلت۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "اِعْمَلُوا الْخَيْرَ وَاَنْتُمْ فِي نَفَسِ الْبَقَاءِ" خیر کا عمل کرو اس حال میں کہ تم کو زندگی کی مہلت حاصل ہے۔ لمبی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "كَتَبَ كِتَابًا نَفَسًا" اس نے لمبا خط لکھا۔ گھونٹ جیسے "اِكْرَعْ مَا فِي الْاِنَاءِ نَفَسًا وَاحِدًا" برتن میں جو کچھ ہے اس کو ایک گھونٹ میں پی جاؤ۔ ج اَنْفَاسٌ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَرَابٌ ذُوْنَفَسٍ" یعنی خوشگوار ہے۔ وَنَفَسُ السَّاعَةِ: آخری زمانہ۔ وَنَفَسُ الشَّاعِرِ اَوِ الْمُؤَلِّفِ: طرز تحریر۔
النِّفَاسُ: مص۔ زچگی۔ ولادت کے بعد کا خون۔
النُّفْسَةُ: مہلت۔ کہا جاتا ہے "لَكَ فِي الْاَمْرِ نُفْسَةٌ" تمہارے لئے معاملے میں گنجائش ہے۔
النَّافِسُ: فا۔ حاسد۔ بیش قدر۔ نظر بد والا۔ جوئے کا پانچواں یا چوتھا تیر۔
النَّفِيسُ: بہت مال۔ شَيْءٌ نَفِيسٌ: مرغوب و قیمتی چیز اور اس کے مقابلے میں خسیس آتا ہے۔ رَجُلٌ نَفِيسٌ: حاسد مرد۔
مَالٌ نَفِيسٌ وَمُنْفِسٌ وَمُنَفَّسٌ: بہت مال۔
الْاَنْفَسُ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الثَّوْبُ اَنْفَسُ مِنْ ذَاكَ" یہ کپڑا اس سے

بہتر ہے "وَهٰذَا الْمَكَانُ اَنْفَسُ مِنْ هٰذَا" یہ جگہ اس سے وسیع ہے "وَهٰذَا اَنْفَسُ مَالِيْ" یہ میرا مرغوب مال ہے۔
النُّفَسَاءُ النَّفْسَاءُ وَالنَّفَسَاءُ: زچہ۔ مثنی نُفَسَاوَانِ. ج نِفَاسٌ وَنُفْسٌ وَنُفُسٌ وَنُفَّسٌ وَنُفَّاسٌ وَنَوَافِسُ وَنُفَسَاوَاتٌ۔
النَّفُوسُ: حاسد نگاہیں۔
الْمَنْفُوسُ: نومولود بچہ۔ شَيْءٌ مَنْفُوسٌ: مرغوب چیز۔
الْمُنْفِسُ: فا۔ بیش قدر چیز۔
الْمُتَنَفَّسُ: سانس لینے کی جگہ۔
نَفَشَ (ن) نَفْشًا وَنَفَّشَ الْقُطْنَ اَوِ الصُّوفَ: روئی یا اون دھننا۔
نَفَشَ نُفُوشًا الْقَوْمُ: ارزانی میں ہونا۔
فُلَانٌ عَلَى الشَّيْءِ: کھانے کے لئے متوجہ ہونا۔
نَفَشَتْ (ض ن) وَنَفِشَتْ (س) نَفْشًا الْاِبِلُ اَوِ الْغَنَمُ: اونٹ یا بکریوں کا بغیر چرواہے کے لئے رات میں رہنا۔ صفت نَافِشَةٌ وَنُفَّاشٌ وَنَوَافِشُ وَنُفَّشٌ اور اسم النَّفَشُ۔
اَنْفَشَ الرَّاعِيُ الْاِبِلَ: چرواہے کا اونٹ کو رات میں چرنے کے لئے چھوڑنا۔
تَنَفَّشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا پروں کو جھاڑنا۔
تَنَفَّشَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا بغیر چرواہے کے رات میں چرنا۔ تَنَفَّشَتْ وَانْتَفَشَتْ الْهِرَّةُ: بلی کا بال کھڑے کرنا۔ وَانْتَفَشَ الصُّوفُ: دھنی ہوئی ہونا۔
النَّفَشُ: دھنی ہوئی اون۔ متفرق سامان۔ کثرت کلام و کثرت دعویٰ۔ کہا جاتا ہے "بَلَدٌ ذُوْ نَفَشٍ" یعنی سرسبز و شاداب شہر۔
اِبِلٌ اَوْ غَنَمٌ نَفَشٌ: بغیر چرواہے کے رات میں چرنے والے اونٹ یا بکریاں۔ نفش کا اطلاق صرف رات ہی میں چرنے پر ہوتا ہے اور ہمل کا رات اور دن دونوں پر۔
النَّفِيشُ: برتن میں متفرق سامان۔ کہا جاتا ہے "بَقَرٌ اَوْ غَنَمٌ نَفَشٌ وَنَوَافِشُ"

ونفاش" رات میں بغیر چرواہے کے چرنے
والی گائیں یا بکریاں۔
النفاش: مغرور۔ پھلانے والا۔ ایک قسم کا
بڑا لیموں۔
المتنفش والمنتفش: پھولا ہوا اور نرم کہا
جاتا ہے "انف متنفش ومنتفش" چپٹی
ناک۔
نفص (ض) نفصا وانفص ببوله: پیشاب
کرنا۔ نفص وانفص بالكلمة: جلدی بولنا
۔انفص في الضحك: بہت ہنسا......
الشاة ببولها: بکری کا تھوڑا تھوڑا پیشاب
کرنا۔
......الرجل بشفتيه: ہونٹوں سے اشارہ
کرنا۔
النفصة: خون کا فوارہ۔ ج نفص۔
النفاص: بکریوں کی ایک بیماری جس میں
بار بار پیشاب آتا ہے یہاں تک کہ مرجاتی
ہے۔
النفيص: خوش گوار پانی۔
المنفاص: بہت ہنسنے والا۔
نفض (ن) نفضا الثوب: کپڑا جھاڑنا......
الشجرة: درخت سے پھل گرانے کے لئے
ہلانا......الورق من الشجر: پتے گرانا
......المكان: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔
نفضته الحمى: بخار آنا۔ کپکپانا۔ نفض
الزرع: آخری خوشہ نکالنا۔ نفضت الإبل:
سارے بچے جننا......المرأة: بہت بچوں
والی ہونا۔ نفض القوم: بے توشہ یا بے مال
ہونا۔ نفض الطريق: تلاش و جستجو کرنا'
چوروں سے پاک کرنا......القوم حلاً
نبهم: دودھ دینے والے جانوروں کا سارا
دودھ نکال لینا۔ نفض الثوب او
الصبغ: رنگ کا مدھم پڑنا......الكرم: انگور کی
بیل میں گچھے نکلنا......فلان: چاروں طرف
دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "اذا تكلمت نهارا
فانفض" جب دن میں گفتگو کرو تو اِدھر اُدھر
دیکھ لو۔

نفض (ن) نفوضا المريض من مرضه:
بیمار کا صحت یاب ہونا۔
انفض القوم: جاہ شدہ توشہ یا ختم شدہ مال
والا ہونا......القوم زادهم: توشہ کو ختم کر
دینا۔ انفض فلانا عنه: دور کر دینا۔ دوستی
ختم کرانا۔ انفضت الإبل: سارے بچے
جننا۔
نفض الثوب او الشجرة: کپڑا یا درخت
جھاڑنا۔
انتفض الثوب او الشجر: کپڑا یا درخت کا
جھڑنا......الفصيل ما في الضرع: اونٹ
کے بچے کا تھن سے سارا چوس لینا......
الكرم: انگور کی بیل کا سرسبز ہونا۔
تنفض واستنفض المكان: اچھی طرح
دیکھ بھال کرنا۔ استنفض القوم: تامل
کرنا۔ غور کرنا......الشيء: نکالنا......
الأمير: جاسوس بھیجنا۔
النفض والنفاض والنفاض والنفاضة:
جھاڑے ہوئے سے جو گرے۔ النفاضة
: توشہ کا بقیہ جو جھاڑا جائے۔ النفض: پتے یا
کھجور جو گریں۔ النفاض: اسم ہے انفض
القوم زادهم سے۔ النفاض: بچوں کا
تہبند۔ ج نفض اور کہا جاتا ہے "ما عليه
نفاض" اس پر کچھ بھی کپڑا نہیں۔
النفضة والنفضة والنفاض
والنفضاء: بخار کی کپکی۔ النفضة: بارش جو
کہیں ہو اور کہیں نہ ہو۔
النفضة: جاسوسوں کی جماعت۔
النفضى والنفضى والنفيضى: کپکی۔
النافض: فا۔ جوڑی کا بخار۔ کہا جاتا ہے
"اخذته حمى نافض وحمى نافض
وحمى بنافض" اس کو جوڑی کا بخار آ گیا۔
ثوب نافض: مدھم رنگ کا کپڑا۔
النفوض من النساء: بہت اولاد والی
عورت۔
النفض: شہد کی مکھی کی بیٹ۔
النفيضة: جاسوسوں کی جماعت۔ ج

نفائض۔ النفائض: کنکری پھینک کر آئندہ
کی خبر دینے والے۔ دبلے اونٹ۔
الإنفاض: مص۔ بھوک۔ حاجت۔
الأنافيض: درخت کے نیچے گرے ہوئے
پھل۔ واحد انفوضة۔
المنفض: چھاج۔ سوپ۔ پنکھا۔ (......
والمنفاض) چادر وغیرہ جسے بچھا کر پتے یا
میوے جھاڑیں۔
المنفض من الدجاج: مرغی جو انڈے
دے کر رک گئی ہو۔
المنفوض: مفع۔ تپ ولرزہ زدہ۔
نفطت (س) نفطا ونفطا ونفيطا
يده: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔
نفط (ض) نفطا: غضبناک ہونا یا غصہ سے
بھڑک اٹھنا۔
نفطت (ض) نفطا ونفيطا العنزة: بکری
کا چھینکنا......القدر: ہانڈی کا جوش مارنا۔
نفط الظبي: ہرن کا آواز کرنا......
الرجل: مبہم گفتگو کرنا۔
تنافطت القدر: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔
تنفط: غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک
اٹھنا۔ تنفطت اليد: ہاتھ کا زخمی ہونا یا آبلہ
والا ہونا۔
النفط والنفط: ایک قسم کا معدنی تیل جو
بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے اور جس سے
آگ جلانے کا کام لیتے ہیں اور اس سے
علاج بھی کرتے ہیں۔ النفط: چیچک۔
آبلہ۔ آج کل کی زبان میں نفط کا اطلاق
مٹی کے تیل پر بھی ہے۔
النفطة والنفطة والنفطة: آبلہ چیچک۔
النفطة: جلدی غضبناک ہونے والا۔
النافطة: بکری۔ يد نافطة: آبلہ دار ہاتھ
رغوة نافطة: بلبلہ والے جھاگ۔
النفاط: معدن سے نفط نکالنے والا۔
نفط: چھینکنے والا۔ ج نفاطة ونفاطون۔
النفاطة والنفاطة. نفط: کا معدن۔ ایک قسم
کا چراغ۔ تانبے کا ایک آلہ جس سے

نـفـط اورآگ پھینکا کرتے تھے۔کہاجاتا ہے"خَرَجَ النَّفَّاطُوْنَ بِاَيْدِيْهِمُ النَّفَّاطَات" نفط پھینکنے والے اس حال میں نکلے کہ ان کے ہاتھوں میں نفط پھینکنے کے آلات تھے۔النُّفَّاطَة: پھنسی۔

النَّفَطَان: کھانسی کے مشابہ۔غصہ کے وقت پھولنا۔

النَّفِيط والـمَنْفُوْط: ہاتھ میں آبلہ والا۔مؤنث نَفِيطَة ومَنْفُوْطَة.

النَّفَاطِيْر: متفرق گھاس یا موسم بہار کی پہلی گھاس۔واحد نُفْطُوْرَة.

نَفَعَهُ(ف) نَفْعًا بِكَذَا: نفع دینا۔

اِنْفَعَ الرَّجُلُ: لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔

اِنْتَفَعَ بِهٖ ومِنْهُ: فائدہ اٹھانا۔

اِسْتَنْفَعَه: فائدہ طلب کرنا۔

النَّفْع: فائدہ۔نفع۔خیر جو مطلوب تک پہنچنے کا ذریعہ ہو۔

النَّفَاع والنَّفِيْعَة: منفعت۔فائدہ۔کہاجاتا ہے"هُوَ حَاضِرُ النَّفِيْعَة" اس کا نفع موجود ہے۔

النَّفْعَة. نَفَع: کا اسم مرۃ۔لاٹھی اس وجہ سے کہ اس کی مار سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ج نَفَعَات.

النِّفْعَة. نَفَع: کا اسم نوع۔چمڑے کا ٹکڑا جو توشہ دان کے دونوں جانب لگا ہوتا ہے ج نِفَع ونِفَع.

النُّفَاعَة: ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے۔

النَّـافِع: فا۔اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

اَلنَّفْعِي: منفعی مذہب کا قائل النفعية: وہ مذہب جس کے ماننے والے خالص منفعت کے قائل ہیں۔

النَّافِعَة: جس چیز سے فائدہ اٹھایا جائے۔کہا جاتا ہے"مَا نَفَعَنِيْ فُلَانٌ بِنَافِعَة" فلاں نے مجھ کو کچھ بھی نفع نہیں پہنچایا۔

النَّفَّاع: بہت فائدہ پہنچانے والا۔

النَّفُوْع: بہت فائدہ پہنچانے والا۔ج نُفُع.

الـمَنْفَعَة: ہر چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔فائدہ۔ج مَنَافِع. مَنَافِعُ الدَّارِ: گھر میں آرام کی چیزیں۔جیسے کنواں اور دھونے دھانے کی جگہ وغیرہ۔

نَفَفَتْ (ف) نَفْغًا ونُفُوْغًا ونَفِغَتْ (س) نَفَغًا وتَنَفَّغَتْ يَدُهٗ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔کام کرنے کی وجہ سے سوج جانا۔

نَفَقَ (ن) نَفَاقًا ونَفِقَ (س) نَفَقًا الشَّیْءُ: ختم ہونا۔کم ہونا۔نَفَقَ الْبَيْعُ: خرید و فروخت رائج ہونا۔نَفَقَتِ السُّوْقُ: گرم بازار ہونا۔

نَفَقَ (ن) نُفُوْقًا الرَّجُلُ او الدَّابَّةُ: مرنا۔روح نکلنا......الْجُرْحُ: زخم کا چھل جانا۔

نَفَقَ(ن) ونَفِقَ(س) نَفْقًا الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔سوراخ میں داخل ہونا۔(ضد)

نَافَقَ مُنَافَقَةً ونِفَاقًا فِيْ دِيْنِهٖ: دِل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنا۔صفت مُنَافِق. نَافَقَ الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔

اَنْـفَـقَ: محتاج ہونا۔توشہ ختم ہونا......الْمَالَ: خرچ کرنا......السِّلْعَةَ: سامان رائج کرنا......الْقَوْمُ: رائج تجارت والی قوم ہونا......الرَّجُلُ: سامان کو رائج پانا۔

تَنَفَّقَ الْيَرْبُوْعَ: جنگلی چوہے کو سوراخ سے نکالنا......الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔سوراخ میں داخل ہونا (ضد)

......

اِنْتَفَقَ الرَّجُلُ: سرنگ میں داخل ہونا۔

الْيَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔سوراخ سے نکلنا (ضد) ......

الْيَرْبُوْعَ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکالنا۔

اِسْتَنْفَقَ الْمَالَ: مال ختم کرنا۔

اَلنَّفَق: سرنگ۔ج اَنْفَاق.

النَّفِق: جلدی منقطع ہونے والا۔کہاجاتا ہے فَرَسٌ نَفِقُ الْجَرْيِ: جلدی تھکنے والا گھوڑا۔

النِّفَاق والمُنَافَقَة مص۔منافق کا فعل۔

النَّفَقَة. اِنْفَاق: کا اسم۔خرچ۔ج نَفَقَات ونِفَاق وانْفَاق.

النَّافِق: فا......مِنَ الْبَضَائِع: رائج سامان۔

النَّافِقَة. النَّافِق: کا مؤنث۔مشک کا نافہ۔

النَّافِقَاء ج نَوَافِق والنُّفَقَه والنُّفَقَاء: جنگلی چوہے کے پوشیدہ سوراخوں میں سے ایک سوراخ۔

نَيْفَق السَّرَاوِيل: پائجامہ کا نیفہ۔

الْمِنْفَاق: بہت خرچ کرنے والا۔

الـمُنَـافِق: دِل میں کفر اور زبان سے ایمان ظاہر کرنے والا۔

الـمَنْفَقَة: باعث رواج پذیری اور اسی سے ہے"الْيَمِيْنُ الْكَاذِبَةُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مَمْحَقَةٌ لِلْبَرَكَةِ" یعنی جھوٹی قسم سامان کو رائج کر دیتی ہے لیکن برکت کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔

النَّفَكَة: کان کی لو کے قریب جبڑے کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔

نَفَلَ (ن) نَفْلًا: قسم کھانا......الرَّجُلَ: کسی کو بغیر ارادہ ثواب کے عطیہ دینا۔نَفَلَهٗ

النَّفَل: زائد عطیہ دینا۔نَفَلَ الْقَائِدُ الْجُنْدَ: مال غنیمت تقسیم کرنا......الرَّجُلَ عَنْ نَسَبِهٖ: نفی کرنا۔کہاجاتا ہے"اَنْفُلْ عَنْ نَفْسِكَ اِنْ كُنْتَ صَادِقًا" یعنی جو کچھ تمہارے بارے میں کہا جاتا ہے اس کو دور کرو اگر تم سچے ہو۔

نَفَّلَهٗ: قسم کھلانا۔حصہ سے زائد دینا۔نَفَّلَهُ النَّفَل: غنیمت دینا۔نَفَّلَ عَنْ فُلَانٍ: دفع کرنا۔ہٹانا۔

اَنْفَلَهُ النَّفَل: غنیمت دینا۔اَنْفَلَ لَهٗ: قسم کھانا۔

تَنَفَّلَ: نفل نماز ادا کرنا......عَلٰى اَصْحَابِهٖ: مال غنیمت میں سے ساتھیوں سے زیادہ حصہ لینا۔وتَنَفَّلَ مِنْهُ الشَّیْءَ: طلب کرنا۔

اِنْتَفَلَ: نوافل پڑھنا......الشَّیْءَ مِنْ فُلَانٍ: طلب کرنا......مِنَ الْاَمْرِ

والکلام: بیزار ہونا۔ کہا جاتا ہے "نفلنی لی قولاً فانتفلت منہ" اس نے مجھ سے ایک بات بیان کی تو میں نے اس سے بیزاری ظاہر کی...... من القوم: قوم کی مدد سے دور رہنا۔ انتفل: عذر بیان کرنا۔ قسم کھانا۔

النفل: فرائض وواجبات سے زائد کام۔ واجبات وفرائض سے زائد کام جو کرنے کو کہا جائے۔

النفل: غنیمت۔ ہبہ۔ زیادتی۔ کہا جاتا ہے "لھذا نفل علی ذاک" اس چیز کو اس پر زیادتی ہے ج نفال وانفل۔ النفل: ایک خوشبودار قسم کی گھاس جس سے گھوڑے موٹے ہوتے ہیں واحد نفلۃ۔

النافلۃ: غنیمت۔ عطیہ۔ فرائض وواجبات سے زائد کام۔ پوتا۔ ج نوافل کہا جاتا ہے "ھو کثیر النوافل" وہ بہت بخشش اور عطایا والا ہے۔

النفل: قمری مہینے کی چوتھی، پانچویں، چھٹی راتیں۔

النوفل: بڑا فیاض۔ خوبصورت جوان۔ ج نوفلون۔ النوفل: سمندر۔ عطیہ۔ نرنجو۔

النوفلۃ: نمک دان۔

النفنف: فضاء آسمانی۔ آسمان وزمین کا درمیان۔ دیوار کے بالائی اور زیریں ے کے درمیان۔ کنوئیں کے کنارے سے تہ تک کا حصہ۔ پہاڑ کا دیوار کے مانند گوشہ۔ بیابان ج نفانف ونفانف الدار: گھر کے اطراف ونواحی (...... والنفناف) دو پہاڑوں کے درمیان کا خلا۔ دور۔

نقہ (ف) نقوھا الرجل: کمزوردل بزدل ہونا...... الجمل: دشوار کے بعد مطیع ہونا۔

نفھت (س) نفھا نفسہ: تھکنا۔

نفہ وانفہ الناقۃ: اونٹنی کو تھکانا اور کہا جاتا ہے "انفہ لہ من مالہ" اس نے اس کو تھوڑا مال دیا۔

استنفہ الرجل: آرام لینا۔

النافہ: تھکا ہوا ج نفہ (...... والمنفوہ) کمزوردل۔ بزدل۔

جمل منفہ: تھکا ہوا اونٹ۔

نفاہ ینفوہ نفوا لغت ہے۔ نفاہ ینفیہ نفیا کی میں۔

نفاوۃ الشیء ونفوقۃ: ہر چیز کا ردی حصہ۔ چیز کا بقیہ۔ النفوۃ: جلاوطنی۔

نفی ینفی نفیا الشیء: انکار کرنا۔ نفاہ عنہ: علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ نفی الرجل: قید خانہ میں قید کرنا...... الرجل من بلدہ: جلاوطن کرنا...... السیل الغثاء: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا کر لانا...... السحاب ماءھا: بادل کا پانی برسانا۔

"نفی ینفی نفیا ونفیانا الصیرفی الدراھم" صراف کا درہموں کو پرکھنے کے لئے بکھیرنا۔ نفت الریح التراب: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔

نفی ینفی نفیا وانتفی عنہ: دور ہونا...... الشعر: بال گرنا وانتفی الشیء: نابود ہونا۔

انتفی من ولدہ: بچہ کا انکار کرنا۔ انتفی فلان من فلان: کراہت کے ساتھ اعراض کرنا۔ ونفاہ فانتفی: اس نے اسے ہٹایا وہ ہٹ گیا۔

نفاہ: نفی کرنے میں مبالغہ کرنا۔

نافاہ منافاۃ: ایک دوسرے کو ہٹانا اور کہا جاتا ہے "ھذا ینافی ذاک" یعنی یہ اس کے منافی ومخالف ہے۔

تنافی تنافیا الرجال: ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔

تنافت الاشیاء: مخالف ہونا۔ متباین ہونا۔

نفاء الشیء ونفاتہ ونفیتہ ونفیتہ ونفایتہ ونفایتہ ونفیۃ: چیز کا وہ حصہ جو ردی ہونے کی وجہ سے دور کر دیا جائے۔ چیز کا بقیہ۔

النفیۃ۔ نفی: کا اسم مرۃ۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت پھیلایا جائے۔ ج نفیات۔

النفیان: مص۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔

النافی: قا۔ دھتکارا ہوا۔ دور کیا ہوا۔

النفی: نابود کیا ہوا جھاگ جس کو ہانڈی پھینکتی ہے۔ چکی سے نکلا ہوا آٹا۔ گھوڑوں کے سم سے بکھری ہوئی مٹی، کنکری وغیرہ۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔ ڈھال جو کھجور کے پتوں سے بنائی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "ھذا ابن نفی" یعنی اس کے باپ نے بیٹا ہونے سے انکار کر دیا ہے۔

النفیۃ۔ النفی: کا مؤنث۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت یا پنیر دھوپ میں خشک کیا جائے یا ہوا میں پھیلایا جائے۔

المنفی: دور کیا ہوا۔ ہٹایا ہوا، دھتکارا ہوا...... فی الکلام: اثبات کے خلاف۔

المنفی: جلاوطنی کی جگہ۔ ج مناف۔

نق (ض) نقیقا الضفدع: مینڈک کا ٹرانا (یہ لفظ مرغ، چکور، بچھو، شتر مرغ اور بلی وغیرہ کے لئے بھی مستعمل ہے) اور کہا جاتا ہے "نقت ضفادع بطنہ" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

انق: ٹرانے والا ہونا۔

النقاق: اسم مبالغہ۔ مینڈک۔

النقاقہ۔ النقاق: کا مؤنث۔ مینڈکی۔

النقیق: نر شتر مرغ۔ النقیقات: چھوٹے آبی جانور جن کے جسم پر باریک بال ہوتے ہیں ٹھہرے پانی یا جاری پانی میں رہتے ہیں۔

النقوق: چلانے والا۔ کہا جاتا ہے "ضفدع نقوق" ج نقق ونق۔

نقب (ن) نقبا الحائط: دیوار میں سوراخ کرنا...... الخف: موزے میں پیوند لگانا...... فلان فی الارض: جانا...... عن الاخبار: کھود کرید کرنا یا خبر دینا...... الثوب: بغیر نیفہ کے پائجامہ بنانا۔

الفرس: گھوڑے کا دوڑنے میں ناگہیر اکٹھی کرنا اور کہا جاتا ہے "نقبت النکبۃ فلانا" فلاں کو تکلیف پہنچی۔

نَقِبَ (س) نَقَبًا الخُفُّ المَلْبُوْسُ : پہنے ہوئے موزے کا پھٹا ہوا ہونا ...... البَعِيْرُ : اُونٹ کا گھسے ہوئے کھر والا ہونا ......الرَّجُلُ : پہاڑی راستوں میں چلنا...... فِي البِلَادِ : سیر کرنا۔ملکوں میں جانا۔

نَقَبَ (ن) نِقَابَةً ونَقِبَ (س) نَقَبًا ونَقُبَ (ک) نَقَابَةً عَلَى القَوْمِ : سردار قوم ہونا (نِقَابَةً او نَقَابَة یا تو مصدر ہیں اور یا نِقَابَة بالکسر اسم ہے اور نَقَابَةً بالفتح مصدر ہے)

نَقَّبَ فِي الاَرْضِ : بھاگتے ہوئے ملک میں گھسنا......عَنِ الشَّئِ : خوب اچھی طرح کھود کرید کرنا۔

نَاقَبَهُ نِقَابًا ومُنَاقَبَةً : مناقب پر فخر کرنا۔نَاقَبَهُ نِقَابًا : راہ ورو ملنا یا بغیر وعدے کے ملنا اور کہا جاتا ہے "وَرَدْتُ المَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر بغیر تلاش کے پہنچ گیا۔

اَنْقَبَ فِي الاَرْضِ : ملک میں چلنا البَعِيْرُ : گھسے ہوئے کھر والا ہونا...... الرَّجُلُ : قوم کا سردار بننا......فُلَانٌ : گھسے ہوئے کھر والے اونٹ کا مالک ہونا۔

تَنَقَّبَ عَنِ الشَّئِ : تفتیش میں مبالغہ کرنا۔

تَنَقَّبَت وانْتَقَبَتِ المَرْأَةُ : عورت کا نقاب ڈالنا۔

النَّقْب : مص۔سوراخ۔پہلو کا زخم (...... والنُّقْب) پہاڑی راستہ ج نِقَاب وانْقَاب ونَقْبُ العَيْنِ : موتیا بند کا علاج۔

النَّقْبُ والنُّقْبُ والنُّقَب : کھجلی۔

النِّقْبَة : نقاب ڈالنے کی ہیئت۔کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ حَسَنَةُ النِّقْبَة" عمدہ طریقے سے نقاب ڈالنے والی عورت۔نیز کہا جاتا ہے "اِنَّ عَلَيْهِ نُقْبَةٌ مِنْ كَذَا" اس کے اوپر یقیناً فلاں چیز کا اثر ہے۔

النُّقْبَة : ابتدائی خارش۔زنگ۔رنگ۔چہرہ۔سوراخ۔ایک قسم کا کپڑا جو پائجامہ کی مانند باندھا جاتا ہے۔ج نُقَب.

الاَنْقَاب : کان (جمع ہے اس کا واحد......

النِّقَاب : مص۔بڑا عالم۔عورت کے منہ ڈھانکنے کا کپڑا۔سخت زمین کا راستہ۔پیٹ اور "فَرْخَانِ فِي نِقَابٍ" ضرب المثل ہے ان دو شخصوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو شکل و شباہت میں مشابہ ہوں اور کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ نِقَابًا" یعنی میں اس سے رو در رو ملا یا بغیر وعدہ کے ملا "وَرَدْتُ المَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر اچانک بغیر تلاش کے پہنچ گیا۔

النَّاقِب : فا۔ایک بیماری کا نام جو دیر تک سونے سے پیدا ہوتی ہے اور یا اس زخم کو کہتے ہیں جو پہلو میں ہوتا ہے اور اس کا منہ جوف کی جانب اندر کو ہوتا ہے۔

النَّاقِبَة. النَّاقِب : کا مؤنث۔مذکورہ بالا زخم۔

النَّقَّاب : کاموں میں گھسنے والا۔کاموں کو بہت دریافت کرنے والا۔

النَّقِيْب : قوم کا گواہ۔قوم کا ضامن۔قوم کا چودھری وسردار۔نَقِيْبُ الاَشْرَافِ عِنْدَ المُسْلِمِيْنَ : لوگوں کے احوال کی تفتیش کرنے والا۔ج نُقَبَاء النَّقِيْب : بانسری۔ترازو کی زبان۔چھدا ہوا۔كَلْبٌ نَقِيْبٌ : کتا جس کے گلے میں سوراخ کر دیا گیا ہوتا کہ اس کی آواز پست ہو جائے اور ایسا بخیل آدمی کرتا ہے تا کہ کتے کی آواز سن کر مہمان نہ آجائیں اور کھانا دینا پڑے۔

النَّقِيْبَة : مؤنث النَّقِيْب : نفس۔عقل۔طبیعت۔مشورہ۔رائے کا نفاذ۔کہا جاتا ہے فُلَانٌ مَيْمُوْنُ النَّقِيْبَةِ" فلاں پاک نفس ہے۔

المَنْقَب : جانور کے پیٹ میں سوراخ کرنے کی جگہ۔

المَنْقَب : پہاڑی راستہ۔ج مَنَاقِب.

المِنْقَب : پہاڑی راستہ۔بہت بحث و تحقیقات کرنے والا عالم۔(...... والمِنْقَبَة) نشتر جس سے جانور کی ناف میں سوراخ کیا جائے۔

[illegible]

درمیان تنگ راستہ۔دیوار۔عمدہ فعل۔فخر۔ج مَنَاقِب. مَنَاقِبُ الاِنْسَانِ : عمدہ خصائل اور شریف اخلاق۔

النِّقَابَةُ : محنت کشوں کی پارٹی اپنے حقوق مشرکین کے دفاع کے لئے۔

نَقَثَ (ن) نَقْثًا العَظْمَ : ہڈی سے گودا نکالنا۔

نَقَثَ (ن) نَقْثًا وانْتَقَثَ العَظْمَ : ہڈی سے گودا نکالنا......الشَّئُ المَدْفُوْنَ : کھود کر نکالنا۔نَقَثَ الرَّجُلُ فِي الاَمْرِ او السَّيْرِ : دوڑنا......الحَدِيْثَ : بات میں گڑ بڑ کرنا......فُلَانًا بِالكَلَامِ : بات سے تکلیف پہنچانا......الاَرْضَ بِيَدِهِ : کدال سے کھودنا ......عَنِ الشَّئِ : کھود کرید کرنا۔

نَقَّثَ الرَّجُلُ : دوڑنا۔

تَنَقَّثَهُ : اپنی طرف مائل کرنا۔مہربان بنانا۔

تَنَقَّثَ ضَيْعَتَهُ : جائیداد کی دیکھ بھال کرنا۔

نَقَاثِ : بجو۔

النَّقْث : بجو۔چغل خوری۔

نَقْثَلَ نَقْثَلَةَ الشَّيْخِ : بوڑھے آدمی کا خاک اڑاتے ہوئے چلنا۔

نَقَحَ (ف) نَقْحًا ونَقَّحَ العَظْمَ : ہڈی سے گودا نکالنا......الجِذْعَ : تنے کی گرہیں چھیل کر صاف کرنا......الشَّئَ : چھیلنا اور خالص کو ردی سے جدا کرنا۔

نَقَّحَ وانْقَحَ الكَلَامَ : اصلاح کرنا۔درست کرنا۔نَقَّحَتِ السِّنُوْنُ الرَّجُلَ : کمزور کر دینا......وانْقَحَ الرَّجُلُ : قحط یا فقر کی وجہ سے تلوار کی زیبائش اتار لینا۔

تَنَقَّحَ شَحْمُهُ : چربی کم ہونا۔

اِنْتَقَحَ العَظْمَ : ہڈی سے گودا نکالنا۔

النَّقْح : مص۔گرمی کے زمانے کا سفید بادل۔

النَّقَح : خالص ریت۔

التَّنْقِيح : مص۔ظہور۔معنی کے ساتھ الفاظ کا اختصار۔

نَقَخَهُ (ف) نَقْخًا : مارنا۔نَقَخَ

دِمَاغَهٗ: توڑنا۔
اِنْقَفَخَ الْمُخُّ مِنَ الْعَظْمِ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
النُّقَاخُ: ٹھنڈا صاف پانی۔ نیند۔ آرام۔ امن۔ وَنُقَاخُ كُلِّ شَيْءٍ: خالص۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُقَاخُ الْعَرَبِيَّةِ" یہ خالص عربیت ہے۔
نَقَدَ (ن) نَقْدًا وَتَنْقَادًا الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: پرکھنا...... الْكَلَامَ: کلام کے عیوب ومحاسن کو ظاہر کرنا۔ نَقَدَ فُلَانًا وَلِفُلَانٍ الثَّمَنَ: نقد ادا کرنا۔ نَقَدَهٗ دِرْهَمًا: دینا...... الطَّائِرُ الْفَخَّ اَوِ الْحَبَّ: چونچ مارنا...... الرَّجُلُ الشَّيْءَ وَاِلَى الشَّيْءِ بِنَظْرِهٖ: چپکے چپکے نظر ڈالنا۔ چپکے چپکے گھورنا...... نَقَدَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔
نَقِدَ (س) نَقْدًا الضِّرْسُ اَوِ الْقَرْنُ: دانت یا سینگ کا ٹوٹنا۔ کرم خوردہ ہونا۔ صفت نَقِدٌ ...... الْحَافِرُ: کھر کا چھل جانا...... الْجِذْعُ: تنہ کا کیڑوں کے کھانے سے کھوکھلا ہونا۔
اَنْقَدَ الشَّجَرُ: درخت میں پتے ہونا۔
نَاقَدَهٗ مُنَاقَدَةً: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔
تَنَقَّدَ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: دراہم وغیرہ پرکھنا۔
تَنَاقَدَ الدَّرَاهِمَ: دراہم پرکھنا اور کھوٹا علیحدہ کرنا۔
اِنْتَقَدَ الدَّرَاهِمَ: نقد وصول کرنا۔ کھوٹا علیحدہ کرنا...... الشِّعْرَ عَلٰى قَائِلِهٖ: شعر کے عیوب ظاہر کرنا...... الْكَلَامَ: کلام کی تنقید کرنا۔ عیوب و محاسن ظاہر کرنا ...... الْاَرَضَةُ الْجِذْعَ: دیمک کا کھوکھلا کرنا۔ اِنْتَقَدَ الْوَلَدُ: لڑکے کا جوان ہونا۔
النَّقْدُ: مص۔ قیمت جو فوراً ادا کی جائے۔ دراہم۔ ج نُقُوْدٌ کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ نَقْدٌ" عمدہ کھرا درہم۔ النَّقْدَانِ چاندی وسونا۔
النِّقْدُ وَالنُّقْدُ: کم گوشت والا۔ دیر سے جوان ہونے والا۔

النَّقَدُ: مص۔ بھیڑوں کی ایک قسم جن کی ٹانگیں چھوٹی اور چہرہ بدشکل ہوتا ہے۔ واحد نَقَدَةٌ: مذکر ومؤنث دونوں کے لئے ج نِقَادٌ وَنِقَادَةٌ۔ النَّقَدُ: کمینے لوگ۔ النَّقَدُ مِنَ الصِّبْيَانِ: حقیر وذلیل بچہ کہ جس پر جوانی کا اثر ظاہر نہ ہو۔ النَّقَدُ وَالنُّقُدُ: ایک قسم کا درخت واحد نَقَدَةٌ وَنُقُدَةٌ۔
النَّاقِدُ: فا۔ ج نَقَدَةٌ وَنُقَّادٌ۔
اَنْقَدُ وَالْاَنْقَدُ: سیہی اور امثال عرب سے ہے "بَاتَ بِلَيْلِ اَنْقَدَ" یعنی وہ سویا نہیں اس لئے کہ سیہی پوری رات نہیں سوتا۔
الْاَنْقَدُ وَالْاِنْقِدَانُ: کچھوا۔
النَّقَّادُ: دراہم وغیرہ کا پرکھنے والا۔ رَاعِي النَّقَدِ (چھوٹی ٹانگ والی بھیڑ کا چرواہا)
مِنْقَادُ الطَّائِرِ: پرندے کی چونچ ج مَنَاقِيْدُ۔
الْمُنْتَقَدُ: مصدر میمی بمعنی اِنْتِقَادٌ۔
نَقَذَ (ن) نَقْذًا وَنَقَّذَ وَاَنْقَذَ فُلَانًا مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔
تَنَقَّذَهٗ وَاسْتَنْقَذَهٗ مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔
نَقِذَ (س) نَقَذًا: نجات پانا۔
النَّقَذُ: مص۔ سلامتی۔ پھسلنے والے کی سلامتی کی دعا کے لئے کہا جاتا ہے "نَقَذًا لَكَ" اور اس کی اصل "نَقَذَكَ اللّٰهُ نَقَذًا" ہے یعنی اللہ تمہیں محفوظ رکھے۔
النَّقَذُ: مص۔ چھڑایا ہوا اور کہا جاتا ہے "مَالَهٗ شَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
النَّقِيْذُ: دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔
النَّقِيْذَةُ: دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔ جیسے گھوڑا زرہ وغیرہ۔ ج نَقَائِذُ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِيْذَةُ بُؤْسٍ" وہ سختی سے چھڑایا ہوا ہے۔
الْاَنْقَذُ: سیہی۔
نَقَرَهٗ (ن) نَقْرًا: مارنا۔ نَقَرَ الْعُوْدَ اَوِ الدُّفَّ: بربط یا دف بجانا۔ فُلَانًا: عیب لگانا ...... الشَّيْءَ: چونچ سے سوراخ کرنا ...... الطَّائِرُ الْبَيْضَةَ عَنِ الْفَرْخِ: پرندہ کا بچہ نکالنے کے لئے انڈے میں سوراخ کرنا۔ نَقَرَ فِي الْحَجَرِ: پتھر پر لکھنا...... فِي النَّاقُوْرِ: بگل میں پھونکنا...... الطَّائِرُ الْحَبَّ: پرندہ کا ادھر ادھر سے دانہ چگنا...... الْحَجَرَ اَوِ الْخَشَبَ: لکڑی یا پتھر کھودنا۔ نَقَرَتِ الْخَيْلُ بِحَوَافِرِهَا: گھوڑوں کا کھروں سے کھودنا۔ نَقَرَ عَنِ الْاَمْرِ: چھان بین کرنا۔ نَقَرَ فُلَانًا: چٹکی بجانا۔ زبان کو تالو سے لگا کر آواز نکالنا۔ نَقَرْتُ بِالرَّجُلِ: قوم میں سے علیحدہ بلانا۔ نَقَرَ السَّهْمُ الْهَدَفَ: تیر کا نشانہ پر لگنا اور پار نہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "رَمَى الرَّامِي الْغَرَضَ فَنَقَرَهٗ" تیر پھینکنے والے نے نشانہ پر تیر لگایا۔
نَقِرَ (س) نَقَرًا عَلٰى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ نَقِرَتِ الشَّاةُ: نقرہ کی بیماری والی ہونا۔ نَقِرَ فُلَانٌ: فقیر ہونا۔
نَقَّرَ الطَّائِرُ فِي الْمَوْضِعِ: انڈے دینے کے لئے نرم کرنا...... فُلَانًا بِاسْمِ فُلَانٍ: جماعت کے درمیان نام لے کر پکارنا...... الشَّيْءَ وَعَنِ الشَّيْءِ: چھان بین کرنا...... عَلٰى فُلَانٍ: عیب لگانا اور بری معلوم ہونے والی باتوں کا ذکر کرنا۔ الطَّائِرُ الْحَبَّ: پرندہ کا ادھر ادھر سے دانہ چگنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے)
نَاقَرَهٗ مُنَاقَرَةً وَنِقَارًا: گفتگو میں لوٹ پھیر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ مُنَاقَرَةٌ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔
اَنْقَرَ عَنْهُ: رکنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهٗ فَمَا اَنْقَرَ عَنْهُ حَتّٰى قَتَلَهٗ" اس نے اسے مارا اور نہیں رکا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔ وَاَنْقَرَ الرَّجُلُ: گنگنا کر آواز نکالنا۔ چٹکی بجانا۔
تَنَقَّرَ الشَّيْءَ: چھان بین کرنا...... عَلَى الْاَهْلِ وَالْمَالِ: بددعا کرنا اور اَرَاحَنِي اللّٰهُ مِنْكُمْ وَذَهَبَ اللّٰهُ بِمَالِكُمْ (اللہ تعالیٰ مجھ کو تم سے راحت دیں اور تمہارے مال کو ضائع کر دیں) کہنا۔
اِنْتَقَرَهٗ: پسند کرنا۔ اِنْتَقَرَ الشَّيْءَ: چھان بین

کرنا۔اِنتَقَرَہٗ وانتَقَرَ بِہٖ :قوم کے درمیان سے علیحدہ بلانا......القَومَ وبِالقَومِ : خاص خاص لوگوں کو بلانا۔اِنتَقَرَتِ الخَیلُ بِحَوافِرِھَا نَقرًا : کھروں سے کھودنا۔اِنتَقَرَتِ السُّیُولُ نَقرًا: سیلاب کا گڑھے کر دینا۔اِنتَقَرَ الشَّیٔ:لکھنا۔

النَاقِر : فا۔نشانہ پر لگنے والا تیر۔ج نَوَاقِر۔

النَاقِرَۃ النَاقِر : کا مؤنث۔مصیبت۔درست دلیل۔ج نَوَاقِر اور کہا جاتا ہے "اَتَتنِی عَنہُ نَوَاقِر" اس سے مجھے تکلیف دہ باتیں پہنچیں۔

"وَاَخطَاَتْ نَوَاقِرُہٗ" یعنی وہ راہِ راست پر مستقیم نہیں رہا۔"وَبَینَھُم نَاقِرَۃٌ ونَقِرَۃٌ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔

النَاقُور :صُور یا بگل۔دل۔ج نَوَاقِیر۔

النُقَارَۃ: پتھر پر لکھنے سے جو باقی رہ جائے۔چونچ بھر۔اور کہا جاتا ہے "مَا تَرَکَ عِندِیْ نُقَارَۃٌ اِلَّا اِنتَقَرَھَا" میرے پاس جو کچھ تھا اس نے سب کچھ لکھ لیا۔

النَقر :مص۔چٹکی کی آواز۔پتھر کی کتابت۔

النِقر: کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

النَقِر :غضبناک۔کہا جاتا ہے "ھُوَ نَقِرٌ عَلَیکَ" وہ تمہارے اوپر غضبناک ہے۔

نُقَرہ: کی بیماری میں مبتلا اور کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ بِمَوضَعِ کَذَا نَقِرٌ" اس کے لئے فلاں جگہ میں پانی یا کنواں نہیں ہے۔

النَقَر :مص۔کہا جاتا ہے "اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ العَقَرِ والنَقَرِ" میں لنجاپن اور ضیاع مال سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

النَقَرٰی :عیب اور یہ نقر: فعل کا اسم ہے اور کہا جاتا ہے "دَعَوتُھُمُ النَقَرٰی" میں نے ان لوگوں کو خاص طور سے بلایا۔اور اس کے مقابلے میں "الجَفَلٰی" ہے جس کے معنی دعوت عامہ کے ہیں "بَنَاتُ النَقَرٰی" وہ عورتیں جو ہر اُس شخص کی عیب جوئی کریں جو اُن کے سامنے سے گزرے۔

النَقرَۃ.نقر: کا اسم مرۃ۔کہا جاتا ہے "مَا اَثَابَہٗ نَقرَۃً" اس نے اُس کو کچھ بھی فائدہ نہیں دیا "وَمَا اَغنَی عَنِّی نَقرَۃً" اس نے مجھ کو کچھ بھی فائدہ نہیں دیا اور یہ ہمیشہ نفی کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے۔

النِقرَۃ: گفتگو میں لوٹ پھیر اور جھگڑا۔

النُقرَۃ: چھوٹا گول گڑھا۔چاندی سونے کا پگھلایا ہوا ٹکڑا۔آنکھ کا گڑھا۔سرین کے وسط کا گڑھا۔گردن کے پچھلے حصہ کا گڑھا۔پرندہ کے انڈے دینے کی جگہ۔کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ج نُقَرٌ ونِقَارٌ۔

النَقِرَۃ.النَقِر : کا مؤنث۔پست زمین میں بلند جگہ۔

النُقَرَۃ:ایک قسم کی بیماری ہے جو بکری اور گایوں کی ٹانگ میں لاحق ہوتی ہے۔

النَقَّار :اسم مبالغہ۔امور اور خبروں کی چھان بین کرنے والا۔پتھر یا لکڑی میں کھدائی کا کام کرنے والا۔رکاب یا لگام میں نقش و نگار کرنے والا۔اس کے پیشہ کو النِقَارَۃ کہتے ہیں۔النَقَّار :ایک چھوٹا سا پرندہ جو درختوں پر چڑھتا ہے اور سوراخ کر کے کیڑے نکالتا ہے۔

النَقَّارَۃ.النَقَّار : کا مؤنث۔

النَقِیر : آواز۔کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔کھدا ہوا پتھر یا لکڑی۔تنہ جس کو کھود کر سیڑھی جیسی بناتے ہیں۔لکڑی کی جڑ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بناتے ہیں اور اس کی نبیذ تیز و تند ہوتی ہے۔النَقِیر :اصلیت کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیمُ النَقِیرِ" فلاں شریف الاصل ہے۔بہت محتاج' ایک کالے رنگ کی مکھی۔ج اَنقِرَۃ۔

النَقِیرَۃ: چھوٹی کشتی۔

الاَنقُور: کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

التَنقِیر :مص۔سیٹی بجانے کے مشابہ آواز۔

المِنقَر: کدال۔چھینی۔ج مَنَاقِر۔

المُنقُر والمُنقَر شراب بنانے کے لئے [illegible]

قیاس)۔ تنگ منہ کا کنواں یا بہت پانی والا گہرا کنواں حوض۔

المُنقِر :بہت کشادہ دودھ۔کہا جاتا ہے "ھُوَ مُنقِرُ العَینِ ومُنتَقِرُھَا" وہ دھنسی ہوئی آنکھ والا ہے۔

المِنقَار : کدال۔چونچ۔المِنقَار: جوتی موزہ کی نوک۔مِنقَار الدَّجَاجَۃِ ومِنقَارُ الغُرَابِ : دو ستاروں کے نام۔ومِنقَارُ الغُرَابِ :مونڈھے کی ایک ہڈی جس کو اَخرَم بھی کہتے ہیں۔

نَقَرَدَ نَقرَدَۃً فِی المَکَانِ : اقامت کرنا۔کہا جاتا ہے "مَا لَکَ مُنقَرِدًا" کوئی تمہارے لئے ٹھہرانے والا نہیں۔

النِقرِس : پیر کے جوڑوں کا آماس۔ہلاکت۔بڑی مصیبت۔ماہر رہنما۔طبیب حاذق۔گلاب کے پھول جیسی ایک چیز جس کو عورتیں بنا کر سر میں لگاتی ہیں ج نَقَارِس۔

النِقرِیس: ماہر رہنما۔طبیب حاذق۔

نَقَزَ (ن ض) نَقزًا ونَقَزَانًا ونِقَازًا الظَّبیُ : ہرن کا کودنا۔چلانگ مارنا۔صفت نَاقِزٌ۔نَقَزَہٗ عَنھُم: دفع کرنا۔ہٹانا۔

نَقَزَتِ الصَّبِیَّ اُمُّہٗ : بچے کا اُچھلنا۔نَقَّزَ فُلَانًا: کودانا۔

اَنقَزَ الرَّجُلُ : ہمیشہ صاف اور میٹھا پانی پینا۔ردی مال جمع کرنا۔نُقَاز کی بیماری والے جانوروں والا ہونا۔اَنقَزَ عَدُوَّہٗ: دشمن کو فوراً قتل کر دینا......عَنِ الشَّیٔ: رُکنا۔باز رہنا۔

اِنتَقَزَتِ الشَّاۃُ:نقاز: کی بیماری والی ہونا۔

اِنتَقَزَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ مِن مَالِہٖ :ردی مال دینا۔

اِنتَقَزَ لِفُلَانٍ شَرَّ الاِبِلِ : کسی کے لئے بُرے اونٹ پسند کرنا۔کہا جاتا ہے عَطَاءٌ نَاقِزٌ وذُونَاقِزٍ گھٹیا عطیہ۔

النَاقِزَۃ.النَاقِز کا مؤنث۔ج نَوَاقِز نَوَاقِزُ الدَّابَّۃِ: چوپایہ کی ٹانگیں۔

النُقَاز بِالضَّمِّ: طاعون کے مشابہ جانوروں کا ایک مرض۔

النِقز: خسیس مال۔گھٹیا قسم کے لوگ۔

النَّقزُ: کنواں۔
النِّقزُ: لقب۔
النَّقَزُ: لقب' گھٹیا مال' رذیل اور ادنیٰ درجہ کے لوگ واحد نَقَزَۃ۔
النِّقزُ: صاف میٹھا پانی۔
النُّقَازُ والنَّقَّازُ: ایک قسم کا پرندہ۔ چڑیوں کے بچے۔ ج نَقَاقِیزُ۔
المَنْقُوزُ. نُقَازُ: کی بیماری والا۔ مؤنث مَنْقُوزَۃٌ۔
نَقَسَ (ن) نَقْسًا. النَّاقُوسُ بِالخَشَبَۃِ: لکڑی سے ناقوس بجانا...... النَّاقُوسُ: ناقوس بجانا...... المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔
نَقَسَ (ن) نُقُوسًا. الشَّرَابُ: کھٹا ہونا۔ بَیْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا۔
نَقِسَہٗ (س) نَقْسًا: عیب لگانا۔ تمسخر کرنا۔ نَقِسَتْ نَفْسُہٗ: متلی آنا۔
نَقَّسَ فُلَانًا: لقب دینا...... الدَّوَاۃَ: دوات میں روشنائی ڈالنا۔ نَقَّسَہُمْ بِنَاقُوسِہٖ: ناقوس بجا کر لوگوں کو بلانا۔
نَاقَسَہٗ: عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَہُمَا مُنَافَسَۃٌ ومُنَاقَسَۃٌ" ان کے درمیان مفاخرت اور عیب گیری ہے۔
اِنْتَقَسَ: ناقوس بجانا۔
النَّاقِسُ: فا۔ کھٹا۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ نَاقِسٌ او شَرَابٌ نَاقِسٌ" کھٹا دودھ یا کھٹی شراب۔
النَّقَسُ: ایک قسم کا ناقوس۔ کھجلی۔ ج نُقُس
رَجُلٌ نَقِسٌ: لوگوں کی عیب گیری کرنے والا اور لقب رکھنے والا مرد۔
النِّقْسُ: روشنائی۔ ج اَنْقَاس واَنْقُس۔
الاَنْقَسُ: باندی بچہ۔ کھجلی والا۔
النَّقُوسُ: ایک قسم کی نباتات۔
النَّاقُوسُ: لکڑی یا لوہے کا بڑا ٹکڑا جس کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے سے بجاتے ہیں اور کبھی گھنٹہ کے لئے ناقوس کا کلمہ استعمال کرتے ہیں۔

النِّقَاسَۃُ: لقب دینا۔
نَقَشَ (ن) نَقْشًا الشَّیْءَ: مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا اور مزین کرنا...... العِذْقَ: کھجور کے خوشہ کو پکانے کے لئے کانٹوں سے مارنا...... الشَّوْکَۃَ مِنْ رِجْلِہٖ: پیر سے کانٹا نکالنا...... مَرْبَضَ الغَنَمِ: بکری کے باڑہ کو کنکر کانٹے وغیرہ سے پاک صاف کرنا...... عَنِ الشَّیْءِ: نہایت وضاحت کرنا...... فَصَّ الخَاتَمِ: انگوٹھی کے نگینہ پر نقش کرنا۔ الشَّعْرَ بِالمِنْقَاشِ: بال کو موچنے سے اکھیڑنا۔ الرَّحٰی: چکی کے دندانے بنانا...... الجَارِیَۃَ: جماع کرنا اور کہا جاتا ہے "مَا نَقَشَ مِنْہُ شَیْئًا" اس نے اس میں سے کچھ نہیں پایا۔
نَقَّشَ الشَّیْءَ: مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا۔
نَاقَشَہُ الحِسَابَ وفِی الحِسَابِ: حساب کی تفصیل سختی سے لینا۔ نَاقَشَ فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔
اَنْقَشَ عَلٰی غَرِیْمِہٖ: مقروض سے پورا وصول کرنا۔ نقش کے کھانے پر مداومت کرنا۔ (دیکھئے لفظ النقش)
تَنَقَّشَ جَمِیْعَ حَقِّہٖ مِنْ فُلَانٍ: سارا وصول کر لینا کچھ نہ چھوڑنا۔
اِنْتَقَشَ الشَّوْکَۃَ: کانٹا پیر سے نکالنا اور کبھی اِنْتِقَاش: توبہ کے لئے بطور استعارہ کے مستعمل ہوتا ہے...... الشَّیْءَ: نکالنا...... مِنْ زَیْدٍ جَمِیْعَ حَقِّہٖ: سارا حق وصول کر لینا کچھ نہ چھوڑنا۔ اِنْتَقَشَ فُلَانًا: پسند کرنا۔ تم کہتے ہو "اِنْتَقَشْتُکَ لِکَذَا" میں نے تم کو فلاں چیز کے لئے منتخب کیا و اِنْتَقَشَ لِنَفْسِہٖ خَادِمًا او غَیْرَہٗ: اس نے اپنے لئے خادم وغیرہ بنایا۔ اِنْتَقَشَ فُلَانٌ: نگینہ پر کندہ کرنے کا حکم دینا...... عَلٰی فَصِّہٖ کَذَا: نقش کئے جانے کا حکم دینا۔
النِّقَاشَۃُ: نقش و نگار کا پیشہ

النَّقْشُ: مص۔ زمین میں نشان۔ نقش و نگار از قسم تصور و بیل بوٹہ۔ ج نُقُوشٌ۔
النُّقْشُ: خشک کھجور جس کو توشہ دان میں رکھ کر پلنی ڈالیں۔ کہا جاتا ہے "دَامَ عَلٰی اَکْلِ النُّقْشِ" اس نے نقش کے کھانے پر مداومت کی۔
النَّقَّاشُ: نقش و نگار کرنے والا۔
النَّقِیْشُ: برتن میں متفرق سامان۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ نَقِیْشٌ" اس کی کوئی نظیر نہیں۔
المِنْقَشُ والمِنْقَاشُ: نقش و نگار کرنے کا آلہ۔ موچنا۔ ج مَنَاقِشُ. ومَنَاقِیْشُ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْرَجْتُ حَقِّیْ بِالمَنَاقِیْشِ" مجھے اپنے حق کے وصول میں تھکن لاحق ہوئی۔
المَنْقُوْشُ: مفع۔ دینار۔ پکی کھجور جس کو پکنے کے لئے کانٹا ماریں۔
الشَّجَّۃُ والمُنَقِّشَۃُ والمَنْقُوْشَۃُ: زخم جس سے ہڈیاں نکالی جائیں۔
نَقَصَ (ن) نَقْصًا وتَنْقَاصًا ونُقْصَانًا الشَّیْءُ: کم ہونا۔ گھٹنا۔ نَقَصْتُ الشَّیْءَ: گھٹانا۔ نَقَصْتُ زَیْدًا حَقَّہٗ: حق کم کر دینا' گھٹا دینا۔
نَقُصَ (ک) نَقَاصَۃً المَاءُ: پانی میٹھا و خوشگوار ہونا۔
نَقَّصَ الشَّیْءَ واَنْقَصَہٗ: گھٹانا۔
اِنْتَقَصَ الشَّیْءُ: گھٹنا...... الشَّیْءَ: گھٹانا الرَّجُلَ: عیب جوئی کرنا۔ اِنْتَقَصْتُہٗ حَقَّہٗ: حق کم کرنا۔
تَنَقَّصَ فُلَانًا: مذمت کرنا۔ نقص کی نسبت کرنا...... الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا لینا۔
تَنَاقَصَ الشَّیْءُ: آہستہ آہستہ گھٹنا۔
اِسْتَنْقَصَ الثَّمَنَ: قیمت گھٹانے کے لئے کہنا۔ تھوڑا پانا...... الرَّجُلَ: نقصان کی نسبت کرنا۔
النَّاقِصُ: فا۔ درہم ناقص۔ کم وزن کا درہم ج نُقَّص۔
النَّقْصُ: مص۔ یہ نقصان کے مانند ہے مگر فرق یہ ہے کہ نقصان کا استعمال دین اور

عقل میں نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَلَيْهِ نَقْصٌ فِيْ دِيْنِهِ وَ عَقْلِهِ" اور "دَخَلَ عَلَيْهِ نُقْصَانٌ فِيْ دِيْنِهِ وَعَقْلِهِ" نہیں کہا جاتا۔

النُّقْصَان: مص۔ گھٹی۔ کمی۔ کہا جاتا ہے "نُقْصَانُهُ كَذَا وَ كَذَا" اس کا نقصان اتنا اور اتنا ہے۔

النَّقِيْص: خوشگوار میٹھا پانی۔ ہر عمدہ و خوشبودار چیز۔

النَّقِيْصَة: عیب گیری۔ بری خصلت ج نَقَائِص۔

اَلْمُنَاقَصَةُ: ٹینڈر۔

المَنْقَصَة: کمی۔ نقصان۔ ج مَنَاقِص۔

نَقَضَ (ن) نَقْضًا الْبِنَاءَ: عمارت ڈھانا ...... العَظْمَ: ہڈی توڑنا ...... الْحَبْلَ: رسی کھولنا ...... الْعَهْدَ او الْاَمْرَ: مضبوطی کے بعد خراب کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَقَضَ فُلَانٌ وِتْرَهُ" یعنی فلاں نے اپنا بدلہ لے لیا۔

نَقَضَ (ن ض) نَقْضًا الْمَفْصَلُ او الْاَدِيْمُ و نَحْوُهُمَا: جوڑ یا چمڑے کا تڑتڑ کرنا۔

نَاقَضَ مُنَاقَضَةً ونِقَاضًا قَوْلُهُ الثَّانِيْ قَوْلَهُ الْاَوَّلَ: مخالف ہونا۔

اَنْقَضَتِ الْعُقَابُ: عقاب کا آواز نکالنا۔

اَنْقَضَ اَصَابِعَهُ: انگلیاں چٹخانا ...... الْكَمْأَةُ و عَنِ الْكَمْأَةِ: سانپ کی چھتری کو زمین سے نکالنا ...... بِالْمَعْزِ: بکری کو بلانا ...... الحِمْلُ الظَّهْرَ: بوجھل کرنا (...... ونَقَّضَ الكَمْءُ) سانپ کی چھتری کا زمین کو پھاڑنا۔ ونَقَّضَ الْاَرْضَ: مٹی علیحدہ کر دینا۔

تَنَقَّضَ الدَّمُ: خون ٹپکنا ...... الجُرْحُ: زخم سے خون بہنا ...... الحَبْلُ: رسی کا کھل جانا ...... البَيْتُ: تڑکنا۔ تَنَقَّضَتْ عِظَامُهُ: ہڈیوں سے آواز نکلنا ...... الْاَرْضُ عَنِ الْكَمْأَةِ: زمین کا پھٹنا۔

تَنَاقَضَ الْبِنَاءُ او الحَبْلُ: عمارت کا تڑکنا یا رسی کا کھلنا ...... القَوْلَانِ: ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔ تَنَاقَضَا الْبَيْعَ: بیع کو

توڑنا۔

اِنْتَقَضَ الْبِنَاءُ: عمارت کا تڑکنا ...... الحَبْلُ: رسی کھلنا ...... الجُرْحُ بَعْدَ بُرْئِهِ: زخم کا خراب ہونا ...... الْاَمْرُ بَعْدَ الْتِئَامِهِ: فساد ہونا۔ بگڑنا۔ اِنْتَقَضَتِ الطَّهَارَةُ: طہارت کا زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَقَضَ عَلَيْهِ الْبَلَدُ" یعنی شہر والوں نے بغاوت کی۔

النُّقَاضَة: بٹی ہوئی رسی کا جو حصہ کھول دیا جائے۔

النَّقْض: مص۔ مفاعلتن کا ساتواں حرف حذف کرنا اور پانچویں کو ساکن کرنا۔

النِّقْض: عمارت۔ ملبہ۔ کثرتِ سفر سے لاغر شدہ۔ خیمہ یا کمبل جو ادھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے۔ زمین کی باریک تہ جو سانپ کی چھتری سے پھٹ جائے۔ ج اَنْقَاض ونُقُوض۔

النُّقْض: عمارت کا جو حصہ ٹوٹ جائے۔ ج اَنْقَاض ونُقُوض۔

النَّقَض: کشتی کا ایک پیچ۔

النَّقَض: خیمہ یا کمبل جو ادھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے۔

النَّقْضَة۔ نَقْض: کا اسم مرة۔

النِّقْضَة۔ نِقْض: کا اسم نوع۔ کثرتِ سفر سے لاغر شدہ۔ کہا جاتا ہے نَاقَةٌ نِقْضَةٌ۔ ج اَنْقَاض۔

النَّقِيْض: مخالف۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هُوَ نَقِيْضُكَ" فلاں تمہارا مخالف ہے۔ مؤنث نَقِيْضَة۔ النَّقِيْضُ مِنَ الادَمِ و الرَّحْلِ والوَتَرِ وَالْاَصَابِعِ وَالْاَضْلَاعِ والمَفَاصِلِ ونَحْوِهَا: برعکس۔ مخالف۔ آواز۔

النَّقِيْض: چوزے، بچھو، مینڈک، عقاب، شتر مرغ کی آواز۔ نَقِيْضُ السَّقْفِ: چھت کی چرچراہٹ۔ نَقِيْضُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا رفع۔ مثلاً جب ہم کہیں کہ "كُلُّ اِنْسَانٍ حَيْوَانٌ بِالضَّرُوْرَةِ" تو اس کی نقیض اَنَّهُ لَيْسَ كَذٰلِكَ ہوگی۔

النَّقِيْضَان: دو [illegible] اجتماع ایک

جہت سے ممتنع ہو جیسے ایجاب و سلب۔

النَّقِيْضَة: پہاڑی راستہ۔ اسم مُنَاقَضَة کا والنَّقِيْضَةُ فِي الشِّعْرِ: نظم جو کسی نظم کے جواب میں ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الْقَصِيْدَةُ نَقِيْضَةُ قَصِيْدَةِ فُلَانٍ" یہ قصیدہ فلاں کے قصیدہ کے جواب میں ہے اور اسی سے ہے نَقَائِضُ جَرِيْرٍ و فَرَزْدَق۔

التَّنَاقُض: مص۔ باہم مخالف ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِيْ كَلَامِهِ تَنَاقُضٌ" یعنی اس کے کلام میں تخالف ہے۔ بعض کا بعض سے ابطال ہو جاتا ہے۔

نَقَطَ (ن) نَقْطًا الْحَرْفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ صفت فاعلی نَقَّاط اور صفت مفعولی مَنْقُوْط۔ (...... ونَقَّطَ) بِهِ الزَّمَانُ: زمانہ کا موافق ہونا۔ ونَقَّطَ الْحَرْفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ نَقَّطَ ثَوْبَهُ بِالْمِدَادِ او الزَّعْفَرَانِ: کپڑے کو روشنائی یا زعفران سے بوٹی دار بنانا۔

تَنَقَّطَ الْمَكَانُ: گھاس کے متفرق قطعے ہونا ...... فُلَانٌ الخَبَرَ: آہستہ آہستہ لینا۔

تَنَقَّطْتُ الْخُبْزَ: آہستہ آہستہ میں نے روٹی کھائی۔

النَّاقِط: فا۔ غلام کا غلام۔

النَّقْطَة۔ نَقَطَ: کا اسم مرة۔

النُّقْطَة۔ نقطہ: فل اسٹاپ۔ ج نِقَاط ونُقَط۔ کہا جاتا ہے "نِقَاطٌ او نُقَطٌ مِنَ الْكَلَأِ" گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ "وَمَا اخْتَلَفُوْا فِيْ نُقْطَةٍ" یعنی انہوں نے پوری طرح موافقت کی۔ ذرا بھی مخالفت نہ کی۔ نُقْطَةُ الدَّائِرَةِ: دائرہ کا مرکز۔

النَّقِيْط: غلام کا غلام۔

المَنْقُوْط: مفع۔ اَلْمَنْقُوْطُ مِنَ الشِّعْرِ: شعر جس کے تمام حروف نقطے والے ہوں۔ كِتَابٌ مَنْقُوْطٌ: کتاب جس میں اعراب لگے ہوئے ہوں۔

نَقَعَ (ف) نَقْعًا: آواز بلند کرنا ...... الْجَيْبَ: گریبان پھاڑنا ...... فُلَانًا: قتل کرنا

...... رِئَـفـسَـهٗ: بھوک مٹ میں جمع کرنا...... المَوْتُ: زیادہ ہونا...... فُلانًا بِالشَّتْمِ: بہت بری گالی دینا...... بِـالشَّرَابِ: شفا پانا...... الـدَّوَاءَ وَغَيْـرَهٗ فِي الـمَـاءِ: بھگونا...... الرَّجُلُ: مہمانوں کے لئے جانور ذبح کرنا۔

نَقَعَ (ف) نُقُوْعًا الصَّوْتُ: آواز بلند ہونا ......الصَّـارِخُ بِصَوْتِهٖ: لگاتار چلانا...... لَهٗ الشَّرَّ: ہمیشہ کرنا...... مِنَ المَاءِ وبِهٖ: سیراب ہونا...... السُّمُّ فِي أَنْيَابِ الْحَيَّةِ: زہر کا سانپ کے دانتوں میں جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَانَقَعْتُ بِخَبَرِهٖ" یعنی میں نے اس کی تصدیق نہیں کی۔

نَقَعَ (ف) نَـقْـعًا ونُقُوْعًا المَاءُ فِي بَطْنِ الْـوَادِيْ: پانی کا وادی میں جمع ہونا اور دیر تک ٹھہرنا...... الـمَاءُ الْعَطَشَ: پانی کا پیاس کو بجھانا۔

اِنْقَعَ الدَّوَاءَ وَغَيْرَهٗ فِي المَاءِ: بھگونا...... الصَّـارِخُ بِـصَوْتِهٖ: لگاتار چلانا...... الـمَاءُ فُلانًا: سیراب کرنا...... الـمَاءُ: زرد ہونا اور رنگ بدل جانا...... الـرَّجُل: مہمانی کے لئے ذبح کرنا...... الـحَيَّةُ السُّمَّ فِـي أَنْيَابِهَا: سانپ کا زہر کو اپنے دانتوں میں جمع کرنا...... لِـفُلانٍ شَـرًّا: دل میں چھپانا...... المَيِّتَ: میت کو دفن کرنا...... العَطَشُ: پیاس کا بجھنا۔

اِنْتَقَعَ الـنَّقِيْعَةَ: مہمانی کے لئے جانور ذبح کرنا...... الْقَومُ نَقِيْعَةً: تقسیم سے پہلے مالِ غنیمت کے کسی جانور کو ذبح کرنا۔

أُنْتُقِعَ لَوْنُهٗ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے چہرہ کا رنگ بدل جانا۔

اِسْتَنْقَعَ الصَّوْتُ: آواز بلند ہونا...... المَاءُ: پانی کا زرد اور متغیر ہونا...... فُلانٌ فِي النَّهْرِ: نہر میں داخل ہونا اور ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے دیر تک ٹھہرنا...... المَاءُ فِي الْغَدِيْرِ: پانی کا تالاب میں جمع ہونا۔

أُسْتُنْقِعَ لَوْنُهٗ: رنگ بدل جانا...... الشَّيْءُ فِي المَاءِ: بھگویا جانا۔

النَّـاقِعُ: قاتل۔ سَـمٌّ نَـاقِعٌ: زہر قاتل۔ دَوَاءٌ نَاقِعٌ: مفید دوا۔ دَمٌ نَاقِعٌ: تازہ خون۔

الـنَّقْعُ: مص۔ جمع شدہ پانی ج أَنْـقُـعٌ.

الـنَّقْـعُ: غبار۔ ج نِـقَـاع ونُـقُـوْع.

والنَّقْعُ: مکہ معظمہ کے قریب ایک جگہ کا نام۔ سنگستانی زمین جس میں پانی جمع ہو۔ نرم و ہموار زمین۔ پانی رکنے کی جگہ ج نِـقَـاع وانْقُع. نَقْعُ الْبِئْرِ: پانی جو کنوئیں میں جمع ہو۔ کنوئیں کے پانی کی زیادتی۔

النَّقَاع: خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن۔

الـنُّقَاعة: پانی وغیرہ جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔

الـنَّقْعَاء: نرم و ہموار زمین۔ سنگستانی زمین جس میں پانی جمع ہو۔ غبار۔ آواز۔ ج نِقَاع.

الـنَّقَّـاع: اسم مبالغہ۔ ایسے فضائل کا دعویٰ کرنے والے جو اس کے اندر نہ ہوں۔

الـنَّقُوْع: رنگ کہ جس میں خوشبو پڑی ہوئی ہو۔ میٹھا ٹھنڈا پانی۔ وہ چیز جو پانی میں بھگوئی جائے۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ نَـقُـوْعُ أُذُنٍ" فلاں ہر چیز تسلیم کر لیتا ہے۔

الـنَّقِيْع: خشک انگور کی شراب جو پانی میں بھگو کر بنائی جائے۔ ہر وہ چیز جس میں خشک کھجور بھگوئی جائے۔ ٹھنڈا میٹھا پانی۔ بہت پانی والا کنواں۔ ج أَنْقِعَة: چیخ۔ مرد جس کی ماں غیر قوم کی ہو۔ دَوَاءٌ نقيع: مفید دوا۔

الـنَّقِيْعَة: کھانا جو سفر سے واپس آنے والے کے لئے تیار کیا جائے۔ جانور جو مہمانی کے لئے ذبح کیا جائے۔ ج نَقَائِع اور اسی سے ہے "النَّاسُ نَقَائِعُ الْمَوْتِ" یعنی موت نے لوگوں کو ذبح کر دیا۔

الأنْـقَـع: اسم تفضیل۔ زیادہ پیاس بجھانے والا اور اسی سے مثال ہے "الـرَّشْفُ أَنْقَـعُ" یعنی تھوڑا تھوڑا کر کے پینا پیاس کے لئے زیادہ بجھانے والا ہوتا ہے۔ جلد بازی کے ترک کی مثال دی جاتی ہے۔

الأنْقُوْعَة: ہر ایسی جگہ جہاں پانی گر آئے "أُنْـقُـوْعَة الْمِيْزَابِ" پرنالے میں پانی بہنے کی جگہ۔

الـمُسْتَنْقَع: پانی جمع ہونے کی جگہ۔ تالاب کی وہ جگہ جہاں پانی میں گھس کر آدمی غسل کرے۔

الـمَنْقَـع: سمندر۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ پانی سے سیرابی۔ ج مَنَاقِع.

الـمِـنْـقَـع: برتن جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔

المُنْقَع: مٹکا۔ پتھر کا چھوٹا برتن۔ ہر وہ چیز جو بھگوئی جائے۔ خالص دودھ کہ جس کو ٹھنڈا کریں اور پئیں۔ سَـمٌّ مُنْقَعٌ: زہر جس میں اور زہر ملا کر قوت بڑھا دی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مُـنْـقَـعٌ" فلاں کی رائے سے تسلی ہوتی ہے۔

الـمُنْقُع: چھوٹی ہانڈی جس میں دودھ، کھجور ڈالتے ہیں اور بچہ کو کھلاتے ہیں۔

الـمِـنْـقَـعَة: خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن (...... والمَنْقَعَة) بمعنی مُنْقَع.

نَقَفَ (ن) نَـقْفًا هَامَةَ الرَّجُلِ: کھوپڑی توڑ دینا...... فُلانًـا: ہلکی ضرب مارنا...... الْـفَرْخُ الْبَيْضَـةَ: پرندہ کے بچے کا انڈے میں سوراخ کر کے نکلنا۔ الـرُّمَّـانَةَ: انار چھیل کر دانے نکالنا...... الـحَنْظَلَ ونَحْوَهٗ: اندرائن توڑ کر دانہ نکالنا۔ صفت فاعلی ناقف اور صفت مفعول نَـقِيْفٌ ومَـنْـقُـوْف...... الشَّـرَابَ: صاف کرنا اور بقول بعض ملانا ......عَـنِ الشَّيْءِ: کھود کرید کرنا۔ نَـقَـفَـهٗ بِظُفُرِهٖ: ناخن سے مارنا۔

نَاقَفَه مُنَاقَفَةً نِقَافًا: سر پر تلوار مارنا۔

أَنْـقَفَ الْجَرَادُ الْوَادِيَ: انڈوں سے بھر دینا ......فُلانًـا الْعَظْمَ: ہڈی سے مغز نکالنے کے لئے دینا (...... وتَـنَـقَّفَ الْـحَـنْظَلَ) دانہ نکالنے کے لئے اندرائن توڑنا۔

اِنْتَقَفَ الشَّيْءَ: نکالنا...... الـحَـنْظَلَ: دانہ نکالنے کے لئے اندرائن کو توڑنا۔

رَجُلٌ نِقَاف: دور اندیش مرد۔ کہا جاتا ہے

"جَاءَا فِيْ نِقَافٍ وَاحِدٍ" وہ دونوں برابر برابر آئے کوئی آگے پیچھے نہیں تھا اور نِقَاف: اصل میں ان دو بچوں کو کہتے ہیں جو ایک ہی انڈے سے نکلیں اور کہا جاتا ہے "اَلْيَوْمَ قِحَافٌ وَغَدًا نِقَافٌ" آج شراب نوشی کا دن ہے اور کل معاملہ ہے۔
النِّقْف والنَّقُف: بچہ جس وقت کہ انڈے سے نکلے۔
النَّقَفَة: پہاڑ کی چوٹی یا ٹیلہ پر چھوٹا سا گڑھا۔
النَّقَّاف: اصرار کے ساتھ سوال کرنے والا۔ سوال کرنے میں حریص۔ لکڑی کا بہت چھیلنے والا۔ رَجُلٌ نَقَّافٌ: مرد دور اندیش۔
النَّقَّافَة: سوال کرنے میں حریص۔
النَّقِيف: تنہ جس کو دیمک نے کھا لیا ہو ج نُقُفٌ.
المِنْقَاف: پرندے کی چونچ۔ ایک قسم کی کوڑی۔
المَنْقُوف: مفع۔ زرد رو۔ دُبلا پتلا۔ کمزور جِذْعٌ مَنْقُوفٌ: دیمک خوردہ تنہ۔ عَيْنَانِ مَنْقُوفَتَانِ: سرخ آنکھیں۔
نَقَلَ (ن) نَقْلاً الشَّيْءَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا...... خُفَّ البَعِيْرِ او الثَّوْبَ او النَّعْلَ: پیوند لگانا اور درست کرنا...... الكَلَامَ عَنْ قَائِلِهِ: روایت کرنا...... الكِتَابَ: نقل کرنا...... الكِتَابَ إِلٰى لُغَةِ كَذَا: ترجمہ کرنا۔
نَقَّلَ الشَّيْءَ: زیادہ منتقل کرنا...... الخُفَّ او الثَّوْبَ: پیوند لگانا اور درست کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ نَقَّلَتِ الشَّجَّةُ العَظْمَ: زخم کا ہڈی توڑنا...... فُلَانٌ الضَّيْفَ: مہمان کو نقل کھلانا (دیکھئے نقل)۔
نَاقَلَ الفَرَسُ: جلدی جلدی ٹانگیں اٹھانا۔ دوڑنے میں پتھروں سے بچنا۔ نَاقَلْتُهُ الحَدِيْثَ: میں نے اس سے اور اس نے مجھ سے روایت کی۔ نَاقَلَهُ الأَقْدَاحَ: ایک دوسرے سے لینا دینا۔ نَاقَلْتُ فُلَانًا: پینے میں کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا۔ نَاقَلَ الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ: ایک شاعر کا دوسرے شاعر سے مقابلہ کرنا۔
انْقَلَ الخُفَّ او النَّعْلَ: درست کرنا۔
تَنَقَّلَ مِنْ مَكَانٍ إِلٰى آخَرَ: منتقل ہونا۔ زیادہ منتقل ہونا...... الرَّجُلُ: نقل کھانا۔
تَنَاقَلُوا الحَدِيْثَ فِيْمَا بَيْنَهُمْ: بعض کا بعض سے نقل کرنا۔
اِنْتَقَلَ مِنْ مَكَانٍ إِلٰى آخَرَ: منتقل ہونا۔ فُلَانٌ إِلٰى رَحْمَةِ اللّٰهِ او إِلٰى رِضْوَانِهِ: مرنا۔ اِنْتَقَلَ الفَرَسُ: چلنے میں پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کی جگہ میں رکھنا۔
النَّاقِلُ: فا۔ ج نَاقِلُوْنَ ونَقَلَةٌ.
النَّاقِلَة۔ النَّاقِل: کا مؤنث ج نَوَاقِل. ونَوَاقِلُ الدَّهْرِ: حوادث زمانہ۔ جو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بدلیں۔
النَّاقِلَةُ مِنَ النَّاسِ: وہ لوگ جن کی عادت ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی ہو۔
نَوَاقِلُ العَرَبِ: وہ لوگ جو ایک قبیلہ سے دوسری قبیلہ کی طرف منتقل ہوں اور اسی کی طرف اپنی نسبت کریں۔
النِّقَال: مصدر ناقل: چوڑے چھوٹے تیر کے پھل واحد نَقَلَةٌ. النِّقَال: اُونٹ کا بغیر کسی کے خود پینا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الإِبِلُ نِقَالًا" اونٹ نے خود بخود پانی پیا۔
النَّقَّال: اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرے۔ فَرَسٌ نَقَّالٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
النَّقْل: مص۔ پرانا جوتا یا موزہ۔ کہا جاتا ہے "نَعْلٌ نَقْلٌ وخُفٌّ نَقْلٌ" النُّقْل والنَّقْل: وہ چیز جو شراب کے ساتھ استعمال کی جائے جیسے پستہ سیب وغیرہ۔ ج نُقُوْل ونُقُوْلَات: مختصر راستہ۔
النَّقْل عِنْدَ أَهْلِ العَرَبِيَّةِ: ایک لفظ کو ایک معنی کے لئے وضع کر لینے کے بعد دوسرے معنی کے لئے وضع کرنا۔
النِّقْل: پرانا جوتا یا چرمی موزہ۔
النَّقَل: پرانا جوتا یا چرمی موزہ۔ ج انْقَال ونِقَال. النَّقَل: شور و شغب کے ساتھ جواب۔ تیر کا پر جو ایک تیر سے نکال کر دوسرے میں لگایا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرِشْ سَهْمِي بِنَقَلٍ" تباہ شدہ مکان کا ملبہ۔ چھوٹے چھوٹے پتھر۔ مختصر راستہ۔
مَكَانٌ نَقِلٌ: چھوٹے چھوٹے پتھر والی جگہ۔
رَجُلٌ نَقِلٌ: حاضر جواب۔ سخت جھگڑالو۔
النَّقْلَة: نقل کا اسم مرۃ۔ نِقَال کا واحد۔
النُّقْلَة: اسم ہے بمعنی انتقال۔ چغلی۔ ج نُقَلٌ.
النِّقْلَة۔ نَقَل: کا اسم نوع۔ عورت جس کو کبرسنی کی وجہ سے پیغام نہ دیا جائے۔ ج نِقَلٌ.
النَّقِيْل: مسافر (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَقِيْلٌ وامْرَأَةٌ نَقِيْلٌ" مسافر مرد مسافر عورت۔ سیلاب جو بارش شدہ زمین سے خشک زمین میں آئے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا فَرَسٌ ذُوْ نَقِيْلٍ" یہ گھوڑا تیز رفتار ہے۔
النَّقِيْل: مختصر راستہ۔ جوتے۔
النَّقِيْلَة: مسافر عورت۔ جوتہ یا چرمی موزہ کا پیوند۔ ج نَقَائِل ونَقِيْل.
فَرَسٌ مُنَاقِلٌ ونَقَّالٌ ومِنْقَلٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
المُنْقَل: پہاڑی راستہ۔ مختصر راستہ۔ پرانا جوتا۔ یا پرانا چرمی موزہ۔
المَنْقَلَة: سفر کے منازل میں سے ایک منزل۔ ٹکڑا جو اُونٹ کے کھر میں لگایا جائے۔ أَرْضٌ مَنْقَلَةٌ: چھوٹے چھوٹے پتھروں والی زمین۔
المِنْقَلَة: نقل مکانی کا آلہ۔ ج مَنَاقِل والمِنْقَلَةُ عِنْدَ المُوَلَّدِيْنَ: ایک قسم کا کھیل ہے جو ایک لمبی لکڑی سے بناتے ہیں اور اس میں چودہ گڑھے دو صف میں بناتے ہیں اور ہر گڑھے میں سات سات کنکریاں ڈالتے ہیں اور پھر اس کو گھماتے ہیں۔
نَقَمَ (ض) ونَقِمَ (س) نَقْمًا ونَقَمًا مِنْ فُلَانٍ: سزا دینا...... الأَمْرَ عَلٰى فُلَانٍ او مِنْ فُلَانٍ: عیب لگانا۔ بہت مکروہ جاننا۔ کہا جاتا

ہے "نَقِمَ فُلَانٌ وِتْرَهٗ" یعنی بدلہ لیا۔ "وَمَا تَنْقِمُ مِنَّا" نہیں طعن و تشنیع کرتے ہو تم (…… نَقْمًا) الشَّیْءَ: جلدی کھانا۔
نَقَّمَ تَنْقِيْمًا: بہت زیادہ مکروہ جاننا۔
اِنْتَقَمَ مِنْهُ: سزا دینا۔
اَلنَّقَمُ: مص ـ راستہ کا وسط۔
النَّقْمَةُ والنِّقْمَةُ والنَّقِمَةُ اسم ہے انتقام کا۔ سزا۔ بدلہ۔ ج نِقَمٌ ونَقِمٌ ونَقِمَاتٌ.
النَّقِيْمَةُ: بدل ہے نَقِيْبَةٌ سے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَيْمُوْنُ النَّقِيْمَةِ" فلاں پاک نفس ہے۔
نَقْنَقَ الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹرٹر کرنا۔ نَقْنَقَتِ الْعَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔
النِّقْنِقُ: نر شتر مرغ۔ ج نَقَانِقُ.
نَقَهَ (ف) نُقُوْهًا ونَقِهَ (س) نَقَهًا. فُلَانٌ مِنْ مَرَضِهٖ: صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔ صفت نَاقِهٌ ج نُقَّهٌ. (…… نَقْهًا ونُقُوْهًا ونَقَهَانًا) الْحَدِيْثَ: سمجھنا۔ صفت نَقِهٌ وناقِهٌ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَفْقَهُ وَلَا يَنْقَهُ" فلاں نہیں سمجھتا ہے۔
اَنْقَهَهُ اللّٰهُ مِنْ مَرَضِهٖ: مرض سے عافیت دینا …… فُلَانًا الْحَدِيْثَ: سمجھانا اور کہا جاتا ہے "اَنْقِهْ لِيْ سَمْعَكَ" یعنی میری طرف کان لگا۔
اِنْتَقَهَ مِنَ الْحَدِيْثِ: تسلی پانا …… مِنْ مَرَضِهٖ: مرض سے صحت یاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔
اِسْتَنْقَهَ: پوچھنا …… الْحَدِيْثَ: سمجھنا۔
النَّقْهَةُ. نَقَهَ: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَرْضَةٌ ونَقْهَةٌ" اس کے لئے ہر سال میں ایک دفعہ مرض ایک دفعہ صحت ہے۔
نَقَا يَنْقُوْ نَقْوًا. الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
نَقِيَ يَنْقَى نَقَاوَةً ونَقَاءً ونَقَاءَةً ونُقَاوَةً ونَقَايَةً: صاف ستھرا ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ خالص ہونا۔ صفت نَقِيٌّ.
نَقَّاهُ تَنْقِيَةً واَنْقَاهُ اِنْقَاءً: صاف ستھرا کرنا۔ چننا۔ نَقَّى واَنْقَى الطَّعَامَ: غلہ کا کوڑا کرکٹ نکالنا۔ اَنْقَى الْبُرُّ: موٹا دانہ ہونا۔ اَنْقَتِ الْإِبِلُ وغَيْرُهَا: موٹا ہونا۔ گودے دار ہونا۔ صفت مُنْقِيَةٌ ج مُنْقِيَاتٌ. واَنْقَى الْعُوْدُ: لکڑی کا تر ہونا۔
اِنْتَقَاهُ اِنْتِقَاءً: چننا۔ اِنْتَقَى الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
تَنَقَّاهُ تَنَقِّيًا: چننا۔ تَنَقَّى الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
نَقَاوَةُ الشَّیْءِ ونُقَاوَتُهٗ ونَقَايَتُهٗ ونَقَاتُهٗ: عمدہ حصہ۔ خلاصہ۔ نُقَاوَةٌ کی جمع نُقَاوٰی و نُقَاءٌ اور نَقَايَةٌ کی جمع نَقَايَا ونُقَاءٌ.
نَقَاةُ الطَّعَامِ ونُقَاتُهٗ ونَقَايَتُهٗ ونُقَايَتُهٗ: غلہ کا کوڑا کرکٹ۔ النَّقَاةُ: ریت کا ٹیلہ جس پر کچھ نہ اُگے۔
النَّقَاوَةُ: ایک قسم کی نباتات جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ ج نَقَاوٰی.
النَّقَا: ریت کا محدب ٹیلہ۔ مثنی نَقَوَانِ ونَقَيَانِ ج اَنْقَاءٌ ونُقِیٌّ ونُقْيَانٌ. بنات النَّقَا: ایک قسم کا کیڑا جو ریت میں رہتا ہے اور اس کو شَحْمَةُ النَّقَا بھی کہا جاتا ہے۔
النِّقَا والنِّقْوُ والنِّقُو: گودے دار ہڈی ج اَنْقَاءٌ.
النَّقْوَةُ: چیز کا عمدہ حصہ۔
النِّقَةُ: ثِقَةٌ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "ثِقَةٌ نِقَةٌ" اور اس کی اصل نِقْوٌ ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور اس کے عوض میں تا لایا گیا ہے۔
النَّقِیُّ: صاف ستھرا۔ ج نِقَاءٌ واَنْقِيَاءُ ونُقَوَاءُ.
الاَنْقَى: اسم تفضیل۔ مؤنث نُقْوٰی. رَجُلٌ اَنْقَى: باریک ہڈیوں والا مرد۔ مؤنث نَقْوَاءُ فَخِذٌ نَقْوَاءُ: باریک ہڈی کم گوشت والی ران۔
نَقَى يَنْقِيْ نَقْيًا الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
نَقِيَهٗ يَنْقَاهُ نَقَاءً: ملاقات کرنا۔
النِّقْیُ: ہڈی کا مغز۔ موٹاپا کی …… سے آنکھ …… کی چربی۔ ج اَنْقَاءٌ.
النَّقِيَّةُ: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَقِيَّةَ حَقٍّ" میں نے کلمہ حق سنا۔
النَّقِیُّ: صاف ستھرا۔ ج نِقَاءٌ واَنْقِيَاءُ ونُقَوَاءُ.
النَّقِيَّةُ. النَّقِیُّ: کا مؤنث۔ کلمہ۔ ج نقايا.
المُنَقِّیُ والمُنْقِیْ: راستہ۔
نَكَأَ (ن) نَكْأً. عَلَى الْغَرِيْمِ: قرض دار پر سختی برتنا …… الْعَمَلَ: درست کرنا۔
نَكَأَ (ف) نَكْأً الْقُرْحَةَ: زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا …… الْعَدُوَّ و فِي الْعَدُوِّ: قتل و خونریزی کرنا …… فُلَانًا حَقَّهٗ: کسی کا حق پورا کرنا۔
اِنْتَكَأَ اِنْتِكَاءً حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ: حق وصول کرنا۔ قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زُكَاةٌ نُكَاةٌ" وہ مادہ جب کو جلدی ادا کرتا ہے ٹالتا نہیں۔
نَكَبَ (ن) نَكْبًا ونُكُوْبًا عَنْهُ: تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا (…… نَكْبًا) الشَّیْءَ وبِهٖ: ڈال دینا۔ الاِنَاءَ: برتن سے سب کچھ بہا دینا …… الْكِنَانَةَ: ترکش سے سب کچھ بکھیر دینا۔
نَكَبَتِ الْحِجَارَةُ رِجْلَهٗ: پتھر کا پیر کو زخمی کرنا (…… نَكْبًا ونَكَبًا) الدَّهْرُ فُلَانًا: مصیبت پہنچانا۔ نَكَبَتْ نُكُوْبًا الرِّيْحُ: ہوا کا بے رخ چلنا۔
نَكَبَ (ن) نِكَابَةً ونُكُوْبًا فُلَانٌ عَنْ قَوْمِهٖ: مددگار قابل بھروسہ ہونا۔
نَكِبَ (س) نَكَبًا عَنِ الطَّرِيْقِ: راستہ سے ہٹ جانا …… الْبَعِيْرُ: نکب بیماری والا ہونا (دیکھئے بیماری نکب) …… الرَّجُلُ: بیمار کندھے والا ہونا۔
نُكِبَ: مصیبت زدہ ہونا۔
نَكَّبَ. عَنِ الطَّرِيْقِ: راستہ سے ہٹ جانا، الگ ہونا …… الشَّیْءَ: الگ کرنا اور کہا جاتا ہے "نَكَّبَهُ الطَّرِيْقَ و نَكَّبَ بِهِ الطَّرِيْقَ ونَكَّبَ بِهٖ عَنِ الطَّرِيْقِ" یعنی اس نے اسے راستہ سے ہٹا دیا۔

نَاكَبَهُ: مونڈھے کے مقابل ہونا۔
تَنَكَّبَ عَنْهُ: الگ ہونا۔ بچنا۔ گوشہ گیر ہونا۔ کندھا پھیر کر دوسرے کی جانب متوجہ ہونا ...... عَلَى الشَّئِ: ٹیک لگانا...... كِنَانَتَهُ او قَوْسَهُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا اور کہا جاتا ہے "تَنَكَّبْ عَنْ وَجْهِي" میرے سامنے سے ہٹ جاؤ۔
اِنْتَكَبَ الرَّجُلُ كِنَانَتَهُ او قَوْسَهُ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا۔
النَّكْب: مص۔ مصیبت۔ ج نُكُوب.
النَكِب: وہ شخص جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔
النَكَب: مص۔ کسی چیز میں تھوڑی سی کجی۔ ایک بیماری جو اونٹوں کے مونڈھے میں ہوتی ہے جس سے وہ لنگڑا ہو جاتا ہے اور کچھ ٹیڑھا چلنے لگتا ہے۔
الاَنْكَبُ: جس کے پاس کمان نہ ہو۔ نکب کی بیماری والا اونٹ۔ جس کا ایک مونڈھا دوسرے سے بلند ہو۔ مردستم گار۔ جفا کار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَنْكَبُ عَنِ الْحَقِّ وَنَاكِبٌ عَنْهُ" حق سے اعراض کرنے والا مرد۔
النَكْبَاء. الاَنْكَبُ: کا مؤنث۔ رِيحٌ نَكْبَاء: خلاف رخ چلنے والی یا دو ہواؤں کے درمیان چلنے والی ہوا۔ ج نُكُبٌ ونَكْبَاوَات. نُكُبُ رِيَاح: چار ہیں۔ الاَزْيَب: صبا اور جنوب کے درمیان۔ ۲۔ الصَّابِية: صبا اور شمال کے درمیان اور اس کو نُكَيْبَاء بھی کہتے ہیں اور یہ تصغیر تعظیم کے لئے ہے اس لئے کہ عرب اس کو بہت ٹھنڈی سمجھتے ہیں۔ ۳۔ الجِرْبِيَاء: شمال اور دبور کے درمیان اور الهَيْف: جنوب اور دبور کے درمیان۔
النَكْبَة. نَكَبَ: کا اسم مرۃ۔ مصیبت۔ ج نَكَبَات.
النُكْبَة: غلہ کی غیر معین مقدار۔ ج نُكَب.
النَكِيب: کھر کا گرداگرد۔

المِنْكَاب: مردستم گار و جفا کار۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مِنْكَابٌ عَنِ الْحَقِّ: حق سے روگردانی کرنے والا مرد۔
المَنْكِب: مونڈھا۔ ج مَنَاكِب کہا جاتا ہے "تَشَابَهَتْ مِنْهُمُ الْمَنَاكِبُ و الرُّؤُوسُ" وہ سب مساوی ہیں کوئی ان میں بڑھا ہوا نہیں اور کہا جاتا ہے "هَزَّ مَنْكِبَهُ لِكَذَا" وہ فلاں چیز سے خوش ہوا۔ "وَفُلَانٌ مَعِيَ عَلَى حَدِّ مَنْكِبٍ" فلاں مجھ سے کنارہ کش ہے۔ المَنْكِبُ: پہلو۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا فِي مَنْكِبٍ مِنَ الْاَرْضِ او الْجَبَلِ" ہم زمین یا پہاڑ کے پہلو میں چلے۔ المَنْكِبُ مِنَ الْقَوْمِ: چودھری مددگار...... مِنَ الْاَرْضِ: اس کی بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِمْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا" اس کی بلند جگہوں میں چلو۔ مَنْكِبُ الْجَوْزَا و مَنْكِبُ ذِي الْعِنَانِ و مَنْكِبُ الْفَرَسِ: ستاروں کے نام۔
المَنَاكِب. مَنْكِب: کی جمع...... فِي رِيشِ الطَّائِرِ: پرندہ کے بڑے پروں کے بعد چار پر (جمع ہے اس کا واحد نہیں)
المَنْكُوب: مفع۔ مصیبت زدہ (...... النَكِيبُ) جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔
نَكَتَ (ن) نَكْتًا الْاَرْضَ بِقَضِيبٍ او بِاِصْبَعِهِ: سوچ کی حالت میں چھڑی یا انگلی سے زمین کو کریدنا...... النَّاسَ بِالْحَصَى: زمین پر کنکری پھینکنا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا اُچھلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ الفَرَسُ يَنْكُتُ" گھوڑا اُچھلتا ہوا گزرا...... العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا...... فُلَانًا: سر کے بل گرانا اور اسی سے ہے "لَاَنْكُتَنَّ بِكَ الْاَرْضَ" میں تجھ کو زمین پر سر کے بل گرادوں گا...... كِنَانَتَهُ: ترکش سے بکھیر دینا۔
نَكَتَ الرُّطَبُ: پکنا شروع ہونا...... فِي

اِنْتَكَتَ: سر کے بل گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَكَتَهُ فَانْتَكَتَ" اس نے اسے سر کے بل گرایا وہ گر گیا۔
النُّكْتَة: داغ۔ زمین میں کریدنے کا اثر۔ ج نُكَتٌ ونِكَاتٌ. النُّكْتَةُ: آئینہ یا تلوار میں دھبہ۔ مشکل مسئلہ جو دقت نظر سے حاصل ہو۔ لطیفہ۔
النَكَّات: بڑا نکتہ چیں بڑا آہو گیر۔ وہ شخص جو اپنے کلام میں لطائف بیان کرے۔
النَكِيت: مطعون۔ وہ شخص جسے طعن تشنیع کیا گیا ہو۔
المَنْكُوت: مفع۔ سر کے بل گرا ہوا۔
نَكَثَ (ن ض) نَكْثًا الْعَهْدَ او الْبَيْعَ: عہد کو توڑنا۔ بیع کو فسخ کرنا...... الحَبْلَ او الكِسَاءَ: رسی یا کمبل ادھیڑنا...... المِسْوَاكَ: مسواک کی کوچی بنانا۔
تَنَاكَثُوا عُهُودَهُمْ: آپس میں معاہدہ توڑ دینا۔
اِنْتَكَثَ. الحَبْلُ وَغَيْرُهُ: رسی وغیرہ کا اُدھیڑا جانا...... السِّوَاكُ: کوچی بننا...... فُلَانٌ مِنْ حَاجَةٍ اِلَى اُخْرَى: ایک کام سے ہٹ کر دوسرے میں لگنا۔
النُكَاث: پھنسیاں جو اونٹ کے منہ میں نکلتی ہیں۔
النُّكَاثَة: رسی کا ادھڑا ہوا کنارہ۔
النِكْث: دوبارہ کاتنے کے لئے ادھیڑا ہوا کمبل یا خیمہ۔ ج اَنْكَاث کہا جاتا ہے "حَبْلٌ نِكْثٌ وَاَنْكَاثٌ" اُدھیڑی ہوئی رسی۔
النَكِيث: ادھیڑا ہوا۔ مؤنث نَكِيثَة.
النَكِيثَة: نفس۔ طبیعت۔ قوت۔ پوری طاقت۔ مشکل کام جس میں لوگ اپنے عہد کو توڑ دیں۔ اور کہا جاتا ہے "قَالَ قَوْلًا لَا نَكِيثَةَ فِيهِ" اس نے ایسی بات کہی جس میں خلاف وعدگی نہیں "وَصَرَفَ فِيهِ نَكِيثَتَهُ" اس نے اس میں پوری طاقت صرف کی۔ "وَقَعُوا فِي النَّكِيثَةِ" وہ مشکل

کام میں پڑ گئے۔ "هُوَ فُوْ نَكِيْثَةٍ حَسَنَةٍ" وہ اچھی طبیعت والا ہے۔ ج نَكَائِث.

النَّكَاث: بنے ہوئے کو پرانا ہونے کے بعد ادھیڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "بَعِيْرٌ مُنْتَكِثٌ" لاغر و دبلا اُونٹ۔

نَكَحَ (ف ض) نِكَاحًا ونَكْحًا المَرْأَةَ: عورت سے شادی کرنا۔ نَكَحَتِ المَرْأَةُ: عورت کا شادی کرنا۔ صفت نَاكِحٌ ونَاكِحَةٌ. نَكَحَ المَطَرُ الاَرْضَ: بارش کا زمین میں جذب ہونا...... الدَّوَاءُ فُلَانًا: دوا کا کسی کے اندر اثر کرنا...... النُّعَاسُ عَيْنَهُ: آنکھوں میں نیند کا غالب ہونا۔

اَنْكَحَهُ المَرْأَةَ: شادی کرانا۔

تَنَاكَحُوْا: ایک دوسرے سے شادی کرنا۔

تَنَاكَحَتِ الاَشْجَارُ: درختوں میں آپس میں گتھ جانا۔

اِسْتَنْكَحَ الرَّجُلُ المَرْأَةَ: شادی کرنا۔ فِـي بَنِـي فُلَانٍ: نکاح کرنا...... النَّوْمُ عُيُوْنَهُمْ: نیند کا غالب آنا۔

اَلنُّكَحُ: سخت پرہیزگار (عامی لفظ)

المَنَاكِحُ: عورتیں۔

نَكَخَ (ف) نَكْخًا فُلَانًا فِي حَلْقِهِ: حلق میں مکا مارنا۔ نیزہ مارنا۔

نَكَدَ (ن) نَكْدًا فُلَانًا حَاجَتَهُ: محروم کر دینا، تھوڑا سا دینا۔ نَكَدَ الغُرَابُ: کوے کا بہت کاؤں کاؤں کرنا...... القَوْمُ الرَّجُلَ: کثرت سوال سے تنگ دست بنا دینا۔ نَكِدَ الرَّجُلُ: بہت سوال والا اور کم داد و دہش والا ہونا۔

نَكِدَ (س) نَكَدًا العَيْشُ: تنگ ہونا...... الرَّجُلُ: تنگ گزاران والا ہونا۔ نَكِدَتِ البِئْرُ: کنوئیں میں کم پانی ہونا۔

نَكَّدَ. عَيْشَهُ: زندگی کو تنگ بنا دینا...... فُلَانًا: مکدر زندگی والا کر دینا۔

نَاكَدَهُ: سختی برتنا۔

اَنْكَدَهُ: کم داد و دہش والا پانا۔

تَنَكَّدَ. عَيْشَهُ: مکدر ہونا۔

تَنَاكَدَا: باہم سختی برتنا۔

النَّاكِد: فا۔ نَاقَةٌ نَاكِدٌ: کم دودھ والی اونٹنی، وہ اونٹنی جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ ج نُكُدٌ...... رَجُلٌ نَكِدٌ ونَكْدٌ ونَكَدٌ: دشوار خو۔ کم داد و دہش والا۔ ج اَنْكَادٌ ومَنَاكِيد.

اَرَضُوْنَ نِكَادٌ: کم نباتات والی زمین۔

النُّكْدُ: بے دودھ والی اونٹنیاں۔ بہت دودھ والی اونٹنیاں (ضد) واحد نَكْدَاءُ.

النُّكْد والنَّكَد: کم داد و دہش۔ مَاءٌ نَكْدٌ: کم پانی۔

الاَنْكَد: مرد دشوار خو۔ کم داد و دہش والا۔ مؤنث نَكْدَاءُ ج نُكْدٌ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُنْكِدًا" وہ آیا اس حال میں کہ اس کا آنا اچھا نہیں اور یا یہ کہ خالی خولی آیا۔

عَطَاءٌ مُنَكَّدٌ ومَنْكُوْدٌ: تھوڑا عطیہ۔ رَجُلٌ مَنْكُوْدٌ: وہ مرد جس سے سوال میں اصرار کیا جائے۔

نَكِرَ (س) نَكَرًا ونُكْرًا ونُكُوْرًا ونَكِيْرًا الاَمْرَ: ناواقف ہونا...... الرَّجُلَ: نہ پہچاننا۔

نَكُرَ (ک) نَكَارَةً الاَمْرُ: دشوار ہونا۔

نَكَّرَهُ: دگرگوں کر دینا۔ نَكَّرَ الإِسْمَ: نکرہ بنانا۔

نَاكَرَهُ مُنَاكَرَةً: مقابلہ کرنا۔ لڑائی کرنا۔ دھوکا دینا۔

اَنْكَرَهُ: جاہل ہونا۔ اَنْكَرَ حَقَّهُ: حق کا انکار کرنا۔ اَنْكَرَ عَلَيْهِ فِعْلَهُ: عیب لگانا اور منع کرنا۔

تَنَكَّرَ الرَّجُلُ: اچھی حالت سے بدحال ہونا، دگرگوں ہونا...... فُلَانٌ: بدخلق ہونا...... لِفُلَانٍ: اجنبی ہونا۔

تَنَاكَرَ: دانستہ ناواقف بننا...... الاَمْرَ: ناواقف ہونا...... القَوْمُ: آپس میں دشمنی کرنا اور ایک دوسرے کا انکار کرنا۔

اِسْتَنْكَرَ الاَمْرَ: ناواقف ہونا...... اَمْرًا بِجَهْلِهِ: غیر معلوم چیز کو پوچھنا۔

النَّكَارَةُ: مص۔ چالاکی۔ تیز فہمی۔ جہالت۔

النَّكَر: مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔

النُّكُر: مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔ برا کام۔ بہت برا کام۔

رَجُلٌ نَكِرٌ ونَكُرٌ ونُكُرٌ: چالاک تیز فہم۔ ج اَنْكَار. اِمْرَأَةٌ نَكِرٌ: چالاک و سمجھدار عورت۔

النُّكْرُ: ناشائستہ۔ سخت کام۔

النَّكْرَاء: چالاکی و تیز فہمی۔ ناشائستہ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ نَكْرَاءَ" فلاں چالاک و عقلمند ہے "وَاَصَابَتْهُمْ مِنَ الدَّهْرِ نَكْرَاءُ" زمانے کی سختی ان پر واقع ہوئی۔

نَكْرَاءُ الدَّهْرِ: زمانے کی سختی۔

النَّكِرَة: انکار۔ ضد معرفہ۔ خون یا پیپ کا پھوڑا۔ ج نَكِرَات.

النَّكِرَة: اسم ہے انکار کا جیسے نَفَقَةٌ اِنْفَاقٌ کا۔

النَّكِيْر: دگرگونی۔ اَمْرٌ نَكِيْرٌ: سخت کام۔ حِصْنٌ نَكِيْرٌ: مضبوط قلعہ۔

المُنْكَر: مفع۔ خلاف مرضی خدا قول ہو یا فعل اور اس کا ضد معروف ہے۔ ج مُنْكَرَات و مَنَاكِر اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْكَرٌ" چالاک تیز فہم مرد۔ ج مُنْكَرُوْنَ ومَنَاكِيْر.

المَنْكُوْر: مفع۔ مجہول۔ ج مَنَاكِيْر.

اَلْمَنَاكِيْر: خلافِ مرضی خدا اُمور۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَرْكَبُوْنَ اَلْمَنَاكِيْرَ وَالْمُنْكَرَاتِ" یعنی وہ لوگ اُمورِ غیر پسندیدہ میں مبتلا ہیں۔

المُنْكَر عِنْدَ النُّحَاةِ: اسم نکرہ۔ ضد معرفہ۔

نَكَزَتْ (ن) نَكْزًا الحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا...... فُلَانًا: مار کر ہٹانا...... الشَّيْءَ: چھونا...... الدَّابَّةَ بِعَقِبِهِ: ایڑ لگا کر ہانکنا (...... نَكْزًا ونُكُوْزًا) المَاءُ: پانی کا نیچے اتر جانا...... البَحْرُ: خشک ہونا...... البِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔

نَكِزَت (س) نَكَزًا البِئْرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا۔ نَكِزَ البَحْرُ: گھٹنا۔

اَنكَزَ البِئرَ: کنوئیں کا پانی ختم کر دینا۔
النَّاكِزُ: فا۔ بِئرٌ نَاكِزٌ: کنواں جس کا پانی ختم ہوگیا ہو۔ ج نَوَاكِز.
النِّكز: رذیل لوگ۔ ہڈی میں باقی ماندہ مغز (...... والمُنكِز) خالی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ نِكزًا و مُنكِزًا" یعنی وہ خالی خولی آیا۔
بِئرٌ نَكِزٌ: کم پانی والا کنواں۔
النَّكَّاز: اسم مبالغہ۔ ایک بہت ہی خبیث قسم کا سانپ جو منہ سے نہیں کاٹتا بلکہ ناک سے پھنکار مار کر ہلاک کرتا ہے اور اتنا باریک ہوتا ہے کہ اس کے سر اور دم میں تمیز نہیں ہوتی ج نَكَاكِيز و نَكَّازَات.
البِئرُ النَّكُوز: کنواں جس کا پانی ختم ہوگیا ہو ج نُكُزٌ کہا جاتا ہے فُلَانٌ بِـمَـنـكَـزَةٍ مِنَ الْعَيْش: فلاں تنگ زندگی میں ہے۔
نَكَسَهُ (ن) نَكسًا: اوندھا کر دینا۔ نَكَسَ رَاسَهُ: ذلت سے سر جھکانا...... الطَّعَامُ وَغَيرَهُ ذَاءَ الـمَـرِيضِ: کھانے وغیرہ کا مریض کے مرض کو لوٹا دینا ...... الخِضَاب: بار بار لگانا۔ کہا جاتا ہے "نَكَستُ فُلَانًا فِي ذٰلِكَ الْاَمرِ" میں نے فلاں کو اس معاملہ میں پھر پھنسا دیا۔
نُكِسَ الـمَـرِيضُ: دوبارہ بیمار ہونا۔ الرَّجُلُ: ضعیف و عاجز ہونا...... الرَّجُلُ عَنْ نُظَرَائِهِ: اپنے ہم جولیوں سے کوتاہی کرنا۔
نَكَّسَهُ تَنكِيسًا: اوندھا کرنا۔ نَكَّسَ الـفَـرَسُ: گھوڑوں سے نہ مل سکنا۔ صفت مُنَكِّس.
تَنَكَّسَ: اوندھا ہونا۔
اِنتَكَسَ: سر کے بل گرانا...... الـمَـرِيضُ: صحت یابی کے بعد دوبارہ بیمار ہونا۔
النَّاكِس: فا۔ سر جھکانے والا مرد۔ ج نَوَاكِس (شاذ)
النُّكَاس: صحت یابی کے بعد مرض کا عود کرنا۔
النُّكس: صحت یابی کے بعد مریض کا ......

کرنا۔ گرنے کے بعد ابھی سیدھا نہیں ہوا تھا کہ پہلی دفعہ کے گرنے سے زیادہ زور سے گرنا اور کہا جاتا ہے تَعْسًا لِفُلَانٍ و نُكسًا او و نَكسًا کلمات بددعا ہیں یعنی فلاں کے لئے ہلاکت و سرنگونی ہو۔
النِّكس: تیر کہ جس کا سرا ٹوٹ گیا ہو اور اس کے اوپر کے حصے کو نیچے کر دیا گیا ہو۔ کمان کہ جس میں شاخ کے سرے کو نچلا حصہ بنا ئیں (اور یہ کمان میں عیب ہے) کمزور و ہیچ و بے برکت مرد۔ پستہ قد۔ کرم و سخاوت میں کوتاہی کرنے والا۔ ج اَنكَاس.
النُّكس: بہت بوڑھے لوگ۔ واحد نَاكِسٌ.
الـمُنكِس: فا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا جو اپنے سر کو نہ اٹھائے، وہ گھوڑا جو گھوڑوں سے نہ مل سکے۔
الـمَنكُوس: مفع۔ دوبارہ بیمار ہونے والا۔ مِنَ الْاَوْلَادِ: پیدائش میں جس کے پیر پہلے نکلیں قَوسٌ مَنكُوسَةٌ: کمان کہ جس میں ٹہنی کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں۔
نَكَشَ (ن ض) نَكشًا البِئرَ: کنوئیں کی کیچڑ تک نکال دینا...... الشَّيءَ: فنا کر دینا...... الشَّيءَ و مِنَ الشَّيءِ: فارغ ہو جانا۔
اِنتَكَشَ البِئرَ: کنوئیں کو کیچڑ تک صاف کر دینا۔
الـمِنكَش: معاملات میں خوب غور کرنے والا۔
الـمِنكَاش: کنواں صاف کرنے کا آلہ۔ ج مَنَاكِيش.
الـمَنكُوش: مفع۔ سَفَطٌ مَنكُوشٌ: ٹوکرا جس میں سب کچھ نکال لیا گیا ہو۔
نَكَصَ (ن ض) نَكصًا و نُكُوصًا و مَنكَصًا عَنِ الْاَمرِ: رُک جانا۔ صفت نَاكِصٌ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيهِ: پہلے کام سے ہٹ جانا (اس کا استعمال عموماً خیر سے رجوع کے موقع پر ہوتا ہے اور شر سے نادر طور پر)
نَكَّصَهُ: ہٹا دینا۔
......

المَنكَصُ: مص۔ ہٹنے کی جگہ۔
نَكَظَ (ن) نَكظًا: بہت بھوکا ہونا۔ فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا۔
نَكِظَ (س) نَكَظًا: اپنی ضرورت میں جلدی کرنا...... لِـلْـخُرُوجِ: نکلنے کے لئے جلدی کرنا۔
الرَّحِيلُ: قریب ہونا۔
نَكَّظَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا۔ نَكَّظَ حَاجَتَهُ: دشوار کرنا۔
اَنكَظَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا۔
تَنَكَّظَ الـرَّجُلُ: سفر میں بدحال ہونا...... عَلٰى فُلَانٍ: بخل کرنا...... الْاَمرُ عَلَيهِ: پیچیدہ ہونا۔
النَّكظُ والنَّكَظُ والنَّكظَةُ والنَّكَظَة والمَنكَظَةُ: کوشش۔ سفر کی سختی۔ جلدی۔
نَكَعَهُ (ف) نَكعًا عَنِ الْاَمرِ: جلدی کرانا یا روکرنا...... فُلَانًا: پاؤں کی پشت سے مارنا ...... فُلَانًا حَقَّهُ: حق روک دینا...... نَكَعَهُ وَتَنَكَّعَهَا) المَاشِيَةَ: مویشی کے تھن پر مار کر دودھ نکالنا...... فُلَانٌ عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا۔ اور مَا نَكَعَ بمعنی مَا زَالَ: افعال ناقصہ میں سے ہے "وَمَا اَدرِي اَيْنَ نَكَعَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا۔
نَكِعَ (س) نَكَعًا: چھلی ہوئی ناک والا ہونا۔
نَكَّعَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: ہٹا دینا۔ جلد بازی سے زندگی کو مکدر کر دینا۔
اَنكَعَهُ: روکرنا۔ دفع کرنا۔ تھکانا۔ عَنِ الْاَمرِ: جلدی کرانا۔ ہٹانا۔ اَنكَعتُ فُلَانًا بُغيَتَهُ: کسی کا مطلوب باوجود طلب کے فوت ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَاَنكَعَهُ" اس نے گفتگو کر کے اسے خاموش کر دیا "وشَرِبَ فَانكَعَهُ" اس نے پیا یہاں تک کہ اس کی طبیعت مکدر ہوگئی۔
النَّكِع: مرد سرخ فام۔ چھلی ہوئی ناک والا۔ کہا جاتا ہے "اَحمَرُ نَكِعٌ" یعنی بہت سرخی والا۔

الـنَّكَعُ: سرخ رنگ۔ مرد شیاہ۔ سرخی مائل۔
نَكَعَةُ الْاَنْفِ: ناک کا کنارہ۔
الـنُّكَعَةُ: مرد سرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو۔ بے وقوف کہ جب کہیں بیٹھ جاؤ تو اٹھے نہیں۔
النُّكَعَةُ: ناک کا کنارہ۔ ایک سرخ رنگ کے درخت کا پھل۔ درخت قتاد کا گوند۔ مرد کی سرخی ملی ہوئی سیاہی۔
الْاَنْـكَعُ: مرد سرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو۔
الـمُـنْـكَـعُ: پیچھے کو لوٹنے والا۔ اَنْفٌ مُنْكَعٌ: چپٹی ناک۔
نَكَفَ (ن) نَـكْـفًا عَنْ كَذَا: ناک بھوں چڑھانا۔ باز رہنا۔ الگ ہونا۔ صفت نَاكِفٌ.
فُلَانٌ الْغَيْثَ: بارش منقطع ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰـذَا غَيْـثٌ لَا يَنْكُفُهُ اَحَدٌ" یہ ایسی بارش ہے جس کے متعلق کوئی نہیں جانتا کہ اس کی انتہا کہاں ہے "وَغَيْـثٌ لَا يُنْكَفُ" منقطع نہ ہونے والی بارش "وهٰـذَا جَيْشٌ او بَحْرٌ لَا يُـنْكَفُ" یہ لشکر غیر محدود ہے یا یہ سمندر اتھاہ ہے۔ نَـكَفَ الـدَّمْـعَ: رخساروں پر سے انگلیوں سے پونچھنا۔
نَكِفَ (س) نَـكَفًا مِنْهُ او عَنْهُ: ناک بھوں چڑھانا۔ باز رہنا۔ بیزار ہونا۔ نَـكِـفَـتِ الْيَدُ: درد رسیدہ ہونا...... الـرَّجُلُ: حلق کے درد کی وجہ سے جبڑے کے غدود کا گر جانا۔
نَاكَفَهُ الْكَلَامَ مُنَاكَفَةً: ترکی بہ ترکی جواب دینا۔
اَنْـكَفَـهُ: ننگ و عار سے پاک کرنا۔ اَنْكَفَ اللّٰهَ: تنزیہ و تقدیس کرنا۔
نَـكَّـفَـتِ الْاِبِـلُ: اونٹ کی ٹھوڑی کے نیچے غدود ظاہر ہونا۔
تَـنَـاكَـفُوْا. الكَلَامَ: باہم باری باری گفتگو کرنا۔
اِنْتَكَفَ الْغَيْثَ: منقطع کرنا...... القَوْمُ: ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا...... اِلَـيْـهِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَـكَـفْـتُ لَـهٗ فَـضَـرَبْـتُـهٗ" میں اس کے اوپر جھک پڑا اور میں نے اس کو مارا...... الـحَـبْـلُ: رسی کا ادھڑنا...... الـرَّجُلُ: بیزار ہونا...... الـعَرَقَ عَنْ جَبِيْنِهٖ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔
اِسْـتَـنْـكَفَ الـرَّجُـلُ: تکبر کرنا...... مِنْ كَـذَا: ننگ و عار یا غرور کی وجہ سے باز رہنا ......
الـنُّكَاف: اونٹوں کے حلق کا مرض جس سے فوراً موت واقع ہو جاتی ہے۔
اَلنُّكَافُ: بچوں کے جبڑے کے نیچے غدود کا پھول جانا۔
الـنَّكَف: مص۔ کان کی لو کے قریب ٹھوڑی کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔ واحد نَكَفَةٌ.
رَجُـلٌ نَـكِفٌ: مرد جس سے ناک بھوں چڑھائی جائے۔
الـنَّـكَـفَتَـان والـنُّكَفَتَان: داڑھی۔ بچہ کے دائیں بائیں کے جبڑے۔ ج نَكَفَات.
النَّكْفَة: کان کا درد۔
المَنْكُوْف: مفع۔ نکاف زدہ اونٹ (دیکھئے نُكَاف)
نَكَلَ (ض ن) نُكُوْلًا ونَكِلَ (س) نَكَلًا عَنْ كَـذَا او مِـنْ كَذَا: پیچھے ہٹنا اور بزدلی کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَـكَـلَ عَنِ الْعَدُوِّ وعَنِ الْيَـمِـيْـنِ وعَنِ الْجَوَابِ" وہ دشمن سے پیچھے ہٹ گیا اور قسم و جواب سے باز رہا۔
نَـكَـلَ (ن) نَـكْـلَـةً بِـفُلَانٍ: عبرتناک سزا دینا۔
نَكِلَ (س) نَكَلًا: سزا قبول کرنا۔
نَـكَّلَ بِهٖ: مصیبت ڈالنا۔ عبرتناک سزا دینا۔
نَكَّلَهٗ عَنِ الشَّیْءِ: باز رکھنا۔ یکسو کرنا۔
اَنْكَلَهٗ عَنْهُ: ہٹانا۔ دفع کرنا۔
النَّاكِل: فا۔ بزدل کمزور۔
النَّكَال: عقوبت۔ سزا۔ عبرتناک سزا۔
النِّكْل: مضبوط بیڑی۔ ج اَنْكَال ونُكُوْل: لگام کا لوہا۔ مہار "فُلَانٌ نِـكْـلُ شَـرٍّ" فلاں برائی کے لئے قید ہے۔ یعنی دشمنوں کے لئے تازیانہ ہے۔
الـنَّـكَـل: قوی مرد۔ ہمسر پر غالب آنے والا۔ مضبوط سدھا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَـكَـلُ شَـرٍّ" فلاں دشمنوں کے لئے تازیانہ ہے۔
الـنُّكْلَة: عبرتناک سزا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِنُكْلَةٍ" اس نے اس کو عبرتناک سزا دی۔
الْمُنَكَّل: عبرتناک سزا۔
الْمِنْكَل: سزا دینے کا سامان۔
النَّكْمَةُ: سخت مصیبت۔
نَـكْـنَـكَ نَـكْـنَـكَةً. الْاَمْرَ: درست کرنا...... عَلٰى غَرِيْمِهٖ: سختی کرنا۔
نَكَهَ (ف ض) نَـكْـهًا لِفُلَانٍ وعَلَيْهِ: کسی کی ناک پر سانس لینا۔ نَـكَـهَـتِ الشَّـمْـسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا۔
نَـكِـهَـهٗ ونَكَهَهٗ (س ف) نَـكْـهًا: کسی کا منہ سونگھنا۔
نُـكِـهَ الـرَّجُلُ: بدہضمی کی وجہ سے منہ کی بو کا بدل جانا۔
اِسْـتَـنْـكَـهَـهٗ: کسی کے منہ کی بو سونگھنا۔ کسی کے منہ کی بو سونگھنے کا حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْـتَـنْـكَـهْـتُ الـرَّجُلَ فَنَكَهَ فِیْ وَجْهِیْ" میں نے مرد کے منہ کی بو کو سونگھنا چاہا اس نے میرے منہ کے سامنے سانس لیا۔
النَّكْهَة. نَكَهَ: کا اسم مرۃ۔ منہ کی بو۔
نَـكٰـى يَـنْـكِـیْ نِـكَايَةً الْعَدُوَّ وفِی الْعَدُوِّ: قتل کر کے یا زخمی کر کے غالب آنا۔ صفت فاعلی نَـاكٍ اور صفت مفعولی مَـنْـكِـیٌّ...... الْـقَـرْحَةَ: زخم کو اچھے ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا۔
نَـكِـیَ يَـنْـكٰی نَكًى: شکست کھانا۔ مغلوب ہونا۔ مقہور ہونا۔
النُّنْلُل: کمزور بڈھا۔
نَمَّ (ن ض) نَمًّا الْحَدِيْثَ: چغل خوری کرنا ...... الْـحَدِيْثُ: ظاہر ہونا...... بَـيْـنَ النَّاسِ: بھڑکانا...... الكَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا

......الشَّيْءُ: خوشبو پھیلنا۔نَـمَّتِ الرِّيْحُ: ہوا کا بُو کولانا۔

النَّامُّ: فا۔ج نُمَّام.

الـنَّـامَّةُ.الـنَّـامُّ: کامؤنث۔حس۔حرکت۔ زندگی۔کہاجاتا ہے "اَسْـكَـتَ الـلّٰهُ نَامَّتَهٗ" یعنی اللہ اسے موت دے۔

الـنَّمُّ: مص۔چغل خور۔ج نَـمُّوْن واَنِمَّاء ونُمٌّ.

الـنَّـمَّـام: چغل خور۔ایک خوشبودار قسم کی نباتات۔واحد نَمَّامَةٌ.

الـنَّمَّةُ.نَمَّ: کا اسم مرة۔نمّ کا مؤنث۔سیاہی میں سفید یا سفیدی میں سیاہ داغ اور کہا جاتا ہے "سَـمِعْتُ نَمَّتَهٗ" میں نے اس کی حرکت سنی۔

النِّمَّةُ.نَمَّ: کا اسم نوع۔جوں۔

الـنُّـمِّيُّ: خیانت۔عیب۔دشمنی۔طبیعت۔ انسان کا جوہر یا اصل۔نُمِّيُّ الرَّجُلِ: مرد کی طبیعت۔کہاجاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ نُمِّيٌّ" گھر میں کوئی نہیں۔

النُّمِّيَّةُ.نُمي: کا واحد۔فاختہ۔طبیعت۔

النَّمُوْم: چغل خور۔

الـنَّـمِيْـم والنَّمِيْمَةُ: چغل خوری۔حرکت۔ لکھنے کی آواز۔لکھائی۔گفتگو کی نرم آواز۔ ج نَمَائِم.

النَّمم: چغل خوری۔

المِنَمُّ: چغل خور۔

النَّمْءُ والنَّمَأُ: چھوٹی چھوٹی جوئیں۔

نَـمَـرَ (ن) نَـمْـرًا فِي الْـجَـبَـلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔

نَمِرَ (س) نَمَرًا الرَّجُلُ: غضبناک وبدخلق ہونا......السَّحَابُ: بادل کا چیتے کے رنگ کا ہونا۔

نَمَّرَ وتَنَمَّرَ: غضبناک ہونا۔بدخلق ہونا۔

نَمَّرَ وَجْهَهٗ تَنْمِيْرًا: ترش رُو کر دینا۔

اَنْمَرَ: صاف پانی پانا۔

تَـنَـمَّرَ: عادت یا رنگ میں چیتے کے مشابہ ہونا ......بِـفُلَانٍ: بگڑنا۔خفا ہونا۔دھمکی دینے میں آواز بلند کرنا۔

النَّامِرَةُ والنَّامُوْرَةُ: بھیڑیا وغیرہ شکار کرنے کے لئے ایک حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں۔

النَّامُوْر: خون۔

الـنَّمِر والنِّمْر والنَّمْر: چیتا اور اس کی کنیت اَبُو الاَبْرَد اور اَبُو الاَسْوَدِ ہے اور ان کے علاوہ اور بھی کنیتیں ہیں۔ج اَنْـمُـرٌ واَنْمَار ونُـمُـرٌ ونِـمَـارٌ ونِـمَـارَةٌ ونُمُوْرٌ ونُمُوْرَةٌ ونُـمْـرٌ" کہا جاتا ہے "لَـبِـسَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ جِـلْـدَ الـنَّمِرِ" فلاں فلاں سے بگڑ گیا اور خفا ہوا۔

النَّمِر: صاف پانی۔خالص حسب۔بہت مِنَ الـمَـاءِ: زود ہضم پانی شیریں ہو یا نہ ہو۔ج اَنْمَار.

النُّمْرَةُ: داغ کہا جاتا ہے "بِهٖ نُمْرَةٌ مِنْ غَيْرِ لَوْنِهٖ" ج نُمَرٌ.

الـنَّمِرَةُ.النَّمِر: کا مؤنث۔مادہ چیتا۔بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو قریب قریب ہوں۔

النَّمِرَةُ: بھیڑیے کو شکار کرنے کے لئے حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں۔ چتکبرا رنگ۔ دھاری دار چادر۔اُون کی چادر جس میں سیاہ وسفید دھاریاں ہوں۔ج نِمَارٌ.

النَّمِيْر: صاف پانی۔خالص حسب۔کہاجاتا ہے مَاءٌ نَمِيْرٌ وحَسَبٌ نَمِيْرٌ: بہت......مِنَ الـمَـاءِ: پانی جو گوارا ہو چاہے میٹھا ہو یا نہ ہو۔

الاَنْمَرُ: سیاہ وسفید داغ والا......مِنَ الْخَيْلِ والـنَّـعَم: داغ دار اور ان بادلوں کو بھی کہتے ہیں جو مختلف رنگ کے ہوں۔مؤنث نَمْرَاءُ ج نُمْرٌ اور کہا جاتا ہے "اَسَـدٌ اَنْمَرُ" وہ شیر جس میں مٹیالا پن اور سیاہی ہو۔

طَيْرٌ مُنَمَّرٌ: کالے کالے نقطے والا پرند۔

الـنُّـمْـرُق والـنُّـمْـرُقَة والنِّمْرِق والنِّمْرِقَة و[illegible] والنُّمْرُقَة [illegible]

نیچے ڈالنے کا گدیلا۔الـنِّـمْـرِقَة: چھوٹے چھوٹے بادل۔

نَمَسَ (ض) نَمْسًا السِّرَّ: بھید چھپانا...... الرَّجُلَ: چپکے چپکے بات کرنا......بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔بھڑکانا۔

نَمِسَ (س) نَـمَسًا السَّمْنُ وكُلُّ طِيْب ودُهْــنٍ: گھی، خوشبو اور تیل کا خراب ہونا۔ بگڑنا۔صفت نَمِسٌ.

نَمَّسَ عَلَيْهِ الاَمْرَ: ملتبس کرنا۔خلط ملط کرنا ......الشَّعْرُ: بالوں کا تیل لگنے سے میلا کچیلا ہونا......الـسَّـمْـنُ او الْـجُـبْـنُ: گھی یا پنیر کا بدبودار ہونا۔صفت مُنَمِّسٌ.

نَـامَـسَ مُـنَـامَـسَـةً الـصَّـائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنا......فُلَانًا: چپکے چپکے بات کرنا۔

اَنْمَسَ بَيْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔بھڑکانا۔

تَنَمَّسَ الاَمْرُ: ملتبس ہونا۔خلط ملط ہونا۔ ......الـصَّـائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنے کی جگہ بنانا۔

اِنَّـمَـسَ اِنَّـمَـاسًـا الرَّجُلُ: چھپنا......فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔

الـنَّـامُوْس: رازدار۔کہاجاتا ہے "فُلَانٌ نَـامُوْسُ الاَمِيْرِ" فلاں امیر کا رازدار ہے۔ وحی۔حاذق۔جھوٹا۔چغل خور۔شکاری کے گھات کی جگہ، راہب کی کوٹھری۔جال۔مکر وفریب۔حیلہ نہانی۔چیونٹی کی شکل کا ایک مٹیالا جانور۔شیر کی جھاڑی ج نَـوَامِيْـسُ.

النَّامُوْسُ الاَكْبَرُ: حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب (دخیل).

النَّامُوْسَةُ: شیر کی جھاڑی۔مچھر۔

النَّامُوْسِيَّةُ: مچھر دانی (دخیل)

النِّمْسُ: چھوٹی چھوٹی ٹانگوں اور لمبی دم کا بلی کے برابر ایک جانور جو سانپ اور چوہے وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کی بہت قسمیں ہیں۔ج نُمُوْس.

الـنَّـمَـس: گھی و خوشبو کی خرابی۔دودھ یا چکنائی کی بو۔

النَّمَسَةُ: بدبو۔

النَّامِسُ: چغل خور۔
الاَنْمَسُ: مٹیالا۔ مؤنث نَمْسَاء۔ ج نُمْس۔
المُنَامِس: چپکے چپکے بات کرنے والا۔ گھات کی جگہ میں داخل ہونے والا۔
نَمْسَة: ملک آسٹریا (دخیل)
نَمْسَاوِيٌّ: آسٹریا کا باشندہ (دخیل)
نَمَشَ (ن) نَمْشًا: چغل خوری کرنا۔ جھوٹ بولنا...... الکَلَامَ: جھوٹی بات بنانا ...... الجَرَادُ الاَرْضَ: کھا کے سب صاف کرنا۔ مِنَ الاَرْضِ: بے ہودہ لوگوں کی طرح کچھ اٹھانا۔
نَمَشَهُ (ض) نَمْشًا: منقش کرنا۔
نَمِشَ (س) نَمَشًا: داغ دار ہونا۔ دھاری دار ہونا۔ صفت اَنْمَشُ ونَمِشٌ۔
نَمَّشَ فِيْ اُذُنِه: کان میں چپکے چپکے بات کہنا۔
اَنْمَشَ الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا اور کہا جاتا ہے "اَنْمَشَ بَيْنَهُمْ" یعنی اس نے ان کے درمیان فساد ڈالا۔
النَّمْش: مص۔ چکنی چپڑی گفتگو۔
النَّمَش: مص۔ داغ۔ دھاری۔ نقش ونگار کے خطوط۔
النَّمِش: داغ دار۔ دھاری دار۔ سَيْفٌ نَمِشٌ: دھاری دار تلوار۔ وَجْهٌ نَمِشٌ: داغ دار چہرہ۔
الاَنْمَش: داغ دار۔ مؤنث نَمْشَاء۔ ج نُمْشٌ عَنْزٌ نَمْشَاء: داغ دار بکری۔
رَجُلٌ مُنْمِشٌ: فسادآمیز مرد۔
نَمَصَ (ن) نَمْصًا. الشَّعْرَ و النَّبْتَ: بال یا نباتات اکھیڑنا۔
نَمَّصَ تَنْمِيْصًا وتَنَمَّصَا الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔
اَنْمَصَ النَّبْتُ: جانور کے چرنے کے بعد دوبارہ اُگنا۔
تَنَمَّصَتِ المَاشِيَةُ: مویشی کا ابتدائی روئیدگی کو چرنا...... المَرْأَةُ: اکھیڑنے کے لئے پیشانی کے بال کو پکڑنا۔
النِّمَاص: سوئی کا دھاگا۔
النُّمَاص: مہینہ۔ ج نُمُصٌ واَنْمِصَةٌ۔
النَّمَص: روئیں کی طرح نرم وملائم بال۔ چھوٹے چھوٹے پر۔ ابتدائی نباتات۔ ایک قسم کی نرم گھاس جس سے سرپوش وغیرہ بناتے ہیں۔
النَّمِيْص: اکھیڑا ہوا...... مِنَ النَّبْتِ: وہ گھاس جس کو جانور چر سکیں۔ یا وہ گھاس جو چرنے کے بعد پھر نکل آئے۔
المِنْمَصُ والمِنْمَاص: موچنا۔
نَمَّطَ تَنْمِيْطًا بِفُلَانٍ الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ: راہنمائی کرنا۔
اَنْمَطَ لَهُ العَطَاءَ: کم دینا۔
النَّمَط: ایک قسم کی چادر۔ ٹوکرے کے مانند ایک برتن۔ طریقہ۔ روش۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ نَمَطِ هٰذَا" یہ اس کی قسم سے ہے "وَمَا عِنْدَهُ نَمَطٌ مِنَ العِلْمِ" اسے کسی قسم کا علم نہیں۔
النَّمَط: ایک قسم کا اُونی کپڑا جو ہودج پر ڈالا جاتا ہے۔ ج اَنْمَاط ونِمَاط اور نسبت کے لئے اَنْمَاطِيٌّ ونَمَطِيٌّ. النَّمَط: لوگوں کی جماعت کہ ان کا معاملہ ایک ہو۔
الاَنْمَط: طریقہ۔
النَّمَغة: پہاڑ کی چوٹی۔ مال کی کثرت۔ قوم کا بہترین حصہ۔ نومولود بچہ کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔
النَّمَاغة: سر کا بالائی حصہ۔ نومولود بچہ کے سر کا وہ حصہ جو سخت ہونے سے پہلے حرکت کرتا رہتا ہے۔
نَمَقَ (ن) نَمْقًا عَيْنَ فُلَانٍ: آنکھ پر طمانچہ مارنا...... الكِتَابَ: لکھنا۔
نَمَّقَ الكِتَابَ: کتاب کو خوبصورت لکھنا...... الجِلْدَ: کھال کو منقش کرنا۔
اَنْمَقَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما میں بے گٹھلی کے کھجور ہونا۔
النَّمَقُ: کتاب ... [illegible] وسط۔
النَّمَقَة: بدبو۔
ثَوْبٌ نَمِيْقٌ ومُنَمَّقٌ: منقوش کپڑا۔ وَعْدٌ او قَوْلٌ مُنَمَّقٌ: بناوٹی وعدہ یا گفتگو۔
نَمَلَ (ن) نَمْلًا ونَمِلَ (س) نَمْلًا و اَنْمَلَ: چغل خوری کرنا۔ نَمَلَ ونَمِلَ فِي الشَّجَرِ: درخت پر چڑھنا۔
نَمِلَتْ (س) نَمَلًا يَدُه: ہاتھ کا سُن ہونا۔
تَنَمَّلَ القَوْمُ: حرکت کرنا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
النَّامِل: فا۔ چغل خور۔
النَّامِلَة. النَّامِل: کا مؤنث عام راستہ۔
النَّمْل والنُّمْل: چیونٹی۔ واحد نَمْلَةٌ ونُمْلَةٌ (مذکر ومؤنث) ج نِمَال. النَّمْلُ: پہلو کی پھنسیاں۔
النَّمِل: چغل خور۔ بہت چیونٹیوں والی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ نَمِلٌ و اَرْضٌ نَمِلَةٌ" اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَمِلٌ او نَمِلُ القَوَائِمِ" گھوڑا جو کلیلیں کرنے کی وجہ سے ایک جگہ قائم نہ رہے و "رَجُلٌ نَمِلٌ او نَمِلُ الاَصَابِعِ" ہر کام میں پھرتیلا مرد۔
النَّمْلَة: جھوٹ۔ جانور کے کھر کی پھٹن۔ پہلو کی پھنسیاں۔ ایک قسم کی پھنسی جس میں سوزش ہوتی ہے اور جو جگہ بدلتی رہتی ہے۔
النُّمْلَة: حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ ذُو نُمْلَةٍ" بہت حرکت کرنے والا گھوڑا۔
النَّمْلَة: بتثلیث النُّون: چغل خوری۔
النَّمَلَانُ: کسی چیز پر اوپر سے جھانکنا۔
النَّمَّال: چغل خور۔
النَّمِيْلَة: چغل خوری۔
الاَنْمُلَة. تسع لغات بتثليث الهمزه والميم: سر انگشت اور بقول بعض انگلی کا اوپر کا پورا۔ ج اَنَامِل واَنْمُلَات (بتثليث الحرفين)
النَّمْلَى والمُنَمَّلَة مِنَ النِّسَاءِ: ایک جگہ پر قرار نہ لینے والی عورت۔

......الـمَـاءُ: پانی کا بہنا اور نہر بنا لینا......
الـنَّـهـرَ: نہر کھودنا۔ نہر جاری کرنا......
السَّـائِلَ: سائل کو ڈانٹنا...... ونَهِـرَ (س)
نَهَرًا) الحَافِرُ: کھودنے والے کا پانی تک
پہنچنا کہا جاتا ہے "حَـفَـرْتُ الْبِـئْـرَ حَتّٰی
نَهِـرْتُ" میں نے کنواں کھودا یہاں تک کہ
پانی تک پہنچ گیا۔
اَنْهَرَ النَّهْرَ: نہر کو وسیع کرنا۔ چوڑا کرنا (اور
یہ نیزہ کے زخم کے لئے بھی آتا ہے) ......
الـدَّمَ: نکالنا۔ بہانا۔ الـدَّمُ: خون کا بہنا......
الـعِرْقُ: رگ سے خون کا نہ رکنا...... فُلاَنٌ:
بھلائی کو نہ پہنچنا...... فِي الْعَدْوِ: تاخیر کرنا۔
سستی کرنا...... الرَّجُلُ: دن کرنا...... البَطْنُ:
پیٹ چلنا...... الحَافِرُ: کھودنے والے کا پانی
تک پہنچنا۔
اِنْتَهَرَ السَّائِلَ: سائل کو ڈانٹنا...... العِرْقُ:
رگ سے خون نہ رکنا...... بَطْنُهُ: پیٹ چلنا۔
اِسْتَنْهَرَ النَّهْرُ: نہر کا اپنے بہنے کے لئے
مضبوط جگہ بنانا...... الشَّيْءُ: وسیع وکشادہ ہونا
اور ہر وہ چیز جو بہت ہو اور بہہ پڑے اس
کے لئے اِسْتَنْهَرَ کا استعمال کرتے ہیں۔
النَّاهِر: فا۔ سفید انگور۔
النَّهَار: دن۔ نہار شرعی صبح سے لے کر مغرب
تک۔ ج اَنْهُر و نُهُر۔
اَلنَّهَار: بھٹ تیتر۔ ترسرخاب۔ نرالو۔
الـنَّهَارِيّ: کھانا جو دن کے ابتدائی حصہ میں
کھایا جائے۔ ناشتہ۔
النَّهْر: ندی۔ دریا۔ ج اَنْهُر واَنْهَار ونُهُر
ونُهُور۔
النَّهَر: گنجائش۔ وسعت۔ نہر میں ایک لغت
ہے۔
النَّهِر: سفید انگور۔ کہا جاتا ہے "نَهَر نَهِرٌ"
کشادہ نہر۔ "نَهَارٌ نَهِرٌ" روشن دن "مَاءٌ
نَهِرٌ" بہت پانی۔
النَّهِير: بہت۔
النَّهِيرَة: بہت دودھ والی اونٹنی۔
الاَنْهَر: اسم تفضیل۔ نہار اَنْہَر: بہت رو[illegible]

دن۔
الاَنْهَـرَان مِنْ مَـنَازِلِ الْقَمَرِ: چاند کے
منازل میں عَـوَّاء اور سِـمَـاک نامی دو
ستارے۔
النَّاهُوْر: بادل۔
المَنْهَر: پانی بہنے کی جگہ جس کو خود پانی نے بنا
لیا ہو۔ قلعہ سے پانی باہر نکلنے کی نالی۔
الـمَـنْهَـرَة: لوگوں کے گھروں کے درمیان
کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے
"اَمَامَ دَارِهِـمْ مَنْهَرَةٌ" ان کے گھروں کے
سامنے کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔
نَهَزَهُ (ف) نَهْزًا: دفع کرنا اور مارنا۔ نَهَزَ
رَاسَـهُ: سر ہلانا...... الشَّيْءُ: قریب ہونا......
فُلاَنٌ: کچھ لینے کے لئے اٹھنا...... الفَـصِـيْلُ
ضَـرْعَ اُمِّـهِ: اونٹ کے بچے کا ماں کے تھن
پر ٹکر مارنا...... الـدَّابَّةُ: چوپایہ کا سینہ نکال کر
چلنا...... الـدَّابَّةُ بِـرَاسِـهَا: چوپایہ کا اپنے
آپ سے دفع کرنا اور جب دودھ چھڑانے
کے قریب ہو تو کہا جاتا ہے "نَهَزَ لِـلْـفِطَام"
صفت مذکر نَـاهِزٌ اور صفت مؤنث نَـاهِزَةٌ:
نَهَزَ بِالدَّلْوِ فِي الْبِئْرِ: ڈول کو کنوئیں میں بھر
جانے کے لئے ہلانا...... الدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ:
ڈول کو کنوئیں سے نکالنا...... نَهَـزَ الـرَّجُلُ:
قے کرنے کے لئے گردن اٹھنا اور سینہ
نکالنا...... قَـيْـحًا: پیپ پھینکنا اور کہا جاتا ہے
"نَهَـزَتْـنِيْ اِلَـيْـکَ حَاجَةٌ" مجھے ضرورت
تمہارے پاس لے آئی۔
نَـاهَـزَهُ مُـنَاهَـزَةً: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے
"نَـاهَـزَ الْـخَـمْسِيْنَ" اس کی عمر پچاس کے
قریب ہے "وَنَـاهَـزَ لِـلْـفِطَام" وہ دودھ
چھڑانے کے قریب پہنچا...... الصَّيْدَ: سبقت
کرنا...... الفُرْصَةَ: غنیمت جاننا۔ نَاهَزْتُهُمْ
الْفُرَصَ: فرصت پانا۔
اَنْهَزَهُ: دفع کرنا۔ اٹھانا۔
تَـنَاهَزَا: سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَـنَاهَزُوا
الْفُرَصَ" انہوں نے فرصت کو غنیمت جانتے
[illegible]

اِنْتَهَـزَ الْفُـرْصَةَ: غنیمت جاننا اور سبقت
کرتے ہوئے اٹھنا...... الشَّيْءَ: قبول کرنا
اور لینے کی جلدی کرنا...... فِي الضِّحْکِ:
بہت زور سے ہنسنا۔
النَّاهِز: فا۔ نَاهِزُ الْقَوْمِ: قوم کا سردار۔ قوم کا
چودھری۔
الـنُّهَاز والنِّهَاز: قدر۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے
"هٰذَا نُهَازُ ذَاکَ" یہ اس کے مقدار ہے۔
الـنَّـهْز: مص۔ ہاتھ میں لینا۔ لینے کے لئے
اٹھنا اور کہا جاتا ہے "نَهْزُهُ کَذَا" یعنی اس کی
مقدار اتنی ہے۔
النَّهِز: شیر۔
الـنَّهَّاز: اسم مبالغہ۔ چلنے میں سینہ نکالنے والا
گدھا۔
الـنُّهْزَة: فرصت۔ ج نُهَزٌ کہا جاتا ہے "هُوَ
نُهْزَةُ الْمُخْتَلِس" وہ ہر ایک کا شکار ہے۔
المُنْهَزِ مِنَ الْبِئْرِ: کنوئیں کا من۔
المَنَاهَزَة: مص۔ مسابقت۔
نَهَسَ (ف) ونَهِسَ (س) نَهْسًا اللَّحْمَ:
گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا۔ نَهَسَتِ
الْحَيَّةُ فُلاَنًا: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَسَ الْکَلْبُ
فُلاَنًا: کتے کا کسی کو نوچ لینا۔
اِنْتَهَسَ اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے
نوچنا...... فُلاَنًا: غیبت کرنا۔
الـنُّهَسُ والنَّهَس: لٹورے کے مانند ایک
پرندہ جو ہمیشہ اپنی دُم ہلاتا رہتا ہے اور
چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔ ج نِهْسَان۔
الـنَّهَّاس والنَّهُوس والمَنْهَس والمِنْهَس:
بہت دانت سے کاٹنے والا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
الـمَـنْهَـس: کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے
"اَرْضٌ کَثِيْـرَةُ الْـمَنَاهِـسِ" بہت چراگاہ
والی زمین۔
النَّهِيْس: کم گوشت والا۔ دبلا۔ المَنْهُوس:
مفع۔ کم گوشت والا۔ رَجُـلٌ مَـنْـهُـوْسٌ
الْقَدَمَيْنِ: دبلے پتلے قدم کا مرد۔
نَـهَـسَ نَهْسَـرَةً اللَّحْمَ: گوشت کاٹنا......
الطَّعَامَ: کھانا۔

النَّهْسَر: بھیڑیا۔ یا بجو سے بھیڑیے کا بچہ۔ ہلکا پھلکا۔ تیز رفتار۔ گوشت کا بہت حریص۔
نَهَشَهُ (ف ض) نَهْشًا: اگلے دانتوں سے نوچنا۔ دانت سے کاٹ کر نشان ڈالنا..... الحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَشَهُ الدَّهْرُ: مشقت میں ڈالنا۔
نُهِشَ وانْتَهَشَ اَعْضَوُنَا: لاغر ہونا۔
النَّهَاوِش: مظالم۔ عرب والوں کے قول نَهَشَهُ سے جبکہ مشقت میں ڈال دیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَهِشُ الْيَدَيْنِ او الْقَوَائِم" وہ ہاتھ پاؤں کا پھرتیلا ہے۔
المَنْهُوش: مفع۔ مشقت میں پڑا ہوا۔ دبلا۔
نَهْشَلَ الرَّجُلُ: بڑی عمر کا ہونا..... فُلانًا: دانت سے کاٹنا..... الشَّيْئَ: سخت بھوکے کی مانند کھانا۔
النَّهْشَل: بھیڑیا۔ شکرا۔ بہت بڈھا۔ بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا۔ مؤنث نَهْشَلَةٌ۔
نَهَضَ (ف) نَهْضًا ونُهُوضًا: کھڑا ہونا..... عَنْ مَكَانِهِ: اٹھنا..... اِلَى عَدُوِّهِ: جلدی سے حملہ کرنا..... النَّبْتُ: نباتات کا سیدھا کھڑا ہونا..... لِلْاَمْرِ: مستعد ہونا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کے لئے بازو پھیلانا (..... نَهْضًا) فُلانًا: ظلم کرنا..... الشَّيْبُ فِي الشَّبَابِ: جلدی بڑھاپا شروع ہوجانا۔
نَاهَضَ قِرْنَهُ مُنَاهَضَةً: مقابلہ کرنا۔
اَنْهَضَهُ: اٹھانا۔ کھڑا کرنے کے لئے ہلانا۔
اَنْهَضَتِ الرِّيحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو چلانا اور اٹھانا..... القِرْبَةَ: مشک کو چھلکنے تک بھرنا۔ اَنْهَضَهُ بِالشَّيْئِ: ٹیک لگا کے اٹھنا۔
تَنَاهَضُوا فِي الْحَرْبِ: جنگ میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِنْتَهَضَ: کھڑا ہونا..... فُلانًا لِلْاَمْرِ: مستعد کرنا۔ کھڑا کرنا..... القَوْمُ: مقاتلہ کے لئے کھڑا ہونا۔
اِسْتَنْهَضَهُ لِكَذَا: کسی کام کے لئے اٹھنے کو کہنا۔
النَّاهِض: فا۔ اڑنے کے لائق پرندہ کا بچہ۔ گھوڑے کے بازو کے اوپر کا گوشت۔ کہا جاتا ہے "عَامِلٌ نَاهِضٌ" کر گزرنے والا۔ "ومَكَانٌ نَاهِضٌ" بلند جگہ۔
نَاهِضَةُ الرَّجُلِ: مرد کے باپ کی اولاد اور اس کے خدام وغیرہ۔ ج نَوَاهِض۔
النَّوَاهِض: بڑے ڈیل ڈول اور سخت بدن والے اونٹ۔
النِّهَاض مِنَ الطُّرُقِ: راستہ کی بلندیاں اور گھاٹیاں۔ النِّهَاض: جلدی۔
النُّهْض: مص..... مِنَ البَعِيرِ: اونٹ کے مونڈھے اور کندھے کے درمیان کا حصہ۔ ج اَنْهُض۔ النُّهْض: ظلم و زبردستی۔ سخت زمین۔
النَّهْضَة. نَهْض: کا اسم مرۃ۔ طاقت و قوت۔ زمین کی چڑھائی کہ جس میں انسان یا چوپایہ پست زمین سے چڑھتے ہوئے تھک جائے۔ ج نِهَاض کہا جاتا ہے "كَانَ مِنْهُ نَهْضَةٌ اِلَى كَذَا" اس کی حرکت فلاں جانب ہے "وَهُوَ كَثِيرُ النَّهَضَاتِ" وہ بہت حرکت والا ہے۔
النَّهَّاض: بہت اٹھنے والا۔ کہا "مَكَانٌ نَهَّاضٌ": بلند جگہ۔
النَّهْضَل: عمر رسیدہ آدمی یا گدھ یا باز۔
نَهَطَهُ (ف) نَهْطًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
نَهَعَ (ف) نُهُوعًا: قے کرنا اور کچھ نہ نکلنا۔
نَهَفَ (ف ن ض) نَهْفًا الرَّجُلُ: متحیر ہونا۔
نَهَقَ (ف) ونَهِقَ (س) نَهْقًا ونَهِيقًا ونُهَاقًا وتَنْهَاقًا الْحِمَارُ: گدھے کا رینکنا۔ صفت نَاهِقٌ۔
تَنَاهَقَتِ الْحُمُرُ: گدھوں کا رینکنا۔
النَّاهِقَان: کھردار جانور کے جبڑے کی دو ابھری ہوئی ہڈیاں اور ان کو النَّوَاهِق بھی کہتے ہیں۔
نَاهِقُ الْحِمَارِ ونَوَاهِقُهُ: گدھے کے گلے سے آواز نکلنے کی جگہ اور بقول بعض نَوَاهِق ان کو کہتے ہیں جو جانور کی ناک کے آخری حصہ کو گھیرے ہوئے ہیں۔ واحد نَاهِقَة.
النَّهْق: مص۔ پرندہ کی ایک قسم (..... والنَّهَق) ایک قسم کی نباتات۔ واحد نَهَقَة وغَعَفَة.
نَهَكَهُ (ف) نَهْكًا ونَهَاكَةً: غالب ہونا۔
نَهَكَ الثَّوْبَ: پہن کر بوسیدہ کرنا..... مِنَ الطَّعَامِ وفِيهِ: کھانے میں مبالغہ کرنا..... عِرْضَ فُلانٍ: آبروریزی میں مبالغہ کرنا..... الضَّرْعَ: تھن سے دودھ نکال لینا..... نَهَكَتِ الإبِلُ مَاءَ الْحَوْضِ: سارا پی جانا..... الحُمّٰى فُلانًا: لاغر کردینا۔ مشقت میں مبتلا کردینا..... الشَّرَابُ فُلانًا: دبلا کرنا۔
نَهِكَهُ (س) نَهْكًا ونَهَكَةً: سخت سزا دینا (..... نَهْكًا ونَهَكًا ونَهْكَةً ونَهَاكَةً) الحُمّٰى فُلانًا: لاغر و دبلا کرنا (..... نَهْكًا) فُلانٌ الشَّرَابَ: ختم کرنا۔
نُهِكَ نَهْكًا: لاغر و دبلا ہونا۔ صفت مَنْهُوك.
نَهُكَ (ک) نَهَاكَةً: دلیر ہونا۔
اَنْهَكَهُ: سخت سزا دینا۔
اِنْتَهَكَتْهُ الْحُمّٰى: لاغر و دبلا کرنا۔ اِنْتَهَكَ فُلانٌ الْحُرْمَةَ: اپنے چال چلن کو خراب کرنا..... الشَّيْئَ: بے عزتی کرنا..... فُلانًا: بے آبروئی کرنا۔
النَّاهِك: فا۔ تمام چیزوں میں مبالغہ کرنے والا۔
النَّهْك: مص۔ بحر رجز کے دو ثلث کو حذف کرنا۔ جزء اخیر کو یا باقی کو مَنْهُوك کہتے ہیں۔
النَّهْكَة. نَهْك: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "بَدَتْ فِيهِ نَهْكَةُ الْمَرَضِ" اس میں مرض کا اثر دبلاپن ظاہر ہوا۔
النَّهُوك: دلیر۔
النَّهِيك: تمام چیزوں پر مبالغہ کرنے والا۔..... مضبوط اونٹ۔ تلوار قاطع۔ کہا جاتا

ہے "سَیفٌ نَهِیکٌ" اچھے اخلاق والا (.....
و النُّهَیک) پسو کے مانند ایک کیڑا جس کو
حرقوص بھی کہتے ہیں۔
وَبَقَ يَبِقُ و وَبِقَ يَبِقُ وَبْقًا وَوَبِقَ يَوْبَقُ وَبَقًا وَوُبُوقًا وَمَوْبِقًا وَاسْتَوْبَقَ : ہلاکت ہونا۔ صفت وَبِق۔

اَوْبَقَهُ اِيبَاقًا : ہلاک کرنا۔ ذلیل کرنا۔ قید کرنا۔

المَوْبِق : ہلاکت کی جگہ۔ وعدہ کی جگہ۔ قید خانہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَرْكَبُ المُوْبِقَاتِ" فلاں خطرات میں پڑتا ہے "وَيَفْعَلُ المُوْبِقَاتِ" فلاں معاصی کا ارتکاب کرتا ہے۔

وَبَلَ يَبِلُ وَبْلاً فُلانًا بِالعَصَا : لگاتار لاٹھی سے مارنا ...... الصَّيْدَ : شکار کو تیز ہانکنا۔

وَبَلَتِ السَّمَاءُ : بڑی بڑی بوندوں کی بارش برسانا۔

وَبُلَ يَوْبُلُ وَبَلاً وَوَبَالاً وَوُبُولاً وَوَبَالَةً المَكَانُ : بدہضمی والی جگہ ہونا ...... الشَّيءُ : سخت ہونا۔

وَابَلَهُ مُوَابَلَةً : ہمیشگی کرنا۔

اِسْتَوْبَلَ اِسْتِيبَالاً المَكَانَ : بدہضمی والی جگہ پانا۔ اِسْتَوْبَلَتِ الاِبِلُ : چراگاہ کے مضر صحت ہونے سے بیمار ہونا۔

الوَبْل والوَابِل : تیز بارش۔ بڑی بوندوں کی بارش۔

الوَابِلَة و اَبِل : کا مؤنث۔ بازو یا ران کے سرے کا کنارہ۔

الوَبَال : مضر۔ سختی۔ بدہضمی۔ بُرا انجام۔

الوَبَلَة والاُبْلَة : گرانی۔ سختی۔ بدہضمی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُ وَبَلَةُ الطَّعَامِ او اُبْلَةُ الطَّعَامِ" اس کو کھانے سے بدہضمی ہوگئی۔

الوَبِيل : سخت۔ مَرْعًى وَبِيلٌ : مضر صحت چراگاہ۔ طَعَامٌ وَبِيلٌ : مضر صحت کھانا۔ الوَبِيل ناقوس بجانے کی لکڑی۔ نرم شاخ۔ دھوبی کی موگری اور کہا جاتا ہے "اَبِيلٌ عَلَى وَبِيلٍ" یعنی لاٹھی پر سہارا لینے والا بڈھا (...... والوَبِيلَة والمَوْبِل ...... والمِيبَل) موٹا ڈنڈا۔ لکڑی کا گٹھا۔

المِيبَل والمِيبَلَة : کوڑا۔ اونٹوں کے ہانکنے کے لئے لکڑی میں بندھا ہوا تسمہ ج مَوَابِل۔

وَبَنَ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ وَابِنٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

الوَبْنَة : تکلیف۔ بھوک۔

وَبَهَ وَوَبِهَ يَوْبَهُ وَبْهًا وَوَبَهًا وَوُبُوهًا وَاَوْبَهَ اِيبَاهًا لِفُلانٍ وبِهِ : جاننا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لا يُوْبَهُ بِهِ اَوْ لَهُ" فلاں کی پرواہ نہیں کی جاتی۔

وَتَأَ يَتَأُ وَتْأً فِي مِشْيَتِهِ : سست رفتار چلنا۔

وَاتَأَهُ مُوَاتَأَةً وَوِتَاءً عَلَى الاَمْرِ : موافقت کرنا۔

الوَتُّ والوَتَّة : قمری کی آواز۔

وَتُحَ يَوْتُحُ وَتَاحَةً وَوَتْحَةً وَوُتُوحَةً العَطَاءُ : داد و دہش کم ہونا۔

وَتَحَ يَتِحُ وَتَحًا وَتِحَةً العَطَاءَ : داد و دہش کم کرنا۔

اَوْتَحَ اِيتَاحًا وَوَتَّحَ تَوْتِيحًا العَطَاءَ : کم کرنا۔ اَوْتَحَ الرَّجُلُ : آفت لاحق ہونے سے کم مال والا ہونا ...... فُلانًا : رنج و مشقت میں ڈالنا ...... لَهُ الشَّيءَ : کم کرنا۔

تَوَتَّحَ تَوَتُّحًا مِنَ الشَّرَابِ : کم پینا۔

الوَتْح والوَتِح والوَتِيح : تھوڑا۔ ناچیز۔ رَجُلٌ وَتِح : خسیس مرد۔ طَعَامٌ وَتْحٌ : بے

برکت کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی عَنْهُ وَتْخَةً" اس نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔
وَتَخَ يَتِخُ وَتْخًا الرَّجُلَ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
اَوْتَخَ اِيْتَاخًا مِنْ فُلَانٍ: انتہائی مشقت کو پہنچانا۔
الْوَتْخَةُ: کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی عَنْهُ وَتْخَةً" اس نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔
الْمِيْتَخَةُ: چھڑی۔
وَتَدَ يَتِدُ وَتْدًا وَتِدَةً وَتَدَ الْوَتَدُ: میخ گڑ جانا ...... الْوَتَدَ: میخ گاڑنا۔ وَتَدَ فِي بَيْتِهِ: اقامت کرنا۔ وَتَدَ الزَّرْعُ: نباتات کا ظاہر ہونا اور قوی ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "وَتَدَ رِجْلَهُ فِي الْاَرْضِ" اس نے اپنے پیر کو زمین میں دھنسا دیا۔
اَوْتَدَ اِيْتَادًا الْوَتَدَ: میخ گاڑنا۔
الْاَوْتَادُ فِي عُرْفِ الْمُسْلِمِيْنَ: مسلمانوں کی اصطلاح میں اوتاد چھپے ہوئے چار اولیاء ہیں اور ان کی ذمہ داری میں ہے کہ وہ چار آسمانوں سے آنے والے احکام کی تدبیر کریں۔ ان اولیاء کی رہائش چار آسمانوں پر ہوتی ہے۔ ان اولیاء کو العمد بھی کہا جاتا ہے۔
الْاَوْتَادُ الْاَرْبَعَةُ: (فلکیات) چار رئیسی برج بارہ برجوں میں سے جن چار کے نام یہ ہیں: (۱) اَلْوَتَدُ الطَّالِعُ (۲) اَلْوَتَدُ الْغَائِبُ. (۳) وَتَدُ السَّمَاءِ (۴) وَتَدُ الْاَرْضِ: ان چار بُرجوں کو نظام فلکی میں بنیادی اور حفاظتی حیثیت ہے۔
الْوَتْدُ والْوَتِدُ والْوَتَدُ: میخ۔ کھونٹی۔ کان کے سامنے کا مسہ کے مانند ابھرا ہوا حصہ۔ ج اَوْتَادٌ. اَوْتَادُ الْاَرْضِ: پہاڑ۔ اَوْتَادُ الْبِلَادِ: ملک کے بڑے بڑے آدمی۔ اَوْتَادُ الْفَمِ: دانت۔ وَالْوَتِدُ عِنْدَ اَهْلِ الْعَرُوْضِ: تین حروف جن میں سے دوسرا یا تیسرا ساکن ہو۔ اگر دوسرا ساکن ہو تو وتد مفروق کہلاتا ہے جیسے قَوْلُ اور تیسرا ساکن ہو تو وتد مجموع جیسے عَلٰی۔
الْمِيْتَدُ والْمِيْتَدَةُ: میخ گاڑنے کی لکڑی یا لوہے کی موگری۔
الْوَاتِدُ: ف۔ ثابت۔ قَرْنٌ وَاتِدٌ: کھڑا سینگ وَتِدٌ وَاتِدٌ: مبالغہ کے لئے ہے جیسے شُغْلٌ شَاغِلٌ۔
وَتَرَ يَتِرُ وَتْرًا وَتِرَةً فُلَانًا: گھبرا دینا۔ ستانا۔ تکلیف پہنچانا...... فُلَانًا مَالَهُ او حَقَّهُ: گھٹا دینا۔ الْقَوْمَ: جفت کو طاق کر دینا...... الْقَوْسَ: تانت لگانا۔
اَوْتَرَ اِيتَارًا الْقَوْسَ: کمان کے لئے تانت بنانا یا کمان میں تانت لگانا...... الشَّيْءَ: طاق بنانا ...... بَيْنَ الْاَشْيَاءِ: وقفہ دے دے کر لگاتار کرنا۔
وَاتَرَ وِتَارًا ومُوَاتَرَةً الْاَشْيَاءَ: وقفہ دے دے کر لگاتار کرنا..... الْكُتُبَ: لگاتار بھیجنا ...... الْقَوْمَ: ایک یا دو روز کا ناغہ دے کر روزہ رکھنا۔
وَتَّرَ الْقَوْسَ: کمان میں تانت لگانا۔
تَوَتَّرَ الْعَصَبُ ونَحْوُهُ: پٹھے وغیرہ کا تانت کی مانند سخت ہونا۔
تَوَاتَرَتِ الْاَشْيَاءُ: وقفہ کے ساتھ لگاتار ہونا۔
وَتَرُ الْقَوْسِ: کمان کی تانت۔ فِي الْخَطِّ الْمُنْحَنِي: خط کا قطعہ جو لفظوں کو ملانے والا ہو۔ فِي الْمُثَلَّثِ الْقَائِمِ الزَّاوِيَةِ: (علم ہیئت) زاویہ قائمہ کے بالمقابل ضلع۔
الْوَتْرُ والْوِتْرُ: بے جوڑ۔ طاق۔ بدلہ یا بدلہ لینے میں ظلم۔ ج اَوْتَار.
الْوَتَرُ. وَتَرَةٌ کی جمع ہے بمعنی تانت۔ ج اَوْتَارٌ وِتَارٌ.
الْوَتَرَةُ: دو انگلیوں کے درمیان کی کھال۔ کان کے اوپر کے حصہ کی نرم ہڈی۔ نتھنے کا کنارہ یا ناک کے بانسہ اور مونچھ کے درمیان کا حصہ۔ کمان سے تیر نکلنے کی جگہ۔ زبان کے نیچے کا پٹھا۔ مکان کا وہ حصہ جہاں ستونوں سے طاق کے مانند بنایا جائے۔ ہر چیز کا گھیرا۔ ہر چیز کا خالص حصہ ج وَتَرٌ وَتَرَاتٌ.
الْوَتِيْرَةُ: طریقہ۔ وقفہ۔ سستی۔ نیزہ بازی سیکھنے کا دائرہ۔ قبر۔ گھوڑے کی پیشانی کا گول سفید داغ۔ بدلہ یا بدلہ دینے میں ظلم۔ قید۔ تاخیر۔ نتھنوں کے درمیان کا پردہ۔ کان کے اوپر کا حصہ کی نرم ہڈی۔ دو انگلیوں کے درمیان کی کھال۔ ہونٹ کا حلقہ۔ مکان کا وہ حصہ جہاں ستونوں سے طاق کے مانند بنایا جائے۔ سفید زمین۔ گلاب کا شگوفہ۔ پہلی دہائی کا نام۔ یعنی جب دس کا عدد پورا ہو جاتا ہے تو اسے وَتِيْرَةٌ کہتے ہیں۔
تَتْرٰى: اس کی اصل وَتْرٰى ہے اور اس کے معنی ایک کے بعد ایک کا آنا جیسے اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرٰى.
الْمَوْتُوْرُ: مفع۔ وہ شخص جو اپنے مقتول کے خون کا بدلہ نہ لے سکے۔
الْوَتْشُ: ہر چیز کا قلیل۔ کمینے۔
وَتِغَ يَوْتَغُ وَتَغًا: گنہگار ہونا۔ دین یا دنیا کے بارے میں ہلاک ہونا۔ دردمند ہونا۔ بدخلق ہونا۔ ملامت زدہ ہونا۔ گفتگو میں ناسمجھ ہونا۔ برا قول کہنا اور حد درجہ جاہل ہونا...... فِي حُجَّتِهِ: غلطی کرنا۔
اَوْتَغَهُ اِيتَاغًا: ہلاک کرنا۔ قید کرنا اور بقول بعض مصیبت میں ڈالنا۔ دردناک کرنا۔
اَوْتَغَهُ عِنْدَ السُّلْطَانِ: مضرباتوں کی تلقین کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْتَغَ دِيْنَهُ بِالْاِثْمِ" اس نے اپنے دین کو گناہ سے خراب کیا۔
الْوَتِيْغَةُ: دلیل میں غلطی۔
الْمَوْتَغَةُ: ہلاکت۔
وَتَنَ يَتِنُ وُتُوْنًا وتِنَةً الْمَاءُ: پانی کا ہمیشہ رہنا اور ختم نہ ہونا...... بِالْمَكَانِ: ٹھہرنا اور اقامت کرنا (..... وَتْنًا و وَتِنًا) الرَّجُلَ: شہ رگ پر مارنا۔
وُتِنَ: شہ رگ پر مارنا۔
وَاتَنَهُ مُوَاتَنَةً: چمٹنا۔ ایک دوسرے کا مانند

کام کرنا۔ وَاثَنَ الْمَکَانَ: دیر تک ٹھہرنا۔
اِسْتَوْثَنَ الْمَالُ: مال (یعنی جانوروں کا) موٹا ہونا۔
الْوَاثِن: فا۔ کسی جگہ میں ہمیشہ رہنے والا۔ ج وُثُن ہمیشہ بہنے والا پانی جو کبھی ختم نہ ہو۔
الوَثْنَةُ: مقروض کا پیچھا۔ مخالفت۔
الْوَتِیْن: مص۔ شہ رگ۔ دل کی رگ جس سے تمام رگوں میں خون جاتا ہے۔ ج وُتُنٌ وَاَوْتِنَةٌ.
وَثَأَ یَثَأُ وَثْأً اللَّحْمَ: مردار کرنا...... الوَتَدَ: کھونٹی کے سرے کو پاش پاش کر دینا (......
وَاَوْثَأَ) یَدَهُ: موچ ڈالنا۔
وَثِئَتْ تَوْثَأُ وَثْأً وَوَثَأً وَوُثُوءاً وَوُثِئَتْ یَدُهُ: ہاتھ میں موچ ہونا۔ صفت وَثِئَةٌ وَمَوْثُوءَةٌ۔ قَو وَثِیئَةٌ.
وُثِیءَ وُثُوءاً وَثَاءَةً: موچ لاحق ہونا۔
الوَثَاءَةُ والوَثْءُ: موچ۔
الوَثِیءُ: ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا۔
المِیثَاءُ: میخ گاڑنے کا آلہ۔
وَثَبَ یَثِبُ وَثْباً وَوُثُوباً وَوَثَبَاناً وَوِثَاباً وَوَثِیباً وَثِبَةً: اُٹھنا۔ کودنا۔ عرب کا قول ہے "وَثَبَ اِلَی الشَّرَفِ وَثْباً" وہ عزت پر دفعتاً پہنچ گیا۔
وَثَّبَهُ تَوْثِیباً: گدی پر بٹھانا...... هُ الوِسَادَةَ: بیٹھنے کے لئے بچھانا۔ وَثَبَهُ وِثَاباً: کسی کیلئے فرش بچھانا۔
اَوْثَبَهُ اِیثَاباً: کودنا۔ اَوْثَبَهُ الْمَوْضِعَ: کسی مقام سے کودانا۔
وَاثَبَهُ مُوَاثَبَةً: سبقت کرنا۔ ٹوٹ پڑنا۔
تَوَثَّبَ عَلَیْهِ فِیْ اَرْضِهِ: ظلماً قبضہ کر لینا۔
تَوَاثَبَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
الوِثَاب: تخت۔ بچھونا۔ بیٹھنے کی جگہ۔
الْوُثُبِّی: بہت کودنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَوْ نَاقَةٌ وُثُبِّی" بہت اُچھلنے کودنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔
الوَثَّاب: بہت کودنے والا۔ فَرَسٌ وَثَّابَةٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

اَلْوُثَاب: ایک مخصوص بیماری جس میں جسم گرمی یا سردی کی وجہ سے سکڑ جاتا ہے پٹھے پھول جاتے ہیں اور سر میں شدید درد ہوتا ہے۔
المِیثَب: کودنے والا۔ بیٹھنے والا۔ بلند زمین۔ نرم زمین۔ چھوٹا چشمہ۔
المَوْثَبَان: غزوہ نہ کرنے والا بادشاہ۔
وَثُجَ یَوْثُجُ وَثَاجَةً: گاڑھا ہونا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا موٹا ہونا...... المَکَانُ: بہت گھاس والی ہونا۔ صفت وَثِیجٌ.
اَوْثَجَهُ اِیثَاجاً: زیادہ کرنا۔
اِسْتَوْثَجَ الْمَالُ: زیادہ ہونا...... مِنَ الْمَالِ: زیادہ لینا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا موٹا اور گٹھا ہونا...... النَّبْتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔
الوَثِیج: گاڑھا۔ گٹھا۔ ثَوْبٌ وَثِیجٌ: گف بنا ہوا کپڑا۔
الوَثِیجَة: بہت درختوں والی زمین۔ گنجان درختوں والی زمین۔
اَرْضٌ مُوْثِجَةٌ وَمُثْجِجَةٌ: بہت گھاس والی زمین۔
المَوْثُوجُ مِنَ الثِّیَابِ: نرم بنا ہوا کپڑا۔
الوَثْخَة: پانی کی تری۔
الوَثِیخَة: گاڑھا دودھ۔ چربی ملی ہوئی نرم ہڈی۔ تروتازہ اُلجھی ہوئی گھاس۔ کیچڑ والی زمین۔
رَجُلٌ مُوَثَّخُ الْخَلْقِ وَمَوْثُوخَةٌ: کمزور جسم کا مرد۔
وَثُرَ یَوْثُرُ وَثَارَةً الفِرَاشُ: بچھونے کا نرم و ملائم ہونا۔ صفت وَثِیرٌ...... لَحْمُهُ: بہت گوشت والا ہونا...... الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔
وَثَرَ یَثِرُ وَثْراً وَوَثَرَ الْفِرَاشَ: بچھونے کو روندنا۔ نرم کرنا۔
اِسْتَوْثَرَ الْفِرَاشَ: بچھونے کو نرم پانا۔ مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔
الوَاثِر: فا۔ ثابت قدم۔
الوَثْر: مص۔ چمڑے کا ٹکڑا جس کو تسمے کے طور

پر لیا کاٹا جائے۔ صدری کے مانند ایک کپڑا۔
الوِثْر: ایک قسم کا کپڑا جو سارے کپڑوں سے اوپر رہتا ہے۔ نرم (...... والمِیثَرَةُ) زمین پر رکھنے کا گدیلا۔ ج مَوَاثِرُ وَمَیَاثِرُ.
الوَثْر والوَثِیر: نرم و ملائم۔ الوَثِیرُ: بمعانی وِثْر.
الوَثِیرَة۔ وثیر: کا مؤنث۔ بہت گوشت والی۔ ج وَثَائِر ووِثَار.
الوِثَار: نرم بچھونا۔
الوَثَارَة والوِثَارَة: بچھونے کی نرمی۔
المَوَاثِر والمَیَاثِر: درندوں کی کھالیں۔ ریشم و دیبا کی بنی ہوئی۔
وَثَغَ یَثِغُ وَثْغاً رَاسَهُ: توڑنا۔ کچلنا۔
الوَثْغَةُ مِنَ الْمَطَرِ: تھوڑی بارش۔
الوَثِیغَة: موسم بہار کی اُگی ہوئی گھاس۔
الوَثِیغَةُ مِنَ الْمَطَرِ: تھوڑی بارش۔
وَثَفَ یَثِفُ وَثْفاً وَثَّفَ وَاَوْثَفَ الْقِدْرَ: ہانڈی کے لئے پایہ بنانا۔
وَثِقَ یَثِقُ ثِقَةً وَوُثُوقاً وَمَوْثِقاً بِفُلَانٍ: بھروسہ کرنا۔ صفت فاعل وَاثِقٌ اور صفت مفعولی مَوْثُوقٌ بِهِ.
وَثُقَ یَوْثُقُ وَثَاقَةً الشَّیْءُ: قوی و مضبوط ہونا۔
وَثَّقَ الرَّجُلَ: مضبوط و استوار کرنا۔
وَثَّقَ الاَمْرَ: مضبوط کرنا...... الرَّجُلَ: کسی شخص کو معتبر کہنا۔
اَوْثَقَهُ اِیثَاقاً: رسی سے باندھنا۔
وَاثَقَهُ وِثَاقاً وَمُوَاثَقَةً: معاہدہ کرنا۔
تَوَثَّقَ: مضبوط و قوی ہونا...... فِی الاَمْرِ: وثیقہ لینا۔
تَوَاثَقَ الْقَوْمُ: باہم عہد و پیمان ہونا۔
اِسْتَوْثَقَ مِنْهُ: وثیقہ لینا...... مِنَ الاَمْوَالِ: حفاظت میں مبالغہ کرنا۔
الثِّقَة: مص۔ قابل بھروسہ۔ لفظ واحد مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لئے مستعمل ہے اور کبھی ثقات کے وزن پر مذکر و مؤنث دونوں کے لئے جمع لاتے ہیں اور کہا جاتا

ہے "فُلَانٌ يُتَوَثَّقُ بِشَجَاعَتِهِ" یعنی فلاں بہادر ہے اور اس کی بہادری پر بھروسہ کیا جاتا ہے۔

الوِثَاق والوَثَاق: باندھنے کی چیز جیسے رسّی وغیرہ ج وُثُق.

الوَثِيْق: مضبوط۔ ج وِثَاق.

الوَثِيْقَة. وَثِيق: کا مؤنث۔ قابلِ اعتماد۔ کام کی مضبوطی۔ اَرْضٌ وَثِيْقَةٌ: بہت گھاس والی زمین ج وَثَائِق.

الاَوْثَق: اسم تفضیل۔ مؤنث وُثْقٰی اور اسی سے ہے "اِسْتَمْسَکَ بِالعُرْوَةِ الوُثْقٰی" اس نے مضبوط حلقہ پکڑ لیا اور کہا جاتا ہے "خُذِ الاَمْرَ بِالاَوْثَقِ" معاملہ کو مضبوطی کے ساتھ اختیار کرو۔

المَوْثِق والمِيْثَاق: عہد۔ ج مَوَاثِق ومَيَاثِق ومَوَاثِيق ومَيَاثِيق.

اَلْوَثَّاقِيَّةُ: زیتون کی قسم کا ایک چھوٹا درخت جس کے پتے آمنے سامنے ہوتے ہیں پھول خوشہ کی شکل میں لٹکے ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

وَثَلَ المَالَ: مال جمع کرنا...... الشَّيْءَ: مضبوط واستوار کرنا۔

الوَثَل: درخت خرما کے چھال کی رسی۔ چمڑے کا میل کچیل۔

الوَثِيْل: درخت خرما کی چھال۔ درخت خرما کی چھال کی رسّی یا جوٹ کی رسّی۔

وَثَمَ يَثِمُ وَثْمًا الشَّيْءَ: توڑنا۔ کوٹنا۔ وَثَمَ المَطَرُ الاَرْضَ: زور سے بارش ہونا...... الفَرَسُ الاَرْضَ: گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا۔

وَثَمَتْ وَثْمًا ووَثَامًا الحِجَارَةُ رِجْلَهُ: پتھروں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔

وَثُمَ يَوْثُمُ وَثَمًا المَکَانُ: کم گھاس والی ہونا۔

وَثُمَ يَوْثُمُ وَثَامَةً: بہت گوشت والا اور گٹھا ہونا۔ صفت وَثِيْم.

وَاثَمَ مُوَاثَمَةً فِی العَدْوِ: دشمنوں میں گھستے ہوئے چلا جانا۔

الوَثِيْمَة: پتھر۔ چقماق کا پتھر۔ گھاس یا نباتات کا ڈھیر۔

الوَثْم: کی۔

خُفٌّ مِيْثَم: بہت پامال کرنے والا کھر۔

وَثَنَ يَثِنُ وُثُوْنًا: عہد پر قائم رہنا۔

اَوْثَنَهُ اِيْثَانًا: بہت عطیہ دینا...... مِنَ المَالِ: بہت لینا۔

اِسْتَوْثَنَ اِسْتِيْثَانًا الشَّيْءُ: باقی رہنا۔ مضبوط ہونا...... المَالُ: مال یعنی مویشی کا موٹا ہونا...... مِنَ المَالِ: بہت لینا۔

اِسْتَوْثَنَتِ الاِبِلُ: اولاد کا بڑھنا۔

الوَاثِن: فا۔ ایک جگہ پر قائم رہنے والا۔ ج وُثُن.

الوَثَن: بت۔ ج اَوْثَان ووُثْن ووُثُن واُثُن.

الوَثَنِيّ: بت پرست۔

وَثِيَتْ تُوْثٰی وَثْيًا ووَثَايَةً: ہاتھ میں موچ ہونا۔ صفت مَوْثِيَّة.

اَوْثٰی اِيْثَاءً الرَّجُلُ: زخمی یا شکستہ سواری والا ہونا۔

الوَثْی: موچ۔

الوُثٰی: تکلیفیں۔

المِيْثَاة: موگری۔ ہتھوڑا۔

وَجَّ يَوُجُّ وَجًّا: تیز چلنا۔ دوڑنا۔

الوَجّ: مص۔ تیزی۔ شتر مرغ۔ قطا۔ ہل کی لکڑی۔ ایک دوا کا نام۔

وَجَاَ يَوْجَاُ وَجْاً وتَوَجَّاَ فُلَانًا بِالسِّکِّيْنِ او بِيَدِهِ: کسی کو چھری یا ہاتھ سے مارنا۔ صفت مفعول مَوْجُوْءٌ ووَجِيْءٌ اور اسم الوِجَاء...... التَّمْرَ: کھجور کو کوٹنا۔

وَجَاَ تَوْجِئَةً البِئْرَ: ختم شدہ پانی والا پانا۔

اَوْجَاَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔ اَوْجَاَ الرَّجُلُ: ناکام ہونا...... فُلَانًا عَنْهُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔

اِتَّجَاَ التَّمْرُ: کھجور کا گودے دار ہونا۔

الوَجْءُ والوَجَاُ والوَجَاءُ: بے برکت چیز جیسے بے پانی کا کنواں۔

الوَجِيْئَة: گائے۔ کھجور یا ٹڈیوں کو کوٹ کر گھی یا زیتون کے تیل میں لت پت کر کے تیار کیا ہوا کھانا۔

وَجَبَ يَجِبُ وُجُوْبًا وَجِبَةً الشَّيْءُ: ثابت ہونا۔ لازم ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَجَبَ البَيْعُ و وَجَبَ لِیْ عَلٰی فُلَانٍ کَذَا" یعنی بیع لازم ہوگئی اور میری فلاں پر اتنی چیز ثابت ہوگئی (...... وَجْبَةً الحَائِطُ ونَحْوُهُ) دیوار کا زمین پر گرنا...... الرَّجُلُ: دن میں ایک دفعہ کھانا (...... وَجْبًا ووُجُوْبًا) الرَّجُلُ: مرتے ہوئے گرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ فَوَجَبَ" اس نے اسے مارا پس وہ مر کر گر گیا...... فُلَانًا عَنْهُ: باز رکھنا۔ ہٹا دینا۔ وَجَبَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا...... العَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ وَجَبَ وَجْبًا ووَجِيْبًا ووَجَبَانًا القَلْبُ: دل کا تڑپنا۔ دھڑکنا۔

وَجُبَ يَوْجُبُ وُجُوْبَةً: بزدل ہونا۔

وَجَّبَ: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔ ہُ: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی بنانا اور ایسا ہی وَجَّبَ نَفْسَهُ ولِنَفْسِهِ: اپنے کو ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی کرنا...... النَّاقَةَ: اونٹنی کو دن رات میں صرف ایک مرتبہ دوھنا...... الاَمْرَ عَلَيْهِ: لازم کرنا...... بِهِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ وَجَّبَتِ الاِبِلُ: اونٹ کا تھکنا۔ وَجَّبَ اللِّبَاُ فِی ضَرْعِ النَّاقَةِ: پیوی کا تھن میں جم جانا۔ البَعِيْرُ: اونٹ کا بیٹھنا۔

اَوْجَبَ اِيْجَابًا لِفُلَانٍ حَقَّهُ: رعایت کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَدْ فَعَلْتُ ذٰلِکَ اِيْجَابًا لِحَقِّهِ: میں نے اس کے حق کی رعایت کی وجہ سے یہ کیا...... الشَّيْءَ: واجب کرنا یا سمجھنا۔ اَوْجَبَ البَيْعَ: لازم کرنا...... الرَّجُلُ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔ جنت یا جہنم کے لائق کام کرنا...... اللّٰهُ قَلْبَهُ: دل کو تڑپانا۔ دھڑکانا۔

وَاجَبَهُ وِجَابًا ومُوَاجَبَةً: لازم کرنا۔

تَوَجَّبَ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

تَوَاجَبُوْا: باہم شرط لگانا (گویا کہ بعض نے بعض پر کچھ واجب کیا)

اِسْتَوْجَبَ اِسْتِيجَابًا الشَّئَ : مستحق ہونا۔ واجب ولازم جاننا۔

اَلوَجْبُ : مص بڑی مشک۔ ج وِجَابٌ (..... والوَجَّاب والوَجَّابَة : بزدل۔ قَلْبٌ وَجَّابٌ : بہت دھڑکنے والا دل۔

اَلوَجْبُ : گھوڑ دوڑ یا تیراندازی کی شرط۔

اَلوَجْبَةُ : مص دھما کے کے ساتھ گرنا۔ یا گرنے والے کی آواز۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔ ج وَجَبَات۔

اَلوُجُوْب : مص ثبوت۔ ذات کا اپنی عین کا اقتضاء کرنا اور خارج میں متحقق ہونا۔

اَلوَجِيبَة : وظیفہ۔ بیع کو واجب کرنا۔ پھر پہلے پہل لینا اور جب لے کر فارغ ہو چکو تو کہا جاتا ہے "قَدْ اِسْتَوْفَيْتَ وَجِيبَتَكَ"۔

اَلوَاجِب : فا۔ لازم اور جائز ممکن ممتنع کے مقابل پر بھی بولا جاتا ہے۔ اَلوَاجِب : مقتول۔ وَاجِبُ الْوُجُوْدِ : جس کا وجود بذاتہ ہو اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو اور ہمیشہ سے ہو اور ہمیشہ رہے۔

اَلمُوْجِب : فا۔ سبب۔ باعث۔

اَلمُوْجَب : مفع ..... مِنَ الْكَلَامِ : جس میں نفی نہی استفہام ہو۔

اَلمُوْجِبَة : بڑی نیکی یا بڑا گناہ جو باعث جنت یا جہنم ہو۔

اَلمَوْجِب : موت۔ ج مَوَاجِب کہا جاتا ہے "خَرَجَ الْقَوْمُ اِلَى مَوَاجِبِهِمْ" قوم اپنی موت کی جگہوں میں گئی۔

وَجَحَ الشَّئُ : ظاہر ہونا۔

اَوْجَحَ : ظاہر ہونا ..... الحَافِرُ : کھودنے میں چٹان تک پہنچنا ..... الْبَيْتَ : گھر پر پردہ لٹکانا ..... هُ اِلَى كَذَا : مجبور کرنا۔ اَوْجَحَتِ النَّارُ : آگ کا چمکنا ..... غُرَّةُ الفَرَسِ : گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا واضح ہونا۔ اَوْجَحَ الْبَوْلُ فُلَانًا : ..... پیشاب کا کسی کو تکلیف پہنچانا۔

اَلوَجَاح : چکنا پتھر (..... اَلوُجَاح والوِجَاح) پردہ۔

اَلوَجْحُ : غار کے مانند۔

اَلمُوْجَح : مفع۔ جائے پناہ۔ چکنا پھسلا ..... (والوَجِيح) مضبوط و گف بنا ہوا کپڑا۔

اَلمَوْجُوْح مِنَ الْاَبْوَابِ : بند کیا ہوا دروازہ۔

وَجَدَ وَوَجِدَ يَجِدُ وَجْدًا وَوُجْدًا وَجِدَةً وَوُجُوْدًا وِجْدَانًا وَاِجْدَانًا الْمَطْلُوْبَ : پانا۔ ضائع ہونے کے بعد کامیاب ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَّالَّةَ" میں نے گم شدہ کو پالیا۔ وَجَدَ افعال القلوب میں سے بھی ہے اس صورت میں دو مفعول کو نصب دیتا ہے جیسے وَجَدْتُ كَلَامَكَ صَادِقًا اور اس کا مصدر وُجُوْدٌ ہے۔

وَجَدَ يَجِدُ وَجْدًا وَوِجْدًا وَوُجْدًا. وجِدَةً الْمَالَ وَنَحْوَهُ : مستغنی ہونا۔

وَجَدَ يَجِدُ وَيَجُدُ وَجْدًا وَجِدَةً وَمَوْجِدَةً وَوِجْدَانًا عَلَيْهِ : غضبناک ہونا (..... وَجْدًا) بِفُلَانٍ : بہت محبت کرنا ..... لَهُ : غمگین ہونا۔

وَجِدَ يَوْجَدُ وَجْدًا : بہت محبت کرنا۔ لَهُ : غمگین ہونا۔

وُجِدَ وُجُوْدًا الشَّئُ عَنْ عَدَمٍ : نیست سے ہست ہونا۔ صفت مَوْجُوْدٌ۔

اَوْجَدَ اِيجَادًا اللّٰهُ الشَّئَ : موجود کرنا ..... فُلَانًا : غنی کرنا۔ قوی کرنا ..... هُ مَطْلُوْبَهُ : کامیاب کرانا۔ فتح مند کرانا۔ حاصل کرانا۔ اَوْجَدَهُ عَلَى الْاَمْرِ : مجبور کرنا۔ اَوْجَدَهُ اِلَيْهِ : مضطر کرنا۔

تَوَجَّدَ بِهِ : محبت کرنا ..... لَهُ : غمگین ہونا ..... السَّهَرَ وَنَحْوَهُ : بےخوابی وغیرہ کی شکایت کرنا۔

تَوَاجَدَ : محبت یا خوشی یا غم یا تکلیف ظاہر کرنا۔

اَلوَجْدُ : مص پانی جمع ہونے کی جگہ ج وِجَادٌ (..... والمُوْجِد والوُجْد) محبت۔ خوشی۔ توانگری۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ وُجْدِي" یہ میری قدرت میں ہے۔

[illegible]

اَلوُجْدَان : مص اور بعضوں کے نزدیک نفس اور اس کی باطنی قوتیں۔

اَلوُجْدَانِي : ہر وہ چیز جس کو انسان اپنے نفس سے محسوس کرے۔ جو چیزیں باطنی قوتوں سے محسوس ہوں۔ ج وُجْدَانِيَّات۔

اَلوَاجِد : فا۔ توانگر۔ محب اور کہا جاتا ہے انا وَاجِدٌ لِلشَّئِ : میں اس پر قادر ہوں۔

اَلوَجَّاد : بہت غضبناک۔

اَلوَجِيد : ہموار زمین۔ ج وُجْدَان۔

اَلوُجُود : مص ہست۔ عدم کا خلاف۔

اَلوُجُوْدِيّ : عدمی کا خلاف۔

اَوْجَدَهُ اِلَى كَذَا : مضطر کرنا ..... عَلَيْهِ : مجبور کرنا۔

اَلوَجْذ : پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اور بقول بعض حوض ج وِجَاذ ووُجْذَان۔

مَكَانٌ وَجِذٌ : بہت گڑھوں والی۔ یا بہت حوض والی جگہ۔

وَجِرَ يَوْجَرُ وَجَرًا مِنْ كَذَا : خوف کرنا۔ صفت مذکر وَجِرٌ واَوْجَر صفت مؤنث وَجِرَةٌ ووَجْرَاء۔

وَجَرَهُ يَجِرُهُ وَجْرًا : منہ میں دوا ڈالنا۔ وَجَرَ فُلَانًا : ناپسندیدہ باتیں سنانا۔

اَوْجَرَهُ اِيجَارًا الوَجُوْرَ : منہ میں دوا ڈالنا ..... هُ الرُّمْحَ : منہ میں نیزہ مارنا۔

تَوَجَّرَ الْمَاءَ : ناپسندیدگی سے پینا ..... اللَّدَوَاءَ : دوا کو تھوڑا تھوڑا نگلنا۔

اِتَّجَرَ وَجُوْر : سے علاج کرنا (اس کی اصل اَوْتَجَرَ ہے) دیکھو وَجُوْر۔

اَلوَجْر : مص۔ پہاڑ میں غار کے مانند ج اَوْجَار۔

اَلوَجْرَةُ والوُجْرَةُ : وحشی جانوروں کو شکار کرنے کا گڑھا۔ ج اَوْجَار۔

اَلوِجَار والوَجَار : بجو وغیرہ کا بھٹ۔ وادی کا وہ حصہ جس کو سیلاب نے کھود دیا ہو۔ ج اَوْجِرَةٌ ووُجُر۔

اَلوُجُوْر والوَجُوْر : منہ میں ٹپکانے کی دوا۔

الْمِيْجَرُ وَالْمِيْجَرَةُ: منہ میں دوا ڈالنے کا آلہ۔

الْمِيْجَارُ: چوگان کے مانند ایک لکڑی جس سے گیند کو مارتے ہیں۔

وَجَزَ يَجِزُ وَجْزًا الْكَلَامَ: کلام مختصر کرنا۔ (ووَجُزَ يَوْجُزُ وَجْزًا وَ وَجَازَةً ووُجُوْزًا)

الْوَجُلُ فِي مَنْطِقِهِ: مختصر گو ہونا۔

وَجُزَ يَوْجُزُ وَجَازَةً الْكَلَامُ: کلام مختصر و بلیغ ہونا۔

اَوْجَزَ اِيْجَازًا الْكَلَامُ: مختصر ہونا ...... الْكَلَامَ و فِي الْكَلَامِ: مختصر کرنا ...... الْعَطِيَّةَ: جلدی دینا۔

تَوَجَّزَ الشَّيْءَ: حاجت پوری کرنے کو کہنا۔

اِسْتَوْجَزَ اِسْتِيْجَازًا الْكَلَامَ: زوائد کو حذف کر دینا۔

الْوَجْزُ. رَجُلٌ وَجْزٌ: جلدی دینے والا یا پھرتیلا (...... وَالْوَجِيْزُ وَالْمُوَاجِزُ) ہلکا اور مختصر ...... مِنَ الْكَلَامِ: جلدی سے سمجھ میں آنے والا مختصر کلام۔

الْمِيْجَازُ: مختصر کلام۔ بولنے کا عادی۔

وَجَسَ يَجِسُ وَجْسًا: پوشیدہ ہونا۔

وَجَسَتِ الْأُذُنُ: کان کا آہٹ محسوس کرنا (...... وَجْسًا وَجَسَانًا) کسی ہوئی چیز سے گھبرانا۔

اَوْجَسَ اِيْجَاسًا الرَّجُلُ: محسوس کرنا اور دل میں چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اَوْجَسَ الْقَلْبُ فَزَعًا" یعنی دل نے گھبراہٹ محسوس کی۔

اَوْجَسَتِ الْأُذُنُ: کان کا آہٹ سننا۔

تَوَجَّسَ: آہٹ پر کان لگانا ...... الطَّعَامَ او الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا ...... فَزَعًا: گھبراہٹ محسوس کرنا ...... الصَّوْتَ: خوفزدہ ہو کر سننا۔ تَوَجَّسَتِ الْأُذُنُ: آواز سننا۔

الْوَجْسُ: مص۔ آہستہ آواز۔ دل کی گھبراہٹ۔

الْوَاجِسُ: فا۔ دل میں آنے والا خیال۔

الْأَوْجَسُ: تھوڑی خورد و نوش۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهُ سَجِيْسَ الْاَوْجَسِ" میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔

وَجِعَ يَوْجَعُ وَجَعًا: مریض اور دردمند ہونا۔ اس کے مضارع میں يَيْجَعُ اور يَاجَعُ واو کو یا یا الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں۔

ووَجِعَ فُلَانٌ رَأْسَهُ ووَجِعَ فُلَانٍ رَأْسُهُ: فلاں کے سر میں درد ہے۔

اَوْجَعَهُ اِيْجَاعًا: دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا

اَوْجَعَ فِي الْعَدُوِّ: دشمن کی بہت خونریزی کرنا۔

تَوَجَّعَ: شکایت کرنا۔ غم ظاہر کرنا ...... لَهُ: نرم دل ہونا۔

الْوَجَعُ: مرض و تکلیف ج وِجَاعٌ و اَوْجَاعٌ۔

الْوَجِعُ: درد والا۔ ج وَجِعُوْنَ ووَجْعَى ووَجَاعَى ووِجَاعٌ و اَوْجَاعٌ مؤنث وَجِعَةٌ ج وَجَاعَى ووَجِعَاتٌ۔

الْجِعَةُ: جو کی نبیذ۔

الْاَوْجَعُ: بہت تکلیف پہنچانے والا۔ (یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے اور شاذ ہے اس لئے کہ اَوْجَعَ ثلاثی مزید سے بنایا گیا ہے)

الْوَجْعَاءُ: دبر۔ ج وجعاوات۔

الْوَجِيْعُ: درد پہنچانے والا۔ کہا جاتا ہے "ضَرْبٌ وَجِيْعٌ" دردناک مار۔ جیسے کہا جاتا ہے "عَذَابٌ اَلِيْمٌ"۔

وَجَفَ يَجِفُ وَجْفًا ووَجِيْفًا ووُجُوْفًا الشَّيْءُ: مضطرب ہونا (...... وَجِيْفًا) الْقَلْبُ: دل کا دھڑکنا۔ صفت وَجَّافٌ و وَاجِفٌ (...... وَجْفًا وَجِيْفًا) الْفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ صفت وَاجِفٌ۔

اَوْجَفَ الْفَرَسَ: گھوڑے کو تیز دوڑانا۔ ...... الشَّيْءَ: حرکت دینا۔ مضطرب کرنا ...... الْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔

اِسْتَوْجَفَ الْحُبُّ فُؤَادَهُ: محبت کا دل کو شیفتہ کرنا۔

نَاقَةٌ مِيْجَافٌ: تیز دوڑنے والی اونٹنی۔

الْوَجِيْفُ: مص۔ خوف سے کرنا۔

الْوُجَاقُ والْاُوْجَاقُ: [illegible] الجیشی۔ فوج کی ترتیب۔ ج وُجَاقَات (دخیل)

وَجِلَ يَوْجَلُ وَجَلًا ومَوْجَلًا: ڈرنا یا خوف محسوس کرنا اور اس کا مضارع يَيْجَلُ اور يَاجَلُ واو کو یاء یا الف سے بدل کر اور يِيْجَلُ علامت مضارع کے کسرہ کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے۔

وَجَلَهُ يَوْجُلُهُ وَجْلًا: خوف میں بڑھ جانا۔

وَجُلَ يَوْجُلُ وَجَالَةً: بوڑھا ہونا۔

وَاجَلَهُ مُوَاجَلَةً فَوَجَلَهُ: خوف میں مقابلہ کرنا۔

اَوْجَلَهُ: ڈرانا۔

الْوَجَلُ: خوف۔ ج اَوْجَالٌ۔

الْوَجِلُ: خوف کرنے والا۔ ج وَجِلُوْنَ ووِجَالٌ مؤنث وَجِلَةٌ۔

الْاَوْجَلُ: خوف کرنے والا (مؤنث کے لئے وَجْلَاءُ نہیں بلکہ وَجِلَةٌ بولا جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْجَلُ مِنْكَ" وہ تم سے زیادہ خائف ہے۔

الْوَجِيْلُ وَالْمَوْجِلُ: گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔ الْمَوْجَلُ: خوف کی جگہ۔

الْوُجُوْلُ: بڑھے۔

وَجَمَهُ يَجِمُهُ وَجْمًا: مکا مارنا (...... وَجْمًا وَوُجُوْمًا) شدت غیظ یا خوف سے گفتگو سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَجِمْ عَنْهُ" میں اس سے گھبرا کر خاموش نہیں ہوا۔ شدت غم کی وجہ سے ترش رو ہو کر سر جھکانا۔ صفت وَجِمٌ وواجِمٌ۔ وَجِمَ مِنَ الْاَمْرِ: ناپسند کر کے رک جانا ...... الشَّيْءَ: ناپسند کرنا۔ وَجَمَ لِفُلَانٍ مِنْ كَذَا: نرم دل اور غمگین ہونا۔

الْوَجْمُ: مص۔ رَجُلٌ وَجْمٌ: ناکارہ مرد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَجْمُ سُوْءٍ" وہ برا آدمی ہے۔

الْوَجَمُ: بخیل۔ لئیم۔ ہلکا پھلکا۔

الْوَجْمُ وَالْوَجَمُ: قبروں یا ٹیلوں پر پتھروں کا ڈھیر یا جنگلوں میں راستہ کے نشانات ج وُجُوْمٌ واَوْجَامٌ۔ بَيْتٌ وَجْمٌ ووَجَمٌ: بڑا

گھر۔

الاَوْجَم: اسم تفضیل۔اَوْجَمُ الرَّمْلِ: ریت کا بڑا قطعہ۔

الوَجْمَة: ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوَجْمَة: ننگ وعار۔

الوَجِيم مِنَ الاَيَّامِ: سخت گرم دن۔

الوَجِيمَةُ: گیہوں یا چارہ۔آفت رسیدہ۔

المِيجَمَةُ: دھوبی کی موگری۔

وَجَن يَجِنُ وَجْنا بِالشَّيء: پھینکنا......الوَتَد: کھونٹی ٹھونکنا......بِـهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹکنا ......اَلْـقَـصَّـارُ الثَّوْبَ: دھوبی کا کپڑے کو پچھوڑنا۔

وَجَنَ الْـجِلدَ: کھال کو نرم ہونے کے لئے کوٹنا۔

تَوَجَّنَ: ذلیل ہونا۔فروتنی کرنا۔

الـوَجْنَة والوِجْنَة والوُجْنَة والوَجَنَة والـوَجِـنَة والاَجْنَة والاِجْنَة والاُجْنَة: رخسارہ میں اُبھری ہوئی جگہ ج وَجَنَات۔

الـوَجْن والـوَجَـن و الوَاجِن: پتھریلی سخت زمین۔

الوَجِين: وادی کا کنارہ۔سامنے کی قدرے اونچی اور پتھریلی زمین ج وُجُنّ۔

الاَوْجَـــن: سخت پہاڑ۔بڑے رخساروں والا۔مؤنث وَجْنَـاءُ۔نَاقَةٌ وَجْنَاء: سخت اونٹنی۔

الـمُـوَجَّـن: بڑے رخساروں والا۔بہت گوشت والا موٹا۔

المِيجَنَة: موگری۔ج مَيَاجِن ومَوَاجِن۔

المَوْجُون: مفع۔شرمندہ۔

المَوْجُونَة: دلہن کا آراستہ کمرہ۔

وَجَـهَ يَـجِـهُ وَجْهًا فُلانًا: منہ پر مارنا اور رد کرنا۔لوگوں کے نزدیک وجاہت میں بڑھ جانا۔

وَجُـهَ يَوْجُـهُ وَجَـاهَةً: وجیہ ہونا۔صاحب وجاہت ہونا۔

وَجَّهَ اِلَى فُلانٍ: کسی کے پاس جانا......هُ اِلَى فُلانٍ: کسی کے پاس بھیجنا......هُ الاَمِـ......

باعزت بنانا......وَجَّـهَ الشَّيءَ: کسی طرف پھیر دینا۔الـقَوْمُ الطَّرِيقَ: راستہ پر چلنا اور نشان واضح کرنا۔لِـعَـبْـدِهِ: غلام سے اپنے مرنے کے بعد آزادی کے لئے کہنا ......المَطَرُ الاَرْضَ: ایک روش کی بارش ہونا۔سطح زمین کو صاف کر دینا اور نشان ڈال دینا ......الرِّيحُ الحَصٰى: ہوا کا کنکریوں کو اڑانا ......المَيِّتَ: میت کو قبلہ رو کرنا۔

اَوْجَـهَ اِيْـجَاهًا الرَّجُلَ: وجیہ بنانا۔وجیہ پانا۔رد کرنا۔

وَاجَهَهُ وِجَاهًا ومُوَاجَهَة: رُو در رُو مقابلہ کرنا۔کہا جاتا ہے "لَـقِـيَـهُ مُـوَاجَهَةً وِوِجَـاهًـا" اس نے اس سے رُو در رُو ملاقات کی۔

تَـوَجَّـهَ اِلَـيْـهِ: متوجہ ہونا اور قصد کرنا...... الْـجَيْشُ: شکست کھانا......الشَّيْخُ: بڑھا ہونا۔

تَـوَاجَـهَ الـرَّجُلانَ او الْـمَـنْـزِلانَ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِتَّـجَـهَ اِلَـيْـهِ: متوجہ ہونا... لَـهُ رَايٌ: خیال سوجھنا۔

الْـوَجْـــه: چہرہ۔ج اَوْجُــهٌ ووُجُـوهٌ واُجُوه۔وَجْهُ الثَّوْبِ ونَحْوِهِ: کپڑے وغیرہ کا سامنے کا پہلو۔وَجْـهُ الـدَّهْـرِ: زمانہ اوّل۔کہا جاتا ہے "كَانَ ذٰلِكَ عَلٰى وَجْهِ الدَّهْرِ" یہ زمانے کے شروع میں تھا۔

الوَجْـه: مص۔جانب۔قصد و نیت جس عمل وغیرہ کی طرف انسان متوجہ ہو۔عزت ومرتبہ وَجْـــهُ الْـكَلامِ: مقصود کلام۔رضامندی۔کہا جاتا ہے "فَـعَـلَ ذٰلِكَ لِـوَجْـهِ الـلّٰـهِ" اس نے اس فعل کو اللہ کی رضامندی کے لئے کیا۔"وضَـرَبَ وَجْـهَ الاَمْـرِ وعَيْـنَـهُ" اس نے کام کی اچھی تدبیر کی۔"وَمَضٰى عَلٰى وَجْهِهِ" وہ لاپروائی سے گزر گیا "اِبْيَضَّ وَجْهُـهُ وبيّض الـلّٰـهُ وَجْهَـهُ" اس وقت کہا جاتا ہے جبکہ کوئی فعل ......

وسَوَّدَ اللهُ وَجْهَهُ" اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ فعل مذموم کرے......ج وُجُوهٌ: سردار قوم اور کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ وَجْـهٌ" یعنی صاحب عزت و مرتبہ مرد۔الوَجْه: نوع و قسم جیسے "اَلْـكَلامُ فِيـهِ عَلٰى وُجُوهٍ عَلٰى اَرْبَعَةِ وُجُوهٍ۔وَلَـيْـسَ لِـكَلامِكَ وَجْهٌ" یعنی تمہارے کلام کے لئے صحت کی کوئی صورت نہیں "وَالوَجْهُ اَنْ يَكُونَ كَذَا" یعنی ظاہری قصد ہے کہ ایسا ہو "وَلِهٰذَا القَوْلِ وَجْهٌ" یعنی اس قول کے لئے ماخذ ہے "وَفُلانٌ اَحْسَنُ الـقَـوْمِ وَجْهًا" فلاں قوم کے لحاظ سے بہتر حال میں ہے اس لئے کہ عموماً حسن ظاہر حسن باطن پر دلالت کرتا ہے "وَصَـرَفَ الشَّيْءَ عَنْ وَجْهِـهِ" اس نے چیز کو اس کے طریقے سے پھیر دیا۔"وَرَجُـلٌ ذُو وَجْهَيْنِ" جبکہ ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔

الوَجْه والوَجَه: تھوڑا پانی۔

الوِجْه والوُجْه: جانب۔گوشہ۔

الوَجْه والوُجْه: صاحب عزت و مرتبہ۔

الـجِهَة والـجَهَة والـجُهَة ج جِهَـات وجَهَـات وجُهَات والـوُجْهَة والوِجْهَة: جانب۔گوشہ جس کی طرف تم توجہ کرو۔اور کہا جاتا ہے "ضَـلَّ وَجْهَةَ اَمْرِهِ" وہ اپنے مقصد سے نکل گیا۔

الوَجَاهَة: مص۔مرتبہ۔عزت۔حرمت۔کہا جاتا ہے "لَـهُ وَجَاهَةٌ عِنْدَ النَّاسِ" اس کی لوگوں کے نزدیک عزت و حرمت ہے۔

الـتَّـوْجِيه: مص......فِيْ عِلْـمِ العَرُوض: روی مقید کے قبل کے حرف کی حرکت کا اختلاف۔روی مطلق اور تاسیس کا درمیان۔کہا جاتا ہے "هُـمْ وِجَاهُ اَلْفٍ" وہ ایک ہزار کے قریب ہیں۔کہا جاتا ہے "وُجَاهَـهُ ووِجَاهَـهُ وُجَاهُـهُ وتُجَاهَهُ وتُـجَاهَـهُ وتَجَاهَهُ: سامنے۔مقابل اور کہا جاتا ہے "قَـعَـدُوا تُجَاهَهُ وُجَاهَهُ" وہ لوگ اس کے سامنے بیٹھے۔

الوَجِيه: سردار قوم۔آبرو والا۔مرتبہ والا ج

وَجَهَـةٌ مؤنثوَجِهَةٌ ج وَجِهَـات وَجَـنِـبَـةُ الوَجـه مِنَ الأكْسِيَةِ: دوہری چادر۔ الوَجِيـه: پاؤں کے بل پیدا ہونے والا بچہ۔

الوَجِيهَة. وَجِيـه: کا مؤنث۔ ایک قسم کا دو رخہ مہرہ جس میں صورت نظر آتی ہے اور بسا اوقات اس کو نظر بد سے بچنے یا حصولِ عزت کے لئے گردن میں لٹکاتے ہیں۔

الأوْجَه: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْجَهُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم میں زیادہ مرتبہ والا ہے۔ کہا جاتا ہے نَظَرُوا اِلَيَّ بِاُوَيْجِه سُوْءٍ یعنی انہوں نے مجھ کو بری نظر سے دیکھا۔ اُوَيْجِه. اَوْجُه جمع وَجْهٌ کی تصغیر ہے۔

المُوَجَّه: مرتبہ والا ...... مِنَ الْكِسَاءِ: دورُخی چادر۔ شَـيٌ مُوَجَّهٌ: ایک روش پر بنی ہوئی چیز۔

الـمُوَاجَهَة: مص۔ کسی کا کلام یا چہرے سے استقبال کرنا۔

وَجِيَ يَجِي وَجِيَ الرَّجُلُ: ناکارہ و نکما پانا۔ وَجِيَ يَوْجَى وَجيً وتَوَجِّي الْمَاشِي: ننگے پاؤں ہونا یا قدم گھسنا۔ صفت وَجٍ ووَجِـيٌّ مؤنث وَجِيَةٌ ووَجْيَاء.

اَوْجَى اِيْـجَاءً. الرَّجُلَ: پاؤں گھسانا۔ دینا عَـلَيْهِ: بخل کرنا ...... عَنْ كَذَا: اعراض کرنا ...... الشَّيْ: دور کرنا ...... فُلانًا: حاجت سے ہٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "اَوْجَاهُ عَنْهُ" اس نے اس کو اس سے ہٹا دیا "وَاَوْجَيْـتُ عَنْكُم ظُـلْـمَ فُلَانٍ" میں نے تم سے فلاں کے ظلم کو دور کر دیا۔ اَوْجَـى الـرَّجُلُ: حاجت کے لئے آنا اور ناکام واپس ہونا اور کہا جاتا ہے "سَـاَلَ حَاجَةً فَاَوْجَى" اس نے حاجت کا سوال کیا اور محروم رہا۔

الوِجَاءُ: چھوٹی بوری۔ ج اَوْجِيَةٌ.

الوَجِيُّ: نکما ناکارہ۔

الوُخَاب: اُونٹ کی ایک بیماری کا نام۔

وَجِج يَوْجَجُ وجَجَابِهٖ: پناہ لینا۔

اَوْجَجَهُ: پناہ دینا۔

الوَجَج: جائے پناہ۔

وَحَـدَ يَحِدُ وَحْدًا ووَحْـدَةً وَحِدَةً ووُحُودًا ووَحُـدَ يَحِد وَحَادَةً ووُحُودَةً: اکیلا ہونا۔ صفت وَحِيْدٌ.

وَحَّدَهُ تَوْحِيْدًا وَاَحَّدَهُ: ایک بنانا وَحَّدَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ایک اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا۔ یکتا کہنا یا لا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا۔

اَوْحَـدَهُ اِيْحَادًا: اکیلا چھوڑ دینا۔ یکتا جاننا اَوْحَـدَهُ لِلْاَعْدَاءِ: چھوڑ دینا۔ اَوْحَـدَتِ الشَّـاةُ: بکری کا ایک بچہ جننا۔ صفت مُوْحِد.

تَوَحَّدَ: تنہا باقی رہنا ...... بِرَاْيِهٖ: اپنی رائے میں اکیلا رہنا۔ تَوَحَّدَهُ بِـالْفَضْلِ: کسی پر مہربانی کرنا اور دوسرے کی طرف سپرد نہ کرنا۔

اِتَّـحَدَ الشَّيْـئَـانِ: ایک ہونا ...... الشَّيُ بِـالشَّيِ: ایک چیز کا دوسری چیز سے گھل مل جانا ...... القَوْمُ: متفق ہونا۔

الوَحْد: مص۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهُ وَحْدَهُ اَوْ جَـاءَ وَحْدَهُ" میں نے اس کو اکیلا دیکھا یا وہ اکیلا آیا۔ مصدر ہونے کی وجہ سے اس کا تثنیہ جمع نہیں آتا اور یہ حالیت کی وجہ سے بتقدیر منفرد منصوب ہے اور بعضوں کے نزدیک اسم متمکن ہے کہا جاتا ہے "جَـلَـسَ وَحْـدَهُ وعَـلٰى وَحْـدِهٖ وعَـلٰى وَحْـدِهِمَا وحَـدَيْهِـمَـا ووَحْـدِهِمْ" اور بعضوں کے نزدیک اس کی اضافت صرف فُلَانٌ نَسِيْـجُ وَحْدِهٖ بصورت مدح اور عُيَيْـرُ وَحْدِهٖ یا جُحَيْشُ وَحْدِهٖ: بصورت ذم میں ہوتی ہے اور کبھی رُجَيْـلُ وَقْدِهٖ بھی کہتے ہیں۔ رَجُلٌ وَحْدٌ تنہا مرد۔ اَجِيْرُ الْوَحْدِ: اَجیر خاص۔

الوَاحْدَانِيٌّ: اکیلا۔

الوَحْدَانِيَّة: اکیلا ہونے کی حالت۔

اَلْـوَحْـدَةُ الْـفَلَكِيَّةُ: زمین کی سورج سے دوری کی مسافت جو کہ مساوی: (۱۴۹۵۰۰۰ کلومیٹر) ہے۔

الوَحْدَة: مص۔ کہا جاتا ہے "...... عَلٰى [illegible]

حِدَتِهٖ" وہ تنہا باقی رہا۔ "وَفَعَلَهُ عَلٰى ذَاتِ حِدَتِهٖ ومِنْ ذَاتِ حِدَتِهٖ وَمِنْ ذِيْ حِدَتِهٖ" اس نے اس کو خود بخود بغیر کسی کی مدد وراے کے کیا۔

الوَحْدَة: مص۔ تنہائی۔

الـــوَحَد والوَحِد: اکیلا۔ مؤنث وَحَدَةٌ ووَحِدَةٌ.

الْاَحَـد: اکیلا۔ کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ اَحَـدٌ" اکیلا مرد۔ اس کی اصل وَحَدٌ ہے واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا گیا ہے "الْاَحَـد" لاثانی۔ بے نظیر اور لفظ احد دو موقعوں پر واحد کا مترادف ہے۔ ایک باری تعالیٰ کی صفت میں کہا جاتا ہے "هُوَ الوَاحِد وهُوَ الْاَحَد" اور اس معنی کے لحاظ سے باری تعالیٰ کے علاوہ کسی دوسرے کی صفت واقع نہیں ہوتا۔ دوسرے اسماء عدد میں جیسے اَحَدٌ وعِشْرُوْنَ و وَاحِدٌ وعِشْرُوْنَ اور لفظ احد: مذکر کے لئے آتا ہے کبھی مؤنث کے لئے بھی اطلاق ہوتا ہے جیسے "لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِنَ النِّسَاءِ" اس وقت شَـيٌ کے معنی میں ہے اور احد کی تانیث احدیٰ ہے۔ اور اس کا استعمال دوسرے کے ساتھ مل کر ہوتا ہے جیسے اِحْدٰى وعِشْرُوْنَ واِحْدٰى عَشَرَةَ واِحْدٰى بَنَاتِ طَبَقٍ: مصیبت۔ سانپ اور کہا جاتا ہے "هُوَ اِبْـنُ اِحْـدَاهَـا" وہ شریف ماں باپ والا ہے (آدمی ہو یا اُونٹ) ضمیر امہات کی طرف راجع یوم ہے۔ يَـوْمُ الْاَحَـدِ: اتوار کا دن۔ ج آحَاد.

الْـوَاحِـد: ایک مؤنث وَاحِـدَةٌ تثنیہ وَاحِدَانِ ج وَاحِدُوْنَ: لاثانی۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ وَاحِـدُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم میں لاثانی ہے یعنی علم و فضیلت وغیرہ میں بڑھا ہوا ہے ج وُحْدَان واُحْدَان: اور وَاحِدٌ کا استعمال اَحَـــدٌ کے معنی میں ہے۔ یعنی یکتا و لاثانی ہے۔ اسماء حسنیٰ میں اس معنی کے لحاظ سے ہے اور کبھی عدد کی صفت میں آتا ہے جیسے اَلْفٌ وَاحِدٌ وعَشَرَةٌ وَاحِدَةٌ.

الوَحِيد: اکیلا۔

اَلْاَوْحَد: واحد سے صفت کا صیغہ ہے اور اسی سے ہے "اَللّٰهُ الْاَوْحَدُ" یعنی اللہ وحدانیت والا ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْحَدُ اَهْلِ زَمَانِهِ" وہ اپنے زمانے والوں میں بے نظیر ہے ج اُحْدَان وَلَسْتُ فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ بِاَوْحَدِ" میں اس کام میں اکیلا نہیں ہوں اور مؤنث کے لئے وَحْدَاء کا صیغہ نہیں آتا۔

وُحَادَ واُحَادَ و مَوْحَدَ: ایک ایک واحد واحد سے معدول ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءُوْا وُحَادَ وَاُحَادَ وَمَوْحَدَ" لوگ ایک ایک کر کے آئے اور ایسا ہی مؤنث کے لئے بھی اور یہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

التَّوْحِید: مص۔ باری تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتقاد۔

الاِتِّحَادِ اَوِ الْجِسْمِ الْمُرَكَّبُ: (کیمیا) دو یا دو سے زیادہ بسیط جسموں کے ذرات کے درمیان نسبہ تامہ کے ساتھ مضبوط ترکیب کا نتیجہ۔ جیسے پانی آکسیجن اور ہائیڈروجن سے مرکب ہے۔ اور یہ مرکب جسم اپنے مرکبات سے مکمل مختلف ہوتا ہے۔

الاِتِّحَادِی: کام کرنے والوں کی تنظیم کا رکن سیاسی اتحادی کا ماہر۔ الاِتِّحَادِيَّةُ: اتحاد کی صفت۔ مزدوروں کی یونین۔

المُوَحِّد: فا۔ اللہ کی واحدانیت کا معتقد۔

المُوَحَّد مِنَ الْحُرُوْفِ: ایک نقطہ والا حرف جیسے ب۔

المِيحَاد: اکیلا ٹیلہ۔ ج مَوَاحِيد.

وَحِرَ يَحِرُ ويَوْحَرُ ويَيْحَرُ وَحَرًا عَلَيْهِ: سخت غضبناک ہونا اور کینہ رکھنا۔ صفت وَحِرٌ.

وَحِرَ يَوْحَرُ وَحَرًا ووَحِرَةً: چھپکلی کے مانند ایک زہریلا جانور۔ زہر آلود چیز کو کھانا پینا اور زہر کا اثر کرنا۔ الطَّعَامُ: وحرہ سے زہر آلودہ ہونا۔ صفت وَحِرٌ.

اَوْحَرَهُ: غیظ وغضب میں ڈالنے والی باتیں سنانا۔ اَوْحَرَتِ الْوَحَرَةُ الطَّعَامَ: زہر آلود کر دینا کہ جس کے کھانے والے کو قے آنے لگے یا پیٹ چلنے لگے۔

الوَحْر: کینہ۔ سخت غضب۔ خیانت۔

الوَحَر: مص۔ غصہ۔ کینہ۔ سینہ کی سوزشیں۔

الوَحَرَة: چھپکلی کے مانند ایک چھوٹا سا جانور جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس چیز پر چلتا ہے وہ زہر آلود ہو جاتی ہے۔ پستہ قد عورت یا اونٹ ج وَحَرٌ۔ اِمْرَاَةٌ وَحَرَةٌ: سیاہ رنگ کی بدصورت عورت یا سرخ رنگ کی پستہ قد عورت۔

وَحَشَ يَحِشُ وَحْشًا بِثَوْبِهِ اَوْ سِلَاحِهِ: کپڑا یا ہتھیار بھاگنے میں خوف کی وجہ سے پھینک دینا۔

اَوْحَشَ اِيحَاشًا الْمَكَانُ: ویران ہونا۔ الْمَكَانَ: خالی پانا...... الرَّجُلُ: بھوکا ہونا۔ بے توشہ ہونا...... الرَّجُلَ: وحشت محسوس کرنا۔

تَوَحَّشَ: وحشی کے مانند ہونا۔ بھوک کی وجہ سے پیٹ خالی ہونا۔ کپڑے پھینکنا...... الْمَكَانُ: ویران ہونا۔

اِسْتَوْحَشَ: وحشت محسوس کرنا...... مِنْهُ: مانوس نہ ہونا...... الْمَكَانُ: ویران ہونا۔

الوَحْش: مص۔ جنگلی جانور۔ ج وُحُوش وُحْشَان واحد وَحْشِيٌّ۔ حِمَارٌ وَحْشٌ وحِمَارٌ وَحْشِيٌّ: جنگلی گدھا۔

وَبَقَرُ الْوَحْشِ: نیل گائے۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَحْشٌ" ویران و خالی جگہ۔ "وَمَشٰى فِي الْاَرْضِ وَحْشًا" وہ تنہا گیا "وَبَاتَ وَحْشًا" اس نے بھوکے رات گزاری اور جمع کی صورت میں تم کہو گے "هُمْ اَوْحَاش" اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ وَحْشِ النَّاسِ" وہ سفلہ لوگوں میں سے ہے۔

الوَحْشَة: تنہائی۔ تنہائی کی وجہ سے خوف یا [illegible] دوستی۔ محبت کی دوری۔ ویران زمین۔

الوَحْشِيّ. وَحْش: کا واحد۔ لوگوں سے بدکنے والا۔ ہر چیز کا دایاں پہلو...... مِنَ الْقَوْسِ: کمان کی پشت...... الْوَحْشِيُّ مِنَ التِّيْنِ وَنَحْوِهِ: جنگلی انجیر۔

الوَحْشِيَّةُ. وَحْشِيٌّ: کا مؤنث۔ تیز ہوا جو کپڑوں میں داخل ہو جائے۔

الوَحِيش: جنگلی جانور۔ الْجَانِبُ الْوَحِيش: دایاں پہلو۔

الوَحْشَان: غمگین۔ ج وَحَاشٰی.

اَرْضٌ مَوْحُوشَةٌ: جنگلی جانوروں والی زمین۔

وَحَفَ يَحِفُ وَحْفًا الْبَعِيرُ اَوِ الرَّجُلُ: زمین پر گر پڑنا۔ بیٹھنا...... مِنْهُ: قریب ہونا...... اِلَيْهِ: توجہ کرنا...... اِلٰى كَذَا: تیز چلنا۔

وَحُفَ يَوْحُفُ وَحْفًا ووَحُفَ يَوْحُفُ وَحَافَةً ووُحُوفَةً الشَّعْرُ اَوِ النَّبَاتُ: گھنا ہونا۔

وَحَّفَ: تیز چلنا۔ زمین پر گر پڑنا...... فُلَانًا: ڈنڈے سے مارنا۔

اَوْحَفَ اِيحَافًا: تیز چلنا۔ جلدی جانا۔

الوَحْف: مص۔ خوبصورت گنجان کالے بال۔ تازہ گھاس (...... والوَاحِف) مِنَ الاَجْنِحَةِ: بہت پروں والا بازو۔

الوَحَف: مص۔ خوبصورت گنجان بال۔

الوَحْفَة. وحف: کا اسم مرۃ۔ کالا پتھر۔ گول۔ بلند کالی زمین۔ آواز۔ ج وِحَاف.

الوَحْفَاء مِنَ الْاَرَاضِي: وہ زمین جو سنگلاخ نہ ہو اور اس میں کالے پتھر ہوں۔ سرخ زمین۔ ج وَحَافٰی.

المَوْحِف: اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ ج مَوَاحِف.

المِيحَاف مِنَ النُّوقِ: ہمیشہ اپنے ٹھکانے میں رہنے والی اونٹنی۔ ج مَوَاحِيف.

بَعِيرٌ مُوَحَّفٌ: دبلا اونٹ۔

وَحِلَ يَوْحَلُ وَحَلًا ومَوْحَلًا: [illegible]

پڑنا۔
اَوْحَلَهٗ: کیچڑ میں ڈالنا......هٗ شَرًّا: برائی میں پھنسا دینا۔
وَاحَلَهٗ مُوَاحَلَةً: کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کرنا۔ کہاجاتا ہے "وَاحَلَهٗ فَوَحَلَهٗ" اس نے کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
اِتَّحَلَ اِتِّحَالًا فِیْ یَمِیْنِهٖ: قسم کھانے میں استثناء کرنا۔
تَوَحَّلَ: کیچڑ میں لت پت ہونا (...... وَاسْتَوْحَلَ) اَلْمَکَانُ: کیچڑ والی ہونا۔
اَلْوَحْلُ بِالتَّسْکِیْنِ: وحل میں ایک ردی لغت۔
اَلْوَحَلُ: کیچڑ۔ ج اَوْحَالٌ وَوُحُوْلٌ.
اَلْوَحِلُ: کیچڑ میں لت پت۔
اَلْمَوْحِلُ: کیچڑ کی جگہ۔ کیچڑ میں گرنا۔ یہ وَحِلَ سے اسم ہے۔
وَحِمَتِ الْمَرْاَةُ تَحِمُ وَتَوْحَمُ وَحَمًا وَتَوَحَّمَتْ: حاملہ ہونے کی وجہ سے بعض چیزوں کے کھانے کا خواہش مند ہونا۔ کھانے کی خواہش بدل جانا یا کم ہو جانا۔ صفت وَحْمٰی ج وِحَامٌ وَحَامٰی اور اسی سے مثال ہے۔ "وَحْمٰی وَلَا حَبَلَ" اس لالچی کے متعلق بولتے ہیں جو بغیر ضرورت کے بہت سوال کرے۔
وَحِمَ الشَّیْءَ: خواہش کرنا۔
وَحَمَتْ وَحْمَهٗ: ارادہ کرنا۔
وَحَّمَ الْحُبْلٰی: حاملہ کو خواہش کے مطابق کھلانا...... لَهَا: حاملہ کی خواہش کے مطابق ذبح کرنا یا پیش کرنا۔
اَلْوَحَمُ: مص۔ حاملہ کی خواہش۔ پرندہ کی پھڑ پھڑاہٹ اور کہاجاتا ہے "لَیْلَةٌ ذَاتُ وَحِمٍ" بہت گرم رات۔
اَلْوِحَامُ وَالْوَحَامُ: حاملہ کی خواہش۔
اَلْوَحِیْمُ: بہت گرم دن۔
وَحَنَ یَحِنُ وَوَحِنَ یَوْحَنُ وَحْنًا وَوَحِنَةً عَنْ فُلَانٍ: کینہ رکھنا۔
تَوَحَّنَ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔
اَلْوَحْنَةُ: اسم مرۃ۔ پھسلانے والی کیچڑ۔
وَحْوَحَ: آواز کو گرفتہ نکالنا۔ سخت سردی کی وجہ سے ہاتھوں میں پھونکنا اور اُح اُح یا حو حو کہنا۔
تَوَحْوَحَ الظَّلِیْمُ فَوْقَ الْبَیْضِ: شتر مرغ کا انڈوں پر شیفتگی ظاہر کرنا۔
اَلْوَحْوَحُ وَالْوَحْوَاحُ: قوی۔ کتا۔ آواز نکالنے والا۔ اَلْوَحْوَحُ: جلد باز تیز آدمی۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ ج وَحَاوِحُ۔ اَلْوَحْوَاحُ: سردار اور رئیس ج وَحَاوِیْحُ.
وَحٰی یَحِیْ وَحْیًا اِلٰی فُلَانٍ: اشارہ کرنا۔ پیغامبر بھیجنا...... اِلَیْهِ او وَحٰی اِلَیْهِ کَلَامًا: چپکے سے گفتگو کرنا یا دوسروں سے پوشیدہ بات کہنا اَللّٰهُ فِیْ قَلْبِهٖ کَذَا: دل میں ڈالنا...... اَلْکِتَابَ: لکھنا...... الذَّبِیْحَةَ: جلدی سے ذبح کرنا (...... وَحْیًا وَوَحَیً وَوَحًا وَتَوَحّٰی) جلدی کرنا۔
اَوْحٰی اِیْحَاءً اِلٰی فُلَانٍ: اشارہ کرنا۔ دوسروں سے چھپا کر بات کہنا۔ برانگیختہ کرنا...... اللّٰهُ اِلَیْهِ بِکَذَا: وحی بھیجنا...... اَلْکِتَابَ: لکھنا...... نَفْسَهٗ: خوفزدہ ہونا...... الرَّجُلُ: محتاجی کے بعد بادشاہ ہونا...... اَلْقَوْمُ: چلانا...... اَلْعَمَلَ: جلدی کرنا...... الدَّوَاءُ الْمَوْتَ: جلدی موت واقع کرنا۔
وَحّٰی تَوْحِیَةً ذَبِیْحَتَهٗ: جلدی ذبح کرنا۔
وَحَّاهُ: جلدی کرنا۔ کہاجاتا ہے "وَحّٰی الدَّوَاءُ الْمَوْتَ" دوا نے فوراً موت واقع کی۔
تَوَاحٰی تَوَاحِیًا الْقَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ جلدی کرنا۔
اِسْتَوْحَاهُ: پکارنا۔ جلدی کرانا...... هُ الشَّیْءَ: دریافت کرنا۔
اَلْوَحْیُ: مص۔ لکھا ہوا پیغام۔ ہر وہ چیز جو دوسرے کو معلوم ہونے کے لئے تم پیش کرو۔ پھر غالب طور پر انبیاء علیہم السلام کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف [illegible] پر استعمال ہونے لگا جس کی وحی ہو (...... وَالْوَحَاةُ) آواز۔
اَلْوَحٰی: مص۔ آواز۔ جلدی۔ بڑا سردار۔ بادشاہ۔ آگ ج وُحِیٌّ اور جلدی کرانے کے لئے بولا جاتا ہے "اَلْوَحَی الْوَحَی" "وَالْوَحَاکَ الْوَحَاکَ" یعنی سبقت کرو سبقت کرو۔
اَلْوَاحِیْ: فا۔ ج وَاحُوْنَ وَوُحَاةٌ.
اَلْوَحِیُّ: بہت جلدی۔ کہاجاتا ہے "مَوْتٌ وَحِیٌّ" جلدی کی موت۔ "وَذَکَاةٌ وَحِیَّةٌ" جلدی کا ذبح۔
اَلْاَوْحٰی: زیادہ تیز۔ کہاجاتا ہے "اَلْقَتْلُ بِالسَّیْفِ اَوْحٰی" تلوار سے قتل جلدی واقع ہوتا ہے۔
وَخَدَ یَخِدُ وَخْدًا وَوَخِیْدًا وَوَخَدَانًا الْبَعِیْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا اور ٹانگوں کو شتر مرغ کی طرح ڈالنا۔ صفت وَاخِدٌ وَوُخُوْدٌ وَوُخَّادٌ.
اَلْوَخْدُ. وَخَدَ: کا اسم ج وُخُوْدٌ.
وَخَزَهٗ یَخِزُهٗ وَخْزًا: چبھونا...... هُ الشَّیْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا...... فُلَانٌ: شہد کا ثرید بنانا۔
اَلْوَخْزُ: مص۔ ہر چیز کا تھوڑا اور کہاجاتا ہے "جَاؤُا وَخْزًا وَخْزًا" چار چار آئے۔
اَلْوَخِیْزُ: شہد کا ثرید۔
وَخُشَ یَوْخُشُ وُخُوْشَةً وَوَخَاشَةً وَوُخُوْشًا الشَّیْءُ: نکما اور ردی ہونا...... رَاْسُ الْکَبْشِ: خشک ہونا اور سکڑنا۔
وَخَّشَ الشَّیْءَ: نکما وردی کرنا...... الْعَطِیَّةَ: کم دینا۔
اَوْخَشَ لَهٗ بِالْعَطِیَّةِ: کم دینا...... فِیْ عِرْضِهٖ: بے عزتی کرنا...... الشَّیْءَ: خلط ملط کرنا۔
اَلْوَخْشُ: ہر چیز کا ردی۔ کمینے لوگ۔ لفظ واحد ہی جمع مذکر مونث سب کے لئے مستعمل ہے اور کبھی وِخَاشٌ و اَوْخَاشٌ جمع آتی ہے۔
وَخَصَ یَخِصُ وُخُوْصًا: حرکت کرنا۔

اَوْخَصَ اِیْخَاصًا فُلَانٌ لِیْ بِعَطِیَّۃٍ: کم دینا۔
وَخَصَ یَخِصُ وَخْصًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا......ہ الشَّیْبُ: بڑھاپے کا سر کے بالوں کو کھچڑی کر دینا۔
اَلْوَخِیْصُ: نیزہ زدہ۔
وَخَطَ یَخِطُ وَخْطًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا وَخَطَہٗ بِالسَّیْفِ: دور سے تلوار سے کوچنا۔
......ہ الشَّیْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔
وَخَطَ فِی الْبَیْعِ: کبھی فائدہ کبھی نقصان اٹھانا۔
وُخِطَ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔
اَلْوَخَّاطُ: تیز اور کشادہ قدم چلنے والا۔شتر مرغ یا اونٹ۔طَعْنٌ او رُمْحٌ وَخَّاطٌ: پار ہونے والا نیزہ۔
اَلْمِیْخَطُ: پار ہونے والا۔
وَخَفَ یَخِفُ وَخْفًا السَّوِیْقَ: ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا......السَّوِیْقُ: ستو گوندھا ہوا اور لیس دار ہونا......الرَّجُلَ: بدگوئی کرنا۔برائی سے یاد کرنا۔
وَخَّفَ و اَوْخَفَ السَّوِیْقَ: ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا اور اسی سے عرب کا قول ہے "اِنَّہٗ لَیُوْخِفُ فِی الطِّیْنِ" اس احمق کے لئے بولتے ہیں جو خود اپنے ہی قول کو نہیں جانتا۔
اِتَّخَفَتْ رِجْلُہٗ: پاؤں کا پھسلنا۔
اَلْوَخْفَۃُ: اسم مرۃ۔خریطہ کے مانند چمڑے کا تھیلا۔
اَلْوَخِیْفَۃُ: ستو وغیرہ جو گوندھا جائے۔
اَلْمُوْخِفُ: بے وقوف۔
اَلْمِیْخَفُ: ستو گوندھنے کا برتن۔
وَخُمَ یَوْخُمُ وَخَامَۃً ووُخُوْمَۃً وُخُوْمًا الْمَکَانُ او الطَّعَامُ: مضر صحت یا نا قابلِ ہضم ہونا۔
وَخَمَہٗ یَخِمُہٗ وَخْمًا: زیادہ بدہضمی والا ہونا۔وَخِمَ یَوْخَمُ وَخَمًا واتَّخَمَ مِنْ وعَنْہُ: بدہضمی ہونا۔
وَاخَمَہٗ مُوَاخَمَۃً فَوَخَمَہٗ (ض) بدہضمی میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا۔
اَتْخَمَہٗ اِتْخَامًا الطَّعَامُ: بدہضمی میں مبتلا کرنا (اس کی اصل اَوْخَمَہٗ ہے اور اصل کا استعمال نادر ہے)
وَخَّمَ الشَّیْئَ: مضر صحت بنانا۔
تَوَخَّمَ واسْتَوْخَمَ الطَّعَامَ: کھانے کو ناخوشگوار سمجھنا۔اِسْتَوْخَمَ الْمَکَانَ: کسی جگہ کی آب و ہوا کو ناموافق پانا۔
اَلْوَخْمُ والْوَخِمُ مِنَ الرِّجَالِ: سست ج اَوْخَام۔شَیْئٌ وَخِمٌ: وبا زدہ۔
اَلْوَخَمُ: مص۔بواسیر کے مانند ایک مرض۔ہوا کا خراب ہونا جس سے امراضِ وبائیہ پیدا ہوں۔ضرر کے لئے استعارہ کیا جاتا ہے۔
اَلْوَخِیْمُ والْوَخُوْمُ مِنَ الرِّجَالِ: گندا۔سست۔ج وَخَامٰی ووِخَامٌ. بَلَدٌ وَخِیْمٌ: ناموافق شہر۔شَیْئٌ وَخِیْمٌ: وبا زدہ۔اَمْرٌ وَخِیْمُ الْعَاقِبَۃِ: مضر ردی۔
اَرْضٌ وَخْمَۃٌ ووَخِمَۃٌ ووَخَامٌ ووُخُوْمٌ وَخِیْمَۃٌ ومَوْخِمَۃٌ ومَوْخَمَۃٌ ومُوْخِمَۃٌ: مضر صحت گھاس والی زمین۔وبا زدہ زمین۔
اَلتُّخَمَۃُ: بدہضمی (اس کی اصل وُخَمَۃٌ ہے) ج تُخَمَات وتُخَم کہا جاتا ہے "ھٰذَا الطَّعَامُ مَتْخَمَۃٌ" یہ خوراک مضر صحت ہے (اس کی اصل مَوْخَمَۃٌ ہے)
تَوَخَّنَ: خیر یا شر کا ارادہ کرنا۔
اَلْوَخْنَۃُ: فساد۔
وَخٰی یَخِیْ وَخْیًا الْاَمْرَ: قصد کرنا۔وَخَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا متوسط چال چلنا۔کہا جاتا ہے "وَخٰی وَخْیَہٗ" اس نے اس کا ارادہ کیا "وَمَا اَدْرِیْ اَیْنَ وَخٰی" میں نہیں جانتا اس نے کہاں توجہ کی۔
وَخَّی الْاَمْرَ: طلب کرنا......ہ لِلْاَمْرِ: متوجہ کرنا۔
وَاخٰی مُوَاخَاۃً فُلَانًا: بھائی بندی کرنا آخَاہُ [illegible]
تَوَخّٰی تَوَخِّیًا وتَاخّٰی تَاخِّیًا الْاَمْرَ: قصد کرنا۔طلب کرنا۔
اِسْتَوْخَی الْقَوْمَ: خیر طلب کرنا۔
اَلْوَخْیُ: مص۔ارادہ۔قابلِ اعتماد راستہ۔ارادہ کرنے والا۔ج وُخِیٌّ ووِخِیٌّ۔
الوِخْیُ والوِخْیَۃُ: ارادہ۔
وَدَّہٗ یَوَدُّہٗ وَدًّا ووُدًّا ووِدًّا ووَدَادًا ووُدَادًا ووِدَادًا ووَدَادَۃً ومَوَدَّۃً ومَوْدِدَۃً ومَوْدُوْدَۃً: خواہش کرنا۔محبت کرنا۔کہا جاتا ہے "وَدِدْتُ لَوْ کَانَ کَذَا وَلَوْ اَنَّکَ فَعَلْتَ کَذَا" مجھے تمنا ہے کہ ایسا ہوتا مجھے تمنا ہے کہ تم ایسا کرتے۔ (لَوْ اس مقام میں موصول حرفی ہے)
وَادَّہٗ وِدَادًا ومُوَادَّۃً: محبت ظاہر کرنا۔
تَوَدَّدَہٗ: دوستی چاہنا۔تَوَدَّدَ اِلَیْہِ: دوستی کرنا۔
تَوَادَّ الرَّجُلَانِ: آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنا۔
اَلْوَدُّ والْوِدُّ والْوُدُّ: محبت۔دوستی۔تم کہتے ہو "تَوَدِّیْ اَنْ یَکُوْنَ کَذَا" میں چاہتا ہوں کہ ایسا ہو محبت کرنے والا یا بہت محبت کرنے والا۔ج اَوُدٌّ اَوْدَادٌ اَوِدَّاءُ اَوُدٌّ کہا جاتا ہے "ھُوَ وُدُّکَ وَھُمْ اَوُدَّاؤُکَ" اور وُدٌّ تثلیث واو سے اسم جمع بمعنی محبین ہے۔ جیسے قَوْمٌ وُدٌّ۔
اَلْوَدُوْدُ: بہت محبت کرنے والا۔محبوب۔تم کہو گے ھُوَ وَدُوْدٌ ہی وَدُوْدٌ۔
اَلْوَدِیْدُ: محبت کرنے والا۔ج اَوِدَّۃٌ واَوِدَّاءُ اور وَدِیْد اسم جمع بمعنی محبین بھی ہے۔
الاَوَدُّ: اسم تفضیل ج اَوَدُّوْنَ۔
اَلْمِوَدُّ: بہت محبت کرنے والا۔
وَدَأَ یَدَأُ وَآدَأَ الشَّیْئَ: برابر کرنا......بِالْقَوْمِ: بدسلوکی کرنا۔
وَدِیَٔ یَوْدَأُ وَدْءًا: منقطع ہونا۔کہا جاتا ہے "وَدِئَتِ الْاَخْبَارُ عَنْہُ" اس کی خبریں منقطع ہو گئیں۔
وَدَّأَ تَوْدِیْئًا وتَوَدَّئَتْ عَلَیْہِ الْاَرْضُ: ہموار کرنا......عَلَیْہِ وبِہٖ: ہلاک کرنا۔وَدَّاَتْہُ الْاَرْضُ: چھپا لینا۔

تَوَدَّأَ عَلَيْهِ: ہلاک کرنا۔تَوَدَّأَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ: اوپر گر پڑنا اور ہموار ہونا......عَلَيْهِ وعَنْهُ الْاَخْبَارُ: خبریں منقطع ہونا۔تَوَدَّأَ الرَّجُلُ: مرنا......فُلَانٌ عَلٰى مَالِهٖ: لینا اور جمع کرنا۔

الْوَدْأُ: مص۔ ہلاکت۔التَّوْدِئَة: مص۔دفن کرنا۔

الْمُوْدَأَة: ہلاکت۔بیابان۔میت کا گڑھا۔

الْوَدَبُ: بدحالی۔کہاجاتا ہے "هُوَ عَلٰى وَدَبٍ" وہ بدحالی میں مبتلا ہے۔

وَدَجَ يَدِجُ وَدْجًا ووَدَجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کی گردن کی رگ کاٹنا۔وَدَجَ بَيْنَ الْقَوْمِ: معاملات درست کرنا۔شر وفساد دور کرنا۔

وَادَجَهٗ مُوَادَجَةً: صلح کرنا۔نرمی برتنا۔

الْوَدَجُ ج اَوْدَاج والوِدَاجُ: گردن کی رگ جو غصہ کے وقت پھول جاتی ہے اور بقول بعض وَدَجُ اس رگ کو کہتے ہیں جس کو ذبح کرنے والا کاٹتا ہے۔الْوَدَجُ: وسیلہ۔سبب۔کہاجاتا ہے "كَانَ فُلَانٌ وَدَجِيْ اِلٰى كَذَا" یعنی فلاں شخص میرے لئے فلاں چیز کے لئے وسیلہ ہے ج اَوْدَاج۔الْوَدَجَان: دو بھائی۔کہاجاتا ہے "بِئْسَ وَدَجَا حَرْبٍ هُمَا" وہ دونوں لڑائی کے دو بُرے بھائی ہیں۔

اَوْدَحَ لَهٗ: مطیع ہونا۔اقرار کرنا......الْاِبِلُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔اچھی حالت والا ہونا......الْحَوْضَ: حوض کو درست کرنا۔

الْوَدْحَة: تھوڑی چیز۔کہاجاتا ہے "مَا اَغْنٰى عَنِّيْ وَدْحَةً" اس نے مجھ کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔

وَدِرَ يَدِرُ وَدْرًا: بے ہوشی طاری ہونے کے قریب تک مست ہونا......الشَّيْءَ: دور کرنا۔علیحدہ کرنا۔

وَدَّرَهٗ: بھڑکا کر ہلاکت میں ڈالنا۔

وَدَّرَ الرَّسُوْلَ: قاصد بھیجنا......الشَّيْءَ: دور کرنا۔علیحدہ کرنا......الْمَالَ: فضول خرچی کرنا......الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔

تَوَدَّرَ: فضول خرچ ہونا......فِي الْاَمْرِ: پڑنا......هٗ: ہلاکت میں ڈالنا۔

وَدَسَ يَدِسُ وَدْسًا عَلَيَّ الشَّيْءُ: پوشیدہ رہنا......بِالشَّيْءِ: چھپانا......اِلَيْهِ بِكَلَامٍ: ادھوری بات کہنا......الرَّجُلُ: جانا۔

وَدَّسَ الشَّيْءُ: پوشیدہ ہونا۔وَدَّسَتِ الْمَاشِيَةُ: ہریاول چرنا......اِلَيْهِ بِكَلِمَةٍ: کوئی بات کہنا۔

وَدَسَ ووَدَّسَ وتَوَدَّسَ الْمَكَانُ: ہریاول والا ہونا۔

اَوْدَسَتِ الْاَرْضُ: اتنا اُگنا کہ سطح زمین چھپ جائے۔

الْوَدْسُ والوِدَاسُ والوَدَاسُ: نباتات جو سطح زمین کو چھپالے۔الْوَدْسُ: عیب۔

الْوَدِيْسُ: خشک نباتات۔پتلا شہد۔

اَرْضٌ مَوْدُوْسَةٌ: کم گھاس والی زمین۔

وَدَصَ يَدِصُ وَدْصًا اِلَيْهِ بِكَلَامٍ: ادھوری بات کہنا۔

وَدَعَ يَدَعُ وَدْعًا الشَّيْءَ: چھوڑنا......مَالًا عِنْدَهٗ: امانت رکھنا......الشَّيْءُ: ٹھہرنا (اس فعل کے مصدر اور ماضی قلیل الاستعمال ہیں) (...... وَدْعًا) الْمُسَافِرُ النَّاسَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام میں چھوڑنا اور کہاجاتا ہے "وَدَعُوْهُ" جبکہ کسی کے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کی تکالیف سفر کو دور کرے اور اس کو آرام نصیب کرے......الثَّوْبَ بِالثَّوْبِ: محفوظ کرنا (...... ووَدُعَ يَوْدُعُ وَدَاعَةً) الرَّجُلُ: مطمئن ہونا۔صفت وَدِيْعٌ ووَادِعٌ۔

وَدَّعَ الْمُسَافِرُ الْقَوْمَ: مسافر کا لوگوں کو عیش وآرام سے چھوڑنا......الْقَوْمُ الْمُسَافِرَ: رخصت کرنے کے لئے جانا......فُلَانًا: چھوڑنا......الصَّبِيَّ او الْكَلْبَ: گلے میں کوڑی ڈالنا......الثَّوْبَ فِيْ صِوَانٍ ونَحْوِهٖ: کپڑے کو گٹھری وغیرہ میں محفوظ کرنا......فَرَسَهٗ: گھوڑے کو خوشحال رکھنا۔

وَادَعَهٗ مُوَادَعَةً ووِدَاعًا: صلح کرنا۔اسم الوِدَاع۔

اَوْدَعَهُ الشَّيْءَ: کسی کے پاس امانت رکھنا۔هٗ السِّرَّ: راز ظاہر کرنا اور دوسرے سے چھپانے کو کہنا۔اَوْدَعَ كِتَابَهٗ كَذَا: خط میں لکھنا......الْكَلَامَ مَعْنًى حَسَنًا: لطیف معنی کی تضمین کرنا اور کہاجاتا ہے اَوْدَعْتُهٗ مَالًا یعنی میں نے اپنے پاس امانت رکھنے کے لئے اس سے مال لیا۔

تَوَدَّعَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو رخصت کرنا......الثَّوْبَ: کپڑے کو محفوظ کرنا......فُلَانًا: اپنی ضرورت میں مشغول کرنا۔

تَوَادَعَ الْقَوْمُ: باہم صلح کرنا۔ایک دوسرے کو رخصت کرنا۔

اِتَّدَعَ: آرام کرنا۔تن آسانی اختیار کرنا۔قرار پکڑنا۔

اِسْتَوْدَعَ فُلَانًا مَالًا: کسی کو امانت رکھنے کے لئے مال دینا۔

الْوَدْعُ: مص۔قبر۔تیراندازی کا نشانہ۔ج وُدُوْعٌ (...... والْوَدَعُ) کوڑی یا گھونگا۔ واحد وَدْعَة ووَدَعَة۔ج وَدَعَات۔

الْاَوْدَعُ: جنگلی چوہا۔

الْوَدَاعُ: رخصت۔

الْوَدَاعَة۔وَدُعَ: کا مصدر۔سکون ووقار۔

الدَّعَة والتُّدَعَة والتَّدَاعَة: سکون۔راحت۔فراخی زندگانی۔

الْوَدِيْعُ ج وُدَعَاء: چپ چاپ۔ٹھہرنے والا ج وَدَائِع: عہد۔مقبرہ۔

الْوَدِيْعَة۔وَدِيْعٌ: کا مؤنث۔امانت۔ج وَدَائِع۔

الْمُسْتَوْدَعُ: حفاظت کی جگہ۔رحم مادر۔

الْمِيْدَعُ ج مَوَادِعُ والْمِيْدَعَة والْمِيْدَاعَة: پرانا استعمالی کپڑا۔کپڑے وغیرہ محفوظ کرنے کی چیز۔كَلَامٌ مِيْدَعٌ: غم انگیز گفتگو۔الْمِيْدَاعَةُ: آرام طلب مرد۔

الْمُوَدَّعُ: مفع......مِنَ الْخَيْلِ: پُرسکون آرام پہنچایا ہوا گھوڑا۔

الْمَوْدُوْعُ: سکون ووقار۔

زمین جو گرمی کے زمانے میں بارش ہونے کی وجہ سے سبزہ زار ہو جائے۔
الوَرَقَةُ فِي القَوْسِ: کمان کا عیب۔
الوُرْقَةُ: مٹیالا رنگ۔
الـوَرَاق: گھاس کی وجہ سے زمین کی سبز گونی۔
الوِرَاق: پتے نکلنے کا زمانہ۔
الوِرَاقَة: کاغذ سازی کا پیشہ۔
الوَرَّاق: روپے پیسے والا۔ کاغذ کا بیچنے والا۔ کاغذ بنانے والا۔ کاتب۔
الـوَارِق والـوَرِق والـوَرِيق مِنَ الشَّجَرِ: پتوں والا درخت۔ بہت پتوں والا۔ خوبصورت پتوں والا۔ شَـجَـرَةٌ وَارِقَةٌ ووَرِقَةٌ ووَرِيـقَـةٌ: سبز اور خوبصورت بہت پتوں والا درخت۔
الاَوْرَق: خاکستری رنگ والا۔ راکھ۔ عَـامٌ اَوْرَق: بے بارش کا سال۔ زَمَانٌ اَوْرَق: قحط کا زمانہ۔ مؤنث وَرْقَاء۔ ج وُرْق.
الـوَرْقَاء۔ اَوْرَق: کا مؤنث۔ مادہ بھیڑیا۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے گول چوڑے اور نازک ہوتے ہیں۔ کبوتر و فاختہ یا وہ جس کا رنگ سبزی مائل ہو۔ ج وَرَاق. ووَرَاقِی کہا جاتا ہے اَلـتِّـجَـارَةُ مُوَرِّقَةٌ لِـلْـمَـالِ: یعنی تجارت مال کے بڑھانے کا ذریعہ ہے۔
المُوَرِّق: فا۔ کاغذی۔ کاغذ کا بنانے والا۔
وَرَکَ يَـرِکُ وَرْکًـا: سرین پر سہارا لینا ...... الـرَّجُـلَ: سرین پر مارنا ...... الشَّـئَ: سرین کے مقابل کرنا (...... وُرُوکًـا) الرَّاکِبُ: اترنے یا آرام لینے کیلئے سرین کو موڑنا ...... بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا ...... عَلَى الاَمْرِ: قادر ہونا۔
وَرِکَ يَرِکُ وُرُوکًا: سرین کو زمین پر رکھ کر لیٹنا۔
وَرِکَتْ تَوْرَکُ وَرْکًا. الوَرِکُ: سرین کا بڑا ہونا۔
وَرَّکَ الـحَـبْـلَ اَوِ الرَّجُـلَ: سرین ...

مقابل کرنا۔
...... عَـلَـى الاَمْرِ: قادر ہونا ...... الشَّئَ: واجب کرنا۔
...... الرَّاکِبُ: دوزانو بیٹھنے والے کی طرح ٹانگوں کو موڑنا اور دونوں سرین کو زمین میں رکھنا ...... الـذَّنْبَ عَلَيْهِ: گناہ کا الزام لگا دینا ...... الـيَـمِـيْـنَ: قسم کھلانے والے کی نیت کے علاوہ نیت کرنا۔
وَارَکَ مُـوَارَکَةً الـجَـبَـلَ: پہاڑ سے گزر جانا۔
تَـوَرَّکَ: سرین پر سہارا لینا ...... الشَّـئَ: سرین پر بٹھانا ...... الـرَّاکِـبُ: اترنے یا آرام لینے کے لئے ٹانگ کو موڑنا ...... عَـنِ الاَمْرِ: دیر کرنا ...... بِـالْـمَـکَانِ: اقامت کرنا ...... عَلَى الاَمْرِ: قادر ہونا ...... لِلرَّجُلِ: کسی کی ٹانگ کو باندھ دینا۔ کہا جاتا ہے تَوَرَّکَ لَهُ فَصَرَعَهُ: اس نے اس کی ٹانگ کو باندھ دیا اور پچھاڑ دیا۔
تَوَارَکَ: سرین پر ٹیک لگانا۔
الـوَرْک والـوِرْک والـوَرِک: چوتڑ۔ سرین (مؤنث) ج اَوْرَاک. الوَرِک: کمان کا کنارہ یا تانت باندھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے قَـعَـدَ الـمَلَّاحُ عَلَى وَرِکِ السَّفِيْنَةِ" ملاح کشتی کے پچھلے حصہ پر بیٹھا۔ "وَهُـمْ عَـلَـىَّ وَرِکٌ وَاحِدٌ" وہ میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔
الـوَرْکِي: خبر کی اصلیت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ عِنْدَهُ لَوَرْکِي الْخَبَرِ" اس کے نزدیک خبر کی اصلیت ہے۔
الـوَارِک والـوِرَاک ج وُرُک والـمَوْرِک والمَوْرِکَةُ مِنَ الرَّجُلِ: کجاوہ کا وہ حصہ جہاں سوار تھک کر ٹانگ پھیلا دے۔
الاَوْرَک: بڑے سرین والا۔ مؤنث وَرْکَاء ج وُرْک.
المُوَرَّک: مفع۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَمُوَرَّکٌ ...

ہے۔
الـمَوْرِک والـمَوْرِکَة: کجاوہ کا اگلا حصہ۔
الـمِوْرَکَة: تکیہ کے مانند ایک چیز جس کو سوار اپنے سرین کے نیچے رکھتا ہے۔
الـوَرَل: گوہ کی مانند ایک جانور ہے جو اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس کی دم لمبی اور باریک ہوتی ہے۔ ج وِرْلَان اَوْرَال اَوْرُل مؤنث وَرَلَة.
وَرِمَ يَـرِمُ وَرَمًـا وتَـوَرَّمَ الـجِلْدُ: سوجنا۔ صفت وَارِم ...... اَنْفُ فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔
النَّبْتُ: لمبا اور موٹا ہونا۔
وَرَّمَ الْجِلْدَ: سوجن پیدا کرنا ...... اَنْفَ فُلَانٍ: غضبناک کرنا ...... بِاَنْفِهِ: تکبر کرنا۔
اَوْرَمَ اِيْـرَامًـا: غضبناک کرنے والی باتیں سنانا۔ کہا جاتا ہے "فَـعَـلَ بِهِ مَا اَوْرَمَهُ" یعنی اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کر دیا اور غضبناک بنا دیا۔
الوَرَم: مص۔ سوجن۔ ج اَوْرَام.
الاَوْرَم: لوگ یا بہت سے لوگ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِي اَيُّ الاَوْرَمِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون ہے۔
المَوْرِم: ڈاڑھ نکلنے کی جگہ۔
المُوَرَّم: مفع۔ بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔
وَارَنَهُ مُوَارَنَةً: رو در رو ہونا۔ مقابل ہونا۔
تَوَرَّنَ: بہت تیل ملنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔
الوَرْنَک: مچھلی کی ایک قسم۔
وَرِهَ يَـوْرَهُ وَرَهًـا: بے وقوف ہونا۔ صفت اَوْرَه۔ مؤنث وَرْهَاء. وَرِهَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔
وَرِهَت تَرِهُ وَرَهًا الْمَرْأَةُ: عورت میں بہت چربی ہونا۔
تَـوَرَّهَ فُلَانٌ فِـي عَـمَـلِ هٰذَا الشَّئِ: ماہر نہ ہونا۔
الـوَرِهُ مِـنَ الـسَّحَـابِ: بہت بارش والا بادل۔
الوَارِه: کشادہ۔ فراخ۔
...... وَرْوَرَ النَّظَرَ: نظر تیز کرنا ...... فِي الْکَلَامِ:

جلدی جلدی بولنا۔

الـــوَرْوَار: ایک پرندہ جس کی ٹانگیں چھوٹی اور چونچ لمبی اور کالی ہوتی ہے اور اس کے سر کے بالائی حصہ پر سرخی اور گلے میں حلقہ ہوتا ہے جس کا رنگ زردی مائل اور سارا بدن سبز نیلگوں مائل اور اس کی دم میں دو لمبے پر ہوتے ہیں۔

الوَرْوَرِیُّ: کمزور نگاہ والا۔

المُوَرْوِر: فا۔ گانے والا۔

وَرَی یَرِی وَرْيًا الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا۔القَیْحُ جَوْفَهُ: خراب کرنا اور گلا دینا۔

اِسم الوَرِی وَرِث وَرْيًا ورِيَةَ النّارُ: آگ کا بھڑکنا......الإبِلُ: اُونٹ کا موٹا اور زیادہ چربی اور گودے والا ہونا۔

وَرِیَ ووَرِیَ یَرِیْ وَرْيًا ووُرِيًّا ورِيَةَ الزَّنْد: چقماق کا آگ نکالنا۔صفت وَارٍ۔

وَرِیَ یَرِی وَرْيًا۔المُخُّ: گودے کا ٹھوس ہونا۔

وُرِیَ الـــرَّجُلُ: پھیپھڑے میں پیپ والا ہونا۔صفت مَوْرُوٌّ ومَوْرِیٌّ۔

وَرَّی تَوْرِيَةَ الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا......عَنْ كَذَا: اصل بات چھپا کے دوسری بات ظاہر کرنا......الخَبَرَ وعَنِ الخَبَرِ: پس پشت ڈالنا اور چھپانا......عَنْ فُلَانٍ بَصَرَهُ: نگاہ ہٹا لینا۔وَرَّی النَّــارَ: آگ نکالنا(......وأوْرَی) الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔

وَارَی مُوَارَاةً الشَّیْءَ: چھپانا۔

تَوَرَّی تَوَرِّيًا وتَوَارَی تَوَارِيًا عَنْهُ: چھپنا۔

اِسْتَوْرَی الزَّنْدَ: آگ نکالنا۔کہا جاتا ہے اِسْتَوْرَيْتُــهُ رَأيَهُ: میں نے اس کی رائے دریافت کی۔

الـــوَرْیُ: مص۔جوف بدن کی پیپ۔پھیپھڑوں کا زخم۔

الـــوَرَی: اسم ہے وَرَی کا۔مخلوق۔أبُـو الوَرَی: زمانے کی کنیت۔

الوَرَاء۔وَرَأ کا مادہ دیکھئے۔

الزَّنْدُ الوَارِی والوَرِیُّ: آگ دینے والا چقماق۔الـوَارِی والـوَرِیُّ: موٹی چربی۔والوَرِیُّ: مہمان۔پڑوسی۔لَحْمٌ وَرِیٌّ: موٹا گوشت۔

وِرْيَةُ النَّارِ ووَرْيَتُهَا: آگ سلگانے کے لئے چیتھڑا وغیرہ۔

الـــوَزُّ. اِوَزٌّ میں ایک لغت۔بط۔مؤنث وَزَّةٌ ج وَزَّاتٌ.

أرْضٌ مَوَزَّةٌ: بہت بط والی زمین۔

وَزَأَ يَوْزَأُ وَزْأً اللَّحْمَ: گوشت خشک کرنا......القَوْمَ: بعض کا بعض کو ہٹانا۔وَزَأَهُمْ: بعض کو بعض سے ہٹانا۔

وَزَّأَ تَوْزِئَةً وتَوْزِيئًا القِرْبَةَ: مشک بھرنا......الفَرَسُ بِراكِبِهِ: گھوڑے کا سوار کو گرانا۔

وَزَّأَ فلانًا: سخت قسم کھلانا۔

وَزَأَ فلانًا: سخت قسم کھلانا۔

تَوَزَّأَ الوِعاءُ: برتن کا بھر جانا......الرَّجُلُ: خوشنمائی میں بھرپور ہونا۔

وَزَبَ يَزِبُ وُزُوبًا المَاءُ ونَحْوُهُ: پانی وغیرہ کا بہنا۔

أوْزَبَ إيزَابًا فِي الأرْضِ: جانا۔

الوَزَّاب: شاطر چور۔

المِيزَاب والمِئْزَاب: پرنالہ ج مَيَازِيب ومَآزِيب اور بقول بعض مَوَازِيب.

وَزَرَ يَزِرُ وَزْرًا وِزْرًا الشَّیْءَ: اٹھانا......الرَّجُلُ: بوجھل چیزوں کو پیٹھ پر اٹھانا (......وَزْرًا) الرَّجُلَ: غالب ہونا......الثُّلْمَةَ: رخنہ بند کرنا۔

وَزَرَ يَزِرُ ووَزِرَ يَوْزَرُ وِزْرًا ووَزْرًا ووِزْرَةً: گنہگار ہونا۔وُزِرَ فُلانٌ: گناہ سے منسوب کیا جانا۔

وَزَرَ يَزِرُ وِزَارَةً لِلْمَلِكِ: وزیر بننا۔

أوْزَرَ إيزَارًا الشَّیْءَ: محفوظ کرنا۔چھپانا۔لے جانا......الرَّجُلَ: جائے پناہ دینا۔

وَازَرَهُ مُوَازَرَةً: وزیر بننا......هُ عَلَى الأمْرِ: مدد دینا۔تقویت دینا (یہ آزرکا مقلوب ہے)

تَوَزَّرَهُ: ......وزیر بننا

اِتَّزَرَ: چھوٹا سا کمبل اوڑھنا......بِثَوْبِهِ: چھوٹے سے کمبل کی مانند پہننا۔گناہ کرنا۔

اِسْتَوْزَرَهُ: وزیر بنانا۔اِسْتَوْزَرَ الشَّیْءَ: لے جانا۔

الـــوِزْر: مص۔گناہ۔گرانی۔بھاری بوجھ۔کپڑوں کی گٹھری۔ج أوْزَار.أوْزَار الـــحَـــرْب: سامان جنگ۔کہا جاتا ہے "وَضَعَتِ الحَرْبُ أوْزَارَهَا" یعنی جنگ ختم ہوگئی اس لئے کہ اس وقت ہتھیار رکھ دیتے ہیں۔

الوَزَر: جائے پناہ۔بلند پہاڑ۔

الـــوِزْرَة: چھوٹا کمبل ج وِزْرَات وِزِرَات وِزَرَات.

الوِزَارَة والوَزَارَة: وزیر کا مرتبہ۔

الـوَزِيْر: امور سلطنت میں بادشاہ کا معین و مددگار۔مددگار۔ج وُزَرَاء وأوْزَار.

المَوْزُوْر: مفع۔گنہگار۔گناہ سے متہم۔

وَزَعَ يَزَعُ ويَزِعُ وَزْعًا فُلانًا وبِفُلانٍ: روکنا۔منع کرنا۔وَزَعَ الجَيْشَ: ترتیب سے صفوں میں رکھنا۔کہا جاتا ہے "رَأيْتُهُ يَزَعُ الجَيْشَ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ لشکر کی ترتیب سے صف بندی کر رہا تھا (......وُزُوْعًا) فُلانًا بِفُلانٍ: بھڑکانا۔

وَزَّعَ المَالَ بَيْنَهُمْ: پراگندہ کرنا......المَال عَلَيْهِمْ: تقسیم کرنا۔

أوْزَعَ المَالَ: تقسیم کرنا......هُ بِكَذَا: بھڑکانا

أوْزَعَ بَيْنَهُمَا: تفریق کرنا۔اصلاح کرنا......هُ الشَّیْءَ: الہام کرنا۔وأُوْزِعَ الشَّیْءَ: الہام کیا جانا۔وأُوْزِعَ بِهِ: بھڑکایا جانا۔صفت مُوْزَع.

تَوَزَّعَ: پراگندہ ہونا......القَوْمُ المَالَ: آپس میں تقسیم کرنا۔کہا جاتا ہے "تَوَزَّعَتْهُ الأفْكَارُ" اس نے کبھی ایک کی فکر کی کبھی دوسرے کی۔وتَوَزَّعُوا ضُيُوفَهُمْ: انہوں نے مہمانوں کو آپس میں تقسیم کرلیا۔

اِتَّزَعَ: باز رہنا۔رکنا۔

اِسْتَوْزَعَ اللّٰهَ شُكْرَهُ: شکر کی توفیق چاہنا۔

الوَازِع: فا۔ ڈانٹنے والا۔ کتا۔ فوج کا سردار ج وَزَعَة ووُزَّاع۔
الوَزَعَة۔ وَازِع: کی جمع۔ بادشاہ کے مددگار و محافظ۔ اللہ تعالیٰ کے محارم سے باز رکھنے والے حکام۔
الأوْزَاع: جماعتیں (اس کا واحد نہیں)
المُتَّزِع: فا۔ سخت جان۔
وَزَغَ يَزِغُ وَزْغًا واَوْزَغَ بِبَوْلِهِ: تھوڑا تھوڑا کر کے پیشاب کرنا اور اسی سے ہے اَوْزَغَتِ الطَّعْنَةُ بِالدَّمِ: نیزہ کے زخم سے تھوڑا تھوڑا خون نکلا۔
وُزِغَ الجَنِينُ: صورت بن کر حرکت کرنا۔
الوَزَغ: کپکپی۔ بزدل مرد۔
الوَزَغَة: چھپکلی۔ ج وَزَغ ووِزَاغ واَوْزَاغ وِزْغَان واِزْغَان۔ الاَوْزَاغ: کمزور لوگ۔
وَزَفَ يَزِفُ وَزْفًا ووَزِيفًا ووَزَّفَ تَوْزِيفًا واَوْزَفَ اِيزَافًا: جلدی کرنا (...... وَزْفًا) فُلانًا: جلدی کرانا۔
وَازَفَ مُوَازَفَةً وتَوَازَفَ تَوَازُفًا...... القَوْمُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔
الوَزَّالُ: ایک خاردار درخت جس کے پتے نہیں ہوتے زرد رنگ کے خوبصورت پھول ہوتے ہیں۔
وَزَمَ يَزِمُ وَزْمًا فُلانًا بِفِيهِ: منھ سے آہستہ سے کاٹنا...... الشَّئَ: سوراخ کرنا...... الدَّيْنَ: قرض ادا کرنا (...... ووَزَّمَ) نَفْسَهُ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
وُزِمَ وَزْمَةً فِي مَالِهِ: کچھ جاتا رہنا۔
تَوَزَّمَ: بہت روندنے والا ہونا۔
الـوَزَم: مص۔ مقدار۔ اپنے وقت پر آنے والا۔ معاملہ (...... والـوَزِيم والـوَزِيمَةُ) سبزی کا گٹھا۔ گوشت جس کو عقاب اپنے گھونسلے میں جمع کرتا ہے۔ الـوَزِيم: گوشت کا ٹکڑا خشک کیا ہوا۔ بڑا چوہا۔ رَجُلٌ وَزِيمٌ: گٹھے ہوئے گوشت کا مرد۔
الـوَزْمَة: مص۔ مقدار۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوِزَام: جلدی۔
الوَزَّام: بہت گوشت اور عضلہ والا۔
اَلـوَزِيمُ عِنْدَ اَرْبَابِ عِلْمِ النَّبَاتِ: مؤنث نباتات کا عضو تانیث۔
اَلـوَزِيمِيَّةُ: امریکہ میں ایک لمبے تنے والے درخت زیب وزینت۔
وَزَنَ يَـزِنُ وَزْنًا وَزِنَةً الشَّئَ: تولنا...... لَهُ الـدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: تول کر دینا...... الشِّعْرَ: شعر کی تقطیع کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰـذَا يَزِنُ رِطْلاً" یعنی یہ ایک رطل کے برابر ہے۔
وَزُنَ يَـوْزُنُ وَزَانَةً الشَّـئُ: بوجھل ہونا۔ صفت وَازِنٌ...... الـرَّجُـلُ: عقلمند و سنجیدہ رائے ہونا۔
وَزَّنَ واَوْزَنَ نَفْسَهُ عَلَى كَذَا: دل لگانا۔
وَازَنَـهُ وِزَانًا ومُوَازَنَةً: مقابل ہونا۔ وزن میں برابر کرنا۔ عمل کا بدلہ دینا...... بَيْـنَ الشَّـيْـئَيْـنِ: وزن معلوم کرنے کیلئے مقابلہ کرنا۔
تَوَازَنَ الشَّيْئَانِ: باہم برابر ہونا۔
اِتَّزَنَ: تلنا...... الدَّرَاهِمَ: پرکھنا...... العِدْلُ: گٹھڑی کا دوسرے کے برابر ہونا...... الشَّئُ: وزن سے لینا۔
الـوَزْن: مص۔ مثقال۔ ج اَوْزَان کہا جاتا ہے "هٰـذَا دِرْهَـمٌ وَزْنٌ" وزن کیا ہوا ہے۔ "وَهٰـذَا رَجُـلٌ رَاجِحُ الْوَزْنِ" یہ شخص پختہ رائے اور کامل العقل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وِزَانَ الشَّـئِ او وَزْنَ الشَّـئِ او زِنَةَ الشَّئِ او بِـوِزَانِـهِ او بِوِزَانَتِـهِ" وہ اس کے سامنے ہے یا وزن میں اس کے برابر ہے "وَهُـوَ وَزْنَ الْجَبَلِ" وہ پہاڑ کی جانب میں ہے۔
الـوَزْنَة: وزن کا اسم مرۃ۔ پختہ رائے۔ کامل العقل عورت۔ کہا جاتا ہے "مَـا اَكْـلُـهُ فِي الْيَـوْمِ اِلَّـا وَزْنَةً وَاحِدَةً" دن میں اس کی خوراک صرف ایک ہی مرتبہ ہے۔
الوِزْنَة۔ وَزَنَ: کا اسم نوع۔
الـوَازِن: فا۔ کہا جاتا ہے "دِرْهَـمٌ [illegible]" کا

الاَوْزَن: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰـذَا الْقَوْلُ اَوْزَنُ مِنْ غَيْرِهِ" یہ قول دوسرے سے زیادہ قوی ہے "وَهُوَ اَوْزَنُ الْقَوْمِ" وہ قوم میں زیادہ وجاہت والا ہے۔
الوَزِين: اندرائن کے پسے ہوئے دانے۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ وَزِيـنُ الـرَّايِ" فلاں سنجیدہ رائے ہے۔
المَوْزُونَة: پست قد عقلمند عورت۔
المِـيزَان: ترازو۔ ج مَوَازِين۔ المِيزَان: مقدار۔ انصاف۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَـقَـامَ مِيزَانُ النَّهَارِ" دن آدھا ہوگیا۔
وَزْوَزَ وَزْوَزَةً: جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔ ہلکا ہونا اور جلدی کودنا۔
الوَزْوَاز: جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنے والا (...... والـوَزْوَازَة) اوچھا پستہ قد مرد۔ ایک پرندہ۔
اَلْمُوَزْوِزُ: فا۔ گانے والا۔
وَزَى يَزِي وَزْيًا الشَّئُ: جمع ہونا۔ سکڑنا...... الاَمْرُ فُلانًا: غصہ دلانا۔
وَازَاهُ مُوَازَاةً: مقابل ہونا۔
اَوْزَى اِيزَاءً ظَهْرَهُ اِلَى الْحَائِطِ: ٹیک لگانا...... لِـدَارِهِ: دیواروں کو مٹی سے لیپنا...... الشَّـئَ: اٹھانا اور ٹیک لگانا...... اِلَى فُلانٍ: پناہ لینا۔ اَوْزَيْتُهُ اِلَيْهِ: پناہ لینے پر مجبور کرنا۔
تَـوَازَى تَوَازِيًا الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
اِسْتَـوْزَى اِسْتِيزَاءً فِي الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
الوَزَى: پستہ قد گٹھے بدن کا مرد۔
الـمُسْتَـوْزِي: فا۔ خودرائے۔ سیدھا کھڑا ہونے والا بلند۔
وَسَـبَ يَسِـبُ وَسْبًا واَوْسَـبَ اِيسَابًا الْمَكَانُ: بہت گھاس والی ہونا۔ اَوْسَبَ الْكَبْشُ: بہت اون والا ہونا۔
وَسِـبَ يَوْسَـبُ وَسَبًا الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

الوَسْب: گھاس۔
الوَسْب: مص۔ میل۔
المِیْسَاب: ادھ کچری کھجور۔
وَسَجَتْ تَسِجُ وَسْجًا وَوَسِیْجًا وَوَسَجَانًا الْاِبِلُ: تیز چلنا۔ صفت وَاسِجَةٌ۔
اَوْسَجَ الْبَعِیْرَ: تیز چلانا۔
الوَسَّاج وَالوَسُوج مِنَ الْاِبِلِ: تیز رفتار ج وُسُج اور کہا جاتا ہے "اِبِلٌ وُسُوجٌ" تیز رفتار اونٹ۔
الوَسْج والوَسَجَان والوَسِیْج: اونٹ کی تیز چال۔
وَسِخَ یَوْسَخُ وَیَاسَخُ وَیَیْسَخُ وَسَخًا الشَّیْئُ: میلا ہونا۔ صفت وَسِخ۔
وَسَّخَ واَوْسَخَ الشَّیْئَ: میلا کرنا۔
تَوَسَّخَ واتَّسَخَ اِسْتَوْسَخَ: میلا ہونا۔
الوَسَخ: میل کچیل۔ ج اَوْسَاخ۔
وَسَّدَهُ الوِسَادَةَ: کسی کو تکیہ دینا۔ وَسَّدَ اِلَیْهِ الْاَمْرَ: کسی کام کو کسی کے ذمہ کر دینا۔
اَوْسَدَ فِی السَّیْرِ: تیز چلنا...... الْکَلْبَ بِالصَّیْدِ: کتے کو شکار پر اکسانا۔
تَوَسَّدَ الوِسَادَةَ: سر کے نیچے تکیہ رکھنا...... ذِرَاعَهُ: ہاتھ کو تکیہ کی طرح رکھ کر سونا۔
الوِسَاد والوُسَاد والوَسَاد...... تکیہ ج وُسُد کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَرِیْضُ الْوِسَادِ" یعنی غبی۔ اور "اِنَّ وِسَادَکَ لَعَرِیْضٌ" کنایہ ہے کثرت نوم سے۔
الوَسَادَة والوِسَادَة والوُسَادَة: تکیہ ج وَسَادَات ووِسَادَات ووُسَادَات ووَسَائِد۔
وَسَطَ یَسِطُ وَسْطًا وَسِطَةً الْمَکَانَ اَوِ الْقَوْمَ: بیچ میں بیٹھنا۔ صفت وَاسِط (...... وَسَاطَةً) الْقَوْمَ وَفِیْهِمْ: قوم میں حق و عدل میں متوسط ہونا۔
وَسُطَ یَوْسُطُ وَسَاطَةً: شریف ہونا۔ صاحب حسب ہونا۔
وَسَطَ یَسِطُ وَسَاطَةً وَسِطَةً وَوَسْطًا فِیْ حَسَبِهِ: شریف و صاحب حسب ہونا۔

وَسَّطَهُ: ثالث بنانا۔ بیچ میں کرنا۔ وَسَّطَ الشَّیْئَ: دو ٹکڑے کرنا۔
اَوْسَطَ اِیْسَاطًا الْقَوْمَ: بیچ میں داخل ہونا۔
تَوَسَّطَ الْقَوْمَ اَوِ الْمَکَانَ: بیچ میں بیٹھنا...... بَیْنَهُمْ: ثالث و مصلح بننا...... الرَّجُلُ: درمیانی چیز لینا۔
الوَسَط (واحد جمع مذکر و مؤنث کے لئے) معتدل۔ مثلاً کہا جاتا ہے "شَیْئٌ وَسَطٌ" یعنی عمدہ اور ردی چیزوں کی درمیانی چیز ج اَوْسَاط۔ وَسَطُ الشَّیْئِ: دونوں اطراف کے درمیان جیسے وَسَطُ الْحَبْلِ وَوَسَطُ الدَّارِ۔ رَجُلٌ وَسَطٌ صاحب حسب مرد اور کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ وَسَطِ الْقَوْمِ وَفِیْ وَسَطِهِمْ" یعنی وہ قوم کے درمیان میں ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ ہر وہ موقع جہاں پر لفظ وسط کے عوض بین رکھ سکتے ہوں وہ ساکن الاوسط ہوتا ہے ورنہ متحرک الاوسط اور اسی لحاظ سے کہتے ہیں "وَسْطُ الْقَوْمِ" اور "وَسَطُ الْحَبْلِ"۔
الوَاسِط: فا۔ دروازہ۔ پالان کا اگلا حصہ۔
الوَاسِطَة۔ واسط: کا مؤنث۔ پالان کا اگلا حصہ۔ ہار کے بیچ کا عمدہ جوہر۔ ذریعہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "کَانَ بِوَاسِطَةِ کَذَا" وہ فلاں کے ذریعہ سے تھا۔ ثالث اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ وَاسِطَةِ قَوْمِهِ" فلاں اپنی قوم میں سب سے اچھا ہے۔
الوَسَاطَة: مص۔ ثالثی۔
الوَسِیْط: دو جھگڑا کرنے والوں کے درمیان ثالث ج وُسَطَاءُ مؤنث وَسِیْطَة اور کہا جاتا ہے "هُوَ وَسِیْطٌ فِیْهِمْ" وہ بلند مرتبہ اور شریف النسب ہے۔
الاَوْسَط: متوسط۔ معتدل ج اَوَاسِط۔ اَوْسَطُ الشَّیْئِ: دونوں اطراف کا درمیان۔
اَلْعِلْمُ الْاَوْسَط: علم ریاضی اور اس کو حکمت وسطی بھی کہتے ہیں۔
الوُسْطٰی۔ اَوْسَط: کا مؤنث ج وُسَط مِنَ الْاَصَابِعِ: بیچ کی انگلی [illegible]

الوُسُوْط: درمیانی۔ بالوں کا خیمہ یا چھوٹا خیمہ۔
وُسُوْطُ الشَّمْسِ: آفتاب کا آسمان کے بیچ میں آنا۔
مُوَسَّطُ الْبَیْتِ: گھر کا درمیانی حصہ۔
المُتَوَسِّط: فا۔ اَلْبَحْرُ الْمُتَوَسِّط: وہ سمندر جو یورپ، ایشیا اور افریقہ کے درمیان ہے اور جس کو بحر ابیض اور بحر روم بھی کہتے ہیں۔
وَسِعَ یَسَعُ وَیَسِعُ سَعَةً وَسِعَةً الْمَکَانُ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاِنَاءُ یَسَعُ عِشْرِیْنَ کَیْلًا" یعنی اس برتن میں بیس کیل کی گنجائش ہے۔ "وَوَسِعَتْ رَحْمَةُ اللّٰهِ کُلَّ شَیْئٍ وَلِکُلِّ شَیْئٍ وَعَلٰی کُلِّ شَیْئٍ" اللہ تعالیٰ کی رحمت سب چیزوں کا احاطہ کئے ہوئے ہے "وَمَا اَسَعُ هٰذَا" میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ "لَا یَسَعُکَ اَنْ تَفْعَلَ هٰذَا" تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم یہ کرو۔ تم اس کے کرنے پر قادر نہیں ہو "وَوَسِعَ الْقَوْمَ فَضْلُهُ" اس کا فضل ساری قوم کو عام ہے "وَوَسِعَ الْمَالُ الدَّیْنَ" یعنی مال بہت ہے یہاں تک کہ سارے قرض کی ادائیگی کے لئے کافی ہے۔
وَسَعَ یَوْسَعُ وَسْعًا اللّٰهُ عَلَیْهِمْ رِزْقَهُ: بکثرت دینا۔ کشادہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَسَعَ عَلَیْهِ" جبکہ غنی کر دے۔
وَسُعَ یَوْسُعُ سَعَةً وَوَسَاعَةً الْمَکَانُ: کشادہ ہونا...... الفَرَسُ: کشادہ قدم ہونا۔
اَوْسَعَ: مالدار ہونا...... المَوْضِعَ: کشادہ پانا...... النَّفَقَةَ: بہت خرچ کرنا (...... وَوَسَّعَ) کشادہ کرنا...... اللّٰهُ عَلَیْهِ: مالدار بنانا۔
وَاَوْسَعَهُ الشَّیْئَ: کسی چیز کو گنجائش کا بنانا۔
تَوَسَّعَ: کشادہ ہونا...... الْقَوْمُ فِی الْمَکَانِ: کشادگی کرنا...... الرَّجُلُ فِی النَّفَقَةِ: زیادہ خرچ کرنا۔
اِتَّسَعَ: کشادہ ہونا...... الرَّجُلُ: صاحب وسعت و مالدار ہونا...... النَّهَارُ: طویل و [illegible] ہونا۔

اِسْتَوْسَعَ: کشادہ ہونا......الشَّیْئَ: کشادہ پانا یا طلب کرنا۔

الوَاسِعُ: فا۔ کشادہ......فِی الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰی: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے جس کے معنی ہیں بہت دینے والا یا ہر چیز پر احاطہ کرنے والا۔

الوَسْعُ والوِسْعُ الوُسْعُ: طاقت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِیْ وَسْعِهٖ اَنْ یَفْعَلَ کَذَا" یعنی اس کے کرنے پر وہ قادر نہیں۔

السَّعَةُ والوُسْعَةُ والتوسِعَةُ: گنجائش السَّعَةُ تونگری۔ غنی۔ طاقت۔ قدرت۔

الوَسِیْعُ: کشادہ......مِنَ الْخَیْلِ: کشادہ قدم گھوڑا۔

الوَسَاعُ مِنَ الْخَیْلِ: عمدہ یا کشادہ قدم گھوڑا۔

وَسَّفَ تَوْسِیْفًا. الشَّیْئَ: چھیلنا۔

تَوَسَّفَ الشَّیْئُ: چھلنا......البَعِیْرُ: موٹا ہونا اور پرانے بال گر کر نئے بال نکلنا......اَوْبَارُ الْاِبِلِ: اونٹ کے اُون کا جھڑ جانا۔

وَسَقَ یَسِقُ وَسْقًا الشَّیْئَ: جمع کر کے اٹھانا......البَعِیْرَ: اُونٹ پر ایک وسق (ساٹھ صاع) لادنا۔ اَوْسَقَتِ النَّاقَةُ وَغَیْرُهَا: اُونٹنی کا حاملہ ہونا۔ صفت وَاسِقٌ ج وَاسِقَات ووِسَاق اور مَوَاسِق ومَوَاسِیْق: خلاف قیاس جمع ہیں۔ وَسَقَتِ الْعَیْنُ الْمَاءَ: آنکھ میں پانی ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُ ذٰلِکَ مَا وَسَقَتْ عَیْنِیْ الْمَاءَ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک میری آنکھوں میں پانی ہے۔ وَسَقَتِ النَّخْلَةُ: پھل دار ہونا(...... وسِیْقًا) البَعِیْرَ: ہانکنا۔

وَسَّقَ الحِنْطَةَ: ساٹھ ساٹھ صاع کا گیہوں کا ڈھیر لگانا۔

اَوْسَقَ اِیْسَاقًا الدَّابَّةَ: لادنا۔ اَوْسَقَتِ النَّخْلَةُ: بہت پھل دار ہونا۔

وَاسَقَهٗ مُوَاسَقَةً: برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

اِتَّسَقَ الْاَمْرُ: مرتب ہونا......الْاِبِلُ: اُونٹوں کا اکٹھا ہونا......القَمَرُ: چاند کا پورا ہو

اِسْتَوْسَقَ اِسْتِیْسَاقًا: اکٹھا ہونا۔ الْاَمْرُ: مرتب ہونا......لَهُ الْاَمْرُ: ممکن ہونا۔

الوَسْقُ: مص۔ ساٹھ صاع اور بقول بعض ایک اُونٹ کا بوجھ ج اَوْسَاق. الوَسَقُ: درخت خرما کا بوجھ۔ ج اَوْسَاق ووُسُوْق.

الوَسِیْقُ: مص۔ دھتکار۔ بارش۔

الوَسِیْقَةُ مِنَ الْاِبِلِ: اُونٹوں کا گلہ۔ ج وَسَائِق. الوَسِیْقَة: حاملہ۔ کہا جاتا ہے نَاقَةٌ وَسِیْقَةٌ: حاملہ اونٹنی۔

المُتَّسِقُ عِنْدَ اَهْلِ الْعَرُوْضِ: اوزان شعر میں ایک وزن ہے۔ جس کا نام متدارک بھی ہے۔ المُتَّسِقُ: چاند کا نام۔

المِیْسَاقُ مِنَ الْحَمَامِ: بڑے بازوؤں والا کبوتر ج مَیَاسِیْق ومَآسِیْق. المِیْسَاق: پرندہ جو اڑنے میں پھڑ پھڑائے۔

وَسَلَ یَسِلُ وَسِیْلَةً ووَسَّلَ وتَوَسَّلَ اِلَی اللّٰهِ بِعَمَلٍ او وَسِیْلَةٍ: تقرب حاصل کرنا۔ صفت وَاسِل.

الوَاسِلَةُ والوَسِیْلَةُ: تقرب حاصل کرنے کا ذریعہ ج وَسِیْل ووَسَائِل ووُسُل الوَاسِلَةُ والوَسِیْلَةُ: مرتبہ۔ درجہ۔

وَسَمَهٗ یَسِمُهٗ وَسْمًا وسِمَةً: داغ لگانا۔ وَسَمَ الوَسْمِیُّ الْاَرْضَ: بہار کی پہلی بارش ہونا۔

وَسُمَ یَوْسُمُ وَسَامًا ووَسَامَةً الْغُلَامُ: خوبصورت چہرے والا ہونا......الوَجْهُ: خوبصورت ہونا۔

وَسَّمَ: حج کے موقع پر مکہ میں حاضر ہونا۔

وَاسَمَهٗ مُوَاسَمَةً: خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔

تَوَسَّمَ الشَّیْئَ: فراست سے معلوم کرنا۔ علامت طلب کرنا۔ پہچاننا۔ تَوَسَّمَ فِیْهِ الْخَیْرَ: بھلائی معلوم کرنا......الرَّجُلُ: موسم بہار کی گھاس کو تلاش کرنا۔ تَوَسَّمَ بِالوَسِمَةِ: وسمہ لگانا۔

الوَسْمُ: مص۔ ایک درخت ہے جس کے پتوں کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ علامت داغ کا نشان۔ ج وُسُوْم

اَسِمَةٌ: پھول کی پتی کا اوپر والا حصہ۔

جُزْءُ الْمَدِقَّةِ: پھول پتیوں کو جمع کرنے والا حصہ۔

السِّمَةُ: مص۔ علامت۔ داغ کا نشان۔ ج سِمَات.

الوَسْمِیُّ: موسم بہار کی پہلی بارش۔

الوِسَام: جانوروں کا داغ۔ تمغہ ج اَوْسِمَة

الوَسْمَةُ والوَسِمَةُ: نیل کے پتے یا ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے خضاب کرتے ہیں۔

الوَسِیْمُ: خوبصورت چہرے والا ج وُسَمَاء ووِسَام مؤنث وَسِیْمَةٌ ج وَسِیْمَات ووِسَام.

الوَسَامَةُ: مص۔ خوبصورتی کا اثر۔ حسن و جمال۔

الاَوْسَمُ: خوبصورت۔

المَوْسِمُ: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اکثر استعمال حج کے موقع کے لئے ہوتا ہے اور عید کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ ج مَوَاسِم.

المِیْسَمُ: داغ لگانے کا آلہ۔ داغ کا نشان ج مَیَاسِم. المِیْسَمُ: حسن و جمال۔

المَوَاسِیْمُ: داغ لگائے ہوئے اونٹ۔

وَسِنَ یَوْسَنُ وَسْنًا وسِنَةً: اونگھنا۔ بیہوش ہونا (ضد) صفت مذکر وَسِنٌ ووَسْنَان ومِیْسَان. صفت مؤنث وَسِنَةٌ ووَسْنٰی ومِیْسَان. وَسِنَ فُلَانٌ: کنوئیں کی بدبو سے غشی طاری ہونا۔

اَوْسَنَهُ الْبِئْرُ: غشی طاری کرنا۔

تَوَسَّنَهٗ: نیند کے وقت آنا۔

اِسْتَوْسَنَ: اونگھنا۔

الوَسَنُ: مص۔ ضرورت۔ حاجت۔ ج اَوْسَان.

السِّنَةُ: مص۔ اونگھ۔ غنودگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ سِنَةٍ" وہ غفلت میں ہے۔

الوَسْنَةُ: غشی-نیند کی کمی-اونگھ۔
الوَسْنیُ: بہت اونگھنے والا۔
المَوْسُوْن: کاہل-مؤنث مَوْسُوْنَة۔
وَسْوَسَ وِسْوَاسًا وَوَسْوَسَةً الشَّیْطَانُ لَهُ وَالَیْهِ: وسوسہ ڈالنا......الرَّجُلُ: خرابی عقل کی وجہ سے بے تکی باتیں کرنا-وسوسہ والا ہونا۔
صفت مُوَسْوِسٌ: آہستہ بولنا......الحُلِیُّ او القَصَبُ: جھنکار ہونا یا آواز نکلنا......الرَّجُلَ: کسی سے آہستہ گفتگو کرنا۔
وُسْوِسَ بِهٖ: کلام میں گڑبڑی ہونا۔
الوَسْوَاس: وسوس کا اسم-شیطان-ایک مرض ہے جو غلبہ سوداء کی وجہ سے پیدا ہوجاتا ہے۔ دل میں جو برائی یا بے نفع بات گزرے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج وَسَاوِس۔
وَسَی یَسِیْ وَسْیًا رَاسَهٗ: مونڈنا۔
وَاسَی الرَّجُلَ مُوَاسَاةً. آسَاهُ مُوَاسَاةً: میں ایک لغت ہے بمعنی مدد دینا۔
اَوْسَی اِیْسَاءً ا. الرَّاسَ: مونڈنا-الشَّیْءَ: کاٹنا۔
المُوْسَی: استرہ-ج مَوَاسٍ۔
الوَشْب: سخت قسم کی کھجور وغیرہ۔
الوِشْب. اَوْشَاب: کا واحد بمعنی اخلاط ناس طرح طرح کے لوگ۔
وَشَجَتْ تَشِجُ وَشْجًا الاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا ایک دوسرے میں گتھی ہوئی ہونا-کہا جاتا ہے "وَشَجَتْ بِکَ قَرَابَتُهٗ" تمہارے ساتھ اس کی قرابت مل گئی-"وَوَشَجَتْ فِیْ قَلْبِهٖ اُمُوْرٌ وَهُمُوْمٌ" اس کے دل میں مختلف قسم کے اُمور اور غم لاحق ہیں (......وَوَشَجَ مَحْمِلَهٗ) کچھ گرنے سے بچانے کے لئے تسمہ سے باندھنا-وَشَجَ اللّٰهُ قَرَابَتَهٗ بِکُمْ: اللہ اس کی قرابت کو تم سے ملا دے۔
وَشَجَ اللّٰهُ بَیْنَ القَوْمِ: اللہ نے لوگوں کو آپس میں ملا دیا۔
تَوَشَّجَتْ وَتَوَاشَجَتْ عُرُوْقُ الشَّجَرَةِ وَنَحْوِهَا: پیچیدہ ہونا۔

الوَاشِجُ: فا-پیچیدہ-مؤنث وَاشِجَة۔
الوَاشِجَة: باہم پیوستہ قرابت۔
الوَشِیْجُ: قرابت ورشتہ داری کی باہم پیوستگی-نیزوں کا درخت-نیزوں کے لئے بھی بولا جاتا ہے کہتے ہیں تَطَاعَنُوْا بِالوَشِیْجِ۔
الوَشِیْجَة: درخت کے ریشہ کی رسی جس کو بن کر دو لکڑیوں میں پھنسا دیتے ہیں اور اس پر گیہوں وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے ہیں-ج وَشَائِج کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِیْجَةُ القَوْمِ" وہ لوگ قوم میں اجنبی ہیں۔
الوَشِیْجَة: کان کی رگ-ج وَشَائِج۔
وَشَّحَهٗ: حمیل پہنانا۔
تَوَشَّحَ وَاتَّشَحَ: حمیل پہننا-تَوَشَّحَ بِسَیْفِهٖ: تلوار کو گردن میں لٹکانا......بِثَوْبِهٖ: کپڑا پہننا یا بغل کے نیچے سے نکال کر کندھے پر ڈالنا......الجَبَلَ: پہاڑ پر چلنا۔
الوِشَاح: تلوار-کمان-ذُوالوِشَاحِ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تلوار کا نام-(الوُشَاح) حمیل-جڑاؤ پیٹی-ج وُشُحٌ وَاَوْشِحَة وَوَشَائِح۔
الوِشَاحَة: تلوار۔
الوَشْحَاء: کالی بکری جس کی گردن اور سینہ سفید ہو۔
المُوَشَّح: اشعار کی ایک قسم جو خاص اوزان اور قوافی پر نظم کئے جاتے ہیں مگر اس میں ناظم ایک ہی قافیہ کا پابند نہیں ہوتا اور یہ اندلسی شعراء کا اختراع ہے۔
المُوَشَّحَة مِنَ الطَّیْرِ او الظِّبَاءِ: پرندہ یا ہرن جس کے دونوں پہلوؤں پر دو سفید دھاریاں ہوں۔
وَشَرَ یَشِرُ وَشْرًا اَسْنَانَهٗ: دانتوں کو تیز اور باریک کرنا......الخَشَبَةَ بِالمِنْشَارِ: لکڑی کو آرہ سے چیرنا۔
اِتَّشَرَ وَاسْتَوْشَرَ: دانت تیز اور باریک کرنے کو کہنا۔
المِیْشَار: آرہ۔

مَوْشُوْر ثُلَاثِیٌّ رُبَاعِیٌّ خُمَاسِیٌّ: جس کے قاعدے ثلاثی رباعی اور خماسی ہوں۔
المَوْشُوْر: مفع......فِیْ عِلْمِ الطَّبِیْعِیَّاتِ: علم طبیعیات کی اصطلاح میں اُس بلوری جسم کو کہتے ہیں جس کے تین ضلعے ہوں-ج مَوَاشِیْر۔
وَشِزَ یَشِزُ وَشْزًا: جلدی کرنا۔
تَوَشَّزَ لِلشَّرِّ: آمادہ برائی ہونا۔
الوَشْز وَالوَشَز: جلدی-بلند مکان جس کی پناہ لی جائے-سختی زندگانی ج اَوْشَاز۔
الوَشِیْزَة: بہت بھرا ہوا تکیہ ج وَشَائِز۔
وَشَظَ یَشِظُ وَشْظًا العَظْمَ: ہڈی کا ٹکڑا توڑنا......الفَاسَ: کلہاڑے میں پچر لگا کر سوراخ تنگ کرنا......القَوْمُ اِلَیْنَا: کم لوگوں کا آکر ملنا۔
الوَشِیْظ: تابع-حلیف-قوم میں اجنبی آدمی ملا ہوا-خسیس-مختلف النسل لوگ-ج اَوْشَاظ (وَالوَشِیْظَة) لکڑی کا ٹکڑا جس سے پیالہ کو جوڑیں-کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِیْظَةٌ فِیْ قَوْمِهِمْ" وہ لوگ اپنی قوم میں فرومایہ ہیں اور ایسا ہی "هُوَ وَشِیْظَةٌ فِیْهِمْ" ج وَشَائِظ۔
وَشَعَ یَشَعُ وَشْعًا الشَّیْءَ: ملانا-القُطْنَ: روئی کو لپیٹنا(......وَشْعًا وَوُشُوْعًا) الجَبَلَ وَفِیْهِ: پہاڑ پر چڑھنا......البَقْلَة: پھولدار ہونا......هُ الشَّیْءُ: بلند ہونا۔
وَشَّعَ القُطْنَ: روئی دھننے کے بعد لپیٹنا......الثَّوْبَ: کپڑے پر نقش و نگار کرنا......الشَّیْبُ رَاسَهٗ: سر میں سفیدی چھا جانا......الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا-وَشَّعُوْا عَلٰی کَرْمِهِمْ او بُسْتَانِهِمْ: باغ میں باڑ لگانا۔
اَوْشَعَ البَقْلُ او الشَّجَرُ: سبزی یا درخت کا پھول دار ہونا۔
تَوَشَّعَ الشَّیْءُ: پراگندہ ہونا......فِی الجَبَلِ: پہاڑ میں دائیں بائیں جانا......الشَّیْبُ رَاسَهٗ: سر میں سفیدی چھا جانا-تَوَشَّعُوْا الضُّیُوْفَ: ہر ایک کا مہمانوں کی ایک

جماعت کو اپنے گھر لے جانا۔ تَوَشَّعَ بِهٖ: بہت ہونا...... بِالْكَذِبِ: جھوٹ سے مزین ہونا...... الْغَنَمُ فِي الْجَبَلِ: بکریوں کا چرنے کے لئے پہاڑ پر چڑھنا۔

الوَشع: مص۔ سبزیوں کے شگوفے۔ پہاڑ میں تھوڑی سی نباتات ج وُشُوع.

الوُشع: مکڑی کا جالا۔

الوُشُوع: پہاڑ میں متفرق نباتات۔ حلق میں ٹپکانے کی دوا۔

الوَشِيع: کپڑے کا نقش ونگار، باغ کے اردگرد کی باڑ۔ مکان کی چھت یا چٹائی وغیرہ جو چھت کے قائم مقام ہو۔ خشک ہو کر گرا ہوا درخت۔ سردار لشکر کا خیمہ جہاں سے وہ فوج کی نقل وحرکت کو دیکھ سکے۔ کنوئیں کے سرے کی موٹی سی لکڑی جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔

الوَشِيعَة: رنگ برنگ کے سوت لپیٹنے کی لکڑی، بننے والے کی نال، ہر پیچیدہ چیز۔ غبار کی دھاری ج وَشِيع ووَشَائِع.

المُوَشَّع: مفع۔ بُرْدٌ مُوَشَّعٌ: منقش ودھاری دار چادر۔

وَشَغَ يَشِغُ وَشْغًا بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔

وَشَغَ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: کپڑے پر خون لت پت کر کے دھاری دار کر دینا۔

اَوْشَغَ اِيْشَاغًا الْعَطِيَّةَ: کم دینا...... بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔

تَوَشَّغَ بِالسُّوْءِ: آلودہ ہونا۔

الوُشْغ والوَشِيغ: تھوڑا۔

الوُشُوغ: منہ میں ٹپکانے کی دوا۔

وَشَقَهٗ يَشِقُهٗ وَشْقًا: خراش کرنا...... ہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ وَشَقَ اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا...... الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔

وَشَّقَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اَوْشَقَ الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ: چمٹنا۔

تَوَاشَقَ واتَّشَقَ الْقَوْمُ الْعَدُوَّ بِاَسْيَافِهِمْ: دشمن کو تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

وَاتَّشَقَ فُلَانٌ اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا۔

الوَاشِق: فا۔ تھوڑا دودھ۔ جلدی سے گزرنے والی چیز جیسے عمر اور زمانہ۔ بَاشِق: میں ایک لغت۔

الوَشْق: مص۔ متفرق چراگاہ۔

الوَشَق: ایک جانور کا نام جس کی کھال سے عمدہ پوستین تیار ہوتی ہے۔

الوَشِيق والوَشِيقَة: خشک کیا ہوا گوشت کا پارچہ ج وَشَائِق.

المِيْشَاق: کنگھی کا دندانہ۔ ج مَوَاشِيق.

وَشُكَ يَوْشُكُ وَشْكًا ووَشَاكَةً ووَشُكَ الْاَمْرُ: جلدی ہونا۔ صفت وَشِيك.

اَوْشَكَ: جلدی چلنا اور قریب ہونا اور اسی سے ہے اَوْشَكَ اَنْ يَمُوْتَ: وہ مرنے کے قریب ہی تھا اور یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے۔ مضارع کا استعمال ماضی سے زیادہ ہے اور اسم فاعل کا استعمال بہت کم ہے اور اس کی خبر پر اکثر اَنْ آتا ہے۔

وَاشَكَ مُوَاشَكَةً: جلدی چلنا۔

الوَشْك والوُشْك والوَشْكَان والوُشْكَان والوِشْكَان: جلدی۔ اور کہا جاتا ہے وَشْكَانَ مَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ: یعنی یہ جلدی ہوا۔ یا یہ کس قدر جلدی ہونے کو ہے۔ اور یہ اسم فعل ہے۔

الوِشَاك: جلدی۔

الوَشِيك (مذکر ومؤنث) جلد باز۔ قریب۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ وَشِيكًا" وہ جلدی نکلا۔

وَشَلَ يَشِلُ وَشْلًا وَوَشَلَانًا الْمَاءُ: پانی کا بہنا۔ ٹپکنا...... (وُشُوْلًا) کمزور ہونا۔ محتاج ہونا...... اِلَيْهِ: عاجزی ظاہر کرنا۔

اَوْشَلَ الْمَاءُ: پانی کم پانا...... حَظَّهٗ: کم کرنا۔

الوَشَل: تھوڑا پانی جو پہاڑ یا چٹان سے ٹپکے۔ تھوڑا آنسو۔ بہت پانی یا آنسو (ضد) ج اَوْشَال۔ الوَشَل: تنگ۔ خوف۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ اَوْشَالًا" قوم ایک دوسرے کے پیچھے آئی۔

عُيُوْنٌ وَشِلَةٌ: کم پانی والے چشمے۔

الوَاشِل: فا...... مِنَ الْجِبَالِ: پہاڑ جس سے ہمیشہ پانی ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاشِلُ الرَّأْيِ" فلاں کمزور رائے والا ہے۔ "وَهُوَ وَاشِلُ الْحَظِّ" وہ ناقص حصہ والا ہے۔

نَاقَةٌ وَشُوْلٌ: زیادہ دودھ والی۔ کم دودھ والی اونٹنی۔

الوُشُوْل: دولت کی کمی۔ نقصان۔

وَشَمَ يَشِمُ وَشْمًا ووَشَمَ الْيَدَ: ہاتھ میں گودنا۔ وَشَمَ الْغُصْنُ: ٹہنی میں پتے ظاہر ہونا۔

اَوْشَمَ اِيْشَامًا الْمَكَانُ: ہریالی ہونا۔ الْكَرْمُ: انگور کا رنگ پکڑنا...... الشَّيْبُ فِي رَأْسِهٖ: بڑھاپے کی سفیدی پھیلنا...... الْبَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا...... السَّمَاءُ: بجلی کوندنا...... فِي عِرْضِ فُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب لگانا...... فِي الْاَمْرِ: غور وفکر کرنا۔ اَوْشَمَتِ الْجَارِيَةُ: پستان کا ابھار شروع ہونا اور کہا جاتا ہے "اَوْشَمَ يَفْعَلُ كَذَا" وہ ایسا کرنے لگا۔

اِسْتَوْشَمَ اِسْتِيْشَامًا: گودنے کے لئے کہنا۔

الوَشْم: مص۔ گودائی۔ گودنے کا اثر۔ نباتات کی پہلی روئیدگی۔ ج وُشُوْم ووِشَام.

الوَشْمَة: وَشَمَ کا اسم مرۃ۔ بارش کا قطرہ۔ کہا جاتا ہے "مَا عَصَاهُ وَشْمَةً" اس نے اس کی ذرا بھی نافرمانی نہیں کی۔

الوَشِيْمَة: دشمنی، برائی۔

تَوَشَّنَ الْمَاءُ: پانی کم ہونا۔

الوَشْن: بلند زمین۔ موٹا اونٹ۔

الْاَوْشَن: دوسرے کے دسترخوان پر کھانا کھانے والا۔

وَشْوَشَ وَشْوَشَةً فُلَانًا: آہستہ گفتگو کرنا...... ہٗ الشَّيْءَ: دھیرے سے دینا۔

تَوَشْوَشَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے آہستہ آہستہ گفتگو کرنا۔

الوَشْوَشِيُّ والوَشْوَاشُ: ہلکا جلد باز [illegible]
وَشْوَشِیُّ الذِّرَاعِ: کام کرنے میں ہلکا [illegible]
مرد۔

وَشٰی یَشِیْ وَشْیًا وَشِیَةً ووَشٰی الثَّوْبَ
: منقش کرنا..... الکَلَامَ: جھوٹ بولنا۔ وَشَّاہٗ
ثَوْبًا: کپڑا پہنانا۔

وَشٰی یَشِیْ وَشْیًا وشَایَةً بِہٖ اِلَی
الْمَلِکِ: چغل خوری کرنا..... بَنُو فُلَانٍ
: بکثرت ہونا۔

اَوْشٰی اِیْشَاءً المَکَانُ: ابتدائی نباتات
ظاہر ہونا..... الرَّجُلُ: بہت مویشی والا ہونا
..... المَعْدِنُ: کان میں تھوڑا سا سونا پایا جانا
..... النَّخْلَةُ: پہلا پھل نکالنا..... الشَّیْئُ
: نکالنا۔ جاننا..... الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا
..... الدَّوَاءُ المَرِیْضَ: دوا کا مریض کو
تندرست کرنا..... فِی الدَّرَاہِمِ: کچھ لینا۔
تَوَشّٰی: نقش ونگار ہونا..... الشَّیْبُ فِیْ
رَاْسِہٖ: سر میں سفیدی کا پھیلنا۔
اِیْتَشٰی اِیْتِشَاءً العَظْمُ: ٹوٹی ہوئی ہڈی
درست ہونا۔
اِسْتَوْشَی الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا......
الحَدِیْثَ: بحث کرنا اور جمع کرنا..... الرَّجُلَ
: مانگنا اور ہاتھ میں جو کچھ ہو اُسے نکال لینا
..... المَعْدِنُ: تھوڑا سا سونا پایا جانا۔
الوَشْیُ: مص۔ کپڑے کا نقش ونگار۔ منقش
کپڑے۔ ج وِشَاء. وَشْیُ السَّیْفِ: تلوار
کا جوہر۔
الوَشَاء: اونٹوں کی کثرت۔
الوَاشِی: فا۔ چغل خور۔ بہت اولاد والا۔ یا
بہت مویشی والا۔ جلاہا۔ ج وَاشُوْنَ
ووُشَاة. الوُشَاة: سونے کا سکہ بنانے والا۔
الوَشَّاء. وَاشِی: کا اسم مبالغہ۔ منقش کپڑے
بیچنے والا۔
الشِّیَة: مص۔ داغ۔ نشان۔ علامت ج
شِیَات.
الاَوْشٰی: داغوں والا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْرٌ
اَوْشٰی" جیسے کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَبْلَقُ" اور

نسبت کے لئے وَشَوِیٌّ.
وَصَّ یَوَصُّ وَصًّا العَمَلَ: مضبوط بنانا۔
وَصْوَصَتْ تُوَصْوِصُ المَرْاَةُ: منہ کا پردہ تنگ
کرنا۔
وَصِیَ یَوْصٰی وَصًا الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔
وَصَبَ یَصِبُ وُصُوْبًا: ہمیشہ رہنا۔ ثابت
ہونا..... الدَّیْنُ: قرض واجب ہونا..... عَلَی
الاَمْرِ: مداومت کرنا۔ خوش اسلوبی سے
کرنا۔
وَصِبَ یَوْصَبُ وَصَبًا ووَصَّبَ وتَوَصَّبَ:
مریض ہونا۔ صفت وَصِبٌ ج وَصَابٰی
ووِصَاب. تَوَصَّبَ. درد محسوس کرنا۔
اَوْصَبَ: مریض ہونا..... اللّٰہُ فُلَانًا: مریض
کرنا..... الرَّجُلُ: بیمار اولاد والا ہونا......
الشَّیْئُ: ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا(......
وَوَاصَبَ) ہمیشہ مداومت کرنا۔
الوَصَبُ: بیماری۔ دائمی درد۔ جسم کی لاغری
اور کبھی سستی اور تھکن کے لئے بھی بولا جاتا
ہے الوَصَبُ: بصرا اور سبابہ کے درمیان کا
حصہ۔ ج اَوْصَاف.
الوَاصِبُ: فا۔ دائم۔
الوَاصِبَة. واصب: کا مؤنث۔ بہت دُور
تک پھیلا ہوا بیابان۔
المُوَصَّبُ: بہت دردوں والا۔
وَصَدَ یَصِدُ وَصْدًا: ثابت ہونا۔ بِالمَکَانِ:
اقامت کرنا..... الثَّوْبَ: کپڑا بننا۔
وَصَدَ الثَّوْبَ: کپڑا بننا..... الکَلْبَ بِالصَّیْدِ
: کتے کو شکار پر بھڑکانا..... فُلَانًا: خوف
دلانا۔
اَوْصَدَ البَابَ: دروازہ بند کرنا..... القِدْرَ:
ہانڈی ڈھانکنا..... عَلٰی فُلَانٍ: تنگی ڈالنا
..... الکَلْبَ بِالصَّیْدِ: کتے کو شکار پر
اکسانا۔ بھڑکانا(..... واسْتَوْصَدَ) پہاڑ میں
مویشیوں کے لئے باڑہ بنانا۔
الوَصَّاد: جلاہا۔
الوِصَاد. اَوْصَدَ البَابَ واَوْصَدَ القِدْرَ: کا
اسم بمعنی بندش و ڈھکائی۔

الوَصِیْدُ: چوکھٹ۔ گھر کے سامنے کا صحن۔ غار،
پہاڑ۔ قریب قریب جڑوں والی نباتات۔
دوبارہ ختنہ کیا ہوا۔ تنگ اور بند کیا ہوا ج
وُصُد (..... الوَصِیْدَة) پہاڑ میں مویشیوں
کے لئے پتھروں کا باڑہ ج وَصَائِد.
المُوَصَّد: پردہ۔
الوِصْر: عہد ج اَوَاصِر (..... والوَصِیْرَة
والاَوْصَر) عہد نامہ۔ چک۔ دستاویز اور
بقول بعض یہ الفاظ معرب ہیں۔
وَصَعَ یَصَعُ وَصْعًا الشَّیْئَ: غائب کرنا۔
چھپانا۔
الوَصْع: مص۔ چڑیا سے چھوٹا ایک پرندہ۔
یا ممولا۔ ج وِصْعَان.
الوَصِیْع: چڑیا یا چڑیا کے بچوں کی
چہچہاہٹ۔
وَصَفَ یَصِفُ وَصْفًا وَصِفَةً الشَّیْئَ: بیان
کرنا۔ تعریف کرنا(..... وُصُوْفًا) الفَرَسُ:
گھوڑے کا عمدہ چال چلنا(..... وَصْفَةً)
الطَّبِیْبُ لِلْمَرِیْضِ: نسخہ تجویز کرنا۔
وَصُفَ یَوْصُفُ وَصَافَةً الغُلَامُ: لڑکے کا
خدمت کے قابل ہونا اور اچھی طرح سے
خدمت کرنا۔ صفت وَصِیْفٌ اور اسم
الاِیْصَاف والوَصَافَة.
وَاصَفَہٗ: حالت بیان کر کے بیع کرنا۔
اَوْصَفَ اِیْصَافًا: خدمت کے قابل ہونا۔
اِتَّصَفَ الشَّیْئُ: قابل بیان ہونا۔ الرَّجُلُ
: عمدہ صفات سے مشہور ہونا..... بِالصِّفَاتِ
الحَمِیْدَةِ: آراستہ ہونا۔
تَوَصَّفَ وَصِیْفًا او وَصِیْفَةً: خادم بنانا۔
تَوَاصَفَ القَوْمُ الشَّیْئَ: ایک کا دوسرے
سے بیان کرنا۔
اِسْتَوْصَفَ فُلَانًا الشَّیْئَ: بیان کرنے کو کہنا۔
الطَّبِیْبَ: نسخہ تجویز کرانا..... الغُلَامُ: لڑکے کا
قابل خدمت ہونا۔
الصِّفَة: مص۔ نعت۔ خوبی۔ ہر وہ چیز جو
موصوف کے ساتھ قائم ہو جیسے علم و جمال
وغیرہ۔ علامت جس سے موصوف پہچانا

جائے۔

الصِفَاتِيَّة: ایک فرقہ جو اللہ تعالیٰ کی صفات کا انکار کرتا ہے۔ واحد صِفَاتِيّ۔

الوَصفِيَّة: صفت کی حالت۔

الوَصِيف: لڑکا جو خدمت کرنے کے قابل ہوگیا ہو ج وُصَفَاء مؤنث وَصِيفَة ج وَصَائِف۔

الوَصَّاف: وصف شناس۔ طبیب۔

وَصَلَ يَصِلُ وَصْلاً وَصِلَةً وَصُلَةً الشَّئَ بِالشَّئِ: جوڑنا۔ جمع کرنا ...هُ بِأَلْفِ دِينَارٍ: احسان کرنا (... وَصْلاً وَصِلَةً) فُلَانًا: تعلق رکھنا ... زَيْدًا: نیکی کرنا۔ دینا۔ وَصَلَ رَحِمَهُ: رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ نرمی برتنا (... وُصُولاً وَوُصْلَةً وَصِلَةً) إِلَى الْمَكَانِ: پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "وَصَلَنِي الْخَبَرُ وَوَصَلَ إِلَيَّ الْخَبَرُ" مجھے خبر پہنچی "وَضَرَبَهُ ضَرْبَةً لَا تُوصَلُ" اس نے ایسی مار ماری کہ جس کا علاج نہیں۔

وَاصَلَهُ وِصَالاً وَمُوَاصَلَةً: تعلق رکھنا وَاصَلَ الشَّئَ وَفِي الشَّئِ: ہمیشگی کرنا۔ لگاتار کرنا۔

وَصَّلَ الشَّئَ بِالشَّئِ: جوڑنا (... وَأَوْصَلَ) فُلَانًا إِلَى كَذَا: پہنچانا۔

تَوَصَّلَ إِلَى كَذَا: پہنچنا ... إِلَى فُلَانٍ: پہنچنے کے لئے حیلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَصَّلَ إِلَيْهِ بِوُصْلَةٍ وَسَبَبٍ" اس نے اس کے پاس پہنچنے کے لئے تعلق اور سبب کو حیلہ بنانا۔

تَوَاصَلَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے تعلق رکھنا۔

اِتَّصَلَ بِالشَّئِ: جڑنا ... إِلَيْهِ: پہنچنا ... بِيْ خَبَرُ فُلَانٍ: جاننا ... فُلَانٌ بِالْوَزِيرِ: خدمت میں رہنا ... إِلَى بَنِي فُلَانٍ: منسوب ہونا۔

اِسْتَوْصَلَ: میل ملاپ ڈھونڈنا۔

الوَصْل: مص۔ لَيْلَةُ الْوَصْلِ: قمری مہینے کی آخری رات۔ حَرْفُ الْوَصْلِ عِنْدَ أَهْلِ الْقَوَافِي: اہل عروض کی اصطلاح میں روی متحرک کے بعد کے حروف واؤ۔ یا او

اور ہاء اور کہا جاتا ہے "هٰذَا وَصْلُ هٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔

الوُصْل والوِصْل: ہر عضو علیحدہ علیحدہ ج أَوْصَال۔

الوُصْلَة: مص۔ تعلق۔ دو چیزوں کو ملانے والی چیز۔ ہم سفر۔ جماعت۔ دور کی زمین۔ ج وُصَل۔

الصِّلَة: مص۔ عطیہ۔ احسان۔ انعام۔ ج صِلَات۔

اِتِّصَالُ النَّيِّرَيْنِ: سورج چاند کا ملنا اور آمنے سامنے ہونا۔

الوَصُول: بہت میل ملاپ رکھنے والا۔ بہت دینے والا۔

الوُصُول: مص ... عِنْدَ الْمُوَلَّدِينَ: رسید۔ ج وُصُولَات۔

وَصِيلُ الرَّجُلِ: ہمیشہ ساتھ رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ وَصِيلُ هٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔

الوَصِيلَة. وَصِيل: کا مؤنث۔ عمارت۔ ارزانی۔ کسی چیز کو جوڑنے والی چیز۔ ہم سفر گروہ۔ دھاگے کا گولا۔ دور کی کشادہ زمین ج وَصَائِل۔ الوَصِيلَة: یمن کا ایک دھاری دار کپڑا ج وَصِيل وَوَصَائِل الوَصِيلَة: اونٹنی جو لگاتار دس سال تک بچے دے۔ بکری جو سات سال تک جڑواں مادہ بچے دے۔

المَوْصِل: ملنے کی جگہ۔ رسی وغیرہ کی گرہ۔ موت مَوْصِلُ الْبَعِيرِ: چوتڑ اور ان کا درمیانی حصہ۔ المَوْصِل: عراق اور جزیرہ کے درمیان ایک شہر کا نام۔

المَوْصِلَانِ: شہر موصل اور جزیرہ۔

المَوْصُول: مفع۔ بجو کی شکل کا ایک جانور۔

المُسْتَوْصِل: فا۔ المُسْتَوْصِلَةُ مِنَ النِّسَاءِ: اپنے بال میں دوسرے کے بال کو لگوانے والی عورت۔

وَصَمَ يَصِمُ وَصْمًا الْعُودَ أَوِ الْعَظْمَ: لکڑی

لگانا۔ جلدی سے باندھنا۔

وَصِمَ الرَّجُلُ: سستی و کاہلی اور اعضا شکنی والا ہونا ... فُلَانًا: درد ناک کرنا۔ سست و کاہل کرنا۔ وَصَمَتِ الْحُمَّى فُلَانًا: درد ناک کرنا۔

تَوَصَّمَ: تکلیف اٹھانا۔

تَوَاصَمَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو عیب لگانا۔

الوَصَم: مرض۔

الوَصْم: مص۔ لکڑی کی گانٹھ۔ عیب و عار۔ ج وُصُوم۔

الوَصْمَة: عیب و عار۔ جسم کی سستی۔

الوَصِيم: خنصر اور بنصر کے درمیان کشادگی۔

المَوْصُوم: مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْصُومُ الْحَسَبِ" عیب دار مرد۔

وَصْوَصَ عَيْنَهُ: نظر جمانے کے لئے آنکھ چھوٹی کرنا۔ پردے کے سوراخ سے دیکھنا ... الجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔

وَصْوَصَتِ الْجَارِيَةُ: برقع سے سوائے آنکھوں کے کچھ دکھائی نہ دینا۔

الوَصْوَص والوَصْوَاص: آنکھ کے برابر پردہ وغیرہ کا سوراخ۔ چھوٹا برقع ج وَصَادِص وَصَاوِيص. الوَصَاوِص: سخت زمین کے پتھر۔

وَصَى يَصِي وَصْيًا: عالی مرتبہ ہونے کے بعد خسیس ہونا ... الشَّئُ بِهِ: متصل ہونا ... الشَّئَ بِآخَرَ: ملانا (... وَصْيًا وَوَصَايَةً) المَكَانُ: متصل نباتات والی ہونا ... النَّبْتُ: بہت ہونا اور متصل متصل ہونا۔

وَصَّى تَوْصِيَةً فُلَانًا بِكَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔ کسی کام کا اشارہ کرنا ... إِلَيْهِ بِالصَّلَاةِ: حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "وَصَّاهُ بِفُلَانٍ أَنْ يُحْسِنَ إِلَيْهِ" فلاں کے ساتھ اس کو احسان کرنے کا حکم دیا۔ "وَوَصَّيْتُ لَهُ بِعَبْدِهِ مَوْلَى" میں نے اس کو اپنے مرنے کے بعد مالک بنانا۔ وَصَّى إِلَى فُلَانٍ: مرنے کے بعد اپنے مال و اولاد پر وصی بنانا ... فُلَانًا بِوَلَدِهِ: مہربان بنانا۔

أَوْصَى إِيْصَاءً فُلَانًا بِكَذَا : کسی کام کا عہد لینا۔حکم دینا...... لَهُ بِكَذَا : کسی کے لئے کسی چیز کی وصیت کرنا...... إِلَيْهِ : وصیت جاری کرنے والا مقرر کرنا۔
وَاصَى الْبَلَدُ الْبَلَدَ : ایک شہر کا دوسرے شہر کے متصل ہونا۔
تَوَاصَى تَوَاصِيًا الْقَوْمُ : ایک دوسرے کو وصیت کرنا۔
اِسْتَوْصَى اِسْتِيصَاءً بِفُلَانٍ : وصیت کو قبول کرنا۔
الْوَصِيَّةُ. اَلْإِيْصَاءُ : کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ وَصِيَّتُهٗ" یہ اس کی وصیت ہے ج وَصَايَا. وَصَايَا اللّٰهِ : اللہ تعالیٰ کے احکام جو اس نے اپنے بندوں پر واجب کئے ہیں۔اَلْوَصِيَّةُ : کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔ج وَصِيٌّ۔
الْوَصَاةُ. ج وَصًى والْوَصَايَةُ والْوِصَايَةُ : وصیت کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔
الْوَصِيُّ (مذکر و مؤنث) وصیت کرنے والا۔جس کو وصیت کی جائے۔ ج أَوْصِيَاءُ۔
الْوَاصِي : پیچیدہ گھاس۔أَرْضٌ وَاصِيَةٌ : پیچیدہ گھاس والی زمین۔
وَضُؤَ يَوْضُؤُ وُضُوْءًا و وَضَاءَةً الشَّيْءُ : پاکیزہ و خوبصورت ہونا۔
وَضَأَهُ يَضَؤُهُ وَضْأً : پاکیزگی و خوبروئی میں غالب ہونا۔
وَضَّأَ تَوْضِئَةً. بِالْمَاءِ : پاکیزہ کرنا۔دھونا۔
وَاضَأَهُ : پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔کہا جاتا ہے "وَاضَأَهُ فَوَضَأَهُ" اس نے اس سے پاکیزگی و خوبصورتی میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
تَوَضَّأَ بِالْمَاءِ لِلصَّلَاةِ : وضو کرنا...... الْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ : بالغ ہونا۔
الْوَضُوْءُ : وضو کا پانی۔

الْوَضِيءُ ج وِضَاءٌ و أَوْضِيَاءُ والْوَاضِيءُ ج وُضَّاءٌ والْوُضَّاءُ ج وُضَّاؤُوْنَ و وِضَاضِيءُ : پاکیزہ و خوبصورت۔
الْأَوْضَأُ : زیادہ خوبصورت و پاکیزہ۔
الْمِيضَأَةُ والْمِيضَاءَةُ : وضو کرنے کی جگہ۔لوٹا۔
الْمُتَوَضَّأُ : وضو کرنے کی جگہ۔پائخانہ کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔
وَضَحَ يَضِحُ ضِحَةً وَضِحَةً وُضُوْحًا و تَوَضَّحَ واتَّضَحَ الْأَمْرُ أو الْكَلَامُ : واضح ہونا۔ظاہر ہونا۔صفت وَاضِحٌ و وَضَّاحٌ۔
وَضِحَ يَوْضَحُ وَضَحًا : برص کے داغوں والا ہونا۔
أَوْضَحَ الْأَمْرُ : ظاہر ہونا۔واضح ہونا...... الْأَمْرَ : ظاہر کرنا۔واضح کرنا۔أَوْضَحَتِ الشَّجَّةُ فِي الرَّأْسِ : زخم کا ہڈی کو ظاہر کر دینا۔أَوْضَحَ فِيْ رَأْسِهِ : زخم کرنا۔کہا جاتا ہے "مِنْ أَيْنَ أَوْضَحْتَ" تم کہاں سے آئے۔
وَضَّحَ الْأَمْرَ : واضح کرنا۔ظاہر کرنا۔
اِسْتَوْضَحَ اِسْتِيضَاحًا عَنِ الْأَمْرِ : بحث کرنا ...... هُ الْأَمْرَ أو الْكَلَامَ : وضاحت کرانا ...... الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ : آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا...... الشَّمْسَ : نگاہ تنگ کر کے گھورنا۔
الْوَضَحُ : مص۔روشنی و سپیدی صبح۔کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ وَضَحِ الصُّبْحِ" وہ سفیدی صبح کے وقت آیا۔الْوَضَحُ : چاندنی۔گھوڑے کی پیشانی یا ٹانگوں کی سپیدی۔بڑھاپے کی سپیدی۔برص کی سپیدی کھر اور ہم۔کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ وَضَحٌ" مؤنث یا تثنیہ جمع نہیں لاتے جیسے "اِمْرَأَةٌ صَوْمٌ" میں مؤنث یا تثنیہ یا جمع نہیں لاتے۔الْوَضَحُ : دودھ۔چھوٹی چھوٹی گھاس۔چاندی کا زیور۔پازیب۔ج أَوْضَاحٌ وَضَحُ الطَّرِيْقِ : شاہراہ۔وَضَحُ الْقَدَمِ : تلوے کی سپیدی۔
أَوْضَاحٌ مِنَ النَّاسِ : مختلف قبائل کی جماعتیں (اس کے لئے واحد نہیں)

الْوَضِحَةُ : گدھی۔
الْوَاضِحُ : فا۔ظاہر۔نمایاں۔وَاضِحُ الْحَسَبِ : پاک صاف حسب والا۔
الْوَاضِحُ مِنَ الْإِبِلِ : سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔
الْوَاضِحَةُ : واضح کا مؤنث ج وَاضِحَاتٌ و أَوَاضِحُ۔الْوَاضِحَةُ : دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوں۔
الْوَضَّاحُ : سفید رنگ والا۔خوبصورت چہرہ والا۔بہت مسکرانے والا۔دن۔النَّسَبُ
الْوَضَّاحُ : پاک صاف نسب۔بِكْرٌ
الْوَضَّاحُ : صبح کی نماز۔
الْوَضِيحَةُ : مویشی۔ج وَضَائِحُ۔
الْمُتَوَضِّحُ : فا۔ظاہر ہونے والا۔شاہراہ پر چلنے والا...... مِنَ الْإِبِلِ : سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔
وَضَخَ يَضِخُ وَضْخًا الدَّلْوَ : ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔
أَوْضَخَ الدَّلْوَ : ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔
أَوْضَخَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں کا کم پانی والا ہونا۔
أَوْضَخَ بِالدَّلْوِ : کم پانی کھینچنا۔
وَاضَخَهُ وِضَاخًا و مُوَاضَخَةً : پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔
تَوَاضَخَ الْقَوْمُ : پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔
الْوَضُوْخُ : پانی جو نصف ڈول تک ہو۔پانی کھینچنے کی چیز۔
وَضِرَ يَوْضَرُ وَضَرًا : میلا کچیلا ہونا۔چکناہٹ سے میلا ہونا۔صفت مذکر وَضِرٌ صفت مؤنث وَضِرَةٌ و وَضْرَى کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَضِرُ الْأَخْلَاقِ وَفِيْ أَخْلَاقِهِ وَضَرٌ" فلاں گندے اخلاق والا ہے۔
وَضَّرَهُ : میلا کچیلا کرنا۔کہا جاتا ہے "كَانَ نَقِيَّ الْعِرْضِ فَوَضَّرَهُ بِالدَّنَاءَةِ" وہ پاکیزہ آبرو والا تھا اور دناءت سے اس نے میلا کر دیا۔
الْوَضَرُ : مص۔چکناہٹ کی وجہ سے میل

چِلْ پیالہ وغیرہ کا دھوون۔ پیالے میں کھانے کا اثر۔ ج اَوْضَار.
الوَضَرَى: دبر (...... والوَضْرَاء) پہاڑ سے باہر نکلی ہوئی چٹان۔
وَضَعَهُ يَضَعُهُ وَضْعًا: کمینہ بنانا۔ ذلیل کرنا۔ وَضَعَ عُنُقَهُ: گردن پر مارنا...... الحَدِيثَ: بات گھڑنا...... الكِتَابَ: تالیف کرنا۔
السِّلَاحَ فِي العَدُوِّ: مقاتلہ کرنا...... يَدَهُ عَنْ فُلَانٍ: روکنا...... الجِنَايَةَ عَنْ فُلَانٍ: ناپاکی دور کرنا...... عَصَاهُ: اقامت کرنا۔
وَضَعَتِ المَرْأَةُ خِمَارَهَا: بے اوڑھنی کے ہونا۔ صفت وَاضِع. وَضَعَ الشَّيْءَ بَيْنَ يَدَيْهِ: سامنے چھوڑ دینا...... يَدَهُ فِي الطَّعَامِ: کھانا...... الجزية او الحُرُوبَ: ساقط کرنا۔
وَضَعَ يَضَعُ وَضْعًا ومَوْضِعًا ومَوْضُوعًا الشَّيْءَ: رکھنا...... الشَّيْءَ مِنْ يَدِهِ: گرانا...... مِنْ فُلَانٍ: مرتبہ سے گھٹانا...... عَنْ غَرِيمِهِ: قرض دار سے کچھ چھوڑ دینا (...... وَضْعًا ومَوْضُوعًا) البَعِيرُ: سر جھکا کر تیز چلنا۔
وَضَعَ يَضَعُ وَضْعًا وَضَعَةً وَضِعَةً وُضُوعًا نَفْسَهُ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔
وَضَعَتْ وَضْعًا ووُضْعًا وتُضْعًا المَرْأَةُ حَمْلَهَا: جننا۔ صفت وَاضِع.
وَضِعَ يُوضَعُ ووُضِعَ ضَعَةً ووَضِيعَةً فِي تِجَارَتِهِ: نقصان اٹھانا۔ صفت مَوْضُوعٌ فِيهَا.
وَضُعَ يَوْضُعُ ضَعَةً وضِعَةً ووَضَاعَةً: لئیم ہونا۔ دنی ہونا۔ خسیس ہونا۔
وَضَّعَ الشَّيْءَ: جوڑنا...... الجُبَّةَ: روئی بھر کر سینا۔ وَضَّعَتِ النَّعَامَةُ بَيْضَهَا: شترمرغ کا انڈوں کو تہ بتہ رکھنا...... الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔
أَوْضَعَ البَعِيرَ: اونٹ کا تیز دوڑنا...... البَعِيرُ: اونٹ کو تیز دوڑانا...... أَوْضَعَ فِي تِجَارَتِهِ: تجارت میں نقصان اٹھانا۔
وَاضَعَهُ وِضَاعًا ومُوَاضَعَةً: شرط لگانا

هُ فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں موافقت کرنا۔ وَاضَعَهُ البَيْعَ: بیع کو چھوڑنا۔ وَاضَعَهُ الرِّهَانَ: شرط باطل کرنا اور تم کہتے ہو "هَلُمَّ أُوَاضِعْكَ الرَّأْيَ" یعنی آؤ تم مجھ کو اور میں تم کو اپنی رائے سے مطلع کروں۔
اِتَّضَعَ: ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ لئیم ہونا۔ حسب میں کم رتبہ ہونا...... البَعِيرَ رَاكِبُهُ: اونٹ کے سر کو جھکا کر سوار ہونا۔
تَوَاضَعَ: ذلیل ہونا۔ عاجز ہونا۔ خاکسار ہونا۔ تَوَاضَعَتِ الأَرْضُ: پست ہونا۔ تَوَاضَعَ القَوْمُ عَلَى كَذَا: متفق ہونا...... مَا بَيْنَنَا: دور ہونا۔
اِسْتَوْضَعَ اِسْتِيضَاعًا مِنْهُ: گھٹانے کے لئے کہنا...... هُ فِي دَيْنِهِ: قرض میں نرمی طلب کرنا۔
الوَضْعُ: مص۔ جگہ۔ ج اَوْضَاع.
الوَضْعَةُ والوِضْعَةُ: جگہ۔ مرکز۔
الوَاضِعُ: فا۔ اِمْرَأَةٌ وَاضِعٌ: بے اوڑھنی کے عورت۔ نَاقَةٌ وَاضِعٌ: ترش نباتات میں رہ کر چرنے والی اونٹنی۔
الوَضِيعُ: خسیس، دنی، امانت۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ عِنْدَهُ وَضِيعَةً" میں نے اس کے پاس امانت رکھی۔
الوَضِيعَةُ: قیمت کی کمی، امانت۔ ترش نباتات۔ عشر یا خراج وغیرہ جو بادشاہ وصول کرے۔ منہ بولا بیٹا۔ لشکر کی ایک جماعت جو کسی مقام پر مقرر کی جائے اور وہ جنگ نہ کرے۔ ایسی کتاب جس میں حکمت کی باتیں لکھی جائیں۔ ایک قسم کا کھانا جس میں گیہوں کوٹ کر گھی ملا کر کھاتے ہیں ج وَضَائِعُ. الوَضَائِعُ: مسافروں کا اسباب۔
التَّوْضِيعُ: مص۔ کہا جاتا ہے "فِي كَلَامِهِ تَوْضِيعٌ" اس کے کلام میں زنانہ پن ہے۔
المَوْضَعُ والمَوْضِعُ: مص۔ رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِع.
المَوْضِعَةُ: موضع میں ایک لغت ہے اور کہا [illegible]

اس کی میرے دل میں محبت ہے۔
المُوَضَّعُ: مفع۔ توڑا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔
المَوْضُوعُ: مص۔ مفع۔ مَوْضُوعُ العِلْمِ: جس کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جائے۔ جیسے علم طب میں جسم انسان مِنْ حَيْثُ الصحة والمرض: موضوع الکلام: گفتگو کا مرکزی نقطہ جس پر کلام جاری ہو۔ ج مَوَاضِيعُ و مَوْضُوعَات. الأَحَادِيثُ المَوْضُوعَةُ: گھڑی ہوئی باتیں۔
وَضَفَ يَضِفُ وَضْفًا البَعِيرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔
وَضَمَ يَضِمُ وَضْمًا اللَّحْمَ: گوشت کو تختہ پر رکھنا۔
وَضَمَ يَضِمُ وُضُومًا القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ قریب قریب ہونا۔ بَنُو فُلَانٍ عَلَى بَنِي فُلَانٍ: فلاں کی اولاد فلاں کی اولاد کے پاس آئی۔
أَوْضَمَ إِيضَامًا اللَّحْمَ و لِلَّحْمِ: گوشت کو تختہ پر رکھنا...... الشَّجَرَ: ایک دوسرے کے اوپر کرنا۔
اِسْتَوْضَمَهُ اِسْتِيضَامًا: ظلم کرنا۔
الوَضَمُ: گوشت کاٹنے کا قصائی کا تختہ۔ ج اَوْضَام و اَوْضِمَة کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ لَحْمًا عَلَى وَضَمٍ" اس نے ان پر مصائب ڈال کر ذلیل کر دیا اور دردمند بنا دیا۔
الوَضَمُ: لکڑی یا چٹائی جس پر گوشت کو مٹی سے بچانے کے لئے رکھا جائے۔ دستر خوان۔
الوَضِيمُ: انگشت شہادت اور بنصر کے درمیان کا حصہ۔
الوَضِيمَةُ: میت کا کھانا (...... والوَضْمَةُ) دو سو کے قریب لوگوں کی جماعت۔
المِيضَمَةُ: گوشت کے تختہ کے رکھنے کی جگہ ج مَوَاضِم.
وَضَنَ يَضِنُ وَضْنًا الشَّيْءَ: تہ بتہ رکھنا۔ ایک کو دوسرے پر موڑنا۔ دگنا کرنا۔

النسع: بٹنا۔
توضن لہ: ذلیل وعاجز ہونا۔ محبوب ہونا۔
اتضن بہ: متصل ہونا۔
الوضین: تہ بتہ کیا ہوا۔ چوڑا استرا۔ بال یا تسموں سے بنا ہوا۔ اور بقول بعض ہودہ کا تنگ۔ ج وضن۔
الموضونۃ: باریک بنی ہوئی زرہ یا جواہر سے بنی ہوئی زرہ۔
المیضنۃ: کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا۔ ج مواضن۔
المیضانۃ: زنبیل۔ ج مواضین۔
وطّ یوطّ وطّا الوطواط: چمگادڑ کا آواز کرنا......المحمل: چرچرانا۔
وطئ یطأ وطأ الشیء برجلہ: پیر سے روندنا ......الفرس: گھوڑے پر سوار ہونا......ارض عدوہ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔
وطأ یطأ وطأ الشیء: تیار کرنا۔ آسان کرنا۔
وطؤ یوطؤ وطاءۃ وطوءۃ الموضع: نرم ہونا۔
وطأ توطئۃ الشیء برجلہ: پیر سے روندنا ......الفراش: بچھونا نرم کرنا......الامر: درست کرنا۔ آسان کرنا......الموضع: نرم بنانا......الشعر و فیہ: لفظاً ومعناً قافیہ دہرانا۔
اوطأ ایطاء فلانا الارض وبالارض: روندوانا۔ اوطأہ فرسہ: سوار کرانا۔
اوطأہ علی الامر: موافقت کرنا۔ اوطأ الشعر وفی الشعر: لفظاً ومعنی قافیہ دہرانا۔
واطأ مواطأۃ فلانا علی الامر: موافقت کرنا......فی الشعر: لفظاً ومعنی قافیہ دہرانا۔
توطأ فلانا برجلہ: کچلنا۔ روندنا......ہ علی الامر: موافقت کرنا......القوم علی الامر: ایک دوسرے کے موافق ہونا۔
اتطأ اتطاء و ایتطأ ایتطاء الشیء: آسان ہونا۔ تیار ہونا......الامر: درست ہونا اور

انتہا کو پہنچنا۔
استوطأ الشیء: نرم پانا۔
الوطء: مص (...... والوطاء) پست و نرم زمین۔ الوطئ والوطاء: فرش۔
الوطأۃ۔ وطأ: کا اسم مرۃ۔ قدم کی جگہ۔ بھینچ یا دباؤ۔
الوطاءۃ والوطوءۃ: مص۔ نرمی آسانی۔ کہا جاتا ہے "انا احب وطاءۃ العیش" میں خوش عیشی کو پسند کرتا ہوں۔
الواطئۃ والوطأۃ: راستہ میں گزرنے والے لوگ۔ الواطئۃ: گری ہوئی کھجوریں۔
الوطئ: پست۔ نرم آسان۔ ہموار۔ روندا ہوا۔
الوطیئۃ۔ وطیئ: کا مؤنث۔ کھجور جس کی گٹھلی نکال کر دودھ میں گوندھیں۔ نرم عصیدہ (آٹا گھی ملا ہوا ایک کھانا) شکر پنیر ملا ہوا۔
الموطأ والموطئ: قدم کی جگہ۔
المیطأ: پست و نرم زمین۔
الموطأ: مفع۔ کہا جاتا ہے "رجل موطأ الاکناف" نرم اخلاق والا فیاض مہمان نواز مرد "وھو موطأ العقب" وہ ایسا شخص ہے جس کے پیچھے بہت لوگ چلتے ہیں۔
الوطب: دودھ کی مشک ج اوطب ووطاب واوطاب و جج اواطب کہا جاتا ہے صفرت وطابہ: یعنی مرگیا یا قتل کیا گیا۔
الوطب: بڑی پستان۔ سخت دل والامرد۔
الوطباء: بڑی پستان والی عورت۔
وطحہ یطحہ وطحا وطحۃ: ہاتھوں سے زور سے ہٹانا۔
تواطح القوم: ایک دوسرے کے ساتھ برائی یا جنگ کرنا۔ تواطحت الابل علی الحوض: اونٹوں کا حوض پر ہجوم کرنا۔
الوطح: مص۔ کھر یا چنگل میں لگی ہوئی مٹی وغیرہ۔
وطد یطد وطدا الشیء: مضبوط کرنا۔ بااستوار کرنا۔ بوجھل کر[illegible] مفعول

وطید وموطود...... الارض: سخت ہونے کے لئے کوٹنا......الشیء الیہ: ملانا......لہ منزلۃ: تیار کرنا......ہ الی الارض: جھکانا دبانا......الشیء: ثابت وقائم ہونا۔ چلنا......الصخر علی الغار: تہ بتہ رکھنا۔
وطّد الشیء: بمعنی وطدہ۔
توطّد: مضبوط وثابت ہونا۔ کہا جاتا ہے "وطدہ فتوطد" اس نے اس کو مضبوط کیا پس وہ ہو گیا "وتوطدت لہ عندھم منزلۃ" ان کے نزدیک اس کا مرتبہ قائم ہو گیا۔
الواطد والوطید والموطود: مضبوط و ثابت۔
الاوطاد: بہت سے پہاڑ۔
الوطیدۃ: عمارت کی بنیاد۔ پایہ وغیرہ ان ج وطائد کہا جاتا ہے "انت من وطائد الحق" تو سچائی کا ستون ہے۔ "ولہ عندہ وطیدۃ" اس کے نزدیک اس کا مرتبہ ہے۔
المیطدۃ: درمٹ۔
المتواطد: مضبوط۔ جما ہوا۔ سخت۔ ایک دوسرے کے پیچھے۔
الوطر: حاجت۔ مطلوب۔ ج اوطار کہا جاتا ہے "قضی منہ وطرہ و اوطارہ" اس نے اپنی حاجت پوری کر لی۔
وطسہ یطسہ وطسا: چرمی موزہ وغیرہ سے ٹھوکر مارنا......الشیء: توڑنا۔ کوٹنا۔
تواطس۔ الموج: موجوں کا باہم ٹکرانا۔
القوم علی: بھیڑ کرنا۔
الوطاس: چرواہا۔
الوطیس: تنور اور جو اس کے مشابہ ہو۔ میدان جنگ۔ کہا جاتا ہے حمی الوطیس: یعنی جنگ سخت ہو گئی۔ ج اوطسۃ ووطس۔
الوطیسۃ: معاملہ کی سختی۔
وطشہ یطشہ وطشا: مارنا......ہ عن فلان: ہٹانا۔ دور کرنا......الحدیث او الخبر: کچھ بیان کرنا......الکلام: وضاحت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ماوطش لنا بشیء"

اس نے ہمیں کچھ نہیں دیا۔
وَطَشَ الْحَدِيْثَ: کچھ بیان کرنا..... لَهُ: گفتگو یا رائے یا عمل کو تیار کرنا..... هُ: تھوڑا سا دینا..... الْقَوْمَ عَنْهُ: ہٹانا..... فِيهِ: اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْهُ فَمَا وَطَشَ اِلَيْهِمْ" لوگوں نے اسے مارا اور اس نے ہاتھ نہیں اٹھایا۔ سَاَلُوْهُ فَمَا وَطَشَ اِلَيْهِمْ بِشَيْءٍ: لوگوں نے اس سے مانگا اور اس نے کچھ نہیں دیا۔
وَطِفَ يَوْطَفُ وَطَفًا: گھنی ابروؤں اور لمبی پلکوں والا ہونا۔ صفت اَوْطَفُ مؤنث وَطْفَاء ج وُطْفٌ. وَطِفَ الْمَطَرُ: زور سے برسنا۔
وَطَفَ يَطِفُ وَطْفًا: شکار وغیرہ کو بھگانا اور اس کے پیچھے پڑنا۔
الْوَطَف: مص اور کہا جاتا ہے "فِي السَّحَابَةِ وَطَفٌ: جبکہ بادل لٹکے ہوئے ہوں۔
ظَلَامٌ اَوْطَفُ: سخت تاریکی۔ سَحَابٌ اَوْطَفُ: زمین سے قریب بادل۔ عَامٌ اَوْطَفُ: فراخ سالی۔ عَيْشٌ اَوْطَفُ: خوشحال زندگی۔ سَحَابَةٌ وَطْفَاءُ: پانی سے بوجھل ہو کر لٹکا ہوا بادل۔
الْوُطْفَة: تھوڑے بال۔
الوِطَاق: خیمہ۔ ج وِطَاقَات.
وَطَمَهُ يَطِمُهُ وَطْمًا: روندنا۔ وَطَمَ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
وَطَمَ يَوْطَمُ وَطْمًا وَوُطِمَ الرَّجُلُ: پائخانہ روکنا۔
وَطَنَ يَطِنُ وَطْنًا و اَوْطَنَ اِيْطَانًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
وَطَّنَ و اَوْطَنَ وتَوَطَّنَ واتَّطَنَ واِسْتَوْطَنَ الْبَلَدَ: وطن بنانا۔ وَطَّنَ نَفْسَهُ عَلَى الْاَمْرِ ولِلْاَمْرِ: آمادہ کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ تَوَطَّنَتْ نَفْسُهُ عَلَى كَذَا: اس کا نفس فلاں پر برانگیختہ کیا گیا۔
وَاطَنَهُ عَلَى الْاَمْرِ: کسی کے ساتھ کوئی کام کرنے کو دل میں پوشیدہ کرنا۔
الْوَطَن: جائے سکونت۔ اقامت گاہ۔ مویشی باندھنے کی جگہ۔ ج اَوْطَان.
الْمَوْطِن: وطن۔ میدانِ جنگ۔ ج مَوَاطِن.
الْمِيْطَان: غایت۔ انتہا۔ گھوڑ دوڑ کے میدان میں جہاں سے گھوڑے چھوڑے جائیں اور آخری جگہ کو مِيْتَاءُ و مِيْدَاء کہتے ہیں۔
وَطْوَطَ: کمزور ہونا۔ جلدی بولنا۔
الْوَطْوَاط: چمگادڑ۔ ایک قسم کی پہاڑی ابابیل ج وَطَاوِط ووَطَاوِيط. الْوَطْوَاط: کمزور عقل والا آدمی۔ جلدی بولنے والا۔
الْوَطْوَاطَة: جلدی بولنے والی۔ چیخنے چلانے والی۔
وَطَّى تَوْطِيَةً الشَّيْءَ: پست کرنا۔ مرتبہ گھٹانا۔
تَوَطَّى: پست ہونا۔ مرتبہ گھٹنا۔ وَطَّا وتَوَطَّا: میں ایک لغت ہے۔
وَظَبَ يَظِبُ وُظُوْبًا الْاَمْرَ وَعَلَى الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔ صفت (..... وَظْبًا) الشَّيْءَ: روندنا۔
وَاظَبَ مُوَاظَبَةً عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔
هُ عَلَى خِدْمَةِ فُلَانٍ: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔
تَوَاظَبَتْ عَلَيْهِ الرِّيَاحُ: لگاتار پے در پے آنا۔
الْمِيْظَب: گول تیز پتھر۔
الْمَوْظُوْب: مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْظُوْبٌ" ایسا امیر جس کے مال پر بار بار تباہی آئی ہو۔
وَظَرَ يَوْظَرُ وَظَرًا: موٹا و پُر گوشت ہونا۔ صفت وَظِرٌ.
وَظَفَ يَظِفُ وَظْفًا الْبَعِيْرَ: پاؤں کی رسّی چھوٹی کرنا۔ پنڈلی پر مارنا..... الْقَوْمَ: پیروی کرنا۔
..... الشَّيْءَ عَلَى نَفْسِهِ: لازم کرنا۔ مقرر کرنا۔

وَظَّفَ: روزینہ مقرر کرنا۔ وظیفہ مقرر کرنا۔
وَظَّفَ عَلَيْهِ عَمَلًا: کام مقرر کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَظَّفَ لَهُ الرِّزْقَ وَلِدَابَّتِهِ الْعَلَفَ" اس نے اس کے لئے روزی اور چوپائے کے لئے چارہ مقرر کیا و وَظَّفَ عَلَى الصَّبِيِّ كُلَّ يَوْمٍ حِفْظَ اٰيَاتٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ: اس نے بچے پر ہر روز چند آیتیں یاد کرنے کے لئے مقرر کیں۔
وَاظَفَهُ: موافقت کرنا۔ ہمیشہ ساتھ رہنا۔
اِسْتَوْظَفَ الشَّيْءَ: پورا لے لینا۔
الْوَظِيْفُ: گھوڑے یا اونٹ وغیرہ کی پنڈلی کا پتلا حصہ ج وُظُفٌ واَوْظِفَة. الْوَظِيْفُ: سخت زمین پر چلنے پر قادر مرد۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الْاِبِلُ عَلَى وَظِيْفٍ وَاحِدٍ" اونٹ ایک دوسرے کے پیچھے گویا کہ ایک قطار میں آئے۔
الْوَظِيْفَة: عمل معین۔ روزینہ۔ رزق وغیرہ عہد و شرط ج وَظَائِف ووُظُف. اور بسا اوقات منصب اور خدمت کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "لِلدُّنْيَا وَظَائِف" یعنی دنیا بدلتی سدلتی رہتی ہے۔
الْوَعُّ: گیدڑ۔ گیدڑ کی آواز کی نقل۔ بچے کے رونے کی آواز۔
وَعَبَ يَعِبُ وَعْبًا الشَّيْءَ: سب لے لینا۔
اَوْعَبَ اِيْعَابًا الشَّيْءَ: سب لے لینا۔ جمع کرنا..... الْاَمْرَ: فارغ ہونا..... الرَّجُلَ: پوری زبان کاٹ لینا..... الشَّيْءَ فِي الشَّيْءِ: پورا داخل کر دینا..... فِي مَالِهِ: فضول خرچی کرنا..... الْقَوْمُ: پوری قوم کا نکل جانا۔
اِسْتَوْعَبَ اِسْتِيْعَابًا الشَّيْءَ: سب لے لینا۔ جڑ سے اکھیڑنا..... الْحَدِيْثَ: پوری بات حاصل کرنا..... الْمَكَانُ او الوِعَاءُ الشَّيْءَ: گنجائش ہونا۔
الْوَعْب: کشادہ راستہ۔ ج وِعَاب.
الْوَعِيْب: کشادہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ وَعِيْبٌ وَوِعَاءٌ وَعِيْبٌ" فراخ مکان۔ فراخ برتن۔

المُوْعَب: کشادہ کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَوْعَبُ لِكَذَا" یہ فلاں چیز کے حاصل کرنے کے لائق ہے۔
وَعِثَ يَوْعَثُ وَعْثًا وَوَعُثَ يَوْعُثُ وُعُوْثَةَ الطَّرِيْقُ: راستہ دشوار گزار ہونا۔..... الْاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت وَعْثٌ وَعِثٌ ومُوْعِثٌ واَوْعَثُ.
وَعِثَت تَوْعَثُ وَعْثًا يَدُهُ: ہاتھ ٹوٹنا صفت وَعْثَة.
وَعَّثَهُ تَوْعِيْثًا عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا۔ روکنا۔
اَوْعَثَ: سخت دشوار گزار راستہ میں پڑنا..... الرَّجُلُ: خلط ملط کرنا۔ دشوار گزار راستہ میں چلنا..... فِيْ مَالِهِ: فضول خرچی کرنا۔ المُتَكَلِّمُ: گفتگو سے عاجز ہونا..... الْاَمْرُ: بگاڑنا۔ فساد کرنا..... فُلَانًا: دشوار گزار راستہ میں چلنے پر برانگیختہ کرنا۔
الوَعْث: مص۔ توڑی ہوئی ہڈی۔ لاغری۔ سخت دشوار۔ دشوار گزار راستہ۔ ہر مشکل کام ج وُعُثٌ ووُعُوْثٌ.
الوَعْثَاء: مشقت۔ تھکن۔ ہر بری خصلت۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ الْوَعْثَاءَ" یعنی گناہ کا ارتکاب کیا۔
الوُعُوْث: سختی و برائی۔
المَوْعُوْث: ناقص حسب والا۔
وَعَدَ يَعِدُ وَعْدًا وَعِدَةً ومَوْعِدًا ومَوْعِدَةً ومَوْعُوْدًا ومَوْعُوْدَةً فُلَانًا الْاَمْرَ وبِالْاَمْرِ: وعدہ کرنا۔ وَعَدَتِ الْاَرْضُ: عمدہ فصل ہونے کی امید ہونا (..... وَعِيْدًا) الرَّجُلَ: دھمکی دینا..... الفَحْلُ: بڑبڑانا۔
اَوْعَدَهُ اِيْعَادًا: وعدہ کرنا۔ دھمکی دینا۔
وَاعَدَهُ مُوَاعَدَةً: ایک دوسرے سے وعدہ کرنا..... هُ المَوْضِعَ او الوَقْتَ: وعدہ پورا کرنے کے لئے جگہ یا وقت مقرر کرنا۔
تَوَاعَدَ واتَّعَدَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے وعدہ کرنا۔
تَوَعَّدَهُ: دھمکی دینا۔
اِتَّعَدَ اِتِّعَادًا: وعدہ قبول کرنا اور بھروسہ کرنا..... هُ: دھمکی دینا۔ اِيْتَعَدَ يَاتَعِدُ فَهُوَ مُوْتَعِدٌ. اِتَّعَدَ: میں ایک ضعیف لغت ہے۔
اِسْتَوْعَدَهُ: وعدہ کرانا۔
الوَعْد: مص۔ بعضوں کے نزدیک اس کی جمع نہیں آتی اور بعض کے نزدیک اس کی جمع وُعُوْد آتی ہے۔
العِدَة: وعدہ۔
المَوْعِد: مص۔ وعدہ۔ وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ عہد۔ ج مَوَاعِد.
المِيْعَاد: وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ۔ بمعنی مُوَاعَدَة ج مَوَاعِيْد.
اَمُوْعُوْد: مفع۔ اَلْيَوْمُ الْمَوْعُوْدُ: قیامت کا دن۔
وَعَرَ يَعِرُ وَعْرًا فُلَانًا: روکنا۔ ہٹانا(..... وَعْرًا ووُعُوْرًا ووَعِرَ يَوْعَرُ ووَعُرَ يَوْعُرُ ووَيَعِرُ وَوَعُرَ يَوْعَرُ وَعَارَةً ووُعُوْرَةً) المَكَانُ: سخت ہونا۔ دشوار گزار ہونا۔ صفت وَعْرٌ ووَعِرٌ..... الشَّيْءُ: کم ہونا۔ صفت وَعْرٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَعْرُ الْمَعْرُوْفِ" مرد کم احسان و کم خیر۔
وَعَّرَ المَكَانَ: سخت بنانا..... الرَّجُلَ: روکنا۔ ہٹانا..... المُتَكَلِّمَ: بات کاٹ دینا۔
اَوْعَرَ اِيْعَارًا بِهِ الطَّرِيْقُ: راستہ دشوار ہونا۔ سخت جگہ میں پہنچانا..... الرَّجُلُ: سخت زمین میں پڑنا۔ کم مال والا ہونا..... الشَّيْءَ: کم کرنا (..... واِسْتَوْعَرَ) المَكَانَ او الطَّرِيْقَ: دشوار و سخت پانا۔
تَوَعَّرَ المَكَانُ: سخت ہونا..... الْاَمْرُ عَلَيَّ: سخت و مشکل ہونا..... الرَّجُلُ: سختی کرنا..... فِي الكَلَامِ: سرگشتہ و متحیر ہونا..... هُ فِي الكَلَامِ: حیران بنانا۔
الوَاعِر: فا۔ دشوار (..... والوَعْر) ج اَوْعُر ووُعُوْر واَوْعَار ووُعُوْرَة. والوَعِيْر ج اَوْعَار.
الاَوْعَر: سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَعْرٌ او طَرِيْقٌ وَعْرٌ او مَطْلَبٌ وَعْرٌ" سخت جگہ یا راستہ یا مطلب۔ الوَعْر: خوفناک متوحش جگہ۔
الوَعْرِيُّ مِنَ الكَلَامِ: قلیل الاستعمال جو ثقیل اور ذوق پر گراں ہو۔
وَعَزَ يَعِزُ وَعْزًا ووَعَّزَ تَوْعِيْزًا واَوْعَزَ اِيْعَازًا اِلَيْهِ فِيْ كَذَا اَنْ يَّفْعَلَهُ او يَتْرُكَهُ: آگے بڑھ کر فعل یا ترک فعل کا اشارہ کرنا۔
وَعَسَ يَعِسُ وَعْسًا الشَّيْءَ: روندنا۔ هُ الدَّهْرُ: تجربہ کار بنانا۔
اَوْعَسَ اِيْعَاسًا القَوْمُ: ریگستان میں چلنا۔ رات میں چلنا۔ اَوْعَسَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔
وَاعَسَهُ: رات کے وقت چلنے میں مقابلہ کرنا۔ وَاعَسَتِ الْاِبِلُ: چلنے میں گردن لمبی اور قدم کشادہ کرنا۔
الوَعْس: مص۔ نشان۔ ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔ درخت کا نام جس کی لکڑی سے بربط اور رباب وغیرہ بناتے ہیں۔ ج اَوْعَاس.
الوَعْسَة: ریت جس میں قدم دھنس جائیں اور چلنا دشوار ہو۔
الاَوْعَس: وہ جگہ جہاں نرم ریت ہو اور چلنا دشوار ہو۔ ج وُعْسٌ واَوْعُس و ج اَوَاعِس.
الوَعْسَاء: نرم ریت کا ٹیلہ جس میں عمدہ سبزیاں پیدا ہوں۔
المَوْعِس: ریت جس میں چلنا دشوار ہو۔
المِيْعَاس: نرم ریت۔ زمین جس پر کوئی نہ کوئی چلا ہو۔ راستہ۔ ج مَوَاعِس.
المَوْعَس: چلا ہوا راستہ۔
الوَعَاط: سرخ یا زرد گلاب۔
وَعَظَهُ يَعِظُهُ وَعْظًا وعِظَةً: نصیحت کرنا۔ توبہ کرانے والی اور اصلاح اخلاق پر برانگیختہ کرنے والی باتیں یاد دلانا۔
اِتَّعَظَ: نصیحت قبول کرنا۔ نصیحت پر عمل کرنا۔
الوَعْظَة. وَعْظ: کا اسم مرۃ۔ وعظ و نصیحت ج وَعَظَات.

العِظَة: وعظ ونصیحت ج عِظَات.
الوَاعِظ: فا۔ ج وَاعِظُونَ ووُعَّاظ.
الوَعَّاظ: واعظ کا اسم مبالغہ۔
المَوْعِظَة: وعظ کا اسم ہے۔ وعظ ونصیحت ج مَوَاعِظ.
وَغَفَ يَوْغُفُ وُغُوفًا الْبَصَرُ: نگاہ کا کمزور ہونا۔
الوَغْف: سخت زمین جس میں پانی ٹھہر جائے ج وِغَاف.
وَعَقَ يَعِقُ وَعْقًا ووُعَاقًا ووَعِيقًا الفَرَسُ: گھوڑے کے چلتے ہوئے پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہونا۔
وَعِقَ يَعِقُ وَعْقًا عَلَيْهِ: جلدی کرنا۔
وَعُقَ يَوْعُقُ وَعْقَةً وتَوَعَّقَ واسْتَوْعَقَ: کمینہ خصلت والا ہونا۔ صفت وَعْقٌ ووَعِقٌ ووَعْقَةٌ ووَعِقَةٌ.
وَعَّقَهُ: مخالفت کرنا۔ روکنا۔ بدخوئی کی طرف نسبت کرنا۔ فاسد کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَعَّقَهُ الطَّمَعُ او الجهلُ" اس کو لالچ یا جہالت نے خراب کر دیا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَوْعَقَهُ" وہ کس قدر جلد باز ہے۔
الوَعْقَة: اسم مرۃ۔ بدخلقی۔ درشت خوئی۔ کہا جاتا ہے "بِهِ وَعْقَةٌ" اس کے ساتھ بدخلقی ہے یعنی وہ بدخلق ہے۔
الوُعَاق والوَعِيق: چلنے کے وقت گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ ہر چیز کی آواز۔
وَعَکَ يَعِکُ وَعْكًا وَوَعْكَةُ الْحَرُّ: گرمی تیز ہونا۔ وَاعَكَتْهُ الحُمّٰى: تیز بخار چڑھنا۔
مَوْعُوکٌ ...... الرَّجُلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے تکلیف پہنچنا (صفت مفعولی) (...... وَعْكًا) الشَّيْءَ: توڑنا (...... وأَوْعَكَ) الشَّيْءَ فِي التُّرَاب: مٹی میں لوٹ پوٹ کرانا۔ أَوْعَكَتِ الإِبلُ عِنْدَ الْحَوْضِ: بھیڑ کرنا۔
تَوَعَّکَ: بخار چڑھنا۔
الوَعْک: مص (...... والوَعِک ...ک) بخار والا۔

الوَعْكَة: مص وَعَکَ کا اسم مرۃ۔ ہوا کا رُکنا اور گرمی کا بڑھنا۔ دوڑنے میں سخت گرنا۔ میدان جنگ۔ مرض۔ وَعْكَةُ الحُمّٰى: بخار کی تیزی۔ وَعْكَةُ الأَمْرِ: معاملہ کی سختی۔ وَعْكَةُ الإِبِلِ: اونٹوں کے گلے۔
المَوْعُوک: مفع۔ بخار والا۔
وَعَلَ يَعِلُ وَعْلاً الرَّجُلُ: اوپر سے جھانکنا۔
تَوَعَّلَ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
اِسْتَوْعَلَ إِلَيْهِ: پناہ لینا۔ اِسْتَوْعَلَتِ الأَوْعَالُ: پہاڑی بکریوں کا پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔
الوَعْل والوَعِل والوُعِل: پہاڑی بکرا۔ ج أَوْعَال ووُعُولٌ ووُعُلٌ ووَعِلَة ومَوْعَلَة: آخر کے دو اسم جمع ہیں۔ مؤنث وَعِلَة ج وَعِلَات ووِعَال الوَعْل: شریف۔ جائے پناہ۔ ج أَوْعَالٌ ووُعُولٌ کہا جاتا ہے "مَا لَکَ عَنْهُ وَعْلٌ" تجھے اس سے کوئی چارہ نہیں "وَهُمْ عَلَيْنَا وَعْلٌ وَاحِدٌ" وہ سب ہمارے خلاف عداوت میں متفق ہیں۔
الوَعْلَة: پہاڑ میں بلند جگہ ...... مِنَ القَمِيصِ: قمیص کا تکمہ۔ وَعْلَةُ الإِبْرِيقِ: لوٹے کا دستہ۔
المُسْتَوْعِل: پہاڑ کی چوٹی پر پہاڑی بکرے کی جائے پناہ ج مُسْتَوْعِلَات.
وَعَمَ ووَعِمَ يَعِمُ وَعْمًا الدِّيَارَ: خوش باش کہنا اور اسی سے ہے "عِمْ صَبَاحًا وَعِمْ مَسَاءً" وعَمَ بِالْخَيْرِ: نیکی کی خبر دینا۔
الوَعْم: مص۔ پہاڑ میں نشان جو بقیہ رنگ کے مخالف ہو ج وِعَام.
تَوَعَّنَ الشَّيْءَ: پورا لے لینا۔ تَوَعَّنَتِ الدَّابَّةُ: چوپائے کا انتہائی موٹا ہونا۔
الوَعْنُ والوَعْنَةُ: سخت زمین۔ زمین میں سفید جگہ جہاں کچھ نہ اُگے ج وِعَان.
الوَعْنُ: جائے پناہ۔
وَعْوَعَ وَعْوَعَةً ووَعْوَعًا الكَلْبُ او ابْنُ [illegible]

قوم کو جھڑ ہو جانا۔
الوَعْوَاع بمعنی۔ لوگوں کی جماعت جو شور مچاتی ہے۔ بے ہودہ گو۔ گیدڑ یا کتے کی آواز۔ دیدبان۔
الوَعْوَع: گیدڑ۔ لومڑی۔ بلیغ خطیب۔ بیابان دیدبان ج وَعَاوِع. الوَعَاوِع: دلاور لوگ۔ الوَعْوَعِی: خوش طبعی تیز خاطر۔
وَعَى يَعِي وَعْيًا الشَّيْءَ: جمع کرنا ...... الحَدِيثَ: قبول کرنا۔ غور کرنا۔ یاد کرنا ...... الأُذُنُ: سننا ...... القَيْحُ فِي الجُرْحِ: پیپ کا زخم میں جمع ہونا ...... الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا ...... العَظْمُ: ہڈی کا ٹوٹنے کے بعد درست ہونا۔
أَوْعَى إِيعَاءً الكَلَامَ او الشَّيْءَ: یاد کرنا۔ جمع کرنا ...... الزَّادَ ونَحْوَهُ: برتن میں رکھنا ...... الرَّجُلَ وعَلَيْهِ: بخل کرنا (...... واسْتَوْعَى اسْتِيعَاءً) الشَّيْءَ: سارا لینا۔
الوَعْي: مص۔ پیپ (...... والوَعَى) شور۔ اور کہا جاتا ہے "مَا لِيْ عَنْهُ وَعْيٌ" مجھے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ "فَرَسٌ وَعْيٌ" مضبوط و قوی گھوڑا۔
الوِعَاء والوُعَاء: برتن ج أَوْعِيَة وج أَوَاعٍ.
الوَاعِي: فا۔ وَاعِي الْيَتِيمِ: یتیم کا والی و نگہبان۔
الوَاعِيَة. وَاعِي: کا مؤنث۔ آواز۔ چیخ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَوْعَى مِنْ فُلَانٍ: وہ فلاں سے زیادہ یاد کرنے والا اور زیادہ سمجھدار ہے۔ "وَهُوَ أَوْعَى مِنْ نَمْلَةٍ" وہ چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا ہے۔
الوَعِيُّ: یاد کرنے والا۔ فقیہ۔
مَوْعِيُّ الرُّسْغِ: مضبوط کلائی والا۔
وَغَبَ يَوْغُبُ وَغَابَةً ووُغُوبَةً الجَمَلُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔
الوَغْب: ردی سامان۔ موٹا اونٹ۔ کمزور

جسم والا۔ کمینہ۔ رذیل۔ ج اَوْغَاب
وِغَاب: مؤنث وَغْبَةٌ (...... والمَوْغَبَةُ) بے وقوف۔
وَغَدَ يَغِدُ وَغْدًا القَوْمَ: خدمت کرنا۔
وَغُدَ يَوْغُدُ وَغَادَةً: ضعیف العقل وکمینہ ہونا۔
وَاغَدَهُ مُوَاغَدَةً: کسی کے فعل کی نقل کرنا۔
وَاغَدَ فُلَانًا فِي السَّيْرِ: رفتار میں مقابلہ کرنا۔
الوَغْد: ضعیف العقل۔ بے وقوف۔ کمینہ۔ بچہ۔ قوم کا خادم۔ غلام۔ ج اَوْغَاد وَوُغْدَان وَوِغْدَان۔ مؤنث وَغْدَة۔ الوَغْد: جوئے کا ایک تیر جس کا کوئی حصہ نہیں۔ شکار۔
وَغَرَ يَغِرُ وَغْرًا اليَوْمُ: سخت گرم ہونا۔
وَغَرَتِ الشَّمْسُ: تیز دھوپ پڑنا (...... ووَغِرَ يَوْغَرُ وَيَيْغَرُ وَغَرًا) صَدْرُهُ عَلَى فُلَانٍ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
وَغَّرَهُ تَوْغِيرًا عَلَيْهِ: کینہ رکھنے پر برانگیختہ کرنا۔
اَوْغَرَهُ اِيغَارًا: غضبناک کرنا۔ اَوْغَرَ صَدْرَهُ: غصہ سے بھڑکانا ...... المَاءَ: پانی گرم کرنا ...... هُ اِلَى كَذَا: پناہ لینے پر مجبور کرنا ...... الخِنْزِيرَ: سور کے بالوں کو گرم پانی سے صاف کرکے ذبح کرنا۔ "اَوْغَرَ المَلِكُ لِرَجُلٍ اَرْضًا وَاَوْغَرَهُ اَرْضًا" بغیر خراج کے زمین دینا ...... القَوْمُ: گرمی کے وقت میں داخل ہونا۔ "اَوْغَرُوا بَيْنَهُمْ مِيغَرًا" باہم وقت مقرر کرنا۔
تَوَغَّرَ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
الوَغْرُ والوَغَرُ: مص۔ کینہ۔ دشمنی۔ وَغْرُ الجَيْشِ: لشکر کا شور۔
الوَغْرَة: اسم مرۃ۔ گرمی کی بھڑک۔ کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ فِي وَغْرَةِ الهَاجِرَةِ" میں نے اس سے دوپہر کی گرمی میں ملاقات کی۔
الوَغِيرُ: گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت (...... والوَغِيرَة) گرم پتھروں سے گرم کیا ہوا دودھ۔
المِيغَر: وقت معینہ۔ وعدہ۔
وَغَّضَ تَوْغِيضًا فِي الإِنَاءِ: برتن میں بھرنا۔
وَغَفَ يَغِفُ وَغْفًا وَوُغُوفًا البَصَرُ: نگاہ کمزور ہونا ...... الرَّجُلُ: جلدی چلنا اور دوڑنا۔
اَوْغَفَ اِيغَافًا الرَّجُلُ: جلدی چلنا اور دوڑنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا۔ بقدر کفایت کھانا کھانا ...... الكَلْبُ: کتے کا ہانپنا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا جلدی جلدی پر پھڑپھڑانا۔
الوَغِيق: چلنے میں جانور کے پیٹ کی آواز۔
وَغَلَ يَغِلُ وُغُولًا فِي الشَّيْءِ: داخل ہوکر چھپنا۔ جانا اور دور جانا (...... وَغْلًا وَوُغُولًا وَوَغَلَانًا) عَلَى القَوْمِ: بغیر بلائے ہوئے شراب کی مجلس میں آکر پینا۔
اَوْغَلَ اِيغَالًا فُلَانًا فِي كَذَا: داخل کرنا ...... فِي السَّيْرِ: تیز چلنا ...... فِي العِلْمِ وَنَحْوِهِ: پوری طرح جدوجہد کرنا ...... القَوْمُ: دشمن کے ملک میں دور تک گھستے ہوئے چلا جانا (...... وتوغل) فِي البِلَادِ: جانا اور دور تک جانا۔
الوَغْل: مص۔ سست فرومایہ کوتاہی کرنے والا بغیر بلائے ہوئے کھانے پینے میں آنے والا۔ جائے پناہ۔ ایک قسم کا دانہ جو کبوتر کھاتے ہیں۔ گنجان درخت ج اَوْغَال (...... والوَغِل) جھوٹا نسب کا دعویٰ کرنے والا۔ بدخوراک۔
الوَغَّال: وصف بیان کرنے میں مبالغہ کرنے والا۔ گراں فروش۔
المُوغِل: جلدی داخل ہونے والا۔
وَغَمَهُ يَغِمُهُ وَغْمًا: مغلوب کرنا۔ وَغَمَ بِالخَبَرِ: خبر کو بغیر تحقیق کے بیان کرنا۔ وَغَمَ اِلَى الشَّيْءِ: خیال جانا۔
وَغِمَ يَوْغَمُ وَغْمًا عَلَيْهِ: کینہ رکھنا۔
اَوْغَمَهُ: کینہ ور بنانا۔
تَوَغَّمَهُ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا (...... وتواغم) الاَبْطَالُ فِي الحَرْبِ: سخت جنگ کرنا اور بقول بعض آڑی ترچھی نظر سے دیکھنا۔
الوَغْم: مص۔ دل میں بیٹھا ہوا کینہ۔ لڑائی و مقاتلہ۔ نفس۔ بے وقوف۔ کھانے میں سے جو گر جائے ج اَوْغَام۔ رَجُلٌ وَغِمٌ: کینہ ور۔
تَوَغَّنَ تَوَغُّنًا: جنگ میں پیش قدمی کرنا۔
عَلَى المَعَاصِي: اصرار کرنا۔
الوَغْنَة: کشادہ مٹکا۔
الوَغَى والوَغْي: شور و آواز۔ لڑائی۔
وَفَدَ يَفِدُ وَفْدًا وَوُفُودًا وَوِفَادَةً وَاِفَادَةً اِلَى او عَلَى الاَمِيرِ: قاصد بن کر آنا۔ صفت وَافِد۔ ج وَفْد وَوُفُود وَوُفَّاد وَوُفَّد وَاَوْفَاد۔
اَوْفَدَ اِيفَادًا: بلند ہونا ...... عَلَيْهِ: اوپر سے جھانکنا۔ تَوَفَّدَتِ الاِبِلُ او الطَّيْرُ: ایک دوسرے سے آگے نکل جانا۔
تَوَافَدَ القَوْمُ عَلَيْهِ: اکٹھے وارد ہونا۔
اِسْتَوْفَدَ فِي قِعْدَتِهِ: غیر مطمئن بیٹھنا۔ (لغت ہے اِسْتَوْفَزَ میں) ...... هُ: وفد بھیجنا۔
الوَفْد: مص۔ وافد کی جمع۔ وہ لوگ جو اکٹھے کسی شہر میں جائیں۔ وہ لوگ جو کسی مشترکہ غرض کے لیے بادشاہ یا حاکم کے پاس جائیں۔ الوفد: ریت کے ٹیلہ کی چوٹی ج وفود و اوفاد۔
الوَافِد: فا ...... مِنَ الاِبِلِ وَنَحْوِهَا: سب سے آگے رہنے والا۔ رخسارے کا وہ حصہ جو کھانا چباتے وقت ابھر جاتا ہے۔
الوَفَّاد: بہت وفد والا۔
وَفَرَ يَفِرُ وَفْرًا وَفِرَةً لَهُ المَالَ: زیادہ کرنا۔ پورا کرنا ...... عِرْضَ فُلَانٍ: حفاظت کرنا اور گالی نہ دینا۔ کہا جاتا ہے "وَفَرْتُهُ عِرْضَهُ" جب کہ تم تعریف کرو اور عیب جوئی نہ کرو ...... عَطَاءَكَ: رضامندی کے ساتھ واپس کر دینا یا کم سمجھ کر واپس کرنا ...... الثَّوْبَ: کپڑے کو کشادہ قطع کرنا (...... وَفْرًا وَوُفُورًا وَفِرَةً وَفُرَ يَوْفُرُ وَفَارَةً) المَالُ او المَتَاعُ: مال یا سامان بکثرت ہونا۔

وَفَّرَ تَوْفِيرًا الشَّيْءَ: زیادہ کرنا ...... لِفُلَانٍ عِرْضَهُ: حفاظت کرنا۔ گالی نہ دینا ...... الْمَالَ: کمی نہ کرنا ...... حِصَّةً مِنَ الْمَالِ: باقی رکھنا۔ عَلَيْهِ حَقَّهُ: پورا حق دینا ...... الثَّوْبَ: کپڑا کشادہ قطع کرنا ...... لِفُلَانٍ طَعَامَهُ: پوری خوراک دینا ...... اللّٰهُ حَظَّهُ مِنْ كَذَا: کامل کرنا۔

اَوْفَرَ فُلَانٌ الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ پورا کرنا۔

تَوَفَّرَ عَلٰى كَذَا: ہمت صرف کرنا ...... عَلٰى صَاحِبِهٖ: حرمت و عزت کا پاس و لحاظ کرنا۔

تَوَافَرَ وَاتَّفَرَ الشَّيْءُ: زیادہ ہونا۔

اِسْتَوْفَرَ الشَّيْءَ: پورا کرنا ...... الْحَقَّ: پورا حق لینا۔

الْوَفْرُ: مص۔ تونگری ...... مِنَ الْمَالِ او الْمَتَاعِ: بہتات۔ کثرت۔ یا صرفِ مال و متاع ہی کے لئے نہیں بلکہ ہر چیز کے لئے عام ہے۔ ج وُفُوْرٌ۔

الْوَفْرَةُ: اسم مرۃ۔ کثرت۔ بہتات۔ کانوں تک لٹکے ہوئے بال ج وِفَارٌ۔

الْوَافِرُ: فا۔ علم عروض کی ایک بحر۔

الْوَافِرَةُ۔ وافر: کا مؤنث۔ دنبہ کی بڑی چکی۔

الْاَوْفَرُ: کامل۔ تام۔ مکمل۔

الْوَفْرَاءُ: بھرا ہوا۔ مَزَادَةٌ وَفْرَاءُ: پوری کھال والا توشہ دان۔ اُذُنٌ وَفْرَاءُ: بڑا کان۔ اَرْضٌ وَفْرَاءُ: بہت گھاس و نباتات والی زمین۔

قَوْمٌ مُتَوَافِرُوْنَ: بہت لوگ۔

الْمُوَفَّرُ: مفع۔ الْمُوَفَّرُ الشَّعْرِ: بہت اور لمبے بالوں والا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ عَلٰى اَحْسَنِ مُوَفَّرٍ" میں نے اس کو اچھی حالت میں چھوڑا۔

الْمَوْفُوْرُ: مفع۔ مکمل چیز۔

اَوْفَزَهٗ اِيْفَازًا: جلدی کرانا۔

وَافَزَهٗ: جلدی کرنا۔

تَوَفَّزَ لِلْاَمْرِ: آمادہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اَخَذَ يَتَوَفَّزُ عَلٰى فِرَاشِهٖ" وہ بچھونے پر لوٹنے پوٹنے لگا۔

اِسْتَوْفَزَ اِسْتِيْفَازًا فِيْ قِعْدَتِهٖ: غیر مطمئن بیٹھنا اور اٹھنے کے لئے تیار ہونا۔

الْوَفْزُ وَالْوَفَزُ: جلدی ج اَوْفَازٌ وَوِفَازٌ۔ مَكَانٌ وَفْزٌ: بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "نَحْنُ عَلٰى وَفْزٍ او وِفَازٍ او اَوْفَازٍ" ہم جلدی میں ہیں یا سفر کے لئے تیار ہیں۔

اَوْفَضَ اِيْفَاضًا: تیز چلنا اور دوڑنا ...... هٗ: دھتکارنا ...... الْاِبِلَ: اونٹوں کو جدا جدا کرنا ...... لِلرَّجُلِ: بیٹھنے کے لئے فرش بچھانا۔

اِسْتَوْفَضَ اِسْتِيْفَاضًا: تیز چلنا اور دوڑنا۔ ...... الْاِبِلُ: اونٹوں کا متفرق ہونا ...... جلدی کرانا۔ دھتکارنا۔ جلاوطن کرنا۔

الْوَفْضُ وَالْوَفَضُ: مص۔ جلدی ج اَوْفَاضٌ۔

الْوَفَاضُ: چکی کے نیچے رکھنے کا چمڑا۔ وہ جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے ج وُفُضٌ۔

الْوَفْضَةُ: اسم مرۃ۔ ترکش کے مانند چمڑے کا ایک برتن جس کا نچلا حصہ ہموار ہوتا ہے چرواہے کا تھیلا۔ اوپر کے ہونٹ پر مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔ ج وِفَاضٌ۔

الْاَوْفَاضُ: لوگوں کی مختلف جماعتیں۔

نَاقَةٌ او نَعَامَةٌ مِيْفَاضٌ: تیز رفتار اونٹنی یا شتر مرغ۔

الْوَفْعُ: بلند عمارت یا بلند جگہ۔ ج اَوْفَاعٌ۔

غُلَامٌ وَفَعٌ ج وِفْعَانٌ وَوَفَعَةٌ وَوَافِعَةٌ: نوجوان لڑکا۔

الْوَفِيْعَةُ: قلم صاف کرنے کا چیتھڑا۔ الْوَفِيْعَةُ

الْوَفْعَةُ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔

الْوَفِيْعَةُ وَالْوَفْعَةُ وَالْوِفَاعُ: شیشی کی ڈاٹ۔

وَفِقَ يَفِقُ وَفْقًا الْاَمْرَ: موافق پانا ...... الْاَمْرُ: موافق ہونا۔

وَفَّقَ الْاَمْرَ: موافق کرنا ...... هُ اللّٰهُ: درست کرنا ...... هُ اللّٰهُ لِلْخَيْرِ: الہام کرنا ...... بَيْنَ الْقَوْمِ: اصلاح کرنا۔ وُفِّقْتُ لَهٗ: اس نے مجھے پالیا۔ اس نے مجھ سے ملاقات کی۔

وَافَقَهٗ وِفَاقًا وَمُوَافَقَةً: پانا ...... هٗ فِيْ او عَلَى الشَّيْءِ: موافق ہونا ...... بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: دو چیزوں کو جوڑنا۔

اَوْفَقَ الْقَوْمُ لَهٗ: قریب ہونا اور سب کا متفق ہونا اور کہا جاتا ہے "اَوْفَقَ لِزَيْدٍ لِقَاءَنَا" زید سے ہم لوگوں کی ملاقات اچانک ہو گئی۔

اَوْفَقَ السَّهْمَ وَبِالسَّهْمِ: تیر چلانے کے لئے فوق کو تانت پر رکھنا (دیکھئے لفظ فَوْق) یہ اَفْوَقَ کا مقلوب ہے اور اصل کا استعمال بہت نادر ہے۔

تَوَفَّقَ: کوشش کامیاب ہونا۔ توفیق پانا۔

تَوَافَقَ الْقَوْمُ فِي الْاَمْرِ: ایک دوسرے کے موافق ہونا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِتَّفَقَ الرَّجُلَانِ عَلَى الشَّيْءِ وَفِيْهِ: اتفاق کرنا۔ قریب ہونا۔ متحد ہونا۔ اِتَّفَقَ مَعَهٗ: موافقت کرنا۔

الْاَمْرُ: واقع ہونا۔

اِسْتَوْفَقَ اِسْتِيْفَاقًا اللّٰهَ: اللہ سے توفیق مانگنا۔

الْوَفْقُ: مص۔ دو چیزوں کی مطابقت۔ قدر کفایت۔ کہا جاتا ہے "كَسْبُهٗ وَفْقُ عِيَالِهٖ" اس کی کمائی اس کے اہل و عیال کے لئے کافی ہے کچھ بچتا نہیں۔ "وَجَاءَ الْقَوْمُ وَفْقًا" قوم اتفاق کر کے آئی "وَاَتَيْتُهٗ وَفْقَ طَلَعَتِ الشَّمْسُ" میں اس کے پاس طلوع آفتاب کے وقت آیا۔

التَّوْفِيْقُ: مص۔ تَوْفِيْقُ الْهِلَالِ وَتَوْفَاقُهٗ وَتِيْفَاقُهٗ وَتِيفَاقُهٗ وَتَوَفُّقُهٗ وَمِيْفَاقُهٗ: نئے چاند کے نکلنے کا وقت۔

الْوَفِيْقُ: ہمراہی۔ ساتھی۔

الْمُوَفَّقُ: مص۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فُلَانًا مُوَفَّقٌ" فلاں نیک آدمی ہے۔

وَفَلَ يَفِلُ وَفْلًا الشَّيْءَ: چھیلنا۔

وَفَّلَ تَوْفِيْلًا الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ چھیلنا۔

الوَقَل: مص ۔ تھوڑی چیز۔
تَوَقَّلَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔
الوَقْنَة: کمی۔
وَقَهَ یَقِهُ وَقْهًا النَّصْرَانِیُّ: خادمِ گرجا ہونا۔
الوَاقِه: گرجا کا ناظم و نگراں ۔ سرپنچ۔
الوِقَاهَة: گرجا کے ناظم کی تنخواہ۔
الوَقْهِیَّة: گرجا کے ناظم کا رتبہ۔
وَفَى یَفِی وَفَاءً بِالْوَعْدِ او العَهْدِ: پورا کرنا ۔ محافظت کرنا...... النَّذْرَ: نذر پوری کرنا...... الشَّیْءُ: طویل ہونا اور اسی سے ہے "مَاتَ فُلَانٌ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" فلاں مرگیا اور تیری عمر دراز ہو...... رِیْشُ الجَنَاحِ: بازو کے پروں کا پورا ہونا (...... وُفِیًّا) الشَّیْءُ: کامل ہونا اور بہت ہونا...... الدِّرْهَمُ المِثْقَالَ: برابر ہونا ۔ ہم وزن ہونا ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّیْءُ لَا یَفِی بِذَاکَ" یہ چیز اُس کے برابر نہیں ہے۔
وَفَّى تَوْفِیَةً الرَّجُلَ حَقَّهُ: پورا حق دینا۔
اَوْفَى اِیْفَاءً بِالْوَعْدِ: پورا کرنا...... النَّذْرَ: نذر پوری کرنا...... الکَیْلَ: پورا ناپنا...... فُلَانًا حَقَّهُ: پورا حق دینا...... المَکَانَ: آنا...... عَلَى المَکَانِ: اوپر سے جھانکنا...... عَلَى المِائَةِ: سو سے زائد ہونا...... عَلَى الشَّیْءِ وفِی الشَّیْءِ: اوپر سے جھانکنا۔
وَافَى مُوَافَاةً فُلَانًا حَقَّهُ: پورا حق دینا...... الرَّجُلَ: آنا ۔ اچانک آنا ۔ وَافَاهُ الحِمَامُ او الکِتَابُ: موت کا آنا یا خط کا آنا۔
تَوَافَى تَوَافِیًا القَوْمُ: ساری قوم کا آنا۔
تَوَفَّى تَوَفِّیًا...... حَقَّهُ: پورا حق لینا ۔ کہا جاتا ہے "تَوَفَّیْتُ مِنْ فُلَانٍ مَالِیَ عَلَیْهِ" جو کچھ میرا حق فلاں پر تھا اس کو میں نے پورا لے لیا...... المُدَّةَ: مدت کو پہنچنا...... الشَّیْءَ: کامل بنانا...... عَدَدَ القَوْمِ: پورا شمار کرنا ۔ تَوَفَّاهُ اللّٰهُ: موت دینا ۔ تُوُفِّیَ فُلَانٌ: فلاں مرگیا ۔ اللہ کو مُتَوَفِّی اور بندے کو مُتَوَفّٰی کہیں گے۔
اِسْتَوْفَى اِسْتِیْفَاءً حَقَّهُ: کامل و پورا حق لینا۔

الوَفَاء: مص ۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ عَنْ وَفَاءٍ" وہ مرگیا اور حقوق واجبہ کے پورا کرنے کے لائق مال چھوڑ گیا "وَمَاتَ وَاَنْتَ بِوَفَاءٍ" وہ مرگیا اور تیری عمر دراز ہو۔
الوَفَى والمِیْفَى والمِیْفَاة: زمین کا بلند حصہ ۔ المِیْفَى: تنور کا ڈھکنا ۔ اینٹوں کے پکانے کا آوا۔
الوَفَاة: موت ۔ ج وَفَیَات۔
الوَفِیُّ: پورا ۔ کامل ۔ بہت وفا کرنے والا ۔ حق دینے والا ۔ حق لینے والا ۔ ج اَوْفِیَاء۔
الوَافِی: فا ۔ مؤنث وَافِیَة ایک درہم اور چار دانق...... عِنْدَ الشُّعَرَاءِ: وہ شعر جس کے اجزاء پورے ہوں۔
المِیْفَاء: وفا کرنے والا۔
وَقَبَ یَقِبُ وَقْبًا الرَّجُلُ: متوجہ ہونا ۔ آنا ۔ گڑھے میں داخل ہونا۔
وَقَبَتْ وَقْبًا وَوُقُوْبًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا...... الظَّلَامُ: تاریکی پھیلنا...... القَمَرُ: چاند کا گہن میں آنا...... الرَّجُلُ: دھنسی ہوئی آنکھوں والا ہونا...... عَیْنَاهُ: آنکھوں کا دھنس جانا۔
اَوْقَبَ اِیْقَابًا: بھوکا ہونا...... الشَّیْءَ: پتھر کے گڑھے میں داخل کرنا...... النَّخْلُ: درخت خرما کے گچھوں کا بدبودار ہونا۔
الوَقْب: مص ۔ پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے ۔ روشن دان ۔ جسم کا ہر گڑھا ۔ جیسے آنکھ کا ج وُقُوْب ووِقَاب۔ الوَقْبُ: بے وقوف ۔ کمینہ ج اَوْقَاب۔ الاَوْقَاب: گھر کا سامان۔
الوَقْبَان: بے وقوف ۔ ج وَقْبَى۔
الوَقْبَة: پتھر کی چٹان یا جسم میں گڑھا ۔ بڑا روشن دان جس میں سایہ ہو ۔ ثرید وغیرہ سے جو ٹپکے۔
رَکِیَّةٌ وَقْبَاء: گہرے پانی کا کنواں۔
الوَقِبَة: اوجھ کا وہ حصہ جو پرت پرت ہوتا ہے۔
الوَقْبِیُّ: بے وقوفوں کی صحبت کا حریص۔

المِیْقَب: کوڑی۔
المِیْقَاب: بہت شراب پینے والا ۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُمْ یَسِیْرُوْنَ سَیْرَ المِیْقَابِ" وہ لوگ دن رات لگاتار سفر کرتے ہیں۔
وَقَتَ یَقِتُ وَقْتًا الاَمْرَ: وقت مقرر کرنا۔
وَقَّتَ الاَمْرَ: وقت مقرر کرنا ۔ کام کی مدت بیان کرنا ۔ اور کہا جاتا ہے "وَقَّتَ الاَمْرَ لِیَوْمِ کَذَا" اُس نے کام فلاں دن کے لئے مقرر کیا۔
الوَقْت: مص ۔ زمانہ کی مقدار ج اَوْقَات
اَوْقَاتُ السَّنَةِ: سال کی فصلیں ۔ وَقْتٌ مَوْقُوْتٌ ومُوَقَّتٌ: مقرر کردہ وقت۔
المَوْقِت: تعیین ۔ تعیین کا زمانہ ۔ تعیین کی جگہ۔
المِیْقَات: وقت ۔ وعدہ جس کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو ۔ اور کبھی اس مقام کے لئے بھی استعارہ کیا جاتا ہے جس میں اجتماع کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو ۔ ج مَوَاقِیْت۔
المُوَقِّت: اوقات اور چاند کا اندازہ رکھنے والا۔
وَقَحَ یَقِحُ قِحَةً وقَحَةً ووَقِحَ یَوْقَحُ وَقَحًا وَوَقُحَ یَوْقُحُ وَقَاحَةً ووُقُوْحَةً: بے حیا ہونا ۔ بے شرم ہونا ۔ قبیح افعال پر جری ہونا ۔ صفت وَقِح...... حَافِرُ الدَّابَّةِ: چوپایہ کے کھر کا سخت ہونا۔
وَقَّحَ الحَوْضَ: حوض کو مٹی اور پتھر سے درست کرنا...... حَافِرَ الدَّابَّةِ: پگھلی ہوئی چربی لگا کر چوپایہ کے کھر کو سخت کرنا۔
اَوْقَحَ واسْتَوْقَحَ الحَافِرُ: کھر کا سخت ہونا۔
تَوَاقَحَ: بے حیائی ظاہر کرنا۔
الوَقَاح (مذکر و مؤنث) بے شرم ج وُقُح ووُقَّح ۔ حَافِرٌ وَقَاحٌ: سخت کھر۔
رَجُلٌ وَقِیْحُ الوَجْهِ: بے شرم مرد۔
المُوْقَح: مفع ۔ مبتلائے مصائب ۔ بَعِیْرٌ مُوَقَّحٌ: کام کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ۔
وَقَدَ یَقِدُ وَقْدًا ووَقَدًا ووُقُوْدًا ووَقَدَانًا وقِدَةً واتَّقَدَ: روشن ہونا...... النَّارُ: آگ

جلنا۔ بھڑکنا۔ مشتعل ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَقَدَتْ بِکَ زِنَادِیْ" تیری وجہ سے میری چقماق نے آگ دی۔ یعنی تیری وجہ سے میری کامیابی ہوئی۔ وَقَّد واَوْقَد وتَوَقَّد واسْتَوْقَد النَّارَ: آگ بھڑکانا۔ مشتعل کرنا۔ تَوَقَّدَتِ النَّارُ واسْتَوْقَدَتْ: آگ بھڑکنا۔ تَوَقَّدَ الْکَوْکَبُ: ستاروں کا روشن ہونا۔ چمکنا۔ کہا جاتا ہے اَبْعَدَ اللّٰهُ دَارَهُ واَوْقَدَ نَارًا اَثَرَهُ: اللہ اس کے گھر کو دور کردے اور آگ میں اس کے اثر کو جلادے یعنی اس کو واپس نہ کرے۔

الوَقْد والوَقَد: مص۔ آگ۔

الوَقْدَة۔ وَقَد: کا اسم مرۃ۔ سخت گرمی کا زمانہ کہ دس دن یا نصف مہینہ ہے۔

القِدَة: مص۔ جس کی تم پیروی کرو۔ اس معنی کے لحاظ سے اس کی اصل قِدْو ہے تا داؤ کے بدلہ میں ہے۔

الوَقَاد والوَقِید والوَقُود: ایندھن جس سے آگ سلگائی جائے۔

الوَقَّاد: اسم مبالغہ۔ کَوْکَبٌ وَقَّادٌ: بہت روشن ستارہ۔ رَجُلٌ وَقَّادٌ: تیز طبع روشن خاطر مرد۔

المَوْقِد ج مَوَاقِد والمُسْتَوْقَد: چولھا۔ زَنْدٌ مِیْقَادٌ: جلدی روشن ہونے والا چقماق۔

المتوقِد: فا۔ روشن۔ تیز طبع۔

وَقَذَهُ یَقِذُهُ وَقْذًا: پچھاڑنا۔ مہلک ضرب لگانا۔ صفت مفعول وَقِیْذٌ ومَوْقُوْذٌ۔۔۔۔ ۂ النُّعَاسُ: غلبۂ نیند کی وجہ سے متوالا ہونا (۔۔۔۔ واَوْقَذَ) فُلَانًا: بیمار چھوڑنا۔

الوَقِیْذ: مہلک بیماری میں مبتلا۔ بوجھل سست۔ وَقِیْذُ الْجَوَانِحِ: غمگین دل والا۔ مؤنث وَقِیْذَةٌ ج وَقَائِذ۔ الوَقَائِذ: بجھے ہوئے پتھر۔

المَوْقِذ: بدن کے اطراف۔ جیسے ٹخنہ گھٹنا۔ کندھا۔ ج مَوَاقِذ.

وَقَرَ یَقِرُ وَقْرَ العَظْم: ہڈی کا چھاڑنا۔ وُقِرَ العَظْم: ہڈی کا چٹخنا۔ صفت مفعول مَوْقُوْرٌ۔

وَقُرَ (۔۔۔۔ قِرَةً ووَقَارَةً وَقْرًا ووُقُورًا ووَقَارَةً ووَقَارًا) الرَّجُلُ: سنجیدہ وصاحب وقار ہونا۔ ثابت رہنا۔ وَقَرَ یَقِرُ وَقْرًا ووُقُورًا فِیْ بَیْتِهِ: وقار کے ساتھ بیٹھنا۔ وَقِرَتْ تَوْقَرُ وَوَقَرَتْ تَوْقَرُ وَقْرًا ووُقِرَتْ اُذُنُهُ: بوجھل ہونا یا بہرا ہونا۔ صفت مَوْقُورَة۔ وَقَّرَ الشَّیْخَ: تعظیم کرنا۔۔۔۔ فُلَانًا: زخمی کرنا۔۔۔۔ الدَّابَّةَ: آرام دینا۔۔۔۔ لِلشَّیْءِ: نشان بنانا۔ کہا جاتا ہے "وَقَّرَتْنِی الْاَسْفَارُ" سفر نے مجھ کو مشاق بنادیا۔

اَوْقَرَ اِیْقَارًا او قِرَةً (شاذ) الدَّابَّةَ: چوپایہ پر بھاری بوجھ لادنا۔ اَوْقَرَتِ النَّخْلَةُ و اُوْقِرت: بہت پھل دار ہونا۔ صفت مُوْقِرٌ ومُوْقِرَة ومُوْقَرَة الدَّیْنُ فُلَانًا: قرض کا گرانبار کرنا۔

تَوَقَّرَ واتَّقَرَ: باوقار ہونا۔ بردبار ہونا۔

اِسْتَوْقَرَتْ اِسْتِیقَارًا الْاِبِلُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔ بھاری بوجھ اٹھانا۔ اِسْتَوْقَرَ وَقْرَهُ طَعَامًا: بوجھ بھر کھانا لینا۔

الوَقْر: مص۔ پنڈلی کا شگاف۔ پتھر یا ہڈی وغیرہ میں گڑھا یا شگاف۔ ج وُقُوْر کہا جاتا ہے "فِیْ صَدْرِهِ وَقْرٌ" اس کے دل میں کینہ ہے۔

الوِقْر: بھاری بوجھ۔ پانی سے بوجھل بادل ج اَوْقَار.

الوَقْرَة: اسم مرۃ۔ پتھر یا ہڈی کا گڑھا یا شگاف۔ وَقْرَةُ الدَّهْرِ: زمانہ کی سختی ج وَقَرات الوَقَرات: نشانیاں۔

القِرَة: مص۔ بوجھ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ اہل و عیال۔ بہت بوڑھا۔ بیماری کا وقت۔ ج قِرَات.

الوَقَرِیُّ: بکری بھیڑوں کا چرواہا۔ یا ان کا جمع کرنے والا۔ گدھوں کا مالک۔

الوَقَار: سنجیدگی۔ بردباری۔ عظمت (۔۔۔۔ والوَقُر) مِنَ الرِّجَالِ: سنجیدہ وصاحب وقار مرد۔

الوَقُوْر [illegible] ج

وُقُر۔

الوَقِیر: پھٹی ہوئی ہڈی۔ بھیڑوں کا ریوڑ۔ لوگوں کی جماعت۔ ذلیل بے عزت (۔۔۔۔ والوَقِیرَة) پتھر کی چٹان کا بڑا گڑھا جس میں پانی جمع ہوجائے اُذُنٌ وَقِیرَةٌ: بہرا کان یا بوجھل کان۔

المُوَقَّر: مفع۔ تجربہ کار۔ عقل مند جس کو زمانہ نے تجربہ کار بنادیا ہو۔

المَوْقِر: پہاڑ کے پہلو میں نرم جگہ۔

المِیقَار مِنَ النَّخْلِ: بہت پھل دار ج مَوَاقِیر.

وَقَسَ یَقِسُ وَقْسًا الجَرَبُ فِیْ بَدَنِهِ: کھجلی پھیلنا۔۔۔۔ الفَاحِشَةَ: بری بات کا ذکر کرنا۔۔۔۔ ۂ بِالْمَکْرُوْهِ: تہمت لگانا۔۔۔۔ الجِلْدَ: کھال چھیلنا۔ وُقِسَ الْاِبِلُ: کھجلی لگانا۔

الاَوْقَاس: مختلف لوگوں کی جماعت۔

وَقَشَ یَقِشُ وَقْشًا الرَّسْمُ: نشان کا مٹنا۔۔۔۔ مِنْ فُلَانٍ: عطیہ پانا (۔۔۔۔ واَوْقَشَ لَهُ بِشَیْءٍ) کچھ تھوڑا سا دینا۔

تَوَقَّشَ: ہلنا۔

الوَقْش والوَقْشَة والوَقَشَة: آواز۔ حرکت۔ الوَقْش: عیب۔

الوَقْش والوَقَش: آگ سلگانے کے لئے چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔

الاَوْقَاش: مختلف قسم کے لوگوں کا گروہ۔

وَقَصَ یَقِصُ وَقْصًا عُنُقَهُ: گردن توڑ دینا وَقَصَتِ الْعُنُقُ: گردن کا ٹوٹ جانا۔۔۔۔ بِهِ الدَّابَّةُ: گرا کر گردن توڑنا۔ وَقَصَ الشَّیْءَ: عیب لگانا۔ گھٹانا۔۔۔۔ رَاْسَهُ: نیچے سے دبانا۔

وُقِصَ الرَّجُلُ: ٹوٹی ہوئی گردن والا ہونا۔ صفت مَوْقُوْص.

وَقِصَ یَوْقَصُ وَقَصًا: پیدائشی چھوٹی گردن والا ہونا۔ صفت اَوْقَص مؤنث وَقْصَاءُ ج وُقْص اور کبھی گردن کی صفت میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُنُقٌ اَوْقَصُ وعُنُقٌ وَقْصَاءُ".

وَقَّصَ عُنُقَهُ: گردن توڑ دینا۔۔۔۔ عَلَی الشَّیْءِ:

چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ڈالنا۔
اَوْقَصَهٗ۔اَوْقَص: بنا دینا (دیکھئے اَوْقَص)
تَوَقَّصَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا چلنے میں زور سے قدم ڈالنا۔
تَوَاقَص: کوتاہ گردن کی مشابہت کرنا۔
الْوَقْص: مص۔عیب......فِي الْعَرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں حرفِ ثانی متحرک کا گرا دینا جو زحاف کی ایک قسم ہے۔
الْـوَقَـص: مص۔آگ سلگانے کی چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ج اَوْقَاص کہا جاتا ہے "اَتَانَا اَوْقَـاصٌ مِنْ بَنِيْ فُلَانٍ" ہمارے پاس بنو فلاں کے قبائل کے کچھ لوگ آئے۔
الْـوَقَّـاص: پرندوں کے شکار کا جال۔ج وَقَـاصِـيْـص: کہا جاتا ہے "خُـذْ اَوْقَصَ الطَّـرِيْقَيْنِ" دو راستوں میں سے قریب کا راستہ اختیار کرو۔
الْـوَقِيْـصَة: گردن کی جڑ کی ہڈی کا سرا۔ج وَقَائِص.
الْـمَوْقُوْص: مفع......فِـيْ الْعَرُوْضِ: اصطلاح شعراء میں وہ وزن جس میں حرف ثانی متحرک گرا دیا گیا ہو۔
وَقَـطَهٗ يَقِطُهٗ وَقْطًا: پچھاڑنا۔مار کر کے ست کر دینا۔وُقِطَ فِيْ رَاسِهٖ: بوجھ محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَكَـلْـتُ طَعَامًا وَقَطَنِيْ" میں نے کھانا کھایا اور اس نے مجھے ست بنا دیا اور سلا دیا۔
وَقَطَ الصَّخْرُ: چٹان کا گڑھے والا ہونا۔
اِسْتَوْقَـطَ اِسْتِيْقَـاطًا الْمَكَـانُ: لوگوں یا جانوروں کے روندنے کی وجہ سے گڑھے والی ہونا۔
الْوَقْـط والْـوَقِيْطَةُ: گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج اَوْقَاط.
الْوَقِيْط: گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے ج وِقَـاط ووقطان واَقاط...... : مار یا مرض یا شکم سیری کی وجہ سے ست۔ بے خوابی کی وجہ سے کسل مند ج وَقطی وقاطی سو نشوقیط (مذکر کی مانند)

وَقَظَهٗ يَقِظُهٗ وَقْظًا: مہلک ضرب مارنا۔وَقَظَ عَلَى الْاَمْرِ: ہمیشگی کرنا۔
الْوَقِيْظ: وہ شخص جو اٹھنے پر قادر نہ ہو۔
وَقَـعَ يَقَـعُ وُقُـوْعًا الشَّئُ مِنْ يَدِيْ: گرنا۔ الْـحَقُّ: ثابت ہونا......الْقَـوْلُ عَلَيْهِمْ: واجب ہونا......الْاِبِـلُ: اونٹ کا بیٹھنا...... الـدَّوَابُّ: جانوروں کا بیٹھنا......رَبِيْـعٌ بِالْاَرْضِ: موسم خریف میں پہلی بار بارش ہونا اور اس کے لئے سَـقَـطَ کا لفظ نہیں بولا جاتا ......الـطَّيْـرُ عَـلٰى شَجَرٍ او اَرْضٍ: پرندہ کا درخت یا زمین پر اترنا۔صفت وُقُـوْع ووُقَّـع...... فِـي الشَّـرَكِ: جال میں پھنسنا ......فِي اَرْضٍ فُلَاةٍ: داخل ہونا......الرَّجُلُ فِيْ عَـمَلِهٖ: کام میں نرمی اختیار کرنا......فِي الْعَمَلِ: شروع کرنا......الْـكَلَامُ فِيْ نَفْسِهٖ: اثر کرنا......الْاَمْرُ: حاصل ہونا۔کہا جاتا ہے "وَقَـعَ لَـهٗ وَاقِـعٌ" اس کو ایک حادثہ پیش آیا (...... وُقُـوْعًا وَقِيْعَةً) فِيْ فُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب نکالنا۔غیبت کرنا۔(...... وَقْـعًا) اِلٰى كَذَا: جلدی جانا......مِـنْ كَـذَا وعَنْ كَذَا: باز رہنا۔الگ ہونا......الـنَّصْلَ بِالْمِيْقَعَةِ: تیز کرنا۔صفت مفعول وَقِيْـــــعٌ......
الْـبَعِيْـرَ: دونوں رانوں کے کناروں پر گول داغ لگانا (...... وَقْعًا ووَقْعَةً) بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقاتلہ میں مبالغہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَقَـعَ عِـنْـدَ فُلَانٍ مَـوْقِعًا حَسَـنًا" اس نے فلاں کے نزدیک حصہ اور مرتبہ پایا "ووَقَـعَ الْاَمْـرُ مِنْهُ مَوْقِعًا حَسَنًا او سَيِّئًا" اس سے کام اچھے یا برے موقع میں واقع ہوا۔ "وَفُلَانٌ لَيَسِفُّ وَلَا يَـقَـعُ" فلاں کام کے قریب ہوتا ہے اور عمل نہیں کرتا "وَهٰذِهٖ نَعْلٌ لَا تَـقَـعُ عَلٰى رِجْلِيْ" یہ جوتا میرے پیر کے مناسب نہیں۔
وُقِـعَ فِـيْ يَـدِهٖ: نادم و پشیمان ہونا۔مانند سُقِطَ فِيْ يَدِهٖ کے)
وَقِـعَ يَوْقَـعُ وَقَعًا: ننگے پیر ہونا۔سخت زمین یا پتھروں کی وجہ سے قدم کا دردمند ہونا۔صفت

وَقِعٌ.
وَقَّـعَ الْـوَبَـرُ ظَهْـرَ الْبَعِيْـرِ: نشان ڈالنا...... الـمَطَرُ الْاَرْضَ: کہیں کہیں اگانا......الْعَهْدَ او الْـفَرْمَانَ: شاہی مہر لگانا......الْكِتَابَ او الـصَّـكَّ: خط یا چیک پر دستخط کرنا...... الْـكَاتِبُ فِي الْكِتَابِ: از زوائد کو حذف کر دینا......الْاِبِلُ: اونٹ کا بیٹھنا......وَقَّعَ ظَنَّهٗ عَلَـى الشَّئِ: اندازہ کرنا......عَـلٰى فُلَانٍ: گمان کرنا......الصَّيْقَلُ عَلَى السَّيْفِ: تیز کرنے کے لئے متوجہ ہونا......الْحِجَـارَةُ حَافِرَةً: کھر کے سرے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ......الْـقَـوْمُ: آخر رات میں آرام کے لئے اتر پڑنا۔
وَاقَـعَـهٗ وِقَـاعًا ومُوَاقَعَةً: جنگ کرنا۔وَاقَعَ الْاُمُـــــوْرَ: امور کے قریب ہونا اور ان کو سرانجام دینا۔
اَوْقَـعَـهٗ اِيْقَاعًا: واقع کرنا۔اَوْقَـعَ بِالْعَدُوِّ: دشمن کے مقابلہ میں مبالغہ کرنا......بِهِ الشَّرَّ: بدی میں پھنسا دینا......الـدَّهْـرُ بِـهٖ: زمانہ کا سختیاں ڈالنا......الـرَّوْضَةُ: پانی روک لینا ......الْمُغَنِّيْ: سُر ٹھیک کرنا۔
تَوَقَّعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید لگانا۔
تَـوَاقَـعَ الْاَعْدَاءُ: دشمنوں کا باہم جنگ کرنا۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِسْتَوْقَعَ الْاَمْرَ: حاصل ہونے کی امید رکھنا۔ خوف کھانا......السَّيْفُ: تلوار کا تیز کرنے کے قابل ہونا۔
الْـوَقْـعُ: مص۔کسی چیز کی ضرب کی آواز۔تم کہتے ہو "سَـمِعْـتُ وَقْـعَ حَافِرِ الدَّابَّةِ ووَقْعَ الْمَطَرِ" میں نے چوپایہ کے کھر کی اور بارش کی آواز سنی۔ پہاڑ کی بلند جگہ۔ بارش کی امید دلانے والے بادل۔چھوٹی کنکریاں واحد وَقْعَة کہا جاتا ہے "لِـفُلَانٍ وَقْـعٌ عِـنْـدَ الْاَمِيْــــرِ" امیر کے نزدیک فلاں کی قدر و منزلت ہے۔
الْوَقَع: مص۔چھوٹی کنکریاں واحد وَقَعَة.
الْوَقَع: بارش کی امید دلانے والا بادل۔

کفایت کرنے والے کے معنی ہوتے ہیں۔
المَوْكُول: مفع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاَمْرُ مَوْكُولٌ اِلَى رَأْيِكَ" یعنی یہ کام تمہارے سپرد ہے۔
وَكَمَ يَكِمُ وَكْمًا فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهِ: بہت سختی سے باز رکھنا۔۔۔۔۔۔ الْاَمْرُ فُلَانًا: غمگین کرنا۔ وُكِمَتِ الْاَرْضُ: روندی ہوئی اور چری ہوئی گھاس والی ہونا۔
وَكِمَ يَكِمُ كِمَةً الرَّجُلُ مِنَ الشَّيْءِ: اداس اور غمگین ہونا۔
الوَكْمَة: اسم مرة۔ پیشہ جس میں درندے زیادہ ہوں۔
المَوْكُوم: بہت غمگین۔
وَكَنَ يَكِنُ وَكْنًا وُكُونًا الطَّائِرُ بَيْضَهُ او عَلٰى بَيْضِهِ: پرندہ کا انڈے سینا۔ صفت مذکر وَاكِن ج وُكُون صفت مؤنث وَاكِنَة. ج وُكُون وَوَاكِنَات۔۔۔۔۔۔ الطَّائِرُ: گھونسلے میں داخل ہونا (۔۔۔۔۔ وَكْنًا) الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بیٹھنا۔
تَوَكَّنَ الرَّجُلُ: مجلس میں اچھی طرح تکیہ لگانا۔ کسی جگہ پر قرار پکڑنا۔
الوَاكِن: بیٹھنے والا۔ مؤنث وَاكِنَة۔۔۔۔۔ مِنَ الطَّيْرِ: درخت یا لکڑی یا دیوار میں وہ جگہ جہاں پرندہ بیٹھے۔
الوَكْن ج اَوْكُن وَوُكُن وَوُكُون والوُكْنَة والوِكْنَة والوَكْنَة والوُكُنَة ج وُكُنَات وَوُكُنَات وَوُكَنَات وَوُكَن والمَوْكِن والمَوْكِنَة: گھونسلہ۔ المَوْكِن: وہ جگہ جہاں انڈے ہوں۔
وَكْوَكَ الحَمَامُ: کوکو کرنا۔۔۔۔۔ فُلَانٌ مِنَ الحَرْبِ: لڑائی سے بھاگنا (۔۔۔۔۔ وتَوَكْوَكَ) الرَّجُلُ: لڑکھڑاتے ہوئے چلنا۔
الوَكْوَاك: بزدل۔ چلنے میں لڑکھنے والا۔
وَكَى يَكِي وَكْيًا القِرْبَةَ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔
وَاكَى مُوَاكَاةً وِوِكَاءً: دعا کے …

دونوں ہاتھوں کو اٹھانا۔
اَوْكَى اِيكَاءً القِرْبَةَ وعَلٰى مَا فِي القِرْبَةِ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: بخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَأَلْنَاهُ فَاَوْكَى عَلَيْنَا" ہم نے اس سے مانگا اور اس نے بخل کیا۔ تیز دوڑنا (۔۔۔۔۔ وَوَكَّى) الفَرَسُ المَيْدَانَ جَرْيًا: گھوڑے کا میدان میں چاروں طرف دوڑنا۔
اِسْتَوْكَى الوِعَاءُ: برتن کا بھر جانا۔۔۔۔۔ البَطْنُ: قبض ہونا۔
الوِكَاء: مشک وغیرہ کا بندھن۔ برتن وغیرہ جس کے سرے کو باندھ دیا گیا ہو۔ ج اوكية.
المُوكَى: مفع۔ بندھے ہوئے سرے کی مشک۔
وَلَبَ يَلِبُ وُلُوبًا: داخل ہونا اور جلدی کرنا۔۔۔۔۔ اِلَيْكَ الشَّيْءُ: پہنچنا۔
الوَالِب: کسی چیز میں داخل ہونے والا۔
الوَالِبَة: کھیت کی روئیدگی۔۔۔۔۔ مِنَ القَوْمِ او المَوَاشِي: اولاد و نسل۔
وَلَتَ يَلِتُ وَلْتًا واَوْلَتَ فُلَانًا حَقَّهُ: گھٹانا۔ کم کرنا۔
وَلَثَ يَلِثُ وَلْثًا فُلَانًا بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔۔۔۔۔ لَهُ عَهْدًا: کمزور وعدہ کرنا۔۔۔ فُلَانٌ: غلام سے کہنا کہ تو میرے مرنے کے بعد آزاد ہے وَلَثَتِ السَّمَاءُ: تھوڑی بارش سے تر کر دینا۔
الوَلْث: مص۔ تھوڑی بارش۔ کمزور وعدہ۔ برتن میں نبیذ کا بقیہ۔ آشوب چشم کا اثر۔
وَلَجَ يَلِجُ وُلُوجًا وَلِجَةً البَيْتَ ووَلَجَ الشَّيْءُ فِي غَيْرِهِ: گھر میں داخل ہونا۔
وُلِجَ الرَّجُلُ: پیٹ کی بیماری والا ہونا۔
وَلَّجَ المَالَ: لوگوں کے سوال سے بچنے کے لئے اپنی زندگی میں اولاد میں سے کسی کو مال دے دینا۔
اَوْلَجَهُ اِيلَاجًا واَتْلَجَهُ اِتْلَاجًا: داخل کرنا۔
تَوَلَّجَ … اِتَّلَجَ اِتِّلَاجًا …

داخل ہونا۔
الوَلَج: ریگستانی راستہ۔
الوَلَج: اطراف۔ کوچے۔ گلیاں۔ شہد نکالنے کے چمچے۔ اور یہ وِلَاجَة کی جمع ہے۔
الوَلَجَة: داخل ہونے کی جگہ۔ وادی کا موڑ۔ غار جس میں راستہ چلنے والے بارش وغیرہ سے پناہ لیں ج اَوْلَاج ووَلَج ووَلَجَات.
الوُلَجَة والوُلُوج: بہت داخل ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "وَلُوجٌ خَرُوجٌ" بہت داخل ہونے والا اور خارج ہونے والا۔
الوَالِجَة: پیٹ کا درد۔ دانت کا درد۔ سانپ اور درندے۔
الوَلِيجَة: آدمی کا باطن۔ بھیدی راز دار معتمد علیہ جو غیر قوم سے ہو۔ قوم میں داخل ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَلِيجَتُهُمْ" یعنی وہ ان کی قوم میں داخل ہے حالانکہ ان میں سے نہیں۔
الوَلَّاج: بہت داخل ہونے والا۔
الوِلَاج: دروازہ۔ وادی۔ پست زمین ج وُلُج ووُلُوج.
التَّلَج: عقاب کا چوزہ۔ اصل اس کی الوَلَج ہے۔
التَّوْلَج: وحشی جانوروں کا بھٹ۔ اس کی اصل الوَوْلَج ہے۔
المَوْلَج: داخل ہونے کی جگہ ج مَوَالِج.
وَلَخَ يَلِخُ وَلْخًا الدَّابَّةَ: چوپایہ پر طاقت سے زیادہ لادنا۔
الوَلِيخَة: بوری۔ ج وَلَائِخ ووُلُخ.
وَلَخَهُ يَلِخُهُ وَلْخًا: تھپڑ مارنا۔
اَوْلَخَ العُشْبُ: گھاس لمبی اور بڑی ہونا۔
اِتْلَخَ الاَمْرُ: خلط ملط ہونا۔
اِسْتَوْلَخَتْ اِسْتِيلَاخًا الاَرْضُ: زمین کا تر ہونا۔
الوَلِيخ: کتان کا کپڑا۔
الوَلِيخَة: گاڑھا جما ہوا دودھ۔ کیچڑ۔
اَرْضٌ وَلِخَةٌ ووَلِيخَةٌ ومُوَلِّخَةٌ: عمدہ …

گھاس والی زمین۔

الوَلَخ مِنَ العُشب: لمبی پیچیدہ گھاس۔

وَلَدَتْ تَلِدُ لِدَةً ووِلادًا ووِلادَةً وإلادَةً ومَولِدًا الأنثى: جننا۔ صفت وَالِد ووَالِدة...... الأرضُ النَباتَ: اُگانا۔

وَلَّدَ الوَلَدَ: پرورش کرنا...... الشئَ مِنَ الشئِ: پیدا کرنا۔ نکالنا...... الكلامَ او الحديثَ: نیا پانا...... القابلةُ المرأةَ: جنوانا۔ اور کہا جاتا ہے "وَلَّدَ الرجلُ غنمَهُ" آدمی نے اپنی بکریوں کے بچے نکلوائے۔ جیسے بولا جاتا ہے نَتَّجَ إبلَهُ.

اَولَدَتْ إيلادًا المرأةُ: جننے کا وقت قریب ہونا...... الشاةُ: جننا۔ صفت مُولِد ج موالد ومَوَالِيد.

تَوَلَّدَ الشئُ مِنْ غيرِه: پیدا ہونا۔

تَوَالَدَ واتَّلَدَ القومُ: بہت ہونا۔

اِسْتَولَدَ المرأةَ: حاملہ کرنا...... فلانٌ: ...... بچہ طلب کرنا۔

الوَلَد والوُلْد والوِلْد والوَلْد: بچہ۔ مذکر مؤنث تثنیہ جمع سب پر اطلاق ہوتا ہے اور یہ لفظ مذکر ہے اور کبھی اَولادو وِلْدَة واِلْدَة ووُلْد: کے اوزان پر جمع لاتے ہیں۔

الوَالِد: باپ ج وَالِدُون. الوَالِدَانِ: ماں باپ۔ شاةٌ وَالِدٌ: حاملہ بکری ج وُلَّد.

الوَالِدَة: ماں۔ ج وَالِدَات.

اللِدَة: مص۔ ہم عمر۔ ہم سر (اس کی اصل وِلْد ہے) تم کہتے ہو "فلانٌ لِدَتِي" فلاں میرا ہم عمر ہے تثنیہ لِدَانِ ج لِدَات ولِدُون اور اس کی تصغیر وُلَيْدَات ووُلَيْدُون. اللِدَة: جننے کا وقت۔

الوَلَّادَة: بہت جننے والی۔

الوَلُود مِنَ الشاةِ: جننے والی بکری۔ بہت جننے والی ج وُلُد.

الوُلُودِيَّة والوَلُودِيَّة: بچپنا۔ سخت دلی۔

الوَلِيد: پیدا شدہ۔ بچہ۔ غلام ج وِلْدَة ووِلْدَان: مؤنث وَلِيدَة ج وَلائِد. اُمُّ الوَلِيد: مرغی کی کنیت۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذلكَ فِي وَلِيدِيَّتِهِ" اس نے اپنے بچپنے میں ایسا کیا۔

المَولِد: مص۔ پیدائش کی جگہ یا وقت۔ ج مَوَالِد.

المِيلَاد: پیدائش کا وقت وعِيدُ المِيلَادِ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کا دن۔ کرسمس ڈے۔

المُوَلَّد: مفع۔ نیا پیدا شدہ اور اسی سے ہے "المُوَلَّدُونَ مِنَ الشُعَرَاءِ او الادباءِ" ان کے نئے ہونے کی وجہ سے یہ نام رکھا گیا۔ رَجُلٌ مُوَلَّدٌ وكلامٌ مُوَلَّدٌ: غیر خالص عربی مرد یا کلام۔

المُوَلِّدَة: دائی جنائی۔

المُوَلَّدَة: نئی پیدا شدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "جاءَنا بِبَيِّنَةٍ مُوَلَّدَةٍ" وہ ہمارے پاس ایسا بینہ لایا جو محقق نہیں۔

المَولُود: مفع۔ چھوٹا بچہ ج مَوالِيد.

وَلَذَ يَلِذُ وَلْذًا الرَجُلُ: تیز چلنا۔ تیز حرکت کرنا۔

الوَلَّاذ: دروغ گو خودرائے۔

وَلَسَتْ تَلِسُ وَلْسًا ووَلَسَانًا الإبلُ: اونٹ کا تیز دوڑنا۔ صفت وَلُوس (...... وَلْسًا) الرَجُلَ: دھوکا دینا۔ خیانت کرنا۔ الحديثَ: کنایہ سے بات کرنا۔

وَالَسَهُ مُوَالَسَةً: فریب دینا۔ مداہنت کرنا (...... واَولَسَ) بِالحَدِيثِ: کنایہ سے بات کرنا۔

تَوَالَسَ القَومُ عَلَيهِ: کسی کے خلاف دھوکا اور خیانت میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

الوَلَّاس: بھیڑیا۔

وَلَعَ يَلِعُ وَلْعًا بِحَقِّهِ: حق مار لینا (...... وَلَعًا وَوَلَعَانًا) دوڑنے میں ہلکا پھلکا ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَدرِي مَا وَلَعَهُ" مجھے نہیں معلوم اس کو کس چیز نے روکا۔

وَلِعَ يَولَعُ ويَلَعُ وَلْعًا ووَلُوعًا واُولِعَ إيلاعًا وتَوَلَّعَ بِهِ: بہت محبت کرنا۔ شیفتہ ہونا۔ بہت گرویدہ ہونا۔ اُولِعَ بِهِ: بھڑکایا جانا۔

وَلَّعَ الثَورُ: بیل کے چتکبرے رنگ کا لمبا ہونا...... جَسَدَهُ: سفید داغ والا بنانا...... هُ بِفُلانٍ: بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے "اِتَّلَعَ فُلانًا وَالِعَةٌ" یعنی اس کا حال مجھ سے مخفی ہے مجھے نہیں معلوم کہ وہ مر گیا یا زندہ ہے۔

اِئتَلَعَ فُلانٌ قَلبِي: دل نکال لینا۔

الوَلْع: مص۔ جھوٹ۔

الوَالِع: فا۔ جھوٹا ج وَلَعَة مؤنث وَالِعَة کہا جاتا ہے "وَلْعٌ وَالِعٌ" بڑا جھوٹ۔

الوَلِع والوَلُوع واللَاعَة: بہت محبت اور تعلق والا۔

الوُلَعَة: لایعنی باتوں کا گرویدہ۔

الوَلِيع: کھجور کا شگوفہ نا شگفتہ واحد وَلِيعَة.

المُوَلَّع: مفع۔ برص کی بیماری والا۔ المُوَلَّع مِنَ الدَوَابّ: وہ چوپایہ جس کے بدن پر سیاہ سفید کے علاوہ اور مختلف رنگ ہوں۔

المُوتَلَعُ القَلبِ والمُتَّلِعُ القَلبِ: آشفتہ دل۔

وَلَغَ يَلِغُ ووَلِغَ يَلِغُ ويَولَغُ ويَالَغُ وَلْغًا ووُلُغًا ووُلُوغًا ووَلَغَانًا الكَلبُ الإناءَ وفِي الإناءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔ اطراف زبان سے پینا۔

اَولَغَ إيلاغًا الكَلبَ: کتے کو پلانا۔

الوَلْغَة: اسم مرۃ۔ چھوٹی ڈولچی۔

المِيلَغ والمِيلَغَة: برتن جس میں کتا منہ ڈال دے یا جس میں پانی پلایا جائے۔ ج مَيَالِغ.

المُستَولِغ مِنَ النَاسِ: ننگ و عار کی پروانہ کرنے والا۔

وَلَفَ يَلِف وَلْفًا ووِلَافًا ووُلافًا ووَلِيفًا البَرقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا (...... وَلِيفًا) القَومُ: اکٹھے آنا۔

وَالَفَهُ وِلافًا ومُوَالَفَةً: محبت کرنا۔ اپنی کسی کی طرف نسبت کرنا اور متصل ہونا۔

تَوَالَفَ مُوَالَفَةً ووِلافًا (نادر) الشَيئَانِ: ایک دوسرے سے اُلفت و محبت کرنا۔

الوُلْف: ساتھی۔ دوست۔

الوَلِيف والوَلُوف: لگا تار چمکنے والی بجلی۔
الولاف والوَلِيف :مص۔ایک قسم کی دوڑ جس میں ٹانگیں یکبارگی زمین پر پڑتی ہیں۔
وَلَقَ يَلِقُ وَلْقًا فِي السَّيْرِ : جلدی چلنا......هٗ بِالرُّمحِ :ہلکا نیزہ مارنا......هٗ بِالسَّيفِ :تلوار سے مارنا......الحَدِيثَ: پھیلانا۔گھڑنا...... عَيْنَه : آنکھ پر مار کر پھوڑ دینا......فِي كَذِبِه او سَيْرِه: لگاتار جھوٹ بولنا یا ہمیشہ چلنا۔
أُولِقَ إِيلاقًا واُلِقَ اَلْقًا: پاگل ہونا۔صفت مَاَلُوق ومُأوْلَق۔
الوَلَقٰى :اونٹنی کی ایک تیز دوڑ۔کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ وَلَقٰى" تیز رفتار اونٹنی۔
الوَلِيقَة :ایک قسم کا کھانا جو آٹا، دودھ اور گھی سے تیار ہوتا ہے۔
الاَوْلَق: پاگل پن۔
اَوْلَمَ اِيلامًا: ولیمہ کرنا......فُلانٌ: خلقت میں یا اخلاق وعقل میں کامل ہونا۔
اَلْوَلْم والوَلَم: بند۔زین یا کجاوہ کا تنگ۔
الوَلْمَة: تمامی۔کسی چیز کا اجتماع۔
الوَلِيمَة: شادی کی خوشی کا کھانا۔ج وَلائِم.
تَوَلَّنَ الرَّجُلُ: مصائب کی وجہ سے چیخ پڑنا۔
وَلَهَ يَلِهُ ووَلِهَ يَلِهُ ويَوْلَهُ وَلَهًا وتَوَلَّهَ واِتَّلَهَ: بہت زیادہ غمگین ہونا یہاں تک کہ عقل زائل ہونے کے قریب ہو جائے شدتِ غم کی وجہ سے متحیر ہونا۔صفت مذکر وَالِهٌ وآلِهٌ وَلْهَان: وصفت مؤنث وَالِـهٌ والِهَةٌ ووَلْهٰى وَلَـهَ الصَّبِـيُّ اِلٰى اُمِّهِ : بچے کا گھبرا کر ماں کے پاس جانا......الاُمُّ اِلـٰى ولَـدِهَـا :مشتاق ہونا۔
مِنْهُ: خوف کرنا۔
وَلَّهَ الرَّجُلَ : شدت غم میں ڈالنا......المَرْأَةَ: عورت اور اس کے بچے میں جدائی کر دینا (...... واَوْلَـهَ) الْـحُزْنُ او الْوَجْدُ فُلانًـا : سرگشتہ وحیران بنا دینا۔
اِتَّـلَهَ النَّبِـيذُ فُلانًا :مدہوش کر دینا۔عقل زائل کر دینا۔
اِسْتَوْلَهَ اِسْتِيلاهًا: بدحواس ہونا۔

مَاءٌ مُوْلَهٌ ومُوْلَهٌ : بیابان کی طرف چھوڑا ہوا پانی۔المُوْلَهُ: مکڑی۔
الـمِيْلَـهُ : حیرانی وپریشانی میں ڈالنے والا بیابان۔
المِيْلاهُ : تیز ہوا۔اِمْـرَأَةٌ مِيـلاهٌ: بچے کی موت کی وجہ سے بہت جزع فزع کرنے والی عورت۔ج مَوَالِيه.
وَلْوَلَتْ وَلْـوَلَةً ووَلْوَالاً الْـمَرْأَةُ : واویلا کرنا۔چیخنا۔وَلْـوَلَـتِ الْـقَوْسُ : کمان سے آواز نکلنا۔
الوَلْوَال: شدتِ غم۔زلزلہ۔
وَلِي ووَلِـيَ يَـلِي وَلْيًا فُلانًا : قریب ہونا۔متصل ہونا (باب ضرب سے قلیل الاستعمال ہے) بغیر فصل کے پیچھے پیچھے چلنا۔کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ مِمَّا يَلِيهِ".
وَلِـيَ يَلِـي وَلايَةً ووِلايَةً الشَّـيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ : والی ہونا۔متصرف ہونا......الرَّجُلُ وعَلَيْهِ: مدد کرنا......البَلَدَ: قابض ومتصرف ہونا(...... وَلايَةً) الرَّجُلَ محبت کرنا۔
وُلِـيَ الْـمَـكَـانُ : موسم بہار کی بارش سے سیراب ہونا۔
وَلَّـى تَـوْلِيَةً فُلانًا الاَمْرَ :والی مقرر کرنا۔
وَلَّاهُ كَذَا : کسی کے پیچھے کرنا۔وَلَّاهُ ظَهْرَهُ : اپنے پیٹھ کے پیچھے کرنا۔وَلَّى الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ :اعراض کرنا۔دور ہونا۔وَلَّى هَارِبًا : پیٹھ دے کر بھاگنا۔وَلَّـى الـرُّطَبُ :خشک ہونے لگنا۔عَـنْ زَيْـدٍ بِوُدِّهِ : دوستی کا بدل جانا۔
اَوْلَى اِيلاءً فُلانًا الاَمْرَ :والی مقرر کرنا۔
......هٗ مَعْرُوفًا : کسی پر احسان کرنا۔اور اسی سے ہے جو تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَوْلاهُ لِلْمَعْرُوفِ" وہ کتنا فیاض ہے (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ ثلاثی مزید سے یہ صیغہ نہیں آتا) اَوْلاهُ عَلَى الْيَتِيمِ: وصیت کرنا۔
وَالَى وِلاءً ومُوَالاةً الرَّجُلَ : دوستی کرنا۔مدد کرنا......الشَّيْءَ: لگاتار کرنا......الغَنَمَ: ......

تَوَلَّى تَوَلِّيًا الاَمْرَ : ذمہ داری لینا۔کسی کے کام کے لیے مستعد ہونا......فُلانًا: ولی مقرر کرنا......عَنْـهُ: اعراض کرنا اور چھوڑ دینا
تَوَلَّى هَارِبًا: پیٹھ دے کر بھاگنا......الشَّيْءَ: کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا......الرُّطَبُ: خشک ہونے لگنا......عَـلَـى بِوُدِّهِ: دوستی کا بدل جانا۔
تَوَالَى تَوَالِيًا : پیاپے ہونا۔اور کہا جاتا ہے "تَوَالَتِ الْغَنَمُ عَنِ الْمَعْزِ" بھیڑیں بکریوں سے جدا ہو گئیں۔
اِسْتَـوْلَى اِسْتِيلاءً عَلَيْـهِ : غالب ہونا۔قدرت یافتہ ہونا......عَلَـى الْغَايَةِ :انتہا کو پہنچنا......عَلَى الشَّيْءِ: قابض ہونا۔
الوَلْي :مص۔قرب۔نزدیکی۔بارش بہار کے بعد دوسری بارش (پہلی بارش کو وسمی کہتے ہیں) اور کہا جاتا ہے "دَارُهُ وَلْـيُ دَارِي" اس کا گھر میرے گھر کے قریب ہے۔
الـوَلاءُ : محبت۔دوستی۔نزدیکی وقرابت۔مدد۔ملکیت۔الـوَلاءُ: میراث جو آزاد کردہ غلام سے یا عقد موالاۃ کی وجہ سے حاصل ہو اور کہا جاتا ہے "جَـاءُوا وَلاءً اَوْ عَـلَـى وَلاءٍ" وہ لوگ پے بہ پے آئے۔
الوَلِيُّ ج اَوْلِيَةٌ: بہار کی بارش کے بعد دوسری بارش ج اَوْلِيَـــــاءُ: محبت کرنے والا۔دوست۔مددگار۔پڑوسی۔حلیف۔تابع۔داماد۔ہر وہ شخص جو کسی کے کام کا منتظم ہو۔کہا جاتا ہے "اللّٰهُ وَلِيُّكَ" اللہ تمہارا حافظ ومددگار ہے۔"وَالْـمُؤْمِنُ وَلِيُّ اللّٰهِ" یعنی مومن اللہ تعالیٰ کا مطیع وفرمانبردار ہوتا ہے۔
وَلِـيُّ الْعَهْـدِ :وارث تخت وتاج۔وَلِـيُّ الْيَتِيمِ: یتیم کا والی۔
الـــوَلايَةُ :مص۔وہ بلاد جن پر ایک حاکم قابض ہو۔ج وَلايَات.
الـــوِلايَةُ: حکومت۔امارت۔سلطنت۔وہ ممالک جن پر ایک حاکم قابض ہو۔الوِلايَةُ والـوَلايَةُ والوَلاءَةُ : رشتہ داری ہے اور کہا جاتا ہے "هُـمْ عَـلَـى وَلايَةٍ او وِلايَةٍ ......

وَاحِدَةً" وہ لوگ میری مدد میں اکٹھے ہیں یا وہ سب میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔
الوَلِيَّةُ: ولی کا مؤنث۔ نزدیکی۔ عرق گیر ج وَلِيَّات ووَلَايَا. دَارٌ وَلِيَّةٌ: نزدیک کا گھر۔
الوَالِي: فَا۔وَالِي البَلَدِ: حاکم شہر۔ ج وُلَاة.
الأَوْلَى: زیادہ حقدار۔ زیادہ لائق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَوْلَى بِكَذَا" وہ اس کا زیادہ حقدار ہے۔ تثنیہ أَوْلَيَان ج الأَوْلَوْنَ والأَوَالِي: مؤنث الوُلْيَا تثنیہ الوُلْيَيَان ج الوُلَى والوُلْيَيَات "وَأَوْلَى لَكَ" دھمکی اور وعید کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور مقصد یہ ہے کہ شر تمہارے قریب ہے بچو۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ اس کے معنی الوَيْلُ لَكَ يَا أَوْلَاكَ اللّٰهُ مَا تَكْرَهُهُ" کے ہیں۔ اس صورت میں لام زائدہ ہے اور ایسا ہی "أَوْلَى لِي وأَوْلَى لَهُ" کہا جاتا ہے۔
المَوْلَى: مالک وسردار۔ غلام۔ آزاد کرنے والا۔ آزاد شدہ۔ انعام دینے والا۔ جس کو انعام دیا جائے۔ محبت کرنے والا۔ ساتھی۔ حلیف۔ پڑوسی۔ مہمان۔ شریک۔ بیٹا۔ چچا کا بیٹا۔ بھانجا۔ چچا۔ داماد۔ رشتہ دار۔ ولی۔ تابع ج المَوَالِي اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَمَوْلَى عَلَيْنَا" وہ ہمارا سردار بننا چاہتا ہے۔
المَوَالِيَا: ایک قسم کے اشعار جن کو گایا کرتے تھے اور جن کے آخر میں یا موالیا کہا کرتے تھے اور اپنے سرداروں کی طرف اشارہ کرتے تھے (اور عوام مَوَّال: کہتے ہیں ج مَوَاوِيل)
المَوْلِيُّ: بچہ جس پر ولی مقرر کیا گیا ہو۔ مؤنث مَوْلِيَّة.
المَوْلَوِيُّ: مولی کی طرف منسوب عِنْدَ المُسْلِمِينَ: زاہد۔
المَوْلَوِيَّة: ایک قسم کی لمبی ٹوپی جس کو فرقہ مَوْلَوِيَّة کے لوگ پہنا کرتے تھے اور کہا جاتا ہے "فِيهِ مَوْلَوِيَّة" اس میں سرداروں کی مشابہت ہے۔

المُتَوَالِي: فا۔ ج مَتَاوِلَة: شیعوں کی جماعت۔
وَمَا يَمَا وَمْأً ووَمْأً تَوْمِئَةً و أَوْمَأَ إِيمَاءَةً بِحَاجِبِهِ أو بِيَدِهِ أو غَيْرِ ذٰلِكَ: اشارہ کرنا۔
وَامَأَ مُوَامَأَةَ الرَّجُلُ: وَاءَمَ: میں ایک لغت ہے۔
المُومَأُ إِلَيْهِ: جس کی طرف اشارہ کیا جائے مذکورہ بالا کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔
الوَمْحَة: دھوپ کا اثر۔
وَمِدَت تَوْمَدُ وَمَدًا اللَّيْلَةُ: گھٹن کے ساتھ تیز گرمی والی ہونا۔ صفت وَمِدٌ وَمِدَةٌ وَمِدَ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَمِدٌ عَلَيْهِ" وہ اس پر غضبناک ہے۔
الوَمَدَة: رات کی تیز گرمی۔
الوِمَدَة: خالص سپیدی۔
وَمَزَ يَمِزُو مَزًا بِأَنْفِهِ: غصے سے نتھنے پھلانا۔
تَوَمَّزَ: اٹھنے کا ارادہ کرنا۔
وَمَسَ يَمِسُ وَمْسًا الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: رگڑنا یہاں تک کہ چھلکا جدا ہو جائے۔
أَوْمَسَتِ المَرْأَةُ: بدکار ہونا۔ أَوْمَسَ العِنَبُ: پکنے کے لئے نرم ہونا۔
المُومِسُ والمُومِسَة: بدکار و فاجرہ عورت ج مُومِسَات ومَوَامِس ومَوَامِيس ومَيَامِس ومَيَامِيس.
الوَمْشَة: بدنِ انسانی پر سفید تل۔
وَمَضَ يَمِضُ وَمْضًا ووَمِيضًا ووَمَضَانًا البَرْقُ: آہستہ چمکنا۔ صفت وَامِض.
أَوْمَضَ إِيمَاضًا البَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا ...... الرَّجُلُ: رمز سے اشارہ کرنا۔ بجلی یا آگ کی چمک دیکھنا۔ مسکرانا۔ أَوْمَضَتِ المَرْأَةُ بِعَيْنِهَا: عورت کا دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا۔
الوَمْطَة: تھکن سے زمین پر گرنا۔
الوَمْعَة: بارش کی بوچھاڑ۔
الوَمْغَة: لمبا بال۔
وَمِقَهُ يَمِقُهُ مِقَةً ووَمْقًا: محبت کرنا۔

وَامَقَهُ وِمَاقًا ومُوَامَقَةً: ایک دوسرے سے محبت کرنا۔
تَوَامَقَ الرَّجُلَانِ: باہم محبت کرنا۔
تَوَمَّقَهُ: دوستی کرنا۔
الوَمِيقُ والمَوْمُوقُ: محبوب۔
الوَمْكَة: فراخی وکشادگی۔
وَمِهَ يَوْمَهُ وَمَهًا النَّهَارُ: دن کا سخت گرم ہونا۔
تَوَمَّنَ الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔
وَمَّى تَوْمِيَةً بِالشَّيْءِ: لے جانا۔
إِسْتَوْمَى عَلَيْهِ: غالب ہونا (مانند اسْتَوْلَى عَلَيْهِ)
المَوْمَاة والمَوْمَاء: بیابان ج المَوَامِي.
الوَنُّ: کمزوری۔ چنگ کہ جس کو انگلیوں سے بجاتے ہیں (دخیل)
وَنَّبَهُ: جھڑکنا۔ سرزنش کرنا۔
الوَنْج: ایک قسم کا بربط۔ (دخیل)
وَانَحَهُ مُوَانَحَةً: موافقت کرنا۔
وَنَمَ يَنِمُ وَنْمًا ونِيمًا الذُّبَابُ: مکھی کا بیٹ کرنا۔
الوَنْمَة والوَنِيم: مکھی کی بیٹ۔
وَنَى يَنِي ووَنِيَ يَوْنَى وَنْيًا ووَنِيًّا ووِنَاءً وَوُنِيَّةً ونِيَةً ووَنَى: سست ہونا۔ کمزور ہونا۔ تھکنا۔ صفت وَانٍ مؤنث وَانِيَة...... هُ: چھوڑنا...... عَنْ كَذَا: مہمل چھوڑ دینا......
الكُمُّ: سیئنا...... السَّحَابَةُ: برسانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَنِي يَفْعَلُ كَذَا" فلاں ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔
وَنَّى تَوْنِيَةً: عمل میں سستی کرنا۔
أَوْنَى إِيْنَاءً الرَّجُلَ: تھکانا۔ کمزور کرنا۔
تَوَانَى تَوَانِيًا فِي حَاجَتِهِ: سستی کرنا۔ کوتاہی کرنا۔ اہتمام نہ کرنا۔
الوَنَاء: سستی۔
إِمْرَأَةٌ وَنَاةٌ وَأَنَاةٌ وَانِيَةٌ: سست حرکات والی عورت۔
الوَنُوَة: عقل کی کمزوری۔
الوَنَاة والوَنِيَّة: مروارید۔ موتی۔

الوَانِی: فا۔ کمزور بدن والا۔ نَسِیمٌ وَانٍ: نرم نرم چلنے والی ہوا۔
الوَانِیُّ: موتی۔
المِینَا والمِینَاء: بندرگاہ۔ اور "مِینَاءُ السَّاعَة" گھڑی کے ڈائل کو کہتے ہیں۔
وَهَبَ يَهَبُ وَهْبًا ووَهَبًا وَهِبَةً المَالَ فُلَانًا ولِفُلَانٍ: ہبہ کرنا (بعضوں نے کہا ہے کہ وَهَبَ دو مفعول کی طرف متعدی بنفسہٖ نہیں ہوتا مگر اس وقت کہ جَعَلَ کے معنی کو متضمن ہو) اور کہا جاتا ہے "هَبْنِی فَعَلْتُ كَذَا" فرض کرو کہ میں نے ایسا کیا (هَبْ أَنِّی فَعَلْتُ كَذَا نہیں کہا جاتا) اور اس معنی میں صرف امر ہی کا صیغہ مستعمل ہے (...... ووَهِبَ يَهَبُ) الرَّجُلَ: داد و دہش میں غالب ہونا۔
وَاهَبَهُ مُوَاهَبَةً: ہبہ کرنے میں مقابلہ کرنا۔
الاَھْذَب: لمبی اور گھنی پلکوں والا۔ مؤنث ھَذْبَاء ج ھُذْبٌ. شَجَرٌ اَھْذَبُ: لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت۔ نَسْرٌ اَھْذَبُ: لمبے پروں والا گدھ۔ عَینٌ ھَذْبَاءُ: لمبی پلکوں والی آنکھ۔ شَجَرَۃٌ ھَذْبَاءُ: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت اُذُنٌ ھَذْبَاءُ: لٹکے ہوئے کان۔ لِحیَۃٌ ھَذْبَاءُ: لٹکی ہوئی داڑھی۔

ھَذَجَ (ض) ھَذْجًا وھَذَجَانًا وھُذَاجًا: بوڑھوں کی چال چلنا ..... الظَّلِیمُ: شتر مرغ کا کانپتے ہوئے چلنا۔

ھَذَجَت ھَذْجًا وھَذَجَۃً النَّاقَۃُ: اُونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا ..... القِدرُ: ہانڈی کا زور سے اُبلنا ..... الرِّیحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔

ھَذِجَتِ النَّاقَۃُ: اُونٹنی کا بڑے اور بلند کوہان والی ہونا۔

ہونا۔ تَھَذَّجَتِ النَّاقَۃُ: اُونٹنی کا بچے سے پیار کرنا۔ تَھَذَّجَ القَومُ عَلَی فُلَانٍ: مہربانیاں ظاہر کرنا۔

اِستَھذَجَ: کانپتے ہوئے چلنا۔

الھَذَّاج: اسم مبالغہ۔ بوڑھوں کی چال چلنے والا۔ ظَلِیمٌ ھُذَاجٌ: کانپتے ہوئے چلنے والا شتر مرغ اور اسی سے ہے "قَنَافِذُ ھَذَّاجُونَ حَولَ بُیُوتِھِم" سیہیاں ان کے مکان کے اردگرد کانپتے ہوئے چلتی ہیں۔

قِدرٌ ھَذُوجٌ: جلدی اُبلنے والی ہانڈی۔

الھَودَج: ہودہ ج ھَوَادِج.

المِھْذَاج: بچے سے پیار کرنے والی اونٹنی۔ سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔

المُستَھذِج: فا۔ جلد باز۔

المُستَھذَج: مفع۔ جلد بازی (مصدر میمی)

الھَذَجذَج: بوڑھوں کی چال چلنے والا اشتر مرغ۔

ھَذَرَ (ن ض) ھَذْرًا وھَذَرًا الدَّمُ وغَیرُہٗ: خون وغیرہ رائیگاں جانا ..... فُلَانٌ الدَّمَ وَغَیرَہٗ: باطل کرنا۔

ھَذَرَ (ض) ھَذْرًا وتَھْذَارًا الحَمَامُ: کبوتر کا کوکو کرنا۔ گنگری کرنا ..... الشَّرَابُ: جوش میں آنا۔ ھَذَرَت جَرَّۃُ النَّبِیذِ: نبیذ کا مٹکے میں جوش میں آنا ..... الرَّعْدُ: بادل میں گرجنا ..... النَّخلُ: شگوفہ نکلنا ..... ھَذْرًا وھَذِیرًا البَعِیرُ: اونٹ کا بڑبڑانا ..... ھُذُورًا وھَذِیرًا العُشبُ: بہت بڑھنا اور لمبی ہونا۔

ھَذَّرَ البَعِیرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا۔

اَھذَرَ دَمَ فُلَانٍ: باطل کرنا۔ مباح کرنا۔

تَھَاذَرَ القَومُ: ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔

اِھْذَودَرَ المَطَرُ: زور سے بارش ہونا۔

الھَاذِر: فا۔ تا کارہ ج ھَذَرَۃ: دودھ جس کا اوپر کا حصہ گاڑھا ہو اور نیچے کا پتلا۔

الھَاذِرَۃ. الھَاذِر: کا مؤنث۔ اَرضٌ ھَاذِرَۃٌ: بہت گھاس والی زمین ج ھَوَاذِر.

الهـذار : اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "رَعْـد هَذَّار" بہت گرجنے والا بادل۔

الهَذر والهَـذَر : مص۔ ناکارہ و رائیگاں کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ هَذَرًا او هَذَرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔ "ذَهَبَ مَالُهُ او سَعْيُهُ هَذَرًا او هَذَرًا" اس کا مال یا اس کی کوشش رائیگاں گئی۔

الهَذَر : ناکارہ لوگ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ أُنَاسٌ هَذَرٌ" وہ ناکارہ لوگ ہیں۔

الهِذر : نکما ناکارہ ج هِـذَرَة کہا جاتا ہے "بَنُو فُلَانٍ هَذَرَةٌ وهِذَرَةٌ وهُذَرَةٌ" فلاں کی اولاد نکمی اور ناکارہ ہے اور ایسا ہی واحد کے لئے اور مؤنث کے لئے۔ کہا جاتا ہے "هُوَجُبَانٌ هَذَرَةٌ".

الاَهْـذَر : پھولا ہوا۔ مؤنث "هَـذْرَاء ج هُذْر".

المَهْذَرَة: سامنے کے چھوٹے دانت۔

الهَدارِس: مصیبتیں۔

هُذِش هَذَشًا الكَلْبُ: کتے کا بھڑکایا جانا۔

اِنْهَذَش اِنْهِذَاشًا الكَلْبُ: کتے کا بھڑکنا۔

الهَوْذَع: شتر مرغ۔

هَذَعَهُ (ف) هَذْعًا: توڑنا۔

اِنْهَذَع: ٹوٹنا...... الشَّيْءُ: خشک ہونے کے بعد نرم ہونا...... الرُّطَبَةُ: گر کر پھٹنا۔

هَذَفَ (ن) هَـذْفًا. اِلَيْـهِ : داخل ہونا۔ لِلْخَمْسِيْنَ: قریب پہنچنا۔

هَذِفَ (س) هَـذَفًا: سست ہونا۔ کمزور ہونا۔ کسلمند ہونا...... اِلَـى الشَّـيْءِ : جلدی کرنا۔

اَهْـذَفَ لِلْخَمْسِيْنَ : قریب پہنچنا...... عَلَى التَّلِّ: ٹیلہ پر سے جھانکنا...... اِلَيْـهِ: پناہ لینا...... لَهُ الشَّيْءُ: پیش آنا...... مِنْهُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَهْـذَفَ لَکَ الصَّيْـدُ فَـارْمِهِ" شکار تمہارے قریب ہے اس پر تیر مارو۔

اِسْتَهْدَفَ لَهُ الشَّيْءُ: سیدھا کھڑا ہونا۔ الشَّيْءُ: بلند ہونا، نشانہ بننا اور اسی سے مشہور مقولہ ہے "مَنْ صَنَّفَ فَقَدِ اسْتَهْدَفَ" جس نے کوئی کتاب تصنیف کی وہ نشانہ بن گیا

اِسْتَهْدَفَ كَفَلُ الاِنْسَانِ او الحَيَوَانِ: انسان یا حیوان کے چوتڑ کا بڑا ہونا۔

الهَادِف: فا۔ اجنبی۔

الهَادِفَة: جماعت۔

الهِذَف: بڑے جسم والا۔

الهَـدَف: ہر ایک بلند (عمارت یا ٹیلہ یا پہاڑ) اور اسی وجہ سے نشانہ کو بھی "هَـدَف" کہتے ہیں الهَـدَف: بڑے جسم کا مرد، بہت سونے والا بھاری بھر کم، ناکارہ، ناموافق ج اَهْدَاف.

الهِدْفَة: لوگوں کی جماعت۔ مکانات کہ جن میں لوگ کچھ اقامت کریں اور پھر کوچ کریں ج هِدَف.

هَدَکَ (ض) هَـدْکًا الْبِنَاءَ: عمارت کو ڈھانا۔

تَهَدَّکَ تَهَدُّکًا: بیوقوف بننا...... عَلَيْـهِ بِالكَلَامِ: دھمکانا۔

هَدَلَ (ض) هَـدِيلاً الحَمَامُ او الغُلَامُ: آواز نکالنا...... هَدْلاً الشَّيْءَ: لٹکانا۔

هَدِلَ (س) هَدَلاً: ڈھیلا ہونا...... البَعِيْرُ: زخم کی وجہ سے ڈھیلے ہونٹ والا ہونا۔

تَهَدَّلَتِ الشَّفَةُ: ہونٹ کا ڈھیلا ہونا۔ ...... اَغْصَانُ الشَّجَرَةِ او ثَمَرَتُهَا: درخت کی ٹہنیوں یا پھل کا لٹکنا...... الثَّوْبُ: کپڑے کا لٹکنا۔

الهَادِل: فا۔ بَعِيْرٌ هَادِلٌ: لٹکے ہوئے ہونٹ والا اونٹ۔

الهُدَّال: لٹکی ہوئی شاخیں۔

اَلْهَـدَالُ: وہ طفیلی بیل جو دوسرے درختوں کی شاخوں پر چڑھ کر ان کا رس چوستی ہے۔ ان میں سے کچھ سفید پھلوں والی ہوتی ہیں موسم سرما میں بادام اور سیب پر چڑھی ہوئی ہوتی ہیں اور کچھ سرخ پھلوں والی زیتون کے درخت پر ہوتی ہیں۔

الهَدَالَة: جماعت۔

جَمَلٌ هَدِلٌ : لمبے اور لٹکے ہوئے ہونٹ والا اونٹ۔

الهَدِيل: مص۔ کبوتر کی غٹرغوں، کبوتر کا بچہ، بہت بالوں والا مرد اور بقول بعض گھنے ہوئے بالوں والا جو کنگھی نہ کرے اور تیل نہ لگائے۔ رَجُلٌ هَدِيلٌ: سست و بوجھل مرد۔

الاَهْـدَل: لٹکے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث هَدْلاء، ج هُـدْل. مِشْفَرٌ اَهْدَل: ڈھیلا ہونٹ کا اونٹ۔ شَفَةٌ هَدْلَاءُ: تھوڑی پر لوٹا ہوا ہونٹ الاَهْدَلُ مِنَ السَّحَابِ: زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔

هَدَمَ (ض) هَـدْمًا البِنَاءَ: عمارت ڈھانا ...... الثَّـوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ فَهَدَمَهُ" اس نے اس کو مارا اور پیٹھ توڑ دی۔

هُدِمَ الرَّجُلُ فِي البَحْرِ: سمندر میں چکر آنا۔

هَدَّمَ البِنَاءَ: عمارت ڈھانا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) ...... الثَّـوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

تَهَدَّمَ البِنَاءُ: عمارت کا آہستہ آہستہ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَدَّمَ عَلَيْهِ غَضَبًا" اس نے اسے دھمکی دی...... الثَّـوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

تَهَـادَمُوْا : ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔

اِنْهَدَمَ البِنَاءُ: عمارت کا ویران و شکستہ ہونا۔

الهَادِم: فا۔ هَـادِمُ اللَّذَّاتِ: کنایہ ہے موت سے۔

الهُدَام: چکر جو انسان کو سمندر میں لاحق ہو۔

الهَـدْم : مص۔ مباح کئے ہوئے خون۔ کہا جاتا ہے "دَمُـهُ هَـدْمٌ" اس کا خون مباح ہے۔

الهِدْم : بوسیدہ یا پیوند لگا ہوا کپڑا۔ ج اَهْدَام وهِدَم کہا جاتا ہے "عَلَيْـهِ ثِيَابٌ هِدَمٌ اَوْ اَهْدَامٌ" وہ بوسیدہ کپڑے پہنے ہوئے ہے۔

الهَـدَم : پیر فرتوت، کھوسٹ بڈھا۔ پرانا۔

چرمی موزہ۔

الھَدِم: مخنث۔ بیوقوف۔

الھَدَم: خون مباح۔ کہا جاتا ہے "دَمُہٗ ھَدَمٌ" اس کا خون مباح ہے۔ کنوئیں کے کناروں سے شکستہ ہوکر جو کنوئیں ہی میں گر پڑے۔ ہر وہ عمارت جو ویران وشکستہ ہوگئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ حَفْرَکَ اِلٰی لَھَدَمٌ وَاِنَّ حَبْلَکَ اِلٰی لانْشُوْطَة" یہ اس وقت بولا کرتے تھے جبکہ یہ کہنا مقصود ہو کہ تمہاری مدد بہت کم ہے نیز عرب معاہدہ اور نصرت کے وقت کہا کرتے تھے "دَمِیْ دَمُکَ وھَدَمِیْ ھَدَمُکَ" یعنی اگر کوئی مجھے قتل کرے تو تم میرے خون کا مطالبہ کرو جیسے تم اپنے اولیاء کے خون کا مطالبہ کرتے ہو اور اگر کسی نے میری عزت بگاڑی پر تو اس نے تمہاری عزت پر بٹہ لگایا اور کہا جاتا ہے "اِنْقَضَّ ھَدَمٌ مِنَ الْحَائِطِ" دیوار منہدم ہوگئی۔ شَھِیْدُ الْھَدَم: وہ شخص جو کنوئیں میں گر جائے یا اس کے اوپر دیوار گر پڑے۔

الھَدْمَة: اسم مرۃ۔ ہلکی بارش۔

الھِدْمَة: پرانا کپڑا۔ ج ھُدُوْم.

الھَدِیْم: پہلے سال کی باقی ماندہ گھاس۔

عَجُوْزٌ مُتَھَدِّمَةٌ: بہت بڑھیا۔

المُھَدَّم اولمَھْدُوْم والمَھْدُوْمَة: گاڑھا اور جما ہوا دودھ۔ اَرْضٌ مَھْدُوْمَةٌ: زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

خُفٌّ مُھَدَّم: بوسیدہ پیوند لگا ہوا چرمی موزہ۔

ھَدْمَلَ الرَّجُلُ: کپڑے پھاڑنا۔

الھِدْمِل: پرانا کپڑا۔ دیرینہ۔ بہت بالوں والا۔

الھِدَمِل: پرانا کپڑا۔ جمع شدہ بلند پشتہ۔

الھِدْمِلَة: بہت درختوں والا ریگستان۔ زمانہ قدیم۔ لوگوں کی جماعت۔

ھَدَنَ (ض) ھُدُوْنًا: آرام پانا۔ بزدل ہونا ...... ڈھیلا ہونا (...... ھَدْنًا) آرام دینا۔ جھوٹے وعدہ سے راضی کرنا ...... الصَّبِیَّ: خوش کرنا۔

الشَّیْئَ: دفن کرنا ...... فلانًا: قتل کرنا۔

ھُدِنَ عَنْکَ فُلَانٌ: کسی کام سے تھوڑی سی چیز پاکر راضی ہونا۔

ھَدَّنَہٗ: تسکین دینا۔ باز رکھنا۔ کہا جاتا ہے "ھَدَّنُوْہُ بِالْقَوْلِ حَتّٰی ھَدَنَ" ان کو انہوں نے قول سے راضی کیا یہاں تک کہ وہ راضی ہوگیا ...... الصَّبِیَّ: خوش کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھَدَّنَتِ الْمَرْأَۃُ صَبِیَّھَا بِکَلَامِھَا لِیَنَام" عورت نے اپنے بچے کو سونے کے لئے لوری دی۔

اَھْدَنَ الْخَیْلَ: دبلا کرنا۔ گھوڑے کو چھریرا بنانا۔

ھَادَنَہٗ مُھَادَنَة: صلح کرنا۔

تَھَادَنَ الْاَمْرُ: درست ہونا ...... الْقَوْمُ: باہم صلح کرنا۔

اِنْھَدَنَ الرَّجُلُ عَنْ عَزْمِہٖ: ست ہونا۔

الھِدَان: اکھڑ۔ بے وقوف۔ جنگ میں ست۔ ج ھُدُوْن.

الھِدَانَة: لڑائی کے بعد صلح۔

الھِدْن: سرسبزی۔ فراخی۔ ارزانی۔

الھَدِن: ڈھیلا۔

الھَدْنَة. ھَدَن: کا اسم مرۃ۔ تھوڑی ہلکی بارش۔

الھُدْنَة: مصالحت۔ آرام۔ سکون۔ ج ھُدَن.

الھُدُوْن: سکون۔ صلح۔

المَھْدُوْن: مفع۔ بہت سونے والا جو نہ صبح کی نماز پڑھے اور نہ اپنی ضروریات کے لئے جائے۔ کند ذہن جو صرف باتوں سے راضی ہوجائے۔

المَھْدَنَة: سکون۔ آرام۔

الھَیْدَان: بزدل۔ بخیل۔

ھَدْھَدَ ھَدْھَدَةً البعیرُ: اونٹ کا بڑبڑانا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا گٹکری کرنا۔ ھَدْھَدَتِ الصَّبِیَّ اُمُّہٗ: بچے کو سونے کے لئے ہلانا

ھَدْھَدَ الشَّیْئُ مِنْ عُلْوٍ اِلٰی اَسْفَل: اتارنا۔ کہا جاتا ہے "یُھَدْھِدُ ... کَذَا" مجھے ایسا خیال ہوتا ہے۔

الھَدْھَدُ: جنات کی آوازیں (اس کے لئے واحد نہیں)

الھُدْھُد والھُدَھِد والھُدَاھِد ھدھد: واحد ھُدْھُدَۃ وھُدَھُدَۃ وھُدَاھِدَۃ ج ھَدَاھِد وھَدَاھِیْد "اَبْصَرُ مِنْ ھُدْھُدٍ" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ عرب کا خیال تھا کہ یہ پانی کو زمین کے نیچے سے دیکھ لیتا ہے۔

الھُدْھُد: ہر کوکو کرنے والا پرندہ۔ بہت کوکو کرنے والا کبوتر۔ ج ھَدَاھِد وھَدَاھِیْد.

الھَدْھَدَة: مص۔ کبوتر کی کوکو کی آواز۔

الھَدَاھِد: نرمی۔ تم کہتے ہو "عَلَیْکَ بِالْھَدَاھِدَة" اپنے اوپر نرمی کو لازم کرو۔

ھَدَاہُ یَھْدِیْہِ ھُدًی وھَدْیًا وھِدْیَۃً وھِدَایَۃً: رہنمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھَدَاہُ الطَّرِیْقَ وھَدَاہُ اِلَی الطَّرِیْقِ ولِلطَّرِیْقِ" اس نے اس سے راستہ بیان کردیا اور پہنچا دیا ھَدَاہُ اللّٰہُ اِلَی الْاِیْمَانِ او لِلْاِیْمَانِ: ہدایت کرنا

ھَدَی الرَّجُلُ: ہدایت پانا۔

ھَدَی یَھْدِیْ ھِدَاءً العَرُوْسَ اِلٰی بَعْلِھَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ...... فلانًا: آگے ہونا "جَاءَتِ الْخَیْلُ یَھْدِیْھَا فَرَسٌ اَشْقَرُ" گھوڑوں کا گلہ آیا جن کے آگے ایک ہلکے لال رنگ کا گھوڑا تھا۔

ھَدَّی تَھْدِیَۃَ الشَّیْئَ: جدا جدا کرنا۔

الھَدِیَّةَ لِفُلَانٍ والَیْہِ: تحفہ دینا ...... العَرُوْسَ اِلٰی بَعْلِھَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔

ھَادَاہُ مُھَادَاۃً وھِدَاءً: ہر ایک کا دوسرے کو تحفہ دینا۔ ھَادَی فُلَانٌ فُلَانًا: اپنا اپنا کھانا لا کر ساتھ کھانا ...... فُلَانًا: چلانا اور کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ یُھَادِیْ بَیْنَ اِثْنَیْنِ" فلاں دو آدمیوں کے درمیان سہارا لیتا ہوا آیا۔

اَھْدَی اِھْدَاءً العَرُوْسَ اِلٰی بَعْلِھَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ...... الھَدْیَ اِلَی الْحَرَم: ہدی کا جانور حرم میں بھیجنا ...... لِفُلَانٍ واِلٰی فُلَانٍ کَذَا: تعظیم واجلال کے لئے تحفہ بھیجنا ...... الشَّیْئَ: جدا جدا کرنا۔

تَهَدَّیٰ تَهَدِّیًا: ہدایت پانا۔

تَهَادَیٰ تَهَادِیًا الْقَوْمُ: بعض کا بعض کو ہدیہ دینا...... الرَّجُلُ: لڑکھڑاتے ہوئے آہستہ چلنا اور کہا جاتا ہے "جَاءَ يَتَهَادَیٰ بَيْنَ اِثْنَيْنِ" وہ دو آدمیوں کے درمیان سہارا لیتا ہوا آیا۔ "وَهٰذَا الشَّيْئُ يَتَهَادَیٰ" یعنی وہ چیز ہے جس کو لوگ آپس میں تحفہ کے طور پر دیتے ہیں۔

اِهْتَدَیٰ اِهْتِدَاءً: ہدایت پانا۔ راہ راست پانا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَدَیٰ اِلَی الطَّرِيْقِ وَاهْتَدَیٰ الطَّرِيْقَ اِلٰی مَكَانِ كَذَا" یعنی اس نے فلاں جگہ کا راہ راست پا لیا۔

اِهْتَدَی الْعَرُوْسَ اِلٰی بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔

الْفَرَسُ الْخَيْلَ: گھوڑوں کو گلے کے آگے ہونا...... اِهْتَدَیٰ الرَّجُلُ: ہدایت طلب کرنا۔ ہدایت پر قائم رہنا۔

اِسْتَهْدَیٰ اِسْتِهْدَاءً: ہدایت طلب کرنا...... الشَّيْئَ: ہدیہ طلب کرنا۔

الْهَادِی: اسم فاعل ج هَادُوْنَ وَهُدَاةٌ۔ الْهَادِی: آگے رہنے والا۔ گردن۔ پیکان۔ لاٹھی۔ شیر ج الْهَوَادِی.

هَوَادِی اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

هَوَادِیْ الْاِبِلِ: اونٹوں میں سے پہلا اونٹ جو نمودار ہو۔

الْهَادِيَةُ. الْهَادِی: کا مؤنث۔ لاٹھی۔ پانی میں اوپر کو نکلی ہوئی چٹان۔ گردن۔ ج هَادِيَاتٌ وَهَوَادٍ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتْ هَادِيَاتُ الْخَيْلِ وَهَوَادِيْهَا".

رَجُلٌ هِدَاءٌ: کمزور کند ذہن مرد۔

الْهِدَايَةُ: مص۔ رہنمائی۔

الْهُدَیٰ: رہنمائی۔ بیان۔ دلالت (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَی الْهُدَیٰ" وہ ہدایت پر ہے۔ دن۔

الْهَدْیُ: مص۔ طریقہ۔ سیرت۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ هَدْيَهُ" اس کی سیرت کس قدر اچھی ہے۔ "وَهَدَیٰ هَدْيَهُ" وہ اس کی سیرت پر چلا۔ الْهَدْیُ: محترم۔ قربانی کا جانور جو حرم میں بھیجا جائے۔ واحد هَدْيَةٌ اور کہا جاتا ہے "مَالِي هَدْیٌ اِنْ كَانَ كَذَا وَكَذَا" یہ مقولہ بطور قسم کے ہے "وَجِئْتُهُ بَعْدَ هَدْیٍ مِنَ اللَّيْلِ" میں اس کے پاس رات کے ایک حصہ گزرنے کے بعد آیا۔

الْهَدْيَةُ وَالْهِدْيَةُ: طریقہ۔ سیرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ هَدْيَتَهُ وَهِدْيَتَهُ" اس کی سیرت کس قدر اچھی ہے۔ ج هُدًی.

الْهِدْيَةُ. هَدَیٰ: کا اسم نوع اور کہا جاتا ہے "خُذْ فِي هِدْيَتِكَ" جس کام میں تم مشغول تھے اسی میں لگے رہو اور اس سے تجاوز مت کرو۔ "وَضَلَّ هَدْيَتَهُ" یعنی اس طریقہ کو چھوڑ دیا جس کو کرنا چاہتا تھا۔

هُدْيَةُ الْاَمْرِ: بتثلیث الهاء: جہت کار۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ فُلَانٌ هُدْيَةَ اَمْرِهِ" فلاں نے اپنے طریقہ کار پر غور کیا۔

الْهَدُوُّ: رہنما۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَدُوٌّ" یعنی راہنما مرد۔

الْهَدِیُّ: قیدی۔ دلہن۔ قربانی کا جانور جو حرم میں بھیجا جائے۔ مرد محترم۔ الْحَمَامُ الْهَدِیُّ: ڈاک کے کبوتر جو خطوط لے جائیں اور جواب لائیں۔

الْهَدِيَّةُ. الْهَدِی: کا مؤنث۔ دلہن۔ تحفہ ج هَدَايَا وَهَدَاوَی وَهَدَاوٍ.

الْهُدَيَّا: مثل۔ کہا جاتا ہے "لَكَ عِنْدِي هُدَيَّاهَا" تمہارے لئے میرے پاس اس کے مثل ہے۔

الْمُهَادَاةُ: صلح کرنا۔

الْمِهْدَاءُ: وہ جس کی عادت ہدیہ دینے کی ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِهْدَاءٌ وَامْرَاَةٌ مِهْدَاءٌ".

الْمِهْدَیٰ: تھالی طبق وغیرہ جس میں ہدیہ بھیجا جائے۔

الْمَهْدِیُّ: مفع۔ وہ شخص جس کی اللہ تعالیٰ حق کی طرف رہنمائی کریں۔

الْمُهْدَاةُ وَالْمَهْدِيَّةُ: دلہن جو شوہر کے پاس بھیجی گئی ہو۔

هَذَّهُ (ن) هَذًّا وَهَذَّذًا وَهُذَاذًا: جلدی کاٹنا۔ کاٹنا...... الْحَدِيْثَ: بیان کرنا۔

اِهْتَذَذْتُ الشَّيْئَ: جلدی سے کاٹ دینا۔

هَذَاذَيْكَ: یہ کلمہ اس وقت بولتے ہیں جبکہ کسی کو کسی چیز سے روکنا ہو۔

اَلْهَذُّ: بہت کاٹنے والا۔

الْهَذَّاذُ وَالْهَذُوْذُ: بہت کاٹنے والا۔ شَفْرَةٌ هَذُوْذٌ: کاٹنے والی دھار۔ جَمَلٌ هَذَّاذٌ: آگے بڑھنے والا اونٹ۔

اِزْمِيْلٌ هَذٌّ: تیز کاٹنے والی رانپی۔

هَذَاَهُ يَهْذَاُهُ هَذْاً: جلدی کاٹنا۔ هَذَاَ الْعَدُوَّ: دشمن کو ہلاک کرنا...... فُلَانًا بِلِسَانِهِ: تکلیف دینا اور تکلیف دہ باتیں سنانا۔ الْكَلَامَ: لغو باتیں کرنا۔ هَذَاَتِ الْاِبِلُ: تھک کر گر پڑنا۔

هَذِئَ يَهْذَاُ هَذْاً مِنَ الْبَرْدِ: سردی سے ہلاک ہونا۔

تَهَذَّاَتِ الْقُرْحَةُ: زخم کا خراب ہونا اور پھٹ جانا۔

سَيْفٌ هُذَاءٌ وَهَذَّاءٌ: تلوار قاطع۔

الْهَذْاَةُ: کدال۔ پھاوڑہ۔

هٰذَا: ایک کلمہ ہے جو مرکب ہے ہائے تنبیہ اور ذا اسم اشارہ ہے۔

هَذَبَ (ض) هَذْبًا الشَّجَرَ وَغَيْرَهُ: شاخ تراشی کرنا۔ پاکیزہ کرنا۔ درست کرنا...... النَّخْلَةَ: درخت خرما کی چھال اتارنا...... الشَّيْئُ: بہنا (...... هَذْبًا وَهَذَابَةً) جلدی کرنا...... الْقَوْمُ: بہت شور وغل کرنا۔

هَذَّبَ: جلدی کرنا...... الشَّجَرَ وَغَيْرَهُ: شاخ تراشی کرنا۔ پاکیزہ کرنا۔ درست کرنا (تشدید کثرت کے لئے ہے) ...... الشِّعْرَ: درست کرنا۔ اصلاح کرنا ...... الرَّجُلَ: پاکیزہ اخلاق والا بنانا۔

هَاذَبَ مُهَاذَبَةً: جلدی کرنا۔

اَهْذَبَ: جلدی کرنا۔ اَهْذَبَتِ السَّحَابَةُ مَاءَهَا: جلدی برسانا۔

تَهَذَّبَ: پاکیزہ ہونا۔ درست ہونا۔ الرَّجُلُ: شائستہ ہونا۔

الهَذَبُ: صفائی۔خلوص۔
فَرسٌ هَذِبٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
اِبلٌ مَهَاذِيبٌ: تیز رو اونٹ۔مفرومِهْذاب.
المُهَذَّبُ: مفع۔ پاکیزہ اخلاق والا۔عیوب سے پاک صاف۔كَلامٌ مُهَذَّبٌ او شِعْرٌ مُهَذَّبٌ: عیوب سے پاک کلام یا شعر۔
فَرسٌ او طَائِرٌ مُهَذَّبٌ: تیز رفتار گھوڑا یا پرندہ۔
هَذَرَ (ن ض) هَذْرًا وتَهْذَارًا الرَّجُلُ فِيْ كَلامِهِ: بکواس کرنا (...... هَذْرًا: اليَوْمُ) دن کا سخت گرم ہونا۔
هَذِرَ (س) هَذَرًا كَلامُهُ: لغو بیہودہ ہونا۔
اَهْذَرَ فِيْ مَنْطِقِهِ وفِيْ كَلامِهِ: بکواس کرنا۔
يَوْمٌ هَاذِرٌ: سخت گرم دن۔
الهَذَرَ: مص۔بکواس و بیہودہ گفتگو۔
رَجُلٌ هَذِرٌ وهَذُرٌ وهُذَرَةٌ وهَذُرَّةٌ وهَذَّارٌ وهَيْذَرٌ وهَيْذَارَةٌ وهِذْرِيَانٌ ومِهْذَرٌ ومِهْذَارٌ ومِهْذَارَةٌ: بکواس کرنے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔ورَجُلٌ هِذْرِيَانٌ: جلدی بولنے والا۔خدمت میں چست۔اِمْرَاَةٌ هَذِرَةٌ وهَيْذَرَةٌ ومِهْذَارٌ: بکواس کرنے والی عورت۔
هَذْرَبَ: جلدی جلدی بہت بولنا۔
الهُذْرُبَان: جلدی بولنے والا۔خدمت میں چست۔
الهُذَيْرِبٰى: عادت۔
هَذْرَفَ: جلدی کرنا۔تیز چلنا۔
الهُذْرُوف: تیز رفتار ج هَذَارِيف.
هَذْرَمَ هَذْرَمَةً: بہت بولنا۔ پڑھنے اور بولنے میں جلدی کرنا...... الرَّجُلُ فِيْ كَلامِهِ: گڑبڑی کرنا۔
الهَذْرَمَة: مص۔تیز رفتاری۔
الهُذْرَام: بہت بولنے والا۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هُذْرَامٌ" بہت بولنے والا مرد۔
الهُذَارِم والهُذَارِمَة: پڑھنے بولنے میں جلدی کرنے والا۔کہا جاتا ہے اِمْرَاَةٌ هَذْرَمٰى: بہت شور اور شرارت

عورت۔
هَذَفَ (ض) هُذُوفًا: تیز چلنا۔
رَجُلٌ هَذَّافٌ ومُهْذِفٌ وهَذِفٌ: تیز رفتار مرد۔
هَذَلَ (ض) هَذْلانًا: تیز چلنا۔کہا جاتا ہے "اَهْذَبَ فِيْ مَشْيِهِ واَهْذَلَ" وہ تیز دوڑا۔
الهَاذِل: رات کا درمیانی حصہ۔
الهُذْلُول: ہلکا پھلکا مرد۔ہلکا تیر۔چست بھیڑیا۔لمبا اور سخت بدن کا گھوڑا۔چھوٹا ٹیلہ پانی کی چھوٹی نالی۔ ریت کے ذرات۔ آفت۔ابتدائی رات یا بقیہ شب۔ باریک بادل۔ بارش جو دور سے دکھائی دے۔ ج هَذَالِيل.
هَوْذَلَ هَوْذَلَةً فِيْ مَشْيِهِ: تیز چلنا۔دوڑنے میں لڑکھڑانا...... بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا۔ پیشاب اوپر کو کرنا۔
الهَوْذَل: بندر کا بچہ۔
الهَذْلَبَة: جلد بازی۔ہلکا پن۔
الهُذْلُوغ: موٹے ہونٹ والا۔
الهُذْلُوغَة: بدصورت۔بیوقوف۔
هَذْلَمَ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلنا۔
هَذَمَ (ض) هَذْمًا الشَّيْءَ: جلدی سے کاٹنا ...... الرَّجُلُ: جلدی سے کھانا۔صفت هَاذِم.
الهُذَام: بہادر۔تلوار قاطع۔سِنَانٌ هُذَامٌ: تیز بھالا۔
سِكِّيْنٌ هَذُوْمٌ: تیز چھری۔
شَفْرَةٌ هُذَمَةٌ وهُذَامَةٌ: تیز دھار۔
المِهْذَم مِنَ السُّيُوْفِ: شمشیر براں۔
هَذْمَلَ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلنا۔
الهَذْمَا ذو الهُذَاهِد مِنَ السُّيُوْفِ: بہت کاٹنے والی تلوار۔تیز رفتار۔قَرَبٌ هَذْمَاذٌ: پانی کے لئے رات میں دشوار سفر۔
الهَذَاهِد: وہ لوگ جو ہر ایک کو اپنا یا اپنا خادم بتلائیں۔
[illegible]

الكَلامَ: مرض وغیرہ کی وجہ سے غیر معقول باتیں کرنا۔بکواس کرنا۔
هَذَىٰ يَهْذِي هَذْيًا وهَذَيَانًا: مرض وغیرہ کی وجہ سے غیر معقول باتیں کرنا۔بکواس کرنا۔ صفت هاذٍ اور اِسم الهُذَاء.
اَهْذَىٰ اِهْذَاءً اللَّحْمَ: گوشت کو اچھی طرح سے گلا کر پکانا۔
هَاذَاهُ مُهَاذَاةً: باہم بکواس کرنا۔کہا جاتا ہے "قَعَدَ يُهَاذِيْ اَصْحَابَهُ" وہ بیٹھا اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ باہم بکواس کرتا رہا۔
تَهَاذَىٰ تَهَاذِيًا القَوْمُ: گفتگو میں بکواس کرنا۔
رَجُلٌ هَذَّاءٌ وهَذَّاءَةٌ: بہت بکواس کرنے والا مرد۔
هَرَّ (ن ض) هَرًّا وهَرِيْرًا الشَّيْءَ: ناپسند کرنا۔کہا جاتا ہے "فُلانٌ هَرَّةُ النَّاسِ" فلاں کو لوگ ناپسند کرتے ہیں۔هَرَّ فِيْ وَجْهِ السَّائِلِ: تیوری چڑھانا۔منہ بگاڑنا۔هَرَّتِ القَوْسُ: کمان سے آواز نکلنا......هَرَّ الشَّوْكُ: کانٹے کا خشک و پراگندہ ہونا...... بِسَلْحِهِ: پاخانہ کرنا......الدَّوَاءُ سَلْحَهُ: پیٹ چلانا۔
هَرَّ (ض) هَرِيْرًا الكَلْبُ: کتے کا سردی کی وجہ سے بھونکنا (نباح سے کم) ...... الهَرُّ الكَلْبَ: بھونکانا ...... هَرَّ الكَلْبُ الضَّيْفَ: کتے کا مہمان پر بھونکنا۔
هُرَّتْ هَرًّا وهُرَارًا الإِبِلُ: ہرار کی بیماری میں مبتلا ہونا...... بِسَلْحِهِ: پیٹ چلنا یہاں تک کہ مر جانا۔
هَرَّ (س) هَرًّا: بدخلق ہونا۔
هَارَّهُ مُهَارَّةً: کسی کے سامنے تیوری چڑھانا۔منہ بگاڑنا۔
اَهَرَّ الكَلْبَ: بھونکانا اور اسی سے مثال ہے "شَرٌّ اَهَرَّ ذَانَابٍ" (برے شر نے کتے کو بھونکایا) اَهَرَّ بِالغَنَمِ: بکریوں کو پانی پر بلانا۔یا گھاٹ پر لے جانا۔
الهَارُّ: فا۔کتا جبکہ اپنے دانت نکالے۔
الهُرَار: اونٹ کے گوشت اور کھال کے

درمیان ورم کے مانند ایک مرض۔ ت۔ اُونٹ کا اسہال۔

الهَزْ: مص۔ اُونٹ کے ڈانٹ کی ایک قسم۔

الهِرّ: بلاج هِرَرَةٌ مؤنث هِرَّةٌ ج هِرَرٌ اور بقول بعض هِرّ کا اطلاق مذکر ومؤنث دونوں کیلئے ہے اور هِرَّةٌ: صرف مؤنث کے لئے اور هِرَّةٌ کی تصغیر هُرَيْرَةٌ اور اسی سے ہے ابوهریرة.

الهِرّ: اُونٹ کے ہانکنے یا پانی پر بلانے کی آواز۔ کراہت۔ ناپسندیدگی۔ اور امثالِ عرب میں سے ہے "لا يَعْرِفُ هِرًّا مِنْ بِرٍّ" وہ دوست دشمن میں تمیز نہیں کرتا یا وہ بلی اور چوہے میں تمیز نہیں کرتا۔

الهُرّ: شیر۔ بہت دودھ اور پانی۔

الهَرّار: اسم مبالغہ۔ دانت نکالنے والا کتا۔ کہا جاتا ہے "هَلَكَ مَنْ لا هَرّارَ لَهُ" ہلاک ہوگیا جس کے پاس ہرار نہیں تھا جس سے دشمن کو بھگاتا۔

الهَرّارَان: نسر واقع اور قلب عقرب دو ستاروں کے نام۔ ماہِ دسمبر وجنوری۔

الهَرُوْر: زمین پر بکھرے ہوئے انگور کے دانے۔

الهَرِيْر: مص۔ کتے کی آواز (نباح سے کم) کہا جاتا ہے "أَدْبَرَ غَرِيْرُهُ وأَقْبَلَ هَرِيْرُهُ" اس کی خوش خلقی جاتی رہی اور بدخلقی آ گئی۔ اس شخص کے لئے بولا کرتے ہیں جو بوڑھا اور بدخلق ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "أَجِدُ فِيْ وَجْهِهِ هِرَّةً وهَرِيْرَةً" میں اس کے چہرے میں نفرت کے آثار محسوس کرتا ہوں۔

المَهْرُوْر: مرض ہرار میں مبتلا اونٹ۔

هَرَأَ يَهْرَأُ هَرْءًا فِيْ مَنْطِقِهِ: بہت فحش گوئی کرنا۔ بہت غلطی کرنا (...... هَرْءًا وهَرَاءَةً) البَرْدُ فُلانًا: ہلاک کرنے والی سخت سردی پڑنا۔ هَرَأَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا سخت سرد ہونا...... اللَّحْمَ: گوشت کو بہت پکانا۔

هَرِئَ (س) هَرْءًا وهُرْءًا وهُرُوْءًا اللَّحْمُ: گوشت کو بہت پکا ہوا ہونا۔

هُرِئَتِ المَوَاشِيْ: مویشی کا سردی یا گرمی سے ہلاک ہونا۔ صفت مَهْرُوْءَةٌ.

هَرَّأَ تَهْرِئَةً اللَّحْمَ: گوشت گلا ہوا پکانا......

البَرْدُ المَاشِيَةَ: بدحال کر دینا۔

أَهْرَأَ إِهْرَاءً البَرْدُ: ہلاک کرنے والی سخت سردی پڑنا...... اللَّحْمَ: گوشت گلا ہوا پکانا...... فُلانٌ فُلانًا: قتل کرنا...... الكَلامَ وفِي الكَلامِ: بہت بولنا اور بے ہودہ بولنا۔

تَهَرَّأَ اللَّحْمُ: گوشت گلا ہوا پکنا۔ تَهَرَّأَتِ المَاشِيَةُ: مویشی کا سردی کی وجہ سے بدحال ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَرَأَ البَرْدُ المَاشِيَةَ فَتَهَرَّأَتْ" جانور پر سخت سردی پڑی جس سے وہ بدحال ہوگیا۔

الهُرَاءُ: بے ہودہ وغیر مربوط کلام (...... والهُرَاءُ) بہت اور بیہودہ بکنے والا۔ اِمْرَأَةٌ هُرَاءَةٌ وهُرَأَةٌ: بہت اور بیہودہ بکنے والی عورت۔

الهِرَاء: درخت خرما کا پودا۔

الهَرِيْءُ: بہت پکا ہوا گوشت جو ہڈی سے علیحدہ ہو جائے۔

الهَرِيْئَة: مؤنث الهَرِي: سخت سردی کا وقت کہا جاتا ہے "هٰذِهِ قُرَّةٌ لَهَا هَرِيْئَةٌ" یہ ایسی ٹھنڈک ہے کہ جس میں لوگوں کو اور جانوروں کو تکلیف پہنچتی ہے اور مر جاتے ہیں۔

المُهْرَأ: مفع۔ پکا ہوا گوشت۔

هَرَبَ (ن) هَرَبًا وهُرُوْبًا ومَهْرَبًا وهَرَبَانًا: بھاگنا...... فِيْ مَشْيِهِ: تیز چلنا...... فِي الأَرْضِ: دُور تک جانا...... فِي الأَمْرِ: مبالغہ کرنا۔

هَرِبَ (س) هَرَبًا الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔

هَرَّبَهُ: بھگانا۔

أَهْرَبَ الرَّجُلُ: گھبرا کر یا بغیر گھبرائے ہوئے بھاگنے کی کوشش کرنا۔ دُور تک جانا۔ ...... فُلانٌ فُلانًا: بھاگنے پر مجبور کرنا۔

أَهْرَبَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا غبار اُڑانا۔

تَهَارَبُوْا: باہم مل کر بھاگنا۔

الهَارِب: فا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ هَارِبٌ ولا قَارِبٌ" نہ اس سے کوئی بھاگنے والا ہے نہ قریب جانے والا یعنی وہ ناکارہ ہے۔

المَهْرَب: مص۔ بھاگنے کی جگہ، کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَنَا مَهْرَبٌ" یعنی فلاں شخص ایسا ہے جس کے پاس سختیوں میں ہم بھاگ کر جاتے ہیں۔

هَرْبَجَ هَرْبَجَةً الأَمْرَ: بُرے طریقہ سے کرنا۔

الهَرَابِذَة: ہندوؤں کے بڑے بڑے لوگ بقول بعض ہندوؤں کے پنڈت، آتش پرستوں کی آگ کا خادم۔ واحد هِرْبِذٌ.

الهَرْبَذَة: دلکی سے آہستہ چال۔

الهُرْبُع: چست وچالاک چور، ہلکا پھلکا بھیڑیا ج هَرَابِع.

هَرَتَهُ (ن ض) هَرْتًا بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ هَرَتَ اللَّحْمَ: گوشت گلا کر پکانا...... الثَّوْبَ: کپڑا اپھاڑنا...... عِرْضَ فُلانٍ: آبرو ریزی کرنا۔

هَرِتَ (س) هَرَتًا الشَّيْءُ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَرِتَ شِدْقُهُ: اس نے اپنی باچھیں کھولیں۔ أَهْرَتَ اللَّحْمَ: گوشت گلا کر پکانا۔

الهَرِت والهَرّات والهَرُوْت والهَرِيْت: شیر۔

الهَرِيْت: کشادہ۔ کشادہ باچھوں والا۔ راز کو نہ چھپانے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔

الأَهْرَت: کشادہ باچھوں والا۔ کہا جاتا ہے "أَسَدٌ أَهْرَتُ وأُسُوْدٌ هُرْتٌ".

المُتَهَارِت: بہت بکواس کرنے والا۔

المُهَرَّت: مفع شیر۔ كِلابٌ مُهَرَّتَةُ الأَشْدَاقِ: چوڑی باچھوں والے کتے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَهْرُوْتُ الفَمِ" وہ چوڑی باچھوں والا ہے۔ ج مَهَارِيْت.

أَسَدٌ مُنْهَرِتُ الشِّدْقِ: چوڑی باچھوں والا شیر۔

الهِرْث: پرانا کپڑا۔

الهَرثَم والهُراثِم: شیر۔
الهَـرثَـمَةُ: کتے کے نتھنوں کے درمیان کی سیاہی۔شیر۔
هَرَجَ (ض) هَـرْجًا النَّاسُ: فتنہ وفساد میں پڑنا......الـبَـابَ: دروازہ کھلا ہوا چھوڑنا...... الــفَــرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا......فِــي الْحَدِيْثِ: بے جوڑ اور بہت باتیں کرنا۔
هَرِجَ (س) هَـرَجًا الـرَّجُلُ: گرمی یا چلنے سے سانس چڑھنا۔
هَـرَّجَ بِـالسَّبُعِ: ڈانٹنا۔ڈرانا......الـنَّـبِيْذُ فُلَانًا: مست کر دینا۔عوام کہتے ہیں۔"هَرَّجَ فِي الْحَدِيْثِ" اس نے ہنسی کی باتیں کیں۔
تَهَارَجَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِنْهَرَجَ فُلَانٌ مِنَ النَّبِيْذِ: مست ہونا۔
اِسْتَهْرَجَ لَـهُ الرَّاْئُ: رائے کا قوی اور ہمہ گیر ہونا۔
الهَرْج: مص۔فتنہ وفساد۔آشوب۔
الهُرْج: بیوقوف۔ہر چیز سے کمزور۔
الهِـرْجَة. هَـرَجَ: کا اسم نوع۔نرم کمان ج هِرَج.
الهَـرَّاج: اسم مبالغہ۔فَـرَسٌ هَـرَّاجٌ: بہت دوڑنے والا گھوڑا۔
الهَـرَّاجَة. الهَرَّاج: کا مؤنث۔بے جوڑ اور بہت باتیں کرنے والی جماعت۔
فَـرَسٌ مِهْـرَجٌ ومِهْرَاجٌ: بہت دوڑنے والا گھوڑا۔
الهِـرْجَـاب والهِـرْجَـبٌ: لمبا۔ج هَرَاجِيب.
الهِرْجِشَة: عمر رسیدہ اُونٹنی۔
الهِرْجَع: لمبا لنگڑا۔
الهُرْجَفّ: مرد سست ونرم۔
هَرْجَلَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑکھڑانا۔دور دور قدم رکھنا۔
الهَـرَاجِيْل: لمبے لمبے لوگ۔موٹے موٹے اونٹ۔
الهِرْجَل: لمبے قدم ڈالنے والا ج هَرَاجِل.
هَـرَدَهُ (ض) هَـرْدًا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔پھاڑنا۔هَـرَدَ الـلَّـحْمَ: گوشت کو گلا کر پکانا......الشَّيْئَ: قادر ہونا......عِـرْضَـهُ: بے آبروئی کرنا......الشَّيْئَ: خراب کرنے کیلئے پھاڑ ڈالنا۔
هَرِدَ (س) هَـرَدًا اللَّحْمُ: گوشت کا گل کر پکنا۔
هَـرَّدَ: زرد رنگا ہوا کپڑا پہننا......الـلَّـحْـمَ: گوشت کو گلا کر پکانا۔کہا جاتا ہے "هَـرَادَ الشَّيْئَ يُهَرِيْدُهُ هِـرَادَةً" بمعنیٰ اَرَادَ يُرِيْدُ اِرَادَةً: ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے جیسے اَرَاق وهَرَاق میں۔
الهَرْد: مص۔فتنہ وفساد۔
الهِـــرْد: شتر مرغ۔مرد بے وقار وبے اعتبار۔
الهُرْد: زرد کرکم۔سرخ مٹی، ہلدی۔
الهِرْدِيّ والهِرْدَاء: ایک قسم کی گھاس۔
الهُرْدِيّ: ہلدی سے رنگا ہوا۔
رَجُلٌ اَهْـرَد الشِّدْق: چوڑی باچھوں والا مرد۔
المَهْرُوْد. هُرد: سے رنگا ہوا زرد کپڑا۔
هَرْدَبَ هَرْدَبَةً: سست دوڑنا۔
الهِرْدَبَّة: بڑھیا۔بزدل۔بڑے پیٹ والا۔
هَرْدَجَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔
الهِرْدِشَة: عمر رسیدہ اُونٹنی وبھیڑ، بڑھیا۔
هَـرَزَهُ (ض) هَـرْزًا: سختی سے چھونا۔لکڑی سے مارنا۔
هَـرِزَ (س) هَـرَزًا وهُـرُوْزًا: ہلاک کرنا۔مرنا۔
تَهَـرْوَزَ مِـنَ الْـجُوْعِ: بھوک سے ہلاک ہونا۔
هَـرَسَ (ن) هَـرْسًـا الشَّيْئَ: سخت کوٹنا۔الطَّعَامَ: بہت کھانا۔
هَـرِسَ (س) هَـرَسًـا: بہت کھانے والا۔چھپا کر کھانا۔
الهَـــرَّاسُ: بڑے کانٹوں کا ایک درخت واحد هَـــرَّاسَة. هَـــرَّاسَةُ الْـقَـوْمِ: قوم کی عزت۔قوم کا سخت حملہ کہا جاتا ہے "لِبَنِي فُلَانٍ هَرَّاسَةٌ" فلاں کی اولاد کے لئے عزت وقہر ہے جس سے وہ اپنے دشمنوں کو جاہ کرتے ہیں۔
الهَرَّاس: بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الهَرْس: مص۔بلی۔
الهِـرْس: بلی۔پرانا کپڑا۔بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔مَكَانٌ هَرِسٌ: ہر اس درخت اُگانے والی جگہ۔مؤنث هَرِسَةٌ.
الْاَهْـرَس: سخت گرانبار۔بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الهَرَّاس: اسم مبالغہ۔بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر، ہریسہ بنانے والا، ہریسہ بیچنے والا۔
الهَـرِيْس: باریک کوٹا ہوا(...... والهَرِيْسَة) ایک قسم کا کھانا جو گوشت اور کوٹے ہوئے گیہوں کو ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
رَجُلٌ مِهْرَسٌ: بہت کھانے والا۔
الـمِهْـرَاس: ہاون۔الـمِهْـرَاس: پتھر کا ہاون۔اوکھلی۔بہت کھانے والا اُونٹ۔بھاری جسم کا اُونٹ۔مرد جورات میں چلنے سے نہ ڈرے۔ج مَهَارِيْس.
هَرَشَ (ن ض) هَرْشًا الدَّهْرُ: زمانہ کا سخت ہونا۔
هَرِشَ (س) هَرَشًا: بدخلق ہونا۔
هَـرَّشَ بَيْنَ الْـكِلَابِ: کتوں کے درمیان بھڑکانا......بَيْـنَ الـنَّـاسِ: لوگوں میں فساد ڈالنا۔
هَـارَشَ مُهَـارَشَةً وهِرَاشًا بَعْضَ الْكِلَابِ عَلٰـى بَعْضِهَـا: بعض کو بعض پر بھڑکانا...... فُلَانٌ فُلَانًـا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
تَهَـارَشَـتْ واهْتَـرَشَـتِ الْكِلَابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَهَرَّشَ الْغَيْمُ: بادل کھل جانا۔
الهِرَاش. هَارَش: کا مصدر، جھگڑا۔مقاتلہ۔

الهَرِش: سخت عادت والا۔ اکھڑ۔
المُهَارِش: فا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مُهَارِشُ الْعِنَانِ" ہلکی لگام والا گھوڑا۔
الهِرْشَبَّة: بہت بڑھیا۔
هَرْشَفَت واهْرَشَفَت. الهِرْشَفَّةُ: دوات کے صوف کا سوکھ جانا۔
الهِرْشَفُ مِنَ الرِّجَالِ: دبلا بوڑھا۔ بہت پینے والا۔ بہت بڑھیا۔
الهِرْشَفَّة: بہت بڑھیا۔ بوڑھی اونٹنی۔ دوات کا خشک شدہ صوف۔
هَرِصَ (س) هَرَصًا: خشک خارش والا ہونا۔
هَرَصَ الرَّجُلُ: خشک خارش کی وجہ سے بدن کا بھبک اٹھنا۔
الهَرَص: مص۔ کیڑا۔ خشک خارش۔
الهَرِيصَةُ: پانی جمع ہونے کی جگہ۔
هَرَضَ (ن) هَرْضًا الثَّوْبَ: کپڑا اپھاڑنا۔
هَرِضَ (س) هَرَضًا: خشک خارش والا ہونا۔
هَرَّضَ الرَّجُلُ: خشک خارش کی وجہ سے بدن کا بھبک اٹھنا۔
هَرَطَ (ن) هَرْطًا عِرضَ فُلَانٍ وفِي عِرْضِهِ: آبروریزی کرنا۔۔۔۔۔فِي الْكَلَامِ: غیر مربوط اور بیہودہ کہنا۔
هَرِطَ (س) هَرَطًا: بیماری وغیرہ کی وجہ سے ڈھیلے گوشت والا ہونا۔
الْهَرْطَقَة: عیسائیوں کے نزدیک دین میں بدعت اس کی نسبت۔ ہرطوقی۔
تَهَارَطَا: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
الهَرْط: مص (۔۔۔۔۔ والهِرْط) بہت دبلا گوشت۔ متمول مرد۔ دبلی بوڑھی بھیڑ۔ نَاقَةٌ هِرْطٌ: عمر رسیدہ اونٹنی۔ ج اَهْرَاط وهُرُوْط
الهِرْطَة: دبلی بوڑھی بھیڑ۔ بیوقوف۔ بزدل۔ کمزور ج هِرَط
الهَيْرَط: نرم۔ الهِرْطَال: لمبے قد والا۔
الهُرْطُمَان: ایک قسم کا غلہ۔
هَرَعَ (ف) هَرَعًا اِلَيْهِ: اضطراب کے ساتھ جلدی کرنا۔
هَرِعَ (س) هَرَعًا الدَّمُ: خون کا جلدی بہنا۔
الرَّجُلُ: تیز رفتار یا جلدی رونے والا ہونا۔
هَرَّعَ الْقَوْمُ الرِّمَاحَ: قوم کا نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
هَرَّعَ وهُرِّعَ الرَّجُلُ: چلنے میں جلدی کرنا۔
اَهْرَعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔۔۔۔۔الْقَوْمُ رِمَاحَهُمْ: نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
اُهْرِعَ الرَّجُلُ: خفیف العقل ہونا۔ غصہ یا کمزوری یا خوف یا سردی سے کانپنا۔ جلدی دوڑایا جانا۔ صفت مُهْرَعٌ اور کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ الشَّيْخُ يُهْرَعُ" بڈھا مضطرب ہو کر دوڑنے لگا۔
تَهَرَّعَتِ الرِّمَاحُ: نیزوں کا سیدھا ہونا۔
تَهَرَّعَ اِلَيْهِ: جلدی کرنا۔
اِهْتَرَعَ الْعُوْدَ: لکڑی توڑنا۔
اُسْتُهْرِعَتِ الْاِبِلُ: حوض کی طرف دوڑنا۔
الهُرَاع: اضطراب کے ساتھ تیز رفتاری۔ تیز ہانکنا۔
الهَرَع: مص۔ اضطراب کی چال۔ تیز ہانکنا۔
الهَرِع: جلدی بہنے والا خون۔ رَجُلٌ هَرِعٌ: جلدی رونے والا۔ تیز رفتار۔ مؤنث هَرِعَةٌ.
الهَرْعَة والهَرَعَة: جوں کے مانند ایک کیڑا۔ یا چھوٹی جوں اور بقول بعض بڑی جوں۔
الهَرِيعَة: باریک ٹہنیوں والا درخت۔
المُهْرِع والمِهْرَاع: شیر۔
المَهْرُوْع: پاگل۔ محنت و مشقت سے درماندہ۔
المُهْرَع: مفح۔ لالچی۔
الهَيْرَع: بزدل' بے وقوف' جلد باز۔ چست عورت رِيحٌ هَيْرَعٌ وهَيْرَعَةٌ: تیز چلنے والی ہوا جو مٹی اڑائے۔
الهَنْبَرَعَة: چرواہے کی بانسری اور اس کو هَرَاعَه بھی کہتے ہیں۔
الهَرَاعِلَة: کمینے لوگ۔
هَرَفَ (ض) هَرْفًا بِفُلَانٍ کسی پر تعجب کرتے ہوئے مدح میں مبالغہ کرنا۔ بغیر جانے بوجھے مدح کرنا اور اسی سے ہے "لَا تَهْرِفْ بِمَا لَا تَعْرِفُ" جس کو تم جانتے نہیں اس کی مدح مت کرو۔ هَرَفَتْهُ الرِّيحُ: ہوا کا اڑا دینا۔ وهَرَفَ السَّبُعُ: درندے کا لگاتار آواز نکالنا۔
هَرَّفَت تَهْرِيفًا النَّخْلَةُ: جلدی پھل دار ہونا۔
هَرَّفَ الْقَوْمُ اِلَى الصَّلٰوةِ: نماز کیلئے جلدی کرنا۔
اَهْرَفَتِ النَّخْلَةُ: جلدی پھل دار ہونا۔
اَهْرَفَ الرَّجُلُ: مال نامی کا مالک ہونا۔
هَرَقَ (ف) هَرْقًا واَهْرَقَ الْمَاءَ: پانی گرانا۔
هَرَّقَ الْمَاءَ: پانی گرانا (تشدید کثرت کے لئے ہے) اور کہا جاتا ہے (هَرِّقْ عَلٰى جَمْرِكَ) یعنی اپنی جگہ پر قائم رہو' یہ ایک مقولہ ہے جو غضبناک آدمی سے کہا جاتا ہے مقصد یہ ہے کہ اپنے غصہ کی آگ کو بجھاؤ۔
هَرَاقَ الْمَاءَ يُهَرِيقُهُ هِرَاقَةً: گرانا۔ اس کی اصل "اَرَاقَهٗ يُرِيْقُهٗ اِرَاقَةً" ہے۔ ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے اور هَرَاقَه کی اصل هَرِيقَه دَحْرَجَه کے وزن پر ہے اور اسی وجہ سے مضارع میں "يُهَرِيقُهٗ" کی ہا کو فتحہ دیا جاتا ہے جیسا کہ يُدَحْرِجه میں داخل کو' اور امر کا صیغہ هَرِقْ کی اصل هَرِيقْ ہے دَحْرِج کے وزن پر' ثقالت کی وجہ سے یا کے کسرہ کو نقل کر کے اجتماع ساکنین کی وجہ سے یا کو حذف کر دیا گیا۔ تثنیہ کا صیغہ هَرِيقَا اور جمع کا هَرِيقُوْا اور کہا جاتا ہے "هَرِيقُوا عَلَيْكُمْ اَوَّلَ اللَّيْلِ" وہ لوگ تمہارے پاس ابتدائی رات میں آئے۔
اور کبھی ہاء اور ہمزہ دونوں کو جمع کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "اَهْرَاقَه يُهْرِيقُهٗ اِهْرَاقَه"

سکون ہاء سے گویا کہ ہمزہ یاء کی حرکت کی عوض میں بڑھا دیا گیا ہے اور اسی وجہ سے اس زیادتی سے فعل خماسی نہیں ہوتا۔ اسم فاعل کا صیغہ مُهْرِيْقٌ اور اسم مفعول مُهْرَاقٌ ومُهَرَاقٌ.

تَهَارَقُوْا: بعض کا بعض پر پانی گرانا۔

اِهْرَوْرَقَ اِهْرِيْرَاقًا الدَّمْعُ والْمَطَرُ: آنسو یا بارش کا جاری ہونا۔

الهِرَقُ: پرانا کپڑا۔

الْمُهْرَقُ. اَهْرَقَ: کا اسم مفعول۔ صحیفہ۔ سفید ریشم کا کپڑا جس کو گوند سے چکنا کر کے لکھنے کے کام میں لاتے ہیں۔ چٹیل بیابان۔ کپڑا یا کاغذ چکنا کرنے کا آلہ۔ ج مَهَارِق.

الْمُهْرَقَانُ والْمَهْرَقَانُ والْمُهْرُقَانُ: سمندر۔ کنارۂ سمندر جہاں پانی چڑھے اور پھر اُتر جائے اور کوڑیاں باقی رہ جائیں۔

مَطَرٌ مُهْرَوْرِقٌ: موسلا دھار بارش۔

هَرْكَلَ هَرْكَلَةً: سُست اور ناز سے چلنا۔

جَمَلٌ اور رَجُلٌ هَرَاكِلُ: موٹا اور بڑے جسم کا اُونٹ یا مرد۔

الهَرَاكِلَةُ: بڑی بڑی مچھلیاں آبی کتے۔ بڑے چوڑ والے دریائی جانور۔ سمندر کی موجوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ واحد هِرْكَلٌ.

الهَرْكَلَةُ والهِرْكِلَةُ والهِرْكُلَةُ والهِرْكَوْلَةُ والهِرْكِيْلُ: خوبصورت اندام خوش رفتار عورت۔ بڑے سرین والی عورت۔

الهِرْكَلَةُ: خرام ناز۔

الهِرَلُ: پہلے شوہر کا بیٹا۔

هَرِمَ (س) هَرَمًا ومَهْرَمًا ومَهْرَمَةً: کمزور ہونا اور بہت بوڑھا ہونا۔ صفت هَرِمٌ ج هَرِمُوْنَ وهَرْمَى مؤنث هَرِمَةٌ ج هَرِمَاتٌ وهَرْمَى.

هَرَّمَهُ الدَّهْرُ: بہت بوڑھا کر دینا۔ هَرَّمَ فُلاَنًا: تعظیم کرنا...... اللَّحْمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا کہا جاتا ہے "جاءَ فُلاَنٌ يُهَرِّمُ عَلَيْنَا الاَمْرَ او الخَبَرَ" فلاں آیا اور ہمارے سامنے معاملہ کو یا خبر کو بڑا کر کے بیان کرتا ہے۔

اَهْرَمَهُ الكِبَرُ: بہت بوڑھا کرنا۔ کمزور کر دینا۔

تَهَارَمَ الرَّجُلُ: بتکلف اپنے آپ کو بوڑھا ظاہر کرنا۔

اِسْتَهْرَمَهُ: بہت بوڑھا سمجھنا۔ بہت بوڑھا پانا۔

الهَرْمُ: ایک قسم کی ترشی مائل نمکین گھاس۔ واحد هَرْمَةٌ کہا جاتا ہے "هُوَ اَذَلُّ مِنْ هَرْمَةٍ" وہ ہرمہ گھاس سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔

الهَرَمُ: بہت بڑھاپا۔ نفس وعقل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لاَ تَدْرِيْ بِمَا يُوْلَعُ هَرِمُكَ" تم نہیں جانتے ہو تمہارا نفس کس چیز پر فریفتہ ہے۔ قَدَحٌ هَرِمٌ: ٹوٹا ہوا۔ الهَرِمُ: عمدہ رائے۔

الهَرَمُ: مص۔ انتہائی بڑھاپا۔

الهَرَمُ عِنْدَ اَرْبَابِ المَسَاحَةِ: مخروطی شکل کی عمارت جس کی کرسی مثلث یا مربع یا بہت اضلاع والی ہو۔ ج اَهْرَامٌ وهِرَامٌ اور اسی سے "اَهْرَامِ مِصْرَ" ہے جو اس لئے بنائے گئے تھے تا کہ بادشاہوں کے مدفن کا کام دیں۔

اَلْهَرَمُ ج اهرام و هرام (ھ): وہ جسم جس کے تین حصے اور سر ایک ہو اور ضلع ان تین حصوں والے جو اس سر کے مقابل ہوں سے بنتا ہے۔ مشترک راس ہرم کا راس ہے۔ اور مثلثات ہرم کے اطراف جانبی ہیں اور ضلع ہرم کا قاعدہ ہے اور ہرم ثلاثی رباعی اور رخماسی ہوتا ہے جب اس کا قاعدہ مثلث، مربع یا خماسی ہو۔

الهِرْمِيُّ: خشک لکڑی۔

الهِرْمَانُ: عقل۔ عمدہ رائے۔

اِبْنُ هَرْمَةَ: غیر منصرف۔ بڈھے بڈھیا کی آخری اولاد۔

الهَرِمَةُ الهَرِمِ: کا مؤنث [illegible]

الهَرُوْمُ: بدعادت۔ خبیث عورت۔

المَهْرَمَةُ: مص۔ انتہائی بڑھاپا۔

الهَرَامِيْتُ: پرانے کنوئیں۔

هَرْمَزَ هَرْمَزَةً الرَّجُلُ: کمینہ ہونا۔ آہستہ چبانا۔ ساتھی سے چھپا کر گفتگو کرنا ......

اللُّقْمَةَ: لقمہ چبانا اور منہ میں پھرانا اور نہ نگلنا ......النَّارُ: آگ کا بجھنا۔

هَرْمَسَ هَرْمَسَةً وَجْهُهُ: تیوری چڑھانا۔

الهَرْمَسَةُ: مص۔ لوگوں کا شور وچیخ۔

الهَرَامِسَةُ: ماہرین علم نجوم۔

الهُرْمُوْسُ: مضبوط رائے والا۔ تجربہ کار چالاک۔

الهُرَامِسُ: لوگوں پر سخت حملہ کرنے والا شیر۔

الهِرْمَاسُ: سخت حملہ کرنے والا شیر۔ چیتے کا بچہ۔

الهِرْمِيْسُ: سخت حملہ کرنے والا شیر۔ گینڈا۔

هَرْمَطَ عِرْضَهُ: بے آبروئی کرنا۔

اِهْرَمَّعَ اِهْرِمَّاعًا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ جلدی رونے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِهْرَمَّعَتِ الْعَيْنُ" جب کہ آنکھوں سے آنسو جلد نکل پڑے۔

فِيْ مَنْطِقِهِ: بہت بولنا۔ اِهْرَمَّعَ اِلَيْهِ: بتکلف رونا۔

الهِرْمَعُ: جلدی رونے والا۔ چال میں سرعت دکھی۔

هَرْمَلَ هَرْمَلَةً: بال اُکھیڑنا..... هَرْمَلَ الشَّعْرَ والوَبَرَ والرِّيْشَ: اکھیڑنا۔ کاٹنا۔

هَرْمَلَ عَمَلَهُ: بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ هَرْمَلَتِ العَجُوْزُ: بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہونا......

الوَبَرُ: اُونٹ کے بالوں کا گرنا۔

الهِرْمِلُ: بوڑھی اونٹنی۔ عمر رسیدہ عورت۔

الهُرْمُوْلُ: بالوں کا کچھ حصہ جو سر کے اطراف میں باقی رہ جائے ج هَرَامِيْلُ.

الهُرْمُوْلَةُ: کپڑے کا ٹکڑا جو پرانے کرتے کے دامن سے پھٹ جائے۔

هَرْنَفَ هَرْنَفَةً: آہستہ ہنسنا۔

المُهَرْنِفَة: کمزور آواز والی۔ بہت سے کم سست آواز والی۔
هَرْهَرَ هَرْهَرَةً الشَّيْءَ: حرکت دینا...... الرَّجُلُ: بے فائدہ ہنسنا...... بِالْغَنَمِ او الإِبِلِ: بکریوں یا اُونٹوں کو پانی پر بلانا یا گھاٹ پر لے جانا...... عَلٰى فُلَانٍ: دست درازی کرنا...... الضَّأْنُ: بھیڑ کا ممیانا(...... وَتَهَرْهَرَتِ) الرِّيحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔
الهِرْهِرُ: بوڑھی بکری۔
الهَرْهَرَة: مص۔ لڑائی میں ہندوؤں کے شور وغل کی نقل۔ بھیڑ کی آواز۔ هَرْهَرَةُ الأَسَدِ: شیر کے دہاڑنے کی گونج۔
الهُرْهُرَة: انگور کی بیل کی جڑ میں انگور کا گرا ہوا دانہ۔
الهُرَاهِر: بہت دودھ اور پانی۔ شیر۔ ج هَرَاهِر.
الهَرْهَار: بہت دودھ اور پانی۔ بے فائدہ ہنسنے والا۔ دبلا گوشت۔ شیر۔
الهُرْهُور: بہت دودھ اور پانی۔ آواز دینے والا جاری پانی۔ ایک قسم کی کشتی۔ انگور کا بکھرا ہوا دانہ۔ بوڑھی بکری۔
الهِرْهِير: ایک قسم کی مچھلی۔ ایک خبیث قسم کا سانپ۔
هَرَاهُ يَهْرُوهُ هَرْوًا وتَهَرَّاهُ تَهَرِّيًا: لاٹھی سے مارنا۔ ڈنڈے سے مارنا۔
الهِرَاوَة: موٹا ڈنڈا۔ سونٹا۔ ج هَرَاوَى وهُرِيٌّ وهِرِيٌّ.
الهَرَّاء: ہروی کپڑوں کو بیچنے والا۔
هَرَاة: خراسان کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لئے هَرَوِيٌّ.
هَرْوَلَ: تیز چلنا۔ دوڑنا۔
هَرَاهُ يَهْرِيهِ هَرْيًا: ڈنڈے سے مارنا۔
هَرَّى تَهْرِيَةً الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگنا۔
هَارَاهُ مُهَارَاةً: باہم ٹھٹھا کرنا۔
الهِرَاء: کھجور کا پودہ۔
الهُرْيُ: گیہوں وغیرہ جمع کرنے کا بڑا مکان ج أَهْرَاء.
هَزَّ(ن) هَزًّا الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ: ہلانا...... مِنْ عِطْفِ فُلَانٍ: کام کے لئے اُبھارنا۔ هَزَّ بِهِ السَّيْرُ: سیر کی وجہ سے جلدی چلنا(...... هَزِيزًا) الإِبِلَ: اُونٹ کو حدی سے نشاط میں لانا...... الكَوْكَبُ: ستارہ کا ٹوٹنا۔
هَزْهَزَهُ تَهْزِيزًا: ہلانا۔
اِهْتَزَّ: ہلنا...... الإِبِلُ: اُونٹ کا حدی کی آواز سے چلنے میں جھومنا۔ اِهْتَزَّ إِلَيْهِ قَلْبُهُ: خوش ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَهْتَزُّ لِلْمَعْرُوفِ" وہ اچھے اعمال سے خوش ہوتا ہے...... المَاءُ فِي جَرَيَانِهِ: پانی کا رواں ہونا...... الكَوْكَبُ فِي انْقِضَاضِهِ: ستارہ کا جلدی ٹوٹنا...... الأَرْضُ: اُگانا...... النَّبَاتُ: لہلہانا اور بڑھنا۔
تَهَزَّزَ: ہلنا۔ جھومنا۔
الهَزَّة. هَزَّةٌ: کا اسم مرۃ۔ اِمْرَأَةٌ هَزَّةٌ: برائی سے خوش ہونے والی عورت۔ جمع نِسَاءٌ هَزَّات.
الهِزَّة. هَزٌّ: کا اسم نوع۔ نشاط وشادمانی۔ ہانڈی کے جوش کی آواز۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ اونٹوں کی چال کی ایک قسم۔ انبساط ونہالی فرحت۔
الهَزِيز: مص۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ ہوا کی سرسراہٹ۔
الهَزَائِز: سختیاں (اس کے لئے واحد نہیں)
المَهَزّ والمَهَزَّة: حرکت۔
هَزَأَهُ يَهْزَأُهُ هَزْءًا: توڑنا۔ هَزَأَ إِبِلَهُ: سردی سے مار ڈالنا...... رَاحِلَتَهُ: ہلانا۔ هَزَأَ زَيْدٌ: مرنا۔
هَزَأَ وهَزِئَ يَهْزَأُ هَزْأً وهُزْءًا وهُزُءًا وهُزُوءًا ومَهْزَأَةً بِفُلَانٍ ومِنْهُ: ٹھٹھا کرنا۔
هَزِئَ(س) هَزْءًا: مرنا۔
أَهْزَأَ إِهْزَاءً: سخت سردی میں داخل ہونا۔ ...... إِبِلَهُ: سردی سے مار ڈالنا۔ أَهْزَأَتْ بِهِ دَابَّتُهُ: جلدی لے جانا۔
تَهَزَّأَ تَهَزُّءًا وتَهَازَأَ تَهَازُؤًا واسْتَهْزَأَ اِسْتِهْزَاءً: ٹھٹھا کرنا۔
الهَازِئ: فا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ مَفَازَةٌ هَازِئَةٌ بِالرَّكْبِ وهَزَّاءَةٌ بِهِمْ" یہ بیابان دشوار گزار ہے۔ و"غَدَاةٌ هَازِئَةٌ" بہت ٹھنڈی صبح۔
رَجُلٌ هُزْأَةٌ: جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ هُزْأَةٌ بَيْنَ النَّاسِ" یعنی لوگ اس سے ٹھٹھا کرتے ہیں۔
رَجُلٌ هُزَأَةٌ: لوگوں سے ٹھٹھا کرنے والا مرد۔
الهَوْزَب: مضبوط وقوی اُونٹ۔ بڑی عمر کا اونٹ۔ گدھ۔
الهَيْزَب: مضبوط شیر۔
هَزْبَرَة: کاٹنا۔
الهِزَبْر والهِزَبْر والهُزَابِر: شیر۔ الهِزَبْر: موٹا۔ مضبوط قوی۔ ج هَزَابِر.
هَزْبَلَ هَزْبَلَةً: بہت محتاج ہونا۔
الهَزْبَلِيل: بہت تھوڑا سا۔
هَزِجَ (س) هَزَجًا المُغَنِّي فِي غِنَائِهِ: گویئے کا سُر سے گانا یا پڑھنا۔ بحرِ ہزج کے اشعار پڑھنا۔
هَزَّجَ: سُر سے گانا...... صَوْتَهُ: پے در پے آواز نکالنا۔
أَهْزَجَ الشَّاعِرُ: بحر ہزج کے اشعار بنانا۔
تَهَزَّجَ: سُر سے گانا...... الصَّوْتُ: پے در پے ہونا۔ تَهَزَّجَتِ القَوْسُ: آواز نکالنا۔ الرَّعْدُ: بادل کا گڑگڑانا۔
الهَزَج: مص۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ ترانہ۔ سُر۔ طرب انگیز آواز۔ ہر کلام جو متناسق ہو۔ اشعار کی ایک بحر کا نام۔ جانوروں کی ٹانگ پڑنے کی سرعت اور خفت۔
الهَزِج: طرب انگیز۔ کہا جاتا ہے "مُغَنٍّ هَزِجٌ" طرب انگیز گوتا۔ فَرَسٌ هَزِجٌ: گھوڑا جس کی ٹانگ جلدی اور ہلکی پڑے۔
الهَزِيج مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔
الأُهْزُوجَة: ترنم آمیز گیت ج أَهَازِيج.

هزرہ (ض) هَزْرًا بالعَصَا: ڈنڈے سے بہت مارنا۔ هَزَرَ الشَّيْءَ: سخت چھونا...... فلانًا: جلا وطن کرنا۔ صفت مفعولی مَهْزُوْرٌ وهزِيْرٌ...... بِهِ الْاَرْضَ: پچھاڑنا...... لِفُلَانٍ: بہت دینا...... الرَّجُلُ: ہنسنا۔ حاجت کے لئے جلدی کرنا...... اَلْبَائِعُ: گراں کرنا۔ قیمت بڑھا دینا۔

الهَزَار: بلبل۔ ہزار داستان ج هَزَارَات.

الهِزْر: نقصان زدہ۔ بیوقوف۔ سخت۔

الهَزْرَة والهِزْرَة: نرم زمین ج هَزَارَات

الهُزَرَة: کاہلی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوهَزَرَاتٍ" ہر چیز میں نقصان زدہ مرد۔

رَجُلٌ مِهْزَرٌ: ہر چیز میں نقصان زدہ مرد۔

هُزْرِفَ فِي عَدْوِهٖ: تیز دوڑنا۔

الهُزْرَاف والهُزَارِف والهُزْرُوف والهِزْرَوْف: تیز رفتار ہلکا پھلکا شتر مرغ۔

الهُزْرُوْف: بڑے جسم والا۔

هَزَعَ (ف) هَزْعًا: جلدی کرنا...... الشَّيْءَ: توڑنا۔

هَزَّعَهٗ تَهْزِيْعًا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَهَزَّعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ لَهٗ: اپنے کو ناشناختہ بنانا۔ تَهَزَّعَتِ الْمَرْاَةُ فِيْ مِشْيَتِهَا: ڈگمگانا...... الْاِبِلُ فِيْ سَيْرِهَا: اونٹ کا چلتے ہوئے جھومنا۔

اِنْهَزَعَ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔

اَهْتَزَعَ: جلدی کرنا۔ جھڑکنا...... السَّيْفُ ونَحْوُهٗ: تلوار وغیرہ کا حرکت کرنا۔

الهَزَع: اضطراب۔

الهِزَاع: اکیلا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الْجَعْبَةِ اِلَّا سَهْمٌ هِزَاعٌ" ترکش میں صرف ایک ہی تیر ہے۔

الهَزَّاع: شکار کو بہت پھاڑنے والا شیر۔

الهُزَع: شکار کو بہت پھاڑنے والا شیر۔

الهَزِيْع مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ یا تہائی یا چوتھائی رات اور بقول بعض رات کی ایک ساعت۔ ج هُزُعٌ. الهَزِيْع: بیوقوف۔

الاَهْزَع: ترکش کا آخری تیر۔ ...... خراب۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ اَهْزَعُ" اس کے پاس کچھ نہیں "وَمَا فِي الدَّارِ اَهْزَعُ" گھر میں کوئی نہیں۔ "وَمَا بَقِيَ فِيْ سَنَامِ بَعِيْرِكَ اَهْزَعُ" تمہارے اونٹ کے کوہان میں بقیہ چربی نہیں۔

الهَيْزَعَة: خوف۔ جنگ میں شور۔

المَهْزَع: درختوں کو توڑنے والا۔ کوٹنے کا آلہ۔

سَيْفٌ مُهْتَزِعٌ: بہت حرکت کرنے والی تلوار۔ فَرَسٌ مُهْتَزِعٌ: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

هَزَفَتْهُ (ض) هَزْفًا الرِّيْحُ: ہلکا پانا۔ اڑا لے جانا۔

هَزِقَ (س) هَزَقًا: چست ہونا...... فِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا۔

اَهْزَقَ فِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا۔

الهَزَق: چستی۔ بجلی۔ بادل کی تیز گڑگڑاہٹ۔

الهَزِق: سخت گرج...... مِنَ الرِّجَالِ: بہت ہنسنے والا اوچھا مرد۔

الهَزِقَة مِنَ النِّسَاءِ: عورت جس کو ایک جگہ پر قرار نہ ہو۔

المِهْزَاق: چنچل عورت، بہت ہنسنے والی۔

رَجُلٌ مِهْزَاقٌ: بہت ہنسنے والا اوچھا مرد۔

هَزَلَ (ن) وهَزِلَ (س) وهُزِلَ هَزْلًا وهُزْلًا وهُزَالًا: کمزور ہونا۔ دبلا ہونا هَزَلَتْ حَالُ فُلَانٍ: تنگ ہونا (هُزَال جسم کی تشبیہ دیتے ہوئے) کہا جاتا ہے "لَهٗ فَضْلٌ جَزِيْلٌ وحَالٌ هَزِيْلٌ" اس کا فضل بہت زیادہ ہے اور حال پتلا ہے۔

هَزَلَ (ض) هَزْلًا فِيْ كَلَامِهٖ: ٹھٹھا کرنا۔ بکواس کرنا۔ بے ہودگی کرنا...... الدَّابَّةَ: دبلا کرنا۔ اچھی طرح نگہبانی نہ کرنے کی وجہ سے کمزور کرنا۔ هَزَلَ الْقَوْمُ: دبلے مویشی والا ہونا...... فُلَانٌ: جانوروں کے مرنے کی وجہ سے محتاج ہونا۔

هَازَلَ مُهَازَلَةً: بیہودگی کرنا...... فلانًا: ٹھٹھا کرنا۔

اَهْزَلَ فُلَانًا: کمزور کرنا (هَزَلَ میں ایک لغت ہے مگر زیادہ فصیح نہیں) کھلاڑی پانا...... القَوْمُ: دبلے مویشی والی ہونا۔ سختی اور تنگی کی وجہ سے اپنے مال کو روک لینا۔

الهُزَال: مص۔ لاغری۔ دبلا پن۔

الهُزَالَة: خوش طبعی۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ بَيْنَهُمَا هُزَالَةٌ" ان کے درمیان خوش طبعی ہے۔

الهَزَّال والهَزِيْل: بہت دبلا۔

الهُزَيْلٰى: شعبدہ باز کا فعل۔

الهَزْلٰى: بہت سانپ (جمع ہے واحد نہیں)

الهَزِيْل: دبلا۔ ج هَزْلٰى.

الهَزِيْلَة. هُزَال: سے اسم مشتق ہے۔ جیسے شَتَمَ سے شَتِيْمَة پھر هَزِيْلَة کا اطلاق اونٹوں میں ہونے لگا۔ ج هَزَائِل وهَزْلٰى.

الهَيْزَلَة: بڑا جھنڈا۔ کہا جاتا ہے "مَضَوْا وفِيْهِمْ هَيْزَلَةٌ" وہ لوگ چلے اور ان کے اندر بڑا جھنڈا تھا۔

المَهْزُوْل: لاغر شدہ ج مَهَازِيْل. اَرْضٌ مَهْزُوْلَةٌ: نرم زمین۔

المَهَازِل: خشک سالیاں۔

هَزْلَجَ هَزْلَجَةً: جلدی کرنا۔

الهِزْلَاج: جلد باز۔ ہلکا پھلکا۔ بھیڑیا۔ ج هَزَالِج.

الهَزْلَجَة: مص۔ آوازوں کا اختلاط۔ جلدی۔

الهَزْلَع: تیز رفتار۔

هَزَمَ (ض) هَزْمًا العَدُوَّ: دشمن کو شکست دینا...... الشَّيْءَ: ہاتھ سے دبا کر گڑھا ڈالنا...... فُلَانًا: ایسی ضرب مارنا کہ سرین سے ناف پر نکل آئے...... القَوْسُ: کمان کا آواز دینا...... لَهٗ حَقَّهٗ: حق کم کرنا...... البِئْرَ: کنواں کھودنا...... فُلَانًا: قتل کرنا (...... هَزْمًا) اللَّيْلُ: سفیدی صبح کا پھٹنا۔

هُزِمَتْ عَلَيْهِ: مہربان بنایا جانا۔

هَــزَمَ الْعَدُوَّ: دشمن کو شکست دینا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے)

تَهَـزَّمَتِ الْقَوْسُ: کمان کا آواز دینا...... الرَّعْدُ: گرجنا...... السُّحُبُ بِالْمَاءِ: آواز کے ساتھ برسنا...... الْقِرْبَةُ: مشک کا خشک ہو کر پھٹنا۔ تَهَزَّمَ الْبِنَاءُ: عمارت کا گر پڑنا۔

اِنْهَزَمَ: شکست کھانا۔ الْعَصَا: لاٹھی کا چڑ چڑا کر ٹوٹنا۔ الْجَيْشُ: شکست کھانا۔ اِهْتَزَمَتِ السَّحَابَةُ بِالْمَاءِ: آواز کے ساتھ برسنا...... الْـفَـرَسُ: گھوڑے کا چلنا اس طرح پر کہ آواز سنائی دے۔ اِهْـتَـزَمَ الشَّاةَ: بکری کو ذبح کرنا...... الشَّئَ: سبقت کرنا۔ جلدی کرنا۔

اِسْتَهْـزَمَ الْـجُيُوْشَ: شکست دینا۔ شکست چاہنا۔ شکست خوردہ پانا۔

الْهَازِمَةُ: مصیبت ج هَوَازِم۔

الْهَزْمُ: مص۔ پست زمین۔ بغیر پانی کے پتلا بادل ج هُزُوْم۔

الْهَزِمُ مِنَ الْخَيْلِ: مطیع۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ هَـزِمٌ وَفَرَسٌ هَزِمُ الصَّوْتِ" بادل کی گرج کے مشابہ آواز والا گھوڑا۔ غَيْـثٌ هَـزِمٌ: موسلا دھار بارش۔

الْهَزِمُ: کمان کی آواز۔

الْهَزْمَةُ: اسم مرۃ۔ سینہ کا گڑھا۔ سیب وغیرہ کا گڑھا جو ہاتھ سے دبانے سے پیدا ہو۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا۔ پست زمین ج هَـزَمٌ وَهُـزَمٌ وَهَـزَمَـاتٌ۔ هُزُوْمُ الْجَوْفِ: پیٹ میں دانہ پانی کی جگہ۔

قِدْرٌ هَزِمَةٌ: بہت اُبلنے والی ہانڈی۔

الْهَزُوْمُ: آواز دینے والی کمان۔ کہا جاتا ہے "قَـوْسٌ هَـزُوْمٌ بَيِّنَةُ الْهَـزَمِ" بہت آواز نکالنے والی کمان۔

الْهَـزِيْمُ: گرج کی آواز۔ گرج۔ سخت آواز والا گھوڑا۔ غَيْثٌ هَزِيْمٌ: نہ رکنے والی بارش جَيْشٌ هَزِيْمٌ: شکست خوردہ لشکر۔

الْهَزِيْمَةُ: شکست ج هَزَائِم۔ الْهَزَائِمُ: بہت پانی والے کنوئیں۔ هَـزِيْمَةُ الْفَرَسِ: سخت دوڑ کے وقت پسینہ کا نکلنا۔

الْهُزَمُ: سخت مضبوط۔ شیر۔

الْهُزَيْمَى: شکست۔

الْمُتَهَزِّمُ: فا۔ گرج۔ قَصَبٌ مُتَهَزِّمٌ وَمُهَزَّمٌ: ٹوٹا ہوا یا پھٹا ہوا نرکل۔ سِـقَـاءٌ مُتَهَـزِّمٌ وَمُهَـزَّمٌ: باوجود خشک ہونے کے تہ کی ہوئی مشک۔

الْـمِهْزَامُ: کریلنی۔ چھوٹی لاٹھی۔ بیٹھی۔ ج مَهَازِيْم۔

هَـزْهَزَهُ هَزْهَزَةً: تابع کرنا۔ هَزْهَزَ الشَّئَ: ہلانا۔

تَهَزْهَزَ الشَّئُ: ہلنا...... اِلَيْهِ قَلْبِيْ: خوشی سے اچھلنا۔

الْهَزَاهِزُ: بہت جاری ہونے والا پانی۔ بَعِيْرٌ هُزَاهِزٌ: تیز آواز والا اونٹ۔

الْهَـزَاهِزُ: فتنے جو انسان کو جھڑجھڑا دیں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شَهِـدَ الْهَـزَاهِـزَ" فلاں جنگوں اور سختیوں میں حاضر ہوا۔

الْهَـزْهَـازُ: بہت جاری ہونے والا پانی۔ "سَيْفٌ هَـزْهَـازٌ" بہت چمکنے والی صاف تلوار۔

الْهُزْهُزُ: بہت جاری ہونے والا پانی اور کہا جاتا ہے "مَاءٌ هُزْهُزٌ وَهُزَاهِزٌ وَهَزَاهِزٌ" یعنی لہریں لینے والا پانی۔ "وَبِئْرٌ هُزْهُزٌ" گہرا کنواں "وَعَيْنٌ هُزْهُزٌ" بہت پانی والا کشادہ چشمہ۔

الْهَزْهَزَةُ: مص۔ جنگ وفتنہ بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے شَهِدَ فُلَانٌ الْهَزْهَزَةَ: فلاں جنگ وفتنے میں حاضر ہوا۔

هَسَّ (ن) هَسًّا الشَّئَ: کوٹنا۔ توڑنا۔

هَـسَّ (ض) هَـسًّا: دل میں بات کرنا۔ الْكَلَامَ: چھپانا۔

الْهَسِيْسُ: ریزہ ریزہ کیا ہوا۔ پوشیدہ کلام۔ هَسِيْسُ الْجِنِّ وَهَسَاسُهَا: بیابان میں جنوں کی آواز۔

هَسْهَسَ هَسْهَسَةً الْمَاءُ: پانی کا لگاتار بہنا...... الدِّرْعُ او الْحُلِيُّ: زرہ یا زیور میں جھنکار ہونا...... الْحَدِيْثَ: بات [illegible]

تَهَسْهَسَ الدِّرْعُ او الْحُلِيُّ: زرہ یا زیور میں جھنکار ہونا۔

الْهَسَاهِسُ: رات میں چلنا۔ هَسَاهِسُ النَّاسِ: آہستہ گفتگو۔

الْهَسْهَاسُ: تمام رات بکریاں چرانے والا چرواہا۔ کام کے لئے ساری رات بیدار رہنے والا۔ قصائی۔ غیر مفہوم کلام۔ وسوسہ۔

الْهَسْهَسَةُ: مص۔ زیور یا زرہ کی جھنکار۔ نرم آواز والی چیز۔

هَشَّ (ن ض) هَشًّا وَرَقَ الشَّجَرِ: پتے جھاڑنا۔

هَشَّ (ض) هُشُوْشَةً الْخُبْزُ: روٹی کا نرم ہونا...... الرَّجُلُ: سست وکمزور ہونا۔

هَشَّ (س ض) هَشَاشَةً وَهَشَاشًا: مسکرانا۔ بھلائی پر خوش ہونا۔ شادماں ہونا۔ نشاط میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَشِشْتُ وَهَشِشْتُ بِفُلَانٍ وَلِفُلَانٍ وَاَهَشَّ وَاَهَشَّ بِهٖ وَلَهٗ" میں فلاں سے خوش ہوا۔

هَشَّ (س) هَشَاشَةً وَهُشُوْشًا الشَّئُ: نرم اور ڈھیلا ہونا۔ صفت هَشٌّ: لکڑی کا نرم ہونا کہ جلدی ٹوٹ جائے۔

هَشَّشَهٗ: نرم سمجھنا۔ خوش کرنا۔ شادماں بنانا۔

اِهْتَشَّ لِكَذَا: خوش ہونا۔ خواہش مند ہونا۔

اِهْتَشَّ فُلَانٌ بِيْ: فلاں مجھ سے خوش ہوا۔

اِسْتَهَشَّهٗ: ہلکا سمجھنا۔

خُبْزٌ هَشَاشٌ: نرم روٹی۔

الْهَشُّ: مص۔ نرم ڈھیلا۔ خُبْزَةٌ هَشَّةٌ: نرم روٹی اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هَـشُّ الْمَكْسِرِ" فلاں مہربان اور نرم عادت والا ہے "وَفُلَانٌ هَشُّ الْوَجْهِ" فلاں ہنس مکھ ہے اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ هَشٌّ" بہت پسینہ والا گھوڑا۔ "وَفَرَسٌ هَشُّ الْعِنَانِ" نرم لگام والا گھوڑا۔ "وَاَنَا بِهٖ هَشٌّ" میں اس سے بہت خوش ہوں۔

قِرْبَةٌ هَشَّاشَةٌ: پانی ٹپکانے والی مشک۔ نَاقَةٌ

هَـشُوْش اوشَـاةٌ هَشُوْش: بہت دودھ دینے والی اُونٹنی یا بکری۔
الهَشِيْش: مانگنے سے خوش ہونے والا۔ نرم ڈھیلا ڈھالا۔ توڑا ہوا۔ چورہ کیا ہوا۔
هَشَر (ن) هَشْرًا النَّاقَةَ: اُونٹنی کا سارا دودھ دوھ لینا۔
الهَشْر: مص۔ ہلکا پن۔ پتلا پن۔
الهَشْرَة: اکڑ۔ غرور۔
شَجَرَةٌ هَشِرَةٌ وهَشُوْرٌ: درخت جس کے پتے جلدی گر جائیں۔
الهَيْشَر مِنَ الرِّجَالِ: نرم کمزور لمبا مرد۔
هَشَّلَتْ تَهْشِيْلاً النَّاقَةُ: تھوڑا دودھ اتارنا۔
اَهْشَلَ الرَّجُلُ: سواری کا جانور بغیر مالک کی اجازت کے دینا۔
اِهْتَشَلَ الفَرَسَ: گھوڑے پر بغیر مالک کی اجازت کے سوار ہونا۔
الهَشِيْلَة: سواری کا جانور جس پر بغیر مالک کی اجازت کے سوار ہوں..... مِنَ الْاِبِلِ وَغَيْرِهَا: غصب کیا ہوا اُونٹ وغیرہ۔
الهَيْشَلَة: عمر رسیدہ موٹی اونٹنی۔
هَشَمَ (ض) هَشْمًا الشَّئَ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "هَشَمَ الثَّرِيْدَ لِقَوْمِهٖ" اس نے اپنی قوم کے لئے روٹی کو توڑ کر شوربے سے تر کر کے ثرید بنایا۔ صفت هَاشِم.
هَشَّمَ الشَّئَ: توڑنے میں مبالغہ کرنا...... فُلَانًا: اکرام و تعظیم کرنا...... النَّاقَةَ: اُونٹنی کو دوہنا۔
تَهَشَّمَ الشَّئُ: ٹوٹنا...... الشَّجَرُ: خشک ہو کر ٹوٹنا...... الْاِبِلُ: اُونٹ کا سست و کمزور ہونا ...... فُلَانٌ الشَّئَ: توڑنا...... الرَّجُلَ: اکرام و تعظیم کرنا...... النَّاقَةَ: اُونٹنی کو دوہنا...... زَيْدًا: مہربان بنانا۔ رضامند کرنا...... عَلٰى فُلَانٍ: مہربان ہونا۔ تَهَشَّمَتِ الْاَرْضُ: بارش منقطع ہونے سے زمین کا خشک ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَهَشَّمَهٗ لِلْمَعْرُوْفِ" اس نے اس سے بھلائی طلب کی۔

اِنْهَشَمَ الشَّئُ: ٹوٹنا۔ اِنْهَشَمَتِ الْاِبِلُ: اُونٹ کا سست و کمزور ہونا۔
اِهْتَشَمَ النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا اور کہا جاتا ہے "اِهْتَشَمَتْ نَفْسِيْ لَهٗ" میرا نفس اس کے سامنے مطیع و فرمانبردار ہو گیا اور بغیر انصاف کے راضی ہو گیا۔
الهَاشِمَة. الهَاشِم: کا مؤنث۔ سر کا زخم جو ہڈی کو توڑ دے۔
الهِشَام: سخاوت۔ بخشش۔
الهَشْم: مص۔ قحط زدہ زمین۔ پست زمین ج هُشُوم.
الهَشِم: سخی۔ فیاض۔
الهُشَّم: نرم پہاڑ۔ دودھ کے ماہر۔ دوہنے والے۔ واحد هَاشِم.
الهَشْمَة. هَشَمَ: کا اسم مرۃ۔
الهَشَمَة: پہاڑی بکری۔ ج هَشَمَات.
الهَشِيْم: توڑا ہوا۔ ٹوٹی ہوئی خشک گھاس۔ خشک شدہ گھاس یا درخت۔ پہلے سال کی باقی ماندہ گھاس۔ کہا جاتا ہے "نَبْتٌ هَشِيْمٌ" جیسا کہا جاتا ہے "نَبْتٌ عَامِيٌ وحَطِيْمٌ" کمزور بدن والا۔ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْاَرْضُ هَشِيْمًا" زمین کے درخت اور گھاس خشک ہو گئے اور ٹوٹ گئے۔
الهَشِيْمَة: زمین جس کے درخت خشک ہو گئے ہوں۔ خشک درخت۔
نَاقَةٌ مِهْشَامٌ: جلدی لاغر ہونے والی اونٹنی۔
كَلَاٌ هَيْشُوْمٌ: نازک و نرم گھاس۔
هَشْهَشَ الشَّئَ: ہلانا۔
الهَشْهَاش: اچھے اخلاق کا سخی مرد۔
هَاشَاهُ مُهَاشَاةً: ہنسی مذاق کرنا۔
هَصَّ (ن) هَصًّا الشَّئَ: روند کر کچلنا۔ باریک کرنا۔ توڑنا۔ انگلیوں سے زور سے دبانا۔ صفت مفعول هَصِيْص و مَهْصُوْص.
حَدِّثْ عَنْ مَعْنٍ وَلاَ حَرَجَ
معن سے روایت کر کوئی حرج نہیں۔
وسعت ظرفی والے کے لئے بولا جاتا ہے۔
حَدِّثْ عَنِ الْبَحْرِ وَلاَ حَرَجَ
سمندر کی بات کر کوئی حرج نہیں۔
حَدِیْثُ خَرَافَۃَ
خرافہ کی بات۔ خرافہ ایک شخص کا نام ہے جس کے متعلق خیال تھا کہ ایک مدت تک جن اس کے اوپر مسلط رہے۔ اس حالت میں جو کچھ وہ دیکھتا اپنی قوم سے بیان کرتا اور لوگ اس کی تکذیب کرتے اسی مناسبت سے ہر نا قابل فہم بات کو حدیث خرافہ کہنے لگے۔
اَلْحَدِیْثُ ذُوْ شُجُوْ
بات مختلف شاخیں رکھتی ہیں۔ شجون جمع ہے شجن کی وہ راستہ جو کسی وادی سے یا وادی کے بالائی حصہ سے گزرتا ہو یا جمع شجن بمعنی شاخ یا ہر وہ چیز یا شاخ جو کسی دوسری شاخ میں لپٹی ہوئی ہو۔ ذو شجون شاخ در شاخ ہونے والی ہے ایک بات سے بھی شاخوں کی طرح بہت سی باتیں پھوٹتی ہیں اسی معنی میں عوام کا مقولہ ہے الحدیث یجر بعضہ بعضا: گفتگو کا ایک حصہ دوسرے حصے کو کھینچتا ہے۔
اَلْحَادِیُ وَلَیْسَ لَہٗ بَعِیْرٌ
اس ہانکنے والے کی طرح جس کے پاس اونٹ ہی نہ ہوں۔ الحدو: پیچھے سے ہانکنا۔ تو آگے سے کھینچنا۔ یہ مثل ایسے شخص کے لئے بولتے ہیں جو غیر مملوکہ چیز پر شیخی بگھارے یا غیر مستحق کی طرف ... ''حلوائی کی دکان نانا جی کی فاتحہ''۔

اَلْحَذَرُ اَشَدُّ مِنَ الْوَقِيْعَةِ
ڈر واقعہ میں مبتلا ہونے سے زیادہ سخت ہے۔
اِنَّ الحذرَ لَا يَدْفَعُ الْمَقْدُوْرَ
احتیاط تقدیر کو نہیں روک سکتی۔
اَحْذَرُ مِنْ قِرْلَى
قرلی پرندہ سے زیادہ ڈرنے والا۔
یہ پرندہ پانی اور فضا سے ڈرتے ڈرتے شکار پکڑتا ہے۔
اَحْذَرُ مِنْ غُرَابٍ
کوّے سے زیادہ محتاط۔ کوّے سے زیادہ سیانا۔
اَحْذَرُ مِنْ ذِئْبٍ
بھیڑیے سے زیادہ چالاک۔ عربوں کا خیال ہے کہ بھیڑیا اس قدر چالاک ہے کہ سوتے ہوئے بھی باری باری ایک آنکھ کھلی رکھتا ہے۔
كُلُّ الحِذاء يَحْتَوِي الحَافِي الوَقِعُ
دکھتے ہوئے اور ننگے پاؤں والا ہر قسم کا جوتا پہن لیتا ہے۔ وقع یوقع وقعا: ننگے پاؤں ہونا اور پتھر یا سخت زمین پر چلنے کی وجہ سے پاؤں کے گوشت میں درد ہو جانا۔ وقع: وہ برہنہ پا جس کے پاؤں سخت زمین پر چلنے کی وجہ سے دکھنے لگے ہوں۔ یہ مثل ایسے مصیبت زدہ کے لئے بولی جاتی ہے جو معمولی چیز پر قناعت کرے "بھوکے کو دو روٹی غنیمت ہیں"۔
اَلْحُرُّ حُرٌّ وَ اِنْ مَسَّهُ الضُّرُّ
عزت دار عزت دار ہی ہوتا ہے اگرچہ اس کو تنگی ہو۔
حِرَّةٌ تَحْتَ قِرَّةٍ
ٹھنڈک کے نیچے پیاس۔
اَحَرُّ مِنْ نَارِ الْغَضَى
غضی لکڑی کی آگ سے زیادہ گرم۔
اَحَرُّ مِنَ النَّارِ
آگ سے زیادہ گرم۔
اَحَرُّ مِنْ مِرْجَلٍ
ہنڈیا سے زیادہ گرم۔
اَحَرُّ مِنْ دَمْعِ المِقْلَاتِ
بچے کی سوگوار ماں کے آنسوؤں سے زیادہ گرم۔ مقلات: وہ عورت ہے جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ کہتے ہیں کہ غم کے آنسو گرم ہوتے ہیں اور خوشی کے آنسو ٹھنڈے ہوتے ہیں۔
اَلْحَرْبُ خَدْعَةٌ
لڑائی دھوکہ ہے۔
اَلْحَرْبُ سِجَالٌ
لڑائی میں ردعمل ہے۔
اَلْحَرْبُ غَشُوْمٌ
لڑائی ظالم ہے۔
اَحْرَزَ امْرَأً اَجَلُهُ
آدمی کو اس کی موت نے ذخیرہ کر لیا۔ موت نے ڈھیر کر دیا۔ کہتے ہیں کہ یہ عرب کی سب سے سچی ضرب المثل ہے۔
اَحْرَسُ مِنْ كَلْبٍ
کتے سے زیادہ نگہبان۔
اَلْحِرْصُ قَائِدُ الْحِرْمَانِ
لالچ محرومی کا پیش خیمہ ہے۔
اَلْحَرِيْصُ مَحْرُوْمٌ
لالچی محروم رہتا ہے۔
اَحْرَصُ مِنْ نَمْلَةٍ
چیونٹی سے زیادہ لالچی۔
لَيْسَ الحَرِيْصُ بزائد فِي رِزْقِهِ
لالچی اپنا رزق زیادہ نہیں کر سکتا۔
اِنَّهُ لَيُحَرِّقُ عَلَى الْاُدْمِ
وہ مجھ پر دانت پیستا ہے۔ ادم: ڈاڑھوں کو کہتے ہیں مطلب یہ کہ اس کا غیظ و غضب مجھ پر شدید ہے۔
حَرِّكْ لَهَا حُوَارَهَا تَحِنُّ
اونٹنی کے بچے کو حرکت دے گا تو وہ پکارے گی۔ حوار۔ اونٹنی کا دودھ پیتا بچہ۔ فصیل: وہ بچہ جس کا دودھ چھوٹ گیا ہو حن: غم یا خوشی میں آواز نکالنا۔ مطلب یہ ہے کہ اس کو غم یاد دلاؤ تب وہ حرکت میں آئے گا۔
اَلْحَرَكَةُ بَرَكَةٌ
حرکت میں برکت ہے۔
اَلْحَزْمُ حِفْظُ مَا وُلِّيْتَ وَتَرْكُ مَا كُفِيْتَ
احتیاط قبضہ والی چیز کی حفاظت کرنا اور غیر ضروری چیز کو چھوڑنا ہے۔
اَلْحَزْمُ ظَنٌّ بِالنَّاسِ
احتیاط لوگوں کے ساتھ بدگمانی کرنا ہے۔
اَحْزَمُ مِنَ الحِرْبَاءِ
گرگٹ سے زیادہ محتاط۔

لَا یَحْزُنْکَ دَمٌ هَرَاقَهُ اَهْلُهُ

اس خون پر تجھے رنج نہ ہونا چاہئے جو اس کے اہل ہی نے بہایا ہے۔

یَحْسِبُ الْمَطُوْرُ اَنَّ کُلًّا مُطِرَ

بارش میں بھیگا ہوا سمجھتا ہے کہ ہر شخص بارش میں بھیگا ہے۔

لَاحَسَبَ کَالتَّوَاضُعِ

تواضع جیسی کوئی شرافت نہیں۔

حَسْبُکَ مِنْ غِنیً شِبَعٌ وَرِیٌّ

سیراب ہونا اور پیٹ بھرنا کافی مالداری ہے۔

یعنی قناعت کرو اور سخاوت کرو۔

حَسْبُکَ مِنْ شَرٍّ سِمَاعُهُ

تجھے شر کو سن لینا ہی ہے۔

اَلْحَسَدُ مَطِیَّةُ التَّعَبِ

حسد تھکاوٹ کی سواری ہے۔

مَنْ حَسُنَ ظَنُّهُ حَسُنَ عَیْشُهُ

جس کا گمان نیک ہو گیا اس کی زندگی اچھی ہوگئی۔

حَسَنٌ فِی کُلِّ عَیْنٍ مَا تَوَدُّ

ہر آنکھ کی نظر میں وہی چیز اچھی ہے جس کو وہ محبوب رکھتی ہے۔

حُسْنُ الظَّنِّ وَرْطَةٌ

حسن ظن بھنور ہے۔ ورطہ بھنور اور ایسا معاملہ جس سے نجات مشکل ہے۔ ہلا کی مطلب یہ کہ لوگوں کے ساتھ حسن ظن ہی کی وجہ سے آدمی دھوکے کھاتا ہے۔ یہ مثال الحزم سوء الظن بالناس کے ہم معنی ہے۔

لِکُلِّ حَسَنٍ عَائِبٌ

ہر نیک میں عیب والی چیز بھی ہوتی ہے۔

اَلْحَسَنَةُ بَیْنَ السَّیِّئَتَیْنِ

نیکی دو برائیوں کے درمیان ہوتی ہے۔ یعنی درمیانی راہ نیکی ہے۔

اَحْسَنُ مِنَ الدُّنْیَا الْمُقْبِلَةِ

آنے والی دنیا سے زیادہ اچھا۔

اَحْسَنُ مِنَ النَّارِ

آگ سے زیادہ خوبصورت۔

اَحْسَنُ مِنَ الطَّاؤسِ

مور سے زیادہ خوبصورت۔

اَحْسَنُ مِنَ الْبَرَامِکَةِ

برمی وزراء کے زمانہ سے زیادہ خوبصورت۔

اَحْسَنُ مِنَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ

سورج اور چاند سے زیادہ خوبصورت۔

اَلْاِحْسَانُ یَقْطَعُ اللِّسَانَ

احسان زبان کو بند کرتا ہے۔

اُحْشُکَ وَتَرُوْثُنِی

میں تجھے گھاس کھلاتا ہوں اور تو مجھ پر گوبر گراتا ہے۔

اَحَشَفًا وَسُوْءَ کَیْلَةٍ

کھجور بھی ردی اور پیمانہ بھی کم۔ کیلۃ کیل: اسے اسم نوع ہے۔ حشف: ردی کھجور۔ یعنی نکما اور تھوڑا دو مکروہ خصلتوں کا جامع یا دو طرف سے ظلم کرنے والا۔

اَلْحَصَاةُ مِنَ الْجَبَلِ

کنکری بھی پہاڑ کا جزء ہے۔

کُلٌّ یَحْتَطِبُ فِی حَبْلِهِ

ہر کوئی اپنی لکڑی میں رسیاں باندھتا ہے۔

کَحَاطِبِ لَیْلٍ

رات میں لکڑیاں جمع کرنے والے کی طرح۔

حَظٌّ فِی السَّحَابِ وَعَقْلٌ فِی التُّرَابِ

نصیبہ آسمان پر اور عقل مٹی میں۔

حَظٌّ جَزِیْلٌ بَیْنَ شِدْقَی ضَیْغَمٍ

بڑا حصہ شیر کی دو جبڑوں کے درمیان۔

بڑی منفعت مگر شدید خطرات کے درمیان۔

اِلَّا حَظِیَّةً فَلَا اَلِیَّةَ

صاحب نصیب نہیں تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ بن۔ حظیۃ حظوۃ سے مشتق ہے بمعنی مرتبہ۔ عزت اور الیۃ الو: بمعنی تقصیر سے ماخوذ ہے اس مثل کی اصل مقدر یہ ہے۔

اِنْ لَمْ تَکُوْنُوْا حَظِیَّةً وَلَا تَکُوْنِیْ اَلِیَّةً (مُقَصِّرَةً)

اگر تو معزز و صاحب رتبہ نہ ہو تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ ہو۔ اس عورت کے لئے کہا گیا ہے جو اپنے خاوند کو محبوب نہ ہو۔ اگر خاوند کی محبت میسر نہیں تو اپنی طرف سے خدمت و محبت میں کوتاہی نہ کر۔ مطلب یہ کہ لوگوں کی مدارات کر کے ان سے اپنا مطلب نکالو۔

مَنْ حَفَرَ حُفْرَةً وَقَعَ فِیْهَا

جو کوئی اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودے گا۔ اسی کی موت اس گڑھے میں ہوگی۔

مَنْ حَفَرَ حُفَیْرًا لِاَخِیْهِ کَانَ حَتْفُهُ فِیْهِ

جس نے اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودا اس کی موت اس میں واقع ہوگی۔

تَحفظُ اَخَاکَ اِلَّا مِنْ نَفْسِہٖ

اپنے بھائی کی حفاظت کر سکتا ہے مگر اس کی جان سے۔
یعنی لوگوں کے شر سے بچا سکتا ہے اس کو خودکشی سے نہیں بچا سکتا۔

حَفِظْتَ شَیْئًا وَغَابَتْ عَنْکَ اَشْیَاءٌ

ایک چیز کو تو نے یاد کیا اور دیگر چیزیں تجھ سے غائب ہو گئیں۔

حَافِظْ عَلَی الصَّدِیقِ وَلَوْ فِی الحَرِیقِ

دوست کی حفاظت کر خواہ آگ میں کود کر ہی ہو۔

اِحْفَظْ مَا فِی الوِعَاءِ لِشَدِّ الوِکَاءِ

جو کچھ برتن میں ہے اس کی حفاظت برتن کا منہ باندھ کر کرو۔ وکاء مشکیزہ کا سر بند۔

اَحْفَظُ مِنَ الارضِ

زمین سے زیادہ حفاظت کرنے والا۔

اَلْحَفِیظُ تُحَلِّلُ الْاَحْقَادُ

غیرت دشمنی کو ختم کر دیتی ہے۔
یعنی قومی حمایت آدمی کو اپنے عزیز سے ہمدردی دلاتی ہے۔

عِندَ الشَّدَائِدِ تَذْھَبُ الاحْقَادُ

سختیوں کے وقت مصائب ختم ہو جاتے ہیں۔

حَقٌّ یَضُرُّ خَیْرٌ مِنْ بَاطِلٍ یَسُرُّ

مضرت رساں حق مسرت رساں باطل سے بہتر ہے۔

اَلْحَقُّ خَیْرُ مَا یُقَالُ

کہنے کی چیزوں میں بہترین چیز حق بات ہے۔

اَلْحَقُّ اَبْلَجُ وَالْبَاطِلُ لَجْلَجٌ

حق روشن اور باطل گڑبڑ ہوتا ہے۔ ابلج: روشن۔ لجلج: ملتبس غیر واضح۔

ھٰذا حَقُّ مَنْزِلٍ بِتَرْکٍ

یہ مقام چھوٹنے کے مقامات میں سے اچھا ہے۔

اَحْقَدُ مِنْ جَمَلٍ

اونٹ سے زیادہ کینہ والا۔

مَنْ حَقَرَ حَرَمَ

جس نے حقیر سمجھا وہ محروم رہا۔

اَحْقَرُ مِنَ التُّرَابِ

خاک سے زیادہ حقیر۔

مَاحَکَّ جِلْدَکَ مِثْلُ ظُفْرِکَ

تیری کھال کو تیرے اپنے ناخن کی طرح کوئی چیز نہ کھجلائے گی۔ یعنی تم اپنی ضرورت کو آپ اچھی طرح پوری کر سکتے ہو۔

اذا حَکَکْتُ قُرْحَۃً ادمیتُھا

جب میں نے کسی زخم کو کھجایا تو اس سے خون نکال لیا۔ جب کسی مقصد کا ارادہ کیا تو اس کو انتہا تک پہنچا دیا۔

تُحَکَّکَتِ الْعَقْرَبُ بِالْاَفْعٰی

بچھو سانپ سے ٹکرایا۔ یعنی اپنے سے زیادہ طاقت ور سے ٹکرانا۔

اَحْکَمُ مِنْ لُقْمَان

لقمان سے زیادہ دانا۔

اَلْحِکْمَۃُ ضَالَّۃُ الْمُؤْمِنِ

دانائی مومن کی گم شدہ چیز ہے۔

اذا حَلَّتِ المَقَادِیرُ بَطَلَتِ التَّدْبِیْرُ

تقدیر اتر آئی تو تدبیریں بیکار ہو گئیں۔

اَحَلُّ مِنْ لَبَنِ الْاُمِّ

ماں کے منہ سے زیادہ حلال۔

حَلَبَ الدَّھْرَ اَشْطُرَہٗ

اس نے زمانے کے تھنوں کو دوہا ہے۔ یہ قول کے عرب حلب اشطر الناقۃ سے مستعار لیا گیا ہے۔ شطر وہ دو تھن جو ایک ساتھ دوہے جائیں۔ مطلب یہ ہے کہ اس نے زمانے کے دو شطروں کو آزمایا ہے یعنی خیر کو بھی اور شر کو بھی۔ زمانے کے سرد و گرم دیکھے ہیں۔

حَلَبْتُھَا بِالسَّاعِدِ الْاَشَدِّ

میں نے اس کو طاقتور کلائی سے دوہا۔

اُحْلُبْ حَلَبًالَکَ شَطْرُہٗ

اچھی طرح دوہ لے تیرا بھی حصہ ہے۔

حَلُوْبَۃٌ تُثْمِلُ وَلَا تُصَرِّحُ

ایسی دودھ دینے والی جو جھاگ والا دودھ دیتی ہے اور خالص نہیں دیتی۔

لَسْتَ مِنْ اَحْلَاسِھَا

تو اس کے ساتھیوں میں سے نہیں ہے۔ احلاس: جاننے پہچاننے والے ساتھی۔ احلاس الخیل: سائیس، گھوڑوں کے خدمت گار۔

حَلَقَتْ بِہٖ عَنْقَاءُ مُغْرِبٌ

عنقاء مغرب نے اس کا احاطہ کر لیا ہے۔ ناپائیدار اور نامانوس چیز

کے لئے کہا جاتا ہے۔ مغرب انجانی چیز۔ مذکر و مؤنث مستعمل ہے۔ اور عنقاء مغرب صفت اور اضافت دونوں طرح سے استعمال کیا جاتا ہے۔

هُمْ كَالْحَلْقَةِ الْمُفْرَغَةِ لَا يُدْرٰى اَيْنَ طَرَفَاهَا

وہ ڈھلے ہوئے حلقے کی طرح ہیں معلوم نہیں کہ اس کے دونوں سرے کہاں ہیں؟

حِلْمِي اَصَمُّ وَاُذُنِيْ غَيْرُ صَمَّاءِ

میرا حلم بہرا اور میرے کان بہرے نہیں۔

اَحْلَمُ مِنَ الْاَحْنَفِ

احنف سے زیادہ حلیم۔

اَلْحَكِيْمُ مَطِيَّةُ الْجَهُوْلِ

بردبار جاہل کی سواری ہے۔

لَا تَكُنْ حُلْوًا فَتُسْتَرَطَ وَلَا مُرًّا فَتُعْقٰى

نہ میٹھا بن کہ نگل لیا جائے اور نہ کڑوا کہ اُگل دیا جائے۔ استراط: نگل جانا۔ اعقاء: تلخی کی وجہ سے اُگل دینا۔ یہی مفہوم اردو میں ضرب المثل کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

اَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ

شہد سے زیادہ شیریں۔

اَحْلٰى مِنْ نَيْلِ الْمَرَامِ

حصول مراد سے زیادہ شیریں۔

اَحْلٰى مِنْ حَيَاةٍ مُعَاوَدَةٍ

دوبارہ زندگی سے زیادہ میٹھا۔

اَلْحَمْدُ مَغْنَمٌ وَالْمَذَمَّةُ مَغْرَمٌ

تعریف حاصل ہونا غنیمت ہے اور مذمت ملنا تاوان ہے۔

كَانَ حِمَارٌ فَاسْتَاتَنَ

وہ گدھا تھا گدھی بن گیا۔
یعنی طاقتور تھا کمزور ہو گیا۔

اَحْمَقُ مِنْ دُغَةَ

دغہ سے زیادہ احمق۔ دغہ ایک عورت تھی جس نے اپنے بچے متحرک تالو کو پھوڑا سمجھ کر چیرا اور دماغ کو پیپ سمجھ کر نکال دیا جب اس سے پوچھا گیا تو جواب دیا بچہ تکلیف کی وجہ سے روتا تھا اب آرام سے سو گیا۔

اَحْمَقُ مِنْ رِجْلَةٍ

رجلہ سے زیادہ احمق۔ رجلہ ایک گھٹیا ساگ ہے جو تیار کھیتوں کی بجائے سیلاب سے تباہ شدہ نالیوں میں اگتا ہے۔

اَحْمَقُ مِنْ عِجْلٍ

شربنث سے زیادہ احمق۔ شربنث کی حماقتیں مشہور ہیں۔ ایک دفعہ اس نے بدلی کے سائے کو علامت مقرر کر کے صحرا میں اپنا مال دفن کیا تھا۔ سایہ ہٹ گیا اور مال کی جگہ گم ہو گئی۔

اَحْمَقُ مِنْ نَعَامَةٍ

شتر مرغ سے زیادہ بے وقوف۔

اَحْمَقُ مِنْ هَبَنَّقَةَ

هَبَنَّقه: سے بیوقوف۔ یہ شخص موٹی بکریوں کو خوب کھلاتا اور کمزور کو گھاس سے دور رکھتا۔

اَحْمَقُ مِنْ مَاصِحِ الْمَاءِ

پانی چبانے والے سے زیادہ احمق۔

اَحْمَقُ مِنَ الْقَابِضِ عَلَى الْمَاءِ

پانی کو پکڑنے والے سے زیادہ احمق۔

اَحْمَقُ مِنْ نَاطِحِ الْمَاءِ

پانی کو سینگ مارنے والے سے زیادہ احمق۔

اَحْمَقُ مِنْ لَاطِمِ الْاَرْضِ بِخَدَّيْهِ

اپنے رخساروں سے زمین کو تھپڑ مارنے والے سے زیادہ احمق۔

اَحْمَقُ مِنْ نَاطِحِ الصَّخْرِ

چٹان کو سینگ مارنے والے سے زیادہ احمق۔

يَحْمِلُ التَّمْرَ اِلَى الْبَصْرَةِ

بصرہ کی طرف کھجور لے جاتا ہے۔

لَا يُحَمِّلُ اللّٰهُ نَفْسًا غَيْرَ طَاقَتِهَا

اللہ تعالیٰ کسی جان پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔

لَمْ يَحْمِلْ خَاتِمِيْ مِثْلُ خِنْصَرِيْ

میری کن انگلی کی طرح کسی نے میری انگوٹھی کو برداشت نہ کیا۔ اپنا کام آپ ہی سا دھے سنوارے۔

اِنَّمَا يُحْمَلُ الْكَلُّ عَلٰى اَهْلِ الْفَضْلِ

بوجھ اہل فضل پر ہی ڈالا جاتا ہے۔ کل بوجھ یا ایسا شخص جو بار ہو۔

يَا حَامِلَ اذْكُرْ حَلًّا

اے لادنے والے کھولنے کے وقت کو بھی یاد رکھنا۔

اَحْمَلُ مِنَ الْاَرْضِ

زمین سے زیادہ بوجھ برداشت کرنے والے۔

خوص فجاش مرجلہ

وہ گرم ہوا اور اس کی ہانڈی جوش مارنے لگی۔

يَحْمِيَ جَوَابِيَهُ نَقِيقُ الضِّفْدَع

مینڈک کی ٹرٹراس کے تالابوں کی حفاظت کرتی ہے۔

رُبَّ حَامٍ لِاَنْفِهِ وَهُوَ جَادِعُهُ

بہت سے اپنی ناک بچاتے ہیں مگر اصل وہ اس کو کاٹنے والے ہوتے ہیں۔

حِمَاکَ اَحْمیٰ لَکَ

اپنا گھیرا ہی تیرا زیادہ محافظ ہے۔

اَحْمیٰ مِنْ اَنْفِ الْاَسَدِ

ٹڈی کو پناہ دینے والے سے زیادہ محافظ

خَانِيَةٌ مُخْتَضِبَةٌ

مہربان خضاب لگانے والی عورت۔

اَلْحَاجَةُ تَفْتُقُ الْحِيْلَةَ

ضرورت حیلہ کو پیدا کرتی ہے۔

حَالَ الْجَرِيْضُ دُوْنَ الْقَرِيْضِ

غم شعر کے آگے حائل ہوگیا۔ یعنی خوشی کے دن غمی آگئی۔

حَالَ الْاَجَلُ دُوْنَ الْاَمَلِ

امید کے ورے موت حائل ہوگئی۔ یہ پہلی مثل کے قریب قریب ہی ہے۔

اِنْ حَالَتِ الْقَوْسُ فَسَهْمِي صَائِبٌ

اگر میری کمان ٹیڑھی ہے مگر میرا تیر نشانہ پر لگتا ہے۔

رُبَّ حَالٍ اَفْصَحُ مِنْ لِسَانٍ

بہت مرتبہ حال زبان سے زیادہ فصیح ہوتا ہے۔

اَحْوَلُ مِنْ اَبِي قَلَمُوْنَ

ابوقلموں (کپڑا) سے زیادہ بدلنے والا۔

اَحْوَلُ مِنْ اَبِي بَرَاقِش

ابی براقش (پرندے) سے زیادہ رنگ بدلنے والا۔

اَلْحَاوِي لَا يَنْجُو مِنَ الْحَيَّاتِ

سانپوں کے منتر والا سانپوں سے نجات نہیں پاتا۔

اَحْيَرُ مِن ضَبٍّ

گوہ سے زیادہ متحیر۔ جو اپنے بل سے نکل کر واپسی کا راستہ بھول جاتی ہے۔

حِيْلَةُ لَا حِيْلَةَ لَهُ الصَّبْرُ

جس شخص کے لئے کوئی حیلہ نہ رہے اس کے لئے حیلہ صبر
مصیبت کی کوئی تدبیر نہ ہو تو کم از کم صبر تو کیا جاسکتا ہے۔

مَا حِيْلَةُ الرَّامِي اِذَا انْقَطَعَ الْوَتَرُ

جب تانت ہی ٹوٹ جائے تو تیرانداز کیا کرے۔

اِذَا حَانَ الْقَضَاءُ ضَاقَ الْفَضَاءُ

جب قضا (موت) آئے تو فضا تنگ ہوجاتی ہے۔

لَا تُحْيِ الْبَيْضَ وَتَقْتُلِ الْفِرَاخَ

چوزہ کو قتل کر کے انڈا کو باقی مت رکھ۔
یعنی بڑی چیز کو ضائع نہ کر۔

حَيَّاکَ مَنْ خَلَا فُوْهُ

تجھے خالی منہ والے نے سلام کیا ہے۔

لَا حَيٌّ فَيُرْجٰى وَلَا مَيِّتٌ فَيُنْسٰى

نہ زندہ ہے جس سے امید کی جائے اور نہ مردہ جس کو بھلا دیا جائے' ناکارہ۔

اَحْيَا مِنْ فَتَاةٍ

نوجوان عورت سے زیادہ باحیا۔

اَحْيَا مِنْ مُخَدَّرَةٍ

پردہ نشیں عورت سے زیادہ حیادار۔

اَحْيَا مِنْ هَدِيٍّ

دلہن سے زیادہ باحیا۔

اَحْيَا مِنْ ضَبٍّ

گوہ سے زیادہ زندگی والا۔

اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَان

حیاء ایمان کا حصہ ہے۔

خ

اِمَّا خَبَّتْ وَاِمَّا بَرَّكَتْ

یا تیزی دوڑی یا بیٹھ ہی گئی۔ الخبب: تیز دوڑنا یا خیر کی انتہا یا شر کی انتہا۔

اَخْبَرْتُهُ بِعُجَرِي وَبُجَرِي

میں نے اس کو اپنے تمام رازوں کی خبر دے دی۔ عجر: پیچ در پیچ رگیں۔

تُخْبِرُ عَنْ مَجْهُوْلِهِ مَرْاٰتُهُ

اس کا ظاہر منظر ان جانے کی خبر دے رہا ہے۔ ظاہر باطن کی شہادت

يُخبِرُكَ اَدْنى الاَرْضِ عَنْ اَقْصَاهَا
زمین کا ابتدائی حصہ اس کے انتہائی حصہ کی خبر دے رہا ہے۔
لَيسَ الخَبَرُ كَالمُعَايَنَةِ
خبر آنکھوں کے دیکھے کی طرح نہیں۔
عَلى الخَبِيرِ سَقَطتَ
جاننے والے کے پاس پہنچے ہو۔
يَخبِطُ خَبطَ عَشواء
اندھی اونٹنی کی طرح روندرہا ہے۔ عشواء: کمزور نظر اونٹنی جو ہر چیز کو روندڈالتی ہے۔ اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو بے سوچے سمجھے کسی کام میں پڑ جائے یا کسی کام کی ذمہ داری لے اور اس کے انجام کا انتظام نہ کرے۔
اَخبَطُ مِن حَاطِبِ اللَّيلِ
رات کو لکڑیاں جمع کرنے والے سے زیادہ گڑ بڑ کرنے والا۔ ضروری اور غیر ضروری اشیاء کو جمع کرنے والا۔
اَختَلُ مِنَ الذئب
بھیڑیئے سے زیادہ دھوکے باز۔ ختل: دھوکہ دینا۔
مَنْ خَدَمَ الرِّجال خُدِمَ
جس نے لوگوں کی خدمت کی اس کی خدمت کی گئی۔
اَلْخَاذِلُ اَخُو الْقَاتِلِ
رسوا کرنے والا قاتل کا بھائی ہے۔
تُخرِجُ المِقْدَحَةُ مَا فِي قَعْرِ البُرْمَةِ
چمچہ وہ نکالتا ہے جو ہنڈیا کے پیندے میں ہوتا ہے۔
قَدْ يخرج من الصدف غير الدر
کبھی سیپ سے موتی کے سوا کچھ اور بھی نکل آتا ہے۔
لَا تُخْرُجُ النَفْسُ مِنَ الاَمَلِ حَتّٰى تَدخُل فِي الاَجَلِ
نفس امیدوں کے پھندے سے نہیں نکلتا جب تک موت کی حد میں نہ داخل ہو جائے۔
دُونَهُ خَرطُ الْقَتَادِ
اس سے آسان تو قتاد کے کانٹوں کو سونتنا ہے۔ خرط: یعنی سخت مشکل ہاتھ سے پتے سونتنا۔ قتاد ایک خاردار درخت ہے۔
اَلْخَرُوفُ يَتَقَلَّبُ عَلَى الصُّوف
بھیڑ کا بچہ اون پر کروٹیں لیتا ہے۔
اَخْرَقُ مِن فَاكِشَةِ الْغَزْلِ
سوت توڑنے والی سے زیادہ احمق۔

خَرقَاءُ ذَاتُ نِيقَةٍ
پھوہڑ چتر سگھڑ بننے والی (خرقاء وہ عورت جو کام کو اچھی طرح کر نہیں سکتی ہے)۔ پھوہڑ چتر سگھڑ بننے والی۔
خَرقَاءُ عَيَّابَةٌ
پھوہڑ عیب نکالنے والی، خود نہیں جانتی مگر دوسروں کے کام میں عیب نکالتی ہے۔
اَخْسَرُ مِنَ الْقَابِضِ عَلَى الْمَاءِ
مٹھی سے پانی پکڑنے والے سے زیادہ نقصان اٹھانے والا۔
مَنْ خَشِيَ الذِّئْبَ اَعَدَّ كَلْبًا
جو شخص بھیڑیئے سے ڈرے اس کو کتا تیار کرنا چاہئے۔ جو بھیڑیئے کا شکار کر سکے۔ دشمنوں کے لئے تیاری کرنے کی ترغیب۔
لَا تُخَاصِمْ مَنْ اِذَا قَالَ فَعَلَ
اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کہے تو کر گزرے۔
اِيَّاكُمْ وَخَضْرَاءَ الدِّمَنِ
کوڑی پر اگی ہوئی سبزی سے بچو۔
الخطأ زاد العجول: (خطا جلد بازی کی راہ ہے)
زادراہ کی طرح غلطیاں ساتھ لے کر چلنا۔
مع الخواطیء سهمٌ صائبٌ
خطا کرنے والے تیروں کے ساتھ نشانہ پر بیٹھنے والا تیر بھی ہوتا ہے۔ ایسا اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو بہت مرتبہ غلطی کرنے کے بعد ایک مرتبہ ٹھیک کام کر جائے۔ خواطی: وہ تیر جو نشانہ سے خطا کریں۔
مَنْ الحَسنَاءَ يُعطِى مَهرها
جو کسی حسینہ کو منگنی کا پیغام بھیجے گا اس کا مہر بھی ادا کرے گا۔
اَخطَبُ مِنْ سَحْبَانَ وَائِلٍ
سحبان ابن وائل سے زیادہ خطیب۔ سحبان قبیلۂ باہلہ کا نہایت عمدہ فصیح و بلیغ شاعر اور خطیب تھا۔
لِكُلِّ سُؤَالٍ جواب
ہر سوال کا جواب ہے۔
ليس المخاطر ومحموداً ولو سَلِيمًا
خطرہ میں کود پڑنے والا قابل تعریف نہیں ہوتا اگرچہ سلامت ہو۔
خَفَّت نِعَامَتُهُمْ
ان کا شتر مرغ اور جلد کوچ کر گیا۔
[illegible]

ہلکا پھلکا کھاؤ تاکہ بیماریوں سے محفوظ رہو۔

اَخف حلمًا من عصفورٍ

چڑیا سے بھی زیادہ جلد طیش میں آجانے والا۔ عقل کی کمی اور طیش کے لئے چڑیا کی مثال دی جاتی ہے۔ چڑا ہوتا بھی غضبناک ہے۔

اَخفُّ مِنْ یَرَاعَةٍ

نرسل سے زیادہ ہلکا۔ یراعۃ: نرکل۔ نئے۔

اَخفُّ مِنْ رِیْشَۃٍ

پر سے زیادہ ہلکا۔

اخف من النسیم

بادنسیم سے زیادہ ہلکا۔

اَخفُّ مِنَ الْھَبَاءِ

غبار سے زیادہ ہلکا۔

وَھَلْ یَخفٰی عَلَی النَّاسِ الْقَمَرُ

کیا لوگوں پر چاند بھی مخفی رہتا ہے۔ ایسے معاملے یا خوبی کے لئے کہا جاتا ہے جو چھپ نہ سکے۔

مَا عِنْدَہٗ خِلٌ وَلَا خَمْرٌ

نہ اس کے پاس سرکہ ہے نہ شراب۔ یعنی خیر ہے نہ شر۔

مَا اَنْتَ بخِلٍّ وَلَا خَمْرٍ

تیرے پاس تو سرکہ ہے نہ شراب۔

اَلخلاءُ تَدْعُوْا اِلَی السَّلَّۃِ

فقر چوری کی طرف بلاتا ہے۔

تَصَلَّصَتْ قَائِبَۃٌ مِنْ قُوْبٍ

انڈہ چوزے سے نجات پاچکا ہے یعنی اپنی ذمہ داری سے آدمی نکل چکا ہے۔

اختلط المَرْعٰی بِالْھَمَلِ

چڑیا ہوا اور اونٹ مخلوط ہوگئے۔

اِختلطَ الْھَابِلُ بِالْقَابِلِ

جال والا تیر والے کے ساتھ مخلوط ہوگیا یعنی معاملہ بگڑ گیا۔

اِختلَطَ الْخَاثِرُ بِالزُّبَادِ

گاڑھا دودھ خراب دودھ کے ساتھ مل گیا۔ یہ مثلیں ایسے لوگوں کے لئے دی جاتی ہیں جن کا معاملہ گڑبڑ میں پڑ جائے۔

خَالِفْ نَفْسَکَ تَسْتَرِحْ

اپنے نفس کی مخالفت کرو تاکہ راحت پاؤ۔

خَالِفْ ھَوَاکَ تَرْشُدْ

اپنی خواہش کے خلاف کرو تاکہ ہدایت پاؤ۔

خَالِفْ تُذْکَرْ

مخالف کرو تاکہ زیادہ ذکر کیا جائے۔

اَخْلَفُ مِنْ عُرْقُوبٍ

عرقوب سے زیادہ وعدہ خلاف۔

اَخْلَفُ مِنْ نَارِ الْحُبَاحِبِ

جگنو کی آگ سے زیادہ وعدہ خلاف جو نہ سلگتی ہے اور نہ روشنی دیتی ہے۔

خلقَ اللّٰہُ لِلْحَرْبِ رِجَالاً

اللہ تعالیٰ نے لڑائی کے لئے اور ہی مرد پیدا کئے ہیں۔

خَلَالَکِ الْجَوُّ فَبِیْضِی وَاصْفِرِی

تیرے لئے میدان خالی ہوگیا۔ اب انڈے دے اور چہچہا۔

لَا یَخْلُوا الْمَرْءُ مِنْ وَدُوْدٍ یَمْدَحُ وَعَدُوٍّ یَقْدَحُ

کوئی شخص بھی ایسا نہیں جو کسی تعریف کرنے والے دوست اور برائی کرنے والے دشمن سے خالی ہو۔

خَلِّ مَنْ قَلَّ خَیْرُہٗ لَکَ فِی النَّاسِ غَیْرُہٗ

اس شخص کو چھوڑ جس میں بھلائی کم ہو یا نہ ہو لوگوں میں تجھے اس کے علاوہ مل جائیں گے۔

خَلِّ الْحِسَابَ لِیَوْمِ الْحِسَابِ

حساب کو روز حساب کے لئے چھوڑ دو۔

خَلَاءٌ وکَ اَقْنٰی لِحَیَائِکَ

تنہائی تیری حیا کی زیادہ محافظ ہے۔

مَنْ لَا یَخَافُ اَحَدًا لَا یَخَافُہٗ اَحَدٌ

جو کسی سے نہیں ڈرتا اس سے کوئی نہیں ڈرتا۔

مَنْ خَانَ ھَانَ

جس نے خیانت کی ذلیل ہوا۔

باربّما خَانَ النَّصِیْحُ الْمُؤتَمَنُ

کبھی امانت دار خیر خواہ بھی خیانت کر جاتا ہے۔

اَخْیَبُ من قابض علی الماءِ

پانی کو مٹھی میں پکڑنے والے سے زیادہ ناکام۔

اَخْیَبُ مِنْ حُنَیْنٍ

حنین سے زیادہ ناکام۔

لَا خْتَرْتُ

اگر تجھے اختیار ہوتا تو اختیار کرلیتی۔

خَیرُ الاُمور اَوسَاطُھا
معاملات میں میانہ روی بہترین چیز ہے۔
خَیرُ الاُمور اَحمَدُھا مَغَبَّۃً
بہترین کام وہ ہے جس کی انجام میں تعریف کی جائے۔
خَیرُ اناءٍ یَکَ تکفِیئن
تو نے اپنے بہترین کو الٹ رہی ہے یعنی مستحق محروم اور غیر مستحق فیضیاب ہو رہے ہیں۔
کَفاءُ الإناء
برتن کو اوندھا کرنا۔
خَیرُ اَھلِکَ مَنْ کَفَاکَ
تیرا بہترین رشتہ دار وہ ہے جو تیرے لئے کافی ہو جائے۔
خَیرُ البُیوع نَاجِزٌ بِنَاجِزٍ
بہترین خرید و فروخت نقد ہے۔
خَیرُ حَالِبیکَ تَنطَحِینا
اپنے بہترین دوہنے والے کو سینگ مارتی ہے۔ ایک بکری کو دو آدمی دوہتے تھے۔ نرمی سے دوہنے والے کو وہ سینگ مارتی تھی اور دوسرے کو وہ کچھ نہیں کہتی تھی۔ یہ مثل ایسے شخص کے لئے استعمال کی جاتی ہے جو اپنے خوش معاملہ لوگوں سے برائی کرے۔
خَیرُ الخِلال حِفظُ اللِّسَان
بہترین خصلت زبان کی حفاظت کرنا ہے۔
خَیرُ سُلاَحِ المَرءِ مَا وَقَاہُ
آدمی کا بہترین ہتھیار وہ ہے جو اس کو بچائے۔ یعنی جو بھی وقت پر کام کر جائے۔
خَیرُ الاَصحاب مَنْ دَلَّکَ عَلَی الخَیرِ
بہترین ساتھی وہ ہے جو تیری خیر کی طرف رہنمائی کرے۔
خَیرُ عَفوٍ مَا کَانَ عِندَ القُدرَۃِ
بہترین معافی وہ ہے جو قدرت حاصل کرنے کے وقت دی جائے۔
خَیرُ العِلمِ مَا حَضَرکَ
بہتر علم وہ ہے جو ضرورت کے وقت کام آئے۔
خَیرُ الغِنی القنوع
بہترین مالداری قناعت ہے۔
خَیرُ الکَلام مَا قَلَّ وَدَلَّ
بہترین کلام وہ ہے جو مختصر اور مراد کو ظاہر کرنے والا ہو۔
خَیرُ المَالِ مَا نفعَ
بہترین مال وہ ہے جو نفع پہنچائے۔
خَیرٌ مِنَ الخَیرِ فَاعِلُہٗ
اچھوں میں اچھا وہ ہے جو کام کرے۔
خَیرُ النَّاسِ مَنْ فَرِحَ لِلنَاس بِالخَیرِ
بہترین وہ ہے جو لوگوں کی بھلائی سے خوش ہو۔
خَیرُ الوعظ مَا دَعَ
بہترین وعظ وہ جو برائی سے ہٹائے۔
اَلخَیرُ اَبقٰی وَاِن طَال الزَّمَانُ بِہ
بہترین علم وہ ہے جو وقت پر حاضر کر سکے۔
اِنَّ خَیرَ الفقہ مَا حضرت بہ
بہترین علم وہ ہے جو تو وقت پر حاضر کر سکے۔
لاَ خَیرَ فِی اَرَبِ الْقاکَ فِی لَھَبٍ
اس مقصد میں کوئی خیر نہیں جو تجھے شعاعوں میں ڈال دے۔
لاَخَیرَ فِی السَّرَفِ وَلاَ سَرَفَ فِی الخَیرِ
اسراف میں کوئی بھلائی نہیں اور بھلائی میں اسراف نہیں۔
لاَ خَیرَ فِی وُدِّیکُونُ بِشَافِع
ایسی محبت میں کوئی بھلائی نہیں جو کسی سفارش کرنے والے کا ذریعہ ہو۔
اَلخَیلُ تَجرِی عَلٰی مساویھا
گھوڑا اپنے عیبوں کے باوجود چلتا ہے۔ یعنی شریف آدمی تنگی کے باوجود سخاوت کرتا ہے۔
الخیل اَعلَمُ بِفُرسَانِھا
گھوڑے اپنے سواروں کو خوب جانتے ہیں۔ مطلب یہ کہ معاملہ شناس آدمی کو اختیار کرو۔
اَخیَلُ مِن غُرَابٍ
کوے سے زیادہ اترانے والا۔ کوا بڑے انداز سے چلتا ہے۔
اَخیل مِنْ دِیکٍ
مرغ سے زیادہ ناز دکھانے والا۔

د

دَاْمَاءُ لاَ یَقطَعُ بِالاَمَارَتِ
سمندر لکڑیوں کے بیڑہ سے طے نہیں۔
اَدْبَرَ غَرِیرُہٗ وَاَقبَلَ ہَرِیرُہٗ
[illegible] نے پیٹھ پھیر لی اور بدخلقی سامنے آ گئی۔

اَلتَدبیر نِصفُ المَعِیشَةِ
تدبیر آدمی روزی ہے۔
کَدابِغَةٍ وَقَدْ حَلِمَ الْاَدِیمُ
کھال رنگنے والے کی طرح جب کہ کھال فاسد ہو چکی ہو۔
حَلِمَ الجِلدُ
کھال خراب ہوگئی اور اس میں کیڑے پڑ کر سوراخ ہو گئے۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو کسی معاملے کی اصلاح کی اس وقت کوشش کرے جب وہ فساد کی وجہ سے نا قابل اصلاح ہو چکا ہو۔
دَخَلَ فُضُولِی نَارَ فَقَالَ حَطَب رَطْبٌ
فضولی خواہ مخواہ دخل دینے والا۔ آگ میں گھس گیا اور کہنے لگا کہ ایندھن گیلا ہے۔
یُدْخِلُ شَعْبَانَ فِی رَمَضَانَ
شعبان کو رمضان میں داخل کر رہا ہے۔ یعنی بے سروپا باتیں کرتا ہے۔
لاتَدْخُلْ بَیْنَ البَصَلة وَقِشْرِها
پیاز اور اس کے چھلکے کے درمیان مت گھسو۔
لاتَدْخُلَنَّ بَیْنَ العَصَا وَلِحائِها
ڈنڈے اور اس کی چھال کے درمیان ہرگز داخل نہ ہو۔
لِکُلِّ دَرٍّ حَالِبٌ
ہر دودھ کا کوئی دوہنے والا بھی ہے۔
اَدِرَّهَا وَاِنْ اَبَتْ
اس کو دودھ لو خواہ وہ انکار کرے۔ یہ مقولہ اس اونٹنی کے لئے کہا جاتا ہے جو میانہ باندھے بغیر دودھ نہ دوہنے دے۔ یعنی ضرورت یا بھلائی کو بااصرار حاصل کرو۔
دَرْءُ المَفَاسِدِ اَوْلٰی مِن جَلْبِ النِّعَمِ
مفاسد کو دفع کرنا نعمتیں حاصل کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔
یَدْرُجُ فِی کُلِّ وَکْرٍ
ہر گھونسلے میں گھس جاتا ہے۔
اَلدَّرَاهِمُ مَرَاهِمٌ
روپے مرہم کا کام کرتے ہیں۔
اَلدَّرَاهِمُ اَرْوَاحٌ تَسِیلُ
روپے بہتی ہوئی روحیں ہیں۔
مَنْ لَم یُدارِ لِمُشْطٍ یَنْتِفْ لِحیَتَهٗ
جو شخص کنگھی سے نرمی نہ برتے گا وہ اپنی ہی داڑھی کے بال

اکھاڑے گا)۔
لا یُدْعیٰ لِلْحُلٰی اِلَّا اَخُوهَا
بڑے معاملے کے لئے اس کا ماہر ہی بلایا جاتا ہے۔
اُدْعُ اِلٰی طِعَانِکَ مَنْ تَدعُوهُ اِلٰی جِفَانِکَ
اپنی نیزہ بازی کے لئے اسی کو بلاؤ جس کو اپنے پیالے پر دعوت دیتے ہو۔
اِرْفَعِ الشَّرَّ بِعُودٍ اَوْ عَمُودٍ
شر کو دفع کرو خواہ لکڑی سے یا لوہے کی سلاخ سے۔
اَدَقُّ مِنَ الهَبَاءِ
غبار سے زیادہ باریک۔
اَدَقُّ مِنَ الْکُحْلِ
سرما سے زیادہ باریک۔
اَدَقُّ مِنَ الدَّقِیْقِ
آٹے سے زیادہ باریک۔
اَدَقُّ مِنْ حَدِّ السَّیْفِ
تلوار کی دھار سے زیادہ باریک۔
دَلَّ عَلٰی عَاقِلٍ اِخْتِیَارُهٗ
عقلمندی کا انتخاب عقلمندی کو ظاہر کر دیتا ہے۔
اَلدَّالُّ عَلَی الخَیْرِ کَفَاعِلِه
نیکی بتانے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔
دَلِیْلُ عَقْلِ الْمَرْءِ فِعْلُهٗ وَدَلِیْلُ عِلْمِهٖ قَوْلُهٗ
آدمی کی عقل کی دلیل اس کا عمل ہے اور اس کے علم کی دلیل اس کا قول ہے۔
لَیْسَ الدَّلْوُ اِلَّا بِالرِّشَاءِ
ڈول رسی کے بغیر کچھ نہیں۔ ڈول رسی کے بغیر بے کار ہوتا ہے۔ اسی طرح آدمی کو قوت و ہمت اپنے رشتہ داروں ہی سے ہوتی ہے۔
دَمِّثْ لِجَنْبِکَ قَبْلَ النَّوْمِ مُضْطَجِعًا
لیٹ کر سونے سے پہلے اپنے پہلو کے لئے بستر نرم کر لو۔
تدمیث: نرم کرنا مطلب یہ ہے کہ حادثات کے نازل ہونے سے پہلے ہی تیار رہو۔
دَمْعَةٌ مِن عَوْرَاءَ غَنِیْمَةٌ بَارِدَةٌ
اندھی کی آنکھ سے ایک آنسو بھی غنیمت ہے۔
اَدْنَاءٌ مِنَ الشَّسْعِ
تسمے سے زیادہ حقیر

كُلُّ دَنِيٍّ دُوْنَهُ دَنِيٌّ
ہر قریب سے درے کوئی قریب موجود ہوتا ہے۔

اَدْنٰى مِن حَبْلِ الْوَرِيْدِ
شہ رگ سے زیادہ قریب۔حبل الورید۔رگ گلو (شہ رگ)۔

دُنْيَاكَ مَا اَنْتَ فِيْهِ
تیری دُنیا تو وہی ہے جس میں تو موجود ہے۔

اَلدَّهْرُ يَوْمَانِ يَوْمٌ لَكَ وَيَوْمٌ عَلَيْكَ
زمانہ کے دو دن ہیں۔ایک دن تیرے نفع کا ہے اور دوسرا تیرے ضرر کا۔

لِكُلِّ دَهْرٍ الرِّجَالٌ
ہر زمانہ کے لئے آدمی ہوتے ہیں۔

مَا الدَّهْرُ اِلَّا هٰكذا فَاصْبِرْ لَهٗ
زمانہ ایسا ہی ہے لہٰذا صبر کرو۔

يُدْهِن مِن قَارُوْرَةٍ فَارِغَةٍ
خالی شیشی سے تیل مل رہا ہے۔یعنی وعدوں نے ہی خوش کرتا ہے۔

بِهٖ داءُ ظبي
اس کو ہرن کی بیماری ہے۔عرب کا خیال تھا کہ ہرن کبھی بیمار نہیں ہوتا۔

لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ
ہر مرض کی دوا ہوتی ہے۔

بَيْنَهُمْ دَاءُ الضَّرَائِرِ
ان کے درمیان سوکنوں (حسد) کی بیماری ہے۔

دَوَاءُ الدَّهْرِ الصَّبْرُ عَلَيْهِ
زمانہ کی سختیوں کا علاج صبر کرنا ہے۔

ان دواء الشق ان تحوصه
پھٹنے کی دوا ٹانکنا ہے۔

نعم الدواء لشق ان تحف
بہترین دوا پرہیز ہے۔

اَنَا دُوْنَ هٰذَا وَفَوقَ مَا فِي نَفْسِكَ
میں اس سے تو کم ہوں مگر تیرے دل کی بات سے اوپر ہوں۔

كَمَا تَدِيْنُ تُدَانُ
جیسا بدلہ دو گے ایسا ہی بدلہ دیا جائے گا۔

اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ
دین خیر خواہی کا نام ہے۔نصح: کے معنی [illegible]
نصیحت کے معنی ہیں لوگوں کو باہم نزدیک کرنا اور ان کو جدا کرنے والی چیزوں سے دور کرنا۔

اَلدِّيْنُ مِيْسَمُ الْكِرَامِ
مکافات و جزاء شریفوں کی علامت ہے۔

ذ

ذِئْبٌ اِسْتَنْعَجَ
بھیڑیا بھیڑ بن گیا۔

اَلذِّئْبُ خَالِيًا اَسَدٌ
بھیڑیا خالی میدان میں شیر ہوتا ہے۔

مَنْ لَمْ يَكُن ذِئْبًا اَكَلَتْهُ الذِّئَابُ
جو بھیڑیا نہ بنے گا اس کو بھیڑیے کھا جائیں گے۔

مَا الذُّبَابُ وَمَا مَرَقَتُهٗ
کیا مکھی اور کیا اس کا شوربا۔"کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا"۔

اَلذِّبَانُ يَعْرِفُ وَجهَ اللَّبَّانِ
مکھیاں دودھ والے کے چہرے کو پہچانتی ہیں۔

ذَخَائِرُ الرِّجَالِ اَوْلٰى مِنْ اِدِّخَارِ الْمَالِ
آدمیوں کا ذخیرہ کرنا مال کے ذخیرہ کرنے سے بہتر ہے۔نیکی اور احسان سے آدمیوں کا ذخیرہ کرو۔کوشش میں سستی نہ کرو۔

ذُقْهُ تَغْبَطْ
چکھ کر دیکھ تو غبطہ کرے گا۔

ذَكَّرْتَنِي الطَّعْنَ وَكُنْتُ نَاسِيًا
تو نے مجھے نیزہ یاد دلایا بلکہ میں بھولا ہوا تھا۔

اُذْكُرِ النِّعمةَ القَدِيْمَةَ عَلَيْكَ وَاَنْسَ النِّعْمَةَ الجَدِيْدَةَ لَكَ
اپنے اوپر پرانی نعمت کو یاد رکھو اور اپنے لئے نئی نعمت کو بھول جاؤ یعنی پرانی نعمتوں پر شکر کرو اور نئی آسائش کی حرص نہ کرو۔

اُذْكُرْ مَعَ كُلِّ نِعْمَةٍ زَوَالَهَا
ہر نعمت کے ساتھ اس کے زوال کو بھی یاد کرو۔

اُذْكُرْ غَائِبًا يَقْتَرِبْ
غائب کا ذکر کرو قریب ہو جائے گا۔

وَكُنْ ذَكُوْرًا اِذَا كُنْتَ كَذُوْبًا
جھوٹا بنے تو یاد بھی رکھ۔

ذَلَّ مَنْ لَا سَيْفَ لَهٗ
[illegible] جس کے پاس تلوار نہیں وہ ذلیل ہو گیا۔

لَقَدْ ذَلَّ مَنْ بَالَتْ عَلَيْهِ الثَّعَالِبُ
وہ ذلیل ہو گیا جس پر لومڑیاں موت گئیں۔ یعنی بت کی پوجا ذلت والی ہے۔
ذَلٌّ لَوْ اَجِدُ نَاصِرًا
بڑی ذلت ہے اگر مجھے مددگار مل جائے اس مہم کی مدد جستجو کو ذلت سمجھتا ہوں۔
اَذَلُّ مِنْ بيضة الْبَلَدِ
شترمرغ کے چھوڑے ہوئے انڈے سے زیادہ ذلیل۔
اَذَلُّ مِنَ النَّقَدِ
حقیر بکری سے زیادہ ذلیل۔
اَذَلُّ مِنْ وَتَدٍ
میخ سے زیادہ ذلیل۔ کیوں کہ میخ کو ہمیشہ ٹھوکا پیٹا جاتا ہے۔
اَذَلُّ مِنَ النَّعْلِ
جوتے سے زیادہ ذلیل۔
اَذَلُّ مِنَ الشِّسْعِ
تسمہ سے زیادہ ذلیل۔
اَذَلُّ مِنَ الْبَاسِطِ
سب سے زیادہ ذلیل وہ ہے جو کمینہ سے معذرت طلب کرے۔
اَذَلُّ النَّاسِ مُعْتَذِرٌ اِلٰى لَئِيْمٍ
سب سے زیادہ ذلیل وہ ہے جو کمینہ سے معذرت طلب کرے۔
اِنَّ الذَّلِيْلَ الَّذِىْ لَيْسَتْ لَهٗ عَضُدٌ
ذلیل وہ ہے جس کا بازو نہ ہو۔ مددگار نہ ہو۔
اِنَّ الذَّلِيْلَ مَنْ ذَلَّ فِىْ سُلْطَانِهٖ
درحقیقت ذلیل وہ ہے جو اپنے اقتدار کی جگہ بھی ذلیل ہو جائے۔
لَا ذَنْبَ لِىْ قَدْ قُلْتُ لِلْقَوْمِ اسْتَقُوْا
میرا کوئی گناہ نہیں۔ میں نے قوم سے کہہ دیا کہ پانی لے لو۔
مَا ذَنْبِىْ يَدَاكَ اَوْ كَتَا وَفُوْكَ نَفَخَ
میرا کوئی قصور نہیں تیرے ہاتھوں نے اس کا منہ باندھا ہے اور تیرے منہ کے پھونک بھری ہے۔ مشکیزے میں کم پھونک بھرنے کی وجہ سے دریا میں ڈوبنے والے کے لئے مثال ہے۔
ذَهَبَ اَمْسِ بِمَا فِيْهِ
کل اپنے حالات کے ساتھ گزر چکی۔
ذَهَبَ الْحِمَارُ يَطْلُبُ قَرْنَيْنِ فَعَادَ مَصْلُوْمَ الْاُذُنَيْنِ
گدھا سینگ لینے گیا تھا۔ کان کٹوا کے لوٹا۔ اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو فائدے کے لالچ میں اپنا سرمایہ بھی کھو بیٹھے۔
ذهب دمُهٗ دَرَجَ الرِّيَاحِ اَوْ اَدْرَاجَ الرِّيَاحِ
اس کا خون ہوا کے راستے گیا۔ یعنی رائیگاں کہ اس کے قصاص کوئی طلب گار نہ ہوا۔
ذَهَبَ بَيْنَ الصَّحْوَةِ وَالسَّكْرَةِ
وہ ہوش اور مدہوشی کے درمیان گیا۔ یعنی ایسی حالت میں کہ کچھ شعور تھا اور کچھ نہ تھا۔
ذَهَبَ فِى السَّمٰى
وہ فضا میں چلا گیا۔
ذَهَبَتْ حَيْثُ لَا ذَيَانَهَا
گرم ہوا اپنی عادت کے مطابق چلی۔ یعنی آدمی عادت پر مجبور ہے۔
اِنْ ذَهَبَ عَيْرٌ فَعَيْرٌ
ایک گورخر نکل گیا تو کیا' ایک تو جال میں موجود ہے۔
ذَهَبُوْا تَحْتَ كُلِّ كَوْكَبٍ
ہر ستارہ کے نیچے گئے۔ ان لوگوں کے لئے کہتے ہیں جن کے سفر کے راستے مختلف اور متضاد ہوں۔
ذهبوا وتفرقوا يدى سبا اور ايادى سبا
وہ اہل صبا کی طرح چلے گئے یا منتشر ہو گئے۔ یعنی ایسے منتشر ہوئے کہ پھر اجتماع ہی نہ ہوا۔ مثل قصہ طلب ہے۔ سبا کے باشندوں کو سیلاب عرم سے ڈرایا گیا تو وہ یمن سے نکل گئے اور جس کا جدھر منہ اٹھا چلا گیا۔
يَذْهَبُ الْعُرْفُ بَيْنَ اللّٰهِ وَالنَّاسِ
احسان خدا اور بندہ کے درمیان چلتا ہے۔ یہ مثال حطیۃ کے شعر کا آخری مصرع ہے۔
وَمَنْ يَفْعَلِ الْعُرْفَ لَا يَعْدِمْ جَوَائِزَهٗ
جو احسان کرتا ہے اس کا احسان نہیں مٹتا۔
اِذْهَبْ اِلٰى حَيْثُ اَلْقَتْ رَحْلَهَا اُمُّ قَشْعَمٍ
وہاں جا جہاں ام قشعم نے اپنا کجاوہ ڈالا تھا۔
وَمَنْ لَمْ يَذُدْ عَنْ حَوْضِهٖ يُتَهَدَّمِ
یعنی جو شخص اپنے تالاب کی مدافعت نہیں کرتا وہ منہدم ہو جاتا ہے۔
كُلُّ ذَاتِ ذَيْلٍ تَخْتَالُ
ہر دامن والی ناز و ادا سے چلتی ہے۔

ر

رَاسُ الدِّینِ صِحَّۃُ الیَقِینِ
اصلِ دین یقین کا صحیح ہونا ہے۔
کُلُّ رَاسٍ بِہٖ صُدَاعٌ
ہر سر میں درد ہوتا ہے۔ ہر سر میں کوئی سودا ہے۔
رُبَّ رَاسٍ حَصِیدُ لِسَانٍ
بہت سے سر زبان کے کاٹے ہوئے ہیں۔
کَاَنَّ عَلٰی رُؤُسِھِمُ الطَّیرَ
گویا کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوتے ہیں۔
رَاَی الکَوکَبَ ظُھرًا
اس نے ظہر کے وقت ستارہ دیکھا۔
اِذَا رَاَیتَ الرِّیحَ عَاصِفَۃً فَتَطَامَنْ
جب آندھی سخت دیکھو تو پست ہو جاؤ۔
رَآ الصَّادِرُ وَالوَارِدُ
اس کو ہر آنے جانے والے نے دیکھا ہے۔ سورج نکلا سب نے دیکھا۔
اُرِیھَا السُّھٰی تُرِینِی القَمَرَ
میں اس کو سہا دکھا رہا ہوں اور وہ مجھے چاند دکھا رہی ہے۔ باریک باتوں کو نہ سمجھنا۔
یَرَی الشَّاھِدُ مَا لَا یَرَی الغَائِبُ
حاضر وہ کچھ دیکھ لیتا ہے جو غائب نہیں دیکھتا۔
وَمَا تَرَانِی یَا جَمِیلُ اَرَاکَ
جمیل جیسا تم مجھے جانتے میں بھی تمہیں جانتا ہوں۔
سَوفَ تَرَای اِذَا انجَلَی الغُبَارُ اَفَرَسٌ تَحتَکَ اَمْ حِمَارٌ
جب غبار چھٹے گا تو دیکھ لوگے کہ تمہارے نیچے گھوڑا ہے یا گدھا۔
اَرَاَیتُھَا النَّمِرَۃَ اُرِیکَھَا مَطِرَۃً
تو مجھے دکھا کہ وہ چتکبرا ہے میں تجھے دکھا دونگا کہ وہ برس رہا ہے۔
رَاْیُ الشَّیخِ خَیرٌ مِن مَشھَدِ غُلَامٍ
بوڑھے کی رائے لڑکے کی موجودگی سے بہتر ہے۔
لَا رَاْیَ لِمَن لَا یُطَاعُ
اس شخص کی کوئی رائے نہیں جس کی اطاعت نہ کی جائے۔ حضرت علیؓ نے اپنے ساتھیوں پر عتاب کرتے ہوئے ایک خطبہ میں فرمایا۔

اِنَّ الرَّاْیَ لَیسَ بِالظَّنِّ
رائے محض گمان ہی سے نہیں ہوتی۔ حال کی ترغیب کے لئے بولا جاتا ہے۔
رَبُّکَ وَصَاحِبُکَ لَا تَکْذِبْ عَلَیھِمَا
اپنے آقا اور دوست پر جھوٹ نہ لگاؤ۔
کَالمَربُوطِ وَالمَرعٰی خَصِیبٌ
بندھا ہوا اور چراگاہ سرسبز۔
اِنَّ تَفْشَاءُ الرَّثِیئَۃَ الغَضَبَ
دودھ غصہ کو ٹھنڈا کر دیتا ہے یعنی ناراض کو تحفہ راضی کرتا ہے۔
رَجَعَ بِخُفَّی حُنَینٍ
وہ حنین کے موزے لے کر لوٹا۔
حَتّٰی یَرْجِعَ الدَّرُّ فِی الضَّرْعِ
یہاں تک کہ دودھ تھنوں میں لوٹ جائے۔ محال چیز کے لئے بولتے ہیں۔
حَتّٰی یَرْجِعَ السَّھمُ عَلٰی فُوقِہٖ
یہاں تک کہ تیرا اپنے فوق (چلہ) پر لوٹ جائے۔ ناممکن چیز کے لئے بولتے ہیں۔
اَلرِّجَالُ اَربَعَۃٌ
آدمی چار ہی قسم کے ہیں۔
ھَلْ یُرتَجٰی مَطَرٌ مِنْ غَیرِ سَحَابٍ
کیا بادل کے بغیر بارش کی امید کی جاتی ہے۔
لَا تَرْجُ خَیرَ مَنْ لَا یَرْجُو خَیرَکَ
ایسے شخص پر خیر کی امید نہ رکھو جو تیری خیر کی امید نہیں رکھتا۔
رَحَلَ بِعَضِّ غَارِبًا مَجرُوحًا
کجاوہ بھی زخمی کوہان کو ہی کاٹتا ہے۔ غارب: کوہان کا بالائی حصہ۔
اِرْحَمْ مَنْ دُونَکَ یَرْحَمکَ مَنْ فَوقَکَ
اپنے سے نیچے پر تم رحم کرو تا کہ تم سے اوپر والے تم پر رحم کریں۔
اَرْخَصُ مِنَ التَّمرِ بِالبَصرَۃِ
بصرہ میں کھجور سے زیادہ سستا۔
اَرْخَصُ مِنْ تُرَابٍ
مٹی سے بھی زیادہ سستا۔
رُدَّ الحَجَرَ مِنْ حَیثُ جَاءَکَ
پتھر جہاں سے آیا وہیں لوٹا دو۔
مَنْ رَدَّ [illegible]

سیلاب کو اس کے بالائی راستوں کی طرف کون لوٹا سکتا ہے۔

اَدْرَاجُ السُّبُلِ

بلندی سے آتی ہوئی سیلاب کی گزرگاہیں ناممکن بات کے لئے کہا جاتا ہے۔

بِئْسَ الرِّدفُ لا بَعْدَنعَم

ہاں کے بعد نہیں بہت برا تابع ہے۔

اِذَا رَزَقَکَ اللّٰہُ مَغْرِفَۃً فَلاَ تُحْرِق یَدَکَ

جب اللہ نے تجھے چمچہ دیا ہے تو تو اپنا ہاتھ مت جلا۔

رِزْقُ اللّٰہِ لاَ کَدُّکَ

اللہ کا دیا رزق ہے تیری محنت نہیں۔

رَزَمَۃٌ وَلاَ دِرَّۃٌ

اونٹنی کی آواز نہیں مگر دودھ نہیں۔

اَرْسِلْ حَکِیْمًا وَلاَ تُوْصِہٖ

عقلمند کو قاصد بناؤ اور اس کو وصیت نہ کرو۔

لاَ رَسُوْلَ کَالدِّرْھَم

روپیہ جیسا کوئی قاصد نہیں۔

اَلرَّشْفُ اَنْقَعُ

تھوڑا تھوڑا پینا زیادہ سیراب کرتا ہے۔ آہستگی اور وقار اختیار کرنے کی ترغیب کے لئے کہتے ہیں۔

رَضِیت مِن لغَنِیْمَۃِ بِالْاِیَابِ

میں واپس لوٹ آنے کی غنیمت پر راضی ہوں۔

جان بچی سو لاکھوں پایا لوٹ کے بدھو گھر کو آیا۔

رَضِیْتُ مِنَ الْوَفَاءِ بِاللَّقَاءِ

میں تھوڑی سی وفاء پر راضی ہوں۔

مَن رضي عن نفسه کَثُرَ السَّاخِطِین عَلَیْہِ

جو اپنے نفس پر راضی ہو گیا اس نے اپنے پر ناراض ہونے والے زیادہ کر لیا۔

اِذا تَرَضَّیْتَ اخاکَ فَلاَ اخالک

جب تو نے محنت سے اپنے بھائی کو راضی کیا گو اب وہ تیرا بھائی ہی نہیں۔

رِضَا النَّاسِ غَایَۃٌ لاَ تُدْرَکُ

لوگوں کی رضامندی ایسا مقصد ہے جو کبھی حاصل نہیں ہو سکتا۔

لاَ تکن رطبًا فتعصر وَلاَ یَابِسًا فَتُکْسَرَ

نہ اتنا تر ہو جا کہ تجھے نچوڑ لیں اور نہ اتنا خشک کہ تجھے توڑ دیں۔

مَنِ اسْتَرْعَی الذِّئْبَ ظَلَم

جس نے بھیڑیئے کو چرواہا بنایا اس نے ظلم کیا۔ یعنی اس نے بکریوں پر ظلم کیا۔

مَسْرَعَی وَلاَ اَکُوْلَۃٌ

چراگاہ موجود ہے مگر کھانے والی بکریاں موجود نہیں۔ ایسے مالدار کیلئے بولا جاتا ہے جس کا کوئی وارث نہ ہو۔

تَحْتَ الرَّغْوَۃِ الصَّرِیْحُ

جھاگ کے نیچے خالص دودھ موجود ہے۔

من الرَّفْشِ اِلی العرشِ

بیلچے کے کام سے تخت کے اوپر۔

ترفض عند المحفظات الکتائف

غیرت انگیز موقعوں پر کینے متفرق ہو جاتے ہیں۔

اَرْفَعُ مِنَ السَّمَاءِ

آسمان سے زیادہ بلند۔

اَلرَّفِیْقُ قَبْلَ الطَّرِیْقِ

راستے سے پہلے ساتھی۔ ناموافق ساتھی سفر میں خصوصاً مصیبت کا سبب ہوتا ہے۔

بِالرِّفَاءِ وَالْبَنِین

موافقت اور بچوں کے ساتھ شادی کرنے والے کے لئے دعا ہے۔

اَرَقُّ مِنَ النَّسِیم

بادِ نسیم سے زیادہ لطیف۔

اَرَقُّ مِنَ الْمَاءِ

پانی سے زیادہ پتلا۔

اَرَقُّ مِنْ رَقْرَاقِ السَّراب

سراب (ریت) کی چمک سے زیادہ لطیف۔

اَرَقُّ مِنَ الدمع الغمام

ابر کے آنسوؤں سے زیادہ پتلا۔

اُرْقُبِ الْبَیْتَ مِنَ الرَّاقِبَۃِ

گھر کی حفاظت اس کے محافظ سے ہی کر۔ کسی نے گھر کی حفاظت کیلئے اپنے غلام کو چھوڑ دیا۔ غلام سامان لے کر چلتا بنا تب اس نے یہ جملہ کہا۔

کالراقم علی الماء

پانی پر لکھنے والے کی طرح بے وفا۔

اِرْقَ عَلٰی ظَلْعِکَ

اپنے لنگڑے پن کا خیال رکھ کر چڑھو۔

رَکِبَ جَنَاحَی النَّعَامَةِ

وہ شترمرغ کے بازوؤں پر سوار ہو گیا۔

یَرْکَبُ الصَّعْبَ مَنْ لاَ ذَلُوْلَ لَهُ

سرکش پر وہ سوار ہو جس کے پاس سدھایا ہوا نہ ہو۔ آسانی سے مقصد حاصل ہو تو سخت رویہ کیوں اختیار کرے۔

مَنْ لَمْ یَرْکَبِ الاَهْوَال لَمْ یَنَلِ الآمَالَ

جو ہولناک اشیاء پر سوار نہ ہو گا وہ امیدیں حاصل نہ کر سکے گا۔ مصیبت کے بغیر راحت نہیں ملتی۔

کَرَاکِبَ اِثْنَیْنِ

دو سواریوں کا سوار۔ جو شخص کاموں میں متردد ہو۔

رَمَی الکَلاَمَ عَلٰی عَوَاهِنِه

اس نے کلام کو کھجور کی ٹہنیوں پر دے مارا۔

رَمَاهُ اللّٰه بِلَیْلَةَ لاَ اُخْتَ لَهَا

اللہ تعالیٰ اس پر ایسی رات لائے جس کی بہن کوئی دوسری رات نہ ہو۔

رَمَاهُ اللّٰه مِن کُلِّ اَکَمَةٍ بَعَجَرٍ

اللہ تعالیٰ اس کو ہر ٹیلے سے پتھر مارے۔

رَمَاهُ بِاَحْقَافِ رَاسِهِ

اس کے سر کی کھوپڑی پر مارا۔

رَمَاهُ اللّٰه بِثَالِثَةِ الاَثَافِی

اللہ تعالیٰ اس کو چولہے کے تیسرے پتھر کے ساتھ مارے۔

رَمَاهُ بِدَاءِ الذِّئْبِ

اللہ تعالیٰ اس کو بھیڑیے کے مرض (نہ ختم ہونے والی بھوک) میں مبتلا کرے۔

رَمَاهُ بِنَبْلَةِ الصَّائِبِ

اس کو اپنے نشانے پر لگنے والے تیر سے مارا۔

رَمَتْنِی بِدَائِهَا وَانْسَلَّتْ

اپنی بیماری میری طرف منسوب کر دی اور کھسک گئی۔

لاتَرْمِ سَهْمًا یَعْسُرُ عَلَیْکَ رَدُّهُ

وہ تیر مت پھینک جس کا لوٹانا تجھ پر مشکل ہو۔

قَبْلَ الرَّمْیِ یُرَاشُ السَّهْمِ

تیر پھینکنے سے پہلے اس کو پر لگایا جاتا ہے۔ یراش یعنی تیر کے پر لگائے گئے۔ انہیں معنی میں کہا جاتا ہے قبل الر[illegible]

تَمْلاءُ الکَنَائِن

تیر اندازی سے پہلے ترکش بھر لئے جاتے ہیں۔

مَا کُلُّ رَامِی غَرَضٍ یُصِیْبُ

ہر نشانہ باز نشانہ پر نہیں مار سکتا۔

قَبْلَ الرِّمَاءِ تُمْلاءُ الکَنَائِن

تیر اندازی سے پہلے ترکش بھرا جاتا ہے۔

رُبَّ رَمْیَةٍ مِنْ غَیْرِ رَامٍ

کبھی تیر اندازی وہ بھی کر لیتا ہے جو تیر اندازی نہیں جانتا۔

عِنْدَ الرِهَانِ تُعْرَفُ السَّوَابِق

گھوڑ دوڑ کے وقت آگے نکلنے والے گھوڑے پہچانے جاتے ہیں۔

اِسْتَرَاحَ مَنْ لاَعَقْلَ لَهُ

جس کو عقل نہیں اس نے راحت پائی۔ غم اور فکر عقل کے ساتھ ہیں۔

اَلرَّائِد لاَیَکْذِبُ اهلهُ

پیش رو جاسوس۔ اپنے لوگوں سے جھوٹ نہیں کہتا۔ رائد: وہ شخص جو قافلے سے آگے گھاس و پانی کی تلاش کے لئے جاتا ہے اگر وہ جھوٹ بولے گا تو لوگوں کے ساتھ خود بھی ہلاک ہو جائے گا۔

اَرْوَغ مِن ثَعلَبِةٍ

لومڑی سے زیادہ چال باز۔

اروغانا یا ثعالب وقد علقت بالجبال

کیا اب بھی حیلہ بازی کرے گی اے لومڑی جب کہ تو جال میں پھنس چکی ہو۔

اَرْوٰی مِن حَیَّةٍ

سانپ سے زیادہ سیراب۔

اَرْوٰی مِن ضَبِّ

گو سے زیادہ سیراب۔

اَلرَّاوِیَةُ اَحَدُ الشَّاتِمِیْن

نقل کرنے والی دو گالی دینے والوں میں سے ایک ہے۔

رُبَّ رَیْثٍ یَعقِب فَوْتًا

بسا اوقات دیر کرنا فوت ہونے کا نتیجہ دیتا ہے۔ یعنی تاخیر ناکامی کا سبب ہوتی ہے۔ ریث: دیر کرنا۔

اِنْ کُنْتَ رِیْحًا فَقَد لاَقَیْتَ اِعْصَارًا

اگر تو ہوا تھا تو بگولے سے مل گیا۔ سیر کو سوا سیر مل گیا۔

ان اردت المعاجزة فقبل المناجزة

اگر کم آز لینا چاہتا ہے لڑائی یا فنا ہونے سے پہلے۔ صلح کرنے والے

کے لئے بولا جاتا ہے۔

اُرید حباءہ ویرید قتلی

میں اس کو عطیہ دینے کا ارادہ رکھتا ہوں اور وہ میرے قتل کا ارادہ (رکھتا ہے) کرتا ہے۔

اِذَا رَادَ اللّٰہُ ھَلاکَ نَملۃ انبت لھا جَناحَینِ

جب چیونٹی کی موت آتی ہے تو اس کے پر نکل آتے ہیں۔

مَنْ لَمْ یُرِدْکَ فَلاَ تُرِدْہُ

جو شخص تیرا ارادہ نہ کرے تو اس کا ارادہ نہ کر۔

کَمْ بَین مَرِیدِ وَ مُراد

ارادہ اور مراد میں بڑا فاصلہ ہے۔

ز

جَعَلَ الزُّجَّ قُدام السِّنانِ

اس نے زج کرانی کے سامنے لگا لیا۔ حالانکہ اس کی جگہ انی کے پیچھے ہے۔

اِنْ لَمْ تُزاحِم لَمْ یَقَعْ فِی الخُرجِ شئیٌ

اگر تو مزاحمت نہ کرتا تو خرجین میں کوئی چیز نہ پڑتی۔

مَنْ یَزرع الشَّوکَ لاَ یَحْصُد بہ العِنَبا

جو کانٹے بوئے گا اس سے انگور نہیں کاٹے گا۔ انگور توڑنے کے لئے قطف العنب: بولتے ہیں۔

کَمَا تَزرَعُ تَحْصُدُ

جیسا بوئے گا ویسا کاٹے گا۔

ھُوَ اَزرَقُ العَینِ

وہ نیلگوں آنکھ والا ہے۔

لِکُلِ زَعْمٍ خَصْمٌ

ہر گمان کے لئے کوئی مقابل ہے۔

زَقَّہُ زَقَ الحَمامۃ فَرْخَھا

اس کو چگا دیا جیسے کبوتری اپنے بچے کو چوگا دیتی ہے۔ کسی کو کوتاہی کے بغیر محبت وشفقت سے پرورش کی۔

اِذ اَلَّ العَالِم بِذَلِّہ عَالَمٌ

عالم کی لغزش سے ایک جہان لغزش میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

وَزَلَّۃَ الرّای تَنسی زَلَّۃَ القَدمِ

رائے کا پھسلنا قدم کے پھسلنے کو بھلا دیتا ہے۔ رائے کی لغزش ٹھوکر لگنے سے زیادہ سخت ہوتی ہے۔

لِکُلِّ زَمانٍ رِّجَالٌ

ہر زمانے کے لئے کچھ لوگ ہوتے۔

ھُمَا زُنْدَانِ فِی وَعَاءٍ

وہ دونوں ایک ہی برتن میں آگ سلگانے والے ہیں۔

اَزْھٰی مِنْ وَعَلٍ

کوے سے زیادہ متکبر۔

اَزْھٰی مِنْ طَاؤُسٍ

طاؤس سے زیادہ متکبر اتراتا ہے۔

زُرْغِبًا تَزْدَدْحُبًّا

ایک چھوڑ کر زیارت کرنا کہ محبت زیادہ ہو۔ روز کا آنا جانا قدر کھو دیتا ہے۔

اَلزَّیتُ فِی العَجینِ لاَ یَضِیعُ

روغن آٹے میں ضائع نہیں ہوتا۔ گھی کہاں گیا کھچڑی میں۔ رشتہ داروں کے ساتھ احسان کرنے والے کے لئے بولتے ہیں۔

زَادَ فِی الطُّنبُورِ نغمۃً

اس نے طنبور میں ایک نغمے کا اضافہ کیا۔

زُیِّنَ فِی عَیْنِی وَالِدِ وَلَدُہٗ

باپ کی نظر میں بیٹا خوبصورت ہوتا ہے۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو اپنے اہل وعیال کو اچھا سمجھے۔

س

اِن سأَلَ اَلْحَفَ وَاِنْ سُئِلَ سَوَّفَ

اگر وہ سوال کرتا ہے تو لپٹ جاتا ہے اور اگر اس سے سوال کیا جاتا ہے تو ٹال دیتا ہے۔

تَسَائلُنِی اُمُّ الخَیار جَمَلاً. یَمْشی رَوَیدًا وَیَکُونَ اولاً

ام خیار مجھ سے ایسا اونٹ مانگتی ہے جو آہستہ چلے اور اوّل آئے۔ دشوار چیز مانگتی ہے۔

سَائِلِ اللّٰہ لاَ یَخِیبُ

خدا سے مانگنے والا محروم نہیں رہتا۔

سَبَّکَ مَنْ بَلَّغَکَ السَّبَّ

اسی نے تمہیں گالی دی جس نے تمہارے پاس گالی پہنچائی۔

سُبَّنی وَاصْدُق

مجھے گالی دو اگر سچ کہو۔ سچ بولنے پر رغبت کے لئے بولا جاتا ہے۔

مَالَہُ سَبَدٌ وَلاَ لَبَدٌ

نہ اس کے بال ہیں نہ اون۔

سَبَق سَیلُهُ مَطرَهُ

اس کا سیلاب اس کی بارش سے بھی پہلے آ گیا۔ نفع سے پہلے نقصان ہو گیا۔

سَبَق السَّیفُ العَذَلَ

تلوار ملامت سے سبقت لے گئی۔ ضبہ ابن اد نے اپنے لڑکے کے قاتل کو حرم میں قتل کر دیا۔ لوگوں نے ملامت کی تو اس نے یہ جملہ کہا۔

سَبَقَ دِرَّتُهُ غَرارَهُ

اس کے زیادہ دودھ سے کم دودھ سابق ہو گیا۔ شر خیر سے پہلے آ گیا اور احسان سے پہلے ہی بدی کی۔

مَنْ سَابَقَ الدَّهرَ عَثَرَ

جو زمانہ سے آگے بڑھے گا وہ پھسل جائے گا۔

مَا استَتَرَ مَنْ قَادَ الجَمَل

جو اونٹ کو کھینچ کر لے جائے گا وہ چھپا نہیں رہے گا۔

سَحابَة صَفٍ عَنْ قَلیل تَقشَعُ

گرمی کی بدلی جلد ہی چھٹ جاتی ہے۔ کم ٹھہرنے والے کے لئے مثال ہے۔

لَمَّا اَستَدَ سَاعِدَہ رِمَانی

جب اس کی کلائی درست ہو گئی تو اس نے مجھے ہی تیر مارا۔

اَلسِّرُ اَمَانَةٌ

راز ایک امانت ہے۔

سِرُّک مِن دَمِک

تیرا راز تیرے خون سے ہے۔ بسا اوقات افشائے راز موت کا سبب بن جاتا ہے۔

مَالَهُ سَارِحَة وَلاَ رَائِحَةٌ

اس کے پاس نہ چرنے والے جانور ہیں نہ چر کر واپس آنے والے۔

اَسرَعُ مِنَ البَرق

بجلی سے زیادہ تیز رفتار۔

اَسرَعُ مِنَ البَینِ

جدائی سے زیادہ تیز رفتار۔

اَسرَعُ مِنَ الطَّرفِ

نگاہ سے زیادہ تیز رفتار۔

اَسرَعُ مِنَ اللَّمحِ

نظر سے زیادہ تیز رفتار۔

اَسرَعُ مِن لَمحِ البَصرِ

آنکھ جھپکنے سے زیادہ تیز رفتار۔

اَسرَعُ مِنْ رَجعِ الصَّدیٰ

آواز سے بازگشت سے زیادہ تیز رفتار۔

اَسرَعُ مِنَ الیَدِاِلَی الفَم

منہ کی طرف ہاتھ سے زیادہ تیز رفتار۔

یَسْرِقُ الکُحلَ مِن العین

آنکھ سے سرمہ چرا لیتا ہے۔

اَسرای مِنَ الخَیال

خیال سے زیادہ چلنے والا۔

اَلسَّعِیدُ مَن کُفِیَ

نیک بخت وہ ہے جس کو استغناء حاصل ہو گیا۔

بِالسَّاعِدِ یَبطِشُ الکَفُّ

کلائی کے ذریعہ ہی ہاتھ مضبوط پکڑتا ہے یعنی کامیابی کے لئے قوت و قدرت ضروری ہے۔ جو میرے پاس نہیں اور مددگاروں کی کمی کے موقع پر بھی مثال دی جاتی ہے۔ اسی طرح کا ایک شعر ہے۔

اولئک اخوانی الذین رایتھم
وما الکف الا اصبع ثم اصبع

یہ میرے بھائی ہیں جن کو تو نے دیکھ لیا اور ہاتھ انگلی در انگلی کے علاوہ نہیں۔ ایک ایک انگلی سے ہی پورا ہاتھ بنتا ہے۔

مَالَهُ سِعَته وَلاَ مَعْنَةٌ

نہ اس کے پاس تھوڑا کھانا ہے نہ زیادہ۔

مَنْ سَعیٰ رَعیٰ

جو دوڑا وہ چر گیا۔

رُبَّ سَاعٍ لِقَاعِدٍ

بعض آدمی بیٹھے ہوئے کے لئے دوڑتے ہیں۔

یَسْتَفُّ التُّرابَ وَلاَ یَخضَعُ لاَحدٍ عَلَی باب

خاک پھانکتا ہے مگر کسی کے دروازے پر نہیں جھکتا۔

سَفِیهٌ لَم یَجِد مُسافِها

سبک سر بے وقوف ہے کسی گالی دینے والے سے واسطہ نہیں پڑا۔

حَیثُما سَقَطَ لَقَطَ

[illegible] کہیں جا پڑا وہیں سے کچھ اٹھا لیا۔ حیلہ ساز اور چالاک شخص کے

لئے بولتے ہیں "جہاں دیکھا توا پرات وہیں گزار دی ساری رات"۔

لِكُلِّ سَاقِطَةٍ لَاقِطَةٌ

ہر گرنے والی چیز کو کوئی اٹھانے والی مل جاتی ہے۔

يُسقى مِن كُلِّ يَدٍ بِكَاسٍ

ہر ہاتھ سے ایک پیالہ پی لیتا ہے۔

سَافِيَة لَا تُعَكِّرُ بَحرًا

چھوٹی ہر سمندر کو گدلا نہیں کرتی۔

سَكَتَ اَلفًا وَنَطَقَ خَلفًا

ہزار لحظہ خاموش رہا۔

اَلسُّكُوت اَخُوا لرضا

خاموشی رضامندی کی طرح ہے۔

رُبَّ سُكُوتٍ اَبلَغُ مِن كلام

بہت سی خاموشیاں کلام سے زیادہ بلیغ ہوتی ہیں۔

رُبَّمَا كَانَ السُّكُوت جوابًا

بسا اوقات خاموشی ہی جواب ہوتی ہے۔

سَلَعُ الحُبَارى سَلَاحَهُ

سرخاب کا بیٹ کرنا ہی اس کا ہتھیار ہے۔

سَلَاحُ الضُّعَفَاءِ الشِّكَايَةُ

کمزور دل کا ہتھیار شکایت ہی ہے۔

اَسلَحُ مِنَ الحُبَارى

سرخاب سے زیادہ بیٹ کرنے والا۔

اَلسُّلطَان ظِلُّ اللّٰهِ فِي اَرضِهِ

بادشاہ خدا کی سرزمین پر خدا کا سایہ ہے۔ مخلوق کو اس سایہ میں پناہ ملنی چاہئے۔

لَا سُلطَان بِلَا رِجَالٍ

بغیر آدمیوں کے کوئی بادشاہ نہیں بنتا۔

لَيسَ لِسُلطَانِ العلم زَوال

سلطان علم کو زوال نہیں۔

مَن سَلَكَ الجَدَ دَامِنَ العِثَار

جو شخص ہموار زمین پر چلے گا وہ پھسلنے سے محفوظ رہے گا۔

اِن سَلِمتَ مِنَ الاَسَدِ فَلَا تَطمَع فِي صَيدِهِ

اگر تو شیر سے بچ جائے تو اس کا شکار کا لالچ نہ کر۔

مَن سَلِمَت سَرِيرَتُهُ سَلِمَت عَلَانِيَتُهُ

جس کی باطنی خصلت درست ہوگی اس کا ظاہر بھی سالم ہوگا۔

اِن تَسلَم الجِلّةُ فالنِّيبُ هَدَرٌ

اگر بڑے اونٹ بچ جائیں تو بوڑھی اونٹنیاں رائیگاں ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ جب قیمتی چیز بچ جائے تو بے قیمت چیزوں کی پرواہ نہیں ہوتی۔

اَلسَّلَامَةُ غَنِيمَة

سلامتی ایک غنیمت ہے۔

اِنَّ السَّلَامَةَ مِنهَا تَركُ مَا فِيهَا

اس کی سلامتی یہ ہے کہ اس میں جو کچھ ہے اس کو چھوڑ دیا جائے۔

اَسمَحُ مِن لَاقِطَةٍ

پرندے سے زیادہ سخی جو اپنے پیٹ کا کھانا اپنے بچوں کو چگا دیتا ہے۔

لَقَد اسمعت لو ناديت حيًا

اگر تو کسی زندہ پکارتا تو اس کو سنا دیتا۔

اَسمع جَعجَعَة وَلَا اَرى طِحنًا

چکی کی گڑگڑاہٹ تو سنتا ہوں مگر آٹا دکھائی نہیں دیتا۔ بزدل اور بخیل کا شور تو سنائی دیتا ہے مگر عمل نظر نہیں آتا۔

اَن تَسمَعَ المُعَيدِى خَيرٌ مِن ان تَرَاهُ

تیرا معیدی کو سننا اس کو دیکھنے سے بہتر ہے۔ منذر ابن ماء السماء نے کہا تھا جو شقہ بن حمرۃ المعیدی کے متعلق اچھی خبریں سن کر خوش فہمی رکھتا تھا۔ دیکھا تو وہ انتہائی بدصورت نکلا۔ اس کا یہ قول ضرب المثل بن گیا۔

اِذَا لم تُسمَعُ فَالمَعُ

جب تو سنا نہ سکے تو اشارہ ہی کر دے۔

اِسمَع وَلَا تُصَدِّق

سن لے خواہ تصدیق نہ کر۔

سَامِعًا دَعَوتَ

تو نے سننے والے کو پکارا ہے۔

بين سَمعِ الارض وَبَصرها

زمین کے کان اور آنکھ کے درمیان۔

اَسمَعُ مِن قُراد

چچڑی سے زیادہ سننے والا۔ کہتے ہیں کہ چچڑی ایک دن کی مسافت کی راہ سے اونٹ کے پاؤں کی آواز سن کر اس طرف حرکت شروع کر دیتی ہے۔

قَدِ اسْتَسْمَنْتَ ذَاوَرَمٍ
تو نے ورم والے کو موٹا سمجھ لیا ہے۔ ظاہر سے فریب کھایا ہے۔
سَمنکم هَرِيقَ فِى اَدِيمِكُمْ
تمہارا گھی تمہاری کھال میں ہی انڈیل دیا گیا ہے۔ تمہارا مال تم ہی پر خرچ ہوا۔
اَسْمَنُ مِنْ يَعْرِ
یعر سے زیادہ فربہ۔
مَن لِي بِالسَّانِحِ بَعْدَ الْبَارِحِ
کون میرے لئے مبارک ہوگا منحوس کے بعد۔
كَانَ سَنْدَانا فَصَار مِطرقَةً
وہ اہرن تھا پھر ہتھوڑا بن گیا۔
اِذَا كُنْتَ سَنْدَانا فَاصْبِرُوا اذا كنت مطرقةً فاوجِعْ
اگر تو اہرن ہے تو صبر کر اور اگر ہتھوڑا ہے تو درد پہنچا۔
اَسْهَرَ مِنَ النَّجم
ستارے سے زیادہ جاگنے والا۔
اَسْهَرُ مِنْ قُطْرَب
قطرب (رات بھر جاگنے والا کیڑا) سے زیادہ جاگنے والا۔
سَهُمُ لَکَ وَسَهُمٌ عَلَيْکَ
ایک حصہ تیرے موافق دوسرا تیرا مخالف۔
اَسَاءَ سَمْعًا فَاسَاءَ اجابةً
اس نے غلط سنا اور غلط جواب دیا۔
اَسَاءَ كَارِهٌ مَا عمل
مجبور شخص نے برا کام کیا۔
اَسَاءَ رَعْيًا فسقى
اس نے بری طرح چرایا اور پھر پانی بھی پلا دیا۔ اس نے کم چرانے کے بعد خالی پیٹ سے پانی پلا دیا۔ کام اچھا نہ کیا اور اصلاح کی کوشش سے مزید فساد پھیلا دیا۔
سُوءُ الظَّنِّ مِنْ شِدَّةِ الضِنِّ
بدگمانی انتہائی دوستی کی وجہ سے ہوتی۔ اس کے ہم معنی ہے ان الشفيق بسوء ظن مولع: مہربان بدگمانی کا حریص ہے۔
سَيِّدُ الْقَوم اَشْقَاهم
قوم کا سردار سب سے زیادہ بدبخت ہوتا ہے۔ جو ہر ایک کی ڈھال بن کر تمام سختیاں اپنے سر سہہ لیتا ہے۔
مَا كُلُّ سَوْدَاء تَمْرَةٌ
ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔
لَو ذاتُ سوار لطمتني
کاش کہ کوئی کنگن والی عورت مجھے طمانچہ مارتی۔
مَاسَاوَاكَ بنفسه مَا ظلمک
جس نے تم کو اپنے نفس کے برابر رکھا اس نے تجھ پر ظلم نہیں کیا۔
سَاوَاکَ عَبْدُ غيرک
تیرے غیر کا غلام تیرے برابر ہے۔ کیونکہ وہ تمہاری حکم برداری سے آزاد ہے۔
اِن اسْتَوی فسکین وان اعوج فمنجل
وہ اگر سیدھا ہو تو چھری ہے۔ ٹیڑھا ہو جائے تو درانتی ہے۔
سِرْ وقَمَرٌ لَکَ
چلا جا اور چاند تیرے واسطے ہے۔ رات میں چلنے کے لئے چاند کی روشنی کو غنیمت سمجھ۔
سِيْرَةُ الْمَرء تُنْبِئُ عَنْ سَرِيْرَتِهٖ
آدمی کی عادت اس کی باطنی شرافت کی خبر دیتی ہے۔
سيرين في خرزةٍ
دو تسمے ایک سوراخ ہیں۔
سَالَ بِهِم السيل وجاش بناء الجر
ان کو سیلاب نے بہا دیا اور ہم پر سمندر چڑھ آیا۔
سِيلَ بِهٖ وَهُو لا يدرى
اس کو بہا دیا گیا مگر اسے خبر بھی نہیں۔

ش

اَشْأَمُ مِن بَرَاقِش
براقش سے زیادہ منحوس۔ براقش ایک کتیا کا نام ہے جو اپنے ہی مالکوں کو کاٹ کھاتی ہے۔
اَشْأَمُ مِنَ البَسُوسِ
بسوس سے زیادہ منحوس۔ بسوس منقذ تمیمیہ کی لڑکی تھی اور جساس بن مرہ بکری کی خالہ ہے۔ اس کے ایک پڑوسی کی اونٹنی کو جس نے کلیب بن وائل تغلبی کی چراگاہ میں چرائی چرتے ہوئے کسی پرندے کے انڈے توڑ دیئے تھے۔ کلیب نے تیر مار دیا۔ بسوس کی فریاد پر اس کے بھانجے جساس بن مرۃ بکری نے کلیب پر حملہ کر کے اس کو قتل کر دیا۔ پھر مہلہل جو کہ کلیب کا بھائی اور بنی تغلب کا سردار ہے۔ کلیب کے قصاص کے لئے کھڑا ہو گیا۔ اسی طرح بنی تغلب اور بکر کے

درمیان لڑائی چھڑ گئی۔ جو چالیس سال تک جاری رہی۔ اسی وجہ سے نحوست میں بسوس کی نحوست ضرب المثل ہو گئی۔

اَشأمُ مِن حِفارٍ

قبر کھودنے والے سے زیادہ منحوس۔

اَشأمُ مِن داحسٍ

داحس سے زیادہ منحوس۔

اَشأمُ مِن رَعیف الحولاءِ

طویس سے زیادہ منحوس۔

اَشأمُ طُوَیس

منشم کے عطر سے زیادہ منحوس۔

اَشأمُ مِن عِطرِ مَنشَمٍ

